2

زجاجۃ المصابیح

حنفی مشکوٰۃ شریف

مع اردو ترجمہ

نور المصابیح

تالیف

محدث دکن حضرت علامہ الحاج ابوالحسنات سید عبداللہ شاہ رحمہ اللہ تعالیٰ

ترجمہ

مولانا علامہ محمد منیر الدین شیخ الادب جامعہ نظامیہ حیدرآباد دکن

ڈاکٹر محمد عبدالستار خاں سابق لیکچرار جامعہ عثمانیہ حیدرآباد دکن (حال امریکہ)

ناشر فرید بک سٹال (رجسٹرڈ) ۳۸۔ اردو بازار لاہور

مرکز العلوم الاسلامیہ اکیڈمی میٹھادر کراچی پاکستان
www.waseemziyai.com

March 2019

اہلسنت وجماعت کا قرآن وسنت کا عظیم ادارہ

مرکز العلوم الاسلامیہ اکیڈمی

جہاں اسلامی اور عصری علوم کا عظیم امتزاج

مختصر تعارف

طلبہ:

شعبہ ناظرہ:240 شعبہ حفظ:145

شعبہ تجوید:10 شعبہ درس نظامی:105

اور انہیں شعبہ جات میں 400 سے زائد طلبا اسکول کی تعلیم انٹر تک حاصل کر رہے ہیں نیز کم وبیش 100 طلباء مدرسے میں رہائش پذیر ہیں جن کے طعام وقیام اور میڈیکل کا مکمل خرچ مدرسہ برداشت کرتا ہے۔

مدرسہ کا اسٹاف

شعبہ حفظ وناظرہ 14 اساتذہ شعبہ درس نظامی وتجوید 10 اساتذہ

شعبہ عصری علوم یعنی اسکول 11 اساتذہ باورچی 2 خادم 4 چوکیدار 2

کل طلبہ کم وبیش پانچ سو اور پورہ اسٹاف 43 افراد پر مشتمل ہے۔

مرکز العلوم الاسلامیہ اکیڈمی میٹھادر کراچی پاکستان

DONATION

HABIB BANK LTD. BARNESS STREET BRANCH
ACC TITLE: MARKAZ UL ALOOM ISLAMIA (TRUST)
ACC NO: 0050002565703 - BRANCH CODE :0050

www.facebook.com/markazuloloom

https://www.waseemziyai.com https://www.youtube.com/waseemziyai

زجاجة المصابیح

حنفی مشکوٰۃ شریف

مع اردو ترجمہ

نور المصابیح

جلد دوم

تالیف : محدثِ دکن حضرت علامہ الحاج ابوالحسنات سید عبداللہ شاہ رحمہ اللہ تعالیٰ

ترجمہ : مولانا علامہ محمد منیر الدین شیخ الادب جامعہ نظامیہ حیدرآباد دکن

نظرثانی : ڈاکٹر محمد عبدالستار خاں سابق لیکچرار جامعہ عثمانیہ حیدرآباد دکن (حال امریکہ)

ناشر فرید بک سٹال ۳۸۔ اردو بازار لاہور

www.waseemziyai.com

MARKAZI ISLAMIC ACADEMY

بانی ادارہ

سید اعجاز احمد رحمتہ اللہ علیہ

متوفی: ۱۳ جمادی الاوّل ۱۴۱۹ / ۵ ستمبر ۱۹۹۸ء

جملہ حقوق بحق فرید بک سٹال' لاہور محفوظ ہیں

نام کتاب : حنفی مشکوٰۃ شریف مع اُردو ترجمہ نور المصابیح

تالیف : محدث دکن حضرت علامہ الحاج ابو الحسنات سید عبداللہ شاہ رحمہ اللہ تعالےٰ

ترجمہ : مولانا علامہ منیرالدین' شیخ الادب جامعہ نظامیہ

نظر ثانی : ڈاکٹر محمد عبدالستار خاں سابق لیکچرار جامعہ عثمانیہ حیدر آباد' دکن

تحریک : علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری

تصحیح : مولانا حافظ محمد شاہد اقبال

کتابت : دارالکتابت' حضرت کیلیانوالہ ،ضلع گوجرانوالہ

الطبع الاول : صفر ۱۴۲۱ھ/جون ۲۰۰۰ء

ناشر : فرید بک سٹال ۳۸۔اُردو بازار، لاہور' پاکستان

مطبع : رومی پبلی کیشنز اینڈ پرنٹرز، لاہور

تعداد : گیارہ سو

صفحات : ۹۳۳

ہدیہ : روپے

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

فہرست حنفی مشکوٰۃ شریف جلد دوم

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ نمبر
	فہرست کتاب	۴
	باب، نماز کے بعد ذکر کرنے کے بارے میں۔	۵۴
۱۳۱۹	نماز کے بعد بلند آواز سے ذکر	〃
〃	بلند آواز سے ذکر کرنے کے مستون مواقع	
〃	ہر نماز کے بعد ذکر بالجہر جائز ہے۔	۵۵
۱۳۲۰	نماز کے سلام پھیرنے کے بعد بلند آواز سے پڑھی جانے والی دعا۔	۵۵
۱۳۲۱	فرض نمازوں کے بعد اور رات کے آخری نصف وقت کی دعا زیادہ قبول ہوتی ہے	۵۶
۱۳۲۲	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے نماز فجر کے بعد دونوں ہاتھ اٹھا کر دعا فرمائی۔	۵۶
〃	فرض نمازوں کے بعد خشوع وخضوع سے دونوں ہاتھ اٹھا کر دعا کرنا مسنون ہے۔	۵۷
۱۳۲۳	نماز کے بعد اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ الخ دعا مانگنا۔	۵۸
۱۳۲۴	فرض نمازوں کے بعد تھوڑے وقفے سے سنتیں شروع کی جائیں۔	〃
۱۳۲۵	اختتام نماز پر تین بار اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ کہنا۔	۶۰
۱۳۲۶	ہر فرض نماز کے بعد مانگی جانے والی دعا	〃
۱۳۲۷	نماز مغرب اور صبح میں سلام پھیر کر پاؤں پلٹائے بغیر یہ دعا پڑھی جائے۔	〃
۱۳۲۸	فرض نمازوں کے بعد ۳۳ بار سبحان اللہ ۳۳ بار الحمد للہ اور ۳۴ بار اللہ اکبر کہنا۔	۶۱
۱۳۲۹	فقراء ومہاجرین صحابہ کی شکایت کہ مالدار صحابہ نیکیوں میں ہم سے سبقت لے گئے ہیں۔	۶۲
۱۳۳۰	ہر نماز کے بعد گناہ مٹانے والا عمل	۶۳

www.waseemziyai.com
MARKAZ UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ نمبر
۱۳۳۱	صحابی رسول کو خواب میں بہتر عمل کی طرف اشارہ۔	۶۳
۱۳۳۲	فرض نماز کے بعد کی ایک اور دعا	۶۴
۱۳۳۳	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ہر نماز کے بعد قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ پڑھا کرتے تھے۔	۶۵
۱۳۳۴	ہر نماز کے وقت آیت الکرسی پڑھنے والا آفات وبلیات سے محفوظ اور جنت میں داخل کیا جائے گا۔	〃
〃	نمازوں کے بعد پڑھنے والے وظائف سنتوں کے بعد پڑھے جائیں۔	〃
۱۳۳۵	اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے والے لوگوں میں بیٹھنا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو پسند ہے۔	۶۶
۱۳۳۶	صبح کی جماعت میں حاضر ہونے والوں کی فضیلت۔	〃
۱۳۳۷	صبح کی نماز باجماعت پڑھنے والا طلوع شمس تک ذکر اللہ میں مشغول رہے تو اس کا اجر وثواب۔	۶۷
	باب، نماز کے جائز اور ناجائز عملوں کا بیان	۶۸
ا	وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قٰنِتِيْنَ۔	〃
ب	اَلَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خٰشِعُوْنَ۔	〃
۱۳۳۸	نماز میں گفتگو کی ممانعت اور ایک صحابی کا واقعہ۔	〃
〃	امام شافعی کا قول	۶۹

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ نمبر
۱۳۳۸	ملا علی قاری کا قول	۷۰
〃	جس طرح طہارت کے بغیر نماز نہیں ہوتی اسی طرح کلام الناس سے بھی نماز جائز نہیں ہوتی۔	〃
〃	امام طحاوی کا قول	۷۱
〃	حضرت زید بن ارقم صحابی کی روایت	〃
۱۳۳۹/۱۳۴۰	نماز کا سلام پھیرنے کے بعد سلام کا جواب دیا جائے۔	۷۲
۱۳۴۱	آیت وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قٰنِتِيْنَ کا نزول اور نماز میں خاموشی کا حکم	۷۳
〃	مقتدی امام کی غلطی پر اسے مطلع کر سکتا ہے۔	〃
〃	امام احمد رضا بریلوی کی تحقیق، کہ کن صورتوں میں امام کو غلطی پر مطلع کیا جا سکتا ہے۔	〃
۱۳۴۲	نماز میں ہاتھ کے اشارہ سے سلام کا جواب۔	۷۵
۱۳۴۳	نماز کی حالت میں چھینک	〃
۱۳۴۴	نمازی سبحان اللہ کہہ کر اور عورتیں دستک دے کر اپنے نماز میں ہونے کی اطلاع کریں۔	۷۶
۱۳۴۵	نماز میں تشبیک اور انگلیوں کے ساتھ کھیلنا مکروہ ہے۔	۷۷
۱۳۴۶	نماز کی حالت میں کولہوں پر ہاتھ رکھنا ممنوع ہے۔	۷۸
۱۳۴۷	کولہوں پر ہاتھ رکھنا دوزخیوں سے مشابہت ہے۔	〃
۱۳۴۸	نماز میں سجدہ کی جگہ ایک ہی بار صاف	〃

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ نمبر
	کی جائے۔	
۱۳۴۹	نماز کی حالت میں رحمت سامنے سے نازل ہوتی ہے۔	۷۹
〃	عمل قلیل اور عمل کثیر کیا ہے۔	〃
۱۳۵۰	نماز میں عمل قلیل جائز ہے۔	〃
۱۳۵۱	حالت نماز میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نواسی آپ کے کندھوں پر بیٹھ جاتی ہیں۔	۸۰
۱۳۵۲	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نماز کی حالت میں جن پر قابو پالیا۔	۸۱
۱۳۵۳	نماز کی حالت میں سانپ اور بچھو کو مار ڈالنا جائز ہے۔	۸۲
۱۳۵۴	حالت نماز میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے حجرہ شریف کا دروازہ کھولا۔	〃
〃	نماز کی حالت میں عذر کے ساتھ اور بلا عذر چلنے کی صورتیں۔	۸۳
۱۳۵۵ / ۱۳۵۶	نماز میں جمائی کا آنا شیطان کی طرف سے ہے اور جمائی کو روکنے کی تدابیر	۸۴
۱۳۵۷	نماز میں چھینک، اونگھ، جمائی، حیض، قے اور نکسیر شیطان کی طرف سے ہیں	۸۵
۱۳۵۸	نماز میں دائیں بائیں دیکھنا شیطان کی جھپٹ ہے۔	〃
۱۳۵۹	اللہ تعالیٰ نظر رحمت موڑ لیتا ہے۔	۸۶
۱۳۶۰	نماز میں اِدھر اُدھر دیکھنے والے سے نماز کی تباہی	〃
۱۳۶۱	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز میں گردن موڑے بغیر دیکھ لیا کرتے تھے۔	〃
۱۳۶۲	نماز میں بوقت دعا آسمان کی طرف نظر اٹھا کر دیکھنا سختی کے ساتھ منع ہے	۸۷
۱۳۶۳	نماز میں نگاہ سجدہ کی جگہ پر رکھنے کا حکم۔	۸۸
۱۳۶۴	سجدہ میں زمین پر پھونک نہ مارنی چاہیئے	〃
۱۳۶۵	حالت نماز میں رونے کی وجہ سے آواز دبانا۔	۸۹
۱۳۶۶ / ۱۳۶۷	قے، نکسیر اور مذی آنے کی صورت میں دوبارہ وضو کرکے نماز میں شریک ہونا	۹۰ / ۹۲
〃	نماز میں حدث واقع ہونے کی دو صورتیں	
۱۳۶۸	جان بوجھ نماز میں ہوا خارج کرنے سے نئے سرے سے بناء کرے۔	۹۲
۱۳۶۹	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تکبیر تحریمہ کہہ کر دوبارہ وضو کیا اور اسی پر نماز کی بناء کی۔	۹۳
۱۳۷۰	حالت نماز میں اگر کسی کا وضو ٹوٹ جائے تو وہ کیا کرے؟	۹۴
۱۳۷۱	حالت نماز میں پیٹ میں ہوا کا احساس ہو تو ناک پکڑ کر نماز توڑ دے۔	〃
۱۳۷۲	سلام پھیرنے کی بجائے عمداً کوئی وضو توڑ دے تو اسکی نماز ہوگئی	۹۵
	باب، نماز میں بھول ہو جائے تو کیا کرے۔	〃
۱۳۷۳	نمازی کو تعداد رکعات یاد نہ رہی ہوں تو کیا کرے؟	〃
۱۳۷۴ / ۱۳۷۵	نماز میں پہلی مرتبہ شک ہو تو پھر توڑ کر نئے سرے سے نماز پڑھے۔	۹۶ / ۹۷
〃	شک کو دور کرنے کے لیے گمان غالب	〃

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ نمبر
	پر عمل کرنے کا حکم	
١٣٧٦/١٣٧٧	نمازی کو تعداد رکعات بھول گئی ہوں تو تحری کرے	٩٨
١٣٧٨	رکعات بھول جانے کی صورت میں گمان کسی پر نہ ٹھہرتا ہو تو اقل رکعات پر بنا کرے	″
″	امام اعظم ابوحنیفہ علیہ الرحمہ کی تین احادیث میں تطبیق	٩٩
١٣٧٩	نماز میں شک کی صورت میں سلام کے بعد سجدۂ سہو کرے	١٠٠
١٣٨٠/١٣٨١	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے شک ہونے پر سہو کے دو سجدے کئے	١٠١
١٣٨٢	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نماز میں نہ بھولے اور نہ نماز میں کمی واقع ہوئی۔	″
١٣٨٣	صحابہ کی تصدیق پر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے نماز کی ایک اور رکعت پڑھائی۔	١٠٢
١٣٨٤/١٣٨٥	حضرت انس نے سلام پھیر کر سہو کے دو سجدے کئے۔	١٠٣
١٣٨٦/١٣٨٧	نماز میں کمی بیشی ہو تو سہو کے دو سجدے کئے جائیں۔	١٠٤
١٣٨٨	نماز میں بھولنے کی ایک صورت اور سہو کے دو سجدے۔	″
١٣٨٩	قعدۂ اولیٰ کئے بغیر تیسری رکعت میں کھڑے ہونے کی صورت میں سجدۂ سہو	١٠٥
١٣٩٠	تیسری رکعت کے لیے گھٹنے سیدھے کئے بغیر اگر قعدہ اولیٰ یاد آجائے تو بیٹھ جائے	″

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ نمبر
	باب سجدہ تلاوت کے بیان میں	١٠٥
	قرآن کریم میں سجدہ تلاوت چودہ ہیں وَإِذَا قُرِئَ عَلَيْهِمُ الْقُرْآنُ لَا يَسْجُدُونَ ۔	١٠٦
١٣٩١	تلاوت کا سجدہ کرنے پر شیطان روتا ہے۔	″
″	سجدۂ تلاوت کا حکم	
١٣٩٢	فتح مکہ کے موقع پر آیت سجدہ کی تلاوت اور صحابہ نے سجدہ کیا	١٠٧
١٣٩٣	آیت سجدہ کی تلاوت پر سجدہ کرنا واجب ہے۔	١٠٨
١٣٩٤	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم آیت سجدہ تلاوت فرما کر سجدہ کرتے	″
١٣٩٥	اللہ اکبر کہتے ہوئے سجدۂ تلاوت کیا جائے۔	١٠٩
١٣٩٦	قیام میں آیت سجدہ کی تلاوت پر رکوع کئے بغیر سجدۂ تلاوت کیا جائے۔	″
١٣٩٧	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تمام مسلمانوں، مشرکوں اور جن وانس نے سجدۂ تلاوت کیا۔	″
١٣٩٨	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ سجدۂ تلاوت نہ کرنے والا کفر کی موت مرا۔	″
١٣٩٩	سورۂ انشقاق اور علق میں سجدۂ تلاوت۔	١١٠

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ نمبر
۱۴۰۰	سورۂ حج کا پہلا سجدہ، سجدۂ تلاوت ہے اور دوسرا سجدہ تعظیمی ہے۔	۱۱۰
۱۴۰۱	سورہ حج میں صرف پہلا سجدہ واجب ہے۔	//
۱۴۰۲	سورۂ ص کی آیت سجدہ کی تلاوت پر قلم اور دوات نے بھی سجدہ کیا۔	۱۱۱
۱۴۰۳	سورۂ ص کی آیت سجدہ میں حضرت داود علیہ السلام کو سجدہ کرنے کا حکم تھا۔	//
۱۴۰۴	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منبر پر آیت سجدۂ تلاوت فرمائی اور اتر کر سجدہ کیا۔	۱۱۲
۱۴۰۵	خواب میں آیت سجدہ کی تلاوت اور درخت نے سجدہ کیا۔	//
۱۴۰۶	تہجد میں آیت سجدہ کی تلاوت اور سجدہ کے بعد کی دعا۔	۱۱۳
//	سجدۂ تلاوت میں سبحان ربی الاعلیٰ پڑھنا مسنون ہے۔	//
//	**باب، جن اوقات میں نماز پڑھنا ممنوع ہے۔**	۱۱۴
۱۴۰۷	سورج کے نکلنے اور ڈوبنے کے وقت نماز پڑھنا منع ہے۔	//
۱۴۰۸	سورج شیطان کے دو سینگوں کے درمیان سے نکلتا ہے۔	۱۱۵
۱۴۰۹	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے تین اوقات میں نماز پڑھنے سے منع فرمایا ہے۔	//
۱۴۱۰	سورج کے طلوع، غروب اور زوال کے وقت کفار سورج کی پوجا کرتے ہیں۔	۱۱۶
۱۴۱۰	ان اوقات میں قضاء نمازیں، سجدۂ تلاوت اور نماز جنازہ بھی پڑھنی منع ہیں۔	۱۱۷
۱۴۱۱	عصر کی نماز کے بعد غروب آفتاب تک کوئی نفل نماز جائز نہیں۔	۱۱۹
۱۴۱۲	فجر کی نماز کے بعد آفتاب کے ایک نیزہ بلند ہونے تک نفل نماز پڑھنی جائز نہیں۔	//
۱۴۱۳	تمام صحابہ ثقہ اور عادل ہیں	//
//	فجر کے فرض پڑھنے کے بعد سنتیں آفتاب کے ایک نیزہ بلند ہونے کے بعد پڑھی جائیں۔	۱۲۰
۱۴۱۴	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نماز عصر کے بعد دو رکعت نماز سنت ادا فرمائی اور اس کی حکمت۔	//
۱۴۱۵ / ۱۴۱۶	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم بعد نماز عصر سنتیں پڑھتے اور صوم وصال رکھنے سے منع فرماتے تھے	۱۲۲
۱۴۱۷	حضرات ابن عمر اور ابن عباس کا فجر کی سنتوں کے بارے میں عمل	۱۲۳
۱۴۱۸	فجر کی سنتیں اگر پہلے نہیں پڑھی تو آفتاب کے بلند ہونے کے بعد پڑھی جائیں۔	//
۱۴۱۹	حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نماز فجر	//

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	کے بعد طواف کیا اور طواف کی دو رکعتیں سورج نکلنے کے بعد ادا فرمائیں۔	
۱۴۲۰	حضرت عائشہ صدیقہ کی روایت کر فجر وعصر کے بعد طواف کعبہ کرلیا جائے اور دو رکعت طلوع یا غروب آفتاب کے بعد پڑھی جائیں۔	۱۲۴
〃	باب، جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے کی فضیلت اور اس کے احکام و آداب، آیت وَارْكَعُوا مَعَ الرَّاكِعِينَ	〃 ۱۲۶
۱۴۲۱	با جماعت نماز پڑھنے والے کو ستائیس درجے زیادہ ثواب ملتا ہے۔	۱۲۷
۱۴۲۲	نماز عشاء اور فجر منافقوں پر بھاری ہیں۔	〃
۱۴۲۳	ایک صحابی ساری رات عبادت میں مصروف رہے اور نماز فجر میں جماعت کے لیے حاضر نہ ہوئے تو حضرت عمر فاروق کا سنہری فرمان۔	۱۲۸
۱۴۲۴	نماز با جماعت کے لیے سوائے کھلے منافق اور مریض کے باقی سب حاضر ہوتے تھے۔	〃
〃	اللہ تعالیٰ کی ملاقات کو پسند کرنے والا پانچ وقت کی نماز با جماعت مسجد میں ادا کرے۔	۱۲۹
۱۴۲۵	نماز با جماعت میں سستی کرنے والوں کے ساتھ صحابی رسول کی برہمی	〃
۱۴۲۶	بے نمازیوں کے گھروں کو آگ لگانے	۱۳۰

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	کی چاہت	
〃	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے با جماعت نماز کی پابندی اور مواظبت فرمائی ہے۔	
۱۴۲۷	عورتوں اور بچوں کی وجہ سے بے نمازیوں کے گھروں کو آگ نہیں لگائی گئی۔	۱۳۱
۱۴۲۸/۱۴۲۹	نماز با جماعت کی اہمیت اور نابینا صحابی کو تاکید۔	۱۳۲
۱۴۳۰	جماعت سے نماز پڑھنی لازم ہے اگرچہ کسی جگہ تین مرد ہی رہتے ہوں با جماعت نماز پڑھنا واجب ہے۔	۱۳۳
۱۴۳۱	بغیر عذر کے تنہا نماز پڑھنے والے کی نماز قبول نہ ہوگی۔	۱۳۴
〃	مرقات میں لکھا ہے کہ اگرچہ فرض اس کے ذمہ سے ساقط ہو جائے گا۔	〃
۱۴۳۲	شدید سردی یا عذر کی بناء پر گھر میں نماز پڑھ لینا درست ہے۔	۱۳۵
۱۴۳۳/۱۴۳۴	نماز اور کھانا تیار ہو تو شدید بھوک کی وجہ سے پہلے کھانا کھا لینا چاہیے	۱۳۶
۱۴۳۵	بوقت جماعت پیشاب یا پاخانہ کا تقاضا ہو تو پہلے ان سے فارغ ہو جائے پھر نماز پڑھے۔	۱۳۷
۱۴۳۶	تین چیزوں سے پرہیز کرنا چاہیے	〃
۱۴۳۷	بغیر کسی ضرورت کے نماز با جماعت کو موخر نہ کیا جائے۔	〃
۱۴۳۸	جس نماز کی اقامت کہی جائے تو وہ ہی نماز پڑھی جائے	۱۳۸
۱۴۳۹/۱۴۴۰	نماز فجر کی جماعت کے وقت، مسجد کے	۱۳۹

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	کوتے یا کسی آڑ میں سنتیں پڑھی جائیں	
۱۴۴۲	اگر کسی نے فجر کی سنتیں نہ پڑھی ہوں تو جماعت میں شامل ہونے سے پہلے پڑھ لے۔	۱۴۰
۱۴۴۳	عورت کے لیے گھر کے دالان کی بجائے کمرہ میں نماز پڑھنا بہتر ہے	〃
۱۴۴۴	عورتوں کے لیے نماز پڑھنے کی بہترین جگہیں	〃
۱۴۴۵	عورتوں کو زیب وزینت کے ساتھ مسجد میں داخل ہونے کی ممانعت	۱۴۱
۱۴۴۶	عورتوں کی نئی نئی باتوں کو دیکھ کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم انہیں مسجدوں میں آنے سے روک دیتے۔	〃
۱۴۴۷	عورتیں خوشبو لگا کر گھروں سے نہ نکلیں۔	〃
۱۴۴۸	اذان کے بعد نماز باجماعت ادا کئے بغیر مسجد سے نہ نکلنا چاہیئے	۱۴۲
۱۴۴۹	اذان سن کر بغیر جماعت ادا کئے مسجد سے نکل جانے والا نافرمان ہے۔	〃
۱۴۵۰	منافق اذان سن کر مسجد سے نکل جاتا ہے	〃
۱۴۵۱	جماعت کم از کم دو شخصوں کی ہے۔	〃
	باب، نماز میں صفوں کے سیدھا کرنے کے بیان میں	۱۴۳
	اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الَّذِیْنَ یُقَاتِلُوْنَ الخ	
۱۴۵۲ / ۱۴۵۳	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم صفوں کو سیدھا فرمایا کرتے تھے۔	〃
۱۴۵۴	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نماز میں پیچھے سے بھی دیکھتے تھے جیسا کہ آگے سے دیکھتے بے مثل نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم۔	۱۴۴
۱۴۵۵ / ۱۴۵۶	نماز سے پہلے صحابہ کو صفیں سیدھی کرنے کا حکم	۱۴۵
۱۴۵۷	تکبیر تحریمہ سے پہلے دائیں بائیں جانب کھڑے نمازی صفیں درست کریں	۱۴۶
۱۴۵۸	صفوں کے درمیان میں خالی جگہ نہ چھوڑی جائے۔	〃
۱۴۵۹	صفیں فرشتوں کی صفوں جیسی بنانی چاہئیں۔	۱۴۷
۱۴۶۰	پہلی صف مکمل ہونے کے بعد دوسری شروع کی جائے۔	〃
۱۴۶۱	پچھلی صفوں میں جان بوجھ کر کھڑے ہونے والے دوزخ کی پچھلی تہہ میں ہوں گے۔	۱۴۸
۱۴۶۲	اگلی صف میں کھڑے ہونے کا فائدہ	۱۴۹
۱۴۶۳	صف میں کندھے سے کندھا ملا کر کھڑے ہونے کا حکم	〃
۱۴۶۴	صفوں کو درست کرنے والوں کے لیے فرشتے دعا کرتے ہیں	۱۵۰
۱۴۶۵	بہترین اخلاق والے اپنے کندھوں کو نرم رکھنے والے ہیں۔	〃
	باب، امام اور مقتدی نماز میں کس طرح کھڑے ہوں؟	〃
۱۴۶۶	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم	〃

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	نے عبد اللہ بن عباس کو جماعت میں بائیں طرف سے اپنے دائیں طرف کر لیا۔	
۱۴۶۷	اگر تین نمازی ہوں تو ایک امام بنے اور دو مقتدی۔	۱۵۱
۱۴۶۸	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جماعت میں دو صحابہ کو اپنے پیچھے کھڑا کیا۔	″
۱۴۶۹/۱۴۷۰	حضرت انس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سیدھی جانب اور ان کی ماں پیچھے کھڑی ہوئیں۔	۱۵۲
۱۴۷۱	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیچھے دو بچوں اور ایک بوڑھی عورت نے نماز پڑھی۔	۱۵۳
۱۴۷۲	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیچھے ایک بچے اور دو عورتوں نے نماز پڑھی۔	۱۵۴
۱۴۷۳	عورتوں کو پچھلی صف میں کھڑا ہونا چاہیے۔	″
۱۴۷۴	نماز میں صفوں کی ترتیب کس طرح ہو؟	″
۱۴۷۵	حضرت ابو مالک اشعری نے پہلے مردوں، پھر بچوں اور آخر میں عورتوں کی صف بنائی۔	۱۵۵
۱۴۷۶	صفوں میں آگے پیچھے ہو کر اختلاف پیدا ہو جاتا ہے۔	″
۱۴۷۷	اگلی صف میں اہل علم و عقل کھڑے ہوا کریں۔	۱۵۶
۱۴۷۸	حضرت ابی بن کعب نے ایک بچے	″
	کو پچھلی صف میں کر دیا اور اسے صف اول کے چھوٹ جانے کا رنج ہوا۔	
۱۴۷۹	سب سے بہتر اگلی صف ہے جو امام کے پیچھے ہے۔	۱۵۷
۱۴۸۰	صف اول پر اللہ کی رحمت نازل ہوتی ہے۔	۱۵۸
۱۴۸۱	صف میں دائیں جانب کھڑے ہونے والوں پر اللہ کی رحمت اترتی ہے	۱۵۹
۱۴۸۲	صف میں امام کو درمیان میں کھڑا کیا جائے۔	″
۱۴۸۳	حضرت ابو بکرہ کو دعا اور صف میں ملنے کا حکم	″
۱۴۸۴	مقتدی صف میں شامل ہو کر رکوع میں جائے۔	۱۶۰
۱۴۸۵	حضرت عمار کی امامت کا واقعہ	″
۱۴۸۶	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا منبر شریف غابہ نامی جنگل کی لکڑی سے بنایا گیا تھا۔	۱۶۱
۱۴۸۷/۱۴۸۸	صحابۂ کرام نے حجرہ شریف کے باہر سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اقتداء کی۔	۱۶۲
۱۴۸۹	حجرہ کی چھوٹی دیواروں سے دیکھ کر صحابہ نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اقتداء کی۔	۱۶۳
	باب، امامت کے بیان میں	″
۱۴۹۰	مرض الوصال میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت ابو بکر صدیق کو امامت	″

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-ISLAMIA ACADEMY

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	کا حکم دیا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ تمام صحابہ میں زیادہ علم والے اور افضل ہیں۔	
۱۴۹۱	حضرت مالک بن الحویرث نے دوسری مسجد میں جا کر امامت کرنے سے انکار کر دیا۔	۱۶۶
۱۴۹۲	نابالغ لڑکا امامت نہ کرائے۔	۱۶۷
۱۴۹۳	نابینا صحابی حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عدم موجودگی میں لوگوں کو نماز پڑھاتے تھے۔	۱۶۸
〃	جو نابینا اپنے کپڑوں کو نجاست سے بچاتا نہ ہو تو اس کی امامت مکروہ ہے۔	۱۶۹
۱۴۹۴	اولین مہاجرین صحابہ کی امامت حضرت ابوحذیفہ کے آزاد کردہ غلام حضرت سالم کیا کرتے تھے۔	〃
۱۴۹۵	تین قسم کے آدمیوں کی نماز ان کے کانوں سے آگے نہیں جاتی۔	۱۷۰
۱۴۹۶	تین قسم کے لوگوں کی نماز قبول نہیں ہوتی۔	۱۷۱
۱۴۹۷	تین قسم کے لوگوں کی نماز ایک بالشت بھی اوپر نہیں جاتی۔	〃
۱۴۹۸	قرب قیامت لوگ امامت کرنے سے بھاگیں گے۔	۱۷۲
۱۴۹۹	ہر نیک و بد مسلمان کے پیچھے نماز پڑھ لینی چاہیے۔	〃
۱۵۰۰	باغیوں کے محاصرے کے باوجود حضرت عثمان غنی نے فاسق امام کے	〃
	پیچھے نماز پڑھنے کا حکم دیا	
	باب مقتدیوں کی رعایت کس طرح کرنی چاہیئے؟	۱۷۳
۱۵۰۱	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے بڑا کوئی امام نہیں ہے۔	〃
۱۵۰۲	بچوں کے رونے کی وجہ سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز مختصر فرما دیتے تھے۔	۱۷۴
۱۵۰۳	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی آخری نصیحت۔	〃
۱۵۰۴	امام کو بیمار، کمزور اور بوڑھوں کا لحاظ کر کے نماز مختصر کرنی چاہیے	۱۷۵
۱۵۰۵	لمبی قرأت کرنے والے امام پر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے غصے کا اظہار فرمایا۔	〃
۱۵۰۶	امام ضامن اور مؤذن امانت دار ہے، وجوب اور ادا میں فرق	۱۷۶
۱۵۰۷ / ۱۵۰۸	حالت جنابت میں نماز پڑھانے والے اور مقتدیوں پر اعادۂ نماز لازم ہے	۱۷۷
۱۵۰۹	امام کی نماز کے فساد کا اثر مقتدی کی نماز پر بھی پڑتا ہے۔	۱۷۸
۱۵۱۰	بلا وضو نماز پڑھانے سے، امام اور مقتدیوں کی نماز میں فساد پیدا ہوتا ہے۔	۱۷۹
	باب مقتدی پر امام کی اقتداء واجب ہے۔	〃

www.waseemziyai.com

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۱۵۱۱	افعال نماز میں امام سے سبقت نہ کرو	۱۷۹
۱۵۱۲	حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا لوگو! میں تمہارا امام ہوں، مجھ پر سبقت نہ کرو۔	۱۸۰
۱۵۱۳	امام سے پہلے رکوع یا سجدے سے سر اٹھانے والے کا حشر	//
۱۵۱۴	امام سے پہلے اٹھنے والا شیطان کی کٹھ پتلی ہے۔	۱۸۱
۱۵۱۵	حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے تکلیف کی وجہ سے نماز بیٹھ کر پڑھائی اور صحابہ نے بھی بیٹھ کر ہی ادا کی۔	//
۱۵۱۶	حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے حالت مرض میں بھی نماز باجماعت میں شرکت کی۔	۱۸۳
۱۵۱۷	امام جس حالت میں بھی ہو، مقتدی نماز میں اس کے ساتھ اسی حالت میں شریک ہو۔	۱۸۴
۱۵۱۸ / ۱۵۱۹	امام کے ساتھ رکوع میں ملنے سے رکعت مل جاتی ہے۔	۱۸۵
۱۵۲۰	چالیس دن تک امام کے ساتھ پانچوں نمازوں میں تکبیر تحریمہ میں حاضر ہونے والے کی دوزخ سے نجات ہو جاتی ہے۔	۱۸۶
۱۵۲۱	سنن و مستحبات کی پابندی کرنے والے کو فائدہ	//
۱۵۲۲	جماعت چھوٹ جانے کی صورت میں جماعت ثانیہ کی اجازت	۱۸۷
//	مسجد میں جماعت ثانیہ کی مختلف	۱۹۰

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	صورتیں اور اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی کی تحقیق۔	
۱۵۲۳	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے گھر والوں کو نماز باجماعت ادا فرمائی۔	۱۹۱
۱۵۲۴	اگر اپنے محلہ کی مسجد میں جماعت نہ ملے تو دوسرے محلہ کی مسجد میں جا کر جماعت میں شریک ہو جانا چاہیئے۔	//
	باب ایک نماز کو دو دفعہ پڑھنا	۱۹۲
۱۵۲۵	فرض نماز میں شرکت کے بعد، دوسری مسجد میں جا کر امامت کروانی ممنوع ہے۔	//
//	امام نفل کی نیت سے ہو اور مقتدی فرض کی نیت سے ہو تو نماز نہیں ہوتی۔	۱۹۳
۱۵۲۶ / ۱۵۲۷	مقتدی نفل کی نیت سے فرض پڑھانے والے امام کے پیچھے نماز پڑھ سکتے ہیں۔	۱۹۴ / ۱۹۵
۱۵۲۸ / ۱۵۲۹	گھر میں فرض پڑھ لینے کے بعد مسجد میں فرض نماز میں شرکت کی جا سکتی ہے	۱۹۶ / ۱۹۷
۱۵۳۰ / ۱۵۳۱،۳۲	فجر اور مغرب کے فرض پڑھنے کے بعد دوبارہ۔	۱۹۸
۱۵۳۳	ان نمازوں میں شرکت نہ کی جائے۔	۱۹۹
	باب فرض نمازوں کی تعداد رکعات کے بیان میں۔	۲۰۰

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	ظہر کی نماز کے چار رکعت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پڑھائے، سفر پر روانگی سے پہلے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ظہر کے چار رکعت ادا فرمائے۔	۲۰۱
	حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ عصر کی چار رکعتیں ادا کیں۔	۲۰۲
〃	شب معراج میں نمازیں فرض ہونے کے بعد جبریل علیہ السلام نے بطور تعلیم نمازیں پڑھائیں۔	۲۰۳
〃	سفر میں چار رکعت والی نمازیں قصر ہے، یعنی چار کی دو رکعتیں پڑھی جائیں۔	〃
	باب سنتوں کی تعداد رکعات اور ان کی فضیلت کے بیان میں۔	۲۰۴
	فَسَبِّحْهُ وَاَدْبَارَ السُّجُوْدِ	〃
۱۵۳۴	دن رات میں بارہ رکعت سنت ادا کرنے والے کے لیے جنت میں گھر تیار کیا جاتا ہے۔	۲۰۵
۱۵۳۵	فرضوں کے علاوہ دن رات میں بارہ رکعت سنت ہیں۔	〃
〃	عصر اور عشاء کے پہلے کی سنتیں مؤکدہ نہیں ہیں۔	۲۰۶
۱۵۳۶	اِدْبَارَ النُّجُوْمِ اور اَدْبَارَ السُّجُوْدِ کیا ہیں۔	۲۰۷
۱۵۳۷	ظہر کے فرضوں کے علاوہ آٹھ رکعت سنت ادا کرنے والا جہنم سے آزاد ہو جاتا ہے۔	〃
۱۵۳۸	ظہر کی چار سنتوں کا ثواب تہجد کے نوافل کے برابر ہے۔	۲۰۷
۱۵۳۹	ظہر کے وقت آسمان کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں۔	۲۰۸
۱۵۴۰ / ۱۵۴۱	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ظہر کی چار سنتیں اور فجر کی دو سنتیں اکثر پڑھا کرتے تھے۔	〃
۱۵۴۲ / ۱۵۴۳	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے جمعہ کی پہلی چار سنتیں ایک سلام سے پہلے ادا فرمائیں۔	۲۰۹
〃	جمعہ کی نماز کے بعد چھ رکعت ادا کرنا سنت ہے۔	〃
۱۵۴۴	حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ جمعہ کی نماز کے بعد چھ رکعت سنت ادا فرماتے۔	۲۱۰
۱۵۴۵	جمعہ کے بعد چھ رکعت سنت چار رکعت ایک سلام سے اور دو رکعت ایک سلام سے پڑھی جائیں۔	〃
۱۵۴۶	فرض و سنتوں کے درمیان تھوڑا فصل ہونا چاہیئے۔	۲۱۱
۱۵۴۷	سنتوں کو گھروں میں پڑھنا مسنون ہے	〃
۱۵۴۸	عصر کی چار سنتیں پڑھنے والے پر اللہ تعالیٰ کی رحمت اترتی ہے۔	۲۱۲
۱۵۴۹	عصر کی سنتیں پڑھنے کا مختصر طریقہ	〃
۱۵۵۰	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم عصر سے پہلے کبھی دو رکعتیں بھی پڑھتے تھے۔	۲۱۳

www.waseemziyai.com
MARKAZ UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۱۵۵۱	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ایک دن عصر کی نماز کے بعد دو سنتیں ادا فرمائی۔	۲۱۳
۱۵۵۲	عصر کے فرض کے بعد سنتیں پڑھنے والے کو حضرت عمرؓ درے لگانے کا حکم دیا	//
۱۵۵۳	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ مغرب کی نماز سے پہلے دو رکعتیں ادا فرمائی۔	۲۱۴
۱۵۵۴	ہر اذان واقامت کے درمیان سنتیں وغیرہ پڑھنی چاہئیں سوائے نماز مغرب کے۔	//
۱۵۵۵ / ۱۵۵۶	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں کوئی بھی مغرب کی نماز سے پہلے نفل وغیرہ نہیں پڑھتا تھا	۲۱۵
۱۵۵۷	حضرت ابوبکر وعثمان کے زمانہ بھی کوئی مغرب سے پہلے نفل نہیں پڑھتا تھا۔	//
۱۵۵۸	مغرب کے بعد چھ رکعت بغیر گفتگو کئے پڑھنے کا ثواب بارہ سال کی عبادت کے برابر ہے۔	۲۱۶
۱۵۵۹	مغرب کے بعد بیس رکعت نماز اوابین پڑھنے والے کے لیے جنت میں عالی شان محل بنایا جاتا ہے۔	//
۱۵۶۰	مغرب کی نماز کے بعد بغیر گفتگو کئے سنتیں پڑھنے والے کی نماز اللہ تعالیٰ قبول فرماتا ہے۔	//
۱۵۶۱	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مغرب کی سنتوں میں طویل قرأت فرمائی۔	۲۱۷

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۱۵۶۲	حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مغرب کے بعد کبھی چار کبھی چھ رکعت پڑھتے۔	۲۱۷
۱۵۶۳	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فجر کی دو سنتوں کو پابندی سے پڑھتے تھے۔	۲۱۸
۱۵۶۴	فجر کی دو سنتیں دنیا وما فیہا سے بہتر ہیں۔	//
	باب، رات کی نماز کے بیان میں رات کو سوکر اٹھنے کے بعد تہجد نماز ادا کرے	۲۱۹
ا	وَمِنَ اللَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ	//
ب	قُمِ اللَّيْلَ إِلَّا قَلِيلًا ۔	//
ج	فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ	//
۱۵۶۵	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم گیارہ رکعت رات کے وقت ادا فرماتے تھے اور ان کا طریقہ۔	//
۱۵۶۶	آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم فجر کی سنتیں گھر میں ادا فرماتے۔	۲۲۱
۱۵۶۷	آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم فجر کی سنتوں اور فرض کے درمیان آرام کے لیے لیٹے۔	//
۱۵۶۸ / ۱۵۶۹	فجر کی سنتوں کے بعد لیٹنے کی عادت بنانا صحیح نہیں۔	۲۲۲
۱۵۷۰	فجر کی سنتیں پڑھ کر لیٹنے والوں کو شیطان بہکاتا ہے۔	//
۱۵۷۱	تہجد کے نوافل سے پہلے رسول اللہ	۲۲۳

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دعا مانگی	
۱۵۷۲	آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے تیرہ رکعتیں ادا فرمائی ہیں	۲۲۴
۱۵۷۳	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رات کی نماز میں کبھی سات، کبھی نو اور کبھی گیارہ رکعات پڑھتے۔	۲۲۵
۱۵۷۴ / ۱۵۷۵	حضرت ابن عباس نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تہجد کی نماز کا حال بیان کیا۔	۲۲۶
۱۵۷۶	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی نماز تہجد کی رکعات کبھی مختصر اور کبھی طویل ہوتی تھیں۔	۲۲۹
۱۵۷۷ / ۱۵۷۸	آپ چھوٹی رکعات سے تہجد کا آغاز فرماتے۔	〃
۱۵۷۹	طویل سورتیں جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تہجد میں ادا فرماتے تھے۔	〃
۱۵۸۰	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی نماز تہجد کا طریقہ۔	۲۳۰
۱۵۸۱	تہجد میں ہزار آیات کی تلاوت کرنے والا بے حساب ثواب جمع کرنے والوں میں ہو جاتا ہے۔	۲۳۱
۱۵۸۲	تہجد میں امت کے گناہ یاد آنے پر آیۂ ذیل اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ الخ پڑھتے	۲۳۲
۱۵۸۳	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رات کی نماز اور قرأت کا طریقہ	〃
۱۵۸۴ / ۸۵	حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام تہجد میں	۲۳۳

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	کبھی قرأت بلند آواز سے فرماتے کبھی آہستہ	
۱۵۸۶	حضرت ابوبکر صدیق کی قرأت آہستہ اور حضرت عمر فاروق کی قرأت بلند آواز سے ہوا کرتی تھی۔	۲۳۳
۱۵۸۷	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ہمیشہ کیا جانے والا عمل پسند تھا۔	۲۳۴
۱۵۸۸	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رات کے کسی خاص حصے میں نہ سوتے، نہ جاگتے۔	۲۳۵
۱۵۸۹	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آثار پیری میں بیٹھ کر نوافل پڑھا کرتے تھے۔	〃
	باب، رات کے اذکار اور دعاؤں کا بیان وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ۔	۲۳۶
۱۵۹۰ / ۱۵۹۱،۹۲	تہجد شروع کرنے سے پہلے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یہ دعا پڑھتے تھے۔	۲۳۷ / ۲۳۸
۱۵۹۳	ربیعہ بن کعب نے تہجد میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے یہ دعا سنی	۲۳۹
۱۵۹۴	حضرت عائشہ صدیقہ نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے تہجد میں یہ دعا سنی۔	〃
۱۵۹۵	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے تہجد کے ابتدائی اذکار	۲۴۰
۱۵۹۶	رات کو بیدار ہونے والا اگر یہ دعا پڑھے تو اس کی بخشش ہو جاتی ہے۔	۲۴۱

www.waseemziyai.com

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۱۵۹۷	رات کو اٹھنے والے بندہ کو اللہ تعالیٰ ضرور خیر عطا فرما دیتا ہے۔	۲۴۱
〃	باب، رات کو اٹھنے کی ترغیب کے بیان میں۔	〃
〃	اِنَّ نَاشِئَةَ الَّيْلِ هِيَ اَشَدُّ وَطْاً وَّ اَقْوَمُ قِيْلًا۔	〃
۱۵۹۸	رات کو سونے والی کی گدی کے پیچھے شیطان تین گرہیں لگا دیتا ہے۔	۲۴۲
۱۵۹۹	صبح تک سونے والے کے کان میں شیطان پیشاب کر دیتا ہے۔	〃
۱۶۰۰	تہجد پڑھنے کی برکت سے مال و دولت کا فساد اور فتنے ختم ہو جاتے ہیں	〃
۱۶۰۱	صحابی کو حکم کہ رات کو نہ اٹھنے والے کی طرح نہ ہو جانا۔	۲۴۳
۱۶۰۲	تہجد کے وقت دعا کرنے والے کی دعا کو اللہ تعالیٰ قبول فرماتا ہے	〃
۱۶۰۳	رات کے آخری حصہ میں اللہ تعالیٰ بندے کے بہت ہی قریب ہوتا ہے۔	۲۴۵
۱۶۰۴	رات کے آخری حصہ کی دعا بہت جلد قبول ہوتی ہے۔	〃
۱۶۰۵	تہجد کے نوافل رات اور دن کے تمام نوافل سے افضل ہیں۔	〃
۱۶۰۶	ہر رات میں ایک ایسی ساعت آتی ہے جس میں دعا قبول ہوتی ہے	۲۴۶
۱۶۰۷	حضرت داؤد علیہ السلام اپنے گھر والوں کو رات کی عبادت کے لیے اٹھایا کرتے تھے۔	〃
۱۶۰۸	حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا فرمان مسلمانو! تہجد پڑھا کرو۔	۲۴۶
۱۶۰۹	تین طرح کے لوگوں کو دیکھ کر اللہ تعالیٰ ہنستا ہے۔	۲۴۷
۱۶۱۰	اللہ تعالیٰ کی رحمت تہجد پڑھنے والے اور تہجد کے لیے اٹھانے والے پر ہوتی ہے۔	〃
۱۶۱۱	تہجد پڑھنے والے مردوں کا نام ذاکرین اور عورتوں کا نام ذاکرات میں لکھا جاتا ہے۔	۲۴۸
۱۶۱۲	حضرت عمر فاروق اپنے گھر والوں کو تہجد کے جگایا کرتے تھے۔	〃
۱۶۱۳	تہجد گذار جنت کے بالا خانوں میں رہے گا۔	۲۴۹
۱۶۱۴	تہجد پڑھنے والے سے چوری جیسی بری لعنت چھوٹ جاتی ہے۔	۲۵۰
۱۶۱۵	باعزت لوگ میری امت میں حافظ قرآن اور تہجد گذار ہیں۔	〃
۱۶۱۶	حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے شکر گذار بندے ہیں	〃
۱۶۱۷	حضرت داؤد علیہ السلام کی نماز تہجد اللہ تعالیٰ کو بہت پسند تھی۔	۲۵۱
۱۶۱۸	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے رات کے آخری حصہ کے معمولات	۲۵۲
〃	باب، اعمال میں میانہ روی اختیار کرنے کے بیان میں	〃
ا	وَاقْصِدْ فِيْ مَشْيِكَ	〃
ب	فَاِذَا قَضَيْتُمُ الصَّلٰوةَ الخ	〃

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۱۶۱۹	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہر کام میں اعتدال اور میانہ روی ہوتی تھی۔	۲۵۳
۱۶۲۰	اللہ تعالیٰ کا پسندیدہ عمل ہمیشہ کا ہے اگرچہ تھوڑا ہو۔	//
۱۶۲۱	باوضو ذکر کرتے ہوئے سوجانے والے کی دعا اللہ تعالیٰ قبول فرماتا ہے۔	۲۵۴
۱۶۲۲/۱۶۲۳	وظائف ونوافل اتنے پڑھنے چاہئیں جن سے اکتاہٹ محسوس نہ ہو۔	۲۵۵
۱۶۲۴	نیند کے غلبہ کی وجہ سے نوافل پڑھنے چھوڑ دے۔	//
۱۶۲۵	دین بہت آسان ہے، راہ اعتدال کو اختیار کرو۔	۲۵۶
۱۶۲۶	اللہ تعالیٰ دو شخصوں کو دیکھ کر تعجب کرتا ہے۔	۲۵۷
۱۶۲۷	تہجد گذار اگر کسی دن سونے کی وجہ سے عبادت نہ کر سکے تو اسے پورا پورا اجر دیا جاتا ہے۔	۲۵۸
۱۶۲۸	بغیر عذر کے فرض نماز بیٹھ کر نہیں پڑھنے چاہئیں۔	//
۱۶۲۹	کھڑے ہو کر نماز پڑھنے والے کو دوگنا ثواب ملتا ہے۔	۲۶۰
۱۶۳۰	نماز کو بغیر عذر کے بیٹھ کر نہیں پڑھنا چاہیے۔	//
۱۶۳۱	حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو نماز میں راحت ملتی ہے۔	۲۶۱
	باب، وتر کے بیان میں۔	۲۶۲
ا	حَافِظُوْا عَلَى الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوۃِ الْوُسْطٰى	//
ب	وَالشَّفْعِ وَالْوَتْرِ	۲۶۲
۱۶۳۲	رمضان میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تہجد کی گیارہ رکعات پڑھتے تھے۔	//
۱۶۳۳	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وتر کی ایک رکعت پڑھنے سے منع فرماتے تھے۔	۲۶۳
۱۶۳۴/۱۶۳۵	حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام وتر تین رکعات پڑھا کرتے تھے۔	//
۱۶۳۶	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانہ میں ایک رکعت وتر کوئی نہیں پڑھتا تھا۔	۲۶۴
۱۶۳۷/۱۶۳۸	نماز مغرب دن کی وتر نماز ہے	۲۶۵
۱۶۳۹	نماز وتر مغرب کی نماز کی طرح تین رکعت ہیں	
۱۶۴۰/۱۶۴۱	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وتر پڑھنے کا طریقہ۔	۲۶۶
۱۶۴۲	وتروں کی تینوں رکعات کی قرأت	//
۱۶۴۳	اللہ تعالیٰ نے پانچ فرض نمازوں کے علاوہ وتر کی نماز امت محمدیہ پر زائد کی ہے۔	۲۶۷
۱۶۴۴	وتر صبح صادق سے پہلے پڑھ لیا کرو۔	//
۱۶۴۵	سونے سے پہلے وتر پڑھنے کا حکم	۲۶۸
۱۶۴۶	رات کے تمام نمازوں اور نوافل کے بعد وتر پڑھا کرو۔	//
۱۶۴۷	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وتر	//

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM-ISLAMIA ACADEMY

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	کبھی اول شب میں پڑھتے اور کبھی آخر شب میں۔	
۱۶۴۸	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے رات کے ہر حصہ میں وتر پڑھے ہیں	۲۶۹
۱۶۴۹	جو شخص پچھلی شب میں اٹھ سکے تو وہ وتر آخری شب میں پڑھے	۲۷۰
۱۶۵۰/۱۶۵۱	وتر واجب ہیں۔	۲۷۱
۱۶۵۲	وتروں کا وقت نماز عشا کے بعد سے صبح صادق تک ہے	۲۷۲
۱۶۵۳	صبح صادق ہونے سے پہلے وتر پڑھ لینے چاہئیں۔	۲۷۳
۱۶۵۴	اللہ وتر یعنی یکتا ہے	//
۱۶۵۵	جو شخص صبح صادق سے پہلے وتر نہ پڑھ سکے تو وتروں کی قضا کرے۔	۲۷۴
۱۶۵۶	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ہمیشہ وتر پڑھا کرتے تھے۔	//
۱۶۵۷	حضرت عائشہ بھی وتر پڑھنے کے لیے بیدار ہو جاتیں۔	۲۷۵
۱۶۵۸/۱۶۵۹	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سواری سے اتر کر وتر ادا فرماتے تھے۔	۲۷۶
۱۶۶۰	وتروں میں پڑھے جانے والی دعائے قنوت	//
۱۶۶۱	دعائے قنوت کے دو حصے ہیں	۲۷۹
۱۶۶۲	حضرت علی کو دو خاص سورتیں یاد نہیں۔	۲۸۰
۱۶۶۳	وتروں میں پڑھے جانے والے کلمات۔	۲۸۱
۱۶۶۴	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم	۲۸۲
	وتروں کے بعد یہ دعا پڑھا کرتے تھے۔	
۱۶۶۵	وتروں کے سلام کے بعد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یہ دعا بھی پڑھا کرتے تھے۔	۲۸۳
۱۶۶۶	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نوافل کبھی کھڑے ہو کر پڑھتے اور کبھی بیٹھ کر۔	۲۸۴
۱۶۶۷	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وتروں کے بعد دو رکعت نماز نفل پڑھتے تھے۔	//
۱۶۶۸	وتروں کے بعد کے دو نوافل تہجد کے قائم مقام ہوتے ہیں۔	۲۸۵
۱۶۶۹	وتر کے بعد نوافل میں پڑھی جانے والی قرأت	//
	باب، وتر میں پڑھی جانے والی دعا کے احکام	//
ا	قُوْمُوْا لِلّٰهِ قَانِتِیْنَ	//
ب	لَیْسَ لَکَ مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ	۲۸۶
۱۶۷۰	وتر کی تیسری رکعت میں رکوع سے پہلے دعائے قنوت	//
۱۶۷۱/۱۶۷۲،۷۳	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم وتروں کی تین رکعات کرتے تھے	//
۱۶۷۴/۱۶۷۵	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وتروں کی تین رکعات اور دعائے قنوت آخری رکعت میں پڑھتے تھے۔	۲۸۷
۱۶۷۶	حضرت ابن مسعود نے رسول اللہ	//

MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ نمبر
	صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو وتر اور قنوت پڑھتے دیکھا۔	
۱۶۷۷/۱۶۷۸،۷۹	وتر رکوع سے پہلے پڑھتے چاہئیں	۲۸۸
۱۶۸۰	کسی قوم کے لیے دعا یا بد دعا نماز فجر میں دعائے قنوت کرکے ہوتی تھی۔	۲۹۰
۱۶۸۱	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فجر میں کسی کے لیے دعا یا بد دعا کے بغیر دعائے قنوت نہیں پڑھتے تھے۔	//
۱۶۸۲	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سوائے ایک مہینہ کے نماز فجر میں قنوت نازلہ نہیں پڑھی ہے	//
۱۶۸۳	فجر میں قنوت پڑھنا بدعت ہے۔	۲۹۱
۱۶۸۴	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بغیر کسی حادثہ کے فجر کے فرض میں قنوت نازلہ نہیں پڑھتے تھے۔	//
۱۶۸۵	نماز فجر میں قنوت پڑھنا بدعت ہے	۲۹۲
۱۶۸۶	حضرت انس فجر کی نماز میں دعائے قنوت نہیں پڑھا کرتے تھے۔	//
۱۶۸۷	حضرت عمر فاروق فجر میں قنوت نہیں پڑھتے تھے۔	//
۱۶۸۸/۱۶۸۹	صبح کے فرض ہوں یا کوئی اور دعائے قنوت کا پڑھنا منسوخ ہے۔	۲۹۳
۱۶۹۰	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بغیر کسی حادثہ کے فجر میں قنوت نازلہ پڑھنے سے منع فرمایا ہے۔	//
۱۶۹۰	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک مہینہ تک قبیلہ عصیہ اور ذکوان کے لیے بد دعا فرماتے رہے۔	۲۹۴

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ نمبر
	باب، نماز تراویح کے ثبوت میں	۲۹۵
	إِنَّا أَنْزَلْنَاهُ فِي لَيْلَةٍ مُبَارَكَةٍ	//
۱۶۹۲/۱۶۹۳	رمضان شریف میں نماز تراویح پڑھنے والے کے گذشتہ تمام گناہ معاف ہوجاتے ہیں۔	۲۹۶
۱۶۹۴	نماز تراویح سنت مؤکدہ ہے۔	//
۱۶۹۵	نماز تراویح پڑھنے والے کی گناہوں سے پاک ہوجانے کی مثال	//
۱۶۹۶	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رمضان شریف میں اکثر رات کا وقت عبادات میں گزارتے تھے۔	۲۹۷
۱۶۹۷	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے رمضان میں نماز تراویح فرض ہونے کے خیال سے ترک کیے رکھیں۔	۲۹۸
۱۶۹۸	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانہ مبارکہ میں تراویح کی باجماعت امامت حضرت ابی بن کعب نے ادا فرمائی۔	۲۹۹
۱۶۹۹	پہلی صدی کے مسلمان جس کام کو اچھا سمجھیں وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک بھی اچھا ہے۔	۳۰۰
۱۷۰۰	میرے خلفائے راشدین کے طریقے کو مضبوطی سے تھامے رہو۔	//
۱۷۰۱	حضرت ابوبکر و عمر جو کچھ کہتے ہیں اس کی پیروی کرتے رہو۔	۳۰۲
۱۷۰۲	نماز تراویح پڑھنے کا ثواب	۳۰۳
۱۷۰۳	تراویح باجماعت کے لیے باقاعدہ حضرت عمر فاروق نے امام مقرر کیا	//

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-ISLAMIA ACADEMY

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	تراویح باجماعت کو حضرت عمر فاروق نے بدعت حسنہ قرار دیا۔	۳۰۵
۱۷۰۴	صحابۂ کرام نماز تراویح سحری کے آخری وقت تک پڑھتے تھے۔	۳۰۶
۱۷۰۵	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم بغیر جماعت کے بیس رکعات تراویح پڑھا کرتے تھے۔	۳۰۷
۱۷۰۶/۱۷۰۷	حضرت عمر فاروق نے امام کو بیس رکعات تراویح پڑھانے کا حکم دیا	〃
۱۷۰۸	بیس رکعات تراویح اور تین وتر	۳۰۸
۱۷۰۹	بیس رکعات تراویح پانچ ترویحوں کے ساتھ	〃
۱۷۱۰	حضرت علی نے حافظ قرآن کو بیس رکعات تراویح پڑھانے کا حکم دیا۔	۳۱۰
۱۷۱۱	شعبان کی پندرھویں شب	〃
۱۷۱۲	پندرھویں شعبان کی رات کے فضائل	۳۱۱
۱۷۱۳	شعبان کی پندرھویں رات گناہگاروں کی بخشش کی رات ہے۔	۳۱۳
۱۷۱۴	رحمت باری تعالیٰ بندوں کو پکارتی ہے۔	۳۱۴
	باب، اشراق اور چاشت نمازوں کے بیان میں۔	۳۱۵
	وَالشَّفْعِ وَالْوَتْرِ	〃
۱۷۱۵	چاشت کی نماز کا مستحب وقت	
۱۷۱۶	فجر اور اشراق کی نماز پڑھنے والے کا ثواب۔	۳۱۶

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۱۷۱۷	انسان کے ہر جوڑ کے صدقہ کا بدل اشراق کی دو رکعت ہیں۔	۳۱۶
۱۷۱۸	انسانی جسم کے تین سو ساٹھ جوڑ ہیں اور ہر جوڑ کے بدلہ میں خیرات دینے کا حکم۔	۳۱۷
۱۷۱۹	پابندی سے اشراق کی نماز پڑھنے والے کے سمندر کی جھاگ برابر بھی گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں۔	۳۱۸
۱۷۲۰	چار رکعات اشراق پڑھنے والے کی تمام ضروریات اللہ تعالیٰ پوری فرما دیتا ہے۔	〃
۱۷۲۱	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم چاشت کی اکثر چار رکعات پڑھا کرتے تھے۔	۳۱۹
۱۷۲۲	فتح مکہ کے دن حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے چاشت کی آٹھ رکعات ادا فرمائیں	〃
۱۷۲۳	چاشت کی نماز کی لذت	〃
۱۷۲۴	چاشت کی بارہ رکعات پڑھنے والے کے لیے جنت میں سونے کا محل بنایا جاتا ہے۔	۳۲۰
۱۷۲۵	حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام چاشت کی نماز اہتمام سے پڑھا کرتے تھے۔	〃
	باب، نفل نمازوں کے بیان میں	〃
۱۷۲۶	حضرت بلال کا عمل جو اللہ تعالیٰ کو پسند آیا۔	〃

www.waseemziyai.com

MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۱۷۲۷	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جائز کاموں میں استخارہ کرنے کی تعلیم دیتے تھے۔	۳۲۱
۱۷۲۸	گناہ سے توبہ کرنے کا طریقہ، اور نماز توبہ۔	۳۲۲
۱۷۲۹	آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جائز کاموں میں استخارہ کرنے کی تعلیم دیتے تھے۔	۳۲۵
۱۷۳۰	صلاۃ حاجت کے ذریعے اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجات برآری کرنی چاہیئے	۳۲۶
	باب، صلاۃ تسبیح کا بیان	۳۲۷
۱۷۳۱	صلاۃ تسبیح پڑھنے کا طریقہ	۳۳۰
۱۷۳۲	قیامت کے دن سب سے پہلے نماز کا حساب لیا جائے گا۔	۳۳۱
	نوافل میں قرآن پڑھنے والے کی تلاوت کو اللہ تعالیٰ غور سے سنتا ہے۔	
	باب، سفر کی حالت میں نماز پڑھنے کا بیان۔	۳۳۲
ا	وَإِذَا ضَرَبْتُمْ فِي الْأَرْضِ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَنْ تَقْصُرُوا مِنَ الصَّلٰوةِ ۔	۳۳۳
ب	إِنَّ الصَّلٰوةَ كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ كِتَابًا مَوْقُوتًا ۔	〃
ج	فَأَيْنَمَا تُوَلُّوا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ	〃
۱۷۳۴	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے شہر کی آبادی سے باہر نکلنے سے پہلے ظہر کے چار رکعت پڑھائے،	〃
۱۷۳۵	حضرت علی نے سفر کے لیے بصرہ سے نکلتے وقت چار رکعات ظہر ادا کیے	۳۳۴
۱۷۳۶	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم حجۃ الوداع کے موقع پر منیٰ میں قصر نماز ادا کی۔	۳۳۴
۱۷۳۷	کفار کے حملے کے خوف سے چار رکعات والی نماز کو قصر کرکے پڑھا جائے	۳۳۵
۱۷۳۸	سفر حج میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے قصر کرکے نمازیں ادا کیں	۳۳۶
۱۷۳۹ / ۱۷۴۰	سفر میں اگر کہیں پندرہ دن یا زیادہ ٹھہرنے کا ارادہ ہو تو پوری نماز پڑھی جائے۔	۳۳۷
۱۷۴۱	اگر سفر میں آج کل کرتے ہوئے کئی مہینے بھی گذر جائیں تو نماز قصر کرکے ہی پڑھی جائے۔	۳۳۸
۱۷۴۲	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے غزوہ تبوک میں بیس روز قیام فرمانے کے باوجود قصر نماز ادا فرمائی	〃
۱۷۴۳	حضرت ابن عمر آذربائیجان میں چھ ماہ تک قصر نمازیں پڑھتے رہے	۳۳۹
۱۷۴۴	حضرت انس نے ملک شام میں دو ماہ تک قصر نمازیں ادا کیں۔	〃
۱۷۴۵	حضرت ابن عمر نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ سفر میں ظہر کی نماز قصر کرکے پڑھی۔	〃
۱۷۴۶	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ظہر سے پہلے دو رکعت نماز نفل نہیں چھوڑتے تھے۔	۳۴۰
۱۷۴۷	حضرت عبداللہ بن عمر سفر میں نوافل	۳۴۱

www.waseemziyai.com

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	پڑھنے سے منع نہیں فرماتے تھے۔	
۱۷۴۸	چار رکعات والی نمازیں سفر میں دو رکعات ہی فرض ہیں۔	۳۴۱
۱۷۴۹	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سفر وحضر میں نمازوں کو وقت پر ادا فرماتے تھے۔	〃
〃	جمع بین الصلوٰتین کا معنی ومفہوم	۳۴۲
۱۷۵۰	اگر نیند کی وجہ سے کسی نماز کا وقت گذر جائے تو کوئی قصور نہیں	۳۴۳
۱۷۵۱	نماز کو اس کے وقت پر ادا نہ کرنا تفریط ہے۔	〃
۱۷۵۲	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سفر میں ظہر آخیر وقت میں اور عصر پہلے وقت میں پڑھتے تھے	۳۴۴
۱۷۵۳	سفر میں اگر جلدی ہو تو نماز مغرب آخری وقت میں اور نماز عشاء اول وقت میں پڑھی جائے۔	۳۴۵
۱۷۵۴	دو نمازوں کو ایک وقت میں جمع کر کے پڑھنا گناہ کبیرہ ہے۔	۳۴۶
۱۷۵۵ / ۱۷۵۶،۱۷۵۷	حضرت ابن عمر نفل سواری پر اور وتر سواری سے اتر کر ادا فرماتے تھے۔	۳۴۷
۱۷۵۸ / ۱۷۵۹	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نفل سواری پر ادا فرماتے تھے	۳۴۸
۱۷۶۰	اگر سفر میں سواری کا رخ سمت قبلہ کی طرف نہ ہو تو بھی نفل سواری پر جائز ہیں	〃
۱۷۶۱ / ۱۷۶۲،۶۳	ابتدائی دور میں سفر وحضر میں دو	۳۴۹
	رکعتیں فرض ہوئیں۔	
۱۷۶۴	کچھ عرصہ بعد حضر میں چار رکعات فرض ہو گئے۔	۳۵۰
۱۷۶۵ / ۱۷۶۶	حضرت ابوبکر وعمر منیٰ میں قصر نماز پڑھا کرتے تھے	۳۵۱
۱۷۶۷	سفر میں فرض نماز چار رکعات کی بجائے دو رکعات پڑھی جائیں۔	۳۵۲
۱۷۶۸	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سفر میں گھر واپس آنے تک چار رکعات کو دو ہی پڑھتے تھے۔	۳۵۳
۱۷۶۹	نماز عید الضحیٰ، نماز عید الفطر اور نماز جمعہ کی طرح سفر کی نماز بھی دو رکعت ہی ہے۔	〃
۱۷۷۰	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ذریعے گمراہیوں سے اللہ تعالیٰ نے نجات دی۔	۳۵۴
۱۷۷۱	سفر میں اگر کوئی چار رکعت پڑھے	〃
۱۷۷۲	سفر میں اگر چار رکعت پڑھے تو وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا خلاف کرے گا۔	〃
۱۷۷۳	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے قول وفعل کا خلاف کرنے والا کافر ہے۔	۳۵۵
۱۷۷۴	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مکہ میں چار کی بجائے دو رکعات ادا کیں۔	〃
۱۷۷۵	تین متوسط راتوں کی مسافت پر قصر کرنا چاہیئے۔	۳۵۶

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۱۷۷۵	باب، جمعہ کے فضائل کے بیان میں	۳۵۷
〃	نماز جمعہ فرض عین اور اعظم شعائر اسلام سے ہے	〃
〃	جمعہ کا اہتمام پنجشنبہ سے کرنا چاہیے	〃
〃	پہلے زمانے میں لوگ نماز جمعہ کے لیے اہتمام کیا کرتے تھے۔	۳۵۸
〃	جمعہ کے دن درود شریف	۳۵۹
	وَالْيَوْمِ الْمَوْعُوْدِ وَشَاهِدٍ وَّمَشْهُوْدٍ	۳۶۰
۱۷۷۶	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جمعہ کے دن کی قدر دانی کی۔	〃
۱۷۷۷	تمام دنوں سے بہتر دن جمعہ کا ہے	۳۶۱
۱۷۷۸	آیت اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ الخ جمعہ کے دن ہی نازل ہوئی۔	۳۶۲
۱۷۷۹	اللہ تعالیٰ کے انوار جمعہ کی رات میں برستے ہیں۔	۳۶۳
۱۷۸۰	افضل ترین دن جمعہ ہے	〃
۱۷۸۱	جمعہ کا دن تمام دنوں کا سردار ہے	۳۶۴
۱۷۸۲	جمعہ کے دن میں ایک ساعت ہے کہ اس میں جو دعا کی جائے قبول ہوتی ہے۔	۳۶۵
۱۷۸۳	امام کے خطبہ پر بیٹھنے سے لے کر ختم نماز تک کے وقت میں کوئی ساعت ہے جو قبولیت کی ہے	۳۶۶
۱۷۸۴	جمعہ کے دن میں جو خیر و برکات ظاہر ہوتی ہیں کسی اور دن میں نہیں ہوتیں۔	〃
۱۷۸۵	جمعہ کی مقبول ساعت کس وقت تلاش کی جائے۔	۳۶۹
۱۷۸۶	جمعہ کی مقبول ساعت کس وقت کو کہتے ہیں۔	۳۶۹
۱۷۸۷	جمعہ کے دن حضرت آدم علیہ السلام کا خمیر تیار کیا گیا۔	۳۷۰
۱۷۸۸	جمعہ کے دن کثرت سے درود پڑھا کرو۔	۳۷۱
〃	انبیاء کرام کے جسموں کو مٹی نہیں کھاتی	〃
۱۷۸۹	جمعہ کے دن یا رات میں مرنے والا عذاب وسوال قبر سے محفوظ رہتا ہے۔	۳۷۲
	باب، نماز جمعہ کے فرض ہونے کے بیان میں۔	۳۷۳
〃	يَآ اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ۔	〃
۱۷۹۰	اللہ تعالیٰ جمعہ کی نماز ترک کرنے والوں کے دلوں پر مہر لگا دیتے ہیں۔	〃
۱۷۹۱	متواتر تین جمعے سستی وغفلت کی وجہ سے چھوڑنے والے کے دل پر مہر لگا دی جاتی ہے۔	۳۷۴
۱۷۹۲	بغیر عذر کے جمعہ کی نماز چھوڑنے والا منافق لکھ دیا جاتا ہے۔	〃
۱۷۹۳	نماز جمعہ نہ پڑھنے والے لوگوں کو مکانات سمیت جلا ڈالنے کا عزم	〃
۱۷۹۴	سستی کی وجہ سے جمعہ چھوڑنے والا صدقہ کرے۔	۳۷۵
〃	تمہید، نماز جمعہ کے واجب ہونے کی شرائط۔	۳۷۶

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	نماز جمعہ کے اداء کی شرائط	۳۷۶
۱۷۹۵ / ۱۷۹۶	نماز جمعہ اور تکبیرات تشریق شہر ہیں ہی ادا کیں جائیں۔	۳۷۷
۱۷۹۷	دور سے آنے والے لوگ شام سے پہلے اگر گھر پہنچ سکے تو وہ جمعہ کے لیے آئیں۔	۳۷۸
۱۷۹۸	ثواب کے طور پر بھی دور کے لوگ ادائیگی جمعہ کے لیے آسکتے ہیں۔	〃
۱۷۹۹	لوگو! موت سے پہلے توبہ اور مشغولیت سے پہلے نیکیاں کرو اور نماز جمعہ کو وقت پر پابندی سے ادا کرو۔	۳۷۹
۱۸۰۰	نماز جمعہ کی فرضیت قرآن وحدیث سے ثابت ہے۔	۳۸۰
۱۸۰۱	جس کو اللہ تعالیٰ اور قیامت پر ایمان ہے اس پر نماز جمعہ فرض ہے۔	۳۸۱
	باب، جمعہ کے دن غسل کرنا، نئے کپڑے پہننا، خوشبو لگانا اور گھر سے جلدی نکلنا۔	۳۸۲
	فَاسْعَوْا اِلٰی ذِکْرِ اللّٰہِ وَذَرُوا الْبَیْعَ۔	〃
۱۸۰۲	جس نے نماز جمعہ کے آداب کا لحاظ کرتے ہوئے جمعہ ادا کیا اس کی بخشش ہو جاتی ہے۔	〃
۱۸۰۳	نماز جمعہ کے لیے آنے والے تین طرح کے ہوتے ہیں۔	۳۸۳
۱۸۰۴	امام کے خطبہ سے فارغ ہونے تک خاموش بیٹھنا چاہیئے۔	۳۸۴

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۱۸۰۵	خطیب کے خطبہ دینے کے درمیان نماز وکلام مکروہ ہے۔	۳۸۵
۱۸۰۶	خطبہ کے وقت گفتگو کرنے والے کی مثال گدھے کی طرح ہے۔	〃
۱۸۰۷	جس نے جمعہ کے دن جماع کر کے غسل کیا۔	۳۸۶
۱۸۰۸	جمعہ کے دن کو اللہ تعالیٰ نے عید بنایا ہے۔	〃
۱۸۰۹	جمعہ کے دن غسل کرنے اور خوشبو لگانے کا حکم	۳۸۷
۱۸۱۰	اگر کسی وجہ سے جمعہ کے دن غسل نہ کر سکے تو وضو ہی کر لے۔	〃
۱۸۱۱	جمعہ کے دن جامع مسجد کے دروازے پر صبح سے ہی فرشتے آجاتے ہیں اور ہر آنے والے کا نام لکھتے ہیں	۳۸۸
۱۸۱۲،۱۳	کسی نمازی کو اس کی جگہ سے نہ اٹھایا جائے۔	۳۸۹
۱۸۱۴	نماز جمعہ کے لیے اگر گنجائش ہو تو علیحدہ کپڑے بنائے جائیں۔	〃
۱۸۱۵	جمعہ کے دن امام سے قریب بیٹھنے کا زیادہ ثواب ہے۔	۳۹۰
۱۸۱۶	لوگوں کی گردنوں کو پھلانگنے سے بہتر ہے کہ گھر میں بیٹھا رہے	〃
۱۸۱۷	گردنوں پر پھلانگ کر آنے کی وجہ سے لوگوں کو ایذاء نہ دو	۳۹۱
۱۸۱۸	مکہ معظمہ میں بت پرستی کا آغاز کرنے والے شخص کو جہنم میں جو سزا ملے گی لوگوں کی گردنوں کو پھلانگنے والے	〃

MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	کو بھی وہی سزا ملے گی	
۱۸۱۹	جمعہ کے دن، امام کے سامنے خطبہ کے وقت احتباء کی صورت میں بیٹھے	۳۹۳
۱۸۲۰	نمازی کو جمعہ کی نماز کے وقت اونگھ آنے لگے تو اپنی جگہ بدل لے۔	۳۹۴
	باب، خطبۂ جمعہ اور نماز جمعہ کے بیان میں	״
	خطبہ کے دو فرض اور پندرہ سنتیں ہیں۔	״
ا	فَاسْعَوْا اِلٰی ذِکْرِ اللّٰہِ	۳۹۵
ب	وَتَرَکُوْکَ قَآئِمًا	۳۹۶
ج	فَاِذَا قُضِیَتِ الصَّلٰوۃُ فَانْتَشِرُوْا فِی الْاَرْضِ۔	״
۱۸۲۱	نماز جمعہ کا وقت نماز ظہر کا وقت ہے۔	״
۱۸۲۲	صحابہ نماز جمعہ سے پہلے قیلولہ نہ کرتے تھے۔	״
۱۸۲۳	حضرات شیخین کے زمانہ میں جمعہ کی پہلی اذان امام کے منبر پر بیٹھنے کے بعد ہوتی تھی۔	۳۹۷
۱۸۲۴	جمعہ وعیدین کے دو دو خطبے۔	״
۱۸۲۵	نماز کو طویل اور خطبہ کو مختصر پڑھنا انسان کی دانش مندی ہے	۳۹۸
۱۸۲۶	خطبہ کے وقت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی حالت۔	״
۱۸۲۷	خطبہ کے وقت اس آیت کی تلاوت وَنَادَوْا یٰمٰلِکُ لِیَقْضِ عَلَیْنَا رَبُّکَ۔	۳۹۹

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۱۸۲۸	ام ہشام نے سورۂ ق رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے سن سن کر یاد کرلی۔	۴۰۰
۱۸۲۹	دو خطبوں کے درمیان بیٹھنا سنت ہے۔	״
۱۸۳۰	خطبہ کے وقت مقتدی امام کی طرف رخ کر کے بیٹھیں۔	۴۰۱
۱۸۳۱	خطبہ کے دوران کھڑے حضرات بھی بیٹھ جائیں۔	״ ״
۱۸۳۲	جمعہ کے دن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے سیاہ عمامہ باندھا	۴۰۲
۱۸۳۳	جمعہ کے دن لوگوں کی گردنوں کو پھلانگنے سے انہیں تکلیف ہوتی ہے۔	״
	تمہید، مذہب حنفی میں خطبہ کے متعلق دو قول ہیں۔	۴۰۳ ۴۰۳
۱۸۳۴ / ۱۸۳۵،۳۶	خطبہ سے دو رکعت پڑھنے کا حکم	۴۰۴
۱۸۳۷ / ۱۸۳۸	امام جب خطبہ دینے کے لیے منبر پر آجائے تو اس وقت نماز پڑھنا گناہ ہے۔	۴۰۵
۱۸۳۹	اگر امام خطبہ دے رہا ہو تو مقتدی کیا کرے۔	۴۰۶
۱۸۴۰	نماز میں شریک ہونے کے لیے دوڑتے ہوئے نہ آئے۔	۴۰۷
۱۸۴۱	نماز میں شرکت کے لیے اطمینان سے آنا چاہیئے۔	״
۱۸۴۲ / ۱۸۴۳	صحابہ کرام خطبہ کے دوران رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف رخ	۴۰۸

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL-ISLAMIA ACADEMY

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	کر کے بیٹھتے تھے۔	
۱۸۴۴	خطبہ کے وقت دونوں ہاتھ اٹھا کر تفہیم کرنا خلاف سنت ہے۔	۴۰۸
	باب، خوف کے وقت کس طرح نماز پڑھنی چاہیئے۔	۴۰۹
ا	وَاِذَا كُنْتَ فِيهِمْ فَاَقَمْتَ لَهُمُ الصَّلٰوةَ۔	۴۱۰
ب	فَاِنْ خِفْتُمْ فَرِجَالًا اَوْ رُكْبَانًا	۴۱۱
۱۸۴۵	دشمن کے مقابلہ میں لشکر اسلام کے نماز باجماعت پڑھنے کا طریقہ	//
۱۸۴۶	لشکر اسلام کے نماز باجماعت کی ادائیگی کے لیے دو حصے کئے جائیں،	۴۱۲
۱۸۴۷	ایک حصہ لشکر کا امام کے ساتھ پہلی دو رکعت ادا کرکے دشمن کے مقابلہ میں چلا جائے۔	۴۱۳
۱۸۴۸	نماز مسلمانوں کو ماں باپ اور اولاد سے زیادہ پیاری ہے۔	۴۱۴
	باب، عید الفطر اور عید الاضحی کی نماز کے بیان میں۔	۴۱۶
ا	وَلِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰكُمْ	//
ب	فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ۔	۴۱۷
۱۸۴۹	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا عیدگاہ میں پہلا عمل مبارک۔	//
۱۸۵۰	عید کے دن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عورتوں کو وعظ ونصیحت فرمائی۔	۴۱۸
۱۸۵۱/۱۸۵۲	عیدین کی نماز بغیر اذان واقامت کے	۴۱۹
۱۸۵۳	عید کے خطبے عید کی نماز کے بعد دیئے جائیں۔	۴۲۰
۱۸۵۴	عید کی نماز کے بعد لوگوں کو صدقہ وخیرات کرنے کی ترغیب۔	//
۱۸۵۵	عید کی نماز سے قبل نہ گھر میں نہ مسجد میں نوافل ادا کیے جائیں۔	۴۲۲
۱۸۵۶	عورتوں کو زیب وزینت کا لباس پہن کر گھروں سے نکلنے کی ممانعت	//
۱۸۵۷	عورتوں نے نئی نئی باتیں پیدا کر رکھی ہیں۔	۴۲۳
۱۸۵۸	عید الاضحی کے دن لڑکیاں دف بجا کر اشعار گا رہی تھیں۔ اب دف بجانا منسوخ ہو چکا ہے۔	// ۴۲۴
۱۸۵۹	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عید الفطر کے دن کھجوریں کھائے بغیر عیدگاہ تشریف نہیں لے کر جاتے تھے۔	//
۱۸۶۰	عید الاضحی کے دن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم بغیر کچھ کھائے عیدگاہ کو تشریف لے جاتے تھے۔	۴۲۵
۱۸۶۱/۱۸۶۲	نماز عید کے لیے ایک راستے سے جانا اور دوسرے راستے سے واپس آیا۔	//
۱۸۶۳	دسویں ذوالحجہ کو دو عبادتیں ہیں، ایک نماز عید پڑھنا دوسری قربانی کرنا۔	۴۲۶
۱۸۶۴	نماز عید سے پہلے قربانی کرنے کا کوئی ثواب نہیں ملتا۔	۴۲۷
۱۸۶۵	نماز عید کے بعد قربانی کرنے والا مسلمان	//

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	کے طریقے پر عمل کرتا ہے	
۱۸۶۶	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم عیدگاہ میں قربانی کیا کرتے تھے۔	۴۲۷
۱۸۶۷	اہل مدینہ سال میں دو دن خوشی منایا کرتے تھے۔	۴۲۸
۱۸۶۸	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم تکبیریں چار چار کہا کرتے تھے۔	۴۲۹
۱۸۶۹	جنازہ کی تکبیروں کی طرح عیدین کی تکبیریں چار ہیں۔	۴۳۰
۱۸۷۰	نماز کی تکبیرات سمیت عید کی تکبیرات نو ہیں۔	//
۱۸۷۱	نماز عید کی ہر رکعت میں تین تین زائد تکبیرات ہیں۔	۴۳۱
۱۸۷۲	عیدین کی تکبیرات کے متعلق متفقہ رائے۔	//
۱۸۷۳	صحابۂ کرام نے عید کی نماز پڑھنے کا طریقہ بتایا۔	۴۳۲
۱۸۷۴	عیدین کی تکبیرات میں تو تکبیریں ہیں۔	۴۳۳
۱۸۷۵	رفع یدین صرف سات موقعوں پر کیا جاتا ہے۔	۴۳۴
۱۸۷۶	حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کمان پر ٹیک لگا کر خطبہ دیا۔	۴۳۵
۱۸۷۷	نیزہ پر ٹیک لگا کر خطبہ	//
۱۸۷۸	خطبۂ عید میں مرنے کے بعد کے واقعات بیان ہوئے۔	//
۱۸۷۹	بارش میں عید کی نماز مسجد میں ادا کی۔	۴۳۶
۱۸۸۰	عید الاضحیٰ کی نماز اول وقت میں	//
	پڑھنے کا حکم	
۱۸۸۱/۱۸۸۲	چاند کی تیسویں شب کو ہلال نظر آئے اور اگلے دن اگر زوال کے بعد گواہی مل جائے تو پھر دوسرے دن نماز عید ادا کی جائے۔	۴۳۷
	باب، قربانی کے بیان میں	۴۳۸
د	فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ	//
ب	وَمَنْ يُّعَظِّمْ شَعَائِرَ اللهِ الخ	۴۳۹
۱۸۸۳	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے عید کے دن دو مینڈھوں کی قربانی کی۔	//
	ذبح کے وقت بِسْمِ اللهِ اَللهُ اَكْبَرُ پڑھنا	۴۴۰
۱۸۸۴	حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام موٹے تازے اور نر مینڈھوں کی قربانی کرتے تھے	//
۱۸۸۵	کثیر بالوں والے چتکبرے مینڈھوں کی قربانی	۴۴۱
	بکری کی قربانی کے متعلق مختلف روایتیں	
۱۸۸۶	ذبح کے وقت اللہ کے نام کے ساتھ کسی انسان کا نام لینا مکروہ ہے۔	۴۴۳
۱۸۸۷	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عیدگاہ میں دو بڑے ابلق مینڈھوں کی قربانی کرتے تھے۔	//
۱۸۸۸	حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اپنی طرف سے اپنی آل اور امت کی طرف سے قربانی کرتے تھے۔	۴۴۴
۱۸۸۹	کم از کم کتنی عمر کے جانور کی قربانی کی جائے؟	//

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۱۸۹۰،۹۱	چھ ماہ کا موٹا تازہ مینڈھا قربانی کیا جاسکتا ہے۔	۴۴۶
۱۸۹۲	حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا اختیار	//
۱۸۹۳	آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم عیدگاہ میں قربانی کرتے تھے۔	۴۴۷
۱۸۹۴	گائے کی قربانی زیادہ سے زیادہ سات آدمی کرسکتے ہیں۔	//
۱۸۹۵	ذوالحجہ کا چاند دیکھ کر قربانی کرنے والے حجامت نہ بنوائیں اور ناخن نہ کٹوائیں۔	۴۴۸
۱۸۹۶	ذوالحجہ کے پہلے عشرہ میں بال کٹوانا اور ناخن ترشوانا کوئی گناہ نہیں ہے	//
۱۸۹۷	حضرت عمر نے ایک شخص کو مونچھیں کٹوانے کا حکم دیا۔	//
۱۸۹۸	نماز عید سے پہلے ذبح کرنے والے قربانی کا ثواب نہیں پاتے۔	۴۴۹
۱۸۹۹	حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے مدینہ منورہ میں دس سال قربانی کی۔	//
۱۹۰۰	وسعت کے باوجود قربانی نہ کرنے والا ہماری عیدگاہ کے قریب نہ آئے۔	۴۵۰
۱۹۰۱	فطرہ کے نصاب کے مالک پر قربانی واجب ہے۔	//
۱۹۰۲	مجھے اور میری امت کو دسویں ذوالحجہ کو قربانی کرکے عید منانے کا حکم دیا گیا ہے۔	۴۵۱
۱۹۰۳	ذوالحجہ کے پہلے عشرہ کی فضیلت	//
۱۹۰۴	دسویں ذی الحجہ کے دن بندے کا	۴۵۲

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	سب سے زیادہ پسندیدہ عمل قربانی کرکے خون بہانا ہے۔	
۱۹۰۵	پہلی سے لے کر نویں ذی الحجہ تک روزے رکھنا، سال بھر کے روزوں کے ثواب کے برابر ہیں۔	۴۵۳
۱۹۰۶	قربانی کب سے واجب ہوئی ہے	//
۱۹۰۷	حضرت علی کو دو مینڈھے قربانی کرنے کی وصیت	۴۵۴
۱۹۰۸	کن عیبوں کی وجہ سے جانور کی قربانی نہ دی جائے۔	۴۵۵
۱۹۰۹	کن جانوروں کی قربانی کرنے سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے منع فرمایا ہے۔	//
۱۹۱۰	گائے کی قربانی میں زیادہ سے زیادہ سات حصے دار ہوں	۴۵۷
//	قربانی کے جانور کی آنکھ کان اور ناک وغیرہ دیکھ کر قربانی کرنی چاہیے	//
۱۹۱۱،۱۲	معمولی نقص والے جانور کی قربانی کرنی چاہیے۔	۴۵۹
۱۹۱۳	قربانی شہر والوں پر واجب ہے	//
۱۹۱۴	قربانی عید قربان کے دو دن بعد تک ہے۔	//
۱۹۱۵،۱۶	قربانی کے کل تین دن ہیں۔	۴۶۰
	باب عتیرہ کا بیان	//
	فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُونَ	//
۱۹۱۷،۱۸	قربانی کے واجب ہونے سے فرع اور عتیرہ جانور منسوخ ہوگئے ہیں۔	۴۶۱
	عقیقہ فرع اور عتیرہ کے جانور کو ذبح کرنے	

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	کا مستحب حکم باقی ہے۔	
	باب سورج اور چاند گرہن کے بیان میں	۴۶۲
	وَمَا نُرْسِلُ بِالْاٰيٰتِ اِلَّا تَخْوِيْفًا	//
۱۹۱۹	سورج گرہن کی نماز کے لیے لوگوں کو بلایا گیا۔	//
۱۹۲۰،۲۱	سورج گرہن کی نماز ادا کرنے کا طریقہ	۴۶۳
۱۹۲۲،۲۳	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم چاند گرہن کے وقت چادر گھسیٹتے ہوئے مسجد میں تشریف لائے۔	۴۶۴
۱۹۲۴	سورج گہن کے ختم ہونے تک نماز ادا کرتے رہو۔	۴۶۵
۱۹۲۵	سورج گہن کی نماز میں ایک ہی رکوع ہوتا تھا۔	//
۱۹۲۶	کسی کے مرنے جینے سے سورج چاند کو گہن نہیں لگتا۔	//
۱۹۲۷	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز کسوف میں قیام، رکوع اور سجود طویل فرماتے تھے۔	۴۶۶
۱۹۲۸	شمس وقمر اللہ تعالیٰ کی نشانیاں ہیں	۴۶۸
۱۹۲۹	سورج گرہن کے ختم ہونے تک دو دو رکعت پڑھی جائیں۔	۴۶۹
	نماز کسوف پڑھنے کے مختلف طریقے	//
۱۹۳۰،۳۱	حضرت سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سورج گہن لگنے کا واقعہ بیان کرتے ہیں۔	۴۷۰
۱۹۳۱،۳۲	سورج گہن کی نماز میں قرأت آہستہ پڑھی جائے۔	۴۷۱
۱۹۳۳	سورج گہن کے وقت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی گھبراہٹ کہ کہیں	۴۷۲

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	قیامت قائم نہ ہو جائے۔	
۱۹۳۴	کسوف شمس کے وقت غلام آزاد کئے جائیں۔	۴۷۷
	باب سجدۂ شکر کے بیان میں	//
۱۹۳۵	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم خوشی کے وقت سجدۂ شکر ادا فرماتے تھے۔	//
۱۹۳۶	ناقص الخلقت شخص کو دیکھ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سجدہ شکر ادا کیا۔	۴۷۸
	تمہید	//
۱۹۳۷	امت کے لیے دعاء رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔	۴۷۹
	باب بارش ہونے کے لیے دعا کرنا	۴۸۱
	اِسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ اِنَّهٗ كَانَ غَفَّارًا الخ	//
	الفصل الاوّل	//
۱۹۳۸	بارش ہونے اور رکوانے کے لیے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دعا کی۔	//
۱۹۳۹	حضرت کعب نے بارش نہ ہونے کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث اور دعا بیان کی	۴۸۴
۱۹۴۰	لوگوں کی پریشانی دیکھ کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے بارش کے لیے دعا کی۔	۴۸۵
۱۹۴۱	دعا مانگنے کے لیے ہاتھ اٹھانے کا طریقہ۔	۴۸۶

www.waseemziyai.com
MARKAZUL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۱۹۴۲	حضور کی دعا سے کھیت سرسبز ہو کر لہلہانے لگے۔	۴۸۶
۱۹۴۳	حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بارش کے لیے دعاء استغفار کی۔	۴۸۷
۱۹۴۴	حضرت ابراہیم نخعی سنت کے خلاف کام نہیں کیا کرتے تھے۔	〃
۱۹۴۵	بارش نہ ہونے کی وجہ سے مال مویشیوں کی ہلاکت اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا دعا کرنا۔	۴۸۸
۱۹۴۶	دعا استسقاء کے وقت چادر کا الٹنا سنت نہیں ہے۔	〃
۱۹۴۷ / ۱۹۴۸	قحط سالی کے آثار دیکھ کر دعا اور نماز ادا فرمائی۔	۴۸۹
۱۹۴۹	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دعا میں ہاتھ کی ہتھیلیوں کو آسمان کی طرف کرتے۔	۴۹۱
	دوسری فصل۔	۴۹۲
۱۹۵۰،۵۱	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صحابہ کو ساتھ لے کر بارش کی دعا کی۔	〃
۱۹۵۲	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں بارش رک جانے کی شکایت کی گئی۔	۴۹۳
۱۹۵۳ / ۱۹۵۴	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے بارش کے لیے چادر الٹا کر دعا کی۔	۴۹۶
	تیسری فصل	۴۹۷
۱۹۵۵	گڑگڑاتے ہوئے خضوع وخشوع کے ساتھ بارش کی دعا کی	
۱۹۵۶	سلیمان علیہ السلام نے چیونٹی کو بارش کے لیے دعا کرتے ہوئے دیکھا	۴۹۷
۱۹۵۷	بارش دیکھتے کی دعا	۴۹۸
۱۹۵۸	حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے سر اور جسم پر بارش کا پانی برسوایا۔	〃
	چوتھی فصل	۵۰۰
۱۹۵۹	حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے چچا عباس بن عبد المطلب کے وسیلے سے بارش کی دعا جو کر قبول ہوئی	〃
	زندوں کے توسل سے دعا جائز ہے۔	〃
۱۹۶۰	دور فاروقی میں قحط سالی اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے قبر انور سے فاروق اعظم کے نام پیغام بھیجا	۵۰۱
〃	دنیا سے گئے ہوئے حضرات کے توسل سے دعا کے جائز ہونے پر دلائل۔	۵۰۲
۱۹۶۱	حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی قبر شریف کا توسل لیتے ہی بارش ہو گئی۔	〃
	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے نابینا صحابی کو دعائے توسل سکھائی۔	۵۰۳
	امام ترمذی کو خواب میں دعائے توسل القا	۵۰۵

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	کی گئی۔	
	باب ہواؤں کا بیان میں	۵۰۶
الف	اِنَّآ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا صَرْصَرًا	〃
ب	وَفِيْ عَادٍ اِذْ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الرِّيْحَ الْعَقِيْمَ۔	〃
ج	وَاَرْسَلْنَا الرِّيٰحَ لَوَاقِحَ	〃
د	وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ يُّرْسِلَ الرِّيٰحَ مُبَشِّرٰتٍ۔	۵۰۷
۱۹۶۲	امت محمدیہ کے لیے باد صبا رحمت بنی	〃
۱۹۶۳	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کبھی قہقہہ مار کر نہیں ہنستے۔	〃
۱۹۶۴	تیز آندھی کے وقت امت کے لیے دعا	۵۰۸
۱۹۶۵	ہوا اللہ تعالیٰ کے تابع فرمان ہے	۵۱۰
۱۹۶۶، ۱۹۶۷	ہوا کو برا کہنے کی ممانعت	۵۱۱
۱۹۶۸	آندھی کے وقت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دو زانو بیٹھ کر دعا مانگتے۔	۵۱۲
۱۹۶۹	حضور علیہ السلام بادل کو دیکھ کر دعا مانگتے۔	〃
۱۹۷۰، ۷۱	حضور علیہ السلام بجلی کی گرج چمک اور کڑک سن کر دعا مانگتے	۵۱۳
۱۹۷۲	غیب کی پانچ چیز جنہیں اللہ تعالیٰ کے بتائے بغیر کوئی نہیں جانتا۔	۵۱۴
۱۹۷۳	کثرت بارش کی وجہ سے اگر زمین کچھ نہ اگائے تو یہ بھی بڑا قحط ہے۔	۵۱۶

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	کتاب الجنائز	۵۱۷
	باب، بیمار پرسی کرنا اور مریض کے ثواب کے بیان میں۔	〃
د	اِنَّا نَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَاٰثَارَهُمْ	〃
ب	اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَهُمْ اُلُوْفٌ حَذَرَ الْمَوْتِ۔	۵۱۸
ج	قُلْ لَّنْ يَّنْفَعَكُمُ الْفِرَارُ اِنْ فَرَرْتُمْ مِّنَ الْمَوْتِ اَوِ الْقَتْلِ وَاِذًا لَّا تُمَتَّعُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا۔	〃
۱۹۷۴	بھوکے کو کھانا کھلانے اور بیمار کی بیمار پرسی کرنے کا حکم۔	۵۱۹
۱۹۷۵	ایک مسلمان کے دوسرے مسلمان پر پانچ حق ہیں۔	〃
۱۹۷۶	ایک مسلمان کے دوسرے مسلمان پر چھ حق ہیں۔	۵۲۰
۱۹۷۷	صحابہ کرام کو سات کام کرنے کا اور سات کے نہ کرنے کا حکم۔	〃
۱۹۷۸	ایک یہودی لڑکے کی بیمار پرسی اور اس کا قبول اسلام۔	۵۲۴
۱۹۷۹	بیمار کی عیادت کے آداب کا خیال رکھا جائے۔	۵۲۵
۱۹۸۰	مریض کے پاس بہت تھوڑی دیر کے لیے بیٹھا جائے۔	〃
۱۹۸۱	مریض جس کھانے کی خواہش کرے اسے کھلایا جائے۔	۵۲۶
۱۹۸۲	لوگوں نے حضرت علی سے حضور علیہ السلام کی بیماری کے متعلق پوچھا۔	〃

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۱۹۸۳ ۱۹۸۴ ۱۹۸۵	مسلمان مریض کی عیادت کرنے کا ثواب قیامت کے دن خدا تعالیٰ کے ابن آدم سے سوالات۔	۵۲۷ ۵۲۸
۱۹۸۶	بیمار پرسی کرنے والے کو فرشتہ جنت کی خوش خبری سناتا ہے۔	۵۲۹
۱۹۸۷	سنن و مستحبات کی پابندی اور اپنے مسلمان بھائی کی عیادت کا فائدہ	//
۱۹۸۸	بیمار پرسی کرنے والا رحمت الٰہی کے دریا میں ہوتا ہے۔	۵۳۰
۱۹۸۹	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مریض کو گناہ سے پاک ہونے کی خوشخبری سناتے۔	//
۱۹۹۰	مریض کے عیادت کے وقت کہو کہ اللہ تعالیٰ تمہاری عمر دراز کرے	۵۳۱
۱۹۹۱	بخار آگ ہے جو گناہوں کو صاف کرتی ہے۔	//
۱۹۹۲	حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے جسم پر سیدھا ہاتھ پھیر کر دعا پڑھتے تھے۔	۵۳۲
۱۹۹۳	مریض کی عیادت کے وقت پڑھی جانے والی دعا۔	//
۱۹۹۴	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اپنے لعاب کو مٹی میں ملا کر مریض کے زخم پر لگاتے تو وہ ٹھیک ہو جاتا۔	۵۳۳
۱۹۹۵،۹۶	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم مرض کے وقت معوذات پڑھ کر دم کرتے تھے۔	۵۳۴

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۱۹۹۷	جبریل علیہ السلام نے حضور علیہ السلام کی بیماری دور کرنے کے لیے دعا پڑھی۔	۵۳۵
۱۹۹۸	حضرات حسنین کریمین کے لیے نظر بد سے بچنے کی دعا	۵۳۶
۱۹۹۹	مریض کے پاس جا کر سات بار دعا پڑھی جائے۔	۵۳۷
۲۰۰۰	ہر قسم کی درد کی دعا	۵۳۸
۲۰۰۱	مریض کے پاس بیٹھ کر دعا پڑھی جائے۔	//
۲۰۰۲	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے آشوب چشم کے مریض کی عیادت فرمائی	۵۴۰
۲۰۰۳	مصائب انسان کے درجات کو بلند کرنے کے لیے بھی آتے ہیں۔	//
۲۰۰۴	پسندیدہ بندے کو اللہ تعالیٰ گناہوں سے پاک کر کے دنیا سے لے جاتا ہے۔	۵۴۱
۲۰۰۵	دائمی تکلیف کی وجہ سے اللہ تعالیٰ گناہوں کو مٹاتا رہتا ہے۔	۵۴۲
۲۰۰۶	بیماری سے شفایاب ہونے کے بعد بندہ گناہ سے بھی پاک صاف ہو جاتا ہے۔	//
۲۰۰۷	اچانک بغیر کسی مرض کے فوت ہو جانے والے پر افسوس ہے۔	۵۴۳
۲۰۰۸	رنج و الم کثیر گناہوں کو مٹا دیتے ہیں۔	۵۴۴
۲۰۰۹	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو عام آدمیوں کے مرض سے زیادہ مرض اور	//

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	بخار آتا ہے۔	
۲۰۱۰	مریض سے دعا کرانے کا حکم	۵۴۵
۲۰۱۱	اللہ تعالیٰ کو جس بندے کے عمل دنیا میں پسند آجائیں۔	//
۲۰۱۲	ایک جنتی عورت	۵۴۶
۲۰۱۳	بڑھاپا تمام بلاؤں اور تکالیف کا جامع ہے۔	۵۴۷
۲۰۱۴،۱۵	مسلمان کی مثال دھان کے کھیت کی طرح ہے۔	۵۴۸
۲۰۱۶	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو مرض میں درد اور تکلیف زیادہ ہوتی تھی۔	۵۴۹
۲۰۱۷	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی وفات حضرت عائشہ کی گود میں ہوئی۔	//
۲۰۱۸	موت کی سختی کسی پر آسان نہیں ہے	//
۲۰۱۹	بوقت وصال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے چہرۂ انور پر پانی ملا	۵۵۰
۲۰۲۰	جس قدر مصیبت و بلا بڑی ہوگی اجر و ثواب بھی زیادہ ہوگا۔	//
۲۰۲۱	مسلمانوں پر ہمیشہ بلائیں آتی ہیں	۵۵۱
۲۰۲۲	اللہ تعالیٰ بندوں کو جسمانی مصیبت میں مبتلا کر کے بلند درجے عطا فرماتا ہے۔	۵۵۲
۲۰۲۳	دنیا میں عیش و عشرت سے رہنے والے آخرت میں حسرت سے آرزو کریں گے	//
۲۰۲۴	تمام لوگوں سے زیادہ سخت آزمائش پیغمبروں کی ہوتی ہے۔	۵۵۳
۲۰۲۵،۲۶	بخار کو برا نہ کہو، کہ یہ انسان کے گناہوں	۵۵۴
	کو جلا کر صاف کر دیتا ہے۔	
۲۰۲۷	دنیا میں بخار اور رنج و تکلیف کی وجہ سے بندہ گناہوں سے پاک صاف ہو جاتا ہے۔	۵۵۵
۲۰۲۸	بندے کو مصیبت اس کے گناہوں کی وجہ سے پہنچتی ہے۔	۵۵۶
۲۰۲۹	بخار آگ کا ٹکڑا ہے، اسے پانی سے ختم کرنے کا عمل۔	//
۲۰۳۰،۳۱	صحت و تندرستی کے زمانے کے عمل کا ثواب بیماری کے دنوں میں ملتا رہتا ہے۔	۵۵۷
۲۰۳۲،۳۳	مریض بیماری کے دنوں میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرے تو اس کے گناہ مٹا دیئے جاتے ہیں۔	۵۵۸ ۵۵۹
۲۰۳۴،۳۵	طاعون سے مرنے والا مسلمان شہید ہے۔	۵۶۰
۲۰۳۶	طاعون کا زخم جنات کی وجہ سے ہوتا ہے۔	۵۶۱
۲۰۳۷	شہید پانچ قسم کے ہیں	۵۶۲
۲۰۳۸	پیٹ کی بیماری میں مبتلا ہو کر مرنے والا عذاب قبر سے محفوظ رہتا ہے	۵۶۳
۲۰۳۹	شہادت فی سبیل اللہ کے علاوہ بھی سات قسم کی شہادتیں ہیں۔	//
۲۰۴۰	سفر کی حالت میں مرنے والے کی قبر کو وسیع کر دیا جاتا ہے۔	۵۶۴
۲۰۴۱	سفر کی حالت میں مرنے والا شہید ہے۔	۵۶۵
۲۰۴۲	طاعون کے موقع پر لوگوں کو کیا کرنا	//

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	چاہیئے۔	
	حضرت عمر نے طاعون زدہ مقام سے نکل جانے کا حکم دیا۔	۵۶۷
۲۰۴۳	برے مکان سے نقل مکانی کا حکم	۵۷۱
۲۰۴۴	جس زمین سے نقصان کا اندیشہ ہو اسے چھوڑ دو۔	۵۷۲
۲۰۴۵	طاعون عذاب ہے جو گزری ہوئی قوموں پر بھیجا گیا۔	//
۲۰۴۶	طاعون بھیجنے میں اللہ تعالیٰ کی حکمت	۵۷۳
۲۰۴۷	طاعون زدہ مقام سے بھاگنے والا کبیرہ گناہ کا مرتکب ہوتا ہے۔	۵۷۴
۲۰۴۸	اللہ تعالیٰ کی رضا پر راضی رہنے والا نابینا جنت میں خاص مقام میں ہوگا	//
	باب، موت کی آرزو کا بیان	۵۷۵
۲۰۴۹،۵۰	مصائب کی وجہ سے موت کی آرزو کی ممانعت	//
۲۰۵۱	موت کے بعد پیش آنے والے امور سخت ہیں۔	۵۷۶
۲۰۵۲	حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا وعظ دل ہلاتے وقت ہوتا تھا۔	//
۲۰۵۳	حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے موت کی آرزو کرنے سے منع فرمایا ہے۔	۵۷۷
۲۰۵۴	موت کی آرزو کرنے کی دعا۔	۵۷۹
۲۰۵۵	جو اللہ تعالیٰ سے ملنا پسند کرتا ہے اللہ اسے پسند کرتا ہے۔	//
۲۰۵۶	قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کی مسلمانوں سے سب سے پہلی بات	۵۸۰
۲۰۵۷	سکرات کے وقت بندے کی جو حالت	۵۸۱
	ہوگی اللہ تعالیٰ وہی عطا فرماتا ہے۔	
۲۰۵۸	موت کے وقت اللہ تعالیٰ سے حسن ظن رکھنے کا حکم۔	۵۸۲
۲۰۵۹	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے سے دو جنازے گزرے اور ان کی حالت بیان کی۔	۵۸۲
۲۰۶۰	دنیا میں اپنے آپ کو مسافر سمجھو	۵۸۴
۲۰۶۱	موت کو کثرت سے یاد کرو	۵۸۵
۲۰۶۲	اللہ تعالیٰ کی نعمتوں سے فائدہ اٹھا کر اس کا شکریہ ادا کرو۔	//
	تمہید	۵۸۷
۲۰۶۳	مسلمان کے لیے موت تحفہ اور ہدیہ کی طرح ہے۔	//
۲۰۶۴	مسلمان کی پیشانی پر مرتے وقت پسینہ آتا ہے۔	//
۲۰۶۵	اچانک موت کا آجانا اللہ تعالیٰ کے غضب کی نشانی ہے۔	//
	باب، جسے موت آرہی ہو تو اس کے پاس کیا پڑھنا چاہیئے۔	۵۸۸
الف	وَلَوْ تَرٰى اِذِ الظّٰلِمُوْنَ فِیْ غَمَرٰتِ الْمَوْتِ الخ	//
ب	اَلنَّارُ یُعْرَضُوْنَ عَلَیْهَا غُدُوًّا وَّعَشِیًّا۔	//
ج	كَذٰلِكَ یَجْزِی اللّٰهُ الْمُتَّقِیْنَ	۵۸۹
۲۰۶۶	جس کی موت واقع ہو رہی ہو اس کے سامنے کلمہ شریف بلند آواز سے پڑھا جائے۔	//
	آٹھ قسم کے لوگوں پہ قبر میں سوال نہیں	۵۹۰

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	ہوتا۔	
۲۰۶۷	جس کا آخری کلام لا الٰہ الا اللہ ہو	۵۹۱
۲۰۶۸	مردوں کو کلمہ اور دعا کی تلقین کرو	//
۲۰۶۹	مردوں کے پاس سورۃ یٰسین پڑھو	۵۹۳
۲۰۷۰	قبر میں سب سے پہلے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ملاقات ہوگی۔	//
۲۰۷۱	میت کے ہاتھ عزیز فوت شدگان کو سلام پہنچانا۔	۵۹۴
۲۰۷۲	حضرت عثمان بن مظعون کی وفات پر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم رو دیئے۔	۵۹۵
۲۰۷۳	حضرت ابوبکر صدیق نے بعد وصال حضور علیہ السلام کی پیشانی پر بوسے دیئے۔	//
۲۰۷۴	مریض کے پاس جا کر اچھے کلمات کہنے چاہئیں۔	۵۹۶
۲۰۷۵	حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ابوسلمہ کے وصال کے بعد ان کی کھلی ہوئی آنکھیں بند کیں۔	//
۲۰۷۶	مصیبت کے وقت اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ کہنے کا حکم۔	۵۹۷
۲۰۷۷	حضور علیہ السلام کے وصال شریف کے بعد ایک دھاری دار چادر اڑھائی گئی	۵۹۸
۲۰۷۸	مسلمان کی نعش کو زیادہ دیر تک نہ رکھا جائے۔	۵۹۹
۲۰۷۹	بوقت موت میت کے پاس فرشتے حاضر ہوتے تھے۔	//
۲۰۸۰	مسلمان کی روح کو فرشتے آسمان پر لے	۶۰۱

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	جاتے ہیں	
۲۰۸۱	بوقت موت نیک و بد شخص کے پاس فرشتے آتے ہیں۔	۶۰۳
۲۰۸۲	عذاب قبر سے اللہ تعالیٰ پناہ مانگنے کا حکم اور مسلمان اور کافر کی روحوں کے الگ الگ حالات۔	۶۰۵
۲۰۸۳	مسلمان کی روح جنت کی سیر کرتی اور پھل کھاتی ہے۔	۶۱۷
۲۰۸۳	باب، میت کو غسل دینے اور کفن پہنانے کا بیان۔	۶۱۸
۲۰۸۴	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا تہبند اپنی صاحبزادی کے کفن کے لیے دیا۔	۶۲۱
۲۰۸۵	مرد کو تین کپڑوں میں کفنانا سنت ہے	۶۲۲
۲۰۸۶	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو تین کپڑوں میں کفنایا گیا۔	//
۲۰۸۷	رئیس المنافقین عبد اللہ بن ابی کے کفن کے لیے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی چادر عنایت فرمائی۔	۶۲۳
۲۰۸۸،۸۹	کفن کے تین کپڑے قمیص، ازار اور لفافہ ہیں۔	۶۲۴
۲۰۹۰	کفن سنت طریقہ کے مطابق دیا جائے	//
۲۰۹۱	میت کو قیمتی کفن نہ دیا جائے۔	//
۲۰۹۲	میت کو سفید کپڑے میں کفن دیا جائے۔	۶۲۵
۲۰۹۳	حضرت ابوسعید نے اپنے انتقال کے وقت نئے کپڑے پہنے۔	//

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۲۰۹۴	حضرت ابوبکر صدیق کے انتقال کے وقت حضرت عائشہ نے اشعار پڑھے	۶۲۶
	تمہید	۶۲۷
۲۰۹۵	محرم اگر فوت ہو جائے تو اسے اسی احرام میں ہی کفن دیا جائے۔	〃
۲۰۹۶،۹۷	ضرورت کی وجہ سے ایک کفن میں بھی دفن دیا جا سکتا ہے۔	۶۲۹
۲۰۹۸	حضرت امیر حمزہ اور مصعب بن عمیر کو پورا کفن نہیں دیا گیا۔	۶۳۱
۲۰۹۹	شہید کو اسی کے کپڑے میں کفن دیا جائے۔	۶۳۲
	باب، جنازہ کے ساتھ چلنا اور نماز ادا کرنے کے بیان میں۔	۶۳۳
الف	لَا تُصَلِّ عَلٰی اَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ اَبَدًا۔	۶۳۷
۲۱۰۰، ۲۱۰۱	میت کو قبر میں جلد پہنچا دینا بہتر ہے	۶۳۸
۲۱۰۲، ۲۱۰۳	جنازہ کو دیکھ کر کھڑے ہونا سنت نہیں ہے۔	۶۳۹
۲۱۰۴	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم صریح حکم کے نازل ہونے کے بعد اہل کتاب کی مشابہت چھوڑ دیتے تھے۔	۶۴۰
۲۱۰۵	جنازے کندھوں سے اتارنے سے پہلے قبرستان میں مت بیٹھو۔	۶۴۱
۲۱۰۶	مسلمان کے جنازہ میں ثواب حاصل کرنے کے لیے چلنے کا ثواب اُحد پہاڑ جتنا ملتا ہے۔	۶۴۲
۲۱۰۷	شاہ نجاشی کی غائبانہ نماز جنازہ پڑھائی	۶۴۳

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	گئی۔	
〃	غائبانہ نماز جنازہ پڑھانا امتی کے لیے درست نہیں کیونکہ یہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خصوصیت تھی	
〃	نجاشی کا جنازہ حضور علیہ السلام کے سامنے حاضر کر دیا گیا۔	〃
۲۱۰۸	جنازہ کی نماز چار تکبیرات سے ادا کی جائے۔	۶۴۷
۲۱۰۹	دور فاروقی میں نماز جنازہ کی چار تکبیرات پر سب صحابہ کا اجماع واتفاق	۶۴۷
۲۱۱۰	صحابہ کرام خصوصاً حضرت ابوبکر صدیق حضرت عمر فاروق، حضرت علی اور حضرات حسنین نماز جنازہ کی چار تکبیرات پڑھاتے تھے۔	۶۴۹
۲۱۱۱	صحابہ نماز جنازہ میں قرآن کی کوئی سورت نہیں پڑھتے تھے۔	۶۵۰
	نماز جنازہ کے بعد میت کے لیے خلوص سے دعا مانگو۔	〃
۲۱۱۲	نماز جنازہ کی تیسری تکبیر میں مروجہ دعا۔	۶۵۱
۲۱۱۳	جنازہ کی دوسری دعا	۶۵۲
۲۱۱۴	جنازہ کی ایک اور دعا	۶۵۳
۲۱۱۵	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جنازہ میں یہ دعا بھی مانگا کرتے تھے۔	۶۵۴
۲۱۱۶،۱۷	مسجد میں نماز جنازہ پڑھنے کا ثواب نہیں ملتا۔	〃
۲۱۱۸، ۲۱۱۹	امام میت کے سینہ کے برابر کھڑے ہو کر نماز پڑھائے۔	۶۵۶

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۲۱۲۰	مسجد نبوی میں جھاڑو دینے والی عورت کی قبر پر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے نماز جنازہ پڑھی۔	۶۵۶
〃	بار بار نماز جنازہ پڑھنے کا حکم	۶۵۷
۲۱۲۱	جنازہ پر اگر چالیس آدمی نماز پڑھیں تو اللہ تعالیٰ ان کی دعا رد نہیں فرمایا۔	۶۵۸
۲۱۲۲	کثرت سے نماز پڑھنے والے مسلمانوں کی دعا اللہ تعالیٰ میت کے حق میں قبول فرماتا ہے۔	〃
۲۱۲۳	نماز جنازہ کی کم از کم تین تین صفیں بنائی جائیں۔	۶۵۹
۲۱۲۴	میت کے لیے کلمات تحسین کہنے سے اسے اجر و ثواب ملتا ہے۔	〃
۲۱۲۵	جس مسلمان میت کی چار مسلمان شہادت دیں تو اللہ تعالیٰ اسے جنت میں داخل فرماتا ہے۔	۶۶۱
۲۱۲۶	مسلمان مردہ کو برا کہنے کی ممانعت	〃
۲۱۲۷	مردوں کی خوبیاں بیان کرنے کا حکم	۶۶۲
۲۱۲۸ / ۲۱۲۹	حضور علیہ السلام نے شہداء احد کی نماز جنازہ چار تکبیروں کے ساتھ ادا فرمائی۔	۶۶۳
۲۱۳۰	غزوۂ احد میں حضرت حمزہ کو شہید کر کے مثلہ کیا گیا اور سید الشہداء کا لقب عطا ہوا۔	〃
۲۱۳۱	حضرت امیر حمزہ کی نماز جنازہ اور شہدائے احد کے جنازے۔	۶۶۴
۲۱۳۲	حضرت شداد بن الہاد کا جذبۂ جہاد اور شہادت	۶۶۵
۲۱۳۳	شہداء پر نماز جنازہ پڑھی جائے گی۔	۶۶۷
۲۱۳۴،۳۵	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جنازہ کے پیچھے چلتے تھے۔	〃
۲۱۳۶	حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما ازدحام کی وجہ سے ایک جنازہ میں آگے آگے چلے	۶۶۸
۲۱۳۷	فرشتے جنازہ کے آگے آگے چلتے ہیں۔	۶۶۹
۲۱۳۸	عورتیں زندہ اور مردہ دونوں کے لیے فتنہ ہیں اس لیے جنازہ کے ساتھ چلنے سے روک دی گئیں۔	〃
۲۱۳۹ / ۲۱۴۰	حضرت ابن مسعود اور ان کے تمام شاگرد جنازہ کے پیچھے چلنے کو پسند کرتے تھے۔	۶۷۰
۲۱۴۱	سواری پر بھی جنازہ سے آگے نہ چلے۔	〃
۲۱۴۲	جنازہ کے ساتھ سواری پر بیٹھ کر چلنے والوں کو شرم دلائی گئی۔	〃
۲۱۴۳	تدفین کے بعد سوار ہو کر واپس آنا جائز ہے۔	۶۷۱
۲۱۴۴	نومولود مردہ بچہ کی نماز جنازہ ادا نہیں کی جائے گی۔	〃
۲۱۴۵	جنازہ کے چاروں طرف کندھا دینا سنت ہے۔	〃
۲۱۴۶	جنازہ کے ساتھ چلنے کا ثواب ملتا ہے	۶۷۲
۲۱۴۷ / ۲۱۴۸ / ۲۱۴۹	جنازہ کے چاروں کونوں سے کندھا دینے سے چالیس کبیرہ گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔	۶۷۳

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
٢١٥٠،٥١	فوت شدہ مسلمان نابالغ بچوں کی نگرانی حضرت ابراہیم اور حضرت سارا جنت میں فرماتے ہیں۔	٦٧٤
٢١٥٢	امام نماز جنازہ کے لیے تنہا اونچی جگہ کھڑا نہ ہو۔	٦٧٥
	باب ١٠ مردوں کو دفن کرنے کا بیان	٦٧٦
	فَبَعَثَ اللّٰهُ غُرَابًا يَّبْحَثُ فِی الْاَرْضِ لِيُرِيَهٗ كَيْفَ يُوَارِیْ سَوْاَةَ اَخِيْهِ	٦٧٧
	تمہید	〃
ب	ثُمَّ اَمَاتَهٗ فَاَقْبَرَهٗ	٦٧٨
٢١٥٣،٥٤	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قبر انور لحد تک کھودی گئی۔	٦٧٩
٢١٥٥	مدینہ کی زمین سخت اور بغلی قبر کے قابل ہے۔	〃
٢١٥٦	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قبر اوپر سے کوہان نما تھی۔	٦٨٠
٢١٥٧	حجرہ شریف میں شیخین کی قبریں بھی کوہان نما تھیں۔	〃
٢١٥٨	قبر کو بلا ضرورت پختہ کرنا اور اس پر بیٹھنا منع ہے۔	〃
٢١٥٩	قبر پر بیٹھنے کا نقصان	٦٨١
٢١٦٠	تصویر اور اونچی قبر کو گرا دیا جائے	〃
٢١٦١	قبروں پر قضاء حاجت، اور نماز پڑھنے کی ممانعت	٦٨٢
٢١٦٢	کم از کم قبر کمر کے برابر گہری کھودی جائے۔	〃
٢١٦٣	شہیدوں کو شہید ہونے کی جگہ پر دفن کیا جائے۔	٦٨٣

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
٢١٦٤	حضرت عائشہ نے اپنے بھائی عبدالرحمن کی قبر کی زیارت کی اور اشعار کہے	٦٨٤
٢١٦٥،٦٦	میت کو قبلہ کی جانب سے قبر میں اتارا جائے۔	٦٨٦
٢١٦٧	میت کو قبلہ رخ قبر میں رکھا جائے	〃
٢١٦٨	رات کے وقت میت کو دفن کرنے کے لیے چراغ استعمال کیا گیا۔	〃
٢١٦٩	حضرت ابوبکر و عمر میت کو قبر میں قبلہ کی جانب سے اتارتے تھے۔	٦٨٧
٢١٧٠	حضرت علی نے بھی یزید بن مکفف کو قبلہ کی جانب سے قبر میں اتارا	〃
٢١٧١	حضرت ابن عباس نے نماز جنازہ چار تکبیرات کے ساتھ پڑھائی۔	〃
٢١٧٢	میت کو قبر میں اتارنے کے وقت کی دعا۔	〃
٢١٧٣/١٧٤	دفن کے وقت عزیز و اقارب کا مٹی ڈالنا اور دعا کے الفاظ	٦٨٩
٢١٧٥	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قبر انور پہ پانی چھڑکا گیا	〃
٢١٧٦	قبروں پر چلنے کی ممانعت	〃
٢١٧٧	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت عثمان بن مظعون کی قبر کے سرہانے اپنے ہاتھوں سے پتھر نصب کیا۔	٦٩٠
٢١٧٨	اگر قبر تیار نہ ہو تو جنازہ رکھ کر خاموشی کے ساتھ بیٹھنا سنت ہے۔	٦٩١
٢١٧٩	جس طرح زندہ کی ہڈی توڑنے سے	٦٩٢

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	اسے تکلیف ہوتی ہے، مردہ کو بھی تکلیف ہوتی ہے۔	
۲۱۸۰	قبر کے ساتھ ٹیک لگا کر بیٹھنا منع ہے	۶۹۲
۲۱۸۱	حضرت ابوطلحہ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی صاحبزادی کی قبر میں اتر کر اسے دفن کیا۔	۶۹۳
۲۱۸۲	تدفین کے بعد قبر پر کھڑے ہو کر ذکر تلاوت اور تلقین کہنا مشروع ہے۔	۶۹۴
۲۱۸۳	میت کی تجہیز و تکفین میں دیر نہ کی جائے۔	〃
	باب، میت پر رونے کے بیان میں۔	۶۹۵
الف	وَبَشِّرِ الصّٰبِرِیْنَ ۝ اَلَّذِیْنَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِیْبَةٌ الخ	〃
ب	وَاسْتَعِیْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ الخ	〃
۲۱۸۴	حضور علیہ السلام اپنے فرزند ابراہیم کی موت پر رو دیئے۔	۶۹۶
۲۱۸۵	کسی کی موت پر بغیر نوحہ کے آنسوؤں کے ساتھ رونا نرم دلی کی نشانی ہے	〃
۲۱۸۶	حضرت زینب کے انتقال پر عورتوں کو نوحہ کے ساتھ رونے سے منع کیا گیا۔	۶۹۷
۲۱۸۷	کسی کے مرنے پر آنکھوں سے آنسو بہانے پر عذاب نہیں دیا جاتا۔	۶۹۸
۲۱۸۸	جس میت پر نوحہ کیا جائے قیامت کے دن اسے عذاب ہوگا۔	۶۹۹
۲۱۸۹	کسی مسلمان کے مرنے پر آسمان کے دروازے روتے ہیں۔	〃

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۲۱۹۰	میت پر تھپڑ مارنے، بال نوچنے اور کپڑے پھاڑ کر بین کرنے والا ہم میں سے نہیں۔	۷۰۰
۲۱۹۱	میت پر جاہلیت کے دور کے کام کرنا جائز نہیں۔	〃
۲۱۹۲	میت کے غم میں نوحہ کرنے اور کپڑے پھاڑنے والے سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم بیزار ہیں۔	۷۰۱
۲۱۹۳	زمانہ جاہلیت کی چار خصلتیں میری امت میں باقی رہیں گی۔	۷۰۲
۲۱۹۴	نوحہ اور ماتم کرنے والے مردوں عورتوں پر لعنت۔	〃
۲۱۹۵	نوحہ اور ماتم کی وجہ سے شیطان گھر میں داخل ہوتا ہے۔	〃
۲۱۹۶	صرف آنسوؤں کے ساتھ بغیر بین اور نوحہ کے ساتھ رونا رحمت ہے	۷۰۳
۲۱۹۷	بین کرنے والی عورتیں جس جنازہ میں ہوں اس کے ساتھ شرکت کرنے سے منع کیا گیا ہے۔	۷۰۴
۲۱۹۸	قبر کے پاس بیٹھ کر رونے والی عورت کو صبر کی تلقین۔	۷۰۵
۲۱۹۹	مصیبت پر صبر کرنے والے کو اللہ تعالیٰ جنت عطا فرماتا ہے	۷۰۶
۲۲۰۰	جس مسلمان کے تین بچے فوت ہو جائیں تو وہ جہنم میں داخل نہ ہوگا	〃
۲۲۰۱ ۲۲۰۲ ۲۲۰۳ ۲۲۰۴	جس کے دو یا ایک بچہ بھی مر گیا تو والدین کے لیے دوزخ سے آڑ بن جائے گا۔	۷۰۷

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۲۲۰۵	جس کا حمل گر جائے یا ناقص بچہ پیدا ہو تو وہ بچہ بھی والدین کے لیے دوزخ سے آڑ بن جائے گا۔	۷۱۰
۲۲۰۶	جس عورت کا کوئی بچہ بھی فوت نہ ہوا ہو تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خود اس کے شفیع ہوں گے۔	//
۲۲۰۷	مسلمانوں کے چھوٹے بچے والدین کو جنت میں لے جائیں گے۔	۷۱۱
۲۲۰۸	بچہ جنت کے دروازے پر والدین کا انتظار کرتا ہے۔	۷۱۲
۲۲۰۹	بچے کی موت پر صبر و تحمل کا مظاہرہ کرنے والے کے لیے جنت محل بیت الحمد کے نام سے تیار کیا جاتا ہے	۷۱۳
۲۲۱۰	قریبی عزیز کے مرنے پر صبر کرنے والے کو ضرور جنت ملتی ہے۔	//
۲۲۱۱	دوسری دفعہ مصیبت یاد آنے پر بھی صبر کرنے والے کو پہلے کی طرح اجر و ثواب ملتا ہے۔	۷۱۴
۲۲۱۲	نعلین کا تسمہ ٹوٹ جانے کی تکلیف پر بھی اجر و ثواب ملتا ہے۔	//
۲۲۱۳	حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اُمتی نعمت پر شکریہ اور تکلیف و مصیبت میں صبر کرتے ہیں۔	۷۱۵
۲۲۱۴	مسلمان ہر حال میں اللہ تعالیٰ کا بندہ ہوتا ہے۔	//
۲۲۱۵	کسی کی مصیبت پر تسلی دینے والے کو بھی اجر و ثواب ملتا ہے۔	۷۱۶
۲۲۱۶	مسلمان کی تعزیت کرنے والے کو جنتی	//
	لباس پہنایا جائے گا	
۲۲۱۷	نوحہ اور بین کر کے میت پر رونے والی عورتوں کے منہ میں مٹی ڈال دو	۷۱۷
۲۲۱۸	حضرت جعفر کی شہادت کے وقت ان کے گھر والوں کو کھانا کھلایا گیا۔	۷۱۸
۲۲۱۹	حضرت حسن مثنیٰ کی بیوی ایک سال تک ان کی قبر پر بیٹھی رہی اور ہاتف غیبی کی ندا۔	//
	باب: زیارت قبور کی اجازت، فضیلت اور آداب کا بیان۔	۷۱۹
۲۲۲۰	زیارت قبور کی ممانعت کا حکم منسوخ کر دیا گیا۔	۷۲۲
۲۲۲۱	زیارت قبور دنیا سے بے رغبتی اور آخرت کی یاد تازہ کرتی ہے۔	۷۲۳
۲۲۲۲	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم اپنی والدہ کی قبر کے پاس کھڑے ہو کر خود بھی روئے اور صحابہ کو رلایا۔	۷۲۴
	حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے والدین کو زندہ کر کے دولت ایمان سے سرفراز کیا گیا۔	//
۲۲۲۳	زیارت قبور کی دعا	۷۲۵
۲۲۲۴	قبرستان کے مردوں کو سلام کرنے کا طریقہ۔	//
۲۲۲۵	حضور علیہ السلام آخر شب میں جنت البقیع میں تشریف لے جاتے تھے۔	۷۲۶
۲۲۲۶	حضور علیہ السلام اہل قبور سے مخاطب ہوئے	۷۲۷
۲۲۲۷	ہفتے میں کسی ایک دن والدین کی قبر کی زیارت	//

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	کرنے والے کے گناہ مٹا دیئے جاتے ہیں۔	
۲۲۲۸	زیارت قبور عورتوں کے لیے مکروہ ہے۔	۷۲۸
۲۲۲۹	حضرت عائشہ حضرت عمر کی تدفین کے بعد حضور علیہ السلام اور حضرت ابوبکر کی قبر پر چادر اوڑھ کر جاتی تھیں۔	//
	کتاب الزکوٰۃ	۷۲۹
الف	وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ	۷۳۰
ب	سَيُطَوَّقُونَ مَا بَخِلُوا بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	//
ج	وَلَا تَيَمَّمُوا الْخَبِيْثَ مِنْهُ الخ	//
۲۲۳۰	حضرت معاذ حاکم یمن اور انہیں نبوی ہدایات۔	//
۲۲۳۱	مال یتیم پر زکوٰۃ نہیں ہے۔	۷۳۱
۲۲۳۲	نابالغ کے مال پر زکوٰۃ نہیں ہے	//
۲۲۳۳	سونے چاندی کی زکوٰۃ نہ دینے والے کے لیے اس کا مال وبال جان بن جائے گا۔	//
۲۲۳۴	اونٹ گائے بکریاں بقدر نصاب ہونے کی صورت میں زکوٰۃ نہ دینے والے کو جانور روندیں گے۔	۷۳۶
۲۲۳۵/۲۲۳۶	زکوٰۃ نہ دینے والے مال کو قیامت کے دن گنجا سانپ بنا دیا جائے گا	۷۳۷
۲۲۳۷	قیامت کے دن دولت کو سانپ بنا کر گلے میں لٹکا دیا جائے گا۔	۷۳۸
۲۲۳۸	زکوٰۃ نہ دینے والا کافران نعمت	//

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	کرتا ہے۔	۷۴۰
۲۲۳۹	حضرت ابوبکر صدیق نے زکوٰۃ نہ دینے والوں کے ساتھ جنگ کی اور زکوٰۃ وصول کی۔	
۲۲۴۰	بغیر زکوٰۃ ادا کئے مال و دولت کو جمع کرنا برا خزانہ ہے۔	۷۴۱
۲۲۴۱	عاملین زکوٰۃ کو خوش خوش واپس کیا کرو۔	۷۴۳
۲۲۴۲	عاملین زکوٰۃ کا زیادتی کرنے کے باوجود انہیں خوش رکھا جائے۔	//
۲۲۴۳	عاملین زکوٰۃ اگر چن چن کر اچھے مال کی زکوٰۃ لیں۔	۷۴۴
۲۲۴۴	عاملین زکوٰۃ سے مال چھپانے کی ممانعت۔	۷۴۵
۲۲۴۵	زکوٰۃ وصول کرنے میں جلب اور جنب جائز نہیں۔	//
۲۲۴۶	زکوٰۃ دینے والوں کے حق میں حضور دعا کرتے۔	//
۲۲۴۷	عامل زکوٰۃ اگر کسی سے اپنے لیے تحفہ قبول کرے تو وہ مال زکوٰۃ کا ہی ہوگا۔	۷۴۶
۲۲۴۸	عامل اگر سوئی کے برابر بھی خیانت کرے تو اسے اس کی سزا بھگتنا پڑے گی۔	۷۴۸
۲۲۴۹	انصاف کے ساتھ زکوٰۃ وصول کرنے والا مجاہد فی سبیل اللہ کی طرح ہے۔	//
۲۲۵۰	زکوٰۃ کی ادائیگی کی شرط نصاب کا پورا ہونا اور سال کا گزرنا ہے۔	۷۵۰

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIE ISLAMIA ACADEMY

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	باب، جن چیزوں پر زکوٰۃ واجب ہے	۷۵۱
الف	یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْفِقُوْا مِنْ طَیِّبٰتِ۔	〃
ب	وَاٰتُوْا حَقَّهٗ یَوْمَ حَصَادِهٖ	〃
ج	وَالَّذِیْنَ یَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ الخ۔	۷۵۲
۲۲۵۱	از خود سرسبز وشاداب زمین پر کل پیداوار کا دسواں حصہ زکوٰۃ ہے	۷۵۳
۲۲۵۲	دریا اور بارش کے پانی سے سیراب ہونے والی زمین پر دسواں حصہ زکوٰۃ ہے۔	〃
۲۲۵۳	حاکم یمن کی وصولی زکوٰۃ کے بارے میں ہدایت۔	۷۵۴
۲۲۵۴	زمین کی تمام پیداوار پر زکوٰۃ واجب ہے	〃
۲۲۵۵	خورد و نوش کی تمام قسم کی چیزوں پہ زکوٰۃ ہے۔	〃
۲۲۵۶	غلام اور گھوڑوں پر زکوٰۃ واجب نہیں۔	۷۵۵
۲۲۵۷	حاکم بحرین کے نام حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا وصولی زکوٰۃ کے بارے میں ہدایت نامہ۔	۷۵۶
۲۲۵۸	اونٹوں کی زکوٰۃ کی تفصیل۔	۷۵۸
۲۲۵۹	اونٹوں کی زکوٰۃ کے بارے میں حضرت عبداللہ بن مسعود کی روایت	۷۵۹
۲۲۶۰	سواری کے گھوڑوں اور خدمت کے لیے غلاموں کی زکوٰۃ معاف کر دی گئی	۷۶۳
۲۲۶۱	ہر بیس دینار پر پانچ درہم زکوٰۃ بنتی ہے۔	۷۶۵
۲۲۶۲	ہر چالیس درہم پر ایک درہم زکوٰۃ بنتی ہے۔	〃
۲۲۶۳	چاندی کی مقدار دو سو درہم قیمت کو پہنچ جائے تو اس پر زکوٰۃ ہے	۷۶۶
۲۲۶۴	ہر تیس بیل گائے کی زکوٰۃ پر ایک سالہ بچھڑا لیا جائے گا۔	۷۶۷
۲۲۶۵	گائے بیل کی تعداد اگر نصاب کو پہنچے تو زکوٰۃ وصول کی جائے گی۔	〃
۲۲۶۶	ہر چالیس اونٹوں پر دو سالہ اونٹنی زکوٰۃ میں واجب ہے۔	۷۶۸
۲۲۶۷ تا ۲۲۷۰	جو جانور کھیتی باڑی کے کام آئیں ان پر زکوٰۃ نہیں ہے۔	〃
۲۲۷۱	زمین کے پوشیدہ دفینے کان وغیرہ میں پانچواں حصہ زکوٰۃ واجب ہے	۷۶۹
۲۲۷۲	اچھا مال زکوٰۃ میں لینے والے عامل پر گناہ ہے۔	۷۷۰
۲۲۷۳	تخمینہ لگا کر زکوٰۃ وصول کرنے سے منع کیا گیا ہے۔	〃
۲۲۷۴	شہد پر دسواں حصہ زکوٰۃ ہے	〃
۲۲۷۵	عورتوں پر اپنے مال کی زکوٰۃ دینا لازم ہے۔	۷۷۱
۲۲۷۶	زکوٰۃ نہ دینے کی وجہ سے قیامت کے دن عورتوں کو آگ کا زیور پہنایا جائے گا۔	〃
۲۲۷۷	جہنم میں لے جانے کے لیے چاندی کی انگوٹھیاں ہی کافی ہیں۔	۷۷۲

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۲۲۷۸	جس مال کی زکوٰۃ ادا کر دی جائے وہ کنز نہیں ہے۔	۷۷۲
۲۲۷۹	مال تجارت سے زکوٰۃ نکالنے کا حکم	۷۷۳
	باب صدقہ فطر کے وجوب کا بیان	〃
	قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى الخ	〃
۲۲۸۰	عید الفطر سے پہلے صدقہ فطر ادا کرنے کی ترغیب۔	۷۷۴
۲۲۸۱	ہر مسلمان پر صدقہ فطر ادا کرنا واجب ہے	〃
۲۲۸۲	صدقہ فطر ہر چھوٹے بڑے، آزاد غلام کی طرف سے ادا کیا جائے گا	۷۷۵
۲۲۸۳	گیہوں دو مد کھجور ایک صاع زکوٰۃ میں دینے جائیں۔	〃
۲۲۸۴	مسلمان اپنے ہر غلام چاہے کافر ہی ہو، کی طرف سے فطر ادا کرے۔	〃
۲۲۸۵	صدقہ فطر مالدار پر واجب ہے	۷۷۶
۲۲۸۶	صدقۂ فطر اسلام کا شرعی حق ہے	〃
۲۲۸۷	صدقہ فطر کے بارے میں منادی کی ندا	۷۷۷
۲۲۸۸	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم صدقہ فطر میں دو دو مد گیہوں دیا کرتے تھے۔	〃
۲۲۸۹	صدقہ فطر سے مساکین کی خوراک کا انتظام ہوتا ہے۔	۷۷۸
	باب جنہیں زکوٰۃ اور صدقہ فطر لینا جائز نہیں۔	〃
الف	خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ	
ب	اَوْ مِسْكِينًا ذَا مَتْرَبَةٍ۔	۷۷۹
۲۲۹۰	راستہ میں پڑی ہوئی کھجور صدقہ کے گمان سے نہ اٹھائی گئی۔	〃
۲۲۹۱	آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں پیش کئے گئے کھانے کے متعلق آپ دریافت فرماتے صدقہ ہے یا ہدیہ۔	۷۷۹
۲۲۹۲	حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے زکوٰۃ کی کھجوریں حضرت حسن کے منہ سے نکلوا دیں۔	۷۸۰
۲۲۹۳	صدقہ لوگوں کے اموال کے میل کچیل ہوتے ہیں۔	〃
۲۲۹۴	حضرت بریرہ کو آزاد کرنے کی وجہ سے تین احکام معلوم ہوئے۔	۷۸۱
۲۲۹۵	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ہدیہ قبول فرمایا کرتے تھے۔	۷۸۲
۲۲۹۶	ادنیٰ چیز بھی اگر خدمت نبوی میں پیش کی جاتی تو آپ قبول فرماتے	〃
۲۲۹۷	حقیقی مسکین کون ہے؟	〃
۲۲۹۸	بنو ہاشم پر صدقہ جائز نہیں ہے۔	۷۸۳
۲۲۹۹	بغیر فقر و احتیاج کے سوال کرنا آگ کھانا ہے۔	۷۸۴
۲۳۰۰	زکوٰۃ میں نہ غنی کا حصہ ہے نہ قوی کا	〃
۲۳۰۱	اللہ تعالیٰ نے زکوٰۃ کو آٹھ حصوں پر مقرر فرمایا ہے۔	۷۸۶
۲۳۰۲	مستحقین میں سے جس کو زکوٰۃ دی جائے، ادا ہو جائے گی۔	۷۸۷
۲۳۰۳	تنگی کے باوجود جو سوال کرنے سے بچے اللہ تعالیٰ اسے غنی بنا دیتے ہیں۔	۷۸۸

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۲۳۰۴	زکوٰۃ مالداروں سے لے کر فقراء پر تقسیم کی جائے گی۔	۷۸۹
۲۳۰۵	حضرت نے عمر نے زکوٰۃ کا دودھ قے کر دیا۔	۷۹۰
	باب، کن کو سوال کرنا جائز اور کن کو جائز ہے۔	۷۹۱
۲۳۰۶	قرض کی ادائیگی کے لیے زکوٰۃ ادا کی جائے گی۔	//
۲۳۰۷	جس کے پاس ایک دن کا بھی کھانا ہو اسے سوال جائز نہیں۔	۷۹۲
۲۳۰۸	آدمی سوال کر کے اپنے چہرے کو زخمی کر لیتے ہیں۔	۷۹۳
۲۳۰۹	نیک لوگوں سے سوال کرنا بہتر ہے	۷۹۴
۲۳۱۰	جنگل سے لکڑی لا کر بیچنا سوال کرنے سے بہتر ہے۔	//
۲۳۱۱	ایک انصاری صحابی کو جنگل کی لکڑی بیچنے کا حکم۔	۷۹۵
۲۳۱۲	مال جمع کرنے کے لیے سوال کرنا جہنم کی آگ جمع کرنا ہے۔	۷۹۶
۲۳۱۳	لوگوں سے سوال کرنے والے شخص کے چہرے پر قیامت کے دن گوشت نہیں رہے گا۔	//
۲۳۱۴	مانگنے والے کے مال میں برکت نہیں ہوتی۔	۷۹۷
۲۳۱۵	اللہ تعالیٰ سے مانگنے والے کی حاجت بقدر کفایت جلد پوری ہو جاتی ہے	//
۲۳۱۶	جو شخص لوگوں سے سوال نہ کرنے کی ضمانت دے میں اسے جنت کی ضمانت	//

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	دیتا ہوں۔	
۲۳۱۷	حضرت ابوذر اپنی سواری سے گری ہوئی چیز اتر کر خود پکڑتے تھے	۷۹۷
۲۳۱۸	مبارک جگہ اور مبارک دن میں صرف اللہ تعالیٰ سے ہی مانگنا چاہیئے۔	۷۹۸
۲۳۱۹	لوگوں سے اپنے آپ کو بے پرواہ کر لینا تونگری ہے۔	//
۲۳۲۰	اوپر کا ہاتھ نیچے سے بہتر ہے۔	//
۲۳۲۱	دینے والا ہاتھ لینے والے ہاتھ سے بہتر ہے۔	۷۹۹
۲۳۲۲	جو شخص سوال کرنے سے بچے اللہ تعالیٰ اسے بچائے گا۔	//
۲۳۲۳	جو چیز بغیر طمع کے ملے اسے لے لو۔	۸۰۰
۲۳۲۴	وصولی زکوٰۃ کا معاوضہ دیا جائے تو لے لینا چاہیئے۔	//
۲۳۲۵ / ۲۳۲۶	جس کسی نے تونگری کے باوجود سوال کیا وہ اپنے لیے انگارے جمع کرتا ہے۔	۸۰۱
	باب، سخاوت کی فضیلت اور بخل کی مذمت میں۔	۸۰۲
	وَاَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ الخ	//
۲۳۲۷ / ۲۳۲۸	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، اُحد پہاڑ جتنا سونا بھی ہو تو خرچ کر دوں۔	//
۲۳۲۹	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے یاد آتے پر تھوڑا سا سونا بھی راہ خدا میں خرچ کر دیا۔	۸۰۳

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۲۲۳۰	حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عائشہ کو اشرفیاں تقسیم کرنے کا حکم دیا۔	۸۰۴
۲۲۳۱	راہ خدا میں خرچ کرنے والے کے لیے فرشتے دعا کرتے ہیں۔	۸۰۵
۲۲۳۲	زمین کی پیداوار کا ایک تہائی حصہ خرچ کرنے والے کی زمین کو اللہ تعالیٰ بارش کے پانی سے سیراب کرتا ہے	〃
۲۲۳۳	اللہ کی راہ میں گن کر خرچ کرنے والے کا مال روک دیا جاتا ہے۔	۸۰۶
۲۲۳۴	راہ خدا میں خرچ کرنا مالی نعمت کا شکر ادا کرنا ہے۔	〃
۲۲۳۵	اللہ کی راہ میں خرچ کرنے والا اللہ تعالیٰ سے افلاس کا اندیشہ نہ رکھے۔	۸۰۷
۲۲۳۶	ضرورت سے زائد مال خرچ کرنا بہتر ہے۔	〃
۲۲۳۷	بیماری یا موت سے پہلے صدقہ دینے میں جلدی کرو۔	۸۰۸
۲۲۳۸	بخیل اور سخی کی مثال	〃
۲۲۳۹	موت کے وقت صدقۂ خیرات کرنے والے کی مثال۔	〃
۲۲۴۰	سخاوت جنت کے درخت کی مانند ہے۔	۸۰۹
۲۲۴۱	بخل نے پہلی قوموں کو ہلاک کر دیا۔	〃
۲۲۴۲	ضرورت سے زائد مال جمع کرنے والے سخت نقصان میں ہیں۔	۸۱۰
۲۲۴۳	تین آدمیوں کے پاس فرشتہ بطور امتحان آیا۔	〃
۲۲۴۴	فقیر کو نہ دینے کی وجہ سے حضرت ام سلمہ کے گھر کا گوشت پتھر بن گیا۔	۸۱۳
۲۲۴۵	آدمی خیرات دینے کے لیے نکلے تو لینے والا کوئی نہ ہوگا۔	۸۱۴
۲۲۴۶	صحت کی حالت میں جمع کئے ہوئے مال کو خرچ کرنا زیادہ ثواب کا باعث ہے۔	۸۱۵
۲۲۴۷	زندگی میں ایک درہم خیرات کرنا مرتے وقت سو درہم خیرات کرنے سے بہتر ہے۔	〃
۲۲۴۸	سخی اللہ تعالیٰ اور جنت سے قریب ہے۔	〃
۲۲۴۹	امہات المومنین میں جس کے ہاتھ زیادہ لمبے ہوں گے۔ وہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے بعد وصال پہلے ملاقات کرے گی۔	۸۱۶
۲۲۵۰	مومن میں بخل اور بد اخلاقی جمع نہیں ہوتی۔	〃
۲۲۵۱	جنت میں دغا باز اور بخیل اور احسان جتانے والا داخل نہ ہوگا۔	〃
۲۲۵۲	انسان میں دو خصلتیں بدترین ہیں	۸۱۷
۲۲۵۳	اللہ تعالیٰ کے نام پر نہ دینے والا برا شخص ہے	〃
۲۲۵۴	ایک شخص تین رات اندھیرے میں خیرات کرتا رہا۔	۸۱۸
۲۲۵۵	اگر فقیر کو دینے کے لیے کچھ نہ ہو تو معمولی چیز ہی خیرات کر دے	۸۱۹
	باب: صدقۂ وخیرات کرنے کی	۸۲۰

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-I ISLAMIA ACADEMY

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	فضیلت کے بیان میں۔	
الف	وَيُرْبِي الصَّدَقَاتِ	٨٢٠
ب	وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ الخ۔	//
٢٣٥٦	مال میں زکوٰۃ کے علاوہ اور بھی حقوق ہیں۔	//
٢٣٥٧	حلال مال کی خیرات اللہ تعالیٰ قبول فرماتا ہے۔	٨٢١
٢٣٥٨	صدقہ وخیرات کرنے کا ثواب کئی گنا ملتا ہے۔	
٢٣٥٩	خیرات کرنے سے مال کم نہیں ہوتا	٨٢٢
٢٣٦٠	حضرت ابوبکر صدیق جنت کے ہر دروازہ سے جنت میں داخل ہوں گے۔	//
٢٣٦١	جو شخص دو چیزیں خرچ کرے جنت کے دربان اس کا استقبال کریں گے۔	٨٢٣
٢٣٦٢	حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی فضیلت۔	//
٢٣٦٣	پڑوسن کے حقیر تحفہ پر حقارت نہ کرو۔	٨٢٤
٢٣٦٤	ہر نیکی خیرات کا ثواب رکھتی ہے۔	//
٢٣٦٥	مسلمان بھائی سے خندہ پیشانی سے ملنا بھی نیکی ہے۔	٨٢٥
٢٣٦٦	ہر نیک کام پر ثواب ملتا ہے۔	//
٢٣٦٧	کسی مسلمان کو برائی سے منع کرنا بھی صدقہ ہے۔	//
٢٣٦٨	صحابہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہر حکم کی تعمیل کرتے تھے۔	//
٢٣٦٩	مسلمان بھائی کو برائی سے بچانا بھی صدقہ ہے۔	٨٢٧
٢٣٧٠	انسان کے بدن کے ہر جوڑ کے بدلے صدقہ کرنے کا حکم ہے۔	٨٢٨
٢٣٧١	انسان کے جسم کے تین سو ساٹھ جوڑ ہیں۔	//
٢٣٧٢	مسلمان کی بخشش	٨٢٩
٢٣٧٣	راستہ میں تکلیف دینے والے درخت کو کاٹ دیا گیا۔	//
٢٣٧٤	مسلمان کے راستہ سے تکلیف دہ چیز کو ہٹا دینے کا بڑا فائدہ ہے۔	٨٣٠
٢٣٧٥	ہر نیک کام کے کرنے پر ثواب اور برے کام سے روکنے پر ثواب ملتا ہے۔	//
٢٣٧٦	جس قدر نیک کام ہو سکے کرنا بہتر ہے۔	//
٢٣٧٧	کسی کھیتی سے انسان، پرندہ اور جانور کھالیں تو یہ بھی صدقہ ہے	٨٣١
٢٣٧٨	بنجر زمین کو آباد کرنا صدقہ اور ثواب ہے۔	//
٢٣٧٩	بہترین صدقہ کیا ہے	//
٢٣٨٠	دودھ دینے والا عاریتاً دینا بھی صدقہ ہے۔	٨٣٢
٢٣٨١	بدکار عورت کتے کو پانی پلانے کی وجہ سے بخشی گئی۔	//
٢٣٨٢ ٢٣٨٣	ایک عورت کو بلی قید کرنے کی وجہ سے جہنم میں ڈال دیا گیا۔	٨٣٣
٢٣٨٤	اللہ کی عبادت، کھانا کھلانا اور سلام	٨٣٤

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	کرنے کا ثواب	
۲۳۸۵	صدقہ اللہ تعالیٰ کے غضب کو ٹھنڈا کرتا ہے۔	۸۳۴
۲۳۸۶	قیامت کے دن مسلمان کا صدقہ سایہ کا کام دے گا۔	//
۲۳۸۷	راہ خدا میں خرچ کی ہوئی چیز اللہ تعالیٰ کے پاس محفوظ ہوتی ہے۔	۸۳۵
۲۳۸۸	تین قسم کے آدمیوں سے اللہ تعالیٰ محبت رکھتا ہے۔	//
۲۳۸۹	تین قسم کے آدمیوں سے اللہ تعالیٰ ناراض ہوتے ہیں	//
۲۳۹۰	اپنے دائیں ہاتھ سے چھپا کر صدقہ دینا بہتر ہے۔	۸۳۶
۲۳۹۱ / ۲۳۹۲	اللہ کی راہ میں کپڑے پہنانے والے کو جنت میں سبز لباس پہنایا جائے گا۔	۸۳۷
۲۳۹۳	حضرت سعد نے اپنی ماں کے نام کا کنواں کھدوایا۔	۸۳۸
۲۳۹۴	جو شخص اہل وعیال کرنے میں وسعت کرے گا اللہ تعالیٰ اس کے مال میں وسعت کر دے گا۔	//
	باب، بہترین صدقہ کے بیان میں۔	۸۳۹
۲۳۹۵	بہترین مال وہ ہے جو خیرات ضرورت سے زائد مال سے دی جائے۔	//
۲۳۹۶	بہترین خیرات وہ ہے کہ غریب آدمی اپنی وسعت کے لحاظ سے دے۔	//
۲۳۹۷	بہترین خیرات بھوکے کو کھانا کھلانا ہے۔	//
۲۳۹۸	بہترین دینار اپنے اہل وعیال پر خرچ کرنا ہے۔	۸۴۰
۲۳۹۹	اپنا مال پہلے اپنی ذات، اولاد، بیوی پر خرچ کرو۔ بعد میں دوسروں پر خرچ کرو۔	//
۲۴۰۰	جو شخص اپنے اہل وعیال پر ثواب کی نیت سے مال خرچ کرے۔	۸۴۱
۲۴۰۱	انسان اپنے مال کو کئی طریقوں سے خرچ کرتا ہے۔	//
۲۴۰۲	اپنی اولاد پر مال خرچ کرنے کا ثواب ملتا ہے۔	//
۲۴۰۳	صلہ رحمی کا ثواب خیرات کرنے سے بڑھ کر ہے۔	//
۲۴۰۴	قرابت دار کو خیرات دینے سے دوہرا ثواب ملتا ہے۔	۸۴۲
۲۴۰۵	حضرت ابوطلحہ نے اپنی کھجوروں کا باغ صدقہ کر دیا۔	//
۲۴۰۶	حضرت رابطہ اپنی روزانہ کی کمائی سے اپنے شوہر اور بچوں پر خرچ کرتی تھیں۔	۸۴۳
۲۴۰۷	جس پڑوسی کا دروازہ زیادہ قریب ہو، تحفہ اسے دیا جائے۔	۸۴۴
۲۴۰۸	سالن کی صورت میں پڑوسی کو تحفہ دو	۸۴۵
۲۴۰۹	سب سے بہتر شخص	//
۲۴۱۰	اگر کوئی تمہارے ساتھ نیکی کرے تو اسے دعا دو۔	۸۴۶
۲۴۱۱	اللہ کا واسطہ دے کر دنیا کی کوئی چیز نہیں مانگنا چاہیئے۔	۸۴۷

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۲۴۱۲	سائل کا ہاتھ خالی نہ لوٹایا جائے۔	۸۴۷
	باب، شوہر کے مال سے بیوی کا خیرات کرنا۔	۸۴۸
۲۴۱۳	عورت گھر کے کھانے سے خیرات کرے تو اسے ثواب ملتا ہے۔	〃
۲۴۱۴	عورت شوہر کی اجازت کے بغیر خیرات کرے تو اسے نصف ثواب ملے گا	۸۴۹
۲۴۱۵	عورت شوہر کی اجازت کے بغیر خیرات نہ کرے۔	〃
۲۴۱۶	عورت کا شوہر کی اجازت کے بغیر خیرات کرنا بھی جائز ہے۔	〃
۲۴۱۷/۲۴۱۸	مالک کی اجازت سے اگر خادم خیرات کرے تو اسے بھی ثواب ملے گا۔	۸۵۰
۲۴۱۹	فوت شدہ والدین کی طرف سے اگر صدقہ کیا جائے تو انہیں ثواب پہنچتا ہے۔	۸۵۱
۲۴۲۰	اپنی خیرات واپس مانگنے والا قے کر کے چاٹنے والے کی طرح ہے،	۸۵۲
۲۴۲۱	وراثت میں ہدیہ کی ہوئی چیز واپس مل جائے تو لینی جائز ہے۔	〃
۲۴۲۲/۲۴۲۳	ولی میت کے ہر قضاء روزہ کے بدلے غریب کو دو وقت کا کھانا کھلائے۔	۸۵۳
۲۴۲۴	فوت شدہ ماں کی طرف سے حج کیا جائے تو اسے ثواب پہنچتا ہے۔	〃
	کتاب الصوم	۸۵۵
الف	یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کُتِبَ عَلَیْکُمُ الصِّیَامُ الخ	〃
ب	شَھْرُ رَمَضَانَ الَّذِیْٓ اُنْزِلَ فِیْہِ الْقُرْاٰنُ الخ	۸۵۶
۲۴۲۵	ماہ رمضان میں آسمان کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں۔	〃
۲۴۲۶	ماہ رمضان کی پہلی رات سے ہی شیاطین جکڑ دیئے جاتے ہیں۔	〃
۲۴۲۷	رمضان شریف کے روزے مسلمانوں پر فرض کئے گئے ہیں۔	۸۵۷
۲۴۲۸	اس مہینہ کو غنیمت سمجھو، کیونکہ اس کی ایک رات ہزار مہینہ سے بہتر ہے	۸۵۸
۲۴۲۹	استقبال رمضان کے خطبۂ نبوی	〃
۲۴۳۰	باب الریان سے صرف روزہ دار ہی داخل جنت ہوں گے۔	۸۵۹
۲۴۳۱	جس نے عقیدت اور ایمان کے ساتھ رمضان کے روزے رکھے۔	۸۶۰
۲۴۳۲	روزہ میرے لیے ہے اور اس کی جزا میں ہی دوں گا۔	〃
〃	روزہ دار کے منہ کی خوشبو۔	
۲۴۳۳	روزے اور قرآن بندے کی شفاعت کریں گے۔	۸۶۲
۲۴۳۴	ماہ رمضان میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم قیدیوں کو چھوڑ دیتے تھے۔	۸۶۳
۲۴۳۵	جنت رمضان کے لیے آراستہ کی جاتی ہے۔	〃
۲۴۳۶	امت محمدیہ کی بخشش رمضان کی آخری رات میں کر دی جاتی ہے	〃
	باب، چاند دیکھنے کا بیان	۸۶۴

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْاَهِلَّةِ الخ	۸۶۴
۲۴۳۷	ماہ رمضان کا چاند دیکھنے تک روزہ نہ رکھو۔	//
۲۴۳۸	شعبان کی انتیس تاریخ کو چاند نظر نہ آئے تو تیس دن پورے کرو	۸۶۵
۲۴۳۹	حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم شعبان کی تاریخوں کو خوب یاد کرتے تھے۔	۸۶۶
۲۴۴۰	رمضان شریف کو چاند دیکھنے کے ساتھ موقوف کیا گیا ہے۔	//
۲۴۴۱	اسلامی مہینہ ۲۹ یا ۳۰ دن کا ہوتا ہے	۸۶۷
۲۴۴۲	عید کے دو مہینے	۸۶۸
۲۴۴۳	رمضان کے ایک یا دو دن قبل روزہ نہ رکھا جائے۔	//
۲۴۴۴	حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ماہ شعبان میں مسلسل روزے سے رہتے۔	۸۶۹
۲۴۴۵	شعبان کے دنوں کو رمضان کے واسطے شمار کرو۔	۸۷۰
۲۴۴۶	رویت ہلال پر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صحابی سے گواہی طلب کی	//
۲۴۴۷	ایک صحابی کے چاند دیکھنے پر روزہ رکھنے کا حکم دیا گیا۔	۸۷۱
	باب، روزے کے متفرق مسائل	۸۷۲
	كُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْاَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْاَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ۔	//
۲۴۴۸	سحری کھانے میں اللہ تعالیٰ نے برکت رکھی ہے۔	//
۲۴۴۹	سحری بابرکت کھانا ہے۔	۸۷۳
۲۴۵۰	ہمارے اور اہل کتاب کے روزوں میں فرق سحری کھانے کا ہے۔	۸۷۳
۲۴۵۱	مسلمان کی بہترین سحری کھجور ہے۔	//
۲۴۵۲	جب تک لوگ افطار میں جلدی کریں گے بھلائی میں رہیں گے۔	//
۲۴۵۳	افطار میں جلدی کرنے والے اللہ تعالیٰ کے پیارے بندے ہیں۔	//
۲۴۵۴	دین غالب رہے گا جب تک لوگ افطار میں جلدی کرتے رہیں گے	۸۷۴
۲۴۵۵	دو صحابی نیکیوں پر حریص۔	//
۲۴۵۶	فجر کی اذان سن کر جو کھا رہا ہو وہ اپنی حاجت پوری کرے۔	//
۲۴۵۷	روزہ افطار کرنے کا وقت	۸۷۵
۲۴۵۸	امت کو صوم وصال رکھنے سے منع کر دیا گیا ہے۔	//
۲۴۵۹	دسویں محرم کے روزہ کی ترغیب	۸۷۶
۲۴۶۰	کھجور کے ساتھ افطار کرنے میں برکت رکھی گئی ہے۔	۸۷۷
۲۴۶۱	تازہ کھجور نہ ہو تو خشک کھجور سے یا پانی سے روزہ افطار کیا جائے۔	//
۲۴۶۲	روزہ افطار کرنے کا ثواب	//
۲۴۶۳	روزہ افطار کرنے کے بعد حضور علیہ السلام یہ دعا پڑھتے تھے۔	۸۷۹
۲۴۶۴	افطاری کی دوسری دعا۔	//
	باب جن چیزوں سے روزہ بچانا ضروری ہے۔	//
	اُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ اِلٰى نِسَائِكُمْ الخ	//

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIE ISLAMIA ACADEMY

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۲۴۶۵	چھوٹے اور بُرے شخص کے روزہ کی اللہ کو کوئی حاجت نہیں۔	۸۸۰
۲۴۶۶	کتنے ہی روزہ دار بھوکے پیاسے رہتے ہیں۔	//
۲۴۶۷	روزہ کی حالت میں بیوی کا بوسہ لینے کا حکم۔	۸۸۱
۲۴۶۸	ایک صحابی کو روزہ کی حالت میں بوسہ لینے کی اجازت اور دوسرے کو منع کیا گیا۔	//
۲۴۶۹	غسل کی حاجت کے وقت روزہ رکھنے کی اجازت۔	//
۲۴۷۰	روزہ کی حالت میں پچھنا لگانا	۸۸۲
۲۴۷۱	تین چیزیں روزہ کو نہیں توڑتیں	//
۲۴۷۲	روزہ دار کے لیے پچھنا لگانا جائز ہے۔	۸۸۳
۲۴۷۳	بھول کر کھانے پینے سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔	//
۲۴۷۴	روزہ کی حالت میں بیوی سے جماع کرنے کا کفارہ۔	۸۸۴
۲۴۷۵	خود بخود قے کا غلبہ ہونے کی صورت میں روزہ کی قضا نہیں ہے۔	۸۸۶
۲۴۷۶	روزہ کی حالت میں مسواک کی اجازت	۸۸۷
۲۴۷۷	روزہ دار کے بہترین کاموں میں مسواک کرنا ہے۔	
۲۴۷۸ / ۲۴۷۹	روزہ کی حالت میں سرمہ لگانے کی اجازت۔	۸۸۸
۲۴۸۲	روزہ کی حالت میں سر پر پانی ڈالنا	۸۸۹
۲۴۸۳	ساری عمر کے روزے بھی رمضان کے	//

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	ایک روزہ کا بدل نہیں ہو سکتے۔	
۲۴۸۴	کلی کرنے کے بعد منہ کی تری نکلنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔	۸۹۰
	باب، مسافر کے روزوں کے بیان میں	۸۹۱
	وَاَنْ تَصُوْمُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ۔	//
۲۴۸۵	سفر کی حالت میں روزہ رکھنے اور افطار دونوں کی اجازت ہے۔	//
۲۴۸۶	مجاہدین میں سے بعض نے روزہ رکھا اور بعض نے روزہ نہ رکھا۔	//
۲۴۸۷	سفر میں جنہوں نے روزہ نہ رکھا وہ روزہ دار مجاہدین سے زیادہ ثواب لے گئے۔	۸۹۲
۲۴۸۸	مکہ مکرمہ کے سفر کے دوران حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے روزہ توڑ دیا۔	//
۲۴۸۹	سفر کی حالت میں روزہ نہ رکھنے کی اجازت۔	۸۹۳
۲۴۹۰	مسافر، دودھ پلانے والی اور حاملہ عورت کے لیے روزہ نہ رکھنے کی اجازت، بعد رمضان قضا کریں۔	۸۹۴
۲۴۹۱	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ستو والے پانی کے ساتھ روزہ افطار کیا۔	//
۲۴۹۲	سخت گرمی کی حالت صحابہ نے سفر کی حالت میں روزہ نہ رکھا۔	۸۹۵
۲۴۹۳ / ۲۴۹۴	مسافر کے لیے افضل یہ ہے کہ وہ روزہ رکھے۔	//
۲۴۹۵	سفر کی حالت میں روزہ رکھنے اور چھوڑنے	//

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	کی اجازت ہے۔	
۲۴۹۶	حضرت عائشہ گرمی کے باوجود سفر میں روزہ رکھا کرتی تھیں۔	۸۹۶
۲۴۹۷	آرام دہ سفر میں روزہ رکھنے کی اجازت	//
	باب، قضاء روزوں کا بیان	۸۹۷
الف	وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰی	//
ب	فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِيْضًا اَوْ عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ۔	//
۲۴۹۸	فوت شدہ روزوں کی قضا کا حکم	۸۹۸
۲۴۹۹	عورت کے لیے جائز نہیں کہ شوہر کی اجازت کے بغیر نفلی روزہ رکھے۔	//
۲۵۰۰	حائضہ کے روزہ قضا کرنے اور نماز قضاء نہ کرنے میں حکمت۔	۸۹۹
۲۵۰۱	فوت شدہ کے ہر روزہ کی قضاء کے بدلے فقیر کو دو وقت کا کھانا کھلایا جائے۔	//
۲۵۰۲	کسی دوسرے کی جانب سے نہ روزہ رکھا جا سکتا ہے نہ نماز ادا کی جا سکتی ہے۔	//
۲۵۰۳	فوت شدہ کے قضاء روزے کا فدیہ	۹۰۰
۲۵۰۴	کوئی شخص دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھا سکتا۔	//
	باب، نفل روزوں کے بیان میں	۹۰۱
	وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ الخ۔	//
۲۵۰۵	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کبھی متواتر روزے رکھتے اور کبھی چھوڑ دیتے۔	//

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۲۵۰۶	حضور علیہ السّلام نے رمضان کے علاوہ کبھی پورے مہینہ کے روزے نہ رکھے۔	۹۰۲
۲۵۰۷ / ۲۵۰۸	رمضان کے علاوہ فضیلت والے روزے عاشوراء کے روزہ کی فضیلت۔	//
۲۵۰۹	عاشوراء کے روزہ کی وجہ تسمیہ	۹۰۳
۲۵۱۰	عاشوراء کا روزہ رکھنے کا حکم	//
۲۵۱۱	رمضان کے روزوں کی وجہ سے عاشوراء کے روزہ کی فرضیت ساقط ہوگئی۔	۹۰۴
۲۵۱۲	عاشوراء کے ایک دن پہلے یا بعد بھی روزہ رکھا جائے۔	//
۲۵۱۳	حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے عرفہ کے دن روزہ نہیں رکھا۔	۹۰۵
۲۵۱۴	عرفہ کے دن روزہ رکھنے کی ممانعت	//
۲۵۱۵	چار موقعوں پہ روزے رکھنے کی فضیلت۔	//
۲۵۱۶	ایک آدمی نے پوچھا کہ آپ روزہ کس طرح رکھتے ہیں؟ اس طرح کے سوال پر حضور علیہ السّلام ناراض ہوئے۔	۹۰۶
۲۵۱۷	ہر مہینے ایام بیض کے روزے رکھنے کا حکم	۹۰۸
۲۵۱۸	رمضان کے علاوہ روزے بھی رکھو اور افطار بھی کرو۔	//
۲۵۱۹	حضور علیہ السّلام ایام بیض کے روزے نہیں چھوڑتے تھے۔	۹۰۹
۲۵۲۰	پیر کے روزہ کی فضیلت	//

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۲۵۲۱	پیر اور جمعرات کا روزہ	۹۰۹
۲۵۲۲ / ۲۵۲۳	پیر اور جمعرات کے روزہ میں حکمت	۹۱۰
۲۵۲۴	رمضان کے بعد شوال کے چھ روزے	//
۲۵۲۵	عید الفطر اور عید الضحیٰ کے روزے رکھنے کی ممانعت	//
۲۵۲۶ / ۲۵۲۷	ایام تشریق کھانے پینے کے دن ہیں	۹۱۱
۲۵۲۸	حضور علیہ السلام جمعہ کے دن روزہ رکھا کرتے تھے۔	//
۲۵۲۹	جمعہ کے روزہ کی فضیلت	۹۱۲
۲۵۳۰	جمعہ کی رات عبادت کے لیے مختص کیا کرو	//
۲۵۳۱	ایک روزہ رکھنے والا دوزخ سے ستر سال کے فاصلہ پر دور ہو جاتا ہے۔	۹۱۳
۲۵۳۲ / ۲۵۳۳	روزہ دار دوزخ سے دور ہو جاتا ہے	//
۲۵۳۴	صرف ہفتہ کے دن روزہ رکھنے کی ممانعت	//
۲۵۳۵	سردیوں کے روزے غنیمت ہیں	۹۱۴
۲۵۳۶	جسم کی زکوٰۃ روزہ ہے۔	//
	باب، روزہ کے متفرق مسائل	۹۱۵
الف	وَلَا تُبْطِلُوْٓا اَعْمَالَكُمْ	//
ب	وَرَهْبَانِيَّةَ نِ ابْتَدَعُوْهَا مَا كَتَبْنٰهَا عَلَيْهِمْ اِلَّا ابْتِغَآءَ رِضْوَانِ اللّٰهِ فَمَا رَعَوْهَا حَقَّ رِعَايَتِهَا۔	//
۲۵۳۷	نفلی روزہ توڑا جا سکتا ہے۔	۹۱۶
۲۵۳۸	حضرت عائشہ اور حفصہ رضی اللہ عنہما نے نفلی روزہ توڑ دیا۔	۹۱۷
۲۵۳۹ / ۲۵۴۰	نفلی روزہ اگر توڑ دیا جائے تو اس کی قضاء لازم ہے۔	۹۱۸
۲۵۴۱	حضرت انس نے عرفہ کے دن سخت پیاس کی وجہ سے روزہ توڑا	۹۱۹
۲۵۴۲	حضرت ابن عباس نے جنابت کے ذریعے نفلی روزہ توڑا۔	۹۱۹
۲۵۴۳	ایک دعوت پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک صحابی کا نفلی روزہ تڑوایا	//
۲۵۴۴	روزہ دار کے سامنے کھانا، فرشتے اس پر رحمت بھیجتے ہیں۔	۹۲۰
۲۵۴۵ / ۲۵۴۶	روزہ دار کی ہڈیاں بھی تسبیح کرتی ہیں۔	۹۲۱
	باب، شب قدر کی فضیلت	۹۲۲
	اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ الخ	//
۲۵۴۶	شب قدر ہر سال رمضان میں ہوا کرتی ہے۔	//
۲۵۴۷	ابتداء رمضان یا انتہاء رمضان یا جماعت نماز ادا کرنے والے کو شب قدر سے حصہ مل جاتا ہے۔	۹۲۳
۲۵۴۸	رمضان میں مغرب وعشا کی نماز با جماعت ادا کرنے والے کو شب قدر سے حصہ مل جاتا ہے	//
۲۵۴۹	رمضان میں عشاء با جماعت ادا کرنے والے کو شب قدر سے حصہ ملتا ہے	//
۲۵۵۰	شب قدر کا تعین اٹھا لیا گیا۔	//
۲۵۵۱	پورا سال راتوں میں عبادت کرنے والا شب قدر کو پا لے گا۔	۹۲۴
۲۵۵۲ / ۲۵۵۳	رمضان کے آخری عشرے میں کثرت عبادت۔	۹۲۵
۲۵۵۴	شب قدر کی دعا۔	//
۲۵۵۵	شب قدر میں جبرئیل فرشتوں کی جماعت	//

www.waseemziyai.com

MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

حدیث	مضمون	صفحہ
	کے ساتھ اترتے ہیں۔	
	باب، اعتکاف کے بیان میں	۹۲۶
	وَلَا تُبَاشِرُوْهُنَّ وَاَنْتُمْ عَاكِفُوْنَ فِي الْمَسَاجِدِ۔	//
۲۵۵۷	اعتکاف پانچ وقت کی نماز والی مسجد میں جائز ہے۔	۹۲۷
۲۵۵۸	جس مسجد میں امام و مؤذن ہوں وہاں اعتکاف درست ہے۔	//
۲۵۵۹	حضور علیہ السلام رمضان کے آخری دس دنوں کا اعتکاف فرمایا کرتے تھے۔	//
۲۵۶۰	عورت کے لیے گھر کے آخری کمرہ میں نماز پڑھنا بہتر ہے۔	۹۲۸
۲۵۶۱	ماہ رمضان میں نبی علیہ السلام کی سخاوت بڑھ جاتی تھی۔	//

حدیث	مضمون	صفحہ
۲۵۶۲	حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنی وفات والے سال بیس دن کا اعتکاف فرمایا۔	۹۲۹
۲۵۶۳	حضور علیہ السلام حالت اعتکاف میں اپنا سر دھلواتے تھے۔	۹۳۰
۲۵۶۴	حضرت عمر فاروق نے مسجد حرام میں ایک دن کا اعتکاف کیا۔	//
۲۵۶۵	اعتکاف کی حالت میں بیمار کی بیمار پرسی کرنے کا طریقہ۔	۹۳۱
۲۵۶۶	معتکف کے لیے ہدایت	۹۳۲
۲۵۶۷	نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے لیے ستون توبہ کے پاس چارپائی بچھائی جاتی۔	//
۲۵۶۸	معتکف اعتکاف کی حالت میں گناہوں سے محفوظ ہوجاتا ہے۔	//

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

بَابُ الذِّكْرِ بَعْدَ الصَّلٰوةِ

یہ باب نماز کے بعد ذکر کرنے کے بارے میں

۳۱۹ا عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ كُنْتُ أَعْرِفُ انْقِضَاءَ صَلٰوةِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالتَّكْبِيْرِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ اللہ اکبر کی آواز سننے سے مجھے اطلاع ہوتی تھی کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز سے فارغ ہو گئے ہیں۔ (بخاری و مسلم)

قَالَ أَبُو الْحَسَنِ بْنُ بَطَّالٍ فِي شَرْحِ الْبُخَارِيِّ يُحْتَمَلُ أَنْ يَكُوْنَ أَرَادَ بِهِ الْمُجَاهِدِيْنَ فَإِنْ كَانَ كَذٰلِكَ فَهُوَ إِلَى الْآنَ وَعَلَيْهِ الْعَمَلُ وَهُوَ أَنَّ الْمُجَاهِدِيْنَ إِذَا صَلَّوُا الْخَمْسَ فَيُسْتَحَبُّ لَهُمْ أَنْ يُكَبِّرُوْا جَهْرًا يَرْفَعُوْنَ أَصْوَاتَهُمْ لِيُرْهِبُوا الْعَدُوَّ فَإِنْ لَمْ يُحْمَلْ عَلٰى ذٰلِكَ فَيَكُوْنُ مَنْسُوْخًا بِالْإِجْمَاعِ لِأَنَّهٗ لَا نَعْلَمُ أَحَدًا مِّنَ الْعُلَمَاءِ يَقُوْلُ بِهٖ اِنْتَهٰى۔

ابو الحسن ابن بطال رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے شرح بخاری میں اس حدیث کی اس طرح تاویل کی ہے کہ حدیث شریف میں فرض نماز کے بعد اللہ اکبر جہر سے کہنے کا جو ذکر ہے وہ ہر فرض نماز سے متعلق نہیں ہے بلکہ اس کا تعلق جہاد کے موقع سے ہے، جب کہ مجاہدین ہر فرض نماز کے بعد اللہ اکبر جہر سے کہا کرتے تھے تاکہ کفار پر رعب طاری ہو، اگر اس حدیث سے یہی مراد ہے تو یہ عمل اب بھی جاری ہے کہ مجاہدین جب نماز پنجگانہ سے فارغ ہوں تو ان کے لیے مستحب ہے کہ وہ ہر فرض نماز کے بعد دشمن کو ڈرانے کے لیے آواز سے اللہ اکبر کہا کریں، ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے یہ بھی کہا ہے کہ اگر اس کا تعلق مجاہدین کے ہر فرض نماز کے بعد جہر سے اللہ اکبر کہنے سے نہیں ہے بلکہ اس حدیث سے یہ مراد ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہر فرض نماز کے ختم ہونے کے بعد جہر سے اللہ اکبر فرمایا کرتے تھے جیسا کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما اس کو ختم نماز کی علامت سمجھتے تھے، تو یہ عمل اب اجماع سے منسوخ ہے کیوں کہ ہم نے نماز کے ختم پر بلند آواز سے اللہ اکبر کہنے کے قائل کسی عالم کو نہیں پایا۔

وَفِي الْبِنَايَةِ قَالَ أَبُوْ بَكْرِنِ الرَّازِيُّ قَالَ مَشَايِخُنَا التَّكْبِيْرُ جَهْرًا فِيْ غَيْرِ أَيَّامِ التَّشْرِيْقِ لَا يُسَنُّ إِلَّا بِإِزَاءِ الْعَدُوِّ

صاحب بنایہ نے امام ابوبکر رازی رحمہ اللہ تعالیٰ کا یہ قول نقل کیا ہے وہ فرماتے ہیں کہ ہمارے علماء نے کہا ہے کہ ایام تشریق کے سوا دوسرے ایام میں

www.waseemziyai.com MARKAZ-UL-OOLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

وَالْمُصُوْصِ وَقِيْلَ وَكَذَا فِي الْحَرِيْقِ وَالْمَخَاوِفِ كُلِّهَا انْتَهٰى ـ

فرض نمازوں کے بعد بلند آواز سے اللہ اکبر کہنا مسنون نہیں ہے، بلکہ جہر سے اللہ اکبر کہنے کے مواقع یہ ہیں۔ جب کہ دشمنوں کے مقابل ہوں یا ڈاکوؤں کے مقابل ہوں یا آگ لگی ہو، اور ایسے ہی تمام خوف اور دہشت کے موقعوں پر جہر سے کہنا مسنون ہے ۱۲۔

ف:۔ حدیث ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے مفہوم اور دلالت کے اعتبار سے جماعت کے بعد ذکر بالجہر کے جواز اور اس کے مسنون و مستحب ہونے پر بالکل واضح دلیل ہے، یاد رکھیے جب کوئی مسئلہ، حدیث سے ثابت ہو اور اس کے معارض اور مخالف، کتاب وسنت میں کوئی دلیل قطعی نہ ہو تو ایسی صورت میں اس حدیث پر عمل کرنا ہی صحیح ہے مذکورہ بالا حدیث ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی بیان کردہ ہے، اور الفاظ حدیث میں یہ بھی مذکور نہیں کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جہاد کے مواقع پر یا ایام تشریق میں یا دشمنوں کے مقابلہ میں نماز کے بعد بلند آواز سے تکبیر کہتے تھے بلکہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے الفاظ تو یہ ہیں كُنْتُ اَعْرِفُ انْقِضَاءَ صَلٰوةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (مجھے تکبیر کی آواز سننے سے معلوم ہو جاتا تھا کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز سے فارغ ہو گئے ہیں۔

ابن بطال نے جو تاویل کی ہے وہ حدیث صحیح اور صریح کے خلاف ہے۔ اس لیے ان کی رائے کو چھوڑ کر قول صحابی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر عمل کیا جائے گا۔ ہمارے بلاد خصوصًا پاکستان اور ہندوستان کے تقریبًا تمام شہروں اور دیہات میں ہر نماز کے بعد نمازی حضرات جو ذکر بالجہر لا الہ الا اللہ کا ورد کرتے ہیں۔ اسی حدیث ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے دلیل لیتے ہیں۔

مانعین و منکرین ذکر بالجہر، نماز کے بعد ذکر کو بدعت اور دوسروں کی نماز میں خلل اور شور واقع ہونا قرار دیتے ہیں بڑے زور و شور کے ساتھ ذکر کی ممانعت پر حکم لگاتے ہیں اور ذکر کرنے والے کو بدعتی قرار دیتے ہیں یہ ان کا غلط اور نادرست عمل ہے

کیونکہ قول صحابی بدعت کو مانع ہے اور شارع علیہ الصلوٰۃ والسلام کے عمل مبارک کو بدعت قرار دینا بجائے خود بدعت و گمراہی و گرنہ صحابی رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر بھی معاذ اللہ ثم معاذ اللہ بدعتی ہونے کا اطلاق ہوگا۔ اور حضور پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تشریعی حیثیت سے بھی اختلاف کیا گیا۔ ابن بطال اور دوسرے محدثین نے جو خدشات ظاہر کئے ہیں۔ ان کا مفصل اور مدلل جواب مولانا غلام رسول سعیدی صاحب نے اپنی کتاب "ذکر بالجہر" اور مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے جاء الحق میں دیا ہے۔

۱۳۲۰ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سَلَّمَ مِنْ صَلٰوتِهٖ يَقُوْلُ بِصَوْتِهِ الْاَعْلٰى "لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ

حضرت عبد اللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم (فرض) نماز کے سلام پھیرتے کے بعد (تعلیمًا) یہ دعا بلند آواز سے فرماتے تھے۔ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM-IL-ISLAMIA ACADEMY

الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَلَا نَعْبُدُ إِلَّا إِيَّاهُ لَهُ النِّعْمَةُ وَلَهُ الْفَضْلُ وَلَهُ الثَّنَاءُ الْحَسَنُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُوْنَ ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، سارا اقتدار اعلیٰ اسی کا ہے اور اسی کے لیے سب تعریف ہے اور وہ ہر شے پر قادر ہے۔ گناہوں سے باز رہنا اور نیکیاں کرنا بغیر اللہ تعالیٰ کی مدد کے نہیں ہو سکتا، اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے، اس لیے ہم اس کی عبادت کرتے ہیں، سب نعمتیں اسی کی دی ہوئی ہیں سب سے زیادہ فضیلت اسی کو ہے، جتنی بہترین تعریفیں ہیں سب اسی کو سزاوار ہیں (پھر ہم کہتے ہیں کہ) اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اس لیے ہم اسی کی اطاعت و عبادت اخلاص سے کرتے ہیں، ہمارا یہ اخلاص گو کافروں کو برا ہی کیوں نہ لگے۔

(مسلم شریف)

وَفِي الْأَمْرِ حُمِلَ ذٰلِكَ عَلٰى سَبِيْلِ التَّعْلِيْمِ فَإِنْ حَصَلَ التَّعْلِيْمُ أَمْسَكَ كَذَا فِي الْمِرْقَاتِ۔

وَقَالَ فِي الْمَدْخَلِ وَلْيَحْذَرُوْا جَمِيْعًا مِّنَ الْجَهْرِ بِالذِّكْرِ وَالدُّعَاءِ عِنْدَ الْفَرَاغِ مِنَ الصَّلٰوةِ إِنْ كَانَ فِي جَمَاعَةٍ فَإِنَّ ذٰلِكَ مِنَ الْبِدَعِ انْتَهٰى

۱۳۲۱ وَعَنْ أَبِيْ أُمَامَةَ قَالَ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَيُّ الدُّعَاءِ أَسْمَعُ قَالَ جَوْفُ اللَّيْلِ الْآخِرِ وَدُبُرَ الصَّلَوَاتِ الْمَكْتُوْبَاتِ

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کیا گیا کہ یا رسول اللہ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کس وقت کی دعا زیادہ قبول ہوتی ہے؟ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ رات کے آخری نصف کے درمیانی وقت کی دعا زیادہ قبول ہوتی ہے ایسا ہی فرض نمازوں کے بعد کی دعا بھی بہت مقبول ہوتی ہے (ترمذی)

۱۳۲۲ وَعَنِ الْأَسْوَدِ عَنْ أَبِيْهِ قَالَ صَلَّيْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْفَجْرَ فَلَمَّا سَلَّمَ انْحَرَفَ وَرَفَعَ يَدَيْهِ وَدَعَا رَوَاهُ ابْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ فِي الْمُصَنَّفِ وَيُؤَيِّدُهُ مَا رَوَاهُ ابْنُ السُّنِّيِّ فِيْ كِتَابِ

حضرت اسود رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں ان کے والد نے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ نماز فجر ادا کی جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے سلام پھیرا تو پلٹ گئے اور دونوں ہاتھوں کو اٹھا کر دعا فرمائی اس کی روایت ابن ابی شیبہ نے

MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

مصنف میں کی ہے۔

عَمَلِ الْيَوْمِ وَاللَّيْلَةِ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ مَا مِنْ عَبْدٍ يَبْسُطُ كَفَّيْهِ فِيْ دُبُرِ كُلِّ صَلٰوةٍ ثُمَّ يَقُوْلُ "اَللّٰهُمَّ اِلٰهِيْ وَاِلٰهَ اِبْرَاهِيْمَ وَاِسْحَاقَ وَيَعْقُوْبَ وَاِلٰهَ جِبْرِيْلَ وَمِيْكَائِيْلَ وَاِسْرَافِيْلَ اَسْئَلُكَ اَنْ تَسْتَجِيْبَ دَعْوَتِيْ فَاِنِّيْ مُضْطَرٌّ وَتَعْصِمَنِيْ فِيْ دِيْنِيْ فَاِنِّيْ مُبْتَلٰى وَتَنَالَنِيْ بِرَحْمَتِكَ فَاِنِّيْ مُذْنِبٌ وَتَنْفِيْ عَنِّي الْفَقْرَ فَاِنِّيْ مُتَمَسْكِنٌ" اِلَّا كَانَ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ اَنْ لَّا يَرُدَّ يَدَيْهِ خَائِبَتَيْنِ۔

اور اس حدیث کی تائید ابن سنی کی حدیث سے بھی ہوتی ہے جس کی روایت انھوں نے کتاب عمل الیوم واللیلۃ میں حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کی ہے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو کوئی بندہ ہر (فرض) نماز کے بعد دونوں ہاتھ پھیلا کر یوں دعاء کرتا ہے اے اللہ! میرے معبود! حضرت ابراہیم، حضرت اسحاق، حضرت یعقوب علیہم السلام کے معبود! جبرئیل و میکائیل اور اسرافیل علیہم السلام کے معبود! میں آپ سے التجا کرتا ہوں کہ آپ میری دُعا قبول فرمائیں، اس لیے کہ میں بے قراری اور پریشانی کی حالت میں دُعا کر رہا ہوں، اور میں آپ سے سوال کرتا ہوں کہ آپ میرے دین کی حفاظت فرمائیں اس لیے کہ میں آزمائش میں پھنسا ہوا ہوں اور میں یہ بھی درخواست کرتا ہوں کہ آپ اپنی رحمت سے میرے گناہوں کو معاف فرما دیجئے، اس لیے کہ میں گناہگار ہوں اور میری یہ بھی عرض ہے کہ آپ میری محتاجی کو دور فرما دیں، اس لیے کہ میں محتاج و تنگ دست ہوں تو اللہ تعالیٰ پر یہ حق ہے کہ ایسے شخص کی دعاء کو قبول فرمالیں اور اس کے ہاتھوں کو ناکام نہ لوٹائیں۔

فَثَبَتَ بِهٰذِهِ الْاَحَادِيْثِ الدُّعَاءُ وَرَفْعُ الْيَدَيْنِ فِي الدُّعَاءِ بَعْدَ الصَّلٰوةِ الْمَفْرُوْضَةِ عَنْ سَيِّدِ الْاَنْبِيَاءِ وَاُسْوَةِ الْاَتْقِيَاءِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا لَا يَخْفٰى عَلَى الْعُلَمَاءِ الْاَذْكِيَاءِ قَالَهُ مَوْلَانَا عَبْدُ الْحَيِّ اللَّكْنَوِيُّ فِيْ فَتَاوَاهُ۔

مولانا عبدالحی لکھنوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنے فتاویٰ میں لکھا ہے کہ ان احادیث سے فرض نماز کے بعد دُعا کرنا اور دعاء میں دونوں ہاتھوں کا اٹھانا، یہ دونوں باتیں سید الانبیاء اور پیشوائے اتقیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ثابت ہیں جو علماء اذکیاء پر مخفی نہیں۔

ف تمام فرض نمازوں کے بعد اپنے پروردگار سے خشوع وخضوع کے ساتھ دیر تک دعائیں کرنا اس حدیث سے ثابت ہے اور اہل ایمان کے ساتھ مل کر با جماعت دعا کرنا زیادہ مؤثر اور باعث قبولیت ہے۔ حدیث پاک میں ہے "اَلدُّعَاءُ سِلَاحُ الْمُؤْمِنِ"، دعا مؤمن کا ہتھیار ہے۔ آج ہم دیکھ رہے ہیں کہ ہمارے اکثر مسلمان بھائی جو اپنے آپ کو پڑھا لکھا تصور کرتے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

ہیں، مساجد میں۔ جمع ہو کر نمازیں بھی پڑھتے ہیں، مگر نمازوں کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگنے کے لیے ہاتھ پھیلا کر دعا مانگنے میں ہچکچاتے ہیں بعض تو یہاں تک کہہ دیتے ہیں کہ دعا کی کیا ضرورت ہے؟ نماز خود ہی دعا ہے۔ بدنصیبی یہ بھی ہے کہ بلاد عرب خصوصاً بیت اللہ شریف اور مسجد نبوی شریف کے آئمہ حضرات نماز کے بعد دعا کے لیے ہاتھ نہیں اٹھاتے

احادیث میں صاف اور صریح طور پر لکھا ہے کہ "دعا مؤمن کا ہتھیار ہے"، اَلدُّعَآءُ مُخُّ الْعِبَادَةِ۔ دعا عبادت کا نچوڑ ہے۔ اور جماعت کے بارے میں فرمایا یَدُ اللّٰهِ عَلَى الْجَمَاعَةِ اللہ کا ہاتھ جماعت پر ہے۔

سید الانبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں یہ حدیث ترمذی شریف میں موجود ہے "کہ تقدیر معلق کو دنیا کی کوئی چیز نہیں بدل سکتی مگر دعا اور عمر کو کوئی چیز نہیں بڑھا سکتی مگر نیکی۔

ایک اور حدیث پاک میں فرمایا "جو شخص بے پروائی اور غرور سے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا کے لیے ہاتھ نہیں پھیلاتا، اللہ تعالیٰ اس پر اپنا غضب نازل فرماتا ہے۔ صحاح ستہ اور حدیث کی معتبر کتابوں میں متواتر احادیث موجود ہیں جو دعا کی اہمیت کو واضح کرتی ہیں۔

جب کوئی بندہ اپنے گناہوں سے توبہ کر لیتا ہے، فرائض، واجبات، سنن و مستحبات کی پابندی کو اپنا شعار بنا لیتا ہے۔ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی عملی تصویر بن جاتا ہے۔ اور صدق دل سے اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سکھلائی ہوئی دعاؤں کو پڑھتا ہے۔ شب و روز اپنی زندگی کو اطاعت و فرمانبرداری میں لگا لیتا ہے تو پھر وہ بندہ اللہ تعالیٰ کی رحمت اور انعامات کے نزول کا مرکز بن جاتا ہے۔ سرکار دو عالم نور مجسم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے دونوں ہاتھ اٹھا کر دعا مانگا کرتے تھے۔ جیسا کہ مندرجہ بالا حدیث نمبر ۱۳۲۲ سے ثابت ہے اور دعا مانگنے کی ترغیب و تعلیم دیا کرتے تھے۔

۱۳۲۳ وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا سَلَّمَ لَمْ يَقْعُدْ إِلَّا مِقْدَارَ مَا يَقُولُ "اَللّٰهُمَّ أَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ۔"

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم (جن فرضوں کے بعد سنتیں ہوتی ہیں) ان کا سلام پھیرتے تو تھوڑی دیر یہ دعا پڑھنے کی مقدار بیٹھتے (اے اللہ آپ تمام عیوب اور نقصانوں سے پاک و سالم ہیں اور تمام بندوں کو بلیات و آفات سے سلامت رکھتے ہیں، آپ بہت برکت والے ہیں اے وہ پاک ذات! عظمت و جلال کے آپ ہی مستحق ہیں) کہنے کی مقدار بیٹھتے (پھر مختصر دعا فرماتے اور سنتوں کے لیے کھڑے ہو جاتے) (مسلم)

۱۳۲۴ وَعَنِ الْأَزْرَقِ بْنِ قَيْسٍ قَالَ صَلَّى بِنَا إِمَامٌ لَنَا يُكْنَى أَبَا رِمْثَةَ قَالَ صَلَّيْتُ هٰذِهِ الصَّلَاةَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ

ازرق بن قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں جب ایک امام نے نماز پڑھائی جنھیں ابو رمثہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کہا جاتا تھا حضرت ازرق کا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَكَانَ اَبُوْبَكْرٍ
وَّعُمَرُ يَقُوْمَانِ فِى الصَّفِّ الْمُقَدَّمِ عَنْ
يَّمِيْنِهٖ وَكَانَ رَجُلٌ قَدْ شَهِدَ التَّكْبِيْرَةَ
الْاُوْلٰى مِنَ الصَّلٰوةِ فَصَلّٰى
نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ سَلَّمَ
عَنْ يَّمِيْنِهٖ وَعَنْ يَّسَارِهٖ حَتّٰى رَاَيْنَا
بَيَاضَ خَدَّيْهِ ثُمَّ انْفَتَلَ كَانْفِتَالِ
اَبِىْ رِمْثَةَ يَعْنِىْ نَفْسَهٗ فَقَامَ الرَّجُلُ
الَّذِىْ اَدْرَكَ مَعَهُ التَّكْبِيْرَةَ الْاُوْلٰى
مِنَ الصَّلٰوةِ بِشُفْعٍ فَوَثَبَ عُمَرُ فَاَخَذَ
بِمَنْكِبَيْهِ فَهَزَّهٗ ثُمَّ قَالَ اجْلِسْ فَاِنَّهٗ
لَنْ يَّهْلِكَ اَهْلُ الْكِتَابِ اِلَّا اَنَّهٗ لَمْ
يَكُنْ بَيْنَ صَلَاتِهِمْ فَصْلٌ فَرَفَعَ
النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَصَرَهٗ
فَقَالَ اَصَابَ اللّٰهُ بِكَ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

بیان ہے کہ حضرت ابو رمثہ نے کہا کہ میں نے بھی (ایک دفعہ) یہ نماز نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ پڑھی تھی حضرت ابو رمثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ بھی فرمایا کہ حضرات ابو بکر و عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما پہلی صف میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سیدھی جانب کھڑے ہوئے تھے، ایک شخص تکبیر تحریمہ میں آکر شریک نماز ہوا (اور وہ مسبوق نہ تھا) نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ختم نماز پر اپنے سیدھے اور بائیں جانب سلام پھیرا۔ یہاں تک کہ ہمیں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے رخسار مبارک کی سفیدی نظر آئی حضرت ابو رمثہ کہتے ہیں پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میری طرح قبلہ کی طرف سے منہ پھیر کر بیٹھے تو وہی شخص جو تکبیر تحریمہ میں آکر شریک نماز ہوا تھا بغیر کسی توقف اور جگہ بدلنے کے) سنتیں ادا کرنے کے لیے فوراً کھڑا ہو گیا۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ جلدی سے اٹھے اور اس شخص کے دونوں کندھوں کو پکڑ کر ہلایا اور فرمایا کہ بیٹھ جاؤ۔ اہل کتاب اسی سبب سے تباہ ہوئے کہ وہ فرضوں اور سنتوں کے درمیان (ایسا) فصل نہیں کرتے تھے (جس سے معلوم ہو سکے کہ فرض ختم ہو چکے ہیں اور سنتیں شروع ہو رہی ہیں) اتنے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نظر مبارک اٹھا کر دیکھا اور ارشاد فرمایا اے ابن الخطاب (تم نے سچ کہا) اللہ تعالیٰ آپ ہی تمہارے ذریعہ سے لوگوں کی صحیح رہبری فرمائے۔

(ابو داؤد)

وَفِىْ شَرْحِ الْمُنْيَةِ اِنَّ الْمُكْثَ مِقْدَارُ اَللّٰهُمَّ
اَنْتَ السَّلَامُ اِلٰى اٰخِرِهٖ فَصْلٌ وَّلَا دَلِيْلَ
عَلَى الْمُكْثِ اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَيُكْرَهُ
لِمُخَالَفَةِ مَا كَانَ دَاْبَهٗ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ
وَالسَّلَامُ كَمَا هُوَ مَفْهُوْمُ حَدِيْثِ عَائِشَةَ
اِنْتَهٰى

MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

ف: اس حدیث میں فرض نمازوں اور سنتوں کے درمیان فصل کرنے کا ذکر ہے۔ فصل کی کیا مقدار ہونی چاہیئے! اس کو شرح منیہ نے اس طرح بیان کیا ہے کہ ایسی فرض نمازوں کے ختم پر جن کے بعد سنتیں ہوں کا پڑھنا یا اس کے مقدار کوئی اور مختصر دُعا کرنا فصل ہے اس طرح مختصر فصل کر کے سنتوں کا پڑھنا مسنون ہے، اگر مختصر دعاء کی بجائے طویل دعائیں کی جائیں یا اوراد و وظائف پڑھ کر سنتوں کی ادائیگی میں دیر کی جائے تو اس سے سنتیں ادا تو ہو جائیں گی لیکن سنتوں کے ادا کرنے کا جو مسنون وقت ہے وہ فوت ہو جائے گا اور تاخیر کے ساتھ سنتوں کی اس طرح ادائیگی مکروہ تنزیہی ہوگی۔ ردالمحتار میں بھی ایسا ہی مذکور ہے۔ ١٢۔

١٣٢٥ (٧) وَعَنْ ثَوْبَانَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا انْصَرَفَ مِنْ صَلَاتِهٖ اِسْتَغْفَرَ ثَلَاثًا وَقَالَ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز کے ختم پر جب سلام پھیرتے تو تین دفعہ استغفر اللہ (اللہ تعالیٰ سے میں مغفرت چاہتا ہوں) کہنے کے بعد اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ فرماتے۔ (مسلم)

١٣٢٦ (٨) وَعَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ فِیْ دُبُرِ كُلِّ صَلٰوةٍ مَّكْتُوْبَةٍ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہر فرض نماز کے بعد یہ فرماتے تھے (اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں ہے وہ تنہا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کی اصل حکومت ہے اور اسی کو سب تعریف سزاوار ہے اور وہی ہر چیز پر قادر ہے اے اللہ! جب آپ کسی کو دینا چاہیں تو اس کا کوئی روکنے والا نہیں، اور جب آپ کسی کو نہ دینا چاہیں تو اس کا دینے والا کوئی نہیں اور کسی مالدار کو اس کا مال آپ کے عذاب سے نہیں بچا سکتا۔ (بخاری و مسلم)

١٣٢٧ (٩) وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ غَنْمٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَالَ قَبْلَ اَنْ يَّنْصَرِفَ وَيَثْنِیَ رِجْلَيْهِ مِنْ صَلٰوةِ الْمَغْرِبِ وَالصُّبْحِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ يُحْيِیْ وَيُمِيْتُ وَ

حضرت عبدالرحمٰن بن غنم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص مغرب (کی سنت　　) اور نماز فجر کے فرض کے بعد کسی طرف پلٹے بغیر اسی حالت میں کہ وہ ہیئت نماز پر ہے اپنے پیروں کو موڑے ہوئے (یعنی تشہد میں جیسا بیٹھا تھا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLIYA ISLAMIA ACADEMY

هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ" عَشْرَ مَرَّاتٍ كُتِبَ لَهُ بِكُلِّ وَاحِدَةٍ عَشْرُ حَسَنَاتٍ وَّ مُحِيَتْ عَنْهُ عَشْرُ سَيِّاٰتٍ وَرُفِعَ لَهُ عَشْرُ دَرَجَاتٍ وَكَانَتْ لَهُ حِرْزًا مِّنْ كُلِّ مَكْرُوْهٍ وَحِرْزًا مِّنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ وَلَمْ يَحِلَّ لِذَنْبٍ اَنْ يُّدْرِكَهُ اِلَّا الشِّرْكُ وَكَانَ مِنْ اَفْضَلِ النَّاسِ عَمَلًا اِلَّا رَجُلًا يَّفْضُلُهُ يَقُوْلُ اَفْضَلَ مِمَّا قَالَ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَرَوَى التِّرْمِذِيُّ نَحْوَهُ عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ اِلٰى قَوْلِهِ اِلَّا الشِّرْكَ وَلَمْ يَذْكُرْ صَلٰوةَ الْمَغْرِبِ وَلَا بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ ۔

ویسا ہی بیٹھا ہو) یہ دعا دس بار کہے لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ يُحْيِيْ وَ يُمِيْتُ وَ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

تو ہر بار کے کہنے پر اس کے لیے دس نیکیاں لکھدی جاتی ہیں اور اس کے دس گناہ مٹا دیئے جاتے ہیں، اور اس کے دس درجات بلند کئے جاتے ہیں، اور وہ شخص تمام دن ہر آفت و ناپسندیدہ چیز اور شیطان مردود سے اللہ کی حفاظت و نگہبانی اور امان میں رہے گا (یہ دعا پڑھنے کے بعد پھر اگر اس سے کوئی گناہ ہو جائے تو اس دعاء کی برکت سے اس کو توبہ کی توفیق ہوگی) اور وہ اس گناہ کی وجہ سے عذاب میں گرفتار نہ ہوگا ہاں! اگر اس نے اس دعاء کے پڑھنے کے بعد شرک کیا (تو اس دعاء میں جو توحید تھی وہ شرک سے زائل ہوگئی اور وہ مذکورہ ثواب سے محروم ہو کر عذاب میں گرفتار ہو جائے گا) اور اس دعاء کے پڑھنے والے کے نیک عمل اُن لوگوں کے مقابلہ میں جو اس کو نہ پڑھتے ہوں زیادہ لکھے جائیں گے۔ البتہ جو شخص اس دُعاء کو دس مرتبہ سے زیادہ پڑھے تو اس کے اعمال اس دس مرتبہ پڑھنے والے کے اعمال سے زیادہ ہوں گے۔ (اس کی روایت امام احمد نے کی ہے اور ترمذی نے بھی حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اسی طرح روایت کی ہے)

ف۔ اس حدیث میں صلوٰۃ مغرب کے بعد مذکورہ دُعا پڑھنے کا جو ذکر ہے، یہاں صلوٰۃ مغرب سے مراد فرض مع سنت ہے، کیوں کہ صلوٰۃ مغرب کا اطلاق فرض اور سنت دونوں پر ہوتا ہے اس لیے اس دعاء کو پڑھنے والا مغرب کی دو سنتوں کے پڑھنے کے بعد ہیئت نماز پر ہی جیسے کہ وہ تشہد میں بیٹھا تھا ویسے ہی بیٹھے ہوئے یہ دُعا پڑھے۔ البتہ فجر کے فرض کے بعد چونکہ سنتیں نہیں، ہیں اس لیے فجر کے فرض کے بعد بھی اسی حالت میں بیٹھے ہوئے یہ دُعا پڑھے۔
اور ترغیب و ترہیب میں نسائی کی جو روایت مذکور ہے اس میں بجائے مغرب کے عصر کا ذکر ہے، اس لیے فجر اور عصر کے فرض کے بعد اسی ہیئتِ نماز پر یہ دُعاء پڑھی جائے تو اس کے پڑھنے والے کو مذکورہ ثواب حاصل ہوگا۔

۱۳۲۸
۱۰
وَعَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMI ISLAMIA ACADEMY

مُعَقِّبَاتٌ لَا يَخِيْبُ قَائِلُهُنَّ أَوْ فَاعِلُهُنَّ دُبُرَ كُلِّ صَلٰوةٍ مَّكْتُوْبَةٍ ثَلَاثٌ وَّثَلَاثُوْنَ تَسْبِيْحَةً وَّثَلَاثٌ وَّثَلَاثُوْنَ تَحْمِيْدَةً وَّأَرْبَعٌ وَّثَلَاثُوْنَ تَكْبِيْرَةً۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ارشاد فرمایا کہ کچھ الفاظ فرض نماز کے بعد پڑھنے کے ہیں جن کا پڑھنے والا (جنت اور ثواب سے) محروم نہیں ہوسکتا وہ الفاظ یہ ہیں کہ ہر فرض نماز کے بعد تینتیس بار سُبْحَانَ اللّٰهِ تینتیس بار اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ چونتیس بار اَللّٰهُ اَكْبَرُ پڑھنا چاہیے۔ (مسلم)

ف: اس حدیث میں فرض نمازوں کے بعد جن تسبیحات کے پڑھنے کا ذکر ہے اس سے فرض کے بعد سنتوں سے پہلے ہی ان تسبیحات کا پڑھنا مراد نہیں ہے، بلکہ سنتوں کے بعد ان تسبیحات کو پڑھنا چاہیے۔ کیونکہ سنتیں فرائض کے لواحق توابع اور مکملات ہیں اس لیے ان تسبیحات کا سنتوں کے بعد پڑھا جانا گویا فرض کے بعد ہی پڑھا جانا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جو چیزیں سنتوں کے بعد پڑھی جاتی ہیں ان کے متعلق یہ کہا جاتا ہے کہ وہ فرائض کے بعد ہی پڑھی گئیں۔ (رد المحتار۔ ۱۲)

۱۳۲۹ (۱۱) وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ إِنَّ فُقَرَاءَ الْمُهَاجِرِيْنَ أَتَوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا قَدْ ذَهَبَ أَهْلُ الدُّثُوْرِ بِالدَّرَجَاتِ الْعُلٰى وَالنَّعِيْمِ الْمُقِيْمِ فَقَالَ وَمَا ذَاكَ قَالُوْا يُصَلُّوْنَ كَمَا نُصَلِّيْ وَيَصُوْمُوْنَ كَمَا نَصُوْمُ وَيَتَصَدَّقُوْنَ وَلَا نَتَصَدَّقُ وَيَعْتِقُوْنَ وَلَا نَعْتِقُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَفَلَا أُعَلِّمُكُمْ شَيْئًا تُدْرِكُوْنَ بِهٖ مَنْ سَبَقَكُمْ وَتَسْبِقُوْنَ بِهٖ مَنْ بَعْدَكُمْ وَلَا يَكُوْنُ أَحَدٌ أَفْضَلَ مِنْكُمْ إِلَّا مَنْ صَنَعَ مِثْلَ مَا صَنَعْتُمْ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ تُسَبِّحُوْنَ وَتُكَبِّرُوْنَ وَتَحْمَدُوْنَ دُبُرَ كُلِّ صَلٰوةٍ ثَلَاثًا وَّثَلَاثِيْنَ مَرَّةً

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں چند فقراء مہاجرین نے حاضر ہوکر عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم (جنت کے) بڑے بڑے درجات اور لازوال نعمت کے حصول میں دولت مند لوگ ہم سے سبقت لے گئے۔ فرمایا کس طرح؟ انھوں نے عرض کیا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جس طرح ہم نماز پڑھتے ہیں یہ بھی پڑھتے ہیں، جس طرح ہم روزے رکھتے ہیں یہ بھی رکھتے ہیں، مگر یہ خیرات کرتے ہیں اور ہم خیرات نہیں کرسکتے، یہ غلام آزاد کرتے ہیں اور ہم آزاد نہیں کرسکتے تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ان سے فرمایا کہ میں تم کو ایسی بات بتاتا ہوں کہ جس پر عمل کرکے تم ثواب حاصل کرنے میں اپنے سے آگے بڑھ جانے والوں تک پہنچ جاؤ گے اور پیچھے رہنے والوں میں سے کوئی شخص تمہاری برابری کو نہ پہنچ سکے گا اور کوئی شخص تم سے افضل نہ ہوگا

MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

قَالَ اَبُوْصَالِحٍ فَرَجَعَ فُقَرَآءُ الْمُهَاجِرِيْنَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا سَمِعَ اِخْوَانُنَا اَهْلُ الْاَمْوَالِ بِمَا فَعَلْنَا فَفَعَلُوْا مِثْلَهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَلَيْسَ قَوْلُ اَبِيْ صَالِحٍ اِلٰى اٰخِرِهٖ اِلَّا عِنْدَ مُسْلِمٍ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِّلْبُخَارِيِّ تُسَبِّحُوْنَ فِيْ دُبُرِ كُلِّ صَلٰوةٍ عَشْرًا وَّتَحْمَدُوْنَ عَشْرًا وَّتُكَبِّرُوْنَ عَشْرًا بَدَلَ ثَلَاثًا وَّثَلَاثِيْنَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ہاں جو تمہاری طرح کرے گا، وہ تمہارے برابر ہو جائے گا۔ مہاجرین نے عرض کیا جی ہاں یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ضرور فرمائیے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم ہر نماز کے بعد تنتیس بار سُبْحَانَ اللّٰهِ تنتیس بار اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اور تنتیس بار اَللّٰهُ اَكْبَرُ پڑھا کرو ابوصالح راوی حدیث بیان کرتے ہیں کہ کچھ زمانہ بعد فقراء مہاجرین پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کرنے لگے کہ ہمارے دولت مند بھائیوں کو ہمارے اس عمل کا پتہ چل گیا ہے اور وہ بھی ہماری طرح ان تسبیحات کو پڑھنے لگے ہیں (اب ہم کیا کریں؟) اس پر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ یہ تو خدا تعالیٰ کا فضل ہے خدا تعالیٰ جس کو چاہتے ہیں سرفراز فرماتے ہیں۔ (بخاری اور مسلم)

ف: ابوصالح راوی کا قول آخر تک نہیں ہے سوائے مسلم کے، بخاری کی ایک روایت میں ہے تنتیس کی بجائے دس مرتبہ "سبحان اللہ" کہنا، دس مرتبہ "الحمد للہ" کہنا اور دس مرتبہ "اللہ اکبر" کہنا ہر فرض نماز کے بعد ذکر ہے۔

١٣٣٠ / ١٢ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَبَّحَ اللّٰهَ فِيْ دُبُرِ كُلِّ صَلٰوةٍ ثَلَاثًا وَّثَلَاثِيْنَ وَحَمِدَ اللّٰهَ ثَلَاثًا وَّثَلَاثِيْنَ وَكَبَّرَ اللّٰهَ ثَلَاثًا وَّثَلَاثِيْنَ فَتِلْكَ تِسْعَةٌ وَّتِسْعُوْنَ وَقَالَ تَمَامُ الْمِائَةِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ غُفِرَتْ خَطَايَاهُ وَاِنْ كَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص ہر نماز کے بعد تنتیس بار سبحان اللہ تنتیس بار الحمد للہ اور تنتیس بار اللہ اکبر پڑھے گا۔ تو یہ ننانوے دفعہ ہوئے اور سو کی تکمیل کے لیے ایک بار لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ - کہے گا تو اس کے کل گناہ معاف کر دیئے جائیں گے اگرچہ وہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں (مسلم)

١٣٣١ / ١٣ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ اُمِرْنَا اَنْ نُّسَبِّحَ فِيْ دُبُرِ كُلِّ صَلٰوةٍ ثَلَاثًا وَّثَلَاثِيْنَ وَنَحْمَدُ ثَلَاثًا وَّثَلَاثِيْنَ وَنُكَبِّرُ اَرْبَعًا وَّثَلَاثِيْنَ فَاَتٰى رَجُلٌ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ہم کو حکم دیا گیا ہے کہ ہم ہر نماز کے بعد تنتیس بار سُبْحَانَ اللّٰهِ تنتیس بار اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اور چونتیس بار اَللّٰهُ اَكْبَرُ پڑھا کریں

www.waseemziyai.com

فِي الْمَنَامِ مِنَ الْاَنْصَارِ فَقِيْلَ لَهٗ اَمَرَكُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تُسَبِّحُوْا فِيْ دُبُرِ كُلِّ صَلٰوةٍ كَذَا وَكَذَا قَالَ الْاَنْصَارِيُّ فِيْ مَنَامِهٖ نَعَمْ قَالَ فَاجْعَلُوْهَا خَمْسًا وَّعِشْرِيْنَ وَاجْعَلُوْا فِيْهَا التَّهْلِيْلَ خَمْسًا وَّعِشْرِيْنَ فَلَمَّا اَصْبَحَ غَدَا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَافْعَلُوْا رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالنَّسَآئِيُّ وَالدَّارِمِيُّ۔

اس کے بعد ایک انصاری کے خواب میں فرشتہ نے آ کر پوچھا کہ کیا آپ لوگوں کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم نے ہر نماز کے بعد اتنی بار سُبْحَانَ اللّٰهِ اتنی بار اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اور اتنی بار اَللّٰهُ اَكْبَرُ پڑھنے کا حکم دیا ہے! اُن انصاری نے خواب میں جواب دیا کہ ہاں! ایسا ہی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا حکم ہوا ہے، یہ سُن کر خواب ہی میں اسی فرشتے نے کہا کہ ان تینوں کلمات کی تعداد کو ۲۵، ۲۵ بار کر لو اور اس میں (۲۵) بار لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کا بھی اضافہ کر دو (اس طرح یہ سو ہوئے) جب صبح ہوئی تو انصاری نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر اپنا خواب سُنایا اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم نے ارشاد فرمایا کہ ہاں! اس پر بھی عمل کرو تو بہتر ہے۔ (امام احمد، نسائی اور دارمی)

١٣٣٢ وَعَنْ سَعْدٍ اَنَّهٗ كَانَ يُعَلِّمُ بَنِيْهِ هٰٓؤُلَآءِ الْكَلِمَاتِ وَيَقُوْلُ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَتَعَوَّذُ بِهِنَّ دُبُرَ الصَّلٰوةِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْجُبْنِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْبُخْلِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَرْذَلِ الْعُمُرِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْقَبْرِ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ وہ اپنے بیٹوں کو یہ کلمات سکھایا کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم نماز کے بعد ذیل میں آنے والی چیزوں سے ان الفاظ میں پناہ مانگتے تھے۔ اے اللہ! مجھے بزدلی اور کم ہمتی سے بچا، اے اللہ مجھے بخل سے بچا ایسا نہ ہو کہ میں مال خرچ کرنے کی جگہ خرچ نہ کروں، اور ایسا نہ ہو کہ لوگوں کو علم پہنچانے میں کوتاہی کروں اور نہ ایسا ہو کہ جہاں مجھے خیر خواہی کرنا ہے وہاں خیر خواہی نہ کروں۔ اے اللہ مجھے ایسی عمر کو نہ پہنچا کہ جس میں قویٰ ناکارہ ہو جانے سے میں آپ کی عبادت نہ کر سکوں، اے اللہ مجھے دنیا کے فتنہ سے بچا کہ دنیا اپنی زیب و زینت کے ساتھ میرے سامنے آ کر میرے دل کو لبھائے اور آخرت کو بھلا دے، اے اللہ! مجھے قبر کے عذاب سے بچا کہ مجھ سے ایسے کام نہ ہوں جن کی وجہ سے قبر میں عذاب ہونے لگے۔

(بخاری)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

۱۳۳۳ / ۱۵ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ اَمَرَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اَقْرَأَ بِالْمُعَوِّذَاتِ فِيْ دُبُرِ كُلِّ صَلٰوةٍ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي الدَّعْوَاتِ الْكَبِيْرِ۔

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں ہر نماز کے بعد قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ کی سورتوں کو پڑھ لیا کروں (اس کی روایت امام احمد، ابو داؤد، اور نسائی نے کی ہے اور بیہقی نے بھی الدعوات الکبیر میں اس کی روایت کی ہے۔

۱۳۳۴ / ۱۶ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى اَعْوَادِ هٰذَا الْمِنْبَرِ يَقُوْلُ قَرَأَ اٰيَةَ الْكُرْسِيِّ فِيْ دُبُرِ كُلِّ صَلٰوةٍ لَمْ يَمْنَعْهُ مِنْ دُخُوْلِ الْجَنَّةِ اِلَّا الْمَوْتُ وَمَنْ قَرَأَهَا حِيْنَ يَاْخُذُ مَضْجَعَهٗ اٰمَنَهُ اللّٰهُ عَلٰى دَارِهٖ وَدَارِ جَارِهٖ وَاَهْلِ دُوَيْرَاتٍ حَوْلَهٗ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ۔

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اسی لکڑی کے منبر پر کھڑے ہو کر فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو شخص آیۃ الکرسی کو ہر نماز کے بعد پڑھتا ہے، تو اس کے لیے جنت میں داخل ہونے سے موت کے بعد قبر میں رہنے کے سوائے کوئی اور چیز مانع نہ ہوگی، اور جو شخص سوتے وقت بستر پر لیٹ کر آیۃ آیۃ الکرسی پڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو مع اس کے گھر کے آفات و بلیات سے محفوظ رکھتے ہیں اور اسی طرح اس کے پڑوس کے گھر کو اور اس کے اطراف کے گھر والوں کو بھی آفات و بلیات سے محفوظ رکھیں گے (اس کی روایت بیہقی نے شعب الایمان میں کی ہے۔

وَفِيْ شَرْحِ الْمُنْيَةِ وَمَا رُوِيَ مِنَ الْاَحَادِيْثِ فِي الْاَذْكَارِ عَقِيْبَ الصَّلٰوةِ فَلَا دَلَالَةَ فِيْهَا عَلَى الْاِتْيَانِ بِهَا عَقِيْبَ الْفَرْضِ قَبْلَ السُّنَّةِ بَلْ يُحْمَلُ عَلَى الْاِتْيَانِ بِهَا بَعْدَ السُّنَّةِ وَلَا يُخْرِجُهَا تَخَلُّلُ السُّنَّةِ بَيْنَهَا وَبَيْنَ الْفَرِيْضَةِ عَنْ كَوْنِهَا بَعْدَهَا وَعَقِيْبَهَا لِاَنَّ السُّنَّةَ مِنْ لَوَاحِقِ الْفَرِيْضَةِ وَتَوَابِعِهَا وَمُكَمِّلَاتِهَا

شرح منیہ میں نماز کے بعد ذکر اذکار کے متعلق ذکر کی گئی۔ احادیث میں فرض نماز کے بعد، سنتوں سے پہلے آیت کرسی پڑھنے کی دلیل نہیں پائی جاتی بلکہ سنتوں کے بعد ہی آیت الکرسی پڑھنے کی دلیل ملتی ہے صلاۃ،، یعنے نماز کے بعد آیۃ الکرسی پڑھنے کا ذکر ہے اور صلاۃ کا اطلاق فرض اور سنت دونوں پر ہوتا ہے اس سے معلوم ہوا کہ آیۃ الکرسی کو سنتوں کے بعد پڑھنا چاہیے۔ اسی طرح جن جن حدیثوں میں فرض نمازوں کے بعد وظائف اور اوراد پڑھنے کا ذکر ہے۔ وہاں بھی یہی مراد

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

فَلَمْ تَكُنْ اَجْنَبِيَّةً مِّنْهَا فَمَا يَفْعَلُ بَعْدَهَا يُطْلَقُ عَلَيْهِ اَنَّهُ فَعَلَ بَعْدَ الْفَرِيْضَةِ وَعَقِيْبَهَا۔ (اِنْتَهٰى)

ہے کہ ان وظائف کو سنتوں کے بعد ہی پڑھنا چاہیے اس لیے کہ سنتیں فرائض کے تابع ہیں، البتہ جن فرض نمازوں کے بعد سنتیں نہیں ہیں، وہاں آیۃ الکرسی یا دیگر وظائف کو فرض کے بعد ہی پڑھنا چاہیئے (ردالمحتار)

۱۳۳۵ / ۱۷ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاَنْ اَقْعُدَ مَعَ قَوْمٍ يَّذْكُرُوْنَ اللّٰهَ مِنْ صَلٰوةِ الْغَدَاةِ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ اَحَبُّ اِلَىَّ مِنْ اَنْ اَعْتِقَ اَرْبَعَةً مِّنْ وُّلْدِ اِسْمَاعِيْلَ وَلَاَنْ اَقْعُدَ مَعَ قَوْمٍ يَّذْكُرُوْنَ اللّٰهَ مِنْ صَلٰوةِ الْعَصْرِ اِلٰى اَنْ تَغْرُبَ الشَّمْسُ اَحَبُّ اِلَىَّ مِنْ اَنْ اَعْتِقَ اَرْبَعَةً (رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ)

قَالَ ابْنُ الْمَلَكِ اِطْلَاقُ الْاِرْقَاءِ وَالْعِتْقِ عَلَيْهِمْ عَلَى الْفَرْضِ وَالتَّقْدِيْرِ اِنْتَهٰى۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، مجھے حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد کے چار غلام آزاد کرتے سے یہ بات زیادہ پسند ہے کہ میں نماز صبح کے بعد سے طلوع آفتاب تک ان لوگوں کے ساتھ بیٹھا رہوں، جو اللہ تعالیٰ کے ذکر میں مشغول رہتے ہیں (اسی طرح) مجھے چار غلام آزاد کرنے سے یہ بات زیادہ پسند ہے کہ میں نماز عصر کے بعد غروب آفتاب تک ان لوگوں کے ساتھ بیٹھا رہوں جو اللہ تعالیٰ کے ذکر میں مشغول رہتے ہیں۔

(ابوداؤد)

۱۳۳۶ / ۱۸ وَعَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ بَعْثًا قِبَلَ نَجْدٍ فَغَنِمُوْا غَنَائِمَ كَثِيْرَةً وَاَسْرَعُوا الرَّجْعَةَ فَقَالَ رَجُلٌ مِّمَّا لَمْ يَخْرُجْ مَا رَاَيْنَا بَعْثًا اَسْرَعَ رَجْعَةً وَّلَا اَفْضَلَ غَنِيْمَةً مِنْ هٰذَا الْبَعْثِ فَقَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَا اَدُلُّكُمْ عَلٰى قَوْمٍ اَفْضَلَ غَنِيْمَةً وَّاَفْضَلَ رَجْعَةً قَوْمٌ شَهِدُوْا صَلٰوةَ الصُّبْحِ ثُمَّ جَلَسُوْا يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ حَتّٰى طَلَعَتِ الشَّمْسُ فَاُولٰٓئِكَ اَسْرَعُ رَجْعَةً وَّاَفْضَلُ غَنِيْمَةً رَوَاهُ التِّرْمِذِىُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ۔

حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نجد کی جانب ایک فوج روانہ فرمائی اس فوج نے بہت سا مال غنیمت حاصل کیا اور بہت جلد واپس آگئی، ہم میں سے ایک ایسے شخص نے جو اس فوج کے ساتھ نہیں گیا تھا کہا ہم نے اس لشکر سے زیادہ کسی لشکر کو اتنی جلدی واپس آتے اور اتنا زیادہ مال غنیمت لاتے نہیں دیکھا۔ اس پر نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، کیا میں تم لوگوں کو اس جماعت کا پتہ نہ دیدوں جو مال غنیمت لوٹنے میں بہتر اور واپس ہوتے میں اس سے بھی تیز تر ہو (دوستو) یہ لوگ ہیں جو صبح کی نماز میں حاضر ہوں (یعنی صبح کی نماز جماعت سے پڑھیں) پھر بیٹھ کر آفتاب طلوع ہوتے تک اللہ کا ذکر کرتے رہیں تو یہ لوگ اس سے جلد واپس آنے والے اور بہتر مال غنیمت حاصل کرنے والے ہیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

(ترمذی شریف)

ف: کیونکہ اُن لوگوں کو متاع دنیا ہاتھ لگی اور وہ ذاتی ہے اور ان کو تھوڑی دیر میں بہت ثواب عقبیٰ حاصل ہوا اور وہ باقی ہے)

۱۳۳۷
۱۹
وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلَّى الْفَجْرَ فِيْ جَمَاعَةٍ ثُمَّ قَعَدَ يَذْكُرُ اللّٰهَ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ ثُمَّ صَلّٰى رَكْعَتَيْنِ كَانَتْ لَهٗ كَاَجْرِ حَجَّةٍ وَّعُمْرَةٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَامَّةٍ تَامَّةٍ تَامَّةٍ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے فجر کی نماز جماعت سے ادا کی پھر مسجد ہی میں، بیٹھ کر سورج نکلنے تک اللہ کا ذکر کرتا رہا، (پھر سورج کے ایک نیزہ بلند ہونے پر) دو رکعت نماز پڑھ لی تو اس کو ایک حج اور ایک عمرہ کا ثواب ملے گا۔ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اس کو پورے حج اور عمرے کا ثواب ملے گا، اس کو پورے حج اور عمرے کا ثواب ملے گا، اس کو پورے حج اور عمرے کا ثواب ملے گا۔　　(ترمذی شریف)

ف: اوپر کی دونوں احادیث ۳۶، ۱۳۳۶ میں فجر کی نماز با جماعت پڑھنے کے بعد مسجد میں بیٹھ کر ذکر اذکار یا تلاوت قرآن مجید یا درس و تدریس کرنے اور دو رکعت نماز نفل اشراق پڑھنے کی فضیلت کے بارے میں ہے۔ یاد رہے کہ دو رکعت نماز نفل اشراق پڑھنے کا احادیث میں بہت ہی ثواب آیا ہے، پورے حج اور پورے عمرے کا ثواب اور جہاد سے غازی بن کر لوٹتے اور مال غنیمت ساتھ لے کر آنے کا جتنا ثواب ملتا ہے۔ اتنا ہی ثواب نماز اشراق پڑھنے والے کو ملتا ہے۔ نماز اشراق کا وقت سورج نکلنے کے بعد ایک نیزہ بلند ہونے تک ہے۔ یہ سارا وقت تقریباً بیس منٹ کا ہے۔ یعنی سورج نکلنے کے بیس منٹ بعد آدمی نوافل یا قضاء نماز پڑھ سکتا ہے۔ اگر کسی نمازی کی نیند سورج نکلنے سے چند لمحات قبل کھلی تو وہ ٹال مٹول کئے بغیر فی الفور وضو کر کے نماز فجر ادا کرے سنتیں یا نوافل وغیرہ سورج نکلنے کے بیس منٹ بعد ادا کرے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

بَابُ مَا لَا يَجُوْزُ مِنَ الْعَمَلِ فِي الصَّلٰوةِ وَمَا يُبَاحُ مِنْهُ

نماز کے جائز اور ناجائز اعمال کا بیان (یعنی نماز کے مفسدات، مکروہات اور مباہات کا بیان)

وَقَوْلُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ:

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قَانِتِيْنَ۔

اللہ (تعالیٰ) کے حضور ادب سے کھڑے ہو۔ (البقرہ ۲، آیت ۲۳۸)

ف :۔ اس آیت کریمہ سے نماز کے اندر قیام کا فرض ہونا ثابت ہوا۔ (خزائن العرفان)

وَقَوْلُهٗ:

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے

اَلَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خَاشِعُوْنَ۔

وہ جو اپنی نماز میں گڑگڑاتے ہیں۔ (المؤمنون ۲۳، آیت ۲)

ف :۔ ان کے دلوں میں خدا تعالیٰ کا خوف ہوتا ہے اور ان کے اعضاء ساکن ہوتے ہیں۔ بعض مفسرین فرماتے ہیں کہ نماز میں خشوع یہ ہے کہ اس میں دل لگا ہو اور دنیا سے توجہ ہٹی ہو اور نظر نمازی کے آگے سے باہر نہ جائے اور وہ گوشۂ چشم سے کسی طرف نہ دیکھے، اور کوئی عبث کام نہ کرے اور کوئی کپڑا شانوں پر نہ لٹکائے اس طرح کہ اس کے دونوں کنارے لٹکتے ہوں اور آپس میں نہ ملے ہوں اور انگلیاں نہ چٹخائے اور اس قسم کی حرکات سے باز رہے۔ بعض نے فرمایا خشوع یہ ہے کہ آسمان کی طرف نظر نہ اٹھائے۔ (خزائن العرفان)

۱۳۳۸ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ الْحَكَمِ قَالَ بَيْنَا اَنَا اُصَلِّيْ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ عَطَسَ رَجُلٌ مِّنَ الْقَوْمِ فَقُلْتُ يَرْحَمُكَ اللّٰهُ فَرَمَانِي الْقَوْمُ بِاَبْصَارِهِمْ فَقُلْتُ وَا ثُكْلَ اُمِّيَاهُ مَا شَاْنُكُمْ تَنْظُرُوْنَ اِلَيَّ فَجَعَلُوْا يَضْرِبُوْنَ بِاَيْدِيْهِمْ عَلٰى اَفْخَاذِهِمْ فَلَمَّا رَاَيْتُهُمْ يُصَمِّتُوْنَنِيْ لٰكِنِّيْ سَكَتُّ فَلَمَّا صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبِاَبِيْ هُوَ وَاُمِّيْ مَا رَاَيْتُ مُعَلِّمًا قَبْلَهٗ وَلَا بَعْدَهٗ اَحْسَنَ تَعْلِيْمًا مِّنْهُ فَوَاللّٰهِ مَا كَهَرَنِيْ وَلَا ضَرَبَنِيْ وَلَا

حضرت معاویہ بن الحکم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے انھوں نے کہا کہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھ رہا تھا، اتفاق سے جماعت میں سے ایک شخص کو چھینک آئی جس کے جواب میں میں نے "یرحمک اللہ" کہا تو لوگوں نے مجھے (آنکھ پھیر کر بغیر چہرہ پلٹائے) گھور کر دیکھا میں نے کہا افسوس! تم مجھے کیوں گھور کر دیکھ رہے ہو! یہ سن کر لوگ اپنی رانوں پر ہاتھ مارنے لگے جب میں نے دیکھا کہ یہ لوگ مجھے خاموش کرانا چاہتے ہیں غصہ تو بہت آیا لیکن میں خاموش ہو گیا (اور جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز سے فارغ ہوئے تو میں نے عرض کیا! میرے ماں باپ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام) پر قربان! میں نے کسی کو

www.waseemziyai.com
MARKAZUL-ULOOMIL ISLAMIA ACADEMY

شَتَمَنِیْ قَالَ اِنَّ هٰذِهِ الصَّلٰوةَ لَا يَصْلُحُ فِيْهَا شَیْءٌ مِّنْ كَلَامِ النَّاسِ اِنَّمَا هِیَ التَّسْبِيْحُ وَالتَّكْبِيْرُ وَقِرَاءَةُ الْقُرْاٰنِ اَوْ كَمَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّیْ حَدِيْثُ عَهْدٍ بِجَاهِلِيَّةٍ وَقَدْ جَاءَ نَا اللّٰهُ بِالْاِسْلَامِ وَاِنَّ مِنَّا رِجَالًا يَاْتُوْنَ الْكُهَّانَ قَالَ فَلَا تَاْتِهِمْ قُلْتُ وَمِنَّا رِجَالٌ يَتَطَيَّرُوْنَ قَالَ ذَاكَ شَیْءٌ يَجِدُوْنَهٗ فِیْ صُدُوْرِهِمْ فَلَا يَصُدَّنَّهُمْ قَالَ قُلْتُ وَمِنَّا رِجَالٌ يَخُطُّوْنَ قَالَ كَانَ نَبِیٌّ مِّنَ الْاَنْبِيَاءِ يَخُطُّ فَمَنْ وَّافَقَ خَطَّهٗ فَذَاكَ ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

وَقَالَ الشَّافِعِیُّ وَفِيْهِ اِنَّ كَلَامَ الْجَاهِلِ بِالْحُكْمِ لَا يُبْطِلُ الصَّلٰوةَ اِذْ لَمْ يَاْمُرْهُ بِاِعَادَةِ الصَّلٰوةِ ۔

حضور (علیہ الصلوٰۃ والسلام) سے قبل، نہ بعد کبھی آپ سے بہتر تعلیم دینے والا نہ دیکھا، خدا کی قسم! حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے نہ مجھے جھڑکا، نہ مارا، اور نہ برا بھلا کہا، بلکہ ارشاد فرمایا یہ نماز ہے اس میں کوئی بات لوگوں کی گفتگو کی قسم سے ٹھیک نہیں، نہ عمداً نہ سہواً نہ اصلاح تکبیر اور قراۃ قرآن (اور انہی کے مشابہ اعمال) کا نام ہے، میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں ایسے لوگوں میں سے ہوں جو ابھی ابھی اسلام لائے ہیں اور عہد جاہلیت سے میرا زمانہ قریب ہی ہے، اللہ تعالیٰ نے ہم کو اسلام سے سرفراز فرمایا ہم میں سے بعض لوگ کاہنوں کے پاس جایا کرتے ہیں، حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا! تم نہ جایا کرو پھر میں نے عرض کیا، ہم میں سے بعض لوگ شگون لیتے ہیں، حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا! یہ محض ان کے دلوں کا وہم ہے اس لیے ان کو شگون کی وجہ سے کام سے نہیں رکنا چاہیئے۔ معاویہ بن الحکم (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے کہا میں نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے عرض کیا کہ ہم میں سے بعض لوگ (علم جفر کے ذریعہ) لکیریں کھینچ کر کچھ حال معلوم کر لیا کرتے ہیں، تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ ایک نبی (علم جفر کی) لکیریں کھینچا کرتے تھے (جن کا یہ معجزہ تھا) اب جس شخص کی لکیریں ان کی لکیروں کے موافق ہوں گی تو اس کے لیے مباح ہے۔

(مسلم)

امام شافعی فرماتے ہیں جاہل کا نماز میں کلام کرنے کا حکم یہ ہے کہ اس کی نماز باطل نہیں ہوتی، کیونکہ اس صحابی کو حضور علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے اعادہ نماز کا حکم نہیں دیا تھا۔ (یہ حکم امام شافعی کے نزدیک ہے، حنفیوں کے نزدیک ایسے آدمی کی نماز ٹوٹ جاتی ہے۔)

اس حدیث شریف میں ارشاد ہے اِنَّ هٰذِهِ الصَّلٰوةَ لَا يَصْلُحُ فِيْهَا شَیْءٌ مِّنْ كَلَامِ النَّاسِ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

وَقَالَ عَلِيُّ بْنُ الْقَارِيُّ وَإِطْلَاقُ الْحَدِيْثِ دَلِيْلٌ لَنَا فِيْ أَنَّ الْكَلَامَ مُطْلَقًا يُبْطِلُ الصَّلَاةَ كَمَا ذَكَرَهُ فِي الْهِدَايَةِ انْتَهٰى۔

یہ نماز ہے اس میں کلام الناس یعنی لوگوں سے بات چیت (کسی طرح) ٹھیک نہیں، اس بارے میں ملا علی قاری رحمۃ اللہ نے فرمایا ہے کہ حدیث میں لوگوں سے گفتگو کی نماز میں ممانعت مطلقاً مذکور ہے کہ جس میں عمداً یا سہواً واقف سے ہو یا ناواقف سے ہو کسی قسم کی قید نہیں ہے اور اس طرح مطلقاً ممانعت میں ہمارے لیے اس بات کی دلیل ہے کہ نماز میں لوگوں کا کلام کرنا (گفتگو) عمداً ہو یا سہواً، اصلاح نماز کے لیے ہو یا کسی اور غرض کے لیے واقف شخص سے ہو یا ناواقف شخص سے یہ سب نماز کو باطل کر دیتے ہیں، جیسا کہ ہدایہ میں مذکور ہے اس لئے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس ناواقف شخص سے نماز کے بعد ارشاد فرمایا کہ نماز ایسی چیز ہے کہ اس میں کسی قسم کی لوگوں سے گفتگو کسی طرح بھی ٹھیک نہیں اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا یہ ارشاد مطلق ہونے کی وجہ سے ایسا ہی نماز کے منافی اور مفسد ہے جیسا کہ نماز میں کھانا پینا نماز کے منافی اور مفسد ہے۔

ف: صاحب عنایۃ نے لکھا ہے کہ اس حدیث شریف کے الفاظ إِنَّ هٰذِهِ الصَّلَاةَ لَا يَصْلُحُ فِيْهَا شَيْءٌ مِّنْ كَلَامِ النَّاسِ سے صراحت کے ساتھ معلوم ہوتا ہے کہ نماز کی ہیئت ہی ایسی ہے کہ اس میں کلام الناس یعنی لوگوں سے بات چیت کا نہ ہونا ایسا ہی ضروری ہے جیسا کہ نماز میں طہارت کا ہونا ضروری ہے، تو جس طرح بغیر طہارت کے نماز جائز نہیں ہوتی، اسی طرح کلام الناس سے بھی نماز جائز نہیں ہوتی اور یہ ایک واضح بات ہے (عنایۃ کی عبارت یہاں ختم ہوئی)

وَفِيْ جَامِعِ الْآثَارِ عُمُوْمُ شَيْءٍ لِكَوْنِهٖ نَكِرَةً وَّوُقُوْعُهٗ تَحْتَ النَّفْيِ يَشْمَلُ كُلَّ كَلَامٍ بِأَيِّ وَجْهٍ كَانَ انْتَهٰى۔

جامع الآثار میں لکھا ہے کہ یہ مسئلہ قاعدہ ہے کہ نکرہ جب نفی کے تحت واقع ہوتا ہے تو اس سے عموم کا فائدہ حاصل ہوتا ہے اس قاعدہ کو پیش نظر رکھ کر حدیث شریف کے الفاظ إِنَّ هٰذِهِ الصَّلَاةَ لَا يَصْلُحُ فِيْهَا شَيْءٌ مِّنْ كَلَامِ النَّاسِ۔ پر غور کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ لفظ "شَیْءٌ" نکرہ ہے اور نفی یعنی "لَا يَصْلُحُ" کے تحت واقع ہے جس سے وضاحت کے ساتھ ثابت ہو گیا کہ ہر قسم کا کلام الناس عمداً ہو کہ سہواً واقف شخص سے ہو یا ناواقف شخص سے نماز

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کے منافی اور مفسد ہوگا (جامع الآثار کی عبارت یہاں ختم ہوئی۔

اب رہی یہ بات کہ پھر کس وجہ سے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس صحابی کو نماز کے لوٹانے کا حکم نہیں دیا تو اس بارے میں امام طحاوی رحمہ اللہ نے فرمایا ہے کہ حدیث شریف میں

وَقَالَ الطَّحَاوِيُّ فَإِنْ سَأَلَ سَائِلٌ عَنِ الْمَعْنَى الَّذِي لَهُ لَمْ يَأْمُرْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُعَاوِيَةَ بْنَ الْحَكَمِ بِإِعَادَةِ الصَّلٰوةِ لَمَّا تَكَلَّمَ فِيْهَا۔

اس صحابی کو نماز کے لوٹانے کے حکم کا ذکر نہ ہونا اس بات کی دلیل نہیں ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس صحابی کو واقعۃً نماز کے لوٹانے کا حکم نہیں دیا امام طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اس بات کا امکان ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس صحابی کو نماز کے لوٹانے کا حکم تو دیا ہو لیکن انھوں نے اس حدیث میں اس کا ذکر نہیں کیا (امام طحاوی کی عبارت یہاں ختم ہوئی)

ف: امام طحاوی رحمہ اللہ کے اس قول کی تائید ترمذی کے قول اور حضرت زید ابن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اس حدیث سے بھی ہوتی ہے، جس کی روایت خود ترمذی نے اس طرح کی ہے۔

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ ہم نماز میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیچھے اس طرح بات چیت کر لیا کرتے تھے کہ ایک ساتھی اپنے پاس والے ساتھی سے گفتگو کر لیا کرتا تھا، یہاں تک کہ یہ آیت نازل ہوئی، « قُوْمُوْا لِلّٰهِ قَانِتِيْنَ » (نماز میں اللہ کے سامنے خاموش ہو کر کھڑے رہو) پھر ہم لوگوں کو خاموشی اختیار کرنے کا حکم دیا گیا۔ اور بولنے سے منع کیا گیا۔

امام ترمذی اس حدیث کی روایت کر کے فرماتے ہیں کہ حضرت زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اکثر اہل علم کا اسی پر عمل ہے اور سب علماء کہتے ہیں کہ جو شخص نماز میں جان بوجھ کر یا بھول کر بات کرے تو وہ نماز کو لوٹائے امام سفیان ثوری اور امام ابن مبارک کا یہی قول ہے (ترمذی کی عبارت یہاں ختم ہوئی)

خلاصہ بحث یہ ہے کہ امام طحاوی رحمہ اللہ نے حضرت معاویہ بن الحکم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو نماز کے اعادہ کا حکم فرمانا ممکن بتلایا ہے لیکن ترمذی کے اس مذکورہ قول سے معلوم ہوتا ہے کہ نماز کے اعادہ کا حکم یقیناً ہوا ہوگا۔

۱۳۳۹/۲ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

كُنَّا نُسَلِّمُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِي الصَّلٰوةِ قَبْلَ اَنْ نَّأْتِيَ اَرْضَ الْحَبَشَةِ فَيَرُدُّ عَلَيْنَا فَلَمَّا رَجَعْنَا مِنْ اَرْضِ الْحَبَشَةِ اَتَيْتُهُ فَوَجَدْتُهُ يُصَلِّيْ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيَّ حَتّٰى اِذَا قَضٰى صَلٰوتَهُ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ يُحْدِثُ مِنْ اَمْرِهٖ مَا يَشَآءُ وَاِنَّ مِمَّا اَحْدَثَ اَنْ لَّا تَتَكَلَّمُوْا فِي الصَّلٰوةِ فَرَدَّ عَلَيَّ السَّلَامَ وَقَالَ اِنَّمَا الصَّلٰوةُ لِقِرَاءَةِ الْقُرْاٰنِ وَذِكْرِ اللّٰهِ فَاِذَا كُنْتَ فِيْهَا فَلْيَكُنْ ذٰلِكَ شَاْنَكَ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ)

ہے انھوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں ہوتے تھے اور ہم حضور (علیہ الصلوٰۃ والسلام) کو سلام کیا کرتے تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمیں نماز ہی میں سلام کا جواب دیدیا کرتے تھے اور یہ ہمارے حبشہ جانے سے پہلے کیا کرتے تھے اور جب ہم حبشہ کی سرزمین سے واپس ہوئے تو میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت میں حاضر ہوا اور میں نے آپ کو نماز پڑھتے پایا عادت کے موافق میں نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو سلام کیا تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے سلام کا جواب نہیں دیا، جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نماز ختم کی تو فرمایا کہ اللہ تعالیٰ جو بھی نیا حکم دینا چاہتے ہیں دیتے ہیں اور منجملہ ان احکام کے ایک نیا حکم یہ دیا ہے کہ تم نماز کی حالت میں بات چیت نہ کیا کرو، یہ فرما کر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے میرے سلام کا جواب دیا اور یہ بھی فرمایا کہ نماز صرف قراءۃ قرآن اور ذکر اللہ کے لیے ہے لہٰذا تم نماز کی حالت میں انہی چیزوں میں مشغول رہا کرو

(ابوداؤد)

۱۳۴ وَعَنْهُ قَالَ كُنَّا نُسَلِّمُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِي الصَّلٰوةِ فَيَرُدُّ عَلَيْنَا فَلَمَّا رَجَعْنَا مِنْ عِنْدِ النَّجَاشِيِّ سَلَّمْنَا عَلَيْهِ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْنَا فَقُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كُنَّا نُسَلِّمُ عَلَيْكَ فِي الصَّلٰوةِ فَتَرُدُّ عَلَيْنَا فَقَالَ اِنَّ فِي الصَّلٰوةِ لَشُغْلًا

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے انھوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز میں ہوتے اور ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو سلام کیا کرتے تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام بحالت نماز ہم کو سلام کا جواب دیا کرتے تھے لیکن جب ہم نجاشی کے پاس سے واپس ہو کر خدمت اقدس میں حاضر ہوئے (تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام) نماز میں تھے اور ہم نے آپ کو سلام کیا تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ہم کو سلام کا جواب نہیں دیا (نماز کے بعد) ہم نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پہلے ہم آپ کو نماز کی حالت میں سلام کیا کرتے تھے تو آپ ہمارے سلام کا جواب دیا کرتے تھے (مگر اس دفعہ ہم کو جواب نہ ملا) تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ یقیناً نماز

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

میں خود ہی بڑی مشغولیت رہتی ہے (اس لیے دوسری طرف متوجہ ہونا نہیں چاہیئے)

(بخاری اور مسلم)

۱۳۴۱ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ كُنَّا نَتَكَلَّمُ فِي الصَّلٰوةِ يُكَلِّمُ الرَّجُلُ صَاحِبَهٗ وَهُوَ عَلٰى جَنْبِهٖ فِي الصَّلٰوةِ حَتّٰى نَزَلَتْ وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قَانِتِيْنَ فَاَمَرَنَا بِالسُّكُوْتِ وَنُهِيْنَا عَنِ الْكَلَامِ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، انھوں نے کہا کہ پہلے ہم نماز میں بات چیت کر لیا کرتے تھے، ایک نمازی اپنے بازو والے نمازی سے نماز میں بات کیا کرتا تھا (اور کوئی ممانعت نہ تھی) مگر آیت وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قَانِتِيْنَ (اللہ کے سامنے خاموش کھڑے رہو) کے نزول کے بعد ہم کو نماز میں خاموش رہنے کا حکم ہو گیا اور نماز میں بات چیت کرنے کی ممانعت کر دی گئی۔

(مسلم)

وَفِي اَنْجَامِعِ الْاٰثَارِ اِطْلَاقُ الْكَلَامِ وَكَذَا كَوْنُهٗ مُنَافِيًا لِشُغْلِ الصَّلٰوةِ يَعُمُّ كُلَّ كَلَامٍ اِنْتَهٰى۔

جامع الآثار میں کہا ہے کہ اس حدیث میں وَنُهِيْنَا عَنِ الْكَلَامِ یعنے ہم کو (نماز میں) بات چیت کرنے سے منع کیا گیا کا ارشاد مطلق ہے کہ اس میں عمداً سہواً واقف شخص سے ہو یا ناواقف شخص سے ہو، اصلاح نماز کے لیے ہو یا کسی اور غرض سے کسی قسم کی قید نہیں ہے، اس لیے نماز میں بات کرنے کی ممانعت ہر قسم کے کلام سے متعلق ہوگی۔ ۱۲

ف نماز کی حالت میں مقتدی امام کی غلطی پر اسے مطلع کر سکتا ہے اگر قرأت کی غلطی ہے تو قرأت بتائے گا، اگر قیام، رکوع سجود، قومہ، جلسہ وغیرہ کی غلطی ہے تو سبحان اللہ، اللہ اکبر کے الفاظ سے یاد دلائے گا۔ مقتدی کے علاوہ خارج نماز اگر کوئی شخص غلطی بتائے تو یہ مکروہ ہے اگر امام قبول کرے تو سب کی نماز باطل دوبارہ پڑھنا واجب اگر امام کو قعدہ اولیٰ میں اپنی عادت سے دیر لگی، اور مقتدی نے بے خیال اس امر کے کہ امام کو سہو ہوا ہوگا تکبیر بآواز بلند، بنا بر اطلاع امام کہی تو نماز مقتدی کی فاسد ہوئی یا نہیں؟

اس سوال کا جواب دیتے ہوئے فاضل بریلوی امام احمد رضا رحمہ اللہ تعالیٰ اقوال فقہاء کی روشنی میں ارشاد فرماتے ہیں کہ "ہمارے امام رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نزدیک اصل ان مسائل میں یہ ہے کہ بتانا اگرچہ لفظاً قرأت یا ذکر مثلاً تسبیح و تکبیر ہے، اور یہ سب اجزا واذکار نماز سے ہیں مگر معنیً کلام ہے کہ اس کا حاصل امام سے خطاب کرنا اور اسے سکھانا ہوتا ہے یعنی تو بھولا اس کے بعد تجھے یہ کرنا چاہیئے، بر ظاہر کہ اس سے یہی غرض مراد ہوتی ہے اور سامع کو بھی یہی معنی مفہوم تو اس کے کلام ہونے میں کیا شک رہا، اگرچہ صورۃً قرآن یا ذکر۔

لہٰذا اگر نماز میں کسی یحیٰی نامی کو خطاب کی نیت سے یہ آیہ کریمہ (يَا يَحْيٰى خُذِ الْكِتَابَ بِقُوَّةٍ ،، (اے یحیٰی

مضبوطی سے کتاب پکڑ) پڑھی، بالاتفاق نماز جاتی رہی، حالانکہ وہ حقیقۃً قرآن ہے، اس بناء پر قیاس یہ تھا کہ مطلقاً بتانا اگرچہ برمحل ہو، مفسد نماز ہو کہ جب وہ بلحاظ معنی کلام ٹھہرا تو بہرحال اِفساد نماز کرے گا، مگر حاجت اصلاح نماز کے وقت یا جہاں خاص نص وارد ہے، ہمارے آئمہ نے اس قیاس کو ترک فرمایا اور بحکم استحسان جس کے اعلیٰ وجوہ سے نص وضرورت ہے، جواز کا حکم دیا۔

لہٰذا صحیح یہ ہے کہ جب امام قرأت میں بھولے، مقتدی کو مطلقاً بتانا روا، اگرچہ قدر واجب پڑھ چکا ہو، اگرچہ ایک سے دوسرے کی طرف انتقال ہی کیا ہو کہ صورت اولیٰ میں گو واجب ادا ہو چکا، مگر احتمال ہے کہ رُکتے اُلجھنے کے سبب کوئی لفظ اس کی زبان سے ایسا نکل جائے جو مفسد نماز ہو۔ لہٰذا مقتدی کو اپنی نماز درست رکھنے کے لیے بتانے کی حاجت ہے۔

بعض عوام حفاظ کو مشاہدہ کیا گیا کہ جب تراویح میں بھولے اور یاد نہ آیا تو این وآں یا اور اسی کی قسم الفاظ بے معنی اس کی زبان سے نکلے اور فساد نماز کا باعث ہوئے اور صورت ثانیہ میں اگرچہ جب قراءت رواں ہے تو صرف آیت چھوٹ جانے سے فساد نماز کا اندیشہ نہ ہو مگر اس بات میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے نص وارد ہے۔

اگر کوئی آدمی مکان میں آنے کا اذن مانگے اور یہ (حالت نماز میں ہو) اس غرض سے کہ اسے (آنے والے کو) نماز میں ہونا معلوم ہو جائے تسبیح، یا تکبیر، یا تہلیل کہے تو نماز فاسد نہ ہوگی کہ اس بارے میں بھی حدیث وارد ہے وَهُوَ عَلٰى مَا ذَكَرَ عُلَمَاءُنَا فِي الْهِدَايَةِ وَالْكَافِي وَالتَّبْيِيْنِ وَالْفَتْحِ وَالْغُنْيَةِ وَالْبَحْرِ وَغَيْرِهَا حَدِيْثُ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ نَابَهٗ شَيْءٌ فِيْ صَلٰوتِهٖ فَلْيُسَبِّحْ أَخْرَجَهُ الشَّيْخَانِ وَغَيْرُهُمَا۔ (حضرت سہل بن سعد روایت کرتے ہیں حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جسے اپنی نماز میں کوئی شئی یا معاملہ پیش آئے تو وہ تسبیح کہہ لے) فاضل بریلوی فرماتے ہیں کہ میں کہتا ہوں اس بارے میں زیادہ قریب وہ روایت ہے جو امام احمد نے اپنی مسند میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے مروی ہے قَالَ كَانَ لِيْ سَاعَةٌ مِّنَ السَّحَرِ اَدْخُلُ فِيْهَا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِنْ كَانَ قَائِمًا يُصَلِّيْ سَبَّحَ لِي الْحَدِيْث۔ (حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے لیے دن میں ایک وقت مقرر تھا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہونے لگا تو اگر آپ اس وقت حالت نماز میں ہوتے تو میرے لیے تسبیح کہہ دیتے)

بس جو بتانا حاجت ونص کے مواضع سے جدا ہو وہ بے شک اصل قیاس پر جاری رہے گا کہ وہاں اس کے حکم کا کوئی معارض نہیں، اس لیے اگر غیر نمازی یا دوسرے نماز کو جو اس کی نماز میں شریک نہیں یا ایک مقتدی دوسرے مقتدی یا امام کسی مقتدی کو بتائے، قطعاً نماز قطع ہو جائے گی کہ اس کی غلطی سے اس کی نماز میں کچھ خلل نہ آتا تھا، جو اسے حاجت اصلاح ہوتی تو بے ضرورت واقع ہوا اور نماز گئی، بخلاف امام کہ اس کی نماز کا خلل بعینہٖ مقتدی کی نماز کا خلل ہے تو اس کا بتانا اپنی نماز کا بنانا ہے۔ (فتاوی رضویہ ۳/۴۰۲)

امام کو فوراً غلطی بتانا مکروہ ہے ردالمحتار میں ہے يُكْرَهُ اَنْ يَّفْتَحَ مِنْ سَاعَتِهٖ ہاں! اگر وہ غلطی پر رواں ہو جائے تو اب نظر کریں اگر غلطی مفسد معنی ہے جس سے نماز فاسد ہو تو بتانا لازم اگر سامع کے خیال میں نہ آئے تو ہر مسلمان عالم کا حق ہے کہ بتائے۔ اور اگر مفسد معنی نہیں تو بتانا کچھ ضرور نہیں بلکہ نہ بتانا ضرور ہے۔

MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَقَدِ ابْتَدَرَهَا بِضْعَةٌ وَّثَلَاثُوْنَ مَلَكًا اَيُّهُمْ يَصْعَدُ بِهَا۔

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ

تعریف کرنے والے سے راضی ہو جائے) جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز سے فارغ ہو کر پلٹے تو ارشاد فرمایا کہ نماز میں چھینک کے بعد ان کلمات کا کہنے والا کون تھا، اس ارشاد کو سن کر کسی نے کچھ نہ کہا، حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے دوبارہ دریافت فرمایا تو بھی کسی نے کچھ نہ کہا، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پھر تیسری دفعہ دریافت فرمایا تو حضرت رفاعہ نے عرض کیا، کہنے والا میں تھا یا رسول اللہ! اس پر نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ وقدرت میں میری جان ہے تیس[۳] سے زائد فرشتے ان کلمات کی طرف دوڑے اور ان میں سے ہر ایک کی کوشش یہ تھی کہ ان کلمات کو لے کر میں آسمان پر چڑھوں

(ترمذی، ابو داؤد، اور نسائی)

قَالَ ابْنُ الْمَلِكِ يَدُلُّ الْحَدِيْثُ عَلٰى جَوَازِ الْحَمْدِ لِلْعَاطِسِ فِي الصَّلٰوةِ يَعْنِيْ عَلَى الصَّحِيْحِ الْمُعْتَمَدِ بِخِلَافِ رِوَايَةِ الْبُطْلَانِ فَاِنَّهَا شَاذَّةٌ لٰكِنَّ الْاَوْلٰى اَنْ يَّحْمَدَ فِيْ نَفْسِهٖ اَوْ يَسْكُتَ خُرُوْجًا مِّنَ الْخِلَافِ عَلٰى مَا فِيْ شَرْحِ الْمُنْيَةِ وَالْحَدِيْثُ يُمْكِنُ حَمْلُهٗ عَلٰى مَا قَبْلَ نَسْخِ الْكَلَامِ فِي الصَّلٰوةِ كَذَا فِي الْمِرْقَاتِ۔

ابن الملک نے کہا ہے کہ یہ حدیث اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ نماز کی حالت میں نمازی کو چھینک آجائے تو اس کے لیے جائز ہے کہ وہ زبان سے الحمد للہ کہے لیکن اولیٰ یہ ہے کہ نمازی چھینک آنے پر الحمد للہ دل سے کہے یا خاموشی اختیار کرے، ممکن ہے حدیث کا حمل نماز میں کلام کے منسوخ ہونے سے پہلے پر ہو اسی طرح مرقات میں مذکور ہے۔

۱۳۲۴ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ نَّابَهٗ شَيْءٌ فِيْ صَلَاتِهٖ فَلْيُسَبِّحْ فَاِنَّمَا التَّصْفِيْقُ لِلنِّسَاءِ وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ التَّسْبِيْحُ لِلرِّجَالِ وَالتَّصْفِيْقُ لِلنِّسَاءِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس کسی کو نماز میں کوئی ایسی چیز پیش[۱] آئے جس سے نمازی کو اپنے نماز میں ہونے کی اطلاع دینے کی ضرورت پڑے، تو سبحان اللہ کہہ کر اپنا نماز میں ہونا معلوم کرائے[۲]، عورتیں دستک دے کر اپنا نماز میں

---

[۱] (مثلاً نمازی کو کوئی باہر بلا دے یا نمازی سے گھر میں آنے کی اجازت طلب کرے، یا واقفیت سے کوئی نمازی کے سامنے سے گزرنا چاہے) [۲] یہ طریقہ مردوں کے لیے ہے اور ایسی صورت میں)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

۱۳۴۲/۵ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قُلْتُ لِبِلَالٍ كَيْفَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرُدُّ عَلَيْهِمْ حِيْنَ كَانُوْا يُسَلِّمُوْنَ عَلَيْهِ وَهُوَ فِي الصَّلٰوةِ قَالَ كَانَ يُشِيْرُ بِيَدِهٖ

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

وَرِوَايَةُ النَّسَآئِيِّ نَحْوُهٗ وَعِوَضُ بِلَالٍ صُهَيْبٌ۔

وَقَالَ فِيْ شَرْحِ الْمُنْيَةِ يُكْرَهُ اَنْ يَّرُدَّ الْمُصَلِّيُّ السَّلَامَ بِالْاِشَارَةِ بِيَدِهٖ اَوْ رَاْسِهٖ فَيَتَعَيَّنُ حَمْلُ هٰذَا الْحَدِيْثِ عَلٰى مَا قَبْلَ نَسْخِ الْكَلَامِ فَاِنَّ الْاِشَارَةَ فِيْ مَعْنَاهُ كَذَا فِي الْمِرْقَاتِ وَصَرَّحَ فِي الْمُنْيَةِ بِاَنَّهٗ مَكْرُوْهٌ اَيْ تَنْزِيْهًا وَفِعْلُهٗ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ لِتَعْلِيْمِ الْجَوَازِ فَلَا يُوْصَفُ فِعْلُهٗ بِالْكَرَاهَةِ كَمَا حَقَّقَهٗ فِي الْحِلْيَةِ

۱۳۴۳/۶ وَعَنْ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعٍ قَالَ صَلَّيْتُ خَلْفَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَطَسْتُ فَقُلْتُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُّبَارَكًا فِيْهِ مُبَارَكًا عَلَيْهِ كَمَا يُحِبُّ رَبُّنَا وَيَرْضٰى فَلَمَّا صَلّٰى رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ انْصَرَفَ فَقَالَ مَنِ الْمُتَكَلِّمُ فِي الصَّلٰوةِ فَلَمْ يَتَكَلَّمْ اَحَدٌ ثُمَّ قَالَهَا الثَّانِيَةَ فَلَمْ يَتَكَلَّمْ اَحَدٌ ثُمَّ قَالَهَا الثَّالِثَةَ

فَقَالَ رِفَاعَةُ اَنَا يَا رَسُوْلَ اللهِ فَقَالَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے انھوں نے کہا کہ میں نے حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے دریافت کیا کہ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز میں ہوتے اور لوگ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اسی حالت میں سلام کرتے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان کو کس طرح سلام کا جواب دیا کرتے تھے؟ تو حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جواب دیا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے ہاتھ کے اشارہ سے جواب دیتے تھے۔ (ترمذی) نسائی کی روایت بھی اسی طرح ہے اور اس میں حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بجائے حضرت صہیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا نام ہے)

شرح منیہ میں کہا ہے کہ نمازی کا ہاتھ یا سر کے اشارہ سے سلام کا جواب دینا مکروہ ہے، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اشارہ سے سلام کا جواب دینے کی یہ حدیث اس زمانہ سے متعلق ہے جب کہ نماز میں بات چیت کرنا منسوخ نہیں ہوا تھا اور جب نماز میں بات چیت کرنا منسوخ ہوگیا تو نماز میں اشارہ سے سلام کا جواب دینا بھی منسوخ ہو جائے گا کیونکہ اشارہ بھی کلام کی طرح ہے، یہ مرقات میں مذکور ہے۔ ۱۲

[illegible]

حضرت رفاعہ بن رافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے انھوں نے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیچھے نماز پڑھی (نماز کی حالت میں) مجھے چھینک آگئی تو میں نے کہا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُّبَارَكًا فِيْهِ مُبَارَكًا كَمَا يُحِبُّ رَبُّنَا وَيَرْضٰى ------ (سب تعریف اللہ کے لیے ہے ایسی تعریف جو کہ کثرت سے کی جائے، جو ریاء سے پاک ہو اور خلوص سے کی جائے، جس میں برکت ہی برکت ہو، اور جو تعریف کرنے والے کے لیے بھی باعث برکت ہو، ایسی تعریف جس کو ہمارا پروردگار پسند فرمائے اور

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهٖ لَقَدِ ابْتَدَرَهَا بِضْعَةٌ وَّ ثَلَاثُوْنَ مَلَكًا اَيُّهُمْ يَصْعَدُ بِهَا.

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ)

تعریف کرنے والے سے راضی ہو جائے) جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز سے فارغ ہو کر پلٹے تو ارشاد فرمایا کہ نماز میں چھینک کے بعد ان کلمات کا کہنے والا کون تھا، اس ارشاد کو سن کر کسی نے کچھ نہ کہا، حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے دوبارہ دریافت فرمایا تو بھی کسی نے کچھ نہ کہا، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پھر تیسری دفعہ دریافت فرمایا تو حضرت رفاعہ نے عرض کیا، کہنے والا میں تھا یا رسول اللہ! اس پر نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے تیس[۳] سے زائد فرشتے ان کلمات کی طرف دوڑے اور ان میں سے ہر ایک کی کوشش یہ تھی کہ ان کلمات کو لے کر میں آسمان پر چڑھوں

(ترمذی، ابو داؤد، اور نسائی)

قَالَ ابْنُ الْمَلِكِ يَدُلُّ الْحَدِيْثُ عَلَى جَوَازِ الْحَمْدِ لِلْعَاطِسِ فِي الصَّلٰوةِ يَعْنِي عَلَى الصَّحِيْحِ الْمُعْتَمِدِ بِخِلَافِ رِوَايَةِ الْبُطْلَانِ فَاِنَّهَا شَاذَّةٌ لٰكِنَّ الْاَوْلٰى اَنْ يَّحْمَدَ فِي نَفْسِهٖ اَوْ يَسْكُتَ خُرُوْجًا مِّنَ الْخِلَافِ عَلَى مَا فِي شَرْحِ الْمُنْيَةِ وَالْحَدِيْثُ يُمْكِنُ حَمْلُهٗ عَلَى مَا قَبْلَ نَسْخِ الْكَلَامِ فِي الصَّلٰوةِ كَذَا فِي الْمِرْقَاتِ.

ابن الملک نے کہا ہے کہ یہ حدیث اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ نماز کی حالت میں نمازی کو چھینک آجائے تو اس کے لیے جائز ہے کہ وہ زبان سے الحمد للہ کہے لیکن اولیٰ یہ ہے کہ نمازی چھینک آنے پر الحمد للہ دل سے کہے یا خاموشی اختیار کرے، ممکن ہے حدیث کا حمل نماز میں کلام کے منسوخ ہونے سے پہلے پر ہو اسی طرح مرقات میں مذکور ہے۔

۱۳۲۴ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ نَّابَهٗ شَيْءٌ فِي صَلَاتِهٖ فَلْيُسَبِّحْ فَاِنَّمَا التَّصْفِيْقُ لِلنِّسَاءِ وَفِي رِوَايَةٍ قَالَ التَّسْبِيْحُ لِلرِّجَالِ وَالتَّصْفِيْقُ لِلنِّسَاءِ.

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس کسی کو نماز میں کوئی ایسی چیز پیش[۱] آئے جس سے نمازی کو اپنے نماز میں ہونے کی اطلاع دینے کی ضرورت پڑے، تو سبحان اللہ کہہ کر اپنا نماز میں ہونا معلوم کرائے عورتیں دستک دے کر اپنا نماز میں

---

[۱] (مثلاً نمازی کو کوئی باہر بلا دے یا نمازی سے گھر میں آنے کی اجازت طلب کرے، یا واقفیت سے کوئی نمازی کے سامنے سے گزرنا چاہے) [۲] یہ طریقہ مردوں کے لیے ہے اور ایسی صورت میں)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ہونا معلوم کرائیں[1]، اور دوسری روایت میں ہے کہ سبحان اللہ مردوں کے لیے ہے اور (مذکورہ طریقہ سے) دستک دینا عورتوں سے متعلق ہے (بخاری اور مسلم)

۱۳۴۵
۸
وَعَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا تَوَضَّأَ اَحَدُكُمْ فَاَحْسَنَ وُضُوْءَهٗ ثُمَّ خَرَجَ عَامِدًا اِلَى الْمَسْجِدِ فَلَا يُشَبِّكَنَّ بَيْنَ اَصَابِعِهٖ فَاِنَّهٗ فِي الصَّلٰوةِ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ۔

حضرت کعب بن عُجرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے انھوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جب تم میں سے کوئی شخص وضو کرے اور اچھا وضو کرے[2]، پھر مسجد کے ارادے سے نکلے تو تشبیک نہ کرے، یعنے ایک ہاتھ کی انگلیوں کو دوسرے ہاتھ کی انگلیوں میں نہ ڈالے، کیونکہ وہ اس حالت میں حکماً نماز میں ہے (امام احمد، ترمذی، ابوداؤد، نسائی، اور دارمی)

قَالَ فِيْ شَرْحِ النِّقَايَةِ وَكُرِهَ كُلُّ هَيْئَةٍ فِيْهَا تَرْكُ خُشُوْعٍ فَيُكْرَهُ الْعَبَثُ بِالثَّوْبِ اَوْ بِالْجَسَدِ اَوْ بِالشَّعْرِ كَتَشْبِيْكِ الْاَصَابِعِ وَفَرْقَعَتِهَا۔

شرح النقایہ میں کہا ہے کہ نماز میں ایسی ہیئت اختیار کرنا جس سے ترک خشوع وخضوع ہو مکروہ ہے مثلاً نماز میں کپڑوں کے ساتھ یا جسم کے ساتھ یا بالوں کے ساتھ کھیلنا اور ایسے ہی نماز میں ایک ہاتھ کی انگلیوں کو دوسرے ہاتھ کی انگلیاں میں ڈالنا جس کو تشبیک کہتے ہیں مکروہ ہے اور اسی طرح انگلیوں کا چٹخانا بھی مکروہ ہے۔

ف توابع نماز جیسے مسجد میں نماز کے انتظار میں بیٹھنا یا نماز کے لیے گھر سے با وضو مسجد کی طرف چلنا وغیرہ ان حالتوں میں تشبیک ایسے ہی مکروہ ہے جیسے کہ عین نماز میں مکروہ ہے نماز میں ہوں یا توابع نماز، ہر دو حالتوں میں تشبیک مکروہ تحریمی ہے یہ ردالمحتار میں مذکور ہے۔

کہ خارج نماز اگر کسی ضرورت سے مثلاً انگلیوں کی راحت کے لیے تشبیک کی جائے تو یہ جائز ہے جیسا کہ بخاری کی اس حدیث سے ضرورتاً تشبیک کی اجازت ثابت ہوتی ہے، حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ایک مومن دوسرے مومن کے لیے بنیاد کی طرح ہے اور آپ نے (بطور تمثال) اپنی ایک ہاتھ کی انگلیوں کو دوسرے ہاتھ کی انگلیوں میں ڈال کر تشبیک فرمائی، البتہ بغیر کسی ضرورت کے خارج نماز بطور عبث تشبیک کی جائے تو یہ مکروہ تنزیہی ہے۔

---

[1] دستک کا طریقہ یہ ہے کہ عورت اپنے سیدھے ہاتھ کی ہتھیلی کو بائیں ہاتھ کی پشت پر مارے، برخلاف اس کے دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیوں سے تالی بجائے تو نماز فاسد ہو جائے گی۔ [2] وضو کے فرائض، سنن و مستحبات ملحوظ رکھ کر)

MARKAZ-UL-OLOOMI ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

۱۳۴۶
۹
وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ نَھٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنِ الْخَصْرِ فِی الصَّلٰوۃِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

لِذٰلِکَ قَالَ فِیْ شَرْحِ النُّقَایَۃِ وَ یُکْرَہُ التَّخَصُّرُ اَیْ وَضْعُ الْیَدِ عَلَی الْخَاصِرَۃِ وَقِیْلَ التَّوَکُّؤُ عَلَی الْمِخْصَرَۃِ وَھِیَ الْعَصَا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نماز کی حالت میں کوکھوں پر ہاتھ رکھنے سے منع فرمایا ہے۔

(بخاری اور مسلم)

اس حدیث شریف میں لفظ، خَصَر جو مذکور ہے اس کے معنے کوکھوں پر ہاتھ رکھنا ہیں اور اسی معنے کو اکثر اہل علم نے اختیار کیا ہے، اس کے علاوہ "خَصَر" کے معنے عصاء پر ٹیک دینے کے بھی لئے گئے ہیں۔

ف۔ ردالمحتار میں لکھا ہے کہ نماز میں کوکھوں پر ہاتھ رکھنا مکروہ تحریمی ہے اور خارج نماز کوکھوں پر ہاتھ رکھنا مکروہ تنزیہی ہے اور مرقات میں کہا ہے کہ نماز میں بلا ضرورت عصا پر ٹیک دینا مکروہ ہے اور عمدۃ القاری میں لکھا ہے کہ ضرورتاً جیسے بوڑھے یا بیمار وغیرہ نماز میں بجز عصاوغیرہ پر ٹیک دینے کے قیام پر قادر نہ ہوں تو ایسے لوگ بیٹھ کر نماز پڑھنے کی بجائے عصا وغیرہ پر ٹیک دے کر قیام کریں (عمدۃ القاری کی عبارت ختم ہوتی) اور خارج نماز عصاء پر ٹیک دینا مباح ہوگا جس پر دلیل قرآن مجید میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کا یہ قول ہے (سورہ طٰہٰ پ ۱۶ ع ۱۰) "ھِیَ عَصَایَ اَتَوَکَّؤُا عَلَیْھَا" (یہ میرا عصا ہے جس پر ٹیک دیا کرتا ہوں) اصول میں ثابت ہے کہ قرآن کسی چیز کو بیان کرنے کے بعد اگر اس کو رد نہ کرے تو وہ چیز ہماری شریعت میں بھی مباح رہتی ہے اسی لیے خارج نماز عصا پر ٹیک دینا مباح ہوگا۔ ۱۲

۱۳۴۷
۱۰
وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا اَلْاِخْتِصَارُ فِی الصَّلٰوۃِ رَاحَۃُ اَھْلِ النَّارِ رَوَاہُ الْبَغَوِیُّ فِیْ شَرْحِ السُّنَّۃِ۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ نماز کی حالت میں کوکھوں پر ہاتھ رکھنے سے دوزخیوں سے مشابہت ہوتی ہے[1] دوزخی کوکھوں پر ہاتھ رکھ کر آرام کریں گے[2] (اس کی روایت امام بغوی نے شرح السنۃ میں کی ہے)

۱۳۴۸
۱۱
وَعَنْ مُعَیْقِیْبٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِی الرَّجُلِ یُسَوِّی التُّرَابَ حَیْثُ یَسْجُدُ قَالَ اِنْ کُنْتَ فَاعِلًا فَوَاحِدَۃً۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت معیقیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے انھوں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ایک ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا جو (نماز کی حالت میں) سجدہ کے مقام سے کنکریاں صاف کرتا ہے تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اگر تمہیں ایسا کرنا ہی ہو تو

---

[1] اس لیے کہ دوزخیوں کو حشر میں کھڑے کھڑے جب ناقابل برداشت تکلیف ہوگی تو [2] اسی وجہ سے نماز میں کوکھوں پر ہاتھ رکھنا مکروہ تحریمی ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

ایک بار صاف کرلو۔
(بخاری اور مسلم)

ف: اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ نماز کی حالت میں سجدہ کی جگہ سے بلا ضرورت کنکریوں کا صاف کرنا مطلقاً مکروہ ہے اور ضرورت کی حالت میں ایک مرتبہ صاف کرنے کی اجازت ہے کیونکہ اس سے ضرورت دفع ہو جائیگی اور اس کے بعد ایسا کرنا فضول ہوگا (شرح نقایہ)

۱۳۴۹/۱۲ وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا قَامَ اَحَدُکُمْ اِلَی الصَّلٰوۃِ فَلَا یَمْسَحِ الْحَصٰی فَاِنَّ الرَّحْمَۃَ تُوَاجِہُہٗ رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَآئِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ۔

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے انھوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی شخص نماز شروع کرے وہ (نماز کی حالت میں) اپنے سجدہ کرنے کی جگہ کنکریاں صاف نہ کرے کیونکہ رحمت سامنے سے ہوتی ہے[1]۔ (امام احمد، ترمذی، ابوداؤد، نسائی ابن ماجہ)

وَفِی الدُّرِّ الْمُخْتَارِ یُکْرَہُ کُلُّ عَمَلٍ قَلِیْلٍ بِلَا عُذْرٍ۔

اس حدیث میں مذکور ہے کہ بحالت نماز بلا سجدہ کی جگہ سے کنکریاں صاف نہ کرے اس نماز کی حالت میں ہر عمل قلیل بلا عذر مکروہ ہے،

ف معلوم کرنا چاہیئے کہ عمل قلیل کیا ہے اور عمل کثیر کیا ہے؟ عمل کثیر یہ ہے کہ جس کے کرنے والے کو دور سے والے سمجھیں کہ یہ نماز میں نہیں ہے، جیسے نماز کی حالت میں دونوں ہاتھوں سے عمامہ باندھنا وغیرہ، اس سے نماز فاسد ہے، البتہ بحالت نماز ایسا عمل کثیر جو اعمال نماز سے ہو جیسے ایک رکعت میں دو رکوع یا تین سجدے کرنا، اس سے نماز فاسد نہیں ہوگی اس لیے کہ یہ اعمال نماز سے ہے، اسی طرح ایسے عمل کثیر سے بھی نماز فاسد نہیں ہوتی جو اصلاح نماز کے لیے ہو جیسے نماز کی حالت میں وضو ٹوٹ جاتے سے وضو کرنے کے لیے چلنا، اگرچہ یہ بھی عمل کثیر ہے مگر اصلاح نماز کے لیے ہے اس لیے اس سے بھی نماز فاسد نہیں ہوگی۔

اور عمل قلیل یہ ہے کہ جس کے کرنے والے کے متعلق دور سے دیکھنے والے کو شک ہو کہ یہ نماز میں ہے یا نہیں جیسے نماز کی حالت میں سجدہ کی جگہ سے ایک ہاتھ سے کنکریاں صاف کرنا، اگر بلا ضرورت کنکریاں صاف کی جائیں مکروہ ہوگی البتہ ضرورت پر صرف ایک بار کنکریاں صاف کی جاسکتی ہیں (در مختار، اعلاء السنن) ۱۲۔

۱۳۵۰/۱۳ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ کُنْتُ اُصَلِّی الظُّهْرَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاٰخُذُ قُبْضَۃً مِّنَ الْحَصٰی لِتَبْرُدَ فِیْ کَفِّیْ اَضَعُهَا

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے انھوں نے کہا کہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ نماز ظہر پڑھا کرتا تھا اور سخت گرمی کی وجہ سے

[1] (اور سجدہ کی جگہ پر رہتی ہے پس نمازی کو چاہیئے کہ کنکریاں ہٹا کر رحمت میں تغیر نہ کرے)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

لِجَبْهَتِيْ اَسْجُدُ عَلَيْهَا لِشِدَّةِ الْحَرِّ رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ وَرَوَى النَّسَآئِيُّ نَحْوَهُ ـ

کنکریاں ایک ہاتھ میں لے لیا کرتا تاکہ وہ میری ہتھیلی میں ٹھنڈی ہو جائیں اور سجدہ کے وقت پیشانی رکھنے کی جگہ ان کو رکھ دیا کرتا تاکہ میں ان پر سجدہ کر سکوں (اس کی روایت ابوداؤد نے کی ہے اور نسائی نے بھی اسی طرح روایت کی ہے)

قَالَ الشَّيْخُ السِّنْدِهِيُّ فِيْ شَرْحِ النَّسَآئِيِّ عُلِمَ مِنْ هٰذَا جَوَازُ الْفِعْلِ الْقَلِيْلِ اِنْتَهٰى ـ

شیخ سندھی نے شرح نسائی میں لکھا ہے کہ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ نماز کی حالت میں عذر کی وجہ سے عمل قلیل جائز ہے۔ ۱۲۔

ف:۔ بہار شریعت میں درمختار کے حوالہ سے لکھا ہے کہ عمل قلیل مفسد نماز نہیں، جس کام کے کرنے والے کو دور سے دیکھ کر نماز میں نہ ہونے کا شک نہ رہے، بلکہ گمان ہی غالب ہو کہ نماز میں نہیں تو عمل کثیر ہے اور اگر دور سے دیکھنے والے کو شبہ و شک ہو کہ نماز میں ہے یا نہیں تو عمل کثیر ہے، اور اگر دور سے دیکھنے والے کو شبہ و شک ہو کہ نماز میں ہے یا نہیں تو عمل قلیل ہے۔ ص ۱۱۲/۳ ۔

۱۳۵۱ (۱۴) وَعَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ قَالَ رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَؤُمُّ النَّاسَ وَ اُمَامَةُ بِنْتُ اَبِي الْعَاصِ عَلٰى عَاتِقِهٖ فَاِذَا رَكَعَ وَضَعَهَا وَاِذَا رَفَعَ مِنَ السُّجُوْدِ اَعَادَهَا ـ

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے انھوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو دیکھا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام امامت فرما رہے ہیں، اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نواسی حضرت امامہ بنت ابی العاص (جو حضرت زینب رضی اللہ تعالٰی عنہا کے بطن سے ہیں) حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دوش مبارک پر سوار ہیں، اور جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام رکوع کرتے تو ان کو اتار دیتے اور سجدہ سے اٹھتے تو ان کو پھر اٹھا لیتے (اس کی روایت مسلم نے کی ہے اور بخاری نے بھی اسی طرح روایت کی ہے مگر بخاری میں امامت کرنے کا ذکر نہیں ہے)

وَفِي التَّعْلِيْقِ الْمُمَجَّدِ وَلَيْسَ فِي الْحَدِيْثِ مَا يُخَالِفُ قَوَاعِدَ الشَّرْعِ لِاَنَّ الْاٰدَمِيَّ طَاهِرٌ وَثِيَابُ الْاَطْفَالِ وَاَجْسَادُهُمْ مَحْمُوْلَةٌ عَلَى الطَّهَارَةِ وَالْاَعْمَالُ فِي الصَّلٰوةِ لَا تُبْطِلُهَا اِذَا قَلَّتْ اَوْ تَفَرَّقَتْ وَاِنَّمَا فَعَلَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِبَيَانِ الْجَوَازِ كَذَا فِيْ شَرْحِ الزُّرْقَانِيِّ

التعلیق الممجد میں لکھا ہے کہ اس حدیث شریف میں کوئی ایسی چیز مذکور نہیں ہے جو قواعد شرع شریف کے خلاف ہو، اس کی وجہ یہ ہے کہ نماز میں بچوں کے جسم اور ان کے کپڑے، جب تک نجاست کا یقین نہ ہو پاک ہی سمجھے جائیں گے، اس لیے حضور صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کا بچی کو اٹھانا طہارت کی شرط کے خلاف نہ ہوگا، اسی طرح نماز کے اندر عمل قلیل ایک ہی رکن میں تین مرتبہ نہ کیا جائے

وَمِثْلُهٗ فِیْ رَدِّ الْمُحْتَارِ عَنِ الْحِلْیَةِ۔

بلکہ متفرق ارکان میں متفرق طور پر کیا جائے تو اس سے نماز فاسد نہیں ہوتی یہاں بھی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا عمل ایسا ہی متفرق ارکان میں متفرق طور پر ہوا ہے اس لیے مفسد نماز نہیں، یہ شرح الزرقانی میں مذکور ہے اور رد المحتار میں بھی اسی طرح حلیہ سے منقول ہے۔

وَفِیْ عُمْدَةِ الْقَارِیِّ عَنِ الْبَدَائِعِ لَایُکْرَهُ لِوَاحِدٍ مِّنَّا لَوْفَعَلَ ذٰلِكَ عِنْدَ الْحَاجَةِ اِمَّا بِدُوْنِ الْحَاجَةِ فَمَکْرُوْهٌ۔

اور عمدۃ القاری میں بدائع کے حوالے سے مذکور ہے کہ ہم میں سے کسی کے لیے بھی ضرورت کے وقت ایسا عمل قلیل مکروہ نہیں، البتہ! بلا ضرورت نماز میں عمل قلیل مکروہ ہوگا۔ ۱۲

۱۳۵۲ / ۱۵ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ عِفْرِیْتًا مِّنَ الْجِنِّ تَفَلَّتَ الْبَارِحَةَ لِیَقْطَعَ عَلَیَّ صَلَاتِیْ فَاَمْکَنَنِیَ اللّٰهُ مِنْهُ فَاَخَذْتُهٗ فَاَرَدْتُّ اَنْ اَرْبُطَهٗ عَلٰی سَارِیَةٍ مِّنْ سَوَارِی الْمَسْجِدِ حَتّٰی تَنْظُرُوْا اِلَیْهِ کُلُّکُمْ فَذَکَرْتُ دَعْوَةَ اَخِیْ سُلَیْمَانَ "رَبِّ هَبْ لِیْ مُلْکًا لَّا یَنْبَغِیْ لِاَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِیْ" فَرَدَدْتُّهٗ خَاسِئًا۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے انھوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ گذشتہ رات حضرت سلیمان علیہ السلام کے زمانہ کا ایک جن (جو ان کی قید میں تھا قید سے چھوٹ کر آیا) اور میری نماز تڑوانا چاہتا تھا، مگر اللہ تعالیٰ نے مجھے اس پر قابو عطا فرمایا تو میں نے اس کو پکڑ لیا اور ارادہ کیا کہ اس کو مسجد کے کسی ستون سے باندھ دوں تاکہ (صبح) تم سب اس کو دیکھ لو (اور معلوم کر لو کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے بھی قدرت دی ہے جیسے سلیمان علیہ السلام کو دی تھی) لیکن پھر مجھے اپنے بھائی سلیمان علیہ السلام کی یہ مقبول دعا یاد آگئی، "رَبِّ هَبْ لِیْ مُلْکًا لَّا یَنْبَغِیْ لِاَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِیْ" (الٰہی مجھے ایسی حکومت عطا فرما کہ میرے بعد کسی کو نصیب نہ ہو) اس لیے میں نے اس کو ناکام واپس کر دیا۔ (بخاری اور مسلم)

ف: اس حدیث میں ارشاد ہے "فَاَخَذْتُهٗ" (میں نے اس جن کو پکڑ لیا) پکڑنا عمل قلیل ہے جو ضرورت سے تھا اس لیے یہ عمل قلیل مفسد نماز نہیں (عمدۃ القاری)

قَالَ ابْنُ الْمَلِكِ یَدُلُّ عَلٰی اَنَّ الشَّیْطَانَ عَیْنُهٗ غَیْرُ نَجِسٍ وَاَنَّ لَمْسَهٗ لَایُبْطِلُ الصَّلٰوةَ وَفِیْهِ دَلَالَةٌ عَلٰی اَنَّ الْمُصَلِّیْ لَاتَبْطُلُ صَلَاتُهٗ بِخُطُوْرِ مَا

اور مرقات میں ہے کہ ابن الملک نے کہا ہے کہ یہ حدیث شریف اس بات پر بھی دلالت کرتی ہے کہ جنات کا جسم نجس نہیں ہے۔ اس لیے جنات کو نماز کی حالت میں پکڑنا طہارت کی شرط کے خلاف نہ ہوگا اس لیے اس سے بھی نماز

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

لَيْسَ مِنْ اَفْعَالِهَا بَبَاطِلِہٖ ۔

باطل نہیں ہوگی۔ ابن الملک نے یہ بھی کہا ہے کہ اس حدیث سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ حالت نماز میں اگر نمازی کے دل میں ایسے افعال کا وسوسہ پیدا ہو جو افعال نماز سے نہ ہوں تو اس سے بھی نماز فاسد نہیں ہوتی۔

۱۳۵۳/۱۶ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُقْتُلُوا الْاَسْوَدَيْنِ فِي الصَّلٰوةِ الْحَيَّةَ وَالْعَقْرَبَ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَلِلنَّسَآئِيِّ مَعْنَاهُ ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے انھوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ نماز کی حالت میں دو سیاہ چیزوں کو مار ڈالو (ایک) سانپ اور (دوسرے) بچھو۔ (اس کی روایت امام احمد (ابو داؤد اور ترمذی نے کی ہے اور نسائی کی روایت بھی اسی طرح ہے)

ف: واضح ہو کہ اس حدیث شریف میں سانپ اور بچھو کو نماز کی حالت میں مارنے کا جو حکم ہوا ہے وہ مطلق حکم ہے اور اس میں کسی قسم کی قید نہیں ہے اس لیے ان کے مارنے میں ایک ضرب سے کام لیا جائے یا متعدد ضربات سے نماز فاسد نہیں ہوگی اگرچہ کہ یہ عمل کثیر ہے، ایسا ہی ان کے مارنے میں تین یا تین سے زائد قدم چلنا پڑے تو اس سے بھی نماز فاسد نہ ہوگی اگرچہ کہ یہ بھی عمل کثیر ہے۔ ایسا ہی ان کے مارنے میں سینہ قبلہ سے پلٹ جائے تو بھی نماز فاسد نہیں ہوگی۔ اگرچہ کہ یہ عمل بھی مفسد نماز ہے، اس لیے کہ یہ سب عمل کثیر اصلاح نماز کے لیے کئے جارہے ہیں، اگر ایسا نہ کیا جائے گا تو ضرر کے اندیشہ سے دل بٹ جائے گا اور اطمینان وجمعیت باقی نہیں رہے گی اور یہ ایسا ہی ہے جیسا کہ نماز میں وضو ٹوٹ جانے سے اصلاح نماز کے لیے عمل کثیر کرکے وضو کرنے کی غرض سے چلنے کی اجازت ہے۔ یہ بھی واضح رہے کہ نماز کی حالت میں سانپ اور بچھو کو مارنے سے متعلق دو حکم ہیں، ایک مستحب اور دوسرے واجب، اگر خود نمازی کو ان سے ضرر کا اندیشہ نہ ہو تو ایسی صورت میں ان کو مارنا مستحب ہوگا، برخلاف اس کے اگر خود نمازی کو ان سے ضرر کا اندیشہ ہو تو اس صورت میں ان کو مارنا واجب ہوگا اور اگر ان کے ضرر کے اندیشہ سے نماز توڑ دی جائے تو بھی درست ہے اگر نماز توڑے بغیر ان کو مار ڈالا جائے تو ان کے مارنے کے لیے نماز جہاں سے چھوڑ دی گئی تھی پھر وہیں سے شروع کی جائے، نئے سرے سے پھر نماز پڑھنے کی ضرورت نہیں (درمختار، ردمختار، ہدایہ، فتح القدیر، عنایہ، عمدۃ الرعایہ، مراقی الفلاح شرح نور الایضاح بر حاشیہ طحطاوی) ۱۲۔

۱۳۵۴/۱۷ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ تَطَوُّعًا وَالْبَابُ عَلَيْهِ مُغْلَقٌ فَجِئْتُ فَاسْتَفْتَحْتُ فَمَشٰى فَفَتَحَ لِيْ ثُمَّ رَجَعَ اِلٰى مُصَلَّاهُ وَذُكِرَتْ اَنَّ الْبَابَ كَانَ فِي الْقِبْلَةِ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے فرماتی ہیں کہ میں آئی اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حجرہ مبارکہ میں نماز پڑھ رہے تھے اور حجرہ کا دروازہ بند تھا میں نے دروازہ کھلایا تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام (الٹے قدم) اپنی جگہ لوٹ آئے اور مجھے یاد ہے کہ حجرہ مبارک کا دروازہ قبلہ رُخ

MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

وَرَوَى النَّسَائِيُّ نَحْوَهٗ۔ تھا اس کی روایت امام احمد، ابو داؤد اور ترمذی نے کی ہے اور نسائی نے بھی اسی طرح روایت کی ہے۔

ف: اس حدیث شریف میں تین چیزیں قابل غور ہیں، ایک یہ کہ دروازہ کھولنا، دوسرے یہ کہ دروازہ کھولنے کے لیے چلنا اور تیسرے یہ کہ دروازہ کھولنے کے بعد پھر اپنی جگہ پر واپس ہونا۔

دروازہ کھولنے کے بارے میں بحرالرائق میں لکھا ہے کہ دروازہ کا بند کرنا تو عمل کثیر ہے لیکن دروازہ کا کھولنا عمل کثیر نہیں بلکہ یہ عمل قلیل ہے اس لیے یہاں جو دروازہ کھولا گیا ہے عمل قلیل ہونے سے مفسد نماز نہیں ہوا۔ دوسرے یہ کہ دروازہ کھولنے کے لیے چلنا، تو اس بارے میں اشعۃ اللمعات میں لکھا ہے کہ حجرۂ مبارک اس قدر تنگ تھا کہ دروازہ کھولنے کے لیے ایک یا دو قدم سے زیادہ چلنے کی گنجائش ہی نہ تھی، اس لیے حدیث شریف میں دروازہ کھولنے کے لیے چلنے کا جو ذکر ہے وہ ایک یا دو قدم چلنے کی وجہ سے عمل کثیر نہیں ہوگا بلکہ عمل قلیل ہی ہے، اس لیے یہ بھی مفسد نماز نہیں ہوا۔

تیسرے یہ کہ دروازہ کھولنے کے بعد اپنی جگہ پر واپس ہونا، تو اس بارے میں مرقات میں لکھا ہے کہ دروازہ کھولنے کے لیے آگے چلنا اور پھر واپس ہونا عمل کثیر تو ہے مگر اس لیے مفسد نماز نہیں کہ یہ چلنا اور واپس ہونا پے در پے نہیں تھا، اس لیے کہ دروازہ کھولنے میں ایک رکن کی ادائیگی کی مقدار وقت صرف ہونے کے بعد واپسی ہوئی اور نماز میں ایک رکن کی مقدار ٹھہر ٹھہر کر چلنا پے در پے نہ ہونے سے مفسد نماز نہیں ہوتا ہے جیسا کہ ردالمحتار میں لکھا ہے، کہ نماز کی حالت میں بقدر ایک مصلّٰی (یعنی قدم سے لے کر سجدہ کی جگہ تک) قبلہ رُخ ایک یا دو قدم میں چل کر ایک رکن کی ادائیگی کی مقدار ٹھہرنے کے بعد پھر اتنا ہی چلنے سے نماز فاسد نہیں ہوتی، چونکہ اس حدیث شریف میں بھی ایسا ہی ہوا ہے، اس لیے یہ عمل بھی مفسد نماز نہیں ہوا۔ ۱۲

حلبیہ کی فصل مکروہات میں مذکور ہے کہ نماز کی حالت میں مشی یعنے چلنے کی دو صورتیں ہو سکتی ہیں، ایک یہ کہ نمازی نماز میں بلا عذر چلے اور دوسرے یہ کہ نمازی کا نماز میں چلنا کسی عذر کی وجہ سے ہو، نماز میں بلا عذر چلنے کی بھی دو صورتیں ہیں، ایک یہ کہ چلنا کثیر ہو، اور پے در پے ہو تو اس صورت میں نماز فاسد ہو جائے گی، اگرچہ نمازی قبلہ رُخ ہی کیوں نہ چلے، دوسرے یہ کہ چلنا کثیر ہو لیکن پے در پے نہ ہو، بلکہ کئی رکعتوں میں متفرق طور پر چلا ہو تو اس صورت میں اگر نمازی کا سینہ قبلہ کی طرف سے پلٹ جائے تو نماز فاسد ہو جائے گی اور اگر نمازی کا سینہ قبلہ کی طرف سے نہ پلٹے تو نماز فاسد نہیں ہوگی بلکہ مکروہ ہوگی، اگر نمازی نے نماز میں بلا عذر مشی قلیل کی اور اس کا سینہ قبلہ کی طرف سے پلٹ جائے تو مشی قلیل ہونے کے باوجود بھی نماز فاسد ہو جائے گی، اگر سینہ قبلہ کی طرف سے نہ پلٹا ہو تو نماز مکروہ ہوگی۔

واضح ہو کہ مذکورہ صورتیں نماز میں بلا عذر چلنے کی تھیں، اب نماز میں عذر کے ساتھ چلنے کی صورتیں ملاحظہ ہوں، اگر نماز کی حالت میں مشی چلنا عذر کی وجہ سے ہو جیسے نماز میں وضو ٹوٹنے کی صورت میں وضو کرنے کی خاطر چلا ہو یا صلاۃ خوف یعنے جہاد میں جو نماز ادا کی جاتی ہے اس میں چلنے کی نوبت آئی ہو، یا نماز کی حالت میں سانپ اور بچھو کو مارنے کے لیے چلنے کی ضرورت ہوئی ہو تو ان صورتوں میں نماز میں چلنے سے نماز نہ تو فاسد ہوگی اور نہ مکروہ ہوگی، خواہ مشی چلنا قلیل ہو یا کثیر اور چلنے سے نمازی قبلہ کی طرف سے پلٹا ہو یا نہ ہو، ان مذکورہ صورتوں میں یعنے صلاۃ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

خوف یا نمازی کا حدث کے بعد وضوء کے لیے مشی کرنا یا سانپ اور بچھو کو مارنے کے لیے نماز میں چلنا، ان کے علاوہ اگر کسی اور عذر کی بنا پر نمازی نے مشی قلیل کی ہو یا مشی کثیر جس میں اس نے اپنا سینہ قبلہ کی جانب سے پلٹ دیا ہو تو اس سے نماز فاسد ہو جائے گی، اگر نماز کی حالت میں عذر کی وجہ سے مشی قلیل کی ہو تو اس سے نہ تو نماز فاسد ہوتی ہے نہ مکروہ، بشرطیکہ چلتے میں نمازی کا سینہ قبلہ کی جانب سے نہ پلٹا ہو، اگر نماز میں عذر کی وجہ سے مشی کثیر ہوا اور پے در پے ہو تو یہ مشی نماز کو فاسد کر دیگی اور اگر مشی کثیر ہو لیکن پے در پے اور متواتر نہ ہو تو ایسی مشی کے مفسد نماز ہونے یا مکروہ ہونے میں اختلاف ہے لیکن بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ نمازی نے نماز میں مشی کثیر کی ہو جو پے در پے نہ ہو تو وہ نماز کو فاسد نہیں کرتی اور نہ تو اس سے نماز مکروہ ہوتی ہے بشرطیکہ یہ مشی مطلق عذر کی بناء پر کی گئی ہو۔ ۱۲)

۱۳۵۵
۱۸
وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِنِ الْخُدْرِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا تَثَاءَبَ اَحَدُکُمْ فِی الصَّلٰوۃِ فَلْیَکْظِمْ مَا اسْتَطَاعَ فَاِنَّ الشَّیْطٰنَ یَدْخُلُ رَوَاہُ مُسْلِمٌ وَفِیْ رِوَایَۃِ الْبُخَارِیِّ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ اِذَا تَثَاءَبَ اَحَدُکُمْ فِی الصَّلٰوۃِ فَلْیَکْظِمْ مَا اسْتَطَاعَ وَلَا یَقُلْ ھَا فَاِنَّمَا ذٰلِکُمْ مِّنَ الشَّیْطٰنِ یَضْحَکُ مِنْہُ۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے انھوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب تم میں سے کسی کو نماز میں جمائی آجائے تو جہاں تک ہو سکے جمائی کو روکے، اس لیے کہ شیطان منھ میں گھس جانا چاہتا ہے (اس کی روایت مسلم نے کی ہے) اور بخاری کی ایک روایت میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب تم میں سے کسی کو نماز میں جمائی آجائے تو جہاں تک ہو سکے جمائی کو روکے اور (آواز سے) ھاء نہ کہے کیونکہ آواز ھاء کہنا شیطان کی طرف سے ہوتا ہے (اور نمازی جب جمائی کے وقت آواز سے ھاء کہتا ہے تو) شیطان اس پر ہنستا ہے[1]۔

ف: اس حدیث شریف میں ارشاد ہے کہ نمازی کو نماز میں جب جمائی آجائے تو جہاں تک ہو سکے جمائی کو روکنا چاہیئے واضح ہو کہ جمائی کو روکنے کی کئی تدبیریں ہیں۔ ایک تدبیر یہ ہے کہ جمائی کے وقت یہ خیال کیا جائے کہ انبیاء علیہم السلام کو جمائی نہیں آتی تو اس خیال سے جمائی رک جاتی ہے۔ خلاصہ میں لکھا ہے کہ دانتوں سے ہونٹ کو دبا کر بھی جمائی کو روکنا چاہیئے۔ اور مجتبیٰ میں مذکور ہے کہ نماز میں اگر بحالت قیام جمائی آجائے تو سیدھے ہاتھ کی پشت کو منھ پر رکھ کر جمائی کو روکے اور قیام کے سوا نماز کے کسی اور رکن میں جمائی آجائے تو بائیں ہاتھ کی پشت کو منھ پر رکھ کر جمائی کو روکنا چاہیئے اور خارج نماز جمائی آنے کی صورت میں جمائی کو روکنے کی جو صورتیں اوپر بیان کی گئی ہیں ان سب کو اختیار کیا جاسکتا ہے (یہ پورا

---

[1] اس لیے کہ آواز سے ھاء کہنے سے نماز فاسد ہو جاتی ہے اور شیطان کا مقصد یہی ہے اور وہ اپنے مقصد میں کامیاب ہو جاتا ہے اس لیے جہاں تک ہو سکے شیطان کی مزاحمت اور مدافعت کی جائے اور کوشش کی جائے کہ شیطان اپنے مقصد میں کامیاب نہ ہونے پائے)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOLIYA ISLAMIA ACADEMY

مضمون رد المحتار سے ماخوذ ہے) ۱۲

۱۳۵۶/۱۹ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلتَّثَاؤُبُ فِي الصَّلٰوةِ مِنَ الشَّيْطٰنِ فَإِذَا تَثَاءَبَ أَحَدُكُمْ فَلْيَكْظِمْ مَا اسْتَطَاعَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَفِي أُخْرٰى لَهُ وَلِابْنِ مَاجَةَ فَلْيَضَعْ يَدَهٗ عَلٰى فِيْهِ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے انھوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ نماز میں جمائی کا آنا شیطان کی طرف سے ہے، پس جب تم میں سے کسی کو جمائی آئے تو جہاں تک ہو سکے اس کو روکے (اس کی روایت ترمذی نے کی ہے) اور ترمذی کی دوسری روایت میں اس طرح مروی ہے کہ جب تم میں سے کسی کو جمائی آئے تو اپنے ہاتھ کی پشت کو منھ پر رکھ لے اور ترمذی کی دوسری روایت کے الفاظ ابن ماجہ سے بھی مروی ہیں۔

۱۳۵۷/۲۰ وَعَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ رَفَعَهٗ قَالَ اَلْعُطَاسُ وَالنُّعَاسُ وَالتَّثَاؤُبُ فِي الصَّلٰوةِ وَالْحَيْضُ وَالْقَيْءُ وَالرُّعَافُ مِنَ الشَّيْطٰنِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت عدی بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے والد کے واسطے سے اپنے دادا سے مرفوعًا روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ نماز میں چھینک، اونگھ، جمائی، حیض، قے، اور نکسیر یہ سب شیطان کی طرف سے ہیں۔ (ترمذی)

ف اس حدیث شریف میں ارشاد ہے کہ نمازی کو نماز میں جب جمائی آجائے تو جہاں تک ہو سکے جمائی کو روکنا چاہیئے واضح ہو کہ جمائی کو روکنے کی کئی تدبیریں ہیں۔

واضح رہے کہ یہ تمام چیزیں جب نماز میں واقع ہوں تو شیطان کی خوشی کا سبب ہوتی ہیں، اول الذکر تین چیزوں یعنے چھینک اونگھ اور جمائی سے تو نماز مکروہ ہوتی ہے، اور آخر الذکر تین چیزوں یعنے حیض قے، اور نکسیر سے تو نماز فاسد ہی ہو جاتی ہے۔

اس حدیث شریف میں دوسری اور چیزوں کے ساتھ نماز میں چھینک آنے کو جو شیطان کی طرف سے ہونا ارشاد ہوا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ نماز کی حالت میں چھینک آنے سے توجہ الی اللہ، حضور قلب اور استغراق میں فرق پیدا ہو جاتا ہے اور نہ خارج نماز تو چھینک پسندیدہ ہے جیسا کہ ایک حدیث شریف میں ارشاد ہے اِنَّ اللهَ يُحِبُّ الْعُطَاسَ۔ (اللہ تعالیٰ چھینک کو پسند فرماتے ہیں)

خلاصۂ بحث یہ ہے کہ چھینک خارج نماز مطلقًا محبوب ہے اور داخل نماز مطلقًا مکروہ ہے (مرقات، اشعۃ اللمعات)

۱۳۵۸/۲۱ وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا قَالَتْ سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْاِلْتِفَاتِ فِي الصَّلٰوةِ فَقَالَ هُوَ اخْتِلَاسٌ يَخْتَلِسُهُ الشَّيْطَانُ مِنْ صَلٰوةِ الْعَبْدِ۔

ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے نماز میں (گردن موڑ کر) دائیں بائیں دیکھنے کے متعلق دریافت کیا تو ارشاد فرمایا کہ یہ حقیقت میں شیطان کی جھپٹ ہے کہ شیطان بندہ کی نماز کے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

کچھ حصہ کو لے بھاگتا ہے (اسی لیے نماز میں گردن موڑ کر اِدھر اُدھر دیکھنا مکروہ تحریمی ہے) درمختار۔

(بخاری اور مسلم)

۱۳۵۹ / ۲۲ وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَزَالُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ مُقْبِلًا عَلَى الْعَبْدِ وَهُوَ فِيْ صَلَاتِهٖ مَا لَمْ يَلْتَفِتْ فَاِذَا الْتَفَتَ اِنْصَرَفَ عَنْهُ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْ دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ۔

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے انھوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب تک کوئی بندہ نماز میں (گردن موڑ کر) اِدھر اُدھر نہ دیکھے، اس وقت تک اللہ تعالیٰ اس کی طرف متوجہ رہ کر نظر رحمت فرماتے رہتے ہیں اور جب وہ نماز میں گردن موڑ کر اِدھر اُدھر دیکھتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس سے (نظر عنایت و رحمت) پھیر لیتے ہیں جس سے ثواب کم ہو جاتا ہے (اس لیے یہ عمل مکروہ تحریمی ہے) اس کی روایت امام احمد، ابو داؤد، نسائی اور دارمی نے کی ہے)

۱۳۶۰ / ۲۳ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا بُنَيَّ اِيَّاكَ وَالْاِلْتِفَاتَ فِي الصَّلَاةِ فَاِنَّ الْاِلْتِفَاتَ فِي الصَّلَاةِ هَلَكَةٌ فَاِنْ كَانَ لَا بُدَّ فَفِي التَّطَوُّعِ لَا فِي الْفَرِيْضَةِ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے انھوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ بیٹا نماز میں (خواہ نفل ہو یا فرض گردن موڑ کر) ہرگز اِدھر اُدھر نہ دیکھا کرو، کیونکہ (نماز میں گردن موڑ کر) اِدھر اُدھر دیکھنا نماز کی تباہی کا سبب ہے اگر ایسا ہی کرنا ہو تو نفل نماز میں کر لیا کرو (کہ ایسا کرنے سے نفل نماز ہی خراب ہوگی) مگر فرض میں ہرگز ایسا نہ کرو (کہ فرض اصل نماز ہے اور فرض میں ایسا کرنے سے اصل نماز ہی تباہ ہو جائے گی۔ (ترمذی)

وَقَالَ عَلِيُّ نِ الْقَارِيُّ وَالْاَظْهَرُ اَنَّ الْحَاصِلَ مِنَ الْحَدِيْثِ هُوَ اَنَّ الْكَرَاهَةَ فِي النَّفْلِ دُوْنَ الْكَرَاهَةِ فِي الْفَرْضِ۔

ملا علی قاری فرماتے ہیں حاصل حدیث یہ ہے کہ یہ کراہت نفل نمازوں میں ہے، فرضوں میں نہیں۔

۱۳۶۱ / ۲۴ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَلْحَظُ فِي الصَّلَاةِ يَمِيْنًا وَّشِمَالًا وَّلَا يَلْوِيْ عُنُقَهٗ خَلْفَ ظَهْرِهٖ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے انھوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز میں (کبھی) کن انکھیوں سے دائیں اور بائیں طرف دیکھ لیا کرتے تھے مگر رسول اللہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَالنَّسَائِیُّ)

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم (نماز میں) گردن موڑ کر پیچھے کی طرف نہیں دیکھتے تھے۔

(ترمذی اور نسائی)

وَفِی الدُّرِّ الْمُخْتَارِ اَنَّ الْاِلْتِفَاتَ فِی الصَّلٰوۃِ بِصَدْرِہٖ تَفْسُدُ وَیُکْرَہُ تَحْرِیْمًا بِوَجْھِہٖ کُلِّہٖ اَوْ بَعْضِہٖ لِلنَّھْیِ وَبِبَصَرِہٖ یُکْرَہُ تَنْزِیْھًا وَفِی الزَّیْلَعِیِّ -

درمختار اور ردالمحتار میں لکھا ہے کہ حالت نماز میں اپنا سینہ پھیرنے سے نماز فاسد (ٹوٹ) ہو جاتی ہے اور سارے چہرے کو پھیرنا مکروہ تحریمی ہے اور بعض چہرے کو پھیرنا بھی منع ہے۔ اور حالت نماز میں آنکھوں سے ادھر اُدھر دیکھنا مکروہ تنزیہی ہے۔

وَفِی الزَّیْلَعِیِّ وَشَرْحِ الْمُلْتَقٰی لِلْبَاقَانِیِّ اَنَّہٗ مُبَاحٌ لِاَنَّہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ یُلَاحِظُ اَصْحَابَہٗ فِیْ صَلَاتِہٖ بِمُوْقِ عَیْنَیْہِ اھ وَلَا یُنَافِیْ مَا ھُنَا بِحَمْلِہٖ عَلٰی عَدَمِ الْحَاجَۃِ -

امام باقانی کی شرح ملتقی میں ہے کہ نماز کی حالت میں آنکھوں سے اِدھر اُدھر دیکھنا مباح ہے کیونکہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز کی حالت میں اپنی آنکھوں کی پتلیوں سے اپنے صحابہ کو دیکھا کرتے تھے۔ اس لیے یہاں آنکھوں سے دیکھنے کو جو عدم حاجت پر حمل کیا ہے وہ منافی نماز نہیں ہے۔

وَرُوِیَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا اسْتَفْتَحَ الصَّلٰوۃَ لَمْ یَنْظُرْ اِلَّا اِلٰی مَوْضِعِ سُجُوْدِہٖ قَالَہٗ فِیْ عُمْدَۃِ الْقَارِیْ -

عمدۃ القاری میں حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت بیان کی گئی ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب نماز شروع فرماتے تو اپنے سجدے کی جگہ کے علاوہ کہیں اور نہیں دیکھتے تھے۔

۱۳۶۲/۲۵ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَیَنْتَھِیَنَّ اَقْوَامٌ عَنْ رَفْعِھِمْ اَبْصَارَھُمْ عِنْدَ الدُّعَاءِ فِی الصَّلٰوۃِ اِلَی السَّمَآءِ اَوْ لَتُخْطَفَنَّ اَبْصَارُھُمْ -

(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے انھوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سخت تاکید کے ساتھ فرمایا کہ لوگوں کو نماز میں دعا کے وقت آسمان کی طرف نظریں اٹھانے سے باز آجانا چاہیے (ورنہ خوف ہے) کہ ان کی نظریں چھین لی جائیں گی۔

(مسلم)

وَقَالَ عَلِیُّ نِ الْقَارِیُّ اَیْ خُصُوْصًا وَقْتَ الدُّعَاءِ وَاِلَّا فَرَفْعُ الْاَبْصَارِ مُطْلَقًا

ملا علی قاری رحمۃ اللہ نے مرقات میں کہا ہے کہ نماز کی ہر حالت میں اور بالخصوص دعا کے وقت آسمان کی طرف

---

۱ اس لیے نماز میں کبھی کن انکھیوں سے دیکھنا مُباح ہے لیکن اس کی عادت ڈالنا مکروہ تنزیہی ہے۔

۲ اس لیے کہ ایسا کرنے سے نماز مکروہ تحریمی ہوتی ہے اور اگر نماز میں سینہ پلٹا کر اِدھر اُدھر دیکھیں تو نماز فاسد ہو جاتی ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

فِی الصَّلٰوۃِ مَکْرُوْہٌ ۔

نگاہ اٹھا کر دیکھنا مکروہ ہے ۔

ف: علامہ عینی رحمہ اللہ علیہ عمدۃ القاری میں لکھتے ہیں کہ تمام علماء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ دعاء کے وقت نماز میں آسمان کی طرف نظریں اٹھانا مکروہ ہے، البتہ خارج نماز دعاء کے وقت آسمان کی طرف نظریں اٹھانے کے بارے میں اختلاف ہے، قاضی شریح اور ایک جماعت نے خارج نماز بھی دعاء کے وقت آسمان کی طرف نظریں اٹھانے کو مکروہ قرار دیا ہے، لیکن اکثر علماء نے اس کی اجازت دی ہے اور ان حضرات کا استدلال یہ ہے کہ جس طرح کعبۃ اللہ قبلہ نماز ہے، اسی طرح آسمان قبلہ دعا ہے ۔ ۱۲ ۔

۱۳۶۳ (۲۶) وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ یَا اَنَسُ اِجْعَلْ بَصَرَکَ حَیْثُ تَسْجُدُ رَوَاہُ الْبَیْہَقِیُّ فِیْ سُنَنِہِ الْکَبِیْرِ وَفِیْ رِوَایَۃٍ لِاَبِیْ دَاؤُدَ لَا یُجَاوِزُ بَصَرُہٗ اِشَارَتَہٗ فَحَدِیْثُ اَبِیْ دَاؤُدَ ھٰذَا ظَاھِرًا یَدُلُّ عَلٰی اَنْ یَکُوْنَ نَظْرُہٗ فِیْ حَالِ الْقُعُوْدِ اِلٰی حُجْرِہٖ ۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا! اے انس (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) تم نماز میں اپنی نگاہ سجدہ کی جگہ پر جمائے رکھو اس کی روایت بیہقی نے سنن کبیر میں کی ہے) اور ابو داؤد کی ایک روایت میں ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نگاہ (قعدہ کے وقت گود پر) جو مقام اشارہ ہے رہا کرتی تھی اور اس سے متجاوز نہیں ہوتی تھی (ابو داؤد کی اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ نمازی کی نگاہ قعدہ کی حالت میں گود پر رہنی چاہیئے)

وَقَالَ فِیْ رَدِّ الْمُحْتَارِ الْمَنْقُوْلُ فِیْ ظَاھِرِ الرِّوَایَۃِ اَنْ یَکُوْنَ مُنْتَھٰی بَصَرِہٖ فِیْ صَلٰوتِہٖ اِلٰی مَحَلِّ سُجُوْدِہٖ کَمَا فِی الْمُضْمَرَاتِ وَعَلَیْہِ اقْتَصَرَ فِی الْکَنْزِ وَغَیْرِہٖ وَھٰذَا التَّفْصِیْلُ الْمَذْکُوْرُ فِی الدُّرِّ الْمُخْتَارِ مِنْ تَصَرُّفَاتِ الْمَشَآئِخِ کَالطَّحَاوِیِّ وَالْکَرْخِیِّ وَغَیْرِھِمَا کَمَا یُعْلَمُ مِنَ الْمُطَوَّلَاتِ ۔

رد المحتار میں منقول ہے کہ ظاہر روایت سے یہ بات ثابت ہو رہی ہے کہ نماز کی حالت میں نمازی کی نظر سجدہ کی جگہ پر ہو جیسا کہ مضمرات میں ہے اور کنز وغیرہ میں بھی یہی لکھا ہے اور اب اس کی تفصیل در مختار میں ہے مشائخ کے تصرفات سے جیسے امام طحاوی اور کرخی وغیرہما اور جیسے کہ مطول کتب میں معلوم کرے گا ۔

۱۳۶۴ (۲۷) وَعَنْ اُمِّ سَلَمَۃَ قَالَتْ رَاٰی النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ غُلَامًا لَنَا یُقَالُ لَہٗ اَفْلَحُ اِذَا سَجَدَ نَفَخَ فَقَالَ یَا اَفْلَحُ تَرِّبْ وَجْھَکَ

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے (ایک مرتبہ) ہمارے ایک غلام کو جن کا نام افلح تھا ہر سجدہ کے وقت زمین پر پھونک مارتے ہوئے ملاحظہ فرمایا تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ اے افلح اپنے چہرہ کو خاک لگنے دو دکیوں کہ اس سے اللہ تعالیٰ کے سامنے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

نہایت عاجزی کا اظہار ہوتا ہے۔
(ترمذی)

قَالَ فِي شَرْحِ النِّقَايَةِ وَكُرِهَ مَسْحُ جَبْهَتِهِ مِنَ التُّرَابِ فِي الصَّلٰوةِ وَاَمَّا بَعْدَ الْفَرَاغِ مِنْهَا فَلَا يُكْرَهُ بَلْ يُسْتَحَبُّ كِتْمَانًا لِلْعِبَادَةِ اَوْخَوْفًا مِنَ الرِّيَاءِ وَالسُّمْعَةِ۔

شرح النقایہ میں کہا ہے کہ نماز کی حالت میں پیشانی پر سے مٹی کو صاف کرنا مکروہ ہے، البتہ نماز سے فارغ ہونے کے بعد پیشانی پر سے مٹی کو صاف کرنا مکروہ نہیں بلکہ عبادت کو چھپانے کی خاطر ریاکاری و شہرت سے بچنے کے لیے پیشانی کی مٹی کو بعد نماز کے صاف کر لینا مستحب ہے۔ ۱۲

ف: عرف شذی میں بحر کے حوالہ سے لکھا ہے کہ نماز میں پھونک مارنے کے بارے میں مذہب حنفی میں دو قول ہیں ایک قول تو یہ ہے کہ نماز میں آواز کے ساتھ پھونک مارنے سے نماز فاسد ہو جاتی ہے ورنہ نہیں، اور دوسرا قول یہ ہے کہ نماز میں اس طرح پھونک ماری جائے جس سے حروف ظاہر ہوتے ہوں تو نماز فاسد ہو جائے گی ورنہ نہیں، اور صاحب بحر نے اسی طرح دوسرے قول کو اختیار کیا ہے۔ ۱۲

$\frac{١٣٦٥}{٢٨}$ وَعَنْ مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيْرِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُصَلِّيْ وَلِجَوْفِهٖ اَزِيْزٌ كَاَزِيْزِ الْمِرْجَلِ يَعْنِيْ يُبْكِيْ وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ وَفِيْ صَدْرِهٖ اَزِيْزٌ كَاَزِيْزِ الرَّحٰى مِنَ الْبُكَاءِ۔

رَوَاهُ اَحْمَدُ وَرَوَى النَّسَائِيُّ الرِّوَايَةَ الْاُوْلٰى وَاَبُوْ دَاوٗدَ الثَّانِيَةَ۔

حضرت مطرف بن عبد اللہ بن شخیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما اپنے والد عبد اللہ ابن شخیر سے روایت کرتے ہیں کہ ان کے والد عبد اللہ بن شخیر نے کہا کہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا کیا دیکھتا ہوں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نماز پڑھ رہے ہیں اور رونا دبانے کی وجہ سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے سینہ مبارک سے ایسی آوازیں آ رہی ہیں جیسے دیگ کے اندر سے دیگ کے جوش مارتے وقت آوازیں آیا کرتی ہیں اور دوسری روایت میں ہے کہ عبد اللہ بن شخیر نے کہا، میں کیا دیکھتا ہوں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز پڑھ رہے تھے اور رونا دباتے کی وجہ سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے سینہ مبارک سے ایسی آواز آ رہی تھی جیسے چکی کے چلتے وقت چکی کی آواز آیا کرتی ہے۔ ان دونوں حدیثوں کی روایت امام احمد نے کی ہے اور نسائی نے بھی پہلی حدیث کی روایت کی ہے اور ابو داؤد نے بھی دوسری حدیث کی روایت کی ہے۔

قَالَ فِي شَرْحِ النِّقَايَةِ وَالْحَاصِلُ اِنَّ نَحْوَ الْاَنِيْنِ اَوِ الْبُكَاءِ بِصَوْتٍ

واضح ہو کہ نماز میں دھیمی آواز سے رونا یا بلند آواز سے رونا، اگر یہ آخرت کے خیال سے اور اللہ تعالیٰ کے خوف

إِنْ كَانَ لِغَيْرِ أَمْرِ الْآخِرَةِ بِأَنْ كَانَ لِوَجْعٍ أَوْ مُصِيبَةٍ تُفْسِدُ الصَّلٰوةَ لِأَنَّ فِيهِ إِظْهَارُ التَّأَسُّفِ وَالْجَزَعِ فَصَارَ كَأَنَّهُ قَالَ أَعِينُونِي وَإِنْ كَانَ لِأَمْرِ الْآخِرَةِ بِأَنْ كَانَ يَخُوفُ أَوْ رَجَاءٍ لَا تُفْسِدُ لِأَنَّهُ كَالدُّعَاءِ وَالثَّنَاءِ۔

اور اُمید کی وجہ سے نہ ہوں، بلکہ کسی درد یا دنیوی مصیبت کی وجہ سے ہوں تو ان سے نماز فاسد ہو جائے گی، اس لیے کہ اس سے افسوس اور بے قراری کا اظہار ہوتا ہے اور یہ فعل حقیقت میں شکایت ہے، کہ گویا نمازی کہہ رہا ہے کہ میری مدد کرو اور نماز میں ایسا کہنا نماز کے اندر کلام ہوا، اور کلام سے نماز فاسد ہو جاتی ہے، اس کے برخلاف نماز میں دھیمی آواز سے رونا یا بلند آواز سے رونا آخرت کے خیال سے اور اللہ تعالیٰ کے خوف یا اُمید کی وجہ سے ہو تو یہ حقیقت میں دعا اور ثناء ہے اور اس سے نماز فاسد نہیں ہوتی (شرح نقایہ، مرقات)

١٣٦٦ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَصَابَهُ قَيْءٌ أَوْ رُعَافٌ أَوْ قَلَسٌ أَوْ مَذْيٌ فَلْيَنْصَرِفْ فَلْيَتَوَضَّأْ ثُمَّ لِيَبْنِ عَلَى صَلَاتِهِ وَهُوَ فِي ذٰلِكَ لَا يَتَكَلَّمُ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَرَوَى عَبْدُ الرَّزَّاقِ وَالدَّارَقُطْنِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ عَنْ عَلِيٍّ نَحْوَهُ مَوْقُوفًا وَرَوَاهُ الدَّارَقُطْنِيُّ مُرْسَلًا أَيْضًا قَالَ فِي الْفَتْحِ وَابْنُ عَيَّاشٍ قَدْ وَثَّقَهُ ابْنُ مَعِينٍ وَزَادَ فِي الْإِسْنَادِ عَنْ عَائِشَةَ وَالزِّيَادَةُ مِنَ الثِّقَةِ مَقْبُولَةٌ وَالْمُرْسَلُ عِنْدَنَا وَعِنْدَ جُمْهُورِ الْعُلَمَاءِ حُجَّةٌ كَذَا فِي جَامِعِ الْآثَارِ۔

ام المومنین سیدتنا حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس کسی کو نماز میں (منھ بھر کر) قے آئے یا نکسیر پھوٹ پڑے (یا منھ بھر کر) اچھال ہو یعنے وہ قے جو منھ میں آکر پلٹ جائے یا مذی آوے تو اس کو چاہیے کہ وہ نماز کی جگہ سے ہٹ جائے اور وضو کر کے اپنی (پہلی) نماز پر بناء کرے (یعنے جس رکن میں حدث ہوا تھا اسی رکن سے باقی ماندہ نماز کی تکمیل کرے، اس لیے از سر نو نماز پڑھنے کی ضرورت نہیں ہے) بشرطیکہ وہ وضو کے لیے آنے اور جاتے میں کوئی کلام نہ کرے۔ (اس کی روایت ابن ماجہ نے کی ہے اور عبدالرزاق، دارقطنی اور بیہقی نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اسی طرح موقوفاً روایت کی ہے، دارقطنی نے اس حدیث کی روایت مرسلاً بھی کی ہے)

وَقَالَ الْعَيْنِيُّ فِي الْبِنَايَةِ فَإِنْ قُلْتَ اسْتَدَلَّ لَكُمْ بِحَدِيثَيْنِ أَحَدُهُمَا مُرْسَلٌ وَالْآخَرُ ضَعِيفٌ قُلْتُ لَا يَضُرُّنَا إِرْسَالُهُ لِأَنَّ الْمُرْسَلَ عِنْدَنَا حُجَّةٌ وَيَقْوَى

اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ نماز میں وضو ٹوٹ جانے سے نماز کی جگہ سے ہٹ کر وضو کر کے پہلی نماز پر بناء کرنا جائز ہے، واضح ہو کہ یہ ایسا مسئلہ ہے جس سے صحابہ کرام اور تابعین کا اجماع ہے، چنانچہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOMIL ISLAMIA ACADEMY

الضَّعِيفَ بِمَا نُقِلَ عَنِ الصَّحَابَةِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمْ وَهُوَ مَا اَخْرَجَهُ ابْنُ اَبِي شَيْبَةَ فِي مُصَنَّفِهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ وَاَبِي بَكْرِ نِ الصِّدِّيقِ وَسَلْمَانَ وَابْنِ عُمَرَ وَابْنِ مَسْعُودٍ وَرُوِيَ مِنَ التَّابِعِينَ عَنْ عَلْقَمَةَ وَطَاوُسٍ وَسَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللهِ وَسَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ وَالشَّعْبِيِّ وَاِبْرَاهِيمَ النَّخْعِيِّ وَعَطَاءٍ وَمَكْحُولٍ وَسَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ وَكَيْفَ يَذْهَبُ اِلَى الْقِيَاسِ بِتَرْكِ قَوْلِ هٰؤُلَاءِ وَقَوْلِهِمْ فِيمَا لَا يُدْرَكُ بِالْقِيَاسِ كَالنَّصِّ فِي كَوْنِهِ رَاجِحًا عَلَى الْقِيَاسِ حَتّٰى قَالَ بَعْضُهُمْ فِي الْمَسْئَلَةِ اِجْمَاعُ الصَّحَابَةِ فَاِنَّهُ رُوِيَ عَنْ اَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ عُثْمَانَ وَعَلِيٍّ وَالْعُبَادِلَةِ الثَّلَاثَةِ وَاَنَسٍ وَسَلْمَانَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمْ جَوَازُ الْبِنَاءِ وَالْمُرَادُ اِجْمَاعُ فُقَهَائِهِمْ وَبِقَوْلِهِمْ يُتْرَكُ الْقِيَاسُ هٰذَا وَرُوِيَ اَيْضًا مِثْلُ مَا قُلْنَا عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ وَابْنِ اَبِي لَيْلٰى وَالْحَسَنِ الْبَصْرِيِّ وَسُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ وَاَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمْ۔

ابن ابی شیبہ نے اپنی مصنف میں صحابہ میں سے حضرات علی بن ابی طالب، ابو بکر صدیق، سلمان فارسی، ابن عمر اور ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے اور تابعین میں سے حضرات علقمہ، طاوس، سالم بن عبد اللہ، سعید بن جبیر، شعبی، ابراہیم نخعی، عطا، مکحول اور سعید بن المسیب رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے بناء کرنے کے ثبوت پر متعدد روایتیں کی ہیں اسی وجہ سے بعض علماء نے کہا ہے کہ بنائہ کرنے کے اس مسئلہ پر صحابہ کرام کا اجماع ہے کیونکہ بناء کا جواز حضرات ابو بکر، عمر، عثمان، علی، عبد اللہ ابن مسعود، عبد اللہ بن عمر، عبد اللہ بن عباس، انس اور سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے ثابت ہے، نیز فقہا ذ تابعین میں سے حضرات اوزاعی، ابن ابی لیلیٰ، حسن بصری، سفیان ثوری اور ابو سلمہ بن عبد الرحمٰن رضی اللہ تعالیٰ عنہم بھی جوازِ بناء کے قائل ہیں (بنایہ یعنی عینی ہدایہ) ۱۲۔

ف واضح ہو کہ نماز میں حدث ہونے کی دو صورتیں ہیں (۱) اختیاری (۲) غیر اختیاری، اختیاری حدث اس حدث کو کہتے ہیں جس کے واقع ہونے میں بندے کے اختیار کو دخل ہو، مثلاً کوئی شخص نماز میں قہقہہ کے ساتھ ہنسے یا اپنے بدن پر کوئی ضرب لگا کر خون نکالے یا عمداً اخراج ریح کرے، ان سب صورتوں میں نماز فاسد ہو جائے گی۔

حدث غیر اختیاری اس حدث کو کہتے ہیں جس میں نمازی کے ارادے کے بغیر خود بخود حدث واقع ہو، جیسے ریح، پیشاب، پاخانہ مذی وغیرہ کا خود بخود نکلنا تو اس صورت میں مُصلّی کو چاہیئے کہ وہ فوراً اپنی جگہ سے ہٹ کر وضو کے لیے چلا جائے اگر بقدر ادائی ایک رکن بلا عذر ٹھہرا رہے تو نماز فاسد ہو جائے گی اور بناء صحیح نہ ہوگی اور بناء صحیح ہونے کے لیے یہ بھی ضروری ہے کہ کسی رکن کو حالتِ حدث میں ادا نہ کرے اور اسی طرح کسی رکن کو چلنے کی حالت میں بھی ادا نہ کرے اور وضو کرنے اور وضو کے لیے جانے کے دوران میں کوئی ایسا فعل نہ کرے جو نماز کے منافی ہو یا وضو کے ضروریات سے نہ ہو، اور وضوء کے بعد اپنی نماز کو جس رکن پر چھوڑا تھا۔ اسی رکن سے شروع کرے اور اس رکن کا اعتبار نہ کرے جس میں حدث ہوا ہے اگر نمازی منفرد ہے تو بعد وضو کے جہاں وضو کیا ہے وہیں قریب میں نماز پڑھ سکتا ہو تو وہیں نماز پوری کرے اور یہی افضل ہے اور چاہے تو پہلے جہاں نماز پڑھ رہا تھا وہاں جا کر نماز پوری کرے یہ بھی درست ہے۔

اگر نمازی جس کو حدث لاحق ہوا ہو وہ مقتدی ہے تو اس کا حکم اس مدرک کے حکم کی طرح ہے جو ابتداء نماز سے شریک جماعت رہا ہو، اس لیے ایسا مقتدی وضو کے بعد جب اپنی باقی ماندہ نماز کی تکمیل کرنا چاہے تو وہ چونکہ مدرک کی طرح ہے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

اور چونکہ مدرک امام کے پیچھے قراءت نہیں کرتا اس لیے یہ مقتدی بھی قراءت پڑھنے کے موقع پر نہ الحمد پڑھے، اور نہ سورہ ضم کرے بلکہ الحمد اور ضم سورہ کی مقدار خاموش قیام کرکے رکوع میں چلا جائے، مقتدی کے لیے یہ حکم اس صورت میں ہے جب کہ امام نماز سے فارغ ہو چکا ہو، اور جماعت ختم ہو چکی ہے اور اگر امام ابھی نماز پڑھ رہا ہے تو مقتدی کو چاہیئے کہ وہ جماعت میں شریک ہو کر امام کے سلام پھیرنے تک، امام کے ساتھ نماز ادا کرے، اور امام کے نماز سے فارغ ہونے کے بعد مقتدی مذکورہ بالا طریقہ پر اپنی باقیماندہ نماز کی تکمیل کرے۔ اور اگر امام کو نماز میں حدث لاحق ہو تو امام کو چاہیئے کہ وہ مقتدی میں سے جس کو اہل سمجھتا ہے اشارہ کرکے خلیفہ بنائے اور خود وضو کرنے کے لیے فوراً چلا جائے اور وضو کے بعد اگر جماعت کو پالے تو یہ مقتدی بن کر جماعت میں شریک ہو جائے، اور اگر جماعت ہو چکی ہے تو اوپر بتائے ہوئے طریقہ پر اپنی باقی ماندہ نماز کی تکمیل کرے (شرح المنیہ، درمختار، ردالمحتار، ہدایہ، عالمگیری) ۱۲۔

۱۳۶۷ / ۳۰ وَعَنْ اِبْرَاهِيْمَ فِي الرَّجُلِ يَرْعُفُ فِي الصَّلٰوةِ اَوْ يُحْدِثُ قَالَ يَخْرُجُ وَلَا يَتَكَلَّمُ اِلَّا اَنْ يَّذْكُرَ اللّٰهَ يَتَوَضَّأُ ثُمَّ يَرْجِعُ اِلٰى مَكَانِهٖ فَيَقْضِيْ مَا بَقِيَ عَلَيْهِ مِنْ صَلَاتِهٖ وَيَعْتَدُّ بِمَا صَلّٰى فَاِنْ كَانَ تَكَلَّمَ اِسْتَقْبَلَ رَوَاهُ مُحَمَّدٌ فِي الْاٰثَارِ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِابْنِ اَبِيْ شَيْبَةَ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ اِذَا رَعَفَ الرَّجُلُ فِيْ صَلٰوتِهٖ اَوْ قَاءَ فَلْيَتَوَضَّأْ وَلَا يَتَكَلَّمْ وَلْيَبْنِ عَلٰى صَلٰوتِهٖ وَرِجَالُ هٰذَا السَّنَدِ عَلٰى شَرْطِ الصَّحِيْحِ۔

حضرت ابراہیم نخعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت کی گئی ہے ان سے دریافت کیا گیا کہ جس کو نماز میں نکسیر پھوٹ پڑے یا اس کا وضو ٹوٹ جائے (تو اس کو کیا کرنا چاہیئے؟) آپ نے فرمایا وہ نماز کی جگہ سے ہٹ جائے اور وضو کرے (اور وضو کے لیے آتے جاتے میں) ذکر اللہ کے سوا کوئی کلام نہ کرے (اور وہ وضو کے بعد جب) اپنی جگہ واپس آجائے تو اپنی باقیماندہ نماز کی تکمیل کرے اور جو کچھ نماز وضو ٹوٹنے کے قبل ادا کی تھی اس کو شمار میں رکھے (اور یہ سمجھے کہ جو نماز پڑھ چکا ہے وہ ادا ہو چکی ہے اور باقی ماندہ نماز کی تکمیل اسی رکن سے کرے جس رکن پر حدث ہوا ہے اور اگر وضو کے لیے آجانے میں) بات کرلی تو از سر نو نماز کا اعادہ کرے (اور جو نماز پڑھ چکا تھا اس کا اعتبار نہ کرے) (اس کی روایت امام محمد نے الآثار میں کی ہے) اور ابن ابی شیبہ کی ایک روایت میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے مروی ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ جب کسی شخص کو نماز میں نکسیر پھوٹ پڑے یا (منھ بھرکر) قے آئے تو اس کو چاہیئے کہ جا کر وضو کرے اور بات نہ کرے اور اگر چاہے تو بعد وضو کے) اپنی پچھلی نماز پر بناء کرے۔ اس سند کے راوی صحیح کے راوی ہیں۔

۱۳۶۸ / ۳۱ وَعَنْ طَلْقِ بْنِ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ

حضرت طلق بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا فَسَا اَحَدُكُمْ فِي الصَّلٰوةِ فَلْيَنْصَرِفْ فَلْيَتَوَضَّأْ وَلْيُعِدِ الصَّلٰوةَ۔ رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ وَرَوَى التِّرْمِذِيُّ مَعَ زِيَادَةٍ وَّنُقْصَانٍ۔

وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب تم میں سے کسی کی نماز میں (عمداً) ریح خارج ہو جائے تو اس پر وضو کر کے ازسرِنو شروع سے نماز پڑھنا (واجب) ہے (اگر بغیر ارادے کے خود بخود ریح نکلے تو جس قدر نماز پڑھ لی ہے اس پر بنا کرنا بھی جائز ہے) اس کی روایت ابو داؤد نے کی ہے اور ترمذی نے بھی کسی قدر زیادتی اور کمی کے ساتھ اس کی روایت کی ہے۔

قَالَ عَلِيُّ الْقَارِيُّ اَلْاَمْرُ بِالْاِعَادَةِ لِلْوُجُوْبِ اِذَا كَانَ الْحَدَثُ عَمَدًا اَمَّا اِذَا سَبَقَهُ الْحَدَثُ فَالْاَمْرُ لِلْاِسْتِحْبَابِ فَاِنَّهُ اَفْضَلُ لِلْخُرُوْجِ عَنِ الْخِلَافِ۔

(اس حدیث کے ترجمہ میں جو قیود مذکور ہیں وہ مرقات سے ماخوذ ہیں اور ان سے مقصود یہ ہے کہ اوپر کی حدیثیں جن میں حدث ہوتے پر نماز کی بناء کا حکم ہے اور یہ حدیث جس میں حدث ہوتے پر نماز کو شروع سے لوٹانے کا حکم ہے، تطبیق ہو جائے اور وہ اس طرح کہ اوپر کی حدیثیں جن میں نماز کی بناء کا حکم ہے ان کو غیر اختیاری حدث سے متعلق کیا جائے اور اس حدیث کو جس میں نماز کے لوٹانے کا حکم ہے حدث اختیاری اور غیر اختیاری دونوں سے متعلق کیا جائے اس حدیث کو دونوں صورتوں یعنے اختیاری اور غیر اختیاری حدث سے اس طرح متعلق کیا جائے گا کہ اگر حدث اختیاری ہو تو نماز کو لوٹانا واجب ہے اور اگر حدث غیر اختیاری ہے تو نماز کا لوٹانا مستحب، یعنے افضل ہے (یہ مضمون کچھ زیادتی کے ساتھ مرقات سے ماخوذ ہے) ۱۲۔

۱۳۶۹/۳۲ وَعَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَبَّرَ فِيْ صَلٰوةٍ مِّنَ الصَّلَوَاتِ ثُمَّ اَشَارَ اِلَيْهِمْ بِيَدِهٖ اَنِ امْكُثُوْا فَانْطَلَقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ رَجَعَ وَعَلٰى جِلْدِهٖ اَثَرُ الْمَاءِ فَصَلّٰى رَوَاهُ مُحَمَّدٌ فِي الْمُؤَطَّا وَقَالَ بِهٰذَا نَاْخُذُ مَنْ

حضرت عطاء بن یسار رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نمازوں میں کسی ایک نماز کو تکبیر تحریمہ کہکر شروع فرمایا (پھر حدث ہو جانے پر) اپنے دست مبارک سے صحابہ کرام کو اشارہ فرمایا (جس کا مفہوم یہ تھا کہ ٹھہرے رہو) اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مصلی سے چلے گئے پھر (وضو فرما کر) ایسی حالت میں واپس ہوئے کہ طور

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

سَبَقَهُ حَدَثٌ فِيْ صَلٰوةٍ فَلَا بَأْسَ اَنْ يَّنْصَرِفَ وَلَا يَتَكَلَّمُ فَيَتَوَضَّأُ ثُمَّ يَبْنِيْ عَلٰى مَا صَلّٰى وَاَفْضَلُ ذٰلِكَ اَنْ يَّتَكَلَّمَ وَيَتَوَضَّأَ وَيَسْتَقْبِلَ صَلَاتَهٗ۔

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی جلد مبارک پر پانی کا اثر تھا پھر آپ نے (بناء کر کے) نماز پڑھائی (یعنی تکبیر تحریمہ کہے بغیر جہاں سے نماز چھوڑی تھی، وہیں سے نماز شروع فرما کر نماز کی تکمیل فرمائی) اس کی روایت امام محمد نے موطا میں کی ہے۔

امام محمد رحمۃ اللہ نے فرمایا ہے کہ ہم اس حدیث سے یہ اخذ کرتے ہیں کہ جس کسی کا وضو نماز کی حالت میں ٹوٹ جائے تو اس کے لیے جائز ہے کہ وہ نماز کی جگہ سے ہٹ جائے اور بات نہ کرے اور وضو کر کے جو کچھ نماز پہلے پڑھ چکا ہے اسی پر بناء کر کے باقی ماندہ نماز کی تکمیل کرے اور افضل یہ ہے کہ بات کر لے اور وضو کر کے نماز کو ازسر نو شروع سے پڑھے۔ ۱۲

ف: ردالمحتار میں لکھا ہے کہ امام کو نماز میں حدث ہو جائے اور پانی مسجد میں موجود ہو تو وہ نمازیوں کو اشارہ سے ٹھہرا کر کسی کو خلیفہ بنائے بغیر نماز کی جگہ سے ہٹ کر وضو کرے اور واپس آکر بناء کر کے باقی ماندہ نماز کی تکمیل کرے اور اگر پانی مسجد میں موجود نہ ہو تو امام کسی کو خلیفہ بنا کر خود وضو کے لیے چلا جائے، لیکن امام کے لیے خواہ پانی مسجد میں ہو یا مسجد سے باہر ہو تو نماز میں حدث ہونے پر ہر حالت میں وضو کے لیے جانے کے واسطے کسی کو خلیفہ بنا لینا افضل ہے۔ ۱۲

۱۳۷۰ / ۳۳ وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّهَا قَالَتْ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَحْدَثَ اَحَدُكُمْ فِيْ صَلَاتِهٖ فَلْيَاْخُذْ بِاَنْفِهٖ ثُمَّ لِيَنْصَرِفْ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

اُم المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب تم سے کوئی نماز پڑھے اور نماز میں اس کا وضو ٹوٹ جائے تو وہ اپنی ناک پکڑ لے (تاکہ لوگوں کو خیال ہو کہ اسے نکسیر آئی ورنہ ممکن ہے کہ وہ شرم کی وجہ سے وضو ہی نہ کرے اور بلا وضو ہی نماز پڑھے) پھر نماز کی جگہ سے ہٹ جائے (اور وضو کر کے بنا کرے) (ابوداؤد)

۱۳۷۱ / ۳۴ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ اِذَا اَمَّ الرَّجُلُ الْقَوْمَ فَوَجَدَ فِيْ بَطْنِهٖ رِزًّا اَوْ قَيْئًا اَوْ رُعَافًا فَلْيَضَعْ ثَوْبَهٗ عَلٰى اَنْفِهٖ وَلْيَاْخُذْ بِيَدِ رَجُلٍ مِّنَ الْقَوْمِ

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ جب کسی نے لوگوں کی امامت کی اور اپنے پیٹ میں تکلیف کا احساس کیا یا قے کی آمد کا احساس ہوا یا نکسیر کے چھوٹ جانے کا یقین ہوا تو اپنی ناک پر کپڑا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

فَلْيُقَدِّمْهُ ۔

(رَوَاهُ الدَّارَقُطْنِيُّ)

رکھے اور مقتدیوں میں سے کسی کے ہاتھ کو پکڑے اور اس کو آگے بڑھاوے (دارقطنی)

ف عمدۃ الرعایہ میں بنایہ کے حوالہ سے لکھا ہے کہ جب امام کو مقتدیوں میں سے کسی کو خلیفہ بنانے کی ضرورت پیش آئے تو مقتدی کو اپنی جگہ لے جانے کے لیے بات کئے بغیر اس کا کپڑا پکڑ کر کھینچے یا ہاتھ سے اشارہ کرے اور اشارہ سے ہی اس کو اپنی باقی ماندہ نماز کی اطلاع کرے اور اگر خلیفہ بناتے وقت بات کرلی تو نماز فاسد ہو جائے گی ۔ ۱۲

۱۳۷۲ (۳۵) وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَحْدَثَ أَحَدُكُمْ وَقَدْ جَلَسَ فِيْ آخِرِ صَلَاتِهِ قَبْلَ أَنْ يُسَلِّمَ فَقَدْ جَازَتْ صَلَاتُهُ ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے ۔ انھوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی شخص اخیر نماز میں قعدۂ اخیرہ میں (بمقدار تشہد بیٹھنے کے بعد) سلام پھیرنے سے قبل عمداً وضو توڑ دے، تو اس کی نماز ہو گئی [له] (ترمذی)

وَقَالَ عَلِيٌّ الْقَارِيُّ لِهٰذَا الْحَدِيْثِ طُرُقٌ ذَكَرَهَا الطَّحَاوِيُّ وَتَعَدُّدُ الطُّرُقِ يَبْلُغُ الْحَدِيْثَ الضَّعِيْفَ إِلَى حَدِّ الْحَسَنِ وَقَالَ ابْنُ الْهُمَامِ وَقَوْلُ مَنْ يَقُوْلُ فِيْ حَدِيْثٍ أَنَّهُ لَمْ يَصِحَّ إِنْ سَلِمَ لَمْ يَقْدَحْ لِأَنَّ الْحُجَّةَ لَا تَتَوَقَّفُ عَلَى الصِّحَّةِ بَلِ الْحَسَنُ كَافٍ ۔

ملا علی قاری رحمہ اللہ الباری فرماتے ہیں کہ اس حدیث کے طرق امام طحاوی نے ذکر کئے ہیں ۔ اور کثرت طرق کی وجہ سے حدیث ضعیف، حد حسن کو پہنچ جاتی ہے ۔ اور امام ابن الہمام نے کہا کہ اس شخص کا قول جس نے کہا کہ یہ حدیث صحیح نہیں ہے اگر اس نے سلام پھیر دیا تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے، کیونکہ دلیل حدیث کے صحیح ہونے پر ہی موقوف نہیں، بلکہ حدیث حسن بھی حجت کے لیے کافی ہے ۔

بَابُ السَّهْوِ

باب اگر نماز میں بھول ہو جائے تو کیا کرے

۱۳۷۳ (۱) عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّهُ قَالَ فِي الَّذِيْ لَا يَدْرِيْ صَلّٰى ثَلَاثًا أَمْ أَرْبَعًا قَالَ يُعِيْدُ حَتّٰى يَحْفَظَ رَوَاهُ ابْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ وَفِيْ رِوَايَةٍ عَنْهُ أَنَّهُ قَالَ أَمَّا أَنَا فَإِذَا لَمْ أَدْرِ كَمْ صَلَّيْتُ فَإِنِّيْ أُعِيْدُ وَفِيْ رِوَايَةٍ

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے انھوں نے ایک شخص کے بارے میں فرمایا جس کو یہ یاد نہیں کہ اس نے تین رکعتیں پڑھی ہیں یا چار (اور یہ اس کو عمر بھر میں پہلی مرتبہ ہوا اور ایسے شک کی اس کو عادت نہیں) تو وہ زیادت کرکے یا سلام پھیر کر نماز

له (اس واسطے کہ اپنے فعل سے نماز سے باہر آنا فرض ہے، اور یہاں مُصلّی عمداً حدث کرکے اپنے فعل سے باہر ہو گیا ہے اور اس کے ذمہ کوئی فرض وواجب باقی نہ رہا اس لیے اس کی نماز ہو گئی ۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

لَهٗ عَنِ ابْنِ جُبَيْرٍ وَالشَّعْبِيِّ وَشُرَيْحٍ نَحْوَهٗ ۔

توڑ دے اور پھر از سر نو نماز شروع سے پڑھے تاکہ اس کی نماز شک سے نہ ہو، بلکہ یاد سے ہو لہ اور ابن ابی شیبہ نے ہی اپنی ایک اور روایت میں حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہی اس طرح روایت کی ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا میرا بھی ایسا ہی واقعہ ہوا ہے کہ (جب عمر بھر میں پہلی بار) مجھ کو نماز میں شک ہوا کہ میں نے کتنی رکعتیں پڑھی ہیں، تو میں نے نماز توڑ کر از سر نو شروع سے نماز پڑھی ہے (اس حدیث کا ترجمہ عمدۃ الرعایۃ سے ماخوذ ہے) اور ابن ابی شیبہ کی ایک اور روایت میں بھی ابن جبیر شعبی اور شریح رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے اسی طرح روایت ہے کہ کسی کو عمر بھر میں پہلی بار نماز میں شک ہوا ہو تو وہ نماز توڑ کر از سر نو شروع سے نماز پڑھے۔

۱۳۷۴ وَعَنْ طَاؤُسٍ قَالَ إِذَا صَلَّيْتَ فَلَمْ تَدْرِكُمْ صَلَّيْتَ فَأَعِدْهَا مَرَّةً فَإِنِ الْتَبَسَتْ عَلَيْكَ مَرَّةً أُخْرٰى فَلَا تُعِدْهَا رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَرَوٰى مَالِكٌ عَنْ عَطَاءٍ نَحْوَهٗ ۔

حضرت طاؤس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ جب تم نے نماز پڑھی اور تم کو (نماز میں عمر بھر میں پہلی مرتبہ) شک ہوا کہ کتنی رکعتیں پڑھی ہیں تو نماز توڑ کر از سر نو شروع سے نماز پڑھو، اگر دوبارہ ایسا ہی شک ہوا کہ کتنی رکعتیں ادا کی ہیں تو اب نہ تو نماز توڑو، اور نہ از سر نو نماز پڑھو (اس کی روایت ابن ابی شیبہ نے کی ہے اور امام مالک نے حضرت عطاء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اسی طرح روایت کی ہے)

وَفِي رِوَايَةٍ لِلْبُخَارِيِّ وَأَبِي دَاوُدَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهٗ قَالَ وَإِذَا شَكَّ أَحَدُكُمْ فِي صَلَاتِهٖ فَلْيَتَحَرَّ الصَّوَابَ فَلْيُتِمَّ عَلَيْهِ ثُمَّ يُسَلِّمْ ثُمَّ يَسْجُدْ سَجْدَتَيْنِ ۔

بخاری اور ابو داؤد کی ایک روایت میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس شخص کو اپنی نماز کی (تعداد رکعات میں) شک ہوا کرے (کہ کتنی رکعتیں پڑھی ہیں) تو اس کو چاہیئے کہ تحری کرے

لہ اس حدیث کا ترجمہ ہدایہ، بنایہ، رد المحتار، موطا امام محمد، ابن ابی شیبہ، شرح وقایہ، عمدۃ الرعایۃ ان کتابوں کو پیش نظر رکھ کر کیا گیا ہے اس کی روایت ابن ابی شیبہ نے کی ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

یعنے سوچ کر ٹھیک بات معلوم کرے اور تحری کے بعد جو ٹھیک بات معلوم ہو اس لحاظ سے اپنی نماز پوری کرے اور سلام کے بعد سہو کے دو سجدے کرے۔

قَالَ الْعَلَّامَةُ الْعَيْنِيُّ تَبْوِيْبُ اَبِيْ دَاوٗدَ يَدُلُّ عَلٰى اَنَّهٗ يَبْنِيْ عَلٰى اَكْبَرِ رَأْيِهٖ حَيْثُ قَالَ بَابُ مَنْ قَالَ يُتِمُّ عَلٰى اَكْبَرِ ظَنِّهٖ۔

واضح ہو کہ بخاری اور ابوداؤد کی اس روایت میں نماز میں شک واقع ہونے سے تحری کر کے گمان غالب پر عمل کرنے کا جو حکم ہے مذہب حنفی بھی یہی ہے، چنانچہ علامہ عینی رحمۃ اللہ نے فرمایا ہے کہ ابوداؤد کا اس بارے میں قول ہے، اسی وجہ سے ابوداؤد نے جو باب قائم کیا ہے وہ یہ ہے "بَابُ مَنْ قَالَ يُتِمُّ عَلٰى اَكْبَرِ ظَنِّهٖ" یعنے جس شخص کو نماز میں شک ہو وہ اپنے گمان غالب پر عمل کرے۔

۱۳۷۵ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ اِذَا شَكَّ اَحَدُكُمْ فِيْ صَلٰوتِهٖ فَلَا يَدْرِيْ ثَلٰثًا صَلّٰى اَمْ اَرْبَعًا فَلْيَتَحَرَّ فَلْيَنْظُرْ اَفْضَلَ ظَنِّهٖ فَاِنْ كَانَ اَكْبَرُ ظَنِّهٖ اَنَّهَا ثَلٰثٌ قَامَ فَاَضَافَ اِلَيْهَا الرَّابِعَةَ ثُمَّ تَشَهَّدَ فَسَلَّمَ وَسَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ وَاِنْ كَانَ اَفْضَلُ ظَنِّهٖ اَنَّهٗ صَلّٰى اَرْبَعًا تَشَهَّدَ ثُمَّ سَلَّمَ ثُمَّ سَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ رَوَاهُ مُحَمَّدٌ فِي الْاٰثَارِ۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے انھوں نے کہا کہ جب تم میں سے کسی کو اپنی نماز کی (تعداد رکعات میں) شک ہوا کرے کہ تین رکعتیں پڑھی ہیں یا چار تو وہ تحری کر کے گمان غالب معلوم کرے، اگر اس کا گمان غالب یہ ہو کہ اس نے تین رکعتیں پڑھی ہیں (تو وہ تیسری رکعت کے رکوع اور دونوں سجدوں سے فارغ ہو جائے اور چونکہ اس تیسری رکعت میں چوتھی رکعت کا بھی احتمال ہے، اس لیے اس تیسری رکعت سے فارغ ہونے کے بعد قعدہ میں بیٹھ جائے اس لیے کہ چوتھی رکعت کے بعد پھر قعدہ اخیر کرے اور اس میں التحیات پڑھ کر سلام پھیرے اور سہو کے دو سجدے کرے، اور اگر تحری کے بعد اس کا گمان غالب یہ ہو کہ اس نے چار رکعتیں پڑھ لی ہیں تو وہ قعدہ اخیر کے لیے بیٹھ جائے اور التحیات پڑھ کر سلام پھیرے اور سہو کے دو سجدے کرے (اس کی روایت امام محمد نے کتاب الآثار میں کی ہے)

۱۳۷۶ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ قَالَ سُئِلَ ابْنُ عُمَرَ وَاَبُوْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيُّ

حضرت عمرو بن دینار رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے انھوں نے کہا کہ حضرت ابن عمر اور حضرت ابوسعید خدری

www.waseemziyai.com
MARKAZ UL ULOOM ISLAMIA ACADEMY

عَنْ رَجُلٍ سَهَا فَلَمْ يَدْرِ كَمْ صَلّٰى قَالَ يَتَحَرّٰى أَصْوَبَ ذٰلِكَ فَيُتِمُّهُ ثُمَّ يَسْجُدُ سَجْدَتَيْنِ ۔

(رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ)

رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ایسے شخص کے متعلق دریافت کیا گیا جس کو نماز کی تعداد (رکعات) کے بارے میں بھول ہو گئی اور اس کو یاد نہیں رہا کہ اس نے کتنی رکعتیں پڑھی ہیں تو ان دونوں حضرات میں سے ہر ایک نے یہی فرمایا کہ وہ شخص تحری کرے، یعنے سوچ کر ٹھیک بات معلوم کرے اور تحری کے بعد جو بات ٹھیک معلوم ہو اسی لحاظ سے اپنی نماز پوری کرے اور (سلام کے بعد) سہو کے دو سجدے کرے۔ (امام طحاوی)

۱۳۷۷ وَعَنْ إِبْرَاهِيمَ فِيمَنْ نَسِيَ الْفَرِيضَةَ فَلَا يَدْرِي أَرْبَعًا صَلّٰى أَمْ ثَلَاثًا قَالَ إِنْ كَانَ أَوَّلَ نِسْيَانِهِ أَعَادَ الصَّلٰوةَ وَإِنْ كَانَ يَكْثُرُ النِّسْيَانُ يَتَحَرَّى الصَّوَابَ وَإِنْ كَانَ أَكْبَرُ رَأْيِهِ أَنَّهُ أَتَمَّ الصَّلٰوةَ سَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ وَإِنْ كَانَ أَكْبَرُ رَأْيِهِ أَنَّهُ صَلّٰى ثَلَاثًا أَضَافَ إِلَيْهَا وَاحِدَةً ثُمَّ سَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ ۔

(رَوَاهُ مُحَمَّدٌ فِي الْآثَارِ)

حضرت ابراہیم نخعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے ایسے شخص کے متعلق دریافت کیا گیا جس کو کسی فرض نماز (کی تعداد رکعات کے بارے) میں بھول ہو گئی ہو اور اس کو یاد نہیں کہ اس نے چار رکعتیں ادا کی ہیں یا تین تو حضرت ابراہیم نخعی (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے جواب دیا (اگر اس کو یہ شک عمر بھر میں پہلی بار ہوا ہے اور ایسے شک کی اس کو عادت نہیں) تو وہ (بات کر کے یا سلام پھیر کر) نماز توڑ دے، اور پھر از سر نو شروع سے نماز پڑھے اور اگر اس کو بھولنے کی عادت ہے تو وہ شخص تحری کرکے گمان غالب معلوم کرے اور اگر اس کا غالب گمان یہ ہو کہ اس نے پوری نماز پڑھ لی ہے، تو وہ سلام کے بعد سہو کے دو سجدے کرے، اور اگر اس کا گمان غالب یہ ہو کہ اس نے تین رکعتیں پڑھی ہیں (تو وہ چوتھی رکعت کا بھی احتمال ہے اس لیے اس تیسری رکعت سے فارغ ہونے کے بعد قعدہ میں بیٹھ جائے (اس لیے کہ چوتھی رکعت کا قعدہ فرض ہے) اس کے بعد کھڑا ہو کر چوتھی رکعت ادا کرے پھر سلام کے بعد سہو کے دو سجدے کرے (اس کی روایت امام محمد نے آلآثار میں کی ہے۔

۱۳۷۸ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ صَلّٰى صَلٰوةً يَشُكُّ

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے انھوں نے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سُنا ہے کہ اگر کسی

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

فِي النُّقْصَانِ فَلْيُصَلِّ حَتّٰى يَشُكَّ فِي الزِّيَادَةِ۔

(رَوَاهُ أَحْمَدُ)

وَفِي رِوَايَةِ التِّرْمِذِيِّ عَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِذَا سَهَا أَحَدُكُمْ فِي صَلَاتِهِ فَلَمْ يَدْرِ وَاحِدَةً صَلّٰى أَوْ ثِنْتَيْنِ صَلّٰى أَوْ ثَلَاثًا فَلْيَبْنِ عَلٰى وَاحِدَةٍ فَإِنْ لَمْ يَدْرِ ثِنْتَيْنِ صَلّٰى أَوْ ثَلَاثًا فَلْيَبْنِ عَلٰى ثِنْتَيْنِ فَإِنْ لَمْ يَدْرِ ثَلَاثًا صَلّٰى أَوْ أَرْبَعًا فَلْيَبْنِ عَلٰى ثَلَاثٍ وَيَسْجُدْ سَجْدَتَيْنِ قَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ۔

کو نماز کی (تعداد رکعات) میں ایسا شک ہو کہ اس کا گمان غالب کسی طرف بھی قائم نہیں ہوتا[1] (اس کی روایت امام احمد نے کی ہے۔

اور ترمذی کی ایک اور روایت میں عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے ہی مروی ہے۔ انھوں نے کہا کہ میں نے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ اگر کسی کو نماز کی تعداد رکعات کے بارے میں بھول ہو جائے[2] اس کو یہ یاد نہیں کہ ایک رکعت پڑھی ہے یا دو، تو اس صورت میں وہ (اقل یعنے) ایک رکعت پر نماز کی بنا کرے[3] اور اگر اس کو یہ یاد نہ ہو کہ دو رکعتیں پڑھی ہیں یا تین تو وہ دو رکعت پر نماز کی بنا کرے (اور دوسری رکعت کے بعد قعدہ کر کے تیسری رکعت شروع کرے) اور اگر اُس کو یہ یاد نہ ہو کہ تین رکعتیں پڑھی ہیں یا چار، تو وہ تین رکعت پر نماز کی بنا کرے (اور چونکہ اس تیسری رکعت میں چوتھی رکعت کا بھی احتمال ہے، اس لیے تیسری رکعت کے بعد قعدہ کر کے چوتھی رکعت شروع کرے اور سلام کے بعد) سہو کے دو سجدے کرے۔

فَالْحَاصِلُ أَنَّهُ قَدْ ثَبَتَ فِي هٰذَا

حاصل بحث اس باب میں تین قسم کی احادیث ہیں

[1] مثلاً نہ تو چار رکعت پر جم رہا ہے اور نہ تین پر اور وہ ان دونوں احتمالات میں سے کسی احتمال کو بھی ترجیح نہیں دے سکتا ہے تو وہ اقل یعنے تین کو اختیار کر کے تین رکعت پر نماز کی بنا کرے اور چونکہ تیسری رکعت میں چوتھی رکعت کا بھی احتمال ہے اس لیے تیسری رکعت کے بعد قعدہ کر کے چوتھی رکعت کو ادا کرے، اسی طرح چوتھی پڑھتے وقت اس کو یہ خیال ہو گا کہ وہ چوتھی رکعت پڑھ رہا ہے یا پانچویں اب تک کی کمی رکعات میں شک تھا اب زیادتی رکعت میں شک ہو رہا ہے، اس وقت اگر غلطی ہو گی تو یہی ہو گی کہ نماز زیادہ ہو جائے گی اور عبادت میں زیادتی کا ہونا بہتر ہے کمی ہونے سے۔

[2] اور اس کو ایسا شک ہو کہ اس کا گمان غالب کسی طرف بھی قائم نہیں ہو رہا ہے، نہ تو کمی رکعات پر خیال جم رہا ہے اور نہ زیادتی رکعات پر اور ان دونوں احتمالات میں سے کسی احتمال کو بھی ترجیح نہیں دے سکتا ہے مثلاً۔

[3] اور چونکہ اس ایک رکعت میں دوسری رکعت کا بھی احتمال ہے، اس لیے ایک رکعت کے بعد قعدہ کر کے دوسری رکعت ادا کرے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

اَلْبَابِ اَحَادِیْثُ ثَلٰثَۃٌ اَحَدُھَا اِذَا شَكَّ اَحَدُكُمْ فِی الصَّلٰوۃِ فَلْیَسْتَاْنِفْ اَوْكَمَا قَالَ وَثَانِیْھَا مَنْ شَكَّ فِیْ صَلَاتِہٖ فَلْیَتَحَرَّ الصَّوَابَ وَثَالِثُھَا ھٰذَا الْحَدِیْثُ النَّاطِقُ بِالْبِنَآءِ عَلٰی مَا اسْتَیْقَنَ فَجَمَعَ اِمَامُنَا اَبُوْحَنِیْفَۃَ رَحِمَہُ اللّٰہُ بَیْنَھَا بِحَمْلِ الْاَوَّلِ عَلٰی عُرُوْضِ الشَّكِّ اَوَّلَ مَرَّۃٍ وَالثَّانِیْ عَلٰی صُوْرَۃِ وُقُوْعِ التَّحَرِّیْ عَلٰی اَحَدِ الْجَانِبَیْنِ وَالثَّالِثُ عَلٰی عَدَمِ وُقُوْعِ التَّحَرِّیْ عَلَیْہِ وَھٰذَا كَمَالُ الْجَامِعِیَّۃِ الَّتِیْ اِبْتَنٰی مَذْھَبُ اِمَامِنَا اَبِیْ حَنِیْفَۃَ عَلَیْہِ كَذَا فِیْ شَرْحِ الْمُنْیَۃِ۔

(۱) پہلی یہ ہے کہ جب کسی کو نماز کی رکعات کے بارے میں شک ہوجائے تو وہ نماز توڑ کر نئے سرے سے ادا کرے۔ (۲) دوسری حدیث یہ ہے کہ جس کسی کو اپنی نماز میں شک ہوجائے کہ کتنی رکعات ادا کی ہیں تو وہ تحری (سوچ بچار) کرنے کے بعد جس پر ظن غالب ہو اسے اختیار کرے (۳) تیسری حدیث یہ ہے کہ اس کا یقین جس پر قائم ہوجائے اسی پر بنا کرے،

ہمارے امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے ان تین احادیث میں اس طرح تطبیق دی ہے کہ پہلی حدیث اس آدمی کی نماز کے متعلق ہے جسے پہلی ہی مرتبہ نماز میں شک واقع ہوا ہو تو فرمایا ایسا آدمی اپنی نماز توڑ کر نئے سرے سے نماز ادا کرے، دوسری حدیث میں اس آدمی کے متعلق حکم ہے جسے رکعات نماز کے متعلق اکثر سہو ہوجاتا ہے تو ایسا شخص تحری یعنی سوچ بچار کرے جس طرف ظن غالب ہو اسے اختیار کرے، اور تیسری حدیث میں اس آدمی کی نماز کے متعلق ارشاد ہے جسے نماز کی تعداد رکعات کے بارے میں اشتباہ ہو مگر اس کا یقین بھی کسی ایک بات پر جمتا ہو تو جس بات کا اسے یقین ہو اسے اختیار کرے، اس پر تحری نہیں ہے، اور یہ ہمارے امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے مذہب کی کمال جامعیت خصوصیت ہے کہ وہ متعارض احادیث میں شاندار انداز میں تطبیق دیتے ہیں (جس وجہ سے معارض احادیث پر عمل بھی ہو جاتا ہے، فقہ حنفی کی خصوصیات میں سے ایک یہ بھی ہے کہ حتی الامکان اس میں متعارض احادیث پر عمل کی کوشش کی جاتی ہے)

۱۳۷۹ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ جَعْفَرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ شَكَّ فِیْ صَلَاتِہٖ فَلْیَسْجُدْ سَجْدَتَیْنِ بَعْدَ مَا یُسَلِّمُ۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عبد اللہ بن جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس شخص کو اپنی نماز میں شک ہوجائے تو اسے سلام کے بعد سہو کے دو سجدے کرنے چاہییں (اس کے بعد پھر تشہد درود اور دعا پڑھ کر نماز سے باہر آنے کے لیے دوبارہ سلام پھیرے) (ابو داؤد)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

۱۳۸۰/۸ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ سَجَدَ فِیْ وَهْمِهٖ بَعْدَ السَّلَامِ۔

(رَوَاهُ النَّسَائِیُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نماز میں شک ہونے کی وجہ سے سلام پھیرنے کے بعد سجدۂ سہو فرمایا ہے۔ (نسائی)

۱۳۸۱/۹ وَعَنْ عَلْقَمَةَ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ سَجَدَ سَجْدَتَیِ السَّهْوِ بَعْدَ السَّلَامِ وَذَكَرَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَعَلَ ذٰلِكَ۔

(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَرَوَی التِّرْمِذِیُّ نَحْوَهٗ)

حضرت علقمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سلام پھیرنے کے بعد سہو کے دو سجدے ادا کئے اور فرمایا کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بھی اسی طرح کیا ہے (اس کی روایت ابن ماجہ نے کی ہے اور ترمذی نے بھی اسی طرح روایت کی ہے)

۱۳۸۲/۱۰ وَعَنِ ابْنِ سِیْرِیْنَ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ صَلّٰی بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِحْدٰی صَلَاتَیِ الْعَشِیِّ قَالَ ابْنُ سِیْرِیْنَ قَدْ سَمَّاهَا اَبُوْ هُرَیْرَةَ وَلٰكِنْ نَسِیْتُ اَنَا قَالَ فَصَلّٰی بِنَا رَكْعَتَیْنِ ثُمَّ سَلَّمَ فَقَامَ اِلٰی خَشَبَةٍ مَعْرُوْضَةٍ فِی الْمَسْجِدِ فَاتَّكَاَ عَلَیْهَا كَاَنَّهٗ غَضْبَانُ وَوَضَعَ یَدَهُ الْیُمْنٰی عَلَی الْیُسْرٰی وَشَبَّكَ بَیْنَ اَصَابِعِهٖ وَوَضَعَ خَدَّهُ الْاَیْمَنَ عَلٰی ظَهْرِ كَفِّهِ الْیُسْرٰی وَخَرَجَتْ سَرَعَانُ الْقَوْمِ مِنْ اَبْوَابِ الْمَسْجِدِ فَقَالُوْا قَصُرَتِ الصَّلٰوةُ وَفِی الْقَوْمِ اَبُوْ بَكْرٍ وَّعُمَرُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فَهَابَاهُ اَنْ یُّكَلِّمَاهُ وَفِی الْقَوْمِ رَجُلٌ فِیْ یَدَیْهِ طُوْلٌ یُّقَالُ لَهٗ ذُوالْیَدَیْنِ قَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَنَسِیْتَ اَمْ قَصُرَتِ الصَّلٰوةُ فَقَالَ لَمْ اَنْسَ وَلَمْ تُقْصَرْ فَقَالَ اَكَمَا یَقُوْلُ ذُوالْیَدَیْنِ فَقَالُوْا نَعَمْ فَتَقَدَّمَ فَصَلّٰی مَا تَرَكَ ثُمَّ سَلَّمَ ثُمَّ كَبَّرَ وَسَجَدَ مِثْلَ سُجُوْدِهٖ اَوْ اَطْوَلَ ثُمَّ

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں، کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا، ہمیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شام کی دو نمازوں میں سے (ظہر و عصر) ایک نماز پڑھائی، ابن سیرین کہتے ہیں کہ ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس نماز کا نام لیا تھا لیکن میں بھول گیا ہوں، پھر فرماتے ہیں کہ ہمیں دو رکعتیں پڑھائیں، پھر سلام پھیرا اپس مسجد میں رکھی ہوئی لکڑی کی طرف تشریف لے گئے اور اس پر ٹیک لگائی، گویا کہ آپ غصے کی حالت میں تھے، آپ نے اپنا دایاں ہاتھ بائیں پر رکھا اور اپنی انگلیوں میں انگلیاں ڈالی اور اپنا دایاں رخسار مبارک بائیں ہاتھ کی ہتھیلی کی پشت پر رکھا اور قوم کے جلد باز لوگ یہ کہتے ہوئے مسجد سے نکلے، نماز کم ہوگئی، اور قوم میں حضرات ابوبکر و عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما بھی تھے، لیکن انہوں نے خوف محسوس کیا گفتگو کرنے سے (رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے غضب کی وجہ سے انہوں نے آپ سے پوچھا نہیں) اور قوم میں ایک آدمی تھا جس کے ہاتھ لمبے اور اس کا نام ذوالیدین تھا (ہاتھوں والا) نے کہا، یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کیا آپ نماز میں بھول گئے ہیں یا نماز میں کمی واقع ہوگئی ہے، آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا

MARKAZ UL-ILOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ وَكَبَّرَ ثُمَّ كَبَّرَ وَسَجَدَ مِثْلَ سُجُوْدِهٖ أَوْ أَطْوَلَ ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ وَكَبَّرَ فَرُبَّمَا سَأَلُوْهُ ثُمَّ سَلَّمَ فَيَقُوْلُ نُبِّئْتُ أَنَّ عِمْرَانَ بْنَ حُصَيْنٍ قَالَ ثُمَّ سَلَّمَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَلَفْظُهٗ لِلْبُخَارِيِّ وَفِيْ أُخْرٰى لَهُمَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَدَلَ لَمْ أَنْسَ وَلَمْ تُقْصَرْ كُلُّ ذٰلِكَ لَمْ يَكُنْ فَقَالَ قَدْ كَانَ بَعْضُ ذٰلِكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ۔

نہ تو میں بھولا ہوں اور نہ ہی نماز کم ہوئی ہے، پھر آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کیا ایسا ہی ہے جیسے ذوالیدین کہتے ہیں، لوگوں نے کہا، ہاں، آپ آگے بڑھے، تو جو رکعتیں رہ گئیں تھیں انہیں ادا کیا، پھر آپ نے سلام پھیرا، پھر آپ نے تکبیر کہی اور تکبیر کہی، پھر تکبیر کہی اور پہلے کے برابر یا کچھ لمبا پھر آپ نے اپنے سر کو اٹھایا اور تکبیر کہی، پھر تکبیر کہی، اور اپنے چھوٹے ہوئے سجدہ کے برابر، کچھ لمبا سجدہ کیا، پھر آپ نے سر مبارک اٹھایا اور تکبیر کہی۔ لوگوں نے ان سے کئی بار پوچھا کہ پھر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سلام بھی پھیرا، تو کہنے لگے کہ مجھے خبر ملی ہے کہ حضرت عمران بن حصین نے کہا کہ پھر سلام بھی پھیرا (متفق علیہ) یہ لفظ بخاری کے ہیں، ان دونوں کی ایک دوسری روایت میں ہے، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا نہ میں بھولا اور نہ نماز کم ہوئی کی جگہ کہ ان میں سے کچھ نہیں ہوا، تو ذوالیدین نے کہا، یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کچھ تو ہوا ہے۔

١٣٨٣ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ أَنَّ [11] رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى الْعَصْرَ وَسَلَّمَ فِيْ ثَلَاثِ رَكَعَاتٍ ثُمَّ دَخَلَ مَنْزِلَهٗ فَقَامَ إِلَيْهِ رَجُلٌ يُقَالُ لَهُ الْخِرْبَاقُ وَكَانَ فِيْ يَدَيْهِ طُوْلٌ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَذَكَرَ صَنِيْعَهٗ فَخَرَجَ غَضْبَانَ يَجُرُّ رِدَاءَهٗ حَتّٰى انْتَهٰى إِلَى النَّاسِ فَقَالَ أَصَدَقَ هٰذَا قَالُوْا نَعَمْ فَصَلّٰى رَكْعَةً ثُمَّ سَلَّمَ ثُمَّ سَجَدَ سَجْدَتَيْنِ ثُمَّ سَلَّمَ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عصر کی نماز پڑھائی اور تین رکعتیں پڑھ کر سلام پھیر دیا، پھر اپنے گھر میں تشریف لے گئے، ایک آدمی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا جنہیں خرباق کہا جاتا تھا اور ان کے ہاتھوں میں درازی تھی، اس نے عرض کی یا رسول اللہ! پھر اس نے آپ کا عمل شریف ذکر کیا، پھر آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم غصے کی حالت میں اپنی چادر کھینچتے ہوئے تشریف لائے، حتی کہ لوگوں تک پہنچ گئے، فرمایا، کیا انہوں نے سچ کہا ہے لوگوں نے کہا، ہاں! تو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک رکعت پڑھی، پھر سلام پھیرا، پھر دو سجدے کئے، پھر سلام پھیرا، (مسلم)

١٣٨٤ وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ صَالِحِ بْنِ عَلِيِّ [12] ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ صَلَّيْتُ

حضرت محمد بن صالح بن علی بن عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم) سے روایت ہے کہ محمد بن صالح نے کہا کہ میں نے

MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

خَلْفَ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ صَلٰوةً فَسَهَا فِيْهَا فَسَجَدَ بَعْدَ السَّلَامِ ثُمَّ الْتَفَتَ اِلَيْنَا وَقَالَ اَمَا اِنِّيْ لَمْ اَصْنَعْ اِلَّا كَمَا رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصْنَعُ۔

(رَوَاهُ الطَّبْرَانِيُّ)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پیچھے ایک نماز پڑھی تو نماز میں ان سے سہو ہو گیا اس پر انھوں نے سلام پھیر کر سہو کے دو سجدے کئے (اور ختم نماز پر) ہماری طرف متوجہ ہو کر حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا واضح ہو کہ (سلام پھیر کر میں نے سہو کے دو سجدے کئے ہیں) یہ ایسا عمل ہے جس کو میں نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کرتے ہوئے دیکھا ہے۔ (طبرانی)

۱۳۸۵ / ۱۳ وَفِيْ رِوَايَةِ التِّرْمِذِيِّ وَاَبِيْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيِّ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى بِهِمْ فَسَهَا فَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ ثُمَّ تَشَهَّدَ ثُمَّ سَلَّمَ قَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَرَوَى الْحَاكِمُ وَابْنُ حِبَّانَ نَحْوَهٗ وَقَالَ الْحَاكِمُ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ۔

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صحابہ کو نماز پڑھائی تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سہو ہو گیا اس پر آپ نے (سلام کے بعد) دو سجدے کئے اور اس کے بعد تشہد پڑھا (اور نماز سے باہر آنے کے لیے پھر) سلام پھیرا (اس کی روایت ترمذی، ابو داؤد اور نسائی نے کی ہے اور حاکم اور ابن حبان نے بھی اسی طرح روایت کی ہے، اور حاکم نے کہا ہے کہ یہ حدیث بخاری اور مسلم کی شرط کے موافق ہے اس لیے صحیح ہے۔

وَفِيْ عُمْدَةِ الرِّعَايَةِ وَيُسْتَفَادُ مِنْهُ اَنَّ سُجُوْدَ السَّهْوِ يَرْفَعُ التَّشَهُّدَ السَّابِقَ فَيَتَشَهَّدُ بَعْدَهٗ۔

عمدۃ الرعایۃ میں لکھا ہے کہ اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ سہو کے سجدوں کی وجہ سے سجدوں کے پہلے جو تشہد پڑھا جاتا ہے اس کا شمار نہیں ہوتا اس لیے سہو کے سجدوں کے بعد پھر تشہد پڑھنا چاہیئے (اور دوبارہ تشہد پڑھنے کے بعد حسب قاعدہ درود اور دعا پڑھ کر نماز سے باہر آنے کے لیے سلام پھیرے) ۱۲

۱۳۸۶ / ۱۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى الظُّهْرَ خَمْسًا فَقِيْلَ لَهٗ اَزِيْدَ فِي الصَّلٰوةِ فَقَالَ وَمَا ذَاكَ قَالَ صَلَّيْتَ خَمْسًا فَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ بَعْدَ مَا سَلَّمَ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ (ایک بار) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ظہر کی نماز میں چار رکعت کے بعد قعدہ اخیرہ کر کے ایک رکعت کی زیادتی سے) پانچ رکعتیں پڑھائیں (ایک صحابی کے یاد دلانے پر) حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سلام پھیر کر دو سجدے کئے (پھر تشہد درود اور دعا پڑھ کر آپ نے (نماز سے باہر آنے کے لیے) سلام پھیرا بخاری و ابوداؤد

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ف: واضح ہو کہ ابن سیرین اور حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی دونوں حدیثیں اور جو اوپر گزر چکی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ نماز میں کمی ہوتے سے سلام پھیر کر سہو کے دو سجدے کرتے چاہئیں اور اسی طرح حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مذکورۃ الصدر حدیث سے بھی یہی معلوم ہوتا ہے کہ نماز میں زیادتی ہوتے سے بھی سلام پھیر کر سہو کے دو سجدے کرتے چاہئیں۔

اس طرح ثابت ہوا کہ نماز میں سہواً خواہ کمی ہو یا زیادتی دونوں صورتوں میں سلام پھیر کر سہو کے دو سجدے کریں پھر تشہد (درود اور دعا پڑھ کر نماز سے باہر آنے کے لیے) سلام پھیریں اور یہی مذہب حنفی ہے (یہ مضمون مرقات سے ماخوذ ہے) ۱۲۔

۱۳۸۷ (۱۵) وَعَنْ ثَوْبَانَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لِكُلِّ سَهْوٍ سَجْدَتَانِ بَعْدَ مَا يُسَلِّمُ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَاَبُوْ دَاؤُدَ وَرَوٰى اَحْمَدُ وَعَبْدُ الرَّزَّاقِ الطَّبْرَانِيُّ نَحْوَهٗ۔

حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے انھوں نے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سُنا کہ نماز میں ہر سہو کے لیے (خواہ سہو کمی کی وجہ سے ہو یا زیادتی کی وجہ سے) سلام پھیرنے کے بعد دو سجدے ہیں (اس کی روایت ابن ماجہ اور ابو داؤد نے کی ہے اور امام احمد عبدالرزاق اور طبرانی نے بھی اسی طرح روایت کی ہے)

۱۳۸۸ (۱۶) وَعَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ صَلّٰى بِنَا الْمُغِيْرَةُ بْنُ شُعْبَةَ فَنَهَضَ فِي الرَّكْعَتَيْنِ فَسَبَّحَ بِهِ الْقَوْمُ وَسَبَّحَ بِهِمْ فَلَمَّا قَضٰى صَلٰوتَهٗ سَلَّمَ ثُمَّ سَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ وَهُوَ جَالِسٌ ثُمَّ حَدَّثَهُمْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَعَلَ بِهِمْ مِثْلَ الَّذِيْ فَعَلَ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت شعبی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے انھوں نے کہا کہ مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ہم کو نماز پڑھائی تو وہ دو رکعتوں کے ختم پر (سہواً قعدہ اولیٰ کئے بغیر) کھڑے ہو گئے (ان کی غلطی محسوس کرانے کے لیے) مقتدیوں نے سبحان اللہ کہا، تو حضرت مغیرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے (قعدہ کی طرف لوٹے بغیر خود بھی) سبحان اللہ کہا (تاکہ مقتدی بھی کھڑے ہو جائیں) اور جب انھوں نے نماز پوری کی، تو سلام پھیرا اور سہو کے دو سجدے بیٹھے بیٹھے کئے (بخلاف سجدہ تلاوت کے کہ اس کو کھڑے ہو کر ادا کرنا مسنون ہے اور سہو کے سجدوں میں کھڑے ہونا نہیں ہے) نماز سے فارغ ہوتے کے بعد مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حاضرین سے کہا کہ ایسے موقع پر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بھی ایسا ہی کیا تھا جیسا کہ میں نے (اس وقت) کیا ہے۔ (ترمذی)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

۱۳۸۹/۱۷ وَعَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ صَلّٰى بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَهَا فَنَهَضَ فِيْ رَكْعَتَيْنِ فَسَبَّحْنَا بِهٖ فَمَضٰى فَلَمَّا اَتَمَّ الصَّلٰوةَ وَسَلَّمَ سَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ۔

(رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ)

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے انھوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں نماز پڑھائی تو آپ سے سہو ہوگیا کہ آپ قعدۂ اولیٰ کئے بغیر دو رکعتوں کے بعد کھڑے ہوگئے ہم نے اطلاع کی خاطر سبحان اللہ کہا، تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے (قعدۂ اولیٰ کی طرف لوٹے بغیر) اسی حالت میں نماز جاری رکھی اور جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نماز پوری فرمائی، تو سلام پھیر کر سہو کے دو سجدے ادا کئے　(طحاوی)

۱۳۹۰/۱۸ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَامَ الْاِمَامُ فِي الرَّكْعَتَيْنِ فَاِنْ ذَكَرَ قَبْلَ اَنْ يَّسْتَوِيَ قَائِمًا فَلْيَجْلِسْ وَاِنِ اسْتَوٰى قَائِمًا فَلَا يَجْلِسْ وَيَسْجُدُ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے انھوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب امام دو رکعتوں کے بعد اولیٰ کئے بغیر (سہواً) کھڑا ہونے لگے اور سیدھا ہونے سے قبل (یعنی گھٹنے زمین سے جدا ہونے سے پہلے) قعدۂ اولیٰ نہ کرنا یاد آجائے تو وہ (قعدۂ اولیٰ کے لیے) بیٹھ جائے (اور مفتی بہ ہے کہ اس صورت میں سجدہ سہو نہ کرے) اور اگر امام قیام کے قریب ہوگیا ہے (یعنی اس کے گھٹنے زمین سے جدا ہو چکے ہیں تو وہ قعدہ اولیٰ کے لیے نہ بیٹھے اور (نماز پوری کرکے قعدۂ اولیٰ نہ کرنے کی وجہ سے) سہو کے دو سجدے ادا کرے۔

(ابو داؤد و ابن ماجہ)

بَابُ سُجُوْدِ الْقُرْاٰنِ　　یہ بیان سجدۂ تلاوت کے بیان میں ہے

واضح ہو کہ قرآن شریف میں ایسے مقامات چودہ ہیں کہ جن کو پڑھنے اور سننے والے ہر دو پر سجدہ کرنا واجب ہو جاتا ہے سننے والا آیت سجدہ کو خواہ قصداً سنے یا بلا قصد اور یہی مذہب حنفی ہے، وہ سورتیں جن میں یہ سجدے واقع ہیں ان کے نام یہ ہیں:۔ سورۂ اعراف، سورہ رعد، سورۂ نحل، سورہ بنی اسرائیل، سورۂ مریم، سورۂ حج کا پہلا سجدہ، سورۂ فرقان سورۂ نمل، سورۂ الم تنزیل، سورۂ ص، سورۂ حم السجدہ، سورۂ نجم، سورہ الانشقاق، سورۂ علق، سجدۂ تلاوت ادا کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ کسی آیت سجدہ کو پڑھنے یا سننے کے بعد سجدہ کرنے والا کھڑے ہو کر اللہ اکبر کہتے ہوئے سجدہ میں جائے، سجدہ میں کم از کم تین مرتبہ سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی کہہ کر اللہ اکبر کہتے ہوئے پھر کھڑا ہو جائے جو چیزیں نماز کے لیے شرط ہیں وہی سجدۂ تلاوت کے لیے بھی شرط ہیں، جیسے وضو کا ہونا اور جگہ و بدن کا پاک ہونا وغیرہ۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

البتہ سجدۂ تلاوت ادا کرنے والا نہ تو تکبیر تحریمہ کہے، نہ ہاتھ اٹھائے، نہ تشہد پڑھے اور نہ سلام پھیرے۔ (رد المحتار)

وَقَوْلُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ:

وَاِذَا قُرِئَ عَلَيْهِمُ الْقُرْاٰنُ لَا يَسْجُدُوْنَ۔

اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اور جب ان کے سامنے قرآن پڑھا جائے، سجدہ نہیں کرتے۔

(کنز الایمان) (سورہ الانشقاق)

ف۔ ملا علی قاری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے مرقات میں لکھا ہے کہ صدر کی اس آیت شریف وَاِذَا قُرِئَ عَلَيْهِمْ سے سجدۂ تلاوت کا وجوب اس طرح ثابت ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں سجدہ ترک کرنے والوں کی مذمت فرمائی ہے، چنانچہ ارشاد ہے کہ "جب ان کے سامنے قرآن پڑھا جاتا ہے تو وہ (خدا کے آگے) سجدہ نہیں کرتے"، اور یہ قاعدہ ہے کہ مذمت ایسے موقع پر ہی کی جاتی ہے کہ کوئی ایسا امر ترک ہوا ہو جو واجب تھا، چونکہ یہاں بھی سجدۂ تلاوت ترک ہوا ہے جس کا ادا کرنا واجب تھا، اس لیے سجدہ نہ کرنے والوں کی مذمت کی گئی۔ اس طرح ثابت ہوا کہ سجدہ تلاوت واجب ہے اور یہی مذہب حنفی ہے۔ (یہ مضمون بعض حواشی سے ماخوذ ہے) ۱۲۔

۱۳۹۱ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَرَاَ ابْنُ اٰدَمَ السَّجْدَةَ فَسَجَدَ اِعْتَزَلَ الشَّيْطَانُ يَبْكِيْ يَقُوْلُ يَا وَيْلَهٗ اُمِرَ ابْنُ اٰدَمَ بِالسُّجُوْدِ فَسَجَدَ فَلَهُ الْجَنَّةُ وَاُمِرْتُ بِالسُّجُوْدِ فَاَبَيْتُ فَلِيَ النَّارُ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب آدمی سجدہ کی آیت پڑھ کر سجدہ کرتا ہے تو شیطان روتا ہوا الگ ہو جاتا ہے، اور کہتا ہے کہ ہائے میری کم بختی! آدمی کو سجدہ کا حکم دیا گیا اس نے تو سجدہ کر لیا اور اس کے لیے جنت مقرر ہو گئی اور مجھے سجدہ کرنے کا حکم دیا گیا تو میں نے انکار کیا اور میرے لیے جہنم مقرر ہو گئی۔

(مسلم وابن ماجہ)

وَفِيْ جَامِعِ الْاٰثَارِ اَلْاَمْرُ لِلْوُجُوْبِ وَتَقْرِيْرُ الشَّارِعِ لِلصِّحَّةِ وَتَقَدَّمَ اِنَّمَا مُوَاظَبَتُهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى بَعْضِ السُّجُوْدِ وَلَا فَارِقَ بَيْنَ سَجْدَةٍ وَّسَجْدَةٍ۔

اس حدیث شریف میں ارشاد ہے اُمِرَ ابْنُ اٰدَمَ بِالسُّجُوْدِ (انسان کو سجدہ کا امر کیا گیا) یہ ایک قاعدہ کلیہ ہے کہ حکیم جب غیر حکیم کی بات سنائے پھر اس غیر حکیم کی اس بات کا انکار نہ کرے تو حکیم کا غیر حکیم کی بات کو سنا کر رد نہ کرنا اس سے ثابت ہوتا ہے کہ حکیم نے غیر حکیم کی جو بات سنائی ہے وہ صحیح ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

واضح ہو کہ یہاں حکیم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں اور غیر حکیم شیطان ہے، اور غیر حکیم کی بات جو سنائی گئی ہے وہ یہ ہے اُمِرَ ابْنُ آدَمَ بِالسُّجُوْدِ غور کیجئے کہ حکیم یعنے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے غیر حکیم یعنے شیطان کی یہ بات سنائی کہ (انسان کو سجدہ کا امر کیا گیا) اور شیطان کی اس بات کو سنا کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شیطان کے اس قول کا رد نہیں فرمایا اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا شیطان کے اس قول کو رد نہ فرمانا اس سے ثابت ہوتا ہے کہ حقیقت میں انسان کو سجدہ کرنے کا امر ہوا تھا، اور یہ بھی واضح ہے کہ امر مطلق سے وجوب کا فائدہ حاصل ہوتا ہے اور چونکہ یہاں مطلقاً سجدہ کرنے کا حکم ہوا ہے اس لیے سجدہ کرنے کے اس مطلق امر سے ثابت ہوا کہ سجدۂ تلاوت کا ادا کرنا واجب ہے۔

یہاں ایک یہ شبہ کیا جا سکتا ہے کہ امر وجوب کے علاوہ استحباب کے لیے بھی ہوتا ہے تو یہاں سجدہ کرنے کے امر کو کیوں مستحب نہ قرار دیا جائے؟

اس شبہ کا جواب یہ ہے کہ قرینہ سے یہاں سجدہ کرنے کا وجوب ثابت ہوتا ہے، استحباب ہمیشہ نہیں ہوتا، اس لیے کہ سجدہ نہ کرنے پر دوزخ کی وعید ہے اور سجدہ کرنے پر جنت کا وعدہ ہے۔ اور اس قسم کا وعدہ اور وعید کسی امر مستحب کے لیے نہیں آتا، بلکہ امر واجب کے لیے ہی ہوتا ہے اس طرح اس سے بھی ثابت ہوا کہ یہاں سجدہ کا امر، امر واجب ہے، نہ کہ امر مستحب۔

ہر دو دلیلوں سے ثابت ہوا کہ سجدۂ تلاوت کا ادا کرنا واجب ہے۔

سجدۂ تلاوت کے وجوب پر تیسری دلیل یہ ہے کہ آیات سجدہ سے بھی سجدۂ تلاوت کے واجب ہونے کے وجوب کا پتہ چلتا ہے اس لیے کہ سجدہ کی آیتیں تین طرح کی ہیں، ایک تو وہ ہیں جن میں صراحت کے ساتھ سجدہ کا امر ہوا ہے۔ دوسرے وہ آیتیں ہیں جو انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کے سجدہ کرنے کے واقعات کے بیان پر مشتمل ہیں اور تیسرے وہ آیتیں ہیں جو کفار و مشرکین کی ایسی حکایتوں پر مشتمل ہیں جن میں ان کو سجدہ کرنے کا امر کیا گیا تو انہوں نے انکار کیا۔ آیات سجدہ کی یہ تینوں قسمیں یعنے امرِ خداوندی کی تعمیل، انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کی اقتداء اور اتباع اور کفار و مشرکین کی مخالفت، یہ تینوں چیزیں واجب ہیں، بشرطیکہ ان میں سے کسی چیز کے واجب نہ ہونے پر کوئی دلیل قائم نہ ہو جائے، چونکہ آیات سجدہ کی مذکورہ تینوں قسموں کا واجب نہ ہونا ثابت نہیں ہوتا، اس لیے تلاوت کے تمام سجدے واجب ہیں۔

سجدۂ تلاوت کے وجوب پر چوتھی دلیل وہ ہے جو جامع الآثار میں بیان کی گئی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے تلاوت کے سجدوں پر مواظبت اور پابندی فرمائی ہے۔ اس سے بھی سجدۂ تلاوت کے واجب ہونے کا ثبوت ملتا ہے۔ ۱۲

۱۳۹۲ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهٗ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَأَ عَامَ الْفَتْحِ سَجْدَةً فَسَجَدَ النَّاسُ كُلُّهُمْ مِنْهُمُ الرَّاكِبُ وَالسَّاجِدُ عَلَى

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فتح مکہ کے موقع پر سجدہ کی آیت تلاوت فرمائی تو سب لوگوں نے سجدہ کیا، ان میں سے بعض لوگ سوار تھے اور

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

الْاَرْضِ حَتّٰی اَنَّ الرَّاکِبَ یَسْجُدُ عَلٰی یَدِہٖ۔
(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ)

جو لوگ (پیدل تھے) وہ زمین پر سجدہ کر رہے تھے، اب رہے سوار (تو چونکہ ان پر سواری کی حالت ہی میں سجدۂ تلاوت واجب ہوا تھا) تو انہوں نے اپنے ہاتھوں پر سجدہ کیا۔
(ابوداود)

ف اس حدیث شریف سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ سواری کی حالت میں آیت سجدہ سننے یا پڑھنے سے اگر سجدۂ تلاوت واجب ہوا ہے تو اتر کر زمین پر بھی سجدۂ تلاوت ادا کیا جا سکتا ہے اور اگر اترے بغیر سواری ہی پر اشارے سے سجدہ تلاوت ادا کیا جائے تو بھی سجدہ تلاوت جو واجب ہے ادا ہو جائے گا، البتہ سجدۂ تلاوت اگر زمین پر چلنے کی حالت میں واجب ہوا ہے تو اس کو سواری پر ادا نہیں کیا جا سکتا، زمین ہی پر سجدہ کو ادا کرنا ضروری ہے۔ (درد المحتار)
حدیث شریف میں جو مذکور ہے کہ جو حضرات سوار تھے انہوں نے ہاتھ پر سجدہ کیا تو ہاتھ پر سجدہ کرنا اشارہ سے سجدہ کرنا ہی تھا اگرچہ اشارہ کے لیے اس قدر سر جھکانا ضروری نہ تھا مگر ان حضرات نے غایت تعظیم کے لیے اس قدر سر جھکایا ۱۲

۱۳۹۳ وَعَنْہُ اَنَّہٗ قَالَ السَّجْدَۃُ عَلٰی مَنْ سَمِعَھَا رَوَاہُ ابْنُ اَبِیْ شَیْبَۃَ وَرَوَی الْبُخَارِیُّ مِثْلَہٗ تَعْلِیْقًا۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے انہوں نے فرمایا جب آیت سجدہ پڑھی جائے تو جیسے پڑھنے والے پر سجدۂ تلاوت واجب ہے (اسی طرح) سننے والے پر بھی سجدہ تلاوت واجب ہے، (اس کی روایت ابن ابی شیبہ نے کی ہے۔ اور بخاری نے بھی اسی طرح تعلیقاً روایت کی ہے)

۱۳۹۴ وَعَنْہُ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقْرَأُ السَّجْدَۃَ وَنَحْنُ عِنْدَہٗ فَیَسْجُدُ وَنَسْجُدُ مَعَہٗ فَنَزْدَحِمُ حَتّٰی مَا یَجِدُ اَحَدُنَا لِجَبْھَتِہٖ مَوْضِعًا یَّسْجُدُ عَلَیْہِ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم جب کبھی آیت سجدۂ تلاوت فرماتے اور ہم حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پاس موجود ہوتے تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام خود بھی سجدہ فرماتے تھے اور آپ کے ساتھ ہم بھی سجدہ کرتے تھے اور اس وقت اتنا اژدھام ہو جاتا تھا کہ ہم میں سے بعض کو سجدہ کرنے کے لیے پیشانی رکھنے کی جگہ بھی نہیں ملتی تھی (اس لیے ان حضرات کو پہلے والوں کے بعد سجدہ ادا کرنا پڑتا تھا)
(بخاری ومسلم)

ف اس حدیث شریف سے سجدہ تلاوت کا شدّتِ اہتمام معلوم ہوتا ہے جو سجدۂ تلاوت کے واجب ہونے کی علامت ہے اور اس حدیث شریف سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ سجدہ تلاوت جس طرح پڑھنے والے پر واجب ہے، اسی طرح سننے والے پر بھی سجدۂ تلاوت واجب ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

۱۳۹۵ وَعَنْهُ اَنَّهٗ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَاُ عَلَيْنَا الْقُرْاٰنَ فَاِذَا اَمَرَّ بِالسَّجْدَةِ كَبَّرَ وَسَجَدَ وَسَجَدْنَا مَعَهٗ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمیں قرآن پاک سنایا کرتے تھے اور جب آپ سجدہ کی آیت پڑھتے تو اللہ اکبر کہتے ہوئے سجدے میں جاتے اور آپ کے ساتھ ہم بھی سجدہ کیا کرتے تھے۔ (ابو داؤد)

۱۳۹۶ وَعَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَجَدَ فِيْ صَلٰوةِ الظُّهْرِ ثُمَّ قَامَ فَرَكَعَ فَرَاَوْا اَنَّهٗ قَرَاَ تَنْزِيْلَ السَّجْدَةِ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے نماز ظہر ادا فرمائی اور سجدہ تلاوت کے بعد حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے قیام فرمایا اور قیام میں کچھ قرأت کئے بغیر رکوع میں چلے گئے۔ صحابہ کا خیال ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے سورۂ آلم تنزیل السجدہ پڑھ کر سجدۂ تلاوت ادا فرمایا۔ (ابو داؤد)

۱۳۹۷ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ سَجَدَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالنَّجْمِ وَسَجَدَ مَعَهُ الْمُسْلِمُوْنَ وَالْمُشْرِكُوْنَ وَالْجِنُّ وَالْاِنْسُ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے، انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سورۂ نجم تلاوت فرما کر سجدہ فرمایا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ تمام مسلمانوں نے اور مشرکوں اور جن وانس نے بھی سجدہ کیا۔ (بخاری)

ف اس حدیث شریف سے اور اس کے بعد والی دونوں حدیثوں سے ثابت ہوتا ہے کہ مفصلات میں بھی سجدۂ تلاوت ہیں اور ان کا ادا کرنا بھی واجب ہے اور یہی مذہب حنفی ہے (مرقات) ۱۲۔

۱۳۹۸ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَاَ وَالنَّجْمِ فَسَجَدَ فِيْهَا وَسَجَدَ مَنْ كَانَ مَعَهٗ غَيْرَ اَنَّ شَيْخًا مِّنْ قُرَيْشٍ اَخَذَ كَفًّا مِّنْ حَصًى اَوْ تُرَابٍ فَرَفَعَهٗ اِلٰى جَبْهَتِهٖ وَقَالَ يَكْفِيْنِيْ هٰذَا قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ فَلَقَدْ رَاَيْتُهٗ بَعْدُ قُتِلَ كَافِرًا رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَفِيْ رِوَايَةٍ وَهُوَ اُمَيَّةُ ابْنُ خَلَفٍ۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ایک مرتبہ سورہ والنجم تلاوت فرمائی تو آپ نے اس میں سجدہ کیا اور جو آپ کے ساتھ تھے، انہوں نے بھی سجدہ کیا بجز ایک بڑھے کے کہ اس نے سجدہ نہیں کیا، بلکہ کنکریوں یا مٹی کی ایک مٹھی لے کر پیشانی سے لگا لی، اور کہا کہ مجھے تو یہی کافی ہے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ (کچھ زمانہ کے بعد) میں نے اسی شخص کو دیکھا کہ وہ کفر ہی کی حالت میں مارا گیا۔ (بخاری اور مسلم) اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے دوسری ایک روایت میں یہ اضافہ کیا ہے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کہ وہ شخص امیہ بن خلف تھا۔

۱۳۹۹/۹ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ سَجَدْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ وَ اقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ سورہ اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ اور وَاقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ میں سجدۂ تلاوت کیا۔ (مسلم)

۱۴۰۰/۱۰ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ فِيْ سُجُوْدِ الْحَجِّ اَنَّ الْاُوْلٰى عَزِيْمَةٌ وَّ الْاُخْرٰى تَعْلِيْمٌ۔ (رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ انہوں نے سورۂ حج میں تلاوت کے سجدوں کے متعلق فرمایا کہ اس سورت کا پہلا سجدہ (سجدہ تلاوت ہے اور وہ) واجب ہے اور دوسرا سجدہ سجدہ تعلیمی ہے[1]۔ اس کی روایت امام طحاوی نے کی ہے۔

وَقَالَ فَيَقُوْلِ ابْنِ عَبَّاسٍ هٰذَا نَاْخُذُ۔

اور امام طحاوی رحمۃ اللہ نے کہا ہے کہ ہم ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اسی قول کو اختیار کرتے ہیں کہ سورۂ حج کا پہلا سجدہ واجب ہے۔

وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ رَاٰى بَعْضُهُمْ فِيْهَا سَجْدَةً وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ وَ مَالِكٍ وَاَهْلِ الْكُوْفَةِ۔

اور ترمذی نے کہا ہے کہ بعض ائمہ کا قول یہ ہے کہ سورۂ حج میں ایک ہی سجدہ تلاوت ہے اور امام سفیان ثوری رحمۃ اللہ، امام مالک اور فقہاء کوفہ رحمہم اللہ کا قول بھی یہی ہے۔

وَقَالَ مُحَمَّدٌ كَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ لَّا يَرٰى فِيْ سُوْرَةِ الْحَجِّ اِلَّا سَجْدَةً وَّاحِدَةً الْاُوْلٰى وَبِهٰذَا نَاْخُذُ۔

اور امام محمد رحمۃ اللہ نے کہا ہے کہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سورۂ حج میں صرف ایک ہی سجدے کے قائل تھے اور وہ سجدہ اوّل ہے، اور ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ ۱۲۔

۱۴۰۱/۱۱ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهٗ قَالَ فِي الْحَجِّ سَجْدَةٌ رَوَاهُ ابْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ وَ فِيْ رِوَايَةٍ عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ وَالْحَسَنِ وَ اِبْرَاهِيْمَ وَسَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ مِثْلَهٗ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے انہوں نے فرمایا کہ سورۂ حج میں صرف ایک ہی سجدہ تلاوت ہے (اور وہ پہلا ہے) اس کی روایت ابن ابی شیبہ نے کی ہے، ابن ابی شیبہ کی ایک دوسری روایت میں حضرت ابن المسیب، حسن بصری، ابراہیم نخعی اور سعید بن

[1] یعنی اس آیت کے ذریعے سے نماز میں رکوع اور سجدہ کرنا سکھایا گیا ہے، اس لیے یہ تلاوت کا سجدہ نہیں ہے اس پر قرینہ یہ ہے کہ آیت میں سجدہ کے ساتھ رکوع کرنے کا بھی حکم دیا گیا ہے اس لیے یہ تلاوت کا سجدہ نہیں ہے)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

جبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے بھی اسی طرح مروی ہے۔

۱۴۰۲
۱۲ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ رَاَیْتُ رُؤْیَا وَاَنَا اَکْتُبُ سُوْرَۃَ صٓ فَلَمَّا بَلَغْتُ السَّجْدَۃَ رَاَیْتُ الدَّوَاۃَ وَ الْقَلَمَ وَکُلَّ شَیْءٍ یَحْضُرُنِیْ انْقَلَبَ سَاجِدًا فَقَالَ فَقَصَصْتُھَا عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَلَمْ یَزَلْ یَسْجُدُ بِھَا

(رَوَاہُ الْاِمَامُ اَحْمَدُ)

حضرت ابوسعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ میں نے خواب دیکھا کہ سورۂ صٓ لکھ رہا ہوں جب میں (خواب ہی میں) آیت سجدۃ تک پہنچا (اور اس کو لکھا) تو کیا دیکھتا ہوں کہ دواۃ اور قلم اور جو چیزیں میرے سامنے تھیں سب سجدہ میں گر گئیں، ابوسعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نے کہا کہ میں نے اپنا یہ خواب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے سامنے بیان کیا، حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے سمجھا کہ اس میں حق تعالیٰ کی طرف سے ہم کو سجدۂ تلاوت کرنے کی تعلیم ہو رہی ہے اس لیے اس کے بعد سورۂ صٓ کے آیت سجدہ پر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمیشہ سجدہ تلاوت کیا کرتے تھے۔ (امام احمد)

وَفِیْ جَامِعِ الْاٰثَارِ الْمُوَاظَبَۃُ مِنْ غَیْرِ تَرْکٍ کَمَا یَدُلُّ عَلَیْہِ ظَاھِرُ قَوْلِہٖ فَلَمْ یَزَلْ دَالٌّ عَلَی الْوُجُوْبِ کَذَا فِیْ فَتْحِ الْقَدِیْرِ۔

جامع الآثار میں لکھا ہے اس حدیث شریف کے الفاظ فَلَمْ یَزَلْ یَسْجُدُ بِھَا۔ (حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سورۂ صٓ کے سجدۂ تلاوت کو ہمیشہ ادا فرماتے تھے) واضح رہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا سورۂ صٓ کے اس سجدۂ تلاوت کو ہمیشہ ادا کرنا، اور اس کو کسی وقت بھی ترک نہ کرنا اس سے ثابت ہے کہ سورۂ صٓ کا سجدۂ تلاوت بھی واجب ہے (یہ فتح القدیر میں مذکور ہے)

۱۴۰۳
۱۳ وَعَنْ مُجَاھِدٍ قَالَ قُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ اَاَسْجُدُ فِیْ صٓ فَقَرَاَ وَمِنْ ذُرِّیَّتِہٖ دَاوٗدَ وَسُلَیْمٰنَ حَتّٰی اَتٰی فَبِھُدٰھُمُ اقْتَدِہْ فَقَالَ نَبِیُّکُمْ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِمَّنْ اُمِرَ اَنْ یُّقْتَدٰی بِھِمْ۔

(رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت مجاہد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا کہ کیا میں سورۂ صٓ کے سجدۂ تلاوت کو ادا کیا کروں تو ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے (سورہ انعام پ ع ۹) کی آیت "وَمِنْ ذُرِّیَّتِہٖ دَاوٗدَ سُلَیْمٰنَ" سے شروع کر کے فَبِھُدٰھُمُ اقْتَدِہْ یعنی اے پیغمبر (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم) تم بھی انہی پیغمبروں کی راہ چلو (ترجمہ کنز الایمان) تک تلاوت فرمائی، پھر ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا داؤد علیہ السلام بھی منجملہ ان انبیاء کے ہیں جن کی اقتداء کا حکم تمہارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

کو دیا گیا ہے (چونکہ سورہ صٓ میں حضرت داؤد علیہ السلام کے سجدہ کرنے کا ذکر ہے جس کی اقتداء میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سورہ صٓ کے اس مقام پر ہمیشہ سجدہ کیا کرتے تھے جیساکہ ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث ۱۴۰۳ میں ابھی گزر چکا ہے تو نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اس دوامی فعل سے سورہ صٓ کا سجدہ ہم پر بھی واجب ہے۔

(بخاری)

۱۴۰۴ / ۱۴ وَعَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيْدَ أَنَّ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ قَرَأَ صٓ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَنَزَلَ فَسَجَدَ۔

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے منبر پر سورہ صٓ تلاوت فرماتے ہوئے (جب آیت سجدہ پڑھی تو فوراً منبر سے اتر کر سجدہ ادا کیا (اس اہتمام سے معلوم ہوتا ہے کہ سورہ صٓ کا یہ سجدہ بھی واجب ہے۔

(بیہقی)

۱۴۰۵ / ۱۵ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ رَأَيْتُنِي اللَّيْلَةَ وَأَنَا نَائِمٌ كَأَنِّي أُصَلِّي خَلْفَ شَجَرَةٍ فَسَجَدْتُ فَسَجَدَتِ الشَّجَرَةُ لِسُجُوْدِي فَسَمِعْتُهَا تَقُوْلُ اللّٰهُمَّ اكْتُبْ لِي بِهَا عِنْدَكَ أَجْرًا وَحُطَّ بِهَا عَنِّي وِزْرًا وَاجْعَلْهَا لِي عِنْدَكَ ذُخْرًا وَتَقَبَّلْهَا مِنِّي كَمَا تَقَبَّلْتَهَا مِنْ عَبْدِكَ دَاوُدَ" قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَقَرَأَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَجْدَةً ثُمَّ سَجَدَ فَسَمِعْتُهُ وَهُوَ يَقُوْلُ مِثْلَ مَا أَخْبَرَهُ الرَّجُلُ عَنْ قَوْلِ الشَّجَرَةِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ إِلَّا أَنَّهُ لَمْ يَذْكُرْ وَتَقَبَّلْهَا مِنِّي كَمَا تَقَبَّلْتَهَا مِنْ عَبْدِكَ دَاوُدَ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ ایک صحابی (یعنی ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں آج کی رات سو رہا تھا خواب میں کیا دیکھتا ہوں کہ ایک درخت کے پیچھے نماز پڑھ رہا ہوں، نماز میں، میں نے (سورہ صٓ کی آیت سجدہ کو پڑھ کر سجدہ کیا (اور اس آیت سجدہ کو سن کر) درخت نے بھی میرے ساتھ سجدہ کیا اور میں نے درخت کو سجدہ کی حالت میں یہ دعا کرتے ہوئے سنا اَللّٰهُمَّ اكْتُبْ لِي بِهَا عِنْدَكَ أَجْرًا وَحُطَّ بِهَا عَنِّي وِزْرًا وَاجْعَلْهَا لِي عِنْدَكَ ذُخْرًا وَتَقَبَّلْهَا مِنِّي كَمَا تَقَبَّلْتَهَا مِنْ عَبْدِكَ دَاوُدَ۔

اے اللہ اس سجدہ کی وجہ سے اپنے فضل وکرم سے مجھے ثواب کثیر دیجیے اور اس سجدہ کی وجہ سے میرے کبیرہ گناہ معاف کر دیجیے اور اس سجدہ کی وجہ سے جو ثواب مجھ کو عطا فرمائیں

MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

گے اس کو ضائع نہ ہونے دیجئے اور اپنے فضل سے ہمیشہ باقی رکھیئے اور مجھ سے اس سجدہ تلاوت کو ایسا ہی قبول فرمایئے جیسے آپ نے داود علیہ السلام کے سجدہ کو قبول فرمایا ہے "۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ (یہ خواب سن کر) نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کے بعد (سورہ ص کی آیت) سجدہ کو تلاوت فرما کر آپ نے بھی سجدہ ادا فرمایا (رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سجدہ فرمانے سے یہ سجدہ ہم پر واجب ہے) حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو وہی دعا پڑھتے ہوئے ساجو درخت نے پڑھی تھی اور جس کو اس دن صحابی نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے بیان کیا تھا۔ (ترمذی وابن ماجہ) البتہ ابن ماجہ نے وَاجْعَلْهَا لِي عِنْدَكَ ذُخْرًا تک روایت کی ہے۔ ۱۲۔

۱۴۰۶ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ
۱۶ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ فِيْ سُجُوْدِ الْقُرْاٰنِ بِاللَّيْلِ سَجَدَ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ خَلَقَهٗ وَشَقَّ سَمْعَهٗ وَبَصَرَهٗ بِحَوْلِهٖ وَقُوَّتِهٖ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ

ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے، وہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب نماز تہجد ادا فرماتے اور اس میں آیت سجدہ پڑھتے تو سجدہ میں یہ دعا فرماتے تھے۔ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ خَلَقَهٗ وَشَقَّ سَمْعَهٗ وَبَصَرَهٗ بِحَوْلِهٖ وَقُوَّتِهٖ میں نے اپنے کو (جو سب اعضا میں شریف ترین عضو ہے) عالی شان خدا کے سامنے زمین پر رکھ دیا ہے جس نے اس کو پیدا کیا اور اس کو اپنی قدرت وقوت سے سماعت اور بصارت عطا فرمائی (ابوداود، ترمذی اور نسائی) اور ترمذی نے کہا ہے کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے)

ف واضح ہو کہ نماز کے سجدہ میں جس تسبیح یعنے سبحان ربی الاعلی کا پڑھنا مسنون ہے، سجدۂ تلاوت میں بھی اسی تسبیح کا پڑھنا مسنون ہے، اس لیے کہ نماز کا سجدۂ تلاوت کے سجدہ سے افضل ہے اور جب نماز کے سجدہ میں سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى کا پڑھنا کافی ہے تو سجدہ تلاوت میں سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى کا پڑھنا بدرجہ اولی کافی ہوگا، خواہ فرض نماز میں سجدۂ تلاوت ادا کیا جا رہا ہو یا نفل نماز میں یا خارج نماز الغرض سجدۂ تلاوت ادا کرنے والا سجدۂ تلاوت میں سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى پڑھے۔
اب رہا سدر کی دونوں حدیثوں میں تلاوت کے سجدوں میں ماثورہ دعاؤں کا پڑھنا جو مذکور ہے تو ان کو ایسی نمازوں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کے سجدۂ تلاوت میں سُبْحَانَ رَبِّیَ الاَعْلیٰ کے بعد پڑھنا مستحب ہے جو عموماً تنہا پڑھی جاتی ہیں جیسے تہجد، وتر، سنت اور نفل، اسی طرح کوئی شخص کسی فرض نماز کو تنہا پڑھ رہا ہے اور اس میں آیت سجدہ پڑھ لی گئی تو وہ سجدۂ تلاوت میں سُبْحَانَ رَبِّیَ الاَعْلیٰ کے ساتھ ان ماثورہ دعاؤں کو بھی پڑھ سکتا ہے۔ اور خارج نماز سجدۂ تلاوت ادا کرنے والے کے لیے بھی سُبْحَانَ رَبِّیَ الاَعْلیٰ کے ساتھ ان ماثورہ دعاؤں کا پڑھنا افضل ہے۔ (اشعۃ اللمعات، مرقات، درمختار، ردالمحتار، کوکب دری)

بَابُ اَوْقَاتِ النَّهْيِ

(یہ باب ان اوقات کے بیان میں ہے جن میں نمازوں کا ادا کرنا ممنوع یا مکروہ ہے)

واضح ہو کہ دن رات میں تین ساعتیں ایسی ہیں جن میں نمازوں کا ادا کرنا ممنوع اور حرام ہے وہ تین ساعتیں یہ ہیں طلوع[1] آفتاب یعنے جس وقت آفتاب چمکتا ہوا نکلے یہاں تک کہ وہ بلند ہو جائے، غروب[2] آفتاب یعنے جس وقت کہ آفتاب غروب ہونے لگے۔ یہاں تک کہ غروب ہو جائے، استواء[3] یعنے نصف النہار کے وقت جب کہ ٹھیک دوپہر ہو یہاں تک کہ سورج ڈھل جائے یہ بھی واضح رہے کہ ان تینوں اوقات میں نہ تو فرض نماز ادا کرنا جائز ہے اور نہ نفل نماز، اور نہ قضاء نہ نماز جنازہ اور نہ سجدۂ تلاوت۔ اور ایسی دو ساعتیں جن میں نفل نمازوں کا ادا کرنا مکروہ تحریمی ہے یہ ہیں۔ ایک[1] نماز فجر کے بعد طلوع آفتاب تک، دوسرے[2] نماز عصر کے بعد سے غروب آفتاب تک، البتہ ان مذکورہ دونوں اوقات میں قضاء نمازیں نماز جنازہ اور سجدۂ تلاوت ادا کیا جا سکتا ہے۔ (درالمختار، اشعۃ اللمعات، شرح وقایہ، ۱۲)

۱۴۷/۱ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَحَرّٰى اَحَدُكُمْ فَيُصَلِّيْ عِنْدَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَلَا عِنْدَ غُرُوْبِهَا وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ اِذَا طَلَعَ حَاجِبُ الشَّمْسِ فَدَعُوا الصَّلٰوةَ حَتّٰى تَبْرُزَ وَاِذَا غَابَ حَاجِبُ الشَّمْسِ وَلَا غُرُوْبِهَا فَاِنَّهَا تَطْلُعُ بَيْنَ قَرْنَيِ الشَّيْطٰنِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تم میں سے کوئی شخص سورج کے نکلنے اور ڈوبنے کے وقت نماز پڑھنے کا قصد نہ کرے، اور دوسری روایت میں ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ جب آفتاب کا کنارہ طلوع ہو رہا ہو تو اس وقت نماز پڑھنا چھوڑ دو، یہاں تک کہ آفتاب کے غروب ہونے تک نماز چھوڑ دو، اور تم آفتاب کے عین طلوع اور عین غروب کے وقت نماز نہ پڑھا کرو کیونکہ آفتاب شیطان کے سر کے دونوں جانبوں کے درمیان سے طلوع کرتا ہے[1]۔ (بخاری و مسلم)

---

[1] اس لیے آفتاب کے طلوع اور غروب کے وقت شیطان آفتاب کے سامنے کھڑا ہو جاتا ہے اور ان اوقات میں سورج کی عبادت کرنے والے جب عبادت کرتے ہیں تو ان کی عبادت بجائے سورج کے شیطان کو ہو جاتی ہے۔ اور چونکہ یہ مشرکین اور کفار کی عبادت کے اوقات ہیں اس وجہ سے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے مسلمانوں کو ان اوقات میں عبادت کرنے سے منع فرمایا تاکہ مسلمان مشرکین اور کفار کی مشابہت سے دور رہیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ISLAMIA ACADEMY

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

۱۴۰۸/۲ وَعَنْ عَبْدِاللّٰهِ الصُّنَابِحِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الشَّمْسَ تَطْلُعُ وَمَعَهَا قَرْنُ الشَّيْطٰنِ فَاِذَا ارْتَفَعَتْ فَارَقَهَا ثُمَّ اِذَا اسْتَوَتْ قَارَنَهَا فَاِذَا زَالَتْ فَارَقَهَا فَاِذَا دَنَتْ لِلْغُرُوْبِ قَارَنَهَا فَاِذَا غَرَبَتْ فَارَقَهَا وَنَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الصَّلٰوةِ فِيْ تِلْكَ السَّاعَاتِ رَوَاهُ مَالِكٌ وَاَحْمَدُ وَالنَّسَائِيُّ۔

حضرت عبداللہ بن صنابحی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آفتاب جب طلوع ہوتا ہے تو شیطان کے سر پر سے طلوع ہوتا ہے، پھر جب آفتاب بلند ہو جاتا ہے تو شیطان اس سے جدا ہو جاتا ہے اور پھر جب ٹھیک دوپہر کے وقت بلند ہوتا ہے تو شیطان آفتاب سے قریب ہو جاتا ہے، جب آفتاب ڈھل جاتا ہے تو شیطان اس سے جدا ہو جاتا ہے اور جب سورج غروب کے قریب ہوتا ہے تو شیطان بھی اس کے قریب ہوتا ہے اور جب سورج غروب ہو جاتا ہے تو اس سے جدا ہو جاتا ہے[1]۔ اس لیے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان اوقات میں نماز پڑھنے سے منع فرمایا ہے۔ (تاکہ مشرکین سے مشابہت نہ ہو) (امام مالک، امام احمد اور نسائی)

۱۴۰۹/۳ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ ثَلَاثُ سَاعَاتٍ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهَانَا اَنْ نُّصَلِّيَ فِيْهِنَّ اَوْ نَقْبُرَ فِيْهِنَّ مَوْتَانَا حِيْنَ تَطْلُعُ الشَّمْسُ بَازِغَةً حَتّٰى تَرْتَفِعَ وَحِيْنَ يَقُوْمُ قَائِمُ الظَّهِيْرَةِ حَتّٰى تَمِيْلَ الشَّمْسُ وَحِيْنَ تَضَيَّفُ

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے کہا کہ تین وقت ایسے ہیں کہ جن میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ہم کو نماز پڑھنے سے منع فرمایا کرتے تھے۔ ان تین اوقات میں مُردوں کے دفن کرنے سے بھی منع فرمایا کرتے تھے[2]۔ ایک جس وقت کہ آفتاب چمکتا ہوا نکل رہا ہو، یہاں تک وہ بلند ہو جائے

---

[1] چونکہ یہ تینوں اوقات شیطانی اوقات ہیں اور ان میں جو سورج کی پرستش ہوتی ہے، وہ حقیقت میں شیطان کی پرستش ہے۔

[2] تاکہ نماز جنازہ ان اوقات ممنوعہ میں نہ پڑھنا پڑے، اس لیے کہ نماز جنازہ پڑھتے ہی میت کو دفن کرتے ہیں۔ اگر ان تینوں ممنوعہ اوقات سے پہلے نماز جنازہ پڑھ لی گئی ہے تو ان تینوں اوقات میں مردوں کو دفن کرنا جائز ہے، منع نہیں ہے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اور اکثر ائمہ کا یہی قول ہے، ترمذی نے بھی اس حدیث کے یہی معنے لئے ہیں، چنانچہ انہوں نے باب قائم کیا ہے "باب فی کراہیۃ الصلوٰۃ علی الجنازۃ عند طلوع الشمس وعند غروبہا" (آفتاب کے طلوع اور غروب کے وقت نمازِ جنازہ پڑھنے کی کراہت کا بیان) اور اس باب میں شروع کی اسی حدیث کو نقل کیا ہے۔

الشَّمْسُ لِلْغُرُوْبِ حَتّٰى تَغْرُبَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

دوسرے ٹھیک دوپہر کے وقت یہاں تک کہ آفتاب ڈھل جائے، تیسرے جب کہ آفتاب غروب ہوتے لگے یہاں تک کہ وہ ڈوب جائے۔ (مسلم)

واضح ہو کہ اس حدیث شریف میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تینوں اوقات ممنوعہ میں نماز پڑھنے سے جو منع فرمایا ہے یہ ممانعت مطلقاً ہے یعنی کسی زمانہ یا جگہ اور کسی خاص نماز سے متعلق نہیں، اس لیے ہر زمانہ اور ہر مقام میں تمام فرض اور نفل نمازیں خواہ ادا ہوں یا قضاء، نماز جنازہ ہو یا سجدۂ تلاوت، ان سب کا ادا کرنا تینوں اوقات میں ناجائز ہوگا، اور اسی مطلقاً ممانعت کی وجہ سے مکہ معظمہ میں بھی ان تینوں وقتوں میں ان تمام مذکورہ عبادات کا ادا کرنا ایسا ہی ممنوع ہوگا جیسا کہ اور جگہوں میں ان عبادات کا ممنوعہ اوقات میں ادا کرنا منع ہے۔ اب رہا یہ کہ بعض حدیثوں سے مکہ معظمہ میں ممنوعہ اوقات میں نمازوں کے پڑھنے کا جائز ہونا جو ثابت ہوتا ہے تو واضح رہے کہ یہ حدیثیں شاذ ہیں اور شروع کی وہ حدیث جس میں تین اوقات میں نمازوں کا ادا کرنا ممنوع ہے وہ مشہور حدیث ہے اور مشہور حدیث کے مطلق حکم کو شاذ حدیث سے مقید کر کے مکہ معظمہ کو مستثنیٰ نہیں کیا جا سکتا۔

شروع کی اس حدیث کے مطلق حکم کی وجہ سے جمعہ کے دن بھی نصف النہار کے وقت نوافل اور مذکورہ عبادات ویسے ہی ممنوع ہیں جیسے اور دنوں میں نصف النہار کے وقت نوافل اور مذکورہ عبادات ممنوع ہیں جس کی تائید ان دونوں حدیثوں سے ہوتی ہے۔ جن کو صاحب بنایہ نے بیان کیا ہے وہ حدیثیں یہ ہیں۔ ابو مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جمعہ کے دن نصف النہار کے وقت ہم کو نماز پڑھنے سے منع کیا جاتا تھا اور سعید مقبری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم جمعہ کے دن نصف النہار کے وقت لوگوں کو نماز پڑھنے سے منع فرمایا کرتے تھے۔

(زجاجہ مع الآثار، مرقات، ہدایہ، رد المحتار)

۱۴۱۰ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ عَبَسَةَ قَالَ قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةَ فَقَدِمْتُ الْمَدِيْنَةَ فَدَخَلْتُ عَلَيْهِ فَقُلْتُ اَخْبِرْنِيْ عَنِ الصَّلٰوةِ فَقَالَ صَلِّ صَلَاةَ الصُّبْحِ ثُمَّ اقْصُرْ عَنِ الصَّلَاةِ حِيْنَ تَطْلُعَ الشَّمْسُ حَتّٰى تَرْتَفِعَ فَاِنَّهَا تَطْلُعُ حِيْنَ تَطْلُعُ بَيْنَ قَرْنَيِ الشَّيْطَانِ وَحِيْنَئِذٍ يَسْجُدُ

حضرت عمرو بن عبسہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ جب نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم مدینہ منورہ میں تشریف لائے تو میں مدینہ طیبہ پہنچکر خدمت اقدس میں حاضر ہوا، میں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ ارشاد ہو کہ وہ اوقات کیا ہیں جن میں نماز پڑھنا جائز ہے؟ اور یہ بھی ارشاد ہو کہ وہ اوقات کونسے ہیں جن میں نماز پڑھنا جائز نہیں ہے؟ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا (اچھا سنو) فجر کی نماز سنت اور فرض جب اس کے مستحب وقت میں پڑھو تو پھر نفل نماز اس وقت تک نہ پڑھنا کہ سورج نکل کر (ایک نیزہ برابر) اونچا نہ ہو جائے[1] کیونکہ سورج جب

[1] سورج نکلنے کے وقت ایک نفل ہی کی ممانعت نہیں ہے بلکہ اس وقت تو کل نمازیں، سجدۂ تلاوت اور نماز جنازہ بھی ممنوع ہیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

لَهَا الْكُفَّارُ ثُمَّ صَلِّ فَإِنَّ
الصَّلٰوةَ مَشْهُوْدَةٌ مَّحْضُوْرَةٌ
حَتّٰى يَسْتَقِلَّ الظِّلُّ بِالرُّمْحِ
ثُمَّ اَقْصِرْ عَنِ الصَّلٰوةِ فَإِنَّ
حِيْنَئِذٍ تُسْجَرُ جَهَنَّمُ فَإِذَا
اَقْبَلَ الْفَيْئُ فَصَلِّ فَإِنَّ
الصَّلٰوةَ مَشْهُوْدَةٌ مَّحْضُوْرَةٌ
حَتّٰى تُصَلِّيَ الْعَصْرَ ثُمَّ اَقْصِرْ
عَنِ الصَّلٰوةِ
حَتّٰى تَغْرُبَ
الشَّمْسُ فَإِنَّهَا تَغْرُبُ بَيْنَ
قَرْنَيِ الشَّيْطَانِ وَحِيْنَئِذٍ يَسْجُدُ
لَهَا الْكُفَّارُ قَالَ قُلْتُ يَا نَبِيَّ
اللّٰهِ فَالْوُضُوْءُ حَدِّثْنِيْ عَنْهُ
قَالَ مَا مِنْكُمْ رَجُلٌ يُقَرِّبُ
وَضُوْءَهُ فَيُمَضْمِضُ وَيَسْتَنْشِقُ
فَيَسْتَنْثِرُ اِلَّا خَرَّتْ خَطَايَا
وَجْهِهٖ وَفِيْهِ وَخَيَاشِيْمِهٖ ثُمَّ
اِذَا غَسَلَ وَجْهَهٗ كَمَا اَمَرَهُ

نکلتا ہے تو شیطان کے سر کے دونوں جانبوں کے درمیان سے نکلتا ہے، یہ ایسا شیطانی وقت ہے جس میں کفار سورج کو سجدہ کیا کرتے ہیں[۱] پھر جب سورج نیزہ برابر اونچا ہو جائے تو[۲] ان اوقات میں فرشتے حاضر ہوا کرتے ہیں اور اس وقت تم جو نمازیں ادا کرو گے فرشتے اس پر گواہ رہیں گے[۳] کیونکہ اس وقت دوزخ کی آگ دھکائی جاتی ہے، پھر جب سایہ ڈھل جائے یعنے زوال ہو جائے تو اس وقت ظہر اور نوافل جو چاہو پڑھو (کیونکہ زوال کے بعد مقبولیت کا وقت شروع ہوتا ہے) اس لیے اس وقت بھی فرشتے حاضر ہوا کرتے ہیں اور اس وقت تم جو نمازیں پڑھو گے فرشتے اس پر گواہ رہیں گے۔ پھر جب تم نماز عصر پڑھو تو نفل نماز سے رک جاؤ۔ یہاں تک کہ سورج ڈوب جائے[۴] کیونکہ سورج جب ڈوبتا ہے تو شیطان کے سر کے دونوں جانبوں کے درمیان ڈوبتا ہے (اور یہ ایسا شیطانی وقت ہے) جس میں کفار سورج کو سجدہ کیا کرتے ہیں[۵] پھر عمرو بن عبسہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ (نماز کے ممنوعہ اوقات تو معلوم ہو گئے!) اب کچھ وضو کی فضیلت بیان فرمایئے حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا سنو عمرو! جب تم میں سے کوئی شخص (وضو کی نیت سے) وضو کا پانی لے کر بیٹھے (بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھتے ہوئے) پھونچوں

۱؎ اور سورج کی یہ پرستش حقیقت میں شیطان ہی کی پرستش ہے اور چونکہ اس وقت عبادت کرنے سے کفار کے فعل سے مشابہت ہوتی ہے، اس لیے تمام مذکورہ عبادتوں سے منع کیا گیا۔

۲؎ اشراق اور چاشت اور ان کے سوا جو نفل نماز چاہے پڑھو، اس لیے کہ یہ مقبولیت کا وقت ہے۔

۳؎ یہ مقبولیت کا وقت اس وقت تک رہتا ہے جب کہ سایہ نیزہ کے قدم میں غائب ہو جائے، یعنے ٹھیک دوپہر ہو جائے تو اس وقت نہ کوئی نماز پڑھنا اور نہ سجدۂ تلاوت ادا کرنا اور نہ نماز جنازہ پڑھنا چاہیے۔

۴؎ سورج ڈوبتے وقت ایک نفل ہی کی ممانعت نہیں ہے بلکہ اس وقت تمام نمازیں، سجدۂ تلاوت اور نماز جنازہ بھی ممنوع ہے۔

۵؎ اور سورج کی یہ پرستش حقیقت میں شیطان ہی کی پرستش ہے اور چونکہ اس وقت عبادت کرنے سے کفار کے فعل سے مشابہت ہوتی ہے (اس لیے تمام مذکورہ عبادتوں سے منع کیا گیا)

MARKAZUL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

اللّٰهُ إِلَّا خَرَّتْ خَطَايَا
وَجْهِهٖ مِنْ أَطْرَافِ لِحْيَتِهٖ
مَعَ الْمَاءِ ثُمَّ يَغْسِلُ يَدَيْهِ
إِلَى الْمِرْفَقَيْنِ إِلَّا خَرَّتْ
خَطَايَا يَدَيْهِ مِنْ أَنَامِلِهٖ
مَعَ الْمَاءِ ثُمَّ يَمْسَحُ رَأْسَهٗ
إِلَّا خَرَّتْ خَطَايَا رَأْسِهٖ
مِنْ أَطْرَافِ شَعْرِهٖ مَعَ
الْمَاءِ ثُمَّ يَغْسِلُ قَدَمَيْهِ
إِلَى الْكَعْبَيْنِ إِلَّا خَرَّتْ خَطَايَا
رِجْلَيْهِ مِنْ أَنَامِلِهٖ مَعَ
الْمَاءِ فَإِنْ هُوَ قَامَ
فَصَلّٰى فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنٰى
عَلَيْهِ وَمَجَّدَهٗ بِالَّذِيْ
هُوَ لَهٗ أَهْلٌ وَفَرَّغَ قَلْبَهٗ
لِلّٰهِ إِلَّا انْصَرَفَ مِنْ خَطِيْئَتِهٖ
كَهَيْئَتِهٖ يَوْمَ وَلَدَتْهُ
أُمُّهٗ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

تک ہاتھ دھو کر منھ اور ناک میں پانی ڈال کر منھ دھوتا ہے تو منھ کے گناہ (مثلاً ناجائز کھانا کھاتے اور ناجائز کلام کرتے ہوئے ہوں) اس کے منھ کے پانی کے ساتھ جھڑ جاتے ہیں ایسا ہی ناک کے گناہ[1] اس کے ناک کے پانی کے ساتھ جھڑ جاتے ہیں، پھر جب وہ چہرے کے ظاہری حصّہ کو دھوتا ہے جس کے دھونے کو اللہ تعالیٰ نے فرض کیا ہے تو اس کے چہرہ کے گناہ (مثلاً آنکھوں کے گناہ) اس کی داڑھی کے کناروں سے پانی کے ساتھ جھڑ جاتے ہیں، پھر جب وہ اپنے دونوں ہاتھوں کو کہنیوں سمیت دھو لیتا ہے تو اس کے دونوں ہاتھوں کے گناہ اس کی انگلیوں کے سروں سے نکل کر پانی کے ساتھ بہہ کر کہنیوں سے ہوتے ہوئے گر جاتے ہیں پھر جب وہ سر کا مسح کرتا ہے تو اس کے سر کے گناہ پانی کی تری کے ساتھ اس کے سر کے بالوں کے کناروں سے گر جاتے ہیں[2] پھر جب وہ اپنے دونوں پاؤں کو ٹخنوں سمیت دھو لیتا ہے تو دونوں پاؤں کے گناہ پاؤں کی انگلیوں کے سروں سے نکل کر پانی کے ساتھ بہہ کر ایڑیوں سے ہوتے ہوئے گر جاتے ہیں۔ (اور اس طرح کے وضو سے ظاہری طہارت حاصل ہو جاتی ہے) پھر جب نماز پڑھنے کھڑا ہوتا ہے اور نماز میں) خدائے تعالیٰ کی حمد و ثنا اور اس کی عظمت بیان کرتا ہے جس کا وہ سزاوار ہے اور حتی الامکان حضورِ قلب کے ساتھ نماز ادا کرتا ہے (جس سے اس کو باطنی طہارت حاصل ہو جاتی ہے) پھر جب وہ اس طرح نماز ختم کرتا ہے تو ان دونوں ظاہری و باطنی طہارتوں کی وجہ سے وہ گناہوں سے) اس طرح پاک و صاف ہو جاتا ہے جیسے ماں کے پیٹ سے پیدا ہونے کے وقت گناہوں سے پاک و صاف تھا۔ (مسلم)

[1] مثلاً حرام پیسے سے خریدی ہوئی خوشبو سونگھتا ہے۔
[2] اسی طرح کانوں کا مسح کرتے وقت کانوں کے گناہ بھی پانی کی تری کے ساتھ کانوں سے گر جاتے ہیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

۱۴۱۱ / ۵ وَعَنْ اَبِیْ بَصْرَۃَ الْغِفَارِیِّ قَالَ صَلّٰی بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمُخَمَّصِ صَلٰوةَ الْعَصْرِ فَقَالَ اِنَّ هٰذِهٖ صَلٰوةٌ عُرِضَتْ عَلٰى مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ فَضَيَّعُوْهَا فَمَنْ حَافَظَ عَلَيْهَا كَانَ لَهٗ اَجْرُهٗ مَرَّتَيْنِ وَلَا صَلٰوةَ بَعْدَهَا حَتّٰى يَطْلُعَ الشَّاهِدُ وَالشَّاهِدُ النَّجْمُ ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو بصرہ غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مقام مخمص میں ہم کو عصر کی نماز پڑھائی نماز کے بعد حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ یہ عصر کی نماز سابقہ اُمتوں (یہود اور نصاریٰ) پر بھی پیش کی گئی تھی تو انہوں نے اس کو جیسا چاہیئے نباہ لیا پابندی کے ساتھ ادا نہیں کیا تو جو شخص اس نماز عصر کو پابندی سے پڑھے گا اس کو دوہرا ثواب ملے گا[1] اور نماز عصر کے بعد کوئی نفل نماز نہیں ہوتی[2] اور یہ نفل کی ممانعت اس وقت تک ہے جب تک کہ ستارہ نکل کر غروب آفتاب کا پتہ نہ دے[3] (مسلم)

۱۴۱۲ / ۶ وَعَنْ اَبِیْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا صَلٰوةَ بَعْدَ الصُّبْحِ حَتّٰى تَرْتَفِعَ الشَّمْسُ ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ فجر کی نماز کے بعد آفتاب کے (ایک نیزہ بلند ہونے تک) کوئی نفل نماز نہیں ہوتی[4] اور نماز عصر کے بعد بھی آفتاب کے ڈوب جانے تک کوئی نفل نماز نہیں ہوتی[2]

(بخاری اور مسلم)

۱۴۱۳ / ۷ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ شَهِدَ عِنْدِیْ رِجَالٌ مُّرْضِيُّوْنَ وَاَرْضَاهُمْ عِنْدِیْ عُمَرُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ یوں تو سب صحابہ کرام ثقہ اور عادل ہیں ان میں سے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی جو شان ہے وہ

لہ ایک ثواب تو نماز پڑھنے کا اور دوسرا ثواب کاروبار چھوڑ کر اس کو پابندی سے پڑھنے کا ملے گا)

ےہ اس لیے کہ اس وقت نفل نماز مکروہ تحریمی ہے، البتہ قضاء نمازیں، نماز جنازہ اور سجدۂ تلاوت عصر کے بعد سے غروب کے پہلے تک ادا کر سکتے ہیں)

سہ اور جب آفتاب غروب ہو جاتا ہے تو یہ مغرب کے فرض کا وقت ہے، اس لیے مغرب کے فرض سے پہلے بھی نفل نہیں پڑھنا چاہیئے۔

ٹہ اس لیے کہ اس وقت نفل نماز مکروہ تحریمی ہے، ہاں قضا نمازیں، نماز جنازہ اور سجدۂ تلاوت نماز فجر کے بعد سے طلوع کے پہلے تک ادا کر سکتے ہیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الصَّلٰوةِ بَعْدَ الصُّبْحِ حَتّٰى تَشْرُقَ الشَّمْسُ وَبَعْدَ الْعَصْرِ حَتّٰى تَغْرُبَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

مخفی نہیں ہے حضرت عمر اور دوسرے بعض صحابہ سے میں نے سنا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صبح کی نماز کے بعد آفتاب ایک نیزہ بلند ہونے تک نفل نماز پڑھنے سے منع فرمایا ہے، اور اسی طرح عصر کے بعد سے آفتاب کے غروب ہونے تک بھی نفل نماز پڑھنے سے منع فرمایا ہے۔ (بخاری اور مسلم)

وَفِيْ جَامِعِ الْاٰثَارِ شَمَلَ بِاِطْلَاقِهٖ سُنَّتَيِ الْفَجْرِ وَاِدْرَاكَ الْجَمَاعَةِ بَعْدَ الْفَرَاغِ۔

جامع الآثار میں لکھا ہے کہ مذکورہ احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ نماز فجر اور عصر کے فرض کے بعد کوئی نفل نماز نہیں پڑھنا چاہیئے اس لیے کوئی شخص فجر کے سنت پڑھے بغیر فجر کی جماعت میں شریک ہوگیا اور سنتوں کو ادا نہ کر سکا تو وہ ان سنتوں کو فجر کے فرض کے بعد آفتاب کے ایک نیزہ بلند ہونے تک نہ پڑھے اس لیے کہ یہ سنتیں بھی نفل ہی کی قسم سے ہیں جن کے ادا کرنے سے منع کیا گیا ہے اسی طرح اگر کوئی شخص فجر یا عصر کی فرض نماز پڑھ چکا ہے اور اس کو یہ نمازیں دوبارہ جماعت سے مل جائیں تو اب یہ ان میں شریک نہیں ہو سکتا، اس لیے کہ یہ نمازیں نفل ہی ہوں گی اور فجر اور عصر کے فرض کے بعد نفل نماز کا ادا کرنا مکروہ تحریمی ہے ۱۲۔

۱۲۱۴ وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَصْرَ ثُمَّ دَخَلَ بَيْتِيْ فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّيْتَ صَلٰوةً لَمْ تَكُنْ تُصَلِّيْهَا قَالَ قَدِمَ عَلَيَّ مَالٌ فَشَغَلَنِيْ عَنْ رَكْعَتَيْنِ كُنْتُ اُصَلِّيْهِمَا بَعْدَ الظُّهْرِ فَصَلَّيْتُهُمَا الْاٰنَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَفَنَقْضِيْهِمَا اِذَا فَاتَتَا قَالَ لَا۔

(رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ)

ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم عصر کی نماز پڑھا کر میرے حجرے میں تشریف لائے کیا دیکھتی ہوں کہ آپ نے (خلاف عادت) دو رکعت نماز ادا فرمائی، میں نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم آپ نے آج عصر کے فرض کے بعد جو دو رکعت ادا فرمائے ہیں، اس سے پہلے آپ کو اس طرح کی نماز پڑھتے ہوئے کبھی نہیں دیکھی، حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا، سنو، (ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا) میرے پاس مال آگیا تھا، میں اس مال کو اس کے مستحقین پر تقسیم کرنے میں ایسا مشغول ہوگیا کہ

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

ظہر کے بعد جو دو رکعت سنت پڑھی جاتی ہے ان کو میں نہ پڑھ سکا، ایسے میں عصر کی نماز کا وقت آگیا (عصر پڑھ رہی) ظہر کی جو دو سنتیں رہ گئی تھیں، اب عصر کے فرض کے بعد ان کی قضاء کی ہے، میں نے عرض کی کہ اگر ہم سے بھی ایسے ہی ظہر کے فرض کے بعد دو سنتیں کسی وجہ سے چھوٹ جائیں تو کیا ہم عصر کے فرض کے بعد ادا کر سکتے ہیں؟ تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا، ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا) نہیں[1] (طحاوی)

وَفِيْ رِوَايَةٍ لِلدَّارَقُطْنِيِّ دَخَلَ عَلَيْهَا بَعْدَ الْعَصْرِ فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اُحْدِثَ بِالنَّاسِ شَيْءٌ قَالَ لَا إِلَّا أَنَّ بِلَالًا عَجَّلَ الْإِقَامَةَ فَلَمْ اُصَلِّ الرَّكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْعَصْرِ فَاَنَا اَقْضِيْهِمَا الْاٰنَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَفَنَقْضِيْهِمَا إِذَا فَاتَتَا قَالَ لَا۔

اور دار قطنی کی ایک روایت میں حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ (ایک دن) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم (عصر کی نماز پڑھا کر میرے پاس تشریف لائے اور (خلاف عادت) دو رکعت نماز ادا فرمائے، میں نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم (عصر کے بعد نفل پڑھنے کے متعلق لوگوں کے لیے کیا کوئی نیا حکم آگیا ہے؟ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا نہیں صرف (اتنی بات ہوگئی کہ) بلال (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے عصر کے فرض کے لیے جلدی اقامت کہدی، جس کی وجہ سے میں آج عصر سے پہلے جو دو سنتوں کو پڑھا چاہتا تھا، نہ پڑھ سکا، اب میں نے ان کو قضا کر کے پڑھا ہے، میں نے عرض کی یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اگر ہم سے بھی ایسے ہی عصر کے پہلے کی دو سنتیں چھوٹ جائیں تو کیا ہم بھی عصر کے فرض کے بعد ان کو ادا کر سکتے ہیں، تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا: ام سلمہ! نہیں

ف: اس حدیث شریف میں عصر کے فرض کے پہلے جو دو سنتوں کے پڑھنے کا ذکر ہے اس سے یہ نہ سمجھنا چاہیئے کہ

---

[1] تمہارے لیے عصر کے فرض کے بعد نفل پڑھنے کا حکم نہیں ہے، عصر کے فرض کے بعد فوت شدہ سنتوں کو ادا کرنا میرا خاصہ ہے۔

عصر کے فرض کے پہلے صرف دو سنت ہی غیر مؤکدہ ہیں، بلکہ حدیثوں میں عصر کے فرض کے پہلے دو سنتوں کا بھی ذکر ہے اور چار سنتوں کا بھی مگر افضل یہ ہے کہ چار سنتیں پڑھی جائیں (ہدایہ، ملتقی) ۱۲

۱۴۱۵ وَعَنْ ذَكْوَانَ مَوْلٰى عَائِشَةَ اَنَّهَا حَدَّثَتْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّيْ بَعْدَ الْعَصْرِ وَيَنْهٰى عَنْهَا وَيُوَاصِلُ وَيَنْهٰى عَنِ الْوِصَالِ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ)

وَفِيْ رِوَايَةٍ لِلدَّارَقُطْنِيِّ كَانَ يُصَلِّي الرَّكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعَصْرِ وَيَنْهٰى عَنْهَا۔

حضرت ذکوان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے ان سے حدیث بیان فرمائی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عصر کے فرض کے بعد خود نفل نماز پڑھا کرتے تھے اور دوسروں کو اس سے منع فرماتے تھے، اسی طرح آپ خود صوم وصال رکھا کرتے تھے اور دوسروں کو اس سے منع فرمایا کرتے تھے (ابوداؤد) دارقطنی کی ایک روایت میں اس طرح ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم عصر کے فرض کے بعد دو رکعت نفل پڑھا کرتے تھے اور اس سے دوسروں کو منع فرمایا کرتے تھے۔

ف: صوم وصال یہ ہے کہ جس طرح دن میں روزہ رکھتے ہیں اسی طرح رات کو بھی بغیر افطار وسحر کے روزہ رکھے، اسی طرح کئی کئی دن مسلسل روزہ رکھتے رہے، یہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خصوصیت تھی لیکن حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صوم وصال رکھنے سے اپنی امت کو منع فرمایا ہے۔ ۱۲

۱۴۱۶ وَعَنْ مُعَاوِيَةَ قَالَ اِنَّكُمْ لَتُصَلُّوْنَ صَلٰوةً لَقَدْ صَحِبْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَا رَاَيْنَاهُ يُصَلِّيْهِمَا وَلَقَدْ نَهٰى عَنْهُمَا يَعْنِي الرَّكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعَصْرِ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ آپ لوگ عصر کے فرض کے بعد دو رکعتیں نماز پڑھتے ہیں حالانکہ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی صحبت اقدس میں رہے ہیں اور کبھی ہم نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو پڑھتے ہوئے نہیں دیکھا، بلکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ان کو پڑھنے سے منع فرمایا ہے۔ (بخاری شریف)

ف: واضح ہو کہ حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو عصر کے فرض کے بعد کسی وقت بھی نفل نماز ادا فرماتے ہوئے نہیں دیکھا اور اس حدیث سے پہلے والی حدیثیں جو ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہیں، ان سے معلوم ہوتا ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے عصر کے فرض کے بعد نفل نماز پڑھی ہے، بظاہر ان حدیثوں میں تعارض معلوم ہوتا ہے مگر حقیقت میں تعارض نہیں ہے اس لیے کہ حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا اس بات سے انکار کرنا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے مسجد میں یا باہر عصر کے فرض کے بعد نفل نماز نہیں پڑھی ہے جس کی وجہ سے حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دیکھنے کا موقع نہیں ملا، اب رہا حضرت عائشہ اور حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا ارشاد فرمانا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

نے عصر کے فرض کے بعد نفل نماز پڑھی ہے وہ اس لحاظ سے ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ان کے گھروں میں یہ نماز پڑھی ہے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا اس نفل کو مسجد میں یا باہر ادا نہ فرمانا اس غرض سے تھا کہ اُمت اس بارے میں آپ کی اقتدا نہ کرے اور گھر میں ادا فرمانے پر بھی یہ شبہ ہوا کہ کہیں امت اقتدا کرے گی، اس لیے حضرت ذکوان رضی اللہ عنہ، کی حدیث میں صراحت کے ساتھ مذکور ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام عصر کے فرض کے بعد نفل نماز پڑھنے سے منع فرمایا کرتے تھے ۱۲

۱۴۱۷ وَعَنْ اَبِیْ مِجْلَزٍ قَالَ دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ فِیْ صَلٰوۃِ الْغَدَاۃِ مَعَ ابْنِ عُمَرَ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَالْاِمَامُ یُصَلِّیْ فَاَمَّا ابْنُ عُمَرَ فَدَخَلَ فِی الصَّفِّ وَاَمَّا ابْنُ عَبَّاسٍ فَصَلّٰی رَکْعَتَیْنِ ثُمَّ دَخَلَ مَعَ الْاِمَامِ فَلَمَّا سَلَّمَ الْاِمَامُ قَعَدَ ابْنُ عُمَرَ مَکَانَہٗ حَتّٰی طَلَعَتِ الشَّمْسُ فَقَامَ فَرَکَعَ رَکْعَتَیْنِ رَوَاہُ الطَّحَاوِیُّ۔

حضرت ابو مجلز رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں صبح کی نماز کے لیے ابن عمر اور ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے ساتھ مسجد میں داخل ہوا، اس وقت فجر کی جماعت ہو رہی تھی ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، تو فوراً (بغیر سنت پڑھے) جماعت میں شریک ہو گئے لیکن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نے فجر کی سنتیں پڑھ کر جماعت میں شرکت کی، اور جب امام نے سلام پھیر دیا تو ابن عمر اپنی جگہ آفتاب طلوع ہونے تک بیٹھے رہے اور جب آفتاب کچھ بلند ہو گیا تو آپ اٹھے اور فجر کی دو سنت جو رہ گئیں تھیں ان کو ادا فرمایا۔ (طحاوی)

۱۴۱۸/۱۲ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ لَّمْ یُصَلِّ رَکْعَتَیِ الْفَجْرِ فَلْیُصَلِّھِمَا بَعْدَ مَا تَطْلُعُ الشَّمْسُ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ کسی شخص نے فجر کے فرض تو پڑھ لیے لیکن وہ سنتیں ادا نہ کر سکا تو وہ فجر کی ان سنتوں کو (فرض کے بعد نہ پڑھے بلکہ) آفتاب بلند ہونے کے بعد پڑھے۔ (ترمذی)

ف۔ ہدایہ میں لکھا ہے کہ اگر کسی شخص نے فجر کے فرض تو پڑھ لیے لیکن کسی وجہ سے فجر کی سنتیں نہ پڑھ سکا تو وہ ان سنتوں کو فجر کے بعد طلوع آفتاب سے پہلے نہ پڑھے بلکہ جب آفتاب طلوع ہو کر ایک نیزہ بلند ہو چکے اس کی قضاء کرے، اس لیے کہ فجر کی دو سنتیں فوت ہو گئیں ہیں اس کی حیثیت نفل کی ہو گئی ہے اور فجر کے فرض کے بعد نفل نماز کا پڑھنا مکروہ تحریمی ہے ۱۲

۱۴۱۹/۱۳ وَعَنْ عُمَرَ اَنَّہٗ طَافَ بَعْدَ صَلٰوۃِ الصُّبْحِ فَلَمْ یُصَلِّ وَخَرَجَ مِنْ مَکَّۃَ حَتّٰی نَزَلَ بِذِیْ طُوًی فَصَلّٰی بَعْدَ مَا طَلَعَتِ الشَّمْسُ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَرَوٰی مَالِکٌ وَالطَّحَاوِیُّ نَحْوَہٗ وَرَوَاہُ الْبُخَارِیُّ تَعْلِیْقًا۔

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت کی گئی ہے کہ حضرت عمر نے نماز فجر کے بعد طواف کیا اور طواف کے بعد جو دو رکعتیں پڑھی جاتی ہیں۔ ان کو آپ نے ادا نہیں کیا، جب مکہ معظمہ سے باہر نکلے اور مقام ذی طوی میں پہونچ کر اترے تو آپ نے سورج نکلنے کے بعد طواف کے بعد کی رکعتوں کو اب ادا فرمایا (ترمذی) اور امام مالک

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اور امام طحاوی نے بھی اسی طرح روایت کی ہے، اور امام بخاری نے بھی اس کی روایت تعلیقاً کی ہے۔

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ مکہ معظمہ میں بھی مثل دیگر مقامات کے فجر کے فرض کے بعد نفل نماز کا ادا کرنا مکروہ تحریمی ہے اب رہا یہ شبہ کہ طواف کے بعد کی رکعتوں کو واجب ہونے کی وجہ سے ان کو فجر کے فرض کے بعد ادا کیا جاسکتا تھا تو اس کا جواب یہ ہے کہ طواف کے بعد کی دو رکعتیں بندہ کے طواف کرنے سے اس پر واجب ہوتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے بندہ پر نہیں جیسا کہ وتر اللہ تعالیٰ کی طرف سے واجب ہے، اس لیے فوت شدہ وتر کو فجر کے فرض کے بعد قضاء کر سکتے ہیں لیکن طواف کی رکعتوں کو اس لیے ادا نہیں کر سکتے کہ یہ بندہ کے فعل سے واجب ہوئی ہیں اس لیے ان کی حیثیت نفل جیسی ہے، اور فجر کے فرض کے بعد نفل نماز کا ادا کرنا مکروہ تحریمی ہے، اسی لیے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے طواف کی رکعتوں کو فجر کے فرض کے بعد ادا نہیں فرمایا، ۱۲

۱۱۴۲۰ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ اِذَا اَرَدْتَّ الطَّوَافَ بِالْبَيْتِ بَعْدَ صَلٰوةِ الْفَجْرِ اَوِ الْعَصْرِ فَطُفْ وَاَخِّرِ الصَّلٰوةَ حَتّٰى تَغِيْبَ الشَّمْسُ اَوْحَتّٰى تَطْلُعَ فَصَلِّ لِكُلِّ اُسْبُوْعٍ رَكْعَتَيْنِ رَوَاهُ ابْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ بِاِسْنَادٍ حَسَنٍ

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے فرماتی ہیں کہ اگر تم میں سے کوئی نماز فجر یا نماز عصر کے بعد بیت اللہ کا طواف کرنا چاہے طواف تو کرلے لیکن طواف کے بعد جو دو رکعتیں پڑھی جاتی ہیں ان کو اس وقت ادا نہ کرے بلکہ طلوع اور غروب کے بعد ان رکعتوں کو پڑھ لے بیت اللہ کے سات چکر لگانے ہیں اور اس کے بعد دو رکعت پڑھنے کو ایک طواف کہتے ہیں۔ اس کی روایت ابن ابی شیبہ نے سند حسن کے ساتھ کی ہے

بَابُ الْجَمَاعَةِ وَفَضْلِهَا

یہ باب جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے کی فضیلت اور اس کے احکام اور آداب کے بیان میں ہے۔

ف واضح ہو کہ پنجگانہ نمازوں کو جماعت کے ساتھ ادا کرنا شعائر اسلام سے ہے، اور حقیقت یہ ہے کہ یہ اس دین حنیف کی ایک عظیم الشان خصوصیت ہے، ایسی خصوصیت کہ سابقہ ادیان میں کسی دین کے لیے مشروع نہیں کی گئی اور جو چیز شعائر اسلام میں داخل ہوتی ہے اس کا اظہار ضروری ہوتا ہے۔

جماعت کی فضیلت اور تاکید میں صحیح حدیثیں بکثرت وارد ہوئی ہیں، ان احادیث شریفہ کے پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ نمازوں کے لیے جماعت کا قائم کرنا واجب ہے اور عامہ فقہاء حنفیہ رحمہم اللہ تعالیٰ کے نزدیک یہی قول راجح ہے چنانچہ صاحب بحر، بدائع، مجتبیٰ، غایۃ، ہنیہ اور تحفہ نے اسی کو اختیار کیا ہے۔ اور علامہ شامی رحمۃ اللہ تعالیٰ نے ردالمحتار میں صاحب نہر کا یہ قول نقل کیا ہے کہ جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے کے بارے میں فقہاء امت کے مختلف اقوال ہیں

ان سارے اقوال میں جماعت سے نماز پڑھنے کو واجب کہنا ایسا قول ہے جو افراط اور تفریط سے پاک ہے۔
ملا علی قاری رحمۃ اللہ نے مرقات میں لکھا ہے کہ جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے کو واجب کہنا ہمارے مذہب حنفی میں قول مختار ہے۔

احادیث شریفہ میں تارک جماعت پر شدید وعیدیں وارد ہوئی ہیں، ایک حدیث میں ارشاد ہے "نماز با جماعت سے تو منافق ہی پیچھے رہتا ہے"، ایک دوسری حدیث میں ارشاد ہے "مومن کے نفاق اور ناکامی کے لیے یہ بات کافی ہے کہ مؤذن کو نماز کا اعلان کرتے ہوئے سنے اور جماعت میں حاضر نہ ہو"، ایک اور حدیث میں ارشاد ہے "رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے میرا ارادہ تھا کہ اوّل لکڑیاں جمع کروں، پھر اذان دینے کا حکم دوں، اذان کے بعد کسی کو امامت کے لیے مقرر کر کے ان لوگوں کے پاس جاؤں جو جماعت میں شریک نہیں ہوتے اور جا کر ان کے مکانات کو آگ لگا دوں"

یہ اور اس قسم کی بکثرت وعیدیں تارک جماعت پر وارد ہوئی ہیں، ان سے یہی ثابت ہوتا ہے کہ جماعت کے ساتھ نماز پڑھنا واجب ہے۔

مذکورہ بالا تفصیل سے صراحت کے ساتھ ثابت ہو گیا کہ جماعت کے ساتھ نماز پڑھنا واجب ہے لیکن اس کی نوعیت ان واجبات سے جدا ہے جو افعال نماز میں داخل ہیں یعنے جماعت نماز کے لیے ایسی واجب نہیں جیسے مثلاً وتر میں دعاء قنوت کا پڑھنا واجب ہے کہ اگر دعاء قنوت چھوڑ دی جائے تو نماز ناقص ہو جاتی ہے اور نماز کا اعادہ ضروری ہو جاتا ہے اس کے برخلاف اگر نماز جماعت سے نہ پڑھی جائے تو نماز صحیح ہو گی اور اس کا اعادہ (لوٹانا) ضروری نہیں ہو گا۔ اور اس سے نماز میں ایسی خرابی پیدا ہو گی جیسے واجبات نماز کے ترک سے نماز میں خرابی ہوتی ہے بلکہ جماعت سے نماز کا پڑھنا اپنی نوعیت کا ایک مستقل واجب ہے اگر بغیر عذر کے جماعت ترک کر دی گئی تو گناہ کبیرہ ہو گا۔

یہ بھی واضح رہے کہ جیسے نماز پنجگانہ کے لیے جماعت واجب ہے۔ ایسا ہی جماعت کا مسجد ہی میں قائم کرنا بھی واجب ہے، چنانچہ اشعۃ اللمعات میں بدائع کا یہ قول نقل کیا ہے کہ "ہر بالغ عاقل مرد پر جو معذور نہ ہو واجب ہے کہ وہ جماعت سے نماز پڑھنے کے لیے مسجد میں حاضر ہوا کرے"

اسی بارے میں اعلاء السنن میں مذکور ہے کہ اگر کوئی نماز کے لیے مسجد کے بجائے گھر میں جماعت قائم کرے تو اس نے جماعت سے نماز پڑھنے کے واجب کو تو ادا کیا لیکن جماعت کو مسجد میں قائم کرنے کے واجب کو ترک کر دیا، اس لیے اس نے بہت برا کیا اور گنہگار ہوا۔

ابھی آپ نے سُنا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ جو مسجد میں جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے کے لیے نہ آئیں (میرا ارادہ تھا کہ ان کے گھروں کو آگ لگا کر جلا دوں اس ارشاد مبارک سے دو الگ الگ حکم ثابت ہو رہے ہیں "(۱) نماز کو جماعت سے پڑھنا جس کی تفصیل اوپر گذر چکی ہے (۲) جماعت کو مسجد میں قائم کرنا اور اس حدیث شریف میں جو وعید مذکور ہے اس سے ان دونوں چیزوں کا وجوب ثابت ہو رہا ہے یعنے جماعت کو قائم کرنے کے لیے مسجد میں آنا ایسا ہی واجب ہے جیسے خود نماز کے لیے جماعت کا قائم کرنا واجب ہے اگر نماز کے لیے صرف جماعت کا قائم کر لینا ہی واجب ہوتا اور جماعت کے لیے مسجد میں آنا واجب نہ ہوتا تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ان لوگوں کے گھروں کو آگ لگانے کا ارادہ نہ فرماتے جو جماعت کے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

لیے مسجد میں نہ آتے ہوں، اس لیے کہ وہاں اس بات کا احتمال ہے کہ وہ لوگ گھروں میں جماعت قائم کرکے نماز پڑھتے ہوں، اس احتمال کے باوجود رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا مسجد کی جماعت میں شریک نہ ہونے والوں کے گھروں کو آگ لگانے کا ارادہ فرمانا اس وعید سے صراحت کے ساتھ ثابت ہوتا ہے کہ جماعت کا مسجد ہی میں قائم کرنا واجب ہے (عمدۃ القاری، فتح القدیر، ہدایۃ، بنایۃ، ردالمحتار، شرح وقایہ، عمدۃ الرعایۃ، مرقات، اشعۃ اللمعات، تنقیح المفتی والسائل اعلاء السنن) ۱۲

شریعت کا یہ عام قاعدہ ہے کہ اوامر ونواہی مردوں کو دیئے جاتے ہیں اور چونکہ عورتیں مردوں کے تابع ہیں اس لیے سارے احکام عورتوں سے بھی متعلق ہوجاتے ہیں، البتہ کسی مسئلہ میں عورتوں سے کوئی خاص حکم متعلق ہو تو مردوں کے حکم کے ساتھ ساتھ عورتوں کے حکم کی علیحدہ صراحت کردی جاتی ہے۔

چنانچہ آیت (وَارْكَعُوا مَعَ الرَّاكِعِينَ) کے تحت اور ان احادیث کے پیش نظر جن سے نمازوں کو مسجد کی جماعت کے ساتھ ادا کرنے کا وجوب ثابت ہے مردوں پر جماعت میں شریک ہونے کے لیے مسجدوں کو آنا واجب کردیا گیا تو صدر کے عام قاعدہ کے لحاظ سے عورتیں بھی اس حکم میں شامل ہوجاتی تھیں اس لیے کو ذیل کی احادیث سے مسجد کی جماعت میں شرکت سے منع کیا گیا۔

ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ عورت کی نماز اس کے حجرے میں بہترین ہے اس نماز سے جو اس کے صحن میں ہو، اور اس کی نماز جو اس کے صحن میں ہو بہتر ہے۔ اس نماز سے جو اس کے احاطہ میں ہو، اور اس کی نماز اس کے احاطہ میں بہتر ہے اس نماز سے جو اس کے محلہ کی مسجد میں ہو، اس کی روایت طبرانی نے اوسط میں عمدہ سند سے کی ہے۔

ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ عورت کسی کی امام نہ بنے۔ اعلاء السنن میں لکھا ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا جو مطلق ارشاد مذکور ہے اس سے ثابت ہوتا ہے کہ عورت میں امامت کی صلاحیت ہی نہیں ہے یعنے وہ نہ تو مردوں کی امامت کی اہل ہے اور نہ عورتوں کی حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اس مطلق ارشاد کو مقید کرنے والی کوئی دلیل نہیں ہے۔

اب رہا بعض حدیثوں میں جو ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا عورتوں کی جماعت کو امام بن کر نماز پڑھانے کا ذکر ہے، اس کے بارے میں اعلاء السنن میں لکھا ہے کہ ام المومنین حضرت عائشہ اور ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے عورتوں کو نماز سکھلانے کے لیے عورتوں کی جماعت کی امامت فرمائی اور یہ بھی ہمیشہ کا عمل نہیں اس لیے ان امہات المومنین کے اتفاقیہ عمل کو حجت بناکر عورتوں کے باہم مل کر جماعت قائم کرنے کو جائز قرار نہیں دیا جاسکتا۔ ۱۲

اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے (سورۂ بقرہ پ ۱ ع ۵ میں)

وَقَوْلُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ :
وَارْكَعُوا مَعَ الرَّاكِعِينَ

اور رکوع کرنے والوں کے ساتھ رکوع کرو، یعنے جماعت کے ساتھ نماز پڑھا کرو (اس آیت سے ثابت ہوتا ہے کہ جماعت سے نماز پڑھنا واجب ہے تفسیرات احمدیہ)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

۱۴۲۱ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةُ الْجَمَاعَةِ تَفْضُلُ صَلٰوةَ الْفَذِّ بِسَبْعٍ وَّعِشْرِيْنَ دَرَجَةً مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَقَالَ عَلِيٌّ الْقَارِيُّ اِسْتَدَلَّ بِهٖ اَبُوْ حَنِيْفَةَ وَمَالِكٌ عَلٰى سُنِّيَّةِ الْجَمَاعَةِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ تنہا نماز پڑھنے والے سے ستائیس درجہ بڑھ کر ثواب جماعت سے نماز پڑھنے والے کو ملتا ہے (بخاری اور مسلم) ملا علی قاری فرماتے ہیں کہ امام ابو حنیفہ اور امام مالک اس حدیث سے باجماعت نماز کے سنت ہونے پر دلیل پکڑتے ہیں۔

۱۴۲۲ وَعَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ صَلّٰى بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا الصُّبْحَ فَلَمَّا سَلَّمَ قَالَ اَشَاهِدٌ فُلَانٌ قَالُوْا لَا قَالَ اِنَّ هَاتَيْنِ الصَّلَاتَيْنِ اَثْقَلُ الصَّلَوٰتِ عَلَى الْمُنَافِقِيْنَ وَلَوْ تَعْلَمُوْنَ مَا فِيْهِمَا لَاَتَيْتُمُوْهُمَا وَلَوْ حَبْوًا عَلَى الرُّكَبِ وَاِنَّ الصَّفَّ الْاَوَّلَ عَلٰى مِثْلِ صَفِّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَلَوْ عَلِمْتُمْ مَا فَضِيْلَتُهٗ لَابْتَدَرْتُمُوْهُ وَاِنَّ صَلَاةَ الرَّجُلِ مَعَ الرَّجُلِ اَزْكٰى مِنْ صَلَاتِهٖ وَحْدَهٗ وَصَلَاتُهٗ مَعَ الرَّجُلَيْنِ اَزْكٰى مِنْ صَلَاتِهٖ مَعَ الرَّجُلِ وَمَا كَثُرَ فَهُوَ اَحَبُّ اِلَى اللّٰهِ

(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَآئِيُّ)

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ہم کو ایک دن فجر کی نماز پڑھائی جب آپ نے سلام پھیرا تو دریافت فرمایا کہ کیا فلاں شخص حاضر ہے صحابہ نے عرض کیا حضور! وہ موجود نہیں ہے، پھر آپ نے دوسرے شخص کا نام لے کر پوچھا کیا فلاں شخص حاضر ہے، صحابہ نے عرض کیا، حضور! وہ بھی موجود نہیں ہے آپ نے ارشاد فرمایا، یہ دو نمازیں یعنی عشا اور فجر منافقوں پر دونمازوں سے زیادہ گراں گذرتی ہیں، اگر تمہیں معلوم ہو جائے کہ ان دونمازوں کا کس قدر ثواب ہے تو تم ان دونوں نمازوں کے لیے اگر بیمار بھی ہوں اور نہ چل سکتے ہوں تو گھٹنوں کے بل چل کر آیا کرو۔ اور نماز کی پہلی صف (فضیلت میں) فرشتوں کی صف کے مانند ہے، اگر تم کو صف اول کا ثواب معلوم ہو جائے تو تم پہلی صف میں شریک ہونے کے لیے جلدی کر کے ایک دوسرے پر سبقت کرتے، ایک آدمی کے ساتھ جماعت کر کے نماز پڑھنے والے کو تنہا نماز پڑھنے والے سے زیادہ ثواب ملتا ہے، اور اسی طرح دو آدمیوں کے ساتھ جماعت کر کے نماز پڑھنے والے کو ایک آدمی کے ساتھ نماز پڑھنے والے سے زیادہ ثواب ملتا ہے (اسی طرح جماعت میں جس قدر نمازی زیادہ ہوتے جائیں گے نمازی کو اسی قدر زیادہ ثواب ملتا جائے گا، اس لیے جماعت میں جس قدر نمازی زیادہ ہوں اسی قدر اللہ تعالیٰ کی پسندیدگی

زیادہ ہوتی جاتی ہے (ابوداؤد اور نسائی) ۱۲

ف حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے جماعت میں نہ آنے والوں کو منافق فرمایا، اس سے جماعت کا وجوب ثابت ہوا اور نماز کے لیے مسجد میں آنے کا وجوب بھی اس سے ظاہر ہو رہا ہے کیوں کہ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ان کی غیر حاضری مسجد پر ہی یہ سخت وعید فرمائی۔ اگر گھر کی جماعت کافی ہوتی تو مسجد میں نہ آنے پر یہ وعید نہ ہوتی۔

۱۴۲۳ وَعَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ أَبِي حَثْمَةَ قَالَ إِنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ فَقَدَ سُلَيْمَانَ بْنَ أَبِي حَثْمَةَ فِي صَلٰوةِ الصُّبْحِ وَإِنَّ عُمَرَ غَدَا إِلَى السُّوقِ وَمَسْكَنُ سُلَيْمَانَ بَيْنَ الْمَسْجِدِ وَالسُّوقِ فَمَرَّ عَلَى الشِّفَاءِ أُمِّ سُلَيْمَانَ فَقَالَ لَهَا لَمْ أَرَ سُلَيْمَانَ فِي الصُّبْحِ فَقَالَتْ إِنَّهُ بَاتَ يُصَلِّي فَغَلَبَتْهُ عَيْنَاهُ فَقَالَ عُمَرُ لَأَنْ أَشْهَدَ صَلٰوةَ الصُّبْحِ فِي جَمَاعَةٍ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أَقُومَ لَيْلَةً۔[1]

(رَوَاهُ مَالِكٌ)

حضرت ابوبکر بن سلیمان بن ابی حثمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ کہتے ہیں ایک دن کا ذکر ہے کہ حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نماز صبح کی جماعت میں میرے والد سلیمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو موجود نہ پایا حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بازار جا رہے تھے راستہ میں سلیمان کا گھر واقع تھا، سلیمان کی والدہ جن کا نام شفاء تھا ان سے ملاقات ہوئی تو دریافت فرمایا کہ شفاء! تمہارے فرزند سلیمان کہاں ہیں؟ آج صبح کی نماز میں نظر نہیں آئے شفاء نے عرض کیا امیر المومنین! سلیمان بہت دیر تک نماز تہجد پڑھتے رہے، آخر رات میں ان پر نیند کا غلبہ ہو گیا اس سے نماز صبح کی جماعت میں حاضر نہ ہو سکے) حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ارشاد فرمایا۔ اس کی روایت امام مالک نے کی ہے۔

۱۴۲۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ لَقَدْ رَأَيْتُنَا وَمَا يَتَخَلَّفُ عَنِ الصَّلٰوةِ إِلَّا مُنَافِقٌ قَدْ عُلِمَ نِفَاقُهُ أَوْ مَرِيضٌ إِنْ كَانَ الْمَرِيضُ لَيَمْشِي بَيْنَ رَجُلَيْنِ حَتّٰى يَأْتِيَ الصَّلٰوةَ وَقَالَ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَّمَنَا سُنَنَ الْهُدٰى الصَّلٰوةَ فِي الْمَسْجِدِ الَّذِي يُؤَذَّنُ فِيهِ وَفِي رِوَايَةٍ قَالَ مَنْ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں مجھے وقت یاد ہے کہ (مساجد میں) جماعت کی نماز سے سوائے کھلے ہوئے منافق یا مریض کے اور کوئی غیر حاضر نہ ہوتا تھا اگر کوئی بیمار ایسا ہوتا کہ دو آدمیوں کے سہارے سے پاؤں پر چل کر نماز میں آکر شریک ہو سکتا تھا، وہ بھی آتا تھا اور ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے یہ بھی کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ہم کو ہدایت کے تمام طریقے سکھا دیئے ہیں، ہدایت کے انہی طریقوں

---

[1] میرا فجر کی نماز میں حاضر ہو جانا ساری رات کھڑے رہنے سے مجھے زیادہ پیارا ہے (نماز تہجد بڑی فضیلت کی نماز ہے اس کے لیے جاگنا ایسے شخص کے لیے بہترین عبادت ہے جس کی فجر کی جماعت نہ جاتی ہو، اگر کوئی تہجد میں جاگ کر فجر کی جماعت کھو دیتا ہے تو میرے نزدیک تہجد کی نماز سے فجر کی جماعت میں شریک ہونا بہتر ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

سَرَّهٗ اَنْ يَّلْقَى اللّٰهَ غَدًا مُّسْلِمًا فَلْيُحَافِظْ عَلٰى هٰذِهِ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ حَيْثُ يُنَادٰى بِهِنَّ فَاِنَّ اللّٰهَ شَرَعَ لِنَبِيِّكُمْ سُنَنَ الْهُدٰى وَاِنَّهُنَّ مِنْ سُنَنِ الْهُدٰى وَلَوْ اَنَّكُمْ صَلَّيْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ كَمَا يُصَلِّيْ هٰذَا الْمُتَخَلِّفُ فِيْ بَيْتِهٖ لَتَرَكْتُمْ سُنَّةَ نَبِيِّكُمْ وَلَوْ تَرَكْتُمْ سُنَّةَ نَبِيِّكُمْ لَضَلَلْتُمْ وَمَا مِنْ رَجُلٍ يَتَطَهَّرُ فَيُحْسِنُ الطُّهُوْرَ ثُمَّ يَعْمِدُ اِلٰى مَسْجِدٍ مِّنْ هٰذِهِ الْمَسَاجِدِ اِلَّا كَتَبَ اللّٰهُ لَهٗ بِكُلِّ خَطْوَةٍ يَّخْطُوْهَا حَسَنَةً وَّرَفَعَهٗ بِهَا دَرَجَةً وَّحَطَّ عَنْهُ بِهَا سَيِّئَةً وَلَقَدْ رَاَيْتُنَا وَمَا يَتَخَلَّفُ عَنْهَا اِلَّا مُنَافِقٌ مَّعْلُوْمُ النِّفَاقِ وَلَقَدْ كَانَ الرَّجُلُ يُؤْتٰى بِهٖ يُهَادٰى بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ حَتّٰى يُقَامَ فِي الصَّفِّ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ہیں سے یہ بات بھی ہے کہ جس مسجد میں اذان ہوتی ہو، اس میں نماز پڑھی جائے (گھر میں نہ پڑھی جائے) ایک اور روایت میں یوں ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ جس کو یہ بات پسند ہو کہ کل (قیامت میں) اللہ تعالیٰ سے سچا مسلمان بن کر ملاقات کرے تو اس کو چاہیے کہ وہ ان پانچوں نمازوں کو ان مساجد میں (جماعت سے پابندی کے ساتھ) ادا کرے، جہاں ان کے لیے اذان دی جاتی ہو، کیونکہ اللہ تعالےٰ نے تمہارے پیغمبر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے ہدایت کے تمام طریقے مقرر فرما دیئے ہیں اور مسجدوں میں ان نمازوں کو (جماعت سے) ادا کرنا بھی ہدایت کے طریقوں میں سے ایک طریقہ ہے۔ اگر تم اپنے اپنے گھروں میں نماز پڑھ لیا کرو گے (خواہ جماعت سے ہی کیوں نہ ہو) جیسا کہ یہ منافق اپنے گھر میں نماز پڑھا کرتے ہیں تو تم سنت نبوی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خلاف ورزی کرو گے اور سنت نبوی کو ترک کرو گے تو تم گمراہ ہو جاؤ گے، پس جو شخص (سنن و مستحبات کے ساتھ) اچھی طرح وضوء کر کے مسجد کو جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ ہر قدم پر اس کے واسطے ایک نیکی لکھتے ہیں، ایسے قرب کے درجوں میں ایک درجہ بلند کرتے ہیں، اور اس کا ایک ایک گناہ معاف کر دیتے ہیں۔ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں مجھے وہ وقت یاد ہے جب کہ مساجد میں جماعت کی نماز سے سوائے کھلے ہوئے منافق کے اور کوئی نہ رہ جاتا تھا، بعض مریضوں کو دو آدمی سہارا دے کر لاتے تھے اور لا کر جماعت کے ساتھ کھڑا کر دیتے تھے، (مسلم شریف)

ف اس حدیث سے بھی ثابت ہوتا ہے کہ نمازوں کو جماعت سے ادا کرنا اور جماعت کو مسجد میں قائم کرنا واجب ہے۔

۱۴۲۵/۵ وَعَنْ اُمِّ الدَّرْدَاءِ قَالَتْ دَخَلَ عَلَيَّ اَبُو الدَّرْدَاءِ وَهُوَ مُغْضَبٌ فَقُلْتُ مَا اَغْضَبَكَ قَالَ وَاللّٰهِ مَا اَعْرِفُ مِنْ

حضرت اُم درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے وہ فرماتی ہیں کہ ایک روز ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ میرے پاس تشریف لائے اس وقت آپ کچھ غصہ میں تھے

www.waseemziyai.com
MARKAZUL ULOOM ISLAMIA ACADEMY

أَمْرِ أُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا إِلَّا أَنَّهُمْ يُصَلُّوْنَ جَمِيْعًا۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

۱۴۲۶ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَقَدْ هَمَمْتُ أَنْ آمُرَ بِحَطَبٍ فَيُحْطَبُ ثُمَّ آمُرَ بِالصَّلٰوةِ فَيُؤَذَّنُ لَهَا ثُمَّ آمُرَ رَجُلًا فَيَؤُمَّ النَّاسَ ثُمَّ أُخَالِفَ إِلَى رِجَالٍ وَفِيْ رِوَايَةٍ لَا يَشْهَدُوْنَ الصَّلٰوةَ فَأُحَرِّقَ عَلَيْهِمْ بُيُوْتَهُمْ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَوْ يَعْلَمُ أَحَدُهُمْ أَنَّهٗ يَجِدُ عَرْقًا سَمِيْنًا أَوْ مِرْمَاتَيْنِ حَسَنَتَيْنِ لَشَهِدَ الْعِشَاءَ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَلِمُسْلِمٍ نَحْوُهٗ)

وَفِي الْمِرْقَاتِ قَالَ الْقَاضِي الْحَدِيْثُ يَدُلُّ عَلٰى وُجُوْبِ الْجَمَاعَةِ وَظَاهِرُ نُصُوْصِ الشَّافِعِيِّ يَدُلُّ عَلٰى أَنَّهَا مِنْ فُرُوْضِ الْكِفَايَةِ قُلْتُ ظَاهِرُ الْحَدِيْثِ يَرُدُّ عَلَيْهِ فَإِنَّهٗ لَوْ كَانَ كِفَايَةً لَمَا اسْتَحَقَّ بَعْضُ التَّارِكِيْنَ التَّعْذِيْبَ انْتَهٰى قَالَ الشَّيْخُ ابْنُ الْهُمَامِ لَا شَكَّ فِيْ أَنَّهَا كَانَتْ تُقَامُ عَلٰى عَهْدِهٖ عَلَيْهِ

میں نے عرض کیا، غصہ کی کیا وجہ ہے؟ فرمایا خدا کی قسم ابھی دیکھ رہا ہوں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جس شریعت پر تھے اس پر کسی قسم کا تغیر نہیں ہوا ہے مگر نماز کو جماعت سے پڑھنے میں لوگ سستی کر رہے ہیں (حالانکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس کا بڑا اہتمام فرمایا کرتے تھے، اسی لیے مجھے غصہ آیا ہے۔ (بخاری شریف)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا قسم ہے اس خدا کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے میرا ارادہ تھا کہ لکڑیاں جمع کرنے کا حکم دوں، جب لکڑیاں جمع ہو جائیں تو نماز کی تیاری کا حکم دوں، پھر اذان کے ذریعہ سے نماز کا اعلان کرا دوں کسی کو امامت کرنے کا حکم دوں اور میں خود نماز میں شریک نہ ہو کر جماعت میں نہ آنیوالوں کی طرف چلا جاؤں اور ان کے مکانات کو آگ لگا دوں، قسم ہے اس خدا کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے باجماعت نماز میں شریک نہ ہونے والوں کو آخرت کے ثواب کا یقین نہیں، دنیا ہی دنیا ان کے پیش نظر ہے۔ اگر ایک حقیر ہڈی یا معمولی تیر بس مسجد میں پڑے جانے کا ان کو علم ہوتا تو یہ دنیا کے بندے نمازِ عشاء کی جماعت میں ضرور آتے۔[1] اس کی روایت بخاری شریف نے کی ہے، اور مسلم نے بھی اسی طرح روایت کی ہے۔

اس حدیث شریف میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے کہ نماز باجماعت میں شریک نہ ہونے والوں

---

[1] اور جماعت میں تو شریک ہو کر ریاء کر کے مخلوق کا حسن ظن حاصل کر سکتے ہیں، اس لیے دن کی جماعتوں میں کبھی آ بھی جاتے ہیں لیکن عشاء کی نماز کو جماعت سے ادا کرنے کا آخرت میں جو ثواب ملنے والا ہے ان کو اس کا یقین نہیں، اس لیے وہ عشاء کی جماعت میں نہیں آتے ہیں۔

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

السَّلَامُ فِي مَسْجِدِهٖ وَمَعَ ذٰلِكَ قَالَ
فِي الْمُتَخَلِّفِيْنَ مَا قَالَ وَهَمَّ بِتَحْرِيْقِهِمْ
وَلَمْ يَصْدُرْ مِثْلُهٗ عَنْهُ فِيْمَنْ تَخَلَّفَ
عَنِ الْجَنَائِزِ مَعَ إِقَامَتِهَا بِغَيْرِهِمْ انْتَهٰى
وَقَالَ الْعَلَّامَةُ الْعَيْنِيُّ وَيَدُلُّ عَلٰى
وُجُوْبِهَا صَلٰوةُ الْخَوْفِ إِذْ فِيْهَا
أَعْمَالٌ مُنَافِيَةٌ لِلصَّلٰوةِ وَلَا يُعْمَلُ ذٰلِكَ
لِأَجْلِ فَرْضِ كِفَايَةٍ وَلَا سُنَّةٍ انْتَهٰى۔

کے مکانات کو آگ لگا دوں، ابن قیم نے کہا ہے کہ اس قسم کی یہ وعید ظاہر ہے کہ صغیرہ گناہ پر نہیں ہوتی اس لیے ثابت ہوتا ہے کہ مسجد کی جماعت کا ترک کرنا کبیرہ گناہ ہے اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شروع سے اپنی وفات تک جماعت پر مواظبت فرمائی اور جماعت کے ترک کی اجازت نہ دی، اگرچہ کہ اذان سننے والا نابینا ہو، اس سے بھی ثابت ہے کہ جماعت کا مسجد میں ادا کرنا واجب ہے۔ (مرقات، ابن ہمام اور عینی) ۱۲

۱۴۲۷ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْلَا مَا فِي الْبُيُوْتِ مِنَ النِّسَاءِ وَالذُّرِّيَّةِ أَقَمْتُ صَلٰوةَ الْعِشَاءِ وَأَمَرْتُ فِتْيَانِيْ يُحَرِّقُوْنَ مَا فِي الْبُيُوْتِ بِالنَّارِ
(رَوَاهُ أَحْمَدُ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اگر گھروں میں عورتیں اور بچے نہ ہوتے تو میں نماز عشاء کی جماعت قائم کرنے کا ارادہ کرتا اور اپنے نوجوان صحابہ کو حکم دیتا کہ عشاء کی جماعت میں حاضر نہ ہونے والوں کے گھروں کو آگ لگا کر جلا دیں اس کی روایت امام احمد نے کی ہے۔

ف: اس حدیث شریف میں ارشاد ہے "اگر گھروں میں عورتیں اور بچے نہ ہوتے تو عشاء کی جماعت میں حاضر نہ ہونے والوں کے گھروں کو آگ لگا کر جلا دینے کا حکم دیتا"، اس سے ثابت ہوتا ہے کہ نماز کا جماعت سے ادا کرنا عورتوں اور بچوں پر واجب نہیں ہے، اگر عورتوں اور بچوں کے گھروں میں ہوتے ہوئے نماز میں نہ آنے والوں کی وجہ سے گھر جلا دیئے جاتے تو ان کے ساتھ یہ بے قصور بھی جن پر جماعت واجب نہ تھی جل جاتے اسی وجہ سے حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے گھروں کے جلانے کا ارادہ ترک فرما دیا۔ ۱۲

ف: اس حدیث شریف میں نماز با جماعت میں شرکت کے لیے مسجد میں حاضر نہ ہونے والوں کے بارے میں ارشاد ہے أُمِرْتُ فِتْيَانِيْ يُحَرِّقُوْنَ مَا فِي الْبُيُوْتِ بِالنَّارِ (میں اپنے نوجوان صحابہ کو حکم دیتا کہ عشاء کی جماعت میں حاضر نہ ہونے والے بے عقلوں کے گھروں کو آگ لگا کر جلا دیں) یہاں ان لوگوں کے لیے حرف "مَن" کی بجائے "ما" کا استعمال فرمایا گیا ہے، اور ظاہر ہے کہ حرف "ما" کا استعمال غیر ذوی العقول کے لیے ہوتا ہے اور "مَن" کا استعمال ذوی العقول کے لیے تو حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا ذوی العقول کے لیے حرف "ما" کا استعمال فرمانا اس سے اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ مسجد کی نماز با جماعت میں شریک نہ ہونے والے واقعۃً بے عقل ہیں۔ (مرقات) ۱۲

۱۴۲۸ وَعَنْهُ قَالَ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ أَعْمٰى فَقَالَ يَا رَسُوْلَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ ایک نابینا صحابی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

اِنَّهٗ لَيْسَ لِيْ قَآئِدٌ يَقُوْدُنِيْ اِلَى الْمَسْجِدِ فَسَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُّرَخِّصَ لَهٗ فَيُصَلِّيَ فِيْ بَيْتِهٖ فَرَخَّصَ لَهٗ فَلَمَّا وَلّٰى دَعَاهُ فَقَالَ هَلْ تَسْمَعُ النِّدَآءَ بِالصَّلٰوةِ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَاَجِبْ ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

کی خدمت اقدس میں حاضر ہو کر عرض کیے یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) مجھے ہاتھ پکڑ کر مسجد کی طرف لانے والا کوئی نہیں ملتا ، اس لیے انہوں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) مجھے اپنے گھر ہی میں نماز پڑھ لینے کی اجازت دیجئے (یہ سن کر) حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انھیں اس کی اجازت دیدی ، جب وہ واپس ہونے لگے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انھیں بلا کر ارشاد فرمایا ، کیا تمہیں اذان کی آواز (اپنے گھر میں) سنائی دیتی ہے ؟ انہوں نے عرض کیا ، جی ہاں تو حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ، پھر تو تم کو مسجد کی طرف کسی طرح بھی آنا ہوگا ۔ (مسلم شریف)

ف : اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ نماز کا مسجد میں جماعت کے ساتھ ادا کرنا واجب ہے ، اس لیے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے نابینا صحابی کے اجازت طلب کرنے کے باوجود بھی ترک جماعت کی اجازت نہیں دی ، اب رہی یہ بات کہ نابینائی جماعت میں حاضر ہونے کے لیے عذر ہے ، تو اس بارے میں تحقیق یہ ہے کہ عذر دو قسم کے ہیں ، ایک وہ عذر کہ جن کی وجہ سے جماعت میں آنا تو ممکن ہے ، لیکن آنے میں مشقت اور سخت تکلیف اٹھانی پڑتی ہے اس لیے اس صورت میں جماعت میں حاضر ہونے کا وجوب تو باقی رہتا ہے اگر تکلیف اور مشقت کی وجہ سے جماعت میں حاضر نہ ہوں تو رخصت اور اجازت ہے ۔

چنانچہ عتبان بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ ، کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے جماعت میں حاضر نہ ہونے کی جو اجازت دی ہے وہ اس لیے ہے کہ نابینائی عذر ہے ، اگر کوئی نابینا ہونے کی وجہ سے حاضر جماعت نہ ہو تو اس کے لیے رخصت ہے لیکن وجوب باقی ہے اور مشقت اور تکلیف کے باوجود جماعت میں حاضر ہو تو اس کے لیے عزیمت ہے ، یعنی بڑی ہمت کی بات ہے تو ثواب کثیر کے حصول کا باعث ہے اور نابینا کے جماعت میں حاضر ہونے کی عزیمت پر صدر کی یہ حدیث دلالت کرتی ہے جو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نابینا صحابی کو اجازت طلب کرنے کے باوجود بھی ترک جماعت کی اجازت نہیں دی ۔

اب رہا جماعت میں حاضر نہ ہونے کے عذر کی دوسری قسم وہ عذر ہے جس کی وجہ سے جماعت میں حاضر ہونا ممکن ہی نہیں ہے جیسے فالج وغیرہ ۔ اس عذر میں عذر والے سے جماعت میں شریک ہونے کا وجوب بھی ساقط ہو جاتا ہے ، اور جماعت میں نہ آنے سے اس پر کوئی گناہ نہیں ہوتا ۔ (مرقات ، رد المحتار)

۱۰۲۹
۹ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُمِّ مَكْتُوْمٍ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ الْمَدِيْنَةَ كَثِيْرَةُ الْهَوَامِّ وَالسِّبَاعِ وَاَنَا ضَرِيْرُ الْبَصَرِ

حضرت عبد اللہ بن ام مکتوم رضی اللہ تعالیٰ عنہ ، سے روایت ہے انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم مدینہ میں موذی جانور اور درندے بہت

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

فَهَلْ تَجِدُ لِي مِنْ رُخْصَةٍ قَالَ هَلْ تَسْمَعُ حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ قَالَ نَعَمْ فَحَيَّ هَلًا وَلَمْ يُرَخِّصْ۔

(رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ)

ہیں اور میں ہوں نابینا، تو کیا مجھے (جماعت میں نہ آکر گھر پر نماز پڑھنے کی اجازت مل سکتی ہے؟ حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کیا حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ کی آواز سنتے ہو تو عبد اللہ نے عرض کیا، جی ہاں، سنتا ہوں! تو حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا! سنو عبد اللہ! حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ اور حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ سے تم کو جماعت میں حاضر ہونے کی ندا دی جا رہی ہے، اور حاضر ہونے پر خوشخبری سنائی جا رہی ہے، اس لیے تم کو اس ارشاد کی تعمیل کرنا ضروری ہے (تمہارے لیے عزیمت یہی ہے کہ تم مسجد آکر جماعت میں شریک ہوا کرو) حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے یہ فرما کر ان کو اجازت نہیں دی، (اس حدیث سے بھی نماز با جماعت کے لیے مسجد میں آنے کا وجوب ثابت ہوتا ہے) (ابو داؤد ونسائی)

۱۲۳۰ وَعَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ ثَلَاثَةٍ فِي قَرْيَةٍ وَّلَا بَدْوٍ وَلَا تُقَامُ فِيهِمُ الصَّلٰوةُ إِلَّا وَقَدِ اسْتَحْوَذَ عَلَيْهِمُ الشَّيْطَانُ فَعَلَيْكَ بِالْجَمَاعَةِ فَإِنَّمَا يَأْكُلُ الذِّئْبُ الْقَاصِيَةَ۔

(رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ کسی بستی میں یا کسی جنگل میں (کثیر تعداد میں لوگ ہوں تو ان پر جماعت واجب ہے) اگر تین مرد بھی ہوں (تو ان کو ہر نماز جماعت سے پڑھنا واجب ہے) اگر جماعت سے نماز نہیں پڑھیں گے تو شیطان ان پر مسلط ہو جائے گا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے یہ بھی فرمایا کہ جماعت سے نماز پڑھنے کو لازم کر لو، کیونکہ بھیڑیا اسی بکری کو پھاڑ کھاتا ہے جو گلہ سے علیحدہ ہو جاتی ہے۔ اس کی روایت امام احمد، ابو داؤد اور نسائی نے کی ہے۔

لہ (حدیث شریف میں جو تین شخصوں کا ذکر ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ گو دو شخصوں سے بھی جماعت قائم ہو جاتی ہے مگر ہیئت جماعت کا کمال تین سے شروع ہوتا ہے کہ ان میں سے ایک امام بنے اور دو مقتدی ہو کر اس کے پیچھے کھڑے رہیں، اس لیے حدیث شریف میں تین مردوں کا ذکر ہے۔)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

وَقَالَ عَلِیُّ نِ الْقَارِیْ ظَاهِرُهٗ یَدُلُّ عَلٰی اَنَّ الْجَمَاعَةَ فَرْضُ عَیْنٍ اَوْ وَاجِبٌ عَلٰی مُخْتَارِ مَذْهَبِنَا وَلَا یَدُلُّ عَلٰی اَنَّهَا فَرْضُ كِفَایَةٍ وَاِنَّمَا لَمْ یَقُلْ اَئِمَّتُنَا بِفَرْضِیَّتِهٖ بَلْ بِوُجُوْبِهٖ لِاَنَّ الدَّلِیْلَ ظَنِّیٌّ اِنْتَهٰی وَقَالَ عُلَمَآؤُنَا فَیُسْتَفَادُ مِنْ هٰذِهِ الْاَخْبَارِ كُلِّهَا اَنَّ الْجَمَاعَةَ سُنَّةٌ مُؤَكَّدَةٌ غَایَةُ التَّاكِیْدِ اَیْ تُشْبِهُ الْوَاجِبَ فِی الْقُوَّةِ كَمَا فِیْ مَجْمَعِ الْاَنْهُرِ وَالْجَوَاهِرِ الْمُنِیْفَةِ۔

ملا علی قاری فرماتے ہیں اس حدیث کا ظاہر نماز باجماعت کے فرض عین یا واجب ہونے پر دلالت کرتا ہے ہمارے مذہب مختار پر ہمارے آئمہ نے باجماعت نماز کو فرض نہیں کہا بلکہ واجب کہا ہے کیونکہ اس کی دلیل بھی ظنی ہے۔ ہمارے علماء یہ بھی فرماتے ہیں کہ اس قسم کی تمام احادیث سے یہ بات حاصل ہوتی ہے کہ جماعت سنت مؤکدہ ہے تاکید شدید کے ساتھ جو کہ قوت میں واجب کے مشابہ ہے۔

اس حدیث سے بھی جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے کا وجوب ثابت ہوتا ہے۔

۱۴۳۱
۱۱
وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَمِعَ الْمُنَادِیَ فَلَمْ یَمْنَعْهُ مِنِ اتِّبَاعِهٖ عُذْرٌ قَالُوْا وَمَا الْعُذْرُ قَالَ خَوْفٌ اَوْ مَرَضٌ لَمْ تُقْبَلْ مِنْهُ الصَّلٰوةُ الَّتِیْ صَلّٰی رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ وَالدَّارُ قُطْنِیُّ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو شخص مؤذن کی اذان سنے کہ وہ اس کو نماز کے لیے بلا رہا ہے اور کوئی عذر اس کو مؤذن کے بلانے کی تعمیل سے روکنے والا نہیں ہے، باوجود اس کے وہ جماعت کے لیے نہ آئے اور تنہا نماز پڑھے تو فرض تو اس کے ذمہ سے ساقط ہو جائے گا مگر اس کی نماز قبول نہ ہو گی اور اس کو نماز کا ثواب نہیں ملے گا۔ صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے عرض کیا، یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عذر سے کیا مراد ہے؟ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا جان، عزت اور مال کے جانے کا خوف ہو، یا ایسی بیماری جس کی وجہ سے جماعت میں آنا ممکن نہ ہو۔ (یا جماعت میں آ تو سکتے ہیں مگر اس کے لیے بڑی تکلیف اور مشقت اٹھانا پڑتا ہے۔ (ابو داؤد اور دار قطنی)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-E-ISLAMIA ACADEMY

وَأُقِيمَتِ الصَّلٰوةُ فَابْدَؤُوا بِالْعَشَاءِ وَلَا يُعَجِّلْ حَتّٰى يَفْرُغَ مِنْهُ وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يُوضَعُ لَهُ الطَّعَامُ وَتُقَامُ الصَّلٰوةُ فَلَا يَأْتِيهَا حَتّٰى يَفْرُغَ مِنْهُ وَإِنَّهُ لَيَسْمَعُ قِرَاءَةَ الْإِمَامِ

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

نے ارشاد فرمایا اگر شام کا کھانا سامنے لاکر رکھ دیا گیا ہو! اور ادھر نماز کی اقامت ہو رہی ہو تو[1] پہلے کھانا کھالو، اور کھانے سے فارغ ہونے تک نماز کے ساتھ جلدی نہ کرو[2]، اس پر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا عمل درآمد تھا کہ آپ کے سامنے کھانا آجاتا تھا اور نماز کی تکبیر ہوتی رہتی تھی اور آپ امام کی قرأت سنتے تو جب تک کھانے سے فارغ نہ ہوتے نماز کو نہ آتے[3] اور کھانے سے فارغ ہو کر جماعت میں شریک ہو جاتے[4]

(بخاری و مسلم)

۱۴۳۴ وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا أَنَّهَا قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا صَلٰوةَ بِحَضْرَةِ طَعَامٍ وَلَا هُوَ يُدَافِعُهُ الْأَخْبَثَانِ

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے وہ فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ اگر کھانا سامنے رکھ دیا گیا ہو[5] بغیر کھائے نماز میں شریک ہو جائے، تو نماز ناقص ہوگی کامل نہیں ہوگی[6]

(مسلم)

---

[1] چونکہ نماز کے لیے جماعت میں آنے کا وجوب باقی ہے مگر شدید بھوک کی وجہ سے حضور قلب نہیں رہتا [2] تاکہ حضور قلب کے ساتھ نماز ادا ہو، بشرطیکہ ایسا طویل کھانا نہ ہو جس سے جماعت ہی فوت ہو جاتی ہو [3] اگر کوئی کھانا نہ کھا کر جماعت میں شریک ہو جائے تو یہ اس کے لیے عزیمت ہے۔ اور بڑے ثواب کی بات ہے، چنانچہ بخاری شریف میں حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا "لَا تُؤَخِّرُوا الصَّلٰوةَ لِطَعَامٍ وَلَا لِغَيْرِهِ" کھانے کی وجہ سے یا کسی اور ضرورت سے نماز کی جماعت کو مؤخر نہ کرو (اسی عزیمت پر عمل کرتے ہوئے ایک روز رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دست کا گوشت تناول فرما رہے تھے، اتنے میں آپ کو نماز کے لیے بلایا گیا تو آپ نے چھری پھینک دی اور نماز کے لیے تشریف لے گئے [4] تو چونکہ نماز کے لیے جماعت میں آنے کا وجوب باقی ہے مگر شدید بھوک کی وجہ سے حضور قلب باقی نہیں رہتا [5] اس لیے پہلے کھانا کھالے پھر نماز میں شریک ہو جائے اگر کوئی ایسا شخص ہو کہ بھوک کی وجہ سے اس کے حضور قلب میں کوئی فرق نہیں آتا ہے تو اس کے لیے عزیمت یہ ہے کہ وہ پہلے نماز پڑھ لے اور بعد میں کھانا کھالے تو ایسے شخص کے لیے نماز ناقص نہیں ہوگی بلکہ کامل ہی رہے گی) اور اگر کسی کو پیشاب یا پاخانہ (ریاح) کا ایسا سخت تقاضہ ہو جو ناقابل برداشت ہے وہ اس تقاضے کے باوجود نماز پڑھے تو (حضور قلب کے بالکل باقی نہ رہنے کی وجہ سے) اس کی نماز ناقص ہوگی، کامل نہیں ہوگی (اس لیے نماز کی حالت میں پیشاب یا پاخانہ کا سخت تقاضہ ہو جائے تو ایسے شخص کو چاہیے کہ وہ نماز توڑ کر بعد فراغت، نماز پڑھے اور اگر نماز شروع نہیں کی ہے اور اس کو سخت تقاضہ ہو رہا ہے تو وہ نماز شروع نہ کرے بلکہ پیشاب یا پاخانہ سے فارغ ہو کر نماز پڑھے اس لیے کہ پیشاب یا پاخانہ کے تقاضہ کے باوجود نماز پڑھنا مکروہ تحریمی ہے)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

١٤٣٥ / ١٥ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِذَا اُقِيْمَتِ الصَّلٰوةُ وَوَجَدَ اَحَدُكُمُ الْخَلَاءَ فَلْيَبْدَأْ بِالْخَلَاءِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَرَوٰى مَالِكٌ وَاَبُوْدَاؤدَ وَالنَّسَائِيُّ نَحْوَهٗ۔

حضرت عبداللہ بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے سنا ہے کہ اگر نماز کی اقامت ہو رہی ہو اور تم میں سے کسی کو پیشاب یا پاخانہ کا (ایسا) سخت تقاضا ہو رہا ہے (جو ناقابل برداشت ہے گو جماعت فوت ہو رہی ہو پھر بھی) پہلے پیشاب یا پاخانہ سے فارغ ہو جائے (اور پھر نماز ادا کرے) اس کی روایت ترمذی نے کی ہے اور امام مالک، ابوداؤد اور نسائی نے بھی اسی طرح روایت کی ہے۔

١٤٣٦ / ١٦ وَعَنْ ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثٌ لَا يَحِلُّ لِاَحَدٍ اَنْ يَّفْعَلَهُنَّ لَا يَؤُمَّنَّ رَجُلٌ قَوْمًا فَيَخُصَّ نَفْسَهٗ بِالدُّعَاءِ دُوْنَهُمْ فَاِنْ فَعَلَ ذٰلِكَ فَقَدْ خَانَهُمْ وَلَا يَنْظُرُ فِيْ قَعْرِ بَيْتٍ قَبْلَ اَنْ يَّسْتَاْذِنَ فَاِنْ فَعَلَ ذٰلِكَ فَقَدْ خَانَهُمْ وَلَا يُصَلِّ وَهُوَ حَقِنٌ حَتّٰى يَتَخَفَّفَ رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ وَلِلتِّرْمِذِيِّ نَحْوَهٗ۔

حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ تین چیزیں ایسی ہیں کہ وہ کسی کو نہ کرنی چاہییں ایک تو یہ کہ جب کوئی شخص کسی جماعت کا امام بنے، صرف اپنے لیے دُعا کرے اور مقتدیوں کے لیے دُعا نہ کرے، اگر اس نے ایسا کیا تو گویا مقتدیوں کی خیانت کی[1]، دوسرے یہ کہ کسی کے گھر کے اندر بغیر اجازت نہ جھانکے، اگر کسی نے ایسا کیا تو گویا اس نے گھر والوں سے خیانت کی[2] اگر ایسا کیا تو اور اس طرح جھانک کر ان کی خیانت کی تیسرے (پاخانہ یا) پیشاب کی حاجت کے وقت نماز نہ پڑھے جب تک کہ ان سے فارغ ہو کر ان کے دباؤ سے ہلکا نہ ہو جائے۔ اس کی روایت ابوداؤد نے کی ہے اور ترمذی نے بھی اسی طرح روایت کی ہے۔

١٤٣٧ / ١٧ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ

---

[1] اسلیے کہ جب وہ ان کا امام بنا ہے اور ان کی نمائندگی کر رہا ہے تو دعا میں بھی ان کو شریک کرے اور اس طرح خدا کے حضور میں نمائندگی کا حق بجا لائے، چنانچہ ردالمحتار میں لکھا ہے کہ قعدۂ اخیرہ کی دُعا میں اپنے والدین، اساتذہ اور عامۃ المسلمین کو بھی شریک کرے۔

[2] کیوں کہ اجازت صرف اسی لیے رکھی گئی ہے کہ گھر والوں کی ناقابل دید حالت یا بے پردگی میں اُن پر نظر نہ پڑے)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُؤَخِّرُوا الصَّلٰوةَ لِطَعَامٍ وَّلَا لِغَيْرِهٖ رَوَاهُ الْبَغَوِيُّ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ وَقَالَ ابْنُ الْمَلِكِ يَحْمِلُ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَلٰى مَا إِذَا كَانَ مُتَمَاسِكًا فِي نَفْسِهٖ لَا يُزْعِجُهُ الْجُوْعُ أَوْ كَانَ الْوَقْتُ ضَيِّقًا يَخَافُ فَوْتَهٗ تَوْفِيْقًا بَيْنَ الْاَحَادِيْثِ اِنْتَهٰى ۔

کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم ارشاد فرماتے ہیں کہ کھانے کی وجہ سے یا کسی اور ضرورت سے نماز کی جماعت کو مؤخر نہ کرو۔ اس کی روایت امام بغوی نے شرح السنہ میں کی ہے ۔

۱۴۳۸/۱۸ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا أُقِيْمَتِ الصَّلٰوةُ فَلَا صَلٰوةَ إِلَّا الْمَكْتُوْبَةَ إِلَّا رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ وَفِيْهِ حَجَّاجٌ وَعَبَّادٌ ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب نماز کی اقامت ہو جائے تو سوائے اس فرض کے جس کے لیے اقامت کہی گئی کوئی اور نماز نہ پڑھی چاہیئے، اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ بھی فرمایا ہے کہ فجر کی سنت اس حکم سے مستثنیٰ ہے ۔ اگر فجر کے فرض کی تکبیر کہی جائے اور نماز بھی ہو رہی ہو تو پھر بھی فجر کی سنت کچھ دور ہٹ کر پڑھ لے اور جماعت میں شریک ہو جائے اس کی روایت بیہقی نے کی ہے، اور اس کے راویوں میں حجاج اور عباد ہیں ۔

قَالَ الْعَلَّامَةُ الْعَيْنِيُّ قَالَ يَعْقُوْبُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ سَأَلْتُ ابْنَ مُعِيْنٍ عَنْ حَجَّاجِ بْنِ نُصَيْرٍ الْفَسَاطِيْطِيِّ الْبَصْرِيِّ فَقَالَ صَدُوْقٌ وَذَكَرَهُ ابْنُ حِبَّانَ فِي الثِّقَاتِ وَعَبَّادُ بْنُ كَثِيْرٍ كَانَ مِنَ الصَّالِحِيْنَ اِنْتَهٰى ۔

علامہ عینی فرماتے ہیں کہ یعقوب بن ابی شیبہ نے کہا کہ میں نے ابن معین سے حجاج بن نصیر فساطیطی بصری کے بارے میں سوال کیا تو ابن معین نے کہا وہ صدوق ہیں، ابن حبان نے انہیں ثقات میں شمار کیا ہے اور عباد بن کثیر صالحین میں سے ہے ۔

۱۴۳۹/۱۹ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي مُوْسٰى عَنْ أَبِيْهِ حِيْنَ دَعَاهُمْ سَعِيْدُ بْنُ الْعَاصِ

حضرت عبد اللہ بن ابی موسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہما اپنے والد ابو موسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت کرتے

لہ یہ عزیمت ہے اور بڑے ثواب کی بات ہے اور بعض حدیثوں میں پہلے کھانا کھانے اور اس کے بعد جماعت میں شریک ہونے کا جو ذکر ہے وہ رخصت اور اجازت پر محمول ہے، پس دونوں قسم کی حدیثوں میں تعارض نہ رہا)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

دَعَا اَبَا مُوْسٰی وَحُذَیْفَۃَ وَعَبْدَ اللہِ ابْنَ مَسْعُوْدٍ قَبْلَ اَنْ یُّصَلِّیَ الْغَدَاۃَ ثُمَّ خَرَجُوْا مِنْ عِنْدِہٖ وَقَدْ اُقِیْمَتِ الصَّلٰوۃُ فَجَلَسَ عَبْدُ اللہِ اِلٰی اِسْطُوَانَۃٍ مِنَ الْمَسْجِدِ فَصَلَّی الرَّکْعَتَیْنِ ثُمَّ دَخَلَ فِی الصَّلٰوۃِ ۔

(رَوَاہُ الطَّحَاوِیُّ)

ہیں کہ ایک دن سعید بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت ابو موسیٰ، حضرت حذیفہ اور حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو ایسے وقت بلایا جب کہ ان حضرات نے ابھی فجر کی نماز ادا نہیں کی تھی، پھر یہ حضرات سعید بن العاص کے پاس سے ملاقات کر کے ایسے وقت نکلے کہ نماز فجر کی اقامت ہو رہی تھی تو حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ مسجد کے ایک ستون کی طرف بڑھے اور اس کو آڑ بنا کر فجر کی دو سنتیں ادا کیں، پھر جماعت میں شریک ہو گئے۔ اس کی روایت امام طحاوی نے کی ہے۔

وَقَالَ فَھٰذَا عَبْدُ اللہِ قَدْ فَعَلَ ھٰذَا وَمَعَہٗ حُذَیْفَۃُ وَاَبُوْ مُوْسٰی لَا یُنْکِرَانِ ذٰلِکَ عَلَیْہِ فَدَلَّ ذٰلِکَ عَلٰی مُوَافَقَتِھِمَا اِیَّاہُ اِنْتَھٰی ۔

امام طحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ جس شان کے صحابی ہیں وہ تو سب کو معلوم ہے تو ایسے جلیل القدر صحابی کا نماز فجر کے فرض کی اقامت ہونے اور امام کی قراءت شروع کرنے کے باوجود فجر کی سنتوں کو جماعت سے دور ہٹ کر ادا کرنا اور پھر جماعت میں شریک ہونا، اس سے معلوم ہوا کہ سابق کی حدیث جو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے، اس میں فجر کی سنتوں کو جو مستثنیٰ کیا گیا ہے، انہوں نے اسی پر عمل کیا ہے اس سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ جس کو مستثنیٰ کیا گیا ہے۔ یعنی اِلَّا رَکْعَتَیِ الْفَجْرِ حدیث مرفوع ہی کا ٹکڑا ہے اس کے علاوہ حضرت حذیفہ اور حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہما ان دونوں حضرات نے حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اس عمل کو دیکھا اور اس پر انکار نہیں فرمایا۔ اس سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ یہ دونوں حضرات ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اس عمل سے موافقت رکھتے تھے ورنہ خاموش نہیں رہتے۔

۱۱۴۰ / ۲۰ وَعَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ اَنَّہٗ کَانَ یَدْخُلُ الْمَسْجِدَ وَالنَّاسُ صُفُوْفٌ فِیْ

حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ نماز فجر کے فرض کے لیے جماعت

MARKAZ-UL-OOMII ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

صَلٰوۃِ الْفَجْرِ فَیُصَلِّی الرَّکْعَتَیْنِ فِیْ نَاحِیَۃِ الْمَسْجِدِ ثُمَّ یَدْخُلُ مَعَ الْقَوْمِ فِی الصَّلٰوۃِ رَوَاہُ الطَّحَاوِیُّ۔

صف بستہ کھڑی ہوئی ہوتی اور ایسے وقت جب کبھی ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ[1] فجر کی سنتیں ادا فرماتے پھر لوگوں کے ساتھ جماعت میں شریک ہوجاتے۔ (امام طحاوی)

۱۴۴۱ (۲۱) وَعَنْ اَبِیْ عُثْمَانَ النَّھْدِیِّ قَالَ کُنَّا نَاْتِیْ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَبْلَ اَنْ نُّصَلِّیَ الرَّکْعَتَیْنِ قَبْلَ الصُّبْحِ وَھُوَ فِی الصَّلٰوۃِ فَنُصَلِّی الرَّکْعَتَیْنِ فِیْ اٰخِرِ الْمَسْجِدِ ثُمَّ نَدْخُلُ مَعَ الْقَوْمِ فِیْ صَلٰوتِھِمْ رَوَاہُ الطَّحَاوِیُّ۔

حضرت ابوعثمان نہدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نماز فجر پڑھانے ہوتے اور ہم جب کبھی فجر کی سنتیں پڑھے بغیر مسجد آجاتے تو ہم مسجد کے آخری حصہ میں فجر کی سنتیں پڑھ لیتے پھر جماعت میں شریک ہوجاتے اور ہم پر کوئی روک ٹوک نہ ہوتی تھی (امام طحاوی)

۱۴۴۲ (۲۲) وَعَنِ الْحَسَنِ اَنَّہٗ کَانَ یَقُوْلُ اِذَا دَخَلْتَ الْمَسْجِدَ وَلَمْ تُصَلِّ رَکْعَتَیِ الْفَجْرِ فَصَلِّھِمَا وَاِنْ کَانَ الْاِمَامُ یُصَلِّیْ ثُمَّ اُدْخِلْ مَعَ الْاِمَامِ۔ (رَوَاہُ الطَّحَاوِیُّ)

حضرت حسن بصری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرمایا کرتے تھے کہ اگر کسی وقت تم مسجد کی طرف فجر کی سنتیں پڑھے بغیر آجاؤ گو اس وقت امام نماز پڑھا رہا ہو، پھر بھی تم فجر کی سنتیں پہلے پڑھ لو، پھر امام کے ساتھ جماعت میں شریک ہوجاؤ۔ (امام طحاوی)

۱۴۴۳ (۲۳) وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ صَلَاۃُ الْمَرْاَۃِ فِیْ بَیْتِھَا اَفْضَلُ مِنْ صَلَاتِھَا فِیْ حُجْرَتِھَا وَصَلَاتُھَا فِیْ مَخْدَعِھَا اَفْضَلُ مِنْ صَلٰوتِھَا فِیْ بَیْتِھَا۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ عورت کے لیے کمرہ میں نماز پڑھنا دالان میں نماز پڑھنے سے بہتر ہے اور اس کے لیے تہ خانہ میں نماز پڑھنا کمرہ میں نماز پڑھنے سے بہتر ہے (ابوداؤد)

ف: اس حدیث شریف سے معلوم ہوتا ہے کہ عورت جتنا اندر گھر میں چھپ کر نماز پڑھے اتنا اس کے لیے بہتر ہے، اس لیے کہ عورت پردہ کی چیز ہے اور لفظ "عورت" کے معنی اور مفہوم میں چھپنا داخل ہے ۱۲

۱۴۴۴ (۲۴) وَعَنْ اُمِّ سَلَمَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ خَیْرُ مَسَاجِدِ النِّسَاءِ قَعْرُ بُیُوْتِھِنَّ۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ)

ام المؤمنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ عورتوں کے لیے نماز پڑھنے کی بہترین جگہیں گھروں کے اندرونی حصے ہیں۔ (امام احمد)

[1] خلاف عادت دیر سے مسجد تشریف لاتے تو پھر آپ پہلے مسجد کی ایک جانب (صفوں سے علیحدہ)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

۱۲۴۵/۲۵ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّهَا النَّاسُ نُهُوْا نِسَآءَكُمْ عَنْ لُبْسِ الزِّيْنَةِ وَالتَّبَخْتُرِ فِي الْمَسَاجِدِ فَاِنَّ بَنِيْ اِسْرَآءِيْلَ لَمْ يُلْعَنُوْا حَتّٰى لَبِسَ نِسَآءُ هُمُ الزِّيْنَةَ وَتَبَخْتَرُوْا فِي الْمَسَاجِدِ۔

(رَوَاهُ ابْنُ عَبْدِ الْبَرِّ بِسَنَدِهٖ فِي التَّمْهِيْدِ)

ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا اے لوگو! تم اپنی عورتوں کو مسجدوں میں زیب و زینت کے ساتھ آنے سے منع کرو (کہ اس میں خوف فتنہ کا ہے) اور مردوں کو چاہیئے کہ مسجدوں میں اتراتے ہوئے نہ چلیں، اس لیے کہ بنی اسرائیل پر اسی وقت لعنت نازل ہوئی جب کہ عورتیں مسجدوں میں زیب و زینت کے ساتھ آنے لگیں اور مرد مسجدوں میں اتراتے ہوئے چلنے لگے اس کی روایت ابن عبدالبر نے اپنی سند سے تمہید میں کی ہے۔

۱۲۴۶/۲۶ وَعَنْهَا لَوْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى مَا اَحْدَثَتِ النِّسَآءُ بَعْدَهٗ لَمَنَعَهُنَّ الْمَسْجِدَ كَمَا مُنِعَتْ نِسَآءُ بَنِيْ اِسْرَآءِيْلَ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں۔ کہ اگر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ملاحظ فرماتے کہ آپ کے بعد عورتوں نے جو نئی نئی باتیں پیدا کرلی ہیں[1] تو آپ ان کو مسجد میں آنے سے ضرور روک دیتے، جس طرح کہ بنی اسرائیل کی عورتیں (مسجدوں میں آنے سے) روک دی گئی تھیں[2]

(مسلم شریف)

۱۲۴۷/۲۷ وَعَنْ اَبِيْ مُوْسٰى قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ عَيْنٍ زَانِيَةٌ وَاِنَّ الْمَرْاَةَ اِذَا اسْتَعْطَرَتْ فَمَرَّتْ بِالْمَجْلِسِ فَهِيَ كَذَا وَكَذَا يَعْنِيْ زَانِيَةً۔

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَلِاَبِيْ دَاوٗدَ

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اگر وہ شہوت سے کسی نامحرم پر نظر ڈالے تو وہ اسکی آنکھ کا زنا ہے۔ اور اگر کوئی عورت خوشبو لگاکر مردوں کی مجلس سے گزرے تو وہ عورت ایسی ویسی ہے یعنی زنا کا میلان رکھتی ہے[3] اس کی روایت ترمذی نے کی ہے

---

[1] مثلاً زیب و زینت کا لباس پہن کر اور خوشبو لگاکر باہر نکلنا شروع کردیا ہے۔

[2] کہ اس طرح عورتوں اور مردوں کا ایک مکان میں پانچ وقت کی یکجائی بہت خطرناک ہوتی ہے اور اس سے نہ مٹنے والے فتنے کھڑے ہوجاتے ہیں اس لیے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم خاص طور پر مسجد کی حاضری سے عورت کو منع فرمادیتے۔

[3] اور اپنی خوشبو سے مردوں کو آنکھ کے زنا کی طرف مائل کرتی ہے۔ اسی لیے سمجھی جائے گی کہ وہ زانیہ ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

النَّسَآئِیُّ نَحْوَہٗ۔

اور ابو داؤد اور نسائی نے بھی اسی طرح روایت کی ہے۔

۱۲۴۸ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ اَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا کُنْتُمْ فِی الْمَسْجِدِ فَنُوْدِیَ بِالصَّلٰوۃِ فَلَا یَخْرُجْ اَحَدُکُمْ حَتّٰی یُصَلِّیَ۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ)
۲۸

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ہم کو حکم دیا ہے۔ کہ جب تم مسجد کے اندر ہو[1] اور ایسے میں نماز کے لیے اذان ہوجائے تو تم کو جماعت کے ساتھ نماز پڑھے بغیر مسجد سے نہ نکلنا چاہیئے۔[2] (امام احمد)

۱۲۴۹ وَعَنْ اَبِی الشَّعْثَآءِ قَالَ خَرَجَ رَجُلٌ مِّنَ الْمَسْجِدِ بَعْدَ مَا اُذِّنَ فِیْہِ فَقَالَ اَبُوْ ھُرَیْرَۃَ اَمَّا ھٰذَا فَقَدْ عَصٰی اَبَا الْقَاسِمِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)
۲۹

حضرت ابو الشعثاء رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ ہم (ایک دن) مسجد میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے اتنے میں موذن نے اذان دی، اذان سن کر ایک شخص مسجد سے باہر جانے لگا، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نے اس کے پیچھے نظر دوڑائی اور جب وہ مسجد سے بالکل باہر چلا گیا تو فرمایا کہ اس شخص نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے حکم کے خلاف کیا۔ (مسلم)

۱۲۵۰ وَعَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ اَدْرَکَہُ الْاَذَانُ فِی الْمَسْجِدِ ثُمَّ خَرَجَ لَمْ یَخْرُجْ لِحَاجَۃٍ وَھُوَ لَا یُرِیْدُ الرَّجْعَۃَ فَھُوَ مُنَافِقٌ۔ (رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ)
۳۰

حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص مسجد کے اندر ہو اور اذان ہوئی پھر وہ شخص مسجد سے نکل گیا اور کسی ضروری کام کے لیے نہیں نکلا اور وہ دوبارہ مسجد میں واپس ہونے کا ارادہ نہیں رکھتا ہے تو وہ منافق ہے اس کی روایت ابن ماجہ نے کی ہے۔

۱۲۵۱ وَعَنْ اَبِیْ مُوْسَی الْاَشْعَرِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِثْنَانِ فَمَا فَوْقَھُمَا جَمَاعَۃٌ۔
۳۱

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ دو شخص اور جو ان سے زیادہ ہوں

---

[1] اور کہیں کے امام نہ ہوں اور نماز پڑھے ہوئے بھی نہ ہوں۔

[2] اور اگر ایسا شخص کہیں کا امام ہو، یا نماز پڑھ چکا ہو تو وہ اذان کے بعد مسجد سے باہر جا سکتا ہے۔

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

(رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ)

جماعت ہے[1] (اس طرح کہ دو میں سے ایک امام بنے اور دوسرا مقتدی) اس کی روایت ابن ماجہ نے کی ہے۔

بَابُ تَسْوِیَۃِ الصَّفِّ

(یہ باب نماز میں صفوں کے سیدھا کرنے اور برابر رکھنے کے بیان میں ہے)

ف۔ واضح ہو کہ نماز میں صفوں کو سیدھا کرنے اور برابر رکھنے کی تاکید پر اور نہ کرنے کی وعید میں متعدد احادیث وارد ہوئی ہیں اس لیے نمازی جب صف بستہ کھڑے ہونے لگیں تو چاہیئے کہ آپس میں اس طرح متصل کھڑے رہیں کہ ایک دوسرے کے درمیان میں جگہ نہ رہنی چاہیے اور آگے پیچھے بھی نہ کھڑے رہیں اور اگر کئی صفیں ہوں تو ایک صف دوسری صف کے متوازی اور برابر رہنی چاہیے، اور صفوں کے قائم کرنے میں ایسا نہ کیا جائے تو ظاہر باطن میں بھی اتفاق نہ رہے گا۔ (اشعۃ اللمعات)

وَقَوْلُ اللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ: اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الَّذِیْنَ یُقَاتِلُوْنَ فِیْ سَبِیْلِہٖ صَفًّا کَاَنَّھُمْ بُنْیَانٌ مَّرْصُوْصٌ۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ”بے شک اللہ دوست رکھتا ہے انہیں جو اس کی راہ میں لڑتے ہیں پرا باندھ کر، گویا وہ عمارت ہیں رانگا پلائی“۔ (سورۃ الصف ۴) یعنی ایک سے دوسرا ملا ہوا، ہر ایک اپنی اپنی جگہ جما ہوا دشمن کے مقابلہ میں سب کے سب مثل شیٔ واحد کے۔

ف۔ واضح ہو کہ صدر میں سورۃ صف کی اس آیت کو صف کی تعریف بیان کرنے کی غرض سے لایا گیا ہے، گویا آیت میں میدان جہاد کی صف کا ذکر ہے اور باب میں نماز کی صف کا بیان ہے، کوئی بھی صف ہو مگر صف کیسی ہونی چاہیے اس آیت میں ”کَاَنَّھُمْ بُنْیَانٌ مَّرْصُوْصٌ“ کہہ کر بیان فرمایا گیا ہے یعنی صف سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح سیدھی اور چسپیدہ ہونی چاہیے۔ صاحب مرقات نے بھی اسی وجہ سے اس باب کے صدر میں اس آیت کو بیان فرمایا ہے۔ ۱۲

۱۳۵۲ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِیْرٍ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُسَوِّیْ صُفُوْفَنَا حَتّٰی کَاَنَّمَا یُسَوِّیْ بِھَا الْقِدَاحَ حَتّٰی رَاٰی اَنَّا قَدْ عَقَلْنَا عَنْہُ ثُمَّ خَرَجَ یَوْمًا فَقَامَ حَتّٰی کَادَ اَنْ یُکَبِّرَ فَرَاٰی

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ہماری صفوں کو ایسا سیدھا کرتے تھے کہ گویا صفوں کے سیدھے پن سے تیروں کو سیدھا کیا جائے گا[2] حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

---

[1] یعنی جماعت کا ادنیٰ درجہ دو شخص ہیں پس دو شخصوں کے باہم نماز پڑھنے سے جماعت کا ثواب مل جائے گا۔

[2] اس میں مبالغہ ہے، چاہیئے تو یہ تھا کہ تیر سے صف کو سیدھا کرنے کا بیان ہوتا اس کی بجائے یہ مذکور ہے کہ صف ایسی سیدھی بناتے تھے کہ صف کے سیدھے پن سے تیر سیدھے کر سکیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

رَجُلًا بَادِيًا صَدْرُهٗ مِنَ الصَّفِّ فَقَالَ عِبَادَ اللّٰهِ لَتُسَوُّنَّ صُفُوْفَكُمْ اَوْ لَيُخَالِفَنَّ اللّٰهُ بَيْنَ وُجُوْهِكُمْ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

نماز کے پہلے صفوں کو ہمیشہ سیدھا فرمایا کرتے تھے یہاں تک کہ جب آپ کو یہ معلوم ہو گیا کہ صفوں کو سیدھا کرنے کے حکم کو ہم سمجھ چکے ہیں، اور اس کی تعمیل کر رہے ہیں[1] ایک دن کا ذکر ہے۔ کہ آپ تشریف لائے اور نماز پڑھانے کے لیے (مصلیٰ) پر کھڑے ہوئے، قریب تھا کہ تکبیر تحریمہ کہیں کہ اتفاقاً ایک شخص پر نظر پڑ گئی جس کا سینہ صف کے باہر نکلا ہوا تھا[2] ارشاد فرمایا، صاحبو! صف بیں باہم مل کر ایک دوسرے سے نزدیک رہا کرو، آگے پیچھے ہو کر اختلاف پیدا نہ کرو، اگر ایسا کرو گے تو تمہارے دلوں میں بھی ایک دوسرے سے مخالفت پیدا ہوگی، ملاپ نہ رہے گا، پھوٹ اور نا اتفاقی پیدا ہو جائے گی جس کے اثر سے ایک دوسرے سے منھ موڑے ہوئے رہو گے، (مسلم)

۱۲۵۳ وَعَنْهُ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسَوِّيْ صُفُوْفَنَا اِذَا قُمْنَا اِلَى الصَّلٰوةِ فَاِذَا اسْتَوَيْنَا كَبَّرَ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو صفوں کے درست کرنے اور سیدھا کرتے ہیں خاص اہتمام تھا، جب ہم نماز کے لیے کھڑے ہوتے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ہماری صفوں کو[3] سیدھا کرتے تھے جب ہماری صفیں ٹھیک ٹھیک سیدھی ہو جاتیں تو اس وقت آپ تکبیر تحریمہ فرماتے (ابو داؤد)

۱۲۵۴ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ اُقِيْمَتِ الصَّلٰوةُ فَاَقْبَلَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِوَجْهِهٖ فَقَالَ اَقِيْمُوْا صُفُوْفَكُمْ وَتَرَاصُّوْا فَاِنِّيْ اَرَاكُمْ مِنْ وَّرَآءِ ظَهْرِيْ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ایک بار نماز کی تکبیر ہوئی۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ہماری طرف متوجہ ہو کر ارشاد فرمایا اپنی صفوں کو سیدھا کرو اور صفوں میں چپیدہ ہو کر کھڑے رہو (تم سمجھتے ہو گے کہ) میں سامنے ہی سے دیکھتا ہوں،

---

[1] تو پھر آپ سیدھا کرنے کے لیے جو تشریف لایا کرتے تھے اس کو ترک فرما دیا۔
[2] اس شخص کو مخاطب بناتے تو ان کی دل شکنی ہوتی تھی، اس لیے عام طور پر خطاب فرماتے ہوئے)
[3] اپنے ہاتھ سے یا زبان سے کہہ کر یا اشارہ فرما کر

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

وَفِي الْمُتَّفَقِ عَلَيْهِ قَالَ اَتِمُّوا الصُّفُوفَ فَاِنِّيْ اَرَاكُمْ مِنْ وَّرَآءِ ظَهْرِيْ۔

ایسا نہیں بلکہ میں اپنے پیچھے سے بھی ایسا ہی دیکھتا ہوں، جیسے کہ سامنے سے (اس لیے میں دیکھ لیتا ہوں کہ تمہاری صفیں سیدھی ہوئی یا نہیں) اس کی روایت بخاری نے کی ہے، اور بخاری اور مسلم کی متفقہ روایت میں ہے کہ تم صفوں کو پورا کر لیا کرو۔ یعنے پہلی صف کو پورا کر کے پھر دوسری صف شروع کیا کرو۔

ف اس حدیث میں ان لوگوں کے لیے مقام غور و فکر ہے جو یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ہماری طرح ہی کے بشر و انسان ہیں معاذ اللہ! جیسے ہم کھاتے پیتے، دیکھتے سنتے، چلتے پھرتے اور سوتے جاگتے ہیں، ویسے ہی محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یہ سب کچھ کرتے ہیں۔ اس حدیث پاک اور اس طرح کی دوسری احادیث سے یہ بات اظہر من الشمس ہے کہ سرکار رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہماری طرح کے بشر و انسان قطعاً نہیں ہیں، ہم تو اپنی آنکھوں سے صرف اپنے آگے کی اشیاء کو ہی دیکھ سکتے ہیں وُہ بھی محدود فاصلے تک جب کہ سید الانبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نہ صرف اپنی اگلی جانب وہ بھی لا محدود بعینہٖ اپنے پیچھے سے بھی دیکھ سکتے ہیں۔ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اپنے جیسا کہنے والے بھی تو یہ دعویٰ کر کے دکھائیں کہ ہم بھی اپنے پیچھے سے دیکھ سکتے ہیں جس طرح اپنے آگے سے دیکھ سکتے ہیں۔

بخاری شریف کی حدیث میں ہے حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے تمام صحابہ سے فرمایا تم میں سے کون میری مثل ہے مجھ جیسا ہے۔ حالانکہ تمام انبیاء کے بعد نسل انسانی میں سرکار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صحابہ تمام مخلوقات میں سب سے افضل ہیں، سید الانبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، انبیاء علیہم السلام کے بعد سب سے افضل ترین انسانوں سے فرما رہے ہیں کہ تم میں سے کون میری طرح کا انسان ہے۔ کسی صحابی رسول نے یہ نہ کہا کہ میں آپ کی طرح کا انسان ہوں۔ مگر بڑے افسوس کی بات ہے آج چودہ سو سال بعد دعوائے مسلمانی کرنے والے، انبیاء و مرسلین خصوصاً سید الانبیا، خاتم النبین، رحمۃ اللعالمین حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عظمت شان بڑھانے کی بجائے، تنقیص رسالت و گستاخی رسول کرنے والے نجدیوں کے لیے ذخیرۂ احادیث میں مقام غور و فکر ہے۔ عظمت صحابہ کی رٹ لگانے والے عقائد صحابہ کو بھی قبول کریں، ان کی سیرت و کردار کا مطالعہ کر کے ان کے نظریات پر بھی ایمان لائیں۔

۱۴۵۵ وَعَنْهُ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِسْتَوُوْا اِسْتَوُوْا اِسْتَوُوْا فَوَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ اِنِّيْ لَاَرَاكُمْ مِنْ خَلْفِيْ كَمَا اَرَاكُمْ مِنْ بَيْنِ يَدَيَّ۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب جماعت کھڑی ہوتی تو تکبیر تحریمہ کے پہلے یہ) ارشاد فرمایا کرتے تھے صاحبو! صفیں سیدھی کرو! باہم مل کر ایک دوسرے سے نزدیک کھڑے رہو (پھر کہتا ہوں)

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ)

صفیں سیدھی کرو، باہم مل کر ایک دوسرے سے نزدیک کھڑے رہو، (میرے) قبلہ رخ رہنے سے تم سمجھتے ہو گے کہیں تم کو نہیں دیکھ رہا ہوں اس مبارک ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے! میں تم کو اپنے پیچھے سے ایسا ہی دیکھتا ہوں جیسا تم کو سامنے سے دیکھتا ہوں، اس لیے صفوں میں تمہارے آگے پیچھے کھڑے ہونے کو اور صفوں کے بیچ میں تمہارے جگہ خالی چھوڑنے کو برابر دیکھتا رہتا ہوں۔ (ابوداؤد)

۱۳۵۶ (۵) وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَوُّوْا صُفُوْفَكُمْ فَاِنَّ تَسْوِيَةَ الصُّفُوْفِ مِنْ اِقَامَةِ الصَّلٰوةِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اِلَّا اَنَّ عِنْدَ مُسْلِمٍ مِنْ تَمَامِ الصَّلٰوةِ۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا تم اپنی صفوں کو سیدھا کرو، باہم مل کر ایک دوسرے سے نزدیک کھڑے رہو، اس لیے کہ صفوں کو سیدھا کرنا ان چیزوں میں سے ہے جن سے نماز کی اصلاح ہوتی ہے۔ (بخاری ومسلم)

۱۳۵۷ (۶) وَعَنْهُ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ عَنْ يَّمِيْنِهٖ اِعْتَدِلُوْا سَوُّوْا صُفُوْفَكُمْ وَعَنْ يَّسَارِهٖ اِعْتَدِلُوْا سَوُّوْا صُفُوْفَكُمْ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم (جب جماعت کھڑی ہوتی تو تکبیر تحریمہ سے پہلے) اپنی دائیں طرف متوجہ ہو کر ارشاد فرمایا کرتے تھے "اِعْتَدِلُوْا" صف میں امام کے دونوں جانب برابر برابر کھڑے رہو، یعنی ایک طرف زیادہ اور دوسری طرف کم نہ رہو، "سَوُّوْا صُفُوْفَكُمْ" اپنی صفیں سیدھی کرلو، باہم مل کر ایک دوسرے سے نزدیک کھڑے رہو، ایسا ہی بائیں جانب متوجہ ہو کر ارشاد فرمایا کرتے تھے "اِعْتَدِلُوْا" صف میں امام کے دونوں جانب برابر برابر کھڑے رہو، یعنی ایک طرف زیادہ اور دوسری طرف کم نہ رہو "سَوُّوْا صُفُوْفَكُمْ" اپنی صفیں سیدھی کرلو، باہم مل کر ایک دوسرے سے نزدیک کھڑے رہو۔

(ابوداؤد)

۱۳۵۸ (۷) وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے

MARKAZ-UL-ULOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رُصُّوا صُفُوفَكُمْ وَقَارِبُوا بَيْنَهَا وَحَاذُوا بِالْأَعْنَاقِ فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ إِنِّي لَأَرَى الشَّيْطَانَ يَدْخُلُ مِنْ خَلَلِ الصَّفِّ كَأَنَّهَا الْحَذَفُ۔

(رَوَاهُ أَبُودَاوُدَ)

وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تم اپنی صفوں میں خوب مل کر (اس طرح) چسپیدہ کھڑے رہا کرو (کہ ایک دوسرے کے درمیان میں جگہ خالی نہ رہنے پائے) اور ایک صف دوسری صف سے قریب رکھو، اور گردنوں کو ایک دوسرے کے برابر رکھو یعنی آگے پیچھے نہ ہوں، اُس مبارک ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے میں دیکھتا ہوں کہ شیطان بکری کے بچہ کی طرح بن کر صف کی خالی جگہ میں داخل ہوا کرتا ہے اس لیے تم صف میں جگہ خالی نہ چھوڑو اور چسپیدہ رہا کرو) (ابوداؤد)

۱۳۵۹/۸ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَآنَا خَلَقًا فَقَالَ مَالِي أَرَاكُمْ عِزِينَ ثُمَّ خَرَجَ عَلَيْنَا فَقَالَ أَلَا تَصُفُّونَ كَمَا تَصُفُّ الْمَلَائِكَةُ عِنْدَ رَبِّهَا فَقُلْنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَكَيْفَ تَصُفُّ الْمَلَائِكَةُ عِنْدَ رَبِّهَا قَالَ يُتِمُّونَ الصُّفُوفَ الْأُوْلٰى وَيَتَرَاصُّونَ فِي الصَّفِّ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر بن سمرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ (ایک بار) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے اور ملاحظہ فرمائے کہ ہم علیحدہ علیحدہ حلقے بنا کر بیٹھے ہوئے ہیں ارشاد فرمایا کیا وجہ ہے کہ میں تم کو الگ الگ حلقوں میں بیٹھے ہوئے دیکھ رہا ہوں؟ (یعنی اس طرح نہ بیٹھنا چاہیئے کہ یہ نا اتفاقی کی علامت ہے) اس کے بعد پھر (ایک بار) ہمارے پاس تشریف لائے اور ارشاد فرمایا تم (نماز میں) ایسی صف بندی کیوں نہیں کرتے، جیسا کہ فرشتے اللہ تعالیٰ کے سامنے صف بندی کیا کرتے ہیں؟ ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرشتے اپنے رب کے سامنے کس طرح صف بندی کیا کرتے ہیں؟ ارشاد فرمایا کہ پہلے صف اول کو پورا کرتے ہیں، پھر صف ثانی کو اور اس کے بعد دیگر صفوں کو (یعنی جب تک ایک صف پوری نہ ہو اس کے بعد کی دوسری صف کو شروع نہیں کرتے) اور صفوں میں باہم خوب مل کر چسپیدہ کھڑے ہوا کرتے ہیں۔ (مسلم)

۱۳۶۰/۹ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتِمُّوا الصُّفُوفَ الْمُقَدَّمَ ثُمَّ الَّذِي يَلِيهِ فَمَا كَانَ مِنْ

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، پہلی صف کو پورا کرو پھر اس کو جو اس کے قریب

MARKAZ-UL-ULOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

تَقَصٍ فَلْيَكُنْ فِي الصَّفِّ الْمُؤَخَّرِ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

ہو پھر جو کچھ کمی رہے تو آخیر صف میں رہے۔ (ابوداؤد)

۱۴۶۱ وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَزَالُ قَوْمٌ يَتَأَخَّرُوْنَ عَنِ الصَّفِّ الْأَوَّلِ حَتّٰى يُؤَخِّرَهُمُ اللّٰهُ فِي النَّارِ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا جو لوگ ربے پروائی کر کے یا بعد کی صفوں میں راحت و آرام کے خیال سے) پہلی صف کو ترک کرنے کی عادت کر لیتے ہیں تو جیسے یہ صفوں کے پچھلے حصوں کو پسند کر لیتے ہیں، ایسا ہی اللہ تعالیٰ ان کو دوزخ کی نہر میں جو دوزخ کا پچھلا حصہ ہے ڈالدیں گے۔ (ابوداؤد)

ف واضح ہو کہ نمازی کے صف اوّل میں کھڑے ہونے کی بہت بڑی فضیلت ہے لیکن صف اوّل میں کھڑے ہونا واجب نہیں بلکہ مستحب ہے اور اس پر تمام آئمہ کرام کا اتفاق ہے، یہ فتاوی عالمگیریہ میں قنیہ سے منقول ہے۔

اب رہی وہ وعید جو صدر کی اس حدیث میں مذکور ہے تو وہ ایسے اشخاص سے متعلق ہے جو نیکیوں اور فضیلت کے کاموں کے حاصل کرنے میں سستی اور غفلت کرنے کے عادی ہو جاتے ہیں اور اُن کے دلوں میں نیکیوں کی رغبت نہیں رہتی اور خواہ مخواہ صف اوّل کو چھوڑ بیٹھتے ہیں، حالانکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرَاتِ (لوگو! تم نیک کاموں کی طرف دوڑو) ایک اور جگہ ارشاد ہے۔ سَابِقُوْا إِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْأَرْضُ (لوگو! اپنے پروردگار کی مغفرت کی طرف دوڑو اور ایسی جنّت کی طرف دوڑو جس کی وسعت آسمان اور زمین دونوں کی وسعت کے برابر ہے)

ان دونوں آیتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ مسلمانوں کے دلوں میں نیکیوں کے کرنے کی رغبت اور نیکیوں کا خیال رہنا چاہیے اور یہ واجب ہے اگر کسی کے دل سے نیکیوں کی رغبت اور نیکیوں کا خیال نکل جائے اور نیکیوں کے کرنے سے بے پروائی کرے تو یہ دل کا گناہ ہے اور ایسا کرنے سے واجب ترک ہوتا ہے تو ایسے شخص کا صف اوّل میں شریک نہ ہونا اور اس سے بے پروائی کرنا واجب کو ترک کرنا ہوا، اس لیے گناہ کا کام ہوا۔ اور اسی وجہ سے اس وعید کا مستحق ہوگا۔ جو صدر کی حدیث میں مذکور ہے۔ بخلاف اس کے اگر کسی کے دل میں نیکیوں کی رغبت ہے۔ اور نیکیوں کے کرنے کا خیال جما ہوا ہے اور باوجود اس سے یہ صف اوّل میں کسی وجہ سے شریک نہ ہو سکا تو وہ اس وعید کا مستحق نہ ہوگا۔

یہ بھی واضح رہے کہ صدر کی حدیث میں جو وعید مذکور ہے وہ اس شخص سے بھی متعلق ہوگی جو اولاً صف اوّل میں جگہ حاصل کرے پھر فرض نماز ادا کرنے سے پہلے کسی دنیوی غرض سے مثلاً نماز کے بعد مسجد سے جلد نکلنے کے خیال سے گرمی کے موسم میں راحت حاصل کرنے کے لیے اندرون مسجد سے نکل کر صحن مسجد میں آجائے،

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ظاہر ہے کہ ایسے شخص کا ان اغراض کے لیے صف اوّل کو چھوڑ کر پچھلی صفوں میں پہنچ جانا حصول تقریب سے اعراض ہوا، اس لیے ایسا شخص اس وعید کا مستحق ہوا۔ البتہ صفِ اوّل میں احتراماً کسی اہل علم کو یا اپنے سے زیادہ عمر والے صاحب کو جگہ دینے کے لیے پچھلی صف میں منتقل ہونیوالا اس وعید کا مستحق نہ ہوگا۔ اس لیے کہ یہ شرعاً مطلوب ہے۔ ۱۲

۱۲۶۲ (۱۱) وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ اَصْحَابِہٖ تَاَخُّرًا فَقَالَ لَھُمْ تَقَدَّمُوْا وَاْتَمُّوْا بِیْ وَلْیَأْتَمَّ بِکُمْ مَّنْ بَعْدَکُمْ لَا یَزَالُ قَوْمٌ یَّتَاَخَّرُوْنَ حَتّٰی یُؤَخِّرَھُمُ اللّٰہُ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم نے اپنے اصحاب کو (صف اوّل سے) پیچھے ہٹتے دیکھا تو ارشاد فرمایا! آگے بڑھو اور صفِ اوّل میں رہا کرو، اس سے تم کو ان اعمال کے دیکھنے کا موقع ملے گا جن کو میں نماز میں کیا کرتا ہوں جیسے میں کرتا ہوں ویسے ہی تم کرسکو گے پھر تمہارے بعد والے تمہارے اعمال نماز کو دیکھ کر ویسے ہی اعمال کیا کرینگے۔ ایسا نہ کرکے جو لوگ (بے پرواہی سے) صفِ اوّل میں نہ رہ کر پچھلی صفوں میں رہا کریں گے تو اللہ تعالیٰ ان کو ہر کارِ خیر سے پیچھے رکھیں گے، یعنی خیر کی توفیق نہیں دیں گے۔ (مسلم)

۱۲۶۳ (۱۲) وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَقِیْمُوا الصُّفُوْفَ وَحَاذُوْا بَیْنَ الْمَنَاکِبِ وَسُدُّوا الْخَلَلَ وَلِیْنُوْا بِاَیْدِیْ اِخْوَانِکُمْ وَلَا تَذَرُوْا فُرُجَاتِ الشَّیْطَانِ وَمَنْ وَّصَلَ صَفًّا وَّصَلَہُ اللّٰہُ وَمَنْ قَطَعَہٗ قَطَعَہُ اللّٰہُ رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ وَرَوَی النَّسَائِیُّ مِنْہُ قَوْلَہٗ وَمَنْ وَّصَلَ صَفًّا اِلٰی اٰخِرِہٖ۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا اپنی صفوں کو سیدھا کرو اور اپنے مونڈھوں کو ایک دوسرے کے برابر رکھو (یعنی آگے پیچھے نہ ہو) اور صف کے شگافوں کو بند کرو[1] اور صف میں شیطان کے لیے خالی جگہ نہ چھوڑو اور جو شخص صف کو ملادے (یعنی صف کی خالی جگہ میں جاکر کھڑا ہوجائے) تو اللہ تعالیٰ بھی اس کو اپنے فضل و رحمت سے ملا لیں گے (یعنی اس سے خاص تعلق رکھیں گے) اور جو شخص صف کو قطع کرے (یعنی صف کی خالی جگہ میں کھڑا نہ ہو) تو اللہ تعالیٰ بھی اس سے قطع تعلق کرلیں گے (یعنی اپنی رحمت سے اس کو دور کردیں گے) اس کی روایت

[1] یعنی کوئی مونڈھے پر ہاتھ رکھ کر صف میں برابر کرے تو اس کا کہنا مانو، یا صف میں گنجائش ہو اور کوئی آنا چاہے تو اس کو آنے دو اور اپنے بازوؤں کو نرم رکھو اور مزاحمت نہ کرو، یا کوئی اکیلا شخص صف کے آخری شخص کو دوسری صف میں لانے کے لیے مونڈھے پر ہاتھ رکھے تو یہ شخص اس کا کہا مانے اور پیچھے ہٹ کر صفِ ثانی میں اس کے ساتھ نماز ادا کرے مگر شرط یہ ہے کہ صفِ اوّل سے ثانی میں صرف ایک یا دو قدم میں آجائے)

www.waseemziyai.com
MARKAZUL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

ابو داؤد نے کی ہے۔ اور نسائی نے بھی اسی کے قریب قریب روایت کی ہے۔

۱۲۶۴ وَعَنِ الْبَرَآءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى الَّذِيْنَ يَلُوْنَ الصُّفُوْفَ الْأُوْلٰى وَمَا مِنْ خُطْوَةٍ أَحَبُّ إِلَى اللّٰهِ مِنْ خُطْوَةٍ يَمْشِيْهَا يَصِلُ بِهَا صَفًّا۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاؤدَ)

حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ارشاد فرمایا کرتے تھے کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے ان پر درود بھیجتے ہیں، جو اگلی صفوں کو درست کرتے ہیں (یعنی) ہر پچھلی صف والے اپنے سے اگلی صف میں کھلی ہوئی جگہ کو خود پُر کرتے ہیں اور دوسروں کو اس کے پُر کرنے کی رغبت دلاتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے پاس وہ قدم سب سے زیادہ پسندیدہ ہے جو صف کی خالی جگہ کو پُر کرنے کے لیے اُٹھایا جاتا ہے۔ (ابو داؤد)

۱۲۶۵ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خِيَارُكُمْ أَلْيَنُكُمْ مَنَاكِبَ فِي الصَّلٰوةِ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاؤدَ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تم میں بہترین اخلاق والے وہ ہیں جو نماز میں اپنے مونڈھوں کو نرم رکھتے ہیں[1] (ابو داؤد)

بَابُ الْمَوْقِفِ

باب امام اور مقتدی نماز میں کس طرح کھڑے رہیں اور اس کے احکام اور آداب کیا ہیں)

۱۲۶۶ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ بِتُّ فِيْ بَيْتِ خَالَتِيْ مَيْمُوْنَةَ فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ فَقُمْتُ عَنْ يَسَارِهٖ فَأَخَذَ بِيَدِيْ مِنْ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ (ایک مرتبہ) میں نے اپنی خالہ ام المؤمنین حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے مکان میں رات گذاری، جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ

---

[1] یعنی کوئی مونڈھے پر ہاتھ رکھ کر صف میں برابر کرے تو اس کا کہنا مانتے ہیں، یا صف میں گنجائش ہے، اور کوئی آنا چاہے تو اس کو آنے دیتے ہیں اور اپنے بازوؤں کو دبائے ہوئے رکھتے ہیں اور مزاحمت نہیں کرتے، یا اپنے مونڈھوں سے اپنے ساتھی کے مونڈھوں کو دھکا نہیں دیتے، بلکہ اپنے بازوں کو دبائے ہوئے رکھتے ہیں تاکہ اس کو تکلیف نہ ہو، اور نماز سکون اور وقار سے ادا کرتے ہیں یا کوئی اکیلا شخص صف کے آخری شخص کو دوسری صف میں لانے کے لیے مونڈھے پر ہاتھ رکھے تو اس کا کہا مان کر پیچھے ہٹ جاتے ہیں اور اس کے ساتھ صف ثانی میں نماز ادا کرتے ہیں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَبِفِعْلِ
الْجَاهِلِيَّةِ تَأْخُذُوْنَ اَوْ بِصَنِيْعِ
الْجَاهِلِيَّةِ تَشَبَّهُوْنَ لَقَدْ هَمَمْتُ
اَنْ اَدْعُوَ عَلَيْكُمْ دَعْوَةً تُرْجَعُوْنَ
فِيْ غَيْرِ صُوَرِكُمْ قَالَ فَاَخَذُوْا
اَرْدِيَتَهُمْ وَلَمْ يَعُوْدُوْا لِذٰلِكَ.

(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

٢١٩٢/٩ وَعَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ قَالَ
اُغْمِيَ عَلٰى اَبِيْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ
فَاَقْبَلَتْ اِمْرَاَتُهٗ اُمُّ عَبْدِ اللهِ
تَصِيْحُ بِرَنَّةٍ ثُمَّ اَفَاقَ
فَقَالَ اَلَمْ تَعْلَمِيْ وَكَانَ
يُحَدِّثُهَا اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى
اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ
قَالَ اَنَا بَرِيْءٌ مِّمَّنْ حَلَقَ
وَصَلَقَ وَخَرَقَ.

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَلَفْظُهٗ لِمُسْلِمٍ)

اور (جاہلیت کے طریقے کے موافق بغیر چادروں کے صرف قمیصوں کے ساتھ جنازہ کے ساتھ چل رہے ہیں (یہ دیکھ کر) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا تم کو کیا ہوا ہے باوجودیکہ اسلام آ چکا ہے پھر بھی) تم جاہلیت کے کام کر رہے ہو (زمانہ جاہلیت میں جیسے غم کا اظہار کرتے تھے، تم بھی زمانہ جاہلیت کے طریقہ کی مشابہت کر کے اپنی چادروں کو پھینک کر غم کا اظہار کر رہے ہو)[1] میرا ارادہ ہوا تھا میں بھی تمہارے لیے بددعا کروں کہ تمہاری انسانی صورتیں مسخ ہو کر (غیر انسانی صورتیں ہو جائیں (یہ وعید سن کر میت کے قرابتدار ڈر گئے اور) اپنی چادریں لے کر اوڑھ لئے (اور پھر کسی کے غم میں اس طرح) بغیر چادروں کے نہیں نکلے۔ اس کی روایت ابن ماجہ نے کی ہے۔

حضرت ابو بردہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ (سخت بیمار ہوئے اور آپ) پر غشی طاری ہو گئی، آپ کی زوجہ ام عبد اللہ چیخ مار کر آواز سے رونے لگیں پھر حضرت ابو موسیٰ کو کچھ ہوش آیا (ابھی آپ کی زوجہ چیخ مار کر رو رہی تھیں زوجہ کی یہ حالت دیکھ کر) حضرت ابو موسیٰ فرمانے لگے، کیوں جی تم کو معلوم نہیں میں تم کو بار بار کہتا رہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ میں ایسے شخص سے بیزار ہوں جو (میت کے غم میں جاہلیت کے طریقہ کے موافق) سر منڈھائے نوحہ کرے اور کپڑے پھاڑے[2]۔ اس حدیث کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

---

[1] (یہ اللہ اور اس کے رسول کی مرضی کے خلاف کر رہے ہو) میرا ارادہ ہوا تھا کہ (جیسے تم اپنی ہیبت کو بدل کر غم کے لیے دوسری ہیبت اختیار کئے ہو۔

[2] (اس لیے میں بھی ان سب چیزوں کو پسند نہیں کرتا ہوں۔ تم کو چاہیئے کہ ایسی چیزوں سے باز رہا کریں)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

۲۱۹۳
۱۰
وَعَنْ اَبِيْ مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَرْبَعٌ فِيْ اُمَّتِيْ مِنْ اَمْرِ الْجَاهِلِيَّةِ لَا يَتْرُكُوْنَهُنَّ الْفَخْرُ فِي الْاَحْسَابِ وَالطَّعْنُ فِي الْاَنْسَابِ وَالْاِسْتِسْقَاءُ بِالنُّجُوْمِ وَالنِّيَاحَةُ وَقَالَ النَّائِحَةُ اِذَا لَمْ تَتُبْ قَبْلَ مَوْتِهَا تُقَامُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَعَلَيْهَا سِرْبَالٌ مِّنْ قَطِرَانٍ وَّدِرْعٌ مِّنْ جَرَبٍ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں چار خصلتیں (زمانہ جاہلیہ میں ہوا کرتی تھیں) میری امت میں بھی وہ باقی رہیں گی (۱) اپنے حسب پر فخر کرنا[1] (۲) دوسروں کے نسب پر طعن کرنا[2]، تیسری بات یہ ہے کہ نجوم کے قواعد کے موافق یہ اعتقاد رکھنا کہ فلاں تارہ فلاں منزل میں آنے سے بارش ہوتی ہے[3]، اور جب اللہ تعالےٰ چاہیں بارش نہیں ہوتی اور، چوتھی بات ہے کہ میت پر نوحہ کرنا، نوحہ کرنے والی عورت اگر مرنے سے پہلے توبہ نہ کرے (تو چونکہ وہ کپڑے پھاڑتی تھی اور منہ نوچتی تھی) تو اس کے مناسب قیامت میں اس پر یہ عذاب مسلط کیا جائے گا گندھک (جو بہت جلد آگ پکڑتی ہے) کے مثل لباس پہنایا جائے گا (تاکہ دوزخ کی آگ اس پر بہت زیادہ اثر کرے) اور مثل زرہ کے ناقابل برداشت کھجلی اور خارش اس کے تمام جسم پر مسلط کی جائے گی۔ اس کی روایت مسلم نے کی ہے۔

۲۱۹۴
۱۱
وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ النَّائِحَةَ وَالْمُسْتَمِعَةَ۔

(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ)

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نوحہ کرنے والے اور نوحہ سننے والے مردوں اور عورتوں پر لعنت فرماتے ہیں اس کی روایت ابو داؤد نے کی ہے۔

۲۱۹۵
۱۲
وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ لَمَّا

ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے

---

[1] یعنی اپنے اور اپنے آباء و اجداد کی خوبیوں کو اس طرح بیان کرنا کہ جس سے دوسروں کی حقارت ہو۔
[2] یعنے اپنے نسب کی بڑائی بیان کر کے دوسروں کے نسب کو عیب لگا کر ان کے نسب کی تحقیر کرنا۔
[3] یہ اعتقاد حرام ہے، ہر مسلمان کو یہ اعتقاد رکھنا چاہیئے کہ تاروں کے لحاظ سے بارش نہیں ہوتی بلکہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے بارش ہوتی ہے۔ جب اللہ تعالیٰ چاہیں بارش ہوتی ہے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

مَاتَ اَبُوْ سَلَمَۃَ قُلْتُ غَرِیْبٌ وَفِیْ اَرْضِ غُرْبَۃٍ لَاَبْکِیَنَّہٗ بُکَآءً یُتَحَدَّثُ عَنْہُ فَکُنْتُ قَدْ تَہَیَّأْتُ لِلْبُکَآءِ عَلَیْہِ اِذْ اَقْبَلَتْ اِمْرَاَۃٌ تُرِیْدُ اَنْ تُسْعِدَنِیْ فَاسْتَقْبَلَہَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَتُرِیْدِیْنَ اَنْ تُدْخِلِی الشَّیْطٰنَ بَیْتًا اَخْرَجَہُ اللّٰہُ مِنْہُ مَرَّتَیْنِ وَکَفَفْتُ عَنِ الْبُکَآءِ فَلَمْ اَبْکِ۔

(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

روایت ہے وہ فرماتی ہیں کہ جب ام سلمہ کے پہلے شوہر ابوسلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کا انتقال ہوا (اور مجھے نوحہ کے ناجائز ہونے کا علم نہیں تھا) تو میں نے اپنے دل میں کہا کہ ابوسلمہ بے وطن تھے، (ابھی ابھی اپنا وطن چھوڑ کر آئے تھے یہاں ان کے کوئی قرابت دار بھی نہیں، اگر کوئی ان کے قرابت دار ہوتے تو ان پر نوحہ کرتے) میں ان پر ایسا ماتم اور نوحہ کروں گی جو یادگار رہے، اور لوگ اس کا تذکرہ کرتے رہیں گے۔ چنانچہ میں نے سیاہ کپڑے پہن کر) ابوسلمہ پر ماتم اور نوحہ کرنے کی تیاری کی) اتنے میں ایک عورت نوحے اور ماتم میں میرا ساتھ دینے کے لیے آرہی تھی کہ (راستہ میں) اس کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم مل گئے اس کو (ماتمی لباس میں) دیکھ کر فرمایا کہ کیا تم چاہتی ہو کہ (نوحہ اور ماتم کرکے) شیطان کو اس گھر میں داخل کردو، کہ جس گھر سے اللہ تعالیٰ نے شیطان کو (اسلام لانے کی وجہ سے) نکال دیا تھا (اس عورت کو تنبیہ اور تاکید کرنے کی غرض سے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اس جملہ کو دو مرتبہ ارشاد فرمایا، ام سلمہ فرماتی ہیں کہ جب مجھے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے اس ارشاد کی خبر ملی) تو میں ماتم اور نوحہ کرنے سے رک گئی اور آہ بکا کرنے سے باز آگئی۔ اس کی روایت مسلم نے کی ہے۔

۲۱۹۶/۱۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَاتَتْ زَیْنَبُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ فَبَکَتِ النِّسَآءُ فَجَعَلَ عُمَرُ یَضْرِبُہُنَّ بِسَوْطِہٖ فَاَخَّرَہٗ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلّٰی

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی صاحبزادی حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا انتقال ہوا تو عورتیں (جمع ہوئیں اور بغیر نوحہ اور چیخ وپکار کے آنسوؤں سے) رونے لگیں حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کوڑے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِيَدِهٖ وَقَالَ مَهْلًا يَا عُمَرُ ثُمَّ قَالَ اِيَّاكُنَّ وَنَعِيْقَ الشَّيْطَانِ ثُمَّ قَالَ اِنَّهٗ مَهْمَا كَانَ مِنَ الْعَيْنِ وَمِنَ الْقَلْبِ فَمِنَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَمِنَ الرَّحْمَةِ وَمَا كَانَ مِنَ الْيَدِ وَمِنَ اللِّسَانِ فَمِنَ الشَّيْطَانِ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ)

مارنے لگے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عمر کو عورتوں کے پاس سے اپنے دست مبارک سے ہٹایا اور ارشاد فرمایا ٹھہرو عمر! اتنی سختی مت کرو (ابھی تو عورتیں آنکھوں سے رو رہی تھیں گو تم اس کو بُرا سمجھتے ہو، مگر یہ جائز ہے[1] حضرت عمر کو جو خوف تھا کہ کہیں عورتیں روتے روتے نوحہ کرنا شروع کر دیں۔ اس لیے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم عورتوں کی طرف متوجہ ہوکر فرمایا (قاعدہ ہے کہ رونا بڑھتے نوحہ تک پہونچ جاتا ہے) تم نوحہ کی نوبت نہ آنے دو (اس لیے کہ) نوحہ شیطان کی طرف سے ہے۔ اس سے بچتے رہنا، پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے (عورتوں سے مخاطب ہوکر) ارشاد فرمایا سنو[2]! جب آنکھوں سے آنسو بہا کر غم کیا جائے اور دل غمگین رہے تو یہ اللہ کی مرضی کے موافق ہے اور رحمت کا باعث ہے[3] اور جب (غم کا اظہار) ہاتھ سے ہو (مثلاً منھ پیٹنا، کپڑے پھاڑنا اور بال نوچنا) یا زبان سے ہو[4] تو یہ سب شیطان کے بہکانے کی وجہ سے ہے (شیطان اس سے خوش ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ اس سے ناراض ہوتے ہیں۔ اس کی روایت امام احمد نے کی ہے۔

۲۱۹۷ / ۱۴ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَنْ تَتْبَعَ جَنَازَةٌ مَعَهَا رَانَّةٌ

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ (جنازہ کے ساتھ جانا تو سنت ہے) مگر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ایسے جنازہ کے ساتھ چلنے سے منع فرماتے ہیں جس کے ساتھ پکار کر رونے والی اور نوحہ کرنے والی عورتیں

[1] میت پر صرف آنکھوں سے رونے کو بھی بُرا سمجھتے تھے اس لیے اٹھے اور عورتوں کو رونے سے منع کرنے لگے۔ مگر عورتیں حضرت عمر کے منع کرنے سے نہ رکیں، تو حضرت عمر کو یہ خوف ہوا کہ یہ رونا بڑھتے کہیں نوحہ تک نہ پہونچ جائے، اس لیے)

[2] کسی کے مرنے پر غم کرنا کئی قسم کا ہوتا ہے بعض جائز ہے اور بعض ناجائز ہے) [3] اللہ تعالیٰ اس طرح غم کا اظہار کرنے سے ناراض نہیں ہوتے ہیں) [4] جیسے چلانا اور بیان کر کے رونا اور ایسے الفاظ کہہ کر رونا جن سے اللہ تعالیٰ ناراض ہوتے ہیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَةَ) ہوں، اس کی حدیث امام احمد اور ابن ماجہ نے کی ہے۔

ف، درمختار میں لکھا ہے کہ عورتوں کا جنازہ کے ساتھ جانا مکروہ تحریمی ہے۔ خاص کر نوحہ کرنے والی اور پکار کر رونے والی عورتوں کو سختی سے روک دیا جائے اور مردوں کو جنازہ کے پیچھے چلنا چاہیئے اگر عورتیں جنازہ کے ساتھ ہوں تو مردوں کو عورتوں کی وجہ سے جنازہ کے ساتھ چلنا ترک نہیں کرنا چاہیئے بلکہ جنازہ کے آگے آگے چلنا چاہیئے۔ ۱۲

۲۱۹۸/۱۵ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِامْرَاَةٍ تَبْكِيْ عِنْدَ قَبْرٍ فَقَالَ اِتَّقِي اللّٰهَ وَاصْبِرِيْ قَالَتْ اِلَيْكَ عَنِّيْ فَاِنَّكَ لَمْ تُصَبْ مُصِيْبَتِيْ وَلَمْ تَعْرِفْهُ فَقِيْلَ لَهَا اِنَّهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَاَتَتْ بَابَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَلَمْ تَجِدْ عِنْدَهٗ بَوَّابِيْنَ فَقَالَتْ لَمْ اَعْرِفْكَ فَقَالَ اِنَّمَا الصَّبْرُ عِنْدَ الصَّدْمَةِ الْاُوْلٰى۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ (ایک بار) حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم ایک عورت کی طرف سے گزرے۔ جو ایک قبر کے پاس (بیٹھی) آواز سے رو رہی تھی۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم نے اس سے ارشاد فرمایا کہ[1] خدا سے ڈر (اور اس طرح کا نوحہ چھوڑ دے) اور صبر کر (تاکہ تجھے اس صبر کا ثواب ملے) اس عورت نے جواب دیا، جاؤ صاحب اپنا کام کرو (آپ کو میری مصیبت کی کیا خبر) آپ میری جیسی مصیبت میں گرفتار نہیں ہوئے ہیں[2] اس عورت کو بتایا گیا کہ یہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم تھے۔ جو تمہیں نصیحت فرما رہے تھے (وہ عورت بہت نادم ہوئی) اور وہاں سے اٹھی تو سیدھے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم کے دولت خانہ پر پہونچی، وہ سمجھ رہی تھی، کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم نے دروازے پر دربان ہوں گے، جیسے بادشاہ کے دروازے پر ہوتے ہیں۔ یہاں آکر اس نے جو دیکھا تو معلوم ہوا کہ یہاں نہ تو دربان ہیں اور نہ تو کوئی تکلیف ہے

---

[1] تو آواز سے رو رہی ہے اور نوحہ کر رہی ہے یہ ناجائز ہے)
[2] یہ عورت جب یہ کہہ رہی تھیں تو اس وقت اس کو معلوم نہیں تھا کہ یہ نصیحت فرمانے والے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم تھے۔ حضور جب وہاں سے تشریف لے گئے تو پھر اس عورت سے کہا گیا کہ تجھے کچھ خبر بھی ہے یہ نصیحت فرمانے والے کون تھے؟ سنو!

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

(گھر کے اندر گئی) اور عرض کی یا رسول اللہ میں آپ کو پہچانی نہیں (میرا قصور معاف کیجئے) حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرمایا کہ صبر کا ثواب تو ابتداء مصیبت کے وقت ہی ملتا ہے[1]، اس حدیث کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

۲۱۹۹ [۱۶] وَعَنْ أَبِي أُمَامَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ يَقُوْلُ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى ابْنَ اٰدَمَ اِنْ صَبَرْتَ وَاحْتَسَبْتَ عِنْدَ الصَّدْمَةِ الْاُوْلٰى لَمْ اَرْضَ لَكَ ثَوَابًا دُوْنَ الْجَنَّةِ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابو امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں کہ جب اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں کہ اے ابن آدم![2] مصیبت آتے ہی ابتدائے مصیبت کے وقت ثواب کی نیت سے اگر تو صبر کرے[3]، تجھ کو جنت ہی عطا کروں گا[4]، اس حدیث کی روایت ابن ماجہ نے کی ہے۔

۲۲۰۰ [۱۷] وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَا يَمُوْتُ لِمُسْلِمٍ ثَلَاثَةٌ مِّنَ الْوَلَدِ فَيَلِجُ النَّارَ اِلَّا تَحِلَّةَ الْقَسَمِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے کہ اگر کسی مسلمان کے تین بچے مر جائیں تو وہ جہنم میں ہرگز داخل نہیں ہوگا۔ البتہ قسم پوری ہونے کے لیے (دوزخ پر سے بجلی کی طرح فوری گزر جائے گا) اس حدیث کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

---

[1] اور آخر میں تو خود بخود صبر آجاتا ہے یعنی دراصل صبر وہ ہے جو صدمہ کے شروع وقت کیا جائے، ورنہ بعد میں تو ہر ایک کو صبر خود بخود آہی جاتا ہے، لہذا شروع مصیبت کے وقت صبر کرنا چاہیئے کیوں کہ اس پر ثواب ملتا ہے۔

[2] جب تجھ پر کوئی مصیبت آئے مثلاً کوئی مر جائے یا ناقابل برداشت رنج کی خبر پہنچے تو)

[3] اور اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ کہے اور رونا پیٹنا اختیار نہ کرے اور نہ کوئی ایسی حرکات کرے کہ جس سے بے صبری کا اظہار ہو، اور نہ زبان سے ایسے الفاظ کہے جو اللہ کی مرضی کے خلاف ہوں تو اسی طرح ابتدائے مصیبت کے وقت صبر کرنے کے بدلہ میں)

[4] دگر تو ابتدائے مصیبت کے وقت رویا پیٹا اور بعد کو صبر کیا تو اس کا کچھ فائدہ نہیں، کیونکہ روتے پیٹنے کے بعد تو صبر آہی جاتا ہے، ہاں صرف آنکھ سے آنسو بہیں تو کچھ مضائقہ نہیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZUL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ف۔ جس آیت میں دوزخ پر سے گزرنے کا ذکر ہے وہ آیت یہ ہے وَاِنْ مِّنْكُمْ اِلَّا وَارِدُهَا كَانَ عَلٰى رَبِّكَ حَتْمًا مَّقْضِيًّا (سورۃ مریم پ۱۶ ع ۵) اور اے اولاد آدم! تم میں سے کوئی بشر ایسا نہیں جو جہنم پر سے ہو کر نہ گزرے، یعنی ہر انسان پل صراط پر سے جو دوزخ پر رکھی گئی ہے ضرور گزرے گا۔ یہ ایک قطعی اور فیصل شدہ وعدہ ہے جس کا پورا کرنا تمہارے پروردگار نے اپنے اوپر لازم کرلیا ہے، اس آیت کا عطف اس سے پہلے کی آیت "فَوَرَبِّكَ لَنَحْشُرَنَّهُمْ" پر ہے اس لیے یہ آیت بھی پہلے کی آیت کے قسم کے تحت میں ہے، گویا اس آیت کے پہلے قسم کے الفاظ "فَوَرَبِّكَ" محذوف ہیں۔ اس لیے یہ آیت بھی قسم کی آیت ہے (مرقات) ۱۲۔

۲۲۰۱ [۱۸] وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ جَاءَتِ امْرَاَةٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ذَهَبَ الرِّجَالُ بِحَدِيْثِكَ فَاجْعَلْ لَنَا مِنْ نَّفْسِكَ يَوْمًا نَاْتِيْكَ فِيْهِ تُعَلِّمُنَا مِمَّا عَلَّمَكَ اللّٰهُ فَقَالَ اجْتَمِعْنَ فِيْ يَوْمِ كَذَا وَكَذَا فِيْ مَكَانِ كَذَا وَكَذَا فَاجْتَمَعْنَ فَاَتَاهُنَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَعَلَّمَهُنَّ مِمَّا عَلَّمَهُ اللّٰهُ ثُمَّ قَالَ مَا مِنْكُمْ امْرَاَةٌ تُقَدِّمُ بَيْنَ يَدَيْهَا مِنْ وَّلَدِهَا ثَلَاثَةً اِلَّا كَانَ لَهَا حِجَابًا مِّنَ النَّارِ فَقَالَتِ امْرَاَةٌ مِّنْهُنَّ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَوِ اثْنَيْنِ فَاَعَادَتْهَا مَرَّتَيْنِ ثُمَّ قَالَ وَاِثْنَيْنِ وَاِثْنَيْنِ وَاِثْنَيْنِ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابوسعید رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ایک صحابیہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیں، یارسول اللہ مرد لوگ آپ کی احادیث کو آپ سے سن سن کر یاد کرتے جارہے ہیں، ہم عورتوں کے لیے بھی ایک دن مقرر فرما دیجئے کہ آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر ان دینی معلومات کو حاصل کریں۔ جنھیں اللہ تعالٰی نے آپ کو معلوم کرایا ہے، حضور صلی اللہ تعالٰی علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ فلاں دن فلاں وقت، فلاں جگہ جمع ہوجایا کرو (حسب ارشاد) عورتیں وہاں جمع ہوئیں، تو رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وآلہ وسلم ان کے پاس تشریف لائے اور انھیں ان چیزوں کی تعلیم فرمائی جن کو اللہ تعالٰی نے آپ کو معلوم کرایا، پھر حضور نے ارشاد فرمایا کہ جس عورت کے تین بچے اس کی زندگی میں مرجائیں تو یہ بچے اس عورت کے لیے آتش دوزخ سے آڑ بن جائیں گے (یعنی یہ بچے اس کو دوزخ میں جانے سے بچائیں گے) یہ سن کر ایک عورت نے عرض کیا، یارسول اللہ اگر کسی کے دو بچے مرے ہوں تو اس کا کیا حکم ہے حضور وحی کے انتظار میں کچھ دیر توقف فرماتے رہے کر) اتنے میں وہ عورت اس جملہ کو دوبارہ دہرائی، حضور صلی اللہ تعالٰی علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہاں ہاں! اگر کسی کے دو بچے بھی مرے ہوں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

تو اس کا بھی یہی حکم ہے اس جملہ کو حضور اور دو مرتبہ دہرائے۔ اس طرح تین دفعہ فرمانے سے اچھی طرح تاکید ہو گئی اور سننے والوں کو کوئی شک باقی نہ رہا)

اس حدیث کی روایت بخاری نے کی ہے۔

۲۲۰۲/۱۹ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لِنِسْوَةٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ لَا يَمُوْتُ لِاِحْدَاكُنَّ ثَلَاثَةٌ مِّنَ الْوَلَدِ فَتَحْتَسِبُهٗ اِلَّا دَخَلَتِ الْجَنَّةَ فَقَالَتِ امْرَاَةٌ مِّنْهُنَّ اَوِ اثْنَانِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اَوِ اثْنَانِ۔

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَفِیْ رِوَايَةٍ لَّهُمَا ثَلَاثَةٌ لَمْ يَبْلُغُوا الْحِنْثَ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ (اتفاق سے) انصار کی چند عورتیں در رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر تھیں) اس سے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا تم عورتوں میں سے کسی عورت کے تین بچے مرجائیں (بالغ ہوں یا نابالغ) اور وہ عورت ثواب ملنے کے لیے (ان کی موت پر) صبر کرے، تو وہ ضرور جنت میں جائے گی۔ ان میں سے ایک عورت نے عرض کیا یا رسول اللہ اگر کسی کے دو بچے مرجائیں (تو اس کا کیا حکم ہے؟ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہاں! اگر کسی کے دو بچے بھی مرجائیں (تو اس کا بھی یہی حکم ہے۔)

اس حدیث کی روایت مسلم نے کی ہے اور بخاری اور مسلم کی ایک اور روایت میں اس طرح آیا ہے کہ اگر وہ بچے جو مرے ہیں نابالغ ہوں تو ان کا یہ حکم ہے

ف اس روایت میں نابالغ کی قید ضروری نہیں ہے، بلکہ جس روایت میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے عورتوں سے یہ فرمایا تھا کہ جس عورت کے تین نابالغ بچے فوت ہو جائیں وہ جنت میں داخل ہو گی، اس وقت وہاں ایسی ہی عورتیں موجود تھیں کہ جن کے نابالغ بچے فوت ہوئے تھے تو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ان کی تسکین اور تسلی کے لیے نابالغ کا ذکر فرمایا ہے اس سے معلوم ہوا کہ نابالغ کی یہ قید ضروری نہیں، بلکہ اتفاقی ہے۔ اس لیے فوت شدہ بچے بالغ ہوں یا نابالغ سب کا یہی حکم ہے (مرقات) ۱۲

۲۲۰۳/۲۰ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ قَدَّمَ ثَلَاثَةً مِّنَ الْوَلَدِ لَمْ يَبْلُغُوا الْحِنْثَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں جس شخص کے تین نابالغ بچے اس کی زندگی میں فوت ہوئے ہوں تو یہ بچے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

كَانُوْا لَهٗ حِصْنًا حَصِيْنًا مِّنَ النَّارِ فَقَالَ اَبُوْ ذَرٍّ قَدَّمْتُ اثْنَيْنِ قَالَ وَاثْنَيْنِ قَالَ اُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ اَبُو الْمُنْذِرِ سَيِّدُ الْقُرَّآءِ قَدَّمْتُ وَاحِدًا قَالَ وَوَاحِدًا۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

اس کو دوزخ سے ضرور بچائیں گے (یہ سن کر) حضرت ابوذر عرض کئے، یا رسول اللہ! میرے دو بچے فوت ہوئے ہیں (اس کا کیا حکم ہے) حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا جس کے دو بچے فوت ہوئے ہوں تو اس کے دو بچے بھی ضرور اس کو دوزخ سے بچائیں گے، پھر حضرت اُبی بن کعب ابوالمنذر سید القراء نے عرض کیا، یا رسول اللہ! میرا تو ایک ہی بچہ فوت ہوا ہے (اس کا کیا حکم ہے) حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرمایا جس کا ایک بچہ فوت ہوا ہو تو اس کا یہ ایک بچہ بھی ضرور اس کو دوزخ سے بچائے گا۔ اس کی روایت ترمذی اور ابن ماجہ نے کی ہے ۱۲)

۲۲۰۴/۲۱ وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَا مِنْ مُسْلِمَيْنِ يُتَوَفّٰى لَهُمَا ثَلَاثَةٌ اِلَّا اَدْخَلَهُمَا اللّٰهُ الْجَنَّةَ بِفَضْلِ رَحْمَتِهٖ اِيَّاهُمَا فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَوِ اثْنَانِ قَالَ اَوِ اثْنَانِ قَالُوْا اَوْ وَاحِدٌ قَالَ اَوْ وَاحِدٌ ثُمَّ قَالَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ اِنَّ السِّقْطَ لَيَجُرُّ اُمَّهٗ بِسَرَرِهٖ اِلَى الْجَنَّةِ اِذَا احْتَسَبَتْهُ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَةَ مِنْ قَوْلِهٖ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ)

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جس مسلمان ماں باپ کے تین بچے[1] مرجائیں (اور ثواب کی نیت سے وہ صبر کریں) تو اللہ تعالیٰ اپنی خاص رحمت سے ان دونوں کو جنت میں داخل کریں گے۔ صحابہ کرام نے عرض کی یا رسول اللہ! اگر کسی کے دو بچے مرجائیں (تو اس کا کیا حکم ہے) حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ ہاں اگر دو بچے مرجائیں تو بھی (اس کا یہی حکم ہے) صحابہ نے پھر عرض کی یا رسول اللہ! اگر ایک بچہ مرجائے تو اس کا کیا حکم ہے، حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا، اگر ایک بچہ مرجائے تو اس کا بھی یہی حکم ہے، پھر حضور ارشاد فرمائے[2] اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے، اگر کسی کا حمل گر

---

[1] نابالغ کی قید اتفاقی ہے، اگر بالغ تین بچے بھی فوت ہوئے ہوں تو اس کا بھی یہی حکم ہے۔

[2] تم بار بار سوال کرکے تین، دو اور ایک بچے کے مرنے کا ثواب دریافت کئے ہو یہ تو کامل بچوں کے مرنے کا ثواب ہے کہ ان کے ماں باپ ضرور جنت میں داخل ہوں گے)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

جائے اور اس کو ناقص بچہ پیدا ہو اور حمل گر جانے پر وہ ثواب کی نیت سے صبر کرے تو یہ ناقص بچہ بھی اپنی ماں کو اپنی آنول کے ذریعہ (جو مثل رسی کے کام دے گی) کھینچتا ہوا جنت میں داخل کرے گا) اس حدیث کی روایت امام احمد نے کی ہے، اور ابن ماجہ نے بھی اسی کے قریب قریب کی ہے۔

۲۲۰۵ / ۲۲ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِنَّ السِّقْطَ لَيُرَاغِمُ رَبَّهٗ اِذَا اَدْخَلَ اَبَوَيْهِ النَّارَ فَيُقَالُ اَيُّهَا السِّقْطُ الْمُرَاغِمُ رَبَّهٗ اَدْخِلْ اَبَوَيْكَ الْجَنَّةَ فَيَجُرُّهُمَا بِسَرَرِهٖ حَتّٰى يُدْخِلَهُمَا الْجَنَّةَ۔

(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ اگر کسی کا حمل گر جائے اور اس کو ناقص بچہ پیدا ہو (اور قیامت کے دن جب اللہ تعالیٰ اس بچہ کے ماں باپ کو دوزخ میں داخل کرنے کا ارادہ فرمائیں گے تو یہ بچہ (اپنے ماں باپ کو دوزخ سے بچانے کے لیے بہت کوشش کرے گا اور اڑ جائے گا تو اللہ تعالیٰ فرمائیں گے اے اڑنے والے بچہ (ہم کو تیری خاطر منظور ہے) اچھا اپنے ماں باپ کو جنت میں لے جا تو یہ بچہ اپنے ماں باپ کو اپنی آنول کے ذریعہ (جو مثل رسی کے کام دے گی) کھینچتا ہوا جنت میں داخل کرے گا۔ اس کی روایت ابن ابن ماجہ نے کی ہے۔

۲۲۰۶ / ۲۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَ لَهٗ فَرَطَانِ مِنْ اُمَّتِيْ اَدْخَلَهُ اللّٰهُ بِهِمَا الْجَنَّةَ فَقَالَتْ عَائِشَةُ فَمَنْ كَانَ لَهٗ فَرَطٌ مِنْ اُمَّتِكَ قَالَ وَمَنْ كَانَ لَهٗ فَرَطٌ يَا مُوَفَّقَةُ فَقَالَتْ فَمَنْ لَمْ يَكُنْ لَهٗ فَرَطٌ مِنْ اُمَّتِكَ قَالَ فَاَنَا فَرَطُ اُمَّتِيْ لَنْ يُصَابُوْا بِمِثْلِيْ

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ میری امت میں سے کسی شخص کے دو نابالغ بچے اس کی زندگی میں انتقال کر گئے ہوں (اور وہ ثواب کی نیت سے اس پر صبر کرے تو اللہ تعالیٰ (اس شخص کے صبر کی وجہ اور ان کی شفاعت کی وجہ سے) اس شخص کو جنت میں داخل کریں گے (یہ سن کر) حضرت عائشہ صدیقہ اللہ تعالیٰ عنہا نے دریافت کیا یا رسول اللہ اگر کسی شخص کا ایک نابالغ بچہ فوت ہوا ہو تو اس کا کیا حکم ہے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا ہاں! جس کا ایک

www.waseemziyai.com
NAFKAZ-UL-ULOOMIL ISLAMIA ACADEMY

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

ہی رہنا بالغ) بچہ فوت ہوا (تو اس کا بھی یہی حکم ہے) عائشہ! اللہ تعالیٰ اس سے زیادہ تم کو توفیق دے، تمہارے سوال سے میری امت پر آسانیاں اور زیادہ ہو رہی ہیں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے دوبارہ دریافت کیا یا رسول اللہ! اگر آپ کی امت کے کسی شخص کا ایک بچہ بھی فوت نہ ہوا ہو تو اس کا کیا حکم ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم فرماتے ہیں سنو عائشہ! بچوں کے مرنے سے ان کے والدین کو یہ جو ثواب مل رہا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ بچوں کے مرنے کا ماں باپ کو بے صد صدمہ ہوتا ہے، اس کے صلہ میں جنت ملتی ہے، میرا دنیا سے جانا (امت کے لیے) سب مصیبتوں سے بڑی مصیبت ہے[لہ]، اس کی روایت ترمذی نے کی ہے (فرط کے معنی قافلہ کے انتظام کے لیے قافلہ سے پہلے منزل پر پہونچنے والے کے ہیں)

۲۲۰۷ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَجُلًا قَالَ لَهُ مَاتَ ابْنٌ لِّيْ فَوَجَدْتُ عَلَيْهِ هَلْ سَمِعْتَ مِنْ خَلِيْلِكَ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِ شَيْئًا يُطَيِّبُ بِاَنْفُسِنَا عَنْ مَوْتَانَا قَالَ نَعَمْ سَمِعْتُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ صِغَارُهُمْ دَعَامِيْصُ الْجَنَّةِ يَلْقٰى اَحَدُهُمْ اَبَاهُ فَيَاْخُذُ

۲۴

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ اُن سے ایک شخص نے کہا کہ میرا ایک بچہ مر گیا ہے مجھے اس کا بے حد رنج ہے، کیا آپ اپنے دلی دوست حضرت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم سے ایسی حدیث سنتے ہیں جس سے (بچوں کے مرنے پر والدین کو جو ثواب ملتا ہے وہ معلوم ہوتا کہ) ہمارا رنج دور ہو، اور ہمارے دل کو تسکین ہو جائے، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے جیسا تم کہہ رہے ہو، میں نے ایا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم سے سنا ہے، آپ ارشاد فرماتے ہیں کہ مسلمانوں

لہ (جیسا میرے دنیا سے جانے کا رنج اُمت کو ہوگا اس کے مقابلہ میں اس کو کوئی اور رنج نہیں۔ میرے جانے کے رنج ومصیبت کے صلہ میں اللہ تعالیٰ اس کو جنت عطا فرمائے گا۔ جیسے بچے ماں باپ کے لیے درفرط، شفاعت کا ذریعہ ہوتے ہیں اور راحت کا سامان فراہم کرتے ہیں اسی طرح میری اُمت میں جس کسی کا کوئی بچہ فوت نہ ہوا ہو تو ایسے لوگوں کے لیے میں فرط رہوں گا۔ ان کے لیے راحت کا سامان جمع کروں گا۔ اور ان کی شفاعت کروں گا)

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

۲۲۰۷ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ أَنَّ رَجُلًا قَالَ لَهُ مَاتَ ابْنٌ لِيْ فَوَجَدْتُ عَلَيْهِ هَلْ سَمِعْتَ مِنْ خَلِيْلِكَ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِ شَيْئًا يُطَيِّبُ بِأَنْفُسِنَا عَنْ مَوْتَانَا قَالَ نَعَمْ سَمِعْتُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ صِغَارُهُمْ دَعَامِيْصُ الْجَنَّةِ يَلْقٰى أَحَدُهُمْ أَبَاهُ فَيَأْخُذُ

۲۴

ہی (نابالغ) بچہ فوت ہوا (تو اس کا بھی یہی حکم ہے) عائشہ! اللہ تعالیٰ اس سے زیادہ تم کو توفیق دے، تمہارے سوال سے میری امت پر آسانیاں اور زیادہ ہو رہی ہیں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے دوبارہ دریافت کیا یا رسول اللہ! اگر آپ کی امت کے کسی شخص کا ایک بچہ بھی فوت نہ ہوا ہو تو اس کا کیا حکم ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں سنو عائشہ! بچوں کے مرنے سے ان کے والدین کو یہ جو ثواب مل رہا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ بچوں کے مرنے کا ماں باپ کو بے حد صدمہ ہوتا ہے، اس کے صلہ میں جنت ملتی ہے، میرا دنیا سے جانا (امت کے لیے) سب مصیبتوں سے بڑی مصیبت ہے[1]، اس کی روایت ترمذی نے کی ہے (فرط کے معنی قافلہ کے انتظام کے لیے قافلہ سے پہلے منزل پر پہونچنے والے کے ہیں)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ان سے ایک شخص نے کہا کہ میرا ایک بچہ مر گیا ہے مجھے اس کا بے حد رنج ہے، کیا آپ اپنے دلی دوست حضرت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے ایسی حدیث سنتے ہیں جس سے (بچوں کے مرنے پر والدین کو جو ثواب ملتا ہے وہ معلوم ہوتا کہ) ہمارا رنج دور ہو، اور ہمارے دل کو تسکین ہو جائے، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے جیسا تم کہہ رہے ہو، میں نے ایسا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہے، آپ ارشاد فرماتے ہیں کہ مسلمانوں

---

۱ (جیسا میرے دنیا سے جانے کا رنج اُمت کو ہوگا اس کے مقابلہ میں اس کو کوئی اور رنج نہیں۔ میرے جانے کے رنج و مصیبت کے صلہ میں اللہ تعالیٰ اس کو جنت عطا فرمائے گا۔ جیسے بچے ماں باپ کے لیے درفرط، شفاعت کا ذریعہ ہوتے ہیں اور راحت کا سامان فراہم کرتے ہیں اسی طرح میری اُمت میں جس کسی کا کوئی بچہ فوت نہ ہوا ہو تو ایسے لوگوں کے لیے میں فرط رہوں گا۔ ان کے لیے راحت کا سامان جمع کروں گا۔ اور ان کی شفاعت کروں گا)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

بِنَاحِيَةِ ثَوْبِهٖ فَلَا يُفَارِقُهٗ
حَتّٰى يُدْخِلَهُ الْجَنَّةَ.

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَاَحْمَدُ
وَاللَّفْظُ لَهٗ)

۲۲۰۸/۲۵ وَعَنْ قُرَّةَ الْمُزَنِيِّ
اَنَّ رَجُلًا كَانَ يَاْتِي النَّبِيَّ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ
وَسَلَّمَ وَمَعَهٗ ابْنٌ لَهٗ
فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتُحِبُّهٗ فَقَالَ
يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَحَبَّكَ اللّٰهُ
كَمَا اُحِبُّهٗ فَفَقَدَهُ النَّبِيُّ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ
فَقَالَ مَا فَعَلَ ابْنُ فُلَانٍ
قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَاتَ
فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ
اَمَا تُحِبُّ اَنْ لَّا تَاْتِيَ
بَابًا مِّنْ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ اِلَّا
وَجَدْتَّهٗ يَنْتَظِرُكَ فَقَالَ
رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَهٗ
خَاصَّةً اَمْ لِكُلِّنَا
قَالَ بَلْ لِكُلِّكُمْ

کے چھوٹے بچے جو مر جاتے ہیں (وہ جنت میں حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نگرانی میں رہتے ہیں اور وہ ہر جگہ جاتے ہیں[1]، جب یہ چھوٹے بچے اپنے (ماں باپ کو دیکھیں گے تو (ماں) باپ کا دامن پکڑ کر جنت میں پہونچائے بغیر دم نہیں لیں گے۔ اس کی روایت مسلم اور امام احمد نے کی ہے۔

حضرت قرۃ المزنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے (وہ فرماتے ہیں) کہ ایک صاحب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں ہمیشہ اپنے بچے کو ساتھ لے کر حاضر ہوا کرتے تھے۔ ایک دن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے فرمایا (بچہ کو تم ہمیشہ ساتھ رکھتے ہو) کیا اس بچہ سے تم کو بہت محبت ہے، تو وہ صاحب عرض کئے یا رسول اللہ کیا کہوں[2] کہ مجھے اس بچے سے ایسی محبت ہے جیسے اللہ تعالیٰ کو آپ سے محبت ہے، اور اللہ تعالیٰ اپنی محبت کو آپ سے اور زیادہ کرے (جب بچہ کا انتقال ہو گیا تو وہ صاحب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں تنہا آنے لگے) ان کو تنہا آتے ہوئے دیکھ کر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دریافت فرمایا کہ ان کے بچہ کو کیا ہوا۔ صحابہ عرض کئے وہ بچہ تو مر گیا یا رسول اللہ تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے بچہ کے والد کی طرف متوجہ ہو کر ارشاد فرمایا (گو تم کو رنج بے حد ہوا ہے مگر اخروی خوش خبری سن لو) تمہارا بچہ جنت کے ہر دروازے پر نظر آئے گا اور تمہارا انتظار کرتا رہے گا، جس دروازے سے تم جاؤ گے وہ بچہ

[1] لیکن ان کو کوئی روکنے والا نہیں، پھر جب قیامت قائم ہوگی تو سب میدانِ قیامت میں جمع ہو جائیں گے، چھوٹے بچے بھی اور ان کے والدین بھی

[2] مجھے اس بچہ سے بے حد محبت ہے، میری محبت اس بچہ سے جیسی ہے اس کو سمجھانے کے لیے عرض کرتا ہوں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

(رَوَاہُ اَحْمَدُ)

تمہارا استقبال کر کے تم کو جنت میں لے جائے گا (یہ سُن کر) ایک صحابی عرض کئے یا رسول اللہ! یہ خوشخبری صرف انہی کے لیے مخصوص ہے یا سب مسلمانوں کے لیے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا یہ خوشخبری ہر (اُس) مسلمان کے لیے ہے (جس کا بچہ اس کی زندگی میں مرگیا ہے) اس کی روایت امام احمد نے کی ہے۔

۲۲۰۹/۳۶ وَعَنْ اَبِیْ مُوْسَی الْاَشْعَرِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اِذَا مَاتَ وَلَدُ الْعَبْدِ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی لِمَلٰۤئِکَتِہٖ قَبَضْتُمْ وَلَدَ عَبْدِیْ فَیَقُوْلُوْنَ نَعَمْ فَیَقُوْلُ قَبَضْتُمْ ثَمَرَۃَ فُؤَادِہٖ فَیَقُوْلُوْنَ نَعَمْ فَیَقُوْلُ مَاذَا قَالَ عَبْدِیْ فَیَقُوْلُوْنَ حَمِدَكَ وَاسْتَرْجَعَ فَیَقُوْلُ اللّٰہُ اِبْنُوْا لِعَبْدِیْ بَیْتًا فِی الْجَنَّۃِ وَسَمُّوْہُ بَیْتَ الْحَمْدِ۔

(رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ)

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جب کسی مسلمان کا کمسن بچہ مرجاتا ہے تو اللہ تعالیٰ ملک الموت کو اور ان کے ساتھ کے فرشتوں سے فرماتے ہیں کہ کیا تم نے میرے بندہ کے بچہ کی روح نکالی ہے، فرشتے عرض کرتے ہیں جی ہاں! پھر اللہ تعالیٰ فرماتا ہیں کہ کیا تم اس لخت جگر کو لے گئے، فرشتے عرض کرتے ہیں، جی ہاں! تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ میرے بندے نے (بچہ کی موت کے رنج وغم کی حالت میں) کیا کہا؟ فرشتے عرض کرتے ہیں کہ اس نے[1] الحمدللہ کہہ کر شکر ادا کیا اور "اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ" بھی کہا کر[2]، تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ اس نے مصیبت میں صبر اور تسلیم ورضا اختیار کیا ہے اور الحمدللہ کہا ہے، اس کے بدلے میں اس کے لیے جنت میں ایک محل بناؤ اور اس کا نام بیت الحمد رکھو۔ اس کی روایت امام احمد اور ترمذی نے کی ہے۔

۲۲۱۰/۳۷ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَۃَ قَالَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت

---

[1] اپنے رنج وغم کے باوجود اس مصیبت پر اس کو صبر کی جو توفیق ملی، اس پر۔
[2] اپنی موت کو اللہ تعالیٰ کے سامنے حاضر ہونے کو یاد کیا اور جزع فزع اور بے قراری ظاہر نہیں کی۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اللّٰهُ مَا لِعَبْدِيَ الْمُؤْمِنِ عِنْدِيْ جَزَآءٌ اِذَا قَبَضْتُ صَفِيَّهٗ مِنْ اَهْلِ الدُّنْيَا ثُمَّ احْتَسَبَهٗ اِلَّا الْجَنَّةَ.

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں اللہ تعالےٰ کا ارشاد ہے کہ جس مسلمان کو کسی مسلمان سے دنیوی تعلقات ہوں اور اس کو اس سے بے حد محبت ہو (جیسے باپ، بیٹا، بھائی، بیوی وغیرہ) اور اس کا انتقال ہو جائے اور وہ ثواب کی نیت سے اس پر صبر کرے تو میں اس کے صلہ میں اس کو ضرور جنت دوں گا۔ له اس کی روایت بخاری نے کی ہے۔

٢٢١١/٢٨ وَعَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ مُّسْلِمٍ وَّلَا مُسْلِمَةٍ يُصَابُ بِمُصِيْبَةٍ فَيَذْكُرُهَا وَاِنْ طَالَ عَهْدُهَا فَيُحْدِثُ لِذٰلِكَ اِسْتِرْجَاعًا اِلَّا جَدَّدَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى لَهٗ عِنْدَ ذٰلِكَ فَاَعْطَاهُ مِثْلَ اَجْرِهَا يَوْمَ اُصِيْبَ بِهَا.

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت حسین بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جب کسی مسلمان مرد یا مسلمان عورت پر مصیبت آئے (اور اس سے وہ غمگین رہا اور اس مصیبت پر تھوڑی مدت گزری یا زیادہ) جب کبھی وہ مصیبت یاد آئے اس سے اس کا غم پھر تازہ ہو گیا ایسے وقت وہ "اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ" پڑھ کر صبر کیا، تو شروع مصیبت میں اس کے صبر کی وجہ سے اس کو جو اجر ملا تھا، اس کو دوبارہ مصیبت یاد کر کے صبر کرنے پر ویسے ہی اجر ملے گا۔ (جیسے اس کو پہلی مرتبہ صبر کرنے پر ملا تھا) اس حدیث کی روایت امام احمد نے کی ہے، اور بیہقی نے اس کی روایت شعب الایمان میں کی ہے۔

٢٢١٢/٢٩ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِذَا انْقَطَعَ شِسْعُ اَحَدِكُمْ فَلْيَسْتَرْجِعْ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ له نعلین کا تسمہ ٹوٹ جائے اور وہ "اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ"،

له (اور اللہ تعالیٰ کے واسطے کسی سے تعلق ہو، اور اُن سے اس کو بے حد محبت ہے جیسے استاد و مرشد اگر ان کا انتقال ہو جائے اور وہ ثواب کی نیت سے صبر کرے تو اس کی جزاء کا کیا کہنا جنت اور جنت کے اعلیٰ مراتب اس کو دوں گا

له جیسے کوئی بڑی مصیبت آئے تو اس پر "اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ"، پڑھ کر صبر کرے تو اس پر اجر ملتا ہے۔ ایسے ہی چھوٹی سی بات چھوٹی مصیبت ہو جیسے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

فَاِنَّهٗ مِنَ الْمَصَآئِبِ۔

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

پڑھے تو (اس چھوٹی مصیبت کے وقت بھی) ویسے ہی اجر ملے گا جیسا کہ بڑی مصیبت کے وقت "اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ" پڑھنے سے ملا تھا۔ اس کی روایت بیہقی نے شعب الایمان میں کی ہے۔

۲۲۱۳/۳۰ وَعَنْ اُمِّ الدَّرْدَاءِ قَالَتْ سَمِعْتُ اَبَا الدَّرْدَاءِ يَقُوْلُ سَمِعْتُ اَبَا الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى قَالَ يَا عِيْسٰى اِنِّيْ بَاعِثٌ مِنْ بَعْدِكَ اُمَّةً اِذَا اَصَابَهُمْ مَا يُحِبُّوْنَ حَمِدُوا اللّٰهَ وَاِنْ اَصَابَهُمْ مَا يَكْرَهُوْنَ اِحْتَسَبُوْا وَصَبَرُوْا وَلَا حِلْمَ وَلَا عَقْلَ فَقَالَ يَا رَبِّ كَيْفَ يَكُوْنُ هٰذَا لَهُمْ وَلَا حِلْمَ وَلَا عَقْلَ قَالَ اُعْطِيْهِمْ مِنْ حِلْمِيْ۔

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت ام الدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے وہ کہتی کہ میں ابوالدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سُنی ہوں، ابوالدرداء کہتے تھے کہ میں نے حضرت ابوالقاسم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام سے فرمایا، اے عیسیٰ! میں تمہارے بعد ایک ایسی امت پیدا کروں گا کہ جب ان کو کوئی نعمت ملے گی تو وہ الحمد للہ کہہ کر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرے گی اور جب اُن پر کوئی (ناقابل برداشت) مصیبت آئے گی جس سے ان کے ہوش وحواس اڑجائیں گے اور سمجھ باقی نہ رہے تو باوجود اس کے وہ ثواب کی نیت سے اس (مصیبت) پر صبر کریں گے تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے عرض کی کہ اے مرے پروردگار! (مصیبت کی وجہ سے) جب ان کے ہوش وحواس اڑجائیں اور سمجھ باقی نہ رہے تو وہ مصیبت پر کیسے صبر کریں گے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہوا کہ (انسانی فطرت کے لحاظ سے مصیبت کی وجہ سے ہوش وحواس اور سمجھ نہ رہے گی مگر) میں اپنے پاس سے ان کو علم لدنی اور سمجھ دوں گا (جس سے ان کو مصیبت پر صبر کرنا آسان ہو جائے گا) اس حدیث کی روایت بیہقی نے شعب الایمان میں کی ہے۔

۲۲۱۴/۳۱ وَعَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ عَجَبٌ لِلْمُؤْمِنِ اِنْ اَصَابَهٗ خَيْرٌ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ مسلمان کا عجب حال ہے (ہر حال میں وہ اللہ ہی کا رہتا ہے) اگر

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

حَمِدَ اللّٰهَ وَشَكَرَ وَاِنْ اَصَابَتْهُ مُصِيْبَةٌ حَمِدَ اللّٰهَ وَصَبَرَ وَالْمُؤْمِنُ يُؤْجَرُ فِيْ كُلِّ اَمْرِهٖ حَتّٰى فِي اللُّقْمَةِ يَرْفَعُهَا اِلٰى فِيْ اِمْرَاَتِهٖ ۔

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

۲۲۱۵/۳۲ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ عَزّٰى مُصَابًا فَلَهٗ مِثْلُ اَجْرِهٖ ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

۲۲۱۶/۳۳ وَعَنْ اَبِيْ بَرْزَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ عَزّٰى ثَكْلٰى كُسِيَ بُرْدًا فِي الْجَنَّةِ ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ

اس کو بھلائی اور نعمت پہونچتی ہے تو الحمد للہ کہہ کر اللہ کا شکر ادا کرتا ہے اور اگر اس کو کوئی بلا اور مصیبت پہونچتی ہے تو اس بلاء اور مصیبت کا ثواب اس کے پیش نظر ہو جاتا ہے، اس وجہ سے وہ الحمد للہ کہتا ہے[1]۔ اس کو ہر کام میں اجر و ثواب ملتا ہے[2]، اس حدیث کی روایت بیہقی نے شعب الایمان میں کی ہے۔

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ کسی مسلمان پر کوئی مصیبت آپڑے[3] تو جو اس کو تسلی دے اور صبر کی تلقین کرے (جس سے اس کا غم غلط ہو) تو اس تسلی دینے والے کو بھی اتنا ہی اجر ملے گا جتنا کہ مصیبت زدہ کو ملتا ہے۔ اس حدیث کی روایت ترمذی اور ابن ماجہ نے کی ہے

حضرت ابو برزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ کسی عورت کا بچہ مرگیا اور وہ بہت ہی غم زدہ ہے جو مسلمان اس کی تعزیت کرے اور دلاسا دے تو تعزیت دینے والے کو (اعزاز کے طور پر) جنت میں جنتی خلعت پہنائی جائے گی

---

[1] یا اس کو یہ خیال آتا ہے کہ یہ بلا اور مصیبت دنیوی امور میں آئی ہے دین کو میرے اللہ نے بچا رکھا ہے اور دین پر کوئی مصیبت نہیں آئی ہے۔ اس لیے الحمد للہ کہتا ہے، یا یہ خیال آتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا بڑا احسان ہے کہ مجھ پر یہ مصیبت بھیجی۔ اس سے کوئی اور بڑی مصیبت میں مبتلا نہیں کیا، اس لیے الحمد للہ کہتا ہے اور اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ۔ کہہ کر صبر کرتا ہے مسلمان کا جو کام ہوتا ہے وہ اللہ کی خوشنودی اور اس کو راضی کرنے کے لیے ہوتا ہے

[2] مثلاً اگر وہ اپنی بیوی کے منھ میں نوالہ دے اور دیتے وقت یہ نیت کرے کہ اس کا حق جو میرے ذمہ ہے، اس کی ادائیگی کے لیے دے رہا ہوں، اگرچہ کہ اس میں اس کو حظ نفس حاصل ہو رہا ہے لیکن وہ زنا کے ذریعہ حظ نفس حاصل نہ کر کے حلال ذریعہ سے اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے لیے اپنی بیوی کے منھ میں نوالہ دے کر حظ نفس حاصل کر رہا ہے، اس لیے اس کو اپنی بیوی کے منھ میں نوالہ دیتے سے بھی اجر ملتا ہے

[3] کسی کے مرنے کی وجہ سے یا کسی اور وجہ سے جس کی وجہ سے وہ بہت پریشان ہے، دوسرا مسلمان اس کے پاس جا کر یا خط لکھ کر

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOLIA ISLAMIA ACADEMY

هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ)

۲۲۱۷ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَمَّا جَاءَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَتْلُ ابْنِ حَارِثَةَ وَجَعْفَرٍ وَابْنِ رَوَاحَةَ جَلَسَ يُعْرَفُ فِيهِ الْحُزْنُ وَأَنَا أَنْظُرُ مِنْ صَائِرِ الْبَابِ تَعْنِي شَقَّ الْبَابِ فَأَتَاهُ رَجُلٌ فَقَالَ إِنَّ نِسَاءَ جَعْفَرٍ وَذَكَرَ بُكَاءَهُنَّ فَأَمَرَهُ أَنْ يَنْهَاهُنَّ فَذَهَبَ ثُمَّ أَتَاهُ الثَّانِيَةَ لَمْ يُطِعْنَهُ فَقَالَ انْهَهُنَّ فَأَتَاهُ الثَّالِثَةَ قَالَ وَاللهِ غَلَبْنَنَا يَا رَسُولَ اللهِ فَزَعَمَتْ أَنَّهُ قَالَ فَاحْثُ فِي أَفْوَاهِهِنَّ التُّرَابَ فَقُلْتُ أَرْغَمَ اللهُ أَنْفَكَ لَمْ تَفْعَلْ مَا أَمَرَكَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ تَتْرُكْ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْعَنَاءِ.

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اس کی روایت ترمذی نے کی ہے۔

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم تشریف فرما تھے کہ آپ کے پاس زید بن حارثہ، جعفر بن ابی طالب اور عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے شہید ہونے کی خبر آئی، اس خبر کے سننے سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے چہرہ مبارک پر غم کے آثار ظاہر ہوئے۔ ام المومنین فرماتی ہیں کہ میں دروازے کے دراڑ سے دیکھ رہی تھی کہ ایک شخص نے حاضر ہو کر عرض کیا کہ یا رسول اللہ! جعفر کے گھر کی عورتیں (نوحہ کر کے اور چیخ و پکار کر کے) رو رہی ہیں، آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اس شخص سے فرمایا کہ تم جاؤ اور اُن کو (نوحہ اور چیخ و پکار کرنے سے منع کرو، وہ شخص چلا گیا اور دوبارہ حاضر ہو کر عرض کیا کہ وہ عورتیں میری بات نہیں مانتی ہیں (اور نوحہ کر کے برابر رو رہی ہیں۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے دوبارہ اسی شخص کو فرمایا کہ جاؤ اور ان کو نوحہ کر کے) رونے سے منع کرو تو وہ شخص چلا گیا اور تیسری بار حاضر ہو کر) عرض کیا کہ حضور! بخدا یہ عورتیں ہمارے قابو سے باہر ہو گئی ہیں (اور نوحہ کر کے رونے سے باز نہیں آ رہی ہیں ام المومنین فرماتی ہیں کہ مجھے خیال پڑتا ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اس وقت اس شخص سے فرمایا تھا کہ جا کر ان کے منہ میں مٹی ڈال دو (اس سے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی ناراضگی کا اظہار فرمایا پھر حضرت عائشہ اپنے آپ سے فرماتی ہیں (یہ عجیب شخص ہے) خدا اس کو ذلیل کرے، نہ تو حضور کے حکم کی تعمیل کر کے عورتوں کے نوحہ کرنے سے روک سکا، اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ

وسلم کو بار بار عرض کر کے تکلیف دینا بھی نہ چھوڑا۔ اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

ف اس حدیث شریف میں مذکور ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اتفاق سے مسجد میں تشریف فرما تھے جب کہ حضرت جعفر وغیرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی شہادت کی خبر آئی۔ اس لیے ردالمحتار میں مذکور ہے کہ اگر کوئی شخص کسی کے انتقال پر قصداً مسجد میں یا گھر میں بیٹھے تاکہ لوگ اس کی تعزیت کریں تو یہ مکروہ ہے۔ بلکہ لوگ جب دفن سے فارغ ہو جائیں تو صاحب میت کے گھر جمع نہ ہوں، بلکہ اپنے اپنے گھروں کو چلے جائیں اور اپنے اپنے کاموں میں مشغول ہو جائیں اور میت کے ورثاء بھی اپنے گھر چلے جائیں اور اپنے کاموں میں مصروف ہو جائیں۔ ۱۲

۲۲۱۸ ۳۵ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ لَمَّا جَاۤءَ نَعْيُ جَعْفَرٍ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِصْنَعُوْا لِاٰلِ جَعْفَرٍ طَعَامًا فَقَدْ اَتَاهُمْ مَا يَشْغَلُهُمْ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَاَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ جب حضرت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے پاس حضرت جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت کی خبر پہنچی تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے (اپنے گھر والوں) سے فرمایا: تم جعفر کے گھر والوں کے لیے کھانا تیار کر کے بھیجو، کیوں کہ جعفر کی موت سے ان پر ایسی مصیبت آئی ہے جس کی وجہ سے ان کو کھانا تیار کرنے کا موقع نہیں ہے۔ اس کی روایت ترمذی، ابوداؤد اور ابن ماجہ نے کی ہے۔ ۱۲۰

۲۲۱۹ ۳۶ وَعَنِ الْبُخَارِيِّ تَعْلِيْقًا قَالَ لَمَّا مَاتَ الْحَسَنُ ابْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ ضَرَبَتْ اِمْرَاَتُهُ الْقُبَّةَ عَلٰى قَبْرِهٖ سَنَةً ثُمَّ رُفِعَتْ فَسَمِعَتْ صَائِحًا يَقُوْلُ اَلَا هَلْ وَجَدُوْا مَا فَقَدُوْا فَاَجَابَهٗ اٰخَرُ

امام بخاری سے تعلیقاً روایت کی گئی ہے کہ جب حسن مثنیٰ ابن حسن بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی وفات ہوئی تو آپ کی بیوی آپ کی قبر کے پاس ایک سال تک ڈیرہ لگا کر بیٹھی رہیں[1]، ایک سال کے بعد جب انھوں نے ڈیرہ اٹھایا تو ایک ہاتف غیبی نے یہ ندا دی کہ حسن مثنیٰ کی بیوی ان کی قبر کے پاس ایک سال تک جو بیٹھی رہیں تو کیا حسن مثنیٰ پھر ان کو مل گئے؟ دوسرے ہاتف غیبی

---

[1] میت کو دفن کرنے کے بعد اہل میت کو اپنے اپنے کاموں میں مشغول ہو جانا چاہیے، حضرت حسن مثنیٰ کی بیوی ایسا نہ کر کے ایک سال تک قبر کے پاس بیٹھی رہیں تو اللہ تعالیٰ کو یہ پسند نہ آیا۔ چوں کہ یہ خاندان نبوت سے تعلق رکھتی تھیں۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے ان کو متنبہ کر دیا اور ہاتف غیبی کے ذریعہ ان کا یہ کام ناپسند ہونا ظاہر فرما دیا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

بَلْ يَئِسُوْا فَانْقَلَبُوْا۔

نے اس کا جواب اس طرح دیا (حسن مثنیٰ ان کو پھر ملے تو نہیں) "دیہ خود تھک کر مایوس ہو کر چلی گئی ہیں۔

بَابُ زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ زیارت قبور کے آداب

اس باب میں قبروں کی زیارت کا جائزہ ہونا زیارتِ قبور کی فضیلت اور زیارت قبور کے آداب کا بیان ہے۔

ف: قبروں کی زیارت کرنا بالاتفاق مستحب ہے، اور اس لیے کہ قبروں کی زیارت سے دل میں رقت پیدا ہوتی ہے اور اس سے موت یاد آتی ہے اور عبرت حاصل ہوتی ہے کہ یہ مردے بھی ہمارے جیسے تھے چلتے پھرتے کھاتے پیتے، دنیا کے سارے کام کرتے تھے۔ آج بے بس ہو کر اپنی اپنی قبروں میں پڑے ہیں ایک دن ہم کو بھی ایسا ہی ہونا ہے، دنیا کا ناپیدار ہونا آنکھوں کے سامنے آجاتا ہے، زیارت قبور سے ایک بڑا فائدہ یہ بھی ہے کہ جیسے ہم کو عبرت حاصل ہوتی ہے۔ اسی طرح مُردوں کے لیے بھی دعاء مغفرت کا موقع ملتا ہے اور اس سے ادائیگی سنت بھی ہوتی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم مدینہ منورہ کے قبرستان میں تشریف لے جاتے، مُردوں کو سلام کرتے اور ان کے لیے دعاء مغفرت فرماتے تھے۔

زیارت قبور کے آداب میں سے ایک ادب یہ ہے کہ جب زیارت قبور کے لیے جائیں تو میت کے پاؤں کی طرف سے داخل ہوں اور اس طرح کھڑے ہوں کہ اپنا رخ صاحب قبر کے چہرہ کے مقابل ہو، اور پشت قبلہ کی طرف رہے، اور صاحب قبر کو سلام کرے اور قبر کے پاس قرآن پڑھنا جائز ہے اور اسی پر فتویٰ ہے، اور شیخ ابن الہمام نے بھی اسی طرح فرمایا ہے۔ قبر کے پاس سورۂ ملک یا سورہ اخلاص، یا ۱۱ بار پڑھ کر اس کا ثواب مردوں کو بخشیں تو مردوں کی تعداد کے موافق پڑھنے والے کو نیکیاں ملیں گی، اور بعض حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے کہ سورہ فاتحہ، سورۂ قل اعوذ برب الفلق اور سورۂ قل اعوذ برب الناس اور سورۂ قل ہو اللہ احد پڑھ کر اس کا ثواب اہل مقابر کو پہونچائیں۔ تو یہ ثواب ان کو پہونچتا ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ قرآن یا قرآن کی کوئی سورہ پڑھ کر اس کا ثواب مردوں کو بخشیں تو یہ ثواب مردوں کو پہونچتا ہے۔

شیخ عبداللہ یافعی رحمہ اللہ تعالیٰ اپنی کتاب روض الریاحین میں لکھتے ہیں کہ شیخ عزالدین عبدالسلام رحمہ اللہ کو ان کے انتقال کے بعد کسی نے خواب میں دیکھا، وہ فرما رہے تھے کہ ہم دنیا میں کہا کرتے تھے کہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-E-ISLAMIA ACADEMY

قرآن کا یا قرآن کے کسی حصہ کا ثواب مردوں کو بخشا جائے تو مردوں کو بخشنے سے منع کرتے تھے، مرنے کے بعد جب ہم اس عالم میں پہونچے تو معلوم ہوا کہ ہمارا یہ کہنا غلط تھا۔ قرآن پڑھ کر اس کا ثواب مردوں کو بخشا جائے تو ان کو ضرور پہونچتا ہے۔ (یہ پورا مضمون اشعۃ اللمعات سے لیا گیا ہے)

مرقات میں لکھا ہے کہ خلال نے اپنی کتاب الجامع میں امام شعبی سے روایت کی ہے کہ انصار رضی اللہ تعالیٰ عنہم میں سے جب کسی کا انتقال ہو جاتا تو وہ ان کی قبر کی زیارت کے لیے جاتے تو قبر کے پاس قرآن پڑھا کرتے تھے ابو القاسم سعد بن علی الزنجانی نے اپنی کتاب فوائد میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جو شخص قبرستان میں جائے اور سورہ فاتحہ سورہ قل ھو اللہ احد، سورۂ الھکم التکاثر پڑھ کر اس کا ثواب قبرستان کے مردوں کو پہنچائے تو یہ مردے قیامت میں اس پڑھنے والے کے لیے اللہ تعالیٰ کے پاس شفاعت کریں گے۔

قاضی ابو بکر بن عبد الباقی نے اپنی کتاب "مشیخۃ" میں سلمہ بن عبید سے روایت کی ہے کہ ایک دفعہ رات کے وقت حماد مکی مکہ مکرمہ کے قبرستان کو تشریف لے گئے اور ایک قبر پر سر رکھ کر سو گئے، انھوں نے خواب میں دیکھا کہ قبرستان کے مردے کئی حلقے بنا کر بیٹھے ہوئے ہیں، میں نے مردوں کو ایسی حالت میں دیکھ کر) ان سے پوچھا کہ کیا قیامت قائم ہو گئی ہے، مردے جواب دیئے کہ نہیں نہیں! قیامت قائم نہیں ہوئی ہے بلکہ ایک شخص نے سورۂ قل ھو اللہ احد پڑھ کر اس کا ثواب اس قبرستان کے مردوں کو بخشا ہے اور ہم سب مردے اس کا ثواب ایک سال سے آپس میں بانٹ رہے ہیں۔

عبد العزیز خلال نے اپنی مسند میں حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں کہ جو شخص قبرستان میں جائے اور قبرستان میں سورۂ یٰسین پڑھ کر اس کا ثواب قبرستان کے مردوں کو بخشے تو قبرستان کے جن مردوں پر عذاب ہو رہا ہو تو سورہ یٰسین کا ثواب بخشنے کی وجہ سے ان مردوں سے عذاب اٹھا لیا جاتا ہے اور قبرستان کے مردوں کی تعداد کے موافق پڑھنے والوں کو نیکیاں ملیں گی (مرقات کا مضمون یہاں ختم ہوا)

ان آثار و احادیث سے اور اسی طرح کے اور آثار و احادیث سے ثابت ہوا کہ قرآن اور قرآن کی سورتوں کا ثواب مُردوں کو پہونچتا ہے۔ جیسے حج عن الغیر سے حج کرنے کا ثواب ایک شخص کی طرف سے دوسرے شخص کو پہونچتا ہے بعض حضرات کا خیال ہے کہ قرآن شریف پڑھ کر بخشا جائے تو اس کا ثواب مردوں کو نہیں پہونچتا۔ اور اس کی تائید میں یہ آیت پیش کرتے ہیں۔

"اَنْ لَّيْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰى" (سورۂ نجم پ ۲۷ ع ۲) اور اس آیت کے معنی یہ حضرات یوں کرتے ہیں "انسان کو وہی ملے گا کہ جو عمل اس نے کئے ہوں" (دوسرا اگر اس کے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

لیے عمل کرے تو ایک کا ثواب دوسرے کو نہیں ملے گا) حالانکہ یہ صحیح نہیں ہے۔ اس واسطے کہ بیان القرآن (جلد ۱۱ صفحہ ۷۲) میں مذکور ہے کہ اس آیت میں سعی سے مراد عمل نہیں، بلکہ ایمان ہے یعنی جو ایمان لایا اسی کو اس کا فائدہ ملے گا۔ یعنی کسی دوسرے کا ایمان اس کے کام نہیں آئے گا۔ ہاں! ایک کا عمل دوسرے کے کام آئے گا جیسا کہ سورہ طور کی اس آیت شریفہ سے ثابت ہوتا ہے "وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُمْ بِاِيْمَانٍ اَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَمَآ اَلَتْنٰهُمْ مِّنْ عَمَلِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ ط (سورۃ طور پ ۲۷ ع) اور جو لوگ ایمان لائے اور ان کی اولاد بھی ایمان لائی اگرچہ کہ اولاد کے اعمال اپنے آباء کے اعمال کے برابر نہیں ہیں، پھر بھی ہم اُن کے آباء کے اعمال ان کو دے کر ان کو ان کے آباء کے درجہ میں پہنچا دیں گے اور اس سے ان کے آباء کے اعمال کا ثواب کم نہیں کریں گے)

اس آیت سے معلوم ہوا کہ ایک کے اعمال کا ثواب دوسرے کو پہونچتا ہے، اسی لیے رد المحتار میں مذکور ہے کہ "ہمارے علماء نے باب الحج عن الغیر میں صراحت کی ہے کہ انسان اپنے عمل کا ثواب دوسرے کو دے سکتا ہے۔ جیسے نفل نماز، نفل روزہ یا خیرات وغیرہ، ہدایہ میں بھی ایسا ہی لکھا ہے، اور فتاویٰ تاتارخانیہ کی کتاب الزکاۃ میں محیط سے نقل ہے کہ اس شخص کے لیے جو خیرات کرنا چاہتا ہے) بہتر یہ ہے کہ وہ خیرات کرتے وقت تمام مسلمان مرد اور مسلمان عورتوں کو ثواب پہونچانے کی نیت کرے، اس لیے کہ یہ ثواب اُن کو پہونچتا ہے اور اس سے خیرات کرنے والے کے ثواب میں کوئی کمی نہیں ہوتی (رد المحتار کی عبارت یہاں ختم ہوئی)

علاوہ ازیں مرقات نے ایصال ثواب کے جواز پر متعدد احادیث آثار اور فقہی روایات کے بیان کرنے کے بعد یہ بھی لکھا ہے کہ تمام دنیا کے مسلمان بلا اختلاف ہر شہر میں اور ہر زمانہ میں جب کسی کا انتقال ہو جائے تو میت کو پہونچانے کے لیے جمع ہوتے ہیں اور قرآن پڑھ کر اس کا ثواب میت کو پہونچاتے ہیں۔ مسلمانوں کا سالہا سال سے ایصال ثواب کرنے کا یہ عمل اس بات کی دلیل ہے کہ ایصال ثواب کے جائز ہونے پر تمام دنیا کے مسلمانوں کا اجماع ہے۔ ایصال ثواب کے جواز پر یہ اور اس قسم کی ساری دلیلوں کو حافظ شمس الدین ابن عبد الواحد المقدسی الحنبلی نے اپنے رسالہ میں بیان کیا ہے جس کو انھوں نے ایصال ثواب کے جواز پر لکھا ہے۔ (یہ پوری عبارت مرقات سے لی گئی ہے)

مذکورہ بالا تفصیلات سے مسلمانوں کا جمع ہو کر ایصال ثواب کے لیے قرآن پڑھنے کا ثبوت مل گیا اب رہا قبر کے پاس انفرادی طور پر یا اجتماعی طور پر قرآن پڑھ کر بخشنا اس بارے میں مرقات ہی میں ذیل کی تقریر مذکور ہے۔

"علامہ سیوطی رحمۃ اللہ نے فرمایا ہے کہ نہ صرف شافعی حضرات بلکہ دیگر علماء نے بھی قبر کے پاس قرآن پڑھنے کو جائز قرار دیا ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

امام نووی رحمۃ اللہ شرح المہذب میں فرماتے ہیں کہ جو شخص زیارت قبور کے لیے جائے اس کے لیے مستحب یہ ہے کہ جس قدر قرآن اس سے ہو سکے تلاوت کرکے اس کا ثواب صاحب قبر کو بخشے اور ان کے لیے دعاء مغفرت کرے۔ امام شافعی رحمۃ اللہ سے بھی اس بارے میں ایسی ہی صراحت موجود ہے، اور دیگر علماء کا بھی اسی پر اتفاق ہے۔

امام نووی شرح مہذب میں ایک اور مقام پر یہ بھی فرماتے ہیں کہ اگر سب مل کر پورا قرآن قبر کے پاس بیٹھ کر ختم کریں تو یہ افضل ہے۔ (مرقات کی عبارت یہاں ختم ہوئی)

اور اشعۃ اللمعات میں زیارت قبور کے آداب میں یہ بھی لکھا ہے کہ قبروں کی زیارت کسی دن بھی کی جا سکتی ہے لیکن افضل یہ ہے کہ جمعہ کے دن زیارت کی جائے۔ اس لیے کہ جمعہ کے دن اہل قبور کے حس اور ادراک اور دنوں کی بہ نسبت زیادہ ہو جاتے ہیں۔ ۱۲۔

۲۲۲۰ وَعَنْ بُرَيْدَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ نَهَيْتُكُمْ عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ فَزُوْرُوْهَا وَنَهَيْتُكُمْ عَنْ لُحُوْمِ الْاَضَاحِيْ فَوْقَ ثَلَاثٍ فَامْسِكُوْا مَا بَدَا لَكُمْ وَنَهَيْتُكُمْ عَنِ النَّبِيْذِ اِلَّا فِي سِقَاءٍ فَاشْرَبُوْا فِي الْاَسْقِيَةِ

حضرت بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ میں نے تم کو پہلے قبروں کی زیارت کرنے سے منع کیا تھا[1] یہ دونوں حکم مردوں اور عورتوں کے لیے اسلام کے شروع زمانہ کے ہیں، اب یہ دونوں حکم منسوخ ہو گئے ہیں) اس لیے مردوں اور عورتوں دونوں کو یہ حکم ہو رہا ہے "فَزُوْرُوْهَا" مرد ہو یا عورت دونوں کو زیارت قبور کی اجازت ہے[2] رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم یہ بھی ارشاد فرماتے ہیں کہ[3] اب تم کو اجازت ہے کہ تم قربانی کے اپنے حصہ

---

[1] اور عورتوں کے لیے یہ ارشاد ہوا تھا کہ "لَعَنَ اللّٰهُ زَوَّارَاتِ الْقُبُوْرِ" (قبروں کی زیارت کرنے والی عورتوں پر اللہ کی لعنت ہو

[2] اور یہ مستحب ہے، زیارت قبور سے موت اور آخرت یاد آجاتی ہے اور دنیا سے نفرت ہو جاتی ہے۔ دنیا میں پھنس کر گناہوں میں مبتلا ہوتے تھے۔ زیارت قبور سے دنیا کی ناپائیداری آنکھوں کے سامنے ہو جاتی ہے اس لیے دنیا داری کرتے بھی ہیں تو آخرت کی یاد کے ساتھ، عورتوں کو زیارت قبور کی اجازت تو ہو گئی ہے مگر ان کو چاہیئے کہ زیارت قبور کے وقت جزع وفزع اور نوحہ نہ کریں۔ کیونکہ یہ شرعًا ممنوع ہے

[3] قربانی کے گوشت کے تین حصے کرنا مستحب ہے ایک حصہ فقراء کو دینا چاہیئے، اور دوسرا حصہ قرابت داروں کو اور تیسرا حصہ اپنے گھر والوں کے لیے رکھنا چاہیئے۔ ایک زمانہ ایسا گزرا کہ بہت سے فقراء قحط کی وجہ سے مدینہ منورہ میں آگئے تھے ان کے لحاظ سے ارشاد ہوا کہ وہ نمبرا حصہ جو تمہارا ہے، اس کو گھر کے خرچ کے موافق رکھ کر باقی گوشت تین دن سے زیادہ نہ رکھنا چاہیئے اس کو بھی خیرات کر دینا چاہیئے اب قحط کا زمانہ نہیں رہا، اس لیے

www.waseemziyai.com
MARKAZUL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

كُلِّهَا وَلَا تَشْرَبُوْا مُسْكِرًا۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

کو تین دن سے زاید جب تک چاہو رکھ سکتے ہو، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم یہ بھی ارشاد فرماتے ہیں کہ میں نے پہلے تم کو مشکیزہ کے علاوہ دوسرے برتن (جس میں شراب رکھی جاتی تھی) ان میں نبیذ رکھ کر پینے سے منع کیا تھا[1] اب تم تمام برتنوں میں (خواہ وہ شراب رکھنے اور شراب بنانے کے برتن ہی کیوں نہ ہوں) ان میں نبیذ رکھ کر پی سکتے ہو، ہاں[2]، اس حدیث کی روایت مسلم نے کی ہے۔

۲۲۲۱ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كُنْتُ نَهَيْتُكُمْ عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ فَزُوْرُوْهَا فَاِنَّهَا تُزَهِّدُ فِي الدُّنْيَا وَتُذَكِّرُ الْاٰخِرَةَ

(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ میں نے پہلے تم کو زیارت قبور سے منع کیا تھا مگر اب میں تم کو قبروں کی زیارت کرنے کی اجازت دیتا ہوں، قبروں کی زیارت کیا کرو، کیونکہ زیارت قبور دنیا سے بے رغبتی پیدا کرتی ہے اور آخرت کی یاد کرا دیتی ہے۔

(ابن ماجہ)

---

[1] شراب کی حرمت سے پہلے جن برتنوں میں شراب بنائی جاتی اور رکھی جاتی تھی، شراب کی حرمت کے بعد نبیذ یعنے کھجور یا انگور کے شربت کو ان برتنوں میں رکھنے اور پینے سے بھی منع کر دیا گیا تھا۔ شراب کی حرمت کو جب ایک مدت گزر گئی اور شراب کی برائی دلوں میں بیٹھ گئی تو ان برتنوں کے استعمال کی اجازت مل گئی اور ان برتنوں کے استعمال کی ممانعت کا حکم منسوخ ہو گیا اور ارشاد ہوا کہ

[2] اس کا خیال رہے کہ نبیذ شراب نہ ہو جائے، کیونکہ ان برتنوں کے مسامات بند رہتے سے نبیذ جلد شراب ہو جاتی ہے، اور ہر نشہ آور چیز حرام ہے۔

ف: مذکورہ بالا دونوں حدیثوں سے معلوم ہوا کہ زیارت قبور مستحب ہے، اگرچہ کہ زیارت کے لیے دور دراز مقام پر سفر کرنا پڑے، جیسا کہ لوگوں کی عادت ہے کہ اولیاء اللہ اور بزرگوں کے قبور کی زیارت کے لیے سفر کرتے ہیں۔ لوگوں کا اس طرح بزرگوں کے مزارات کی زیارت کے لیے جانا جائز اور سنت ہے جیسا کہ ابن ابی شیبہ نے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم شہداء احد کی زیارت کے لیے ہر سال تشریف لے جایا کرتے تھے۔ حالانکہ احد مدینہ منورہ سے کافی فاصلہ پر واقع ہے۔ (یہ پورا مضمون رد المحتار سے ماخوذ ہے) ۱۲

۲۲۱۸ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ زَارَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَبْرَ اُمِّهٖ فَبَکٰی وَاَبْکٰی مَنْ حَوْلَهٗ فَقَالَ اسْتَاْذَنْتُ رَبِّیْ فِیْ اَنْ اَسْتَغْفِرَ لَهَا فَلَمْ یُؤْذَنْ لِیْ وَاسْتَاْذَنْتُهٗ فِیْ اَنْ اَزُوْرَ قَبْرَهَا فَاَذِنَ لِیْ فَزُوْرُوا الْقُبُوْرَ فَاِنَّهَا تُذَکِّرُ الْمَوْتَ نَقَالَ فِیْ رَدِّ الْمُحْتَارِ فِیْ بَابِ الْمُرْتَدِّ اَنَّ نَبِیَّنَا صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اَکْرَمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی بِحَیَاةِ اَبَوَیْهِ لَهٗ حَتّٰی اٰمَنَا بِهٖ کَمَا فِیْ حَدِیْثٍ صَحَّحَهُ الْقُرْطُبِیُّ وَابْنُ نَاصِرِ الدِّیْنِ حَافِظُ الشَّامِ وَغَیْرُهُمَا فَانْتَفَعَا بِالْاِیْمَانِ بَعْدَ الْمَوْتِ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اپنی والدہ کی قبر کی زیارت کے لیے تشریف لے گئے (قبر کے پاس صرف آنسو بہاکر) خود بھی روئے اور آس پاس جو صحابہ تھے ان کو بھی رلایا اور ارشاد فرمایا میں نے اپنے پروردگار سے اپنی والدہ کے لیے دعاء مغفرت کرنے کی اجازت مانگی لیکن مجھے اجازت نہیں ملی، پھر میں نے ان کی قبر کی زیارت کی اجازت مانگی تو اللہ تعالیٰ نے اجازت دے دی، تم لوگ بھی قبروں کی زیارت کیا کرو۔ کیونکہ قبروں کی زیارت سے (جو موت سے غافل ہیں ان کو) موت یاد آجاتی ہے۔ اس کی روایت مسلم نے کی ہے۔

ف: اس حدیث شریف اور اس قسم کی دوسری حدیثوں سے معلوم ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے والدین کے لیے دعاء مغفرت کرنا چاہی تو آپ کو اجازت نہیں ملی تو آپ اس وقت صرف قبر کی زیارت کی اجازت لے کر قبر کی زیارت کو گئے مگر آپ کا اس وقت بہت درد کے ساتھ رونا اللہ تعالیٰ کی رحمت کو جوش میں لانے کا سبب بنا اور اللہ تعالیٰ نے آپ کے قلب مبارک پر القا فرمایا کہ آپ اپنے والدین کے دوبارہ زندہ ہونے اور مشرف باسلام ہونے کی دعا فرمائیں، تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے دعاء فرمائی اور اللہ تعالیٰ نے آپ کی دعاء قبول فرمائی اور آپ کی خوشنودی

لہ (پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم صحابہ کی طرف متوجہ ہوکر ارشاد فرمائے کہ قبر کی زیارت کی جو اجازت مجھ کو ملی ہے یہ صرف میرے لیے ہی خاص نہیں ہے بلکہ تم لوگوں کے لیے بھی ہے اس لیے)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

کی خاطر بطور معجزہ آپ کی والدہ کو زندہ فرمایا۔ یہ کوئی نئی بات نہیں ہے۔ اگلے پیغمبروں سے بھی مردوں کو زندہ کرنے کے ایسے واقعات ظاہر ہوئے ہیں۔ چنانچہ سورۂ بقرہ سے معلوم ہوتا ہے کہ بنی اسرائیل کے مقتول کو اللہ تعالیٰ نے زندہ فرمایا؛ تاکہ وہ اپنے قاتل کی خبر دے اور حضرت عیسیٰ علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام بھی بطور معجزہ مردوں کو زندہ کرتے تھے اور ایسا ہی ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے مبارک ہاتھوں پر اللہ تعالیٰ نے بہت سارے مردوں کو زندہ فرمایا ہے اور ایسا ہی اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے معجزے سے آفتاب ڈوبنے کے بعد واپس لوٹایا تاکہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ عصر کی نماز پڑھ لیں، تو جس طرح اللہ تعالیٰ نے آفتاب کو ڈوبنے کے بعد دوبارہ لوٹایا تاکہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، فوت شدہ نماز پڑھ لیں۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے والدین کی وفات کے بعد دوبارہ ان کو زندہ کیا، تاکہ ایمان لانے کا موقع گزر جانے کے بعد بھی پھر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لائیں، اسی لیے ردالمحتار میں لکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے اعزاز میں آپ کے والدین شریفین کو زندہ فرمایا تاکہ وہ آپ پر ایمان لائیں اور آپ کا رنج وغم دور ہو۔ چنانچہ آپ کے والدین زندہ ہوئے اور حضور پر ایمان لائے۔ اس واقعہ کا ذکر ایک حدیث میں آیا ہے اور اس حدیث کو علامہ قرطبی اور علامہ ابن ناصر الدین حافظ الشام اور دیگر حفاظ حدیث نے صحیح قرار دیا ہے۔ اشعۃ اللمعات میں بھی ایسا ہی مذکور ہے۔ ۱۲۔

۲۲۲۳ وَعَنْ بُرَيْدَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يُعَلِّمُهُمْ اِذَا خَرَجُوْا اِلَى الْمَقَابِرِ "اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الدِّيَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَاِنَّا اِنْ شَآءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَلَاحِقُوْنَ نَسْأَلُ اللّٰهَ لَنَا وَلَكُمُ الْعَافِيَةَ"

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت بُریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ جب صحابہ زیارت قبور کے لیے قبرستان کو جانے کا ارادہ کرتے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ان کو یہ دعا سکھلاتے کہ جب تم قبرستان میں جاؤ تو وہاں یہ دعا پڑھا کرو۔

مسلمانوں کے قبرستان والو! (مومن ہو یا مومنات) تم سب پر سلام ہو (یعنی آخرت کی مصیبتوں اور پریشانیوں سے) اللہ تعالیٰ تم کو سلامت رکھے، (ایک دن وہ آنا ہے کہ) ہم بھی تم سے انشاءاللہ ملنے والے ہیں۔ ہم اپنے لیے اور تمہارے لیے اللہ تعالیٰ سے خیر وعافیت کی دعاء مانگتے ہیں۔ اس کی روایت مسلم نے کی ہے۔

۲۲۲۴ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَيْفَ

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ

www.waseemziyai.com MARKAZUL OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اَقُوْلُ يَا رَسُوْلَ اللهِ تَعْنِیْ فِیْ زِیَارَةِ الْقُبُوْرِ قَالَ قُوْلِیْ "اَلسَّلَامُ عَلٰی اَهْلِ الدِّیَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَیَرْحَمُ اللهُ الْمُسْتَقْدِمِیْنَ مِنَّا وَالْمُسْتَاْخِرِیْنَ وَاِنَّا اِنْ شَآءَ اللهُ بِکُمْ لَلَاحِقُوْنَ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے دریافت کیا یا رسول اللہ جب میں زیارت قبور کے لیے جاؤں، تو قبرستان کے مردوں کو کس طرح سلام کروں، اور ان کے لیے کیا دعاء کروں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جب تم (زیارت قبور کے لیے جاؤ تو) اس طرح سلام کر کے یہ دعا پڑھا کرو۔ مسلمانوں کے قبرستان والو! (مومن ہو یا مؤمنات) تم سب پر سلام ہو (یعنی آخرت کی مصیبتوں اور پریشانیوں سے) اللہ تعالیٰ تم کو سلامت رکھے (یوں تو ہر حالت میں اللہ تعالیٰ کی رحمت کی بے حد ضرورت ہے، اس لیے ہم دعا کرتے ہیں کہ) ہم سے پہلے جو عالم آخرت میں جا چکے ہیں، یا ہمارے بعد جو عالم آخرت میں آنے والے ہیں ان سب پر اللہ تعالیٰ اپنی رحمت نازل فرمائے تاکہ آخرت کی زندگی آرام سے گزرے (اے اہل قبور ایک دن وہ آتا ہے کہ) ہم بھی انشاءاللہ تم سے ملنے والے ہیں۔ اس کی روایت مسلم نے کی ہے۔

۲۲۲۵ وَعَنْهَا قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ كُلَّمَا كَانَ لَيْلَتُهَا مِنْ رَّسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَخْرُجُ مِنْ اٰخِرِ اللَّيْلِ اِلَى الْبَقِيْعِ فَيَقُوْلُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ دَارَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ وَاَتَاكُمْ مَّا تُوْعَدُوْنَ غَدًا مُّؤَجَّلُوْنَ وَاِنَّا اِنْ شَآءَ اللهُ بِكُمْ لَاحِقُوْنَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِاَهْلِ بَقِيْعِ الْغَرْقَدِ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ جب میری باری کی رات کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم آخر شب مدینہ منورہ کے قبرستان بقیع کو تشریف لے جاتے اور وہاں پہونچ کر یہ دعا فرماتے: مسلمانوں کے قبرستان والو! تم سب پر سلام ہو، جس اجر و ثواب کا دنیا میں تم سے وعدہ کیا جاتا تھا وہ اب تم کو مل گیا، اور باقی پورا پورا ثواب کل قیامت کے بعد جنت میں ملے گا اور ایک دن وہ آتا ہے کہ ہم بھی تم سے ان شاءاللہ ملنے والے ہیں۔ الٰہی! مدینہ کے بقیع قبرستان کے تمام مردوں کی مغفرت فرما دیجیے۔ اس کی روایت مسلم نے کی ہے۔

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

۲۲۲۶ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِقُبُوْرِ الْمَدِيْنَةِ فَاَقْبَلَ عَلَيْهِمْ بِوَجْهِهٖ فَقَالَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَهْلَ الْقُبُوْرِ يَغْفِرُ اللهُ لَنَا وَلَكُمْ اَنْتُمْ سَلَفُنَا وَ نَحْنُ بِالْاَثَرِ.

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم (ایک مرتبہ) مدینہ منورہ کے قبرستان پر سے گزرے حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم قبروں کے پاس اس طرح کھڑے ہوئے کہ آپ کا چہرۂ انور اہل قبور کے چہروں کے مقابل تھا (اور حضور کی پشت مبارک قبلہ کی طرف تھی) اور حضور یہ فرما رہے تھے۔

اے مسلمانوں کے قبرستان والو! تم سب پر سلام ہو (یعنی آخرت کی مصیبتوں اور پریشانیوں سے) اللہ تعالیٰ ہماری اور تمہاری مغفرت فرمائے، تم ہم سے پہلے جا چکے ہو، اور ہم بھی تمہارے بعد آنے والے ہیں۔ اس کی روایت ترمذی نے کی ہے۔

۲۲۲۷ وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ النُّعْمَانِ يَرْفَعُ الْحَدِيْثَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ زَارَ قَبْرَ اَبَوَيْهِ اَوْ اَحَدُهُمَا فِيْ كُلِّ جُمُعَةٍ غُفِرَ لَهٗ وَكُتِبَ بِرًّا.

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

محمد بن النعمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ مجھ سے ایک صحابی نے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جو کوئی مسلمان ہفتہ میں کسی ایک دن اپنے ماں باپ کی قبروں یا ان میں سے کسی ایک کی قبر کی زیارت کرے تو اس کے گناہ بخش دیئے جاتے ہیں اور اس کا نام اس دفتر میں لکھا جاتا ہے کہ جس دفتر میں والدین کے فرماں بردار اور خدمت گزار اولاد کا نام لکھا ہوا ہوتا ہے اس کی روایت بیہقی نے شعب الایمان میں مرسلاً کی ہے

ف: اس حدیث شریف میں والدین کے قبور کی زیارت کرنے کی جو فضیلت آئی ہے وہ عام ہے فرماں بردار اور نافرمان کے لیے ہے لیکن خاص کر بشارت اس اولاد کے لیے ہے۔ جو ماں باپ کی زندگی میں اُن کی نافرمان رہی ہے اور ماں باپ ان سے ناراض رہے۔ اگر وہ نافرمان اولاد ان کے مرنے کے بعد ہفتہ میں ایک بار اپنے ماں باپ کی قبر پر جایا کرے اور ان کی مغفرت کی دعا کرے تو اس کے اپنے گناہ بھی معاف ہو جاتے ہیں اور اس کا نام والدین کے خدمت گزار اور فرماں بردار اولاد کے دفتر میں لکھا جاتا ہے۔ ۱۲

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

۲۲۲۸ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَعَنَ زَوَّارَاتِ الْقُبُوْرِ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ قَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَالَ قَدْ رَاٰى بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ اِنَّ هٰذَا كَانَ قَبْلَ اَنْ يُّرَخِّصَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فِيْ زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ فَلَمَّا رَخَّصَ دَخَلَ فِيْ رُخْصَتِهِ الرِّجَالُ وَالنِّسَآءُ وَقَالَ بَعْضُهُمْ اِنَّمَا كَرِهَ زِيَارَةُ الْقُبُوْرِ لِلنِّسَآءِ لِقِلَّةِ صَبْرِهِنَّ وَكَثْرَةِ جَزْعِهِنَّ تَمَّ كَلَامُهُ ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے بے شک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم نے قبروں پر جانے والی عورتوں پر لعنت کی ہے۔ اس حدیث کی روایت امام احمد، ترمذی اور ابن ماجہ نے کی ہے ترمذی نے کہا یہ حدیث حسن صحیح ہے، اور یہ بھی کہا کہ بعض اہل علم کا یہ خیال ہے کہ یہ حدیث مردوں اور عورتوں کے زیارت قبور کی رخصت دینے سے پہلے کی ہے۔ تو جب نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم نے مردوں کو زیارت قبور کی اجازت دی تو عورتیں بھی اس رخصت میں شامل ہوگئیں بعض اہل علم نے کہا، کہ زیارت قبور عورتوں کے لیے مکروہ ہے ان کے صبر نہ کرنے اور کثرت سے آہ و بکا کرنے کی وجہ سے۔

۲۲۲۹ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ اَدْخُلُ بَيْتِيَ الَّذِيْ فِيْهِ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَاِنِّيْ وَاضِعٌ ثَوْبِيْ وَاَقُوْلُ اِنَّمَا هُوَ زَوْجِيْ وَاَبِيْ فَلَمَّا دُفِنَ عُمَرُ مَعَهُمْ فَوَاللهِ مَا دَخَلْتُهٗ اِلَّا وَاَنَا مَشْدُوْدَةٌ عَلَيَّ ثِيَابِيْ حَيَآءً مِّنْ عُمَرَ ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ)

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ میں اپنے حجرے میں جس میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم دفن ہیں جب جایا کرتی تو اپنی چادر اتار دیا کرتی تھی اور اپنے دل میں کہا کرتی تھی کہ میرے شوہر ہیں اور میرے والد ہیں (اس لیے مجھے اپنی چادر اتار دینے میں کیا مضائقہ ہے) جب میرے اس حجرے میں ان کے ساتھ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی دفن کیے گئے (اور حضرت عمر میرے محرم نہیں تھے اس لیے) میں اس دن سے جب اپنے اس حجرہ میں جاتی تو بخدا! حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے شرما کر کپڑے اوڑھے لپٹے جاتی تھی۔ اس کی روایت امام احمد نے کی ہے

ف اس حدیث شریف میں مذکور ہے کہ ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا لحاظ فرما کر حجرہ شریف میں چادر اوڑھے لپٹے جایا کرتی تھیں۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ مُردے ان کو پہچانتے ہیں جو ان کے پاس زیارت کے لیے آتے ہیں، اور اپنے پاس آنے والے کو جانتے ہیں، اس لیے زندگی میں ان کا جیسے لحاظ کیا جاتا تھا، مرنے کے بعد بھی ویسا ہی لحاظ کیا جانا چاہیے (مرقات، اشعۃ اللمعات، عالمگیری، رد المحتار) ۱۲۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

کِتَابُ الزَّکوٰۃِ

اِس کتاب میں زکوٰۃ کا بیان ہے

ف: واضح ہو کہ زکوٰۃ کے لغوی معنیٰ بڑھنے اور پاک کرنے کے ہیں، چنانچہ ادائیگی زکوٰۃ سے مال بڑھتا ہے اور پاک بھی ہوتا ہے، اور زکوٰۃ ادا کرنے والے کے ثواب میں اضافہ اور اس کے گناہ معاف ہوتے ہیں اور زکوٰۃ کے شرعی معنیٰ یہ ہیں کہ مال کے ایک حصّہ کو ایسے فقیر کو جو ہاشمی نہ ہو مالک بنا دیا جائے اور اس میں یہ بات ضروری ہے کہ زکوٰۃ دینے والا کسی حیثیت سے اس دیئے ہوئے مال سے فائدہ نہ اٹھائے اور ادائیگی زکوٰۃ میں یہ بات بھی ضروری ہے کہ مال مالک کے پاس ایک سال رہا ہو۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن حکیم میں نماز کے ساتھ زکوٰۃ کا ذکر (۸۲) جگہ فرمایا ہے۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ نماز کے بعد زکوٰۃ ساری عبادتوں میں افضل ہے، زکوٰۃ مدینہ منورہ میں ہجرت کے دوسرے سال فرض ہوئی اور زکوٰۃ کی فرضیت سے شریعت مطہرہ کا مقصود، فقراء کی اعانت اور ان کی دستگیری ہے اور زکوٰۃ دینے والے میں حُبِ مال کی کمی ہو گی، اور باطن میں تواضع پیدا ہو گا جس سے حسد وغیرہ کم ہو جائیں گے۔

زکوٰۃ فریضہ محکمہ ہے، زکوٰۃ کا منکر کافر ہے اور زکوٰۃ روکنے والا لائق قتل ہے اور مال پر پورا سال گزر جائے تو علی الفور زکوٰۃ واجب ہو جاتی ہے اور بغیر عذر زکوٰۃ کی ادائیگی میں تاخیر سے گناہ ہو گا اور ادائیگی کے وقت نیت لازمی ہے اور اگر نیت نہ کی جائے تو زکوٰۃ ادا نہ ہو گی۔

زکوٰۃ کے واجب ہونے کے شرائط حسبِ ذیل ہیں۔

(۱) حُریت یعنی زکوٰۃ ادا کرنے والا حُر ہو، غلام نہ ہو (۲) اسلام یعنی کافر پر زکوٰۃ فرض نہیں (۳) عقل اور بلوغ یعنی بچہ اور مجنون پر زکوٰۃ فرض نہیں (۴) مال نصاب کو پہونچ جائے (۵) ملکیت تامہ یعنی مال قبضہ میں ہو اور اس پر تصرف کا پورا حق حاصل ہو (۶) مال حاجت اصلی سے زائد ہو یعنی سکونتی مکان، کپڑوں گھر کے اسباب، سواری کے جانوروں اور خدمت کے غلاموں اور استعمال کے ہتھیار پر زکوٰۃ واجب نہیں۔

زکوٰۃ کے مستحقین حسبِ ذیل ہیں۔

(۱) فقیر ایسا شخص جو صاحب نصاب نہیں اور حاجت مند ہو (۲) مسکین ایسا شخص جس کے پاس کچھ بھی مال نہ ہو (۳) عامل وہ شخص جس کو امیر وصولی زکوٰۃ پر مامور کرے۔ بشرطیکہ وہ ہاشمی نہ ہو (۴) مقروض جو قرض میں مبتلا ہو (۵) فی سبیل اللہ اس میں ایسے لوگ داخل ہیں جو غازی ہوں یا حجاج ہوں اور فقیر ہو چکے ہوں (۶) مسافر، مسافر کو بحالت سفر زکوٰۃ سے صرف اتنا مال لینا جائز ہے جو اس کی ضرورت کے مطابق ہو، (۷) رقاب یعنی غلاموں کے آزاد کرانے پر زکوٰۃ کی رقم استعمال کی جا سکتی ہے (فتاویٰ عالمگیری، رد المختار، حاشیہ موطا، لمعات اور مرقات) ۱۲

www.waseemziyai.com
MARKAZUL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

وَقَوْلُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ:
وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔
اور زکوٰۃ دو (سورۂ بقرہ ، ۴۳)

ف نماز کے بعد اسلام کا اہم ترین رکن زکوٰۃ ہے۔ اس لیے ارشاد فرمایا اے مسلمانوں اپنے مال میں سے غرباء و فقراء کے لیے زکوٰۃ دیا کرو۔

وَقَوْلُهٗ:
سَيُطَوَّقُوْنَ مَا بَخِلُوْا بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔
عنقریب وہ مال جس میں انہوں نے بخل کیا تھا قیامت کے دن ان کے گلے کا طوق ہوگا۔ (سورۂ آل عمران ۱۸۰)

ف: حدیث شریف میں ہے جس مال کی زکوٰۃ نہ دی جائے وہ مال سانپ بن کر قیامت کے دن مالک کے گلے میں پڑے گا اور یہ کہہ کر اسے ڈسنا جائے گا کہ میں تیرا خزانہ ہوں۔

وَقَوْلُهٗ:
وَلَا تَيَمَّمُوا الْخَبِيْثَ مِنْهُ تُنْفِقُوْنَ وَلَسْتُمْ بِاٰخِذِيْهِ اِلَّآ اَنْ تُغْمِضُوْا فِيْهِ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔
اور خاص ناقص کا ارادہ نہ کرو، کہ دو تو اس میں سے اور نہیں ملے گا تو نہ لوگے، جب تک اس میں چشم پوشی نہ کرو، اور جان رکھو کہ اللہ تعالیٰ بے پرواہ سراہا گیا ہے (سورۂ بقرہ ، ۲۶۷)

ف بعض لوگ خراب مال صدقہ میں دیتے تھے، ان کے بارے میں یہ آیت نازل ہوئی، مسئلہ صدقہ وصول کرنے والے کو چاہیئے کہ وہ صدقہ میں متوسط مال لے، نہ بالکل خراب اور نہ سب سے اعلیٰ بعض لوگ یہ گمان کرتے تھے کہ اگر ہم صدقہ دیں گے تو نادار اور غریب ہو جائیں ان کے رد میں بھی یہ آیت نازل ہوئی۔

ف: تفسیرات احمدیہ میں لکھا ہے کہ فقہاء نے صراحت کی ہے کہ عامل زکوٰۃ جب زکوٰۃ وصول کرنے کے لیے جائے تو درمیانی قسم کے جانور لے، نہ بالکل ناکارہ جانور لے اور نہ عمدہ قسم کے جانور، آیت شریفہ سے فقہاء کے اس قول کی تائید ہوتی ہے۔ ۱۲۔

۲۲۳۰۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بَعَثَ مُعَاذًا اِلَى الْيَمَنِ فَقَالَ اِنَّكَ تَاْتِيْ قَوْمًا اَهْلَ كِتَابٍ فَادْعُهُمْ اِلٰى شَهَادَةِ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ فَاِنْ هُمْ اَطَاعُوْا لِذٰلِكَ فَاَعْلِمْهُمْ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ فَرَضَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو یمن (کا حاکم) بنا کر بھیجا تو فرمایا کہ تم ایک ایسی قوم میں جا رہے ہو جو اہل کتاب یعنی یہود و نصاریٰ ہیں پس تم ان کو (اسلام کی) دعوت دینا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

عَلَيْهِمْ خَمْسَ صَلَوَاتٍ فِي الْيَوْمِ وَ اللَّيْلَةِ فَإِنْ هُمْ أَطَاعُوا لِذٰلِكَ فَأَعْلِمْهُمْ إِنَّ اللّٰهَ قَدْ فَرَضَ عَلَيْهِمْ صَدَقَةً تُؤْخَذُ مِنْ أَغْنِيَائِهِمْ فَتُرَدُّ عَلٰى فُقَرَائِهِمْ فَإِنْ هُمْ أَطَاعُوا لِذٰلِكَ فَإِيَّاكَ وَكَرَائِمَ أَمْوَالِهِمْ وَاتَّقِ دَعْوَةَ الْمَظْلُوْمِ فَإِنَّهٗ لَيْسَ بَيْنَهَا وَ بَيْنَ اللّٰهِ حِجَابٌ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

علیہ وآلہ وسلم اللہ کے رسول ہیں، اگر وہ اس کو مان لیں یعنی اسلام قبول کرلیں تو ان کو بتلانا کہ اللہ تعالیٰ نے ان پر دن رات میں پانچ نمازیں فرض کیں ہیں، اگر وہ اس بات کو یعنی پنجگانہ نمازوں کے وجوب کو مان لیں تو ان کو بتلانا کہ اللہ تعالیٰ نے ان پر زکوٰۃ فرض کی ہے جو ان کے ایسے) مالداروں سے لی جائے گی (جو صاحب نصاب ہیں) اور جن کے مال پر زکوٰۃ واجب ہونے کے شرائط پورے اُترتے ہیں) اور ان کے مسلمان) فقراء پر تقسیم کی جائے گی۔ (جو زکوٰۃ لینے کے مستحق ہیں) اگر وہ اس بات کو بھی مان لیں تو ان کا بہتر ین مال (زکوٰۃ میں) نہ لینا[1] اور نہ بیت المال کیلئے زکوٰۃ کا مال وصول کرنے میں زیادتی اور بدزبانی سے زکوٰۃ دینے والے کو تکلیف نہ دینا اور) ایسے مظلوم کی بددُعاء سے خود کو بچائے رکھنا کیونکہ مظلوم کی بدعاء اور اللہ تعالیٰ کے درمیان کوئی پردہ نہیں ہوتا (یعنی مظلوم کی فریاد قبول ہوکر رہتی ہے) اس حدیث کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

ف:۔ اس حدیث شریف میں ارشاد ہے کہ زکوٰۃ مالداروں سے لی جائے گی۔ مرقات اور عمدۃ القاری میں لکھا ہے کہ حدیث شریف کے لفظ اَغنیا ئِھم" سے مراد مکلفین ہیں اور مکلفین سے ایسے صاحب نصاب مراد ہیں جو عاقل و بالغ ہوں۔ اس لیے زکوٰۃ عاقل پر فرض ہو گی۔ مجنون پر فرض نہ ہوگی، اور ایسے ہی زکوٰۃ بالغ پر فرض ہوگی مجنون پر فرض نہ ہوگی، اور ایسے ہی زکوٰۃ بالغ پر فرض ہو گی، نابالغ پر فرض نہ ہوگی۔ اس کی تائید ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی اس حدیث سے ہوتی ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ تین شخص مرفوع القلم ہیں یعنے ان کے اعمال لکھے نہیں جاتے اور نہ ان کا مواخذہ ہوتا ہے۔ ایک سونے والا جب تک کہ وہ نہ جاگے دوسرا بچہ جب تک کہ وہ بالغ نہ ہو۔ تیسرا مجنون جب تک کہ اس کا جنون ختم نہ ہو جائے اس حدیث شریف سے بچے اور مجنون کا غیر مکلف ہونا ثابت ہوتا ہے۔ اس بناء پر سفیان ثوری، عبدالرحمٰن بن مبارک، ابووائل سعید بن جبیر، نخعی شعبی حسن بصری رحمہم اللہ اس بات کے قائل ہیں کہ یتیم کے مال پر زکوٰۃ واجب

[1] اور اسی طرح ناقص مال بھی نہ لینا بلکہ متوسط مال لینا کہ نہ زکوٰۃ دینے والے کا نقصان ہو۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

نہیں، اور حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے منقول ہے کہ یتیم کے مال پر زکوٰۃ واجب نہ ہونے کے بارے میں صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا اجماع ہے اور امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ اور آپ کے شاگردوں کا بھی یہی مذہب ہے۔ اور سعید بن المسیب نے فرمایا ہے کہ جس شخص پر نماز اور روزہ فرض ہے زکوٰۃ بھی اسی شخص پر فرض ہوگی۔ اس سے معلوم ہوا کہ چونکہ نابالغ اور مجنون پر نماز اور روزہ فرض نہیں ہے، اسی لیے ان پر زکوٰۃ بھی فرض نہ ہوگی اور حمید بن زنجویہ نے بیان کیا ہے کہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا بھی یہی مذہب ہے کہ مجنون اور نابالغ پر زکوٰۃ فرض نہیں ہے، اور مبسوط میں لکھا ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بھی یہی قول ہے کہ مجنون اور بچے پر زکوٰۃ فرض نہیں ہے اور امام جعفر صادق رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اپنے والد امام محمد باقر رحمۃ اللہ سے یہی روایت کی ہے اور قاضی شریح بھی اسی کے قائل ہیں کہ نابالغ اور مجنون پر زکوٰۃ فرض نہیں ہے جیسا کہ نسائی نے روایت کی ہے، یہ پورا مضمون بنایہ اور عمدۃ القاری سے ماخوذ ہے ۱۲۔

۲۲۳۱ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ لَيْسَ فِيْ مَالِ الْيَتِيْمِ زَكٰوةٌ۔
رَوَاهُ مُحَمَّدٌ فِي الْاٰثَارِ وَرَوَى عَنْ اِبْرَاهِيْمَ نَحْوَهٗ)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے کہ یتیم کے مال پر زکوٰۃ (فرض) نہیں اس کی روایت امام محمد نے الآثار میں کی ہے اور ابراہیم نخعی سے بھی اسی طرح روایت کی گئی ہے

۲۲۳۲ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَا يَجِبُ عَلٰى مَالِ الصَّغِيْرِ زَكٰوةٌ حَتّٰى تَجِبَ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ رَوَاهُ الدَّارُ قُطْنِيُّ فِيْ سَنَدِهٖ ابْنُ لَهِيْعَةَ اِحْتَجَّ بِهِ الْاِمَامُ اَحْمَدُ وَصَحَّحَ حَدِيْثَهٗ وَحَسَّنَ لَهُ التِّرْمِذِيُّ فَهُوَ مُخْتَلَفٌ فِيْهِ وَالْاِخْتِلَافُ لَا يَضُرُّهٗ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ نابالغ کے مال پر زکوٰۃ فرض نہیں ہے۔ تاوقتیکہ اس پر نماز فرض نہ ہو (جب بالغ ہو جائے گا تو نماز کی طرح زکوٰۃ بھی اس پر فرض ہو جائے گی۔) اس حدیث کی روایت دار قطنی نے کی ہے:

۲۲۳۳ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَا مِنْ صَاحِبِ ذَهَبٍ وَّلَا فِضَّةٍ لَا يُؤَدِّيْ مِنْهَا حَقَّهَا اِلَّا اِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيٰمَةِ صُفِّحَتْ لَهٗ صَفَائِحُ مِنْ نَارٍ فَاُحْمِيَ عَلَيْهَا فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ فَيُكْوٰى بِهَا جَنْبُهٗ وَجَبِيْنُهٗ وَظَهْرُهٗ وَكُلَّمَا رُدَّتْ اُعِيْدَتْ لَهٗ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں جو کوئی سونے یا چاندی کا مالک ہو (یعنی صاحب نصاب ہو) اور وہ اس کا حق (یعنی زکوٰۃ) ادا نہ کرے تو ایسے شخص کے لیے قیامت کے دن وہ سونا اور چاندی (عذاب کا ذریعہ بن جائے گی اور اس طرح کہ) اس سونے اور چاندی کی تختیاں بنائی جائیں گے اور ان تختیوں کو آگ میں اس قدر تپایا جائے گا کہ وہ آگ بن جائے گی اور آگ کی

www.waseemziyai.com
MARKAZUL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

فِیْ یَوْمٍ کَانَ مِقْدَارُہٗ خَمْسِیْنَ
اَلْفَ سَنَۃٍ حَتّٰی یُقْضٰی بَیْنَ
الْعِبَادِ فَیَرٰی سَبِیْلَہٗ اِمَّا اِلَی
الْجَنَّۃِ وَ اِمَّا اِلَی النَّارِ قِیْلَ
یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ فَالْاِبِلُ قَالَ
وَلَا صَاحِبُ اِبِلٍ لَا یُؤَدِّیْ
مِنْھَا حَقَّھَا وَ مِنْ حَقِّھَا حَلَبُھَا
یَوْمَ وِرْدِھَا اِلَّا اِذَا کَانَ یَوْمُ
الْقِیٰمَۃِ بُطِحَ لَھَا بِقَاعٍ قَرْقَرٍ
اَوْفَرَ مَا کَانَتْ لَا یَفْقِدُ
مِنْھَا فَصِیْلًا وَّاحِدًا تَطَؤُہٗ
بِاَخْفَافِھَا وَتَعَضُّہٗ بِاَفْوَاھِھَا
کُلَّمَا مَرَّ عَلَیْہِ اُوْلٰھَا رُدَّ عَلَیْہِ
اُخْرَاھَا فِیْ یَوْمٍ کَانَ مِقْدَارُہٗ
خَمْسِیْنَ اَلْفَ سَنَۃٍ حَتّٰی یُقْضٰی
بَیْنَ الْعِبَادِ فَیَرٰی سَبِیْلَہٗ
اِمَّا اِلَی الْجَنَّۃِ وَاِمَّا اِلَی النَّارِ
قِیْلَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ فَالْبَقَرُ
وَالْغَنَمُ قَالَ وَلَا صَاحِبُ
بَقَرٍ وَّلَا غَنَمٍ لَا یُؤَدِّیْ مِنْھَا
حَقَّھَا اِلَّا اِذَا کَانَ یَوْمُ الْقِیٰمَۃِ

ان تختیوں سے اس شخص کے پہلو پیشانی اور پیٹھ کو داغ دیا جائے گا اس عمل سے جب وہ تختیاں ٹھنڈی ہو جائیں گی تو پھر اُن کو دوزخ کی آگ میں گرم کیا جائے گا اور تپایا جائے گا اور ان سے داغ دیا جاتا رہے گا اور وہ دن (جس میں یہ عمل کیا جاتا رہے گا وہ اتنا بڑا ہوگا کہ جس) کی مقدار (دُنیا کے) پچاس ہزار برسوں کے برابر ہوگی یہاں تک کہ بندوں کا حساب وکتاب ختم ہو جائے گا۔ اور جنتی جنت میں اور دوزخی دوزخ میں بھیجدیئے جائیں گے[۱] صحابہ کرام نے عرض کیا یا رسول اللہ! یہ تو زر نقد کا حکم تھا اب ارشاد ہو کہ اونٹوں کے متعلق کیا حکم ہے؟ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا (کہ اونٹ والے پر دو حق ہیں ایک حق تو اونٹوں کی زکوٰۃ ادا کرنے کا ہے جو فرض ہے دوسرا حق جو مستحب ہے یہ ہے) کہ اونٹوں کا دودھ اس دن نکالا جائے جس دن ان کے پانی پینے کی باری ہوتی ہے (تاکہ فقراء جو ایسے موقعوں پر جمع ہو جاتے ہیں وہ پی کر دودھ سے شکم سیر ہو سکیں اور یہ حکم مستحب ہے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اونٹوں کی زکوٰۃ نہ دینے والے شخص کے بارے میں ارشاد فرمایا کہ ایسے شخص کو قیامت کے دن ایک ہموار میدان میں منہ کے بل اوندھا ڈالا جائے گا اور اس کے سارے اونٹ وہاں پوری تعداد میں موجود ہوں گے ان میں ایک بچہ بھی کم نہ ہوگا اور

[۱] (صاحب مرقات اور اشعۃ اللمعات نے بیان کیا ہے کہ حدیث شریف میں پہلو، پیشانی اور پشت کو داغ دیئے جانے کا جو ذکر آیا ہے اس کی ایک وجہ تو یہ ہے کہ یہ تینوں جسم کے اشرف اعضاء ہیں کہ اعضاء رئیسہ دل دماغ اور جگر ان ہی میں ہیں۔ ان اعضاء کے داغ دیئے کی دوسری وجہ یہ ہے کہ ان ہی اعضاء کی زیب وزینت کے لیے اس نے مال جمع کیا اور زکوٰۃ دینے سے گریز کیا، ان اعضا کو داغ دینے کی تیسری وجہ یہ ہے کہ ان ہی اعضاء سے اس نے سائل کو تکلیف پہونچائی پہلو پر اس لیے داغ دیا جائے گا کہ سائل کے سوال پر پہلو تہی کی اور پیشانی اس کو اس لیے داغا جائے گا کہ سائل کو دیکھ کر منہ پھیر لیا۔ اور پیٹھ کو اس لیے داغا جائے گا کہ حاجت مند سے پیٹھ پھیرا) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے سونے چاندی کی زکوٰۃ ادا نہ کرنے کی وعید کو سُن کر)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

بُطِحَ لَهَا بِقَاعٍ قَرْقَرٍ لَا يَفْقِدُ مِنْهَا شَيْئًا لَيْسَ فِيهَا عَقْصَاءُ وَلَا جَلْحَاءُ وَلَا عَضْبَاءُ تَنْطِحُهُ بِقُرُونِهَا وَتَطَؤُهُ بِأَظْلَافِهَا كُلَّمَا مَرَّ عَلَيْهِ أُولَاهَا رُدَّ عَلَيْهِ أُخْرَاهَا فِي يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهُ خَمْسِينَ أَلْفَ سَنَةٍ حَتّٰى يُقْضٰى بَيْنَ الْعِبَادِ فَيَرٰى سَبِيلَهُ إِمَّا إِلَى الْجَنَّةِ وَإِمَّا إِلَى النَّارِ قِيلَ يَا رَسُولَ اللهِ فَالْخَيْلُ قَالَ فَالْخَيْلُ ثَلَاثَةٌ هِيَ لِرَجُلٍ وِزْرٌ وَهِيَ لِرَجُلٍ

وہ خوب موٹے تازے ہوں گے، یہ اونٹ اپنے مالک کو اپنے پاؤں سے روندیں گے اور کچلیں گے اور اپنے دانتوں سے کاٹیں گے اور جب ان اونٹوں کی ایک قطار اس طرح روند کر کچل کر اور کاٹ کر گزر جائے گی تو اونٹوں کی دوسری قطار روندنے، کچلنے اور کاٹنے کے لیے آجائے گی، اور اس طرح یہ عمل اس دن ہوتا رہے گا کہ جس کی مقدار (دنیا کے) پچاس ہزار برسوں کے برابر ہوگی، یہاں تک کہ بندوں کا حساب وکتاب ختم ہو جائے گا اور جنتی جنت میں دوزخی دوزخ میں بھیج دیئے جائیں گے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم سے یہ سُن کر صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ گائے اور بکریوں کے مالک کا کیا ہوگا (جس نے صاحب نصاب ہونے کے باوجود ان کی زکوٰۃ نہ دی ہو)

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے گائے اور بکریوں کی زکوٰۃ نہ دینے والے شخص کے بارے میں ارشاد فرمایا کہ ایسے شخص کو قیامت کے دن ایک ہموار میدان میں منہ کے بل اوندھا ڈالا جائے گا اور اس کی ساری گائے اور بکریاں وہاں پوری تعداد میں موجود ہوں گی، ان میں ایک بچہ بھی کم نہ ہوگا۔ ان کے سینگ نہ تو مڑے ہوں گے نہ ٹوٹے ہوئے ہوں گے اور نہ وہ بغیر سینگ کے ہوں گے (یعنی سب کے سروں پر سینگ ہوں گے اور سینگ بھی صحیح وسالم ہوں گے تاکہ) گائے اور بکریاں ان سینگوں سے اپنے اس مالک کو ماریں (جس نے ان کی زکوٰۃ نہ دی ہو) اور اپنے کھروں سے اس کو کچلیں گے اور روندتے ہوئے گذر جائیں گے اور جب ان گائے اور بکریوں کی ایک قطار اس طرح سینگوں سے مارتی ہوئی اور پاؤں سے کچلتی ہوئی گذر جائے گی تو ان کی دوسری قطار مارنے اور کچلنے کے لیے آجائے گی اور اس طرح یہ عمل اس دن ہوتا رہے گا جس کی مقدار (دنیا کے) پچاس ہزار برسوں کے برابر ہوگی یہاں تک کہ بندوں کا حساب وکتاب ختم ہو جائے گا جنتی

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

سِتْرٌ وَّهِيَ لِرَجُلٍ اَجْرٌ فَاَمَّا الَّتِيْ هِيَ لَهٗ وِزْرٌ فَرَجُلٌ رَبَطَهَا رِيَاءً وَّفَخْرًا وَّنِوَاءً عَلٰى اَهْلِ الْاِسْلَامِ فَهِيَ لَهٗ وِزْرٌ اَمَّا الَّتِيْ هِيَ لَهٗ سِتْرٌ فَرَجُلٌ رَبَطَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ لَمْ يَنْسَ حَقَّ اللّٰهِ فِيْ ظُهُوْرِهَا وَلَا رِقَابِهَا فَهِيَ لَهٗ سِتْرٌ وَّاَمَّا الَّتِيْ هِيَ لَهٗ اَجْرٌ فَرَجُلٌ رَبَطَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لِاَهْلِ الْاِسْلَامِ فِيْ مَرْجٍ وَّرَوْضَةٍ فَمَا اَكَلَتْ مِنْ ذٰلِكَ الْمَرْجِ اَوِ الرَّوْضَةِ مِنْ شَيْءٍ اِلَّا كُتِبَ لَهٗ عَدَدَ مَا اَكَلَتْ حَسَنَاتٌ وَّكُتِبَ لَهٗ عَدَدَ اَرْوَاثِهَا وَاَبْوَالِهَا حَسَنَاتٌ وَلَا تَقْطَعُ طِوَلَهَا فَاسْتَنَّتْ شَرَفًا اَوْ شَرَفَيْنِ اِلَّا كَتَبَ اللّٰهُ عَدَدَ اٰثَارِهَا وَاَرْوَاثِهَا حَسَنَاتٍ وَّلَا مَرَّ بِهَا صَاحِبُهَا عَلٰى نَهْرٍ فَشَرِبَتْ مِنْهُ وَلَا يُرِيْدُ اَنْ يَسْقِيَهَا اِلَّا

جنّت میں اور دوزخی دوزخ میں بھیج دیئے جائیں گے۔

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے پھر عرض کیا گیا، یارسول اللہ گھوڑوں کے متعلق کیا حکم ہے؟ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا سنو! گھوڑے تین قسم کے ہوتے ہیں ایک تو وہ گھوڑے ہیں جو اپنے مالک کے لیے گناہ کا سبب بنتے ہیں دوسرے وہ گھوڑے ہیں جو اپنے مالک کے لیے پردہ ہوتے ہیں، یعنی گھوڑوں کی وجہ سے وہ معزز سمجھا جاتا ہے اور اس کی محتاجی کا گمان کسی کو نہیں ہوتا، اور تیسرے وہ گھوڑے ہیں جو اپنے مالک کے لیے ثواب کا ذریعہ بنتے ہیں وہ گھوڑے جو مالک کے لیے گناہ کا سبب ہوتے ہیں اس شخص کے گھوڑے ہیں جن کو مالک نے فخر وغرور اور ریاء کے لیے باندھ رکھا ہے، یا مسلمانوں کے خلاف استعمال کرنے کے لیے رکھ چھوڑا ہے تو ایسے گھوڑے (اس شخص کی ایسی نیت کی وجہ سے) اس کے لیے گناہ کا سبب ہوتے ہیں دوسرے وہ گھوڑے جو اپنے مالک کے لیے پردہ، (عزت) کا سبب ہوتے ہیں، ایسے گھوڑے ہیں جن کو ان کے مالک نے خدا کی راہ میں اطاعت اور بندگی کی غرض سے باندھ رکھا ہے اور جو حقوق گھوڑوں کی پیٹھوں اور گردنوں سے متعلق ہیں ان کو ادا کرنا بھی نہیں بھولا ہے (مثلاً کسی کی ضرورت پر ان کو مستعار دیا کرتا ہے) تو ایسے گھوڑے اپنے مالک کی عزت کا سبب بنتے ہیں: تیسرے وہ گھوڑے ہیں جو اپنے مالک کے لیے اجر وثواب کا سبب ہوتے ہیں، اور یہ اس شخص کے گھوڑے ہوتے ہیں جن کو مالک نے جہاد فی سبیل اللہ کے لیے چراگاہوں اور سبزہ زاروں میں باندھ

لہ (اس حدیث شریف میں کئی بار یہ ذکر آیا ہے کہ قیامت کا دن دنیا کے پچاس ہزار برس کے برابر ہوگا۔ اس بارے میں صاحب مرقات اور اشعۃ اللمعات لکھا ہے کہ اس دن کی پچاس ہزار برس کے برابر درازی کافروں کے لیے ہے اور گنہگاروں کے لیے اس دن کی درازی ان کے گناہوں کے لحاظ سے ہوگی اور نیکو کار مومنین پر یہ دن اتنی دیر میں گزر جائے گا جتنی دیر میں فجر کی دو رکعتیں ادا کی جاتی ہیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

كَتَبَ اللّٰهُ لَهٗ عَدَدَ مَا شَرِبَتْ حَسَنَاتٍ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَالْحُمُرُ قَالَ مَآ اُنْزِلَ عَلَيَّ فِي الْحُمُرِ شَيْءٌ اِلَّا هٰذِهِ الْاٰيَةُ الْفَاذَّةُ الْجَامِعَةُ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

رکھا ہے، ان چراگاہوں اور سبزہ زاروں میں سے یہ گھوڑے جس قدر کھائیں گے اس سبزہ کی مقدار کے موافق اس کے مالک کے حق میں نیکیاں لکھی جائیں گی اور ان گھوڑوں کی لید اور پیشاب کا شمار بھی نیکیوں میں ہوتا ہے حتیٰ کہ اگر کوئی گھوڑا اپنی رسی تڑا کر ایک یا دو ٹیلوں پر بھاگنا ہے تو بھی اللہ تعالیٰ اس گھوڑے کے قدموں کے نشانات کی تعداد کے برابر اور اس دوڑنے کی حالت میں جو لید کرتا ہے اس کی لید کی مقدار کے موافق اس کے مالک کے حق میں نیکیاں لکھ دیتے ہیں، اگر مالک ان گھوڑوں کو لے کر کسی نہر پر سے گزرے اور مالک کے ان گھوڑوں کو پانی پلانے کے ارادے کے بغیر بھی یہ گھوڑے پانی پی لیں، تو پیئے ہوئے پانی (کے قطرات کی تعداد) کے برابر اللہ تعالیٰ اس کے مالک کے نامۂ اعمال میں نیکیاں لکھ دیتے ہیں[1] یہ سن کر صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم گدھوں کے متعلق کیا حکم ہے، حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا گدھوں کے متعلق مجھ پر تو کوئی خاص حکم نازل نہیں ہوا، ہاں یہ جامع آیت موجود ہے۔ جو ایک ذرہ بھر بھلائی کرے اسے دیکھے گا، اور جو ایک ذرہ بھر برائی کرے اسے دیکھے گا (سورۃ الزلزال، ۷، ۸)[2]

اس حدیث کی روایت مسلم نے کی ہے۔

۲۲۳۴ وَعَنْ اَبِيْ ذَرٍّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى

۵

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ

[1] یہ اس سے معلوم ہوا کہ مالک کی نیت اور ارادہ کے بغیر گھوڑوں کے پانی پی لینے پر جب اتنا بڑا ثواب دیا جاتا ہے تو جب مالک ان کو ارادہ اور نیت کے ساتھ پانی پلاتا ہوگا تو اس ثواب کا کیا پوچھنا!

[2] (صاحب مرقات نے لکھا ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے گدھے کے تعلق سے (اس آیت کو جو بیان فرمایا ہے اس کا منشا یہ ہے کہ اگر گدھے کو کسی نیک کام میں استعمال کرے گا تو اس کے مالک کو اس کی سزا ملے گی، صاحب مرقات نے یہ بھی لکھا ہے کہ آیت مذکورہ اتنی جامع اور مانع ہے کہ باوجود الفاظ کی کمی کے لیے معنی اور مطالب کے لحاظ سے ہر عمل نیک و بد پر حاوی ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZUL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ رَّجُلٍ یَّکُوْنُ لَہٗ اِبِلٌ اَوْ بَقَرٌ اَوْ غَنَمٌ لَا یُؤَدِّیْ حَقَّھَا اِلَّا اُتِیَ بِھَا یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ اَعْظَمُ مَا تَکُوْنُ وَاَسْمَنُہٗ تَطَؤُہٗ بِاَخْفَافِھَا وَتَنْطِحُہٗ بِقُرُوْنِھَا کُلَّمَا جَازَتْ اُخْرَاھَا رُدَّتْ عَلَیْہِ اُوْلٰاھَا حَتّٰی یُقْضٰی بَیْنَ النَّاسِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جس کسی کے پاس اونٹ یا گائے یا بکریاں (بقدر نصاب) ہوں اور وہ ان کی زکوٰۃ ادا نہ کرے تو قیامت کے دن یہ جانور نہایت فربہ اور تنومند ہو کر اس شخص کی طرف آئیں گے اور اس کو اپنے کھروں سے روندیں گے اور سینگوں سے ماریں گے۔ ان جانوروں کی پہلی جماعت جب اسی طرح روند کر گزر جائے گی۔ تو فوراً دوسری جماعت (روندنے اور کچلنے کے لیے) آموجود ہو گی اور (جانوروں کی جماعتیں یکے بعد دیگرے) اسی طرح کرتی رہیں گی، یہاں تک کہ لوگوں کا حساب وکتاب ختم ہو جائے گا (اور جنتی جنت میں اور دوزخی دوزخ میں بھیج دیئے۔ اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

۲۲۳۵ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ مَنْ اٰتَاہُ اللہُ مَالًا فَلَمْ یُؤَدِّ زَکٰوتَہٗ مُثِّلَ لَہٗ مَالُہٗ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ شُجَاعًا اَقْرَعُ لَہٗ زَبِیْبَتَانِ یُطَوَّقُہٗ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ ثُمَّ یَاْخُذُ بِلِھْزِمَتَیْہِ یَعْنِیْ شِدْقَیْہِ ثُمَّ یَقُوْلُ اَنَا مَالُکَ اَنَا کَنْزُکَ ثُمَّ تَلَا وَلَا یَحْسَبَنَّ الَّذِیْنَ یَبْخَلُوْنَ الْاٰیَۃَ۔

(رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے جس شخص کو مال عطا کیا اور اس نے اس مال کی زکوٰۃ ادا نہیں کی، تو قیامت کے دن اس کا مال اس کے لیے گنجا سانپ بنا دیا جائے گا (معمر اور زیادہ زہریلا ہونے کی وجہ سے سانپ گنجا رہے گا) اور اس کی آنکھوں پر دو سیاہ نقطے ہوں گے (اس قسم کا سانپ بھی بہت زہریلا ہوتا ہے) اور یہ سانپ قیامت کے دن طوق کی طرح اس شخص کی گردن میں ڈال دیا جائے گا اور یہ سانپ اس شخص کی دونوں باچھیں پکڑ کر اس کو کاٹے گا اور کہے گا کہ میں تیرا وہ مال ہوں، میں تیرا خزانہ ہوں، جس پر تو نے زکوٰۃ نہ دی، اس لیے تجھے یہ سزا مل رہی ہے پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم نے (اس کی تائید کی) یہ آیت تلاوت فرمائی۔ اور جو لوگ، بخل کرتے ہیں اس چیز میں جو اللہ تعالیٰ نے انہیں اپنے فضل سے دی، ہرگز اسے اپنے لیے اچھا نہ سمجھیں، بلکہ وہ ان کے لیے بُرا ہے، عنقریب وہ جس میں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

بخل کیا تھا قیامت کے دن ان کے گلے کا طوق ہوگا۔ (سورۃ آل عمران، ۱۸۰)

اس کی روایت بخاری نے کی ہے۔

۲۲۳۶ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَكُوْنُ كَنْزُ اَحَدِكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ شُجَاعًا اَقْرَعُ يَفِرُّ مِنْهُ صَاحِبُهٗ وَهُوَ يَطْلُبُهٗ حَتّٰى يَلْقَمَهٗ اَصَابِعَهٗ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ (جس کسی نے زکوٰۃ ادا کئے بغیر) مال جمع کر کے رکھا ہو تو اس کا وہ مال قیامت کے دن گنجا اور زہر بھرا سانپ بن جائے گا اور وہ شخص اس سے بھاگے گا اور سانپ اس کا تعاقب کرتا رہے گا (یہاں تک کہ اس کو پالے گا اور اس شخص کا یہ حال ہوگا کہ) وہ اپنی انگلیوں کو خود آپ چبائے گا (جیسا کہ لوگوں کی عادت ہے کہ سانپ وغیرہ سے خوف اور دہشت کے وقت اپنی انگلیاں آپ چبا لیا کرتے ہیں۔ اس کی روایت امام احمد نے کی ہے۔

ف: حدیث شریف میں انگلیوں کے چبائے جانے کا جو ذکر ہے اس کے تعلق سے اشعۃ اللمعات میں لکھا ہے کہ مال کے جمع اور خرچ کرنے میں ہاتھ کی انگلیوں ہی کو دخل ہوتا ہے۔ ۱۲۔

۲۲۳۷[8] وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ رَجُلٍ لَا يُؤَدِّيْ زَكٰوةَ مَالِهٖ اِلَّا جَعَلَ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْ عُنُقِهٖ شُجَاعًا ثُمَّ قَرَءَ عَلَيْنَا مِصْدَاقَهٗ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ "وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ بِمَا اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ" الْاٰيَةَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جو شخص اپنے مال کی زکوٰۃ ادا نہ کرے تو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس مال کو سانپ بنا کر اس کی گردن میں لٹکا دیں گے، پھر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے دلیل میں اس آیت کو تلاوت فرمایا۔ "وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ" الخ، (اس کا ترجمہ حدیث ۲۲۳۵ میں بھی گزر چکا ہے) اس حدیث کی روایت ترمذی نسائی اور ابن ماجہ نے کی ہے۔

۲۲۳۸[9] وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ عُمَرَ عَلَى الصَّدَقَةِ فَقِيْلَ مَنَعَ ابْنُ جَمِيْلٍ وَخَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ وَالْعَبَّاسُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو (زکوٰۃ وصول کرنے کے لیے) عامل بنا کر روانہ فرمایا۔ کسی نے رسول اللہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَا يَنْقِمُ ابْنُ جَمِيْلٍ اِلَّا اَنَّهٗ كَانَ فَقِيْرًا فَاَغْنَاهُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَاَمَّا خَالِدٌ فَاِنَّكُمْ تَظْلِمُوْنَ خَالِدًا قَدِ احْتَبَسَ اَدْرَاعَهٗ وَاَعْتُدَهٗ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاَمَّا الْعَبَّاسُ فَهِيَ عَلَيَّ وَمِثْلُهَا مَعَهَا ثُمَّ قَالَ يَا عُمَرُ اَمَا شَعَرْتَ اِنَّ عَمَّ الرَّجُلِ صِنْوُ اَبِيْهِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا کہ **ابن جمیل** رضی اللہ تعالیٰ عنہ خالد ابن الولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نے زکاۃ ادا نہیں کی ہے (یہ سن کر) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے **ارشاد فرمایا کہ ابن جمیل کے زکوٰۃ دینے سے انکار پر حیرت ہے** ایک زمانہ میں وہ فقیر تھا اور اب اللہ اور اللہ کے رسول نے اس کو دولت مند بنا دیا (تو وہ اس احسان کا یہی بدلہ دے رہا ہے اور کفران نعمت پر اُتر آیا ہے) **اب رہے خالد بن الولید** تو تم لوگ ان سے زکوٰۃ طلب کر کے ان پر زیادتی کر رہے ہو، انھوں نے تو اپنی زرہیں (اور دوسرے سامان جنگ تک کو) راہ خدا میں جہاد کے لیے وقف کر دیا ہے (یہاں تک کہ ان کے پاس کچھ بھی نہ رہا کہ اس کی زکوٰۃ ادا کر سکیں) اور حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کی زکوٰۃ وہ تو مجھ پر ہے (جو گذشتہ سال اُن پر واجب ہوئی تھی) اس کو میں ادا کروں گا۔ (اب رہی اس سال کی زکوٰۃ اس کو بھی میں ہی ادا کروں گا) پھر حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا، اے عمر! کیا تم نہیں جانتے ہو کہ چچا دراصل باپ کے مانند ہوتا ہے (جیسا کہ ایک ہی جڑ کے دو تنے ہوتے ہیں) اس حدیث کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

ف ۱: اس حدیث شریف میں حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کی زکوٰۃ کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے "فَهِيَ عَلَيَّ وَمِثْلُهَا مَعَهَا"، یعنی حضرت عباس کی دونوں سال کی زکوٰۃ میں ادا کروں گا، ایک تو سالِ حال کی، دوسرے سال گزشتہ کی۔ اس بارے میں مرقات اور اشعۃ اللمعات میں لکھا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے کسی ضرورت پر حضرت عباس سے دو سال کی پیشگی زکوٰۃ حاصل فرمائی تھی، جیسا کہ بیہقی نے روضہ میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے اس کی روایت کی ہے اور امیر کو اس قسم کا اختیار رہے۔

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، ان تفصیلات سے ناواقف تھے، عام حکم کی بناء پر حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بھی تاکید کے ساتھ زکوٰۃ کا مطالبہ فرمایا اس پر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عمر سے فرمایا کہ حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زکوٰۃ نہ دیتے پر تمہاری شدت خلاف واقعہ ہے۔ تم کو معلوم ہونا چاہیے کہ یہ میرے چچا ہیں، اور باپ کے برابر ہیں۔ ۱۲۔

ف ۲: اس حدیث شریف میں یہ بھی ارشاد ہے "فَاَغْنَاهُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ" اللہ اور اللہ کے رسول نے اس کو

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

یعنی ابن جمیل کو غنی بنا دیا۔ اس بارے میں اشعۃ اللمعات میں لکھا ہے کہ غنی بنا دینا حقیقت میں اللہ تعالیٰ کا فضل ہے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذات گرامی کی طرف بھی غنی بنانے کی جو نسبت کی گئی ہے وہ اس وجہ سے ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذات اقدس اللہ تعالیٰ کی ذات عالی سے نعمتوں اور برکتوں کے حاصل کرنے کا واسطہ ہے (چنانچہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کا ارشاد گرامی ہے کہ اللہ تعالیٰ عطا کرنے والے ہیں، میں تقسیم کرنے والا ہوں) ۱۲۔

۲۲۳۹ وَعَنْهُ قَالَ لَمَّا تُوُفِّيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَاسْتُخْلِفَ اَبُوْبَكْرٍ بَعْدَهٗ وَكَفَرَ مَنْ كَفَرَ مِنَ الْعَرَبِ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ لِاَبِيْ بَكْرٍ كَيْفَ تُقَاتِلُ النَّاسَ وَقَدْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى[1] يَقُوْلُوْا لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فَمَنْ قَالَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَصَمَ مِنِّيْ مَالَهٗ وَنَفْسَهٗ اِلَّا بِحَقِّهٖ وَحِسَابُهٗ عَلَى اللّٰهِ فَقَالَ اَبُوْبَكْرٍ وَاللّٰهِ لَاُقَاتِلَنَّ مَنْ فَرَّقَ بَيْنَ الصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ فَاِنَّ الزَّكٰوةَ حَقُّ الْمَالِ وَاللّٰهِ لَوْمَنَعُوْنِيْ عِنَاقًا كَانُوْا يُؤَدُّوْنَهَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَقَاتَلْتُهُمْ عَلٰى مَنْعِهَا قَالَ عُمَرُ فَوَاللّٰهِ مَا هُوَ اِلَّا رَاَيْتُ اَنَّ اللّٰهَ شَرَحَ صَدْرَ اَبِيْ بَكْرٍ لِلْقِتَالِ فَعَرَفْتُ اَنَّهُ الْحَقُّ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم دنیا سے تشریف لے گئے اور آپ کے بعد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ، خلیفہ ہوئے تو عرب کے بعض قبیلے (جیسے غطفان فزارہ اور بنو سلیم وغیرہ) زکوٰۃ کا انکار کر کے کافر ہو گئے (اس لیے کہ زکوٰۃ فرض ہے اور فرض کا منکر کافر ہوتا ہے) حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان لوگوں سے جہاد کا ارادہ فرمایا تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نے حضرت صدیق سے فرمایا کہ آپ کس طرح ان منکرین زکوٰۃ سے جہاد کریں گے۔ جب کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کا یہ صریح حکم موجود ہے۔[1] مجھے لوگوں سے اس وقت تک جہاد کرنے کا حکم ملا ہے جب تک کہ وہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ (اور مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ) کے قائل نہ ہو جائیں جو شخص لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کا قائل ہو جائے وہ مجھ سے اپنا مال اور اپنی جان محفوظ رکھ سکے گا۔ ناحق اس کا مال لیا جائے گا اور نہ جان، باقی (باطن کا) حساب تو اللہ لینے والے ہیں (یہ سن کر) حضرت صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا خدا کی قسم! میں تو ہر اس شخص سے جہاد کروں گا جو نماز اور زکوٰۃ میں فرق کرے (کہ نماز تو ادا کرے اور زکوٰۃ کا انکار کرے اور نہ دے) جب کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن میں نماز اور زکوٰۃ کا ذکر ساتھ ساتھ

لہ کہ جو شخص لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کا قائل ہو جائے اس کی جان اور مال محفوظ رہیں گے چنانچہ حضور کا ارشاد ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

فرمایا ہے کیونکہ زکوٰۃ (اسی طرح) مالی عبادت ہے) جیسا کہ نماز بدنی عبادت ہے) اللہ کی قسم، اگر وہ لوگ مجھ سے بکری کا ایک کا بچہ بھی روک رکھیں گے جسے وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کو دیا کرتے تھے تو میں ان سے جہاد کروں گا۔ یہ سن کر) حضرت عمر نے فرمایا، خدا کی قسم! (حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا یہ عزم دیکھ کر) میں نے یہ رائے قائم کر لی کہ (منکرین زکوٰۃ کے خلاف) جہاد کرنے کی نسبت اللہ تعالیٰ نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا شرح صدر فرمایا ہے اور میں سمجھ گیا کہ فیصلہ حق ہے (کہ منکرین زکوٰۃ سے جہاد کیا جائے) یہ ہے شان فاروقی کہ جب حق ظاہر ہو گیا تو اپنی رائے سے رجوع فرمالیا) اس حدیث کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

ف: اس حدیث شریف میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قول ہے کہ "اگر وہ مجھ سے بکری کا ایک بچہ بھی روک رکھیں گے جسے وہ (زکوٰۃ میں) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کو دیا کرتے تھے تو میں اُن سے جہاد کروں گا" واضح ہو کہ یہاں بکری کے بچے سے مراد حقیقتاً بکری کا بچہ نہیں ہے کیونکہ بکری کے بچے پر زکوٰۃ واجب نہیں، بلکہ یہاں یہ ظاہر کرنا مقصود ہے کہ چھوٹی سے چھوٹی چیز بھی مثلاً بکری کا بچہ ہی کیوں نہ ہو، یہ پہلے زکوٰۃ میں دیا جاتا تھا، اور اب نہ دیا جائے تو اس کے لیے بھی جہاد کیا جائے گا (زکوٰۃ میں وصول کئے جانے والے جانوروں کے بچوں سے متعلق مسائل آگے اپنے مقام پر آرہے ہیں) (ماخوذ از ہدایہ، رد المختار اور فتح القدیر) ۱۲)

۲۲۴۰ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ "وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَ الْفِضَّةَ" كَبُرَ ذٰلِكَ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ فَقَالَ عُمَرُ اَنَا اُفَرِّجُ عَنْكُمْ فَانْطَلَقَ فَقَالَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ اِنَّهٗ كَبُرَ عَلٰى اَصْحَابِكَ هٰذِهِ الْاٰيَةُ فَقَالَ اِنَّ اللّٰهَ لَمْ يَفْرِضِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ جب (سورۂ توبہ پ ۵ کی) یہ آیت نازل ہوئی۔

جو لوگ سونا اور چاندی جمع کر کے رکھتے ہیں اور ان کو اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے (یعنی زکوٰۃ نہیں نکالتے) تو آپ ان کو ایک بڑے دردناک عذاب کی خبر سنا دیجئے۔)

تو مسلمانوں پر یہ آیت بہت شاق گزری[1] حضرت عمر

[1] اس لیے کہ بظاہر اس آیت سے مال کا جمع کرنا ممنوع معلوم ہو رہا تھا یہ شنکر

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

الزَّکٰوۃَ اِلَّا لِیُطَیِّبَ مَا بَقِیَ مِنْ اَمْوَالِکُمْ وَاِنَّمَا فَرَضَ الْمَوَارِیْثَ وَ ذَکَرَ کَلِمَۃً لِّتَکُوْنَ لِمَنْ بَعْدَکُمْ فَقَالَ فَکَبَّرَ عُمَرُ ثُمَّ قَالَ لَہٗ اَلَا اُخْبِرُکَ بِخَیْرِ مَا یَکْنِزُ الْمَرْءُ اَلْمَرْاَۃُ الصَّالِحَۃُ اِذَا نَظَرَ اِلَیْھَا سَرَّتْہُ وَاِذَا اَمَرَھَا اَطَاعَتْہُ وَاِذَا غَابَ عَنْھَا حَفِظَتْہُ۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ)

رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا میں تمہاری اس مشکل کو حل کئے دیتا ہوں (یہ کہہ کر) حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور عرض کی یا نبی اللہ اس پر عمل کرنا صحابہ پر شاق گزر رہا ہے (حضور ارشاد فرمائیں کہ اس کا اصلی منشا کیا ہے اس پر) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ (اس آیت سے یہ مراد نہیں ہے کہ مال جمع ہی نہ کیا جائے، بلکہ اس آیت کی وعید ان لوگوں سے متعلق ہے جو بغیر زکوٰۃ ادا کئے مال جمع کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے زکوٰۃ تو اسی لیے فرض کی ہے کہ تمہارے باقی مال کو پاک کر دے (زکوٰۃ اداء کر کے مال جمع کرنے پر وعید نہیں ہے، مال جمع کرنے کی تائید میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا (کیا تم نہیں دیکھتے کہ) اللہ تعالیٰ نے میراث اسی لیے فرض فرمائی ہے کہ بعد میں آنے والے (ورثا) کو ان کا حق مل سکے (اگر مال جمع کرنا جائز نہ ہوتا تو وراثت قائم ہی کیسے ہو سکتی تھی، یہ سن کر) حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اللہ اکبر کا نعرہ بلند کیا، پھر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عمر سے ارشاد فرمایا اے عمر! تم کو انسان کا سب سے بہترین خزانہ بتائے دیتا ہوں اور وہ اس کی نیک بخت بیوی ہے جس کے دیکھنے سے مرد کو مسرت حاصل ہو، اور وہ عورت اس حکم کی اطاعت کرے اور اس کا شوہر کہیں باہر چلا جائے تو اس کے غیاب میں اسی کے (مال اور اپنی عصمت کی) حفاظت کرے۔ اس کی روایت ابوداؤد نے کی ہے۔ ۱۲

ف: اس حدیث شریف میں ارشاد باری تعالیٰ ہے "وَالَّذِیْنَ یَکْنِزُوْنَ الذَّھَبَ وَ الْفِضَّۃَ"، یعنی جو لوگ سونا چاندی بطور خزانہ جمع کر رکھے ہیں اور ان کو راہ خدا میں صرف نہیں کرتے وہ دردناک عذاب کے مستحق ہیں، اور ہر وہ مال جس پر زکوٰۃ ادا نہ کی جائے خواہ وہ زیور ہو یا غیر زیور، وہ کنز ہے اور اس میں کوئی فرق نہیں کیا گیا ہے اس لیے زیور بھی مال ہی کہلائے گا اور اس پر بھی زکوٰۃ واجب ہوگی اور یہی مذہب حنفی ہے

دیگر یہ کہ زکوٰۃ ادا نہ کر کے مال جمع کرنے والے سے بھی یہی وعید متعلق ہوگی جو صدر کی حدیث میں حضرت ابن عباس سے مروی ہے اور وعید تو صرف ترک واجب یا ترک فرض پر ہی ہوتی ہے اس سے بھی معلوم ہوا کہ مطلقاً مال پر زکوٰۃ فرض ہے، خواہ وہ زیور ہو یا غیر زیور۔

زیورات پر زکوٰۃ فرض ہونے کی ایک اور دلیل رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا یہ ارشاد ہے وَاَدُّوْا زَکٰوۃَ اَمْوَالِکُمْ طَیِّبَۃً بِھَا اَنْفُسُکُمْ، تم اپنے اموال پر (خواہ وہ سونا چاندی ہوں یا زیورات) خوشی خوشی زکوٰۃ ادا کرو۔ حدیث شریف میں مطلقاً مال کا ذکر ہے اور یہ نہیں فرمایا گیا کہ فلاں مال پر زکوٰۃ ہے اور فلاں مال پر زکوٰۃ نہیں مال خواہ سونا چاندی کی شکل میں ہو یا زیورات یا دوسرے اموال کی شکل میں ہو، سب مال ہی کہلائے گا اور اس پر زکوٰۃ واجب ہوگی۔ بشرطیکہ وہ نصاب کو پہونچتا ہو۔

زیورات پر زکوٰۃ فرض ہونے کی ایک دلیل یہ بھی ہے کہ زیورات حاجت اصلی سے زائد ہوتے ہیں، کیونکہ ان سے زیب وزینت مقصود ہوتی ہے اور یہی دلیل ہے ان کے حاجت اصلی سے زائد ہونے کی ہے لہٰذا ان زیورات بھی نعمت قرار پائے جو خوش حالی اور فارغ البالی کی دلیل ہیں، لہٰذا اس نعمت کا شکر اس طرح ادا کرنا چاہیئے کہ ان زیورات میں سے حسب نصاب کچھ حصے کو فقراء پر تقسیم کر دیا جائے اسی بناء پر زیورات پر بھی زکوٰۃ واجب قرار دی گئی۔ (بدائع) ۱۲

۲۲۴۱ / ۱۲ وَعَنْ جَرِیْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اِذَا اَتَاکُمُ الْمُصَدِّقُ فَلْیُصْدِرْ عَنْکُمْ وَھُوَ عَنْکُمْ رَاضٍ۔

(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت جریر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے زکوٰۃ دینے والوں سے ارشاد فرمایا کہ جب تمہارے پاس عاملین زکوٰۃ آیا کریں تو ان کو (پوری پوری زکوٰۃ دے کر) خوش خوش واپس کیا کرو (اس لیے کہ عاملین زکوٰۃ امام کی طرف سے بھیجے ہوئے ہوتے ہیں، اور امام کی اطاعت سب پر واجب ہے) اس حدیث کی روایت مسلم نے کی ہے۔

۲۲۴۲ / ۱۳ وَعَنْہُ قَالَ جَاءَ نَاسٌ یَعْنِیْ مِنَ الْاَعْرَابِ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ نَاسًا مِّنَ الْمُصَدِّقِیْنَ یَاْتُوْنَا فَیَظْلِمُوْنَا فَقَالَ اَرْضُوْا مُصَدِّقِیْکُمْ قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ وَاِنْ ظَلَمُوْنَا قَالَ اَرْضُوْا مُصَدِّقِیْکُمْ وَاِنْ ظُلِمْتُمْ۔

حضرت جریر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ دیہاتی عربوں کی ایک جماعت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئی اور عرض کی کہ عاملین زکوٰۃ جب ہمارے پاس (زکوٰۃ وصول کرنے کے لیے) آتے ہیں، تو ان میں سے بعض لوگ ہم پر زیادتی کرتے ہیں، اس پر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے کہ تم اپنے زکوٰۃ وصول کرنے والوں کو خوش رکھا کرو۔ ان لوگوں نے عرض کیا، یا رسول اللہ! (کیا ہم انھیں خوش رکھیں) اگرچہ کہ وہ ہم پر زیادتی کرتے ہوں؟

MARKAZ-UL-ULOOMIE ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا ہاں! زکوٰۃ وصول کرنے والوں کو خوش رکھو، اگرچہ کہ وہ تمہارے خیال میں، زیادتی کرتے ہیں۔ اس کی روایت ابو داؤد نے کی ہے۔

ف: اس حدیث شریف میں ارشاد ہے کہ عاملین زکوٰۃ کو خوش رکھا جائے اگرچہ کہ وہ زیادتی کریں۔ اس بارے میں الاشباہ والنظائر کے فن ثالث میں مذکور ہے کہ زیادتی کرنے والا یعنی فاسق شہادت قضاءت، امارت حکومت اور امامت کی اہلیت رکھتا ہے اسی طرح فاسق، نابالغ اولاد کا ولی اوقاف کا متولی بن سکتا ہے اور فسق کی وجہ سے خود بخود معزول نہیں ہوجاتا، جیسے مذہب امام شافعی میں مذکور ہے۔ اور مذہب حنفی یہ ہے کہ ایسے فاسق کو معزول کردینا امام یا حاکم کا ہی اختیار رہے، وہ خود بخود معزول نہیں ہوتا۔

۲۲۴۳ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ عَتِيْكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ سَيَاْتِيْكُمْ رُكَيْبٌ مُبْغَضُوْنَ فَاِذَا جَاءُوْكُمْ فَرَحِّبُوْا بِهِمْ وَخَلُّوْا بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ مَا يَبْتَغُوْنَ فَاِنْ عَدَلُوْا فَلِاَنْفُسِهِمْ وَاِنْ ظَلَمُوْا فَعَلَيْهِمْ وَاَرْضُوْهُمْ فَاِنَّ تَمَامَ زَكٰوتِكُمْ رِضَاهُمْ وَلْيَدْعُوَا لَكُمْ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت جابر بن عتیک رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ عنقریب تمہارے پاس زکوٰۃ وصول کرنے والے سوار آئیں گے جن کو تم (اس وجہ سے) ناپسند کرو گے[۱]، پس جب وہ تمہارے پاس آئیں تو تم خوش ہوکر اِن کا استقبال کرو (اور ان کی تعظیم کرو) اور جو کچھ وہ تم سے زکوٰۃ میں طلب کریں اس کو پورا پورا ادا کرو (کسی چیز کو ان کا سے چھپائے نہ رکھو) اگر وہ (زکوٰۃ کی وصولی میں) انصاف سے کام لیں گے تو یہ ان ہی کے فائدے کی چیز ہوگی (اور اس کا ان کو ثواب ملے گا) اور اگر وہ زکوٰۃ کا مال وصول کرنے میں زیادتی کریں (یعنی چن چن کر اچھا مال لیں یا نصاب سے زیادہ لیں) تو اس کا گناہ ان ہی پر ہوگا (اور ان کے ظلم کو برداشت کرنے کا ثواب بھی تم کو ملے گا)۔ بہرحال جس طرح ممکن ہو تم ان کو خوش کردیا کرو کیونکہ تمہارا فرض[۲] اسی وقت پورا پورا ہوسکے گا، جب کہ تم ان کی خوشی حاصل کرو[۳] وہ تمہارے لیے

---

[۱] کہ وہ تمہارا مال لینے آتے ہیں، یہ ناگواری مال کی جدائی کی وجہ سے طبعاً ہوتی ہے شرعاً نہیں۔

[۲] نصاب کے موافق زکوٰۃ دینے سے فرض تو ادا ہوجائے گا۔

[۳] اس وجہ سے کہ عاملین زکوٰۃ سلطان کی طرف سے مقرر ہوتے ہیں، اُن کی مخالفت سلطان کی مخالفت ہوگی اور سُلطان کی مخالفت فتنہ اور فساد کا سبب ہے اور تم ان کو اپنے حسن سلوک سے اسی طرح خوش کرو (کہ)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

دعاء کریں۔ اس کی روایت ابوداؤد نے کی ہے۔

۲۲۴۴ (۱۵) وَعَنْ بَشِيْرِ بْنِ الْخَصَاصِيَةِ قَالَ قُلْنَا اِنَّ اَهْلَ الصَّدَقَةِ يَعْتَدُوْنَ عَلَيْنَا اَفَنَكْتُمُ مِنْ اَمْوَالِنَا بِقَدْرِ مَا يَعْتَدُوْنَ قَالَ لَا۔
(رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ)

حضرت بشیر بن خصاصیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ہم نے (رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا) کہ زکوٰۃ وصول کرنے والے ہم پر زیادتی کرتے ہیں، تو کیا ہم ان سے اتنا مال چھپائے رکھیں جتنا کہ وہ ہم سے زیادہ لیتے ہیں، حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا: نہیں ایسا نہ کیا کرو[1] اس کی روایت ابو داؤد نے کی ہے۔

۲۲۴۵ (۱۶) وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ لَا جَلَبَ وَلَا جَنَبَ وَلَا تُؤْخَذُ صَدَقَاتُهُمْ اِلَّا فِيْ دُوْرِهِمْ۔
(رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ)

حضرت عمرو بن شعیب، رضی اللہ تعالیٰ عنہما اپنے والد اور دادا کے واسطے سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جلب اور جنب جائز نہیں ہے، بلکہ زکوٰۃ اُن کے گھروں پر (ان ہی کی آبادی میں) وصول کی جائے جہاں وہ ہمیشہ رہتے ہیں[2]۔ اس حدیث کی روایت ابوداؤد نے کی ہے

۲۲۴۶ (۱۷) وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ اَوْفٰى قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِذَا اَتَاهُ قَوْمٌ بِصَدَقَتِهِمْ قَالَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى اٰلِ فُلَانٍ فَاَتَاهُ اَبِيْ بِصَدَقَتِهٖ فَقَالَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى اٰلِ اَبِيْ اَوْفٰى۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ وہ فرماتے ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے پاس لوگ زکوٰۃ لے کر آتے تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اُن کے حق میں یہ دعاء فرماتے، اے اللہ! رحمت وبرکت نازل فرما اس شخص پر اور اس کے اہل وعیال پر (راوی کہتے ہیں کہ) (ایک روز) میرے والد (ابو اوفی) خدمت اقدس میں زکوٰۃ لے کر پہونچے، تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے یہ دعا دی، اے اللہ! (ابو اوفی) اور ان کے خاندان پر رحمت وبرکت نازل فرما۔ اس کی روایت بخاری

---

[1] بلکہ جس قدر وہ طلب کریں ادا کرو، اگر وہ زائد لیں گے تو خود ذمہ دار ہوں گے۔

[2] جلب یہ ہے کہ زکوٰۃ وصول کرنے والا کسی دور دراز مقام پر جا کر ٹھہر جائے اور زکوٰۃ دینے والے سے کہے کہ وہ اپنے اپنے جانور اس کے پاس لے آئے۔ اور جنب یہ ہے کہ زکوٰۃ دینے والا اپنے جانوروں کو لے کر کسی دور مقام کو چلا جائے اور زکوٰۃ لینے والے سے کہے کہ وہ وہاں آکر زکوٰۃ وصول کرے، یہ دونوں صورتیں ناجائز ہیں کہ پہلی صورت میں زکوٰۃ دینے والے کو اور دوسری صورت میں زکوٰۃ لینے کو تکلیف اور مشقت برداشت کرنی پڑتی ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOLOMIL ISLAMIA ACADEMY

وَفِيْ رِوَايَةٍ إِذَا أَتَى الرَّجُلُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِصَدَقَتِهٖ قَالَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْهِ۔

اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے اور بخاری اور مسلم کی ایک اور روایت میں اس طرح مذکور ہے کہ جب کوئی شخص نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی خدمت میں زکوٰۃ پیش کرتا تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے حق میں یہ دعا فرماتے اے اللہ! اس شخص پر رحمت نازل فرما۔

ف: اس حدیث شریف میں مذکور ہے کہ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم زکوٰۃ لانے والے کے لیے ان الفاظ سے دعاء فرماتے تھے۔ "اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى آلِ فلان" اس بارے میں ردالمحتار میں لکھا ہے کہ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى کے الفاظ سے دعاء کرنا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے خصوصیات سے ہے، دوسروں کے لیے جائز نہیں ہے کہ انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کے سوا کسی اور پر صلوٰۃ کے لفظ سے دعا کریں، ہاں! امام یا زکوٰۃ وصول کرنے والے کے لیے منتخب یہ ہے کہ وہ زکوٰۃ دینے والے کے لیے اس طرح دعاء کرے۔

آجَرَكَ اللّٰهُ فِيْمَا أَعْطَيْتَ وَبَارَكَ اللّٰهُ فِيْمَا أَبْقَيْتَ

تو نے جو مال (راہ خدا میں) دیا ہے، اللہ اس کا تجھے ثواب دے، (اور جو مال زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد) تیرے پاس رہ گیا ہے اللہ تجھے اس میں برکت دے (خازن، بیان القرآن) ۱۲

۲۲۴۷
۱۸ وَعَنْ أَبِيْ حُمَيْدٍ السَّاعِدِيِّ قَالَ اِسْتَعْمَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ رَجُلًا مِّنَ الْأَزْدِ يُقَالُ لَهُ ابْنُ اللُّتْبِيَّةِ عَلَى الصَّدَقَةِ فَلَمَّا قَدِمَ قَالَ هٰذَا لَكُمْ وَهٰذَا أُهْدِيَ لِيْ فَخَطَبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنٰى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ أَمَّا بَعْدُ فَإِنِّيْ أَسْتَعْمِلُ رِجَالًا مِّنْكُمْ عَلٰى أُمُوْرٍ مِّمَّا وَلَّانِيَ اللّٰهُ فَيَأْتِيْ أَحَدُهُمْ فَيَقُوْلُ هٰذَا لَكُمْ وَهٰذِهٖ هَدِيَّةٌ أُهْدِيَتْ لِيْ فَهَلَّا جَلَسَ فِيْ بَيْتِ أُمِّهٖ فَيَنْظُرُ أَيُهْدٰى لَهٗ أَمْ لَا وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَا يَأْخُذُ أَحَدٌ مِّنْهُ شَيْئًا إِلَّا

حضرت ابو حمید ساعدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے قبیلہ ازد کے ایک صاحب جن کا نام ابن اللتبیہ تھا۔ عامل زکوٰۃ بنا کر بھیجا، جب وہ زکوٰۃ وصول کر کے (مدینہ منورہ واپس لوٹے تو (حضور نے اُن سے حساب لیا تو وہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی خدمت میں زکوٰۃ کا مال پیش کرتے ہوئے) عرض کیے حضور! یہ مال آپ کا ہے (جو زکوٰۃ میں دیا گیا ہے) اور یہ مال مجھے ہدیۃً ملا ہے (یہ سُن کر) نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم (نے لوگوں کے سامنے منبر پر) خطبہ ارشاد فرمایا (اولاً) اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کی، پھر فرمایا میں تم میں سے کچھ آدمیوں کو ان اُمور پر مامور کرتا ہوں جن پر اللہ تعالیٰ نے مجھے مامور کر کے بھیجا ہے۔ پس ان میں سے ایک شخص آتا ہے اور کہتا ہے یہ تمہارا مال ہے اور یہ مجھے ہدیہ دیا گیا ہے (حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

جَآءَ بِهٖ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَحْمِلُهٗ عَلٰى رَقَبَتِهٖ اِنْ كَانَ بَعِيْرًا لَّهٗ رُغَآءٌ اَوْ بَقَرًا لَّهٗ خُوَارٌ اَوْ شَاةً تَيْعَرُ ثُمَّ رَفَعَ يَدَهٗ حَتّٰى رَاَيْنَا عُفْرَةَ اِبْطَيْهِ ثُمَّ قَالَ اَللّٰهُمَّ هَلْ بَلَّغْتُ اَللّٰهُمَّ هَلْ بَلَّغْتُ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اگر یہ اپنے بیان میں سچا ہے) تو کیوں نہ اپنے ماں کے یا باپ کے گھر میں بیٹھ گیا کہ دیکھ لیتا کہ وہاں اس کو ہدیہ کا مال آتا ہے یا نہیں، قسم ہے اس ذاتِ عالی کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! تم میں سے کوئی شخص بھی کوئی چیز بھی (بغیر استحقاق) لے گا تو وہ قیامت کے دن ایسی حالت میں آئے گا کہ وہ چیز اس کو گردن پر لدی ہوگی اونٹ ہوگا تو بلبلا رہا ہوگا، گائے ہوگی تو چلا رہی ہوگی، اور بکری ہوگی تو ممنا رہی ہوگی، پھر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے دونوں ہاتھوں کو اٹھایا اور اتنا بلند فرمایا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے بغل کی سفیدی ہم کو نظر آنے لگی اور فرمایا اے اللہ! میں نے تیرا حکم (تیرے بندوں تک) پہونچا دیا! اے اللہ! میں نے تیرا حکم (تیرے بندوں تک) پہونچا دیا۔ اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

قَالَ الْخَطَّابِيُّ وَفِيْ قَوْلِهٖ هَلَّا جَلَسَ فِيْ بَيْتِ اُمِّهٖ اَوْ اَبِيْهِ فَيَنْظُرُ اَيُهْدٰى اِلَيْهِ اَمْ لَا دَلِيْلٌ عَلٰى اَنَّ كُلَّ اَمْرٍ يُتَذَرَّعُ بِهٖ اِلٰى مَحْظُوْرٍ فَهُوَ مَحْظُوْرٌ هٰكَذَا فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَقَالَ عَلِيُّ نِ الْقَارِيُّ اِنَّ كُلَّ عَقْدٍ تَوَسَّطَ فِيْ مُعَامَلَةٍ اَخْرَجَهَا عَنِ الْمُعَامَلَةِ الْمُؤَدِّيَةِ اِلَى الرِّبَا جَائِزٌ۔

اس حدیث شریف میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے کہ یہ کیوں نہ اپنے ماں کے یا باپ کے گھر میں بیٹھ گیا کہ دیکھ لیتا کہ وہاں اس کو ہدیہ کا مال آتا ہے یا نہیں خطابی نے کہا ہے کہ اس ارشاد نبوی میں دلیل ہے کہ ہر ایسی چیز جو کسی ممنوع یا ناجائز کام کا ذریعہ اور وسیلہ بنے وہ بھی ممنوع اور ناجائز ہے۔ شرح السنہ میں بھی ایسا ہی مذکور ہے اور ملا علی قاری رحمہ اللہ نے مرقات میں لکھا ہے کہ ایسی چیز جو کسی ناجائز کام کا ذریعہ بنے وہ بھی ناجائز ہے"، مذہب حنفی اور مذہب شافعی کے موافق ہے، کیونکہ وسائل کا حکم مقاصد کا ہوتا ہے، جو چیز طاعت کا وسیلہ بنے وہ بھی طاعت ہی ہوگی اور جو چیز معصیت کا ذریعہ بنے وہ بھی معصیت ہی ہوگی۔

اور ملا علی قاری رحمہ اللہ نے مرقات میں اسی حدیث شریف کے تحت ایک دوسرا کلیہ یہ بھی بیان فرمایا ہے کہ ہر ایسا کام جو کسی ناجائز معاملہ سے (مثلاً سود وغیرہ سے) بچنے کے لیے اختیار کیا جائے تو ایسا کام جائز ہوگا۔ چنانچہ خیبر کے عامل زکوٰۃ کو جن کے پاس کچھ ردی کھجور تھے اور وہ ان کو اچھے کھجور سے

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

بدلنا چاہتے تھے) اور یہ معاملہ یعنی ردی کھجور کو اچھے کھجور سے بدلنا ربوا یعنی سود کی تعریف میں آتا تھا) تو حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو سودی معاملہ سے بچانے کے لیے اس طرح ہدایت فرمائی کہ وہ دو صاع ردی کھجور کو اولاً بیچ دیں اور اس کی قیمت سے ایک صاع اچھے کھجور خرید لیں، چونکہ یہ معاملہ سود سے بچنے کے لیے بطور ذریعہ کے اختیار کیا گیا ہے) اس لیے جائز ہو گا۔ (اس وجہ سے کہ) ایسا وسیلہ جو حرام یا ناجائز کام سے بچنے کے لیے اختیار کیا جائے۔ جائز ہے اور یہی مذہب حنفی ہے۔

ف: اس حدیث شریف میں حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے عامل زکوٰۃ کے ہدیہ لینے کو پسند نہیں فرمایا ہے، اس سے ثابت ہوتا ہے کہ ایسا ہدیہ جو حکومت کے اثر کی وجہ سے دیا جاتا ہو اس کا قبول کرنا حرام ہے ردالمحتار بحوالہ فتح اور صاحب مرقات نے اس کے عدم جواز کی دلیل یہ بیان کی ہے کہ عامل زکوٰۃ کو صاحب مال اس وجہ سے ہدیہ دیتے ہیں کہ ان کے مال سے زکوٰۃ کا کچھ حصہ چھوڑ دیا جائے جو ناجائز ہے، اور دوسری وجہ یہ ہے کہ عامل کو اس کی خدمت کا معاوضہ مقرر ہے اور اس طرح کا ہدیہ بھی معاوضہ ہی متصور ہو گا اور اس صورت میں ایک خدمت کے دو معاوضے ہو جائیں گے جو جائز نہیں ہے ۱۲۔

۲۲۴۸ / ۱۹ وَعَنْ عَدِيِّ بْنِ عُمَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَنِ اسْتَعْمَلْنَاهُ مِنْكُمْ عَلٰى عَمَلٍ فَكَتَمَنَا مِخْيَطًا فَمَا فَوْقَهٗ كَانَ غُلُوْلًا يَاْتِيْ بِهٖ يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عدی بن عمیرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ ہم تم میں سے کسی کو عامل مقرر کرتے ہیں، پھر وہ ہم سے سوئی یا اس سے چھوٹی چیز کو چھپا لیتا ہے (تو یہ خیانت ہے) اور ایسا شخص قیامت کے دن اس چھپائی ہوئی چیز کو لئے ہوئے حاضر ہو گا (اور اس کو اپنے کئے کا خمیازہ بھگتنا پڑے گا۔ اس حدیث کی روایت مسلم نے کی ہے۔

۲۲۴۹ / ۲۰ وَعَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَلْعَامِلُ عَلَى الصَّدَقَةِ بِالْحَقِّ كَالْغَازِيْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ حَتّٰى يَرْجِعَ اِلٰى بَيْتِهٖ رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ وَالتِّرْمِذِيُّ۔

وَفِيْ رِوَايَةِ التِّرْمِذِيِّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ مِنَ السُّنَّةِ شَهْرًا

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ ایسا عامل جو حق اور انصاف کے ساتھ زکوٰۃ وصول کرے اس کا مرتبہ ایسے غازی کے برابر ہے جو راہ خدا میں جہاد کرے (جس طرح غازی جہاد سے ثواب اور مال غنیمت کے ساتھ گھر لوٹتا ہے) ایسا ہی عامل زکوٰۃ بھی ثواب اور بیت المال کے لیے مال زکوٰۃ لے کر لوٹتا ہے اور اس کا مال کے ساتھ واپس ہونا قوم کے مالیہ کو مستحکم کرنے کا بڑا اہم سبب ہے اور

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

تُؤَدُّوْنَ فِيْهِ زَكٰوةَ اَمْوَالِكُمْ فَمَا حَدَثَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَا زَكٰوةَ فِيْهِ حَتّٰى يَجِيْءَ رَأْسُ الشَّهْرِ۔

عامل زکوٰۃ (کا غازی کے برابر مرتبہ) اس وقت تک رہتا ہے جب تک وہ اپنے گھر واپس نہ لوٹ جائے۔ اس حدیث کی روایت ابو داؤد اور ترمذی نے کی ہے، اور ترمذی کی ایک روایت میں مذکور ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ سال میں ایک مہینہ ہے[1]۔ کچھ مال تمہارے پاس آجائے تو جب تک اس مال پر ایک سال گذر جائے اس وقت تک اس مال پر زکوٰۃ واجب نہیں۔

ف: ترمذی کی دوسری روایت میں مذکور ہے کہ تم اپنے اموال پر زکوٰۃ دیتے ہو اس بارے میں کوکب دری اور عرف شذی میں لکھا ہے کہ اموال کی تین قسمیں ہیں، ایک وہ مال ہے جو مال تجارت کے منافع کے طور درمیان سال میں حاصل ہوا ہے، جیسے کسی کے پاس کچھ بکریاں ہیں اور درمیان سال میں اور بکریوں کا اضافہ ہوا تو چونکہ اصل اور اضافہ شدہ مال کی جنس ایک ہے، تو اس پر سب کا اتفاق ہے کہ ایسے درمیان سال میں حاصل ہونے والے منافع کو اصل سرمایہ میں شامل کر کے ختم سال پر دونوں مال کی زکوٰۃ ایک ساتھ ادا کی جائے۔

دوسرے وہ مال ہے جو موجودہ اموال کی جنس سے نہ ہو، جیسے کسی کے پاس تجارت کے اونٹ ہیں اور اس کو درمیان سال میں کچھ بکریاں بھی حاصل ہو گئیں تو اس پر بھی سب کا اتفاق ہے کہ ختم سال پر وہ صرف اونٹوں کی زکوٰۃ دے بکر بکریوں کو شامل نہ کرے، اس لیے کہ بکریاں غیر جنس سے ہیں۔ ہاں! جب بکریوں پر ایک سال کی مدت گزر جائے تو وہ بکریوں کی علیحدہ زکوٰۃ ادا کرے۔

تیسرے وہ مال ہے جو وراثت یا وصیت کے طور پر درمیان سال میں حاصل ہوا ہو، ایسے مال کے بارے میں امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ فرماتے ہیں کہ اگر درمیان سال میں حاصل ہونے والا مال اور موجودہ مال دونوں جنس میں ایک ہوں تو اصل مال اور اضافہ شدہ مال دونوں کو ملا کر ختم سال پر دونوں کی زکوٰۃ ایک ساتھ ادا کی جائے اور امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ فرماتے ہیں کہ درمیان سال میں حاصل ہونے والے مال پر بھی جب تک ایک سال پورا نہ گزر جائے زکوٰۃ واجب نہیں ہوگی خواہ ایسا مال سابقہ مال کے ہم جنس ہو یا نہ ہو۔ ۱۲

۲۲۴۶ وَعَنْ عَلِيٍّ اَنَّ الْعَبَّاسَ سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فِيْ تَعْجِيْلِ صَدَقَتِهٖ قَبْلَ اَنْ تَحِلَّ فَرَخَّصَ لَهٗ فِيْ ذٰلِكَ۔

امیر المؤمنین حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے سال گزرنے سے پہلے زکوٰۃ ادا کرنے کے بارے میں دریافت فرمایا: تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ

۱؎ یعنی جس مہینہ میں مال آیا ہے، اس مہینہ سے ملا کر ایک سال گزرنے پر زکوٰۃ عائد ہوتی ہے، خواہ وہ مہینہ کوئی بھی ہو جس میں تم اپنے اموال کی زکوٰۃ دیتے ہو، اس مہینہ کے گذر جانے کے بعد یعنی درمیان سال میں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَ
ابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

۲۲۵۰ وَعَنْ طَاؤُسٍ قَالَ قَالَ
مُعَاذٌ لِاَهْلِ الْيَمَنِ اِئْتُوْنِيْ بِعَرْضٍ
ثِيَابٍ خَمِيْصٍ اَوْ لَبِيْسٍ فِي الصَّدَقَةِ
مَكَانَ الشَّعِيْرِ وَالذُّرَةِ اَهْوَنُ عَلَيْكُمْ
وَخَيْرٌ لِاَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ
وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِالْمَدِيْنَةِ۔
(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)
وَفِيْ صَحِيْحِهٖ تَعْلِيْقًا وَتَعْلِيْقُهٗ صَحِيْحٌ
وَرَوَاهُ ابْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ فِيْ مُصَنَّفِهٖ نَحْوَهٗ.
وَفِيْ رِوَايَةٍ لِلْبُخَارِيِّ عَنْ ثُمَامَةَ
اَنَّ اَنَسًا حَدَّثَهٗ اَنَّ اَبَا بَكْرٍ رَضِيَ اللهُ
عَنْهُ كَتَبَ لَهُ الَّتِيْ اَمَرَ اللهُ رَسُوْلَهٗ
صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَمَنْ
بَلَغَتْ صَدَقَتُهٗ بِنْتَ مَخَاضٍ وَّ
لَيْسَتْ عِنْدَهٗ وَعِنْدَهٗ بِنْتُ لَبُوْنٍ
فَاِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ وَيُعْطِيْهِ الْمُصَدِّقُ
عِشْرِيْنَ دِرْهَمًا اَوْ شَاتَيْنِ فَاِنْ لَّمْ
يَكُنْ عِنْدَهٗ بِنْتُ مَخَاضٍ عَلٰى وَجْهِهَا
وَعِنْدَهُ ابْنُ لَبُوْنٍ فَاِنَّهٗ يُقْبَلُ مِنْهُ
وَلَيْسَ مَعَهٗ شَيْءٌ وَقَدِ احْتَجَّ
بِهِمَا مَنْ يَرٰى تَعَلُّقَ الزَّكٰوةِ
بِالذِّمَّةِ۔

وآلہ وسلم نے اس کی اجازت دیدی اس وجہ سے کہ ادائیگی زکوٰۃ کی اصل شرط نصاب کا پورا ہونا ہے اور وہ واقع ہو چکی ہے، اس لیے احناف اور اکثر آئمہ کے نزدیک سال گزرنے سے پہلے زکوٰۃ ادا کر دی جائے تو زکوٰۃ ادا ہو جاتی ہے اس حدیث کی روایت ابو داؤد، ترمذی، ابن ماجہ، اور دارمی نے کی ہے۔

حضرت طاؤس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اہل یمن سے فرمایا تھا کہ جو اور جوار کی بجائے تم مجھے زکوٰۃ میں دھاری دار چادریں یا پہننے کے کپڑے لاکر دو، کیونکہ تم پر کپڑوں کا دینا غلہ دینے کی نسبت زیادہ آسان ہے، اور مدینہ منورہ میں اصحاب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے لیے کپڑے زیادہ مفید ہیں۔ اس کی روایت امام بخاری نے (کتاب الزکوٰۃ میں) تعلیقاً کی ہے اور ان کی تعلیق بھی حدیث کی روایت کی طرح صحیح ہے اور ابن ابی شیبہ نے بھی اپنی مصنف میں اسی روایت ہے، اور بخاری کی ایک اور روایت میں ثمامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے کہ ان سے انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ حدیث بیان فرمائی ہے کہ اس حکم نامہ میں جس کا خدائے تعالیٰ نے اپنے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو حکم فرمایا تھا، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ لکھا تھا کہ اگر کسی کے پاس اتنے اونٹ ہوں کہ اس کی زکوٰۃ میں اس شخص پر ایک سالہ اونٹنی واجب ہوتی ہو اور اس کے پاس ایک سالہ اونٹنی موجود نہ ہو بلکہ دو سالہ اونٹنی موجود ہو تو عامل زکوٰۃ کو چاہیے کہ ایسے شخص سے دو سالہ اونٹنی لے لے اور دو بکریاں یا بیس درہم (اس کو زائد عمر کے جانور لینے کے معاوضہ میں) واپس کر دے اور اگر اس کے پاس ایک سالہ اونٹنی نہ ہو، اور دو سالہ اونٹ ہو تو زکوٰۃ میں دو سالہ اونٹ کو ہی لے لے مگر واپس کچھ نہ دے (کیونکہ اونٹ ہونے کی وجہ سے وصول

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

فَرَائِضَ الْوُضُوْءِ وَالصَّلَاةِ فَكَيْفَ يَتَقَدَّمُ فِي الْإِمَامَةِ وَمَنْعُهٗ أَحْوَطُ فِي الدِّيْنِ كَذَا فِي الْمِرْقَاتِ۔

ف واضح ہو کہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی روایت میں ارشاد ہے کہ لڑکا بالغ ہونے تک امامت نہ کرے چونکہ یہ ارشاد مطلق ہے اور اس میں کسی قسم کی قید نہیں ہے، اس لیے نابالغ لڑکا نہ تو فرض نماز میں امامت کرے اور نہ ہی نفل نماز میں۔ چنانچہ عمدۃ الرعایہ میں لکھا ہے کہ نابالغ لڑکے کے امامت نہ کرنے کا جو مطلق حکم ہے، اس سے ثابت ہوتا ہے کہ لڑکے کی امامت بالغ مرد اور عورتوں کے لیے تمام نمازوں میں جائز نہیں ہے، فرض نمازوں میں لڑکے کی امامت کے جائز نہ ہونے پر ہمارے جمیع آئمہ احناف رحمہم اللہ متفق ہیں، اس کی وجہ یہ ہے کہ لڑکا احکام شرعی کا مکلف نہیں ہوتا، اس لیے اس کی فرض نماز بھی نفل ہی سمجھی جائے گی۔ اور اگر بالغ مرد یا عورتیں اس کی اقتداء کریں تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ فرض نماز پڑھنے والے نفل نماز پڑھنے والے کی اقتداء کر رہے ہیں، حالانکہ فرض نماز پڑھنے والوں کی اقتداء بالاتفاق نفل نماز پڑھنے والے کے پیچھے جائز نہیں ہے۔

اب رہا تراویح اور دیگر نفل نمازوں میں نابالغ بچہ کا امام بننا تو اس بارے میں واضح ہو کہ مشائخ بلخ نے تراویح اور نفل نمازوں میں لڑکے کی امامت کو جائز قرار دیا ہے لیکن ہدایہ میں ہے کہ فتویٰ اس پر ہے کہ لڑکے کی امامت تمام نمازوں میں خواہ فرض ہو یا تراویح یا نفل جائز نہیں ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ لڑکے کی نفل نماز اور بالغ شخص کی نفل نماز میں بڑا فرق ہے، وہ یہ کہ اگر بالغ شخص نفل نماز شروع کرکے توڑ دے تو اس پر اس نفل کی قضاء لازم ہے اس کے برخلاف اگر نابالغ بچہ نفل نماز شروع کرکے توڑ دے تو بچہ پر اس نفل کی قضاء لازم نہیں۔ اس سے معلوم ہوا کہ لڑکے کی نفل نماز بالغ شخص کی نماز کے مقابلہ میں بہت کم درجہ رکھتی ہے، اس لیے نابالغ بچہ جس کی نفل نماز کم درجہ کی ہوتی ہے۔ وہ ایسے نفل نماز پڑھنے والوں کی امامت نہیں کرسکتا جن کی نفل نماز کامل درجہ کی ہوتی ہے۔ ۱۲

(یہ پورا مضمون عمدۃ الرعایہ سے ماخوذ ہے)

۱۴۹۳ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ اِسْتَخْلَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِبْنَ أُمِّ مَكْتُوْمٍ يَؤُمُّ النَّاسَ وَهُوَ أَعْمٰى رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ وَرَوٰى سَعِيْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ نَحْوَهٗ ــــ عَنْ غَالِبِ بْنِ الْهُذَيْلِ قَالَ دَخَلْتُ مَعَ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ مَسْجِدًا فَصَلّٰى مَعَهُمْ فَإِذَا إِمَامُهُمْ أَعْمٰى فَجَعَلُوْا

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے (اپنی غیر موجودگی میں) ابن ام مکتوم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اپنا جانشین بناتے (جب آپ مدینہ سے باہر غزوات میں تشریف لے جایا کرتے تھے) ابن ام مکتوم رضی اللہ تعالیٰ عنہ امام ہو کر لوگوں کو نماز پڑھایا کرتے حالانکہ وہ نابینا تھے۔ اس کی روایت ابو داؤد نے کی ہے اور سعید بن منصور نے غالب بن ہذیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس طرح روایت کی ہے، غالب بن ہذیل کہتے ہیں کہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL-ISLAMIA ACADEMY

يَلُومُونَهُ، فَقَالَ سَعِيدٌ مَنْ ثَمَّ كَرِهَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ الْإِمَامُ أَعْمَى وَالْمُؤَذِّنُ أَعْمَى وَرَوَى ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ وَأَنَسٍ نَحْوَهُ۔

(ایک دفعہ) میں سعید ابن جبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کے ساتھ ایک مسجد میں داخل ہوا اور نماز شروع ہو چکی تھی، تو سعید بن جبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نے (منفردی ہو کر) لوگوں کے ساتھ نماز ادا کی۔ غالب کہتے ہیں، میں کیا دیکھتا ہوں کہ جو امام بن کر نماز پڑھا رہے تھے وہ نابینا تھے، لوگ امام کو ملامت کرنے لگے (کہ تم نے نابینا ہو کر کیسے امامت کی یہ سن کر) سعید بن جبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا اسی وجہ سے عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نابینا امام اور نابینا موذن کو ناپسند فرماتے تھے۔ ابن ابی شیبہ نے بھی سعید بن جبیر اور انس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے اسی طرح روایت کی ہے۔

ف۔ واضح ہو کہ ابو داؤد کی مذکورالصدر حدیث سے جو انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے مروی ہے معلوم ہوا کہ نابینا کی امامت فی نفسہ جائز ہے اس لیے کہ ابو داؤد کی اس روایت میں کسی قید کے بغیر نابینا کی امامت کا ذکر ہے۔

اب رہا سعید بن منصور اور ابن ابی شیبہ کی روایت سے نابینا کی امامت کا مکروہ ہونا جو ثابت ہو رہا ہے وہ اس احتمال سے ہے کہ شاید نابینا اپنی نابینائی کی وجہ سے اپنے جسم یا کپڑے کو نجاست سے نہ بچاتا ہو مگر یہ احتمال بہت ضعیف ہے۔ اس لیے اس ضعیف احتمال کی وجہ سے نابینا کی امامت کو مکروہ تنزیہی کہا گیا ہے، اگر نابینا جماعت میں سب سے زیادہ عالم ہو تو اس کو در احتمال کا لحاظ کئے بغیر نابینا کی امامت کو اولیٰ اور افضل قرار دیا گیا ہے۔ البتہ اگر جماعت میں نابینا سے زیادہ کوئی عالم ہو تو ایسے موقع میں اس ضعیف احتمال کا لحاظ کر کے نابینا کو امام نہ بنانا چاہیئے۔

اور سعید بن منصور کی اس روایت میں لوگوں نے نابینا امام کو جو ملامت کی اس کی تائید میں سعید بن جبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا نابینا کی امامت کو پسند نہ فرمانے کا ذکر کیا ہے اور قوم نے امام کو جو ملامت کی اس کی وجہ یہ تھی کہ قوم میں نابینا سے زیادہ عالم موجود ہوتے ہوئے نابینا نے امامت کی تھی (مرقات، رد المحتار، عمدۃ الرعایہ۔)

۱۴۹۴ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ لَمَّا قَدِمَ الْمُهَاجِرُونَ الْأَوَّلُونَ الْمَدِينَةَ كَانَ يَؤُمُّهُمْ سَالِمٌ مَوْلَى أَبِي حُذَيْفَةَ وَفِيهِمْ عُمَرُ وَأَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الْأَسَدِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ (نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ہجرت فرمانے سے پہلے آپ کے حکم سے) جو صحابہ ہجرت کر کے سب سے پہلے مدینہ منورہ پہنچے تو ان کی امامت سالم رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کیا کرتے تھے جو ابو حذیفہ رضی اللہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ وَفِیْ رِوَایَۃٍ عَنْ اِبْرَاھِیْمَ قَالَ لَا بَاْسَ بِاَنْ یَّؤُمَّھُمُ الْاَعْرَابِیُّ وَالْعَبْدُ وَوَلَدُ الزِّنَا اِذَا قَرَءَ الْقُرْاٰنَ رَوَاہُ مُحَمَّدٌ فِی الْاٰثَارِ وَقَالَ بِہٖ نَاْخُذُ اِذَا کَانَ فَقِیْھًا عَالِمًا بِاَمْرِ الصَّلٰوۃِ وَھُوَ قَوْلُ اَبِیْ حَنِیْفَۃَ۔

عنہ کے آزاد کردہ غلام تھے، سالم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اقتداء کرنے والوں میں حضرت عمر بن خطاب اور ابو سلمہ رضی اللہ عنہما بھی تھے، اس کی روایت بخاری نے کی ہے۔ اور ابراہیم نخعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ایک روایت میں اس طرح ہے وہ فرماتے ہیں کہ اس میں حرج نہیں کہ اعرابی (دیہاتی) غلام اور ولد الزنا لوگوں کی امامت کریں جب کہ انہوں نے قرآن پڑھ لیا ہو، اس کی روایت امام محمد نے الآثار میں کی ہے اور امام محمد نے فرمایا ہے کہ ہم بھی اسی کے قائل ہیں جب کہ وہ عالم ہو اور نماز کے احکام جانتا ہو اور امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ کا بھی یہی قول ہے۔

ف۔ واضح ہو کہ بخاری اور کتاب الآثار دونوں کی مذکورہ روایتوں سے ثابت ہوتا ہے کہ غلام، دیہاتی اور ولد الزنا تینوں کی امامت فی نفسہ جائز ہے اس لیے کہ بخاری کی روایت میں بغیر کسی قید کے غلام کی امامت کرنے کا ذکر ہے اور کتاب آثار روایت میں جو "لا باس" کا ذکر ہے اس سے قدرے کراہت کی طرف اشارہ ہوتا ہے وہ اس احتمال سے ہے کہ شاید ان تینوں کو تربیت کا موقع نہ ملا ہو جس کی وجہ سے یہ ان پڑھ رہ گئے ہوں مگر یہ احتمال بہت ضعیف ہے۔ اس لیے اس ضعیف احتمال کی وجہ سے غلام، دیہاتی اور ولد الزنا کی امامت کو مکروہ تنزیہی کہا گیا ہے اگر یہ جماعت میں سب سے زیادہ عالم ہوں تو اس کمزور احتمال کا لحاظ کئے بغیر ان کی امامت کو اولیٰ اور افضل قرار دیا گیا ہے۔ ۱۲)

۱۴۹۵ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَۃٌ لَا تُجَاوِزُ صَلَاتُھُمْ اٰذَانَھُمُ الْعَبْدُ الْاٰبِقُ حَتّٰی یَرْجِعَ وَامْرَاَۃٌ بَاتَتْ وَزَوْجُھَا عَلَیْھَا سَاخِطٌ وَاِمَامُ قَوْمٍ وَھُمْ لَہٗ کَارِھُوْنَ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت ابو امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تین آدمی ایسے ہیں کہ ان کی نماز ان کے کانوں سے بھی آگے نہیں بڑھتی[۱] ایک تو اپنے آقا سے بھاگا ہوا غلام کہ اس کی نماز (اپنے مالک) کے پاس واپس ہونے تک) قبول نہیں ہوتی۔ دوسرے اس عورت کی نماز قبول نہیں ہوتی جو ایسی حالت میں رات گزار دے کہ اس کا شوہر اس سے ناراض ہے[۲] تیسرے اس امام کی نماز بھی قبول نہیں ہوتی جس سے لوگوں کی جماعت

---

[۱] یعنے قبول نہیں ہوتی، گو فرض ان کے ذمہ سے ساقط ہو جاتا ہے۔
[۲] (بشرطیکہ قصور عورت کا ہو، اگر قصور مرد کا ہے تو پھر عورت اس وعید میں داخل نہیں ہو گی۔)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

ناراض ہے[۳] (ترمذی)

۱۴۹۶ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَةٌ لَا تُقْبَلُ مِنْهُمْ صَلَاتُهُمْ مَنْ تَقَدَّمَ قَوْمًا وَّهُمْ لَهٗ كَارِهُوْنَ وَرَجُلٌ اَتَى الصَّلٰوةَ دِبَارًا وَالدِّبَارُ اَنْ يَّاْتِيَهَا بَعْدَ اَنْ تَفُوْتَهٗ وَرَجُلٌ اِعْتَبَدَ مُحَرَّرَةً ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تین آدمی ایسے ہیں جن کی نماز قبول نہیں ہوتی[۱] ایک وہ شخص ہے جو امامت کے لیے آگے بڑھ گیا، باوجودیکہ جماعت اس سے ناراض ہے (اس لیے کہ یہ احکام شرعی کا خلاف کرتا ہے،) دوسرے اس شخص کی نماز قبول نہیں ہوتی (جس کو بغیر عذر کے) آخر وقت نماز کے لیے آنے کی عادت ہو تیسرے اس شخص کی نماز بھی قبول نہیں ہوتی جو اپنے غلام باندی کو آزاد کر کے پھر ان کو غلام باندی بنا لے ایسا ہی اگر کوئی شخص کسی حر کو جو غلام باندی نہ ہوں زبردستی غلام باندی بنائے تو ایسے شخص کی بھی نماز قبول نہیں ہوتی، اس کی روایت ابوداؤد اور ابن ماجہ نے کی ہے۔

۱۴۹۷ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَةٌ لَا تَرْتَفِعُ لَهُمْ صَلَاتُهُمْ فَوْقَ رُءُوْسِهِمْ شِبْرًا رَجُلٌ اَمَّ قَوْمًا وَّهُمْ لَهٗ كَارِهُوْنَ وَامْرَاَةٌ بَاتَتْ وَزَوْجُهَا عَلَيْهَا سَاخِطٌ وَاَخَوَانِ مُتَصَارِمَانِ ۔

(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تین آدمی ایسے ہیں کہ نماز ان کے سروں سے ایک بالشت بھی اوپر نہیں جاتی۔ ایک ایسا شخص جو لوگوں کی امامت کرے باوجودیکہ جماعت اس سے ناراض ہے[۲] دوسرے اس عورت کی نماز قبول نہیں ہوتی جو ایسی حالت میں رات گزار دے کہ اس کا شوہر اس سے ناراض ہے۔ (بشرطیکہ قصور عورت کا ہو) تیسرے ان دو بھائیوں کی نماز بھی قبول نہیں ہوتی جو ایک دوسرے سے قطع تعلق کر لیں[۴] ایسا ہی ایسے دو مسلمانوں کی نماز بھی قبول نہیں ہوتی، جو ایک دوسرے

---

۱ کہ وہ شرعی احکام کا خلاف کرتا ہے۔ اگر جماعت اپنی ذاتی عداوت کی وجہ سے ناراض ہے تو ایسا امام اس وعید میں داخل نہیں ہوگا)

۲ گو فرض تو ان کے ذمہ سے ساقط ہو جاتا ہے لیکن ثواب نہیں ملتا۔ ۳ اس لیے کہ یہ شرعی احکام کا خلاف کرتا ہے۔

۴ سلام و کلام موقوف کر دیتے ہوں۔

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

سے تین دن سے زیادہ (قطع تعلق کر کے) سلام و کلام موقوف کر دئے ہوں۱۔ (ابن ماجہ)

۱۴۹۸
۹
وَعَنْ سَلَامَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ اِشْرَاطِ السَّاعَةِ اَنْ يَّتَدَافَعَ اَهْلُ الْمَسْجِدِ لَا يَجِدُوْنَ اِمَامًا يُّصَلِّيْ بِهِمْ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاؤُدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَفِيْ رِوَايَةِ مُسْلِمٍ اِذَا كَانُوْا ثَلَاثَةً فَلْيَؤُمَّهُمْ اَحَدُهُمْ قَالَ عَلِيُّ نِ الْقَارِيُّ فِيْهِ اِشَارَةٌ اِلٰى جَوَازِ اِمَامَةِ الْمَفْضُوْلِ اِنْتَهٰى۔

حضرت سلامہ بنت الحارث رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے وہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ قرب قیامت کی نشانیوں میں ایک نشانی یہ بھی ہے کہ (جہالت اور مسائل سے ناواقفی ایسی عام ہو جائے گی کہ) مسجد میں لوگ نماز کے لیے جمع ہوں گے، اور ہر ایک خود نماز نہ پڑھا کر دوسرے کو نماز پڑھانے کا کہے گا (اور نااہل ہونے کی وجہ سے) کوئی ان کو نماز پڑھانے والا نہیں ملے گا۲۔ اس حدیث کی روایت امام احمد، ابو داؤد اور ابن ماجہ نے کی ہے اور مسلم کی روایت میں اس طرح ہے کہ تین شخص بھی ہوں تو ان میں کوئی ایک امام بنے (اور ایک دوسرے پر نہ ڈھکیلیں)

۱۴۹۹
۱۰
وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْجِهَادُ وَاجِبٌ عَلَيْكُمْ مَعَ كُلِّ اَمِيْرٍ بَرًّا كَانَ اَوْ فَاجِرًا وَاِنْ عَمِلَ الْكَبَائِرَ وَالصَّلٰوةُ وَاجِبَةٌ عَلَيْكُمْ خَلْفَ كُلِّ مُسْلِمٍ بَرًّا كَانَ اَوْ فَاجِرًا وَاِنْ عَمِلَ الْكَبَائِرَ وَالصَّلٰوةُ وَاجِبَةٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ بَرًّا كَانَ اَوْ فَاجِرًا وَاِنْ عَمِلَ الْكَبَائِرَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ ہر امیر کی سرکردگی میں تم پر جہاد فرض ہے خواہ وہ نیک ہو یا بد اور اگرچہ کہ وہ گناہ کبیرہ کا مرتکب ہو اور تم کو ہر مسلمان کے پیچھے نماز پڑھ لینا چاہیے۔ خواہ وہ نیک ہو یا بد اگرچہ وہ گناہ کبیرہ کا مرتکب ہی کیوں نہ ہو۳۔ اور ہر مسلمان میت پر نماز جنازہ پڑھنا فرض ہے خواہ وہ میت نیک ہو یا بد اور اگرچہ وہ کبیرہ کا مرتکب ہی کیوں نہ رہا ہو۔ (ابو داؤد)

۱۵۰۰
۱۱
وَعَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ

حضرت عبید اللہ بن عدی بن الخیار رضی اللہ تعالیٰ عنہ

---

۱ اگر یہ قطع تعلق اللہ تعالیٰ کے واسطے ہوا ہو تو یہ اس وعید میں داخل نہ ہوں گے۔

۲ اس سے معلوم ہوا کہ امامت کی اہلیت رکھنے کے باوجود امامت سے گریز کرنا اور امامت نہ کرنا مکروہ ہے۔

۳ (ایسے امام کے پیچھے جماعت کا ثواب ضرور مل جائے گا۔ اب رہی وہ مقبولیت اور فضیلت جو متقی امام کے پیچھے حاصل ہوتی ہے، وہ ایسے امام کے پیچھے حاصل نہیں ہوگی، اس لئے فقہا نے ایسے امام کے پیچھے نماز پڑھنے کو مکروہ تنزیہی قرار دیا ہے۔)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

الْخِيَارِ اَنَّهٗ دَخَلَ عَلٰى عُثْمَانَ وَهُوَ مَحْصُوْرٌ فَقَالَ اِنَّكَ اِمَامُ عَامَّةٍ وَنَزَلَ بِكَ مَا تَرٰى وَيُصَلِّىْ لَنَا اِمَامُ فِتْنَةٍ وَنَتَحَرَّجُ فَقَالَ الصَّلٰوةُ اَحْسَنُ مَا يَعْمَلُ النَّاسُ فَاِذَا اَحْسَنَ النَّاسُ فَاَحْسِنْ مَعَهُمْ وَاِذَا اَسَاءُوْا فَاجْتَنِبْ اِسَاءَتَهُمْ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

سے روایت ہے کہ وہ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کی خدمت میں ایسے وقت حاضر ہوئے جب کہ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ، باغیوں میں محصور تھے۔ عبید اللہ نے آپ سے عرض کیا کہ خلیفۃ المسلمین تو آپ ہیں لیکن آپ ملاحظہ فرما رہے ہیں کہ اس وقت آپ پر کیسی مصیبت آن پڑی ہے فتنہ انگیز باغی ہم کو نماز پڑھا رہے ہیں اور ہم ان کے پیچھے مقتدی ہو کر نماز پڑھنے سے گناہ گار ہو رہے ہیں، اس پر حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نے ارشاد فرمایا (ایسا نہیں) نماز سب اعمال میں بہترین عمل ہے، اگر کسی فاسق کے ساتھ مل کر تم نیک عمل کرو تو تم پر اس کے فسق کا کوئی اثر نہ ہو گا اور تم گنہگار نہ ہو گے، ہاں اگر فاسق کے ساتھ اس کے فسق و فتنہ میں تم بھی شریک ہو گے تو اس وقت تم بھی فاسق سمجھے جاؤ گے[1] (بخاری)

بَابُ مَا عَلَى الْإِمَامِ

باب امام کو مقتدیوں کی رعایت کس حد تک کرنی چاہیئے۔

۱۵۰۱ عَنْ اَنَسٍ قَالَ مَا صَلَّيْتُ وَرَاءَ اِمَامٍ قَطُّ اَخَفَّ صَلٰوةً وَلَا اَتَمَّ صَلٰوةً مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاِنْ كَانَ يَسْمَعُ بُكَاءَ الصَّبِيِّ فَيُخَفِّفُ مَخَافَةَ اَنْ تُفْتَنَ اُمُّهٗ۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے زیادہ کسی امام کے پیچھے مختصر اور کامل نماز نہیں پڑھی[2] جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کسی بچہ کے رونے کی آواز سنتے تو نماز مختصر فرما دیتے تھے، تاکہ اس کی ماں (بچہ کے رونے سے) پریشان نہ ہو (اور

---

[1] الباغی: باغی امام پر بغاوت کا گناہ ہوگا چونکہ تم دل سے اس بغاوت کو برا سمجھ رہے ہو، اس لیے باغی کی اقتداء کر کے نماز پڑھتے سے تمہاری نماز میں کوئی خلل نہیں آئیگا (حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کے اس ارشاد سے ثابت ہوا کہ فاسق امام کے پیچھے بھی نماز ہو جاتی ہے۔ چنانچہ ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کی مذکورہ حدیث میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے کہ ہر نیک و بد کے پیچھے نماز ہو جاتی ہے۔)

[2] (مختصر اس حیثیت سے کہ طوال مفصل، اوساط مفصل اور قصار مفصل سے زیادہ لمبی قرأت نہیں فرماتے تھے اور کامل اس حیثیت سے کہ رکوع و سجدہ، قومہ اور جلسہ اور قعدہ کے لحاظ سے ہلکی نہیں ہوتی تھی)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

الْخِيَارِ اَنَّهٗ دَخَلَ عَلٰى عُثْمَانَ وَ هُوَ مَحْصُوْرٌ فَقَالَ اِنَّكَ اِمَامٌ عَامَّةٌ وَنَزَلَ بِكَ مَا تَرٰى وَ يُصَلِّىْ لَنَا اِمَامُ فِتْنَةٍ وَنَتَحَرَّجُ فَقَالَ الصَّلٰوةُ اَحْسَنُ مَا يَعْمَلُ النَّاسُ فَاِذَا اَحْسَنَ النَّاسُ فَاَحْسِنْ مَعَهُمْ وَاِذَا اَسَاءُوْا فَاجْتَنِبْ اِسَاءَتَهُمْ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِىُّ)

سے روایت ہے کہ وہ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں ایسے وقت حاضر ہوئے جب کہ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ باغیوں میں محصور تھے۔ عبید اللہ نے آپ سے عرض کیا کہ خلیفۃ المسلمین تو آپ ہیں لیکن آپ ملاحظہ فرما رہے ہیں کہ اس وقت آپ پر کیسی مصیبت آن پڑی ہے فتنہ انگیز باغی ہم کو نماز پڑھا رہے ہیں اور ہم ان کے پیچھے مقتدی ہو کر نماز پڑھنے سے گناہ گار ہو رہے ہیں، اس پر حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ارشاد فرمایا (ایسا نہیں) نماز سب اعمال میں بہترین عمل ہے، اگر کسی فاسق کے ساتھ مل کر تم نیک عمل کرو تو تم پر اس کے فسق کا کوئی اثر نہ ہوگا اور تم گنہگار نہ ہوگے، ہاں اگر فاسق کے ساتھ اس کے فسق و فتنہ میں تم بھی شریک ہو گے تو اس وقت تم بھی فاسق سمجھے جاؤ گے[1] (بخاری)

بَابُ مَا عَلَى الْاِمَامِ

۱۵۰۱ عَنْ اَنَسٍ قَالَ مَا صَلَّيْتُ وَرَاءَ اِمَامٍ قَطُّ اَخَفَّ صَلٰوةً وَّلَا اَتَمَّ صَلٰوةً مِّنَ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاِنْ كَانَ يَسْمَعُ بُكَاءَ الصَّبِىِّ فَيُخَفِّفُ مَخَافَةَ اَنْ تُفْتَنَ اُمُّهٗ۔

باب امام کو مقتدیوں کی رعایت کس حد تک کرنی چاہیئے۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے زیادہ کسی امام کے پیچھے مختصر اور کامل نماز نہیں پڑھی[2] جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کسی بچہ کے رونے کی آواز سنتے تو نماز مختصر فرما دیتے تھے تاکہ اس کی ماں (بچہ کے رونے سے) پریشان نہ ہو (اور

۱؎ ایسا ہی باغی امام پر بغاوت کا گناہ ہوگا چونکہ تم دل سے اس بغاوت کو برا سمجھ رہے ہو، اس لیے باغی کی اقتداء کر کے نماز پڑھنے سے تمہاری نماز میں کوئی خلل نہیں آئیگا حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اس ارشاد سے ثابت ہوا کہ فاسق امام کے پیچھے بھی نماز ہو جاتی ہے۔ چنانچہ ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مذکورہ حدیث میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے کہ ہر نیک و بد کے پیچھے نماز ہو جاتی ہے۔)

۲؎ (مختصر اس حیثیت سے کہ طوال مفصل، اوساط مفصل اور قصار مفصل سے زیادہ لمبی قرأت نہیں فرماتے تھے اور کامل اس حیثیت سے کہ رکوع و سجدہ، قومہ اور جلسہ اور قعدہ کے لحاظ سے ہلکی نہیں ہوتی تھی)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

۱۵۰۲/۲ وَعَنْ أَبِي قَتَادَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنِّي لَأَدْخُلُ فِي الصَّلَاةِ وَأَنَا أُرِيدُ إِطَالَتَهَا فَأَسْمَعُ بُكَاءَ الصَّبِيِّ فَأَتَجَوَّزُ فِي صَلَاتِي مِمَّا أَعْلَمُ مِنْ شِدَّةِ وَجْدِ أُمِّهِ مِنْ بُكَائِهِ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

۱۵۰۳/۳ وَعَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ قَالَ آخِرُ مَا عَهِدَ إِلَيَّ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَمَمْتَ قَوْمًا فَأَخِفَّ بِهِمُ الصَّلٰوةَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَفِي رِوَايَةٍ لَهُ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُ أُمَّ قَوْمَكَ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِ إِنِّي أَجِدُ فِي نَفْسِي شَيْئًا قَالَ ادْنُهْ فَأَجْلَسَنِي بَيْنَ يَدَيْهِ ثُمَّ وَضَعَ كَفَّهُ فِي صَدْرِي بَيْنَ ثَدْيَيَّ ثُمَّ قَالَ تَحَوَّلْ فَوَضَعَهَا فِي ظَهْرِي بَيْنَ كَتِفَيَّ ثُمَّ قَالَ أُمَّ قَوْمَكَ فَمَنْ أَمَّ قَوْمًا فَلْيُخَفِّفْ فَإِنَّ فِيهِمُ الْكَبِيرَ وَإِنَّ فِيهِمُ الْمَرِيضَ وَإِنَّ فِيهِمُ الضَّعِيفَ وَإِنَّ فِيهِمْ ذَا الْحَاجَةِ فَإِذَا صَلَّى أَحَدُكُمْ وَحْدَهُ فَلْيُصَلِّ كَيْفَ شَاءَ۔

اس کا دل نماز میں لگا رہے۔ (بخاری و مسلم)

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ میں نماز پڑھنے کھڑا ہوتا ہوں اور چاہتا ہوں کہ قرائت لمبی کروں گا لیکن کسی بچہ کے رونے کی آواز سنتا ہوں تو نماز مختصر قرأت سے پوری کرتا ہوں، اس لیے کہ بچہ کے رونے کی وجہ سے ماں پر کیا گزرتی ہے۔ اس کو میں خوب جانتا ہوں۔ (بخاری)

حضرت عثمان بن ابی العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ آخری نصیحت حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے مجھے یہ کی تھی کہ جب تم کسی قوم کی امامت کرو، نماز مختصر قرأت کے ساتھ ادا کرنا، اس کی روایت مسلم نے کی ہے، اور مسلم کی ایک اور روایت میں اس طرح ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے عثمان بن ابی العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے فرمایا عثمان! تم اپنی قوم کی امامت کیا کرو، تو میں نے عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم) جماعت کا مجھ پر رعب پڑتا ہے، جس کی وجہ سے میں امامت کرنے سے اپنے دل میں جھجک پاتا ہوں یہ سن کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا! عثمان! میرے قریب آجاؤ (جب میں حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم سے قریب ہوا تو حضور نے مجھے اپنے پاس بٹھا کر میرے سینہ پر دونوں پستانوں کے درمیان اپنے دست مبارک کو رکھا، پھر ارشاد فرمایا پیٹھ پھیر کر بیٹھ جاؤ (جب میں پیٹھ پھیر کر بیٹھ گیا) تو حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے میری پیٹھ پر دونوں شانوں کے درمیان اپنی ہتھیلی مبارک رکھ دی، پھر ارشاد فرمایا عثمان (جاؤ) امامت کرو (اب تم میں جھجک نہیں رہے گی مگر تم کو اس کا خیال رکھنا چاہیے کہ) جو شخص کسی

www.waseemziyai.com
MARKAZUL-ULOOMIL ISLAMIA ACADEMY

قوم کی امامت کرے تو اس کو مختصر قرأت کے ساتھ نماز پڑھانا چاہیئے[1] کیونکہ جماعت میں بوڑھے بھی ہوتے ہیں، بیمار بھی، کمزور بھی اور ضرورت مند بھی، ہاں اگر کوئی تنہا نماز پڑھے تو جس قدر چاہے (قرأت) طویل کرے[2]

۱۵۰۴ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا صَلّٰى اَحَدُكُمْ لِلنَّاسِ فَلْيُخَفِّفْ فَاِنَّ فِيْهِمُ السَّقِيْمَ وَالضَّعِيْفَ وَالْكَبِيْرَ وَاِذَا صَلّٰى اَحَدُكُمْ لِنَفْسِهٖ فَلْيُطَوِّلْ مَا شَآءَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم میں سے کوئی شخص لوگوں کو نماز پڑھائے تو اس کو مختصر (قرأت) کے ساتھ نماز پڑھانا چاہیئے، کیونکہ جماعت میں بیمار، کمزور اور بوڑھے سب ہی طرح کے آدمی ہوتے ہیں، ہاں! اگر کوئی تنہا نماز پڑھ رہا ہو تو جس قدر چاہے نماز کو طویل کرے (مگر اس قدر طویل نہ کرے کہ نماز کا وقت ہی گذر جائے) (بخاری ومسلم)

۱۵۰۵ وَعَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِيْ حَازِمٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ مَسْعُوْدٍ اِنَّ رَجُلًا قَالَ وَاللّٰهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ لَاَتَاَخَّرُ عَنْ صَلَاةِ الْغَدَاةِ مِنْ اَجْلِ فُلَانٍ مِمَّا يُطِيْلُ بِنَا فَمَا رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ مَوْعِظَةٍ اَشَدَّ غَضَبًا مِنْهُ يَوْمَئِذٍ ثُمَّ قَالَ اِنَّ مِنْكُمْ مُنَفِّرِيْنَ فَاَيُّكُمْ مَا صَلّٰى بِالنَّاسِ فَلْيَتَجَوَّزْ فَاِنَّ فِيْهِمُ الضَّعِيْفَ وَالْكَبِيْرَ وَذَا الْحَاجَةِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت قیس ابن ابی حازم رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ حضرت ابومسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نے مجھ کو خبر دی کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہو کر عرض کیا، یا رسول اللہ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم) میں فلاں شخص کی وجہ سے نماز صبح کی جماعت میں شریک نہیں ہوا کرتا ہوں کیونکہ وہ ہمیں لمبی (قرأت) سے نماز پڑھاتے ہیں (جس کی میں تاب نہیں لا سکتا) (یہ سنتے ہی) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو نصیحت کرتے میں اسی دن سے زیادہ غصہ فرماتے ہوئے میں نے کبھی نہیں دیکھا، آپ نے فرمایا: تم میں بعضوں کا ایسا برتاؤ ہے جس کی وجہ سے لوگوں کو دین کے کاموں سے نفرت ہونے لگتی ہے۔ پس جو شخص لوگوں کا امام بنے، اس کو مختصر (قرأت) سے نماز پڑھانا چاہیئے[3] کیونکہ اس کے پیچھے

[1] اور جو اذکار اور دعائیں نفل نمازوں میں پڑھی جاتی ہیں، ان کو فرض میں پڑھ کر فرض کو طویل نہ کرنا چاہیئے۔
[2] اور جو اذکار اور دعائیں ماثورہ ہیں ان میں سے بھی جسے چاہے پڑھ سکتا ہے۔
[3] یعنی اس کو تمام نمازوں میں طوال مفصل اوساط مفصل اور قصار مفصل سے زیادہ طویل قرأت نہیں کرنا چاہیئے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

کمزور، بوڑھے اور ضرورت مند سب ہی طرح کے آدمی ہوتے ہیں، (اس لیے اس کو سب کی رعایت کرنا ضروری ہے۔)

(بخاری و مسلم)

۱۵۰۶ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْاِمَامُ ضَامِنٌ وَالْمُؤَذِّنُ مُؤْتَمَنٌ اَللّٰهُمَّ اَرْشِدِ الْاَئِمَّةَ وَاغْفِرْ لِلْمُؤَذِّنِيْنَ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالشَّافِعِيُّ وَفِیْ اُخْرٰى لَهٗ بِلَفْظِ الْمَصَابِيْحِ وَرَوٰى اَحْمَدُ مِثْلَهٗ مَرْفُوْعًا وَهٰذَا اسْنَدٌ صَحِيْحٌ۔

وَفِی الْبِنَايَةِ بَيَانُهٗ اَنَّهٗ لَمْ يُرِدْ اَنَّهٗ ضَامِنٌ لِنَفْسِهٖ لِاَنَّ كُلَّ مُصَلٍّ ضَامِنٌ بِصَلٰوةِ نَفْسِهٖ فَتَعَيَّنَ اَنْ يَّكُوْنَ الْاِمَامُ ضَامِنًا لِلْقَوْمِ وَلَا يَجُوْزُ اَنْ يَّكُوْنَ ضَامِنًا لِلْقَوْمِ وُجُوْبًا وَّاَدَاءً لِاَنَّهٗ غَيْرُ مُرَادٍ بِالْاِجْمَاعِ فَتَعَيَّنَ اَنْ يَّكُوْنَ صِحَّةً وَّفَسَادًا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا! امام (مقتدیوں کی نماز کا) ضامن ہے[۱] اور مؤذن امانت دار ہے[۲]، اے اللہ! اماموں کو علم و عمل کی ہدایت فرما، اور مؤذنین (کی کوتاہیوں) کو بخش دے، اس کی روایت، ابو داؤد، ترمذی اور امام شافعی نے کی ہے۔ اور مصابیح میں بھی اس کی روایت موجود ہے، اور امام احمد نے بھی مرفوعاً اس کی روایت کی ہے جس کی سند صحیح ہے۔

حدیث شریف میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے کہ امام (مقتدیوں کی نماز کا ضامن ہے حالانکہ ہر شخص اپنی نماز کا ضامن ہوا کرتا ہے تو یہاں امام کا مقتدیوں کی نماز کا ضامن ہونا اس لحاظ سے ہے جب کہ امام اور مقتدی کی نماز وجوب اور اداء کے لحاظ سے متحد ہو تو مقتدی کی ایسی نماز امام کی نماز میں ضم ہو کر ایک ہی سمجھی جائے گی۔

ف اس حدیث شریف کو سمجھنے کے لیے ضروری ہے کہ پہلے وجوب اور ادا کو سمجھ لیا جائے وجوب یہ ہے کہ امام اور مقتدی کی نماز واجب ہونے کے لحاظ سے ایک ہو، یعنے امام پر جو نماز واجب ہے۔ مقتدی بھی اسی نماز کو امام کے ساتھ ادا کر رہا ہو، مثلاً امام ظہر کی فرض نماز ادا کر رہا ہے تو امام اور مقتدی دونوں کی یہ نماز وجوب کے لحاظ سے متحد ہوئی، اگر امام جمعہ پڑھ رہا ہو اور مقتدی ظہر کی نیت سے اس امام کی اقتداء کرے تو یہ اقتداء صحیح نہ ہوگی، اس لیے کہ وجوب کے لحاظ سے امام اور مقتدی کی نماز ایک نہیں ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ امام جمعہ کی نیت سے نماز ادا کر رہا ہے اور مقتدی ظہر کی نیت سے اقتداء کرنا چاہتا ہے، تو امام اور مقتدی کے نمازوں کا وجوب جدا جدا ہوتے سے امام اور مقتدی میں جس وجوب کا اتحاد ضروری ہے وہ حاصل نہ ہوا اس لیے اقتداء درست نہ ہوئی۔

---

[۱] کہ مقتدیوں کی نماز کی صحت امام کے صحتِ نماز پر منحصر ہے۔

[۲] کہ لوگ نمازوں کے پڑھنے اور روزوں کے افطار میں مؤذن پر اعتماد کرتے ہیں)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

اب رہی ادا تو واضح ہو کہ وجوب کے لحاظ سے جیسے امام اور مقتدی کی نماز میں اتحاد ضروری ہے ایسے ہی یہ بھی ضروری ہے کہ امام اور مقتدی کی نمازوں میں امام کی نماز ادا کی حیثیت سے مقتدی کی ادا کی حیثیت کے برابر ہو یا قوی ہو، امام اور مقتدی کے اداء کی حیثیت برابر ہونے کی مثال یہ ہے کہ امام بھی ظاہر ہو اور کسی عذر میں مبتلا نہ ہو، اس طرح دونوں کی اداء ایک ہی حیثیت کی ہوگی امام کے اداء کی حیثیت قوی ہونے کی مثال یہ ہے کہ امام طاہر ہو، اور مقتدی کسی عذر مثلاً سلس البول وغیرہ میں مبتلا ہو تو چونکہ امام کی حیثیت قوی ہے، اور مقتدی کی حیثیت ضعیف ہے اس صورت میں بھی دونوں کی اداء ایک ہی حیثیت کی سمجھی جائے گی۔ اس کے برخلاف اگر مقتدی طاہر ہو اور کسی عذر میں مبتلا نہ ہو، اور امام کسی عذر میں جیسے سلسل البول وغیرہ میں مبتلا ہو تو چونکہ امام کی حیثیت ضعیف ہے اور مقتدی کی حیثیت قوی ہے، اس لیے دونوں کی اداء ایک نہیں سمجھی جائیگی اور ایسے معذور امام کے پیچھے طاہر مقتدی نماز ادا نہیں کرسکتا۔ وجوب اور ادا کو سمجھ لینے کے بعد اصل حدیث کو سمجھئے۔ امام اور مقتدی دونوں کی نماز ایک ہونے پر دلیل یہ ہے کہ امام کے سورۂ فاتحہ پڑھ لینے سے مقتدی کی طرف سے بھی سورۂ فاتحہ کی قرات ادا ہوجاتی ہے۔

امام اور مقتدی دونوں کی نماز ایک ہونے پر دوسری دلیل یہ ہے کہ مثلاً اگر امام کسی واجب کے ترک ہونے سے سجدۂ سہو کر رہا ہو تو مقتدی پر بھی سجدہ سہو کرنا ضروری ہے اگرچہ مقتدی سے کوئی واجب ترک نہیں ہوا ہو چونکہ امام اور مقتدی دونوں کی نماز ایک ہی ہے اس لیے مقتدی کو بھی امام کے ساتھ سجدۂ سہو کرنا ضروری ہے اس کے برخلاف اگر مقتدی سہواً کسی واجب کو چھوڑ دے تو نہ امام پر سجدۂ سہو واجب ہے، اور نہ خود مقتدی پر اس لیے کہ امام کی نماز مقتدی کی نماز میں ضم نہیں ہوئی ہے بلکہ مقتدی کی نماز امام کی نماز میں ضم ہے، پس جب امام کی نماز مقتدی کی نماز میں ضم نہیں ہوئی ہے تو مقتدی کے سہو سے امام پر سجدۂ سہو لازم نہیں آئے گا اور چونکہ مقتدی کی نماز امام کی نماز میں ضم ہوئی ہے اور اس وجہ سے امام مقتدی کی نماز سہو کے باوجود بھی ناقص نہیں سمجھی جائے گی۔

جب ثابت ہوچکا کہ امام اور مقتدی کی نماز ایک ہی ہے اور امام مقتدی کی نماز کا ضامن ہے تو مقتدی کی صحت نماز امام کی صحتِ نماز پر منحصر ہوگی، اس لیے امام کی نماز صحیح ہوئی تو مقتدی کی نماز بھی صحیح ہوگی اور ایسا ہی مقتدی کی نماز کا فاسد ہونا امام کی نماز کے فاسد ہونے پر موقوف ہے کہ اگر امام کی نماز فاسد ہوئی تو مقتدی کی نماز بھی فاسد ہوجائیگی۔ اگرچیکہ مقتدی کی نماز میں کوئی فساد واقع نہ ہوا ہو۔

مذکورہ تفصیل سے یہ ثابت ہوا کہ امام اور مقتدی کے وجوب اور اداء ایک ہونے سے مقتدی کی نماز امام کی نماز میں ضم ہوکر ایک ہی نماز سمجھی جائے گی اور امام مقتدی کی ایسی نماز کے صحت اور فساد کا ضامن ہوگا۔ اس کے برخلاف اگر امام اور مقتدی کے وجوب اور اداء ایک نہ ہوں تو مقتدی کی ایسی نماز امام کی نماز میں ضم نہ ہوگی اس لیے امام مقتدی کی ایسی نماز کے صحت اور فساد کا ضامن نہ ہوگا (طحاوی، بنایہ، رد المحتار، عمدۃ الرعایۃ)۱۲

۱۵۰۷ وَعَنْ عُثْمَانَ بْنِ دِينَارٍ اَنَّ عَلِيَّ بْنَ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ

حضرت عثمان بن دینار رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ

www.waseemziyai.com
MARKAZUL ISLAMIA ACADEMY

فِی الرَّجُلِ یُصَلِّیْ بِالْقَوْمِ جُنُبًا قَالَ یُعِیْدُ وَیُعِیْدُوْنَ۔

(رَوَاہُ مُحَمَّدٌ فِی الْاٰثَارِ)

۱۵۰۸/۸ وَعَنْ اَبِیْ جَعْفَرٍ اَنَّ عَلِیًّا رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ صَلّٰی بِالنَّاسِ وَھُوَ جُنُبٌ اَوْ مُحْدِثٌ عَلٰی غَیْرِ وُضُوْءٍ فَاَعَادَ وَاَمَرَھُمْ اَنْ یُّعِیْدُوْا۔

(رَوَاہُ عَبْدُ الرَّزَّاقِ)

۱۵۰۹/۹ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَۃَ قَالَ صَلّٰی عُمَرُ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ بِالنَّاسِ وَھُوَ جُنُبٌ فَاَعَادَ وَلَمْ یُعِدِ النَّاسُ فَقَالَ لَہٗ عَلِیٌّ قَدْ کَانَ یَنْبَغِیْ مَنْ صَلّٰی مَعَکَ اَنْ یُّعِیْدُوْا قَالَ فَرَجَعُوْا اِلٰی قَوْلِ عَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ۔

(رَوَاہُ عَبْدُ الرَّزَّاقِ)

کے سامنے ایک واقعہ پیش ہوا، عرض کیا گیا ایک شخص نے جنابت کی حالت میں لوگوں کو نماز پڑھائی ہے، تو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ارشاد فرمایا[1] نماز کا اعادہ کرے اور مقتدیوں کو بھی چاہیئے کہ اپنی اپنی نماز کا اعادہ کر لیں (اگرچہ کہ مقتدیوں سے نماز کے فساد کی کوئی وجہ پیدا نہیں ہوئی) اس کی روایت امام محمد نے الآثار میں کی ہے۔

حضرت ابوجعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے (ایک مرتبہ یاد نہ رہنے سے) جنابت کی حالت میں یا بغیر وضوء لوگوں کو نماز پڑھا دی (جب حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو یاد آگیا تو) آپ نے خود بھی نماز کا اعادہ فرمایا اور لوگوں کو بھی نماز کے اعادہ کا حکم دیا[2]، اس حدیث کی روایت عبدالرزاق نے کی ہے۔

حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے (ایک مرتبہ بھولے سے) جنابت کی حالت میں لوگوں کو نماز پڑھائی حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو جب یاد آیا تو آپ نے اپنی نماز کا اعادہ کر لیا لیکن لوگوں کو (یہ معلوم نہ تھا کہ امام کی نماز کا فساد مقتدی کی نماز کے فساد کا سبب بنتا ہے) اس لیے انہوں نے نماز کا اعادہ نہیں کیا (جب حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو معلوم ہوا کہ لوگوں نے نماز کا اعادہ نہیں کیا ہے تو) حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا کہ جن لوگوں نے آپ کے ساتھ نماز پڑھی ہے، ان کو بھی نماز کا اعادہ کرنا چاہیئے تھا، ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ارشاد سے لوگوں کو معلوم ہوا کہ امام کی نماز کے فساد کا اثر مقتدی کی نماز پر پڑتا ہے، اس لیے مقتدیوں نے

---

[1] چونکہ امام نے بغیر غسل جنابت کے نماز پڑھائی ہے، اس لیے اس کی نماز فاسد ہو گئی اور امام کی نماز کا فساد مقتدیوں پر بھی اثر کرتا ہے، جیسے امام کی نماز نہیں ہوئی، ایسے ہی مقتدیوں کی بھی نماز نہیں ہوئی۔

[2] اس سے ثابت ہوا کہ امام کی نماز کا فساد مقتدیوں کی نماز کے فساد کا سبب ہوتا ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

۱۵۱۰
۱۰ وَعَنْ طَاوُسٍ وَمُجَاهِدٍ فِيْ إِمَامٍ صَلّٰى بِقَوْمٍ وَهُوَ عَلٰى غَيْرِ وُضُوْءٍ قَالَا يُعِيْدُوْنَ الصَّلٰوةَ جَمِيْعًا۔

(رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ)

بھی حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کے ارشاد پر عمل کر کے) اپنی اپنی نمازوں کا اعادہ کر لیا۔ اس کی روایت عبدالرزاق نے کی ہے۔

طاؤس اور مجاہد رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ انہوں نے ایسے امام کے بارے میں جس نے لوگوں کو بلا وضو نماز پڑھا دی ہو، یہ فرمایا کہ (امام کی نماز کا فساد مقتدیوں کی نماز کے فساد کا سبب بنتا ہے) اس لیے امام اور مقتدی اپنی اپنی نمازوں کا اعادہ کریں (امام طحاوی)

بَابُ مَا عَلَى الْمَأْمُوْمِ مِنَ الْمُتَابَعَةِ وَحُكْمِ الْمَسْبُوْقِ

باب، مقتدی پر امام کی اتباع واجب ہوتے اور مسبوق کے حکم کے بیان ہیں)

۱۵۱۱
۱ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُبَادِرُوا الْإِمَامَ إِذَا كَبَّرَ فَكَبِّرُوْا وَإِذَا قَالَ وَلَا الضَّآلِّيْنَ فَقُوْلُوْا آمِيْنَ وَإِذَا رَكَعَ فَارْكَعُوْا وَإِذَا قَالَ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ فَقُوْلُوْا اللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ إِلَّا أَنَّ الْبُخَارِيَّ لَمْ يَذْكُرْ وَإِذَا قَالَ وَلَا الضَّآلِّيْنَ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ افعال نماز میں امام سے سبقت نہ کرو (بلکہ امام کے ہر فعل کے بعد ہی تم بھی اسی فعل سے ملا ہوا ادا کرو) جب امام اللہ اکبر کہے تو تم بھی اللہ اکبر (اس طرح) کہو[1] اور جب امام سورۂ فاتحہ پڑھے تو مقتدی سنتا رہے) اور جب امام وَلَا الضَّآلِّيْنَ۔ پڑھ کر (آمین کہنے کا ارادہ کرے تو (تم مقتدی بھی (امام کی طرح آہستہ سے) آمین کہو، اور جس وقت امام رکوع کرے تو تم بھی امام کے رکوع کے بعد اس کے رکوع سے متصل رکوع کرو، پھر جب امام رکوع سے سر اٹھاتے ہوئے "سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ" کہے[2] مقتدی کو چاہیئے کہ "اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ" کہے[3] (بخاری اور مسلم) مگر بخاری نے وَإِذَا قَالَ وَلَا الضَّآلِّيْنَ کے الفاظ کو ذکر نہیں کیا ہے۔

---

[1] کہ امام کے اللہ اکبر کی راء سے مقتدی کے اللہ اکبر کا الف ملا رہے بخلاف اس کے اگر مقتدی امام کی تکبیر تحریمہ سے پہلے خود تکبیر تحریمہ کہہ لے تو مقتدی کی نماز ہی نہ ہوگی۔

[2] تو امام کو چاہیئے کہ "رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ" نہ کہے)

[3] جب وہ رکوع سے سر اٹھائے تو "سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ" نہ کہے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

وَقَالَ عَلِيُّ الْقَارِيُّ مَذْهَبُنَا اَنَّ الْمُتَابَعَةَ بِطَرِيْقِ الْمُوَاصَلَةِ وَاجِبَةٌ وَالْفَاءُ التَّعْقِيْبِيَّةُ تُشِيْرُ اِلَيْهِ۔

ملا علی قاری فرماتے ہیں کہ ہمارا مذہب یہ ہے کہ امام کی اتباع کرنی واجب ہے (امام کے تکبیرات کہنے کے بعد مقتدی تکبیرات اور دوسرے ارکان نماز ادا کرے) کیونکہ فقولوا اور فارکعوا میں جو فاء ہے وہ تعقیبیہ ہے جو اس طرف اشارہ کرتی ہے کہ امام کے بعد (پہلے نہیں) مقتدی ارکان صلوٰۃ ادا کرے۔

۱۵۱۲/۲ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ صَلّٰى بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ فَلَمَّا قَضٰى صَلَاتَهٗ اَقْبَلَ عَلَيْنَا بِوَجْهِهٖ فَقَالَ اَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ اِمَامُكُمْ فَلَا تَسْبِقُوْنِيْ بِالرُّكُوْعِ وَلَا بِالسُّجُوْدِ وَلَا بِالْقِيَامِ وَلَا بِالْاِنْصِرَافِ فَاِنِّيْ اَرَاكُمْ اَمَامِيْ وَمِنْ خَلْفِيْ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ایک روز رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں نماز پڑھائی، جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نماز ختم کی تو ہماری جانب رخ کر کے ارشاد فرمایا! لوگو! میں تمہارا امام ہوں[1]، لہٰذا تم مجھ سے نہ رکوع کرنے میں سبقت کرو اور نہ سجدہ کرنے میں، نہ قیام میں اور نہ سلام پھیرتے میں (اگر سبقت کرو گے تو متابعت نہ رہے گی (تم سمجھتے ہو گے کہ) میں سامنے ہی سے دیکھ لیتا ہوں، ایسا نہیں بلکہ میں اپنے پیچھے سے بھی ایسا ہی دیکھتا ہوں، جیسا کہ سامنے سے[2]۔ (مسلم)

۱۵۱۳/۳ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَا يَخْشَى الَّذِيْ يَرْفَعُ رَاْسَهٗ قَبْلَ الْاِمَامِ اَنْ يُّحَوِّلَ اللّٰهُ رَاْسَهٗ رَاْسَ حِمَارٍ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ نماز میں (مثلاً رکوع یا سجدے سے) امام سے پہلے اپنا سر اٹھانے والا کیا اس بات سے بے خوف ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے سر کو مسخ کر کے گدھے کا سر بنا دے[3]۔ (بخاری و مسلم)

---

[1] اور امام اسی لیے بنایا جاتا ہے کہ اس کی متابعت کی جائے۔ [2] اس لیے میں دیکھ لیتا ہوں کہ افعال نماز میں تم میری متابعت کرتے ہو یا مجھ سے سبقت کرتے ہو۔ [3] اس حدیث شریف میں اس طرف اشارہ ہے کہ افعال نماز میں جو امام سے سبقت کرتا ہے وہ حماقت اور بلادت میں گدھے جیسا ہے کیونکہ امام اس لیے بنایا تھا کہ متابعت کی جائے لیکن متابعت چھوڑ کر امام سے سبقت کرنا امام بنانے کے منشاء کے خلاف ہے، اس لیے یہ گدھے جیسا احمق ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ف: اس حدیث شریف میں مسخ کا ذکر ہے کہ امام سے سبقت کرنے والے کا سر مسخ ہو کر گدھے کا سر ہو جائے گا۔ واضح رہے کہ یہ مسخ ہونا اس حدیث کے خلاف نہیں ہے جس میں ارشاد ہے کہ اس امت مرحومہ میں مسخ نہیں ہو گا، اس لیے کہ اس حدیث شریف کا منشاء یہ ہے کہ عام مسخ نہ ہوگا۔ یعنی اور امتوں کی طرح یہ تمام امت مسخ میں مبتلا نہ ہوگی، اگر بعضوں کو سزاءً مسخ کر دیا جائے تو اس حدیث شریف کے خلاف نہیں ہے، چنانچہ دمشق کے ایک شخص کا واقعہ ہے کہ وہ اپنا منہ ہمیشہ ڈھانکے رہتا تھا، ایک روز جب اس کا چہرہ نظر آیا تو کیا دیکھتے ہیں کہ اس کا سر گدھے کا سر ہے دریافت کرنے سے معلوم ہوا کہ اس نے اس حدیث کو سن کر یہ خیال کیا تھا کہ انسان کا سر گدھے کا سر کیسے ہو سکتا ہے (اور عمداً امام سے پہلے سر اٹھایا) تو اس سر کا مسخ ہو کر گدھے کا سر ہو گیا اور اس کو معلوم کروایا گیا کہ مسخ ایسے ہو سکتا ہے۔ "نعوذ باللہ منہ"، حدیث شریف سے بے ادبی کرنے، اور حدیث شریف کا انکار کرنے کی یہی سزا ہے دنیا میں، اور آخرت میں جدا عذاب ہے اللہ تعالیٰ ہم سب کو حدیث شریف کے انکار سے بچائے آمین (ماخوذ از مرقات) ۱۲

۱۵۱۴ وَعَنْهُ اَنَّهٗ قَالَ الَّذِيْ يَرْفَعُ رَاْسَهٗ وَيَخْفِضُهٗ قَبْلَ الْاِمَامِ فَاِنَّمَا نَاصِيَتُهٗ بِيَدِ الشَّيْطَانِ۔

(رَوَاهُ مَالِكٌ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ جو شخص (مثلاً رکوع اور سجدہ سے) امام سے پہلے اپنے سر کو اٹھاتا ہے اور (ایسا ہی رکوع اور سجدہ میں جانے کے لیے) امام سے پہلے اپنے سر کو جھکاتا ہے تو وہ شیطان کے ہاتھ میں کٹھ پتلی بنا ہوا ہے ۱؎ اس حدیث کی روایت (امام مالک نے کی ہے)۔

۱۵۱۵ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكِبَ فَرَسًا فَصُرِعَ عَنْهُ فَجُحِشَ شِقُّهُ الْاَيْمَنُ فَصَلّٰى صَلٰوةً مِّنَ الصَّلَوَاتِ وَهُوَ قَاعِدٌ فَصَلَّيْنَا وَرَاءَهٗ قُعُوْدًا فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ اِنَّمَا جُعِلَ الْاِمَامُ لِيُؤْتَمَّ بِهٖ فَاِذَا صَلّٰى قَائِمًا فَصَلُّوْا قِيَامًا وَاِذَا رَكَعَ فَارْكَعُوْا وَاِذَا رَفَعَ فَارْفَعُوْا وَاِذَا قَالَ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ایک گھوڑے پر سوار تھے ۲؎ گھوڑے سے زمین پر گر پڑے اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا دایاں پہلو گہرا چھل گیا ۳؎ اس لیے ایک فرض نماز آپ نے بیٹھے ہوئے پڑھائی اور ہم نے بھی آپ کے مقتدی ہو کر بیٹھے ہوئے اس فرض نماز کو ادا کیا، جب آپ سلام پھیر کر نماز سے فارغ ہوئے تو ہماری طرف متوجہ

۱؎ کہ شیطان جو چاہتا ہے اس سے کروا رہا ہے، اس لیے وہ افعال نماز میں امام سے سبقت کر کے سنت اور شریعت کی نافرمانی کر رہا ہے۔ ۲؎ کچھ عجب اتفاق ہوا کہ باوجود شہسوار ہونے کے۔ ۳؎ جس کی وجہ سے آپ کھڑے ہو کر نماز نہیں پڑھ سکے۔

MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

حَمِدَہٗ فَقُوْلُوْا رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ وَاِذَا صَلّٰى جَالِسًا فَصَلُّوْا جُلُوْسًا اَجْمَعُوْنَ۔

قَالَ الْحُمَيْدِيُّ قَوْلُهٗ اِذَا صَلّٰى جَالِسًا فَصَلُّوْا جُلُوْسًا هُوَ فِيْ مَرَضِهِ الْقَدِيْمِ ثُمَّ صَلّٰى بَعْدَ ذٰلِكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسًا وَالنَّاسُ خَلْفَهٗ قِيَامٌ لَمْ يَأْمُرْهُمْ بِالْقُعُوْدِ وَاِنَّمَا يُؤْخَذُ بِالْاٰخِرِ فَالْاٰخِرِ مِنْ فِعْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا لَفْظُ الْبُخَارِيِّ وَاتَّفَقَ مُسْلِمٌ اِلٰى اَجْمَعُوْنَ وَزَادَ فِيْ رِوَايَةٍ فَلَا تَخْتَلِفُوْا عَلَيْهِ وَاِذَا سَجَدَ فَاسْجُدُوْا۔

ہو کر ارشاد فرمایا۔[1] امام اسی لیے بنایا جاتا ہے کہ امام جیسا کرے مقتدی بھی ویسا ہی کریں (یعنی) جب امام کھڑے ہو کر نماز پڑھے تو تم بھی کھڑے ہو کر نماز پڑھو، اور جس وقت وہ رکوع کرے تو تم بھی اس کے بعد ہی متصل بلا فصل رکوع کرو اور جب وہ رکوع سے سر اٹھائے تو تم بھی سر اٹھاؤ اور جب "سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ" کہے تو تم "رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ"، کہو، اور جب وہ سجدہ کرے تو تم بھی سجدہ کرو، اور جب امام (کسی عذر سے) بیٹھ کر نماز پڑھے تو تم سب بھی بیٹھ کر نماز پڑھو۔

اور امام بخاری اس حدیث کو بیان کر کے لکھتے ہیں کہ ان کے استاد حمیدی نے کہا، "وَاِذَا صَلّٰى جَالِسًا فَصَلُّوْا جُلُوْسًا"، (جب امام بیٹھ کر نماز پڑھے تو تم بھی بیٹھ کر نماز پڑھو) حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا یہ ارشاد مرض الموت سے بہت پہلے کا ہے اور حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے مرض الموت کا واقعہ اس کا ناسخ ہے، جس میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے بیٹھ کر امامت فرمائی اور صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے کھڑے ہو کر اقتداء کی اور صحابۂ کرام کو حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے بیٹھ کر نماز پڑھنے کا حکم نہیں دیا اس لیے امام کا کسی عذر سے بیٹھ کر امامت کرنا اور مقتدیوں کا بھی بلا عذر بیٹھ کر اقتداء کرنا حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے مرض الموت کے واقعہ سے منسوخ ہو گا۔ اور یہ قاعدہ کلیہ ہے کہ کسی مسئلہ میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ابتدائی زمانہ کا فعل ایک ہو اور آخری زمانہ کا فعل دوسرا ہو، تو آخری فعل واجب العمل ہوتا ہے، پہلا فعل منسوخ ہوتا ہے۔ اور آخری

[1] صاحبو! تم کو معلوم ہونا چاہیئے کہ امام بنانے کا مقصد کیا ہے!

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

فعل ناسخ، اس لیے امام کسی عذر سے بیٹھ کر نماز پڑھے تو مقتدیوں کو کھڑے ہو کر اقتداء کرنا چاہیئے، یہ بخاری میں مذکور ہے اور مذہب حنفی بھی یہی ہے۔

۱۵۱۶ وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ لَمَّا ثَقُلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَاءَ بِلَالٌ يُؤْذِنُهُ بِالصَّلٰوةِ فَقَالَ مُرُوا أَبَا بَكْرٍ أَنْ يُصَلِّيَ بِالنَّاسِ فَصَلّٰى أَبُو بَكْرٍ تِلْكَ الْأَيَّامَ ثُمَّ إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَدَ فِي نَفْسِهِ خِفَّةً فَقَامَ يُهَادٰى بَيْنَ رَجُلَيْنِ وَرِجْلَاهُ تَخُطَّانِ فِي الْأَرْضِ حَتّٰى دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَلَمَّا سَمِعَ أَبُو بَكْرٍ حِسَّهُ ذَهَبَ يَتَأَخَّرُ فَأَوْمَأَ إِلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ لَا يَتَأَخَّرَ فَجَاءَ حَتّٰى جَلَسَ عَنْ يَسَارِ أَبِي بَكْرٍ فَكَانَ أَبُو بَكْرٍ يُصَلِّي قَائِمًا وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي قَاعِدًا يَقْتَدِي أَبُو بَكْرٍ بِصَلٰوةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالنَّاسُ يَقْتَدُونَ بِصَلٰوةِ أَبِي بَكْرٍ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِي رِوَايَةٍ لَهُمَا يُسْمِعُ أَبُو بَكْرٍ النَّاسَ التَّكْبِيرَ۔

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے وہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جب اس مرض سے بیمار ہوئے جس کے سبب سے آپ دنیا سے تشریف لے گئے اور جب آپ کی بیماری بہت بڑھ گئی اور آپ باہر تشریف نہ لے جا سکے تو حسب عادت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حاضر ہو کر جماعت کے تیار ہونے کی اطلاع دی تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ ابوبکر (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) سے کہو کہ وہ امام ہو کر لوگوں کو نماز پڑھاتے رہیں (اس اثناء میں ایک نماز کے موقع پر ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، امام بن کر نماز پڑھا رہے تھے کہ) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو اپنی بیماری میں کچھ کمی معلوم ہوئی[1] آپ دو آدمیوں کے کندھوں پر سہارا دے کر جماعت کے لیے باہر تشریف لائے۔ (ام المومنین فرماتی ہیں کہ اس وقت کا منظر اب تک میری آنکھوں کے سامنے ہے کہ) حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم (قدم اٹھانے کی قوت نہ ہونے کی وجہ سے) زمین پر اپنے پیر گھسیٹتے ہوئے تشریف لے جا رہے تھے یہاں تک کہ آپ اسی حالت میں مسجد میں داخل ہوئے، جب ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے تشریف لانے کی آہٹ محسوس کی اور پیچھے ہٹنے لگے، تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اشارہ فرمایا

[1] اور باہر تشریف لانے کی قوت محسوس ہوئی، جماعت کا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو اس قدر اہتمام تھا کہ بیماری میں کچھ کمی معلوم ہونے کے بعد آپ تنہا نماز پڑھنا مناسب نہیں سمجھے اس لیے مسجد میں تشریف لے آئے)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

کہ اپنی جگہ سے پیچھے نہ ہٹیں، اور خود تشریف لے جاکر ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کے بائیں جانب بیٹھ گئے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم امام ہوکر عذر کی وجہ سے بیٹھے ہوئے نماز پڑھا رہے تھے اور ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، مثل ساری جماعت کے مقتدی ہو کر مکبر بن کر کھڑے ہوئے نماز پڑھ رہے تھے اور ساری جماعت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کی تکبیر کی آواز پر نماز پڑھ رہی تھی۔ ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کے مکبر ہونے پر بخاری ومسلم کی یہ دوسری روایت دلالت کرتی ہے جن کے الفاظ یہ ہیں۔

ف، جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم تشریف لائے تو ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے امامت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی طرف منتقل ہوگئی اس وجہ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سیدھے جانب ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، تھے جو مقتدی کا مقام ہے اور امامت کے منتقل ہونے کی ایک دلیل یہ بھی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے قراءت اسی جگہ سے شروع فرمائی جہاں ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نے چھوڑی تھی جیسا کہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی روایت میں مذکور ہے۔

ف: در يُسْمِعُ اَبُوْبَكْرٍ النَّاسَ التَّكْبِيْرَ، یعنی ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی تکبیر کی آواز لوگوں کو پہنچا رہے تھے (اس سے معلوم ہوا کہ ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، مکبر تھے امام نہیں تھے اور خود ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، اور ساری جماعت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی اقتداء کر رہے تھے اور امامت کا ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی طرف منتقل ہو جانا یہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کا خاصہ تھا، اوروں کے لیے ایسے موقع پر یہ ہے کہ جب تک پہلا امام ہٹ کر کہیں اور نہ چلا جائے دوسرا شخص امام نہیں بن سکتا۔ مثلاً اگر امام کو حدث ہو جائے تو وہ وضوء کے لیے چلا جائے گا اور اس جگہ دوسرا شخص امام بن کر نماز پڑھائے گا۔ پہلا امام ہوتے ہوئے دوسرا امام نہیں بن سکتا، دوسری بات اس حدیث سے یہ بھی ثابت ہوتی ہے کہ کسی عذر سے امام بیٹھ کر رکوع اور سجدہ کرتے ہوئے نماز پڑھائے تو جماعت کھڑی ہوئی نماز ادا کرے، کیوں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کا آخری فعل ہونے سے ناسخ ہے اور اسی پر عمل درآمد ہے اور یہی حنفیہ کا مذہب ہے اور اس سے پہلے کی حدیث میں جو مذکور ہے کہ امام بیٹھ کر نماز پڑھے تو مقتدی بھی بیٹھ کر نماز پڑھے تو یہ پہلا فعل ہونے سے منسوخ ہے، جیسا کہ اوپر کی حدیث میں تفصیل سے ذکر ہوچکا ہے) (بخاری ومسلم)

۱۵۱۷ وَعَنْ عَلِيٍّ وَّمُعَاذِ ابْنِ جَبَلٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَتٰى اَحَدُكُمُ

حضرت علی اور حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے دونوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا جب تم میں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

اللہ تعالیٰ اس شخص کو بھی (اس کی نیت اور پچھتاوے کی وجہ سے) جماعت میں حاضر ہونے والوں اور جماعت سے نماز پڑھنے والوں کے برابر ثواب عطا فرماتے ہیں[1]۔
(ابو داؤد، نسائی)

۱۵۲۲ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ ِالْخُدْرِيِّ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ وَقَدْ صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَلَا رَجُلٌ يَتَصَدَّقُ عَلٰى هٰذَا فَيُصَلِّيَ مَعَهٗ فَقَامَ رَجُلٌ فَصَلّٰى مَعَهٗ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَرَوَى الطَّبْرَانِيُّ فِي الْكَبِيْرِ وَالْاَوْسَطِ ۔
۱۲

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ایک صاحب (مسجد میں نماز پڑھنے کے لیے) ایسے وقت حاضر ہوئے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم (جماعت سے) نماز پڑھ چکے تھے[2] رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا (چونکہ ان کو جماعت نہیں ملی ہے اس لیے) کوئی صاحب ان پر احسان کر کے ان کے ساتھ صورۃً جماعت بنا کر نماز ادا کریں[3] یہ سن کر ایک صحابی کھڑے ہوئے اور ان کے ساتھ جماعت بنا کر نماز ادا کی۔
(ترمذی و ابو داؤد)

بعض لوگ جماعت ثانیہ کو ردالمحتار کے حوالے سے مکروہ تحریمی قرار دیتے ہیں جب کہ جماعت ثانیہ مسجد میں مکروہ تحریمی نہیں۔ اعلیٰحضرت امام احمد رضا بریلوی سے جماعت ثانیہ کے متعلق ایک سوال پوچھا گیا کہ بعض لوگ جماعت ثانیہ کی ممانعت پر تشدد کرتے ہیں، اس کے جواب میں فاضل بریلوی، امام اہلسنت نے فتاوی رضویہ (جلد سوم صفحہ ۳۲۰، مطبوعہ دیپا سرائے سنبھل مراد آباد) میں اقوال فقہاء کی روشنی میں فرماتے ہیں کہ مسجد میں جماعت ثانیہ بلا کراہت جائز ہے، آپ فرماتے ہیں۔

(۱) مسجد اگر شارع عام یا بازار کی ہے جس کے لیے اہل معین نہیں، جب تو بالاجماع اس میں تکرار جماعت باذان جدید وتکبیر جدید جائز، بلکہ یہی شرعاً مطلوب ہے کہ نوبت بہ نوبت جو لوگ آئیں، نئی اذان واقامت سے جماعت

---

[1] اس کو جماعت کا جو اجر وثواب دیا گیا ہے یہ اللہ تعالیٰ کی قدر دانی ہے اس کو اجر دینے سے جو جماعت سے نماز پڑھ چکے ہیں، ان کے اجر وثواب میں کچھ کمی نہیں ہوگی۔

[2] جو لوگ جماعت کے پابند ہوتے ہیں ان کو جماعت نہ ملنے کا بہت رنج ہوتا ہے، یہ محسوس فرما کر جماعت ہونے کے بعد آنے والے صحابی کی تسلی کے لیے آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا:

[3] اس سے جماعت نہ ملنے والے کو جماعت کا جو ثواب ملے گا گو وہ پہلی جماعت کا ثواب تو نہ ہوگا مگر پھر بھی کچھ اجر ملے گا، جو شخص شریک ہو کر ان کے ساتھ نماز پڑھ رہا ہے، سمجھا جائے گا کہ یہ شخص اس پر ثواب خیرات کر رہا ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

کرتے جائیں۔

(۲) اور اگر مسجدِ محلہ ہے تو اگر اس کے غیر اہل جماعت کر گئے ہیں تو اہل محلہ کو تکرار جماعت بلاشبہ جائز۔

(۳) یا اول اہل ہی نے جماعت کی مگر بے اذان پڑھ گئے (۴) یا اذان آہستہ دی تو ان کے بعد آنے والے باذان جدید بروجہ سنت اعادۂ جماعت کریں۔ (۵) یا اگر امام میں کسی نقص قرأت وغیرہ یا فسق یا مخالفت مذہب کے باعث جماعت اولیٰ فاسد، یا مطلقاً مکروہ، یا باقی ماندہ لوگوں کے حق میں غیر اکمل واقع ہوئی جب بھی انہیں اعادہ جماعت سے مانع نہیں، یہ سب صورتیں تو قطعی یقینی ہیں۔

اب رہی ایک صورت کہ مسجد مسجدِ محلہ ہے اور اس کے اہل بروجہ مسنون اذان دے کر امام نظیف موافق المذھب کے پیچھے جماعت کر چکے، اب غیر لوگ یا اہل محلہ ہی سے جو باقی رہ گئے تھے، آئے، انہیں بھی اس مسجد میں جماعت ثانیہ جائز ہے یا نہیں، یہ مسئلہ مختلف فیہ ہے، ظاہر الروایہ سے حکم کراہت نقل کیا گیا ہے۔ علامہ محقق اجل مولیٰ خسرو نے درر وغرر اور مدقق اکمل علامہ محمد بن علی دمشقی حصکفی نے خزائن الاسرار میں فرمایا کہ اس کراہت کا محل صرف اس صورت میں ہے جب یہ لوگ باذان جدید جماعت ثانیہ کریں ورنہ بالاجماع مکروہ نہیں، اور اسی طرف درمختار میں اشارہ فرمایا، اور ایسے ہی منبع وغیرہ میں تصریح کی اور قول محقق منقح یہ ہے کہ اگر یہ لوگ اذان جدید کے ساتھ اعادۂ جماعت کریں تو مکروہ تحریمی، ورنہ اگر محراب نہ بدلیں تو مکروہ تنزیہی ہے، ورنہ اصلاً کسی طرح کی نہیں، یہی صحیح ہے اور یہی ماخوذ للفتوی، درمختار میں ہے۔

یکرہ تکرار الجماعۃ باذان واقامۃ فی مسجد محلۃ لا فی مسجد طریق او مسجد لا امام لہ ولا مؤذن۔

کہ مسجد محلہ میں اذان اور اقامت کے ساتھ جماعت کا تکرار مکروہ ہے، یہ کراہت راستے کی مسجد یا جس مسجد میں امام اور مؤذن نہ ہو، اس کے لیے نہیں ہے۔

ردالمحتار میں ہے۔

عبارتہ فی الخزائن اجمع مما ھنا ونصھا یکرہ تکرار الجماعۃ فی مسجد محلۃ باذان واقامۃ الا اذا صلی بھما فیہ اولا غیر اھلہ لکن بمخافتۃ ولو کرر اھلہ بدونھا او کان مسجد طریق جاز اجماعا کما فی مسجد لیس لہ امام ولا مؤذن ویصلی الناس فیہ فوجا فوجا فان الافضل ان یصلی کل فریق باذان واقامۃ علیحدۃ کما فی امالی قاضیخان ونحوہ فی الدرر۔

خزائن الاسرار میں عبارت جس پر اجماع اور نص ہے کہ محلہ کی مسجد میں اذان اور اقامت کے ساتھ جماعت ثانیہ مکروہ ہے۔ مگر جب اذان واقامت کے ساتھ نماز ہو چکی ہو یا کسی اہل (امام وغیرہ) نے نماز نہ پڑھائی ہو تو اس صورت میں جماعت ثانیہ مکروہ نہیں ہے۔

اور جماعت کا تکرار اس کے اہل نے کیا۔

والمراد بمسجد المحلۃ ما لہ امام وجماعۃ معلومون کما فی الدرر وغیرھا

یا وہ مسجد طریق ہے تو سب کے نزدیک جماعت ثانیہ جائز ہے جیسے وہ مسجد جس کا نہ کوئی امام ہے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOMIL ISLAMIA ACADEMY

قال فی المنبع والتقیید بالمسجد المختص بالمحلة احتراز من الشارع، وبالاذان الثانی احتراز مما اذا اصلی فی مسجد المحلة جماعة بغیر

اور نہ مؤذن اور لوگ جماعت در جماعت اس میں نماز پڑھتے ہیں تو اس میں افضل ہے کہ ہر جماعت اپنی علیحدہ اذان واقامت کہہ کر جماعت کرائے جیسا کہ یہ مسئلہ امالی قاضیخان میں ہے اور اسی طرح درر میں ہے۔ مسجد محلہ سے مراد یہ ہے کہ جس کا کوئی امام مقرر ہو اور وہاں معین وقت پر نماز با جماعت بھی ہوتی ہو جیسا کہ درر وغیرہ میں ہے۔

منبع میں کہا کہ مسجد کی قید یہ مختص ہے مسجد محلہ کے ساتھ، راستے کی مسجد اس میں داخل نہیں ہے اور اذان ثانی کی قید محلہ کی مسجد اس صورت میں ہے کہ جب پہلی جماعت بغیر اذان کے ہوئی ہو اگر محلہ کی مسجد میں پہلی جماعت اذان واقامت کے ساتھ ہوئی ہے تو دوسری جماعت بغیر اذان واقامت کے ہو اور امامت کی جگہ بدل کر ہو تو درست ہے۔

اذان حیث یباح اجماعا اھ ثم قال اعنی الشامی بعد ما نقل الدلیل علی الکراھة مقتضی ھذا الاستدلال لاکراھة التکرار فی مسجد المحلة ولو بدون اذان ویؤیدہ ما فی الظھیریة لو دخل جماعة المسجد بعد ما صلی فیه اھله یصلون وحدانا وھو ظاھر الروایة اھ وھذا مخالف لحکایة الاجماع المارة الخ وقال قبل ھذا فی باب الاذان بعد نقل عبارة الظھیریة وفی اخر شرح المنیة وعن ابی حنیفة لو کانت الجماعة اکثر من ثلثة یکرہ التکرار والا فلا۔

وعن ابی یوسف اذا لم تکن علی الھیأة الاولی لاتکرہ والا تکرہ وھو الصحیح وبالعدول عن المحراب تختلف الھیأة کذا فی البزازیة اھ وفی التاتارخانیة عن الولوالجیة۔

علامہ شامی نے کراہت جماعت ثانیہ پر دلیل نقل کرنے کے بعد فرمایا کہ اس استدلال کا مقتضیٰ یہ ہے کہ محلہ کی مسجد میں تکرار جماعت مکروہ نہ ہو اور اگرچہ جماعت بغیر اذان کے ہوئی ہو۔ اس کی تائید فتاویٰ ظہیریہ سے بھی ہوتی ہے کہ اگر کوئی جماعت مسجد میں اس وقت داخل ہوں جب کہ اہل محلہ نے نماز با جماعت ادا کر لی ہے تو وہ سب کے سب ظاہر الروایۃ کے مطابق اکیلے اکیلے نماز ادا کریں اور یہ بات گزشتہ اجماعی مسئلہ کے خلاف ہے

امام ابو حنیفہ سے مروی ہے کہ اگر جماعت میں تین افراد سے زیادہ ہوں تو جماعت کا تکرار مکروہ ہے اور اگر تین سے زیادہ نہ ہوں تو پھر مکروہ نہیں ہے۔

امام ابو یوسف سے ہے کہ اگر جماعت ثانیہ جماعت اولیٰ کی ہیئات پر نہ ہو تو پھر جماعت ثانیہ مکروہ نہیں ہے اور اگر جماعت کی ہیئات وشکل پر جماعت ثانیہ ہو تو پھر مکروہ ہے اور یہی ہے اور جماعت ثانیہ میں محراب کا تبدیل کر لینا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOMIL ISLAMIA ACADEMY

حیثیات اولیٰ سے عدول ہے۔ فتاوی بزازیہ میں اسی طرح ہے۔

بالجملہ، جماعت ثانیہ جس طرح عامہ بلاد میں رائج و معمول درر، و منبع، و خزائن شروح معتمدہ کے طور پر تو بالاجماع اور عند التحقیق قول صحیح اور مفتی بہ یہ ہے کہ بلا کراہت جائز ہے کہ دوسری جماعت والے تجدید اذان نہیں کرتے اور محراب سے ہٹ کر ہی کھڑے ہوتے ہیں۔ اور ہم پر لازم کہ آئمہ فتوی جس امر کی ترجیح و تصحیح فرما گئے اس کا اتباع کریں، در مختار میں ہے در اما نحن فعلینا اتباع ما رجحوہ وما صححوہ کما لو افتونا فی حیاتھم پھر خلاف مذہب صحیح اختیار کر کے اسے ناجائز و ممنوع بتانا اور اس کے سبب لاکھوں کروڑوں مسلمانوں کو گنہگار ٹھہرانا محض بیجا ہے۔

اعلحضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ میں پھر کہتا ہوں، حال زمانہ کی رعایت اور مصلحت وقت کا لحاظ بھی مفتی پر واجب ہے۔ علماء فرماتے ہیں مَنْ لَّمْ یَعْرِفْ اَھْلَ زَمَانِہٖ فَھُوَ جَاھِلٌ۔ "جو شخص اہل زمانہ کو نہیں جانتا وہ جاہل ہے"، اب دیکھیے نہ کہ جماعت ثانیہ کی بندش میں کوشش و کاوش ہے، یہ تو نہ ہوا کہ عوام جماعت اولیٰ کا التزام تام کر لیتے، رہا وہی کہ کچھ آئے اور کچھ نہ آئے، ہاں! یہ ہوا کہ آٹھ آٹھ، دس دس جو رہ جاتے ایک مسجد میں، ایک وقت میں اکیلے اکیلے نماز پڑھ کر ناحق روافض سے مشابہت پاتے ہیں۔

حضرات مجتہدین رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے زمانے میں ایسی مشابہت پیدا ہوتا تو درکنار، خود جماعت کی برکات عالیہ ظاہریہ و باطنیہ سے محروم رہنا ایک سخت تازیانہ تھا جس کے ڈر سے عوام خواہی نخواہی جماعت اولیٰ کی کوشش کرتے، اب وہ خود بالائے طاق اور اہتمام التزام معلوم، جماعت کی جو قدرے وقعت نگاہوں میں ہے کہ اگر تنہا رہ گئے اور تنہا پڑھی، ایک طرح کی خجالت و ندامت ہوتی ہے۔ جب بفتوی مفتیان یہی انداز رہے اور گروہ کے گروہ اکیلے، اکیلے پڑھ لیا کریں، تو ایک تو مرگ انبوہ جشنے دارد، دوسرے شدہ شدہ عادت پڑ جاتی ہے چند روز میں یہ رہی سہی وقعت بھی نظر سے گر جائے اور اس کے ساتھ ہی سستی و کاہلی اپنی نہایت پر آئے گی۔

اب تو یہ خیال بھی ہوتا ہے کہ خیر، اگر پہلی جماعت فوت ہوئی ایسی دیر نہ کیجیے کہ اکیلے ہی رہ جائیں اور تنہا پڑھ کر محرومی و ندامت کا صدمہ اٹھائیں، جب یہ ہوگا کہ جماعت تو آخر ہو چکی، اول ہو چکی، اب جماعت تو ملنے سے رہی، اپنی اکیلی نماز ہے۔ جب جی میں آیا پڑھ لیں گے، یا پھر مسجد کی بھی کیا حاجت ہے لاؤ گھر ہی میں سہی یا ھذا۔ آئمہ رحمھم اللہ تبارک و تعالیٰ کچھ سوچ سمجھ کر ترجیح و تصحیح فرمایا کرتے ہیں۔ مَنْ و تو سے ان ان کے علوم وسیعہ، اور عقول رفیعہ لاکھوں درجے بلند و بالا ہیں۔ روایت و درایت، و مصالح شریعت و زمانہ و حالت کو جیسا وہ جانتے ہیں، دوسرا کیا جانے۔ پھر ان کے حضور دخل در معقولات کیسا، فاللہ الھادی وولی الایادی۔ اس مسئلہ میں کلام طویل ہے اور عبد ذلیل پر فیض مولانا جلیل۔

تنبیہ:۔ یہ ان کے لیے ہے جو احیاناً کسی عذر کے باعث حاضری جماعت اولیٰ سے محروم رہے، نہ یہ کہ جماعت ثانیہ کے بھروسہ پر قصداً بلا عذر مقبول شرعی جماعت اولیٰ ترک کریں، یہ بلاشبہ ناجائز ہے

www.waseemziyai.com
MARKAZ UL OOLOOM ISLAMIA ACADEMY

جماعت ثانیہ کے ثبوت اور وضاحت میں فاضل بریلوی نے رسالہ اَلْقُطُوْفُ الدَّانِیَۃُ لِمَنْ اَحْسَنَ الْجَمَاعَۃَ الثَّانِیَۃَ بھی تصنیف فرمایا ہے۔

۱۵۲۳/۱۳ وَعَنْ اَبِیْ بَکْرَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَقْبَلَ مِنْ نَوَاحِی الْمَدِیْنَۃِ یُرِیْدُ الصَّلٰوۃَ فَوَجَدَ النَّاسَ قَدْ صَلُّوْا فَمَالَ اِلٰی مَنْزِلِہٖ فَجَمَعَ اَھْلَہٗ فَصَلّٰی بِھِمْ

وَقَالَ الْھَیْثَمِیُّ رِجَالُہٗ ثِقَاتٌ۔

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم مدینہ منورہ کے اطراف میں کسی مقام پر تشریف لے گئے (وہاں سے واپس ہونے میں دیر ہوگئی) نماز کے لیے جب آپ اپنی مسجد میں تشریف لائے تو دیکھا کہ جماعت ہو چکی ہے تو آپ اپنے گھر تشریف لے گئے اور گھر والوں کو جمع کر کے ان کے ساتھ (با جماعت) نماز ادا فرمائی اس کی روایت طبرانی نے کبیر اور اوسط میں کی ہے اور ہیثمی نے لکھا ہے کہ اس حدیث کے راوی ثقہ ہیں۔

۱۵۲۴/۱۴ وَعَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ یَزِیْدَ التَّابِعِیِّ اَنَّہٗ کَانَ اِذَا فَاتَتْہُ الْجَمَاعَۃُ فِیْ مَسْجِدِ قَوْمِہٖ ذَھَبَ اِلٰی مَسْجِدٍ اٰخَرَ رَوَاہُ ابْنُ اَبِیْ شَیْبَۃَ بِاِسْنَادٍ صَحِیْحٍ رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ تَعْلِیْقًا وَمَا وَرَدَ مِنْ قَوْلِہٖ عَلَیْہِ السَّلَامُ مَنْ یَّتَصَدَّقُ لَا یَدُلُّ عَلٰی جَوَازِ التَّکْرَارِ الْمُتَکَلَّمِ فِیْہِ وَھُوَ اِقْتِدَاءُ الْمُفْتَرِضِ بِالْمُفْتَرِضِ اِذِ الثَّابِتُ بِہٖ اِقْتِدَاءُ الْمُتَنَفِّلِ بِالْمُفْتَرِضِ وَلَا یُحْکَمُ بِکَرَاھَتِہٖ بَلْ وَرَدَ فِیْ جَوَازِہٖ حَدِیْثٌ اٰخَرُ مِنْ قَوْلِہٖ عَلَیْہِ السَّلَامُ اِذَا صَلَّیْتُمَا فِیْ رِحَالِکُمَا ثُمَّ اَتَیْتُمَا صَلٰوۃَ قَوْمٍ فَصَلِّیَا مَعَھُمْ وَاجْعَلَا صَلٰوتَکُمَا مَعَھُمْ سُبْحَۃً کَمَا ھُوَ ظَاھِرٌ وَمَا رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ تَعْلِیْقًا

حضرت اسود بن یزید تابعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی گئی ہے کہ جب کبھی ان کو اپنے محلہ کی مسجد میں جماعت نہیں ملتی تو وہ دوسرے محلہ کی مسجد میں (جماعت حاصل کرنے کے لیے) جایا کرتے تھے[1] (ابن ابی شیبہ) بخاری نے بھی اس کی روایت تعلیقاً کی ہے۔

[1] مگر اپنے محلہ کی مسجد میں جماعت اولیٰ کے لیے جانا واجب ہے اور دوسرے محلہ کی مسجد میں جماعت اولیٰ حاصل کرنے کے لیے جانا مستحب ہے، یہ بدائع میں مذکور ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZUL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

بَابُ مَنْ صَلّٰى صَلَاةً مَرَّتَيْنِ

۱۵۲۵ عَنْ سُلَيْمٍ رَجُلٌ مِّنْ بَنِيْ سَلِمَةَ اَنَّهٗ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ يَأْتِيْنَا بَعْدَ مَا نَنَامُ وَنَكُوْنُ فِيْ اَعْمَالِنَا بِالنَّهَارِ فَيُنَادِيْ بِالصَّلٰوةِ فَنَخْرُجُ اِلَيْهِ فَيُطَوِّلُ عَلَيْنَا فَقَالَ لَهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَامُعَاذُ لَاتَكُنْ فَتَّانًا اِمَّا اَنْ تُصَلِّيَ مَعِيَ وَاِمَّا اَنْ تُخَفِّفَ عَلٰى قَوْمِكَ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالطَّحَاوِيُّ)

وَقَالَ الْاِمَامُ ابْنُ الْهُمَامِ شَرَعَ لَهٗ اَحَدَ الْاَمْرَيْنِ الصَّلَاةَ مَعَهٗ وَلَا يُصَلِّيْ بِقَوْمِهٖ اَوِ الصَّلٰوةَ بِقَوْمِهٖ عَلٰى وَجْهِ التَّخْفِيْفِ وَلَايُصَلِّيْ مَعَهٗ هٰذَا حَقِيْقَةُ اللَّفْظِ اَفَادَ مَنْعَهٗ مِنَ الْاِمَامَةِ اِذَا صَلّٰى مَعَهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا تُمْنَعُ اِمَامَتُهٗ بِالْاِتِّفَاقِ فَعُلِمَ اَنَّهٗ مِنَ الْفَرْضِ اِنْتَهٰى۔

باب ایک نماز کو دودفعہ پڑھنے والے کے بیان میں ہے

بنی سلمہ کے ایک صاحب جن کا نام سلیم تھا ان سے روایت ہے کہ وہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہو کر عرض کرنے لگے یارسول اللہ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم) معاذ بن جبل (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) (آپ کے ساتھ مقتدی بن کر عشاء کے فرض پڑھ کر) ہمارے سو جانے کے بعد (ہم کو عشاء کی نماز پڑھانے کے لیے) آیا کرتے ہیں اور ہم دن بھر کے کاروبار سے تھکے ہوئے ہوتے ہیں، جب وہ اذان دیتے تو ہم نماز کے لیے (اپنے گھروں سے) نکل آتے ہیں[۱]، معاذ (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) طویل قراءت سے نماز پڑھایا کرتے ہیں (اس وقت یہ بھی ظاہر ہوا کہ نفل کی نیت سے امام ہوا کرتے ہیں) تو حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے معاذ! تم طویل قرأت پڑھ کر لوگوں کو فتنہ میں مت ڈالو میرے ساتھ فرض کی نیت سے نماز پڑھو تو قوم کو پھر دوبارہ نہ پڑھاؤ۔

اس کی روایت امام احمد اور امام طحاوی نے کی ہے۔[۲]

---

[۱] جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کی روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نفل کی نیت سے امامت کرتے تھے اور ساری جماعت فرض کی نیت سے اقتداء کرتی تھی (اس کی خبر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کو نہیں دی گئی تھی) جب معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کی یہ شکایت حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی بارگاہ میں پیش ہوئی تو آپ نے انہیں ایسی جماعت کرانے سے منع

[۲] اب تک تم نے نفل کی نیت سے جو امامت کی ہے آئندہ کے لیے اس کو منسوخ سمجھو، دو میں سے کوئی ایک کام کرو۔

[۳] اگر قوم کو نماز پڑھاتے ہوئے ہو تو اپنی نماز میرے ساتھ نہ پڑھو اور قوم کو طویل قرأت سے نماز نہ پڑھاؤ

www.waseemziyai.com MARKAZ-UL-OLOOMI ISLAMIA ACADEMY

وَقَالَ الْعَلَّامَةُ الْعَيْنِيُّ وَبِهٖ قَالَ الزُّهْرِيُّ وَ
الْحَسَنُ الْبَصْرِيُّ وَسَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ وَالنَّخْعِيُّ
وَاَبُوْ قِلَابَةَ وَيَحْيٰى بْنُ سَعِيْدِنِ الْاَنْصَارِيُّ وَ
مُجَاهِدٌ وَطَاؤُسٌ وَاَجَابَ الطَّحَاوِيُّ عَنْ
حَدِيْثِ مُعَاذِنِ الَّذِيْ يَدُلُّ عَلٰى صِحَّةِ اِقْتِدَاءِ
الْمُفْتَرِضِ بِالْمُتَنَفِّلِ بِاَنَّهٗ مَنْسُوْخٌ وَيُسْتَدَلُّ
عَلٰى ذٰلِكَ بِوَجْهٍ حَسَنٍ وَّ ذٰلِكَ اَنَّ اِسْلَامَ
مُعَاذٍ مُتَقَدِّمٌ وَقَدْ صَلَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ سِنِيْنَ مِنَ الْهِجْرَةِ صَلٰوةَ
الْخَوْفِ غَيْرَ مَرَّةٍ مِّنْ وَجْهٍ وَقَعَ فِيْهِ
مُخَالَفَةٌ ظَاهِرَةٌ بِالْاَفْعَالِ الْمُنَافِيَةِ
لِلصَّلٰوةِ فَيُقَالُ لَوْ جَازَتْ صَلٰوةُ الْمُفْتَرِضِ
خَلْفَ الْمُتَنَفِّلِ لَاَمْكَنَ اِيْقَاعُ الصَّلٰوةِ
مَرَّتَيْنِ عَلٰى وَجْهٍ لَا تَقَعُ فِيْهَا الْمُنَافَاةُ وَ
الْمُفْسِدَاتُ فِيْ غَيْرِ هٰذِهِ الْحَالَةِ وَحَيْثُ
صَلَّيْتُ عَلٰى هٰذَا الْوَجْهِ مَعَ اِمْكَانِ دَفْعِ
الْمُفْسِدَاتِ عَلٰى تَقْدِيْرِ جَوَازِ اِقْتِدَاءِ الْمُفْتَرِضِ
بِالْمُتَنَفِّلِ دَلَّ عَلٰى اَنَّهٗ لَا يَجُوْزُ ذٰلِكَ كَذَا فِيْ
عُمْدَةِ الْقَارِيْ۔

ف:۔ اس حدیث شریف سے معلوم ہوا کہ امام کا نفل کی نیت سے قوم کی امامت کرنا اور قوم کا فرض کی نیت سے اقتداء کرنا ہمیشہ کے لیے ناجائز قرار پایا، فرض پڑھنے والے مقتدیوں کا نفل کی نیت سے امام بننا جائز نہ ہونے پر ایک اور دلیل "صلاۃ خوف" ہے جس کو حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ہجرت کے بعد کئی بار ادا فرمایا ہے۔ پہلے "صلاۃ خوف" کو سمجھئے صلاۃ خوف یہ ہے کہ جب کسی دشمن کا سامنا ہو، اور دشمن کے خوف سے سب لوگ مل کر جماعت سے بیک وقت نماز نہ پڑھ سکتے ہوں، مثلاً فضر نماز ہو رہی ہو تو مسلمانوں کے دو حصے کر دیئے جائیں، ایک حصہ دشمن کے مقابلہ میں رہے اور دوسرا حصہ امام کے ساتھ نماز شروع کر دے، جب امام ایک رکعت ختم کر کے دوسری رکعت کے لیے کھڑا ہونے لگے تو پہلا حصہ دشمن کے مقابلہ کے لیے چلا جائے، اور دوسرا حصہ جو دشمن کے مقابل تھا وہاں سے آکر امام کے ساتھ امام کی بقیہ نماز میں شریک ہو جائے اور جب امام ختم نماز پر سلام پھیر دے تو یہ دوسرا حصہ سلام پھیرے بغیر دشمن کے مقابلہ کے لیے چلا جائے اور

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OMIL ISLAMIA ACADEMY

پہلا حصہ جو دشمن کے مقابلہ کو گیا تھا پھر واپس ہو کر اپنی بقیہ نماز لاحق کی طرح بغیر قرأت کے تکمیل کر لے، پھر یہ دشمن کے مقابلہ میں چلے جائیں اور دوسرا حصہ واپس ہو کر اپنی نماز قرأت کے ساتھ مسبوق کی طرح تکمیل کر لے اور سلام پھیر دے۔

صلاۃ خوف کو سمجھنے کے بعد حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے احوال جو صلاۃ خوف میں ہوئے ہیں ان پر غور کیجئے۔ کہ آپ نے اکثر غزوات میں جو ہجرت کے بعد ہوئے ہیں، مذکورہ صلاۃ خوف کے طریقہ پر نماز ادا فرمائی ہے، اگر امام نفل کی نیت سے فرض نماز پڑھنے والوں کی امامت کر سکتا تو حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نصف فوج کو فرض کی نیت سے پوری نماز پڑھا دیتے اور باقی نصف فوج کو دوبارہ نفل کی نیت سے فرض پڑھاتے اور مقتدی فرض کی نیت سے اقتداء کرتے، اس صورت میں نماز کے منافی کوئی حرکت کرنے کی ضرورت نہ پڑتی، ایسا نہ کر کے حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرض کی نیت سے آدھی فوج کو ایک رکعت اور بقیہ نصف کو جو ایک ایک رکعت پڑھائی، جس سے صاف طور پر معلوم ہوا کہ امام نفل کی نیت سے فرض پڑھنے والوں کی امامت نہیں کر سکتا ہے۔ اور یہی مذہب حنفی ہے اور اسی کے قائل امام زہری، حضرت حسن بصری، حضرت سعید بن المسیب، امام نخعی، حضرت ابو قلابہ، حضرت یحییٰ بن سعید انصاری، حضرت مجاہد اور حضرت طاؤس رضی اللہ تعالیٰ عنہم بھی ہیں۔

صلاۃ خوف کے واقعات جیسا کہ اوپر لکھا گیا ہے، ہجرت کے بعد آخری زمانہ کے ہیں اور معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بہت پہلے اسلام قبول فرمایا تھا۔ اور ابتداء زمانہ میں ایک ہی نماز کو ایک مرتبہ فرض کی نیت سے ادا کر کے پھر دوبارہ اسی نماز کو نفل کی نیت سے پڑھاتے اور اقتداء کرنے والے فرض کی نیت سے اقتداء کرتے تھے، چونکہ صلاۃ خوف کے واقعات آخری زمانہ کے ہیں اور حضرت معاذ کا واقعہ ابتدائی زمانہ کا ہے۔ اس لیے حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا نفل کی نیت سے قوم کو فرض نماز پڑھانے کا منسوخ ہونا صلاۃ خوف سے بھی ثابت ہوتا ہے۔ (طحاوی، عمدۃ القاری اور ابن ہمام) ۱۲

۱۵۲۶ وَعَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ جَابِرٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَجُلَيْنِ صَلَّيَا الظُّهْرَ فِيْ بُيُوْتِهِمَا عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُمَا يَرَيَانِ اَنَّ النَّاسَ قَدْ صَلَّوْا ثُمَّ اَتَيَا الْمَسْجِدَ وَهُمَا يَرَيَانِ اَنَّ الصَّلٰوةَ لَا تَحِلُّ لَهُمَا فَلَمَّا انْصَرَفَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰهُمَا فَاَرْسَلَ اِلَيْهِمَا فَجِيْئَ بِهِمَا وَفَرَائِصُهُمَا تُرْعَدُ مَخَافَةً اَنْ يَّكُوْنَ قَدْ حَدَثَ فِيْ اَمْرِهِمَا شَيْءٌ فَسَاَلَهُمَا فَاَخْبَرَاهُ الْخَبَرَ فَقَالَ اِذَا فَعَلْتُمَا ذٰلِكَ

حضرت اسود بن جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہما اپنے والد حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں (ایک دن کا واقعہ ہے کہ) دو شخص رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں ظہر کی نماز اپنے اپنے گھر میں اس خیال سے پڑھ لیتے تھے کہ (مسجد میں) لوگ (جماعت سے نماز) پڑھ چکے ہوں گے، پھر یہ دونوں جب مسجد کو آئے تو کیا دیکھتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نماز پڑھا رہے ہیں ان دونوں نے اپنے خیال میں سمجھا کہ ایک دفعہ تنہا نماز پڑھ لینے کے بعد دوبارہ اسی

MARKAZ-UL-ISLAMI ACADEMY
www.waseemziyai.com

فَصَلِّيَا مَعَ النَّاسِ وَاجْعَلَا الْأُوْلٰى هِيَ
الْفَرِيْضَةَ رَوَاهُ إِمَامُنَا أَبُوْ حَنِيْفَةَ وَ
فِيْ رِوَايَةِ مُحَمَّدٍ وَاجْعَلُوا الْأُوْلٰى فَرِيْضَةً
وَهٰذِهٖ نَافِلَةٌ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِلْبَيْهَقِيِّ إِذَا
صَلَّيْتُمَا فِيْ رِحَالِكُمَا ثُمَّ أَتَيْتُمَا الْإِمَامَ
فَصَلِّيَا مَعَهُ فَتَكُوْنَ لَكُمَا نَافِلَةً وَالَّتِيْ
فِيْ رِحَالِكُمَا فَرِيْضَةٌ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِلتِّرْمِذِيِّ
وَأَبِيْ دَاوُدَ وَالنَّسَائِيِّ فَقَالَ مَا مَنَعَكُمَا
أَنْ تُصَلِّيَا مَعَنَا فَقَالَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّا
كُنَّا قَدْ صَلَّيْنَا فِيْ رِحَالِنَا قَالَ فَلَا
تَفْعَلَا إِذَا صَلَّيْتُمَا فِيْ رِحَالِكُمَا ثُمَّ
أَتَيْتُمَا مَسْجِدَ جَمَاعَةٍ فَصَلِّيَا مَعَهُمْ
فَإِنَّهَا لَكُمَا نَافِلَةٌ۔

نماز کو جماعت سے پڑھنا جائز نہیں ہے، اسی لیے یہ دونوں ایک طرف مسجد میں (نماز میں شریک ہوئے بغیر ہی) بیٹھ گئے، جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم نماز سے فارغ ہوئے تو آپ نے ان دونوں کو دیکھا کہ (جماعت میں شریک ہوئے بغیر علیحدہ) بیٹھے ہوئے ہیں، اس لیے آپ نے کسی کو بھیجا کہ ان دونوں کو بلا لائے، وہ دونوں جب خدمت اقدس میں حاضر کئے گئے تو ان دونوں کی حالت یہ تھی کہ وہ خوف وہیبت سے کانپ رہے تھے کہ کہیں ان کے بارے میں کوئی نیا حکم تو نہیں نازل ہوا ہے؟ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ان سے دریافت فرمایا کہ جماعت میں شریک نہ ہو کر علیحدہ بیٹھنے کی کیا وجہ ہے؟ تو انہوں نے اپنا سارا قصہ کہہ سنایا[1]، حضور علیہ الصلاۃ والسلام نے ارشاد فرمایا! سنو! جب تم نے (فرض کی نیت سے) تنہا نماز پڑھ لی ہو اور پھر جماعت میں شریک ہونے کا موقع آئے تو دوبارہ جماعت میں شریک ہو جایا کرو اور پہلے جو نماز پڑھ چکے ہو اس کو ہی فرض سمجھو اور جماعت سے جو نماز پڑھی جائے گی اس کو نفل خیال کرو، اس کی روایت ہمارے امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ نے کی ہے اور بیہقی، ترمذی، ابوداؤد اور نسائی نے بھی اسی طرح روایت کی ہے۔ اور شرح زرقانی میں لکھا ہے کہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ نے فرمایا ہے کہ فجر عصر اور مغرب اس حکم سے مستثنیٰ ہیں، اس لیے ان نمازوں کو ایک مرتبہ پڑھنے کے بعد پھر دوبارہ جماعت سے نہیں پڑھنا چاہیے۔

١٥٢٧/٣ وَعَنْ بُسْرِ بْنِ مِحْجَنٍ عَنْ أَبِيْهِ

حضرت بُسر بن محجن رضی اللہ تعالیٰ عنہما اپنے والد

---

[1] اور ظاہر کیا کہ چونکہ ہم گھروں سے نماز پڑھ کر آئے تھے اس لیے پھر دوبارہ جماعت میں شریک ہو کر نماز پڑھنے کو ناجائز سمجھتے تھے حضور! ہم اسی وجہ سے علیحدہ بیٹھے ہوئے تھے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

اَنَّهُ كَانَ فِيْ مَجْلِسٍ مَّعَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاُذِّنَ بِالصَّلٰوةِ فَقَامَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مَنَعَكَ اَنْ تُصَلِّيَ مَعَ النَّاسِ اَلَسْتَ بِرَجُلٍ مُّسْلِمٍ فَقَالَ بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللهِ وَلٰكِنِّيْ كُنْتُ قَدْ صَلَّيْتُ فِيْ اَهْلِيْ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا جِئْتَ الْمَسْجِدَ وَكُنْتَ قَدْ صَلَّيْتَ فَاُقِيْمَتِ الصَّلٰوةُ فَصَلِّ مَعَ النَّاسِ وَاِنْ كُنْتَ قَدْ صَلَّيْتَ

(رَوَاهُ مَالِكٌ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت محجن رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت محجن (ایک دفعہ) مسجد کے کسی حصہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے (اذان تو ہو چکی تھی اور جب) اقامت کہی گئی تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اٹھے، نماز ادا فرمائی اور (نماز سے پہلے) مسجد میں جس جگہ بیٹھے تھے، وہیں تشریف لائے، حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کیا دیکھتے کہ محجن (جماعت میں شریک ہوئے بغیر ہی وہیں بیٹھے ہوئے ہیں، تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کیوں محجن! مسلمانوں کے ساتھ نماز پڑھنے سے تم کو کونسی چیز مانع ہوئی؟ کیا تم مسلمان نہیں ہو! محجن رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نے عرض کیا، حضور! میں مسلمان ہوں، نماز میں شریک نہ ہونے کی یہ وجہ نہیں ہے بلکہ اس وجہ سے جماعت میں شریک نہیں ہوا کہ میں اپنے اہل وعیال میں (تنہا) نماز پڑھ کر آیا تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا، سنو محجن! جب تم تنہا نماز پڑھ کر مسجد میں آؤ اور دیکھو کہ اقامت ہو رہی ہے تو مسلمانوں کے ساتھ (نفل کی نیت) سے نماز میں شریک ہو جایا کرو اگرچہ تم وہی نماز فرض کی نیت سے پڑھ چکے ہو۔

(امام مالک ونسائی)

ف واضح ہو کہ یہ حدیث اور اس کے بعد کی چند حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے کہ تنہا نماز پڑھنے کے بعد مسجد میں جماعت مل جانے سے پانچوں نمازوں کو نفل کی نیت سے پڑھ سکتے ہیں، لیکن اب نہیں ہے بلکہ یہ حکم صرف ظہر اور عشاء سے متعلق ہے، رہا فجر، عصر اور مغرب کو ایک مرتبہ پڑھنے کے بعد پھر دوبارہ نہ پڑھنے کی حدیثیں دار قطنی، امام مالک اور عبد الرزاق سے آگے آ رہی ہیں جیسا کہ مرقات میں مذکور ہے۔ ۱۲۔

۱۵۲۸ وَعَنْ رَّجُلٍ مِّنْ اَسَدِ بْنِ خُزَيْمَةَ اَنَّهٗ سَاَلَ اَبَا اَيُّوْبَ الْاَنْصَارِيَّ قَالَ يُصَلِّيْ اَحَدُنَا فِيْ مَنْزِلِهِ الصَّلٰوةَ ثُمَّ يَاْتِي الْمَسْجِدَ

قبیلہ اسد بن خزیمہ کے ایک صاحب سے روایت ہے کہ انہوں نے ابو ایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے دریافت کیا کہ اگر کوئی شخص اپنے مکان میں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

وَتُقَامُ الصَّلٰوةُ فَاُصَلِّیْ مَعَهُمْ فَاَجِدُ فِیْ نَفْسِیْ شَیْئًا مِّنْ ذٰلِكَ فَقَالَ اَبُوْاَیُّوْبَ سَاَلْنَا عَنْ ذٰلِكَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَذٰلِكَ لَهٗ سَهْمُ جَمْعٍ ۔

(رَوَاهُ مَالِكٌ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

تنہا نماز پڑھ لے پھر وہ مسجد میں آئے اور دیکھے کہ نماز کے لیے اقامت ہو رہی ہے تو کیا وہ ایسی صورت میں جماعت کے ساتھ شریک ہو سکتا ہے؟ مجھے تو اس میں شک ہے (کیا جو صورت بیان کی گئی ہے وہ صحیح ہے؟) تو ابوایوب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جواب دیا (شک کی ضرورت نہیں) ہم نے اس مسئلہ میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے تحقیق کر لی ہے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ایسے شخص کو بھی جماعت کا پورا ثواب ملتا ہے[1]۔ اس کی روایت امام مالک اور ابوداؤد نے کی ہے۔

۱۵۲۹ وَعَنْ سُلَیْمَانَ مَوْلٰی مَیْمُوْنَةَ قَالَ اَتَیْنَا ابْنَ عُمَرَ عَلَی الْبَلَاطِ وَهُمْ یُصَلُّوْنَ فَقُلْتُ اَلَا تُصَلِّیْ مَعَهُمْ قَالَ قَدْ صَلَّیْتُ وَاِنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لَا تُصَلُّوْا صَلٰوةً فِیْ یَوْمٍ مَّرَّتَیْنِ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَآئِیُّ وَفِی التَّعْلِیْقِ الْمُمَجَّدِ مَعْنَاهُ لَا تُصَلُّوْا عَلٰی وَجْهِ الْاِفْتِرَاضِ بِاَنْ تَجْعَلُوْا كِلْتَیْهِمَا فَرِیْضَةً بَلِ الْاُوْلٰی فَرِیْضَةٌ وَالثَّانِیَةُ نَافِلَةٌ اِنْتَهٰی ۔

ام المومنین حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے مولیٰ سلیمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ مسجد نبوی کے باہر جو چبوترہ تھا جس کو بلاط کہتے تھے وہاں ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیٹھے ہوئے تھے تو میں ان کی خدمت میں حاضر ہوا، اور ادھر مسجد میں جماعت ہو رہی تھی، میں نے ان سے عرض کیا کہ آپ جماعت میں شریک نہ ہو کر یہاں کیوں بیٹھے ہیں تو ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: میں ایک بار نماز پڑھ چکا ہوں، اس لیے پھر دوبارہ جماعت میں شریک نہیں ہوا، اس لیے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو ارشاد فرماتے سنا ہے کہ ایک ہی دن میں ایک وقت کی نماز کو (فرض) پڑھ کر دوبارہ فرض کی نیت سے نہ پڑھا کرو۔ اس کی روایت امام احمد ابوداؤد اور نسائی نے کی ہے۔

ف: یہاں یہ شبہ ہوتا ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرض کی نیت سے نماز پڑھ چکے تھے اس لیے دوبارہ فرض کی نیت سے شریک جماعت نہیں ہوئے تھے تو ان کو چاہیئے تھا کہ نفل کی نیت

[1] بشرطیکہ فجر، عصر اور مغرب نہ ہوں اس لیے کہ ان نمازوں کو تنہا پڑھ لینے کے بعد دوبارہ ان نمازوں کی جماعتوں میں شریک نہ ہونا چاہیئے اس کی صراحت دارقطنی کی حدیث سے آگے آ رہی ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

سے شریک جماعت ہو جاتے اس کا جواب یہ ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما جماعت کے ساتھ فرض کی نیت سے نماز پڑھ چکے تھے اور جماعت سے نماز پڑھنے والے کو ہی نماز پھر دوبارہ نفل کی نیت سے بھی جماعت میں شریک ہو کر نہ پڑھنا چاہیئے۔ اسی لیے آپ نفل کی نیت سے بھی شریک جماعت نہیں ہوئے۔
(مرقات - ۱۲)

۱۵۳۰ وَعَنْ نَافِعٍ قَالَ اِنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ كَانَ يَقُوْلُ مَنْ صَلَّى الْمَغْرِبَ اَوِ الصُّبْحَ ثُمَّ اَدْرَكَهُمَا مَعَ الْاِمَامِ فَلَا يَعُدْ لَهُمَا۔

(رَوَاهُ مَالِكٌ)

حضرت نافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرمایا کرتے تھے کہ جو شخص مغرب یا صبح کے فرض نماز کو (تنہا) پڑھے یا جماعت سے) پھر یہ نمازیں کہیں جماعت سے پڑھی جا رہی ہوں اور اس کو جماعت میں شریک ہونے کا موقع آئے تو ایسے شخص کو دوبارہ ان نمازوں کی جماعت میں شریک نہ ہونا چاہیئے (اس کی روایت امام مالک نے کی ہے)

ف: واضح ہو کہ اس حدیث شریف میں مذکور ہے کہ فجر اور مغرب کے فرض ایک مرتبہ پڑھ لینے کے بعد پھر دوبارہ ان نمازوں کو پڑھنا جائز نہیں ہے۔ اب رہی عصر کی نماز تو اس کا بھی یہی حکم ہے۔ اس کی دلیل یہ ہے کہ بخاری اور مسلم کی روایت جو ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے اس میں صبح کے فرض کے بعد جیسے نفل کا جائز نہ ہونا مذکور ہے ایسے ہی عصر کے فرض کے بعد بھی نفل کے جائز نہ ہونے کا ذکر ہے۔ اس طرح بخاری اور مسلم کی اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اس میں صبح کی نماز کے بعد جماعت میں شریک نہ ہونے کی جیسے ممانعت ہے، اب رہی یہ بات کہ صدر کی حدیث میں جو نافع رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ اس میں عصر کی نماز کا کیوں ذکر نہیں؟ تو اس کی وجہ یہ ہے کہ حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے سامنے فجر اور مغرب کا ذکر آیا تھا اس لیے آپ نے صرف ان دونوں ہی کا حکم بتلایا اور اگر حضرت ابن عمر کے سامنے عصر کا بھی ذکر آتا تو اس کا بھی یہی جواب ارشاد فرماتے۔

اب رہا یہ کہ جب مغرب کے بعد نفل پڑھنے کی ممانعت نہیں ہے تو پھر ایسے شخص کو جس نے مغرب کے فرض پڑھ لئے ہوں اس کو دوبارہ جماعت میں نفل کی نیت سے شریک ہونے سے کیوں منع کیا جا رہا ہے؟ تو اس کی وجہ یہ ہے کہ تین رکعت کا نفل کی نیت سے ادا کرنا بتیرا ہونے کی وجہ سے ناجائز ہے، اگرچہ کہ ایسا شخص امام کے سلام پھیرنے کے بعد ایک رکعت کا اضافہ کر کے نماز کو جفت ہی کیوں نہ کرے، اس لیے کہ مقتدی پر امام کی متابعت ضروری ہے اور اس صورت میں مقتدی کا امام کی نماز پر زیادتی کرنا لازم آتا ہے اسی وجہ سے نفل کی نیت سے بھی مغرب کی نماز میں دوبارہ شریک ہونا جائز نہیں ہے۔

۱۵۳۱ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا صَلَّيْتَ فِيْ اَهْلِكَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد

www.waseemziyai.com
MARKAZI-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

ثُمَّ اَدْرَكْتَ الصَّلٰوةَ فَصَلِّهَا اِلَّا الْفَجْرَ وَ الْمَغْرِبَ رَوَاهُ الدَّارَقُطْنِيُّ ۔

فرمایا کہ جب تم نے اپنے گھر میں کوئی فرض نماز پڑھ لی (اس کے بعد مسجد آئے اور جماعت ہو رہی ہو تو) نفل کی نیت سے جماعت میں شریک نہ ہونا چاہیئے اس کی روایت دارقطنی نے کی ہے ۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے انہوں نے فرمایا کہ جب تم نے اپنے گھر میں کوئی فرض نماز پڑھ لی اور اس کے بعد مسجد آئے اور جماعت ہو رہی ہو تو (نفل کی نیت سے جماعت میں شریک ہوکر) اس نماز کو دوبارہ پڑھ لیا کرو ، فجر اور مغرب میں اب موقع آئے تو نفل کی نیت سے بھی اس میں شریک نہ ہونا چاہیئے۔[1]

۱۵۳۲/۸ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اِنْ كُنْتَ قَدْ صَلَّيْتَ فِيْ اَهْلِكَ ثُمَّ اَدْرَكْتَ الصَّلٰوةَ فِي الْمَسْجِدِ مَعَ الْاِمَامِ فَصَلِّ مَعَهُ غَيْرَ صَلٰوةِ الصُّبْحِ وَ الْمَغْرِبِ فَاِنَّهُمَا لَا يُصَلِّيَانِ مَرَّتَيْنِ ۔

(رَوَاهُ عَبْدُ الرَّزَّاقِ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے یہ بھی فرمایا کہ (اگر کوئی نفل کی نیت کی ، بجائے فرض کی نیت سے شریک ہونا چاہے تو بھی وہ شریک جماعت نہیں ہو سکتا اس لیے کہ) فجر ہو یا مغرب (یا ان کی سوا کوئی اور فرض نماز) ان میں دوبارہ (فرض کی نیت سے) نہیں پڑھی جاتی ۔

(عبدالرزاق)

۱۵۳۳/۹ وَعَنْ نَاعِمِ بْنِ اَجِيْلٍ مَوْلٰى اُمِّ سَلَمَةَ قَالَ كُنْتُ اَدْخُلُ الْمَسْجِدَ لِصَلٰوةِ الْمَغْرِبِ فَاَرٰى رِجَالًا مِّنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جُلُوْسًا

حضرت ناعم بن اجیل جو ام المؤمنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے مولیٰ ہیں ان سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نماز مغرب کے لیے مسجد میں جایا کرتا تھا تو بعض وقت

[1] ایسا ہی عصر کی جماعت میں بھی دوبارہ شریک ہونے کا موقع آئے تو فجر اور مغرب کی طرح عصر میں بھی شریک نہ ہونا چاہیئے جیسا کہ اس کی تحقیق ابھی اوپر گذر چکی ہے ۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

فِيْ اٰخِرِ الْمَسْجِدِ وَالنَّاسُ يُصَلُّوْنَ فِيْهِ قَدْ صَلَّوْا فِيْ بُيُوْتِهِمْ رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ وَقَالَ فَهٰؤُلَاءِ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانُوْا لَا يُصَلُّوْنَ الْمَغْرِبَ فِي الْمَسْجِدِ لَمَّا كَانُوْا قَدْ صَلَّوْهَا فِيْ بُيُوْتِهِمْ وَلَا يُنْكِرُ ذٰلِكَ عَلَيْهِمْ غَيْرُهُمْ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيْضًا فَذٰلِكَ دَلِيْلٌ عِنْدَنَا عَلٰى نَسْخِ مَا قَدْ كَانَ تَقَدَّمَهُ مِنْ قَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَنَّهُ لَا يَجُوْزُ اَنْ يَكُوْنَ مِثْلُ ذٰلِكَ مِنْ قَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ ذَهَبَ عَلَيْهِمْ جَمِيْعًا حَتّٰى يَكُوْنُوْا عَلٰى خِلَافِهِ وَلٰكِنْ كَانَ ذٰلِكَ مِنْهُمْ لَمَّا قَدْ ثَبَتَ عِنْدَهُمْ فِيْهِ مِنْ نَسْخِ ذٰلِكَ الْقَوْلِ اِنْتَهٰى۔

کیا دیکھتا ہوں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے بعض صحابہ (کچھ مجبوریوں کی وجہ سے ضرورت کی حالت میں) گھروں میں مغرب کے فرض پڑھ کر مسجد کے آخری حصہ میں بیٹھے ہیں اور مسجد میں مغرب کی فرض نماز ہو رہی ہے، اس کی روایت امام طحاوی نے کی ہے۔

یہ باب فرض نمازوں کی تعداد رکعات اور ان کے ثبوت کے بیان میں ہے

ف، شرائط المذہب میں لکھا ہے کہ چاروں ائمہ کرام کے نزدیک نماز پنجگانہ کے دن رات میں سترہ رکعتیں فرض ہیں، فجر کے دو، ظہر کے چار، عصر کے چار، مغرب کے تین، عشاء کے چار ان کے ثبوت میں ذیل کی حدیثیں ملاحظہ ہوں۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے مدینہ منورہ میں ظہر کے فرض کی چار رکعتیں پڑھائیں اور سفر کرتے ہوئے جب ذوالحلیفہ پہنچے تو ذوالحلیفہ میں عصر کے فرض کی دو رکعتیں (قصر) پڑھائیں۔ (بخاری و مسلم)

حضرت ابو حرب بن ابی الاسود الدیلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، بصرہ سے (سفر کی نیت کر کے روانہ ہوئے اور ابھی

لہ اس میں یہ اصحاب فرض بانفل کی نیت سے شریک جماعت نہیں ہوئے، اس سے معلوم ہوا کہ مغرب کے فرض پڑھنے کے بعد نفل کی نیت سے شریک جماعت نہیں ہونا چاہیئے۔ اب ہی فرض کی نیت سے بھی جماعت میں شریک نہیں ہونا چاہیئے۔ اس لیے کہ ایک فرض نماز دن میں دوبار نہیں پڑھی جاتی۔

آپ آبادی ہی میں تھے) تو آپ نے ظہر کے فرض کی چار رکعتیں پڑھائیں، پھر ارشاد فرمایا اگر ہم اس آبادی سے گزر جائیں تو دو رکعتیں (قصر) ادا کریں گے۔ اس کی روایت ابن ابی شیبہ نے کی ہے اور عبدالرزاق نے بھی اسی طرح روایت کی ہے۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ عصر کے فرض کی چار رکعتیں پڑھیں اور اس کے بعد آپ نے کوئی نماز ادا نہیں فرمائی۔ (یہاں تک کہ مغرب کا وقت ہوگیا) پھر آپ نے مغرب کے فرض کی تین رکعتیں ادا فرمائیں اور اس کے بعد آپ نے دو رکعتیں (سنت) ادا فرمائیں، پھر حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ نماز مغرب دن کی نماز وتر ہے اور مغرب کی یہ تین رکعتیں ایسی ہیں کہ نہ تو سفر میں اس میں کچھ کمی ہوتی ہے اور نہ حضر میں (اور جب نماز عشاء کا وقت آپہنچا تو) حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے نماز عشاء کے فرض کی چار رکعتیں پڑھائیں اور اس کے بعد دو سنتیں ادا فرمائیں، اس کی روایت امام طحاوی نے کی ہے۔

حضرت حسن بصری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نمازوں کو (یعنی ان کے حکم کو) اپنی قوم کے پاس (معراج کی صبح) لائے تو آپ نے انھیں چھوڑے رکھا یہاں تک کہ جب آفتاب درمیان آسمان سے ڈھل گیا، تو مسلمانوں میں اعلان کیا گیا کہ نماز کے لیے جمع ہو جاؤ تو سب اس کے لیے تیار ہو کر جمع ہوگئے اور حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو ظہر کی چار رکعتیں پڑھائیں جن میں آپ نے علانیہ قراۃ نہیں فرمائی (بلکہ آہستہ قرأت کی) جبرئیل علیہ السلام رسول اللہ

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم کی اقتداء کر رہے تھے، اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم آدمیوں کے آگے تھے اور لوگ حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اقتداء کر رہے تھے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جبرئیل علیہ السلام کی اقتداء کر رہے تھے، پھر آپ نے مسلمانوں کو مہلت دی یہاں تک کہ آفتاب نیچا ہوگیا، مگر وہ صاف طور پر روشن تھا (زردی نہ آئی تھی) پھر اعلان کیا گیا کہ نماز کے لیے جمع ہو جاؤ، لوگ جمع ہوگئے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو (عصر) کی چار رکعتیں پڑھائیں جو (طول میں) ظہر کی نماز سے کم تھیں، ان میں حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے علانیہ قرأت نہیں کی، بلکہ آہستہ پڑھی اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جبرئیل علیہ السلام کی اقتداء کر رہے تھے، اور لوگ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اقتداء کر رہے تھے، پھر آپ نے لوگوں کو فرصت دی یہاں تک کہ جب آفتاب غروب ہوگیا تو اعلان کیا گیا کہ نماز کے لیے جمع ہو جاؤ۔ لوگ جمع ہوئے تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو مغرب کی تین رکعتیں پڑھائیں اور ان میں جہر سے قرأت فرمائی اور تیسری رکعت میں جہر نہیں فرمائی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم لوگوں کے آگے تھے اور جبرئیل علیہ السلام آپ کے آگے تھے، لوگ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی اقتداء کر رہے تھے اور آپ حضرت جبرئیل علیہ السلام کی اقتداء کر رہے تھے، یہاں تک کہ جب شفق غائب ہوگئی اور رات اچھی طرح تاریک ہوئی تو پھر اعلان کیا گیا کہ نماز کے لیے جمع ہو جاؤ اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو نماز عشاء کی چار رکعتیں پڑھائیں، دو رکعتوں میں قرأت جہر سے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

سے فرمائی اور آخری دو رکعتوں میں جہر سے قرأت نہیں فرمائی حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم لوگوں کے آگے تھے اور جبرئیل علیہ السّلام، حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی اقتداء فرما رہے تھے

پھر لوگ رات بھر اس حالت میں رہے کہ ان کو کچھ خبر نہ تھی کہ ان کے سوا کوئی اور نماز ہے بھی یا نہیں یہاں تک کہ جب صبح صادق طلوع ہوئی تو اعلان کیا گیا کہ نماز کے لیے جمع ہو جاؤ۔ لوگ جمع ہو گئے تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو نماز فجر کی دو رکعتیں پڑھائیں جن میں جہر کے ساتھ قرأت کی اور لمبی قرأت کی۔ جبرئیل علیہ السّلام حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے آگے تھے۔ اور آپ لوگوں کے آگے تھے لوگ اپنے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی اقتداء کر رہے تھے اور آپ جبرئیل علیہ السلام کی اقتداء فرما رہے تھے۔ اس کی روایت ابو داؤد نے اپنی مراسیل میں کی ہے اور زیلعی نے کہا ہے کہ اس حدیث کی دو سندیں مرسل ہیں، ایک حسن بصری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اور ایک زہری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے، حافظ عبد الحق رحمۃ اللہ علیہ نے دونوں کو ابو داؤد کے واسطہ سے اپنی کتاب الاحکام میں نقل کیا ہے اور فرمایا ہے کہ دونوں سندوں کے لحاظ سے یہ حدیث حسن ہے۔

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ نے فرمایا کہ سفر میں (چار رکعت والی نماز میں قصر ہے یعنے) دو رکعت پڑھے جاتے ہیں اور بقر عید کی نماز کے بھی دو رکعتیں ہی واجب ہیں اور عید الفطر کی بھی دو رکعتیں ہی (واجب) ہیں اور نماز جمعہ کے فرض بھی دو رکعت ہی ہیں دونوں عید اور جمعہ کے جو دو دو رکعت ہیں وہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

کی زبان مبارک سے اسی طرح فرض ہوئے ہیں اور یہ قصر نہیں ہیں، بلکہ یہ ابتدا سے دو رکعت ہی فرض کیے گئے ہیں۔ اسں کی روایت نسائی اور ابن ماجہ نے کی ہے اور ابن حبان نے اپنی صحیح میں اس کی روایت کی ہے، اور طحاوی نے بھی اسی طرح روایت کی ہے۔

بَابُ السُّنَنِ وَفَضَائِلِهَا

(یہ باب سنتوں کی تعداد رکعات اور ان کی فضیلتوں کے بیان میں ہے)

ف۔ واضح ہو کہ سنتوں سے وہ نمازیں مراد ہیں جو دن رات میں فرض کے ساتھ پڑھی جاتی ہیں اور ان میں یہ حکمت رکھی گئی ہے کہ نمازی ان کو ادا کر کے حضور قلب کے ساتھ فرض نماز کے لیے تیار ہو جائے اور غفلت ان کے ذریعہ دور ہو جائے تاکہ فرض نماز کو انتہائی حضوری اور کمال لذت سے شروع کر سکے۔

سنتوں کی دو قسمیں ہیں، ایک رواتب یعنی مؤکدہ یہ وہ سنتیں ہیں جن پر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے مداومت فرمائی ہے، دوسرے غیر رواتب یعنی غیر مؤکدہ، یہ وہ سنتیں ہیں جن پر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے مداومت نہیں فرمائی جیسے عصر کی سنتیں وغیرہ (مرقات، اشعۃ اللمعات) ۱۲۔

وَقَوْلُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فَسَبِّحْهُ وَ أَدْبَارَ السُّجُوْدِ۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے، اور کچھ رات گئے اس کی تسبیح کرو اور نماز کے بعد (سورہ ق ۳/ ۴۰)

ف۔ یعنی وقت مغرب وعشاء و تہجد، خیال رہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پر تہجد فرض تھی امت پر تہجد سنت مؤکدہ علی الکفایہ کہ اگر پوری بستی میں کوئی نہ پڑھے تو سب سنت کے تارک ہوئے اور اگر بعض لوگ پڑھ لیں تو سب بری الذمہ ہو گئے جیسے نماز جنازہ فرض کفایہ ہے۔

ف۔ نماز کے بعد تسبیح وتہلیل کرنا بہت بہتر ہے، حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اور صحابہ کرام نماز جماعت کے بعد اس قدر بلند آواز سے ذکر اللہ کرتے تھے کہ تمام محلہ ان کی آواز سے گونج جاتا۔ (تفسیر خزائن العرفان زیر آیت)

وَقَوْلُهٗ فَسَبِّحْهُ وَاِدْبَارَ النُّجُوْمِ۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے، اور کچھ رات میں اس کی پاکی بولو اور تاروں کے پیٹھ دیتے وقت۔ (سورہ طور ۲/ ۴۹)

ف۔ تہجد کی نماز اور سنتیں پڑھو، صوفیاء فرماتے ہیں کہ تہجد کی نماز معراج کی یاد ہے کہ معراج بھی آخر شب میں چپکے سے ہوئی، کہ کسی انسان کو اطلاع نہ دی گئی، تو چاہیئے کہ تہجد پڑھنے والا نہایت خاموشی کے ساتھ بغیر کسی کو جگائے ادا کرے، اور فجر کی سنتیں کچھ اندھیرے میں پڑھے پھر کچھ استغفار اور ذکر الٰہی کرے اجالا ہونے پر فجر کے فرض پڑھے، جیسا کہ ادبار النجوم سے معلوم ہوتا ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

۱۵۳۴ عَنْ اُمِّ حَبِيْبَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰى فِيْ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ ثِنْتَيْ عَشْرَةَ رَكْعَةً بُنِيَ لَهٗ بَيْتٌ فِي الْجَنَّةِ اَرْبَعًا قَبْلَ الظُّهْرِ وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَهَا وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعِشَآءِ وَرَكْعَتَيْنِ قَبْلَ صَلٰوةِ الْفَجْرِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ اَنَّهَا قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَا مِنْ عَبْدٍ مُسْلِمٍ يُصَلِّيْ لِلّٰهِ كُلَّ يَوْمٍ ثِنْتَيْ عَشْرَةَ رَكْعَةً تَطَوُّعًا غَيْرَ فَرِيْضَةٍ اِلَّا بَنَى اللّٰهُ لَهٗ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ اَوْ اِلَّا بُنِيَ لَهٗ بَيْتٌ فِي الْجَنَّةِ۔

ام المومنین حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے، آپ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص دن رات میں (فرائض کے ساتھ) بارہ رکعت سنت بھی ادا کرے گا تو اس کے لیے جنت میں ایک گھر تیار کیا جائے گا۔ وہ بارہ رکعتیں یہ ہیں، چار رکعتیں ظہر کے فرض سے پہلے اور دو اس کے بعد، اور دو رکعتیں مغرب کے فرض کے بعد، اور دو رکعتیں عشاء کے فرض کے بعد، اور دو رکعتیں فجر کے فرض سے پہلے اس کی روایت ترمذی نے کی ہے۔ اور مسلم کی ایک روایت میں ام المومنین ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے اس طرح مروی ہے آپ فرماتی ہیں کہ میں نے سنا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرما رہے تھے کہ جو مسلمان بندہ اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے لیے (فرائض کے ساتھ) بارہ رکعتیں سنت پڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے جنت میں) مکان بناتے ہیں۔

ف: یہ اور اسی قسم کی حدیثوں سے ثابت ہوتا ہے کہ دن رات میں یہ بارہ رکعتیں سنت مؤکدہ ہیں اس لیے کہ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ان پر مداومت فرمائی ہے اور کبھی ترک نہیں کیا۔ (مرقات) ۱۲

۱۵۳۵ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيْقٍ قَالَ سَاَلْتُ عَآئِشَةَ عَنْ صَلٰوةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ تَطَوُّعِهٖ فَقَالَتْ كَانَ يُصَلِّيْ فِيْ بَيْتِيْ قَبْلَ الظُّهْرِ اَرْبَعًا ثُمَّ يَخْرُجُ فَيُصَلِّيْ بِالنَّاسِ ثُمَّ يَدْخُلُ فَيُصَلِّيْ رَكْعَتَيْنِ وَكَانَ يُصَلِّيْ بِالنَّاسِ الْمَغْرِبَ ثُمَّ يَدْخُلُ فَيُصَلِّيْ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ يُصَلِّيْ بِالنَّاسِ الْعِشَآءَ وَيَدْخُلُ بَيْتِيْ فَيُصَلِّيْ رَكْعَتَيْنِ وَكَانَ يُصَلِّيْ مِنَ اللَّيْلِ تِسْعَ رَكَعَاتٍ فِيْهِنَّ الْوِتْرُ وَكَانَ يُصَلِّيْ لَيْلًا طَوِيْلًا قَاعِدًا وَكَانَ اِذَا قَرَءَ وَهُوَ قَآئِمٌ

حضرت عبد اللہ بن شقیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے دریافت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم (دن رات میں) فرض نمازوں کے علاوہ کتنی سنتیں ادا فرمایا کرتے تھے، ام المومنین نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم میرے گھر میں ظہر کے فرض سے پہلے چار رکعت سنت ادا فرماتے تھے، پھر باہر تشریف لے جاکر لوگوں کو ظہر کی فرض نماز پڑھاتے، پھر گھر میں تشریف لاکر دو رکعت سنت ادا فرماتے تھے، اور مغرب کی فرض نماز پڑھاکر گھر میں تشریف لاتے اور دو رکعت سنت

MARKAZUL-ULOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

رَكَعَ وَسَجَدَ وَهُوَ قَائِمٌ وَكَانَ إِذَا قَرَأَ قَاعِدًا رَكَعَ وَسَجَدَ وَهُوَ قَاعِدٌ وَكَانَ إِذَا طَلَعَ الْفَجْرُ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَزَادَ أَبُو دَاوُدَ ثُمَّ يَخْرُجُ فَيُصَلِّي بِالنَّاسِ صَلَاةَ الْفَجْرِ وَفِي رِوَايَةِ التِّرْمِذِيِّ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي جَالِسًا فَيَقْرَأُ وَهُوَ جَالِسٌ فَإِذَا بَقِيَ مِنْ قِرَاءَتِهِ قَدْرُ مَا يَكُونُ ثَلَاثِيْنَ أَوْ أَرْبَعِيْنَ آيَةً قَامَ فَقَرَأَ وَهُوَ قَائِمٌ ثُمَّ رَكَعَ وَسَجَدَ ثُمَّ صَنَعَ فِي الرَّكْعَةِ الثَّانِيَةِ مِثْلَ ذٰلِكَ ۔

ادا فرماتے، پھر عشاء کے فرض پڑھا کر گھر میں تشریف لاتے اور دو رکعت سنّت ادا فرماتے، اور ان کے علاوہ رات میں نو رکعت نماز ادا فرماتے تھے جن میں (۶ رکعات تہجد کے ہوتے اور ۳ رکعت) وتر کے، ہوتے (تہجد کی یہ تعداد رکعات اس روایت کے لحاظ سے ہے اور روایتوں میں جو مختلف تعداد رکعات کا ذکر ہے اس کی تفصیل اپنے مقام پر آئے گی) اور کبھی کسی رات میں (طویل قرأت کے ساتھ) تہجد کے لیے کھڑے ہوئے دیر تک ادا فرماتے اور کبھی کسی رات میں دیر تک بیٹھے ہوئے بھی تہجد ادا فرماتے تھے اور جب قیام کی حالت میں قرأت فرماتے تو قیام ہی سے جاکر رکوع اور سجدہ ادا فرماتے تھے اور جب بیٹھے ہوئے قرأت فرماتے تو بیٹھنے ہی کی حالت سے رکوع اور سجدہ میں جاتے تھے، اور جب صبح کی نماز کا وقت ہوتا تو (گھر میں) دو رکعت سنت پڑھتے۔ اس کی روایت مسلم نے کی ہے، اور ابو داؤد نے یہ اضافہ کیا ہے کہ پھر گھر سے نکلتے تھے اور لوگوں کو فجر کے فرض پڑھاتے، اور ترمذی کی روایت میں ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم کبھی بیٹھ کر تہجد پڑھتے تو بیٹھ کر ہی قرأت کرتے اور جب سورۃ کی تقریباً (۳۰ یا ۴۰) آیتوں کی قرأت باقی رہ جاتی تو آپ کھڑے ہو جاتے اور کھڑے کھڑے بقیہ آیات پڑھ کر (قیام سے ہی) رکوع کو جاتے اور سجدہ فرماتے پھر دوسری رکعت میں بھی اسی طرح کیا کرتے تھے۔

ف:۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عصر سے پہلے اور عشاء سے پہلے کی سنتیں سنت مؤکدہ نہیں ہیں لیکن ان کے پڑھنے میں بڑا ثواب ہے، چنانچہ عصر کے پہلے کی چار رکعت سنتوں کے پڑھنے والے کے بارے میں یہ مذکور ہے کہ ان کو پابندی سے پڑھنے والے کا خاتمہ بالخیر ہوگا ان کی اور فضیلتیں آگے آرہی ہیں ۔ ۱۲

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

ف :۔ اس حدیث میں مذکور ہے کہ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم سنتیں گھر میں ادا فرمایا کرتے تھے، در مختار میں لکھا ہے کہ تراویح تو مسجد ہی میں ادا کرنا چاہیئے، اور اسی طرح معتکف کو بھی سنتیں مسجد ہی میں ادا کرنا چاہیئے۔ البتہ تراویح کے سوا جملہ سنتوں کے بارے میں افضل یہ ہے کہ گھر میں ادا کی جائیں، ہاں اگر گھر میں مشغولیت کی وجہ سنتوں کا ادا کرنا دشوار ہے تو سنتوں کو مسجد میں ادا کرنا چاہیئے، اور صحیح ترین قول یہ ہے کہ خواہ مسجد میں ہو یا گھر میں جہاں کہیں زیادہ خشوع اور زیادہ اخلاص پیدا ہو وہیں سنتوں کو ادا کرنا چاہیئے۔

ملا علی قاری رحمۃ اللہ مرقات میں فرماتے ہیں کہ ابن الملک نے کہا ہے کہ اس حدیث سے سنتوں کا گھر میں ادا کرنا مستحب معلوم ہوتا ہے لیکن علماء سے یہ بھی نقل کیا گیا ہے کہ ہمارے زمانہ میں سنن مؤکدہ کی ادائی مسجدوں میں ہونی چاہیئے، تاکہ لوگوں کو اس کا علم ہو، اور انہیں عمل کرنے کی ترغیب ہو سکے۔ ۱۲۔

۱۵۳۶ / ۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِدْبَارَ النُّجُوْمِ الرَّكْعَتَانِ قَبْلَ الْفَجْرِ وَاَدْبَارُ السُّجُوْدِ الرَّكْعَتَانِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ "اِدْبَارَ النُّجُوْم"، سے مراد یہ ہے کہ فجر کے فرض سے پہلے دو رکعت سنت پڑھا کرو اور "اَدْبَارَ السُّجُوْد"، سے مراد یہ ہے کہ مغرب کے فرض کے بعد دو رکعت سنت پڑھا کرو۔

(ترمذی)

۱۵۳۷ / ۴ وَعَنْ اُمِّ حَبِيْبَةَ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ حَافَظَ عَلٰى اَرْبَعِ رَكَعَاتٍ قَبْلَ الظُّهْرِ وَاَرْبَعٍ بَعْدَهَا حَرَّمَهُ اللّٰهُ عَلَى النَّارِ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

ام المؤمنین، حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے فرماتی ہیں کہ میں نے خود رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو شخص ظہر کے فرض سے پہلے چار رکعتوں کو (جو سنت مؤکدہ ہیں ایک سلام سے) پڑھے اور فرض کے بعد چار رکعتوں کو پڑھے[لہ] ان آٹھوں رکعتوں کو جو پابندی سے پڑھا کرے تو اللہ تعالیٰ جہنم کی آگ اس پر حرام کر دیں گے۔ (امام احمد، ترمذی، ابو داؤد، نسائی اور ابن ماجہ)

۱۵۳۸ / ۵ وَعَنْ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَرْبَعٌ

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ

لہ جن میں سے دو سنت مؤکدہ ہیں اور دو سنت غیر مؤکدہ یعنی مستحب ہیں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-ISLAMIA ACADEMY

قَبْلَ الظُّهْرِ بَعْدَ الزَّوَالِ تُحْسَبُ بِمِثْلِهِنَّ فِي صَلٰوةِ السَّحَرِ وَمَا مِنْ شَيْءٍ إِلَّا وَهُوَ يُسَبِّحُ اللّٰهَ تِلْكَ السَّاعَةَ ثُمَّ قَرَأَ يَتَفَيَّؤُا ظِلٰلُهٗ عَنِ الْيَمِيْنِ وَالشَّمَائِلِ سُجَّدًا لِلّٰهِ وَهُمْ دٰخِرُوْنَ ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيْمَانِ)

واٰلہ وسلم کو ارشاد فرماتے سنا ہے کہ آفتاب ڈھل جانے کے بعد ظہر کے فرض سے پہلے جو چار رکعتیں سنت پڑھی جاتی ہیں ان کا ثواب نماز تہجد کے ثواب کے برابر ہے اور اس سے وقت یعنے زوال کے بعد ہر چیز اللہ تعالٰے کی تسبیح بیان کرتی ہے، پھر حضور علیہ الصلوٰۃ والسّلام نے (سورۂ نحل آیت ۴۸/۵) کی یہ آیت تلاوت فرمائی۔ یَتَفَيَّؤُا ظِلٰلُهٗ عَنِ الْيَمِيْنِ وَالشَّمَائِلِ سُجَّدًا لِلّٰهِ وَهُمْ دٰخِرُوْنَ اس کی پرچھائیاں دائیں اور بائیں جھکتی ہیں اللہ کو سجدہ کرتی اور وہ اس کے حضور ذلیل ہیں۔ (کنز الایمان) ترمذی، اور بیہقی نے بھی اس کی روایت شعب الایمان میں کی ہے۔

۱۵۳۹ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ السَّائِبِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ أَرْبَعًا بَعْدَ أَنْ تَزُوْلَ الشَّمْسُ قَبْلَ الظُّهْرِ وَقَالَ إِنَّهَا سَاعَةٌ تُفْتَحُ فِيْهَا أَبْوَابُ السَّمَاءِ فَأُحِبُّ أَنْ يَّصْعَدَ لِيْ فِيْهَا عَمَلٌ صَالِحٌ ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت عبد اللہ بن سائب رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہ وسلم زوال آفتاب کے بعد ظہر کے فرض سے پہلے چار رکعت سنّت ادا فرماتے اور یہ ارشاد فرماتے تھے کہ یہ ایک وقت ہے جس میں آسمان کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں، اس لیے میں چاہتا ہوں کہ اس وقت کوئی نہ کوئی نیک عمل کروں (چونکہ نماز افضل اعمال صالحہ ہے اس لیے یہ چار رکعت سنت پڑھتا ہوں) تاکہ یہ آسمان کے دروازوں سے گزر کر اللہ تعالٰے کے سامنے پیش ہو جائیں۔ (ترمذی)

۱۵۴۰ وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَا يَدَعُ أَرْبَعًا قَبْلَ الظُّهْرِ وَرَكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْغَدَاةِ ۔

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالٰی عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہ وسلم فرض ظہر سے پہلے چار رکعتیں اور فرض فجر سے پہلے دو رکعتیں (ہمیشہ پڑھتے تھے اور) انھیں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

(رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

کبھی نہ چھوڑتے تھے۔
(بخاری)

۱۵۴۱ / ۸ وَعَنْ اَبِیْ اَیُّوْبَ الْاَنْصَارِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَرْبَعٌ قَبْلَ الظُّہْرِ لَیْسَ فِیْہِنَّ تَسْلِیْمٌ تُفْتَحُ لَہُنَّ اَبْوَابُ السَّمَاءِ۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ وَابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے، آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ظہر کے فرض سے پہلے کی چار رکعت سنتوں کے لیے جن کے درمیان میں سلام نہیں ہے، آسمان کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں۔
(ابوداؤد اور ابن ماجہ)

۱۵۴۲ / ۹ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَرْکَعُ قَبْلَ الْجُمُعَۃِ اَرْبَعًا لَا یَفْصِلُ فِیْ شَیْءٍ مِّنْہُنَّ۔

(رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ وَالطَّبْرَانِیُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نماز جمعہ کے پہلے چار رکعت سنت ادا فرماتے تھے اور ان چار رکعتوں کے درمیان سلام نہیں پھیرتے تھے۔ (بلکہ ان چاروں رکعتوں کو ایک ہی سلام سے ادا فرمایا کرتے تھے
(ابن ماجہ اور طبرانی)

۱۵۴۳ / ۱۰ وَعَنْ اَبِیْ ہُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا صَلَّیْتُمْ بَعْدَ الْجُمُعَۃِ فَصَلُّوْا اَرْبَعًا رَوَاہُ مُسْلِمٌ وَفِیْ اُخْرٰی لَہٗ قَالَ اِذَا صَلّٰی اَحَدُکُمُ الْجُمُعَۃَ فَلْیُصَلِّ بَعْدَہَا اَرْبَعًا وَرَوَی ابْنُ مَاجَۃَ وَالتِّرْمِذِیُّ نَحْوَہٗ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب تم جمعہ کے فرض کے بعد سنت پڑھوگے تو چار رکعت (سنت مؤکدہ ایک سلام سے) پڑھو اس کی روایت مسلم نے کی ہے اور مسلم کی دوسری روایت میں اس طرح ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ جب تم جمعہ کے فرض پڑھ لو تو اس کے بعد اس میں چار رکعت (سنت ایک سلام سے) پڑھ لیا کرو (اور یہ سنت مؤکدہ ہیں
(ابن ماجہ اور ترمذی)

ف: واضح ہو کہ امام ابوحنیفہ اور امام محمد رحمہما اللہ ان حدیثوں سے استدلال کرکے فرماتے ہیں کہ جمعہ کے فرض کے بعد صرف چار رکعت سنت مؤکدہ ایک سلام سے ہیں، اور امام ابو یوسف رحمۃ اللہ آگے آنے والی حدیثوں سے استدلال کرکے فرماتے ہیں کہ جمعہ کے فرض کے بعد (۶) رکعت سنت مؤکدہ اس

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

طرح ہیں کہ پہلے چار رکعت سنت مؤکدہ ایک سلام سے پڑھے پھر دو رکعت سنت مؤکدہ ایک سلام سے اور امام ابو یوسف رحمۃ اللہ کے قول پر عمل درآمد ہے۔ (ملتقی، مرقات) ۱۲

۱۵۲۴ وَعَنْ اَبِیْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ عَلَّمَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ النَّاسَ اَنْ يُّصَلُّوْا بَعْدَ الْجُمُعَةِ اَرْبَعًا فَلَمَّا جَآءَ عَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ عَلَّمَهُمْ اَنْ يُّصَلُّوْا سِتًّا۔

(رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ وَسَعِيْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ)

حضرت ابو عبد الرحمٰن رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے لوگوں کو تعلیم دی تھی کہ وہ جمعہ کے فرض کے بعد چار رکعت سنت (مؤکدہ ایک سلام سے) پڑھا کریں، اور جب حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ، تشریف لائے تو آپ نے لوگوں کو تعلیم دی کہ جمعہ کے فرض کے بعد ۶ رکعت سنت (مؤکدہ) پڑھا کریں (ابو عبد الرحمٰن کہتے ہیں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا یہ ارشاد ہم کو بہت اچھا معلوم ہوا اور ہم اسی پر عمل کرنا شروع کر دیئے) اس کی روایت امام طحاوی اور سعید بن منصور نے کی ہے۔

۱۵۲۵ وَعَنْ عَلِيٍّ اَنَّهٗ قَالَ مَنْ كَانَ مُصَلِّيًا بَعْدَ الْجُمُعَةِ فَلْيُصَلِّ سِتًّا رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ وَرَوٰى اَبُوْ دَاوٗدَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ نَحْوَهٗ وَفِيْ رِوَايَةِ التِّرْمِذِيِّ قَالَ رَاَيْتُ ابْنَ عُمَرَ صَلّٰى بَعْدَ الْجُمُعَةِ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ صَلّٰى بَعْدَ ذٰلِكَ اَرْبَعًا قَالَ الطَّحَاوِيُّ قَالَ اَبُوْ يُوْسُفَ اَحَبُّ اِلَيَّ اَنْ يَّبْدَاَ بِالْاَرْبَعِ ثُمَّ يُثَنِّيَ بِالرَّكْعَتَيْنِ لِاَنَّهٗ هُوَ اَبْعَدُ مِنْ اَنْ يَّكُوْنَ قَدْ صَلّٰى بَعْدَ الْجُمُعَةِ مِثْلَهَا عَلٰى مَا قَدْ نُهِيَ عَنْهُ فَاِنَّ عُمَرَ كَانَ يَكْرَهُ اَنْ يُّصَلِّيَ بَعْدَ صَلٰوةِ الْجُمُعَةِ مِثْلَهَا اِنْتَهٰى وَقَالَ عَلِيُّ نِ الْقَارِيُّ اَنَّ تَقْدِيْمَ الْاَرْبَعِ اَوْلٰى وَذٰلِكَ لِاَنَّ الْاَرْبَعَ سُنَّةٌ بِلَا خِلَافٍ فِي الْمَذْهَبِ اِنْتَهٰى۔

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، آپ نے فرمایا کہ جمعہ کے فرض کے بعد ۶ رکعت سنت (مؤکدہ اس طرح) پڑھا کرو (کہ ۴ رکعت ایک سلام سے پھر دو رکعت ایک سلام سے) اس کی روایت امام طحاوی نے کی ہے۔ اور ابو داؤد نے بھی ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے اسی طرح روایت کی ہے، ابو داؤد اور ترمذی کی ایک اور روایت میں ایسا ہی منقول ہے کہ عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے جمعہ کے فرض کے بعد دو رکعت پڑھ کر پھر چار رکعت سنتیں ادا فرمائیں، مرقات میں لکھا ہے کہ یہ دو رکعت جمعہ کی سنتیں نہیں تھیں، بلکہ جمعہ کے فرض اور اس کی سنتوں کے درمیان بجائے کلام کرنے کے بطور نفل یہ دو رکعت آپ نے ادا فرمائے ہیں، یہ عمل حضرت ابن عمر سے خاص ہے جس پر عمل درآمد نہیں اس کے بعد حضرت ابن عمر سے چار رکعت سنت کا پڑھنا مروی ہے۔ مرقات میں یہ بھی لکھا ہے کہ یہاں اس بات کا بھی احتمال ہے کہ چار رکعت

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

سنت کے بعد حضرت ابن عمر نے اور دو رکعت سنت بھی پڑھے ہوں مگر راوی نے اس کا اس لیے ذکر نہیں کیا کہ حضرت ابن عمر سے جو ایک نئی کیفیت یعنی چار رکعت سنتوں سے پہلے دو رکعت کا پڑھنا منقول ہے اس کو بتایا جائے اور چار رکعت سنت کے بعد پھر دو رکعت سنت کا ادا کرنا چونکہ مشہور تھا اس لیے راوی نے اس کا ذکر نہیں کیا۔ ۱۲۔

۱۵۴۶/۱۳ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ قَالَ اِنَّ نَافِعَ بْنَ جُبَيْرٍ اَرْسَلَهٗ اِلَى السَّائِبِ يَسْاَلُهٗ عَنْ شَيْءٍ رَاٰهُ مِنْهُ مُعَاوِيَةُ فِي الصَّلٰوةِ فَقَالَ نَعَمْ صَلَّيْتُ مَعَهُ الْجُمُعَةَ فِيْ مَقْصُوْرَةٍ فَلَمَّا سَلَّمَ الْاِمَامُ قُمْتُ فِيْ مَقَامِيْ فَصَلَّيْتُ فَلَمَّا دَخَلَ اَرْسَلَ اِلَيَّ فَقَالَ لَا تَعُدْ لِمَا فَعَلْتَ اِذَا صَلَّيْتَ الْجُمُعَةَ فَلَا تَصِلْهَا بِصَلٰوةٍ حَتّٰى تَكَلَّمَ اَوْ تَخْرُجَ فَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَنَا بِذٰلِكَ اَنْ لَّا نُوْصِلَ بِصَلٰوةٍ حَتّٰى نَتَكَلَّمَ اَوْ نَخْرُجَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَفِيْ رِوَايَةِ اَبِيْ دَاوٗدَ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ كَانَ ابْنُ عُمَرَ اِذَا صَلَّى الْجُمُعَةَ بِمَكَّةَ تَقَدَّمَ فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ يَتَقَدَّمُ فَيُصَلِّيْ اَرْبَعًا۔

حضرت سائب بن یزید بن اخت نمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، انہوں نے کہا کہ میں نے حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ جمعہ کی نماز ان کے مقام حفاظت میں پڑھی اور امام کے سلام پھیرنے کے بعد (فرض اور سنت کے درمیان فصل کئے بغیر) اسی جگہ کھڑے ہو کر سنتیں پڑھیں جہاں میں نے جمعہ کی فرض نماز ادا کی تھی، تو حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مجھے اندر بلا کر فرمایا کہ دوبارہ ایسا نہ کرنا، جب جمعہ کی نماز پڑھ چکو تو اس کے ساتھ دوسری نماز کو نہ ملانا (فرض وسنت کے درمیان فصل کرنا چاہیے) یہ فصل کلام کر کے ہی کیوں نہ ہو (اگرچہ کہ فرض وسنت کے درمیان کلام کرنا مکروہ تنزیہی ہے) فرض وسنت کے درمیان بہتر فصل یہ ہے کہ جگہ بدل دی جائے، کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں ایسا ہی حکم دیا تھا۔ اس کی روایت مسلم نے کی ہے۔

۱۵۴۷/۱۴ وَعَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ قَالَ اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتٰى مَسْجِدَ بَنِيْ عَبْدِ الْاَشْهَلِ فَصَلّٰى فِيْهِ الْمَغْرِبَ فَلَمَّا قَضَوْا صَلٰوتَهُمْ رَاٰهُمْ يُسَبِّحُوْنَ بَعْدَهَا فَقَالَ هٰذِهٖ صَلٰوةُ الْبُيُوْتِ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَفِيْ رِوَايَةِ التِّرْمِذِيِّ وَالنَّسَائِيِّ قَامَ النَّاسُ يَتَنَفَّلُوْنَ

حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم (ایک دفعہ) بنی عبد الاشہل کی مسجد میں تشریف فرما ہوئے (ایسے میں مغرب کا وقت ہو گیا) حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے (سب کو) اسی مسجد میں نماز مغرب پڑھائی جب لوگ مغرب کے فرض سے فارغ ہوئے تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کیا دیکھتے ہیں کہ لوگ مسجد

MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْكُمْ بِهٰذِهِ الصَّلٰوةِ فِي الْبُيُوْتِ ۔

ہی میں سنتیں ادا کر رہے ہیں (اس پر) حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ سنتیں ایسی نمازیں ہیں کہ ان کو گھروں میں پڑھنا چاہیئے۔ اس کی روایت ابوداؤد نے کی ہے۔ ترمذی اور نسائی نے بھی اسی طرح روایت کی ہے۔

ف: ان حدیثوں سے استدلال کرتے ہوئے درمختار اور مرقات میں لکھا ہے کہ بجز تراویح کے اور معتکف کی سنتوں کے تمام سنتیں اور نوافل کے بارے میں افضل یہ ہے کہ گھر میں ادا کی جائیں اور بعض آیتوں اور حدیثوں سے یہ بھی ثابت ہے کہ نماز میں خشوع وخضوع ہونا چاہیئے۔ اگر گھر میں خشوع وخضوع نہ ہوتا ہو جیسے اس زمانہ میں مشاہدہ ہے تو خشوع کی آیتوں اور حدیثوں پر عمل کرتے ہوئے مسجدوں ہی میں سنتوں کا ادا کرنا افضل ہے۔ ۱۲

۱۵۲۸ / ۱۵ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَحِمَ اللّٰهُ امْرَءًا صَلّٰى قَبْلَ الْعَصْرِ اَرْبَعًا ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاؤدَ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ اس بندہ پر اپنی رحمت نازل فرماتے ہیں جو عصر کے فرض سے پہلے چار رکعت پڑھا کرتا ہے (یہ چار رکعت اگرچہ کہ سنت غیرمؤکدہ ہیں، مگر یہ بڑی فضیلت کی نماز ہے)، اس کی روایت امام احمد، ترمذی اور ابوداؤد نے کی ہے۔

۱۵۲۹ / ۱۶ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ قَبْلَ الْعَصْرِ اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ يَفْصِلُ بَيْنَهُنَّ بِالتَّسْلِيْمِ عَلَى الْمَلٰئِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ وَمَنْ تَبِعَهُمْ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُؤْمِنِيْنَ ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم عصر کے فرض سے پہلے چار رکعتیں (ایک سلام سے) پڑھا کرتے تھے اور ان کے درمیان دو رکعت کے بعد قعدہ کرتے تھے اور قعدہ میں التحیات پڑھتے جس میں مقربین فرشتوں اور ان کے متبع صالحین مسلمین اور مومنین پر سلام مذکور ہے، اس کی روایت ترمذی نے کی ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

١٥٥٠/١٧ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ قَبْلَ الْعَصْرِ رَكْعَتَيْنِ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم نے عصر کے فرض سے پہلے (کبھی کبھی) دو رکعتیں بھی پڑھی ہیں [1] اس کی روایت ابو داؤد نے کی ہے۔

١٥٥١/١٨ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اِنَّمَا صَلَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعَصْرِ لِاَنَّهٗ اَتَاهُ مَالٌ فَشَغَلَهٗ عَنِ الرَّكْعَتَيْنِ بَعْدَ الظُّهْرِ فَصَلَّاهُمَا بَعْدَ الْعَصْرِ ثُمَّ لَمْ يَعُدْ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِلدَّارِ قُطْنِيْ وَلَمْ اَرَهٗ عَادَلَهُمَا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں (ایک دن کا واقعہ ہے کہ) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم نے عصر کے فرض کے بعد دو رکعت ادا فرمائیں، ان دو رکعتوں کے متعلق تحقیق یہ ہے کہ (اس روز) کچھ مال آگیا تھا۔ (اور اس کو تقسیم کرنا ضروری تھا اس لیے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم نے ظہر کے فرض کے بعد تقسیم شروع فرمائی تقسیم میں اتنی دیر ہو گئی کہ) ظہر کے بعد کی دو سنتیں آپ ادا نہ کر سکے (یہاں تک کہ عصر کا وقت آگیا عصر کی جماعت تیار تھی اس لیے آپ نے عصر کے فرض پڑھا دیئے) اور ظہر کے بعد کی جو دو سنتیں رہ گئیں تھیں۔ ان کو آپ نے عصر کے فرض کے بعد ادا فرمایا [2] اسی واسطے دار قطنی نے روایت کی ہے کہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ پھر کبھی میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم کو دو رکعت عصر کے فرض کے بعد ادا فرماتے نہیں دیکھا، صدر کی اس حدیث کی روایت ترمذی نے کی ہے۔

١٥٥٢/١٩ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِنِ الْخُدْرِيِّ اَنَّهٗ قَالَ اَمَرَنِيْ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ اَنْ اَضْرِبَ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت عمر ابن

---

[1] مگر عام طور پر چار رکعت ہی ایک سلام سے پڑھا کرتے تھے، اس لیے عصر کے فرض سے پہلے چار رکعت پڑھنا مستحب ہے۔

[2] پھر اس دن کے سوا عصر کے فرض کے بعد نہ تو یہ سنت ادا فرمائی اور نہ کوئی اور سنت، اس سے معلوم ہوا کہ آپ نے سنت کی کبھی قضاء نہیں فرمائی ہے، اور نہ عصر کے بعد کوئی نفل نماز پڑھی ہے اور یہ جو دو رکعت سنت عصر کے فرض کے بعد آپ نے ادا فرمائے ہیں یہ آپ کا خاصہ تھا، اس لیے کوئی اور عصر کے بعد سنت یا نفل نماز نہیں ادا کر سکتا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

مَنْ كَانَ يُصَلِّي بَعْدَ الْعَصْرِ الرَّكْعَتَيْنِ بِالدِّرَّةِ رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ وَرَوَى مُسْلِمٌ وَمَالِكٌ نَحْوَهُ ۔

خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نے یہ حکم دے رکھا تھا کہ جو بھی عصر کے فرض کے بعد دو رکعت نفل پڑھا کرے اس کو درّے مارا کروں[1]، اس کی روایت امام طحاوی نے کی ہے اور امام مسلم اور امام مالک نے بھی اسی طرح روایت کی ہے۔

۱۵۵۳ (۲۰) وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ سَأَلْنَا نِسَاءَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ رَأَيْتُنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي الرَّكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْمَغْرِبِ فَقُلْنَ لَا غَيْرَ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ صَلَّاهَا عِنْدِي مَرَّةً فَسَأَلْتُهُ مَا هٰذِهِ الصَّلَاةُ فَقَالَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَسِيتُ الرَّكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْعَصْرِ فَصَلَّيْتُهُمَا الْآنَ رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَإِسْنَادُهُ حَسَنٌ ۔

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی ازواج مطہرات رضی اللہ تعالیٰ عنہن سے دریافت کیا کہ کیا آپ میں سے کسی نے (مغرب کی اذان کے بعد اس کے) فرض سے پہلے (کبھی) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو دو رکعت نماز ادا فرماتے ہوئے دیکھا ہے؟ تو ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے سوا سب امہات المومنین نے متفقہ طور پر جواب دیا کہ ہم نے کبھی نہیں دیکھا ہے۔ ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے صرف ایک دفعہ میرے پاس (مغرب کے فرض سے پہلے) دو رکعتیں پڑھی ہیں، میں نے اسی وقت حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے دریافت کیا کہ یہ کونسی نماز ہے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ آج میں عصر کے فرض سے پہلے کی دو رکعتوں کو پڑھنا بھول گیا تھا، انہیں دو رکعتوں کو میں نے اس وقت ادا کیا ہے۔ اس کی روایت طبرانی نے کی ہے اور اس کی سند حسن ہے۔

۱۵۵۴ (۲۱) وَعَنْ حَبَّانَ بْنِ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

حبان بن عبید اللہ بن بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ

[1] اس سے معلوم ہوا کہ نماز عصر کے بعد اگر نفل کا پڑھنا جائز ہوتا تو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، اس طرح کا سخت حکم نہ فرماتے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ILOOMIL ISLAMIA ACADEMY

وَسَلَّمَ قَالَ بَيْنَ كُلِّ اَذَانَيْنِ صَلٰوةٌ اِلَّا الْمَغْرِبَ ۔

(رَوَاهُ الْبَزَّارُ وَاِسْنَادُهٗ حَسَنٌ)

تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے "بَيْنَ كُلِّ اَذَانَيْنِ صَلٰوةٌ اِلَّا الْمَغْرِبَ"، یعنی ہر نماز کی اذان اور اس کی اقامت کے درمیان نماز ہے مگر مغرب کی اذان اور اس کی اقامت کے درمیان کوئی نماز نہیں ہے اس کی روایت بزار نے کی ہے اور اس حدیث کی سند حسن ہے۔

۱۵۵۵/۲۲ وَعَنْ طَاؤُسٍ قَالَ سُئِلَ ابْنُ عُمَرَ عَنِ الرَّكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْمَغْرِبِ فَقَالَ مَا رَاَيْتُ اَحَدًا عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْهِمَا وَسَاقَ الْحَدِيْثَ ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت طاؤس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے دریافت کیا گیا کہ کیا (حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں) مغرب کے فرض سے پہلے دو رکعتیں پڑھی جاتی تھیں؟ تو ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے جواب دیا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں کسی کو مغرب کے فرض سے پہلے دو رکعتیں پڑھتے ہوئے نہیں دیکھا (ابوداؤد)

۱۵۵۶/۲۳ وَعَنْ حَمَّادٍ قَالَ سَاَلْتُ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الصَّلٰوةِ قَبْلَ الْمَغْرِبِ فَنَهَانِيْ عَنْهَا وَقَالَ اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ لَمْ يُصَلُّوْهَا رَوَاهُ مُحَمَّدٌ فِي الْاٰثَارِ وَرِجَالُهٗ ثِقَاتٌ مَعَ اِرْسَالِهٖ ۔

حضرت حماد رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے ابراہیم نخعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے دریافت کیا کہ مغرب کے فرض سے پہلے کیا کوئی نماز پڑھنی چاہیئے؟ تو حضرت ابراہیم نخعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مجھے مغرب کے فرض سے پہلے نماز پڑھنے سے منع فرمایا اور کہا (کہ میں تم کو اس لیے منع کر رہا ہوں) نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہما مغرب کے فرض سے پہلے (کبھی) کوئی نماز نہیں پڑھا کرتے تھے، اس کی روایت امام محمد نے الآثار میں کی ہے، اس حدیث کے سب راوی ثقہ ہیں۔

۱۵۵۷/۲۴ وَعَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ مَا صَلّٰى اَبُوْبَكْرٍ وَلَا عُمَرُ وَلَا عُثْمَانُ الرَّكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْمَغْرِبِ ۔

حضرت منصور رضی اللہ تعالیٰ عنہ، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں، (انہوں نے کہا کہ حضرت ابوبکر صدیق، حضرت عمر فاروق، حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

(رَوَاہُ عَبْدُ الرَّزَّاقِ وَمُسَدَّدٌ)

عنہم میں سے کسی نے بھی کبھی مغرب کے فرض سے پہلے دو رکعت نہیں پڑھے ہیں۔

(عبدالرزاق اور مُسدد)

۱۵۵۸/۲۵ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰی بَعْدَ الْمَغْرِبِ سِتَّ رَکْعَاتٍ لَمْ یَتَکَلَّمْ فِیْمَا بَیْنَھُنَّ بِسُوْءٍ عُدِلْنَ لَہٗ بِعِبَادَۃِ ثِنْتَیْ عَشَرَۃَ سَنَۃً رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ ھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ لَا نَعْرِفُہٗ اِلَّا مِنْ حَدِیْثِ عُمَرَ ابْنِ اَبِیْ خَثْعَمٍ وَسَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ اِسْمَاعِیْلَ یَقُوْلُ ھُوَ مُنْکَرُ الْحَدِیْثِ وَضَعَّفَہٗ جِدًّا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص مغرب کے فرض کے بعد چھ رکعتیں پڑھے اور ان چھ رکعتوں کو اس طرح پڑھے کہ ان کے درمیان کوئی ایسی بات نہ کہے جس سے کسی کا دل دکھے یا اس سے اللہ تعالےٰ ناراض ہوں تو اس کی ان چھ رکعتوں کے اس طرح پڑھنے سے بارہ سال کی عبادت کا ثواب دیا جائے گا۔

(ترمذی)

۱۵۵۹/۲۶ وَعَنْ عَآئِشَۃَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰی بَعْدَ الْمَغْرِبِ عِشْرِیْنَ رَکْعَۃً بَنَی اللّٰہُ لَہٗ بَیْتًا فِی الْجَنَّۃِ۔

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص مغرب کے فرض کے بعد بیس رکعت (صلاۃ اوّابین اس طرح پڑھا کرے (کہ دو رکعت سنت مؤکدہ ۲۰) میں داخل رہیں) تو اس کے صلہ میں) اللہ تعالیٰ اس کے لیے جنت میں ایک (عالی شان) محل تیار کرتے ہیں (جس میں طرح طرح کی نعمتیں ہوں گی) اس کی روایت ترمذی نے کی ہے۔

۱۵۶۰/۲۷ وَعَنْ مَکْحُوْلٍ یَبْلُغُ بِہٖ اَنَّ رَسُوْلَ

حضرت مکحول رضی اللہ تعالیٰ عنہ، ایک صحابی کے

لہ ان کو صلاۃ اوّابین کہتے ہیں، در مختار اور مرقات میں لکھا ہے کہ مغرب کے بعد کی دو رکعت سنت مؤکدہ ان چھ رکعتوں میں داخل ہیں، پہلے دو رکعت سنت کو ایک سلام سے پڑھے اور بعد کے چار رکعت میں اختیار ہے خواہ ایک سلام سے پڑھے یا دو سلام سے، صلوۃ اوّابین کو پڑھنے کا یہ ایک طریقہ ہے، تلقی میں لکھا ہے کہ مغرب کے فرض کے بعد دو رکعت سنت مؤکدہ پڑھ کر اس کے بعد چھ رکعتیں صلاۃ اوّابین ادا کرے، رد المحتار میں مذکور ہے کہ ان چھ رکعتوں کو تین سلام سے ادا کرے تاکہ یہ پوری چھ رکعتیں ایک نہج پر ادا ہو سکیں صلاۃ اوّابین کو ادا کرنے کا یہ دوسرا طریقہ ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZUL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ صَلّٰی بَعْدَ الْمَغْرِبِ قَبْلَ اَنْ یَّتَکَلَّمَ رَکْعَتَیْنِ وَفِیْ رِوَایَۃٍ اَرْبَعَ رَکَعَاتٍ رُفِعَتْ صَلٰوتُہٗ فِیْ عِلِّیِّیْنَ مُرْسَلًا وَعَنْ حُذَیْفَۃَ نَحْوَہٗ وَزَادَ فَکَانَ یَقُوْلُ عَجِّلُوا الرَّکْعَتَیْنِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ فَاِنَّہُمَا تُرْفَعَانِ مَعَ الْمَکْتُوْبَۃِ رَوَاھُمَا رَزِیْنٌ وَرَوَی الْبَیْھَقِیُّ الزِّیَادَۃَ عَنْہُ نَحْوَھَا فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ۔

واسطہ سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص مغرب کے فرض کے بعد بات کرنے سے پہلے دو رکعت نماز پڑھا کرتا ہے (جو سنت مؤکدہ ہیں) اور دوسری روایت میں ہے کہ اس کی یہ نماز اللہ تعالیٰ قبول فرما کر اعلیٰ علیین میں رکھتے ہیں، اور حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بھی اسی طرح مروی ہے اور اس میں یہ اضافہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرمایا کرتے تھے کہ مغرب کے فرض کے بعد دو رکعت (سنت مؤکدہ) ادا کرنے میں جلدی کیا کرو، اس لیے یہ دو رکعتیں یعنی فرض کے ساتھ اٹھائی جاتی ہیں، ان دونوں حدیثوں کی روایت رزین نے کی ہے، اور بیہقی نے بھی صرف اضافہ کو حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اسی طرح شعب الایمان میں روایت کیا ہے۔

۱۵۶۱ ۲۸ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُطِیْلُ الْقِرَاءَۃَ فِی الرَّکْعَتَیْنِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ حَتّٰی یَتَفَرَّقَ اَھْلُ الْمَسْجِدِ۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗد)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم مغرب کے فرض کے بعد (کبھی) سنت مؤکدہ (مسجد میں) پڑھیں اور آپ کی اتباع میں) سب صحابہ نے بھی (مسجد میں) سنتیں ادا کیں، اس سنت میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اس قدر قرأت طویل فرمائی کہ مسجد کے نمازی اپنی اپنی سنتیں پڑھ کر مسجد سے باہر چلے گئے۔ (ابو داؤد)

۱۵۶۲ ۲۹ وَعَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ مَا صَلّٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الْعِشَاءَ قَطُّ

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ

لہ جس میں دو تو سنت مؤکدہ ہیں اور بقیہ صلاۃ اوابین کی کم سے کم تعداد رکعات ہے۔

سہ بیان جواز کے لیے یعنی یہ بتلانے کے لیے کہ سنتیں مسجد میں بھی پڑھی جاسکتی ہیں اور سنتوں کو طویل قرأت سے بھی پڑھ سکتے ہیں۔

MARKAZ-UL-OLOOM-IL-ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

فَدَخَلَ عَلَيَّ إِلَّا صَلَّى أَرْبَعَ رَكَعَاتٍ أَوْ سِتَّ رَكَعَاتٍ۔

(رَوَاهُ أَبُوْدَاؤد)

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جب کبھی عشاء کے فرض پڑھ کر میرے پاس تشریف لاتے تو دو رکعت (سنت مؤکدہ) پڑھتے اور دو نفل (یہ آپ کا ہمیشہ کا عمل تھا) اور کبھی دو نفل کے بعد آپ اور دو نفل بھی پڑھتے ہیں۔ (ابوداؤد)

۱۵۶۳ وَعَنْهَا رَضِيَ اللهُ عَنْهَا قَالَتْ لَمْ يَكُنِ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى شَيْءٍ مِّنَ النَّوَافِلِ اَشَدَّ تَعَاهُدًا مِّنْهُ عَلَى رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم فجر کی دو سنتوں پر جس قدر زیادہ پابندی فرمایا کرتے تھے کہ اس سے بڑھ کر پابندی سنتوں میں سے کسی سنت پر نہیں فرماتے تھے۔

(بخاری ومسلم)

ف: در مختار میں لکھا ہے کہ تمام ائمہ کا اس بات پر اتفاق ہے کہ تمام سنتوں میں سب سے زیادہ مؤکدہ فجر کی سنتیں ہیں، فجر کی دو سنتوں کے بعد باقی سب سنتوں میں ظہر کی چار سنتیں جو فرض سے پہلے پڑھی جاتی ہیں۔ نہایت مؤکدہ ہیں، اس لیے کہ حدیث شریف میں ارشاد ہے جو شخص ظہر کی ان چار سنتوں کو ترک کرتا ہے وہ میری شفاعت سے محروم ہوگا۔ فجر اور ظہر کی سنتوں کے علاوہ بقیہ تمام سنتیں مؤکدہ ہونے میں برابر ہیں۔ ایک قول یہ بھی ہے کہ فجر کی سنتیں واجب ہیں اس لیے احتیاط یہ ہے کہ بلا عذر فجر کی سنتوں کو بیٹھ کر یا سواری کی حالت میں پڑھنا جائز نہیں۔ ۱۲۔

۱۵۶۴ وَعَنْهَا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكْعَتَا الْفَجْرِ خَيْرٌ مِّنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: فجر کے فرض سے پہلے کی دو رکعت سنتیں دنیا سے اور دنیا میں جو کچھ (مال ودولت اور جاہ وثروت) ہے، ان سب سے کہیں بہتر ہے[1] اس کی روایت مسلم نے کی ہے۔

---

[1] یعنی اگر کوئی انھیں خیرات کرے تو ان کے خیرات کرنے کے ثواب سے دو رکعت سنت فجر پڑھنے کا ثواب زیادہ ہوگا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMI ISLAMIA ACADEMY

بَابُ صَلٰوۃِ اللَّیْلِ — یہ باب رات کی نماز کے بیان میں ہے

اگر نماز عشاء کے بعد کچھ دیر سو کر اُٹھے اور پھر سنتیں و نوافل پڑھے تو یہ تہجد کہلاتی ہے۔ اور سوئے بغیر عشاء کے بعد سے طلوع فجر تک جو سنن اور نوافل پڑھی جاتی ہیں۔ ان کو قیام اللیل کہتے ہیں، علامہ شامی رحمہ اللہ نے ردالمحتار میں حلبیہ کے حوالہ سے لکھا ہے کہ نماز تہجد اُمت کے حق میں سنت ہے اس لیے کہ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اس کو ہمیشہ پابندی کے ساتھ ادا فرمایا ہے، اسی وجہ سے بعض علماء نے فرمایا ہے کہ نماز تہجد سنت مؤکدہ ہے اور درمختار میں لکھا ہے کہ تہجد مستحب نماز ہے مسلمانوں کو مستحب کے لفظ سے دھوکا نہ کھانا چاہیئے اس لیے کہ فرض نمازوں کے بعد رات و دن کی کل نمازوں میں تہجد افضل نماز ہے اور تہجد کا ثواب سب نمازوں سے بڑھ کر ہے ۱۲

(۱) اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

وَمِنَ اللَّیْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ

اور رات کے کچھ حصہ میں تہجد کرو، یہ خاص تمہارے لیے زیادہ ہے۔ (بنی اسرائیل ۱۷/۷۹، ترجمہ کنزالایمان)

۲۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:-

قُمِ اللَّیْلَ اِلَّا قَلِیْلًا ۙ

رات میں قیام فرمائیں، سوا کچھ رات کے۔ (مزمل ۷۳/۲، کنزالایمان)

۳۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

فَاقْرَءُوْا مَا تَیَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ ۔

اب قرآن میں سے جتنا تم پر آسان ہو گا اتنا پڑھو۔ (مزمل ۷۳/۲۰، کنزالایمان)

۱۵۶۵ عَنْ عَآئِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ كَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُصَلِّیْ فِیْمَا بَیْنَ اَنْ یَّفْرُغَ مِنْ صَلٰوةِ الْعِشَآءِ اِلَی الْفَجْرِ اِحْدٰی عَشْرَةَ رَكْعَةً یُصَلِّیْ اَرْبَعًا فَلَا تَسْاَلْ عَنْ حُسْنِهِنَّ وَطُوْلِهِنَّ ثُمَّ یُصَلِّیْ اَرْبَعًا فَلَا تَسْاَلْ عَنْ حُسْنِهِنَّ وَطُوْلِهِنَّ ثُمَّ یُصَلِّیْ ثَلٰثًا فَیَسْجُدُ السَّجْدَةَ مِنْ ذٰلِكَ قَدْرَ مَا یَقْرَءُ اَحَدُكُمْ خَمْسِیْنَ اٰیَةً قَبْلَ اَنْ یَّرْفَعَ رَاْسَهٗ فَاِذَا سَكَتَ الْمُؤَذِّنُ مِنْ صَلٰوةِ الْفَجْرِ وَتَبَیَّنَ لَهٗ

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نماز عشاء سے فارغ ہونے کے بعد سے لے کر صبح صادق طلوع ہونے تک کی درمیانی رات میں گیارہ رکعت نماز ادا فرماتے تھے۔ ان گیارہ رکعت کی تفصیل یہ ہے کہ عشاء کے بعد آپ آرام فرماتے تھے، پھر تہجد کے لیے بیدار ہو کر پہلے چار رکعت ادا فرماتے تھے تم ان کی خوبی اور درازی تو دریافت ہی نہ کرو (کہ وہ کیسی عمدہ اور کس قدر طویل قرأت سے پڑھی جاتی تھیں) پھر اس کے بعد اور چار

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

الْفَجْرُ قَامَ فَرَكَعَ رَكْعَتَيْنِ خَفِيفَتَيْنِ فَإِنْ كُنْتُ مُسْتَيْقِظَةً حَدَّثَنِي وَإِلَّا اضْطَجَعَ عَلَى شِقِّهِ الْأَيْمَنِ حَتَّى يَأْتِيَهُ الْمُؤَذِّنُ لِلْإِقَامَةِ فَيَخْرُجَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِي رِوَايَةٍ لِّلْبُخَارِيِّ ثُمَّ أَوْتَرَ ثُمَّ اضْطَجَعَ حَتَّى جَاءَهُ الْمُؤَذِّنُ فَقَامَ فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ خَرَجَ فَصَلَّى الصُّبْحَ وَفِي رِوَايَةِ أَبِي دَاوُدَ ثُمَّ اضْطَجَعَ حَتَّى يَأْتِيَهُ الْمُؤَذِّنُ فَيُؤْذِنَهُ بِصَلَاةِ الصُّبْحِ فَيُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ خَفِيفَتَيْنِ ثُمَّ يَخْرُجُ إِلَى الصَّلٰوةِ

رکعتیں پڑھتے تھے، ان کی خوبی اور ان کا طول بھی کچھ نہ پوچھو، (کہ وہ کیسی عمدہ اور کس قدر طویل قرائت سے ادا کی جاتی تھیں) پھر حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم تین رکعت وتر کے ادا فرماتے تھے[له] حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو سجدہ میں جا کر سر اٹھانے تک اتنی دیر ہوتی تھی جتنی دیر تم کو پچاس آیتیں ترتیل کے ساتھ پڑھنے میں ہوا کرتی ہے، پھر جب صبح صادق طلوع کرتی تو (اول وقت) موذن اذان دے کر اذان سے فارغ ہوجاتا اور حضور دیکھ لیتے کہ (افق میں) صبح کی روشنی پھیل گئی ہے تو آپ ہلکی قرائت سے دو رکعت سنت فجر ادا فرماتے اگر میں بیدار رہتی تو مجھ سے (دینی) گفتگو فرماتے اور اگر بیدار نہ رہتی تو حضور سیدھی کروٹ لیٹ جاتے، پھر جب موذن اقامت کی اطلاع دینے آتا تو آپ فجر کے فرض پڑھانے کے لیے باہر تشریف لے جاتے تھے (بخاری و مسلم) اور بخاری کی ایک روایت میں ہے کہ (پھر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے تہجد کی نماز سے فارغ ہوکر) وتر ادا فرمائے اور کروٹ لیٹے رہے جب موذن نے آکر اطلاع دی (کہ جماعت تیار ہے تو) آپ اٹھے اور دو رکعت سنت فجر ادا فرمائی (پھر صبح کی سنت کے بعد دوبارہ لیٹے بغیر) گھر سے نکلے اور فجر کے فرض پڑھائے، اور ابوداؤد کی روایت میں ہے کہ (کبھی ایسا بھی ہوا ہے کہ) پھر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام (تہجد کی نماز سے فارغ ہوکر وتر ادا فرماتے) اور کروٹ لیٹے رہتے، جب

له ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ تہجد کی ان آٹھ رکعتوں کو جس خوبی سے حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پڑھتے تھے اس کو تو تم نے سن لیا، اب ذرا ان رکعتوں میں جو سجدے ادا کئے جاتے تھے ان کی کیفیت بھی سن لو)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

موذّن آکر اطلاع دیتا کہ جماعت تیار ہے تو آپ مختصر قرأت سے دو رکعت سنّت فجر ادا فرماتے پھر صبح کی سنّت کے بعد دوبارہ لیٹے بغیر فجر کے فرض پڑھانے کے لیے نکلتے۔

ف:۔ اس حدیث شریف سے معلوم ہوتا ہے کہ رات میں تہجد کی آٹھ رکعتوں کو چار چار رکعت کر کے ادا کرنا چاہیئے اگر ایسا نہ ہوتا تو ام المومنین یہ ارشاد فرماتیں کہ حضور تہجد کے آٹھ رکعات پڑھتے تھے ایسا نہ کہہ کر ام المومنین کا یہ ارشاد فرمانا کہ چار رکعت پڑھتے پھر چار رکعت پڑھتے اس سے ثابت ہوتا ہے کہ ہر چار رکعت کو ایک تکبیر تحریمہ اور ایک سلام سے ادا فرماتے تھے، امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کا بھی یہی قول ہے۔ یہ فتح القدیر میں مذکور ہے، رد المحتار میں لکھا ہے کہ دوسری احادیث کی بنا پر صاحبین کے پاس تہجد کے ۸ رکعت دو دو کر کے چار سلام سے ادا کرنا چاہیئے۔ اور عمل درآمد بھی اسی پر ہے۔ ۱۲

۱۵۶۶ / ۲ وَعَنْهَا قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا صَلَّى رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ فَإِنْ كَانَتْ لَهُ إِلَيَّ حَاجَةٌ كَلَّمَنِي وَإِلَّا خَرَجَ إِلَى الصَّلٰوةِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم فجر کے دو رکعت سنّت پڑھتے کے بعد اگر کوئی ضرورت ہوتی تو مجھ سے دینی کلام کرتے، ورنہ فجر کے فرض کے لیے تشریف لے جاتے (ترمذی) یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

ف:۔ علامہ عینی رحمہ اللہ نے فرمایا ہے کہ ان مذکورہ احادیث سے معلوم ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کبھی تو سنّت فجر سے پہلے کروٹ لیٹے ہیں اور کبھی سنت فجر کے بعد بھی کروٹ لیٹے ہیں اور کبھی ایسا بھی ہوا ہے کہ آپ نہ تو سنّت فجر سے پہلے لیٹے اور نہ سنت فجر کے بعد، ان مختلف احوال سے معلوم ہوا کہ حضور کبھی کبھی صرف استراحت یعنی آرام لینے اور تکان دور کرنے کے لیے لیٹے ہیں اگر آپ ہمیشہ لیٹتے تو اس سے بھی مسئلہ بنتا اور یہ فعل سنّت ہوتا۔ ۱۲

۱۵۶۷ / ۳ وَعَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّهُ رَأَى رَجُلًا رَكَعَ رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ ثُمَّ اضْطَجَعَ فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ مَا شَأْنُهُ فَقَالَ نَافِعٌ فَقُلْتُ يَفْصِلُ بَيْنَ صَلَاتِهِ قَالَ ابْنُ عُمَرَ وَاَيُّ فَصْلٍ أَفْضَلُ مِنَ السَّلَامِ رَوَاهُ مُحَمَّدٌ وَقَالَ وَبِقَوْلِ ابْنِ عُمَرَ نَاخُذُ وَهُوَ قَوْلُ أَبِي حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللهُ وَإِسْنَادُهُ

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے آپ نے دیکھا کہ ایک شخص دو رکعت سنّت فجر پڑھ کر کروٹ لیٹ گیا تو ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ اس شخص کو کیا ہوا ہے نافع نے کہا کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے عرض کیا کہ یہ شخص کروٹ لیٹ کر فجر کے فرض اور سنت کے درمیان فصل پیدا کر رہا ہے اس پر ابن عمر نے فرمایا کہ سلام پھیرنا دسنت اور فرض

صَحِيْحٌ۔

کے درمیان خود فصل ہے، اس سے بہتر اور کیا فصل چاہیئے (اس کو لیٹ کر فصل کرنے کی ضرورت نہیں) اس کی روایت امام محمد نے کی ہے، اور فرمایا ہے کہ ہم ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے قول پر عمل کرتے ہیں، اور یہی قول امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کا ہے اور انہوں نے فرمایا ہے کہ فجر کے سنت اور فرض کے درمیان لیٹنے کی ضرورت نہیں، اس حدیث کی سند صحیح ہے۔

۱۵۶۸ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ مَا بَالُ الرَّجُلِ اِذَا صَلَّى الرَّكْعَتَيْنِ يَتَمَعَّكُ الدَّابَّةَ وَالْحِمَارَ، اِذَا سَلَّمَ فَقَدْ فَصَلَ[1] رَوَاهُ ابْنُ اَبِي شَيْبَةَ۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے آپ نے فرمایا ہے کہ جو شخص فجر کی دو رکعت سنت پڑھ کر جانور اور گدھے کی طرح زمین پر لوٹا کرتا ہے اس سے اس کی کیا غرض ہے، فجر کی سنت کے ختم پر اس کا سلام پھیرنا خود فصل ہے۔ اس کی روایت ابن ابی شیبہ نے کی ہے۔

۱۵۶۹ وَعَنْ اَبِي الصِّدِّيْقِ النَّاجِيِّ قَالَ رَاٰى ابْنُ عُمَرَ قَوْمًا اِضْطَجَعُوْا بَعْدَ رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ فَاَرْسَلَ اِلَيْهِمْ فَنَهَاهُمْ فَقَالُوْا نُرِيْدُ بِذٰلِكَ السُّنَّةَ فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ اِرْجِعْ اِلَيْهِمْ فَاَخْبِرْهُمْ اَنَّهَا بِدْعَةٌ۔

(رَوَاهُ ابْنُ اَبِي شَيْبَةَ)

حضرت ابوصدیق ناجی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے چند لوگوں کو دیکھا کہ وہ فجر کی دو رکعت سنت پڑھنے کے بعد کروٹ لیٹے ہوئے ہیں تو حضرت ابن عمر نے کسی کو بھیج کر ان کو طرح لیٹنے سے منع فرمایا (یہ سن کر) ان لوگوں نے جواب دیا کہ ہم اس طرح لیٹ کر سنت پر عمل کرنا چاہتے ہیں تو حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ دوبارہ جا کر ان سے کہدو کہ فجر کی سنتوں کے بعد اس طرح لیٹنا (سنت نہیں) ہے، بلکہ بدعت ہے اس کی روایت ابن ابی شیبہ نے کی ہے۔

۱۵۷۰ وَعَنْ اِبْرَاهِيْمَ النَّخَعِيِّ قَالَ هِيَ

حضرت ابراہیم نخعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت

[1] اگر اس سے وہ فجر کی سنت اور فرض کے درمیان فصل پیدا کرنا چاہتا ہے، تو اس طرح فصل کرنے کی ضرورت نہیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ضَجْعَةُ الشَّيْطَانِ۔

(رَوَاهُ ابْنُ اَبِیْ شَیْبَۃَ)

ہے کہ ان سے کسی نے پوچھا کہ فجر کی سنتوں کے بعد لیٹنا کیسا ہے تو، آپ نے فرمایا کہ (جو لوگ اس طرح لیٹا کرتے ہیں۔ دراصل ان کو شیطان بہکا کر لٹایا کرتا ہے۔ اس کی روایت ابن ابی شیبہ نے کی ہے۔

۱۵۱۷ وَعَنْ حُمَیْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ اِنَّ رَجُلًا مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاللّٰہِ لَارْقُبَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ قُلْتُ وَاَنَا فِیْ سَفَرٍ مَّعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لِلصَّلٰوۃِ حَتّٰی اَرٰی فِعْلَہٗ فَلَمَّا صَلّٰی صَلٰوۃَ الْعِشَآءِ وَھِیَ الْعَتَمَۃُ اِضْطَجَعَ ھَوِیًّا مِّنَ اللَّیْلِ ثُمَّ اسْتَیْقَظَ فَنَظَرَ فِی الْاُفُقِ فَقَالَ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ ھٰذَا بَاطِلًا حَتّٰی بَلَغَ اِلٰی اِنَّکَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ ثُمَّ اَھْوٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِلٰی فِرَاشِہٖ فَاسْتَلَّ مِنْہُ سِوَاکًا ثُمَّ اَفْرَغَ فِیْ قَدَحٍ مِّنْ اِدَاوَۃٍ عِنْدَہٗ مَآءً فَاسْتَنَّ ثُمَّ قَامَ فَصَلّٰی حَتّٰی قُلْتُ قَدْ صَلّٰی قَدْرَ مَا نَامَ ثُمَّ اضْطَجَعَ حَتّٰی قُلْتُ قَدْ نَامَ قَدْرَ مَا صَلّٰی ثُمَّ اسْتَیْقَظَ فَفَعَلَ کَمَا فَعَلَ اَوَّلَ مَرَّۃٍ وَقَالَ مِثْلَ مَا قَالَ فَفَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ قَبْلَ الْفَجْرِ۔

(رَوَاهُ النَّسَآئِیُّ)

حضرت حمید بن عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ایک صحابی نے فرمایا کہ میں (ایک دفعہ) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ سفر میں تھا (حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا ہر فعل میری آنکھوں کے سامنے تھا) اس لیے میں نے مصمم ارادہ کر لیا اور دل میں یہ ٹھان لیا تھا کہ آپ کی نماز تہجد کو دیکھوں کہ آپ کس طرح ادا فرماتے ہیں؟ پھر میں اس پر خود بھی عمل کروں، جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم عشاء کی نماز ادا فرما چکے کے بعد دیر تک آرام فرماتے رہے پھر بیدار ہوئے اور اُفق کی طرف نظر فرمائی (اور تاروں پر اور آسمان پر جب نگاہ مبارک پڑی تو فرمانے لگے۔

اے ہمارے رب! تو نے یہ (نظام کائنات) بے کار نہ بنایا، پاکی ہے تجھے، تو ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچالے، اے رب ہمارے! بے شک جسے تو دوزخ میں لے جائے، اسے ضرور تو نے رسوائی دی اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں، اے رب ہمارے! ہم نے ایک منادی کی سنی کہ ایمان کے لیے ندا فرماتا ہے، کہ اپنے رب پر ایمان لاؤ تو ہم ایمان لائے، اے رب ہمارے! تو ہمارے گناہ بخش دے اور ہماری برائیاں محو فرما دے اور ہماری موت اچھوں کے ساتھ کر، اے رب ہمارے! اور ہمیں دے وہ جس کا تو نے وعدہ کیا ہے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

ضَجْعَةُ الشَّيْطَانِ۔

(رَوَاهُ ابْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ)

ہے کہ ان سے کسی نے پوچھا کہ فجر کی سنتوں کے بعد لیٹنا کیسا ہے تو، آپ نے فرمایا کہ (جو لوگ اس طرح لیٹا کرتے ہیں۔ دراصل ان کو شیطان بہکا کر لٹایا کرتا ہے۔ اس کی روایت ابن ابی شیبہ نے کی ہے۔

١٥٧١ وَعَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ اِنَّ رَجُلًا مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاللّٰهِ لَاَرْقُبَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قُلْتُ وَاَنَا فِيْ سَفَرٍ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلصَّلٰوةِ حَتّٰى اَرٰى فِعْلَهٗ فَلَمَّا صَلّٰى صَلٰوةَ الْعِشَآءِ وَهِيَ الْعَتَمَةُ اِضْطَجَعَ هَوِيًّا مِّنَ اللَّيْلِ ثُمَّ اسْتَيْقَظَ فَنَظَرَ فِي الْاُفُقِ فَقَالَ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا حَتّٰى بَلَغَ اِلٰى اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ثُمَّ اَهْوٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى فِرَاشِهٖ فَاسْتَلَّ مِنْهُ سِوَاكًا ثُمَّ اَفْرَغَ فِيْ قَدَحٍ مِّنْ اِدَاوَةٍ عِنْدَهٗ مَآءً فَاسْتَنَّ ثُمَّ قَامَ فَصَلّٰى حَتّٰى قُلْتُ قَدْ صَلّٰى قَدْرَ مَا نَامَ ثُمَّ اضْطَجَعَ حَتّٰى قُلْتُ قَدْ نَامَ قَدْرَ مَا صَلّٰى ثُمَّ اسْتَيْقَظَ فَفَعَلَ كَمَا فَعَلَ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَقَالَ مِثْلَ مَا قَالَ فَفَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ قَبْلَ الْفَجْرِ۔

(رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

حضرت حمید بن عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ایک صحابی نے فرمایا کہ میں (ایک دفعہ) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ سفر میں تھا (حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا ہر فعل میری آنکھوں کے سامنے تھا) اس لیے میں نے مصمم ارادہ کر لیا اور دل میں یہ ٹھان لیا تھا کہ آپ کی نماز تہجد کو دیکھوں کہ آپ کس طرح ادا فرماتے ہیں؟ پھر میں اس پر خود بھی عمل کروں، جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم عشاء کی نماز ادا فرمانے کے بعد دیر تک آرام فرماتے رہے پھر بیدار ہوئے اور افق کی طرف نظر فرمائی (اور تاروں پر اور آسمان پر جب نگاہ مبارک پڑی تو فرمانے لگے۔

اے ہمارے رب! تو نے یہ (نظام کائنات) بے کار نہ بنایا، پاکی ہے تجھے، تو ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچالے، اے رب ہمارے! بے شک جسے تو دوزخ میں لے جائے، اسے ضرور تو نے رسوائی دی اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں، اے رب ہمارے! ہم نے ایک منادی کی سنی کہ ایمان کے لیے ندا فرماتا ہے، کہ اپنے رب پر ایمان لاؤ تو ہم ایمان لائے، اے رب ہمارے! تو ہمارے گناہ، بخش دے اور ہماری برائیاں فرما دے اور ہماری موت اچھوں کے ساتھ کر، اے رب ہمارے! اور ہمیں دے وہ جس کا تو نے وعدہ کیا ہے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMI ISLAMIA ACADEMY

اپنے رسولوں کی معرفت اور ہمیں قیامت کے دن رسوا نہ کرنا، بے شک تو وعدہ خلاف نہیں کرتا۔

(آل عمران ۳/۱۹۴تا۱۹۱، کنزالایمان)

پھر آپ بستر کی طرف جھکے اور بستر کے نیچے سے مسواک کھینچ لی۔ پھر چھاگل میں سے ایک بڑے کٹورے میں پانی ڈالا اور دانتوں پر مسواک رگڑی[1] پھر آپ کھڑے ہوئے اور نماز تہجد شروع فرمائی کیا کہوں کہ آپ نے کس قدر نماز ادا فرمائی؟ جتنی دیر تک آپ آرام فرمارہے تھے، اتنی ہی دیر تک آپ نے نماز ادا فرمائی پھر آپ لیٹ گئے۔ اور جتنی دیر آپ نے نماز پڑھی تھی اتنی ہی دیر آپ آرام فرماتے رہے اور پھر بیدار ہوئے (ابھی آپ نے جو کچھ کہ سنا ہے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے وہ سب پھر ادا فرمایا اور وہ سب اذکار بھی پڑھے جن کو آپ نے پہلی بار پڑھا تھا، پھر صبح صادق طلوع ہوتے تک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم تین بار اسی طرح سوتے اور جاگتے رہے اور یہی عمل فرماتے رہے) اس کی روایت نسائی نے کی ہے۔

۱۵۷۲ ۸ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي مِنَ اللَّيْلِ ثَلَاثَ عَشْرَةَ رَكْعَةً مِنْهَا الْوِتْرُ وَرَكْعَتَا الْفَجْرِ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم (کبھی) رات (کے آخری حصہ) میں (بھی تہجد کے لیے اُٹھتے اور) تیرہ رکعت پڑھتے تھے (اس کی تفصیل یہ تھی کہ آٹھ رکعت تہجد کے ہوتے تھے اور تین رکعت) وتر کے (اتنے میں صبح صادق طلوع کرتی تو) آپ فجر کی دو سنتیں ادا فرما لیتے

[1] اس کے بعد راوی خاموش ہیں، صاحب مرقاۃ کہتے ہیں کہ یہاں دو احتمال ہیں، ممکن ہے کہ آپ نے دوبارہ وضوء فرمایا ہو اور یہ بھی ممکن ہے کہ آپ نے سابقہ وضو ہی سے تہجد ادا فرمائی ہو اس لیے کہ نیند سے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا وضوء نہیں ٹوٹتا تھا اور یہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خصوصیات سے ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

(اس طرح جملہ تیرہ رکعت ہوتے تھے) اس کی روایت مسلم نے کی ہے۔

۱۵۷۳ وَعَنْ مَسْرُوْقٍ قَالَ سَأَلْتُ عَائِشَةَ عَنْ صَلٰوةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاللَّيْلِ فَقَالَتْ سَبْعٌ وَّتِسْعٌ وَّاِحْدٰى عَشَرَةَ رَكْعَةً سِوٰى رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت مسروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے دریافت کیا کہ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم رات میں جو نماز پڑھا کرتے تھے وہ کتنی رکعتیں ہوا کرتی تھیں؟ ام المومنین فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم فجر کی دو سنتوں کے علاوہ سات بھی پڑھتے تھے، نو بھی اور گیارہ بھی[1] اس کی روایت بخاری نے کی ہے۔

۱۵۷۴ وَعَنْ كُرَيْبٍ مَّوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهٗ قَالَ سَأَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ كَيْفَ كَانَتْ صَلٰوةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاللَّيْلِ قَالَ بِتُّ عِنْدَهٗ لَيْلَةً وَّهُوَ عِنْدَ مَيْمُوْنَةَ فَنَامَ حَتّٰى اِذَا ذَهَبَ ثُلُثُ اللَّيْلِ اَوْ نِصْفُهٗ اِسْتَيْقَظَ فَقَامَ اِلٰى شَنٍّ فِيْهِ مَآءٌ فَتَوَضَّأَ وَتَوَضَّأْتُ مَعَهٗ ثُمَّ قَامَ فَقُمْتُ اِلٰى جَنْبِهٖ عَلٰى يَسَارِهٖ فَجَعَلَنِيْ عَلٰى يَمِيْنِهٖ ثُمَّ وَضَعَ يَدَهٗ عَلٰى رَاْسِيْ كَاَنَّهٗ يَمَسُّ اُذُنِيْ كَاَنَّهٗ يُوْقِظُنِيْ فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ خَفِيْفَتَيْنِ قُلْتُ قَرَاَ فِيْهِمَا بِاُمِّ الْقُرْاٰنِ فِيْ كُلِّ رَكْعَةٍ ثُمَّ سَلَّمَ ثُمَّ صَلّٰى حَتّٰى صَلّٰى اِحْدٰى عَشَرَةَ رَكْعَةً بِالْوِتْرِ ثُمَّ نَامَ فَاَتَاهُ بِلَالٌ فَقَالَ الصَّلٰوةُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَامَ فَرَكَعَ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ صَلّٰى لِلنَّاسِ۔

حضرت کریب رضی اللہ تعالیٰ عنہ، مولی ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عباس سے دریافت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی رات کی نماز کیسی ہوتی تھی (یہ سن کر) حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ میں نے ایک رات رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں بسر کی، اس روز آپ (میری خالہ) ام المومنین حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے یہاں تشریف فرما تھے، آپ نے (نماز عشا کے بعد اول شب) آرام فرمایا اور جب تہائی یا آدھی رات گذر گئی تو آپ بیدار ہوئے اور ایک مشکیزہ کے پاس تشریف لے جا کر جس میں پانی تھا، وضوء فرمایا۔ میں نے بھی آپ کے ساتھ وضو کیا پھر آپ نماز کے لیے کھڑے ہوئے اور میں آپ کے بائیں جانب کھڑا ہو گیا تو آپ نے مجھے اپنے دائیں جانب کھڑا کر لیا (یہ میرے بچپن کا زمانہ تھا اور مجھے

[1] اس کی تفصیل یہ ہے کہ کبھی تہجد چار رکعت پڑھتے ہیں اور وتر تین رکعت، اور کبھی تہجد ۶ رکعت ہوتی اور وتر تین، اور اکثر تو تہجد آٹھ رکعت ہوتی اور وتر تین)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوُد)

کچھ غنودگی تھی، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اس کو معلوم کرکے) میرے سر پر آپ نے اپنا دست مبارک رکھا اب معلوم ہوتا ہے کہ آپ میرا کان پکڑ کر مجھے نیند سے جگا رہے ہیں اس کے بعد آپ نے دو رکعتیں مختصر قرأت کے ساتھ ادا فرمائیں، ایسا معلوم ہوتا تھا کہ آپ صرف سورۂ فاتحہ پر ہی اکتفا فرمایا (حالانکہ آپ نے مختصر ضم سورہ بھی کیا تھا) پھر آپ نے ان دو رکعتوں کو ختم فرماکر سلام پھیر دیا، اس کے بعد آپ نے تہجد مع وتر کے گیارہ رکعت ادا فرمائی جس میں آٹھ رکعت تو تہجد کے تھے اور باقی تین رکعت وتر کے، اس کے بعد پھر آپ سو رہے (اور جب صبح صادق طلوع کی اور جماعت کا وقت آگیا تو بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نے حاضر ہوکر عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جماعت تیار ہے تو آپ نے نیند سے بیدار ہوکر دو سنتیں پڑھیں، پھر جاکر لوگوں کو فجر کی فرض نماز پڑھائی۔

(ابو داؤد)

۱۵۷۵ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهٗ رَقَدَ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَيْقَظَ فَتَسَوَّكَ وَتَوَضَّأَ وَهُوَ يَقُوْلُ اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ حَتّٰى خَتَمَ السُّوْرَةَ ثُمَّ قَامَ فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ اَطَالَ فِيْهِمَا الْقِيَامَ وَالرُّكُوْعَ وَالسُّجُوْدَ ثُمَّ انْصَرَفَ فَنَامَ حَتّٰى نَفَخَ ثُمَّ فَعَلَ ذٰلِكَ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ سِتَّ رَكَعَاتٍ كُلُّ ذٰلِكَ يَسْتَاكُ وَيَتَوَضَّأُ وَيَقْرَأُ هٰؤُلَاءِ الْاٰيَاتِ ثُمَّ اَوْتَرَ بِثَلٰثٍ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِاَبِيْ دَاوُدَ ثُمَّ اَوْتَرَ فَاَتَاهُ بِلَالٌ فَاٰذَنَهٗ بِالصَّلٰوةِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ میں ایک رات رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے پاس سو گیا تھا۔ (اور حضور بھی سو گئے تھے پھر رات کا ایک حصہ گزرنے پر) حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے بیدار ہوکر مسواک کی اور وضوء کرتے ہوئے ان آیتوں کی تلاوت فرمائی اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ اللَّیْلِ وَالنَّهَارِ لَاٰیٰتٍ لِّاُولِی الْاَلْبَابِ (پارہ سورۃ آل عمران آیات ۱۹۰ تا ۲۰۰) یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا قف وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ۔ بیشک آسمانوں اور زمین کی پیدائش اور رات اور دن کی

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

حِيْنَ طَلَعَ الْفَجْرُ فَصَلّٰى رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ ثُمَّ خَرَجَ اِلَى الصَّلٰوةِ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِّلْبُخَارِيِّ وَمُسْلِمٍ وَكَانَ فِيْ دُعَائِهٖ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِيْ قَلْبِيْ نُوْرًا وَفِيْ بَصَرِيْ نُوْرًا وَفِيْ سَمْعِيْ نُوْرًا وَّعَنْ يَمِيْنِيْ نُوْرًا وَّعَنْ يَسَارِيْ نُوْرًا وَّفَوْقِيْ نُوْرًا وَّتَحْتِيْ نُوْرًا وَّاَمَامِيْ نُوْرًا وَّخَلْفِيْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ لِّيْ نُوْرًا وَّزَادَ بَعْضُهُمْ وَفِيْ لِسَانِيْ نُوْرًا وَذَكَرَ وَعَصَبِيْ وَلَحْمِيْ وَدَمِيْ وَشَعْرِيْ وَبَشَرِيْ وَفِيْ رِوَايَةٍ لَّهُمَا وَاجْعَلْ فِيْ نَفْسِيْ نُوْرًا وَّاَعْظِمْ لِيْ نُوْرًا وَّفِيْ اُخْرٰى لِمُسْلِمٍ اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِيْ نُوْرًا۔

بدلیوں میں نشانیاں ہیں عقل مندوں کے لیے، جو اللہ کی یاد کرتے ہیں کھڑے اور بیٹھے اور کروٹ پر لیٹے اور آسمانوں اور زمین کی پیدائش میں غور کرتے ہیں، اے رب ہمارے! تو نے یہ بیکار نہ بنایا، پاکی ہے تجھے، تو ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچالے، اے رب ہمارے! بے شک جسے تو دوزخ میں لے جائے اسے ضرور تو نے رسوائی دی، اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں، اے رب ہمارے! ہم نے ایک منادی کو سنا کہ ایمان کے لیے ندا فرماتا ہے کہ اپنے رب پر ایمان لاؤ تو ہم ایمان لائے، اے رب ہمارے! تو ہمارے گناہ بخش دے اور ہماری برائیاں محو فرما دے اور ہماری موت اچھوں کے ساتھ کر، اے رب ہمارے! اور ہمیں دے وہ جس کا تو نے وعدہ کیا ہے اپنے رسولوں کی معرفت، اور ہمیں قیامت کے دن رسوا نہ کر، بے شک تو وعدہ خلافی نہیں کرتا، تو ان کی دعا سن لی ان کے رب نے کہ میں تم میں کام کرنے والے کی محنت اکارت نہیں کرتا، مرد ہو یا عورت، تم آپس میں ایک ہو، تو وہ جنہوں نے ہجرت کی اور اپنے گھروں سے نکالے گئے اور میری راہ میں ستائے گئے، اور لڑے اور مارے گئے میں ضرور ان کے سب گناہ اتار دوں گا، اور ضرور انہیں باغوں میں لے جاؤں گا جن کے نیچے نہریں رواں، اللہ کے پاس کا ثواب اور اللہ ہی کے پاس اچھا ثواب ہے، اے سننے والے! کافروں کا شہروں میں اہلے گہلے پھرنا تجھے دھوکا نہ دے، تھوڑا برتنا ان کا ٹھکانہ جہنم ہے اور کیا ہی برا بچھونا ہے، لیکن وہ جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں ان کے لیے جنتیں ہیں جن کے نیچے نہریں ہیں ہمیشہ ان میں رہیں

اللہ کی طرف کی مہمانی اور جو اللہ کے پاس ہے وہ نیکیوں
کے لیے سب سے بھلا، اور بے شک کچھ کتابی ایسے
ہیں کہ اللہ پر ایمان لاتے ہیں اور اس پر جو تمہاری
طرف اترا، ان کے دل اللہ کے حضور جھکے ہوئے،
اللہ کی آیتوں کے بدلے ذلیل دام نہیں لیتے، یہ
وہ ہیں جن کا ثواب ان کے رب کے پاس ہے اور
اللہ جلد حساب کرنے والا ہے، اے ایمان والو صبر
کرو اور صبر میں دشمنوں سے آگے رہو، اور سرحد پر
اسلامی ملک کی نگہبانی کرو، اور اللہ سے ڈرتے رہو
اس پر کہ کامیاب ہو۔
روضوٗ سے فارغ ہو کر) حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
کھڑے ہوئے اور دو رکعت نماز پڑھی جن میں قیام
رکوع اور سجدوں کو حسب عادت مبارک طویل کیا اور
نماز سے فارغ ہو کر سو گئے، یہاں تک کہ خراٹے کی آواز
آنے لگی (جو گہری نیند کی علامت ہے) پھر اسی طرح
آپ تین بار سوتے اور جاگتے رہے اور ہر دفعہ میں دو
دو رکعت کر کے جملہ (۶) رکعات ادا فرمائے اور جب
نیند سے بیدار ہوتے تو مثل سابق ہر دفعہ مسواک کر کے
وضو فرماتے اور مذکورہ آیات بھی تلاوت فرماتے۔
آخر میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے تین رکعت وتر
کے ادا فرمائے اس کی روایت مسلم نے کی ہے اور ابوداود
کی ایک روایت میں ہے کہ پھر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم نے نماز وتر ادا فرمائی اور جب صبح صادق طلوع
کی (اور جماعت کا وقت آگیا) تو بلال رضی اللہ
تعالیٰ عنہ نے حاضر ہو کر (جماعت کے تیار ہونے کی
اطلاع دی تو حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم
فجر کی دو سنتیں پڑھ کر فرض پڑھانے کے لیے باہر
تشریف لے گئے اور بخاری و مسلم کی ایک روایت میں
ہے کہ (جب حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

www.waseemziyai.com
MARKAZUL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

فجر کی سنتیں پڑھ کر فرض پڑھانے کے لیے تشریف لے چلے تو) یہ دعا پڑھتے ہوئے مصلے تک پہنچے۔

١٥٧٦ وعن زيد بن خالد الجهني أنه
١٢
قال لأرمقن صلاة رسول الله صلى
الله عليه وسلم الليلة فصلى ركعتين
خفيفتين ثم صلى ركعتين طويلتين
طويلتين طويلتين ثم صلى
ركعتين وهما دون اللتين قبلهما
ثم صلى ركعتين وهما دون اللتين
قبلهما ثم صلى ركعتين وهما
دون اللتين قبلهما ثم أوتر فذلك
ثلاث عشرة ركعة۔

(رواه مسلم)

حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے سوچا کہ آج رات رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی رات کی نماز (تہجد) کا مشاہدہ کروں گا، تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے دو مختصر رکعات ادا فرمائیں، پھر دو رکعتیں بہت لمبی، انتہا درجے کی طویل ترین رکعتیں ادا فرمائیں (اس جگہ راوی نے تین مرتبہ طویلتین کہا ہے یعنی طویل ترین رکعات)
پھر دو رکعتیں پہلی دو رکعات سے کم لمبی ادا فرمائیں
پھر دو رکعتیں پہلی دو رکعات سے کم لمبی ادا فرمائیں
پھر دو رکعتیں ان دو سے کم لمبی ادا فرمائیں
پھر اس کے بعد تین رکعات وتر ادا فرمائے، اس طرح یہ کل تیرہ رکعات ہوئیں۔

(مسلم شریف)

١٥٧٧ وعن عائشة قالت كان
١٣
النبي صلى الله عليه وسلم إذا قام
من الليل ليصلي افتتح صلاته
بركعتين خفيفتين۔

(رواه مسلم)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے، فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جب رات کی نماز کے لیے کھڑے ہوتے تو دو چھوٹی رکعت سے ابتداء کرتے۔

(مسلم)

١٥٧٨ وعن أبي هريرة قال قال
١٤
رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا
قام أحدكم من الليل فليفتتح
الصلاة بركعتين خفيفتين۔

(رواه مسلم)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم میں سے جب کوئی آدمی رات کی نماز کے لیے کھڑا ہو تو وہ دو چھوٹی رکعتوں سے ابتداء کرے (مسلم شریف)

١٥٧٩ وعن عبد الله بن مسعود قال
١٥
لقد عرفت النظائر التي كان
النبي صلى الله عليه وسلم يقرن
بينهن فذكر عشرين سورة من

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں، قدر و منزلت میں ملی جلی سورتوں کے بارے میں مجھے علم ہے جنہیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جمع فرماتے اور تلاوت

MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

اَوَّلِ الْمُفَصَّلِ عَلٰی تَالِیْفِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ سُوْرَتَیْنِ فِیْ رَکْعَۃٍ اٰخِرُھُنَّ حٰمٓ الدُّخَانِ وَعَمَّ یَتَسَآءَلُوْنَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

فرماتے تھے راوی نے طویل مفصل کی بیس سورتوں کو شمار کیا جن کی ترتیب و تالیف حضرت عبداللہ بن مسعود نے کی ہے۔ جن میں آخری سورۃ حٰمٓ الدخان اور عَمَّ یَتَسَآءَلُوْنَ کی سورتیں ہیں (بخاری ومسلم)

وَفِیْ رِوَایَۃٍ لِمُسْلِمٍ عَنْ شَقِیْقٍ قَالَ جَآءَ رَجُلٌ مِّنْ بَنِیْ بُجَیْلَۃَ یُقَالُ لَہٗ نُھَیْکُ بْنُ سِنَانٍ اِلٰی عَبْدِ اللّٰہِ فَقَالَ اِنِّیْ اَقْرَأُ الْمُفَصَّلَ فِیْ کُلِّ رَکْعَۃٍ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰہِ ھَذًّا کَھَذِّ الشِّعْرِ لَقَدْ عَلِمْتُ النَّظَآئِرَ الَّتِیْ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقْرَأُ بِھِنَّ سُوْرَتَیْنِ فِیْ کُلِّ رَکْعَۃٍ۔

اور مسلم شریف کی ایک روایت حضرت شقیق سے ہے کہ قبیلہ بنو بجیلہ کا ایک شخص جس کا نام نھیک بن سنان تھا حضرت عبداللہ کے پاس آیا اور کہا کہ میں ہر رکعت میں طوال مفصل سورت کی تلاوت کرتا ہوں، حضرت عبداللہ نے فرمایا، میں قدر و منزلت میں ملی جلی سورتیں جانتا ہوں جنہیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ہر رکعت میں دو سورتیں ملا کر تلاوت کیا کرتے تھے یہی سمجھے ہو، میں تم کو بتلاتا ہوں کہ تم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے طریقہ پر عمل کیا کرو، حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم تہجد کی ہر رکعت میں مفصل کی دو دو سورتیں جو مقدار میں ایک دوسرے کے قریب قریب ہوتیں نہایت ترتیل سے پڑھا کرتے تھے (تم بھی ایسا ہی پڑھا کرو)

ف ردالمحتار میں لکھا ہے کہ فرض کی ہر رکعت میں اگر کوئی دو دو سورتیں جو ایک دوسرے کی متصل ہوں، پڑھے تو جائز ہے مگر بخلاف اولیٰ اور مکروہ تنزیہی ہے البتہ نوافل اور تہجد کی ہر رکعت میں دو دو سورتوں کو ملا کر پڑھنا بلا کراہت جائز ہے، خواہ یہ سورتیں متصل ہوں یا غیر متصل ۱۲

۱۵۸۰ وَعَنْ حُذَیْفَۃَ اَنَّہٗ رَاَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُصَلِّیْ مِنَ اللَّیْلِ وَکَانَ یَقُوْلُ اللّٰہُ اَکْبَرُ ثَلٰثًا ذُو الْمَلَکُوْتِ وَالْجَبَرُوْتِ وَالْکِبْرِیَآءِ وَالْعَظَمَۃِ ثُمَّ اسْتَفْتَحَ فَقَرَأَ الْبَقَرَۃَ
۱۶

حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انھیں (ایک وقت) حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو تہجد پڑھتے ہوئے دیکھنے کا موقع ملا، کیا دیکھتے ہیں کہ (دل میں) تہجد کی نیت کر کے آپ تکبیر تحریمہ اس طرح شروع فرمائے۔

اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ، ذُو الْمَلَکُوْتِ

اللہ تعالیٰ سب بڑوں سے بڑے ہیں، اللہ تعالیٰ سب بڑوں سے بڑے ہیں اللہ تعالیٰ سب بڑوں سے بڑے ہیں، دو جہان کے آپ ہی مالک ہیں سب غالبوں پر آپ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OQOOIL ISLAMIA ACADEMY

وَالْجَبَرُوْتُ وَالْكِبْرِيَاءُ وَالْعَظَمَةُ۔ ہی غالب ہیں جن جن کو بڑائی ہے ان میں آپ ہی سب سے بڑے ہیں، آپ کی عظمت اور بزرگی کے سامنے کسی کی عظمت و بزرگی نہیں۔

ثُمَّ رَكَعَ فَكَانَ رُكُوْعُهُ نَحْوًا مِّنْ قِيَامِهِ فَكَانَ يَقُوْلُ فِيْ رُكُوْعِهِ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ الرُّكُوْعِ فَكَانَ قِيَامُهُ نَحْوًا مِّنْ رُكُوْعِهِ يَقُوْلُ لِرَبِّيَ الْحَمْدُ ثُمَّ سَجَدَ فَكَانَ سُجُوْدُهُ نَحْوًا مِّنْ قِيَامِهِ فَكَانَ يَقُوْلُ فِيْ سُجُوْدِهِ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ السُّجُوْدِ وَكَانَ يَقْعُدُ فِيْ مَا بَيْنَ السَّجْدَتَيْنِ نَحْوًا مِّنْ سُجُوْدِهِ وَكَانَ يَقُوْلُ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ فَصَلّٰى اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ قَرَأَ فِيْهِنَّ الْبَقَرَةَ وَاٰلَ عِمْرَانَ وَالنِّسَآءَ وَالْمَآئِدَةَ اَوِالْاَنْعَامَ شَكَّ شُعْبَةُ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ)

پھر اس کے بعد آپ نے ثناء پڑھی (اور جب قرأت کا موقع آیا تو سورۂ فاتحہ کے بعد پہلی رکعت میں) سورۂ بقرہ نہایت ترتیل سے پڑھی، پھر رکوع فرمایا، کیا کہوں کیسا رکوع تھا جیسے عادت مبارکہ سے زیادہ معمولی قیام تھا، قیام کی مناسبت سے عادت سے زیادہ رکوع بھی غیر معمولی طویل تھا، حسب عادت شریفہ پورے رکوع میں "سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ" بار بار پڑھتے جا رہے تھے، پھر آپ نے رکوع سے سر اٹھا کر قومہ کیا، قومہ بھی رکوع کی طرح عادت سے زیادہ غیر معمولی طویل تھا، قومہ میں (سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ کے بعد) "لِرَبِّيَ الْحَمْدُ" بار بار پڑھ رہے تھے یعنے اے میرے رب! حمد کے مستحق صرف آپ ہی ہیں، پھر آپ نے سجدہ فرمایا، کچھ نہ پوچھو کہ سجدہ کیا تھا، سجدہ بھی قومہ کی طرح عادت شریفہ سے زیادہ غیر معمولی طویل تھا حسب عادت شریفہ پورے سجدہ میں آپ "سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى" بار بار پڑھ رہے تھے، پھر آپ پہلے سجدہ سے سر اٹھا کر جلسہ میں آگئے، اور یہ جلسہ بھی سجدہ کی طرح عادت شریفہ سے زیادہ غیر معمولی طویل تھا اور آپ جلسہ میں "رَبِّ اغْفِرْ لِيْ"، "رَبِّ اغْفِرْ لِيْ" بار بار پڑھ رہے تھے (یہ پہلی رکعت تھی) اسی طرح آپ نے چار رکعات ادا فرمائیں، ان چار رکعتوں میں جو قرأت آپ فرمائی تھی اس کی تفصیل یہ تھی، پہلی رکعت میں سورۂ بقرہ دوسری میں آل عمران، تیسری میں سورۂ نساء، چوتھی میں حضرت شعبہ راوی کو شک ہے کہ مائدہ تھا یا انعام، بہر حال ان دو سورتوں میں سے کوئی ایک سورۃ تھی۔ (ابو داؤد)

۱۵۸۱ / ۱۷ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ

حضرت عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ISLAMIA ACADEMY

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ قَامَ بِعَشْرِ اٰیَاتٍ لَمْ یُکْتَبْ مِنَ الْغَافِلِیْنَ وَمَنْ قَامَ بِمِائَۃِ اٰیَۃٍ کُتِبَ مِنَ الْقَانِتِیْنَ وَمَنْ قَامَ بِاَلْفِ اٰیَۃٍ کُتِبَ مِنَ الْمُقَنْطِرِیْنَ۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ)

عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص (تہجد یا صلاۃ اللیل میں سورۂ فاتحہ کے سوا دس آیات کے برابر پڑھے تو اس کا نام غافلین کے دفتر میں نہیں لکھا جائے گا اور جو شخص (تہجد یا صلاۃ اللیل میں سوائے سورۂ فاتحہ کے) سو آیتیں پڑھے تو اس کا نام قانتین یعنی خدا کے فرمانبرداروں میں لکھا جائے گا اور جو شخص (تہجد یا صلاۃ اللیل میں) ایک ہزار آیتیں پڑھے (تو کچھ نہ پوچھو کہ اس کا نام کن میں لکھا جائے گا۔ مُقَنْطِرِیْن یعنے بے گنتی ثواب جمع کرنے والوں میں لکھا جائے گا۔ (ابو داؤد)

۱۵۸۲ (۱۸) وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حَتّٰی اَصْبَحَ بِاٰیَۃٍ وَالْاٰیَۃُ اِنْ تُعَذِّبْہُمْ فَاِنَّہُمْ عِبَادُکَ وَاِنْ تَغْفِرْ لَہُمْ فَاِنَّکَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ۔

(رَوَاہُ النَّسَآئِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں (کبھی ایسا بھی ہوا ہے کہ) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جب تہجد کے لیے کھڑے ہوئے (اور اپنی امت اور ان کے گناہ یاد آگئے تو ذیل کی یہ آیت پڑھتے پڑھتے صبح کر دی اور بار بار یہ فرماتے تھے۔ اگر تو انہیں عذاب دے تو وہ تیرے بندے ہیں اور اگر تو انہیں بخش دے تو بے شک تو ہی ہے غالب حکمت والا (المائدہ ۱۱۸/۷) اس کی روایت نسائی اور ابن ماجہ نے کی ہے۔

۱۵۸۳ (۱۹) وَعَنْ یَعْلَی بْنِ مَمْلَکٍ اَنَّہٗ سَاَلَ اُمَّ سَلَمَۃَ زَوْجَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنْ قِرَاءَۃِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَصَلَاتِہٖ فَقَالَتْ وَمَا لَکُمْ وَصَلَاتُہٗ کَانَ یُصَلِّیْ ثُمَّ یَنَامُ قَدْرَ مَا صَلّٰی ثُمَّ یُصَلِّیْ قَدْرَ مَا نَامَ ثُمَّ یَنَامُ قَدْرَ مَا صَلّٰی حَتّٰی یُصْبِحَ ثُمَّ نَعَتَتْ قِرَاءَتَہٗ فَاِذَا

حضرت یعلی بن مملک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے ام المؤمنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے دریافت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی رات کی نماز کیسی ہوتی تھی؟ اور اس میں آپ کی قرأت کس طرح ہوا کرتی تھی انہوں نے فرمایا تمہیں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی نماز سے کیا نسبت! آپ نماز پڑھتے پھر آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نماز پڑھنے کی

www.waseemziyai.com
MARKAZ UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

هِيَ تَنْعَتُ قِرَاءَةً مُّفَسَّرَةً حَرْفًا حَرْفًا۔

(رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ)

مقدار سو جاتے۔ پھر اٹھ کر نماز پڑھتے اتنی مقدار میں جتنی دیر تک آپ سوئے رہے تھے۔ پھر آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نماز پڑھنے کی مقدار تک سو جاتے حتی کہ صبح ہو جاتی، پھر حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی قراءت کو بیان فرمایا تو وہ ایسی قراءت کرنے لگیں کہ ایک ایک حرف کو علیحدہ علیحدہ کر کے پڑھتی تھیں۔

(ابو داود، ترمذی اور نسائی)

۱۵۸۴
۲۰
وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَتْ قِرَاءَةُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاللَّيْلِ يَرْفَعُ طَوْرًا وَيَخْفِضُ طَوْرًا

(رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا، نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم رات کی نماز میں قراءت کبھی بلند آواز سے فرماتے اور کبھی آہستہ آواز سے۔

(ابو داؤد شریف)

۱۵۸۵
۲۱
وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَتْ قِرَاءَةُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى قَدْرِ مَا يَسْمَعُهُ مَنْ فِي الْحُجْرَةِ وَهُوَ فِي الْبَيْتِ۔

(رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی (بلند آواز سے) قراءت کی مقدار اتنی ہوتی تھی کہ کوئی شخص اسے حجرے میں سن سکتا تھا اور سرکار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے گھر مبارک میں ہوتے تھے۔

(ابو داود شریف)

۱۵۸۶
۲۲
وَعَنْ أَبِي قَتَادَةَ قَالَ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ لَيْلَةً فَإِذَا هُوَ بِأَبِي بَكْرٍ يُصَلِّي يَخْفِضُ مِنْ صَوْتِهِ وَمَرَّ بِعُمَرَ وَهُوَ يُصَلِّي رَافِعًا صَوْتَهُ قَالَ فَلَمَّا اجْتَمَعَا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَا أَبَا بَكْرٍ مَرَرْتُ بِكَ وَأَنْتَ تُصَلِّي تَخْفِضُ صَوْتَكَ قَالَ قَدْ أَسْمَعْتُ مَنْ نَاجَيْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَقَالَ لِعُمَرَ مَرَرْتُ بِكَ وَأَنْتَ تُصَلِّي رَافِعًا

حضرت ابو قتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں بے شک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ایک رات باہر تشریف لائے تو حضرت ابو بکر صدیق (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) آہستہ آواز کے ساتھ نماز ادا فرما رہے تھے۔ اور حضرت عمر فاروق (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کے پاس سے گزرے تو آپ بلند آواز سے نماز ادا فرما رہے تھے، تو جب دونوں حضرات شیخین نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے، آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا، اے ابو بکر! میں تیرے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOMIL ISLAMIA ACADEMY

صَوْتَكَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اُوْقِظُ الْوَسْنَانَ وَاَطْرُدُ الشَّيْطَانَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا اَبَا بَكْرٍ اِرْفَعْ مِنْ صَوْتِكَ شَيْئًا وَّقَالَ لِعُمَرَ اِخْفِضْ مِنْ صَوْتِكَ شَيْئًا۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ نَحْوَهٗ)

قریب سے گزرا تو تم آہستہ آواز سے نماز پڑھ رہے تھے، عرض کی یا رسول اللہ! میں اس ذات باری تعالیٰ کو سنا رہا تھا جس سے سرگوشی کر رہا تھا۔ اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے عمر سے فرمایا میں تمہارے قریب سے بھی گزرا تھا اور آپ بلند آواز سے نماز پڑھ رہے تھے، عرض کی، یا رسول اللہ! صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں سونے والوں کو جگا رہا تھا، اور شیطان کو بھگا رہا تھا، تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے ابوبکر! اپنی آواز (بحالت نماز میں) تھوڑی اونچی رکھا کرو۔ اور اے عمر! تم اپنی آواز کو تھوڑا پست رکھا کرو۔

(ابوداود اور ترمذی)

ف: نماز کی حالت میں نمازی کی آواز قرأت، تسبیحات وتکبیرات اور تشہد میں اتنی ہونی چاہیئے کہ آدمی خود اپنی آواز کو سن سکے، نہ اتنی آہستہ کہ زبان سے تلفظ بھی ادا نہ ہوتے ہوں تو اس صورت میں نماز نہیں ہوتی۔ ہاں خفیہ آواز، جس سے تلفظ کی ادائیگی درست ہو اور اپنی آواز بغیر کسی دوسرے کو سنانے کے خود سن سکتا ہو تو ایسی صورت میں نماز صحیح ہوتی ہے۔

اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہو رہا ہے کہ اللہ تعالیٰ کو سنانا اور ریاکاری سے بچنے کے لیے آہستگی کے ساتھ ذکر کرنا افضل وبہتر ہے اور اگر سوئے ہوئے لوگوں کو جگانا اور دور دراز کی چیزوں کو سنا کر گواہ بنانا، اور شیاطین اور ان کے شر کو ذکر اللہ کر کے دور بھگانا مقصود ہو جیسا کہ حدیث پاک میں سرکار رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ مؤذن کی آذان کی آواز سن کر شیطان اتنی دور بھاگ جاتا ہے جہاں تک اس کی آواز پہنچتی ہے۔ یہ تو اس صورت میں بلند آواز سے ذکر کرنا افضل وبہتر ہے دونوں کا معاملہ حسن نیت ہے۔

۱۵۸۷ / ۲۳ وَعَنْ مَسْرُوْقٍ قَالَ سَاَلْتُ عَائِشَةَ اَيُّ الْعَمَلِ كَانَ اَحَبَّ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتِ الدَّائِمُ قُلْتُ فَاَيَّ حِيْنٍ يَقُوْمُ مِنَ اللَّيْلِ قَالَتْ كَانَ يَقُوْمُ اِذَا سَمِعَ الصَّارِخَ۔

حضرت مسروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہتے ہیں میں نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے پوچھا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو کونسا عمل زیادہ پسند تھا؟ فرماتی ہیں، وہ عمل جو ہمیشہ کیا جائے۔ میں نے عرض کیا آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم رات کس وقت اٹھتے تھے؟ فرماتی ہیں کہ جب آپ کسی آواز

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

دینے والے کی آواز سنتے تو اس وقت اٹھتے تھے (بخاری ومسلم)

ف:۔ آواز دینے والے سے مراد مرغ کی آواز ہے۔ علماء و محدثین نے کہا ہے کہ مرغ کی عادت یہ ہے وہ نصف شب کے بعد یا اس کے قریب بانگ دیتا ہے، اس لیے کئی اللہ کے بندے اس کی آواز پر اٹھ جاتے ہیں اور عبادت، نوافل و ذکر و فکر میں مشغول ہو جاتے ہیں۔ اور ہمیشگی کا عمل صالح سرکار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بڑا پسند تھا۔ اسی لیے آپ ہمیشہ نصف شب کو اٹھ کر عبادت و نوافل میں مصروف رہتے تھے اور یہ عمل آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا بڑا پسندیدہ تھا۔

۱۵۸۸/۲۴ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ مَا كُنَّا نَشَاءُ اَنْ نَرٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي اللَّيْلِ مُصَلِّيًا اِلَّا رَاَيْنَاهُ وَلَا نَشَاءُ اَنْ نَرَاهُ نَائِمًا اِلَّا رَاَيْنَاهُ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ (رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو رات کے کسی خاص حصہ میں سوتے یا کسی خاص حصہ میں جاگنے کی عادت نہ تھی اس لیے جب) ہم خیال کرتے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اس وقت نماز نہیں پڑھ رہے ہوں گے مگر (جب دیکھا گیا تو معلوم ہوا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اس وقت نماز پڑھ رہے ہیں) ایسا ہی) ہمارا خیال ہوتا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اس وقت نہیں سو رہے ہوں گے مگر (جب دیکھا گیا تو معلوم ہوا کہ) حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اس وقت سو رہے ہیں (اس سے معلوم ہوا کہ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے رات میں سونے اور نماز تہجد پڑھنے کی عادت شریفہ مقرر نہ تھی) اس کی روایت نسائی نے کی ہے۔

۱۵۸۹/۲۵ وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ لَمَّا بَدَّنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَثَقُلَ كَانَ اَكْثَرُ صَلَاتِهٖ جَالِسًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ[1] ہاں جب آپ زیادہ سن رسیدہ ہو گئے اور آپ پر ضعف پیری کے آثار ظاہر ہونے لگے تو آپ اکثر (نفل) نمازوں کو بیٹھ کر پڑھا کرتے

---

[1] میں نے کبھی حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو بیٹھ کر نماز پڑھتے نہیں دیکھا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMI ISLAMIA ACADEMY

تھے[1] (بخاری و مسلم)

بَابُ مَا يَقُوْلُ إِذَا قَامَ مِنَ اللَّيْلِ

(اس باب میں ان اذکار اور دُعاؤں کا ذکر ہے جن کا پڑھنا رات میں اٹھ کر تہجد ادا کرنیوالے کے لیے مسنون ہے)

وقول اللہ عزوجل، وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے (سورۂ مزمل پ ۲۹ ع میں) اے نبی (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) (دن میں تو تبلیغ اسلام میں مصروفیت کی وجہ سے آپ کو بہت مشغلہ رہتا ہے اس لیے رات کو اٹھ کر) اپنے پروردگار کا نام لیتے اور اس کو یاد کرتے رہو۔

۱۵۹۰ - عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا قَامَ مِنَ اللَّيْلِ يَتَهَجَّدُ قَالَ اللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ أَنْتَ قَيِّمُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَمَنْ فِيهِنَّ وَلَكَ الْحَمْدُ أَنْتَ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَمَنْ فِيهِنَّ وَلَكَ الْحَمْدُ أَنْتَ مَلِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَمَنْ فِيهِنَّ وَلَكَ الْحَمْدُ أَنْتَ الْحَقُّ وَوَعْدُكَ الْحَقُّ وَلِقَاؤُكَ حَقٌّ وَقَوْلُكَ حَقٌّ وَالْجَنَّةُ حَقٌّ وَالنَّارُ حَقٌّ وَالنَّبِيُّوْنَ حَقٌّ وَمُحَمَّدٌ حَقٌّ وَالسَّاعَةُ حَقٌّ اللّٰهُمَّ لَكَ أَسْلَمْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَإِلَيْكَ أَنَبْتُ وَبِكَ خَاصَمْتُ وَإِلَيْكَ حَاكَمْتُ فَاغْفِرْ لِي مَا قَدَّمْتُ وَمَا

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم جب رات تہجد کی نماز پڑھنے کے لیے اٹھتے تو (نماز تہجد شروع کرنے سے پہلے) یہ دعاء پڑھتے۔

اے اللہ ہر طرح کی تعریف آپ ہی کے لیے سزاوار ہے، آسمانوں زمینوں اور جتنی چیزیں ان کے درمیان میں ہیں آپ ہی ان سب کے سنبھالنے والے اور ان کا انتظام کرنے والے ہیں۔

اور ہر طرح کی حمد آپ ہی کو سزاوار ہے، آسمانوں زمینوں اور جتنی چیزیں ان کے درمیان میں ہیں سب کے اندر کا نور یعنی ان سب کو عدم کی ظلمت سے نکال کر وجود کا نور عطا کرنے والے آپ ہی ہیں۔

---

[1] اس طرح حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے بیٹھ کر نماز پڑھنے سے آپ کے ثواب میں کوئی کمی نہیں ہوتی اس لیے کہ یہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی خصوصیات سے ہے، بخلاف امت کے کہ بلا عذر نفل نماز بیٹھ کر پڑھنے سے آدھا ثواب ملے گا، ہاں اگر عذر کی وجہ سے بیٹھ کر پڑھیں تو پورا ثواب ملے گا۔ یہ حکم نفل سے متعلق ہے اگر کوئی شخص فرض نماز بلا عذر بیٹھ کر پڑھے تو نماز ادا نہ ہوگی، اس لیے کہ قیام فرض ہے، ہاں اگر کسی عذر کی وجہ سے فرض نماز بیٹھ کر پڑھے تو نماز ہو جائے گی اور ثواب بھی پورا ملے گا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-AWLIA ISLAMIC ACADEMY

اَخَّرْتُ وَمَآ اَسْرَرْتُ وَمَآ اَعْلَنْتُ وَمَآ اَنْتَ اَعْلَمُ بِہٖ مِنِّیْ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ وَلَآ اِلٰہَ غَیْرُكَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

اور ہر طرح کی حمد آپ ہی کو سزاوار ہے، اور آسمانوں زمینوں اور جتنی چیزیں ان کے درمیان میں ہیں ان سب کے بادشاہ آپ ہی ہیں (کوئی آپ کی بادشاہت میں شریک نہیں ہے (اور کوئی آپ کی بادشاہت کا انکار کرنے والا نہیں ہے)

اور ہر طرح کی حمد آپ ہی کو سزاوار ہے آپ ہی حق ہیں یعنی آپ ہی موجود اور ثابت ہیں اور آپ کا وجود لازوال ہے کہ کبھی معدوم نہیں ہونے کا اور آپ کے سوا سب معدوم ہیں۔

اور آپ کا وعدہ سچا ہے یعنی آپ نے جو وعدہ اپنے بندگان خاص سے فرمایا ہے، حق ہے اور تیری بات حق ہے، جنت حق ہے، دوزخ کی آگ حق ہے انبیاء علیہم السلام حق ہیں، اور محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم حق ہیں، اور قیامت حق ہے۔

اے اللہ میں نے تجھ پر اسلام لایا، اور تجھ پر ایمان لایا، تجھ پر بھروسہ کیا، اور تیری طرف رجوع کیا اور تیرے بھروسے پر میں کفار سے لڑتا ہوں اور تجھ سے فیصلہ چاہتا ہوں، میرے اگلے پچھلے گناہ بخش دے، اور چھپے کھلے گناہ بخش دے اور وہ گناہ بھی بخشش دے جنہیں تو مجھ سے زیادہ جانتا ہے، اور تو ہی آگے بڑھانے والا ہے اور تو ہی پیچھے ہٹانے والا تو ہی معبود ہے اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ (بخاری و مسلم)

۱۵۹۱/۲ وَعَنْ عَآئِشَۃَ قَالَتْ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا قَامَ مِنَ اللَّیْلِ اِفْتَتَحَ صَلَاتَہٗ فَقَالَ اَللّٰھُمَّ رَبَّ جِبْرِیْلَ وَمِیْکَآئِیْلَ وَاِسْرَافِیْلَ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ اَنْتَ تَحْکُمُ بَیْنَ عِبَادِكَ

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب رات کی نماز (تہجد) کے لیے کھڑے ہوتے تو اپنی نماز (اس دعا سے) شروع فرماتے، اے اللہ! اے جبرئیل، میکائیل اور اسرافیل کے رب، آسمانوں اور زمین کے بنانے والے، چھپے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

فِيمَا كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ اِهْدِنِي لِمَا اخْتُلِفَ فِيهِ مِنَ الْحَقِّ بِإِذْنِكَ إِنَّكَ تَهْدِي مَنْ تَشَاءُ إِلَى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اور اعلانیہ کے جاننے والا، تو ہی اپنے بندوں کے درمیان فیصلہ فرمائے گا جن میں اختلاف کرتے ہیں، اے اللہ مجھے ہدایت دے اپنے فضل سے اس حق سے جس میں اختلاف ہے، تو جسے چاہے سیدھے راستے کی ہدایت دے۔

ف مرأۃ شرح مشکوٰۃ میں لکھا ہے اللّٰھم رب جبرئیل ومیکائیل واسرافیل کے الفاظ نماز تہجد کی تکبیر تحریمہ سے پہلے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ادا فرماتے تھے، اللہ تعالیٰ تو ساری مخلوق کا رب ہے پھر خصوصیت سے ان تین فرشتوں کا ذکر ان کے اشرف اور تمام دوسرے فرشتوں سے بزرگ ہونے کی وجہ سے کیا ہے اکثر علماء کا قول ہے کہ تمام فرشتوں میں افضل سیدنا جبرئیل ہیں کیونکہ وہ انبیاء کے خادم اور حامل وحی ہیں، پھر میکائیل کیونکہ رزق جسمانی کا تعلق ان سے ہے، پھر اسرافیل کیونکہ لوح محفوظ اور قیامت صور پھونکنے کے محافظ آپ ہیں اور پھر عزرائیل علیہ السلام کیونکہ ان کی ذمہ داری ارواح کو قبض کرنا ہے۔

۱۵۹۲/۳ وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا قَامَ مِنَ اللَّيْلِ كَبَّرَ ثُمَّ يَقُولُ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالَى جَدُّكَ وَلَا إِلٰهَ غَيْرُكَ ثُمَّ يَقُولُ اللهُ أَكْبَرُ كَبِيرًا ثُمَّ يَقُولُ أَعُوذُ بِاللهِ السَّمِيعِ الْعَلِيمِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيمِ مِنْ هَمْزِهِ وَنَفْخِهِ وَنَفْثِهِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَزَادَ أَبُو دَاوُدَ بَعْدَ قَوْلِهِ غَيْرُكَ ثُمَّ يَقُولُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ ثَلَاثًا وَفِي آخِرِ الْحَدِيثِ ثُمَّ يَقْرَأُ۔

حضرت ابو سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب رات کے وقت اٹھتے تو تکبیر کہتے پھر کہتے۔

اے اللہ! ہم آپ کی تعریف کرتے ہوئے تمام عیبوں سے آپ کی پاکی بیان کرتے ہیں آپ کا نام بڑا برکت والا ہے، آپ بہت عالی شان ہیں، آپ کے سوا کوئی معبود لائق عبادت نہیں۔ پھر اس کے بعد آپ یہ دعا بھی پڑھتے تھے۔ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کَبِیْرًا۔ اللہ سب بڑوں سے بڑا ہے، ساری بڑائیاں اسی کے لیے ہیں۔ اس کے بعد پھر یہ دعا پڑھتے۔ میں اللہ تعالیٰ کی پناہ میں آتا ہوں جو سب سے زیادہ سننے والے اور سب سے زیادہ جاننے والے ہیں شیطان مردود کے ھمزہ سے (یعنی وسوسوں سے جن کو شیطان انسان کے دلوں میں پیدا کرتا ہے) اور نفخ سے (یعنی غرور اور خود پسندی سے جن کو شیطان انسان کے دلوں میں ڈالتا ہے، اور نفث سے (یعنی سحر سے جس کو شیطان انسان سے کرواتا ہے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLIVIA ISLAMIA ACADEMY

اس کی روایت ترمذی، ابو داؤد، اور نسائی نے کی ہے اور ابو داؤد کی روایت میں لَآ اِلٰہَ غَیْرُکَ کے بعد یہ اضافہ ہے۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ، لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

اَللّٰہُ اَکْبَرُ کَبِیْرًا، اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ۔ مِنْ ھَمْزِہٖ وَنَفْخِہٖ وَنَفْثِہٖ۔

یہ دعا پڑھنے کے بعد آپ قرأت شروع فرماتے تھے۔

ف:۔ واضح ہو کہ یہ اور اس قسم کی حدیثوں کی وجہ سے ثناء کے بعد نوافل میں مذکورہ دعاؤں اور مسنون اذکار کا اضافہ کر سکتے ہیں۔ حنفی مذہب بھی یہی ہے۔

۱۵۹۳ وَعَنْ رَّبِیْعَۃَ بْنِ کَعْبِ نِ الْاَسْلَمِیِّ قَالَ کُنْتُ اَبِیْتُ عِنْدَ حُجْرَۃِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَکُنْتُ اَسْمَعُہٗ اِذَا قَامَ مِنَ اللَّیْلِ یَقُوْلُ سُبْحَانَ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ الْھَوِیَّ ثُمَّ یَقُوْلُ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ الْھَوِیَّ رَوَاہُ النَّسَائِیُّ وَلِلتِّرْمِذِیِّ نَحْوُہٗ وَقَالَ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ۔

حضرت ربیعہ بن کعب اسلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے حجرۂ مبارک کے اتنا قریب سویا کرتا تھا کہ حضور اندر جو پڑھا کرتے وہ مجھے سنائی دیا کرتا، جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم رات کو تہجد کے لیے اٹھتے تو بہت دیر تک "سُبْحَانَ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ" (سارے عالموں کا رب سب عیبوں سے پاک ہے) پڑھتے رہتے، پھر اس کے بعد بہت دیر تک "سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ" (اللہ تعالیٰ کی سب عیبوں سے پاکی بیان کرتے ہوئے میں اس کی تعریف کرتا ہوں) پڑھا کرتے، اس کی روایت نسائی نے کی ہے اور ترمذی نے بھی اس طرح روایت کی ہے۔

۱۵۹۴ وَعَنْ عَائِشَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھَا قَالَتْ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا اسْتَیْقَظَ مِنَ اللَّیْلِ قَالَ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اَللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ اَسْتَغْفِرُکَ لِذَنْبِیْ وَاَسْاَلُکَ رَحْمَتَکَ اَللّٰھُمَّ زِدْنِیْ عِلْمًا وَّلَا تُزِغْ قَلْبِیْ بَعْدَ اِذْ ھَدَیْتَنِیْ وَھَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْکَ رَحْمَۃً اِنَّکَ اَنْتَ الْوَھَّابُ۔

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے، آپ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم رات کو تہجد کے لیے جب نیند سے بیدار ہوتے تو یہ دعا پڑھتے۔ آپ کے سوا کوئی معبود نہیں اے اللہ میں آپ کی تعریف کرتے ہوئے تمام عیبوں سے آپ کی پاکی بیان کرتا ہوں (امت کو سکھانے کے لیے فرماتے ہیں) اے اللہ اب نادم و شرمندہ ہو کر عرض کرتا ہوں کہ آپ میرے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗد)

۱۵۹۵ وَعَنْ شَرِيقٍ الْهَوْزَنِيِّ قَالَ دَخَلْتُ عَلَى عَائِشَةَ فَسَأَلْتُهَا بِمَ كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْتَتِحُ إِذَا هَبَّ مِنَ اللَّيْلِ فَقَالَتْ سَأَلْتَنِي عَنْ شَيْءٍ مَا سَأَلَنِي عَنْهُ أَحَدٌ قَبْلَكَ كَانَ إِذَا هَبَّ مِنَ اللَّيْلِ كَبَّرَ عَشْرًا وَقَالَ سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهِ عَشْرًا وَقَالَ سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوسِ عَشْرًا وَاسْتَغْفَرَ اللهَ عَشْرًا وَهَلَّلَ اللهَ عَشْرًا ثُمَّ قَالَ اللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ ضِيقِ الدُّنْيَا وَضِيقِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ عَشْرًا ثُمَّ يَفْتَتِحُ الصَّلَاةَ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗد)

گناہوں کو معاف فرما دیں (اے اللہ) میں ہر طرف سے مایوس ہو گیا ہوں صرف آپ ہی کی رحمت پر بھروسہ ہے۔ آپ مجھ پر رحمت نازل کیجیے، مجھ پر آپ رحم کیجئے، اے اللہ میں کیا اور میرا علم کیا، علم کے تو بے حد مراتب ہیں اس لیے دعا کرتا ہوں کہ آپ ہر وقت میرا علم زیادہ فرماتے رہیے، (اے اللہ) ہر گھڑی دل کی حالت بدلتی رہتی ہے ہماری کسی حالت پر بھروسہ نہیں، آپ محض اپنے فضل وکرم سے مجھے ہدایت دیتے رہیئے اور دل کو گمراہی کی طرف جانے نہ دیجئے، میرا بھروسہ آپ ہی کی رحمت پر ہے آپ اپنی رحمت سے مجھے ہدایت پر قائم رکھیئے۔ (یہ جو کچھ میں مانگ رہا ہوں، میرے اعتبار سے بہت بڑی چیز ہے، آپ کے لحاظ سے کچھ بھی نہیں اس لیے کہ) آپ بہت عطاء کرنے والے ہیں، آپ کی عطا کی کوئی حد نہیں۔ اس کی روایت ابوداؤد نے کی ہے۔

حضرت شریق ہوزنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا، اور عرض کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم رات کو جب تہجد کے لیے بیدار ہوتے تو ابتداء کن اذکار سے فرماتے تھے؟ ام المؤمنین نے ارشاد فرمایا تم نے مجھ سے وہ بات دریافت کی ہے جس کو آج تک کسی نے مجھ سے دریافت نہیں کیا (اس سے تمہارے طلب علم کا شوق معلوم ہوتا ہے)، حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جب رات کو بیدار ہوتے دس بار تکبیر (اللہ اکبر) اور دس بار تحمید (الحمد للہ) اور دس بار سبحان اللہ وبحمدہ اور دس بار سبحان الملک القدوس اور دس بار استغفار اور دس بار تہلیل (کلمہ شریف) پڑھتے پھر دس بار کہتے اے اللہ میں دنیا اور قیامت کی تنگی سے تیری پناہ مانگتا

www.waseemziyai.com
MAPKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ہوں، پھر آپ نماز شروع فرماتے۔ (ابوداؤد)

۱۵۹۶ وَعَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَعَارَّ مِنَ اللَّيْلِ فَقَالَ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ ثُمَّ قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِي أَوْ قَالَ ثُمَّ دَعَا أُسْتُجِيبَ لَهُ فَإِنْ تَوَضَّأَ وَصَلّٰى قُبِلَتْ صَلَاتُهُ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص رات کو بیدار ہو تو کہے (یہ دعا پڑھے) اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لیے بادشاہی ہے، اور اسی کے لیے حمد ہے، اور وہ ہر چیز پر قادر ہے، پاک ہے اللہ اور اللہ ہی کے لیے حمد ہے، اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، اور اللہ سب سے بڑا ہے، اور اللہ کے سوا گناہوں سے بچنے کی طاقت اور نیکی کرنے کی قوت نہیں ہے۔ پھر یہ دعا پڑھے اے میرے رب! مجھے بخشش دے، یا یہ فرمایا کہ پھر دعا مانگے تو قبول ہو گی، پھر اگر وضو کرے اور نماز پڑھے تو وہ نماز قبول کی جائے گی۔

۱۵۹۷/۸ وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَبِيتُ عَلٰى ذِكْرٍ طَاهِرًا فَيَتَعَارُّ مِنَ اللَّيْلِ فَيَسْأَلُ اللّٰهَ خَيْرًا إِلَّا أَعْطَاهُ اللّٰهُ إِيَّاهُ۔

(رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُو دَاوُدَ)

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کوئی ایسا بندہ نہیں جو پاک صاف ہو کر اللہ تعالیٰ کے ذکر میں رات گذارے، پھر رات کو اٹھے، پس اللہ تعالیٰ سے خیر مانگے، مگر اللہ تعالیٰ اسے وہ دے دیتا ہے۔

بَابُ التَّحْرِيضِ عَلٰى قِيَامِ اللَّيْلِ

باب، رات کو اٹھنے کی ترغیب کے بیان میں

وَقَوْلُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ:
إِنَّ نَاشِئَةَ اللَّيْلِ هِيَ أَشَدُّ وَطْأً وَأَقْوَمُ قِيلًا۔

اللہ کا فرمان ہے۔
اور بے شک رات کا اٹھنا وہ زیادہ دباؤ ڈالتا ہے اور بات خوب سیدھی نکلتی ہے۔
(المزمل ۷۳/۷)

یعنی رات کو نماز کے لیے سو کر جاگنا دیگر نمازوں سے زیادہ گراں ہے، معلوم ہوا کہ تہجد کی نماز رات کو سونے کے بعد اٹھ کر پڑھنی چاہیے، تہجد کی نماز بہت اہم اور فائدہ مند ہے، جبکہ خضوع وخشوع

اس وقت میں حاصل ہوتا ہے کسی اور نماز کے وقت میں حاصل نہیں ہوتا، تہجد کے وقت میں رب تعالیٰ کی خاص رحمتیں نازل ہوتی ہیں، صوفیاء فرماتے ہیں تہجد کی نماز میں جنت کی لذتیں ہوتی ہیں۔
(نور العرفان و مراۃ)

۱۵۹۸ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَعْقِدُ الشَّیْطَانُ عَلٰی قَافِیَۃِ رَاْسِ اَحَدِکُمْ اِذَا ھُوَ نَامَ ثَلٰثَ عُقَدٍ یَضْرِبُ عَلٰی کُلِّ عُقْدَۃٍ عَلَیْکَ لَیْلٌ طَوِیْلٌ فَارْقُدْ فَاِنِ اسْتَیْقَظَ فَذَکَرَ اللّٰہَ انْحَلَّتْ عُقْدَۃٌ فَاِنْ تَوَضَّاَ انْحَلَّتْ عُقْدَۃٌ فَاِنْ صَلّٰی انْحَلَّتْ عُقْدَۃٌ فَاَصْبَحَ نَشِیْطًا طَیِّبَ النَّفْسِ وَاِلَّا اَصْبَحَ خَبِیْثَ النَّفْسِ کَسْلَانَ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا، شیطان تم میں سے کسی کے سر کی گدی کے نیچے تین گرہیں لگا دیتا ہے جس وقت وہ آدمی سوتا ہے، ہر گرہ پر وہ یہ ڈالتا ہے کہ رات بہت لمبی ہے سو جا، پھر جب وہ بیدار ہو جائے اور اللہ تعالیٰ کا ذکر کرے، تو ایک گرہ کھل جاتی ہے پھر اگر وضو کرے تو دوسری گرہ کھل جاتی ہے پھر اگر نماز پڑھ لے تو تیسری گرہ کھل جاتی ہے اور وہ خوش دل، پاک نفس صبح کرتا ہے ورنہ پلید طبیعت اور سست صبح پاتا ہے،
(بخاری و مسلم)

۱۵۹۹ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ ذُکِرَ عِنْدَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ فَقِیْلَ لَہٗ مَا زَالَ نَائِمًا حَتّٰی اَصْبَحَ مَا قَامَ اِلَی الصَّلٰوۃِ قَالَ ذٰلِکَ رَجُلٌ بَالَ الشَّیْطَانُ فِیْ اُذُنِہٖ اَوْ قَالَ فِیْ اُذُنَیْہِ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے سامنے تذکرہ آیا کہ ایک شخص رات بھر صبح صادق تک سوتا ہے تہجد کی نماز کے لیے نہیں اُٹھتا تو حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ یہ ایسا شخص ہے کہ شیطان اس کے کانوں میں پیشاب کر دیتا ہے[1]
(بخاری اور مسلم)

۱۶۰۰ وَعَنْ اُمِّ سَلَمَۃَ قَالَتِ اسْتَیْقَظَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَیْلَۃً فَزِعًا یَقُوْلُ سُبْحَانَ اللّٰہِ مَاذَا اُنْزِلَ

ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ ایک رات نبی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کو دیکھا کہ آپ نیند

---

[1] کہ اس کو خبر ہی نہیں ہوتی کہ رات کتنی گذری اور اس پر غفلت طاری ہو جاتی ہے اور وہ پڑا سویا رہتا ہے اس لیے بعض بزرگوں نے فرمایا ہے کہ ایسا شخص جو رات بھر پڑا سو رہا ہو کان میں انگلی رکھ کر دیکھے تو کان میں پیشاب کی تری محسوس ہوگی۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OWAIS ISLAMIA ACADEMY

اللَّيْلَةَ مِنَ الْخَزَائِنِ وَمَاذَا أُنْزِلَ مِنَ الْفِتَنِ مَنْ يُوقِظُ صَوَاحِبَ الْحُجُرَاتِ يُرِيدُ أَزْوَاجَهُ لِكَيْ يُصَلِّينَ رُبَّ كَاسِيَةٍ فِي الدُّنْيَا عَارِيَةٌ فِي الْآخِرَةِ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

سے گھبرائے ہوئے اٹھے، خود آپ تعجب سے فرمانے لگے "سبحان اللہ"! آج کی رات کیا دیکھتا ہوں کہ ان کو بے شمار خزانے دیئے جا رہے ہیں اور کیا دیکھتا ہوں کہ طرح طرح کے فتنے بھی میری امت پر نازل ہو رہے ہیں کوئی ہے کہ میرے حجرے والیوں (ازواج مطہرات) کو جگا دے کہ اب سونے کا وقت نہیں ہے، اٹھو! جاگو! خدا سے گڑگڑا کر دعائیں کرو، اور تہجد پڑھو تا کہ اللہ تعالیٰ تہجد کی برکت سے مال و دولت اور فساد و خون ریزی کے فتنہ سے ہم کو بچائے[۱] اس کی روایت (بخاری) نے کی ہے۔

۱۶۰۱ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا عَبْدَ اللّٰهِ لَا تَكُنْ مِثْلَ فُلَانٍ كَانَ يَقُومُ مِنَ اللَّيْلِ فَتَرَكَ قِيَامَ اللَّيْلِ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے ارشاد فرمایا اے عبداللہ! تم فلاں شخص کی طرح نہ ہو جانا جو رات کو تہجد کے لیے اٹھا کرتا تھا لیکن پھر اس نے رات کو تہجد کے لیے اُٹھنا چھوڑ دیا[۲]
(بخاری اور مسلم)

۱۶۰۲ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْزِلُ رَبُّنَا تَبَارَكَ وَتَعَالَى كُلَّ لَيْلَةٍ إِلَى السَّمَاءِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ہر رات

---

[۱] مال و دولت کے فتنوں میں سے ایک فتنہ یہ ہے کہ عورتیں نہایت باریک اور قیمتی لباس پہنیں گی جس سے اندر کا جسم ظاہر ہوگا اور نخوت و غرور پیدا ہوگا جس کے سبب سے یہ قیامت کے دن برہنہ اٹھیں گی، دنیا میں جتنا غرور کرے گی آخرت میں اتنا ہی ذلیل ہوگی، جیسے دنیا میں باریک لباس پہن کر برہنہ تھی، ویسے ہی آخرت میں برہنہ رہے گی۔

[۲] اس لیے کہ اللہ تعالیٰ کو عبادت پر مداومت کرنا پسند ہے، اگرچہ وہ عبادت تھوڑی ہی کیوں نہ ہو، اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جو شخص رات کو عبادت کرتا ہو، اس کو رات کی عبادت بالکل ترک کر دینا مکروہ ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

الدُّنْيَا حِيْنَ يَبْقٰى ثُلُثُ اللَّيْلِ الْاٰخِرِ يَقُوْلُ مَنْ يَّدْعُوْنِيْ فَاَسْتَجِيْبَ لَهٗ مَنْ يَّسْاَلُنِيْ فَاُعْطِيَهٗ مَنْ يَّسْتَغْفِرُنِيْ فَاَغْفِرَ لَهٗ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِّمُسْلِمٍ ثُمَّ يَبْسُطُ يَدَيْهِ وَيَقُوْلُ مَنْ يُّقْرِضُ غَيْرَ عَدُوْمٍ وَّلَا ظَلُوْمٍ حَتّٰى يَنْفَجِرَ الْفَجْرُ۔

جب کہ اس کا تہائی حصہ باقی رہ جاتا ہے، تو ہمارا رب جو بڑی برکت والا اور بڑی شان والا ہے دنیا سے جو قریب آسمان ہے اس پر نزول فرماتا ہے، جس طرح اس کی شان کے لائق ہے، ارشاد فرماتا کوئی ہے جو مجھ سے دعا کرے اور میں اس کی دعا قبول کروں؛ ہے کوئی جو مجھ سے مانگے اور میں اس کو عطا کروں؛ ہے کوئی ایسا گنہگار[1] جو گناہوں کی معافی چاہے تو میں اس کے گناہوں کو معاف کرنے کے لیے تیار رہوں (بخاری اور مسلم) اور مسلم کی ایک روایت میں ہے، پھر اللہ تعالے اپنے دونوں ہاتھ پھیلاتا ہے اور فرماتا ہے کوئی ایسا شخص جو قرض دے اس ذات کو جو محتاج نہیں ہے (قرض کی ادائگی اس پر بار نہیں) اور نہ وہ ظالم ہے[2] اس قسم کے طرح طرح کے ارشادات ہوتے رہتے ہیں، یہاں تک کہ صبح صادق طلوع کرتی ہے۔

ف:۔ نزول فرمانے کے معنی تو معلوم ہیں مگر اس کی کیفیت ہم کو معلوم نہیں، "لَا یَعْلَمُ تَاْوِیْلَہٗ اِلَّا اللہُ" کے سوا امت میں سے کوئی اس کی تاویل اور تفسیر کو نہیں جانتا، یہ متشابہات سے ہے اس پر ایمان لانا ضروری ہے، اس کی کیفیت معلوم کرنے کی کھوج کرنا جائز نہیں ہے، اس لیے ہم ایمان لاتے ہیں کہ بے شک ہمارا رب رات کے آخری تہائی حصہ میں آسمان دنیا پر نزول فرما کر نہایت محبت سے ارشاد فرماتا ہے۔

ف:۔ کہ قرض کی ادائگی پر قدرت رکھنے کے باوجود قرض ادا نہ کرے اے قرض دینے والے ہم تیرے قرض کو دگنا، تگنا اور کئی گنا بڑھا کر پھر تجھ کو دیں گے اس وقت تجھ کو معلوم ہوگا کہ ہم کیسے دینے والے ہیں، قرض بھی ادا کریں گے اور اس کے صلہ میں تجھے وہ وہ نعمتیں دیں گے جن کو نہ تو تیری آنکھوں نے دیکھا اور نہ تیرے کانوں نے سنا ہے! کیا تو سمجھا کہ ہم تجھ سے جو قرض مانگ رہے ہیں اس سے ہماری مراد کیا ہے؟ ہم چاہتے ہیں کہ خیرات کرے، قرض کا لفظ اس لیے کہہ رہے ہیں کہ تیرا خیرات کرنا، تیرا روپیہ ضائع کرنا نہیں ہے، نہیں، نہیں! اس خیرات کی جو تو ہم کو دے گا

[1] جو گناہوں کی وجہ سے نادم و شرمندہ ہے، اس کو میری رحمت سے مایوس نہ ہونا چاہیئے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

قرض سمجھ، ہم اس کو بہت بڑھا کر تجھے پھر لوٹا دیں گے اور آخرت میں کئی گنا بڑھا کر اس کا صلہ دیں گے۔

١٦٠٣ (٦) وَعَنْ عَمْرِو بْنِ عَبَسَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقْرَبُ مَا يَكُوْنُ الرَّبُّ مِنَ الْعَبْدِ فِيْ جَوْفِ اللَّيْلِ الْاٰخِرِ فَاِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ تَكُوْنَ مِمَّنْ يَّذْكُرُ اللّٰهَ فِيْ تِلْكَ السَّاعَةِ فَكُنْ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ اِسْنَادًا۔

حضرت عمرو بن عبسہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ (یوں تو ہر بندے کی رگِ گردن سے زیادہ قریب ہیں مگر) آخری تہائی رات میں اپنے بندہ سے بہت ہی قریب ہوجاتے ہیں[1] اگر تجھ سے ہوسکے تو اس وقت اللہ کے ذکر کرنے والوں میں سے ہوجا (پھر تو کہاں اور یہ قرب کہاں) (ترمذی)

١٦٠٤ (٧) وَعَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ قَالَ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَيُّ الدُّعَاءِ اَسْمَعُ قَالَ جَوْفُ اللَّيْلِ الْاٰخِرِ وَدُبُرُ الصَّلَوَاتِ الْمَكْتُوْبَاتِ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابو امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے دریافت کیا گیا کہ یا رسول اللہ! وہ کونسا وقت ہے جس میں دعاء تمام اوقات سے زیادہ قبول ہوتی ہے تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا: رات کے آخری تہائی حصہ کی دعا بہت جلد قبول ہوتی ہے اور ایسا ہی فرض نمازوں کے بعد جو دعا کی جاتی ہے وہ بھی بہت جلد قبول ہوتی ہے۔ اس کی روایت ترمذی نے کی ہے۔

١٦٠٥ (٨) وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَفْضَلُ الصَّلٰوةِ بَعْدَ الْمَفْرُوْضَةِ صَلٰوةٌ فِيْ جَوْفِ اللَّيْلِ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو ارشاد فرماتے سنا ہے فرائض (اور ان کے توابع مؤکدہ سنتوں) کے سوا رات دن کے باقی تمام نوافل سے تہجد جو رات کے آخری تہائی حصہ میں پڑھی جاتی ہے افضل ہے (اس لیے

---

[1] کیا کہوں کیسے قریب ہوجاتے ہیں، ایسا قریب ہوتے ہیں جیسا کہ ان کی شان کے سزاوار ہے، یہ بھی متشابہات سے ہے، قریب ہونے کے معنی معلوم ہیں مگر اس کی کیفیت معلوم نہیں، ہم ایمان لاتے ہیں کہ رات کے آخری تہائی حصہ میں اللہ تعالیٰ ہم سے بہت ہی قریب ہو جاتے ہیں، اے بندے! اللہ تعالیٰ سے تجھے اس طرح قرب حاصل ہوگیا ہے، اس کو تو غنیمت جان!

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

کہ تہجد نفس پر بہت شاق ہوتی ہے اور اس میں ریا بھی نہیں ہے) اس حدیث کی روایت امام احمد نے کی ہے ۔

ف : بارہ رکعت سنن موکدہ جو دن رات میں فرائض کے ساتھ پڑھی جاتی ہیں، ان کی فضیلت کا کیا کہنا؟ یہ بارہ رکعت فرائض کے کمالات ہیں اس سے بڑھ کر ان کی اور کیا فضیلت ہوسکتی ہے؟

۱۶۰۶/۹ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ فِي اللَّيْلِ لَسَاعَةً لَا يُوَافِقُهَا رَجُلٌ مُسْلِمٌ يَسْأَلُ اللّٰهَ فِيهَا خَيْرًا مِنْ أَمْرِ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ إِلَّا أَعْطَاهُ إِيَّاهُ وَذٰلِكَ كُلَّ لَيْلَةٍ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو ارشاد فرماتے سنا ہے کہ جو مسلمان چاہتا ہے کہ اس کی دعا قبول ہو تو اس کو یاد رکھنا چاہیئے کہ ہر رات ایک گھڑی ایسی آتی ہے کہ اس میں ضرور دعاء بھی قبول ہوتی ہے، چاہے دنیا کی بھلائی مانگیں یا آخرت کی ۔ (مسلم)

۱۶۰۷/۱۰ وَعَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ كَانَ لِدَاوُدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ مِنَ اللَّيْلِ سَاعَةٌ يُوقِظُ فِيهَا أَهْلَهُ يَقُولُ يَا آلَ دَاوُدَ قُومُوا فَصَلُّوا فَإِنَّ هٰذِهِ سَاعَةٌ يَسْتَجِيبُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فِيهَا الدُّعَاءَ إِلَّا لِسَاحِرٍ أَوْ عَشَّارٍ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ)

حضرت عثمان بن ابی العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ داود نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسّلام کا رات میں ایک وقت ایسا مقرر تھا جس میں آپ خود بھی عبادت فرماتے اور اپنے گھر والوں کو بھی جگاتے تھے اور فرمایا کرتے تھے اے داؤد کے گھر والو! اٹھو! جاگو! نماز پڑھو (کیا تم کو کچھ معلوم ہے کہ یہ کیسا وقت ہے) اس وقت اللہ تعالیٰ عبادت کرنے والے کی عبادت اور دعا کرنے والے کی دعا قبول فرماتے ہیں (ایسے مبارک وقت کو غفلت میں مت ضائع کرو ، ہاں ایسے مقبول وقت میں بھی) جادوگر کی دعا اور ظلم سے چنگی وصول کرنے والے کی دعا قبول نہیں فرماتے۔ (یہ دونوں چیزیں اللہ تعالیٰ کو غضب میں لاتی ہیں اور مقبولیت وقت کا بھی ان پر اثر نہیں ہوتا) اس کی روایت امام احمد نے کی ہے ۔

۱۶۰۸/۱۱ وَعَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ

حضرت ابو امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMI ISLAMIA ACADEMY

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلَیْکُمْ بِقِیَامِ اللَّیْلِ فَاِنَّہٗ دَاْبُ الصَّالِحِیْنَ قَبْلَکُمْ وَھُوَ قُرْبَۃٌ لَکُمْ اِلٰی رَبِّکُمْ وَمُکَفِّرَۃٌ لِلسَّیِّاٰتِ وَمَنْھَاۃٌ عَنِ الْاِثْمِ۔

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)

ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ مسلمانو! تہجد ضرور پڑھا کرو (تم کو خبر نہیں کہ) تم سے پہلے جو صالحین گذرے ہیں تہجد پڑھنا ان کا طریقہ خاص تھا، اسی سے وہ اللہ تعالیٰ کا تقرب حاصل کرتے تھے (تم تو خیر الامم ہو، تم بھی تہجد ضرور پڑھا کرو) تہجد سے تم کو اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل ہوگا اور اسی تہجد کی وجہ سے تم سے بُرائیاں دور ہوں گی، یہ تم کو گناہوں سے روکے گی۔

(ترمذی)

۱۶۰۹/۱۲ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَۃٌ یَضْحَکُ اللّٰہُ اِلَیْھِمُ الرَّجُلُ اِذَا قَامَ بِاللَّیْلِ یُصَلِّیْ وَالْقَوْمُ اِذَا صَفُّوْا فِی الصَّلٰوۃِ وَالْقَوْمُ اِذَا صَفُّوْا فِیْ قِتَالِ الْعَدُوِّ۔

(رَوَاہُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّۃِ)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: تین طرح کے لوگ ہیں، ان کو دیکھ کر اللہ تعالیٰ ہنستے ہیں، جس طرح ان کی شان کے سزاوار ہے۔ ایک تو وہ شخص ہے جو رات کے وقت تہجد پڑھنے کھڑا ہوا، دوسرے جن کو دیکھ کر اللہ تعالیٰ ہنستے ہیں وہ لوگ ہیں جو نماز کے لیے صف بندی کرتے ہیں، تیسرے جن کو دیکھ کر اللہ تعالیٰ ہنستے ہیں وہ لوگ ہیں (جو محض اعلاء کلمۃ اللہ کے لیے جان پر کھیل کر) اللہ کے دشمنوں سے لڑنے کے لیے ان کے مقابلہ میں صف بستہ ڈٹے ہوئے کھڑے رہتے ہیں، اس کی روایت امام بغوی نے شرح السنۃ میں کی ہے۔

ف۱ یہ ہنسنا اللہ تعالیٰ کی خوشنودی اور راضی ہونے کی علامت ہے اللہ تعالیٰ کا ہنسنا بھی متشابہات سے ہے، ہم اس پر ایمان لائے ہیں، بے شک اللہ تعالیٰ ہنستے ہیں ہنسنے کے معنی تو معلوم ہیں، مگر اس کی کیفیت معلوم نہیں، کیسے خوش تقدیر ہیں، وہ لوگ جن سے اللہ راضی ہوکر ہنسیں، جن کو دیکھ کر اللہ تعالیٰ ہنستے ہیں۔

ف: یہ صف بندی اللہ تعالیٰ کو نہایت پیاری معلوم ہوتی ہے ان کے فعل کو پسند کرکے اور ان سے راضی ہوکر اللہ تعالیٰ ہنستے ہیں۔

۱۶۱۰/۱۳ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَحِمَ اللّٰهُ رَجُلًا قَامَ مِنَ اللَّيْلِ فَصَلّٰى وَاَيْقَظَ اِمْرَاَتَهٗ فَصَلَّتْ فَاِنْ اَبَتْ نَضَحَ فِيْ وَجْهِهَا الْمَآءَ رَحِمَ اللّٰهُ اِمْرَاَةً قَامَتْ مِنَ اللَّيْلِ فَصَلَّتْ وَاَيْقَظَتْ زَوْجَهَا فَصَلّٰى فَاِنْ اَبٰى نَضَحَتْ فِيْ وَجْهِهِ الْمَآءَ

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ وَالنَّسَآئِيُّ)

ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ اس شخص پر اپنی رحمت بھیجتے ہیں جو خود بھی تہجد کے لیے اُٹھتا ہے اور تہجد پڑھتا ہے بیوی کو جگانے کی کوشش کرتا ہے، وہ بھی اٹھ کر تہجد پڑھنے کے لیے کھڑی ہوجاتی ہے تو بہتر ہے اگر وہ غلبۂ نیند کی وجہ سے نہ جاگے تو اس کے منہ پر پانی چھڑک کر نیند سے جگاتا ہے، اللہ تعالیٰ اس عورت پر بھی اپنی رحمت بھیجتے ہیں جو خود بھی تہجد کے لیے اٹھتی ہے اور تہجد پڑھتی ہے خاوند کو جگانے کی کوشش کرتی ہے اگر وہ جاگ گیا اور تہجد پڑھنے کے لیے کھڑا ہوگیا تو بہتر ہے اگر وہ غلبہ نیند کی وجہ سے نہ جاگے تو اس کے منہ پر پانی چھڑک کر نیند سے جگاتی ہے۔ (ابوداؤد اور نسائی)

ف، ماشاء اللہ کیسا اچھا شوہر اور کیسی اچھی بیوی ہے! اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان دونوں میں کیسے محبت اور اتفاق سے گزرتی ہے پر دونوں اللہ کی عبادت کے لیے کیسے آپس میں ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں۔

۱۶۱۱ / ۱۴ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيْقَظَ الرَّجُلُ اَهْلَهٗ مِنَ اللَّيْلِ فَصَلَّيَا اَوْ صَلّٰى رَكْعَتَيْنِ جَمِيْعًا كُتِبَا فِي الذّٰكِرِيْنَ وَالذّٰكِرَاتِ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابوسعید اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما دونوں روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب کوئی شخص نیند سے تہجد کے لیے خود بھی اٹھتا ہے اور اپنے اہل وعیال کو بھی جگاتا ہے اور یہ سب مل کر تہجد کے آٹھ یا کم سے کم) دو رکعت ہی پڑھ لیں تو اللہ تعالیٰ مردوں کا نام ذاکرین میں یعنی ان لوگوں میں جو اللہ تعالیٰ کا بہت ذکر کرتے ہیں اور عورتوں کا نام ذاکرات میں یعنی اللہ تعالیٰ کا کثرت سے ذکر کرتے والیوں میں لکھ دیتے ہیں۔ (ابوداؤد اور ابن ماجہ)

ف، تہجد کا کیا مبارک وقت ہے کہ تھوڑی سی عبادت سے بہت عبادت کا ثواب ملتا ہے۔

۱۶۱۲ / ۱۵ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ اَبَاهُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَانَ يُصَلِّيْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ان کے والد حضرت عمر بن خطاب

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

مِنَ اللَّيْلِ مَا شَاءَ اللهُ حَتّٰى إِذَا كَانَ مِنْ اٰخِرِ اللَّيْلِ أَيْقَظَ أَهْلَهُ لِلصَّلَاةِ يَقُوْلُ لَهُمُ الصَّلَاةَ ثُمَّ يَتْلُوْ هٰذِهِ الْاٰيَةَ وَأْمُرْ أَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَاصْطَبِرْ عَلَيْهَا لَا نَسْئَلُكَ رِزْقًا نَحْنُ نَرْزُقُكَ وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوٰى۔

(رَوَاهُ مَالِكٌ)

رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی عادت شریف تھی کہ وہ رات کو تہجد کے لیے بیدار ہوتے اور جتنی رکعتیں اور جتنا وقت مقدر میں لکھا ہوتا اس کو پورا کرتے پھر جب دیکھتے کہ پچھلی رات ہوگئی ہے تو اپنے اہل وعیال کو جگاتے اور فرماتے تم بھی نماز پڑھو، پھر (سورۂ طہٰ پ۱۶ کی) اس آیت کو تلاوت فرماتے۔ اور اپنے گھر والوں کو نماز کا حکم دے اور خود اس پر ثابت قدم رہ، کچھ ہم تم سے روزی نہیں مانگتے اور ہم تجھے روزی دیں گے اور انجام کا بھلا پرہیزگار کے لیے (اس کی روایت امام مالک نے کی ہے)

ف: اٹھو! اٹھو! اب سونے کا وقت نہیں! جاگو! جاگو رحمت کے خزانے لٹ رہے ہیں۔

۱۶۱۳ وَعَنْ أَبِيْ مَالِكٍ الْأَشْعَرِيِّ قَالَ
۱۶
قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ فِي الْجَنَّةِ غُرَفًا يُرٰى ظَاهِرُهَا مِنْ بَاطِنِهَا وَبَاطِنُهَا مِنْ ظَاهِرِهَا أَعَدَّهَا اللهُ لِمَنْ أَلَانَ الْكَلَامَ وَأَطْعَمَ الطَّعَامَ وَتَابَعَ الصِّيَامَ وَصَلّٰى بِاللَّيْلِ وَالنَّاسُ نِيَامٌ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ وَرَوَى التِّرْمِذِيُّ عَنْ عَلِيٍّ نَحْوَهُ وَفِيْ رِوَايَتِهِ لِمَنْ أَطَابَ الْكَلَامَ۔

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جنت میں بالاخانے ہیں (ان کی لطافت وصفائی کیا کہوں ایسے شفاف ہیں) کہ جن کے اندر کی چیزیں باہر سے اور باہر کی چیزیں اندر سے نظر آتی ہیں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ وہ خوش اخلاق ہو، اور شیریں کلام ہو (اس کے نرم لہجہ سے اس کی خوش اخلاقی کا پتہ لگتا ہو) اس کے مزاج میں سخاوت ہو کہ محتاج کو) کھانا کھلاتا ہو (اور مہمانوں کی خاطر داری کرتا ہو) اکثر نفل روزے رکھا کرتا ہو (اور کم از کم ایام بیض یعنی ہر ماہ ہلالی کی (۱۳، ۱۴، ۱۵) کے روزے رکھا کرے) اور رات کو اٹھ کر تہجد پڑھا کرتا ہو، نیند کے ایسے غلبہ کے وقت میں جب کہ اور لوگ سو رہے ہوں (اور یہ خدا کے سامنے ہاتھ باندھ کر کھڑا ہوا ہے)، اس کی روایت بیہقی نے شعب الایمان میں کی ہے اور ترمذی نے بھی حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اسی طرح روایت کی ہے۔

ف: (کسی نے عرض کیا حضور! کیسا خوش تقدیر ہوگا وہ شخص جس کو یہ ملیں گے، اگر یہ کوشش سے مل سکتے

ہیں تو ہم بھی کوشش کریں گے، ارشاد ہو کہ یہ کس کو ملیں گے؟

ف ۲ :- کوئی خاص مرتبہ کے لوگوں کے لیے یہ بالاخانے نہیں ہیں بلکہ ہر ایسے شخص کے لیے ہیں جو ان صفات سے متصف ہو۔

۱۶۱۴/۱۷ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ فُلَانًا يُصَلِّيْ بِاللَّيْلِ فَاِذَا اَصْبَحَ سَرَقَ فَقَالَ اِنَّهٗ سَيَنْهَاهُ مَا تَقُوْلُ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں ہم سب بیٹھے ہوئے ہیں اور حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا اس شخص کو تم دیکھو گے کہ ایک دن ایسا آئے گا کہ تہجد کی نورانیت[۱] اس سے چوری چھڑا کر رہے گی۔ اس کی روایت امام احمد نے کی ہے اور بیہقی نے بھی اس کی روایت شعب الایمان میں کی ہے۔

۱۶۱۵/۱۸ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَشْرَافُ اُمَّتِيْ حَمَلَةُ الْقُرْاٰنِ وَاَصْحَابُ اللَّيْلِ۔

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا[۲] میری امت میں اشراف یعنی بڑے عزت والے وہ ہیں جو با عمل حافظ ہوں اور تہجد گزار ہوں (اس سے قرآن یاد کرنے کی اور شب بیداری کرنے کی فضیلت معلوم ہوتی ہے۔) اس کی روایت بیہقی نے شعب الایمان میں کی ہے۔

۱۶۱۶/۱۹ وَعَنِ الْمُغِيْرَةِ قَالَ قَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ حَتّٰى تَوَرَّمَتْ قَدَمَاهُ فَقِيْلَ لَهٗ لِمَ تَصْنَعُ هٰذَا وَقَدْ غُفِرَ لَكَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ قَالَ اَفَلَا اَكُوْنُ عَبْدًا شَكُوْرًا۔

حضرت مغیرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ[۳] تہجد میں قیام اس قدر طویل ہوتا تھا جس کی وجہ سے قدم مبارک پر ورم آجاتا تھا آپ کی اس مشقت کو دیکھ کر) صحابہ نے عرض کیا حضور! اس قدر مشقت کیوں اٹھاتے ہیں؟ آپ کے اگلے پچھلے گناہ تو معاف کر دیئے گئے ہیں تو حضور انور صلی اللہ

---

[۱] یوں تو ہر نماز آہستہ آہستہ ہر گناہ چھڑا دیتی ہے، مگر تہجد میں ایک خاص اثر ہے، تہجد سے دل میں ایک نورانیت پیدا ہونا شروع ہوتی ہے جیسے جیسے یہ نورانیت بڑھتی جاتی ہے ویسے ویسے تہجد پڑھنے والے کے دل میں گناہوں سے نفرت پیدا ہوتی ہے۔

[۲] دنیا والوں کے پاس بڑی عزت ان کی ہے جن کے پاس مال دولت ہو، اور حکومت ہو، اور اللہ کے پاس)

[۳] رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی تہجد کیا کہوں کیسی تہجد تھی؟

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کیا میں اس قدر عبادت کر کے اللہ تعالیٰ کا شکر گذار بندہ نہ بنوں؟ (بخاری ومسلم)

ف: اللہ تعالیٰ کو بھی آپ کی اس مشقت کی بڑی قدر تھی، اس لیے ارشاد ہوا۔ طٰهٰ ۝ مَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰٓى ۝ (سورۂ طٰہٰ پ ۱۶ ع ۱) میرے پیارے نبی (آپ کے جیسا کوئی شخص شکر گزار بندہ نہیں، آپ کا عبادت میں یہ مشقت اٹھانا ہم سے دیکھا نہیں جاتا) ہم آپ پر اس لیے قرآن نہیں اتارے ہیں کہ آپ اس قدر مشقت اٹھائیں)

۱۶۱۷/۲۰ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحَبُّ الصَّلٰوةِ اِلَى اللّٰهِ صَلٰوةُ دَاوٗدَ وَاَحَبُّ الصِّيَامِ اِلَى اللّٰهِ صِيَامُ دَاوٗدَ كَانَ يَنَامُ نِصْفَ اللَّيْلِ وَيَقُوْمُ ثُلُثَهٗ وَيَنَامُ سُدُسَهٗ وَيَصُوْمُ يَوْمًا وَيُفْطِرُ يَوْمًا.

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا حضرت داؤد علیہ السلام کی نماز تہجد اللہ تعالیٰ کو بہت پسند تھی ایسا ہی حضرت داؤد علیہ السلام کے نفل روزے بھی اللہ تعالیٰ کو بہت پسند تھے آپ رات کے چھ حصے کرتے، آدھی رات یعنی پہلے تین حصوں میں سو جاتے تھے، اور اس کے بعد کا چوتھا اور پانچواں حصہ تہجد میں گذارتے پھر آخری چھٹے حصہ میں سو جاتے (اب حضرت داؤد علیہ السلام کے نفل روزوں کی کیفیت سنئے) آپ ایک دن نفل روزہ رکھتے اور ایک دن روزہ چھوڑ دیتے[1]

(بخاری ومسلم)

ف: کہنے کو تو یہ آسان ہے مگر ان پر عمل کر کے دیکھئے تو معلوم ہوگا کہ یہ نفس پر کس قدر شاق ہیں، اب رہی یہ بات کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایسی تہجد کیوں نہیں پڑھتے تھے اور ایسے روزے کیوں نہیں رکھے؟ اگر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اس پر عمل کرتے تو امت کے لیے یہ سنت ہو جاتا، تہجد پڑھنے والے کو اسی طرح کرنا پڑتا، اور ہر نفل روزہ رکھنے والے کو اسی طرح روزے رکھنے پڑتے۔ آپ رحمۃ للعالمین ہیں، آپ نہیں چاہتے کہ امت کو اس طرح مجبور کریں، اور مشقت میں ڈالیں، اس لیے خود اس پر عمل نہ کر کے امت کو بتا دیا کہ تم کو

له کیا گناہوں کی مغفرت ہی کے لیے ریاضت کی جاتی ہے اور مشقت اٹھائی جاتی ہے، مجھ پر اللہ تعالیٰ کے ان گنت احسانات ہیں اور مجھ کو اللہ تعالیٰ سے اس قدر نعمتیں ملی ہیں کہ ان کا شکر اس طرح کی عبادت سے کیا کرتا ہوں)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

جس طرح تمہارے لیے نفل روزے رکھنے میں سہولت ہو اسی طرح روزے رکھو! بات بات میں آپ نے جو سہولت رکھی ہے اس سے دل چاہتا ہے کہ آپ پر قربان ہو جائیں۔

۱۶۱۸/۳۱ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ تَعْنِي رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنَامُ أَوَّلَ اللَّيْلِ وَيُحْيِي ثُمَّ إِنْ كَانَتْ لَهُ حَاجَةٌ إِلٰى أَهْلِهِ قَضٰى حَاجَتَهُ ثُمَّ يَنَامُ فَإِنْ كَانَ عِنْدَ النِّدَاءِ الْأَوَّلِ جُنُبًا وَثَبَ فَأَفَاضَ عَلَيْهِ الْمَاءَ وَإِنْ لَمْ يَكُنْ جُنُبًا تَوَضَّأَ لِلصَّلٰوةِ ثُمَّ صَلّٰى رَكْعَتَيْنِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت اُم المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی عادت مبارک تھی کہ آدھی رات تک آرام فرماتے تھے) پھر آخری نصف رات میں آپ کی تہجد کے مختلف اوقات تھے تہجد پڑھنے کے بعد اگر جماع کی حاجت ہوتی تو جماع سے فارغ ہو جاتے، پھر رات کے (چھٹے حصہ میں) آرام فرماتے) پھر صبح کی اذان ہوتے ہی آپ فوراً بیدار ہو جاتے اور اگر جنابت کی حالت میں ہوتے تو غسل سے فارغ ہو جاتے اور اگر جنابت کی حالت نہ ہوتی تو وضو فرماتے اور صبح کی دو سنتیں ادا کر کے فجر کے فرض کے لیے باہر تشریف لے جاتے۔ (بخاری ومسلم)

ف: عشاء کی نماز کے بعد اور ان وظائف سے فارغ ہو کر جن کو آپ عشاء کی نماز کے بعد پڑھا کرتے تھے

بَابُ الْقَصْدِ فِي الْعَمَلِ

یہ باب اعمال میں میانہ روی اختیار کرنے کے بیان میں ہے۔

(۱) وَقَوْلُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَاقْصِدْ فِيْ مَشْيِكَ۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے "اور میانہ چال چل" (القمان، ۲۱/ ۱۹)

نہ بہت تیز، نہ بہت سست کہ یہ دونوں باتیں مذموم ہیں، ایک میں شان تکبر ہے اور ایک میں چھچھورا پن حدیث شریف میں ہے کہ بہت تیز چلنا مومن کا وقار کھوتا ہے۔

(۲) وَقَوْلُهُ فَإِذَا قَضَيْتُمُ الصَّلٰوةَ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ قِيَامًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِكُمْ فَإِذَا اطْمَأْنَنْتُمْ فَأَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے، پھر جب تم نماز پڑھ چکو، تو اللہ کی یاد کرو کھڑے اور بیٹھے اور کروٹوں پر لیٹے پھر جب مطمئن ہو جاؤ تو حسب دستور نماز قائم کرو۔ (النساء ۵/ ۱۰۳)

ف یعنی ذکر الٰہی کی ہر حال میں مداومت کرو اور کسی حال میں اللہ کے ذکر سے غافل نہ رہو۔ حضرت

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے ہر فرض کی ایک حد متعین فرمائی ہے سوائے اللہ کے اس کی کوئی حد نہ رکھی فرمایا ذکر کرو کھڑے بیٹھے کروٹوں پر لیٹے رات ہو یا دن خشکی ہو یا تری ہر حالت میں ذکر کا حکم ہے۔

۱۶۱۹ عَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُفْطِرُ مِنَ الشَّهْرِ حَتّٰى اَنْ لَّا يَصُوْمَ مِنْهُ شَيْئًا وَّيَصُوْمُ حَتّٰى نَظُنَّ اَنْ لَّا يُفْطِرَ مِنْهُ شَيْئًا وَكَانَ لَا تَشَاءُ اَنْ تَرَاهُ مِنَ اللَّيْلِ مُصَلِّيًا اِلَّا رَاَيْتَهٗ وَلَا نَائِمًا اِلَّا رَاَيْتَهٗ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم بعض مہینوں میں روزے نہ رکھتے تھے اور اتنے دن ناغہ کرتے کہ ہمارا خیال ہو جاتا کہ اب آپ روزہ نہ رکھیں گے، پھر جب روزے رکھتے تو اتنے رکھتے کہ ہمارا خیال ہو جاتا کہ اب آپ روزہ ترک ہی نہ کریں گے (اب ایک دوسری مثال آپ کے اعتدال پسند ہونے کی سنیئے) حضور کے نماز شب کی کیفیت یہ تھی کہ اگر تم حضور کو نماز شب میں مشغول دیکھنا چاہتے تو دیکھ سکتے تھے اور اگر تم حضور کو سوتے ہوئے دیکھنا چاہتے تو ایسا بھی دیکھ سکتے تھے۔ (بخاری)

ف ۱: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ہر کام میں میانہ روی اور اعتدال ہوتا تھا تم کبھی حضور کو نہیں دیکھو گے کہ آپ کسی کام کو افراط سے کر رہے ہیں یا کسی کام میں تفریط کر رہے ہیں۔

ف ۲: اگر آپ کو اعتدال پسند نہ ہوتا تو ہمیشہ نفل روزے رکھتے، جس سے افراط ثابت ہوتا یا ہمیشہ نفل روزے ترک فرماتے جس سے تفریط معلوم ہوتی، ایسا نہ کر کے کبھی روزے رکھتے جب نشاط ہوتا کبھی روزے ترک کرتے، جب روزے ترک کرنے کی ضرورت معلوم ہوتی۔

ف ۳: اگر آپ کو اعتدال پسند نہ ہوتا اور آپ نماز پڑھتے تو تمام رات نماز پڑھتے رہتے اور سوتے تو تمام رات سویا کرتے، ایسا نہ کر کے آپ رات میں آرام بھی فرماتے اور نمازیں بھی پڑھتے اس لیے صاحبو! حضور کی سنت پر عمل کر کے ہر کام میں میانہ روی اور اعتدال اختیار کرو۔

۱۶۲۰ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحَبُّ الْاَعْمَالِ اِلَى اللّٰهِ اَدْوَمُهَا وَاِنْ قَلَّ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ آپ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ وہی اعمال اور وظائف اور نوافل) اللہ تعالیٰ کو نہایت پسندیدہ اور پیارے معلوم ہوتے جن پر ہمیشہ پابندی کی جائے اگرچہ وہ تھوڑے ہی کیوں نہ ہوں (بخاری ومسلم)

ف کبھی ان کو بہت زیادہ کرنا اور کبھی ان کو چھوڑ دینا اللہ تعالیٰ کو پسند نہیں، اس لیے اوراد و وظائف و نوافل

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

میں اعتدال چاہیئے تاکہ ہمیشہ کر سکیں، جو اللہ تعالیٰ کو محبوب ہے۔

۱۶۲۱ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَۃَ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ اَوٰی اِلٰی فِرَاشِہٖ طَاھِرًا وَذَکَرَ اللّٰہَ حَتّٰی یُدْرِکَہُ النُّعَاسُ لَمْ یَتَقَلَّبْ سَاعَۃً مِّنَ اللَّیْلِ یَسْاَلُ اللّٰہَ فِیْھَا خَیْرًا مِّنَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ اِلَّا اَعْطَاہُ اِیَّاہُ ذَکَرَہُ النَّوَوِیُّ فِیْ کِتَابِ الْاَذْکَارِ بِرِوَایَۃِ ابْنِ السُّنِّیِّ۔

حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ جس کو میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہے آپ ارشاد فرماتے تھے، جب کوئی مسلمان سونے کے لیے باوضو بستر پر جائے اور اللہ کا ذکر دل سے یا زبان سے کرتے ہوئے سو جائے اور رات میں کروٹیں بدلے تو اس وقت دنیا اور آخرت کی بھلائی کی جو بھی دعا کرے اللہ تعالیٰ اس کو قبول فرماتا ہے[۱] اس کی روایت امام نووی نے کتاب الاذکار میں ابن السنی کی روایت سے کی ہے۔

۱۶۲۲ وَعَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خُذُوْا مِنَ الْاَعْمَالِ مَا تُطِیْقُوْنَ فَاِنَّ اللّٰہَ لَا یَمَلُّ حَتّٰی تَمَلُّوْا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اوراد و وظائف ونوافل اپنے اوپر تم اسی قدر لازم کر لو جو تم سے ہمیشہ ہو سکیں اور اللہ تعالیٰ ثواب دینے سے تھکتے نہیں جب تک تم نہ تھک جاؤ۔ (بخاری و مسلم)

ف (دوام ان کو نباہ سکو، اس کا کیا فائدہ کہ چار دن کسی عمل کو کریں اور پھر چھوڑ بیٹھیں، تھوڑا ہی ہو مگر ہمیشہ ہو اس سے قلب میں وہ صفائی پیدا ہوتی ہے جو بہت سے اوراد و وظائف ونوافل شروع کر کے پھر چھوڑ دینے سے نہیں ہو سکتی، دیکھو! پانی کی لوٹ پتھر کی چٹان پر سے گزر جائے تو اس میں کوئی سوراخ نہیں پیدا کر سکتی، اس کے برخلاف اگر پتھر پر پانی کا ایک ایک قطرہ ہمیشہ ٹپکتا رہے تو ایک نہ ایک دن پتھر میں سوراخ کر کے رہے گا۔ اس کو بھی یاد رکھو کہ اللہ تعالیٰ کے پاس ثواب کے بے حد خزانے بھرے ہوئے ہیں)۔

ف: تم نے اپنے اوپر اوراد و وظائف ونوافل مقرر کر لیے جن کو نباہ نہ سکے اور تھک کر چھوڑ بیٹھے (اس سے کیا فائدہ، اسی لیے اوراد و وظائف ونوافل میں اعتدال اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم) کو بہت پسند ہے۔

---

[۱] دعا قبول ہونے کے لیے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ایک مختصر سا طریقہ بتلاتے ہیں جس پر پابندی بھی ہو سکتی ہے اور اس پر مداومت بھی آسان ہے وہ طریقہ یہ ہے۔

[۲] یہ ہے اعتدال کی تعلیم اسی طرح ہر کام کو اعتدال سے کرنا چاہیئے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

۱۶۲۳ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لِیُصَلِّ اَحَدُکُمْ نَشَاطَہٗ وَاِذَا فَتَرَ فَلْیَقْعُدْ ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی شخص نفل نماز پڑھ رہا ہو تو اس کو خیال رہے کہ جب تک دل میں فرحت ونشاط رہے اور پڑھنے کو جی چاہے اس وقت تک تو نماز پڑھتا رہے، جب نفل نمازوں کے پڑھنے سے دل اکتا جائے اور بیزار ہونے لگے تو زبردستی نفس کو مجبور کرکے نفل نماز نہ پڑھے بلکہ) تھوڑی دیر بیٹھ جائے اور آرام لے لے، (بخاری ومسلم)

ف پھر جب نشاط اور فرحت پیدا ہو تو نفل نماز پڑھے (اس حدیث شریف سے معلوم ہوا کہ جو شخص اوراد ووظائف ونوافل افراط سے پڑھ رہا ہو، یعنی اکثر اوقات سے پڑھا کرتا ہے اگرچہ یہ محمود ہے، اس خیال سے کہ کہیں تھک کر یا بیزار ہو کر چھوڑ نہ دے، اس سے اعتدال کا حکم دیا گیا ہے، اسی طرح کوئی شخص اوراد ووظائف ونوافل میں تفریط کر رہا ہے یعنی اس کے نہ اوراد ہیں نہ وظائف ہیں اور نہ نوافل ہیں، تو ایسے شخص کو ابھارا جاتا ہے کہ تیری یہ تفریط مناسب نہیں، تجھے اعتدال سے اوراد ووظائف ونوافل قائم کرنا چاہئیں۔ ایک دن آنے والا ہے کہ جس دن اوراد ووظائف ونوافل پڑھنے والوں کو جو درجات ملیں گے ان کو دیکھ کر یہ پچھتائے گا اور اس وقت پچھتانا کوئی فائدہ نہ دے گا۔ اب وقت ہے کہ تو اوراد ووظائف ونوافل اعتدال کے ساتھ جاری کر، تو اعتدال کا جو ارشاد ہوا ہے وہ افراط کرنے والے اور تفریط کرنے والے دونوں کے لیے ہے۔

۱۶۲۴ وَعَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا نَعَسَ اَحَدُکُمْ وَھُوَ یُصَلِّیْ فَلْیَرْقُدْ حَتّٰی یَذْھَبَ عَنْہُ النَّوْمُ فَاِنَّ اَحَدَکُمْ اِذَا صَلّٰی وَھُوَ نَاعِسٌ لَایَدْرِیْ لَعَلَّہٗ یَسْتَغْفِرُ فَیَسُبُّ نَفْسَہٗ ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی شخص (نفل) نماز پڑھ رہا ہو، اور وہ اونگھنے لگے، کیونکہ اگر وہ نماز پڑھتا چلا جائے، تو نہیں معلوم نیند کے غلبہ میں زبان سے کیا نکل جائے، دعا کی بجائے بد دعا کرنے لگے، مثلاً مغفرت کی دعا کرنا چاہتا ہے، اور نیند میں مغفرت مانگنے کی بجائے عذاب مانگ لے

MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

اسی لیے نوافل میں اعتدال کا حکم دیا گیا ہے تاکہ یہ نوبت ہی نہ آئے ۔ (بخاری ومسلم)

۱۶۲۵ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الدِّيْنَ يُسْرٌ وَّلَنْ يُّشَآدَّ الدِّيْنَ اَحَدٌ اِلَّا غَلَبَهٗ فَسَدِّدُوْا وَقَارِبُوْا وَاَبْشِرُوْا وَاسْتَعِيْنُوْا بِالْغُدْوَةِ وَالرَّوْحَةِ وَشَيْءٍ مِّنَ الدُّلْجَةِ ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: دین بہت آسان ہے[1] جو شخص دین میں اپنے اوپر سختی اختیار کرے گا یعنی بھاری بھاری عبادتوں کی عادات ڈالے گا اور سخت سخت عبادتیں کرکے دین کو مشکل بنالے گا[2] میانہ روی اختیار کرکے اللہ تعالیٰ کے مقرب بننے کی کوشش کریں[3] تجھے پورے پورے ثواب کی خوشخبری سناتے ہیں (اور اے وہ شخص جو نفل عبادات چھوڑے بیٹھا ہے تو کیوں پست ہمتی کر رہا ہے، تو بھی عبادات میں اعتدال کر تجھے بھی خوش خبری دی جاتی ہے کہ تجھ کو بھی وہی ثواب ملے گا جو افراط سے اعتدال پر آنے والے کو ملتا تھا۔ اب ہم تم کو اعتدال کا طریقہ بتاتے ہیں سنو!) نماز فجر کے وقت سے (اشراق کے وقت تک) نفل عبادات اور اوراد ووظائف میں مشغول رہو، اور عصر کے وقت سے مغرب تک کے وقت کو بھی غنیمت جانو! اور اوراد ووظائف میں مشغول رہو (یہ دونوں اوقات قبولیت ہیں، اور مغرب

---

۱ (تم راہبوں کی طرح اپنے کو مشقت میں مت ڈالو اور جو لوگ تفریط میں پڑے ہوئے ہیں کچھ بھی نفل عبادات نہیں کرتے ہیں۔ ان کو کہا جارہا ہے کہ دین بہت آسان ہے تم ایسی نفلی عبادات کب تک چھوڑے ہوئے رہوگے؟ ترقی کرکے اعتدال پر آجاؤ)

۲ بالآخر انھیں نباہ نہ سکے گا۔ اور ہمیشہ نہ کرسکے گا مجبور ہوکر چھوڑ بیٹھے گا، لہٰذا ایسے شخص کو، اور اس شخص کو بھی جو کچھ بھی نفل عبادتیں نہیں کرتا، ان دونوں کو چاہیے کہ۔

۳ (اے وہ شخص جو عبادات میں افراط کرنے والا ہے، تجھے جو اعتدال پر لایا جارہا ہے اس سے یہ نہ سمجھنا چاہیے کہ تیرے ثواب میں کچھ کمی ہوگی نہیں! نہیں!)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIE ISLAMIA ACADEMY

کے بعد نماز اوابین پڑھا کرو، اور آخر شب میں تہجد بھی پڑھ لیا کرو ——— گے تو تمہیں عبادات میں اعتدال حاصل ہو جائے گا)

(بخاری شریف)

۱۶۲۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَجِبَ رَبُّنَا مِنْ رَّجُلَيْنِ رَجُلٌ ثَارَ عَنْ وِطَائِهِ وَلِحَافِهِ مِنْ بَيْنِ حِبِّهِ وَاَهْلِهِ اِلٰى صَلَاتِهِ فَيَقُوْلُ اللّٰهُ لِمَلٰٓئِكَتِهِ اُنْظُرُوْا اِلٰى عَبْدِيْ ثَارَ عَنْ فِرَاشِهِ وَوِطَائِهِ مِنْ بَيْنِ حِبِّهِ وَاَهْلِهِ اِلٰى صَلَاتِهِ رَغْبَةً فِيْمَا عِنْدِيْ وَشَفَقًا مِّمَّا عِنْدِيْ وَرَجُلٌ غَزَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَانْهَزَمَ مَعَ اَصْحَابِهِ فَعَلِمَ مَا عَلَيْهِ فِي الْاِنْهِزَامِ وَمَا لَهٗ فِي الرُّجُوْعِ فَرَجَعَ حَتّٰى هُرِيْقَ دَمُهٗ فَيَقُوْلُ اللّٰهُ لِمَلٰٓئِكَتِهِ اُنْظُرُوْا اِلٰى عَبْدِيْ رَجَعَ رَغْبَةً فِيْمَا عِنْدِيْ وَشَفَقًا مِّمَّا عِنْدِيْ حَتّٰى هُرِيْقَ دَمُهٗ رَوَاهُ صَاحِبُ الْمَصَابِيْحِ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ دو شخصوں کو دیکھ کر بہت تعجب کرتے ہیں[1] ایک تو وہ شخص ہے جو نرم اور گرم بچھونے پر سو رہا تھا، اور اوڑھنے کے لیے بھی لحاف موجود تھا[2] اور پہلو میں محبوبہ اس کی اہلیہ موجود ہے[3] اللہ تعالیٰ کو راضی کرنے کی فکر اور اس کے عذاب سے بچنے کے خیال نے اس کو بے چین کر دیا ان سب کو چھوڑ کر اٹھا، وضوء کیا اور خدا کے سامنے دیکھو کھڑا ہو گیا اللہ تعالیٰ فرشتوں سے فرماتے ہیں، اے میرے مقرب فرشتو! اس میرے بندے کو دیکھو[4] دوسرا وہ شخص جس پر اللہ تعالیٰ تعجب فرماتے ہیں وہ ہے جو اللہ کے راستہ میں جہاد کر رہا ہے دشمن اس کو اور اس کے ساتھیوں کو گھیر لیے ہیں، خدا تعالیٰ کے دشمنوں کے مقابلے طاقت

۱؎ اللہ تعالیٰ کا تعجب کرنا متشابہات سے ہے، ہم اس پر ایمان لائے، تعجب کے معنی معلوم ہیں لیکن اللہ تعالیٰ کے تعجب کرنے کی کیفیت معلوم نہیں، وہ شخص جن پر اللہ تعالیٰ تعجب کرتے ہیں ان میں)

۲؎ رات کا وقت ہے سرد ہوائیں چل رہی ہیں، لوگوں کو دیکھ رہا ہے کہ وہ سو رہے ہیں، اس سے اس کا بھی دل سونے کی رغبت کرتا ہے۔

۳؎ نفس تو چاہتا تھا کہ ان سب سے لطف اٹھائے، ایسے میں تہجد کا وقت آگیا!)

۴؎ کیا کیا خواہشات اس کو گھیرے ہوئے ہیں، نرم بچھونا ہے، گرم لحاف ہے، پہلو میں محبوبہ ہے، کسی کا بھی اس کو کچھ خیال نہیں، میرے سے ثواب حاصل کرنے کی رغبت اور عذاب سے بچنے کا خیال سب سے بڑھ کر مجھے راضی کرنے کی دھن میں اپنی ساری خواہشات کو چھوڑ کر کس طرح میرے سامنے آکر کھڑا ہے کبھی سجدہ کر رہا ہے، میرے لیے یہ جو جو کر رہا ہے سب میں دیکھ رہا ہوں اور میں اس سے راضی ہو گیا)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

نہ ہونے سے) سب کے سب بھاگ گئے[1]، آخر خود بھی شہید ہو گیا، ایسے شخص کی حالت فرشتوں کو دکھا کر اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں اے میرے مقرب فرشتو! دیکھو اس شخص کو! محض میرے ڈر سے اور مجھے خوش کرنے اور راضی کرنے کے خیال سے اس نے جان دے دی[2] اس حدیث کی روایت صاحب المصابیح نے شرح السنہ میں کی ہے۔

١٦٢٧ / ٩ وَعَنْ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ نَامَ عَنْ حِزْبِهٖ اَوْ عَنْ شَيْءٍ مِّنْهُ فَقَرَأَهُ فِيْمَا بَيْنَ صَلٰوةِ الْفَجْرِ وَصَلَاةِ الظُّهْرِ كُتِبَ لَهٗ كَاَنَّمَا قَرَأَهُ مِنَ اللَّيْلِ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا[3]، وہ سو گیا اور اپنا پورا وظیفہ یا وظیفہ کا کچھ حصہ نہ پڑھ سکا (یا تہجد نہ ہو سکی) اور وہ فجر کے وقت سے لے کر زوال تک کے وقت میں (فوت شدہ وظیفہ یا تہجد کو) پڑھ لے تو اس کے لیے ایسا ہی ثواب لکھا جائے گا کہ گویا اس نے رات کو اٹھ کر پڑھا ہے (یہ ہے قدر دانی اللہ تعالیٰ کی) (مسلم)

١٦٢٨ / ١٠ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلِّ قَائِمًا فَاِنْ لَّمْ تَسْتَطِعْ فَقَاعِدًا فَاِنْ لَّمْ تَسْتَطِعْ

عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں[4] کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا (اگر تم فرض نماز پڑھ رہے

---

[1] یہ شخص کافروں کے مقابلہ سے بھاگنے کی وعید کو سوچتا ہے اور یہ خیال بھی آیا کہ کبھی نہ کبھی تو مرنا ہے! کافروں سے بھاگ کر میں کب تک زندہ رہوں گا، ایک دن خدا کو منہ دکھانا ہے جب اس کے سامنے حاضری ہو گی اور وہ پوچھے گا کہ تو کافروں کے سامنے سے کیوں بھاگا تو میں کیا جواب دوں گا۔ یہ خیال آتے ہی) وہ پلٹ کر کفار کے مقابلہ میں آگیا (جان توڑ کر لڑنا شروع کیا، بہت سے کفار کو قتل کیا۔

[2] میں بڑا ہی قدر داں ہوں تم نے دیکھا میں ان دونوں کو کیا کیا مراتب اور کیسے کیسے درجات دوں گا اس حدیث شریف میں تمام رات جاگنے کی فضیلت نہیں بیان کی گئی ہے بلکہ صرف تہجد کے لیے اٹھنے والوں کی تعریف فرمائی گئی ہے اس سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کو اعتدال پسند ہے۔

[3] جس شخص کی عادت یہ ہو کہ وہ رات میں ہمیشہ اوراد و وظائف یا تہجد بلا ناغہ پڑھا کرتا ہو۔

[4] مجھے بواسیر کا مرض تھا تو میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے دریافت کیا کہ نماز کس طرح ادا کروں)

فَعَلٰی جَنْبٍ رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ وَفِیْ رِوَایَۃِ النِّسَائِیِّ فَاِنْ لَّمْ تَسْتَطِعْ فَمُسْتَلْقِیًا لَا یُکَلِّفُ اللّٰہُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَھَا۔

ہوتو) کھڑے ہوکر پڑھو[1] اگر کسی عذر سے فرض کھڑے ہوکر نہ پڑھ سکو تو بیٹھ کر نماز پڑھو، بیٹھ کر پڑھنے کی بھی طاقت نہ ہو[2] اس حدیث کی روایت بخاری نے کی ہے نسائی کی وہ حدیث یہ ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اگر تم) کسی عذر سے) بیٹھ کر نماز نہ پڑھ سکو تو قبلہ رو چت لیٹ کر اس طرح نماز پڑھو[3] "لَا یُکَلِّفُ اللّٰہُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَھَا" اللہ تعالیٰ کسی شخص پر بوجھ نہیں ڈالتے مگر اسی قدر جس کے اٹھانے کی اس کو طاقت ہو۔

ف۔ صدر کی دونوں حدیثوں سے واضح ہوتا ہے کہ ایسا شخص جو کسی عذر کی وجہ سے بیٹھ کر نماز نہیں پڑھ سکتا۔ اس کے بارے میں ایک حدیث میں کروٹ لیٹ کر نماز پڑھنے کا ذکر ہے اور دوسری حدیث میں چت لیٹ کر نماز پڑھنے کا حکم ہے حنفی مذہب میں دونوں طرح سے نماز پڑھنا جائز ہے، چاہیں تو کروٹ لیٹ کر نماز پڑھیں، یا چت لیٹ کر، مگر چت لیٹ کر نماز پڑھنا افضل ہے افضل ہونے کی ایک وجہ تو یہ ہے کہ کروٹ لیٹ کر نماز پڑھنے کا حکم خاص عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو ان کے چت لیٹنے پر قادر نہ ہونے سے دیا گیا تھا چونکہ وہ بواسیر کے مرض سے بیمار تھے اور چت لیٹ کر نماز پڑھنے کا حکم عام طور پر دیا گیا ہے، حضرت عمران رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لیے جو چیز افضل قرار دی گئی ہے اس کو سب بیماروں کے لیے افضل قرار دینا مناسب نہیں، بلکہ چت لیٹ کر نماز پڑھنے کو ترجیح دے کر افضل قرار دینا چاہیئے، اس لیے کہ چت لیٹ کر نماز پڑھنے میں جب رکوع اور سجدہ کے لیے اشارہ کا موقع آتا ہے تو قبلہ کی طرف ہی رُخ رہتا ہے، اور کروٹ لیٹ کر نماز پڑھنے میں جب رکوع اور سجدہ کے

---

[1] اس لیے کہ فرض نماز میں قیام فرض ہے، بخلاف نفل کے کہ اس میں کھڑے رہنا افضل ہے فرض نہیں ہے، اگر بغیر عذر کے نفل بیٹھ کر پڑھیں بھی تو جائز ہے مگر کھڑے رہ کر پڑھنے میں جو ثواب ہے نفل بیٹھ کر پڑھنے میں وہ ثواب نہیں بلکہ آدھا ثواب ملے گا۔

[2] قبلہ رو کروٹ لیٹ کر پڑھو (کروٹ لیٹ کر نماز پڑھنا جائز ہے مگر افضل نہیں ہے، بلکہ چت لیٹ کر پڑھنا افضل ہے اس کی تائید ذیل میں نسائی کی حدیث سے ہوتی ہے)

[3] کہ سر مشرق کی طرف ہو اور پیر قبلہ کی طرف، سر کے پیچھے تکیہ رکھ کر سر کو کسی قدر اونچا کیا جائے اور پاؤں کو احترام قبلہ کی وجہ سے پھیلائے نہ رکھیں بلکہ پاؤں کو کھینچ کر گھٹنوں کو اس طرح کھڑا کریں کہ پنچے ایڑھی سمیت زمین پر ٹکے رہیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

لیے اشارہ کا موقع آتا ہے رخ ہٹ جاتا ہے، حالانکہ نماز میں استقبال قبلہ فرض ہے، چونکہ کروٹ لیٹ کر نماز پڑھنے میں قبلہ کی جہت باقی نہیں رہتی، اور چت لیٹ کر نماز پڑھنا کروٹ لیٹ کر نماز پڑھنے سے افضل ہے اور یہی مذہب حنفی ہے۔ (مرقات) ۱۲

۱۶۲۹ وَعَنْهُ اَنَّهٗ سَاَلَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ[1] عَنْ صَلٰوۃِ الرَّجُلِ قَاعِدًا قَالَ اِنْ صَلّٰی قَائِمًا فَهُوَ اَفْضَلُ وَمَنْ صَلّٰی قَاعِدًا فَلَهٗ نِصْفُ اَجْرِ الْقَائِمِ وَمَنْ صَلّٰی نَائِمًا فَلَهٗ نِصْفُ اَجْرِ الْقَاعِدِ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے دریافت کیا کہ[1] تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اگر وہ (تکلیف برداشت کرکے) کھڑے ہوکر نماز پڑھتے تو اس کے لیے افضل ہے (اور اس کو پورا ثواب ملے گا) اور اگر وہ بیٹھ کر نماز پڑھے تو کھڑے رہ کر جو نماز پڑھتا تھا اس کو آدھا ثواب ملے گا (ایسا ہی جو شخص[2] لیٹ کر نماز پڑھے (تو جائز ہے مگر) بیٹھ کر نماز پڑھنے والے کو جو ثواب ملتا ہے اس کا آدھا ثواب لیٹ کر نماز پڑھنے والے کو ملے گا۔ (بخاری)

۱۶۳۰ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ حُدِّثْتُ[2] اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ صَلٰوۃُ الرَّجُلِ قَاعِدًا نِصْفُ الصَّلٰوۃِ قَالَ فَاَتَیْتُهٗ فَوَجَدْتُّهٗ یُصَلِّیْ جَالِسًا فَوَضَعْتُ یَدِیْ عَلٰی رَاْسِهٖ فَقَالَ مَالَكَ یَا عَبْدَ اللّٰہِ بْنَ عَمْرٍو قُلْتُ حُدِّثْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنَّكَ قُلْتَ صَلٰوۃُ الرَّجُلِ قَاعِدًا عَلٰی نِصْفِ الصَّلٰوۃِ وَاَنْتَ تُصَلِّیْ قَاعِدًا قَالَ اَجَلْ وَلٰكِنِّیْ لَسْتُ كَاَحَدٍ

حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ مجھے یہ حدیث پہونچی تھی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص (نفل) نماز (بغیر عذر کے) بیٹھ کر پڑھے تو اس کو کھڑے رہ کر نماز پڑھنے والے کے ثواب کا آدھا ثواب ملے گا (ایک روز) میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا تو کیا دیکھتا ہوں کہ آپ نفل نماز بیٹھے ہوئے پڑھ رہے ہیں[3] میں حضور کے سر پر ہاتھ رکھا تو حضور صلی اللہ

---

[1] ایک شخص فرض نماز پڑھ رہا ہے اس کو کھڑے رہ کر پڑھنے کے لیے ناقابل برداشت تکلیف اٹھانی پڑتی ہے اس کا بیٹھ کر نماز پڑھنا کیسا ہے؟ [2] کھڑے ہوکر تو نماز پڑھ ہی نہیں سکتا، البتہ ناقابل برداشت تکلیف اٹھا کر بیٹھ کر نماز پڑھ سکتا ہے، اگر وہ

[3] مجھے بہت تعجب ہوا، کیونکہ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے سب کام افضل طریقہ پر ہوا کرتے ہیں، پھر اگر حدیث صحیح ہے تو آپ کیسے بیٹھے ہوئے نماز پڑھ رہے ہیں، عرب کا طریقہ ہے کہ جب ان کو کسی بات پر تعجب ہوتا ہے تو جس سے تعجب ہوتا ہے اس کے سر پر ہاتھ رکھ کر دریافت کرتے ہیں اور اس کو خلاف ادب نہیں سمجھتے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

مِنْكُمْ ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے فرمایا کیا ہے عبداللہ! کس بات پر تم کو تعجب ہو رہا ہے، میں نے عرض کیا یا رسول اللہ مجھے یہ حدیث پہنچی ہے کہ آپ فرماتے ہیں کہ (بغیر عذر کے بیٹھ کر) (نفل) نماز پڑھنے والے کو کھڑے رہ کر نماز پڑھنے کے ثواب کا آدھا ثواب ملتا ہے (اگر یہ صحیح ہے تو پھر آپ سے ترک افضل کیسے ہوا! اس پر مجھے تعجب ہو رہا ہے، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں! حدیث صحیح ہے (تم نے جو سنا ہے وہ صحیح ہے کیا تم کو یہ معلوم نہیں کہ) میں تم جیسا نہیں ہوں۔ (مسلم) ؎

۱۶۳۱ وَعَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ قَالَ [۱][۳] قَالَ رَجُلٌ مِنْ خُزَاعَةَ لَيْتَنِي صَلَّيْتُ فَاسْتَرَحْتُ فَكَأَنَّهُمْ عَابُوا ذٰلِكَ عَلَيْهِ فَقَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ أَقِمِ الصَّلٰوةَ يَا بِلَالُ أَرِحْنَا بِهَا ۔

(رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت سالم بن ابی الجعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ قبیلہ خزاعہ کے ایک صاحب نے کہا کاش! میں نماز پڑھتا تو مجھے راحت ملتی (یہ سن کر) لوگوں نے (ان کے اس کہنے کو اس وجہ سے) برا سمجھا، حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے بھی اکثر فرمایا ہے۔ بلال! نماز کی تکبیر کہو! نماز شروع ہو جائے تو ہم کو نماز میں اللہ تعالےٰ سے راز و نیاز کرتے میں راحت ملتی ہے ؎۔ (ابوداؤد)

؎ بہت سی چیزیں میرا خاصہ ہیں اور امت اس میں شریک نہیں، منجملہ ان کے ایک یہ ہے کہ مجھے بلا عذر نفل نماز بیٹھ کر ادا کرتے میں بھی ویسا ہی ثواب ہے جیسے کھڑے ہو کر نفل ادا کرنے میں ثواب ملتا ہے، بخلاف امت کے ان کو نفل نماز کھڑے رہ کر پڑھنے میں جو ثواب ملتا ہے بیٹھ کر پڑھنے میں اس کا آدھا ثواب ملتا ہے۔ اسی واسطے قرآن میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے واسطے فرمایا گیا ہے۔ "وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيمًا"، اے رسول! ہم آپ کو بہت بڑا فضل عطا فرماتے ہیں۔

؎ کہ وہ یہ کہنا چاہ رہے ہیں کہ نماز کو میں ادا کر دیتا تو نماز سے فارغ ہو کر آرام و راحت سے بیٹھتا تو قبیلہ خزاعہ کے ان صاحب نے کہا کہ میرا مطلب وہ نہیں تھا جو تم نے سمجھا ہے بلکہ میرا مطلب یہ تھا کہ نماز شروع ہو جاتی، دنیا کے مشاغل سے بچ جاتے، اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ راز و نیاز کرنے میں راحت حاصل ہوتی، یہ میرا مطلب تھا، لوگوں نے جو سمجھا ہے وہ غلط سمجھا ہے۔ میں نے جس لحاظ سے کہا تھا اسی لحاظ سے

؎ اسی وجہ سے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ نماز میں مجھے جو لطف ملتا ہے اس سے میری آنکھوں کی ٹھنڈک ہے، خزاعہ کے ان صاحب نے جو کہا تھا اس سے ان کی مراد یہی ہے لوگوں نے جو سمجھا ہے وہ مناسب نہیں۔

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

بَابُ الْوِتْرِ　　باب الوتر

اس باب میں یہ بتلایا گیا ہے کہ نماز وتر واجب ہے اور اس کی تین رکعات ایک سلام سے ہیں اور دعاء قنوت اسی میں پڑھی جاتی ہے ،

۱۔ وَقَوْلِ اللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ حَافِظُوْا عَلَی الصَّلَوَاتِ وَالصَّلٰوۃِ الْوُسْطٰی ۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے!
نگہبانی کرو سب نمازوں کی اور بیچ کی نماز کی اور کھڑے ہو اللہ کے حضور ادب سے۔

اس نگہبانی میں ہمیشہ نماز پڑھنا، با جماعت پڑھنا، درست پڑھنا، صحیح وقت پر پڑھنا حافظوا میں داخل ہیں بیچ کی نماز سے نماز عصر مراد ہے، اس سے معلوم ہوا نمازیں پانچ فرض ہیں، کیونکہ بیچ کی نماز وہ کہلائے گی جس کے آس پاس برابر برابر عدد ہوں، اور عدد کم از کم دو ہیں ایک عدد نہیں ہے۔ تو نماز پانچ ہوئیں نماز عصر کی تاکید دو وجہ سے ہے، ایک اس وقت دن رات کے فرشتے جمع ہوتے ہیں، دوسرے اس وقت کاروبار چمکتے ہیں۔ اور سیر و تفریح ہوتی ہے۔

۲۔ وَقَوْلُہٗ وَالشَّفْعِ وَالْوِتْرِ

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔
اور قسم ہے جفت اور طاق کی۔

۱۶۳۲ عَنْ اَبِیْ سَلَمَۃَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَّہٗ سَاَلَ عَائِشَۃَ کَیْفَ کَانَتْ صَلٰوۃُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ رَمَضَانَ فَقَالَتْ مَا کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَزِیْدُ فِیْ رَمَضَانَ وَلَا فِیْ غَیْرِہٖ اِحْدٰی عَشَرَۃَ رَکْعَۃً یُصَلِّیْ اَرْبَعًا فَلَا تَسْاَلْ عَنْ حُسْنِھِنَّ وَطُوْلِھِنَّ ثُمَّ یُصَلِّیْ اَرْبَعًا فَلَا تَسْاَلْ عَنْ حُسْنِھِنَّ وَطُوْلِھِنَّ ثُمَّ یُصَلِّیْ ثَلَاثًا ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

ابو سلمہ بن عبد الرحمٰن رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انھوں نے ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ماہ رمضان میں حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی نماز تہجد کی کیفیت اور تعداد رکعات کے بارے میں دریافت کیا ام المؤمنین نے ارشاد فرمایا حضور اقدس تہجد میں گیارہ رکعتوں سے زائد نہ پڑھتے تھے خواہ رمضان ہوتا یا نہ ہوتا، چار رکعتیں تو ایسی پڑھتے کہ تم ان کی خوبی اور ان کا طول قرأت تو دریافت ہی نہ کرو، اس کے بعد چار رکعتیں اور پڑھتے تھے ان کی خوبی اور درازی بھی نا قابل دریافت ہے، پھر اخیر میں آپ تین رکعتیں وتر کے پڑھتے تھے (بخاری اور مسلم)

ف اس حدیث میں ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا تہجد کی رکعتوں کی تفصیل بتلا رہی ہیں جس کے آخر میں وتر کا ذکر ہے، اگر وتر ایک رکعت علیحدہ سلام سے ہوتی تو ام المؤمنین یوں ارشاد

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL-ISLAMIA ACADEMY

فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم وتر کی تین رکعتیں دو رکعت ایک سلام سے اور ایک رکعت ایک سلام سے ادا فرماتے تھے، اب نہ کہہ کر یہ فرمایا کہ وتر کی تین رکعتیں ادا فرماتے تھے اس سے ثابت ہوا کہ وتر کی تین رکعتیں ایک سلام سے ادا کرنا چاہیئے۔

۱۶۳۳ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَھٰی عَنِ الْبُتَیْرَاءِ اَنْ یُّصَلِّیَ الرَّجُلُ وَاحِدَۃً یُّوْتِرُ بِھَا۔ رَوَاہُ ابْنُ عَبْدِ الْبَرِّ فِی التَّمْھِیْدِ۔

ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم بتیراء[1] سے منع فرماتے ہیں آدمی وتر کی ایک رکعت پڑھے۔ اس کی روایت ابن عبد البر نے تمہید میں کی ہے۔

۱۶۳۴ وَعَنْ عَلِیٍّ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُوْتِرُ بِثَلٰثٍ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ قَدْ ذَھَبَ قَوْمٌ مِّنْ اَھْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَغَیْرِھِمْ اِلٰی ھٰذَا وَرَاَوْا اَنْ یُّوْتِرَ الرَّجُلُ بِثَلٰثٍ۔

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم وتر کے تین رکعت (ایک تکبیر تحریمہ اور ایک سلام سے) پڑھا کرتے تھے۔ اس کی روایت ترمذی نے کی ہے اور ترمذی نے کہا ہے کہ علماء صحابہ اور علماء تابعین کا بھی یہی مذہب ہے وہ فرماتے ہیں کہ وتر کے تین رکعات (ایک تکبیر تحریمہ اور ایک سلام سے) پڑھنا چاہیئے۔

۱۶۳۵ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ اَبِیْ قَیْسٍ قَالَ سَاَلْتُ عَائِشَۃَ بِکَمْ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُوْتِرُ قَالَتْ کَانَ یُوْتِرُ بِاَرْبَعٍ وَّثَلٰثٍ وَّسِتٍّ وَّثَلٰثٍ وَّثَمَانٍ وَّثَلٰثٍ وَّعَشْرٍ وَّثَلٰثٍ وَلَمْ یَکُنْ یُوْتِرُ بِاَنْقَصَ مِنْ سَبْعٍ وَّلَا بِاَکْثَرَ مِنْ ثَلٰثَ عَشْرَۃَ

(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت عبد اللہ بن ابی قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے دریافت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم وتر کی کتنی رکعت پڑھا کرتے تھے؟ ام المؤمنین نے ارشاد فرمایا کہ آپ کبھی تہجد کی چار رکعت پڑھتے تھے، اور تین رکعت وتر کے (ایک تکبیر تحریمہ اور ایک سلام سے) پڑھتے تھے اور کبھی تہجد کے ۶ رکعت پڑھتے تھے اور وتر کے تین رکعت (ایک تکبیر تحریمہ اور ایک سلام سے) اور کبھی تہجد کے آٹھ رکعت پڑھتے

[1] یعنی وتر ہو یا کوئی اور نماز صرف ایک رکعت پڑھی جائے جس کو تکبیر تحریمہ سے شروع کر کے سلام پر ختم کرے اور دوسری رکعت اس کے ساتھ نہ ملائے ایسی نماز کی فرض میں کوئی نظیر ملتی ہے نہ نوافل میں اور نہ سنن میں، اس لیے وتر بھی ایک رکعت نہیں پڑھنی چاہیئے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

پڑھتے تھے اور وتر کے تین رکعت (ایک تکبیر تحریمہ اور ایک سلام سے) اور کبھی تہجد کے دس رکعت پڑھتے تھے اور وتر کے تین رکعات (ایک تکبیر تحریمہ اور ایک سلام سے) اور وتر و تہجد کا مجموعہ سات رکعت سے کم اور تیرہ رکعات سے زیادہ نہیں ہوتا تھا۔ (ابوداؤد)

ف علامہ عینی رحمۃ اللہ نے فرمایا ہے کہ اس حدیث شریف سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ وتر کے تین رکعات ہوتے ہیں، اس لیے کہ ام المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے بار بار وتر کے تین رکعات کا ذکر فرمایا ہے اگر وتر کی ایک رکعت ہوتی تو ام المومنین اس کو ظاہر فرماتیں، ام المومنین کا ایک رکعت کا ذکر نہ فرمانا اس سے ثابت ہوتا ہے کہ وتر کی تین رکعت ہیں اور وتر ایک رکعت کبھی نہیں پڑھی گئی، اس لیے کہ وہ بتیراء ہے جس کی ممانعت گزر چکی ہے۔ (۱۲)

۱۶۳۶ وَعَنِ الْكُرْخِيِّ قَالَ أَوْتَرَ سَعْدُ بْنُ أَبِي وَقَّاصٍ بِرَكْعَةٍ فَأَنْكَرَ عَلَيْهِ ابْنُ مَسْعُودٍ وَقَالَ مَا هٰذِهِ الْبُتَيْرَاءُ الَّتِي لَا تَعْرِفُهَا عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ (رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ)

حضرت کرخی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے وتر کی نماز ایک رکعت پڑھی[1] حضرت ابن مسعود نے (ایک رکعت کے ثبوت سے) انکار کیا اور فرمایا یہ کیسی نماز ہے؟ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں اس قسم کی بتیراء نماز پڑھتے ہوئے کسی کو نہیں دیکھا[2] اس کی روایت ابن ابی شیبہ نے کی ہے۔

۱۶۳۷ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةُ الْمَغْرِبِ وِتْرُ صَلَاةِ النَّهَارِ فَأَوْتِرُوْا صَلَاةَ اللَّيْلِ رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَقَالَ الْعَلَّامَةُ الْعَيْنِيُّ وَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ مغرب کی نماز دن کی نمازوں کی وتر ہے[3] رات کی نماز کو طاق بنا دو (نسائی)، اس حدیث

---

[1] حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ، دیکھ رہے تھے کہ وہ ایک رکعت پڑھ رہے ہیں، جب وہ نماز سے فارغ ہوئے تو
[2] حضرت ابن مسعود کے اس انکار کی سعد ابن ابی وقاص نے تردید نہیں کی اور خاموش رہے۔
[3] اس سے پہلے جتنی فرض نمازیں ہیں سب کی رکعتیں جفت ہیں، مغرب کے فرض کے تین رکعتوں سے تمام نمازیں طاق ہوگئیں، ایسے ہی رات کی نماز یعنی تہجد جفت ہے، مثل مغرب کے تین رکعت وتر کو ایک سلام سے پڑھ کر)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

هٰذَا السَّنَدُ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ ۔

کی سند بخاری اور مسلم کی شرط کے مطابق ہے[۱]

۱۶۳۸ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وِتْرُ اللَّيْلِ ثَلَاثٌ كَوِتْرِ النَّهَارِ صَلٰوةُ الْمَغْرِبِ رَوَاهُ الدَّارُقُطْنِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ وَفِي رِوَايَةٍ لِلدَّارُقُطْنِيِّ عَنْ عَائِشَةَ نَحْوَهٗ مَرْفُوْعًا ۔

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ وتر دو ہیں ایک دن کی نمازوں میں وتر ہے اور دوسری رات کی نمازوں میں وتر ہے، دن کی نمازوں میں جو وتر ہے وہ مغرب کے فرض ہیں (جس کے تین رکعت ہیں) ایسا ہی (عشاء اور تہجد) جو رات کی نمازیں ہیں ان میں بھی ایک نماز ہے جس کو وتر کہتے ہیں وہ بھی مثل مغرب کے فرض کے تین رکعت والی ہے[۱] اس حدیث کی روایت دار قطنی اور بیہقی نے کی ہے اور دار قطنی کی ایک اور روایت میں ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے اسی طرح مرفوعًا بھی مروی ہے ۔

۱۶۳۹ وَعَنْ اَبِيْ خَالِدٍ قَالَ سَأَلْتُ اَبَا الْعَالِيَةِ عَنِ الْوِتْرِ فَقَالَ عَلَّمَنَا اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ الْوِتْرَ مِثْلَ صَلٰوةِ الْمَغْرِبِ هٰذَا وِتْرُ اللَّيْلِ وَهٰذَا وِتْرُ النَّهَارِ ۔

(رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ)

حضرت ابو خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے ابو العالیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نماز وتر کے متعلق دریافت کیا تو انہوں نے جواب دیا کہ ہم کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم کے صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے تعلیم دی ہے کہ نماز وتر مغرب کے فرض کی طرح (تین رکعت والی) ہے (اور واجب ہے) نماز وتر رات کی وتر ہے اور مغرب (کے فرض) دن کی وتر ہے ۔ اس کی روایت امام طحاوی نے کی ہے ۔

۱۶۴۰ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ

---

[۱] اس حدیث شریف میں وتر کو مغرب کے فرض سے تشبیہ دی گئی ہے، اس لیے جیسے مغرب کے فرض کی تین رکعتیں ہیں، ایسے ہی وتر کے بھی تین رکعتیں ہی ہوں گی ۔

[۲] اس تشبیہ سے یہ بھی معلوم ہوا کہ دن کی وتر جیسے فرض ہے ایسا ہی رات کی وتر بھی واجب ہے ۔

MARKAZ UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ لَا یُسَلِّمُ فِیْ رَکْعَتَیِ الْوِتْرِ۔

(رَوَاہُ النَّسَائِیُّ)

عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم جب وتر پڑھا کرتے تو دو رکعت کے بعد (قعدہ کرکے) بغیر سلام کئے کھڑے ہو جاتے تھے[۱] (نسائی)

۱۶۴۱ وَعَنْہَا قَالَتْ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُوْتِرُ بِثَلَاثٍ لَا یُسَلِّمُ اِلَّا فِیْ اٰخِرِھِنَّ رَوَاہُ الْحَاکِمُ فِیْ مُسْتَدْرَکِہٖ وَقَالَ اِنَّہٗ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ الْبُخَارِیِّ وَمُسْلِمٍ وَلَمْ یُخَرِّجَاہُ۔

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے وہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم جب وتر پڑھتے تو دو رکعت کے بعد قعدہ کرکے (تیسری رکعت کے لیے کھڑے ہو جاتے تھے) اور تیسری رکعت کے ختم پر (مثل مغرب کے فرض کے) آخر میں سلام پھیرتے تھے۔ اس کی روایت حاکم نے مستدرک میں کی ہے اور حاکم نے کہا ہے کہ یہ حدیث بخاری اور مسلم کی شرط کے مطابق صحیح ہے۔

ف: واضح ہو کہ ان احادیث سے معلوم ہوا کہ وتر کے تین رکعات ایک تکبیر تحریمہ اور ایک سلام سے ہیں، مذہب حنفی بھی یہی ہے۔ حضرت عمر، حضرت علی، حضرت ابن مسعود، حضرت حذیفہ، حضرت ابی بن کعب، حضرت ابن عباس، حضرت انس، حضرت ابوامامہ، حضرت عمر بن عبدالعزیز اور مشہور فقہاء سبعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا بھی یہی قول ہے کہ وتر تین رکعت ایک تکبیر تحریمہ اور ایک سلام سے ہے، اور اسی پر ان حضرات کا عملدرآمد رہا ہے۔ علامہ عینی رحمہ اللہ نے ایسا ہی لکھا ہے۔

۱۶۴۲ وَعَنْ اُبَیِّ بْنِ کَعْبٍ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقْرَأُ فِی الْوِتْرِ بِسَبِّحِ اسْمَ رَبِّکَ الْاَعْلٰی وَفِی الرَّکْعَۃِ الثَّانِیَۃِ بِقُلْ یٰۤاَیُّہَا الْکٰفِرُوْنَ وَفِی الثَّالِثَۃِ بِقُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ وَلَا یُسَلِّمُ اِلَّا فِیْ اٰخِرِھِنَّ وَیَقُوْلُ یَعْنِیْ بَعْدَ التَّسْلِیْمِ سُبْحَانَ الْمَلِکِ الْقُدُّوْسِ ثَلٰثًا۔

(رَوَاہُ النَّسَائِیُّ)

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم وتر کے تین رکعت ایک تکبیر تحریمہ سے پڑھتے تھے) اس کی پہلی رکعت میں "سَبِّحِ اسْمَ رَبِّکَ الْاَعْلٰی" الخ اور دوسری رکعت میں "قُلْ یٰۤاَیُّہَا الْکٰفِرُوْنَ" الخ اور تیسری رکعت میں "قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ" الخ پڑھا کرتے تھے (دوسری رکعت میں قعدہ کے بعد بغیر سلام کے تیسری رکعت کے لیے اٹھ جاتے

---

[۱] پھر تیسری رکعت پڑھ کر ان تینوں رکعتوں کو ایک سلام سے ختم فرمایا کرتے تھے)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

تھے) اور سلام صرف ان تینوں رکعتوں کے آخر میں پھیرتے تھے[1] اور وتر کا سلام پھیرنے کے بعد "سُبحَانَ المَلِکِ القُدُّوس" تین مرتبہ فرمایا کرتے تھے　(نسائی)

۱۶۴۳ وَعَنْ خَارِجَۃَ بْنِ حُذَافَۃَ قَالَ خَرَجَ عَلَیْنَا رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَقَالَ اِنَّ اللّٰہَ اَمَدَّکُمْ بِصَلٰوۃٍ ھِیَ خَیْرٌ لَّکُمْ مِّنْ حُمُرِ النَّعَمِ اَلْوِتْرُ جَعَلَہُ اللّٰہُ لَکُمْ فِیْمَا بَیْنَ صَلٰوۃِ الْعِشَآءِ اِلٰی اَنْ یَّطْلُعَ الْفَجْرُ۔

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاؤدَ)

حضرت خارجہ بن حذافہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم (ایک روز) ہمارے پاس تشریف لائے اور فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے تم کو پانچ فرض نمازوں پر ایک زائد نماز عطا کی ہے اور وہ وتر ہے[2] وتر (بلحاظ ثواب کے) ان سرخ اونٹوں سے بھی زیادہ بہتر ہے[3] اللہ تعالیٰ نے یہ وتر تمہارے لیے عشاء اور صبح صادق کے درمیان رکھے ہیں۔

(ترمذی اور ابو داؤد)

ف: واضح ہو کہ فرض نمازوں کے سوا دن رات میں سنن مؤکدہ، تہجد اور دیگر نوافل جو پڑھی جاتی ہیں ان کا ذکر اس طرح نہیں کیا گیا جیسے کہ وتر کا ذکر اس حدیث میں کیا گیا ہے۔ حدیث شریف کے الفاظ پر غور کیجئے وتر کے لیے ارشاد ہوا ہے، فرض نمازوں پر وتر زائد کی جا رہی ہے، جو چیز زیادہ ہوتی ہے اور جس پر زائد ہوتی ہے وہ اسی کی جنس سے ہوتی ہے اسی وجہ سے ۱۲ رکعت سنتوں کو فرائض پر زائد کیا گیا نہیں ارشاد فرمایا گیا، تہجد کو عشاء پر زائد کیا گیا نہیں ارشاد فرمایا گیا، ان کے برخلاف وتر کو پانچ فرضوں پر زائد کیا گیا ارشاد ہوا ہے جس سے معلوم ہوا کہ وتر بھی فرائض کی قسم سے ہے۔ اس لیے وتر واجب ہے۔

۱۶۴۴ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ بَادِرُوا الصُّبْحَ بِالْوِتْرِ۔ رَوَاہُ مُسْلِمٌ۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم سے روایت فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ صبح صادق

---

[1] اس لحاظ سے آپ کی وتر تین رکعات ایک تکبیر تحریمہ اور ایک سلام سے ہوتی ہے۔

[2] (تم جانتے ہو کہ وتر کیا ہے؟ تمہارے سمجھانے کے لیے کہا جاتا ہے کہ سرخ اونٹ تمہارے پاس جیسے مرغوب ہیں، اور سارے اموال سے زیادہ قیمتی ہیں ایسے ہی)

[3] (۱۲ رکعت سنت مؤکدہ جو فرض نمازوں کے تابع ہیں ان کی طرح وتر کسی نماز کے تابع نہیں، بلکہ وتر ایک مستقل اور زائد نماز ہے اور واجب ہے، اس لیے اس کا وقت تم کو بتایا جاتا ہے۔)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-ISLAMIA ACADEMY

١٦٤٥
١٤ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ أَوْصَانِي خَلِيلِي بِثَلَاثٍ صِيَامِ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ مِّنْ كُلِّ شَهْرٍ وَرَكْعَتَيِ الضُّحٰى وَأَنْ أُوتِرَ قَبْلَ أَنْ أَنَامَ ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

١٦٤٦
١٥ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اجْعَلُوا آخِرَ صَلٰوتِكُمْ بِاللَّيْلِ وِتْرًا ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

١٦٤٧
١٦ وَعَنْ غُضَيْفِ بْنِ الْحَارِثِ قَالَ قُلْتُ لِعَائِشَةَ أَرَأَيْتِ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَغْتَسِلُ مِنَ الْجَنَابَةِ فِي أَوَّلِ اللَّيْلِ أَمْ فِي آخِرِهِ قَالَتْ رُبَّمَا اغْتَسَلَ فِي أَوَّلِ اللَّيْلِ وَرُبَّمَا اغْتَسَلَ فِي آخِرِهِ قُلْتُ اللهُ أَكْبَرُ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي جَعَلَ فِي الْأَمْرِ سَعَةً قُلْتُ كَانَ يُوتِرُ أَوَّلَ اللَّيْلِ أَمْ فِي آخِرِهِ قَالَتْ رُبَّمَا أَوْتَرَ فِي أَوَّلِ اللَّيْلِ وَرُبَّمَا أَوْتَرَ فِي آخِرِهِ قُلْتُ اللهُ أَكْبَرُ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي جَعَلَ فِي الْأَمْرِ سَعَةً قُلْتُ كَانَ يَجْهَرُ بِالْقِرَاءَةِ أَمْ يُخْفِتُ قَالَتْ رُبَّمَا جَهَرَ

کے پہلے وتر پڑھ لیا کرو[۱] (مسلم)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ مجھے میرے دلی دوست رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ہر مہینہ میں تین دن روزے رکھنے کی، چاشت کی دو رکعتیں پڑھنے کی اور اس بات کی نصیحت فرمائی ہے کہ سونے سے پہلے وتر پڑھا کروں ۔

(بخاری اور مسلم)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے روایت فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ رات میں جو جو نمازیں پڑھا کرتے ہو، ان سب نمازوں کے بعد وتر پڑھا کرو[۲]۔ (مسلم)

حضرت غضیف بن حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے دریافت کیا کہ مجھے یہ تو بتایئے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جنابت کا غسل اول شب میں کیا کرتے تھے یا آخر شب میں، تو ام المومنین نے ارشاد فرمایا کہ کبھی تو آپ اول شب میں غسل فرمایا کرتے تھے اور کبھی آخر میں، میں نے کہا، اللہ اکبر، خدا کا شکر ہے کہ جس نے دین میں آسانی فرمادی، پھر میں نے دریافت کیا، اچھا یہ تو فرمایئے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اول شب میں وتر پڑھا کرتے تھے یا آخر شب میں، ام المومنین نے ارشاد فرمایا کہ کبھی آپ اول شب

---

۱ اس لیے کہ صبح صادق ہوتے ہی وتر کا وقت ختم ہوجاتا ہے ۔

۲ اور وتر کو ان سب نمازوں کے بعد پڑھنا مستحب ہے ، اگر کوئی وتر کے بعد اور نفل نمازیں پڑھنا چاہے تو پڑھ سکتا ہے)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

بِهٖ وَرُبَّمَا خَفَتَ قُلْتُ اللّٰهُ اَكْبَرُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ جَعَلَ فِى الْاَمْرِ سَعَةً ۔
رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ وَرَوَى ابْنُ مَاجَةَ اَلْفَصْلَ الْاٰخِيْرَ ۔

میں وتر پڑھ لیا کرتے تھے[1] اور کبھی آخر شب میں (تہجد کے بعد) وتر پڑھا کرتے تھے، میں نے کہا، اللہ اکبر خدا کا شکر ہے جس نے دین میں وسعت عطا فرمائی پھر میں نے دریافت کیا، اچھا یہ بھی بتائیے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم قرآن پاک (تہجد میں) آواز سے پڑھا کرتے تھے یا آہستہ، ام المؤمنین نے ارشاد فرمایا کہ کبھی آپ قرآن پاک (تہجد میں) آواز سے پڑھتے اور کبھی آہستہ، میں نے کہا، اللہ اکبر! خدا کا شکر ہے، جس نے دین میں آسانی کر دی (ابوداؤد) اور ابن ماجہ نے صرف حدیث کے آخری حصہ کو یعنی تہجد میں قرآن پڑھنے کے متعلق جو ذکر ہے صرف اسی کو بیان کیا ہے۔

۱۶۴۸ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مِنْ كُلِّ اللَّيْلِ اَوْتَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اَوَّلِ اللَّيْلِ وَاَوْسَطِهٖ وَاٰخِرِهٖ وَانْتَهٰى وِتْرُهٗ اِلَى السَّحَرِ ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے، آپ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے رات کے ہر حصہ میں وتر پڑھے ہیں، کبھی عشاء کے بعد اول شب میں وتر پڑھے ہیں[2] اور کبھی آپ نے رات کے درمیانی حصہ میں بھی وتر پڑھے ہیں اور کبھی آپ نے رات کے آخری حصہ میں بھی وتر پڑھے ہیں[3] رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو آخر شب میں بیدار ہونے کی عادت تھی، اس لیے آپ کے وتر آخری عمر میں رات کے آخری حصہ میں تہجد کے بعد ہوا کرتے تھے۔ (بخاری اور مسلم)

---

[1] (اور پھر اپنے وقت پر تہجد پڑھا کرتے تھے، اس سے معلوم ہوا کہ وتر پڑھنے کے بعد اور نمازیں پڑھنا جائز ہے۔)

[2] (اس لیے جس کو آخر شب میں بیدار ہونے کا بھروسہ نہ ہو تو اس کو اول شب میں ہی وتر پڑھ لینا افضل ہے) [3] (اس لیے جس کو آخر شب میں تہجد کے لیے بیدار ہونے کا بھروسہ ہو تو اس کو آخر شب میں وتر پڑھنا ہی افضل ہے)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

۱۶۴۹
۱۸
وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ خَافَ اَنْ لَّا يَقُوْمَ مِنْ اٰخِرِ اللَّيْلِ فَلْيُوْتِرْ اَوَّلَهٗ وَمَنْ طَمِعَ اَنْ يَّقُوْمَ اٰخِرَهٗ فَلْيُوْتِرْ اٰخِرَ اللَّيْلِ فَاِنَّ صَلٰوةَ اٰخِرِ اللَّيْلِ مَشْهُوْدَةٌ وَّذٰلِكَ اَفْضَلُ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس شخص کو اندیشہ ہو کہ پچھلی رات میں نہ اٹھ سکے گا تو شروع رات میں (نماز عشاء کے بعد) وتر پڑھ لے[1]، اور جس کو امید ہو کہ پچھلی رات میں اٹھ سکے گا، تو وتر آخر شب میں پڑھے کیونکہ آخر شب کی نماز میں رحمت کے فرشتے نازل ہوتے ہیں (اور اللہ تعالیٰ بھی آسمان دنیا پر جلوہ افروز رہتے ہیں) اس لیے ایسے شخص کے لیے آخر شب میں وتر پڑھنا افضل ہے۔

(مسلم)

۱۶۵۰
۱۹
وَعَنْ بُرَيْدَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَلْوِتْرُ حَقٌّ فَمَنْ لَّمْ يُوْتِرْ فَلَيْسَ مِنَّا اَلْوِتْرُ حَقٌّ فَمَنْ لَّمْ يُوْتِرْ فَلَيْسَ مِنَّا اَلْوِتْرُ حَقٌّ فَمَنْ لَّمْ يُوْتِرْ فَلَيْسَ مِنَّا رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ وَالْحَاكِمُ فِيْ مُسْتَدْرَكِهٖ وَصَحَّحَهٗ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِّلدَّارَقُطْنِيِّ عَنْ اَبِيْ اَيُّوْبَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْوِتْرُ حَقٌّ وَاجِبٌ وَفِيْ اِسْنَادِ اَبِيْ دَاؤدَ اَبُو الْمُنِيْبِ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ وَقَدْ تَكَلَّمَ فِيْهِ الْبُخَارِيُّ قَالَ ابْنُ اَبِيْ حَاتِمٍ سَمِعْتُ اَبِيْ يَقُوْلُ هُوَ صَالِحُ الْحَدِيْثِ وَاَنْكَرَ عَلَى الْبُخَارِيِّ اِدْخَالَهٗ فِي الضُّعَفَاءِ وَقَالَ الْحَاكِمُ

حضرت بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو ارشاد فرماتے سنا ہے کہ وتر واجب ہے جو وتر نہ پڑھے وہ ہمارے تابعین میں سے نہیں ہے، وتر واجب ہے جو وتر نہ پڑھے وہ ہمارے تابعین میں سے نہیں ہے وتر واجب ہے جو وتر نہ پڑھے وہ ہمارے تابعین میں سے نہیں ہے[2] اس کی روایت ابوداؤد نے کی ہے، اور حاکم نے بھی اس کی روایت مستدرک میں کی ہے اور کہا ہے کہ یہ حدیث بخاری اور مسلم کی شرط کے مطابق صحیح ہے اور دارقطنی کی ایک روایت میں ابوایوب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے روایت فرماتے ہیں

---

[1] (اس اہتمام سے معلوم ہوا کہ وتر واجب ہے اگر وتر واجب نہ ہوتے تو اس طرح اہتمام نہ کیا جاتا جیسے اور سنتوں کے لیے ایسا اہتمام نہیں کیا گیا۔)

[2] (اس لیے کہ میں پابندی سے وتر پڑھا کرتا ہوں، جو میرا تابع ہے اس کو چاہیئے کہ وتر کو واجب سمجھ کر پابندی سے پڑھا کرے)

www.waseemziyai.com
MARKAZ UL-OLOOMIE ISLAMIA ACADEMY

وَثَّقَهُ ابْنُ مُعِيْنٍ فَهٰذَا ابْنُ مُعِيْنٍ إِمَامُ هٰذَا الشَّأْنِ وَكَفٰى بِهٖ حُجَّةً فِيْ تَوْثِيْقِهٖ إِيَّاهُ۔

۱۶۵۱ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْوِتْرُ وَاجِبٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ
۲۰
رَوَاهُ الْبَزَّارُ وَفِيْ رِوَايَةِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَحْمَدَ عَنْ أَبِيْهِ بِسَنَدِهٖ أَنَّ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ قَدِمَ الشَّامَ فَوَجَدَ أَهْلَ الشَّامِ لَا يُوْتِرُوْنَ فَقَالَ لِمُعَاوِيَةَ مَالِيْ أَرٰى أَهْلَ الشَّامِ لَا يُوْتِرُوْنَ فَقَالَ مُعَاوِيَةُ أَوَاجِبٌ ذٰلِكَ عَلَيْهِمْ فَقَالَ نَعَمْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ زَادَنِيْ رَبِّيْ صَلٰوةً وَهِيَ الْوِتْرُ وَوَقْتُهَا مَا بَيْنَ الْعِشَاءِ إِلٰى طُلُوْعِ الْفَجْرِ۔

کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ وتر حق ہے[1] وتر حق ہے یعنی واجب ہے۔

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے روایت فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ وتر ہر مسلمان پر واجب ہے، اس کی روایت بزار نے کی ہے اور عبد اللہ بن احمد بن حنبل اپنے والد امام احمد سے روایت کرتے ہیں کہ ان کے والد نے اپنی سند سے روایت کی ہے کہ معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نے جب ملک شام کا سفر کیا تھا تو وہاں دیکھا کہ لوگ وتر نہیں پڑھا کرتے ہیں تو حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے دریافت کیا کہ یہاں کے لوگ وتر کیوں نہیں پڑھتے ہیں؟ حضرت معاویہ نے فرمایا کہ (اس طرح آپ کے حیرت کے ساتھ دریافت کرنے سے مجھے تعجب ہو رہا ہے) کیا وتر واجب ہے؟ کہ جس کے نہ پڑھنے سے آپ اس طرح دریافت کر رہے ہیں، حضرت معاذ نے فرمایا: ہاں بے شک وتر واجب ہے۔ (اس میں کیا شک ہے؟ وتر واجب ہونے کی دلیل یہ ہے کہ) میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہے، آپ ارشاد فرمایا کرتے تھے کہ میرے رب نے (فرائض پر) ایک اور نماز زیادہ فرمائی اور وہ وتر ہے[2] اس

[1] (حق کے دو معنی ہیں ایک معنی تو ثابت کے ہیں، اور دوسرے معنی واجب کے، یہاں حق کے معنی ثابت کے نہیں ہیں، بلکہ واجب کے ہیں جیسا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے بطور عطف تفسیری خود ارشاد فرمایا)

[2] (حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے اس ارشاد سے کہ اللہ تعالیٰ نے فرائض پر وتر کو زیادہ کیا ہے ثابت ہوتا ہے کہ وتر واجب ہیں اس لیے کہ جو چیز جس پر زیادہ ہوتی ہے وہ اسی کی جنس سے ہوتی ہے یہاں وتر فرائض پر زیادہ ہو رہے ہیں لہٰذا اس لیے وتر واجب ہیں اور حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا وتر کو بہت پابندی سے پڑھنا اس سے بھی ثابت ہوتا ہے کہ وتر واجب ہیں، فرائض کے جیسے اوقات بتائے گئے ہیں، ایسے ہی وتر کا ابتدائی اور آخری وقت بھی بتایا گیا ہے)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

کا وقت عشاء کی نماز کے بعد سے شروع ہو کر صبح صادق کے طلوع ہونے تک رہتا ہے (اس سے معلوم ہوا کہ وتر ایک مستقل نماز ہے اور واجب ہے)

١٦٥٢ وَعَنْ خَارِجَةَ بْنِ حُذَافَةَ قَالَ
٢١ خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ اَمَدَّكُمْ بِصَلٰوةٍ هِيَ خَيْرٌ لَّكُمْ مِنْ حُمْرِ النَّعَمِ الْوِتْرُ جَعَلَهُ اللّٰهُ لَكُمْ فِيْمَا بَيْنَ صَلٰوةِ الْعِشَاءِ اِلٰى اَنْ يَّطْلُعَ الْفَجْرُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَرَوَى ابْنُ مَاجَةَ وَالْحَاكِمُ فِيْ مُسْتَدْرَكِهٖ وَاَحْمَدُ فِيْ مُسْنَدِهٖ وَالدَّارُ قُطْنِيُّ فِيْ سُنَنِهٖ وَالطَّبْرَانِيُّ فِيْ مُعْجَمِهٖ نَحْوَهٗ وَصَحَّحَهُ الْحَاكِمُ فَقَالَ حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ وَسَكَتَ اَبُوْ دَاوٗدَ عَنْهُ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِّلْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ اِنَّ اللّٰهَ افْتَرَضَ عَلَيْكُمْ وَزَادَكُمُ الْوِتْرَ وَفِيْ رِوَايَةٍ اُخْرٰى لَهٗ اِنَّ اللّٰهَ زَادَكُمْ صَلٰوةً وَهِيَ الْوِتْرُ فَحَافِظُوْا عَلَيْهَا۔

حضرت خارجہ بن حذافہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم (ایک روز) ہمارے پاس تشریف لائے اور فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے تم کو پانچ فرض نمازوں پر ایک زائد نماز عطا کی ہے اور وہ وتر ہے[۲] وتر (بلحاظ ثواب کے) ان سرخ اونٹوں سے بھی زیادہ بہتر ہے[۱] اللہ تعالیٰ نے اس کا وقت تمہارے لیے عشاء اور صبح صادق کے درمیان رکھا ہے (ترمذی اور ابو داؤد) اور اس کی روایت ابن ماجہ نے بھی کی ہے اور حاکم نے مستدرک میں اور امام احمد نے اپنی مسند میں اور دار قطنی نے اپنی سنن میں اور طبرانی نے اپنی معجم میں اس کی روایت اسی طرح کی ہے۔ اور حاکم نے اس کو صحیح قرار دیا ہے اور حاکم نے کہا ہے کہ اس حدیث کی سند بخاری اور مسلم کی شرط کے مطابق صحیح ہے اور ابو داؤد نے اس حدیث کو روایت کر کے سکوت اختیار کیا ہے اور ابو داؤد کا سکوت حدیث کے صحیح ہونے کی دلیل ہے اور ہمارے امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کی ایک روایت میں اس طرح ہے اللہ تعالیٰ نے تم پر وتر کو فرض کیا ہے (جو ظن سے ثابت ہے جس کا دوسرا نام واجب ہے، اور یقینی پانچ فرض

[۱] (صحابو! جانتے ہو کہ وتر کیا ہے، تمہارے سمجھانے کے لیے کہا جاتا ہے کہ سرخ اونٹ تمہارے پاس جیسے مرغوب ہیں اور سارے اموال سے زیادہ قیمتی ہیں ایسے ہی)

[۲] ۱۲ رکعت سنت موکدہ جو فرض نمازوں کے تابع ہیں، ان کی طرح وتر کسی نماز کے تابع نہیں، بلکہ وتر ایک مستقل اور زائد نماز ہے، اور واجب ہے اس لیے اس کا وقت تم کو بتایا جاتا ہے)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

نمازوں پر) وتر کو زائد کیا ہے اور امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ تعالٰی سے دوسری روایت میں اس طرح ہے کہ اللہ تعالٰی نے فرائض پر ایک اور نماز زیادہ کی ہے اور وہ وتر ہے (جیسے فرائض کی حفاظت کرتے ہو اور ان کو پابندی سے پڑھتے ہو، ایسے ہی) وتر کی بھی حفاظت کرو، اور اس کو پابندی سے پڑھا کرو۔

۱۶۵۳ (۲۲) وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِنِ الْخُدْرِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَوْتِرُوْا قَبْلَ اَنْ تُصْبِحُوْا رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالتِّرْمِذِیُّ وَالنَّسَائِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ صبح صادق ہونے سے پہلے وتر پڑھ لیا کرو[1]۔ (ترمذی، نسائی اور ابن ماجہ)

۱۶۵۴ (۲۳) وَعَنْ عَلِیٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ وِتْرٌ یُّحِبُّ الْوِتْرَ فَاَوْتِرُوْا یَا اَهْلَ الْقُرْاٰنِ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ۔

حضرت علی رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ وتر ہیں یعنے یکتا ہیں[2] وہ فرماتے ہیں[3] مسلمانو! تم وتر پڑھا کرو[4] (ترمذی، ابوداؤد اور نسائی)۔

---

[1] (اس لیے کہ صبح صادق طلوع کرتے ہی وتر کا وقت ختم ہو جاتا ہے۔

[2] ان کی ذات کے جیسی کسی کی ذات نہیں، ساری مخلوقات اپنی ذات میں قابل تقسیم ہیں، لیکن اللہ تعالٰی کی ذات قابل تقسیم نہیں، ایسے ہی اللہ کی صفات کے جیسے کسی کی صفات نہیں، صفات کے لحاظ سے مخلوقات ایک دوسرے کے مشابہ ہو سکتے ہیں لیکن اللہ تعالٰی کے صفات کے مشابہ کوئی نہیں، اور اسی طرح اللہ کے افعال کے جیسے کسی کے افعال نہیں، مخلوقات کے افعال میں مدد دینے والے اور شریک رہا کرتے ہیں لیکن اللہ تعالٰی کے افعال میں مدد دینے والا اور شریک کوئی نہیں، اس لیے اللہ تعالٰی وتر ہیں یعنی یکتا ہیں۔

[3] اور چاہتے ہیں کہ ہر چیز وتر یعنی طاق رہے (جیسے اصل توراۃ سے مراد یہود ہیں، اور اصل انجیل سے مراد نصاری ہیں، ایسے ہی اصل قرآن سے مراد مسلمان ہیں، تو گویا یوں ارشاد ہو رہا ہے)

[4] تاکہ تمہاری رات کی نمازیں بھی طاق ہو جائیں، تمہارے وتر پڑھنے سے تمہاری رات کی نمازیں بھی طاق ہو جائیں گی جو اللہ تعالٰی کو پسند ہے، یہ شان جو بیان ہوئی ہے وہ سنت کی نہیں ہوتی، بلکہ واجب ہی کی یہ شان ہوتی ہے اس سے بھی معلوم ہوا کہ وتر واجب ہے)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

۱۶۵۵ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِنِ الْخُدْرِیِّ قَالَ
۲۴ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
مَنْ نَامَ عَنْ وِتْرٍ اَوْ نَسِیَہٗ فَلْیُصَلِّہٖ
اِذَا اَصْبَحَ اَوْ ذَکَرَہٗ رَوَاہُ الْحَاکِمُ فِیْ
مُسْتَدْرَکِہٖ وَقَالَ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ
الشَّیْخَیْنِ وَلَمْ یُخْرِجَاہُ وَنَقَلَ
تَصْحِیْحَہُ ابْنُ الْحَصَّارِ اَیْضًا وَرَوَی
التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَۃَ
نَحْوَہٗ۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو کوئی نیند کی وجہ سے وتر نہ پڑھ سکے (اور بغیر وتر پڑھے کے صبح صادق ہو گئی تو چونکہ اب وتر کا وقت ختم ہو چکا ہے اس لیے ایسے شخص کو وتر کی قضا پڑھنا چاہیئے[1] رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے یہ بھی ارشاد فرمایا کہ جو شخص وتر پڑھنا بھول جائے تو جس وقت یاد آجائے وتر کی قضاء کرے، اس کی روایت حاکم نے مستدرک میں کی ہے اور کہا ہے کہ یہ حدیث بخاری اور مسلم کی شرط کے مطابق صحیح ہے اور ابن الحصار نے بھی بیان کیا ہے کہ یہ حدیث صحیح ہے اور ترمذی ابوداؤد اور ابن ماجہ نے بھی اسی طرح روایت کی ہے

۱۶۵۶ وَعَنْ مَّالِكٍ بَلَغَہٗ اَنَّ رَجُلًا
۲۵ سَاَلَ ابْنَ عُمَرَ عَنِ الْوِتْرِ وَاجِبٌ
ھُوَ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰہِ قَدْ اَوْتَرَ رَسُوْلُ
اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاَوْتَرَ الْمُسْلِمُوْنَ
فَجَعَلَ الرَّجُلُ یُرَدِّدُ عَلَیْہِ وَعَبْدُ اللّٰہِ
یَقُوْلُ اَوْتَرَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ
وَسَلَّمَ وَاَوْتَرَ الْمُسْلِمُوْنَ۔

(رَوَاہُ فِی الْمُؤَطَّا)

حضرت امام مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ان کو یہ روایت (قابل و ثوق طریق سے) پہنچی ہے کہ ایک شخص نے ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے وتر کے متعلق دریافت کیا کہ کیا وتر واجب ہے؟ تو آپ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ہمیشہ وتر پڑھتے رہے ہیں، اور صحابۂ کرام بھی ہمیشہ وتر پڑھا کرتے تھے، چنانچہ وہ بار بار یہ سوال کرتا تھا کہ آیا وتر واجب ہے اور حضرت ابن عمر یہی جواب دیتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ہمیشہ وتر پڑھتے رہے، اور صحابۂ کرام بھی ہمیشہ وتر پڑھا کرتے تھے۔ اس کی روایت امام مالک نے موطا میں کی ہے۔

ف۔ اس حدیث شریف میں مذکور ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ہمیشہ وتر پڑھتے رہے ہیں اور مسلمان

---

[1] اس سے دو باتیں معلوم ہوئیں، ایک تو یہ کہ وتر کا وقت صبح صادق ہونے سے ختم ہو جاتا ہے (دوسری بات یہ ہے کہ اس حدیث میں وتر کی قضاء کا حکم ہے اور وتر کے واجب ہونے کی یہ کھلی دلیل ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZUL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

بھی ہمیشہ وتر پڑھتے رہے ہیں، اس سے معلوم ہوا کہ وتر پڑھنا مسلمانوں کا طریقہ ہے، اور جو شخص وتر ترک کرتا ہے تو وہ مسلمانوں کے طریقے سے ہٹ کر دوسرا طریقہ اختیار کرتا ہے، جس پر قرآن میں سخت وعید ہے اور جس کام کے ترک کرنے پر وعید آتی ہے۔ اس کام کا کرنا واجب ہوتا ہے اس لیے وتر واجب ہے اب رہی یہ بات کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے صراحت کے ساتھ سائل کے جواب میں وتر کے واجب ہوتے کو کیوں نہیں بیان کیا؟ تو اس کی وجہ یہ ہے کہ کہیں سائل پنجگانہ نمازوں کی طرح وتر کو فرض نہ سمجھے، اس لیے کہ واجب اور فرض میں اصطلاح فرق ہے، ورنہ بلحاظ عمل کے فرض و واجب ایک ہی ہیں۔

۱۶۵۷ / ۲۶ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي وَاَنَا رَاقِدَةٌ مُعْتَرِضَةٌ عَلٰى فِرَاشِهٖ فَاِذَا اَرَادَ اَنْ يُّوْتِرَ اَيْقَظَنِيْ فَاَوْتَرْتُ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم تہجد کی نماز پڑھتے رہتے تھے اور میں آپ کے سامنے بستر اقدس پر لیٹی رہتی تھی، لیکن جب آپ وتر پڑھنا چاہتے تو مجھے بیدار کر لیتے اور میں بھی وتر پڑھتی تھی، اس کی روایت بخاری نے کی ہے۔

ف علامہ عینی رحمۃ اللہ نے فرمایا ہے کہ اس حدیث شریف میں وتر کے واجب ہونے کی دلیل ہے دیکھو حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جب تہجد پڑھتے رہتے تو ام المومنین کو نہیں جگاتے تھے اور جب وتر پڑھنے کا ارادہ ہوتا تو حضرت ام المومنین کو وتر پڑھنے کے لیے بیدار کرتے اس میں صاف دلیل ہے کہ وتر واجب ہے، اس لیے کہ وتر کے لیے ام المومنین کو بیدار کرتے تھے، اور چونکہ تہجد واجب نہیں، اس لیے تہجد کے لیے نہیں بیدار فرماتے تھے۔

۱۶۵۸ / ۲۷ وَعَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ كَانَ ابْنُ عُمَرَ يُصَلِّيْ عَلٰى رَاحِلَتِهٖ تَطَوُّعًا فَاِذَا اَرَادَ اَنْ يُّوْتِرَ نَزَلَ فَاَوْتَرَ عَلَى الْاَرْضِ

رَوَاهُ الدَّارُ قُطْنِيُّ وَاَحْمَدُ۔

حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی عادت تھی کہ وہ اپنی سواری پر نفل نماز پڑھ لیا کرتے تھے (اس لیے کہ نفل نماز سواری پر جائز ہے) پھر جب وتر پڑھنے کا ارادہ فرماتے تو سواری سے اتر کر زمین پر وتر ادا فرماتے [لہ]

[لہ] اس لیے کہ فرض اور وتر بغیر ضرورت کے سواری پر جائز نہیں، اگر وتر واجب نہ ہوتے تو اور نوافل کی طرح حضرت ابن عمر وتر کو سواری پر ہی ادا فرماتے، سواری پر وتر ادا نہ کر کے زمین پر وتر پڑھنے سے معلوم ہوا کہ حضرت ابن عمر وتر کو واجب سمجھتے تھے۔

اس حدیث کی روایت دار قطنی اور امام احمد نے کی ہے۔

۱۶۵۹ / ۲۸ وَعَنْ نَّافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهٗ كَانَ يُصَلِّيْ عَلٰى رَاحِلَتِهٖ وَيُوْتِرُ بِالْاَرْضِ وَيَزْعُمُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَذٰلِكَ كَانَ يَفْعَلُ۔

(رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ بِاِسْنَادٍ صَحِيْحٍ)

حضرت نافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی عادت تھی کہ وہ اپنی سواری پر نفل نماز پڑھا کرتے تھے۔ (اس لیے کہ نفل نماز سواری پر جائز ہے) پھر جب وتر پڑھنے کا ارادہ فرماتے تو سواری سے اتر کر زمین پر وتر ادا فرماتے تھے (اس لیے کہ فرض اور وتر بغیر ضرورت کے سواری پر جائز نہیں) اور حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما یقین سے فرمایا کرتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم بھی اسی طرح نفل نماز سواری پر اور وتر زمین پر پڑھا کرتے تھے[1] اس حدیث کی روایت امام طحاوی نے صحیح سند کے ساتھ کی ہے۔

۱۶۶۰ / ۲۹ وَعَنْ خَالِدِ بْنِ اَبِيْ عِمْرَانَ قَالَ بَيْنَمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُوْ عَلٰى مُضَرَ اِذْ جَاءَهٗ جِبْرِيْلُ فَاَوْمَاَ اِلَيْهِ اَنِ اسْكُتْ فَسَكَتَ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ اِنَّ اللّٰهَ لَمْ يَبْعَثْكَ سَبَّابًا وَّلَا لَعَّانًا وَاِنَّمَا بَعَثَكَ رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ لَيْسَ لَكَ مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ ثُمَّ عَلَّمَهُ الْقُنُوْتَ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْتَعِيْنُكَ وَنَسْتَغْفِرُكَ وَنُؤْمِنُ بِكَ وَنَخْضَعُ لَكَ وَنَخْلَعُ وَنَتْرُكُ مَنْ يَّكْفُرُكَ اَللّٰهُمَّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَلَكَ نُصَلِّيْ وَنَسْجُدُ وَاِلَيْكَ نَسْعٰى وَنَحْفِدُ وَنَرْجُوْا رَحْمَتَكَ وَنَخَافُ

حضرت خالد بن ابی عمران رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو کتنی ہی تکلیف پہنچے، آپ نے کسی کافر پر بد دعا نہیں فرمائی، قبیلہ مضر کی طرف سے مسلمانوں کو ناقابل برداشت تکالیف پہنچ رہی تھیں، یہ آپ سے نہیں دیکھا گیا، ایک وقت آپ وتر پڑھ رہے تھے (مضر کے ناقابل برداشت تکالیف یاد آ گئے) قبیلہ مضر کو بد دعا دینے لگے ایسے میں جبرئیل علیہ السلام آ گئے، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو اشارہ سے بد دعا دینے سے منع فرمایا آپ رک گئے، پھر جبرئیل علیہ السلام نے کہا، یا رسول اللہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ہم نے

[1] حضرت ابن عمر کے اس طرح فرمانے سے حدیث مرفوع ہو گئی اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے فعل سے بھی وتر کا وجوب ثابت ہو گیا۔

MARKAZ-UL-OLOOM-E ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

عَذَابَكَ إِنَّ عَذَابَكَ الْجِدَّ بِالْكُفَّارِ مُلْحِقٌ" رَوَاهُ أَبُوْدَاؤدَ وَفِي الْمَرَاسِيْلِ وَالطَّبْرَانِيُّ وَ رَوَى ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ بِسَنَدٍ صَحِيْحٍ مَوْقُوْفًا مِنْ قَوْلِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ

اَللّٰهُمَّ إِنَّا نَسْتَعِيْنُكَ وَ نَسْتَغْفِرُكَ وَنُؤْمِنُ بِكَ وَ نَتَوَكَّلُ عَلَيْكَ وَ نُثْنِيْ عَلَيْكَ الْخَيْرَ وَنَشْكُرُكَ وَ لَا نَكْفُرُكَ وَنَخْلَعُ وَ نَتْرُكُ مَنْ يَّفْجُرُكَ اَللّٰهُمَّ إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَلَكَ نُصَلِّيْ وَنَسْجُدُ وَإِلَيْكَ نَسْعٰى وَنَحْفِدُ وَنَرْجُوْ رَحْمَتَكَ وَ نَخْشٰى عَذَابَكَ إِنَّ عَذَابَكَ بِالْكُفَّارِ مُلْحِقٌ وَرَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي السُّنَنِ الْكَبِيْرِ لَهُ مَوْقُوْفًا مِنْ قَوْلِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ۔

آپ کو رحمۃ للعالمین بنا کر بھیجا ہے[1] آپ کا کام نہیں (ہم ان کو دیکھ لیں گے) ہم پر چھوڑ دیجئے بجائے بد دعاء کے (وتر میں) یہ قنوت یعنی یہ دعاء پڑھا کیجئے۔

اے اللہ! (آپ کو معلوم ہے کہ کفار ہم کو کیا کیا تکلیفیں دے رہے ہیں) ہم آپ ہی سے مدد مانگتے ہیں کہ ہم کو کفار کے شر سے بچائیے (ممکن ہے کہ گناہوں کی شامت سے یہ ہو رہا ہو گا) ہم آپ سے گناہوں کی مغفرت مانگتے ہیں۔

ہم آپ کے ہیں آپ پر ایمان لائے ہیں، ہم آپ کے سامنے نہایت عاجزی سے عرض کرتے ہیں (کہ ہم کو ہر شر سے بچائیے)

(ہم کو معلوم ہے کہ کفار آپ کے دشمن ہیں) ہم آپ کے دشمنوں کو آپ ہی کے لیے ترک کرتے ہیں۔

دلی دوستی ان سے نہیں رکھتے ہیں، دنیوی حیثیت سے ظاہرہ برتاؤ رکھے ہیں۔

اے اللہ! آپ کے سوا ہمارا کوئی نہیں، ہم آپ ہی کی عبادت کرتے ہیں، ہم آپ ہی کے لیے ہیں آپ ہی کے سامنے ہاتھ باندھے ہوئے کھڑے رہ کر اپنی بندگی کا اظہار کرتے ہیں، جب آپ کا عظمت و جلال ہمارے دل پر طاری ہوتا ہے تو ہم بے اختیار ہو کر آپ کے سامنے سجدے میں گرتے ہیں (اس سے یہ بتانا چاہتے ہیں کہ آپ کی شان عالی ہے اور ہماری حالت یہ ہے کہ ہم نہایت عاجزی سے زمین پر سر رکھے ہوئے ہیں۔) ہماری ساری کوشش آپ ہی کے

[1] جو عالمین کے لیے رحمت ہو، ان کی شان کے خلاف ہے کہ وہ کسی کو بد دعا دیں، ہم کو معلوم ہے کہ قبیلہ مضر سے مسلمانوں کو کیا کیا تکلیف پہنچ رہی ہے اس کا بدلہ دینا ہمارا کام ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

پیے ہیں، ہم آپ ہی طرف دل سے جھکتے ہیں، (ہم کسی قابل نہیں) اے اللہ! ہم آپ کی رحمت سے بڑی بڑی امیدیں لگائے ہیں۔

(اے اللہ! ہم جانتے ہیں کہ ایمان خوف ورجاء کے درمیان ہے، جیسے ہم آپ کی رحمت کے امیدوار ہیں ایسے ہی) آپ کے عذاب سے ہمارے دل پر دہشت بیٹھی ہوئی ہے، ہم آپ کے عذاب کے خیال سے ڈرے ہوئے سہمے ہوئے ہیں۔

ہم کو معلوم ہے کہ آپ کا یقینی عذاب کفار کے لیے ہے (مگر ہم ڈرتے ہیں کہ کہیں آپ کی شان بے نیازی سے ہم اپنے گناہوں کی وجہ سے عذاب میں گرفتار نہ ہو جائیں۔

اس کی روایت ابوداود نے اپنی مراسیل میں کی ہے اور طبرانی نے بھی اس کی روایت کی ہے۔ اور ابن ابی شیبہ نے سند صحیح کے ساتھ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے جو موقوفاً روایت کی ہے، اس کے الفاظ یہ ہیں۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْتَعِيْنُكَ وَ نَسْتَغْفِرُكَ

اے اللہ! (آپ کو معلوم ہے کہ کفار ہم کو کیا کیا تکلیفیں دے رہے ہیں)، ہم آپ ہی سے مدد مانگتے ہیں کہ (ہم کو کفار کے شر سے بچائیے) ممکن ہے کہ گناہوں کی شامت سے یہ ہو رہا ہوگا)، ہم آپ سے گناہوں کی مغفرت چاہتے ہیں۔

وَنُثْنِيْ عَلَيْكَ الْخَيْرَ وَلَا نَكْفُرُكَ۔

ہم آپ ہی کے ہیں، ہم آپ ہی کی تعریف کرتے ہیں ہم کیا اور ہماری تعریف کیا، آپ ویسے ہی ہیں جیسے آپ اپنی تعریف کئے ہیں، ہم آپ کی ناشکری نہیں کرتے ہیں (آپ کی نعمتیں ہم کو گھیرے ہوئے ہیں ہم ہمیشہ آپ کے شکرگزار ہیں۔

نَخْلَعُ وَنَتْرُكُ مَنْ يَّفْجُرُكَ اَللّٰهُمَّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ ۔

(ہم کو معلوم ہے کہ کفار حقیقی فاجر و فاسق بھی) ہم آپ کے دشمنوں کو آپ ہی کے لیے ترک کرتے ہیں، دلی دوستی ان سے نہیں رکھتے، دنیوی حیثیت سے ظاہرہ برتاؤ رکھتے ہیں،

اے اللہ! آپ کے سوا ہمارا کوئی کام نہیں، ہم

www.waseemziyai.com
MARKAZ UL OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

وَلَكَ نُصَلِّي وَنَسْجُدُ وَإِلَيْكَ نَسْعٰى وَنَحْفِدُ وَنَخْشٰى عَذَابَكَ ۔

آپ ہی کی عبادت کرتے ہیں۔ آپ کے سامنے ہاتھ باندھے ہوئے کھڑے ہوکر اپنی بندگی کا اظہار کرتے ہیں۔ جب آپ کا عظمت وجلال ہمارے دل پر طاری ہوتا ہے تو ہم بے اختیار ہوکر آپ کے سامنے سجدے میں گرتے ہیں (اس سے یہ بتانا چاہتے ہیں کہ آپ کی شان عالی ہے۔

اور ہماری حالت یہ ہے کہ ہم نہایت عاجزی سے زمین پر سر رکھے ہوئے، ہماری ساری کوششیں آپ ہی کے لیے ہیں! ہم آپ ہی کی طرف دل سے جھکتے ہیں، (اے اللہ ہم جانتے ہیں کہ ایمان خوف ورجاء کے درمیان ہے) آپ کے عذاب سے ہمارے دل پر دہشت بیٹھی ہوئی ہے، ہم آپ کے یقینی عذاب کے خیال سے ڈرے ہوئے سہمے ہوئے ہیں۔

الْجِدَّ

وَنَرْجُو رَحْمَتَكَ اِنَّ عَذَابَكَ الْجِدَّ بِالْكُفَّارِ مُلْحِقٌ ط

اے اللہ! ہم کسی قابل نہیں، ہم آپ کی رحمت سے بڑی بڑی امیدیں لگائے ہیں، ہم کو معلوم ہے کہ آپ کا یقینی عذاب کفار ہی کے لیے ہے (مگر ڈرتے ہیں کہ کہیں آپ کی شان بے نیازی سے ہم اپنے گناہوں کی وجہ سے عذاب میں گرفتار نہ ہو جائیں)۔

اور بیہقی نے سنن کبیر میں ابن ابی شیبہ کی اس روایت کو موقوفاً حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا ہے۔

١٦٦١/٣٠ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ كَانَ يَقْنُتُ بِالسُّوْرَتَيْنِ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْتَعِيْنُكَ اَللّٰهُمَّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ ۔

(رَوَاهُ ابْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ وَالطَّحَاوِيُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی ذیل کی حدیث کو سمجھنے کے لیے اس تمہید کو سن لیجیے۔ حنفی دعاء قنوت کے دو حصے ہیں، ایک حصہ "اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْتَعِيْنُكَ" سے شروع ہوکر "مَنْ يَّفْجُرُكَ" پر ختم ہوتا ہے اور دوسرا حصہ "اَللّٰهُمَّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ" سے شروع ہوکر "بِالْكُفَّارِ مُلْحِقٌ" پر ختم ہوتا ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان دو منسوخ التلاوۃ) سورتوں کو (وتر میں) بطور دعاء قنوت پڑھا کرتے تھے، ایک سورۃ یہ ہے: اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْتَعِیْنُكَ وَنَسْتَغْفِرُكَ وَنُثْنِیْ عَلَیْكَ الْخَیْرَ وَلَا نَكْفُرُكَ وَنَخْلَعُ وَنَتْرُكُ مَنْ یَّفْجُرُكَ ۔ اور دوسری سورۃ یہ ہے اَللّٰھُمَّ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَلَكَ نُصَلِّیْ وَنَسْجُدُ وَاِلَیْكَ نَسْعٰی وَنَحْفِدُ وَنَرْجُوْ رَحْمَتَكَ اِنَّ عَذَابَكَ الْجِدَّ بِالْكُفَّارِ مُلْحِقٌ ۔

اس کی روایت ابن ابی شیبہ اور طحاوی نے کی ہے۔

١٢٦٢ (٣١) وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ زُرَیْرٍ الْغَافِقِیِّ قَالَ لِیْ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مَرْوَانَ لَقَدْ عَلِمْتُ مَا حَمَلَكَ عَلٰی حُبِّ اَبِیْ تُرَابٍ اِلَّا اَنَّكَ اَعْرَابِیٌّ جَافٍ فَقُلْتُ وَاللّٰہِ لَقَدْ جَمَعْتُ الْقُرْاٰنَ مِنْ قَبْلِ اَنْ یَّجْتَمِعَ اَبَوَاكَ وَلَقَدْ عَلَّمَنِیْ مِنْہُ عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ سُوْرَتَیْنِ عَلَّمَھُمَا اِیَّاہُ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا عَلِمْتَھُمَا اَنْتَ وَلَا اَبَوَاكَ اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْتَعِیْنُكَ وَنُثْنِیْ عَلَیْكَ الْقُرْاٰنَ وَلَا نَكْفُرُكَ وَنَخْلَعُ وَنَتْرُكُ مَنْ یَّفْجُرُكَ اَللّٰھُمَّ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَلَكَ نُصَلِّیْ وَنَسْجُدُ وَاِلَیْكَ نَسْعٰی وَنَحْفِدُ وَنَرْجُوْا رَحْمَتَكَ وَنَخْشٰی عَذَابَكَ اِنَّ عَذَابَكَ بِالْكُفَّارِ مُلْحِقٌ

حضرت عبد اللہ بن زریر غافقی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ (ایک روز) عبد الملک بن مروان نے مجھ سے کہا عبد اللہ تم گنوار، دہقانی آدمی ہو، تم کو کچھ خبر ہی نہیں، خواہ مخواہ تم حضرت ابوتراب علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے محبت کرتے ہو تو حضرت عبد اللہ نے انھیں جواب دیا (تم مجھے گنوار، دہقانی جو چاہے کہہ لو مگر) میں نے قرآن اس وقت یاد کیا ہے جب کہ تمہارا پتہ بھی نہیں تھا بلکہ تمہارے ماں باپ کا نکاح بھی نہیں ہوا تھا، (پھر میں گنوار کیسے؟) مجھے قرآن کی دو سورتیں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یاد دلائی ہیں اور یہ وہ دو سورتیں ہیں جن کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو یاد کرائی تھیں ، ان دو سورتوں کی نہ تو تم کو خبر ہے اور نہ تمہارے ماں باپ کو (تو گنوار

لہ یہ دو حصے قرآن مجید کی دو سورتیں ہیں، جیسے آیت رجم منسوخ التلاوۃ ہے۔ لیکن عمل اس پر جاری ہے ایسے ہی یہ دونوں سورتیں بھی منسوخ التلاوۃ ہیں، یعنی قرآن میں پڑھی نہیں جاتی، مگر ان پر عمل جاری ہے اور وتر میں بطور قنوت پڑھی جاتی ہیں)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

(رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ فِي الدُّعَاءِ)

١٦٦٣ وَعَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ قَالَ عَلَّمَنِيْ
٣٢
رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَلِمَاتٍ
اَقُوْلُهُنَّ فِيْ قُنُوْتِ الْوِتْرِ اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ
فِيْمَنْ هَدَيْتَ وَعَافِنِيْ فِيْمَنْ عَافَيْتَ
وَتَوَلَّنِيْ فِيْمَنْ تَوَلَّيْتَ وَبَارِكْ لِيْ
فِيْمَا اَعْطَيْتَ وَقِنِيْ شَرَّ مَا قَضَيْتَ
فَاِنَّكَ تَقْضِيْ وَلَا يُقْضٰى عَلَيْكَ اِنَّهٗ
لَا يَذِلُّ مَنْ وَّالَيْتَ تَبَارَكْتَ رَبَّنَا
وَتَعَالَيْتَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ
وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ۔

میں ہوں یا تم؛) وہ دو سورتیں یہ ہیں: اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْتَعِيْنُكَ وَنَسْتَغْفِرُكَ وَنُثْنِيْ عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ وَلَا نَكْفُرُكَ وَنَخْلَعُ وَنَتْرُكُ مَنْ يَّفْجُرُكَ اَللّٰهُمَّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَلَكَ نُصَلِّيْ وَنَسْجُدُ وَاِلَيْكَ نَسْعٰى وَنَحْفِدُ وَنَرْجُوْ رَحْمَتَكَ وَنَخْشٰى عَذَابَكَ اِنَّ عَذَابَكَ بِالْكُفَّارِ مُلْحِقٌ۔

(یہ دو سورتیں منسوخ التلاوۃ ہیں یعنی قرآن میں نہیں پڑھی جاتیں، مگر وتر میں بطور قنوت کے پڑھی جاتی ہیں) اس کی روایت طبرانی نے کتاب الدعا میں کی ہے۔

حضرت حسن بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے چند کلمات سکھائے ہیں تاکہ وتر میں جب دعاءِ قنوت پڑھنے کا وقت آئے تو میں ان کلمات کو پڑھا کروں (وہ کلمات یہ ہیں)

اے اللہ! جن کو آپ نے ہدایت دی ہے اور ان کے عقائد و اعمال کو پسند فرمایا ہے، ان کے ساتھ مجھے بھی ہدایت دیجئے کہ میرے عقائد وہ ہوں جن کو آپ پسند فرمائیں، اور میرے اعمال بھی وہ ہوں جن کو آپ پسند فرمائیں۔

اے اللہ! جن کو آپ بڑی بیماریوں سے، بُرے اخلاق سے، بری خواہشوں سے بچا کر عافیت میں رکھے ہیں مجھے بھی ان سب سے بچایئے کہ میں بھی بُری بیماریوں سے بُرے اخلاق اور بُری خواہشات سے بچا ہوا عافیت میں رہوں۔

اے اللہ! جن سے آپ محبت کرتے ہیں اور ان کی ہر شر سے حفاظت کرتے ہیں، اور ہر معاملہ میں ان کی مدد کرتے ہیں ان کے ساتھ مجھ سے بھی محبت کیجئے اور اس شر سے بھی میری حفاظت

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

فرمایئے اور ہر معاملے میں میری مدد فرمایئے۔
اے اللہ! اپنے فضل وکرم سے جو جو چیز مجھے دیں (عمر، مال، علم، اور عمل) ان سب میں برکت دیجئے۔
اگر آپ نے میرے لیے کسی شر کے پہنچنے کا حکم دیا ہے تو آپ مجھے اس شر سے ہمیشہ بچائے رکھیئے (اور اپنے اس حکم کو بدل دیجئے)
اس لیے کہ آپ جو چاہیں حکم دے سکتے ہیں اور اپنے دیئے ہوئے حکم کو بدل سکتے ہیں، کوئی نہیں ہے کہ آپ اگر حکم کو بدلنا چاہیں تو اس حکم کو روک سکے۔
جس کے آپ دوست بنیں اور اس کو اپنی حمایت میں لے لیں، وہ کبھی ذلیل نہیں ہوسکتا۔
اے اللہ! برکت آپ کے قبضۂ قدرت میں ہے جس کو چاہیں برکت دے سکتے ہیں؛ آپ بڑے عالی شان ہیں۔

اس کی روایت ترمذی، ابوداؤد، نسائی، ابن ماجہ اور دارمی نے کی ہے۔

ف رد المحتار میں لکھا ہے کہ دعاء سابق "اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْتَعِیْنُکَ" الخ کے ساتھ اس دعاء یعنے اَللّٰھُمَّ اھْدِنِیْ" الخ کو بھی ملا کر وتر میں پڑھنا حنفی مذہب میں مستحب ہے اور درمختار میں طحطاوی اور شرح منیہ کے حوالے سے لکھا ہے کہ قنوت میں ان دونوں دعاؤں کو ملا کر پڑھنا چاہیئے اور ان دعاؤں کے بعد یہ درود شریف پڑھنا بھی مستحب ہے:
"وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ"۔ ۱۲

۱۲۶۴ وَعَنْ عَلِیٍّ قَالَ اِنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ یَقُوْلُ فِیْ اٰخِرِ وِتْرِہٖ ۳۳ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ وَبِمُعَافَاتِكَ مِنْ عُقُوْبَتِكَ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْكَ لَا اُحْصِیْ ثَنَاءً عَلَیْكَ اَنْتَ كَمَا اَثْنَیْتَ عَلٰی نَفْسِكَ۔

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نماز وتر سے فارغ ہوتے تو سلام کے بعد یہ دعاء پڑھا کرتے تھے:
اے اللہ! میں پناہ میں آتا ہوں، آپ کی رحمت کے، جو سبب ہے آپ کی رضامندی کا آپ کے غضب سے بچ کر۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَآئِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

اے اللہ! میں پناہ میں آتا ہوں آپ کی شان عفو کے، آپ کے عذاب سے بچا کر۔
اے اللہ! میں پناہ میں آتا ہوں آپ کی ذات کریمی کے، آپ کی صفت قہاری سے بچا کر۔
میں آپ کی کچھ بھی تعریف نہیں کر سکتا آپ ایسے ہی ہیں جیسے خود آپ نے تعریف فرمائی ہے۔
(ابو داؤد، ترمذی، نسائی اور ابن ماجہ)

۱۶۶۵/۳۴ وَعَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سَلَّمَ فِي الْوِتْرِ قَالَ سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَآئِيُّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ مَرَّاتٍ يُطِيْلُ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِلنَّسَآئِيِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبْزٰى عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كَانَ يَقُوْلُ اِذَا سَلَّمَ سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ ثَلَاثًا وَيَرْفَعُ صَوْتَهٗ بِالثَّالِثَةِ۔

حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جب نماز وتر ختم فرماتے تو وتر کے سلام کے بعد "سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ"، فرمایا کرتے تھے (یعنی اللہ تعالیٰ سب عیبوں سے اور ہر طرح کے نقصان سے پاک ہیں اور ان کی بادشاہت لازوال ہے، جن صفتوں میں کمال نہیں اللہ تعالیٰ ان صفتوں سے پاک ہیں یعنی مخلوقات کے سارے صفات سے اللہ تعالیٰ پاک ہیں (ابو داؤد اور نسائی) اور نسائی نے اس روایت میں یہ زیادہ کیا ہے کہ "سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ"، تین بار فرماتے تھے۔ اور تیسری مرتبہ جب "سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ" فرماتے تو قدوس کی دال اور واو کو لمبا کھینچتے تھے، اور نسائی کی ایک اور روایت میں عبدالرحمٰن بن ابزا رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ان کے والد نے کہا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم وتر کے سلام کے بعد "سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ" تین مرتبہ فرماتے تھے اور تیسری مرتبہ بہ نسبت پہلے دو کے زیادہ آواز سے بلند فرماتے تھے۔ (اور دارقطنی کی روایت میں "سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ" کے بعد "رَبُّ الْمَلَآئِكَةِ وَالرُّوْحِ"، کہنا بھی آیا ہے)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOMIL ISLAMIA ACADEMY

۱۶۶۶ ۳۵ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّيْ جَالِسًا فَيَقْرَأُ وَهُوَ جَالِسٌ فَاِذَا بَقِيَ مِنْ قِرَاءَتِهٖ قَدْرُ مَا يَكُوْنُ ثَلَاثِيْنَ اَوْ اَرْبَعِيْنَ اٰيَةً قَامَ وَقَرَأَ وَهُوَ قَائِمٌ ثُمَّ رَكَعَ ثُمَّ سَجَدَ ثُمَّ يَفْعَلُ فِي الرَّكْعَةِ الثَّانِيَةِ مِثْلَ ذٰلِكَ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ (میں نے کبھی حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو بیٹھ کر نماز پڑھتے ہوئے نہیں دیکھا) (آپ عمر کے آخری حصہ میں بھی تہجد کو کھڑے ہوئے ہی ادا فرماتے تھے اور جب کچھ رکعتیں باقی رہ جاتیں اور طویل قراءت پڑھنے کی وجہ سے آپ تھک جاتے تو) بیٹھے ہوئے قرأت فرماتے اور جب سورت کی (۳۰ یا ۴۰) آیات باقی رہ جاتیں تو پھر آپ کھڑے ہو جاتے اور کھڑے ہوئے بقیہ آیات پڑھتے اور رکوع میں چلے جاتے پھر سجدہ فرماتے اور دوسری رکعت بھی اسی طرح ادا فرماتے۔ (مسلم)

ف: اس حدیث شریف سے ثابت ہوتا ہے کہ نفل نماز کی کسی رکعت میں کچھ بیٹھنا اور کچھ کھڑا ہونا جائز ہے اس کی تفصیل یہ ہے کہ اگر کوئی شخص نفل نماز بغیر عذر کے بیٹھ کر پڑھ رہا تھا پھر کھڑے ہو کر اس کو پورا کرے تو نماز جائز ہے مگر مکروہ ہوگی (عینی ہدایہ، رد المحتار) ۱۲ مرقات میں لکھا ہے کہ باب الوتر کو اس حدیث سے مناسبت یہ ہے کہ وتر سے پہلے تہجد کی آخری رکعتوں میں بیٹھ کر قرأت کر کے کھڑے ہو کر پورا کرنا جائز ہے۔ ۱۲

۱۶۶۷ ۳۶ وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّيْ بَعْدَ الْوِتْرِ رَكْعَتَيْنِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَزَادَ ابْنُ مَاجَةَ خَفِيْفَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِابْنِ مَاجَةَ ثُمَّ يَرْكَعُ رَكْعَتَيْنِ يَقْرَأُ فِيْهِمَا وَهُوَ جَالِسٌ فَاِذَا اَرَادَ اَنْ يَرْكَعَ قَامَ فَرَكَعَ۔

ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے وہ فرماتی ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم وتر کے بعد دو رکعت (نفل) نماز ادا فرمایا کرتے تھے۔ اس کی روایت ترمذی نے کی ہے۔ اور ابن ماجہ کی روایت میں یہ اضافہ ہے کہ یہ دو رکعت جو وتر کے بعد پڑھی جاتی تھیں ان میں بہت ہلکی قرأت ہوتی تھی اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ان دو رکعتوں کو بیٹھ کر ادا فرماتے تھے اور ابن ماجہ کی ایک اور روایت میں اس طرح ہے کہ (وتر کے بعد) حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم دو رکعت (نفل) پڑھا کرتے تھے، اور ان دو رکعتوں میں بیٹھ کر قرأت فرمایا کرتے تھے۔ اور جب رکوع کرنے کا ارادہ

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

فرماتے تو کھڑے ہو جاتے، اور کھڑے ہو کر رکوع میں جاتے۔

۱۶۶۸
۳۷
وَعَنْ ثَوْبَانَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ هٰذَا السَّهَرَ جُهْدٌ وَثِقَلٌ فَإِذَا أَوْتَرَ أَحَدُكُمْ فَلْيَرْكَعْ رَكْعَتَيْنِ فَإِنْ قَامَ مِنَ اللَّيْلِ وَإِلَّا كَانَتَا لَهُ۔

(رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تہجد کے لیے آخر رات میں اٹھنا بہت شاق اور مشکل ہوتا ہے[1] اگر کوئی تہجد کے لیے نہ اٹھ سکے تو اتنا تو کرے کہ وتر کے بعد دو رکعت پڑھ لے[2] اور اگر وہ نہ اٹھ سکا تو یہ دو رکعت تہجد کے قائم مقام ہو جائے گی۔ اس کی روایت دارمی نے کی ہے۔

۱۶۶۹
۳۸
وَعَنْ أَبِي أُمَامَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّيْهِمَا بَعْدَ الْوِتْرِ وَهُوَ جَالِسٌ يَقْرَأُ فِيْهِمَا إِذَا زُلْزِلَتْ وَقُلْ يَا أَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ۔

(رَوَاهُ أَحْمَدُ)

حضرت ابو امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ان دو رکعتوں کو جو وتر کے بعد پڑھی جاتی ہیں بیٹھے ہوئے پڑھا کرتے تھے اور ان دو رکعتوں کی پہلی رکعت میں سورہ "اذا زلزلت" اور دوسری رکعت میں سورہ "قل یا ایھا الکٰفرون" کی تلاوت فرمایا کرتے تھے۔ اس کی روایت امام احمد نے کی ہے۔

بَابُ الْقُنُوْتِ

اس باب میں وتر میں پڑھی جانے والی دعا کے احکام مذکور ہیں۔

(۱) اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔
وَقَوْلُ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ قُوْمُوْا لِلّٰهِ قَانِتِيْنَ۔

"اور اللہ کے حضور ادب سے کھڑے ہو"
(البقرۃ ۲، / ۲۳۸)

آیت سے چند مسئلے معلوم ہوئے ایک یہ کہ نماز میں قیام فرض ہے۔ "قوموا" امر کے صیغہ سے، دوسرے

---

[1] اگر کوئی سب مشکلات کو برداشت کر کے تہجد کے لیے بیدار ہو تو اس کا کیا کہنا۔ اس کی فضیلتیں سابق کی بہت سی احادیث میں مذکور ہو چکی ہیں۔

[2] جس کو تشفیع الوتر کہتے ہیں، اس کے بعد پھر وہ تہجد کے لیے اٹھا تو اس کا کیا کہنا، اس نے بڑی عالی ہمتی سے کام لیا، اور بڑے بڑے ثواب کا مستحق ہوا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMI ISLAMIA ACADEMY

یہ کہ نماز باجماعت پڑھنی چاہیئے، کیونکہ "قوموا" جمع کا لفظ ہے تیسرے یہ کہ نماز میں کھانا پینا، بات چیت کرنا حرام ہے، جیسا کہ قانتین سے معلوم ہوا، خیال رہے کہ نماز میں گفتگو کرنا اس آیت سے منسوخ ہے اور امام کے پیچھے قرأت کرنا "وَاَنْصِتُوْا" کے صیغہ سے منسوخ ہے۔

(۲) اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

وَقَوْلُہٗ لَیْسَ لَکَ مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ اَوْ یَتُوْبَ عَلَیْھِمْ اَوْ یُعَذِّبَھُمْ۔

اور یہ بات تمہارے ہاتھ، یا انہیں توبہ کی توفیق دے، یا ان پر عذاب کرے کہ وہ ظالم ہیں،
(آل عمران، ۳/ ۱۲۸)

حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے بیر معونہ والے کفار کے لیے بد دعا کی، جنہوں نے دھوکہ سے حفاظ صحابہ کرام کو تبلیغ کی غرض سے لے جاکر شہید کر دیا تھا اس کے متعلق یہ آیت کریمہ اتری، اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو بد دعا سے روک دیا گیا، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نماز فجر کی دوسری رکعت میں بعد رکوع ان کافروں پر بد دعا کیا کرتے تھے، جسے قنوت نازلہ کہتے ہیں، اس آیت کریمہ سے قنوت نازلہ منسوخ ہوئی۔

۱۶۷ عَنْ اُبَیِّ بْنِ کَعْبٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ یُوْتِرُ فَیَقْنُتُ قَبْلَ الرُّکُوْعِ۔
(رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ بِاِسْنَادٍ صَحِیْحٍ)

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم وتر پڑھا کرتے تھے تو (وتر کی تیسری رکعت میں) رکوع سے پہلے دعاء قنوت پڑھتے تھے اس کی روایت ابن ماجہ نے سند صحیح کے ساتھ کی ہے۔

۱۶۷/۲ وَعَنْہُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ یُوْتِرُ بِثَلَاثِ رَکَعَاتٍ کَانَ یَقْرَأُ فِی الْاُوْلٰی بِسَبِّحِ اسْمَ رَبِّکَ الْاَعْلٰی وَفِی الثَّانِیَۃِ بِقُلْ یٰاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ وَفِی الثَّالِثَۃِ بِقُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ وَیَقْنُتُ قَبْلَ الرُّکُوْعِ۔
(رَوَاہُ النَّسَائِیُّ)

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم وتر کے تین رکعت ادا فرمایا کرتے تھے پہلی رکعت میں "سَبِّحِ اسْمَ رَبِّکَ الْاَعْلٰی"، دوسری رکعت میں "قُلْ یٰاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ"، اور تیسری رکعت میں "قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ" پڑھا کرتے تھے اور (تیسری رکعت میں) رکوع سے پہلے دعاء قنوت پڑھتے
(نسائی)

۱۶۷/۳ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَنَتَ فِی الْوِتْرِ قَبْلَ الرُّکُوْعِ رَوَاہُ الْخَطِیْبُ

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم وتر کی (تیسری رکعت میں) رکوع سے

www.waseemziyai.com
MARKAZUL OLOOMIE ISLAMIA ACADEMY

فِي كِتَابِ الْقُنُوْتِ لَهٗ وَذَكَرَهُ ابْنُ الْجَوْزِيُّ فِي التَّحْقِيْقِ وَسَكَتَ عَنْهُ۔

پہلے دُعاء قنوت پڑھا کرتے تھے اس کی روایت خطیب نے کتاب القنوت میں کی ہے اور ابن الجوزی نے کتاب التحقیق میں اس کو بیان کیا ہے اور سکوت اختیار کیا ہے۔

۱۶۷۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَوْتَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِثَلَاثٍ فَقَنَتَ فِيْهَا قَبْلَ الرُّكُوْعِ رَوَاهُ اَبُوْ نُعَيْمٍ فِي الْحِلْيَةِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم وتر کے تین رکعت پڑھا کرتے تھے اور وتر کے تین رکعت (میں) رکوع سے پہلے دُعاء قنوت پڑھتے تھے۔ اس کی روایت ابونعیم نے حلیۃ میں کی ہے۔

۱۶۷۴ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُوْتِرُ بِثَلَاثِ رَكَعَاتٍ وَيَجْعَلُ الْقُنُوْتَ قَبْلَ الرُّكُوْعِ۔

(رَوَاهُ الطَّبْرَانِيُّ فِي الْاَوْسَطِ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم وتر کے تین رکعات پڑھا کرتے اور دُعاء قنوت کو وتر (کی تیسری رکعت) میں رکوع سے پہلے پڑھتے تھے۔ اس کی روایت طبرانی نے اوسط میں کی ہے۔

۱۶۷۵ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْنُتُ فِي الْوِتْرِ قَبْلَ الرُّكُوْعِ۔

(رَوَاهُ ابْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم وتر (کی تیسری رکعت) میں رکوع سے پہلے دُعاء قنوت پڑھا کرتے تھے۔ اس کی روایت ابن ابی شیبہ نے کی ہے۔

۱۶۷۶ وَعَنْهُ قَالَ بِتُّ مَعَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَنْظُرَ كَيْفَ يَقْنُتُ فِي وِتْرِهٖ فَقَنَتَ قَبْلَ الرُّكُوْعِ ثُمَّ بَعَثْتُ اُمِّيْ اُمَّ عَبْدٍ فَقُلْتُ بِيْتِيْ مَعَ نِسَائِهٖ فَانْظُرِيْ كَيْفَ يَقْنُتُ فِي وِتْرِهٖ فَاَتَتْنِيْ فَاَخْبَرَتْنِيْ اَنَّهٗ قَنَتَ قَبْلَ الرُّكُوْعِ

رَوَاهُ الدَّارَقُطْنِيُّ۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ اس ارادہ سے رات گزاری کہ دیکھوں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم وتر میں دعاء قنوت کب پڑھتے ہیں؟ میں نے دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم (وتر کی تیسری رکعت میں) رکوع سے پہلے دعاء قنوت پڑھتے ہیں۔ پھر میں نے اپنی والدہ ام عبد رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو یہ عرض کرکے خدمت گرامی میں بھیجا کہ وہ ازواج مطہرات کے ساتھ

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

رات گزاریں تاکہ دیکھیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وتر میں دعاء قنوت کب پڑھتے ہیں؟ وہ واپس آکر مجھ سے کہنے لگیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم وتر میں دعاء قنوت (رکوع سے پہلے دعاء قنوت پڑھے ہیں۔ اس کی روایت (دار قطنی) نے کی ہے۔

١٦٧٧ (٨/١) وَعَنْ عَلْقَمَةَ اَنَّ ابْنَ مَسْعُوْدٍ وَّ اَصْحَابَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانُوْا يَقْنُتُوْنَ فِي الْوِتْرِ قَبْلَ الرُّكُوْعِ

(رَوَاهُ ابْنُ اَبِي شَيْبَةَ)

حضرت علقمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے دوسرے صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم وتر (کی تیسری رکعت) میں رکوع سے پہلے دعاء قنوت پڑھا کرتے تھے اس کی روایت ابن ابی شیبہ نے کی ہے۔

جوہر نقی میں لکھا ہے کہ اس حدیث کی سند مسلم کی شرط کے مواقف ہے۔

١٦٧٨ (٩) وَعَنْ سُوَيْدِ بْنِ غَفَلَةَ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا بَكْرٍ وَّعُمَرَ وَعُثْمَانَ وَعَلِيًّا يَقُوْلُوْنَ قَنَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ اٰخِرِ الْوِتْرِ وَكَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ذٰلِكَ۔

(رَوَاهُ الدَّارُ قُطْنِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ)

حضرت سوید بن غفلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوبکر صدیق، حضرت عمر فاروق، حضرت عثمان غنی اور حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو فرماتے سنا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم وتر کی آخری رکعت میں دعا قنوت پڑھتے رہے ہیں، اور یہ حضرات خود بھی (وتر کی تیسری رکعت میں رکوع سے پہلے) دعاء قنوت پڑھتے تھے، اس کی روایت دار قطنی اور بیہقی نے کی ہے۔

ف واضح ہو کہ ان سب احادیث شریفہ سے ثابت ہوا کہ وتر کی تیسری رکعت میں رکوع سے پہلے دعاء قنوت پڑھنے پر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اور آپ کے صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا ہمیشہ عمل رہا ہے، یہ امام ابن الہمام رحمۃ اللہ نے فرمایا ہے۔

١٦٧٩ (١٠) وَعَنْ عَاصِمِ الْاَحْوَلِ قَالَ سَاَلْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ عَنِ الْقُنُوْتِ فِي الصَّلٰوةِ كَانَ قَبْلَ الرُّكُوْعِ شَهْرًا اَنَّهُ كَانَ بَعَثَ

حضرت عاصم احول رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے دریافت کیا کہ (دعا یا نماز

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

قَبْلَهُ اِنَّمَا قَنَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ الرُّكُوْعِ شَهْرًا اَنَّهُ كَانَ بَعَثَ اُنَاسًا يُقَالُ لَهُمُ الْقُرَّآءُ سَبْعُوْنَ رَجُلًا فَاُصِيْبُوْا فَقَنَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ الرُّكُوْعِ شَهْرًا يَدْعُوْ عَلَيْهِمْ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

کے آخری قعدہ میں کی جاتی ہے یا نماز کے بعد) کیا عین نماز کی رکعتوں میں بھی دعا کی جاتی ہے؟ حضرت انس نے فرمایا: ہاں! وتر کی تیسری رکعت میں بھی دعا پڑھی جاتی ہے، تو میں نے حضرت انس سے پوچھا کہ رکوع سے پہلے یا رکوع کے بعد؟ حضرت انس نے فرمایا کہ دعاء قنوت (وتر میں ہمیشہ) رکوع سے پہلے پڑھی جاتی ہے[۱] رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے تو صرف ایک ماہ تک (نماز صبح میں) رکوع کے بعد دعاء قنوت پڑھی ہے۔ ایک ماہ تک (نماز فجر میں رکوع کے بعد) دعاء پڑھنے کی وجہ یہ تھی کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے کچھ صحابہ کو جنھیں قراء کہا جاتا تھا اور وہ ستر کے قریب تھے، مشرکین کی ایک جماعت کی طرف (اسلام کی تبلیغ اور علم دین سکھانے کے لیے) بھیجا (اس قوم میں اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم میں معاہدہ تھا لیکن مشرکین نے عہد شکنی کی) اور سب قراء کو قتل کر دیا[۲]۔ ایک ماہ تک نماز صبح میں رکوع کے بعد قاتلوں کو بد دعا دینے کے لیے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے قنوت پڑھی ہے[۳]۔

(بخاری اور مسلم)

ف: واضح ہو کہ اس حدیث شریف میں مذکور ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صرف ایک ماہ تک (نماز صبح میں) رکوع کے بعد (عام مسلمانوں پر مصیبت آنے کی وجہ سے) دعاء قنوت پڑھی ہے۔ اس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ وتر کے سوا کسی اور نماز میں بجز قنوت نازلہ کے دعاء قنوت نہ پڑھی جائے۔ قنوت نازلہ

۱؎ عاصم نے کہا کہ مجھ سے تو فلاں شخص نے بیان کیا ہے کہ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے رکوع کے بعد دعاء پڑھی ہے تو حضرت انس نے فرمایا ایسا نہیں، اصل واقعہ کو انہوں نے ظاہر نہیں کیا، صحیح بات یہ ہے کہ۔

۲؎ حضرت کعب بن زید انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہ ان کو بھی مشرکین نے زخمی کر دیا اور سمجھ لیا تھا کہ یہ شہید ہو گئے ہیں مگر ان کی کچھ جان باقی تھی وہ بچ کر واپس آ گئے۔ اس واقعہ سے حضرت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو اس قدر غم ہوا کہ ایسا غم کبھی نہیں دیکھا گیا اس لیے۔

۳؎ (پھر اس کے بعد نماز صبح میں یا کسی اور نماز میں رکوع کے بعد دعاء قنوت کبھی نہیں پڑھی۔

یہ ہے کہ کفار کی طرف سے جب کوئی سخت مصیبت عام مسلمانوں پر آن پڑے تو امام نماز فجر میں رکوع کے بعد دعاء قنوت نازلہ پڑھے، اسی وجہ سے صحابہ کرام نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے بعد بھی ایسے موقعوں پر قنوت نازلہ پڑھی ہے، امام طحاوی رحمۃ اللہ نے یہی فرمایا ہے اور یہی مذہب حنفی ہے اور اسی پر جمہور کا عمل درآمد ہے۔

قنوت نازلہ کو نماز فجر کے سوا اور نمازوں میں پڑھنے کا جو ذکر بعض احادیث میں مروی ہے ایسی حدیثوں کو ائمہ احناف نے منسوخ قرار دیا ہے اس لیے کہ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے نماز فجر کے سواء دیگر نمازوں میں قنوت نازلہ پر کبھی مواظبت اور تکرار نہیں فرمائی، بلکہ قنوت نازلہ کی تکرار اور مواظبت صرف نماز فجر ہی میں ثابت ہے اور اسی وجہ سے احناف نے قنوت نازلہ کو نماز فجر سے مختص کیا ہے، فقہاء نے اس کی بھی صراحت فرمائی ہے کہ منفرد قنوت نازلہ نہ پڑھے، اگر امام قنوت نازلہ آہستہ پڑھ رہا ہو تو مقتدی بھی قنوت کو آہستہ پڑھے، اور اگر امام قنوت نازلہ جہر سے پڑھ رہا ہو تو مقتدی خود قنوت نہ پڑھے، بلکہ آمین کہتا جائے۔ یہ پورا مضمون رد المحتار سے ماخوذ ہے۔ ۱۲۰

۱۶۸۰ / ۱۱ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَقْنُتُ فِيْ صَلَاةِ الصُّبْحِ اِلَّا اَنْ يَّدْعُوَ لِقَوْمٍ اَوْ عَلٰى قَوْمٍ (رَوَاهُ ابْنُ حِبَّانَ بِاِسْنَادٍ صَحِيْحٍ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جب کسی قوم کے لیے دعا کرنا یا کسی قوم پر بددعا کرنا چاہتے تو نماز فجر میں (رکوع کے بعد) قنوت (نازلہ) پڑھتے تھے۔ اس کی روایت ابن حبان نے سند صحیح کے ساتھ کی ہے۔

۱۶۸۱ / ۱۲ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَا يَقْنُتُ اِلَّا اِذَا دَعَا لِقَوْمٍ اَوْ دَعَا عَلَيْهِمْ رَوَاهُ الْخَطِيْبُ فِيْ كِتَابِ الْقُنُوْتِ وَقَالَ صَاحِبُ تَنْقِيْحِ التَّحْقِيْقِ هٰذَا اِسْنَادٌ صَحِيْحٌ۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم (فجر کی نماز میں) دعا قنوت ہمیشہ نہیں پڑھتے تھے (البتہ) کسی قوم کے لیے دعاء کرنے یا کسی قوم پر بددعا کرنے کی غرض سے قنوت (نازلہ) پڑھتے تھے۔ اس کی روایت خطیب نے کتاب القنوت میں کی ہے اور صاحب تنقیح التحقیق نے کہا ہے کہ اس حدیث کی سند صحیح ہے۔

۱۶۸۲ / ۱۳ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَقْنُتْ فِي الْفَجْرِ قَطُّ اِلَّا شَهْرًا وَّاحِدًا لَمْ يُرَ قَبْلَ ذٰلِكَ وَلَا بَعْدَهٗ وَاِنَّمَا قَنَتَ فِيْ ذٰلِكَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم بجز ایک مہینہ کے صبح کی نماز میں کبھی قنوت نہیں پڑھے اور کبھی آپ کو (صبح کی نماز میں)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-ISLAMIA ACADEMY

الشَّهْرِ يَدْعُوْ عَلَى النَّاسِ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ رَوَاهُ إِمَامُنَا أَبُوْ حَنِيْفَةَ وَقَالَ الشَّيْخُ ابْنُ الْهُمَامِ هٰذَا إِسْنَادٌ لَا غُبَارَ عَلَيْهِ۔

اس سے پہلے قنوت پڑھتے نہیں دیکھا گیا، اور اسی طرح اس کے بعد بھی کبھی آپ کو قنوت پڑھتے نہیں دیکھا گیا، اور اس ایک مہینہ میں بھی آپ نے مشرکین میں سے کچھ لوگوں پر بد دعا کرتے ہوئے (قنوت نازلہ) پڑھی ہے (جنھوں نے آپ کے چند صحابہ کو دھوکہ سے شہید کر دیا تھا) اس کی روایت ہمارے امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ نے کی ہے اور اس حدیث کی سند کے متعلق امام ابن الہمام نے کہا ہے کہ یہ ایسی سند ہے جس پر کوئی اعتراض نہیں۔

١٦٨٣ (١٤) وَعَنْ أَبِيْ مَالِكِ نِ الْأَشْجَعِيِّ قَالَ قُلْتُ لِأَبِيْ يَا أَبَتِ إِنَّكَ قَدْ صَلَّيْتَ خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبِيْ بَكْرٍ وَّعُمَرَ وَعُثْمَانَ وَعَلِيٍّ هٰهُنَا بِالْكُوْفَةِ نَحْوًا مِّنْ خَمْسِ سِنِيْنَ أَكَانُوْا يَقْنُتُوْنَ قَالَ أَيْ بُنَيَّ مُحْدَثٌ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ۔

حضرت ابو مالک اشجعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے والد سے دریافت کیا کہ اباجان! آپ نے تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم، حضرت ابوبکر صدیق، حضرت عمر فاروق اور حضرت عثمان ذو النورین رضی اللہ تعالیٰ عنہم ان سب کے پیچھے نماز پڑھی ہے اور یہاں کوفہ میں بھی (۵ برس) حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کے پیچھے بھی نماز پڑھی ہے۔ آیا یہ حضرات قنوت پڑھتے تھے؟ تو انھوں نے فرمایا بیٹا! یہ بدعت ہے، بالکل نئی بات ہے۔ اس کی روایت ترمذی، نسائی اور ابن ماجہ نے کی ہے۔ اور ابن ماجہ نے کہا ہے کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

١٦٨٤ (١٥) وَعَنْهُ عَنْ أَبِيْهِ قَالَ صَلَّيْتُ خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَقْنُتْ وَصَلَّيْتُ خَلْفَ أَبِيْ بَكْرٍ فَلَمْ يَقْنُتْ وَصَلَّيْتُ خَلْفَ عُمَرَ فَلَمْ يَقْنُتْ وَصَلَّيْتُ خَلْفَ عُثْمَانَ فَلَمْ يَقْنُتْ وَصَلَّيْتُ

حضرت ابو مالک اشجعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ان کے والد نے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے نماز پڑھی ہے، حضرت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم (بلا کسی حادثہ کے فجر کے فرض

له (کیونکہ اس سے پہلے ان حضرات میں سے کسی کو ہم نے بلا کسی حادثہ کے فجر میں قنوت پڑھتے ہوئے نہیں دیکھا۔

MARKAZUL-ULOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

خَلْفَ عَلِيٍّ فَلَمْ يَقْنُتْ ثُمَّ قَالَ يَا بُنَيَّ إِنَّهَا بِدْعَةٌ ۔

(رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

میں) کبھی قنوت نہیں پڑھے، اور اسی طرح میں نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کے پیچھے بھی نماز پڑھی ہے، حضرت ابوبکر نے بھی (بلا کسی حادثہ کے فجر کے فرض میں) کبھی قنوت نہیں پڑھی، اور ایسا ہی میں نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پیچھے بھی نماز پڑھی ہے، حضرت عمر نے بھی (بلا کسی حادثہ کے فجر کے فرض میں) کبھی قنوت نہیں پڑھی، اور میں نے حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کے پیچھے بھی نماز پڑھی ہے، حضرت عثمان نے بھی (بلا کسی حادثہ کے فجر کے فرض میں) کبھی قنوت نہیں پڑھی اور میں نے حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پیچھے بھی نماز پڑھی ہے، حضرت علی نے بھی (بلا کسی حادثہ کے فجر کے فرض میں) کبھی قنوت نہیں پڑھی، پھر ان کے والد نے کہا بیٹا! (ہر روز نماز فجر کے فرض میں قنوت پڑھنا) بدعت ہے۔ اور بالکل نئی بات ہے اس کی روایت نسائی نے کی ہے۔

١٦٨٥ / ١٦ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّهُ قَالَ الْقُنُوتُ فِي صَلٰوةِ الصُّبْحِ بِدْعَةٌ رَوَاهُ الدَّارَقُطْنِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ نماز صبح میں قنوت پڑھنا بدعت ہے۔ اس کی روایت دار قطنی اور بیہقی نے کی ہے

١٦٨٦ / ١٧ وَعَنْ غَالِبِ بْنِ فَرْقَدٍ الطَّحَّانِ قَالَ كُنْتُ عِنْدَ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ شَهْرَيْنِ فَلَمْ يَقْنُتْ فِي صَلَاةِ الْغَدَاةِ ۔

(رَوَاهُ الطَّبْرَانِيُّ)

حضرت غالب بن فرقد طحان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت انس ابن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کی خدمت میں دو ماہ رہا، تو میں نے آپ کو صبح کی نماز میں قنوت پڑھتے کبھی نہیں دیکھا اس کی روایت طبرانی نے کی ہے۔

١٦٨٧ / ١٨ وَعَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ يَزِيْدَ أَنَّهُ صَحِبَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ سَنَتَيْنِ فِي السَّفَرِ وَالْحَضَرِ فَلَمْ يَرَهُ قَانِتًا فِي الْفَجْرِ رَوَاهُ مُحَمَّدٌ وَقَالَ الشَّيْخُ ابْنُ الْهُمَامِ هٰذَا

حضرت اسود بن یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ وہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کے ساتھ سفر اور اقامت کی حالت میں (۲) سال تک رہے ہیں، تو انہوں نے

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

سَنَدٌ لَا غُبَارَ عَلَيْهِ ۔

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کو نماز فجر میں قنوت پڑھتے کبھی نہیں دیکھا، اس کی روایت امام محمد نے کی ہے اور شیخ ابن الہمام رحمہ اللہ نے کہا ہے کہ یہ ایسی معتبر سند ہے جس پر کوئی اعتراض نہیں ۔

۱۶۸۸ / ۱۹ وَعَنْ اَنَسِ ابْنِ مَالِكٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَنَتَ شَهْرًا ثُمَّ تَرَكَهٗ ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ وَرَوَى النَّسَآئِيُّ نَحْوَهٗ)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم (بغیر کسی حادثہ کے فرض نمازوں میں) ایک ماہ تک قنوت پڑھتے رہے، پھر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرائض میں قنوت پڑھنا ترک فرما دیا (اس سے معلوم ہوا کہ صبح کی فرض ہو یا کوئی اور فرض اس میں دعا قنوت کا پڑھنا منسوخ ہے، اس کی روایت ابو داؤد نے کی ہے اور نسائی نے بھی اسی طرح روایت کی ہے ۔

۱۶۸۹ / ۲۰ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ لَمْ يَقْنُتْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الصُّبْحِ اِلَّا شَهْرًا ثُمَّ تَرَكَهٗ لَمْ يَقْنُتْ قَبْلَهٗ وَلَا بَعْدَهٗ رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ وَالطَّبْرَانِيُّ وَابْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ وَالْبَزَّارُ ۔

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے صرف ایک ماہ تک (بغیر کسی حادثہ کے) صبح کی نماز میں قنوت پڑھی ہے۔ پھر حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اس کو ترک فرما دیا، اور اس ایک ماہ کے پہلے (بلا کسی حادثہ کے) صبح کی نماز میں قنوت نہیں پڑھی اور نہ اس ایک ماہ کے بعد، اس کی روایت طحاوی، طبرانی، ابن ابی شیبہ اور بزار نے کی ہے۔

۱۶۹۰ / ۲۱ وَعَنْهُ قَالَ قَنَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَهْرًا يَدْعُوْ عَلٰى عُصَيَّةَ وَذَكْوَانَ فَلَمَّا ظَهَرَ عَلَيْهِمْ تَرَكَ الْقُنُوْتَ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ وَالْبَزَّارُ وَاَبُوْ يَعْلَى الْمُوْصِلِيُّ وَالطَّبْرَانِيُّ فِي الْكَبِيْرِ ۔

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم (صبح کے فرض میں) ایک ماہ تک قنوت پڑھتے رہے ہیں، اور قنوت میں قبیلہ عصیّہ اور ذکوان پر بد دعا فرماتے رہے اور جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ان دونوں قبیلوں پر غلبہ حاصل فرما لیا تو آپ نے قنوت پڑھنا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

چھوڑ دیا۔ اس کی روایت بیہقی، بزار اور ابو یعلی الموصلی نے کی ہے اور طبرانی نے بھی الکبیر میں اس کی روایت کی ہے۔

۱۶۹/۲۲ وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْقُنُوْتِ فِي الْفَجْرِ۔
(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے (بغیر کسی حادثہ کے) فجر کے فرض میں قنوت پڑھنے کو منع فرما دیا ہے اس کی روایت ابن ماجہ نے کی ہے۔

ف واضح رہے کہ ان مذکور الصدر احادیث سے ثابت ہوتا ہے کہ وہ حدیثیں جن میں بغیر کسی حادثہ کے فرض نمازوں میں قنوت پڑھنے کا ذکر ہے، منسوخ ہیں، اس کو علامہ عینی رحمہ اللہ نے ذکر فرمایا ہے۔ ۱۲۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

بَابُ قِيَامِ شَهْرِ رَمَضَانَ

باب، نماز تراویح کے ثبوت میں

وَقَوْلُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ اِنَّا اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ اِنَّا كُنَّا مُنْذِرِيْنَ فِيْهَا يُفْرَقُ كُلُّ اَمْرٍ حَكِيْمٍ ۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔
"بے شک ہم نے اسے (قرآن کو) برکت والی رات میں اتارا، بے شک ہم ڈرسنانے والے ہیں، اس رات میں ہر حکمت والا کام بانٹ دیا جاتا ہے۔" (الدخان، ۴۴/۴،۳)

آیت کریمہ میں "لیلۃ مبارکۃ" سے مراد مفسرین کا اختلاف ہے۔ شب قدر، یا ستائیسویں رمضان، یا شب معراج، یا شب برأت ہے، اس رات پورا قرآن لوح محفوظ سے آسمان دنیا پر اتارا گیا، پھر وہاں سے تیئیس سال کے عرصہ میں تھوڑا تھوڑا حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پر اتارا گیا۔

اس رات میں سال بھر کے رزق، موت، زندگی، عزت وذلت، غرض کہ تمام انتظامی امور لوح محفوظ سے فرشتوں کے صحیفوں میں نقل کر کے ان کے سپرد کر دیئے جاتے ہیں جیسے ملک الموت کو تمام مرنے والوں کی فہرست وغیرہ، اس آیت سے معلوم ہوا کہ علوم خمسہ بر فرشتوں کو سال بھر پہلے مطلع کر دیا جاتا ہے۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

فصل اوّل

اس باب میں تین فصلیں ہیں۔ فصل اوّل میں یہ مذکور ہے کہ تراویح سنّت مؤکدہ ہے۔ اس لیے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے تراویح پڑھنے کی ترغیب دلائی ہے اور اس فصل میں جو احادیث شریفہ مذکور ہیں۔ ان سے تراویح کی فضیلت اور تراویح کا سنت مؤکدہ ہونا ثابت ہوتا ہے۔ ۱۲

۱۲۹۲ عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُرَغِّبُ النَّاسَ فِيْ قِيَامِ رَمَضَانَ مِنْ غَيْرِ اَنْ يَّاْمُرَهُمْ بِعَزِيْمَةِ اَمْرٍ فِيْهِ فَيَقُوْلُ مَنْ قَامَ رَمَضَانَ اِيْمَانًا وَّاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

ام المؤمنین حضرت سیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ایسا تاکیدی حکم دیئے بغیر (کہ جس سے تراویح فرض ہوجائے) ایسی ترغیب دینے کے لیے کہ جس سے تراویح سنت (موکدہ) ثابت ہو، یہ ارشاد فرماتے تھے کہ جو مومن ثواب کی

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

نیت سے بغیر کسی قسم کی ریاء کے رمضان میں نماز تراویح پڑھے تو اس کے گذشتہ تمام گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں۔ اس کی روایت نسائی نے کی ہے۔

۱۶۹۳ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَامَ رَمَضَانَ اِیْمَانًا وَّ اِحْتِسَابًا غُفِرَ لَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو کوئی مسلمان ثواب کی نیت سے بغیر کسی قسم کی ریاء کے رمضان میں تراویح پڑھا کرے تو اس کے گذشتہ تمام گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں۔ اس کی روایت بخاری نے کی ہے۔

۱۶۹۴ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰی فَرَضَ صِیَامَ رَمَضَانَ عَلَیْكُمْ وَسَنَنْتُ لَكُمْ قِیَامَهٗ فَمَنْ صَامَهٗ وَقَامَهٗ اِیْمَانًا وَّ اِحْتِسَابًا خَرَجَ مِنْ ذُنُوْبِهٖ كَیَوْمٍ وَلَدَتْهُ اُمُّهٗ۔

(رَوَاهُ النَّسَائِیُّ وَالْبَیْهَقِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَابْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ)

حضرت عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے تم سب مسلمانوں پر، (قرآن شریف میں) روزے فرض کئے ہیں اور میں (اس حدیث کے ذریعہ سے) تم سب مسلمانوں پر تراویح کو سنت (مؤکدہ) قرار دیتا ہوں، پس تم میں سے جو کوئی ثواب کی نیت سے بغیر کسی قسم کی ریاء کے رمضان کے روزے رکھے اور تراویح پڑھے تو وہ اپنے گناہوں سے اس طرح پاک ہو جائے گا کہ جس طرح وہ اپنے پیدا ہونے کے دن گناہوں سے پاک تھا۔ اس کی روایت نسائی، بیہقی، ابن ماجہ اور ابن ابی شیبہ نے کی ہے۔

۱۶۹۵ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَامَ رَمَضَانَ اِیْمَانًا وَّ اِحْتِسَابًا خَرَجَ مِنْ ذُنُوْبِهٖ كَیَوْمٍ وَلَدَتْهُ اُمُّهٗ۔

حضرت عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو کوئی مسلمان ثواب کی نیت سے بغیر کسی قسم کی ریاء کے رمضان

www.waseemziyai.com
MARKAZUL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

(رَوَاهُ النَّسَآئِیُّ)

میں تراویح پڑھے تو وہ اپنے گناہوں سے ایسا پاک ہو جائے گا جیسا کہ وہ اپنے پیدا ہونے کے دن گناہوں سے پاک تھا۔ اس کی روایت نسائی نے کی ہے۔

۱۶۹۶/۵ وَعَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلَ رَمَضَانُ لَمْ يَأْتِ فِرَاشَهٗ حَتّٰى يَنْسَلِخَ۔

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ رمضان المبارک میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی عادت مبارکہ یہ تھی کہ آپ ہمیشہ کی طرح بچھونے پر اطمینان سے کبھی نہیں سوتے تھے بلکہ کچھ دیر لیٹے رہتے اور پھر رات کا اکثر حصہ عبادت الٰہی میں گزارتے تھے۔ ختم رمضان تک یہی طریقہ رہتا تھا۔ اس کی روایت بیہقی نے کی ہے۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

فصل دوّم

فصل دوم میں یہ مذکور ہے کہ پورے رمضان المبارک میں تراویح کا جماعت کے ساتھ ادا کرنا سنت مؤکدہ ہے اس لیے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے رمضان کی چند راتوں میں تراویح کو جماعت کے ساتھ ادا فرمایا ہے۔ تراویح کو ہمیشہ با جماعت پڑھتے سے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو تراویح کے فرض ہونے کا خوف نہ ہوتا تو آپ پورا مہینہ جماعت کے ساتھ تراویح پڑھاتے۔ چونکہ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے امت پر فرض ہونے کے خوف سے تراویح با جماعت پر مواظبت نہیں فرمائی ہے۔ اس لیے سمجھا جائے گا حضور کا چند روز تراویح کو با جماعت ادا کرنا تراویح پر مواظبت فرمانے یعنی تراویح کو ہمیشہ ادا کرنے کے حکم میں ہے۔ اس طرح ثابت ہوا کہ تراویح کو رمضان بھر جماعت کے ساتھ ادا کرنا سنت مؤکدہ ہے۔

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے بعد صحابہ کا ہمیشہ تراویح کو جماعت کے ساتھ پڑھتے سے تراویح با جماعت کے امت پر فرض ہونے کا خوف باقی نہ رہا۔ اس لیے خلفاء راشدین رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے پورے رمضان میں تراویح کو جماعت کے ساتھ پڑھنے کا حکم دیا بلکہ سب کو ایک امام کے پیچھے رمضان بھر با جماعت تراویح پڑھنے کا پابند فرما دیا۔ اس طرح خلفاء راشدین کا تراویح با جماعت کو پسند فرمانا اور اس کو با جماعت پڑھنے کا حکم دینے سے معلوم ہوا کہ پورے رمضان میں تراویح

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIE ISLAMIA ACADEMY

یا جماعت ان حضرات کے نزدیک بھی سنّت مؤکدہ تھی۔ اس کی تائید میں ذیل کی حدیثیں آرہی ہیں۔

١٦٩٧/٦ وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ صُمْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَمَضَانَ وَلَمْ یَقُمْ بِنَا حَتّٰی بَقِیَ سَبْعٌ مِّنَ الشَّھْرِ فَلَمَّا کَانَتِ اللَّیْلَۃُ السَّابِعَۃُ خَرَجَ فَصَلّٰی بِنَا حَتّٰی مَضٰی ثُلُثُ اللَّیْلِ ثُمَّ لَمْ یُصَلِّ بِنَا السَّادِسَۃَ حَتّٰی خَرَجَ لَیْلَۃَ الْخَامِسَۃِ فَصَلّٰی بِنَا حَتّٰی مَضٰی شَطْرُ اللَّیْلِ فَقُلْنَا یَارَسُوْلَ اللّٰہِ لَوْ نَفَّلْتَنَا فَقَالَ اِنَّ الْقَوْمَ اِذَا صَلَّوْا مَعَ الْاِمَامِ حَتّٰی یَنْصَرِفَ کُتِبَ لَھُمْ قِیَامُ تِلْکَ اللَّیْلَۃِ ثُمَّ لَمْ یُصَلِّ بِنَا الرَّابِعَۃَ حَتّٰی اِذَا کَانَتْ لَیْلَۃُ الثَّالِثَۃِ خَرَجَ وَخَرَجَ بِاَھْلِہٖ فَصَلّٰی بِنَا حَتّٰی خَشِیْنَا اَنْ یَّفُوْتَنَا الْفَلَاحُ قُلْتُ وَمَا الْفَلَاحُ قَالَ السُّحُوْرُ۔

رَوَاہُ الطَّحَاوِیُّ وَرَوٰی اَبُوْدَاؤدَ وَالتِّرْمِذِیُّ وَالنَّسَآئِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ نَحْوَہٗ۔

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ رمضان شریف کے روزے رکھے تو آپ نے ہم کو نماز تراویح نہیں پڑھائی یہاں تک کہ مہینہ (کے آخر کے لحاظ سے) سات راتیں باقی رہ گئیں۔ اور جب ۲۳ ویں رات آئی تو آپ باہر تشریف لائے اور رات کا تہائی حصہ گذرنے تک ہم کو تراویح پڑھاتے رہے اور ۲۴ ویں شب کو آپ نے ہمیں تراویح نہیں پڑھائی، پھر جب ۲۵ ویں شب آئی تو آپ پھر باہر تشریف لائے اور آدھی رات گزرنے تک ہم کو تراویح پڑھاتے رہے، ہم نے عرض کیا، یارسول اللہ! اگر آپ بقیہ رات بھی ہم کو تراویح پڑھاتے تو کیا ہی اچھا ہوتا۔ اس پر آپ نے ارشاد فرمایا کہ جب کوئی شخص امام کے فارغ ہونے تک امام کے ساتھ نماز پڑھتا رہے تو اس کے لیے تمام رات نماز پڑھنے کا ثواب لکھا جاتا ہے[2]۔ پھر آپ نے ۲۶ ویں شب تراویح نہیں پڑھائی۔ جب ۲۷ ویں شب آئی تو آپ باہر تشریف لائے اور جو آپ کے گھر میں اس وقت تھے امہات المومنین ہوں یا کوئی اور سب کو تراویح میں شریک ہونے کا حکم فرمایا، پھر حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سب کے ساتھ تراویح اتنی دیر تک پڑھاتے رہے کہ ہم کو فلاح کے نہ ملنے کا اندیشہ ہو گیا۔ راوی کہتے ہیں کہ میں

[1] اور مہینہ کے آغاز کے لحاظ سے ۲۳ ویں شب تھی۔ یہ حساب رمضان کے ۲۹ ہی راتیں شمار کرکے کیا گیا ہے اس لیے کہ تراویح کے لیے یقینی راتیں ۲۹ ہی ہوتی ہیں اور ۳۰ ویں رات کو تراویح کے ہونے یا نہ ہونے کا احتمال رہتا ہے اسی وجہ سے حدیث شریف میں "سات راتیں" جو مذکور ہیں ان سات میں پہلی رات ۲۳ ویں شب ہوگی۔
[2] کہ گو تم اب آدھی رات نماز پڑھتے رہے ہو مگر تم کو پوری رات نماز پڑھنے کا ثواب مل گیا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

نے ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے دریافت کیا کہ فلاح کیا چیز ہے؟ تو ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ فلاح سے مراد سحری کھانا ہے (اس کے بعد بقیہ دنوں میں آپ نے تراویح نہیں پڑھائی) اس کی روایت امام طحاوی نے کی ہے اور ابوداؤد، ترمذی نسائی اور ابن ماجہ نے بھی اسی طرح روایت کی ہے

۱۶۹۸/۷ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاِذَا اُنَاسٌ فِیْ رَمَضَانَ یُصَلُّوْنَ فِیْ نَاحِیَةِ الْمَسْجِدِ فَقَالَ مَا هٰؤُلَاءِ فَقِیْلَ هٰؤُلَاءِ نَاسٌ لَیْسَ مَعَهُمْ قُرْاٰنٌ وَاُبَیُّ بْنُ کَعْبٍ یُصَلِّیْ وَهُمْ یُصَلُّوْنَ بِصَلَاتِهٖ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَصَابُوْا وَنِعْمَ مَا صَنَعُوْا رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ لَا یُقَالُ هٰذَا الْحَدِیْثُ ضَعِیْفٌ بِمُسْلِمِ بْنِ خَالِدٍ فَاِنَّهٗ ضَعِیْفٌ کَمَا نَصَّ عَلَیْهِ اَبُوْدَاؤُدَ لِاَنَّا نَقُوْلُ مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ لَیْسَ مُتَّفِقًا عَلٰی تَرْکِهٖ حَتّٰی یَتْرُکَ رِوَایَتَهٗ وَثَّقَهُ ابْنُ مُعِیْنٍ فِیْ رِوَایَةٍ عَنْهُ وَابْنُ حِبَّانَ وَاَخْرَجَ لَهٗ غَیْرَ حَدِیْثٍ فِیْ صَحِیْحِهٖ وَقَالَ ابْنُ عَدِیٍّ اَرْجُوْ لَا بَاْسَ بِهٖ وَهُوَ حَسَنُ الْحَدِیْثِ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ (رمضان کی ایک شب) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم باہر تشریف لائے، کیا دیکھتے ہیں کہ کچھ لوگ مسجد کے ایک کونہ میں تراویح پڑھ رہے ہیں۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے دریافت فرمایا کہ یہ کون لوگ ہیں۔ حاضرین نے عرض کیا کہ وہ لوگ ہیں جن کو قرآن یاد نہیں ہے، اس لیے اُبی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو امام بنائے) ہیں اور وہ ان کو نماز میں قرآن سنا رہے ہیں (اور یہ لوگ ان کے مقتدی بن کر قرآن سن رہے ہیں یہ سن کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ان کا نماز پڑھنا اور ان کا نماز پڑھانا بہت مناسب ہے ماشاء اللہ! انھوں نے جو کچھ کیا ہے بہت اچھا کیا ہے۔ اس کی روایت ابوداؤد نے کی ہے۔

ف:۔ اس حدیث کو اور اس کے پہلے کی حدیث کو غور سے پڑھیے تو معلوم ہوتا ہے کہ تراویح کی بناء اس طرح پڑی کہ کچھ راتیں حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے بہ نفس نفیس تراویح پڑھائی ہیں اور ایک مصلحت سے یعنی امت پر فرض ہو جانے کے خوف سے آپ نے اس پر مداومت نہیں فرمائی، پھر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ ہی میں صحابۂ کرام نے تراویح کو جماعت کے ساتھ پڑھنا شروع کر دیا تھا، حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے بھی ان کی تراویح باجماعت کو پسند فرما کر ان کی تعریف فرمائی مگر حضور کے زمانہ مبارک میں تراویح کا عام رواج نہیں ہوا تھا۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نے اپنے زمانہ میں اسی مذکور الصدر واقعہ کو اصل بنا کر

تراویح باجماعت کا عام طور پر حکم دیدیا اور حضرت اُبَیّ جو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے عہد مبارک میں امام بن کر تراویح پڑھاتے تھے ان ہی کو امام بنا یا تاکہ حضور کے زمانے کی تراویح کی پوری پوری اتباع ہو۔ ۱۲۔

۱۶۹۹ ۸ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ مَا رَاٰهُ الْمُسْلِمُوْنَ حَسَنًا فَهُوَ عِنْدَ اللّٰهِ حَسَنٌ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالطَّبْرَانِيُّ وَالطَّيَالِسِيُّ وَالْبَزَّارُ وَاَبُوْ نُعَيْمٍ مَوْقُوْفًا وَذَكَرَهُ الرَّازِيُّ وَالْعَيْنِيُّ مَرْفُوْعًا۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ وہ کار خیر جس کا عہد نبوت میں عام رواج نہ تھا اور اس کو قرن اول کے (مسلمان (یعنے صحابۂ کرام اور ائمہ مجتہدین عظام) پسند فرمائیں (اور اس پر عمل بھی کریں) تو وہ اللہ تعالےٰ کے نزدیک بھی پسندیدہ ہے۔ اس کو امام احمد طبرانی طیالسی، بزار اور ابو نعیم نے موقوفًا روایت کی ہے اور امام رازی اور علامہ عینی نے اس کا ذکر مرفوعًا کیا ہے۔

ف: اس حدیث شریف سے معلوم ہوا کہ تراویح جس کا عہد نبوت میں عام رواج نہ تھا۔ صحابہ کرام نے اپنے زمانہ میں اس کو پسند فرماکر عام رواج دیدیا تھا، اسی لیے پورے رمضان میں تراویح کو باجماعت قائم کرنا سنت مؤکدہ ہے اور اللہ تعالےٰ کے پاس بھی پسندیدہ ہے۔

اب رہی یہ بات کہ حدیث شریف کے لفظ "مسلمون" سے صحابۂ کرام اور آئمہ مجتہدین مراد لئے گئے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ حدیث شریف میں لفظ "مسلمون" مطلقًا آیا ہے اور اس کو کسی قید سے مقید نہیں کیا گیا ہے اور یہ مسلمہ قاعدہ ہے کہ اگر مطلق سے فرد کامل کے سوا کوئی اور مراد ہونے کا قرینہ نہ ہو تو مطلق سے فرد کامل ہی مراد ہوتا ہے چونکہ صحابہ اور ائمہ مجتہدین میں صفت اسلام کامل ہے اسی لیے حدیث شریف کے لفظ "مسلمون" سے صحابہ کرام اور مجتہدین ہی مراد ہوں گے۔ ۱۲۔

۱۷۰۰ ۹ وَعَنِ الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يَّعِشْ مِنْكُمْ بَعْدِيْ فَسَيَرَى اخْتِلَافًا كَثِيْرًا فَعَلَيْكُمْ بِسُنَّتِيْ وَسُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِيْنَ الْمَهْدِيِّيْنَ تَمَسَّكُوْا بِهَا وَعَضُّوْا عَلَيْهَا بِالنَّوَاجِذِ وَاِيَّاكُمْ وَمُحْدَثَاتِ الْاُمُوْرِ فَاِنَّ كُلَّ مُحْدَثَةٍ بِدْعَةٌ وَكُلُّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَالْبَيْهَقِيُّ

حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو شخص میرے بعد زندہ رہے گا تو بہت سے اختلاف اور فتنے دیکھے گا۔ (اگر اس وقت تم صراط مستقیم پر قائم رہنا چاہتے ہو) تو میرے طریقہ اور میرے خلفاء کے طریقہ کو جو سیدھے اور نیک راستہ پر چلنے والے ہیں اختیار کرو (پھر کہتا ہوں کہ) تم میرے خلفاء راشدین کے طریقہ کو مضبوط تھامے رہو اور جیسے کسی چیز کو مضبوطی

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

وَرَوَى التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ نَحْوَهُ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ۔

سے پکڑنے کے لیے داڑھوں سے دبائے رہتے ہیں ایسا ہی میرے اور میرے خلفاء راشدین کے طریقہ کو مضبوطی سے تھامے رہو۔ (اس سے تم ہدایت پر رہو گے، یاد رکھو اگر تم ایسا نہ کرو گے تو گمراہی میں جا پڑو گے)

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جیسے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا طریقہ سنت ہے، ایسا ہی خلفاء راشدین نے جو فرمایا یا عمل کیا ہو وہ بھی سنت ہے۔ مثال کے طور پر اس کی نظیر تراویح ہے۔ گو تراویح کی بناء عہد نبوت میں ہو چکی تھی، چند راتیں تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بہ نفس نفیس تراویح پڑھائی ہے۔ اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے بھی تراویح پڑھنا شروع کر دیا تھا۔ مگر تراویح کا عام رواج نہیں ہوا تھا لیکن حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانہ میں تراویح کا عام رواج ہو گیا اور سب صحابہ تراویح پڑھا کرتے تھے اس لیے تراویح بھی اور سنتوں کی طرح سنت مؤکدہ ہے)

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے یہ بھی ارشاد فرمایا ہے کہ تم کو چاہیئے کہ نئی باتوں سے بچتے رہو، کیونکہ ہر نئی بات (جو میرے اور میرے صحابہ کے دور میں نہیں ہوئی وہ) بدعت ہے اور ہر (ایسی) بدعت (جو سیئہ ہو وہ) گمراہی ہے۔

اس حدیث شریف میں "کُلُّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ" جو ارشاد ہوا ہے اس پر غور کرنا ضروری ہے اس لیے کہ اس سے یہ سمجھا جائے کہ ہر بدعت گمراہی ہے تو پھر مسلم نے جریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے جو روایت کی ہے اس کا کیا مطلب ہوگا؟ مسلم کی روایت یہ ہے۔

"قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ سَنَّ فِي الْاِسْلَامِ سُنَّةً حَسَنَةً فَلَهٗ اَجْرُهَا وَاَجْرُ مَنْ عَمِلَ بِهَا مِنْ بَعْدِهٖ مِنْ غَيْرِ اَنْ يَّنْقُصَ مِنْ اُجُوْرِهِمْ شَيْئٌ" وَمَنْ سَنَّ فِي الْاِسْلَامِ سُنَّةً سَيِّئَةً كَانَ عَلَيْهِ وِزْرُهَا وَوِزْرُ مَنْ عَمِلَ بِهَا مِنْ بَعْدِهٖ مِنْ غَيْرِ اَنْ يَّنْقُصَ مِنْ اَوْزَارِهِمْ شَيْئٌ" رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو شخص کہ اسلام میں کوئی اچھا طریقہ ایجاد کرے تو اس شخص کو اس اچھے طریقہ کے ایجاد کرنے کا ثواب ملے گا۔ اور اس شخص کو ان لوگوں کا بھی ثواب ملے گا جو اس کے ایجاد کئے ہوئے نیک طریقہ پر عمل کر رہے ہوں اور اس سے اس شخص کے ایجاد کئے ہوئے طریقہ پر عمل کرنے والوں کے ثواب میں کسی قسم کی کمی نہیں ہوگی۔

اور جو شخص کہ اسلام میں کوئی برا طریقہ ایجاد کرے تو اس شخص کو اس برے طریقہ کے ایجاد کرنے کا گناہ ہوگا۔ اور ان لوگوں کا گناہ بھی اس شخص کو اس برے طریقہ کا جنھوں نے اس کے بعد اس کے ایجاد کئے ہوئے طریقہ پر عمل کیا ہو، اور اس سے اس شخص کے ایجاد کئے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

ہوئے بُرے طریقہ پر عمل کرنے والوں کے گناہوں میں کسی قسم کی کمی نہیں ہوگی۔ مسلم کی اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بدعت دو طرح پر ہے۔ ایک بدعت حسنہ، جس پر ثواب کی خوشخبری سنائی گئی ہے۔ اور دوسری بدعت سیئہ، جس سے عذاب کا خوف دلایا گیا ہے۔ اب یہاں یہ بات قابل غور ہے کہ صدر کی حدیث میں جو "كُلُّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ" (ہر بدعت گمراہی ہے) ارشاد ہے کیا اس سے ہر بدعت، خواہ حسنہ ہو یا سیئہ ہو سے مراد گمراہی ہوگی۔ حالانکہ مسلم کی مذکورہ حدیث سے تو صرف بدعت سیئہ ہی کے گمراہی ہونے کا ثبوت ملتا ہے نہ کہ بدعت حسنہ کے گمراہی ہونے کا۔ اسی وجہ سے علماء نے صراحت کی ہے کہ مسلم کی اس حدیث اور اس طرح کی اور احادیث کی بناء پر "كُلُّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ" اپنے عموم پر باقی نہ رہا، بلکہ اس سے خاص بدعت سیئہ ہی مراد ہوگی یہاں اس حدیث کے عام کو خاص کرنا ایسا ہی ہے جیسے "تُدَمِّرُ كُلَّ شَيْءٍ" کی آیت میں "كُلَّ شَيْءٍ" کے عام سے خاص مراد لیا گیا ہے۔ اس کی تفصیل یہ ہے کہ حضرت ہود علی نبینا علیہ الصلاۃ والسلام کی قوم پر نافرمانی کی وجہ سے ہوا کا عذاب نازل کیا گیا۔ اس عذاب کا ذکر سورۂ احقاف پ ۲۶ ع ۳ میں اس طرح مذکور ہے "تُدَمِّرُ كُلَّ شَيْءٍ بِأَمْرِ رَبِّهَا"، یعنی وہ ہوا اپنے رب کے حکم سے ہر چیز کو ہلاک کر رہی تھی حالانکہ ہوا صرف انسانوں اور ان کے مویشیوں ہی کو ہلاک کر رہی تھی جیسا کہ مفسرین نے اس کی صراحت کی ہے۔ تو یہاں جیسے "كُلَّ شَيْءٍ" کے عام سے ہر چیز کی ہلاکت مراد نہیں ہے۔ بلکہ خاص انسانوں اور مویشیوں کی ہی ہلاکت مراد ہے، اسی طرح "كُلُّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ" میں "كُلُّ بِدْعَةٍ" جو بظاہر عام ہے۔ اپنے عموم پر باقی نہیں رہا۔ جیسا کہ مسلم کی مذکورہ حدیث سے ثابت ہو چکا ہے بلکہ اس سے مراد "كُلُّ بِدْعَةٍ سَيِّئَةٍ ضَلَالَةٌ" ہے صرف وہی بدعت گمراہی ہے جو سیئہ ہو۔ ۱۲

عرباض بن ساریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مذکور الصدر حدیث کی روایت امام احمد ابو داؤد اور بیہقی نے کی ہے۔ اور ترمذی اور ابن ماجہ نے بھی اسی طرح روایت کی ہے اور ترمذی نے کہا ہے کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۷۰۱ / ۱۰ وَعَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِقْتَدُوْا بِالَّذِيْنَ مِنْ بَعْدِيْ اَبِيْ بَكْرٍ وَّعُمَرَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَةَ وَحَسَّنَهُ التِّرْمِذِيُّ وَصَحَّحَهُ ابْنُ حِبَّانَ وَالْحَاكِمُ۔

حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ میرے بعد (اگر تم ہدایت پر رہنا چاہتے ہو تو) ابوبکر صدیق اور عمر فاروق (رضی اللہ تعالیٰ عنہما) جو ہیں اور کریں اس کی پیروی کرتے رہو۱ اس حدیث کی روایت

۱ تاکہ تم ہدایت پر رہو، اور کبھی گمراہ نہ ہو سکو، اس سے معلوم ہوا کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے تراویح با جماعت کو جو رائج فرما دیا اس پر عمل کرنا عین ہدایت ہے اور مثل حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی سنت کے عین مؤکدہ ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZUL-ULOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ترمذی، امام احمد اور ابن ماجہ نے کی ہے ترمذی نے اس کو حسن قرار دیا ہے۔ اور ابن حبان اور حاکم نے اس کو صحیح قرار دیا ہے۔

۱۷۰۲
۱۱
وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَۃَ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُرَغِّبُ فِیْ قِیَامِ رَمَضَانَ مِنْ غَیْرِ اَنْ یَّاْمُرَهُمْ فِیْهِ بِعَزِیْمَۃٍ فَیَقُوْلُ مَنْ قَامَ رَمَضَانَ اِیْمَانًا وَّ اِحْتِسَابًا غُفِرَ لَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ فَتُوُفِّیَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَالْاَمْرُ عَلٰی ذٰلِكَ ثُمَّ کَانَ الْاَمْرُ عَلٰی ذٰلِكَ فِیْ خِلَافَۃِ اَبِیْ بَکْرٍ وَّصَدْرًا مِّنْ خِلَافَۃِ عُمَرَ عَلٰی ذٰلِكَ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم (ایسا) تاکیدی حکم دیئے بغیر (کہ جس سے تراویح فرض ہو جائے (ایسی) ترغیب دینے کے لیے (کہ جس سے تراویح سنت موکدہ ثابت ہو) یہ ارشاد فرماتے تھے کہ جو مومن ثواب کی نیت سے بغیر کسی قسم کی ریاء کے رمضان میں نماز تراویح پڑھے تو اس کے گذشتہ تمام گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں[1] زہری فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی وفات تک صحابۂ کرام اسی طرح عمل کرتے رہے اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت میں بھی مسلمانوں کا یہی عمل رہا اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت کے ابتدائی زمانہ میں بھی تراویح اسی طرح پڑھی جاتی تھی۔

۱۷۰۳
۱۲
وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ الْقَارِیِّ قَالَ خَرَجْتُ مَعَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ لَیْلَۃً اِلَی الْمَسْجِدِ فَاِذَا النَّاسُ اَوْزَاعٌ مُّتَفَرِّقُوْنَ یُصَلِّی الرَّجُلُ لِنَفْسِهٖ وَ یُصَلِّی الرَّجُلُ فَیُصَلِّیْ بِصَلَاتِهِ الرَّهْطُ فَقَالَ عُمَرُ اِنِّیْ لَوْ جَمَعْتُ هٰؤُلَاءِ عَلٰی قَارِیءٍ وَّاحِدٍ لَکَانَ اَمْثَلَ ثُمَّ عَزَمَ فَجَمَعَهُمْ عَلٰی اُبَیِّ بْنِ کَعْبٍ قَالَ ثُمَّ

عبدالرحمن بن عبد قاری فرماتے ہیں کہ رمضان کی ایک شب میں حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ مسجد نبوی کو گیا، ہم کیا دیکھتے ہیں کہ لوگ جدا جدا اور متفرق ہیں، کوئی تنہا تراویح پڑھ رہا ہے اور کوئی جماعت کے ساتھ، یہ حالت دیکھ کر حضرت عمر نے فرمایا میرا یہ خیال ہوتا ہے کہ میں ان سب کے لیے ایک امام مقرر کر دوں، جس کے پیچھے سب مل کر تراویح پڑھا کریں

[1] حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے اس ارشاد اور ترغیب سے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم عام طور پر تنہا یا دو دو چار مل کر کسی کو امام بنا لیتے اور گھروں میں ہوں یا مسجد میں تراویح پڑھا کرتے تھے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

خَرَجْتُ مَعَهٗ لَيْلَةً اُخْرٰى وَالنَّاسُ يُصَلُّوْنَ بِصَلَاةِ قَارِئِهِمْ قَالَ عُمَرُ نِعْمَتِ الْبِدْعَةُ هٰذِهٖ وَالَّتِيْ تَنَامُوْنَ عَنْهَا اَفْضَلُ مِنَ الَّتِيْ تَقُوْمُوْنَ يُرِيْدُ اٰخِرَ اللَّيْلِ وَكَانَ النَّاسُ يَقُوْمُوْنَ اَوَّلَهٗ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

تو بہت اچھا ہوگا[1] مزید غور کے بعد حضرت عمر کا یہ خیال پختہ ہو گیا اور آپ نے اُبی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کو امام بنا کر سب کو ان کی اقتداء کرنے کا حکم دیا۔ حضرت عبدالرحمٰن فرماتے ہیں کہ ایک رات میں حضرت عمر کے ساتھ پھر مسجد نبوی کو گیا تو دیکھا کہ لوگ سب کے سب جمع ہو کر ایک امام کے پیچھے تراویح پڑھ رہے ہیں، حضرت عمر نے یہ دیکھ کر فرمایا کہ سب مسلمانوں کا ایک امام کے پیچھے جمع ہو کر تراویح ادا کرنا کیا ہی اچھی بدعت ہے۔ راوی کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ بھی فرمایا کہ تم اوّل شب تراویح پڑھ کر سو رہتے ہو۔ حالانکہ اوّل شب سو کر آخر شب تراویح پڑھنا اوّل شب میں تراویح پڑھنے سے افضل ہے[2] اس حدیث کی روایت بخاری نے کی ہے۔

ف:۔ یہاں حضرت عمر نے نفس تراویح کو بدعت نہیں فرمایا، اور نہ تراویح کی جماعت کو کیوں کہ تراویح اور تراویح با جماعت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے قولاً اور فعلاً ثابت ہے تو حضرت عمر نے مسلمانوں کو مسجد نبوی میں ایک ہی امام کے پیچھے ہمیشہ بھر تراویح پڑھنے کا جو حکم دیا اور اس کو ہمیشہ کے لیے جاری فرما دیا، اسی کو آپ نے نِعْمَتِ الْبِدْعَةُ بدعۃً حسنۃً فرمایا، واضح ہو کہ حضرت عمر کے تراویح با جماعت کو ایک ہی امام کے پیچھے جاری کر دینے سے حقیقت میں مسلم کی اس حدیث کی تعمیل ہوئی، جس میں حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ جس نے میرے بعد کوئی اچھا طریقہ ایجاد کیا تو اس کو اس اچھے طریقہ

---

[1] کیوں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں بھی ایسا ہوا ہے کہ صحابہ کرام نے سب کے سب جمع ہو کر صرف رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے تراویح پڑھی ہے۔

[2] تراویح جس کو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک امام کے پیچھے سب مسلمانوں کو جمع فرمایا تھا۔ اس کے پڑھنے کے دو وقت ہیں، ایک سونے کے بعد اٹھ کر آخر رات میں تراویح ادا کرنا، دوسرے سونے سے پہلے اوّل رات تراویح ادا کر کے سو رہنا۔ ان دو وقتوں میں سے سونے کے بعد اٹھ کر تراویح پڑھنا افضل ہے۔

[3] مگر آخر شب میں اُٹھ کر تراویح پڑھنے کا بھروسہ نہ ہونے سے اوّل شب تراویح پڑھنے پر عمل در آمد ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کے ایجاد کرنے کا ثواب ملے گا۔ اور جو شخص اس طریقہ پر عمل کرتے رہیں گے۔ ان سب کا بھی ثواب ملتا رہے گا، اسی لیے صاحب مرقاۃ نے فرمایا ہے چونکہ حضرت عمر نے ایک امام کے پیچھے تراویح باجماعت کو قائم کیا، اور اس کا عام رواج دیدیا تو حضرت عمر کو اس کے ایجاد کرنے کا ثواب ملے گا۔ اور قیامت تک جو لوگ تراویح پڑھتے رہیں گے۔ ان سب کا ثواب بھی حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ملتا رہے گا۔ اور اس سے تراویح پڑھنے والوں کے ثواب میں کسی قسم کی کمی نہیں ہوگی۔

ف: اس حدیث شریف میں مذکور ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک امام کے پیچھے تراویح باجماعت کو "نعمت البدعۃ بدعۃ حسنۃ" فرمایا۔ اس بارے میں ابن تیمیہ نے کہا ہے کہ تراویح شریعت میں بدعت نہیں ہے، بلکہ تراویح رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے قول اور عمل کی وجہ سے سنت ہے۔ اس لیے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تم لوگوں پر رمضان کے روزے فرض قرار دیئے ہیں اور میں تم لوگوں پر تراویح کو سنت قرار دیتا ہوں، اور اسی طرح تراویح باجماعت بھی بدعت نہیں ہے، بلکہ تراویح باجماعت بھی شریعت میں سنت ہے اس لیے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے تین راتیں جماعت کے ساتھ تراویح پڑھائیں اور یہ بھی ارشاد فرمایا کہ جب کوئی شخص امام کے ساتھ اس کے فارغ ہونے تک نماز پڑھے تو ایسے شخص کے لیے تمام رات نماز پڑھنے کا ثواب لکھا جاتا ہے۔ حدیث شریف میں یہ بھی مذکور ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ایک رات اتنی دیر تک تراویح پڑھائی کہ صحابۂ کرام کو سحری کے فوت ہوجانے کا اندیشہ ہوگیا تھا۔ اس حدیث کی روایت اصحاب سنن نے کی ہے۔ اور اس حدیث میں جماعت کے ساتھ تراویح پڑھنے کی بھی ترغیب دلائی گئی ہے، اس سے ثابت ہوتا ہے کہ تراویح باجماعت سنت مؤکدہ ہے۔ علاوہ ازیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں صحابۂ کرام مسجد نبوی میں مختلف جماعتوں کے ساتھ تراویح باجماعت پڑھا کرتے تھے، اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام صحابہ کے اس عمل کو برقرار رکھتے اور ممانعت نہیں فرماتے تھے اور حضور کا صحابہ کے عمل کو برقرار رکھنا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے سنت ہونے کی دلیل ہے۔ اب رہی یہ بات کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے تراویح باجماعت کو نعمت البدعۃ یعنی بدعت حسنہ فرمایا تو یہ لغت اور محاورہ کے اعتبار سے ہے نہ کہ تحقیقی طور پر اس لیے کہ ہر ایسا عمل جس کا ثبوت کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ میں ہو، اس کو شریعت میں بدعت نہیں کہا جاتا۔ اگرچہ کہ اس کو عام محاورہ یا لغت کے اعتبار سے بدعت کہہ دیا جائے۔

یہاں یہ بات بھی واضح رہنی چاہیئے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ارشاد "کُلُّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ" (ہر بدعت گمراہی ہے) سے مراد ہر وہ عمل بدعت نہیں جو نیا ہو، بلکہ اس ارشاد سے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

صرف ایسا نیا کام بدعت ہے۔ جو احکام شرعیہ کے خلاف ہو (جیسے معتزلہ اور قدریہ وغیرہ کے عقائد) تو جب "کُلُّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ" سے حضور کا منشا معلوم ہو گیا اور یہ بات بھی ثابت ہوئی کہ صحابۂ کرام تراویح کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے دور اقدس میں با جماعت اور تنہا ادا کیا کرتے تھے اور آخری عشرہ (دہائی) میں تیسری شب یا چوتھی شب صحابہ کرام تراویح پڑھنے کے لیے جمع ہو گئے تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام باہر تشریف نہیں لائے۔ اور تشریف نہ لانے کی وجہ یہ فرمائی کہ میں آج محض اس وجہ سے باہر نہیں نکلا کہ کہیں تراویح بھی تم پر فرض نہ ہو جائے، اس لیے تم تراویح کو اپنے گھروں میں پڑھ لیا کرو۔ یہاں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے اس ارشاد سے صاف طور پر معلوم ہو گیا کہ حضور کا تیسری یا چوتھی شب تراویح کے لیے باہر تشریف نہ لانا، تراویح کے فرض ہو جانے کے خوف سے تھا، تو اس سے یہ واضح ہوتا ہے کہ فرضیت کا انتفاء باقی ہے۔ اور اگر فرضیت کا خوف نہ ہوتا تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم باہر تشریف لاتے اور تراویح پڑھاتے، جب حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا دور خلافت آیا تو آپ نے ایک ہی امام کے پیچھے سب کو تراویح با جماعت کے لیے جمع کر دیا اور مسجد میں روشنی کروائی تو تراویح کی یہ مخصوص صورت یعنی مسجد میں ایک امام کے پیچھے سب کا جمع ہونا اور روشنی کروانا ایسا عمل ہوا جس کو صحابہ کرام نے اس سے پہلے نہیں دیکھا تھا، اسی لیے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس عمل کا نام بدعت رکھا، اس لیے کہ یہ لغت اور محاورہ کے لحاظ سے تو بدعت ہے لیکن شریعت میں بدعت نہیں ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ از روئے سنت یہ عمل صالح ہے۔ اگر اس سے فرضیت کا اندیشہ دور ہو جائے اور فرضیت کا یہ اندیشہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی وفات مبارک سے باقی نہ رہا۔ اس طرح ثابت ہوا کہ تراویح با جماعت کے سنت ہونے کے معارض اور مانع کوئی چیز نہ رہی، تو تراویح با جماعت قرآن مجید کے جمع کرنے کی طرح بدعت حسنہ قرار پائی۔

۱۲۰۴
۱۳ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ قَالَ سَمِعْتُ أُبَيًّا يَقُولُ كُنَّا نَنْصَرِفُ فِي رَمَضَانَ مِنَ الْقِيَامِ فَنَسْتَعْجِلُ الْخَدَمَ بِالطَّعَامِ مَخَافَةَ فَوْتِ السُّحُورِ وَفِي أُخْرَى مَخَافَةَ الْفَجْرِ۔

(رَوَاهُ مَالِكٌ)

حضرت عبد اللہ بن ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ میں نے ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے سنا ہے کہ ہم تراویح اول شب میں شروع کر کے اتنی دیر تک پڑھتے رہتے تھے کہ جب تراویح پڑھ کر واپس ہوتے تو ہم کو سحری کے فوت ہو جانے کا خوف ہوتا تھا، اس لیے ہم گھر آ کر خادموں سے سحری کا کھانا جلد دینے کا تقاضہ کرتے تھے، تا کہ سحری کا وقت نہ گزر جائے اس کی روایت امام مالک نے کی ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OQOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ
فصل سوم

فصل سوم میں یہ مذکور ہے کہ (۲۰) رکعت تراویح کا ادا کرنا سنّت مؤکدہ ہے اس لیے کہ خلفائے راشدین نے (۲۰) رکعت تراویح پر پابندی فرمائی ہے اور اس کو ہمیشہ ادا کیا ہے۔ اور اس سے پہلے حدیث گزر چکی ہے جس میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم نے ارشاد فرمایا ہے کہ تم میری سنت اور خلفائے راشدین کی سنت کو مضبوطی سے تھامے رہو۔ اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ خلفاء راشدین کی سنت کی اتباع بھی لازمی ہے اور خلفاء راشدین کی سنت کا تارک گنہگار ہوگا، چونکہ خلفاء راشدین سے (۲۰) رکعت تراویح ثابت ہے اس لئے (۲۰) رکعت تراویح سنت مؤکدہ ہے اور اسی پر ہر زمانہ میں عمل درآمد رہا ہے۔

۱۷۰۵
۱۴
وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّيْ فِيْ رَمَضَانَ بِعِشْرِيْنَ رَكْعَةً فِيْ غَيْرِ جَمَاعَةٍ وَالْوِتْرَ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ وَالطَّبْرَانِيُّ وَابْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ وَالْبَغَوِيُّ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ وَفِيْهِ ضُعْفٌ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم رمضان میں بغیر جماعت کے تنہا (۲۰) رکعت تراویح پڑھا کرتے تھے اور نماز وتر ان (۲۰) رکعت کے سوا ہوتی تھی۔ اس کی روایت بیہقی، طبرانی، ابن ابی شیبہ، بغوی اور عبد بن حمید نے کی ہے۔

۱۷۰۶
۱۵
وَعَنْ يَزِيْدَ بْنِ رُوْمَانَ قَالَ كَانَ النَّاسُ يَقُوْمُوْنَ فِيْ زَمَنِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ بِثَلَاثٍ وَّعِشْرِيْنَ رَكْعَةً رَوَاهُ مَالِكٌ وَقَالَ فِيْ اٰثَارِ السُّنَنِ اِسْنَادُهٗ مُرْسَلٌ قَوِيٌّ۔

حضرت یزید بن رومان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانہ خلافت میں لوگ رمضان میں ۲۳ رکعت پڑھا کرتے تھے جس میں ۲۰ رکعت تو تراویح کے ہوتے اور ۳ وتر کے۔ اس کی روایت امام مالک نے کی ہے۔

۱۷۰۷
۱۶
وَعَنْ عُمَرَ اَنَّهٗ جَمَعَ النَّاسَ عَلٰى اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ وَّكَانَ يُصَلِّيْ بِهِمْ عِشْرِيْنَ رَكْعَةً۔
(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ وَابْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ)

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی گئی ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو امام بنا کر سب لوگوں کو ان کے مقتدی کر کے تراویح کے (۲۰) رکعت پڑھانے کا حکم دیتے تھے۔ اس کی

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

روایت بیہقی اور ابن ابی شیبہ نے کی ہے۔

۱۷۰۸/۱۷ وَعَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيْدَ قَالَ كُنَّا نَقُوْمُ فِيْ عَهْدِ عُمَرَ بِعِشْرِيْنَ رَكْعَةً وَالْوِتْرِ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي الْمَعْرِفَةِ بِالْإِسْنَادِ الصَّحِيْحِ قَالَ النَّوَوِيُّ فِي الْخُلَاصَةِ إِسْنَادُهٗ صَحِيْحٌ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِّلْبَيْهَقِيِّ وَعَلٰى عَهْدِ عُثْمَانَ وَعَلِيٍّ مِّثْلُهٗ ۔

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ہم حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانہ میں ۲۰ رکعت تراویح پڑھا کرتے تھے اور وتر کی نماز ۲۰ رکعت کے سوا ہوتی تھی۔ اس کی روایت بیہقی نے معرفہ میں سند صحیح کے ساتھ کی ہے۔ اور امام نووی نے خلاصہ میں کہا ہے کہ اس حدیث کی سند صحیح ہے اور بیہقی کی ایک اور روایت میں اس طرح ہے کہ حضرت عثمان اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے عہد خلافت میں بھی وتر کے سوا تراویح کے ۲۰ رکعت پڑھے جاتے تھے۔

ف: اس حدیث شریف میں سائب بن یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا ہے کہ ہم حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانہ میں تراویح کے ۲۰ رکعت پڑھا کرتے تھے۔ اس بارے میں علامہ عینی رحمہ اللہ نے فرمایا ہے کہ صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کسی معاملہ میں یوں فرمائیں کہ "ہم ایسا کرتے تھے" یا "ہم کو ایسا حکم دیا گیا ہے" یا "ہم کو فلاں کام سے منع کیا گیا ہے" تو واضح رہے کہ صحابۂ کرام کا اس طرح فرمانا حقیقت میں وہ حکم یا ممانعت اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے سمجھی جائے گی اور صحابۂ کرام کے اس طرح بیان کرنے سے یہ مراد ہوتی ہے کہ اس چیز کے جواز یا اس کی حلت اور حرمت کو ثابت کیا جائے، اور اس کام کی شرعی حیثیت بیان کی جائے، علماء نے لکھا ہے کہ صحابۂ کرام کے ایسے اقوال مرفوع کے حکم میں ہوتے ہیں۔
یعنی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے حکم دیتے یا منع فرماتے کے قائم مقام سمجھے جائیں گے۔ اس اصول سے ثابت ہوا کہ صحابہ کا یہ فرمانا کہ "ہم تراویح کے ۲۰ رکعت پڑھا کرتے تھے" رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے فرمانے کے قائم مقام ہے۔ اس لیے تراویح کے ۲۰ رکعت سنت مؤکدہ ہیں۔ ۱۲۔

۱۷۰۹/۱۸ وَعَنْ شُتَيْرِمَةَ وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ عَلِيٍّ أَنَّهٗ كَانَ يَؤُمُّهُمْ فِيْ رَمَضَانَ فَيُصَلِّيْ خَمْسَ تَرْوِيْحَاتٍ ۔

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

حضرت شتیرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے جو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے شاگردوں میں سے تھے، روایت ہے کہ شتیرمہ رمضان میں امامت کرتے تو تراویح کے (۲۰) رکعت پانچ ترویحات کر کے پڑھاتے تھے (اور ہر ترویحہ چار رکعت

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کا ہوتا تھا) اس کی روایت بیہقی نے کی ہے۔

ف: اس حدیث شریف میں تراویح کے ۲۰ رکعت پانچ ترویحات کے ساتھ پڑھنے کا ذکر ہے۔ رد المحتار میں قہستانی کے حوالہ سے مذکور ہے کہ ہر ترویحہ یعنی ہر چار رکعت کے بعد یہ تسبیح پڑھنا چاہیئے۔

سُبْحَانَ ذِی الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ۔ سُبْحَانَ ذِی الْعِزَّةِ وَالْعَظْمَةِ وَالْقُدْرَةِ وَالْكِبْرِيَاءِ وَالْجَبَرُوْتِ۔ سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْحَيِّ الَّذِیْ لَا يَمُوْتُ سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّ الْمَلٰئِكَةِ وَالرُّوْحِ۔ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ نَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ نَسْئَلُكَ الْجَنَّةَ وَنَعُوْذُبِكَ مِنَ النَّارِ۔

اے اللہ! ہر عیب سے آپ پاک ہیں حقیقی بادشاہت آپ ہی کی ہے اور ساری مخلوق پر آپ ہی کو کامل اختیار ہے۔

پھر عرض کرتا ہوں کہ ساری مخلوقات کے صفات سے آپ پاک ہیں اور ساری عزت آپ ہی کی ہے، آپ ہی بڑی عظمت والے ہیں۔

ہر چیز پر آپ کو قدرت حاصل ہے، آپ جو چاہیں کرتے ہیں، کوئی آپ کو رو کنے والا نہیں ہر طرح کی بڑائی کے آپ ہی سزاوار ہیں عظمت وجلال کے آپ ہی لائق ہیں۔

اے اللہ! آپ فنا سے پاک ہیں اور ایسے بادشاہ ہیں کہ آپ کی بادشاہت کے سامنے سب کی بادشاہت ہیچ ہے، ہر زندہ کو موت آنے والی ہے اور آپ ایسے زندہ ہیں کہ کبھی آپ کو موت نہیں آئیگی (انسان بھی پاک ہے مگر عارضی) آپ پاک ہیں دائمی، انسانی صفات سے اور انسانی احتیاج سے آپ بالکل پاک ہیں، آپ کی شان کا کیا کہنا فرشتوں اور جبرئیل علیہ السلام کے آپ رب ہیں۔

آپ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، آپ ہی معبود ہیں، یکتا ہیں کوئی آپ کا شریک نہیں۔

آپ کے ان عالی صفات کو سن کر اپنی عاجزی اور مجبوری یاد آگئی۔

اس لیے عرض کرتے ہیں کہ ہم سراپا قصور ہیں، آپ ہی سے ہم تمام گناہوں کی مغفرت چاہتے ہیں۔

آپ کے صفات عالیہ کا صدقہ ہمارے اعمال کو مت دیکھئے اپنے فضل وکرم سے ہم کو جنت عطا فرمایئے۔

ہم اپنے گناہوں کی وجہ سے ڈرے ہوئے سہمے ہوئے ہیں آپ کے رحم وکرم کا صدقہ دوزخ کی آگ سے ہم کو بچایئے۔

رد المحتار میں یہ بھی لکھا ہے کہ اس تسبیح کو ہر ترویحہ کے بعد تین بار پڑھنا چاہیئے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

۱۷۱۰/۱۹ وَعَنْ اَبِیْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِیِّ اَنَّ عَلِیًّا دَعَا الْقُرَّاءَ فِیْ رَمَضَانَ فَاَمَرَ رَجُلًا یُّصَلِّیْ بِالنَّاسِ عِشْرِیْنَ رَکْعَۃً وَّکَانَ عَلِیٌّ یُوْتِرُ بِھِمْ۔

(رَوَاہُ الْبَیْھَقِیُّ)

حضرت ابو عبدالرحمٰن سلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، ماہ رمضان میں حفاظ کو بلاتے اور ان میں سے ایک حافظ کو حکم دیتے کہ وہ لوگوں کو (۲۰) رکعت تراویح پڑھائے، اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، لوگوں کو خود نماز وتر پڑھاتے تھے۔

(بیہقی)

ف: تراویح جیسے مردوں کے لیے سنت مؤکدہ ہے ایسے ہی عورتوں کے لیے بھی (۲۰) رکعت سنت مؤکدہ ہے اس لیے ان کو بھی چاہیئے کہ فرض نمازوں کی طرح اپنے اپنے گھروں میں رمضان میں عشاء کے فرض وسنت اور نفل کے بعد دو دو رکعت کی نیت باندھ کر ۲۰ رکعت تراویح پڑھا کریں، اور جب تراویح کے ۲۰ رکعت ادا کر چکیں تو نماز وتر پڑھیں (طحطاوی)

اَلْفَصْلُ الرَّابِعُ — فصل چہارم

اس فصل میں شب برات کے فضائل اور اس کے احکام مذکور ہیں۔

۱۷۱۱/۳۰ عَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ فَقَدْتُّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَیْلَۃً فَاِذَا ھُوَ بِالْبَقِیْعِ فَقَالَ اَکُنْتِ تَخَافِیْنَ اَنْ یَّحِیْفَ اللّٰہُ عَلَیْکِ وَرَسُوْلُہٗ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنِّیْ ظَنَنْتُ اَنَّکَ اَتَیْتَ بَعْضَ نِسَآئِکَ فَقَالَ اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی یَنْزِلُ لَیْلَۃَ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ اِلَی السَّمَآءِ فَیَغْفِرُ لِاَکْثَرَ مِنْ عَدَدِ شَعْرِ غَنَمِ کَلْبٍ۔

رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ ایک مرتبہ شعبان کی پندرھویں شب جس کو شب برات کہتے ہیں میری باری کی رات تھی اس رات میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مجھ نے بستر پر نہ پایا[۱] کیا دیکھتی ہوں کہ حضور قبرستان میں کھڑے ہوئے ہیں[۲] حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا، عائشہ (تمہارا کیا خیال ہے) اللہ تعالیٰ اور میں اس کا رسول ہونے کی وجہ سے کسی پر ظلم نہیں کرتے

---

۱ حضرت کی محبت کی وجہ سے مجھے طرح طرح کے خیالات آنے لگے، غالب گمان میرا یہ ہوا کہ آپ شاید اپنی کسی بیوی کے پاس تشریف لے گئے ہوں تو میں آپ کو ڈھونڈتے ہوئے نکلی، مدینہ شریف کے بقیع نامی قبرستان پر میری نظر پڑی)

۲ اور اموات کے لیے دعاء مغفرت فرما رہے ہیں، مجھ کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے دیکھا اور جو میرا خیال تھا کہ آپ شاید کسی بیوی کے پاس تشریف لے گئے ہوں، اس کا حضور پر کشف ہو گیا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

وَزَادَ رَزِيْنٌ مِمَّنِ اسْتَحَقَّ النَّارَ۔

ہیں۔[1] آج کی رات مغرب ہی سے صبح صادق طلوع ہونے تک آسمانِ دنیا پر برآمد رہتے ہیں دکیا کیا سرفرازیاں اور رحمتیں نازل ہوتی ہیں اس کو کیا کہوں ایک رحمت اور عنایت تو یہ ہے کہ) قبیلہ بنی کلب دجو یہ نسبت اور قبائل عرب کے کثرت سے بکریاں رکھنے میں مشہور تھا) اس قبیلہ کے بکریوں کے بالوں کی تعداد سے زیادہ گناہگاروں کے گناہ معاف کر دئے جاتے ہیں۔ ترمذی اور ابن ماجہ نے (توبہ) روایت کی ہے اور رزین کی روایت میں یہ اضافہ ہے کہ جو مسلمان اپنے گناہوں کی وجہ سے دوزخ کے مستحق ہو گئے ہیں ان کو بھی اس رات بخش دیا جاتا ہے (یہ ہے اس رات کی خصوصیت! اور یہ ہے اس رات کی عام رحمت! اس لیے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم گھر سے نکل کر بقیع کے اموات کے لیے دعاء مغفرت فرما رہے تھے۔

١٧١٢ (٢١) وَعَنْهَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ هَلْ تَدْرِيْنَ مَا فِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ يَعْنِيْ لَيْلَةَ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ قَالَتْ مَا فِيْهَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ فِيْهَا اَنْ يُكْتَبَ كُلُّ هَالِكٍ مِنْ بَنِيْ اٰدَمَ فِيْ هٰذِهِ السَّنَةِ وَفِيْهَا تُرْفَعُ اَعْمَالُهُمْ وَفِيْهَا تُنْزَلُ اَرْزَاقُهُمْ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا مِنْ اَحَدٍ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ اِلَّا بِرَحْمَةِ

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: عائشہ! تم کچھ جانتی ہو کہ آج پندرھویں شعبان کی رات (جو شب برات ہے) کیا ہو رہا ہے؟ ام المؤمنین نے عرض کیا اللہ اور اس کے رسول خوب جانتے ہیں، فرمائیے یا رسول اللہ! آج کیا ہو رہا ہے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے

[1] (تو تمہاری باری کی رات تم پر ظلم کر کے دوسری بیوی کے پاس کیسے جا سکتا تھا؟ مگر تمہارا جو خیال تھا یہ اللہ کے رسول کی محبت کی وجہ سے تھا اس لیے تم پر کوئی الزام نہیں بلکہ تم اس خیال کی وجہ سے ثواب کی مستحق ہوئیں میں جو گھر سے نکل کر قبرستان میں آگیا ہوں، اس کی وجہ یہ ہے کہ عائشہ تم کو خبر نہیں کہ آج کی کیسی مبارک رات ہے؟ اس رات میں کیا ہو رہا ہے! سنو عائشہ! اللہ تعالیٰ ہر رات کے آخری حصہ میں آسمانِ دنیا پر برآمد ہوتے ہیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اللہِ تعالٰی فَقَالَ مَا مِنْ اَحَدٍ یَدْخُلُ الْجَنَّۃَ اِلَّا بِرَحْمَۃِ اللہِ تَعَالٰی ثَلَاثًا قُلْتُ وَلَا اَنْتَ یَا رَسُوْلَ اللہِ فَوَضَعَ یَدَہٗ عَلٰی ھَامَتِہٖ فَقَالَ وَلَا اَنَا اِلَّا اَنْ یَّتَغَمَّدَنِیَ اللہُ مِنْہُ بِرَحْمَتِہٖ یَقُوْلُھَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ۔

(رَوَاہُ الْبَیْھَقِیُّ فِی الدَّعْوَاتِ الْکَبِیْرِ)

فرمایا [1] اس سال بنی آدم جو پیدا ہونے والے ہیں وہ سب لکھے جا رہے ہیں اور اس سال جو بنی آدم مرنے والے ہیں ان کے نام بھی لکھے جا رہے ہیں [2] ان کو بھی آج کی رات لکھ لیا جاتا ہے (اور لوح محفوظ سے مقابلہ کے لیے آسمانوں پر اٹھا لیا جاتا ہے) اور اس رات بنی آدم کے سال بھر کا رزق اتارا جاتا ہے (کہ کس کو کیا ملے گا اور کس قدر ملے گا (ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالٰی عنہا سے جب سُنا کہ سال بھر ہونے والے اعمال صالحہ جو ابھی واقع نہیں ہوئے ہیں، لکھ کر آسمانوں پر اٹھا لئے جاتے ہیں تو) ام المؤمنین (کو شبہ ہوا اس لیے) دریافت فرمایا کہ یا رسول اللہ (اعمال صالحہ جو دخول جنت کے موجب ہیں، اپنے وقوع سے پہلے ہی لکھ لیئے جاتے ہیں اور آسمانوں پر اٹھا لئے جاتے ہیں تو معلوم ہوا کہ جنت اعمال صالحہ کے بدلہ میں نہیں ہے بلکہ) جس کو اللہ کی رحمت شامل ہو جائے وہی جنت میں جانے کے ظاہری سبب ہیں مگر حقیقی سبب اللہ تعالٰی کی رحمت ہے کہ جس کو جنت میں داخل کرنا چاہتے ہیں، اس کو اعمال صالحہ کی توفیق عطا فرماتے ہیں (اس لیے) رحمت الٰہی ہی جنت میں جانے کا سبب حقیقی ہے تین بار اس طرح ارشاد ہوا یہ سن کر میں نے عرض کی یا رسول اللہ! (آپ علم و عمل میں کمال رکھتے ہیں کہ کوئی آپ کا ثانی نہیں)

---

[1] قیامت تک جو جو ہونا ہے وہ تو سب لوح محفوظ میں لکھا گیا ہے۔ لیکن اس سال جو ہونا ہے وہ آج کی رات لوح محفوظ سے نقل کیا جا رہا ہے ان میں سے ایک یہ ہے کہ ۔

[2] روزانہ کے نیک اعمال کو جیسے آسمانوں پر اٹھا لیا جاتا ہے ایسے ہی وہ اعمال صالحہ جو ابھی نہیں ہوئے ہیں اور اس سال ہونے والے ہیں ۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کیا آپ بھی بجز رحمتِ الٰہی کے جنت میں نہیں جائیں گے؟ تو حضور نے (اپنے سر مبارک پر ہاتھ رکھ کر اپنے احتیاج کو ظاہر کرکے) فرمایا کہ میں بھی نہیں جاؤں گا مگر یہ کہ رحمت الٰہی مجھے گھیر لے تو میں بھی جنت میں جاؤں گا اس کو بھی آپ نے تین بار فرمایا [۱] اس حدیث کی روایت بیہقی نے دعوات کبیر میں کی ہے۔

۱۲۱۳ / ۲۲ وَعَنْ اَبِيْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى لَيَطَّلِعُ فِيْ لَيْلَةِ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ فَيَغْفِرُ لِجَمِيْعِ خَلْقِهٖ اِلَّا لِمُشْرِكٍ اَوْ مُشَاحِنٍ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَرَوَاهُ اَحْمَدُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ وَفِيْ رِوَايَةٍ اِلَّا اثْنَيْنِ مُشَاحِنٍ وَقَاتِلِ نَفْسٍ۔

حضرت ابوموسٰی اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ شعبان کی پندرھویں رات جس کو شب برات کہتے ہیں اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر نزول رحمت فرماکر تمام گنہگاروں کی مغفرت فرماتے ہیں، مگر مشرک کو نہیں بخشتے اور اس مسلمان کو بھی نہیں بخشتے جو کسی مسلمان سے (بغیر کسی شرعی وجہ کے کینہ رکھے، اس کی روایت ابن ماجہ نے کی ہے، اور اسی حدیث کی روایت امام احمد نے عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے کی ہے اور امام احمد کی ایک دوسری روایت میں اس طرح ہے کہ اللہ تعالیٰ شب برات میں تمام گنہگاروں کو بخش دیتے ہیں، مگر دو آدمیوں کو نہیں بخشتے۔ ایک وہ مسلمان جو کسی مسلمان سے (بغیر کسی شرعی وجہ کے) کینہ رکھے اور دوسرے اس مسلمان کو نہیں بخشتے جو کسی کو عمداً (بغیر قصاص کے) ناحق قتل کردے۔

ف اس حدیث شریف میں ارشاد ہے کہ شب برات میں ایسے مسلمان کی بخشش نہیں ہوتی جو کسی مسلمان

---

[۱] یعنی چونکہ اللہ تعالیٰ نے مجھ کو عالمین کے لیے رحمت بناکر بھیجا ہے۔ اور ہمیشہ مجھ کو رحمت الٰہی گھیرے رہتی ہے اسی لیے میں اعمال صالحہ میں بے حد کوشش کرتا ہوں کہ اعمال ظاہری جو رحمت الٰہی کے سبب ہیں۔ جنت میں لے جانے کے باعث بنیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

سے کینہ رکھے یا کسی کو ناحق قتل کر دے، اس بارے میں صاحب مرقات نے لکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس رات بجز کفر کے تمام حقوق اللہ معاف فرما دیتے ہیں البتہ حقوق العباد کو معاف نہیں فرماتے یہاں تک کہ وہ توبہ کر لے۔ ۱۲

۱۲۱۴/۲۳ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَتْ لَيْلَةُ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ فَقُوْمُوْا لَيْلَهَا وَصُوْمُوْا يَوْمَهَا فَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يَنْزِلُ فِيْهَا لِغُرُوْبِ الشَّمْسِ اِلَى السَّمَآءِ الدُّنْيَا فَيَقُوْلُ اَلَا مِنْ مُّسْتَغْفِرٍ فَاَغْفِرَ لَهٗ اَلَا مُسْتَرْزِقٌ فَاَرْزُقَهٗ اَلَا مُبْتَلًى فَاُعَافِيَهٗ اَلَا كَذَا اَلَا كَذَا حَتّٰى يَطْلُعَ الْفَجْرُ۔

(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب شعبان کی پندرھویں رات آئے (جس کو شب برأت کہتے ہیں) تو اس رات نماز پڑھو اور عبادت میں گزارو اور اس رات کے بعد جو دن آرہا ہے یعنی پندرھویں شعبان کو روزہ رکھو۔ له اس رات اللہ تعالیٰ مغرب ہی سے آسمان دنیا پر برآمد ہوتے ہیں (دیکھو کس کس طرح سے اپنی رحمت کو ظاہر فرماتے ہیں، نہایت مہربانی سے) فرماتے رہتے ہیں، اے گنہگار! کہاں ہے؟ آ اپنی مغفرت مانگ اس رات جو مغفرت مانگے میں اس کی مغفرت کرتا ہوں! کہاں ہے رزق مانگنے والا؟ آئے مجھ سے رزق مانگے میں اس کو رزق دیتا ہوں! کہاں ہے ایسا شخص جو طرح طرح کی بلاؤں میں گرفتار ہے! آ میں تیری بلاؤں اور مصیبتوں کو دور کرتا ہوں! کہاں ہے ایسا شخص جو مجھ سے یہ مانگے اور میں اس کو یہ دوں کہاں ہے ایسا شخص جو مجھ سے یہ مصیبت دفع کروانا چاہے اور میں اس کو دفع کر دوں، ایسے ہی طرح طرح کی حاجتیں مانگنے والا مجھ سے اپنی حاجتیں مانگے، میں اس کی تمام حاجتیں پوری کرتا ہوں مگر اے مانگنے والے اپنے ایسے دل سے مانگ جو میرے دینے پر یقین رکھتا ہو، اگر تجھ کو میرے دینے پر شک ہو تو پھر تو محروم رہے گا

له رات کے جاگنے سے اور دن کے روزہ رکھنے سے اپنے کو ان رحمتوں کے قابل بناؤ جو اس رات نازل ہوتی ہیں، تم کو معلوم ہے کہ اس رات کیا ہو رہا ہے؟

MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

اس طرح کی ندائیں صبح صادق طلوع ہونے تک ہوتی رہتی ہیں اس کی روایت ابن ماجہ نے کی ہے۔

بَابُ صَلٰوۃِ الضُّحٰی[1]

باب، اشراق اور چاشت کی نمازوں کے بیان میں

وَقَوْلُ اللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ وَالشَّفْعِ وَ الْوَتْرِ۔

اللہ تعالےٰ کا فرمان ہے "جفت اور طاق کی قسم!" (الفجر، ۸۹/۳)

یعنی جوڑے اور اکیلے کی قسم، مخلوق میں جوڑے ہیں، رب تعالیٰ اکیلا ہے مخلوق کی صفات میں جوڑے ہیں علم، جہل، قدرت، ضعف، گناہ، نیکی، زندگی و موت وغیرہ، رب تعالیٰ کی صفات اچھی اور بلند ہیں۔ یا چار نمازیں جوڑے ہیں اور نماز مغرب وتر و طاق ہے لہٰذا یہ آیت کریمہ حمد باری تعالیٰ بھی ہے اور نعت مصطفیٰ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم بھی، خیال رہے کہ اللہ تعالیٰ ذات، صفات اور افعال میں وتر ہے، اور ہم لوگ شفع ہیں حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم ذات و صفات میں شفع اور جفت نمازوں سے مراد اشراق اور چاشت ہیں اور طاق سے مراد وتر ہے اور اعمال میں وتر ہیں کہ صرف اچھے کام ہی کرتے ہیں۔ (تفسیر نور العرفان)

۱۲۱۵ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ اَنَّهٗ رَاٰى قَوْمًا يُّصَلُّوْنَ مِنَ الضُّحٰى فَقَالَ لَقَدْ عَلِمُوْا اَنَّ الصَّلٰوةَ فِيْ غَيْرِ هٰذِهِ السَّاعَةِ اَفْضَلُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ صَلٰوةُ الْاَوَّابِيْنَ حِيْنَ تَرْمَضُ الْفِصَالُ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے کہ انہوں نے کچھ لوگوں کو دیکھا کہ وہ چاشت کی نماز کو چاشت کے اوّل وقت میں پڑھ رہے تھے (حالانکہ یہ اشراق کی نماز کا وقت تھا چاشت کی نماز کا یہ مستحب وقت نہیں تھا) حضرت زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نے یہ دیکھ کر فرمایا (کہ چاشت کی نماز کا مستحب وقت یہ نہیں ہے) ان کو معلوم ہونا چاہیئے کہ چاشت کی نماز کا مستحب وقت اس کے علاوہ ہے، جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ صلاۃ الاوابین یعنی چاشت کی نماز اس وقت ہونی چاہیئے جب کہ اونٹوں کے چھوٹے چھوٹے بچے ریت کی تپش سے گرمانے لگے ہوں[1] اس

[1] اور اس وقت دن کا چوتھائی حصہ ہوتا ہے اور اس وقت کے مستحب ہونے کی وجہ یہ ہے کہ یہ راحت و آرام اور کاروبار کا وقت ہوتا ہے اور اس وقت نماز کے لیے کھڑے ہونا نفس پر شاق ہے، اس وقت چاشت کی نماز وہی پڑھے گا جو اوابین میں سے ہو، یعنی جو اپنی راحت و آرام اور کاروبار کو چھوڑ کر خدا کی طرف رجوع کرنے والوں میں ہو۔

کی روایت مسلم نے کی ہے۔

ف۔ واضح ہو کہ درمختار میں لکھا ہے کہ چاشت کی نماز بقول صحیح چار رکعت یا اس سے زائد ہے اور اس کا وقت آفتاب کے ایک نیزہ بلند ہونے کے بعد سے شروع ہو کر زوال تک رہتا ہے اور نماز چاشت کا منتخب وقت یہ ہے کہ اس کو دن کا چوتھائی حصہ گزرنے کے بعد ادا کیا جائے۔

منیہ میں کہا ہے کہ نماز چاشت کی کم از کم مقدار دو رکعت ہیں اور زیادہ سے زیادہ بارہ رکعت ہے اور اوسط آٹھ رکعت ہے اور آٹھ رکعت ہی افضل ہے جیسا کہ ذخائر اشرفیہ میں مذکور ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ نماز چاشت کے (۸) رکعت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے قول اور فعل دونوں سے ثابت ہیں اور بارہ رکعت کا ثبوت صرف رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے قول سے ملتا ہے عمل سے نہیں۔ ۱۲۔

۱۷۱۶ (۲) وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ اَنَسٍ الْجُهَنِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَعَدَ فِيْ مُصَلَّاهُ حِيْنَ يَنْصَرِفُ مِنْ صَلٰوةِ الصُّبْحِ حَتّٰى يُسَبِّحَ رَكْعَتَيِ الضُّحٰى لَا يَقُوْلُ اِلَّا خَيْرًا غُفِرَ لَهٗ خَطَايَاهُ وَاِنْ كَانَتْ اَكْثَرَ مِنْ زَبَدِ الْبَحْرِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت معاذ بن انس جہنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص فجر کی نماز پڑھ کر اشراق کی نماز پڑھنے تک اپنے مصلی پر بیٹھا رہے، اور سوائے بھلائی کی بات یعنی تلاوت قرآن، ذکر و فکر اور تعلیم و تعلم کے کوئی دنیا کی بات نہ کرے، اور اشراق کی دو رکعتیں پڑھ کر اٹھے تو ایسے شخص کے تمام گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں، اگرچہ اس کے گناہ کثرت میں سمندر کے کف کے برابر ہوں، اس کی روایت ابو داؤد نے کی ہے۔ ۱۲۔

۱۷۱۷ (۳) وَعَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصْبِحُ عَلٰى كُلِّ سُلَامٰى مِنْ اَحَدِكُمْ صَدَقَةٌ فَكُلُّ تَسْبِيْحَةٍ صَدَقَةٌ وَكُلُّ تَحْمِيْدَةٍ

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا[1] جب تو صحیح و سالم صبح کرے تو تجھ کو چاہیئے کہ ہر جوڑ کے بدلہ تو صدقہ یعنی خیرات

[1] اے انسان! تجھے کچھ خبر بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تیرے جسم میں (۳۶۰) جوڑ بنائے ہیں اور ان کو صحیح و سالم رکھے ہیں جن سے تو نفع اٹھا رہا ہے۔ کیا خدا کے اس احسان کا تجھ پر شکریہ نہیں ہے؟ تجھ کو چاہیئے کہ تو اپنے ہر ہر جوڑ کا شکریہ ادا کرے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

الضُّحٰی تُجْزِئُكَ۔

خیرات نہ ہو سکے) اگر تم دیکھو کہ مسجد میں رینٹھ یا بلغم پڑا ہوا ہو تو اس کو دور کر کے جگہ پاک کر دو یا راستہ میں دیکھو کہ) کانٹے یا پتھر پڑے ہوئے ہیں جس سے آنے جانے والوں کو ایذا ہو رہی ہو تو اس کو راستہ سے ہٹا کر راستہ صاف کر دینا بھی خیرات ہے اور اسی قسم کے تمام کام جن سے لوگوں کو آرام ملے سب خیرات ہیں) اگر کسی سے یہ نہ ہو سکے تو اشراق کے دو رکعت پڑھ لیا کرے، تو یہ دو رکعت ہر جوڑ کی نعمت کے شکریہ میں خیرات کرنے کے قائم مقام ہوں گے۔ (ابو داؤد)

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗد)

۱۷۱۹ ۵ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ حَافَظَ عَلٰی شُفْعَةِ الضُّحٰی غُفِرَتْ لَهٗ ذُنُوْبُهٗ وَاِنْ كَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص اشراق کے دو رکعت کو روزانہ پابندی کے ساتھ پڑھا کرے تو ایسے شخص کے تمام گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں، اگرچہ اس کے گناہ کثرت میں سمندر کے کف کے برابر ہوں (امام احمد، ترمذی اور ابن ماجہ)

۱۷۲۰ ۶ وَعَنْ اَبِی الدَّرْدَآءِ وَاَبِیْ ذَرٍّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنِ اللّٰهِ تَبَارَكَ وَتَعَالٰی اَنَّهٗ قَالَ یَا ابْنَ اٰدَمَ اِرْكَعْ لِیْ اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ مِّنْ اَوَّلِ النَّهَارِ اَكْفِكَ اٰخِرَهٗ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَرَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالدَّارِمِیُّ عَنْ نُعَیْمِ ابْنِ هَمَّادِ الْغَطَفَانِیِّ وَاَحْمَدُ عَنْهُمْ۔

حضرت ابو درداء اور ابو ذر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے ان دونوں حضرات نے فرمایا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے حدیث قدسی میں یہ ارشاد فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ اے آدم کی اولاد! اے انسان! تو شروع دن میں خاص میری خوشنودی کے لیے بغیر ریا اور دکھاوے کے اشراق کے چار رکعت پڑھ لیا کر، تو دیکھے گا کہ میں تیری ساری ضرورتوں کو آخر دن تک پورا کرتا رہوں گا اور تیری ساری پریشانیوں کو دور کر دوں گا۔ اس کی روایت ترمذی نے کی ہے اور ابو داؤد اور دارمی نے اس کی روایت نُعیم بن ہمار غطفانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کی ہے۔ اور امام احمد نے تینوں صحابہ ابو درداء، ابوذر اور نعیم بن ہمار رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے اس حدیث کی روایت کی ہے۔

۱۷۲۱/۷ وَعَنْ مُعَاذَةَ قَالَتْ سَأَلْتُ عَائِشَةَ كَمْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ صَلٰوةَ الضُّحٰى قَالَتْ اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ وَيَزِيْدُ مَا شَآءَ اللّٰهُ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت معاذہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ میں نے ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے دریافت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم چاشت کی نماز کے کتنے رکعت پڑھا کرتے تھے؟ ام المؤمنین نے ارشاد فرمایا کہ آپ چاشت کے چار رکعت پڑھا کرتے تھے اور کبھی اس سے زیادہ بھی پڑھتے تھے جس قدر اللہ تعالیٰ کو منظور ہوتا۔[1] (مسلم)

۱۷۲۲/۸ وَعَنْ اُمِّ هَانِئٍ قَالَتْ اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ بَيْتَهَا يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ فَاغْتَسَلَ وَصَلّٰى ثَمَانِيَ رَكَعَاتٍ فَلَمْ اَرَ صَلٰوةً قَطُّ اَخَفَّ مِنْهَا غَيْرَ اَنَّهٗ يُتِمُّ الرُّكُوْعَ وَالسُّجُوْدَ قَالَتْ فِيْ رِوَايَةٍ اُخْرٰى وَذٰلِكَ ضُحًى۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ام ہانی رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم فتح مکہ کے دن میرے گھر تشریف لائے غسل فرمایا اور چاشت کی آٹھ رکعتیں ادا فرمائیں مگر آپ نے یہ نماز اس قدر مختصر ادا فرمائی کہ کبھی میں نے آپ کو اتنی مختصر اور ہلکی نماز پڑھتے نہیں دیکھا، مگر اس کے رکوع اور سجدے کامل طور پر اطمینان کے ساتھ ادا فرما رہے تھے اور آپ صرف قرائت کو مختصر فرماتے تھے (بخاری اور مسلم)

۱۷۲۳/۹ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا كَانَتْ تُصَلِّي الضُّحٰى ثَمَانِيَ رَكَعَاتٍ ثُمَّ تَقُوْلُ لَوْ نُشِرَ لِيْ اَبَوَايَ مَا تَرَكْتُهَا (رَوَاهُ مَالِكٌ)

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ آپ کی عادت مبارکہ تھی کہ آپ چاشت کے آٹھ رکعت پڑھا کرتی تھیں اور فرمایا کرتی تھیں کہ مجھے چاشت کی نماز میں ایسی لذت ملتی ہے کہ ماں باپ کے زندہ ہوتے میں وہ لذت نہیں۔[2]

---

[1] مگر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا بارہ رکعت سے زیادہ چاشت کی نماز پڑھنا کہیں ثابت نہیں ہے۔

[2] اگر میرے ماں باپ زندہ ہوں تو اس خوشی اور لذت میں اس چاشت کی نماز کی لذت کو نہیں بھولوں گی، چاشت کی نماز کبھی ناغہ نہیں کروں گی یہ فرما کر ام المؤمنین مسلمانوں کو رغبت دلاتی ہیں کہ کچھ ہو جائے، کیسا ہی اہم کام آجائے تم چاشت کی نماز کو ہرگز نہ چھوڑنا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

اس کی روایت امام مالک نے کی ہے۔

۱۷۲۴ (۱۰) وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلَّى الضُّحٰى ثِنْتَيْ عَشْرَةَ رَكْعَةً بَنَى اللّٰهُ لَهٗ قَصْرًا مِّنْ ذَهَبٍ فِي الْجَنَّةِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو چاشت کے بارہ رکعت پڑھا کرے تو اس کے لیے جنت میں سونے کا محل بنایا جاتا ہے (ترمذی اور ابن ماجہ)

۱۷۲۵ (۱۱) وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي الضُّحٰى حَتّٰى نَقُوْلَ لَا يَدَعُهَا وَيَدَعُهَا حَتّٰى نَقُوْلَ لَا يُصَلِّيْهَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم چاشت کی نماز اس اہتمام سے پڑھتے تھے کہ ہم سمجھتے تھے، اب آپ نماز چاشت کو کبھی نہیں چھوڑیں گے، اور پھر چھوڑتے بھی تو اتنے دن چھوڑتے تھے، کہ ہم سمجھتے تھے کہ آپ چاشت کی نماز کبھی نہیں پڑھیں گے[1] (ترمذی)

بَابُ التَّطَوُّعِ

اس باب میں نفل نمازوں کا ذکر ہے

۱۷۲۶ (۱) عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِبِلَالٍ عِنْدَ صَلٰوةِ الْفَجْرِ يَا بِلَالُ حَدِّثْنِيْ بِاَرْجٰى عَمَلٍ عَمِلْتَهٗ فِي الْاِسْلَامِ فَاِنِّيْ سَمِعْتُ دَفَّ نَعْلَيْكَ بَيْنَ يَدَيَّ فِي الْجَنَّةِ قَالَ مَا عَمِلْتُ عَمَلًا اَرْجٰى عِنْدِيْ اِنِّيْ لَمْ اَتَطَهَّرْ طُهُوْرًا فِيْ سَاعَةٍ مِّنْ لَيْلٍ وَّلَا نَهَارٍ اِلَّا صَلَّيْتُ بِذٰلِكَ الطُّهُوْرِ مَا كُتِبَ لِيْ اَنْ اُصَلِّيَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ (ایک روز) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم صبح کی نماز سے فارغ ہوکر بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے فرماتے، اے بلال! بتاؤ کہ تم ایسا کون سا عمل کرتے ہو جس سے تم کو امید ہے کہ اللہ تعالیٰ تمہارے اس عمل کو قبول کرکے جنت میں مراتب عالیہ عطا کرے گا اس وجہ سے کہ میں نے (معراج کی رات) جنت میں دیکھا کہ تم میرے آگے آگے ہو، اور میں تمہارے نعلین کی کھڑکھڑاہٹ سن رہا تھا۔ بلال نے عرض کیا (حضور!) میں کیا اور میرا

[1] حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اس طرح اس وجہ سے کرتے تھے، تاکہ یہ نماز امت پر فرض یا واجب نہ ہو جائے۔ اب یہ خطرہ نہیں رہا۔ اس لیے اس نماز چاشت کو پابندی سے پڑھنا امت پر مستحب ہے)

MARKAZ-UL-OOLM ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

عمل کیا، سب حضور کے توجہ عالی کا اثر ہے) کہ مجھے توفیق ہوئی ہے کہ میں رات دن میں جب کبھی وضوء کرتا ہوں تو وضوء کے بعد دو رکعت یا جتنے ہو سکے تحیۃ الوضوء پڑھا لیا کرتا ہوں، یہ تو بخاری اور مسلم کی متفق علیہ روایت ہے اور

وَفِي رِوَايَةِ التِّرْمِذِيِّ وَمَا أَصَابَنِي حَدَثٌ قَطُّ إِلَّا تَوَضَّأْتُ عِنْدَهُ وَرَأَيْتُ أَنَّ لِلّٰهِ عَلَيَّ رَكْعَتَيْنِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهِمَا.

ترمذی کی روایت میں اس طرح ہے کہ بلال نے عرض کی حضور! جب کبھی میں بے وضو ہوتا ہوں تو اس کے ساتھ ہی وضوء کر لیتا ہوں اور میں اپنے اوپر لازم سمجھ لیتا ہوں کہ دو رکعت تحیۃ الوضوء پڑھ لیا کروں، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے (یہ سن کر) فرمایا کہ جنت میں تم کو مراتب عالیہ ملنے کی یہی تحیۃ الوضوء باعث ہے (اس تحیۃ الوضو کی وجہ سے تم کو یہ مرتبہ ملا ہے) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ وضوء کے بعد دو رکعت تحیۃ الوضو پڑھنا مستحب ہے، اور اس کی بڑی فضیلت ہے۔

١٤٢٧ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَلِّمُنَا الْاِسْتِخَارَةَ فِي الْاُمُوْرِ كَمَا يُعَلِّمُنَا السُّوْرَةَ مِنَ الْقُرْاٰنِ يَقُوْلُ إِذَا هَمَّ أَحَدُكُمْ بِالْاَمْرِ فَلْيَرْكَعْ رَكْعَتَيْنِ مِنْ غَيْرِ الْفَرِيْضَةِ ثُمَّ لِيَقُلْ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْتَخِيْرُكَ بِعِلْمِكَ وَأَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَأَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِيْمِ فَإِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا أَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا أَعْلَمُ وَأَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ اَللّٰهُمَّ إِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ خَيْرٌ لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ وَمَعَاشِيْ وَعَاقِبَةِ أَمْرِيْ أَوْ قَالَ فِيْ عَاجِلِ

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جس طرح ہم کو قرآن کی سورتوں کی تعلیم دیتے تھے اسی طرح تمام جائز امور میں استخارہ کرنے کی تعلیم دیتے تھے۔ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم فرماتے تھے کہ تم میں سے کوئی شخص جب کسی ایسے اہم کام کرنے کا ارادہ کرے (جو کبھی کبھی ہوتا ہو، مثلاً سفر، نکاح اور تعمیر وغیرہ اور اس کام کے کرنے یا نہ کرنے میں اس کو تردد ہو، اور کوئی صحیح رائے قائم نہیں ہو رہی ہو، اور اس کام کے انجام کا خیر یا شر ہونا سمجھ میں نہ آ رہا ہو) تو اس کو (اس طرح استخارہ کرنا چاہیئے کہ) پہلے وہ دو رکعت

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

أَمْرِيْ وَآجِلِهٖ فَاقْدِرْهُ لِيْ وَيَسِّرْهُ لِيْ ثُمَّ بَارِكْ لِيْ فِيْهِ وَإِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ إِنَّ هٰذَا الْأَمْرَ شَرٌّ لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ وَمَعَاشِيْ وَعَاقِبَةِ أَمْرِيْ أَوْ قَالَ فِيْ عَاجِلِ أَمْرِيْ وَآجِلِهٖ فَاصْرِفْهُ عَنِّيْ وَاصْرِفْنِيْ عَنْهُ وَاقْدِرْ لِيَ الْخَيْرَ حَيْثُ كَانَ ثُمَّ أَرْضِنِيْ بِهٖ قَالَ وَيُسَمِّيْ حَاجَتَهٗ

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

نفل استخارہ کی نیت سے ادا کرے اور پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد "قُلْ یٰاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ"، اور دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد "قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ"، پڑھے اور ان دو رکعتوں کے ادا کرنے کے بعد اس طرح دعا کرے۔

اے اللہ! (میں کچھ نہیں جانتا) آپ علام الغیوب ہیں، میرے لیے جو بہتر ہو اس کی طرف میری رہنمائی فرمائیے، اے اللہ! آپ بڑی قدرت والے ہیں اور میں عاجز ہوں اس کام میں جو خیر ہے اس کے کرنے پر مجھے قدرت عطا فرمائیے۔ اے اللہ آپ بڑے فضل وکرم والے ہیں، میں آپ کے فضل وکرم سے مانگتا ہوں کہ آپ میرے اس کام میں جو خیر ہو اس کو معین کیجیے اور اس کے کرنے پر مجھے آسانی عطا فرمائیے۔ اس کی وجہ سے کہ میں کسی کام کے کرنے کی قدرت نہیں رکھتا ہوں اور آپ ہر طرح کی قدرت رکھتے ہیں (جب آپ کسی کام کا ارادہ فرماتے ہیں تو وہ ہو کے رہتا ہے) اور آپ خوب جانتے ہیں (کہ ہر کام میں شر کیا ہے اور خیر کیا ہے) اور میں کچھ نہیں جانتا (اس لیے اس کام کے شر سے مجھے بچائیے اور اس کام میں جو خیر ہے اس کی طرف میری رہبری فرمائیے اس لیے کہ آپ تمام پوشیدہ چیزوں سے واقف ہیں۔ اے اللہ اگر آپ کے علم میں ہے کہ یہ کام جس کے لیے میں استخارہ کر رہا ہوں، میرے لیے دین و دنیا اور انجام کے اعتبار سے بہتر ہے تو اس کام کو بنا دیجئے اور اس کام کے لیے آسانیاں پیدا کیجئے، پھر اس میں بڑی برکت عطا فرمائیے اور اگر آپ کے علم میں ہے کہ یہ کام جس کے لیے

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

میں استخارہ کر رہا ہوں، میرے لیے دین و دنیا اور انجام کے اعتبار سے برا ہے تو اس کو میرے لیے ہوتے نہ دیجئے اور مجھے اس خیال سے دور رکھئے (تاکہ میں اس کام کے نہ ہونے سے پریشان نہ ہو جاؤں) اگر یہ کام جس کے لیے میں استخارہ کر رہا ہوں شر ہے تو بجائے اس کے جو کام میرے لیے خیر ہو اور وہ جس جگہ ہو اور جس وقت ہو اس کو میرے لیے مہیا کیجئے اور اس کو میرے لیے بنا دیجئے (جس کام کے شر ہونے کی وجہ سے مجھے آپ اس کام سے پھیر رہے ہیں اور میں اسی کام کو کرنا چاہتا تھا اور اس کے بجائے اب جو کام آپ میرے لیے مہیا فرمائے ہیں اس سے میرے دل کو راضی اور مطمئن کر دیجئے۔

حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے یہ بھی فرمایا کہ جہاں جہاں الامر یعنی کام کا لفظ آیا ہے وہاں اپنے مقصد کی نیت کرے یا زبان سے اپنے مقصد کو بیان کرے، اس کی روایت بخاری نے کی ہے۔

۱۲۲۸ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنِي اَبُوْبَكْرٍ وَصَدَقَ اَبُوْبَكْرٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَا مِنْ رَّجُلٍ يُّذْنِبُ ذَنْبًا ثُمَّ يَقُوْمُ فَيَتَطَهَّرُ[۱] ثُمَّ يُصَلِّيْ ثُمَّ يَسْتَغْفِرُ اللهَ اِلَّا غَفَرَ اللهُ لَهٗ ثُمَّ قَرَاَ وَالَّذِيْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً اَوْظَلَمُوْا اَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللهَ فَاسْتَغْفَرُوْا لِذُنُوْبِهِمْ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ اِلَّا

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نے مجھ سے یہ حدیث بیان کی (کون ابوبکر؟) وہ جن کی صداقت کی تعریف رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمائی ہے۔ حضرت ابوبکر نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جب کسی شخص سے (خواہ مرد ہو یا عورت) کوئی گناہ ہو جائے اور اسی وقت یا جب کبھی نادم ہو تو اس کو چاہیئے کہ غسل کرے اور نماز کے لیے کھڑا ہو

[۱] (اگر ٹھنڈے پانی سے غسل کرے تو زیادہ مناسب ہے۔ اگر اس کو ٹھنڈا پانی مضر ہوتا ہو تو گرم پانی سے غسل کرے اگر غسل نہ ہو سکے تو وضو ہی کرے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

أَنَّ ابْنَ مَاجَةَ لَمْ يَذْكُرِ الْآيَةَ .

(صدر میں جو ارشاد ہوا ہے اس کی تائید میں) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم نے ذیل کی یہ آیت تلاوت فرمائی (سورۂ آل عمران، ۳/ ۱۳۶ ، ۱۳۵) اور وہ کہ جب کوئی بے حیائی یا اپنی جانوں پر ظلم کریں، اللہ کو یاد کر کے اپنے گناہوں کی معافی چاہیں، اور گناہ کون بخشے اللہ کے سوا، اور اپنے کئے پر جان بوجھ کر اڑ نہ جائیں ایسوں کو بدلہ ان کے رب کی بخشش اور جنتیں ہیں ان کے نیچے نہریں رواں، ہمیشہ ان میں رہیں اور کامیابیوں کا اچھا اجر ہے۔" اس کی روایت ترمذی نے کی ہے، اور ابن ماجہ نے بھی اس کی روایت کی ہے لیکن ابن ماجہ میں اس آیت کا ذکر نہیں ہے۔

جس کو نماز توبہ یا نماز استغفار کہتے ہیں اور کم سے کم دو رکعت نماز توبہ کی نیت سے ادا کرے، اس کی پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد (قل یا ایھا الکافرون)، اور دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد (قل ھو اللہ احد)، پڑھے اور تنہائی میں یہ نماز پڑھی جائے تو اس کے لیے بہتر ہے اگر سجدہ میں سر رکھ کر روتے ہوئے یہ دعا کرے تو زیادہ بہتر ہے اور اگر رونا نہ آئے تو رونے کی صورت بنائے اور اپنے تمام گناہوں کو یاد کرتے ہوئے مصمم ارادہ کرے کہ پھر گناہ نہ کروں گا، اور عرض کرے کہ اے اللہ! میں گناہ نہیں کرتا تھا، نفس و شیطان کے دھوکہ سے گناہ کیا اور اب آپ کے در پر آپڑا ہوں، آپ کے سوا کوئی گناہ بخشنے والا نہیں، اور مجھ عاجز کو آپ کے عذاب کی طاقت نہیں اس لیے آپ کے غصہ سے ڈر رہا ہوں، اپنے گناہوں سے معذرت چاہتے ہوئے عرض کرتا ہوں الٰہی! آپ کا بھاگا ہوا بندہ آپ کے در پر آپڑا ہے، اگر آپ میرے گناہوں کو نہیں معاف کریں گے تو میں کہیں کا نہ رہوں گا۔ آپ محض اپنے فضل و کرم سے اپنے سخی دربار کے صدقہ سے میرے حال پر بجائے غضب کے رحمت کی نظر فرمایئے! جو ہو گیا ہو گیا، اب گناہ نہ کرنے کا ارادہ کر کے آیا ہوں، آپ مجھے اپنی رحمت سے مایوس نہ کیجئے میرے تمام گناہ کو معاف کر دیجئے، آئندہ مجھ کو گناہوں سے بچائے رکھیئے۔ آپ کا نام غفور و غفار ہے، آپ کی شان کے یہی سزاوار ہے، جب بندہ گناہوں سے توبہ کرتا ہے تو آپ اس پر نہایت مہربان ہو کر اس کے سب گناہ بخش دیتے ہیں، اس لیے میرے بھی تمام گناہ بخش دیجئے، آپ کے فضل و کرم سے امید لگایا ہوا ہوں، اس لیے آپ میرے تمام گناہ بخش کر گناہوں کی جگہ نیکیاں لکھ دیجئے یہ آپ کے فضل و کرم سے کچھ دور نہیں جب کوئی گنہگار اس طرح سے نماز پڑھتا اور دعا کرتا ہے۔ تو اللہ تعالیٰ (بڑے رحیم ہیں اس کے تمام گناہ معاف کر دیتے ہیں (اور اس کے گناہوں کے بدلے نیکیاں لکھ دیتے ہیں)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

فاحشہ کے مراد وہ گناہ ہے جس کی شریعت میں سزا ہے، جیسے زنا، چوری اور ظلموں لسے وہ گناہ مراد ہیں جن کی سزا مقرر نہیں، جیسے نماز چھوڑنا، اور ہر ہر جرم کی توبہ کا علیحدہ علیحدہ طریقہ ہے یا فاحشہ سے مراد گناہ کبیرہ اور ظلم سے مراد گناہ صغیرہ ہیں۔ یا فاحشہ سے مراد وہ گناہ جو دوسروں کی تکلیف کا باعث ہو اور ظلم سے مراد وہ گناہ جو ایسا نہ ہو۔

اس آیت کریمہ میں گنا ہگاروں کو توبہ کی عام دعوت ہے کہ توبہ کا دروازہ کھلا ہوا ہے، یاد رکھیں کہ حقوق العباد صاحب حق معاف کرتا ہے مگر یہ معافی بھی اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے ہوتی ہے اور ذنب کی معافی بھی اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے ہے، یہ بھی معلوم ہوا کہ بڑے سے بڑا گناہ بھی قابل معافی ہے۔ رب تعالیٰ سے ناامید نہ ہونا چاہیئے۔

یہ بھی ان آیات سے معلوم ہوا کہ گناہ صغیرہ پر اَڑ (ڈٹ) جانا اسے کبیرہ بنا دیتا ہے۔ یہ بھی معلوم ہوا کہ توبہ کے لیے اصرار مضر ہے کہ توبہ بھی کرتا جائے اور گناہ بھی، بلکہ قبول توبہ کے لیے گذشتہ گناہ پر ندامت اور آئندہ کے لیے ترک کا ضمنی ارادہ ضروری ہے۔

آیات کا شان نزول یہ ہے (نبہان خرما (کھجور) فروش کے پاس ایک عورت خرما خریدنے آئی، اس نے کہا کہ یہ کھجوریں اچھی نہیں ہیں، بہترین خرمے گھر میں رکھے ہیں، اور اسے اندر لے گئے وہاں اس کا بوسہ لیا چمٹا لیا، اس عورت نے کہا، اللہ تعالیٰ سے ڈر، یہ سنتے ہی اسے چھوڑ دیا، اور شرمندہ ہو کر بارگاہ رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم میں عرض کی اس پر یہ آیت اُتری، ایک روایت میں یہ ہے کہ دو شخصوں میں بڑا پیار تھا، ایک جہاد میں گیا اور اپنے اہل خانہ کو دوسرے کے سپرد کر گیا، ایک دن اس انصاری مجاہد کی بیوی نے دوسرے شخص سے گوشت منگوایا، جب اس ثقفی سے مجاہد کی بیوی نے گوشت لینے کے لیے ہاتھ بڑھایا تو اس نے ہاتھ چوم لیا، چومتے ہی شرمندگی ہوئی، جنگل میں نکل گیا اپنے منہ پر طمانچے مارے اور سر پر خاک ڈالی، جب وہ مجاہد اپنے گھر واپس آیا تو اس نے عورت سے اپنے ثقفی دوست کا حال پوچھا، عورت بولی، کہ ایسے دوست سے اللہ بچائے، مجاہد ثقفی کو تلاش کیا اور حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں لے آئے، اس پر یہ آیات نازل ہوئیں، یہ بھی ہوسکتا ہے کہ یہ دونوں واقعات ان آیات کا شان نزول ہوں۔

(تفسیر نور العرفان ترجمہ کنز الایمان)

۱۳۲۹ وَعَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا حَزَبَهُ أَمْرٌ صَلَّى۔

(رَوَاهُ أَبُوْدَاؤدَ)

حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کسی مصیبت کی وجہ سے بے چین ہو جاتے یا کسی کام میں مشکلات آنے سے غمگین ہوتے تو اس کا علاج اس طرح کرتے کہ آپ نماز میں مشغول ہو جاتے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

(ابو داؤد)

۱۳۰۵ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ اَوْفٰی قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ کَانَتْ لَهٗ حَاجَةٌ اِلَی اللّٰهِ اَوْ اِلٰی اَحَدٍ مِّنْ بَنِیْ اٰدَمَ فَلْیَتَوَضَّاْ فَلْیُحْسِنِ الْوُضُوْءَ ثُمَّ لِیُصَلِّ رَکْعَتَیْنِ ثُمَّ لِیُثْنِ عَلَی اللّٰهِ تَعَالٰی وَلْیُصَلِّ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ لِیَقُلْ "لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِیْمُ الْکَرِیْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ اَسْاَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَآئِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالْغَنِیْمَةَ مِنْ کُلِّ بِرٍّ وَّالسَّلَامَةَ مِنْ کُلِّ اِثْمٍ لَا تَدَعْ لِیْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا حَاجَةً هِیَ لَكَ رِضًا اِلَّا قَضَیْتَهَا یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِیُّ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ)

حضرت عبد اللہ بن ابی اوفیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب کوئی شخص اللہ تعالیٰ سے کچھ مانگ رہا ہو یا کسی شخص سے کچھ چاہتا ہو کہ اس کی یہ حاجت جلد پوری ہو، اور اس کا جو مقصد ہے وہ جلد حاصل ہو جائے تو اس کو چاہیئے کہ سنتوں اور مستحبات کی پابندی کے ساتھ اچھا وضوء کرے اور صلاۃ حاجت کی نیت سے دو رکعت پڑھے پھر اللہ تعالیٰ کی تعریف جو اس سے ہو سکے بیان کرے اس کے بعد نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پر درود پڑھے (اگر درود ابراہیمی جو التحیات کے بعد پڑھا جاتا ہے اس کو پڑھے تو بہت بہتر ہے) پھر یہ دعا کرے۔

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ بڑے بردبار ہیں (قصوروں کو دیکھے جاتے ہیں مگر جلد اس کی سزا نہیں دیتے) وہ کریم ہیں کہ بجائے سزا دینے کے اور نعمتیں دیتے جاتے ہیں (تاکہ بندہ اس کے احسانات سے شرمندہ اور نادم ہو کر جو کیا ہے اس سے توبہ کرے۔

اے عظمت والے عرش کے مالک (جو کوئی مانگے اس کو دینا آپ کے پاس کچھ مشکل نہیں) آپ (بخل سے اور ہر عیب سے) پاک ہیں۔ اے تمام جہانوں کے مالک! بندے آپ سے

لہ تاکہ نماز کی وجہ سے یکسوئی حاصل ہو، اور سارے غم غلط ہو جائیں اللہ کی طرف لو لگ جانے سے کسی چیز کے ہوتے یا نہ ہونے کا کچھ اثر نہیں ہوتا اور نماز شروع کرنے سے "وَاسْتَعِیْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوۃِ" کے حکم کی تعمیل ہو جاتی ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

جو مانگتے ہیں آپ وہ دیتے ہیں اس لیے آپ کا شکر ادا
کرتا ہوں (شکر کے سوا ہمارے پاس اور ہے ہی کیا کہ
جس سے آپ کے احسانات کا بدلہ ہو سکے۔)
اے اللہ! مجھ سے وہ کام کروایئے اور وہ بات
کہلوایئے جس کے سبب سے آپ کی رحمت مجھ پر
نازل ہو، اور گناہوں سے میری مغفرت ہو جائے
اے اللہ! میری روح نفس کے ساتھ جہاد اکبر
میں مصروف ہے، روح کو فتح دینا آپ کے ہاتھ
ہے، جب روح کو فتح ہو گی تو نفس مغلوب ہو
جائے گا، طرح طرح کی نیکیاں کرنا میں شروع کروں
گا، یہ اس جہاد کا مال غنیمت ہے اس لیے) ہر
قسم کی نیکیاں کرنے کی مجھے توفیق عطا فرمایئے۔
اور جب نفس مغلوب ہو جائے گا تو میں تمام گناہوں
سے محفوظ رہوں گا یہ روح کی فتح کا دوسرا فائدہ
ہے (اس لیے) میں آپ سے تمام گناہوں سے محفوظ
رہنے کا سوال کرتا ہوں۔ اے اللہ! نفس کے غلبہ
کے وقت میں نے بہت گناہ کئے ہیں، اب روح کو
نفس پر فتح ہو گئی ہے۔ اس لیے تمام گناہوں
سے نادم و شرمندہ ہو کر آپ سے معافی چاہتا ہوں
آپ اپنے فضل و کرم سے میری ایسی مغفرت فرمایئے
کہ میرا کوئی گناہ باقی نہ رہے (اور سب گناہوں کو
نامۂ اعمال سے مٹا دیجئے)
اے اللہ گناہوں کی شامت سے طرح طرح کے
افکارات میں مبتلا ہو گیا تھا، اب آپ نے جب میرے
گناہ معاف فرما دئے ہیں تو (میرے تمام افکارات
اور پریشانیوں کو دور فرما دیجئے۔
(اے اللہ! میں آپ کے سامنے اپنی حاجتیں
پیش کر رہا ہوں، میں کچھ نہیں جانتا آپ علام الغیوب
ہیں، میں اپنی ہر حاجت کو اپنے لیے مفید سمجھتا ہوں

اگر) وہ حاجت میرے لیے مفید ہو، اور آپ اس کا پورا ہونا پسند فرماتے ہوں تو میری ان تمام حاجتوں کو پورا کر دیجئے، اے سب مہربانوں سے بڑھ کر رحم کرنے والے! مجھ پر رحم کیجئے، میری تمام حاجتوں کو پورا کیجئے۔
اس کی روایت ترمذی اور ابن ماجہ نے کی ہے۔

بَابُ صَلٰوةِ التَّسْبِيحِ

باب صلاۃ التسبیح کا بیان اور اس کے پڑھنے کا طریقہ

۱۲۳۰ عَنْ اَبِيْ وَهْبٍ قَالَ سَاَلْتُ عَبْدَ اللهِ بْنَ الْمُبَارَكِ عَنِ الصَّلٰوةِ الَّتِيْ يُسَبِّحُ فِيْهَا قَالَ يُكَبِّرُ ثُمَّ يَقُوْلُ: "سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ" ثُمَّ يَقُوْلُ خَمْسَ عَشَرَةَ مَرَّةً سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَاللهُ اَكْبَرُ ثُمَّ يَتَعَوَّذُ وَيَقْرَأُ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَفَاتِحَةَ الْكِتَابِ وَسُوْرَةً ثُمَّ يَقُوْلُ عَشَرَ مَرَّاتٍ "سُبْحَانَ اللهِ وَ

حضرت ابو وہب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ میں نے عبد اللہ ابن مبارک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے صلاۃ التسبیح کے متعلق دریافت کیا تو آپ نے فرمایا تکبیر تحریمہ کے بعد ثنا یعنی سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ" پڑھنے کے بعد (۱۵) مرتبہ سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَاللهُ اَكْبَرُ
اس کے بعد، "اَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ"، اور بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھ کر سورۂ فاتحہ اور ضم سورہ کرکے (۱۰) مرتبہ یہی مذکورہ تسبیح پڑھے، پھر رکوع کرے اور رکوع میں رکوع کی تسبیح کے بعد) ۱۰ مرتبہ یہی مذکورہ تسبیح پڑھے

لہ دکہ صلاۃ التسبیح مکروہ اوقات کے سوا جس وقت چاہے اور جس روز چاہے پڑھی جاسکتی ہے اور صلاۃ التسبیح کا جمعہ کے دن زوال سے پہلے پڑھنا مستحب ہے۔ اور اس کا طریقہ یہ ہے کہ صلاۃ التسبیح کی نیت سے چار رکعت اس طرح پڑھے کہ۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
وَاللّٰهُ اَكْبَرُ" ثُمَّ يَرْكَعُ
فَيَقُوْلُهَا عَشْرًا ثُمَّ يَرْفَعُ
رَاْسَهٗ فَيَقُوْلُهَا عَشْرًا ثُمَّ
يَسْجُدُ فَيَقُوْلُهَا عَشْرًا
ثُمَّ يَرْفَعُ رَاْسَهٗ وَيَقُوْلُهَا
عَشْرًا ثُمَّ يَسْجُدُ الثَّانِيَةَ
فَيَقُوْلُهَا عَشْرًا يُصَلِّيْ
اَرْبَعَ رَكْعَاتٍ عَلٰى هٰذَا
فَذٰلِكَ خَمْسٌ وَّسَبْعُوْنَ
تَسْبِيْحَةً فِيْ كُلِّ رَكْعَةٍ
يَبْدَاُ فِيْ كُلِّ رَكْعَةٍ بِخَمْسَ
عَشْرَةَ تَسْبِيْحَةً ثُمَّ يَقْرَاُ
ثُمَّ يُسَبِّحُ عَشْرًا رَوَاهُ
التِّرْمِذِيُّ.

وَفِيْ رِوَايَةٍ لِاَبِيْ دَاؤدَ قَالَ
فَاِنَّكَ لَوْ كُنْتَ اَعْظَمَ
اَهْلِ الْاَرْضِ ذَنْبًا غُفِرَ لَكَ
بِذٰلِكَ۔

وَفِيْ رِوَايَةٍ لِابْنِ مَاجَةَ
فَلَوْ كَانَتْ ذُنُوْبُكَ مِثْلَ
رَمْلِ عَالِجٍ غَفَرَهَا لَكَ
قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَنْ
لَّمْ يَسْتَطِعْ يَقُوْلُهَا فِيْ
يَوْمٍ قَالَ قُلْهَا فِيْ جُمُعَةٍ
فَاِنْ لَّمْ تَسْتَطِعْ فَقُلْهَا
فِيْ شَهْرٍ حَتّٰى قَالَ فَقُلْهَا
فِيْ سَنَةٍ۔

پھر رکوع سے سر اٹھا کر (سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ اور رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ، کہنے کے بعد) قومہ میں (۱۰) مرتبہ یہی مذکورہ تسبیح پڑھے، پھر سجدہ میں جائے اور سجدہ کی تسبیح پڑھنے کے بعد (۱۰) مرتبہ یہی تسبیح پڑھے، پھر سجدہ سے سر اٹھا کر جلسہ میں "رَبِّ اغْفِرْ لِیْ" پڑھنے کے بعد (۱۰) مرتبہ یہی تسبیح پڑھے، پھر دوسرے سجدہ میں جائے اور سجدہ کی تسبیح پڑھنے کے بعد یہی تسبیح (۱۰) بار پڑھے اس طرح ایک رکعت میں (۷۵) بار یہ تسبیح ہوئی (دوسرے سجدے سے سر اٹھانے کے بعد نہ تو بیٹھے اور نہ مذکورہ تسبیح پڑھے، بلکہ دوسرے سجدہ سے اٹھتے ہی دوسری رکعت کا قیام شروع کرے اور باقی تین رکعتوں کی ہر رکعت میں اسی طرح مذکورہ تسبیح کو (۷۵) بار پڑھا جائے یعنی) ہر رکعت کے شروع میں سورہ فاتحہ اور ضم سورہ سے پہلے (۱۵) بار اور ضم سورہ کے بعد (۱۰) بار (رکوع میں (۱۰) بار، قومہ میں (۱۰) بار پہلے سجدہ میں (۱۰) بار، جلسہ میں (۱۰) بار اور دوسرے سجدہ میں (۱۰) بار اس طرح ہر رکعت میں (۷۵) بار مذکورہ تسبیح پڑھا کرے اور قعدۂ اولیٰ اور قعدۂ آخرہ میں تسبیح پڑھنے کی ضرورت نہیں، اگر کسی شخص کو صلاۃ تسبیح میں سہو ہو جائے تو وہ سہو کے سجدوں میں اس مذکورہ تسبیح کو نہ پڑھے کیونکہ صلاۃ تسبیح کی مقررہ تعداد میں سہواً کمی ہو جائے تو ہو جائے تو بعد کے کسی رکن میں اس کی تعداد کی تکمیل کرے) اس کی روایت ترمذی نے کی ہے۔ اور ابو داؤد کی ایک روایت میں اس طرح ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اگر تمہارے گناہ روئے زمین کے باشندوں کے گناہوں سے بھی

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-ISLAMIA ACADEMY

زیادہ ہوں گے تب بھی اللہ تعالیٰ اس نماز کی بدولت تمہارے گناہ بخش دیں گے اور ابن ماجہ کی ایک روایت میں اس طرح ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اگر تمہارے گناہ کثرت میں ریت کے ٹیلہ کے برابر بھی ہوں تو اللہ تعالیٰ اس صلاۃ تسبیح کی برکت سے تمہارے گناہ معاف فرما دیں گے۔ حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دریافت فرمایا کہ یا رسول اللہ کس میں طاقت ہے کہ روزانہ یہ نماز پڑھ سکے؟ تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ اگر تم روزانہ پڑھنے کی طاقت نہیں رکھتے تو ہر جمعہ کو پڑھ لیا کرو اور اگر جمعہ کو بھی نہ ہو سکے تو مہینہ میں ایک دفعہ ہی پڑھ لیا کرو (اگر مہینہ میں ایک بار بھی نہ پڑھ سکو تو) آپ نے فرمایا کہ سال میں ایک ہی بار پڑھ لو)

۱۲۳۱ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِنَّ اَوَّلَ مَا یُحَاسَبُ بِهِ الْعَبْدُ یَوْمَ الْقِیَامَةِ مِنْ عَمَلِهٖ صَلَاتُهٗ فَاِنْ صَلُحَتْ فَقَدْ اَفْلَحَ وَاَنْجَحَ وَاِنْ فَسَدَتْ فَقَدْ خَابَ وَخَسِرَ فَاِنِ انْتَقَصَ مِنْ فَرِیْضَتِهٖ شَیْءٌ قَالَ الرَّبُّ تَبَارَكَ وَتَعَالٰی اُنْظُرُوْا هَلْ لِعَبْدِیْ مِنْ تَطَوُّعٍ فَیُكَمَّلُ بِهَا مَا انْتَقَصَ مِنَ الْفَرِیْضَةِ ثُمَّ یَكُوْنُ سَائِرُ عَمَلِهٖ عَلٰی ذٰلِكَ وَفِیْ رِوَایَةٍ ثُمَّ الزَّكٰوةُ مِثْلُ ذٰلِكَ ثُمَّ تُؤْخَذُ الْاَعْمَالُ عَلٰی حَسَبِ ذٰلِكَ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ وَرَوَاهُ اَحْمَدُ عَنْ رَجُلٍ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب قیامت میں اعمال کا حساب لیا جائے گا تو سب اعمال کے حساب سے پہلے نماز کا حساب شروع کیا جائے گا (دیکھا جائے گا کہ اس کی فرض نماز صحیح ہوئی ہے یا نہیں، اگر اس کی فرض) نماز تمام ارکان اور سنتوں کی پابندی کے ساتھ ادا ہوئی ہے تو اس کی نماز قبول ہوگی اور اس کو پورا پورا ثواب دیا جائے گا اور وہ حساب میں کامیاب ہو جائے گا اگر اس کی (فرض) نماز میں کچھ ایسی خرابیاں ہوئی ہوں کہ جس کے سبب سے اس کی نماز ناقص ہوئی ہے تو وہ بڑے خسارہ میں ہوگا ثواب بھی نہیں ملے گا (اور عذاب کا مستحق ہو جائے گا) اللہ تعالیٰ (بڑے کریم ہیں)، اس وقت محض اپنے فضل وکرم سے فرشتوں سے کہیں گے کہ میرے فرشتو دیکھو میرے بندے کے نامۂ اعمال میں فرض کے بعد

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کچھ سنن اور نوافل بھی ہیں، تو اس فرض کے نقصان کی تلافی ان سنتوں اور نوافل سے کر دو (اور اس کی فرض نماز کا ثواب اس کو پورا پورا دیدو تاکہ وہ عذاب سے نجات پائے)، یہی حال دوسری عبادات کا بھی ہے اگر فرض روزوں میں کچھ نقصان آگیا ہو تو نفل روزوں سے اس نقصان کو دور کر دیں گے، کامل روزوں کا ثواب عطا فرمائیں گے۔ ایسے ہی فرض زکوٰۃ میں کچھ نقصان آگیا ہو تو نفل خیرات سے فرض زکوٰۃ کے نقصان کو پورا کر دیں گے اور وہ کامل زکوٰۃ کے ثواب کا مستحق ہو جائے گا۔ اسی طرح دوسرے اعمال کی بھی یہی کیفیت ہوگی یعنے ان کے فرائض کے نقصان کو نوافل سے پورا کیا جائے گا[1]۔ اس کی روایت ابوداؤد نے کی ہے، اور امام احمد نے بھی دوسرے راوی سے اس حدیث کی روایت کی ہے۔

۱۲۳۲ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا اَذِنَ اللّٰہُ لِعَبْدٍ فِیْ شَیْءٍ اَفْضَلَ مِنَ الرَّکْعَتَیْنِ یُصَلِّیْہِمَا وَاِنَّ الْبِرَّ لَیُذَرُّ عَلٰی رَاْسِ الْعَبْدِ مَادَامَ فِیْ صَلَاتِہٖ وَمَا تَقَرَّبَ الْعِبَادُ اِلَی اللّٰہِ بِمِثْلِ مَا خَرَجَ مِنْہُ رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَقَالَ اَبُوْنَصْرٍ الرَّاوِیُّ یَعْنِی الْقُرْاٰنَ۔

حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا یوں تو اللہ تعالیٰ ہر ذاکر کے ذکر کو سنتے ہیں مگر کم سے کم دو رکعت پڑھنے والا جب اپنی رکعتوں میں قرآن پڑھتا ہے تو اس کے قرآن پڑھنے کو بہت غور اور عنایت و توجہ سے سنتے ہیں (جیسا نماز میں قرآن پڑھنے کو سنتے ہیں ایسا کسی چیز کو توجہ سے نہیں سنتے)، تلاوت قرآن کے سوا سب عبادتوں میں نماز اللہ تعالیٰ کو ایسی پسند ہے کہ جب تک بندہ اللہ تعالیٰ کے سامنے نماز پڑھتا

[1] (اس سے بندہ پر لازم ہے کہ فرض نمازوں کے سوا نفل نمازیں بھی پڑھا کرے۔ اسی طرح فرض روزوں کے سوا نفل روزے بھی رکھا کرے۔ اور فرض زکوٰۃ کے سوا نفل خیرات بھی دیا کرے تاکہ قیامت کے دن فرضوں میں کچھ نقصان نکلے تو نفل سے وہ نقصان پورا کر دیا جائے۔

MARKAZ UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

ہوا کھڑا رہتا ہے تو اس کے سر پر رحمتیں نازل کرتے رہتے ہیں اور بندہ ہر عبادت سے اللہ تعالیٰ سے قرب حاصل کرتا ہے لیکن بندہ جب نماز میں قرآن پڑھتا ہے تو اس کو جتنا جتنا قرب اس وقت اللہ تعالیٰ سے حاصل ہوتا ہے کسی اور وقت اتنا قرب حاصل نہیں ہوتا۔ اس کی روایت امام احمد اور ترمذی نے کی ہے۔

بَابُ صَلٰوۃِ السَّفَرِ

اس باب میں سفر کی حالت میں نماز پڑھنے کا بیان ہے

ف: واضح ہو کہ وہ سفر جس کے احکام اس باب میں مذکور ہیں عام سفر نہیں ہے، بلکہ وہ ایسا سفر ہے، بلکہ جس میں تین منزل یا تین منزل سے زیادہ سفر کرنے کا ارادہ ہو، اور تین منزل کے (۴۸) میل ہوتے ہیں، اس طرح کوئی سفر کر رہا ہو تو اس کو چار رکعت والی فرض نماز کو یعنی ظہر و عصر وعشاء کو قصر کرکے دو رکعت ہی پڑھنا چاہیئے، اس لیے کہ قصر کرکے دو رکعت ہی پڑھنا واجب ہے، اگر قصر نہ کرکے پوری نماز پڑھے گا تو گنہگار ہوگا۔ فجر اور مغرب کے فرض اور نماز وتر میں قصر نہیں ہے۔ اطمینان ہو اور جلدی نہ ہو تو پوری سنتیں پڑھے اور اگر جلدی ہو اور ساتھیوں سے چھوٹ جانے کا خوف ہو یا سواری جیسے ریل وغیرہ کے نہ ملنے کا اندیشہ ہو تو پوری سنتوں کو ترک کر سکتا ہے۔

اگر مسافر چار رکعت والی نماز میں کسی مقام پر امام کی اقتدا کر رہا ہے تو وہ امام کے ساتھ پورے چار رکعت ادا کرے اور قصر نہ کرے، اس کے برخلاف اگر امام مسافر ہو، اور مقتدی مقیم ہوں تو امام قصر کرکے چار رکعت والی نماز میں دو رکعت ادا کرکے سلام پھیر دے اور مقیم مقتدی کو چاہیئے کہ ساتھ پورے چار رکعت ادا کرے اور قصر نہ کرے، اس کے برخلاف اگر امام مسافر ہو، اور مقتدی مقیم ہوں تو امام قصر کرکے چار رکعت والی نماز میں دو رکعت ادا کرکے سلام پھیر دے اور مقیم مقتدی کو چاہیئے کہ اپنی باقی نماز اُٹھ کر پوری کرے اور اس میں قرأت نہ کرے، بلکہ چپ کھڑا رہے اس لیے کہ وہ لاحق ہے۔ قصر کے مذکورہ احکام اس مسافر سے متعلق ہوں گے جب کہ وہ کسی مقام پر (۱۵) دن سے کم رہنے کا ارادہ رکھتا ہو، اگر اس نے (۱۵) دن یا اس سے زیادہ قیام کرنے کا ارادہ کر لیا تو وہ مقیم ہو جائے گا، اور قصر نہیں کرے گا۔ بلکہ تمام نمازوں کو ہمیشہ کی طرح پورا ادا کرے گا۔

(درمختار)

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

(۱) وَقَوْلُ اللہِ عَزَّ وَجَلَّ: وَاِذَا ضَرَبْتُمْ فِی الْاَرْضِ فَلَیْسَ عَلَیْکُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ الصَّلٰوۃِ اِنْ خِفْتُمْ اَنْ یَّفْتِنَکُمُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا اِنَّ الْکٰفِرِیْنَ کَانُوْا لَکُمْ عَدُوًّا مُّبِیْنًا۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے "اور جب تم زمین میں سفر کرو، تو تم پر گناہ نہیں کہ بعض نمازیں قصر سے پڑھو، اگر تمہیں اندیشہ ہو کہ کافر تمہیں ایذاء دیں گے، بے شک کفار تمہارے کھلے دشمن ہیں۔
(النساء ۴/۱۰۱)

اس آیت سے معلوم ہوا کہ سنت اور نفل میں قصر نہیں ہے، نماز مغرب و فجر و وتر میں بھی قصر نہیں ہے جیسا کہ من الصلوٰۃ کے مِن سے معلوم ہوا اور یہ بھی معلوم ہوا کہ قصر پڑھنے میں گناہ نہیں ہے، نہ پڑھنے سے آیت خاموش ہے، حدیث شریف سے معلوم ہوتا ہے کہ قصر نہ پڑھنے والا ایسا ہی گنہگار ہے، جیسا کہ فجر کے چار فرض پڑھنے والا، قصر نمازیں اللہ کا صدقہ ہے اسے قبول کرو۔ (حاشیہ نور العرفان)

(۲) وَقَوْلُہٗ اِنَّ الصَّلٰوۃَ کَانَتْ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ کِتَابًا مَّوْقُوْتًا۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔ "بے شک نماز مسلمانوں پر وقت باندھا ہوا فرض ہے۔
(النساء ۴/۱۰۳)

معلوم ہوا کہ سفر میں دو نمازیں جمع نہیں ہو سکتیں، کیونکہ ہر نماز کے لیے اس کا وقت مقرر ہے قرآن پاک سے ثابت ہے کہ جن احادیث میں دو نمازیں جمع کرنے کا ذکر ہے وہاں جمع صوری مراد ہے یعنی پہلی نماز آخری وقت میں اور دوسری نماز اول وقت میں ادا کی۔

(۳) وَقَوْلُہٗ فَاَیْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْہُ اللہِ۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے، تو تم جدھر منہ کرو، ادھر وجہ اللہ ہے (یعنی خدا کی رحمت تمہاری طرف متوجہ ہے

شان نزول، صحابہ کرام کی ایک جماعت جو اندھیری رات میں سفر کر رہی تھی، نماز عشاء پڑھنے لگی تو اندھیرے کی وجہ سے سمت قبلہ کا تعین نہ ہوا، جس طرف جس کا دل جما، اسی طرف منہ کر کے اس نے نماز پڑھ لی، بعد میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض واقعہ کیا، تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی کہ ایسی حالت میں جس طرف دل جمے، ادھر ہی قبلہ ہے یا یہ آیت مسافر کے سواری پر نفل پڑھنے کے متعلق ہے۔ جیسا کہ مسافر جب سواری پر نفل پڑھے یا خائف جب بھاگتے ہوئے نماز پڑھے تو اس وقت اس آیت پر عمل ہوگا۔

۱۲۳۴ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ صَلَّی الظُّھْرَ بِالْمَدِیْنَۃِ

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ

MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

اَرْبَعًا وَّصَلَّی الْعَصْرَ بِذِی الْحُلَیْفَۃِ رَکْعَتَیْنِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

علیہ وسلم ظہر کے چار رکعت پڑھائے، (حالانکہ آپ سفر کا ارادہ کر چکے تھے، ظہر کو اس وجہ سے قصر نہیں فرمایا کہ ابھی آپ (آبادی سے باہر نہیں ہوئے تھے) جب حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ذوالحلیفہ پہنچے (تو عصر کا وقت ہوگیا تھا تو ذوالحلیفہ میں عصر کو قصر کرکے) عصر کی دو رکعت پڑھائی اس حدیث کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

۱۷۳۵ وَعَنْ اَبِیْ حَرْبِ بْنِ اَبِی الْاَسْوَدِ الدِّیْلِیِّ اَنَّ عَلِیًّا رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ خَرَجَ مِنَ الْبَصْرَۃِ فَصَلَّی الظُّہْرَ اَرْبَعًا ثُمَّ قَالَ اِنَّا لَوْ جَاوَزْنَا ھٰذَا الْخُصَّ لَصَلَّیْنَا رَکْعَتَیْنِ رَوَاہُ ابْنُ اَبِیْ شَیْبَۃَ وَرَوٰی عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَحْوَہٗ۔

حضرت ابوحرب ابن ابی اسود دیلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، (سفر کا ارادہ کرکے) بصرہ سے نکلے ظہر کی چار رکعت پڑھائی اور قصر نہیں کی اور فرمایا کہ اگر ہم اس جھونپڑی سے آگے بڑھ جاتے (جو کہ آبادی کا آخری حصہ ہے) تو ہم ظہر کو قصر کرکے دو رکعت پڑھتے۔ اس کی روایت ابن ابی شیبہ نے کی ہے اور عبدالرزاق نے بھی اسی طرح روایت کی ہے۔

۱۷۳۶ وَعَنْ حَارِثَۃَ بْنِ وَھْبٍ الْخُزَاعِیِّ قَالَ صَلّٰی بِنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ اَکْثَرُ مَا کُنَّا قَطُّ وَاٰمَنَہٗ بِمِنًی رَکْعَتَیْنِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت حارثہ بن وہب خزاعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم حجۃ الوداع ادا فرما رہے تھے) جب منیٰ میں پہنچے تو وہاں چار رکعت والی نماز قصر کرکے) دو رکعت پڑھائی، حالانکہ ہماری تعداد حجۃ الوداع میں اس قدر کثیر تھی کہ پہلے کبھی ایسی نہ تھی، اور ہم کو کفار سے بھی کوئی خوف نہیں تھا۔ ہم بہت امن و

ؔ۱ مدینہ منورہ سے مکہ معظمہ کا سفر کر رہے تھے، جب مدینہ شریف سے نکل رہے تھے تو وہ ظہر کا وقت تھا تو

ؔ۲ اس سے معلوم ہوا کہ اپنی بستی سے باہر ہونے کے بعد نمازوں میں قصر شروع کرنا چاہیئے اور اسی طرح راستہ میں بھی قصر کیا کریں۔

ؔ۳ ابھی آپ آبادی ہی میں تھے، اور آبادی سے باہر نہیں نکلے تھے کہ ظہر کا وقت ہوگیا باوجود سفر کا ارادہ کرتے کے)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اطمینان سے تھے[1] (بخاری اور مسلم)۔

۱۲۳۷ وَعَنْ يَّعْلَى بْنِ اُمَيَّةَ قَالَ قُلْتُ لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اِنَّمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى اَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ الصَّلٰوةِ اِنْ خِفْتُمْ اَنْ يَّفْتِنَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَقَدْ اَمِنَ النَّاسُ قَالَ عُمَرُ عَجِبْتُ مِمَّا عَجِبْتَ مِنْهُ فَسَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ صَدَقَةٌ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت یعلی بن امیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے کہا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ اگر تم کو خوف ہو کہ نماز پڑھنے کی حالت میں کفار تم پر حملہ کر دیں گے تو تم (چار رکعت والی) فرض نمازوں میں قصر کیا کرو، اب (جب کہ کفار کے حملہ کا خوف باقی نہ رہا اور) لوگ امن و چین کی زندگی بسر کر رہے ہیں[2] (یہ سُن کر)

---

[1] (باوجود اس کے بھی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ہم کو چار رکعت والی فرض نماز کو قصر کر کے دو رکعت پڑھائی، اس سے معلوم ہوا کہ تعداد کا کم ہونا اور کفار سے خوف کا ہونا قصر کی شرط نہیں ہے، بہر حال سفر میں قصر کرنا ضروری ہے، اب رہا یہ کہ آیت کریمہ وَاِذَا ضَرَبْتُمْ فِي الْاَرْضِ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ الصَّلٰوةِ اِنْ خِفْتُمْ اَنْ يَّفْتِنَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا اِنَّ الْكٰفِرِيْنَ كَانُوْا لَكُمْ عَدُوًّا مُّبِيْنًا،،

اور جب تم زمین پر سفر کرو، تو تم پر گناہ نہیں کہ بعض نمازیں قصر سے پڑھو، اگر تمہیں اندیشہ ہو کہ کافر تمہیں ایذاء دیں گے، بے شک کفار تمہارے کھلے دشمن ہیں۔ (النساء ۴/۱۰۱)

اس آیت میں بظاہر قصر کے لیے خوف ہونے کی جو قید معلوم ہو رہی ہے وہ اتفاقی قید ہے، ضروری قید نہیں ہے چونکہ سفر میں اکثر خوف رہا کرتا ہے، اس لیے اتفاقی طور پر آیت کریمہ میں خوف کی قید مذکور ہے اگر قصر کے لیے خوف ضروری ہوتا تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم حجۃ الوداع کے موقع پر باوجود امن کے قصر نہ فرماتے حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا حجۃ الوداع کے موقع پر امن کی حالت میں قصر فرمانا اس سے واضح طور پر ثابت ہوتا ہے کہ قصر کے لیے خوف ہونا ضروری نہیں ہے جیسا کہ اس حدیث سے واضح ہے۔

شرعاً مسافر وہ شخص ہے جو تین دن کی راہ تک جانے کے ارادہ سے بستی یا شہر سے باہر جائے سفر کے لیے کوس کا اعتبار نہیں، کہ کوس کہیں چھوٹے ہوتے ہیں کہیں بڑے، بلکہ اعتبار تین منزلوں کا ہے اور خشکی میں میل کے حساب سے اس کی مقدار ۵۷ ۳/۸ میل بنتی ہے (ماخوذ از بہار شریعت ۴/۶۱)

[2] (تو اس آیت میں قصر کے لیے خوف کی جو قید تھی، باقی نہ رہنے سے قصر کا حکم بھی باقی نہ رہنا چاہیے، پھر نماز قصر سے کیوں پڑھی جا رہی ہے)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جواب دیا کہ تم جس چیز سے تعجب کر کے مجھ سے پوچھ رہے ہو میں نے بھی اسی طرح تعجب کر کے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے دریافت کیا تھا تو حضور والا نے ارشاد فرمایا تھا کہ یہ تم پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک احسان ہے کہ وہ اپنے فضل وکرم سے تم پر آسانی کر رہے ہیں لہٰذا جس طرح یہ مہربان ہیں ان کی اس آسانی کو قبول کر و سفر میں خوف ہو یا نہ ہو ہر حال میں قصر کیا کرو۔ اس حدیث کی روایت مسلم نے کی ہے۔

ف: اس حدیث شریف میں ارشاد ہے فَاقْبَلُوْا صَدَقَتَہٗ یعنی سفر میں قصر کرنے کی جو اجازت دی گئی ہے وہ اللہ تعالیٰ کا احسان ہے تم اس احسان کو قبول کرلو اس ارشاد گرامی میں فَاقْبَلُوْا امر کا صیغہ ہے اور صیغۂ امر وجوب کے لیے آتا ہے تو اس حدیث سے امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا مذہب ثابت ہے کہ سفر میں چار رکعت والی فرض نماز وں میں قصر کرنا واجب ہے اور قصر نہ کرنے کی صورت میں چار رکعت پڑھنا گناہ ہے یہ مرقات میں مذکور ہے۔

۱۲۳۸ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِنَ الْمَدِیْنَۃِ اِلٰی مَکَّۃَ فَکَانَ یُصَلِّیْ رَکْعَتَیْنِ حَتّٰی رَجَعْنَا اِلَی الْمَدِیْنَۃِ قِیْلَ لَہٗ اَقَمْتُمْ بِمَکَّۃَ شَیْئًا قَالَ اَقَمْنَا بِھَا عَشْرًا۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ حجۃ الوداع کے لیے مدینہ منورہ سے نکل کر مکہ معظمہ پہنچے (مکہ معظمہ سے عرفات منیٰ وغیرہ) ہوتے ہوئے پھر مدینہ منورہ واپس ہوئے اس سفر میں حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم چار رکعت والی فرض نماز کو قصر کر کے دو رکعت ہی پڑھاتے رہے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کسی نے دریافت کیا کہ مکہ معظمہ میں (داخل ہونے کے بعد حج سے فارغ ہو کر مکہ معظمہ سے نکلنے تک) کتنے دن کا قیام رہا تو حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جواب دیا کہ دس دن (حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اس

والی نمازوں کو، قصر نہ کرکے پوری چار رکعت پڑھتے تھے۔ اس کی روایت ابن ابی شیبہ نے کی ہے۔

۱۲۴۰ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ اِذَا كُنْتَ مُسَافِرًا فَوَطَّنْتَ نَفْسَكَ عَلٰى اِقَامَةِ خَمْسَةَ عَشَرَ يَوْمًا فَاَتِمَّ الصَّلٰوةَ وَاِنْ كُنْتَ لَا تَدْرِيْ مَتٰى تَظْعَنُ فَاقْصُرْ رَوَاهُ مُحَمَّدٌ فِيْ كِتَابِ الْاٰثَارِ عَنْ اِمَامِنَا اَبِيْ حَنِيْفَةَ قَالَ فِيْ اٰثَارِ السُّنَنِ اِسْنَادُهٗ حَسَنٌ۔

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ جب تم سفر کرتے ہوئے کسی مقام پر پہنچو ، اور وہاں ۱۵ دن یا اس سے زائد) قیام کی نیت کرلو تو تم چار رکعت والی فرض نمازوں میں قصر نہ کرو) بلکہ چار رکعت ہی پڑھا کرو، اور اگر تم قیام کی مدت معین نہ کرسکو (اور تمہیں آج کل نکلتے ہیں گزر جائیں) تو تم کو قصر ہی کرنا چاہیئے اس کی روایت امام محمد نے ہمارے امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ سے کتاب الآثار میں کی ہے، اور آثار السنن میں ہے کہ اس حدیث کی سند حسن ہے۔

۱۲۴۱ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ قَالَا اِذَا قَدِمْتَ بَلْدَةً وَاَنْتَ مُسَافِرٌ وَفِيْ نَفْسِكَ اَنْ تُقِيْمَ خَمْسَ عَشْرَةَ لَيْلَةً فَاَكْمِلِ الصَّلٰوةَ بِهَا وَاِنْ كُنْتَ لَا تَدْرِيْ مَتٰى تَظْعَنُ فَاقْصُرْهَا۔ (رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ)

حضرت ابن عباس اور حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ جب تم سفر کرتے ہوئے کسی شہر میں پہنچو ، اور وہاں ۱۵ دن یا اس سے زائد) قیام کی نیت کرلو تو تم چار رکعت والی فرض نمازوں میں (قصر نہ کرو) بلکہ چار رکعت ہی پڑھا کرو، اگر تم قیام کی مدت معین نہ کرسکو (اور تمہیں آج کل نکلتے ہیں گزر جائیں) تو تم کو قصر ہی کرنا چاہیئے۔ اس کی روایت امام طحاوی نے کی ہے۔

۱۲۴۲ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ اَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِتَبُوْكَ عِشْرِيْنَ يَوْمًا يَقْصُرُ الصَّلٰوةَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم (جب غزوۂ تبوک کے لیے تشریف لے گئے تو) مقام تبوک میں بیس روز قیام فرمایا اور (چار رکعت والی فرض نمازوں میں) قصر فرماتے رہے۔ اس حدیث کی روایت ابوداؤد

لہ اس سے ثابت ہوا کہ کسی مقام پر ۱۵ دن یا اس سے زیادہ قیام کی نیت کر لینے سے وہ وطن اقامت بن جاتا ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

قول سے معلوم ہوا کہ اگر کسی مقام پر دس روز کے لیے قیام کیا جائے تو وہ وطن اقامت نہیں بنے گا اس لیے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم نے مکہ معظمہ میں دس دن اقامت فرمائی اور چار رکعت والی فرض نمازوں کا قصر کر کے دو رکعت ہی پڑھتے رہے۔ اگر یہ وطن اقامت بن جاتا تو آپ قصر نہیں کرتے (بخاری ومسلم)

ف واضح ہو کہ رسول اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم حجۃ الوداع کے لیے جب مکہ معظمہ تشریف لائے تو ذوالحجہ کی چوتھی تاریخ تھی، ۵، ۶، ۷ یہ تین دن آپ مکہ معظمہ میں ٹھہرے، آٹھویں کو منیٰ روانہ ہوئے اور نویں کو عرفات پہنچے اور دسویں کو پھر منیٰ میں لوٹ آئے اور گیارھویں بارھویں کو وہاں رہے اور تیرھویں کو پھر مکہ معظمہ لوٹ آئے اور چودھویں کو مکہ معظمہ سے مدینہ منورہ روانہ ہوئے، اس سے بعض حضرات یہ سمجھتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم صرف تین دن مکہ معظمہ میں قیام فرمائے تھے اس لیے نماز قصر کرتے رہے، اگر چار دن مکہ میں رہتے تو نماز قصر نہیں فرماتے، بلکہ پوری نماز پڑھتے یہ خیال اس وقت صحیح ہوتا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم تین دن مکہ میں رہ کر مدینہ کو مکہ ہی سے رخصت ہو جاتے حالانکہ ایسا نہیں ہوا، حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم مکہ سے رخصت نہیں ہوئے، عرفات جا کر منیٰ میں آئے اور منیٰ سے فرض طواف کے لیے پھر مکہ میں آئے، فرض طواف سے فارغ ہو کر منیٰ میں تشریف لائے، منیٰ سے طواف وداع کے لیے پھر مکہ میں آئے، اور اس کے بعد مکہ سے مدینہ شریف کو روانہ ہوئے، مکہ میں حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کا بار بار تشریف لانا اس سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ مکہ سے رخصت نہیں ہوئے، اسی لیے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ مکہ میں آپ کا قیام دس دن رہا، مکہ میں (۴) دن کیا بلکہ (۱۰) دن قیام فرما رہے اور نمازوں کو قصر کرتے رہے، اس سے معلوم ہوا کہ (۴) دن ہو یا (۱۰) دن کسی مقام پر رہنے سے وہ مقام وطن اقامت نہیں بنتا اس لیے قصر پڑھنا چاہیے۔ چنانچہ اس کے بعد والی حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ جیسا کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ کسی مقام پر (۱۵) دن یا (۱۵) دن سے زائد رہنے کی نیت کرنے سے وہ مقام وطن اقامت ہو جاتا ہے۔ اور وہاں نماز قصر نہیں کرنا چاہیے۔ (مرقات، اشعۃ اللمعات) ۱۲

۱۴۳۹ وَعَنْ مُجَاهِدٍ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ كَانَ اِذَا جَمَعَ عَلٰى اِقَامَةِ خَمْسَةَ عَشَرَ يَوْمًا اَتَمَّ الصَّلٰوةَ۔
(رَوَاهُ ابْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ)

حضرت مجاہد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ جب ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما (سفر میں) کہیں ۱۵ دن یا اس سے زیادہ ٹھہرنے کی نیت کر لیتے تو آپ چار رکعت

نے کی ہے۔

١٢٤٣ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ ارْتَجَ عَلَيْنَا الثَّلْجُ وَنَحْنُ بِاَذْرَبِيْجَانَ سِتَّةَ اَشْهُرٍ فِيْ غَزَاةٍ فَكُنَّا نُصَلِّيْ رَكْعَتَيْنِ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي الْمَعْرِفَةِ بِاِسْنَادٍ صَحِيْحٍ۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جب (ہم جہاد کرتے ہوئے آذربائیجان پہنچے اس وقت آذربائیجان دارالحرب تھا) برف باری شروع ہوئی جس کی وجہ سے راستے بند ہوگئے چھ مہینے تک ہم کو وہیں رہنا پڑا۔ اور ہم قصر ہی کرتے رہے؎ اس حدیث کی روایت بیہقی نے معرفہ میں سند صحیح کے ساتھ کی ہے۔

١٢٤٤ وَعَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّهٗ كَانَ مَعَ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَرْوَانَ بِالشَّامِ شَهْرَيْنِ يُصَلِّيْ رَكْعَتَيْنِ رَكْعَتَيْنِ۔ (رَوَاهُ عَبْدُ الرَّزَّاقِ)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ آپ عبدالملک بن مروان کے ساتھ ملک شام میں دو مہینے رہے (آپ کو یہ معلوم نہیں تھا کہ کب واپسی ہونی ہے اسی خیال میں دو مہینے گزر گئے، اسی وجہ سے آپ نے اقامت کی نیت نہیں کی اور قصر کرکے چار رکعت والی فرض نمازوں کو) دو دو رکعت پڑھتے رہے۔ اس کی روایت عبدالرزاق نے کی ہے۔

١٢٤٥ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ صَلَّيْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْحَضَرِ وَالسَّفَرِ رَكْعَتَيْنِ وَبَعْدَهَا رَكْعَتَيْنِ وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ صَلَّيْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْحَضَرِ وَالسَّفَرِ فَصَلَّيْتُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اور میں نے سفر میں ظہر کے فرض دو رکعتیں پڑھیں اور ظہر کے فرض کے بعد کی دو سنتیں بھی پڑھی ہیں اس کی روایت ترمذی نے کی ہے، اور ترمذی کی

۱؎ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ دارالحرب میں بحالت جنگ ۱۵ دن یا اس سے زیادہ ٹھہرنے کا موقع ہو تو بھی وہ وطن اقامت نہیں بنے گا۔ اگرچہ اقامت کی نیت کی گئی ہو، اس لیے کہ دارالحرب محل اقامت اور سکونت نہیں ہے، کیونکہ ہمیشہ یہ احتمال رہتا ہے کہ مسلمانوں کو فتح ہوتے سے یا اور ممالک کی فتح کے لیے آگے بڑھ جائیں گے یا پھر مسلمان وہاں سے واپس ہوجائیں گے، اس لیے دارالحرب میں اقامت کی نیت کا اعتبار نہیں، قصر ہی کرتے رہنا چاہیئے۔

۲؎ حالانکہ چھ مہینے ایک مقام میں ٹھہرنا ہوا تھا، مگر دارالحرب اور حالت جنگ ہونے کی وجہ سے نہ تو اقامت کا اثر ہوا اور نہ اقامت کی نیت کا اور ہم قصر ہی کرتے رہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

مَعَهُ فِي الْحَضَرِ الظُّهْرَ اَرْبَعًا وَبَعْدَهَا رَكْعَتَيْنِ وَصَلَّيْتُ مَعَهُ فِي السَّفَرِ الظُّهْرَ رَكْعَتَيْنِ وَبَعْدَهَا رَكْعَتَيْنِ وَلَمْ يُصَلِّ بَعْدَهَا شَيْئًا وَالْمَغْرِبُ فِي الْحَضَرِ وَالسَّفَرِ سَوَآءٌ ثَلَاثَ رَكْعَاتٍ وَلَا يَنْقُصُ فِي حَضَرٍ وَّلَا سَفَرٍ وَهِيَ وِتْرُ النَّهَارِ وَبَعْدَهَا رَكْعَتَيْنِ ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

ایک روایت میں ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ سفر اور حضر میں رہا ہوں اور میں آپ کے ساتھ نماز پڑھا ہوں، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اور میں نے حضر میں ظہر کے فرض چار رکعت پڑھے ہیں اور اس کے بعد دو رکعت سنّت بھی ادا کئے ہیں، اور سفر میں ظہر کے فرض حضور نے اور میں نے دو رکعت پڑھے ہیں اور فرض کے بعد دو رکعت سنت بھی ادا کئے ہیں اور سفر میں حضور نے اور میں نے عصر کے فرض دو رکعت پڑھے ہیں اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم عصر کے فرض کے بعد کوئی نماز نہیں پڑھی، اور حضور نے اور میں نے حضر میں اور سفر میں مغرب کے فرض کی تین رکعتیں ہی پڑھی ہیں، مغرب کے فرض میں نہ تو حضر میں کمی ہوئی اور نہ سفر میں، اور یہی دن کی وتر ہے، اور حضور نے اور میں نے مغرب کے فرض کے بعد دو رکعت سنت ادا کئے ہیں۔

۱۲۴۶/۱۳ وَعَنِ الْبَرَآءِ قَالَ صَحِبْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَمَانِيَةَ عَشَرَ سَفَرًا فَمَا رَاَيْتُهُ تَرَكَ رَكْعَتَيْنِ اِذَا زَاغَتِ الشَّمْسُ قَبْلَ الظُّهْرِ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ۱۸ سفر کئے ہیں میں نے حضور کو زوال کے بعد ظہر سے پہلے زوال کے بعد پڑھی جانے والی دو نفلیں ترک کرتے نہیں دیکھا، اس کی روایت ابوداؤد نے کی ہے۔

ف۔ واضح ہو کہ مسافر کو سنن مؤکدہ کا اطمینان ہو، اور جلدی نہ ہو تو بغیر قصر کئے پوری پڑھے اور اگر جلدی ہو، اور اطمینان نہ ہو، یا ساتھیوں کے چھوٹ جانے کا خوف ہو تو پوری سنتوں کو ترک کر سکتا ہے، سنن غیر مؤکدہ کا بھی یہی حکم ہے کہ اگر جلدی نہ ہو اور اطمینان ہو تو ایسی نفلوں کو بھی پڑھ سکتا ہے، اس لیے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے سفر میں زوال کے بعد پڑھی جانے والی دو نفلوں کو ادا فرمایا ہے، اور اگر جلدی ہو اور اطمینان نہ ہو، یا ساتھیوں سے چھوٹ جانے کا خوف ہو تو غیر مؤکدہ سنتوں کو بھی چھوڑ سکتا ہے (در مختار) ۱۲

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

۱۷۴۷
۱۴
وَعَنْ نَافِعٍ قَالَ اِنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ كَانَ يَرٰى اِبْنَهٗ عُبَيْدَ اللّٰهِ يَتَنَفَّلُ فِي السَّفَرِ فَلَا يُنْكِرُ عَلَيْهِ۔

(رَوَاهُ مَالِكٌ)

حضرت نافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما اپنے فرزند کو جن کا نام عبید اللہ تھا سفر میں نوافل پڑھتے ہوئے دیکھتے تھے اور ان کو منع نہیں فرماتے تھے۔ اس کی روایت امام مالک نے کی ہے۔

ف اس حدیث سے ثابت ہوا کہ سفر میں نوافل اگر اطمینان ہو تو پڑھ سکتے ہیں اور اگر جلدی ہو تو چھوڑ سکتے ہیں، بہرحال قصر فرض کے واسطے ہے اور سنن مؤکدہ اور نوافل میں قصر نہیں ہے پڑھیں تو بغیر قصر کے پوری رکعتیں پڑھیں اور اگر نہ پڑھیں تو پوری رکعتیں ترک کر دیں۔ ۱۲

۱۷۴۸
۱۵
وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَدْ فَرَضَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْحَضَرِ اَرْبَعًا وَّفِي السَّفَرِ رَكْعَتَيْنِ فَكَمَا يَتَطَوَّعُ هٰهُنَا قَبْلَهَا وَمِنْ بَعْدِهَا فَكَذٰلِكَ يُصَلِّيْ فِي السَّفَرِ قَبْلَهَا وَبَعْدَهَا۔

(رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے لیے اور آپ کی امت کے لیے (ظہر، عصر اور عشاء میں) حضر میں چار رکعت فرض کئے گئے اور سفر میں (ان نمازوں میں ابتداہی سے) دو رکعت ہی فرض کئے گئے[1] رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم حضر میں فرض کے پہلے اور فرض کے بعد جو سنت پڑھی جاتی ہیں سفر میں بھی فرض کے بعد کی، اور پہلے کی سنتیں (اگر اطمینان ہو، اور جلدی نہ ہو تو بغیر قصر کئے) پوری رکعتیں پڑھا کرتے تھے (اگر جلدی ہو تو بغیر قصر کئے پوری رکعتوں کے ساتھ سنتوں کو ترک فرماتے تھے)، اس کی روایت امام طحاوی نے کی ہے۔

۱۷۴۹
۱۶
وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ مَا رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى صَلٰوةً لِغَيْرِ وَقْتِهَا

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم (نمازوں کے ادا

---

[1] اس لیے اگر کوئی بحالت سفر ظہر، عصر اور عشاء میں دو رکعت زیادہ کر کے چار رکعت پڑھے تو گنہگار ہوگا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

إِلَّا بِجَمْعٍ فَإِنَّهُ جَمَعَ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَآءِ بِجَمْعٍ وَصَلّٰى صَلَاةَ الصُّبْحِ فِي الْغَدِ قَبْلَ وَقْتِهَا ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

وَرَوٰى أَبُوْدَاوُدَ وَالطَّحَاوِيُّ نَحْوَهُ

کرنے میں بڑا اہتمام فرماتے تھے) ہر نماز کو اس طرح وقت پر پڑھا کرتے تھے، کبھی کوئی نماز بے وقت ادا نہیں فرماتے تھے[1] صرف مزدلفہ میں مغرب کا وقت گزرنے کے بعد عشاء کے ساتھ ملا کر دونوں نمازیں پڑھی گئیں[2] صرف مزدلفہ میں صبح کے فرض کا مستحب وقت چھوڑ کر صبح صادق ہوتے ہی اول وقت "غلس"، یعنے اندھیرے میں صبح کے فرض ادا فرمائے[3]

[1] اور بے وقت کر کے کسی دوسری نماز کے ساتھ جمع بھی نہیں کرتے تھے، آپ کیسے بے وقت نماز ادا کرتے جب کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے "إِنَّ الصَّلٰوةَ كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ كِتٰبًا مَّوْقُوْتًا" (مسلمانوں پر ہر نماز کا وقت مقرر ہے، بے وقت کر کے نہیں پڑھنا چاہیئے) حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کا کیسے خلاف کرتے اسی لیے ہر نماز کو اس کے وقت پر ادا فرماتے تھے، کبھی نماز کو بے وقت کر کے دوسری نماز کے ساتھ جمع کیا ہے یہ صحیح نہیں ہے، بلکہ آپ نے ایک نماز کو اس کے اخیر وقت میں ادا فرمایا ہے، اور دوسری نماز کو اس کے شروع وقت میں پڑھا ہے ہر نماز اپنے وقت پر ادا فرماتے، جن حدیثوں سے دو نمازوں کا جمع ہونا معلوم ہوتا ہے اس کا یہ مطلب ہے نہ کہ حقیقی طور پر جمع کرنا، بے وقت کر کے ایک نماز کو دوسری نماز کے ساتھ جمع کرنے کی دو قسمیں ہیں ایک قسم یہ ہے کہ ایک نماز کا وقت گزرنے کے بعد دوسری نماز کے ساتھ جمع کر کے پڑھنا۔ کبھی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ایسی نماز ادا نہیں کی)

[2] حنفی بھی اس پر عمل کر کے اس طرح کا جمع مزدلفہ میں کیا کرتے ہیں، دوسری قسم یہ ہے کہ وقت ہونے سے پہلے ایک نماز کو دوسری نماز کے ساتھ ادا کیا جائے، اس طرح سے بھی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کبھی نماز ادا نہیں فرمائی ہیں صرف عرفات میں عصر کا وقت ہونے سے پہلے عصر کو ظہر کے ساتھ پڑھی ہے حنفی بھی ایسا ہی کر کے عرفات میں دونوں نماز ظہر اور عصر کو جمع کر کے پڑھتے ہیں، بجز ان دو موقعوں کے کبھی کوئی نماز آپ نے بے وقت ادا نہیں فرمائی ہیں، بے وقت نماز ادا کرنا تو بڑی چیز ہے کبھی نماز کو اس کے مستحب وقت کے سوا ادا نہیں فرمایا

[3] اور منیٰ کی طرف تشریف لے گئے حنفی بھی ایسا ہی مزدلفہ میں صبح کی نماز کا مستحب وقت چھوڑ کر اول وقت "غلس"، میں صبح کے فرض ادا کیا کرتے ہیں)

عہ اس حدیث شریف میں مزدلفہ میں مغرب اور عشا کو جمع کرنے کا ذکر ہے اور عرفات میں ظہر اور عصر کو جمع کرنا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے ثابت ہے مگر راوی نے اس کا ذکر نہیں کیا ہے چونکہ دوسری احادیث میں ظہر وعصر کو جمع کرنے کا ذکر موجود ہے اس لیے یہاں اس کو بیان کیا گیا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIC ACADEMY

وَفِيْ رِوَايَةٍ لِاَبِيْ دَاوٗدَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ نَحْوَهٗ۔

اس حدیث کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔ اور ابو داؤد اور طحاوی نے بھی اسی طرح روایت کی ہے۔ اور ابو داؤد کی ایک دوسری روایت میں ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے اسی طرح مروی ہے

۱۷۵۰ / ۱۷ وَعَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَا اِنَّهٗ لَيْسَ فِي النَّوْمِ تَفْرِيْطٌ اِنَّمَا التَّفْرِيْطُ عَلٰى مَنْ لَّمْ يُصَلِّ الصَّلٰوةَ حَتّٰى يَجِيْئَ وَقْتُ الصَّلٰوةِ الْاُخْرٰى۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

وَفِيْ رِوَايَةٍ لَهٗ عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ فِي النَّوْمِ تَفْرِيْطٌ اِنَّمَا التَّفْرِيْطُ فِي الْيَقْظَةِ اَنْ تُؤَخِّرَ صَلٰوةً حَتّٰى يَدْخُلَ وَقْتُ صَلٰوةٍ اُخْرٰى وَرَوَى الطَّحَاوِيُّ نَحْوَهٗ۔

حضرت ابو قتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا خوب یاد رکھو کہ (کسی وقت) نیند کی وجہ سے کسی نماز کا وقت گذر جائے تو کوئی قصور نہیں[۱] اتنی دیر کیا کہ دوسری نماز کا وقت ہو گیا تو ایسا شخص قصور وار ہو گیا (اور اس پر اس نماز کی قضا بھی لازم ہوگی اور گنہگار بھی ہوگا) اس حدیث کی روایت مسلم نے کی ہے اور مسلم کی ایک اور روایت میں حضرت ابو قتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہی سے اس طرح مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ (کسی وقت نیند کی وجہ سے اگر کسی نماز کا وقت گزر جائے اور نماز قضا ہو جائے تو) کوئی قصور نہیں، قصور تو اس شخص کا ہے جو بیدار رہ کر (سفر کی وجہ سے) کسی نماز کو پڑھنے کے وقت پر نہ پڑھ کر اتنی دیر کرے کہ دوسری نماز کا وقت آجائے[۲]۔ اس حدیث کی روایت امام طحاوی نے بھی اسی طرح کی ہے۔

۱۷۵۱ / ۱۸ وَعَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُوْهَبٍ قَالَ سُئِلَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ مَا التَّفْرِيْطُ

حضرت عثمان بن عبد اللہ بن موہب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ حضرت

---

[۱] بر وقت نماز نہ پڑھنے کا گناہ تو نہیں ہوگا مگر اس نماز کی قضاء ادا کرنا ضروری ہوگی (البتہ بیداری میں (سفر کی وجہ سے) نماز نہ پڑھ سکے)

[۲] اس حدیث سے بھی معلوم ہوا کہ مسافر کا ایک نماز کو بر وقت نہ پڑھ کر اتنی دیر کرنا کہ دوسری نماز کا وقت آجائے اور دوسری نماز کے ساتھ اس نماز کو ادا کرنا تفریط ہے۔ اسی لیے دونوں نمازوں کو اس طرح جمع کرنا جائز نہیں)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

فِي الصَّلٰوةِ قَالَ اَنْ تُؤَخِّرَ حَتّٰى يَجِيْئَ وَقْتُ الْاُخْرٰى ۔

رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ وَاِسْنَادُهٗ صَحِيْحٌ

ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے دریافت کیا گیا کہ (ہر چیز میں تفریط ہوتی ہے) نماز میں تفریط کرنے سے کیا مراد ہے تو ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جواب دیا کہ نماز میں تفریط کرنا یہ ہے کہ ایک نماز کو (اس کے وقت پر نہ پڑھ کر) اتنی دیر کرنا کہ دوسری نماز کا وقت آجائے[1]، اس حدیث کی روایت امام طحاوی نے کی ہے اور اس حدیث کی سند صحیح ہے۔

۱۷۵۳
۱۹ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي السَّفَرِ يُؤَخِّرُ الظُّهْرَ وَيُقَدِّمُ الْعَصْرَ وَيُؤَخِّرُ الْمَغْرِبَ وَيُقَدِّمُ الْعِشَاءَ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالْحَاكِمُ وَاِسْنَادُهٗ حَسَنٌ وَفِي رِوَايَةِ اَحْمَدَ وَابْنِ اَبِي شَيْبَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُؤَخِّرُ الظُّهْرَ وَيُعَجِّلُ الْعَصْرَ وَيُؤَخِّرُ الْمَغْرِبَ وَيُعَجِّلُ الْعِشَاءَ فِي السَّفَرِ وَفِيْهِ مُغِيْرَةُ بْنُ زِيَادٍ وَثَّقَهُ ابْنُ مَعِيْنٍ وَاَبُوْ زُرْعَةَ ؛

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے، آپ فرماتی ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سفر میں ہوتے تو ظہر کو ایسے وقت) پڑھتے کہ وہ ظہر کا اخیر وقت ہوتا تھا۔ اور عصر کا وقت شروع ہوتے ہی عصر ادا فرماتے تھے، اور مغرب ایسے وقت پڑھتے جب کہ مغرب کا آخر وقت ہوتا، اور عشاء کا وقت شروع ہوتے ہی نماز عشاء ادا فرماتے تھے۔ اس کی روایت امام طحاوی نے اور امام احمد اور حاکم نے کی ہے، اور اس حدیث کی سند حسن ہے، اور امام احمد کی دوسری روایت ابن ابی شیبہ کی روایت جیسی اس طرح ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سفر میں ہوتے تو ظہر کو ایسے وقت پڑھتے کہ وہ ظہر کا آخر وقت ہوتا تھا اور عصر کا وقت شروع ہوتے ہی عصر کے فرض کو جلد ادا فرماتے اور مغرب ایسے وقت پڑھتے جب کہ مغرب کا آخر وقت ہوتا، اور عشاء کا وقت شروع ہوتے ہی نماز عشا، جلد ادا فرماتے تھے[2]

[1] اس حدیث سے بھی معلوم ہوا کہ مسافر کا ایک نماز کو بروقت نہ پڑھ کر اتنی دیر کرنا کہ دوسری نماز کا وقت آجائے اور دوسری نماز کے ساتھ اس نماز کو ادا کرنا تفریط ہے، اس لیے دونوں نمازوں کو اس طرح جمع کرنا جائز نہیں۔ [2] اس حدیث سے صاف ظاہر ہے کہ آپ کسی نماز کو بے وقت کرکے دوسری نماز کے ساتھ جمع نہیں فرماتے تھے بلکہ ہر نماز کو اس کے وقت پر ادا فرما کر صورۃً دو نمازوں کو جمع کئے ہیں، واقعی طور پر ایک نماز کا وقت گزرنے کے بعد یا اس کا وقت ہونے کے پہلے دو نمازوں کو جمع نہیں کئے ہیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

١٢٥٣ وَعَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ سَالِمٌ
٢٠ وَاَخَّرَ ابْنُ عُمَرَ الْمَغْرِبَ وَكَانَ
اسْتُصْرِخَ عَلٰى امْرَأَتِهِ صَفِيَّةَ
بِنْتِ اَبِيْ عُبَيْدٍ فَقُلْتُ لَهُ الصَّلٰوةُ
فَقَالَ سِرْ فَقُلْتُ لَهُ الصَّلٰوةُ
فَقَالَ سِرْ حَتّٰى سَارَ مِيْلَيْنِ اَوْ
ثَلٰثَةً ثُمَّ نَزَلَ فَصَلّٰى ثُمَّ قَالَ
هٰكَذَا رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ اِذَا اَعْجَلَهُ
السَّيْرُ وَقَالَ عَبْدُ اللهِ رَاَيْتُ
النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
اِذَا اَعْجَلَهُ السَّيْرُ يُقِيْمُ
الْمَغْرِبَ فَيُصَلِّيْهَا ثَلٰثًا ثُمَّ
يُسَلِّمُ ثُمَّ قَلَّمَا يَلْبَثُ حَتّٰى
يُقِيْمَ الْعِشَاءَ فَيُصَلِّيْهَا رَكْعَتَيْنِ
ثُمَّ يُسَلِّمُ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ قَالَ
الْعَلَّامَةُ الْعَيْنِيُّ لَيْسَ الْمُرَادُ
مِنْهُ اَنْ يُصَلِّيَهُمَا فِيْ وَقْتِ
الْعِشَاءِ وَلٰكِنَّ الْمُرَادَ مِنْهُ
اَنْ يُؤَخِّرَ الْمَغْرِبَ اِلٰى اٰخِرِ
وَقْتِهَا ثُمَّ يُصَلِّيْهَا ثُمَّ يُصَلِّي
الْعِشَاءَ وَهُوَ جَمْعٌ بَيْنَهُمَا
صُوْرَةً لَا وَقْتًا۔

حضرت ابن شہاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ سالم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا (ایک دفعہ کا واقعہ ہے کہ ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سفر میں تھے اور ان کو خبر پہنچی کہ ان کی بیوی صفیہ بنت ابی عبید کا انتقال ہو گیا ہے[1] سالم کہتے ہیں کہ میں نے آپ سے عرض کیا کہ نماز کا وقت آگیا ہے (نماز پڑھ لیجئے) تو آپ نے فرمایا: آگے چلو (کچھ دیر چلنے کے بعد) میں نے پھر عرض کیا کہ نماز کا وقت جا رہا ہے۔ تو آپ نے فرمایا چلے چلو، جب دو تین میل طے کر چکے (اور مغرب کا آخر وقت ہو رہا تھا) تو سواری سے اتر کر مغرب کی نماز پڑھی اس کے بعد فرمایا میں نے دیکھا ہے کہ جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو سفر میں جلدی ہوتی تھی تو اسی طرح کرتے تھے[2] کے الفاظ ہیں اس سے معلوم ہوا کہ مغرب کا وقت ختم ہو کر عشاء کا وقت شروع ہونے کا انتظار فرماتے تھے، جس سے ثابت ہوا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم مغرب کو اس کے وقت پر، اور نماز عشاء کو بھی اس کے وقت میں ادا فرماتے تھے، دو نمازوں کو حضور نے طرح جمع کیا ہے نہ کہ ایک نماز کا وقت گزر جانے کے بعد دوسری نماز کے وقت میں، دونوں نمازوں کو جمع فرماتے۔ اس حدیث کی روایت بخاری نے کی ہے۔

[1] یہ خبر سن کر حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما وہاں جلد پہنچنا چاہتے تھے، ایسے میں نماز مغرب کا وقت آگیا۔
[2] یعنی مغرب کی اقامت کا حکم دے کر مغرب کے تین رکعت فرض پڑھا کر سلام پھیر دیتے، پھر تھوڑی دیر توقف فرماتے اتنے میں عشاء کا وقت شروع ہو جاتا تھا تو عشاء کی اقامت کا حکم دیتے اور عشاء کو قصر کر کے دو رکعت پڑھاتے اور سلام پھیر دیتے (اس حدیث میں "قلما یلبث"، پھر تھوڑی دیر توقف فرماتے)۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

۱۷۵۴ وَعَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اَنَّهٗ ۲۱ كَتَبَ فِي الْاٰفَاقِ يَنْهَاهُمْ اَنْ يَّجْمَعُوْا بَيْنَ الصَّلٰوتَيْنِ وَيُخْبِرُهُمْ اَنَّ الْجَمْعَ بَيْنَ الصَّلٰوتَيْنِ فِيْ وَقْتٍ وَّاحِدٍ كَبِيْرَةٌ مِّنَ الْكَبَائِرِ.

(رَوَاهُ مُحَمَّدٌ فِي الْمُوَطَّا وَصَحَّحَهٗ)

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی گئی ہے کہ آپ نے اپنے دور خلافت میں تمام ممالک محروسہ میں یہ ہدایت جاری فرما دی تھی جس کا مضمون یہ تھا کہ مسلمان کو روکا جائے کہ (سوائے عرفات اور مزدلفہ) کے دو نمازیں یک وقت (ایک نماز کو بے وقت کر کے دوسری نماز کے ساتھ جمع کر کے نہ پڑھا کریں اور ان کو معلوم کروا دیں کہ اس طرح دو نمازوں کو ایک وقت میں جمع کر کے پڑھنا کبیرہ گناہ ہے اس کی روایت امام محمد نے مؤطا میں کی ہے اور اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے۔

۱۷۵۵ وَعَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ كَانَ ۲۲ ابْنُ عُمَرَ يُصَلِّيْ عَلٰى رَاحِلَتِهٖ تَطَوُّعًا فَاِذَا اَرَادَ اَنْ يُّوْتِرَ نَزَلَ فَاَوْتَرَ عَلَى الْاَرْضِ۔

(رَوَاهُ الدَّارَقُطْنِيُّ وَاَحْمَدُ)

حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی یہ عادت تھی کہ آپ نفل نماز سواری پر ادا فرماتے تھے، جب وتر ادا کرنا چاہتے تو سواری سے اتر کر زمین پر پڑھا کرتے تھے[1] اس کی روایت دار قطنی اور امام احمد نے کی ہے۔

۱۷۵۶ وَعَنْ نَّافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهٗ ۲۳ كَانَ يُصَلِّيْ عَلٰى رَاحِلَتِهٖ وَيُوْتِرُ بِالْاَرْضِ وَيَزْعُمُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَذٰلِكَ كَانَ يَفْعَلُ۔

(رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ بِاِسْنَادٍ صَحِيْحٍ)

حضرت نافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی عادت تھی کہ وہ اپنی سواری پر نفل نماز پڑھا کرتے تھے (اس لیے کہ نماز سواری پر جائز ہے) پھر جب وتر پڑھنے کا ارادہ فرماتے تو سواری سے اتر کر زمین پر وتر ادا فرماتے تھے (اس لیے کہ فرض اور وتر بغیر ضرورت کے سواری پر جائز نہیں) حضرت ابن عمر کے اس طرح فرمانے سے حدیث مرفوع ہو گئی

[1] اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سفر میں نفل نماز پڑھنا ثابت ہے، اور یہ بھی معلوم ہوا کہ وتر واجب ہے مثل فرض کے وتر کو بھی زمین پر ادا کرنا ضروری ہے، اگر وتر سنت ہوتی تو وتر کو بھی نوافل کی طرح سواری پر ادا کیا جاتا)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIE ISLAMIA ACADEMY

اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے فعل سے بھی وتر کا وجوب اور سفر میں نماز پڑھنے کا ثبوت مل گیا اس کی روایت امام طحاوی نے بہ صحیح سند کے ساتھ کی ہے

۱۷۵۷ وَعَنْ مُجَاهِدٍ اَنَّهٗ صَحِبَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مِنْ مَكَّةَ اِلَى الْمَدِيْنَةِ يُصَلِّيْ عَلٰى رَاحِلَتِهٖ يُوْمِيْ اِيْمَاءً اِلَّا الْمَكْتُوْبَةَ وَالْوِتْرَ فَاِنَّهٗ كَانَ يَنْزِلُ لَهُمَا فَسَاَلْتُهٗ عَنْ صَلٰوتِهٖ عَلٰى رَاحِلَتِهٖ وَجْهُهٗ قِبَلَ الْمَدِيْنَةِ فَقَالَ لِيْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ عَلٰى رَاحِلَتِهٖ تَطَوُّعًا حَيْثُ كَانَ وَجْهُهٗ يُوْمِيْ اِيْمَاءً رَوَاهُ اِمَامُنَا اَبُوْحَنِيْفَةَ وَرَوٰى مُحَمَّدٌ فِي الْمُوَطَّا نَحْوَهٗ۔

حضرت مجاہد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں (ایک دفعہ) حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما مکہ معظمہ سے مدینہ منورہ کا سفر کر رہے تھے، اور میں بھی حضرت ابن عمر کے ساتھ تھا تو کیا دیکھتا ہوں کہ آپ نوافل سواری پر پڑھ رہے ہیں اور رکوع اور سجدہ اشارہ سے (اس طرح)[1] ادا کر رہے ہیں مگر جب آپ فرض اور وتر پڑھتے تو ان نمازوں کو سواری سے اتر کر زمین پر ادا کرتے تھے میں نے حضرت ابن عمر سے دریافت کیا، میں دیکھتا ہوں کہ آپ سواری پر نماز پڑھتے ہیں تو آپ کا رخ قبلہ کی طرف نہیں ہوتا ہے، بلکہ مدینہ منورہ کی طرف ہوتا ہے (حالانکہ قبلہ رو ہونا تو نماز میں ضروری ہے۔ حضرت ابن عمر نے جواب دیا جیسے تم مجھ کو دیکھ رہے ہو کہ قبلہ رُخ چھوڑ کر جس طرف سواری چل رہی ہے۔) اس طرف رخ کر کے نوافل پڑھتا ہوں، ایسا ہی میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا ہے کہ آپ نفل نماز سواری پر اشارہ سے پڑھا کرتے تھے، خواہ سواری کا رُخ کسی بھی سمت ہوتا۔ اس کی روایت ہمارے امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے کی ہے اور امام محمد نے بھی موطا میں اسی طرح روایت کی ہے۔

ف در مختار میں لکھا ہے کہ نفل نماز اشارہ کے ساتھ سواری پر مسافر اور مقیم دونوں پڑھ سکتے ہیں بشرطیکہ شہر سے باہر ہوں، اور سواری پر نفل نماز پڑھنے کے لیے نہ تو شروع نماز میں قبلہ رو ہونا ضروری

---

[1] (کہ رکوع کے لیے سر تھوڑا جھکاتے تھے اور سجدہ کے لیے رکوع سے زیادہ سر جھکاتے تھے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZUL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

ہے اور نہ درمیان نماز میں۔ ۱۲

۱۷۵۸/۲۵ وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ اَخْبَرَهٗ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي التَّطَوُّعَ وَهُوَ رَاكِبٌ فِيْ غَيْرِ الْقِبْلَةِ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت محمد بن عبد الرحمٰن رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے انھیں خبر دی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سواری پر نفل نماز پڑھا کرتے تھے اور سواری کا رُخ قبلہ کی طرف نہ ہوتا تھا (نہ شروع نماز میں اور نہ درمیان نماز میں) اس کی روایت بخاری نے کی ہے۔

۱۷۵۹/۲۶ وَعَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ حِيْنَ قَدِمَ مِنَ الشَّامِ فَلَقِيْنَاهُ بِعَيْنِ التَّمْرِ فَرَاَيْتُهٗ يُصَلِّيْ عَلٰى حِمَارٍ وَوَجْهُهٗ مِنْ ذَا الْجَانِبِ يَعْنِيْ عَنْ يَّسَارِ الْقِبْلَةِ فَقُلْتُ رَاَيْتُكَ تُصَلِّيْ لِغَيْرِ الْقِبْلَةِ فَقَالَ لَوْ لَا اَنِّيْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْعَلُهٗ لَمْ اَفْعَلْهُ

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت کی گئی ہے کہ جب وہ شام سے لوٹ کر (بصرہ کو) آرہے تھے تو ہم ان کے استقبال کے لیے نکلے جب ہم مقام عین التمر پہونچے تو کیا دیکھتے ہیں کہ آپ گدھے پر سوار ہیں اور نفل نماز پڑھ رہے ہیں اور آپ کا رُخ (قبلہ کی طرف نہیں ہے بلکہ) قبلہ سے بائیں سمت کو ہے، میں نے عرض کیا کہ آپ قبلہ کو چھوڑ کر اور طرف رُخ کئے نماز پڑھ رہے تھے، تو حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نے فرمایا کہ اگر میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو (سواری پر) قبلہ کے سوا کسی اور طرف رُخ کر کے نفل نماز پڑھتے نہ دیکھتا تو میں بھی ایسا ہی قبلہ کے سوا کسی اور طرف رُخ کئے ہوئے نماز نہیں پڑھتا۔

(بخاری اور مسلم)

۱۷۶۰/۲۷ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ بَعَثَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَاجَتِهٖ فَجِئْتُ وَهُوَ يُصَلِّيْ عَلٰى رَاحِلَتِهٖ نَحْوَ الْمَشْرِقِ وَيَجْعَلُ السُّجُوْدَ اَخْفَضَ مِنَ الرُّكُوْعِ۔

(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے اپنی کسی ضرورت سے بھیجا تھا، جب میں واپس ہوا تو میں نے آپ کو دیکھا کہ اپنی آپ سواری پر مشرق کی جانب رُخ کئے ہوئے نماز پڑھ رہے ہیں (حالانکہ وہ سمت قبلہ کی نہیں تھی) اور آپ کے سجدہ کا اشارہ رکوع کے اشارہ سے کسی

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-QOMIL ISLAMIA ACADEMY

قدر نیچا ہوتا تھا۔ (ابو داؤد)

۱۲۶۱/۲۸ وَعَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهَا قَالَتْ فُرِضَتِ الصَّلٰوةُ رَكْعَتَيْنِ رَكْعَتَيْنِ فِي الْحَضَرِ وَالسَّفَرِ فَأُقِرَّتْ صَلٰوةُ السَّفَرِ وَزِيْدَ فِي صَلٰوةِ الْحَضَرِ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ (ابتداءً) سفر اور حضر میں نماز دو رکعت فرض ہوئی تھی، پس سفر کی نماز تو اسی حال پر (دو رکعت ہی) رہی، اس لیے کوئی سفر میں چار رکعت پڑھے تو گنہگار ہوگا، اور حضر کی نماز کو اور دو رکعت بڑھا کر چار رکعت کر دیا گیا[1] اس حدیث کی روایت مسلم نے کی ہے۔

ف: اس حدیث شریف میں ارشاد ہے کہ ابتداءً سفر اور حضر میں دو، دو رکعت فرض ہوئے تھے، سفر کی نماز اسی حال پر دو رکعت ہی رہی اور حضر کی نماز کو اور دو رکعت بڑھا کر چار رکعت کر دیا گیا۔

واضح ہو کہ مقیم پر حضر میں صرف اقامت کی وجہ سے چار رکعت فرض کئے گئے ہیں اور اسی طرح مسافر پر صرف سفر کی وجہ سے دو رکعت فرض کئے گئے ہیں، اس سے معلوم ہوا کہ مقیم پر حضر میں چار رکعت فرض ہونے کی علت صرف اقامت کی حالت ہے کوئی اور حالت نہیں، نہ طاقت کی حالت اور نہ گناہ کی حالت یعنی مقیم پر حضر میں اس کے مقیم ہونے کی حیثیت سے چار رکعت فرض ہیں، اس کے مطیع ہونے کی حیثیت سے یا گناہ میں مبتلا ہونے کی حیثیت سے اس پر حضر میں چار رکعت فرض نہیں اسی طرح مسافر پر سفر میں دو رکعت فرض ہونے کی علت صرف سفر کی حالت ہے کوئی اور حالت نہیں ہے، نہ طاقت کی حالت اور نہ گناہ کی حالت یعنی مسافر پر سفر میں اس کے مسافر ہونے کی حیثیت سے دو رکعت فرض ہیں، اس کے مطیع ہونے کی حیثیت سے یا گناہ میں مبتلا ہونے کی حیثیت سے اس پر سفر میں دو رکعت فرض نہیں ہیں، اقامت کی حالت میں مقیم پر چار رکعت فرض ہونے پر سب ائمہ کا اتفاق ہے، البتہ مسافر پر سفر میں جو دو رکعت فرض ہیں اس بارے میں بعض ائمہ کا اختلاف ہے، وہ فرماتے ہیں کہ اگر مسافر کسی طاعت مثلاً حج کے لیے سفر کر رہا ہو تو اس کے لیے قصر کی اجازت ہونی چاہیئے اور اگر مسافر کسی گناہ جیسے ڈاکہ زنی وغیرہ کے لیے سفر کر رہا ہو تو اس کو پوری نماز پڑھنا چاہیئے اور اس کے لیے قصر کا حکم مناسب نہیں، ہمارے امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ مقیم پر صرف اقامت کی وجہ سے جب چار رکعت فرض ہوئے ہیں اور اس چار رکعت کے فرض ہونے میں اقامت کی حالت کے سوا کسی اور حالت طاعت یا گناہ کی حالت کا لحاظ نہیں ہے

---

[1] سوائے مغرب کے کہ وہ شروع ہی سے تین رکعت ہیں، اس لیے کہ وہ دن کی وتر ہے، اور اسی لیے مغرب میں قصر نہیں ہے اور ایسا ہی صبح کے فرض ابتداء سے دو رکعت ہی ہیں۔

www.waseemziyai.com MARKAZUL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

تو پھر مسافر کے لیے کس بنا پر قصر کرنے کے لیے سفر کی حالت کے سوا طاعت یا گناہ کی حالت کا ہونا ضروری سمجھا جا رہا ہے مسافر پر بھی صرف سفر کی حالت کی وجہ سے ہی دو رکعت کا حکم دیا جانا ضروری ہے اگر قصر کے لیے مسافر پر حالت سفر کے سوا کسی اور حالت یعنی طاعت یا گناہ کی حالت کا لحاظ ضروری سمجھا جائے تو احادیث کے مطلق حکم کے خلاف ہوگا، چنانچہ صدر کی حدیث شریف کے مطلق حکم سے بھی ثابت ہوتا ہے کہ مقیم کے لیے چار رکعت کا حکم اس کی اقامت کی وجہ سے ہے اور مسافر کے لیے دو رکعت کا حکم اس کے سفر کی حالت کی وجہ سے ہے۔ اسی لیے امام اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا ہے کہ سفر خواہ طاعت کے لیے ہو یا گناہ کے لیے ہر دو حالتوں میں قصر کرنا ضروری ہے، اس کے بعد آنے والی حدیثوں سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے (یہ مضمون فتح القدیر اور طحاوی سے ماخوذ ہے۔) ۱۲

۱۲۶۲ وَعَنْهَا قَالَتْ فَرَضَ اللّٰهُ الصَّلٰوةَ حِيْنَ فَرَضَهَا رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ اَتَمَّهَا فِي الْحَضَرِ فَاُقِرَّتْ صَلٰوةُ السَّفَرِ عَلَى الْفَرِيْضَةِ الْاُوْلٰى۔ ۲۹

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ جب اللہ تعالیٰ نے نماز فرض کی تو (مغرب کے سوا باقی نمازوں کو سفر اور حضر میں) دو رکعتیں فرض کی تھیں بعد میں حضر کی نماز (سوائے فجر کے) اور دو رکعت بڑھا کر چار رکعت کر دی گئیں، مگر سفر کی نماز جیسے دو رکعت فرض کی گئی تھی ویسے ہی دو رکعت باقی رہی۔ (مسلم)

۱۲۶۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ فَرَضَ اللّٰهُ الصَّلٰوةَ عَلٰى لِسَانِ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْحَضَرِ اَرْبَعًا وَفِي السَّفَرِ رَكْعَتَيْنِ وَفِي الْخَوْفِ رَكْعَةً۔ ۳۰

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ذریعہ سے حضر میں چار رکعت (اس طرح) فرض کئے (کہ پہلے دو رکعت فرض کئے پھر اور دو رکعت بڑھا کر چار رکعت کر دیئے) اور سفر میں دو رکعتیں فرض کئے (اور سفر کے یہ دو رکعت ہمیشہ کے لیے دو رکعت ہی رہے) اور خوف کی حالت میں (نماز اس طرح فرض کی گئی کہ) امام کے ساتھ ایک رکعت اور تنہا ایک رکعت! اس کی روایت مسلم نے کی ہے۔

۱۲۶۴ وَعَنْهُ قَالَ اِفْتَرَضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكْعَتَيْنِ فِي السَّفَرِ ۳۱

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

كَمَا افْتُرِضَ فِي الْحَضَرِ اَرْبَعًا

(رَوَاهُ الطَّبْرَانِي)

وسلم نے سفر میں دو رکعتیں فرض کیں (اور سفر کے یہ دو رکعت ہمیشہ کے لیے دو رکعت ہی رہے) جیسا کہ حضر میں (پہلے دو رکعت فرض کئے اور پھر دو بڑھا کر) چار رکعت فرض کر دیئے، اس کی روایت طبرانی نے کی ہے۔

١٧٦٥ ۳۲ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ صَلَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِنًى صَلٰوةَ الْمُسَافِرِ وَاَبُوْ بَكْرٍ وَّعُمَرُ وَعُثْمَانُ ثَمَانَ سِنِيْنَ اَوْ قَالَتْ سِتَّ سِنِيْنَ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

وَفِيْ رِوَايَةٍ لَهُ صَلّٰى فِي السَّفَرِ وَلَمْ يَقُلْ بِمِنًى۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم منیٰ میں سفر کی نماز کی طرح (چار رکعت والی فرض نمازوں میں قصر کرکے دو رکعت پڑھتے رہے ہیں اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی منیٰ میں مسافر کی نماز کی طرح قصر کرکے دو رکعت ہی پڑھتے رہے، اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی منیٰ میں مسافر کی طرح قصر کرکے دو رکعت ہی پڑھتے رہے اور حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی منیٰ میں (۶) سال یا ۸ سال تک مسافر کی طرح قصر کرکے دو رکعت ہی پڑھتے رہے (اور جب حضرت عثمان نے مکہ معظمہ میں نکاح کر لیا تو آپ منیٰ میں قصر نہیں کرتے تھے، بلکہ چار رکعت پڑھا کرتے تھے) اس حدیث کی روایت مسلم نے کی ہے۔

١٧٦٦ ۳۳ وَعَنْهُ قَالَ صَحِبْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي السَّفَرِ فَلَمْ يَزِدْ عَلٰى رَكْعَتَيْنِ حَتّٰى قَبَضَهُ اللهُ وَصَحِبْتُ اَبَا بَكْرٍ فَلَمْ يَزِدْ عَلٰى رَكْعَتَيْنِ حَتّٰى قَبَضَهُ اللهُ وَصَحِبْتُ عُثْمَانَ فَلَمْ يَزِدْ عَلٰى رَكْعَتَيْنِ حَتّٰى قَبَضَهُ اللهُ تَعَالٰى وَقَدْ قَالَ تَعَالٰى لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے، آپ فرماتے ہیں کہ میں سفر میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ رہا۔ آپ (چار رکعت والی فرض نمازوں کو قصر کرکے (دو رکعت ادا فرماتے اور اس پر زیادتی نہیں فرماتے تھے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو وفات دیدی، اور میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ بھی رہا ہوں تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی اپنی وفات تک سفر میں (چار رکعت والی فرض نماز کو) دو رکعتوں سے زیادہ نہیں پڑھتے اور میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

(رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ وَرَوٰی مُسْلِمٌ وَاَبُوْدَاؤُدَ نَحْوَہٗ)

تعالیٰ عنہ کے ساتھ بھی رہا ہوں تو حضرت عمر بھی سفر میں (چار رکعت والی فرض نماز کو) دو رکعت سے زیادہ نہیں پڑھتے پھر میں حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ رہا ہوں، آپ بھی اپنے انتقال کے وقت تک (چار رکعت والی فرض نماز کو سفر میں) دو رکعت سے زیادہ نہیں پڑھتے رہے اس کے بعد حضرت ابن عمر نے فرمایا اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے (سورۂ احزاب ۳۳/۲۸)

بے شک تمہیں رسول اللہ کی پیروی بہتر ہے

اس حدیث کی روایت بخاری اور ابن ماجہ نے کی ہے، اور مسلم اور ابو داؤد نے بھی اسی طرح روایت کی ہے۔

معلوم ہوا کہ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی زندگی سارے انسانوں کے لیے نمونہ ہے جس میں زندگی کا کوئی شعبہ باقی نہیں رہتا، اور یہ مطلب بھی ہو سکتا ہے کہ رب تعالیٰ نے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زندگی کو اپنی قدرت کا نمونہ بنایا ہے۔ معلوم ہوا کہ کامیاب زندگی وہی ہے جو ان کے نقش قدم پر ہو، اگر ہمارا جینا مرنا، سونا جاگنا ان کے نقش قدم پر ہو جائے تو یہ سارے کام عبادت ہیں، نمونہ میں پانچ چیزیں ہوتی ہیں (۱) اسے ہر طرح سے مکمل بنایا جائے، (۲) اسے بیرونی گرد و غبار سے پاک صاف رکھا جائے۔ (۳) اسے چھپایا نہیں جاتا، (۴) اس کی تعریف کرنے والے سے مانع خوش ہوتا ہے (۵) اس میں عیب نکالنے پر ناراض ہوتا ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں یہ سب باتیں موجود تھیں۔

(نور العرفان حاشیہ کنز الایمان)

ف. واضح ہو کہ صدر کی دونوں حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم اور خلفائے راشدین رضی اللہ تعالیٰ عنہم چار رکعت والی فرض نمازوں کو ہمیشہ قصر ہی کرتے تھے اور پورے چار رکعت نہیں پڑھتے تھے، اس کی وجہ یہی تھی کہ سفر میں یہ حضرات پورے چار رکعت پڑھنے کو جائز نہیں سمجھتے تھے، اگر پوری چار رکعت کا پڑھنا عزیمت ہوتا، اور قصر کرنا رخصت ہوتا تو یہ حضرات قصر پر مداومت نہیں فرماتے، اس سے ثابت ہوتا ہے کہ سفر میں قصر کرنا واجب ہے اور اگر کوئی قصر نہ کرے تو گنہگار ہوگا۔

۱۲۶۷/۳۴ وَعَنْ سَعِیْدِ بْنِ شَفِیٍّ قَالَ جَعَلَ النَّاسُ یَسْاَلُوْنَ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنِ

حضرت سعید بن شفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے، آپ فرماتے ہیں کہ لوگ ابن عباس رضی اللہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

الصَّلٰوۃِ فَقَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا خَرَجَ مِنْ اَھْلِہٖ لَمْ یُصَلِّ اِلَّا رَکْعَتَیْنِ حَتّٰی یَرْجِعَ اِلَیْھِمْ ۔

(رَوَاہُ الطَّحَاوِیُّ)

تعالیٰ عنہما سے دریافت کیا کرتے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سفر میں نماز کس طرح پڑھا کرتے تھے؟ تو حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ جواب دیتے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جب اپنے اہل وعیال سے رخصت ہوکر بستی سے باہر ہوتے تو چار رکعت والی فرض نماز کو دو رکعت پڑھتے تھے۔ یہاں تک کہ سفر سے واپس ہوکر پھر اہل وعیال کے پاس تشریف لاتے، اس کی روایت امام طحاوی نے کی ہے۔

۱۷۶۸/۳۵ وَعَنْ عَوْنِ بْنِ اَبِیْ جُحَیْفَۃَ عَنْ اَبِیْہِ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خَرَجَ مُسَافِرًا فَلَمْ یَزَلْ یُصَلِّیْ رَکْعَتَیْنِ حَتّٰی رَجَعَ ۔

(رَوَاہُ الطَّحَاوِیُّ)

حضرت عون بن ابی جحیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ان کے والد نے کہا (ایک دفعہ کا واقعہ ہے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ سفر میں تھا) جس وقت آپ گھر سے نکلے، پھر واپس ہوتے تک (ہر چار رکعت والی فرض نماز کو قصر کرکے) دو رکعت ہی پڑھتے تھے (میں نے کبھی نہیں دیکھا کہ آپ نے فرض چار رکعت پڑھے ہوں) اس کی روایت امام طحاوی نے کی ہے۔

۱۷۶۹/۳۶ وَعَنْ عُمَرَ قَالَ صَلٰوۃُ السَّفَرِ رَکْعَتَانِ وَصَلٰوۃُ الْاَضْحٰی رَکْعَتَانِ وَصَلٰوۃُ الْفِطْرِ رَکْعَتَانِ وَصَلٰوۃُ الْجُمُعَۃِ رَکْعَتَانِ تَمَامٌ غَیْرُ قَصْرٍ عَلٰی لِسَانِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ۔

(رَوَاہُ النَّسَائِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ وَابْنُ حِبَّانَ فِیْ صَحِیْحِہٖ وَرَوَی الطَّحَاوِیُّ نَحْوَہٗ)

حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی زبان مبارک سے میں نے سنا ہے کہ سفر میں چار رکعت والی فرض نماز (ابتداء سے) دو رکعت ہی ہیں جیسے عید الضحٰی کی نماز بھی (ابتداء ہی سے) دو رکعتیں ہیں۔ ایسا ہی عید الفطر کی نماز بھی (ابتدا ہی سے) دو رکعت ہیں، اور اسی طرح نماز جمعہ کی بھی (ابتداء ہی سے) دو رکعت ہیں۔ یہ چاروں نمازیں اسی طرح دو دو رکعت مقرر کی گئی ہیں، اور یہ پوری نمازیں ہیں۔ اور اتنی ہی فرض کی گئی ہیں۔ ایسا نہیں ہوا کہ پہلے کچھ رکعات زیادہ تھیں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

پھر کم کر کے دو رکعت کر دیئے گئے اس حدیث کی روایت نسائی اور ابن ماجہ نے کی ہے اور ابن حبان نے اس کی روایت اپنی صحیح میں کی ہے اور امام طحاوی نے بھی اس کی روایت اسی طرح کی ہے

۱۷۷۰ / ۳۷ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آتَانَا وَنَحْنُ ضُلَّالٌ يُعَلِّمُنَا فَكَانَ فِيمَا عَلَّمَنَا إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ أَمَرَنَا أَنْ نُصَلِّيَ رَكْعَتَيْنِ فِي السَّفَرِ۔

(رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ ہم طرح طرح کی گمراہیوں میں مبتلا تھے، (اللہ تعالیٰ کا بڑا فضل ہم پر ہوا) کہ ہماری ہدایت کے لیے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے ہم نے تمام گمراہیوں سے نجات پائی منجملہ آپ کی تعلیمات کے ایک تعلیم یہ بھی تھی کہ آپ کے ذریعہ سے اللہ تعالیٰ نے ہم کو یہ حکم دیا کہ سفر میں (چار رکعت والی فرض نماز کو) دو رکعت ہی پڑھا کریں[1] (اگر کوئی رکعتیں زیادہ کرے گا تو وہ اللہ تعالیٰ کے حکم کا خلاف کرنے کی وجہ سے گنہگار ہوگا) اس حدیث کی روایت نسائی نے کی ہے۔

۱۷۷۱ / ۳۸ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمُتِمُّ الصَّلٰوةَ فِي السَّفَرِ كَالْمُقَصِّرِ فِي الْحَضَرِ۔

(رَوَاهُ الدَّارَقُطْنِيُّ فِي سُنَنِهِ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ سفر میں دو رکعت پڑھنا چاہیئے۔ اگر) چار رکعت پڑھے تو وہ ایسا ہی ہوگا جیسے حضر میں بجائے چار کے دو رکعت پڑھے اس حدیث کی روایت دارقطنی نے اپنی سنن میں کی ہے۔

۱۷۷۲ / ۳۹ وَعَنْ مُوَرِّقٍ الْعِجْلِيِّ قَالَ سُئِلَ ابْنُ عُمَرَ

حضرت مورق عجلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت

---

[1] اس سے معلوم ہوا کہ سفر میں چار رکعت والی فرض بھی دو رکعت ہی مقرر کئے گئے ہیں۔ ایسا نہیں ہوا کہ چار رکعت تھے بعد میں دو رکعت کر دیئے گئے۔ اس لیے سفر میں چار رکعت والی نماز کو دو رکعت ہی پڑھنا چاہیئے، اگر چار رکعت پڑھے گا تو گنہگار ہوگا)

[2] گنہگار ہوگا اور خدا اور رسول کے حکم کا خلاف کرنے والا۔

[3] کہ وہ گنہگار ہوگا اور خدا و رسول کے احکام کا خلاف کرنے والا بھی ہوگا)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

رَضِیَ اللّٰہُ عَنْهُمَا عَنِ الصَّلٰوۃِ فِی السَّفَرِ فَقَالَ رَکْعَتَیْنِ رَکْعَتَیْنِ مَنْ خَالَفَ السُّنَّۃَ کَفَرَ۔

(رَوَاہُ عَبْدُ الرَّزَّاقِ)

ہے وہ کہتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے دریافت کیا گیا کہ سفر میں نماز کس طرح پڑھنی چاہیئے تو حضرت ابن عمر نے ارشاد فرمایا (۴) رکعت والی نماز) کو دو رکعت ہی پڑھنا چاہیئے[1] جو شخص (باوجودیکہ اس کو معلوم ہوا ہو کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ہمیشہ سفر میں دو رکعت ہی پڑھا کرتے تھے کبھی چار رکعت نہیں پڑھے ہیں، یہ سن کر) پھر حضرت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا خلاف کرے گا تو وہ کافر ہوگا اس کی روایت عبد الرزاق نے کی ہے۔

۱۷۷۳ وَعَنْهُ قَالَ سَأَلَ صَفْوَانُ بْنُ مُحْرِزٍ ابْنَ عُمَرَ عَنِ الصَّلٰوۃِ فِی السَّفَرِ فَقَالَ أَخْشٰی أَنْ تَکْذِبَ عَلَیَّ رَکْعَتَانِ مَنْ خَالَفَ السُّنَّۃَ کَفَرَ۔

(رَوَاہُ الطَّحَاوِیُّ وَالْبَیْهَقِیُّ)

حضرت مورق عجلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ صفوان بن محرز نے ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے دریافت کیا کہ سفر میں نماز کس طرح پڑھنی چاہیئے تو حضرت ابن عمر نے ارشاد فرمایا[2] مجھے خوف ہو رہا ہے کہ تم مجھ پر جھوٹ کا الزام لگاؤ گے[3] پھر جو شخص حضرت کے قول و فعل کا قصداً خلاف کرے تو وہ کافر ہوگا۔ اس کی روایت امام طحاوی اور بیہقی نے کی ہے۔

۱۷۷۴ وَعَنْ هَمَّامِ ابْنِ الْحَارِثِ أَنَّ عُمَرَ صَلّٰی بِمَکَّۃَ رَکْعَتَیْنِ ثُمَّ قَالَ یَا أَهْلَ مَکَّۃَ أَتِمُّوْا صَلَاتَکُمْ فَإِنَّا قَوْمٌ سَفْرٌ۔

(رَوَاہُ الطَّحَاوِیُّ)

حضرت ہمام بن حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک دفعہ مکہ معظمہ آئے اور (چار رکعت والی فرض نماز کو) دو رکعت پڑھائے (جب سلام پھیر چکے تو فرمایا: اے اہل مکہ! آپ لوگ اپنی نماز پوری کر لیں، کیونکہ

---

[1] رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ہمیشہ سفر میں دو رکعت ہی پڑھا کرتے تھے۔

[2] کہ نماز جتنی زیادہ پڑھی جائے بہتر ہے) اگر میں کہوں (کہ سفر میں چار رکعت نہیں پڑھنا چاہیئے، صرف دو رکعت ہی پڑھا کریں (یہ سن کر تم کو یقین نہ آئے گا اور تم کہو گے کہ چار رکعت نماز پڑھنے سے روک رہے ہیں، اس لیے

[3] (ایسا نہیں ہے میں یہ اپنی طرف سے نہیں کہہ رہا ہوں حضرت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو سفر میں دو رکعت پڑھتے ہوئے دیکھا اور حضرت سے سنا بھی ہے کہ سفر میں دو رکعت ہی پڑھنا چاہیئے۔

MARKAZ UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

ہم مسافر ہیں (اسی لیے رد المحتار میں لکھا ہے کہ جب امام مسافر ہو اور مقتدی سب کے سب مقیم ہوں یا تھوڑے، ان میں سے مسافر ہوں تو امام کو چاہیئے کہ سلام پھیر کر کہدے کہ تم اپنی نماز پوری کر لو، ہم مسافر ہیں، اس حدیث کی روایت امام طحاوی نے کی ہے ۱۲

۱۷۷۵ وَعَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبِيعَةَ الْوَالِبِيِّ قَالَ سَأَلْتُ عَبْدَ اللهِ بْنَ عُمَرَ إِلَى كَمْ تُقْصَرُ الصَّلٰوةُ فَقَالَ أَتَعْرِفُ السُّوَيْدَاءَ قَالَ قُلْتُ لَا وَلٰكِنِّي قَدْ سَمِعْتُ بِهَا قَالَ هِيَ ثَلٰثُ لَيَالٍ قَوَاصِدَ فَإِذَا خَرَجْنَا إِلَيْهَا قَصَرْنَا الصَّلٰوةَ۔
۴۲

(رَوَاهُ مُحَمَّدٌ فِي الْاٰثَارِ وَقَالَ فِي اٰثَارِ السُّنَنِ إِسْنَادُهُ صَحِيحٌ)۔

حضرت علی بن ربیعہ والبی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے دریافت کیا کہ ہم کم از کم کتنی مسافت پر قصر کریں؟ آپ نے فرمایا کیا تم مقام سویداء کو جانتے ہو؟ میں نے کہا دیکھا تو نہیں، ہاں سنا ہے، آپ نے فرمایا کہ وہ تین متوسط راتوں کی مسافت پر ہے[1] پس جب ہم (۴۸ میل یا اس سے زیادہ کی مسافت کے ارادے سے نکلتے ہیں تو ہم (چار رکعت والی فرض) نماز کو قصر کر کے دو رکعت پڑھتے ہیں[2] اس حدیث کی روایت امام محمد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے کتاب الآثار میں کی ہے اور آثار السنن میں لکھا ہے کہ اس حدیث کی سند صحیح ہے۔

---

[1] جس کے تین منزل ہوتے ہیں ہر منزل ۸ کوس تو تین منزل کے ۲۴ کوس یعنی ۴۸ میل ہوئے،

[2] (اس حدیث میں قصر کے لیے جیسے تین منزل کا اندازہ بتلایا گیا ہے۔ ایسا ہی اور موقعوں پر بھی مسافر کے لیے تین کے عدد کا لحاظ کیا گیا ہے۔ مثلاً عورت تین منزل کا سفر کرنا چاہے تو اس کو محرم کے ساتھ رکھنا ضروری ہے۔ ایسا ہی مسافر کو تین دن میں رات تک موزوں پر مسح کرنے کا حکم ہے، اس سے معلوم ہوا کہ مسافر کے لیے اور موقعوں پر بھی تین دن کا لحاظ رکھا گیا ہے۔ اس لیے سفر میں قصر کے لیے بھی تین منزل کا اعتبار کیا گیا ہے۔)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

بَابُ الْجُمُعَةِ

یہ باب جمعہ کے فضائل کے بیان میں ہے

ف قرآن مجید اور احادیث متواترہ اور اجماع امت سے ثابت ہے کہ نماز جمعہ فرض عین اور اعظم شعائر اسلام سے ہے، اس کا منکر کافر اور بے عذر تارک فاسق ہے۔ معلوم ہونا چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ کو نماز سے زیادہ کوئی چیز پسند نہیں اور اسی واسطے کسی عبادت کی اس قدر سخت تاکید اور فضیلت شریعت مقدس میں وارد نہیں ہوئی، اور اسی وجہ سے پروردگار عالم نے اس عبادت کو اپنے ان غیر متناہی نعمتوں کے ادائے شکر کے لیے جن کا سلسلہ ابتدائے پیدائش سے آخر وقت تک، بلکہ موت کے بعد اور قبل پیدائش کے بھی منقطع نہیں ہوتا، ہر دن میں پانچ وقت مقرر فرمایا ہے اور جمعہ کے دن چونکہ تمام دنوں سے زیادہ نعمتیں فائز ہوئی ہیں، حتیٰ کہ حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام جو انسانی نسل کے لیے اصل اوّل ہیں اسی دن پیدا کیئے گئے ہیں، لہٰذا اس دن ایک خاص نماز کا حکم ہوا، اور ہم اس سے قبل جماعت کی حکمتیں اور فائدے بھی بیان کر چکے ہیں، اور یہ بھی ظاہر ہو چکا ہے کہ جس قدر جماعت زیادہ ہو، اسی قدر ان فوائد کا زیادہ ظہور ہوتا ہے، اور یہ اسی وقت ممکن ہے کہ جب مختلف محلوں کے لوگ اور اس مقام کے اکثر باشندے ایک جگہ جمع ہو کر نماز پڑھیں اور ہر روز پانچوں وقت یہ امر سخت تکلیف کا باعث ہوتا، ان سب وجوہ سے شریعت نے ہفتے میں ایک دن ایسا مقرر فرمایا ہے جس میں مختلف محلوں اور گاؤں کے مسلمان آپس میں جمع ہو کر اس عبادت کو ادا کریں، اور چونکہ جمعہ کا دن تمام دنوں میں افضل و اشرف تھا۔ لہٰذا یہ تخصیص اسی دن کے لیے کی گئی ہے اگلی اُمتوں کو بھی خدائے تعالیٰ نے اس دن عبادت کا حکم فرمایا تھا۔ مگر انھوں نے اپنی بدنصیبی سے اس میں اختلاف کیا، اور اس سرکشی کا نتیجہ یہ ہوا کہ وہ اس سعادت عظمیٰ سے محروم رہے، اور یہ فضیلت بھی اسی امت کے حصّہ میں آئی، یہود نے شنبہ کا دن مقرر کیا، اس خیال سے کہ اس دن میں اللہ تعالیٰ نے تمام مخلوقات کے پیدا کرنے سے فراغت کی تھی، نصاریٰ نے اتوار کا دن مقرر کیا، اس خیال سے کہ یہ دن ابتدائے آفرینش کا ہے۔ چنانچہ اب تک یہ دونوں فرقے ان دونوں دنوں میں بہت اہتمام کرتے ہیں اور تمام دنیا کے کام چھوڑ کر عبادت میں مصروف رہتے ہیں، نصرانی سلطنتوں میں اتوار کے دن اسی سبب سے تمام دفاتر میں تعطیل ہو جاتی ہے۔

(۱) ہر مسلمان کو چاہیئے کہ جمعہ کا اہتمام پنجشنبہ سے کرے۔ پنجشنبہ کے دن بعد عصر کے استغفار وغیرہ زیادہ کرے اور اپنے پہننے کے کپڑے صاف کر رکھے، اور خوشبو گھر میں نہ ہو، اور ممکن ہو تو اسی دن لا رکھے، تاکہ پھر جمعہ کے دن ان کاموں میں اس کو مشغول ہونا نہ پڑے۔ بزرگان سلف نے فرمایا ہے کہ سب سے زیادہ جمعہ کا فائدہ اس کو ملے گا جو اس کا منتظر رہتا ہو، اور اس کا اہتمام پنجشنبہ سے کرتا ہو، اور سب سے زیادہ بدنصیب وہ ہے جس کو یہ بھی معلوم نہ ہو کہ جمعہ کب ہے

www.waseemziyai.com

حتیٰ کہ صبح کو لوگوں سے پوچھے کہ آج کونسا دن ہے، اور بعض بزرگ شب جمعہ کو زیادہ اہتمام کی غرض سے جامع مسجد ہی میں جاکر رہتے تھے (احیاء العلوم)

۲- پھر جمعہ کے دن غسل کرنے، سر کے بالوں کو اور بدن کو خوب صاف کر کے اور مسواک کرنا بھی اس دن بہت فضیلت رکھتا ہے (احیاء العلوم)

۳- جمعہ کے دن بعد غسل کے عمدہ کپڑے جو اس کے پاس ہوں پہنے اور ممکن ہو تو خوشبو لگائے اور ناخن وغیرہ بھی کتروائے۔ (احیاء العلوم)

۴- جامع مسجد میں بہت سویرے جائے، جو شخص جتنے سویرے جائے گا اسی قدر اس کو ثواب زیادہ ملے گا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کہ جمعہ کے دن فرشتے دروازے پر اس مسجد کے جہاں جمعہ پڑھا جاتا ہے کھڑے ہوتے ہیں، اور سب سے پہلے جو آتا ہے اس کو ایسا ہی ثواب ملتا ہے جیسے اللہ تعالیٰ کی راہ میں اونٹ قربانی کرنے والے کو، اس کے بعد پھر جیسے گائے کی قربانی کرتے ہیں، پھر جیسے بکرے کی قربانی کرتے ہیں، پھر جیسے اللہ تعالیٰ کے واسطے مرغ کے ذبح کرتے ہیں، پھر جیسے اللہ تعالیٰ کی راہ میں کسی کو انڈا صدقہ دیا جائے، پھر جب خطبہ ہونے لگتا ہے تو فرشتے وہ دفتر بند کر لیتے ہیں اور خطبہ سننے میں مشغول ہو جاتے ہیں۔ (صحیح مسلم شریف وصحیح بخاری شریف)

اگلے زمانہ میں صبح کے وقت اور بعد فجر کے راستے گلیاں بھری ہوئی نظر آتی تھیں، تمام لوگ اتنے سویرے سے جامع مسجد جاتے تھے اور سخت اژدہام ہوتا تھا جیسے عید کے دنوں میں، پھر جب یہ طریقہ جاتا رہا تو لوگوں نے کہا کہ پہلی بدعت ہے جو اسلام میں پیدا ہوئی یہ لکھ کر امام غزالی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کیوں نہیں شرم آتی مسلمانوں کو یہود اور نصاریٰ سے کہ وہ لوگ اپنی عبادت کے دن یعنی یہود شنبہ کو اور نصاریٰ اتوار کو اپنے عبادت خانوں اور گرجا گھروں میں کیسے سویرے جاتے ہیں اور طالبان دنیا کتنے سویرے بازاروں میں خرید وفروخت کے لیے پہنچ جاتے ہیں، پس طالبان دین کیوں پیش قدمی نہیں کرتے؟ (احیاء العلوم) درحقیقت مسلمانوں نے اس زمانے میں اس مبارک دن کی بالکل قدر گھٹا دی، ان کو یہ بھی خبر نہیں ہوتی کہ آج کونسا دن ہے۔ اور اس کا کیا مرتبہ ہے۔ افسوس! وہ دن جو کسی زمانہ میں مسلمانوں کے نزدیک عید سے بھی زیادہ تھا اور جس دن پر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو فخر تھا، اور جو دن اگلی امتوں کو نصیب نہ ہوا تھا آج مسلمانوں کے ہاتھ سے اس کی ایسی ذلت اور ناقدری ہو رہی ہے خدائے تعالیٰ کی دی ہوئی نعمت کو اس طرح ضائع کرنا سخت ناشکری ہے جس کا وبال ہم اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ!

(۵) جمعہ کی نماز کے لیے پیدل جانے میں ہر قدم پر ایک سال روزہ رکھنے کا ثواب ملتا ہے۔ (ترمذی شریف)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

(۶) نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جمعہ کے دن فجر کی نماز میں سورۂ الٓمٓ سجدہ اور ھَلْ اَتٰی عَلَی الْاِنْسَانِ پڑھتے تھے۔ لہٰذا ان سورتوں کو جمعہ کے دن فجر کی نماز میں مستحب سمجھ کر کبھی کبھی پڑھا کرے، کبھی کبھی ترک بھی کر دے تاکہ لوگوں کو وجوب کا خیال نہ ہو۔

(۷) جمعہ کی نماز میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سورۂ جمعہ اور سورۂ مُنافقون یا سَبِّحِ اسْمَ رَبِّکَ الْاَعْلٰی اور ھَلْ اَتٰکَ حَدِیْثُ الْغَاشِیَہ پڑھتے تھے۔

(۸) جمعہ کے دن خواہ نماز سے پہلے یا پیچھے سورۂ کہف پڑھنے میں بہت ثواب ہے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جمعہ کے دن جو کوئی سورۂ کہف پڑھے اس کے لیے عرش کے نیچے سے آسمان کے برابر بلند ایک نور ظاہر ہوگا کہ قیامت کے اندھیرے میں اس کے کام آوے گا، اور اس جمعہ سے پچھلے جمعہ تک جتنے گناہ اس سے ہوئے تھے سب معاف ہو جائیں گے (شرح سفر السعادت)

(۹) جمعہ کے دن درود شریف پڑھنے میں بھی لکھا ہے کہ قیامت کے بعد جب اللہ تعالیٰ مستحقین جنت کو جنت میں اور مستحقین دوزخ کو دوزخ میں بھیجدیں گے، اور یہی دن وہاں بھی ہوں گے، اگرچہ وہاں دن رات نہ ہوں گے مگر اللہ تعالیٰ ان کو دن اور رات کی مقدار اور گھنٹوں کا شمار تعلیم فرما دے گا پس جب جمعہ کا دن آئے گا اور وہ وقت ہوگا کہ جس وقت مسلمان دنیا میں جمعہ کی نماز کے لیے نکلتے تھے ایک منادی آواز دے گا کہ اے اہل جنت مزید کے جنگل میں چلو وہ ایسا جنگل ہے جس کا طول وعرض سوائے خدائے تعالیٰ کے کوئی نہیں جانتا وہاں مشک کے ڈھیر ہوں گے آسمان کے برابر بلند، انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام نور کے ممبروں پر بٹھائے جائیں گے اور مومنین یاقوت کی کرسیوں پر، پس جب سب لوگ اپنے اپنے مقام پر بیٹھ جائیں گے حق تعالیٰ ایک ہوا بھیجے گا جس سے وہ مشک جبکہ وہاں ڈھیر ہوگا اڑے گا، وہ ہوا اس مشک کے لگانے کا طریقہ اس عورت سے بھی زیادہ جانتی ہے جس کو تمام دنیا کی خوشبوئیں دی جائیں، پھر حق تعالیٰ حاملان عرش کو حکم دے گا کہ عرش کو ان لوگوں کے درمیان میں لیجا کر رکھو، پھر ان لوگوں کو خطاب کر کے فرمائے گا کہ اے میرے بندو! جو غیب پر ایمان لائے ہو، حالانکہ مجھ کو دیکھا نہ تھا، اور میرے پیغمبر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی تصدیق کی اور میرے حکم کی اطاعت کی، اب مجھ سے مانگو، یہ دن مزید یعنی زیادہ انعام کرنے کا ہے۔ سب لوگ یک زبان ہو کر کہیں گے کہ اے پروردگار ہم تجھ سے خوش ہیں، تو بھی ہم سے راضی ہو جا۔ حق تعالیٰ فرمائے گا، اے اہل جنت! میں اگر تم سے راضی نہ ہوتا تو تم کو اپنی بہشت میں نہ رکھتا، اور مانگو، یہ دن مزید انعام دینے کا ہے، تب سب لوگ متفق اللسان ہو کر عرض کریں گے کہ اے پروردگار! ہم کو اپنا جمال دکھا دے کہ ہم تیری مقدس ذات کو اپنی آنکھوں سے دیکھ لیں، پس حق سبحانہ پردے اٹھا دے گا اور ان لوگوں پر ظاہر ہو جائے گا اور اپنے جمال جہاں آراء سے ان کو گھیرے گا۔ اگر اہل جنت کے لیے یہ حکم نہ ہو چکا ہوتا، کہ جنتی کبھی نہ جلیں گے تو بے شک وہ اس نور کی تاب نہ لا سکتے اور جل جاتے، پھر ان سے فرمائے گا کہ اب اپنے

اپنے مقامات پر واپس ہو جاؤ۔ اور ان لوگوں کا حسن و جمال اس جمال حقیقی کے اثر سے دو گنا ہو گیا ہوگا، یہ لوگ جب اپنی بیویوں کے پاس آئیں گے تو نہ بیبیاں ان کو دیکھیں گی نہ یہ بیویوں کو تھوڑی دیر کے بعد جب وہ نور جو ان کو چھپائے ہوئے تھا ہٹ جائے گا تب یہ آپس میں ایک دوسرے کو دیکھیں گے، ان کی بیبیاں کہیں گی جاتے وقت جیسی صورت تمہاری تھی وہ اب نہیں، یعنے ہزار ہا درجہ اس سے اچھی ہے یہ لوگ جواب دیں گے کہ ہاں! یہ اس سبب سے ہے کہ حق تعالےٰ نے ذات مقدس کو ہم پر ظاہر کیا تھا، اور ہم نے اس جمال کو اپنی آنکھوں سے دیکھا (شرح سفر السعادت) دیکھئے جمعہ کے دن کتنی بڑی نعمت ملی۔

(۱۱) ہر روز دوپہر کے وقت دوزخ تیز کی جاتی ہے مگر جمعہ کی برکت سے جمعہ کے دن تیز نہیں کی جاتی۔ (احیاء العلوم)

(۱۲) نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ایک جمعہ کو ارشاد فرمایا کہ اے مسلمانو! جمعہ کے دن کو اللہ تعالیٰ نے عید مقرر فرمایا ہے۔ پس جمعہ کے دن غسل کرو، اور جس کو میسر ہو خوشبو لگائے اور مسواک کو اس دن لازم کر لو۔ (ابن ماجہ)

وَقَوْلُ اللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ وَالْیَوْمِ الْمَوْعُوْدِ وَشَاھِدٍ وَّمَشْھُوْدٍ۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے قسم ہے اس دن کی جس کا وعدہ ہے، اور اس دن کی جو گواہ ہے اور اس دن کی جس میں حاضر ہوتے ہیں۔" (البروج، ۸۵/۳،۲)

ترمذی کی حدیث میں مرفوعًا مروی ہے کہ یوم موعود قیامت کا دن ہے، اور شاہد جمعہ کا دن ہے، اور مشہود عرفہ کا دن ہے، جمعہ کو شاہد اور عرفہ کو مشہود وشاہد اس لیے فرمایا کہ جمعہ کے دن سب اپنی اپنی جگہ رہتے ہیں، تو گویا یہ دن خود آیا ہے، اور عرفہ کے دن حجاج اپنے اپنے مقامات سے سفر کرکے عرفات میں اس یوم کے قصد سے جمع ہوتے ہیں تو گویا یہ دن مقصود اور دوسرے لوگ حاضری کا قصد کرنے والے ہیں۔

وعدہ کا دن یا قیامت کا دن، یا ہر ایک کی موت کا دن ہے، قیامت میں نظام عالم درہم برہم ہوگا یا عالم ایمان کا نظام قیامت سے وابستہ ہے کہ لوگ اس دن کے خوف سے ایمان و اعمال صالحہ اختیار کرتے ہیں۔ اس لیے اس کی قسم ارشاد ہوئی، قیامت کا وعدہ رب تعالیٰ نے اپنے بندوں سے اور نبیوں نے اپنی امتوں سے کیا ہے اس لیے یوم موعود فرمایا گیا، نیز اللہ تعالیٰ نے قیامت میں مسلمانوں سے جنت کا اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی اُمت سے شفاعت کبریٰ کا، مقام محمود وغیرہ کا صالحین ابرار سے اپنے مقام قرب کا، کفار و فجار سے عذاب کا وعدہ فرمایا ہے۔ اس لیے "یوم موعود" فرمایا ہے۔

۱۲۷۶ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَحْنُ الْاٰخِرُوْنَ السَّابِقُوْنَ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ بَیْدَ اِنَّھُمْ اُوْتُوا الْکِتَابَ مِنْ قَبْلِنَا وَاُوْتِیْنَاہُ مِنْ بَعْدِھِمْ ثُمَّ ھٰذَا یَوْمُھُمُ الَّذِیْ فَرَضَ عَلَیْھِمْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہم (دنیا میں) سب سے پیچھے آئے اور قیامت کے دن سب سے پہلے (اس طرح ہوں گے) کہ قبروں سے سب سے پہلے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

یَعْنِی الْجُمُعَۃَ فَاخْتَلَفُوْا فِیْہِ فَھَدَانَا اللّٰہُ لَہٗ وَالنَّاسُ لَنَا فِیْہِ تَبَعٌ اَلْیَھُوْدُ غَدًا وَّالنَّصَارٰی بَعْدَ غَدٍ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ وَفِیْ رِوَایَۃٍ مُسْلِمٍ قَالَ نَحْنُ الْاٰخِرُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ وَنَحْنُ اَوَّلُ مَنْ یَّدْخُلُ الْجَنَّۃَ بَیْدَ اَنَّھُمْ وَذَکَرَ نَحْوَہٗ اِلٰی اٰخِرِہٖ وَفِیْ اُخْرٰی لَہٗ عَنْہُ وَعَنْ حُذَیْفَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ اٰخِرِ الْحَدِیْثِ نَحْنُ الْاٰخِرُوْنَ مِنْ اَھْلِ الدُّنْیَا وَالْاَوَّلُوْنَ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ الْمَقْضِیُّ لَھُمْ قَبْلَ الْخَلَائِقِ۔

اٹھائے جائیں گے، اور سب سے پہلے پل صراط پر سے گزر جائیں گے اور سب اُمتوں سے پہلے ہمارا فیصلہ ہوگا۔ انتظار کی تکلیف نہیں اٹھانا پڑے گی، اور پھر جنت میں داخل ہونے میں سب اُمتوں سے پہلے ہم داخل جنّت ہوں گے) ہاں یہ سچ ہے کہ اہل کتاب کو ہم سے پہلے کتاب دی گئی اور ہم کو ان کے بعد کتاب عطا ہوئی[1]، ان کو جمعہ کا دن مقرر کرکے دیا گیا (مگر اس جمعہ کے دن کی ان کو کچھ قدر نہ ہوئی) انہوں نے جمعہ کے لینے میں اختلاف کرکے جمعہ کو قبول نہیں کیا[2] خدا کا شکر ہے کہ اللہ نے ہم کو جمعہ کے دن کے اختیار کرنے کی ہدایت فرمائی، ہم نے جمعہ کو اختیار کیا اور اس دن کے لحاظ سے اہل کتاب ہم سے پیچھے ہوگئے یہود (شنبہ کے دن کو اختیار کرکے) ایک دن پیچھے ہو گئے اور نصاریٰ (اتوار کو اختیار کرکے) دو دن پیچھے ہوگئے[3] (بخاری اور مسلم)

۱۲۷۷ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خَیْرُ یَوْمٍ طَلَعَتْ عَلَیْہِ الشَّمْسُ یَوْمُ الْجُمُعَۃِ فِیْہِ خُلِقَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تمام دنوں سے بہتر جمعہ

---

[1] کتاب کے پہلے دینے میں کوئی شرف کی بات نہیں ہے، نفس کتاب کے دینے میں ہم اور وہ مشترک ہیں، مگر قابل غور بات یہ ہے کہ ہماری کتاب ان کی کتابوں کی ناسخ ہے، اور ان کے زمانے میں ان سے جو جو فضیحتیں ہوتی ہیں اُن کو ہماری کتاب ظاہر کرنے والی ہے اور ان پر جو جو عذاب آیا ان کو ظاہر بیان کرتی ہے اس لحاظ سے ہم کو ان سے عبرت لینے کا موقع حاصل ہے۔ اور ان کی سزاؤں سے نصیحت لینے کا بھی موقع ملتا ہے، ان کے حالات سُنا کر ہم کو ادب دیا گیا ہے، اس لحاظ سے بھی ہمارا آخر میں آنا باعث شرف ہے منجملہ اہل کتاب کی کوتاہیوں کے ایک یہ بھی ہے کہ عبادت کرنے کے لیے کوئی خاص دن مقرر کرتا تھا۔

[2] اپنی ٹھیرائی ہوئی مصلحتوں سے یہود نے شنبہ کو عبادت کے لیے اختیار کیا، اور نصاریٰ نے اتوار کو۔

[3] یہ جمعہ کی نعمت ہم کو اور دوسری دینی نعمتوں کی طرح رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے وجود مبارک سے حاصل ہوئی۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

اٰدَمُ فِیْہِ اُدْخِلَ الْجَنَّۃَ وَفِیْہِ اُخْرِجَ مِنْهَا وَلَا تَقُوْمُ السَّاعَۃُ اِلَّا فِیْ یَوْمِ الْجُمُعَۃِ۔

(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

کا دن تھا[1]، حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پیدائش کی تکمیل جمعہ کے دن ہی آپ کے جسم مبارک میں روح ڈالی گئی) پھر آپ کو جمعہ کے دن ہی جنت میں داخل کیا گیا، پھر آپ کو جمعہ کے دن ہی جنت سے باہر لایا گیا[2] اور قیامت (یعنی نفخ ثانی جس سے تمام مخلوق زندہ ہو کر میدان حشر میں آئے گی) جمعہ کے دن ہی ہوگی[3] (مسلم)

۱۲۷۸
۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّہٗ قَرَأَ اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ اَلْاٰیَۃَ وَعِنْدَہٗ یَهُوْدِیٌّ فَقَالَ لَوْ نَزَلَتْ هٰذِہِ الْاٰیَۃُ عَلَیْنَا لَاتَّخَذْنَاهَا عِیْدًا فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ اِنَّهَا نَزَلَتْ فِیْ یَوْمِ عِیْدَیْنِ فِیْ یَوْمِ جُمُعَۃٍ وَیَوْمِ عَرَفَۃَ۔

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی گئی ہے کہ آپ (ایک دن یہ آیت پڑھنے (سورۂ مائدہ پ ع) اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ وَرَضِیْتُ لَکُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًا (اللہ تعالیٰ فرماتا ہے) (مسلمانو!) آج کے دن میں نے تمہارے لیے تمہارے دین کو کامل کر دیا اور میں نے تم پر اپنا انعام پورا کر دیا اور میں نے اسلام کو تمہارا دین بننے کے لیے پسند کر لیا) جب حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ آیت پڑھی، تو اس وقت آپ کے پاس ایک یہودی (بیٹھا ہوا) تھا، اس نے کہا اگر یہ آیت ہم پر اترتی تو آپ دیکھتے کہ ہم اس دن کو عید مناتے (مسلمانوں پر افسوس ہے کہ

---

[1] (جس دن میں جو واقعات ظاہر ہوتے ہیں، ان واقعات سے اس دن کی عظمت ظاہر ہوتی ہے۔ جمعہ کے دن بھی جو واقعات پیش آئے ہیں ایسے واقعات کسی اور دن ظاہر نہیں ہوئے، ایک واقعہ تو یہ ہوا کہ اشرف المخلوقات)

[2] حضرت آدم علیہ السلام کو جنت کے باہر لانے سے کوئی یہ نہ سمجھے کہ اس میں حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اہانت ہے بلکہ حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو جنت سے نکالنے میں بڑی مصلحت یہ بھی کہ آدم علیہ السلام کو زمین کا خلیفہ اللہ بنایا گیا تھا اس کا ظہور زمین پر لانے سے ہی ہوا، کتابوں کا نازل کرنا، اور پیغمبروں کا بھیجنا یہ بھی حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے جنت سے نکلنے سے ہی ہوا، یہ اور اس طرح کے اور حالات جنت سے نکلنے کی وجہ سے ہوئے، اس لیے جنت سے نکلنا بھی ایک عظیم الشان تھا جو جمعہ کے دن ہوا۔ اس سے بھی جمعہ کی عظمت ظاہر ہوتی ہے۔

[3] اس سے اہل جنت کو بڑے بڑے مراتب جنت میں ملیں گے، اس کے بعد ہی اسی کی وجہ سے جنت کی نعمتیں بھی ان کو حاصل ہوں گی یہ معظم کام بھی جمعہ کے دن ہی ہوں گے، اس سے بھی جمعہ کی فضیلت ظاہر ہوتی ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اس آیت کے اترنے کی کچھ قدر نہیں کی، یہود سے یہ سُن کر حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا تم تو ایک عید مناتے ہو ہم تو اس آیت کی خوشی میں دو عیدیں مناتے ہیں (سالانہ بھی اور ہفتہ واری بھی) تم کو معلوم ہے کہ یہ آیت کب اتری ہے؟ یہ آیت عرفات میں عصر کے وقت جمعہ کے روز ذی الحجہ کی نویں تاریخ یعنی عرفہ کے روز نازل ہوئی ہے[1] اس حدیث کی روایت ترمذی نے کی ہے۔

١٧٧٩
٤ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلَ رَجَبٌ قَالَ اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِىْ رَجَبٍ وَّشَعْبَانَ وَبَلِّغْنَا رَمَضَانَ قَالَ وَكَانَ يَقُوْلُ لَيْلَةُ الْجُمُعَةِ لَيْلَةٌ اَغَرُّ وَيَوْمُ الْجُمُعَةِ يَوْمٌ اَزْهَرُ۔

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِىُّ فِى الدَّعَوَاتِ الْكَبِيْرِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی عادت مبارک تھی کہ جب رجب کا مہینہ آتا تھا تو آپ یہ دعا پڑھا کرتے تھے۔ "اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِىْ رَجَبٍ وَّشَعْبَانَ وَبَلِّغْنَا رَمَضَانَ" اے اللہ رجب آگیا ہے، رجب اور شعبان میں ہمارے نیک اعمال میں برکت عطا فرمایئے (کہ بہت نیکیاں کرکے دل کو رمضان کے قابل بنائیں) پھر ہم کو رمضان تک پہونچا دیجئے[2]، راوی کہتے ہیں کہ اسی طرح رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جمعہ کی نسبت فرمایا کرتے تھے کہ (اللہ تعالیٰ کے انوار جمعہ میں اس قدر برستے ہیں کہ) جمعہ کی رات نورانی رات ہو جاتی ہے، اور اس کا دن روشن دن ہو جاتا ہے۔ اس کی روایت بیہقی نے دعوات کبیر میں کی ہے۔

١٧٨٠
٥ وَعَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت

---

[1] عرفہ کے دن عرفات میں سالانہ عید ہوتی ہے جس میں تمام دنیا کے مسلمان جمع ہوتے ہیں۔ اور جمعہ کے دن ہفتہ واری عید ہوتی ہے جس میں شہر کے تمام لوگ ایک جگہ جمع ہوتے ہیں اس طرح اس آیت کے اترنے کے دن ہم دو خوشیاں منایا کرتے ہیں

[2] کہ ہم رمضان میں روزے رکھ کر اور تراویح پڑھ کر دل کو خوب جِلا دیں اور روشن کرلیں، اور اللہ تعالیٰ کی رحمتوں کے مستحق بن جائیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلْیَوْمِ الْمَوْعُوْدِ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ وَالْیَوْمِ الْمَشْھُوْدِ یَوْمَ عَرَفَۃَ وَالشَّاھِدِ یَوْمِ الْجُمُعَۃِ وَمَا طَلَعَتِ الشَّمْسُ وَلَا غَرَبَتْ عَلٰی یَوْمٍ اَفْضَلَ مِنْہُ فِیْہِ سَاعَۃٌ لَا یُوَافِقُھَا عَبْدٌ مُّؤْمِنٌ یَدْعُو اللّٰہَ بِخَیْرٍ اِلَّا اسْتَجَابَ اللّٰہُ لَہٗ وَلَا یَسْتَعِیْذُ مِنْ شَیْءٍ اِلَّا اَعَاذَہٗ مِنْہُ۔

(رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ)

ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے (سورۂ بروج کی تفسیر میں) ارشاد فرمایا کہ الیوم الموعود (وہ دن جس کا وعدہ ہے) سے مراد قیامت کا دن ہے اور الیوم المشہود (وہ دن جس دن میں لوگ تمام دنیا سے عرفات میں حاضر ہوتے ہیں) سے مراد عرفہ کا دن ہے، اور شاہد سے مراد جمعہ کا دن ہے (کہ لوگ تو اپنی اپنی جگہ رہتے ہیں، اور جمعہ اُن پر حاضر ہوتا ہے) اور سب دنوں سے افضل دن جمعہ کا دن ہے، جمعہ کے دن ایک گھڑی ایسی ہے کہ جو بندۂ مومن اللہ تعالیٰ سے اس وقت دعاءِ خیر کرتا ہے تو اس کی دعا اللہ تعالیٰ قبول فرما لیتے ہیں، اور جس شر سے بچانے کی دُعاء کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو اس شر سے بچائے رکھتے ہیں۔ اس کی روایت امام احمد اور ترمذی نے کی ہے۔

۱۷۸۱ وَعَنْ اَبِیْ لُبَابَۃَ بْنِ عَبْدِ الْمُنْذِرِ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ سَیِّدُ الْاَیَّامِ وَاَعْظَمُھَا عِنْدَ اللّٰہِ وَھُوَ اَعْظَمُ عِنْدَ اللّٰہِ مِنْ یَّوْمِ الْاَضْحٰی وَیَوْمِ الْفِطْرِ فِیْہِ خَمْسُ خِلَالٍ خَلَقَ اللّٰہُ فِیْہِ اٰدَمَ وَاَھْبَطَ اللّٰہُ فِیْہِ اٰدَمَ اِلَی الْاَرْضِ وَفِیْہِ تَوَفَّی اللّٰہُ اٰدَمَ وَفِیْہِ سَاعَۃٌ لَا یَسْاَلُ الْعَبْدُ فِیْھَا شَیْئًا اِلَّا اَعْطَاہُ مَا لَمْ یَسْاَلْ حَرَامًا وَفِیْہِ تَقُوْمُ السَّاعَۃُ مَا مِنْ مَّلَکٍ مُّقَرَّبٍ وَّلَا سَمَآءٍ وَّلَا اَرْضٍ وَّلَا رِیَاحٍ وَّلَا جِبَالٍ وَّلَا بَحْرٍ اِلَّا ھُوَ

حضرت ابو لبابہ بن عبد المنذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جمعہ کا دن سب دنوں کا سردار ہے۔ اللہ تعالیٰ کے پاس سب دنوں سے زیادہ جمعہ کی عظمت ہے اور عید الفطر اور عید الاضحیٰ سے بھی زیادہ اللہ کے نزدیک اس کی عظمت ہے، جمعہ میں پانچ عظیم الشان کام (کچھ ہوئے) ہیں (اور کچھ ہونے والے ہیں) اس لیے جمعہ کی سب دنوں سے زیادہ عظمت ہے، حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی پیدائش کی تکمیل جمعہ کے دن ہوئی (جمعہ کے دن ہی آپ کے جسم مبارک میں روح ڈالی گئی) آدم علیہ السلام کو جمعہ کے دن ہی زمین کی طرف اتارا گیا[۱] اور جمعہ

[۱] جس سے آدم علیہ السلام کے خلیفۃ اللہ ہونے کی تکمیل ہوئی، پیغمبر آئے، کتابیں اتاری گئیں، یہ سب جنت سے اترنے سے ہی ہوا۔ اس سے بھی جمعہ کی عظمت ثابت ہوتی ہے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

مُشْفِقٌ مِنْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ

(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

وَرَوَى أَحْمَدُ عَنْ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ أَنَّ رَجُلًا مِنَ الْأَنْصَارِ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَخْبِرْنَا عَنْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ مَاذَا فِيهِ مِنْ خَيْرٍ قَالَ فِيهِ خَمْسُ خِلَالٍ وَسَاقَ إِلَى آخِرِ الْحَدِيثِ۔

کے دن ہی حضرت آدم علیہ السلام کا انتقال ہوا[1] اور جمعہ کے دن ایک گھڑی ایسی ہے جو بندۂ مومن اللہ تعالیٰ سے اس وقت دعاء خیر کرتا ہے تو اس کی دعاء اللہ تعالیٰ قبول فرما لیتے ہیں، ہاں اس گھڑی میں اگر بندہ کوئی حرام اور ناجائز کام کی دعا کرے تو وہ دعا قبول نہیں ہوگی[2]، قیامت (کے نفخ ثانی کی طرح نفخ اول بھی) جمعہ کے دن ہوگا، اسی وجہ سے جب جمعہ کا دن ہوتا ہے تو (انسان کے سواء) مقرب فرشتے آسمان و زمین ہوائیں، پہاڑ، دریا سب ڈرے اور سہمے ہوئے رہتے ہیں[3] اس حدیث کی روایت ابن ماجہ نے کی ہے۔ اور امام احمد کی روایت میں سعد بن معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے اسی طرح مذکور ہے کہ ایک انصاری صحابی حضرت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی کہ حضور جمعہ میں کیا کیا خیر و برکات ہیں ان کو بیان فرمایئے؟ آپ نے اس انصاری کو وہی پانچ باتیں بتلائیں جن کا صدر میں ذکر ہوا ہے۔

۱۷۸۲ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ فِي الْجُمُعَةِ لَسَاعَةً لَا يُوَافِقُهَا عَبْدٌ مُسْلِمٌ يَسْأَلُ اللهَ فِيهَا خَيْرًا إِلَّا أَعْطَاهُ إِيَّاهُ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جمعہ کے دن میں ایک ساعت ایسی ہے کہ اگر کسی مسلمان کو وہ مل جائے اور وہ اس میں اللہ تعالیٰ سے کوئی بھلائی کی دعا کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی دعا قبول کر کے وہ بھلائی اس کو عطا فرماتے ہیں۔ اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر

---

[1] جس سے حضرت آدم علیہ السلام پر ریت ہوں کے گھر سے نکل کر امن و عافیت کے گھر میں پہونچے، اس سے بھی جمعہ کی عظمت ثابت ہوتی ہے۔

[2] اس میں بندہ کا ہی فائدہ ہے۔ وہ اپنی بے سمجھی سے ناجائز امور کا سوال کر رہا تھا اس لیے اس کی دعا قبول نہیں کی جائے گی۔ اور اس کو اسی دعا کے شر سے بچایا جائے گا۔

[3] کہ شاید اسی جمعہ کو قیامت قائم ہو جائے، اور ہم تباہ ہو جائیں۔ نفخ اول کا یہ عظیم الشان کام بھی جمعہ کے دن ہوگا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

وَزَادَ مُسْلِمٌ قَالَ وَهِيَ سَاعَةٌ خَفِيفَةٌ وَفِي رِوَايَةٍ لَهُمَا قَالَ إِنَّ فِي الْجُمُعَةِ لَسَاعَةً لَا يُوَافِقُهَا مُسْلِمٌ قَائِمٌ يُصَلِّي يَسْأَلُ اللهَ خَيْرًا إِلَّا أَعْطَاهُ إِيَّاهُ ۔

کی ہے اور مسلم میں اتنا اور ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ قبولیت کی وہ ساعت بہت تھوڑی ہے، اور بخاری اور مسلم کی ایک اور روایت میں اس طرح ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جمعہ کے دن میں ضرور ایک ساعت ایسی ہے اگر ٹھیک اس ساعت میں کوئی مسلمان دعا میں مشغول ہو تو اللہ تعالیٰ اس کی وہ دُعا (اس ساعت کی برکت سے) ضرور قبول فرماتے ہیں۔

۱۷۸۳/۸ وَعَنْ أَبِي بُرْدَةَ بْنِ أَبِي مُوسَى قَالَ سَمِعْتُ أَبِي يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ فِي شَأْنِ سَاعَةِ الْجُمُعَةِ هِيَ مَا بَيْنَ أَنْ يَجْلِسَ الْإِمَامُ إِلَى أَنْ تُقْضَى الصَّلٰوةُ ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو بردہ بن ابی موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے اپنے والد حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کو یہ فرماتے سنا ہے کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے تھے کہ جمعہ کی وہ ساعت جس میں دُعا قبول ہوتی ہے امام کے (پہلے خطبہ کے لیے) منبر پر بیٹھنے کے وقت سے لے کر فرض جمعہ کے ختم ہونے کے درمیان میں کسی وقت آجاتی ہے اس کی روایت مسلم نے کی ہے۔

ف: اس حدیث شریف میں ارشاد ہے کہ جمعہ کی وہ ساعت جس میں دُعا مقبول ہوتی ہے وہ امام کے خطبہ کے لیے منبر پر بیٹھنے کے وقت سے لے کر فرض جمعہ کے ختم تک رہتی ہے حالانکہ خطیب کے خطبہ بیان کرنے کے وقت انصات یعنی چپ رہنے کا حکم ہے اور نماز میں تو بات کر ہی نہیں سکتے پھر دُعا کا کیسا موقع ملے گا۔ اس بارے میں صاحب مرقات نے علامہ بلقینی رحمۃ اللہ کے حوالہ سے لکھا ہے کہ دُعا کے لیے زبان سے تلفظ شرط نہیں ہے، صرف دل میں دعا کا خیال رکھنا کافی ہے۔ ایسا خیال رکھنے سے بھی دُعاء قبول ہو جاتی ہے۔ (مرقات) ۱۲

۱۷۸۴/۹ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ خَرَجْتُ إِلَى الطُّوْرِ فَلَقِيْتُ كَعْبَ الْأَحْبَارِ فَجَلَسْتُ مَعَهُ فَحَدَّثَنِيْ عَنِ التَّوْرَاةِ وَحَدَّثْتُهُ عَنْ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَانَ فِيْمَا حَدَّثْتُهُ إِنْ قُلْتُ قَالَ رَسُوْلُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت کی گئی ہے وہ فرماتے ہیں کہ مجھے طور جانے کا اتفاق ہوا۔ وہاں کعب احبار سے ملاقات ہوئی۔ میں ان کے پاس بیٹھ کر باتیں کرنے لگا (چونکہ وہ اس زمانہ میں یہودی تھے) اپنی تورات کے کچھ مضامین

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OQOMIL ISLAMIA ACADEMY

اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرُ يَوْمٍ طَلَعَتْ عَلَيْهِ الشَّمْسُ يَوْمُ الْجُمُعَةِ فِيْهِ خُلِقَ آدَمُ وَفِيْهِ أُهْبِطَ وَفِيْهِ تِيْبَ عَلَيْهِ وَفِيْهِ مَاتَ وَفِيْهِ تَقُوْمُ السَّاعَةُ وَمَا مِنْ دَابَّةٍ إِلَّا وَهِيَ مُصِيْخَةٌ يَوْمَ الْجُمُعَةِ مِنْ حِيْنَ تُصْبِحُ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ شَفَقًا مِّنَ السَّاعَةِ إِلَّا الْجِنَّ وَالْإِنْسَ وَفِيْهِ سَاعَةٌ لَّا يُصَادِفُهَا عَبْدٌ مُسْلِمٌ وَهُوَ يُصَلِّيْ يَسْأَلُ اللهَ شَيْئًا إِلَّا أَعْطَاهُ إِيَّاهُ قَالَ كَعْبٌ ذٰلِكَ فِيْ كُلِّ سَنَةٍ يَوْمٌ فَقُلْتُ بَلْ فِيْ كُلِّ جُمُعَةٍ فَقَرَأَ كَعْبٌ التَّوْرَاةَ فَقَالَ صَدَقَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ لَقِيْتُ عَبْدَ اللهِ بْنَ سَلَامٍ فَحَدَّثْتُهُ بِمَجْلِسِيْ مَعَ كَعْبِ الْأَحْبَارِ وَمَا حَدَّثْتُهُ فِيْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ فَقُلْتُ لَهُ قَالَ كَعْبٌ ذٰلِكَ فِيْ كُلِّ سَنَةٍ يَوْمٌ قَالَ عَبْدُ اللهِ ابْنُ سَلَامٍ كَذَبَ كَعْبٌ فَقُلْتُ لَهُ ثُمَّ قَرَأَ كَعْبٌ التَّوْرَاةَ فَقَالَ بَلْ هِيَ فِيْ

سُنانے لگے، میں ان کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی احادیث سنا رہا تھا، منجملہ ان احادیث کے جو میں ان کو سنا رہا تھا۔ ایک حدیث یہ تھی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا، یوں تو ہر دن آفتاب نکلتا ہے، اور جمعہ کے دن بھی آفتاب نکلتا ہے، مگر جمعہ کے دن آفتاب نکلتے سے جمعہ کا جو ظہور ہوتا ہے۔ اس دن جو خیر و برکات ظاہر ہوتی ہیں، ایسے کسی دن میں ظاہر نہیں ہوتیں، اس لیے جمعہ کا دن سب دنوں میں افضل ہے، حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام اسی دن پیدا کئے گئے اور اسی دن (جنت) سے زمین پر اتارے گئے، اور اسی دن اُن کا قصور معاف ہوا، اور اسی دن انہوں نے وفات پائی، اسی دن قیامت قائم ہوگی[1] اس لیے جن وانس کے سوا کوئی جانور ایسا نہیں جو جمعہ کے دن صبح صادق سے طلوع آفتاب تک قیامت قائم ہونے کے خوف سے صور پھونکے جانے کی آواز کی طرف کان نہ لگائے رکھتا ہو، جمعہ کے دن میں ایک ساعت ایسی ہے کہ کوئی مسلمان نماز پڑھ رہا ہو اور اتفاق سے وہ ساعتِ نماز میں آگئی (اور اس کے دل میں دعا کا مضمون حاضر تھا) تو اللہ تعالیٰ اس گھڑی کی برکت سے اس کی دُعا قبول فرما کر جو بھلائی وہ مانگ رہا تھا۔ اس کو عطا فرماتے ہیں (یہ سُن کر) کعب احبار نے فرمایا کہ ہمارے پاس بھی اس کا داخلہ ہے) یہ ساعت تو ہر جمعہ میں آتی ہے (یہ سن کر) کعب نے تورات کی تلاوت کی اور کہا کہ رسول اللہ

[1] اور پہلی بار صور پھونکا جائے گا جس سے سارا عالم فنا ہو جائے گا جن وانس کے سوا ہر جاندار کو اس کی خبر ہے کہ کہ جب کبھی قیامت آئے گی تو جمعہ کے دن صبح صادق سے طلوع آفتاب کے درمیان ہی آئیگی)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-ISLAMIA ACADEMY

كُلِّ جُمُعَةٍ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ صَدَقَ كَعْبٌ ثُمَّ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ قَدْ عَلِمْتُ اَيَّةَ سَاعَةٍ هِيَ قَالَ اَبُوْهُرَيْرَةَ فَقُلْتُ اَخْبِرْنِيْ بِهَا وَلَا تَضَنَّ عَلَيَّ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ هِيَ اٰخِرُ سَاعَةٍ فِيْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ قَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ فَقُلْتُ وَكَيْفَ تَكُوْنُ اٰخِرُ سَاعَةٍ فِيْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ وَقَدْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُصَادِفُهَا عَبْدٌ مُّسْلِمٌ وَهُوَ يُصَلِّيْ فِيْهَا فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ اَلَمْ يَقُلْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ جَلَسَ مَجْلِسًا يَّنْتَظِرُ الصَّلٰوةَ فَهُوَ فِيْ صَلٰوةٍ حَتّٰى يُصَلِّيَ قَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ فَقُلْتُ بَلٰى قَالَ فَهُوَ ذٰلِكَ رَوَاهُ مَالِكٌ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَرَوٰى اَحْمَدُ اِلٰى قَوْلِهٖ صَدَقَ كَعْبٌ ۔

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے سچ فرمایا کہ ہر جمعہ کو وہ مقبول ساعت آتی ہے۔ ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، فرماتے ہیں کہ اس کے بعد میری ملاقات عبداللہ بن سلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے ہوئی تو میری اور کعب احبار کے جمعہ کی مقبول ساعت کے متعلق جو گفتگو ہوئی تھی اس کو میں نے عبداللہ بن سلام کے سامنے دھرایا کہ کعب کہہ رہے تھے کہ یہ مقبول ساعت ہر سال ایک دن میں آتی ہے۔ دیہ سُن کر عبداللہ بن سلام نے کہا کعب کو یاد نہ رہا ہوگا وہ غلط کہتے ہیں، پھر میں نے عبداللہ بن سلام سے کہا کہ کعب تورات پڑھنے لگے ان کو اپنی غلطی کا علم ہوگیا اس لیے پھر کعب نے سچ کہا ہے وہ مقبول ساعت ہر جمعہ میں آتی ہے۔ عبداللہ بن سلام نے یہ سُن کر کہا اب کعب نے سچ کہا، پھر عبداللہ بن سلام نے کہا کہ میں اس ساعت کو جانتا ہوں کہ وہ جمعہ کے دن کس وقت آتی ہے، تو ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے عبداللہ بن سلام سے کہا کہ مجھے وہ ساعت بتا دیجئے اور مجھ سے اس ساعت کو نہ چھپائیے تو عبداللہ بن سلام نے فرمایا کہ وہ جمعہ کے دن کی آخری ساعت ہے، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں میں نے کہا، وہ جمعہ کے دن کی آخری ساعت کیسے ہوسکتی ہے جب کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ جو مسلمان بندہ نماز پڑھتے ہوئے اس ساعت کو پالے حالانکہ (عصر کے بعد) جمعہ کی آخری ساعت میں کوئی نماز نہیں پڑھی جاتی ہے، یہ سن کر عبداللہ بن سلام نے فرمایا کہ تم نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے نہیں سنا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو شخص نماز کے انتظار میں بیٹھا ہو تو سمجھا جائے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

گا کہ وہ نماز ہی میں ہے، میں نے کہا، ہاں بے شک میں نے سُنا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ایسا ہی فرماتے ہیں! تو عبداللہ بن سلام نے کہا بس اب سمجھ لو کہ نماز پڑھتے ہوئے وہ ساعت پانے سے مطلب یہ ہے کہ جو بندۂ مومن نماز کے انتظار میں ہو تو وہ نماز میں ہی سمجھا جاتا ہے، ایسے نماز کے انتظار کی حالت میں اس کو وہ ساعت ملی تو سمجھا جائے گا کہ نماز میں ہی اس کو وہ ساعت ملی اس وقت وہ جو دُعا کرے قبول ہوتی ہے۔ اس حدیث کی روایت امام مالک، ابو داؤد، ترمذی اور نسائی نے کی ہے، اور امام احمد نے بھی اس کے قریب قریب روایت کی ہے۔

۱۷۸۵ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلْتَمِسُوا السَّاعَةَ الَّتِيْ تُرْجٰى فِيْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ بَعْدَ الْعَصْرِ اِلٰى غَيْبُوْبَةِ الشَّمْسِ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا! وہ ساعت جس میں دُعا مقبول ہوتی ہے۔ جمعہ کے دن عصر کے بعد سے لے کر سورج کے غروب ہونے تک کسی وقت آتی ہے اس لیے اس مقبول ساعت کو اس وقت میں تلاش کرو۔ اس کی روایت ترمذی نے کی ہے۔

۱۷۸۶ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قِيْلَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَيِّ شَيْءٍ سُمِّيَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ قَالَ لِاَنَّ فِيْهَا طُبِعَتْ طِيْنَةُ اَبِيْكَ اٰدَمَ فِيْهَا الصَّعْقَةُ وَالْبَعْثَةُ وَفِيْهَا الْبَطْشَةُ وَفِيْ اٰخِرِ ثَلَاثِ سَاعَاتٍ مِنْهَا سَاعَةٌ مَنْ دَعَا اللّٰهَ فِيْهَا اُسْتُجِيْبَ لَهٗ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا گیا کہ حضور جمعہ کے دن کو جمعہ کیوں کہتے ہیں؟ کونسی چیزیں اس میں جمع کی گئی ہیں جس کی وجہ سے اس کو جمعہ کہتے ہیں۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سنو! (اس دن میں بہت سے اہم اور عظیم الشان اُمور جمع ہوتے ہیں) جمعہ میں ایک بات تو یہ ہوئی کہ آدم علیہ السلام کو بنانے کے لیے مٹی کو خمیر کیا گیا، جمعہ کے دن ہی پہلا صور پھونکا جائے گا (جس سے تمام عالم فنا ہو جائے

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

گا) اور جمعہ کے دن ہی دوسرا صور پھونکا جائے گا جس سے، تمام عالم پھر زندہ ہو جائے گا، جمعہ کے دن ہی میدان قیامت (میں وہ ہنگامہ) قائم ہوگا (جس کی دہشت سے بچے بوڑھے ہو جائیں گے) جمعہ کے دن کے آخری حصہ میں ایک ایسی گھڑی ہے کہ اس گھڑی میں جو کوئی دُعا کرے اللہ تعالیٰ اس کو قبول فرماتے ہیں[1] اس حدیث کی روایت امام احمد نے کی ہے۔

۱۲/۱۷۸۷ وَعَنْ اَوْسِ بْنِ اَوْسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ اَفْضَلِ اَيَّامِكُمْ يَوْمُ الْجُمُعَةِ فِيْهِ خُلِقَ اٰدَمُ وَفِيْهِ قُبِضَ وَفِيْهِ النَّفْخَةُ وَفِيْهِ الصَّعْقَةُ فَاَكْثِرُوْا عَلَيَّ مِنَ الصَّلٰوةِ فِيْهِ فَاِنَّ صَلٰوتَكُمْ مَعْرُوْضَةٌ عَلَيَّ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ تُعْرَضُ صَلَاتُنَا عَلَيْكَ وَقَدْ اَرِمْتَ قَالَ يَقُوْلُوْنَ بَلِيْتَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ عَلَى الْاَرْضِ اَجْسَادَ الْاَنْبِيَاءِ۔

رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي

حضرت اوس بن اوس رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تم جن دنوں کو افضل سمجھتے ہو، منجملہ ان کے جمعہ کا دن بھی ایک افضل دن ہے، جمعہ کے دن ہی آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو بنانے کے لیے مٹی کو خمیر کیا گیا، اور جمعہ کے دن ہی آپ کی وفات ہوئی اور جمعہ کے دن ہی دوسرا صور پھونکا جائے گا۔ (جس سے تمام عالم پھر زندہ ہوگا) اور جمعہ کے دن ہی پہلا صور پھونکا جائے گا۔ (جس سے تمام عالم فنا ہوگا) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے پھر ارشاد فرمایا کہ جب تم سن چکے کہ (جمعہ افضل دنوں میں سے ہے تو اس دن (افضل عبادات یعنی) مجھ پر درود کی کثرت کیا کرو کیونکہ جمعہ کے دن درود مجھ پر پیش کیا جاتا ہے[2] جمعہ کے دن ایک خاص کشف کی کیفیت حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پر ظاہر ہوتی ہے جس کی وجہ سے درود پڑھنے والے کے درود کو حضور بلا واسطہ خود سماعت

لہ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جمعہ کے دن عصر سے مغرب تک کے درمیان مقبول ساعت آتی ہے اس لیے عصر سے مغرب تک کے وقت کو اور دنیوی امور میں ضائع نہ کریں بلکہ عبادت اور دُعا میں مشغول رہیں۔

لہ (چونکہ جمعہ افضل ایام میں سے ہے تو اس دن میں افضل ایام حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت مبارک میں درود پڑھنا نہایت مناسب ہے، جمعہ کے دن درود شریف کثرت سے پڑھنے کے لیے اس لیے ارشاد ہو رہا ہے کہ اور دنوں میں فرشتوں کے ذریعہ سے حضور کی خدمت میں درود پیش کیا جاتا ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

الدَّعَوَاتِ الْكَبِيْرِ۔

فرماتے ہیں صحابہ نے عرض کیا، یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ہمارے درود آپ پر کس طرح پیش کئے جائیں گے؟ (اور آپ کو کیسا کشف ہوگا) جب کہ حضور کا جسم مبارک (بعد وصال کے) محفوظ نہ رہے گا۔ (یہ سن کر) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ عزوجل نے انبیاء کے جسم زمین پر حرام کر دیئے ہیں (کہ مٹی انبیاء کے جسم کو نہیں کھاتی، بلکہ جسم صحیح وسالم رہتے ہیں[1]) اس حدیث کی روایت ابوداؤد، نسائی، ابن ماجہ اور دارمی نے کی ہے اور بیہقی نے اس کی روایت دعوات کبیر میں کی ہے۔

۱۷۸۵ وَعَنْ اَبِی الدَّرْدَآءِ قَالَ قَالَ
۱۳
رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكْثِرُوا
الصَّلٰوةَ عَلَيَّ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَاِنَّهٗ مَشْهُوْدٌ
يَشْهَدُهُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَاِنَّ اَحَدًا لَمْ يُصَلِّ
عَلَيَّ عُرِضَتْ عَلَيَّ صَلٰوتُهٗ حَتّٰى يَفْرُغَ

حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جمعہ کے دن مجھ پر کثرت سے درود پڑھا کرو، اس وجہ سے کہ جمعہ کا دن[2] مشہود بھی ہے، اس لیے کہ جمعہ کے دن رحمت کے

لہ ایسا ہی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کا جسم مبارک بھی زمین پر حرام کر دیا گیا ہے، اور آپ کے جسم کی کوئی نظیر عالم برزخ میں نہ ہونے سے اسی جسم مطہر میں روح اقدس واپس کر دی گئی ہے، آپ قبر شریف میں زندہ تشریف فرما ہیں، اور کشف جسم مطہر پر ہی ہوتا ہے، اس لیے حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کا جمعہ کے دن اپنے اُمتی کے درود کو فرشتہ کے واسطے کے بغیر سُن لینا کوئی تعجب کی بات نہیں، جب کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہ، سے بھی ایسا واقعہ ہوا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے مدینہ منورہ میں جمعہ کا خطبہ دیتے ہوئے ایران کے میدان جنگ میں حضرت ساریہ سپہ سالار کو دیکھا اور ان کو صحیح جنگ کرنے کا اعلان کیا اس اعلان کو حضرت ساریہ نے بھی سینکڑوں میل کے فاصلہ سے سُن لیا۔ اس واقعہ سے معلوم ہوا کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کو جب سینکڑوں میل دُور سے کشف ہوا ہے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم پر بدرجہ اولیٰ اُمتی کے درود کا خواہ وہ دنیا کے کسی حصہ سے بھی ہو کشف ہونا کوئی تعجب کی بات نہیں بلکہ امر یقینی ہے۔

لہ بہت متبرک دن ہے ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کی حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ جمعہ شاہد ہے، اس لیے کہ لوگ تو اپنی اپنی جگہ رہتے ہیں، جمعہ ان لوگوں کے پاس ان کو فیض پہنچاتے خود حاضر ہوتا ہے، ایسا ہی جمعہ مشہود بھی ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

مِنْهَا قَالَ قُلْتُ وَبَعْدَ الْمَوْتِ قَالَ إِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ عَلَى الْأَرْضِ أَنْ تَأْكُلَ أَجْسَادَ الْأَنْبِيَاءِ فَنَبِيُّ اللّٰهِ حَيٌّ يُرْزَقُ ۔

(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

فرشتے کثرت سے آتے ہیں، اور رحمت پھیلاتے ہیں[1] جمعہ کے دن مجھے ایسا کشف ہوجاتا ہے کہ بغیر فرشتوں کے واسطوں کے تمہارا درود کشف کے ذریعہ سے مجھ پر ظاہر ہوجاتا ہے[2] ابو درداء کہتے ہیں، میں نے عرض کیا حضور یہ کشف ہونا آپ کی زندگی تک ہی ہے یا آپ کے وصال کے بعد بھی ایسا ہی آپ کو جمعہ کے دن درود پڑھے جانے کا کشف ہوتا رہے گا۔ یہ سُن کر حضور نے ارشاد فرمایا سنو، ابو درداء اللہ تعالےٰ نے پیغمبروں کے جسم زمین پر حرام کردے ہیں کہ پیغمبروں کے جسم کو مٹی نہیں کھاتی ہے، وہ اپنے جسموں کے ساتھ اپنی قبروں میں زندہ موجود ہیں[3]، وہاں رزق بھی دیا جاتا ہے[4] اس کی روایت ابن ماجہ نے کی ہے۔

١٧٨٩ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ مُّسْلِمٍ يَمُوْتُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ أَوْ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ إِلَّا وَقَاهُ اللّٰهُ فِتْنَةَ الْقَبْرِ ۔

(رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ)

حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو مسلمان جمعہ کے دن یا جمعہ کی رات کو مرتا ہے تو اللہ تعالےٰ ہر ایسے مسلمان کو قبر کے عذاب اور سوال سے محفوظ رکھتے ہیں۔ اس کی روایت امام احمد اور ترمذی نے کی ہے۔

۱؎ کسی دن میں ایسی رحمت نازل نہیں ہوتی جیسی جمعہ کے دن نازل ہوتی ہے، صلوٰۃ یعنے درود بھی رحمت ہی ہے اس لیے کثرت سے بھیجا کرو۔ تو تم کو معلوم ہونا چاہیے کہ جمعہ کے دن درود بھیجنے میں اور دوسرے دنوں میں درود بھیجنے میں بڑا فرق ہے، اور دنوں میں تم جو درود بھیجتے ہو وہ درود فرشتے میرے پاس لاکر پیش کرتے ہیں۔

۲؎ میں تمہارے درود کو خود سنتا ہوں اور یہ کشف تمہارا درود پڑھنا ختم ہونے تک باقی رہتا ہے گو کتنی ہی دیر ہوا اور کتنی ہی دُور سے پڑھا جائے، یہ بات اور دنوں میں حاصل نہیں ہوتی ہے اس لیے تم کو تاکید سے کہتا ہوں کہ جمعہ کے دن کثرت سے مجھ پر درود بھیجا کرو۔ ۳؎ ایسا ہی میں اپنی قبر میں اپنے جسم کے ساتھ زندہ رہوں گا ابو درداء تم سمجھتے ہوں گے کہ صرف روحانی زندگی ہوگی، نہیں نہیں، بلکہ روح جسم کے ساتھ ایسی موجود رہے گی جیسے دنیا میں ہے،

۴؎ اس لیے میں قبر میں زندہ رہوں گا، اور مجھے کشف بھی ہوتا رہے گا۔ اور میں امتیوں کے درود کو خود سنوں گا اس خصوصی کی وجہ سے کہتا ہوں کہ جمعہ کے دن مجھ پر کثرت سے درود بھیجا کرو۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

بَابُ وُجُوْبِهَا

باب، نماز جمعہ کا فرض عین ہونا ثابت ہے

وَقَوْلُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ يَاۤ اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْاۤ اِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے "اے ایمان والو! جب نماز کی اذان ہو جمعہ کے دن، تو اللہ کے ذکر کی طرف دوڑو، اور خرید و فروخت چھوڑ دو یہ تمہارے لیے بہتر ہے (آ جمعہ، ۹/۶۲)

ف: یعنی جمعہ کی پہلی اذان، خیال رہے کہ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانہ مبارک میں نماز جمعہ کی صرف ایک اذان ہوتی تھی، بوقت خطبہ عہد صدیقی و فاروقی میں یہ ہی رہی، زمانہ عثمانی میں ایک اور اذان بڑھائی گئی، یعنی اذان اول۔ صحیح یہ ہے کہ اس پہلی اذان سے تجارت وغیرہ حرام اور تیاری جمعہ واجب ہو جاتی ہے۔

ف: جمعہ کے دن کا نام عربی میں عروبہ تھا۔ کعب بن لوی نے اس کا نام جمعہ رکھا، حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم بارہویں ربیع الاول دوشنبہ کے دن مدینہ منورہ پہنچے مکۃ المکرمہ سے ہجرت کرکے، جمعرات تک قباء میں قیام فرمایا، جمعہ کے دن شہر مدینہ کی طرف روانہ ہوئے، راستہ میں بنی سالم بن عوف کی وادی میں نماز جمعہ کا وقت ہو گیا اور وہاں پر ہی آپ نے نماز جمعہ ادا فرمائی۔

ف: یہ بھی معلوم ہوا کہ جمعہ کے دن خطبہ سے پہلے مسجد میں آجانا چاہیئے۔ اور خطبہ سننا چاہیئے۔ کیونکہ رب تعالیٰ نے اذان کے ساتھ ہی نماز کا ذکر فرمایا ہے، خطبہ نہ سننا سخت محرومی ہے۔

۱۲۹۰ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّهُمَا قَالَا سَمِعْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ عَلٰى اَعْوَادِ مِنْبَرِهٖ لَيَنْتَهِيَنَّ اَقْوَامٌ عَنْ وَّدْعِهِمُ الْجُمُعَاتِ اَوْ لَيَخْتِمَنَّ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ ثُمَّ لَيَكُوْنُنَّ مِنَ الْغَافِلِيْنَ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عبد اللہ بن عمر اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے، یہ دونوں حضرات فرماتے ہیں کہ ہم کو خوب یاد ہے کہ اسی منبر شریف پر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم فرما رہے تھے اور ہم سن رہے تھے کہ لوگ جمعہ کی نماز چھوڑنے سے باز آجائیں) اور پابندی سے جمعہ پڑھا کریں) ورنہ یاد رکھیں کہ اللہ تعالیٰ جمعہ کی نماز ترک کرنے والوں کے دلوں پر مہر لگا دیگے (جس سے ان کو عبادت کی توفیق نہیں ہوگی)[1] یہ بھی غافلین کے گروہ

[1] دراصل مہر تو کافروں کے دل پر لگائی جاتی ہے۔ جمعہ چھوڑنے والوں کے لیے بھی کافروں کا سا برتاؤ کیا جائے گا کہ ان کے دلوں پر بھی مہر لگائی جائیگی، جس سے ان کے دلوں پر بھی زنگ آئے گا کہ

MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

ہیں شمار کئے جائیں گے (اور کافروں کے جیسے اخلاق ان سے ظاہر ہوں گے) اس حدیث کی روایت مسلم نے کی ہے۔

۱۷۹۱ وَعَنْ اَبِی الْجَعْدِ الضَّمِیْرِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ تَرَكَ ثَلَاثَ جُمَعٍ تَهَاوُنًا بِهَا طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰی قَلْبِهٖ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِیُّ وَالنَّسَائِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِیُّ وَرَوَاهُ مَالِكٌ عَنْ صَفْوَانَ ابْنِ سُلَیْمٍ وَاَحْمَدُ عَنْ اَبِیْ قَتَادَةَ۔

حضرت ابوالجعد ضمیری رضی اللہ تعالٰی عنہ، سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص (بغیر عذر کے) محض سستی اور غفلت کی وجہ سے تین نماز جمعہ (متواتر) ترک کر دے تو اللہ تعالٰی اس کے دل پر مہر لگا دیتے ہیں[۱]، اس حدیث کی روایت ابوداؤد ترمذی، نسائی، ابن ماجہ اور دارمی نے کی ہے اور امام مالک نے اس کی روایت صفوان بن سلیم سے کی ہے، اور امام احمد نے بھی اس کی روایت ابوقتادہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے کی ہے۔

۱۷۹۲ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ تَرَكَ الْجُمُعَةَ مِنْ غَیْرِ ضَرُوْرَةٍ كُتِبَ مُنَافِقًا فِیْ كِتٰبٍ لَا یُمْحٰی وَلَا یُبَدَّلُ وَفِیْ بَعْضِ الرِّوَایَاتِ ثَلَاثًا۔

(رَوَاهُ الشَّافِعِیُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص بغیر کسی ناگزیر ضرورت کے جمعہ کی نماز ترک کر دیتا ہے، وہ منافق لکھدیا جاتا ہے، ایسی کتاب میں جو تغیر و تبدل سے محفوظ ہے[۲] ایک روایت تو ایسی ہے، اور دوسری روایت میں یہ ہے کہ جو بغیر کسی ناگزیر ضرورت کے تین جمعہ چھوڑ دے تو اس کا نام منافقوں میں لکھدیا جاتا ہے، یہ دونوں روایتیں امام شافعی رحمہ اللہ تعالٰی نے کی ہیں۔

۱۷۹۳ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالٰی عنہ، سے روایت

---

[۱] (جس سے اللہ تعالٰی کا فیض اس کے دل سے رک جاتا ہے اور جہل، غفلت اور نفاق سے اس کا دل بھر جاتا ہے اور ایمان کا نور اس کے دل سے جاتا رہتا ہے۔

[۲] (یعنی اس کے نفاق کا حکم ہمیشہ رہے گا۔ ہاں! اگر توبہ کرے یا ارحم الراحمین محض اپنی عنایت سے معاف فرما دیں تو یہ دوسری بات ہے)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لِقَوْمٍ یَتَخَلَّفُوْنَ عَنِ الْجُمُعَۃِ لَقَدْ ھَمَمْتُ اَنْ اٰمُرَ رَجُلًا یُّصَلِّیْ بِالنَّاسِ ثُمَّ اُحَرِّقَ عَلٰی رِجَالٍ یَتَخَلَّفُوْنَ عَنِ الْجُمُعَۃِ بُیُوْتَھُمْ۔

(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

ہے آپ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے نماز جمعہ میں شریک نہ ہونے والے لوگوں کے متعلق ارشاد فرمایا تھا کہ میرا پختہ ارادہ ہوا تھا کہ کسی شخص کو نماز جمعہ پڑھانے پر مامور کرکے خود نماز جمعہ سے غیر حاضر رہنے والے لوگوں کو مکانوں سمیت جلا ڈالوں[1]۔ اس حدیث کی روایت مسلم نے کی ہے۔

ف اس حدیث شریف میں نماز جمعہ میں شریک نہ ہونے والے لوگوں کے متعلق ارشاد ہے کہ کسی شخص کو نماز جمعہ پڑھانے پر مامور کرکے خود جاکر نماز جمعہ سے غیر حاضر رہنے والے لوگوں کو مکانوں سمیت جلا ڈالوں یہاں یہ شبہ پیدا ہوتا ہے کہ فرض جمعہ کو ترک کرکے گھروں کے جلانے میں مشغولیت کیسے اختیار کی جائیگی۔ اس بارے میں صاحب مرقات نے فرمایا ہے کہ کسی کو قائم مقام بناکر جانے میں جانے والے سے فرض جمعہ ترک نہیں ہوگا۔ اس لیے کہ وہ دوسری جگہ جمعہ ادا کرسکتا ہے۔ اور دوسری جگہ جمعہ ادا کرنا اُسی وقت ہوسکتا ہے جب کہ شہر میں متعدد جگہ جمعہ ادا ہو رہا ہو، اور جمعہ کا شہر میں متعدد جگہوں پر جائز ہونا امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ کا راجح قول ہے اور امام محمد رحمۃ اللہ کا قول بھی اسی طرح ہے، اور اسی قول راجح یعنی ایک شہر میں کئی مقامات پر جمعہ کے قائم کرنے پر فتویٰ ہے۔ علامہ ابن الہمام رحمۃ اللہ تعالیٰ نے امام سرخسی رحمۃ اللہ کا یہ قول لکھا ہے کہ مذہب حنفی میں فتویٰ اسی پر ہے کہ جمعہ شہر کی دو یا دو سے زائد مسجدوں میں جائز ہے۔ (مرقات۔ درمختار) ۱۲۔

۱۷۹۴ ۵ وَعَنْ سَمُرَۃَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ تَرَکَ الْجُمُعَۃَ مِنْ غَیْرِ عُذْرٍ فَلْیَتَصَدَّقْ بِدِیْنَارٍ فَاِنْ لَّمْ یَجِدْ فَبِنِصْفِ دِیْنَارٍ۔

(رَوَاہُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاؤدَ وَابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص بغیر کسی عذر کے سستی اور کاہلی سے، نماز جمعہ ترک کرتا ہے تو اس کو چاہیئے کہ ایک دینار یا نصف دینار خیرات کرے[2]، اس حدیث کی روایت امام احمد، ابوداؤد اور ابن ماجہ نے کی ہے۔

---

[1] لیکن حضور رحمۃ للعالمین ہیں ایسا نہیں کیے۔ اس سے نماز جمعہ کی اہمیت تاکید اور فرضیت معلوم ہوتی ہے کہ جو نماز جمعہ کا تارک ہوگا وہ ایسے عذاب کا مستحق ہوگا)

[2] مال کا خرچ کرنا نفس پر بہت گراں ہوتا ہے، مال کے بچانے کے خیال سے، مال کے خرچ کا بار اس پر نہ پڑنے کے خوف سے بھی وہ جمعہ ترک کرنا چھوڑ دے گا، اس لیے نماز جمعہ ترک نہ کرنے کا ایک یہ بھی علاج بتایا گیا ہے)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

تمہید

نماز جمعہ کے واجب ہونے کی شرطیں یہ ہیں۔

(۱) مقیم ہونا، مسافر پر نماز جمعہ واجب نہیں (۲) تندرست ہونا، مریض پر نماز واجب نہیں۔

(۳) آزاد یعنی غلام نہ ہونا، غلام پر نماز جمعہ واجب نہیں (۴) مرد ہونا، عورت پر نماز جمعہ واجب نہیں۔

(۵) عاقل ہونا، دیوانہ پر جمعہ واجب نہیں (۶) بالغ ہونا، بچوں پر جمعہ واجب نہیں۔

جمعہ واجب ہونے کے لیے یہ شرائط ہیں۔ ان شرائط کے نہ پائے جانے کے باوجود اگر کوئی شخص نماز جمعہ پڑھ لے، مثلاً مسافر یا مریض جمعہ پڑھ لے تو ان کا جمعہ ادا ہو جائے گا۔ اور فرض ظہر کی ادائی ان سے ساقط ہو جائے گی۔

نماز جمعہ کے اداء یعنی صحیح ہونے کی شرطیں یہ ہیں۔

(۱) مصر (وہ مقام جہاں کے لوگ جمع ہوں تو وہاں کی بڑی مسجد میں نہ سماویں) یا فناءِ مصر (حدود مصر کے بعد سے ایک فرسخ یعنی تین میل تک کا علاقہ فناءِ مصر کہلاتا ہے) یا شہر یا قصبہ، کھیڑے یا جنگل میں نماز جمعہ درست نہیں۔

(۲) ظہر کا وقت، وقت ظہر سے پہلے اور ظہر کا وقت نکل جانے کے بعد نماز جمعہ درست نہیں۔

(۳) خطبہ۔ بغیر خطبہ کے نماز جمعہ نہ ہوگی۔

(۴) خطبہ کا نماز سے پہلے ہونا۔ نماز کے بعد خطبہ پڑھا جائے تو نماز نہیں ہوگی۔

(۵) خطبے کا وقت ظہر کے اندر ہونا، وقت ظہر شروع ہونے سے پہلے خطبہ پڑھ لیا جائے تو نماز جمعہ نہ ہوگی۔

(۶) جماعت یعنی امام کے سوا کم از کم تین آدمیوں کا شروع خطبہ سے پہلی رکعت کے پہلے سجدہ تک موجود ہونا، اگر سجدۂ اولیٰ سے پہلے ان تین آدمیوں میں سے ایک بھی چلا جائے تو نماز فاسد ہو جائے گی ہاں اگر پہلی رکعت کا سجدۂ اولیٰ کرنے کے بعد چلا جائے تو کوئی حرج نہیں۔

(۷) ایسے مقام پر نماز جمعہ پڑھنا جہاں نماز جمعہ کے لیے آنے کی لوگوں کو عام اجازت ہو، اگر ایسے مقام میں نماز جمعہ پڑھی جائے جہاں لوگوں کو آنے کی عام اجازت نہ ہو یا مسجد کے دروازے بند کر کے نماز جمعہ پڑھی جائے تو نماز جمعہ نہ ہوگی، جمعہ کے اداء یعنی صحیح ہونے کے یہ شرائط ہیں، ان شرائط کے نہ پائے جانے کے باوجود اگر کوئی شخص نماز جمعہ پڑھ لے، مثلاً جنگل میں پڑھے تو اس کی نماز جمعہ صحیح نہ ہوگی۔ اور اس کو فرض ظہر پڑھنا ہوگا۔ الحاصل جمعہ کے وجوب اور جمعہ کے ادا میں فرق یہ ہے کہ وجوب کے شرائط نہ پائے جانے کے باوجود اگر کوئی نماز جمعہ پڑھ لے تو نماز جمعہ ادا ہو جائے گی، اور ظہر کے فرض اس سے ساقط ہو جائیں گے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اس کے برخلاف اگر کوئی شخص جمعہ کے اداء کے شرائط نہ پائے جانے کے باوجود جمعہ پڑھے تو نماز جمعہ راست نہ ہوگی، اور اس کو فرض ظہر پڑھنا ہوگا (ردالمحتار، ہدایہ، شرح وقایہ ملتقی) جمعہ کے وجوب کے شرائط اور جمعہ کے اداء یعنے صحت کے شرائط تو آپ سُن چکے مگر عام طور پر ایک غلطی ہو رہی ہے اس کا ازالہ بھی ضروری ہے، عموماً یہ سمجھا جا رہا ہے کہ جمعہ کے شرائط میں دارالاسلام کا ہونا بھی ضروری ہے دارالحرب میں جمعہ قائم کرنا صحیح نہیں ہے، اس بارے میں کوئی کتاب میں لکھا ہے معلوم نہیں کہ یہ شرط عوام نے کہاں سے نکالی ہے۔ فقہ میں اس کا کہیں تذکرہ نہیں ہے، دارالحرب ہو یا دارالامان، ان میں جمعہ قائم کرنا صحیح ہے، صحیح ہے، جمعہ ادا ہوجاتا ہے پھر ظہر پڑھنے کی ضرورت نہیں، شاید عوام کو اس سے دھوکا ہو رہا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم مکہ معظمہ میں جب کہ وہ دارالحرب تھا جمعہ نہیں ادا فرمایا، حالانکہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا مکہ مکرمہ میں جمعہ نہ پڑھنا دارالحرب ہونے کی وجہ سے نہیں تھا بلکہ اس وجہ سے جمعہ نہیں پڑھا گیا کہ کفار جمعہ قائم کرنے ہی نہیں دیتے تھے، اس لیے دارالاسلام کی طرح دارالحرب اور دارالامن میں جمعہ قائم کرنا چاہیئے اور ظہر پڑھنے کی ضرورت نہیں۔ اس تمہید کو ذہن نشین رکھ کر ذیل کی احادیث کو پڑھیئے۔

۱۲۹۵ وَعَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ أَنَّهُ قَالَ قَالَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ لَا جُمُعَةَ وَلَا تَشْرِيْقَ إِلَّا فِي مِصْرٍ جَامِعٍ رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ بِسَنَدٍ صَحِيْحٍ مَوْقُوْفًا وَرَوَى عَبْدُ الرَّزَّاقِ وَالْبَيْهَقِيُّ وَأَبُوْ عُبَيْدٍ فِي الْغَرِيْبِ وَالْمَرْوَزِيُّ فِي كِتَابِ الْجُمُعَةِ مِثْلَهُ مَوْقُوْفًا وَالْمَوْقُوْفُ فِي مِثْلِ هٰذَا كَالْمَرْفُوْعِ وَقَالَ الْعَلَّامَةُ الْعَيْنِيُّ إِنَّ أَبَا زَيْدٍ زَعَمَ فِي الْأَسْرَارِ أَنَّ مُحَمَّدَ ابْنَ الْحَسَنِ قَالَ رَوَاهُ مَرْفُوْعًا مُعَاذٌ وَسُرَاقَةُ بْنُ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا ثُمَّ قَالَ الْعَلَّامَةُ الْعَيْنِيُّ فَإِنْ قُلْتَ قَالَ النَّوَوِيُّ حَدِيْثُ عَلِيٍّ ضَعِيْفٌ مُتَّفَقٌ عَلٰى ضُعْفِهِ وَهُوَ مَوْقُوْفٌ عَلَيْهِ بِسَنَدٍ ضَعِيْفٍ مُنْقَطِعٍ قُلْتُ كَأَنَّهُ لَمْ يَطَّلِعْ إِلَّا

حضرت ابو عبدالرحمٰن سلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ امیر المؤمنین حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ (جمعہ کے اداء کے شرائط میں سے یہ ہے کہ) نماز جمعہ مصر جامع میں ادا کی جائے[۱] حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ بھی فرمایا کہ تکبیرات تشریق بھی مصر جامع میں ہی پڑھی جائیں۔ اس کی روایت ابن ابی شیبہ نے سند صحیح کے ساتھ کی ہے، اور عبدالرزاق، بیہقی، اور ابو عبید نے بھی اس کی روایت کی ہے، اور مروزی نے اس کی روایت کتاب الجمعہ میں اسی طرح کی ہے اور علامہ عینی رحمۃ اللہ نے ابوزید رحمۃ اللہ کے حوالہ سے لکھا ہے کہ امام محمد بن الحسن رحمہ اللہ نے فرمایا ہے کہ اس حدیث کی روایت حضرت معاذ اور حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے مرفوعاً کی ہے۔

[۱] (اگر وہاں کے لوگ اس مقام کی بڑی مسجد میں جمع ہوں تو اس مسجد میں نہ سما سکیں، مصر سے کم از کم ایسا مقام مراد ہے اور اس سے زیادہ خواہ کتنا ہی بڑا مقام ہو وہ مصر ہی کہلائے گا)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

عَلَى الْاٰثَارِ الَّذِيْ فِيْهِ الْحَجَّاجُ بْنُ اَرْطَاةَ وَلَمْ يَطَّلِعْ عَلٰى طُرُقِ جَرِيْرٍ عَنْ مَّنْصُوْرٍ فَاِنَّهٗ سَنَدٌ صَحِيْحٌ۔

۱۷۹۶ وَعَنِ الْحَارِثِ عَنْ عَلِيٍّ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ لَاجُمُعَةَ وَلَا تَشْرِيْقَ وَلَا صَلٰوةَ فِطْرٍ وَلَا اَضْحٰى اِلَّا فِيْ مِصْرٍ جَامِعٍ اَوْ مَدِيْنَةٍ عَظِيْمَةٍ رَوَاهُ ابْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ مَوْقُوْفًا وَصَحَّحَهُ ابْنُ حَزْمٍ۔

حضرت حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ امیر المومنین حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ (نماز جمعہ کے اداء کے شرائط میں سے یہ ہے کہ نماز جمعہ (کم سے کم) مصر جامع میں ادا کی جائے (زیادہ سے زیادہ کی کوئی حد نہیں) بڑے سے بڑے شہر میں بھی جمعہ قایم ہوتا ہے، (اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ بھی فرمایا کہ) تکبیرات تشریق، نماز عید الفطر، اور نماز عید الاضحیٰ بھی (کم از کم) مصر جامع میں ادا کرنا چاہیئے۔ (ان کے لیے بھی زیادہ سے زیادہ کی کوئی حد نہیں) ان نمازوں کو بڑے سے بڑے شہر میں بھی ادا کرنا چاہیئے۔ اس کی روایت ابن ابی شیبہ نے کی ہے اور ابن حزم نے اس کو صحیح قرار پایا۔

۱۷۹۷ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْجُمُعَةُ عَلٰى مَنْ اٰوَاهُ اللَّيْلُ اِلٰى اَهْلِهٖ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا اگر کوئی وہاں سے نماز جمعہ کے لیے مصر میں آئے تو وہ اطمینان کے ساتھ نماز جمعہ کے بعد اپنے مقام کو رات سے پہلے پہونچ سکے (جس کی مقدار ایک فرسخ یعنی تین میل ہے) اس حدیث کی روایت ترمذی نے کی ہے۔

۱۷۹۸ وَعَنْ رَّجُلٍ مِّنْ اَهْلِ قُبَاءَ عَنْ اَبِيْهِ وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَمَرَنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

قباء کے رہنے والوں میں سے ایک شخص اپنے والد سے جو صحابی ہیں۔ روایت کرتے ہیں کہ ان کے والد نے کہا کہ ہم لوگوں کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

له (کہ جمعہ کے اداء کے شرائط میں سے یہ ہے کہ نماز جمعہ مصر میں ادا کی جائے، اگر کوئی جنگل یا کھیڑے میں جمعہ ادا کرے تو اس کا جمعہ صحیح نہیں ہوگا۔ اس کو ظہر پڑھنا پڑے گا۔ اب رہا فناء مصر تو فناء مصر میں بھی (مصر کی طرح) جمعہ صحیح ہوتا ہے (ظہر پڑھنے کی ضرورت نہیں، فناء مصر سے کیا مراد ہے۔ اس کو اس حدیث میں بتلایا گیا ہے کہ وہ مقام جس کو فناء مصر کہتے ہیں، وہ مصر سے اتنے فاصلہ پر ہو کہ جس کی مقدار ایک فرسخ یعنی تین میل ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

أَنْ تَشْهَدَ الْجُمُعَةَ مِنْ قُبَاءٍ ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

۱۷۹۹ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ قَالَ خَطَبَنَا رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا أَيُّهَا النَّاسُ تُوْبُوْا إِلَى اللهِ قَبْلَ أَنْ تَمُوْتُوْا وَبَادِرُوْا بِالْأَعْمَالِ الصَّالِحَةِ قَبْلَ أَنْ تُشْغَلُوْا وَصِلُوا الَّذِيْ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ رَبِّكُمْ بِكَثْرَةِ ذِكْرِكُمْ لَهُ وَكَثْرَةِ الصَّدَقَةِ فِي السِّرِّ وَالْعَلَانِيَةِ تُرْزَقُوْا وَتُنْصَرُوْا وَتُجْبَرُوْا وَاعْلَمُوْا أَنَّ اللهَ قَدِ افْتَرَضَ عَلَيْكُمُ الْجُمُعَةَ فِيْ مَقَامِيْ هٰذَا فِيْ يَوْمِيْ هٰذَا فِيْ شَهْرِيْ هٰذَا مِنْ عَامِيْ هٰذَا إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فَمَنْ تَرَكَهَا فِيْ حَيَاتِيْ أَوْ بَعْدِيْ وَلَهُ إِمَامٌ عَادِلٌ وَجَائِرٌ اِسْتِخْفَافًا بِهَا أَوْ جُحُوْدًا لَهَا فَلَا جَمَعَ اللهُ شَمْلَهُ وَلَا بَارَكَ لَهُ فِيْ أَمْرِهِ أَلَا وَلَا صَلٰوةَ لَهُ وَلَا زَكٰوةَ لَهُ وَلَا حَجَّ لَهُ وَلَا صَوْمَ لَهُ وَلَا بِرَّ لَهُ حَتّٰى يَتُوْبَ فَمَنْ تَابَ تَابَ اللهُ عَلَيْهِ ۔

(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالْبَيْهَقِيُّ)

نے ارشاد فرمایا تھا کہ وجوب کے طور پر نہیں بلکہ ثواب حاصل کرنے) ہم مسجد نبوی میں جمعہ ادا کرنے کے لیے قباء سے مدینہ منورہ آیا کریں[1] اس حدیث کی روایت ترمذی نے کی ہے۔

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ (ایک دن) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ہم کو خطبہ دیا، ارشاد فرمایا کہ لوگو! موت آنے سے پہلے توبہ کر لو (ورنہ موت آنے کے بعد توبہ نہ کر سکو گے) اور دوسرے کاموں میں پھنس جانے سے پہلے نیک کاموں کے کرنے میں جلدی کرو تم اللہ تعالیٰ سے اپنا تعلق مضبوط کر لو، اللہ تعالیٰ سے تعلق مضبوط کرنے کے لیے (ایک تو) اللہ تعالیٰ کا کثرت سے ذکر کرنا چاہیئے (اور دوسرے) علانیہ اور چھپا کر کثرت سے خیرات کیا کرو، کہ اللہ تعالیٰ کا ذکر اور خیرات اللہ تعالیٰ سے تمہارے تعلق کو مضبوط کر دیں گے (جب اللہ تعالیٰ سے تمہارا تعلق قوی ہوگا تو تم کو رزق کی فکر کی ضرورت نہیں ہوگی) غیب سے تم کو رزق دیا جائے گا، اور اللہ تعالیٰ تمہاری مدد فرمائیں گے۔ اور تمہاری تائید کی جائے گی۔ اور تمہاری شکستہ حالت کو درست کیا جائے گا[2] اور نماز جمعہ میرے اسی مقام، میرے اسی دن، میرے اسی ماہ اور میرے اسی سال میں تم سب پر قیامت تک کے لیے فرض قرار دیگئی ہے۔ پس میری زندگی میں یا میرے بعد خلیفۂ وقت کے ہوتے ہوئے چاہے وہ عادل ہو یا ظالم کوئی نماز جمعہ کو حقیر سمجھ کر یا جمعہ کا منکر بن کر نماز

---

[1] (اس سے معلوم ہوا کہ فناءِ مصر میں جمعہ قائم کرنا صحیح ہے، ظہر پڑھنے کی ضرورت نہیں، اگر کوئی فناءِ مصر سے جمعہ ادا کرنے کے لیے مصر آنا چاہے تو یہ اس کے لیے واجب نہیں، بلکہ مستحب ہوگا۔

[2] یقین مانو کہ اللہ تعالیٰ سے تمہارا تعلق جن امور سے مضبوط ہوتا ہے منجملہ ان کے ایک نماز جمعہ بھی ہے)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

فِي السُّنَنِ وَالْبَزَّارُ وَرَوَى الطَّبْرَانِيُّ فِي الْأَوْسَطِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ نَحْوَهُ ۔

جمعہ ترک کر دے تو اللہ تعالےٰ اس کی پریشان حالی کو دور نہ کرے اور اس کے کاموں میں برکت نہ دے گا سنو جب تک کہ وہ توبہ کر کے نماز جمعہ کا پابند نہ ہو جائے۔ اس وقت تک نہ تو اس کی نماز قبول ہوگی اور نہ اس کی زکوٰۃ ادا ہوگی، اور نہ اس کا حج مقبول ہوگا، اور نہ روزہ، اور نہ اس کی کوئی نیکی قبول ہوگی، پھر اگر وہ توبہ کر کے نماز جمعہ پابندی سے پڑھا کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول فرمائیں گے (اور اس کی دوسری عبادات بھی قبول فرمائیں گے) اس کی روایت ابن ماجہ نے کی ہے اور بیہقی نے اس کی روایت سنن میں کی ہے، اور بزار نے بھی اس کی روایت کی ہے اور طبرانی نے اس کی روایت اوسط میں ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے اسی طرح کی ہے۔

ف: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ نماز جمعہ کے ادا کے شرائط میں سے ایک شرط یہ بھی ہے کہ نماز جمعہ کو سلطان قائم کرے یا سلطان کے اذن اور اجازت سے قائم ہو، عمدۃ الرعایہ میں لکھا ہے کہ فقہا کی تحقیق سے معلوم ہوا کہ نماز جمعہ کے لیے سلطان کا ہونا یا سلطان کی اجازت کا ہونا الوہیت کے لیے ضروری نہیں ہے خواہ یہ شرط الوہیت کے واسطے ہو، یا ضروری ہو، اب یہ شرط باقی نہیں رہی۔ اس وجہ سے کہ ۹۴۵ھ ہجری میں خلیفہ وقت نے تمام دنیا کے مسلمانوں کے لیے اذن عام دیدیا ہے کہ نماز ہر امام اور خطیب پڑھا سکتا ہے، اس لیے اب مزید کسی سلطان یا خلیفہ کی اجازت کی ضرورت ہی نہیں، اور درمختار میں لکھا ہے کہ مجمع الانہر نے اسی پر فتویٰ دیا ہے۔ ۱۲

۱۸۰۰ (۱۱) وَعَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْجُمُعَةُ حَقٌّ وَاجِبٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ فِي جَمَاعَةٍ إِلَّا عَلٰى أَرْبَعَةٍ عَبْدٍ مَمْلُوكٍ أَوِ امْرَأَةٍ أَوْ صَبِيٍّ أَوْ مَرِيضٍ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَفِي شَرْحِ السُّنَّةِ بِلَفْظِ الْمَصَابِيحِ

حضرت طارق بن شہاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ نماز جمعہ کی فرضیت (قرآن وحدیث سے) ثابت ہے اور (نماز جمعہ) ہر مسلمان پر فرض ہے اور (نماز جمعہ کے اداء یعنی صحت کی شرائط میں ایک شرط یہ بھی ہے کہ نماز جمعہ) جماعت سے پڑھی جائے ایک غلام جو کسی کے ملک میں دوسرے

لہ اگر نماز جمعہ جماعت سے نہ پڑھی جائے تو نماز جمعہ صحیح نہ ہوگی، جماعت سے مراد امام کے سوا کم سے کم تین آدمیوں (لفقیہ)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

عَنْ رَجُلٍ مِّنْ بَنِیْ وَآئِلٍ۔

عورت تیسرے بچہ۔ اس کے حکم میں مجنون بھی ہے کہ اس پر بھی جمعہ واجب نہیں چوتھے دا لیبا) بیمار (جس کو جامع مسجد تک آنے میں وقت ہو (اسی کے حکم میں مسافر بھی ہے کہ ان سب پر جمعہ واجب نہیں[1] اس حدیث کی روایت ابوداؤد نے کی ہے۔ اور صاحب شرح السنہ نے مصابیح کے الفاظ سے بنو وائل کے ایک صاحب سے اس کی روایت کی ہے۔

۱۸۰۱ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى
۱۲
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ
بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَعَلَيْهِ الْجُمُعَةُ يَوْمُ
الْجُمُعَةِ اِلَّا مَرِيْضٌ اَوْ مُسَافِرٌ اَوْ
اِمْرَاَةٌ اَوْ صَبِيٌّ اَوْ مَمْلُوْكٌ فَمَنِ
اسْتَغْنٰى بِلَهْوٍ اَوْ تِجَارَةٍ اِسْتَغْنَى
اللّٰهُ عَنْهُ وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ۔

(رَوَاهُ الدَّارُقُطْنِيُّ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس کو اللہ پر اور قیامت کے آنے پر ایمان ہے اس پر جمعہ کے دن جمعہ کی نماز فرض ہے[2] ایک دا لیبا) بیمار (جس کو جامع مسجد تک آنے میں دقت ہو اس پر جمعہ فرض نہیں) ایسا ہی مسافر پر، عورت پر یا بچہ پر یا ایسے غلام پر جو کسی کی ملک میں ہے، ان سب پر جمعہ فرض نہیں، جو شخص نماز جمعہ چھوڑ کر لہو و لعب میں مشغول ہو گیا ہو، یا تجارت میں لگا ہوا ہے تو اس کی یہ بے پروائی بتاتی ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ سے بے پروا ہو گیا تو اللہ تعالیٰ بھی اس سے بے پروا ہو جاتے ہیں، نہ دنیا میں اس کی مدد فرمائیں گے اور نہ آخرت میں اس کو نجات دیں گے۔ نماز جمعہ چھوڑنے والو! تم کو یاد رکھنا چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ کو تمہاری پروا نہیں، وہ سب سے بے پروا ہے، سب اسی کے محتاج ہیں، سب اسی کی تعریف

(بقیہ حاشیہ صـ) کا ہونا ضروری ہے، صدر میں ہر مسلمان پر جمعہ کا فرض ہونا جو کہا گیا ہے وہ عام حکم نہیں ہے اس سے کئی شخص مستثنیٰ ہیں۔

[1] اور اگر یہ جمعہ کے لیے مسجد میں آجائیں اور جمعہ پڑھ لیں تو ان کا جمعہ ادا ہو جائے گا، اور ان کو ظہر پڑھنے کی ضرورت نہیں۔

[2] اس سے معلوم ہوا کہ ہر مسلمان پر نماز جمعہ فرض ہے، مگر یہ حکم عام نہیں ہے، چند لوگ اس حکم سے مستثنیٰ ہیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZUL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کرتے رہتے ہیں راوے پے نمازی اتیرے نماز نہ پڑھنے کا اللہ کی تعریف نہ کرنے کی اللہ کو کچھ پروا نہیں) اس حدیث کی روایت دار قطنی نے کی ہے)

بَابُ التَّنْظِيفِ وَالتَّبْكِيرِ

اس باب میں جمعہ کے دن نماز جمعہ کے لئے غسل کرنا، اپنے پاس جو بہترین کپڑا ہے وہ پہننا اور خوشبو لگانا اور گھر سے جہاں تک ہو سکے، نماز جمعہ کے لیے جلد نکلنا مذکور ہے

وَقَوْلُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ: فَاسْعَوْا إِلَى ذِكْرِ اللّٰهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ.

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔ "اللہ تعالیٰ کے ذکر کی طرف دوڑو، اور خرید و فروخت چھوڑ دو"

ف:۔ دوڑنے سے مراد بھاگنا نہیں ہے، بلکہ اس سے مقصود یہ ہے کہ نماز کے لیے تیاری شروع کر دو اور ذکر اللہ سے جمہور کے نزدیک خطبہ مراد ہے۔

ف:۔ اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ جمعہ کی اذان ہوتے ہی خرید و فروخت حرام ہو جاتی ہے، اور دنیا کے تمام مشاغل جو ذکر الٰہی سے غفلت کا سبب بنتے ہوں اس میں داخل ہیں۔ اذان ہونے کے بعد سب کو ترک کرنا لازم ہے۔

مسئلہ: اس آیت سے نماز جمعہ کی فرضیت، اور بیع وغیرہ مشاغل دنیویہ اور سعی یعنی اہتمام نماز کا وجوب ثابت ہوا اور خطبہ سننے کا ثبوت بھی ہے۔

۱۸۰۲ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ وَأَبِي هُرَيْرَةَ قَالَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اغْتَسَلَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَلَبِسَ مِنْ أَحْسَنِ ثِيَابِهِ وَمَسَّ مِنْ طِيبٍ إِنْ كَانَ عِنْدَهُ ثُمَّ أَتَى الْجُمُعَةَ فَلَمْ يَتَخَطَّ أَعْنَاقَ النَّاسِ ثُمَّ صَلَّى مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ ثُمَّ أَنْصَتَ إِذَا خَرَجَ إِمَامُهُ حَتَّى يَفْرُغَ مِنْ صَلَاتِهِ كَانَتْ

حضرت ابو سعید اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے، یہ دونوں حضرات فرماتے ہیں کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس شخص نے جمعہ کے دن غسل کیا اور اس کے پاس جو کپڑے ہیں، اور ان میں سے جو اچھے کپڑے ہیں (اور جو شریعت میں ناجائز نہیں ہیں) وہ پہنے اگر اس کے پاس خوشبو ہو تو اس کو لگایا، پھر نماز جمعہ کے لیے مسجد میں آیا، اور (مسجد میں) لوگوں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

كَفَّارَةٌ لِّمَا بَيْنَهَا وَبَيْنَ الْجُمُعَةِ الَّتِي قَبْلَهَا رَوَاهُ أَبُوْدَاؤُدَ وَرَوَى الطَّحَاوِيُّ نَحْوَهُ وَفِي رِوَايَةٍ لِأَحْمَدَ لَا يُؤْذِي أَحَدًا فَإِنْ لَّمْ يَجِدِ الْإِمَامَ خَرَجَ صَلَّى مَا بَدَا لَهُ وَإِنْ وَجَدَ الْإِمَامَ قَدْ خَرَجَ جَلَسَ فَاسْتَمَعَ وَأَنْصَتَ حَتَّى يَقْضِيَ الْإِمَامُ جُمُعَتَهُ وَكَلَامَهُ وَرِجَالُهُ رِجَالُ الصَّحِيحِ خَلَا شَيْخِ أَحْمَدَ وَهُوَ ثِقَةٌ قَالَهُ فِي مَجْمَعِ الزَّوَائِدِ۔

کی گردنوں پر سے پھلانگتے ہوئے نہیں گزرا (بلکہ جہاں جگہ ملی وہیں بیٹھ گیا) پھر جو نماز اس کو پڑھنا ہے پڑھی اور پھر جب امام خطبہ کے لیے اُٹھا تو اس وقت سے نماز ختم کرنے تک خاموش رہا، تو ایسے شخص کے وہ سب گناہ جو گزشتہ جمعہ سے اس جمعہ تک ہوئے ہیں، وہ سب بخش دیئے جاتے ہیں، اس کی روایت ابوداؤد نے کی ہے اور امام طحاوی نے بھی اسی طرح روایت کی ہے۔ ابوداؤد اور امام طحاوی کی روایت میں مذکور الصدر الفاظ تھے۔ اور امام احمد کی روایت کے الفاظ یہ ہیں کہ جب مسجد میں آیا تو کسی کو ایذا نہ دی (جہاں جگہ ملی وہیں بیٹھ گیا اور دیکھا کہ) امام ابھی خطبہ کے لیے نہیں نکلا ہے تو جو نماز اس کو پڑھنی ہے، پڑھ لی، اور اگر دیکھا کہ امام خطبہ دینے کے لیے نکل چکا ہے تو بغیر کوئی نماز پڑھے (اپنی جگہ) بیٹھ گیا اور خطبہ سنتا رہا، (اگر اس کو ایسی جگہ ملی کہ وہاں اس کو امام کے خطبہ کی آواز نہیں پہونچ رہی ہے تو خاموش رہا (اس کا خاموش رہنا بھی خطبہ سننے کے حکم میں ہے) یہاں تک کہ امام نے خطبہ اور نماز ختم کر لی، اس حدیث کے راوی صحیح کے راوی ہیں۔

۱۸۰۳ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحْضُرُ الْجُمُعَةَ ثَلَاثَةُ نَفَرٍ فَرَجُلٌ حَضَرَهَا بِلَغْوٍ فَذٰلِكَ حَظُّهُ مِنْهَا وَرَجُلٌ حَضَرَهَا بِدُعَاءٍ فَهُوَ رَجُلٌ دَعَا اللّٰهَ إِنْ شَاءَ أَعْطَاهُ وَإِنْ شَاءَ مَنَعَهُ وَرَجُلٌ حَضَرَهَا بِإِنْصَاتٍ وَسُكُوْتٍ وَلَمْ يَتَخَطَّ رَقَبَةَ مُسْلِمٍ وَلَمْ يُؤْذِ أَحَدًا فَهِيَ كَفَّارَةٌ إِلَى الْجُمُعَةِ الَّتِي

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ نماز جمعہ کے لیے (مسجد میں) آنے والے تین طرح کے ہوتے ہیں، ایک تو ایسا شخص ہے کہ (خطبہ ہو رہا ہے) لوگوں کی گردنوں پر سے پھلانگتا ہوا ایذا دیتا ہوا آ رہا ہے پھر بیٹھا بھی ہے تو کچھ باتیں کر رہا ہے یا اتنا رہ کر رہا ہے، ایسے شخص کو جمعہ سے کوئی حصہ نہیں، دوسرا شخص ایسا

MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

تَلِيهَا وَزِيَادَةُ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ وَذٰلِكَ بِأَنَّ اللّٰهَ يَقُولُ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهُ عَشْرُ أَمْثَالِهَا۔

(رَوَاهُ أَبُو دَاوٗدَ)

ہے کہ لوگوں کی گردنوں پر سے پھلانگتے ہوئے نہیں آیا اور نہ کسی کو ایذا دی، مگر یہ سمجھ کر کہ دُعا کی قبولیت کا وقت ہے (زبان سے) دُعا کر رہا ہے۔ (دل میں دُعا کا خیال رہنا کافی تھا، یہ زبان سے دُعا میں مشغول رہنے کی وجہ سے خطبہ برابر نہیں سُن رہا ہے، اس وجہ سے اس کو بھی جمعہ کا کامل ثواب نہیں ملے گا۔ اب رہی دُعا تو اللہ کو اس کا اختیار ہے کہ چاہے قبول کرے یا نہ کرے۔ تیسرا شخص وہ ہے کہ خطبہ سے پہلے حاضر ہو کر بغیر کسی کو ایذا دئے ہوئے بیٹھا ہے۔ یا خطبہ کے وقت آیا تو کسی کو ایذا نہیں دی، جہاں جگہ ملی وہیں بیٹھ گیا، اور بہت توجہ سے خطبہ سُن رہا ہے تو یہ شخص جمعہ کی غرض پوری کر رہا ہے اس کو یہ صلہ ملے گا کہ اس جمعہ سے لے کر گذشتہ جمعہ تک کے اس کے تمام گناہ معاف ہو جائیں گے، چونکہ اس کو اللہ کی رضامندی مقصود تھی اور کوئی غرض نہ تھی، اس لیے نیکیوں کے ثواب کا اللہ تعالےٰ کے پاس جو قاعدہ مقرر ہے کہ ایک نیکی کو دس گنا کر کے دیتے ہیں، اس لیے سات دن کے سوا اور تین دن کے بھی گناہ معاف کر دیتے ہیں۔ اس کی روایت ابو داؤد نے کی ہے۔

۱۸۰۲ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ[٣] صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِذَا دَخَلَ أَحَدُكُمُ الْمَسْجِدَ وَالْإِمَامُ عَلَى الْمِنْبَرِ فَلَا صَلٰوةَ وَلَا كَلَامَ حَتّٰى يَفْرُغَ الْإِمَامُ

(رَوَاهُ الطَّبْرَانِيُّ فِي الْكَبِيْرِ وَإِسْنَادُهُ حَسَنٌ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ میں نے خود رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو ارشاد فرماتے سنا ہے کہ (جمعہ کے دن جہاں تک ہو سکے جلد مسجد پہنچے) اگر کوئی ایسے وقت آیا کہ امام منبر پر بیٹھا ہے تو اس کو چاہئے کہ امام کے خطبہ سے فارغ ہونے تک (خاموش بیٹھا رہے) اور (دونوں خطبوں کے وقت) کوئی نماز نہ پڑھے اور نہ کوئی کلام کرے، اس کی روایت طبرانی نے کی ہے۔

MARKAZUL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

کی ہے۔

۱۸۰۷ وَعَنْ اَوْسِ بْنِ اَوْسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ غَسَّلَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَاغْتَسَلَ وَبَكَّرَ وَابْتَكَرَ وَمَشٰى وَلَمْ يَرْكَبْ وَدَنَا مِنَ الْاِمَامِ وَاسْتَمَعَ وَلَمْ يَلْغُ كَانَ لَهٗ بِكُلِّ خُطْوَةٍ عَمَلُ سَنَةٍ اَجْرِ صِيَامِهَا وَقِيَامِهَا۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت اوسؓ بن اوس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس نے جمعہ کے دن بیوی سے جماع کرکے خود بھی غسل کیا، اور بیوی کو بھی غسل کرایا (اور سارے خطرات شہوت سے پاک دل لے کر) مسجد کی طرف چلا، اور بہت سویرے مسجد میں پہنچ گیا تاکہ خطبہ ابتداء ہی سے اس کو مل سکے[1] مسجد کو پیدل جائے اور سوار نہ جائے[2] اور امام سے قریب بیٹھے۔ (اوّل وقت جانے کی وجہ سے قریب جگہ مل گئی) اور خطبہ کو بہت دل لگا کر غور سے سنے اور کوئی ایسی حرکت نہ کرے کہ جس سے خطبہ کا ثواب ضائع جائے تو ایسے شخص کو اس کے ہر ہر قدم کے بدلے ایک سال کے روزے اور ایک سال کی شب بیداری کا ثواب ملے گا (یہ ہے خدا کی دین، وہ بڑے قدر داں ہیں، تھوڑی سی عبادت پر بہت بڑا ثواب دیتے ہیں) اس حدیث کی روایت ترمذی، ابوداؤد، نسائی اور ابن ماجہ نے کی ہے۔

۱۸۰۸ وَعَنْ عُبَيْدِ بْنِ السَّبَّاقِ مُرْسَلًا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ

حضرت عبید بن سباق تابعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ مجھ کو یہ حدیث اس طرح پہنچی ہے کہ رسول اللہ

---

[1] شروع اسلام میں مردوں کے ساتھ عورتیں بھی مسجد میں جمع ہوتی تھیں، ایسے موقع پر کوئی شخص آنکھوں کو روک سکتا ہے مگر دل کا روکنا اس کے قابو سے باہر ہے نماز میں کھڑا ہے بے اختیار عورت کا خیال آ رہا ہے جب اگر بیوی سے جماع کرلے تو شہوت کے وساوس اور خطرات دل سے سب نکل جاتے ہیں، اور یکسوئی دل میں پیدا ہوتی ہے۔ اس یکسوئی کے حاصل کرنے کے بارے میں ارشاد ہے کہ جمعہ کی تیاری میں سے ایک یہ بھی ہے کہ بیوی سے جماع کرلے تاکہ شہوت کے خیالات دل سے نکل جائیں، دل سب خطرات سے پاک ہو جائے

[2] عذر سے اگر سوار ہوکر جائے تو وہ اور بات ہے، بغیر عذر کے سواری میں جانے سے غرور اور نخوت پیدا ہوتی ہے۔ اس سے بھی دل کو پاک وصاف کرنے کے لیے ارشاد ہو رہا ہے کہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ف: درمختار میں لکھا ہے کہ جب امام خطبہ شروع کر دے تو حاضرین کو اس کا سننا واجب ہے خواہ امام کے نزدیک بیٹھے ہوں یا دور، اور کوئی ایسا فعل کرنا جو خطبہ سننے میں مخل ہو، مکروہ تحریمی ہے، اور کھانا پینا، بات چیت کرنا، چلنا، پھرنا، سلام کرنا یا سلام کا جواب دینا، سبحان اللہ یا اسی قسم کا کوئی اور وظیفہ پڑھنا، یا کسی کو شرعی مسئلہ بتانا، یا اگر کوئی باتیں کر رہا ہو تو اس کو خاموش رہو کہنا۔ یہ سب چیزیں جیسا کہ حالت نماز میں ممنوع ہیں، ویسا ہی شروع خطبہ سے لے کر دونوں خطبوں کے ختم ہونے تک ممنوع ہیں۔ ۱۲

۱۸۰۵ وَعَنْ عَلِيٍّ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا يَكْرَهُوْنَ الصَّلٰوةَ وَالْكَلَامَ بَعْدَ خُرُوْجِ الْاِمَامِ رَوَاهُ ابْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ وَرِجَالُهٗ ثِقَاتٌ وَرَوَى الطَّحَاوِيُّ نَحْوَهٗ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَابْنِ عَبَّاسٍ۔

حضرت علی، حضرت ابن عباس اور حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت کی گئی ہے کہ خطیب (جس مصلی پر بیٹھا ہے) خطبہ دینے کے لیے جب اپنے مصلی سے اٹھے تو اس وقت سے دونوں خطبوں کے ختم ہونے تک کسی نماز کے پڑھنے یا کلام کرنے کو یہ سب حضرات مکروہ تحریمی) سمجھتے تھے۔ اس کی روایت ابن ابی شیبہ نے کی ہے۔ اور امام طحاوی نے بھی ابن عمر اور ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے اسی طرح روایت کی ہے۔

۱۸۰۶ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَكَلَّمَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَالْاِمَامُ يَخْطُبُ فَهُوَ كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ اَسْفَارًا وَالَّذِيْ يَقُوْلُ لَهٗ اَنْصِتْ لَيْسَ لَهٗ جُمُعَةٌ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ایک شخص[1] ایسے وقت کہ جمعہ کا خطبہ ہو رہا ہو، کوئی کلام کرے تو اس کی مثال اس گدھے کی طرح ہے جس پر مسائل کی کتابیں لدی ہوئی ہوں[2]، اور اگر کسی نے خطبہ کی حالت میں باتیں کرنے والے کو زبان سے کہا) چپ رہو، کہنے والے کو جمعہ کا ثواب نہیں ملے گا اس کی روایت امام احمد نے

---

[1] جس کو معلوم ہے کہ جمعہ کے دونوں خطبوں کے وقت کلام کرنا مکروہ تحریمی ہے باوجود اس کے پھر وہ باتیں کرے۔

[2] یعنی جس طرح اس گدھے کو ان کتابوں سے کوئی فائدہ نہیں، ایسا ہی اس شخص کو جو مسئلہ سے واقف ہونے کے باوجود پھر کلام کرے تو اس مسئلہ کے واقف ہونے سے اس کو کوئی فائدہ نہیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

کی ہے۔

۱۸۰۷ وَعَنْ اَوْسِ بْنِ اَوْسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ غَسَّلَ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ وَاغْتَسَلَ وَبَکَّرَ وَابْتَکَرَ وَمَشٰی وَلَمْ یَرْکَبْ وَدَنَا مِنَ الْاِمَامِ وَاسْتَمَعَ وَلَمْ یَلْغُ کَانَ لَہٗ بِکُلِّ خُطْوَۃٍ عَمَلُ سَنَۃٍ اَجْرِ صِیَامِھَا وَقِیَامِھَا۔

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَآئِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت اوس بن اوس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس نے جمعہ کے دن بیوی سے جماع کر کے خود بھی غسل کیا، اور بیوی کو بھی غسل کرایا (اور سارے خطرات شہوت سے پاک دل لے کر) مسجد کی طرف چلا، اور بہت سویرے مسجد میں پہنچ گیا تاکہ خطبہ ابتداء ہی سے اس کو مل سکے اور مسجد کو پیدل جائے اور سوار نہ جائے اور امام سے قریب بیٹھے۔ (اول وقت جانے کی وجہ سے قریب جگہ مل گئی) اور خطبہ کو بہت دل لگا کر غور سے سنے اور کوئی ایسی حرکت نہ کرے کہ جس سے خطبہ کا ثواب ضائع جائے تو ایسے شخص کو اس کے ہر ہر قدم کے بدلے ایک سال کے روزے اور ایک سال کی شب بیداری کا ثواب ملے گا (یہ ہے خدا کی دین، وہ بڑے قدر داں ہیں تھوڑی سی عبادت پر بہت بڑا ثواب دیتے ہیں) اس حدیث کی روایت ترمذی، ابو داؤد، نسائی اور ابن ماجہ نے کی ہے۔

۱۸۰۸ وَعَنْ عُبَیْدِ بْنِ السَّبَّاقِ مُرْسَلًا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ

حضرت عبید بن سباق تابعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ مجھ کو یہ حدیث اس طرح پہنچی ہے کہ رسول اللہ

لہ شروع اسلام میں مردوں کے ساتھ عورتیں بھی مسجد میں جمع ہوتی تھیں، ایسے موقع پر کوئی شخص آنکھوں کو روک سکتا ہے مگر دل کا روکنا اس کے قابو سے باہر ہے نماز میں کھڑا ہے بے اختیار عورت کا خیال آرہا ہے جب اگر بیوی سے جماع کرے تو شہوت کے وساوس اور خطرات دل سے سب نکل جاتے ہیں، اور یکسوئی دل میں پیدا ہوتی ہے۔ اس یکسوئی کے حاصل کرنے کے بارے میں ارشاد ہے کہ جمعہ کی تیاری میں سے ایک یہ بھی ہے کہ بیوی سے جماع کرے تاکہ شہوت کے خیالات دل سے نکل جائیں، دل سب خطرات سے پاک ہو جائے

لہ عذر سے اگر سوار ہو کر جائے تو وہ اور بات ہے، بغیر عذر کے سواری میں جانے سے غرور اور نخوت پیدا ہوتی ہے۔ اس سے بھی دل کو پاک وصاف کرنے کے لیے ارشاد ہو رہا ہے کہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

سَلَّمَ فِيْ جُمُعَةٍ مِّنَ الْجُمَعِ يَا مَعْشَرَ الْمُسْلِمِيْنَ إِنَّ هٰذَا يَوْمٌ جَعَلَهُ اللّٰهُ عِيْدًا فَاغْتَسِلُوْا وَمَنْ كَانَ عِنْدَهٗ طِيْبٌ فَلَا يَضُرُّهٗ أَنْ يَّمَسَّ مِنْهُ وَعَلَيْكُمْ بِالسِّوَاكِ ۔

رَوَاهُ مَالِكٌ وَرَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ عَنْهُ وَهُوَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ مُتَّصِلًا ۔

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ایک جمعہ میں ارشاد فرمایا، مسلمانو! جمعہ کا دن (بڑی) عظمت والا دن ہے اللہ تعالیٰ نے اس دن کو مسلمانوں کے لیے عید بنایا ہے (عید کے دن تم غسل کیا کرتے ہو، جمعہ بھی عید کا دن ہے) جمعہ کے دن بھی غسل کیا کرو، اگر کسی کے پاس خوشبو موجود ہو تو اس کو چاہیئے کہ خوشبو لگالے اور تم اس دن ضرور مسواک کیا کرو (تاکہ اس سے منہ کی بو باقی نہ رہے، اور طہارت کامل ہو جائے) اس حدیث کی روایت امام مالک نے کی ہے اور ابن ماجہ نے بھی عبید بن سباق کے واسطے سے ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے اور حضرت ابن عباس فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے ایسا ہی سنا ہے۔

۱۸۰۹ / ۸ وَعَنِ الْبَرَاءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَقًّا عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ أَنْ يَّغْتَسِلُوْا يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَلْيَمَسَّ أَحَدُهُمْ مِّنْ طِيْبِ أَهْلِهٖ فَإِنْ لَّمْ يَجِدْ فَالْمَاءُ لَهٗ طِيْبٌ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ ۔

حضرت براء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جمعہ کا غسل ثابت ہے یعنے ہر مسلمان کے لیے مشروع ہے (جمعہ کے دن نماز جمعہ کے لیے غسل کرے یہ مستحب ہے) غیروں سے خوشبو مانگنے کی ضرورت نہیں، اپنے پاس یا اپنے گھر والوں کے پاس خوشبو ہو تو اس کو لگالے، اگر خوشبو نہ پائے تو اس کے لیے پانی ہی خوشبو ہے[1]۔ اس حدیث کی روایت امام احمد اور ترمذی نے کی ہے۔

۱۸۱۰ / ۹ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَوَضَّأَ فَأَحْسَنَ الْوُضُوْءَ ثُمَّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا (اگرچہ غسل کرنا جمعہ کے

---

[1] (یعنی غسل کرنا ہی خوشبو کے برابر ہے کہ اس سے خوشبو کا مقصد ایک حد تک پورا ہو جائے گا کیونکہ پانی سے میل کچیل اور جسم کی بدبو اور پسینہ دور ہو جاتا ہے۔

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

اَتَى الْجُمُعَةَ فَاسْتَمَعَ وَاَنْصَتَ غُفِرَ لَهٗ مَا بَيْنَهٗ وَبَيْنَ الْجُمُعَةِ وَزِيَادَةُ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ وَمَنْ مَسَّ الْحَصٰى فَقَدْ لَغَا۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

دن مستحب تھا، کسی وجہ سے نہ کر سکا تو خیر) وضو ہی کرے اور وضو کو گھر ہی سے) مستحبات اور سنن کی پابندی کے ساتھ کیا، پھر جمعہ کے لیے مسجد آیا اور امام کے نزدیک ہو کر بیٹھا غور سے اور خاموشی کے ساتھ خطبہ سنتا رہا تو اس کو یہ صلہ ملے گا کہ اس جمعہ سے لے کر گزشتہ جمعہ تک کے تمام گناہ معاف ہو جاتے ہیں (اس کے علاوہ اور تین دن کے گناہ بھی معاف کر دیئے جائیں گے) اور جو (خطبہ کی حالت میں بجائے دل لگا کر خطبہ سننے کے) کنکریاں الٹ پلٹ کرتا رہا تو اس نے لغو فعل کیا (اور اس لغو فعل کی وجہ سے اس کو خطبہ کا کامل ثواب نہیں ملے گا) اس کی روایت مسلم نے کی ہے۔

۱۸۱۱ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَ يَوْمُ الْجُمُعَةِ وَقَفَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ عَلٰى بَابِ الْمَسْجِدِ يَكْتُبُوْنَ الْاَوَّلَ فَالْاَوَّلَ وَمَثَلُ الْمُهَجِّرِ كَمَثَلِ الَّذِىْ يُهْدِىْ بُدْنَةً ثُمَّ كَالَّذِىْ يُهْدِىْ بَقَرَةً ثُمَّ كَبْشًا ثُمَّ دَجَاجَةً ثُمَّ بَيْضَةً فَاِذَا خَرَجَ الْاِمَامُ طَوَوْا صُحُفَهُمْ وَيَسْتَمِعُوْنَ الذِّكْرَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب جمعہ کا دن ہوتا ہے تو فرشتے (جامع) مسجد کے ہر دروازہ پر (صبح ہی سے) ٹھہرتے ہیں اور ترتیب وار ہر آنے والے کا نام لکھتے رہتے ہیں، جمعہ کے دن سویرے اول وقت جو لوگ مسجد میں آتے ہیں۔ ان میں سے ہر ایک کو وہ ثواب ملتا ہے جو ثواب مکہ معظمہ کی طرف قربانی کے لیے اونٹ بھیجنے والے کو ملتا ہے۔ اس کے بعد جو لوگ مسجد میں آتے ہیں ان کو وہ ثواب ملتا ہے جو ثواب کہ مکہ معظمہ کی طرف قربانی کے لیے گائے بھیجنے والے کو ملتا ہے اور اس کے بعد جو لوگ مسجد میں آتے ہیں ان کو وہ ثواب ملتا ہے جو ثواب کہ مکہ معظمہ کی طرف قربانی کے لیے مینڈھا بھیجنے والے کو ملتا ہے اور اس کے بعد جو لوگ مسجد میں آتے ہیں ان کو وہ ثواب ملتا ہے جو ثواب کہ مکہ معظمہ میں خیرات کے لیے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMI ISLAMIA ACADEMY

مرغ بھیجنے والے کو ملتا ہے، اور اس کے بعد جو لوگ مسجد میں آتے ہیں، ان کو وہ ثواب ملتا ہے جو ثواب کہ مکہ معظمہ میں خیرات کے لیے انڈا بھیجنے والے کو ملتا ہے (اسی طرح یہ ثواب گھٹتا رہتا ہے،) یہاں تک کہ خطیب خطبۂ جمعہ کے لیے اُٹھتا ہے تو فرشتے اپنے دفتر کو لپیٹ لیتے ہیں[1] اور فرشتے خطبہ سننے کے لیے مسجد میں آجاتے ہیں اور خطبہ سننے میں لگ جاتے ہیں (بخاری اور مسلم)

۱۸۱۲ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ
۱۱ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یُقِیْمَنَّ
اَحَدُکُمْ اَخَاہُ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ ثُمَّ
یُخَالِفُ اِلٰی مَقْعَدِہٖ فَیَقْعُدُ فِیْہِ وَلٰکِنْ
یَقُوْلُ اِفْسَحُوْا۔
(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم نے ارشاد فرمایا کہ کوئی شخص جمعہ کے دن اپنے بھائی کو خود اس کی جگہ بیٹھنے کے لیے ہرگز اس کی جگہ سے نہ اٹھائے، بلکہ یہ کہے کہ ذرا ذرا ہٹ کر مجھے بھی جگہ دو۔ (مسلم)

۱۸۱۳ وَعَنْ نَافِعٍ قَالَ سَمِعْتُ
۱۲ ابْنَ عُمَرَ یَقُوْلُ نَھٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنْ یُّقِیْمَ
الرَّجُلُ الرَّجُلَ مِنْ مَّقْعَدِہٖ وَ
یَجْلِسَ فِیْہِ قِیْلَ لِنَافِعٍ فِی
الْجُمُعَۃِ قَالَ فِی الْجُمُعَۃِ وَغَیْرِھَا۔
(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت نافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو یہ فرماتے سُنا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے کسی شخص کو اس کی جگہ سے اٹھا کر خود اس کی جگہ بیٹھنے سے منع فرمایا ہے، نافع سے دریافت کیا گیا کہ کیا یہ ممانعت صرف جمعہ کے لیے ہے؟ تو حضرت نافع جواب دیا، نہیں، یہ ممانعت جمعہ کے لیے بھی ہے اور جمعہ کے سوا دوسری نمازوں کے لیے بھی ہے[2]۔ (بخاری و مسلم)

۱۸۱۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ سَلَامٍ قَالَ
۱۳

حضرت عبد اللہ بن سلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے

---

[1] یعنے امام خطبہ کے لیے اُٹھنے کے بعد جو لوگ مسجد میں آتے ہیں ان کا نام فرشتے فہرستوں میں لکھنا بند کر دیتے ہیں۔

[2] وہاں اگر کوئی شخص ایثار کے طور پر خود اُٹھ کر دوسرے کو اپنی جگہ بٹھائے تو اس شخص کا بیٹھنا جائز ہے۔ رد المختار میں ایسا ہی لکھا ہے، اور مرقات میں لکھا ہے کہ کسی کو اس کی مرضی کے خلاف جگہ سے اُٹھا کر خود اس کی جگہ بیٹھ جانا حرام اور ناجائز ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOMIL ISLAMIA ACADEMY

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا عَلٰى اَحَدِكُمْ اِنْ وَجَدَ اَنْ يَّتَّخِذَ ثَوْبَيْنِ لِيَوْمِ الْجُمُعَةِ سِوٰى ثَوْبَيْ مِهْنَتِهٖ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَرَوَاهُ مَالِكٌ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ۔

روایت ہے وہ فرماتے ہیں۔کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا اگر تم میں سے کسی کو گنجائش ہے تو وہ اپنے روزانہ استعمال کے کپڑوں کے علاوہ جمعہ کے لیے ایک جوڑا (خاص) بنائے رکھے۔اس کی روایت ابن ماجہ نے کی ہے۔اور امام مالک نے اس کی روایت یحیی بن سعید سے کی ہے۔

ف: اس حدیث شریف میں جمعہ کے لیے ایک خاص جوڑا بنائے رکھنے کا جو حکم ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ جمعہ کی عزت کرے، اور مقدور کے موافق صاف وستھرے عمدہ کپڑے پہنے جیسے کوئی دربار میں جاتا ہے تو کس اہتمام اور شان سے جاتا ہے۔غرض جمعہ کے دن کیلئے ایک خاص جوڑا بنائے رکھے اور جمعہ کے دن اس کو پہنا کرے۔ (مرقات) ۱۲۔

۱۸۱۵ وَعَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُحْضُرُوا الذِّكْرَ وَادْنُوْا مِنَ الْاِمَامِ فَاِنَّ الرَّجُلَ لَا يَزَالُ يَتَبَاعَدُ حَتّٰى يُؤَخَّرَ فِي الْجَنَّةِ وَاِنْ دَخَلَهَا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ (جمعہ کے دن مسجد میں اوّل وقت آیا کرو صف اوّل میں بیٹھا کرو) جہاں تک ہو سکے، امام سے قریب رہا کرو (تاکہ تم آسانی سے خطبہ سن سکو) بعضوں کی عادت ہوتی ہے کہ وسیع جگہ ملنے کے لیے امام سے دور رہا کرتے ہیں۔ان کو یاد رکھنا چاہیئے کہ وہ جنت میں داخل تو ہوں گے مگر جنت لے جاتے ہیں ان کو پیچھے رکھا جائے گا، ایسا ہی جنت کے مراتب و درجات کے دینے میں بھی ان کو پیچھے ہی رکھا جائے گا۔اس کی روایت ابوداؤد نے کی ہے۔

۱۸۱۶ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ لَاَنْ يُّصَلِّيَ اَحَدُكُمْ بِظَهْرِ الْحَرَّةِ خَيْرٌ لَّهٗ مِنْ اَنْ يَّقْعُدَ حَتّٰى اِذَا قَامَ الْاِمَامُ جَاءَ يَتَخَطّٰى رِقَابَ النَّاسِ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی گئی ہے وہ فرماتے ہیں کہ جب امام کھڑا ہو، (جمعہ کا) جمعہ کا خطبہ دے رہا ہو، ایسے وقت کوئی شخص آیا اور لوگوں کی گردنوں پر سے پھلانگتے ہوئے چلا، ایسا شخص گھر ہی میں بیٹھے رہنا تو اچھا

(رَوَاهُ مَالِكٌ فِي الْمُوَطَّا)

ہوتا۱؎ اس کے لیے گرم پتھروں پر ہی نماز پڑھ لینا لوگوں کی گردنوں پر پھلانگتے ہوئے آگے جانے سے بہتر تھا۔ اس کی روایت امام مالک نے موطا میں کی ہے۔

1817/16 وَعَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ رَجُلًا دَخَلَ الْمَسْجِدَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ فَجَعَلَ يَتَخَطّٰى النَّاسَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِجْلِسْ فَقَدْ اٰذَيْتَ وَاٰنَيْتَ

(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک صاحب جمعہ کے دن مسجد میں ایسے وقت آئے جب کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم خطبہ ارشاد فرما رہے تھے، وہ صاحب لوگوں کی گردنوں پر سے پھلانگتے ہوئے آگے بڑھنے لگے (یہ دیکھ کر) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے فرمایا: وہیں بیٹھ جاؤ۲؎، تم تو ایذاء دیتے ہوئے پھلانگ کر آرہے ہو۳؎ اس حدیث کی روایت ابن ماجہ نے کی ہے۔

1818/17 وَعَنْ اَبِي الزَّاهِرِيَّةِ قَالَ كُنَّا مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُسْرٍ صَاحِبِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَجَاءَ رَجُلٌ يَتَخَطّٰى رِقَابَ النَّاسِ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُسْرٍ

ابوالزاہریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ ہم جمعہ کے دن صحابی رسول عبداللہ بن بسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے (وہ ہم کو احادیث سنا رہے تھے) ایک شخص لوگوں کی گردنوں پر سے پھلانگتے ہوئے ہمارے پاس آرہا تھا، اس کو دیکھ کر عبداللہ

۱؎ کہ وہ خطبہ کے وقت گردنوں پر سے پھلانگنے کے ناجائز عمل کا مرتکب نہ ہوتا۔ جب وہ دیر سے آیا تھا تو پھلانگتے ہوئے آگے جانے کی بجائے اس کو چاہیئے تھا کہ گرم پتھروں پر ہی بیٹھتا اور وہیں نماز پڑھتا۔

۲؎ کیا جمعہ کے لیے آنے کا یہ وقت ہے، تم بہت دیر کرکے آئے ہو، خطبہ شروع ہونے کے بعد بغیر ایذاء دیئے کے بھی پھلانگ کر آنا ناجائز ہے۔

۳؎ یہ تو بہت ہی برا ہے، یوں بھی خطبہ شروع ہونے کے بعد کوئی عمل ہو، ناجائز ہے، پھلانگ کر آنا بھی عمل ہے، اس طرح سے بھی تم ناجائز کام کر رہے ہو، ہاں خطبہ شروع ہونے کے پہلے بغیر کسی کو ایذاء دیئے کہ اگلی صفوں میں خالی جگہ کو پُر کرنے کے لیے پھلانگتے ہوئے جانے میں مضائقہ نہیں، مگر اس کا اندازہ کرنا کہ پھلانگتے ہوئے جانا بغیر ایذاء دیئے کے ہے بہت مشکل ہے، اس لیے پھلانگ کر نہ جائیں بھی تو اچھا ہے۔

www.waseemziyai.com MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

جَاءَ رَجُلٌ يَتَخَطّٰى رِقَابَ النَّاسِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِجْلِسْ فَقَدْ اٰذَيْتَ رَوَاهُ اَبُوْ دَاؤدَ وَالنَّسَائِيُّ بِاِسْنَادٍ جَيِّدٍ وَفِيْ رِوَايَةِ اَحْمَدَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ اِنَّ الَّذِيْ يَتَخَطّٰى رِقَابَ النَّاسِ وَيُفَرِّقُ بَيْنَ اثْنَيْنِ بَعْدَ خُرُوْجِ الْاِمَامِ كَالْجَارِّ قُصْبَهٗ فِي النَّارِ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِلطَّبْرَانِيِّ نَحْوَهٗ وَفِيْهِ رَاَيْتُكَ تُخَطِّيْ رِقَابَ النَّاسِ وَتُؤْذِيْهِمْ مَنْ اٰذٰى مُسْلِمًا فَقَدْ اٰذَانِيْ وَمَنْ اٰذَانِيْ فَقَدْ اٰذَى اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ۔

بن بسر نے فرمایا۔ ایک وقت حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جمعہ کا خطبہ دے رہے تھے، ایک صاحب ایسا ہی گردنوں پر سے پھلانگتے ہوئے آرہے تھے، ان کو دیکھ کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا[1] تمہیں جہاں جگہ ملی وہیں بیٹھ جاؤ، تمہارے پھلانگ کر آنے سے لوگوں کو ایذا پہنچتی ہے۔ اس کی روایت ابو داؤد و نسائی نے کی ہے، اور امام احمد کی روایت میں اس طرح مذکور ہے کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب امام اپنی جگہ سے اٹھ کر جمعہ کا خطبہ دینے کے لیے جا رہا ہو، اس وقت اگر کوئی شخص لوگوں کی گردنوں پر سے پھلانگتا ہوا جائے اور (صف میں بیٹھے ہوئے) دو شخصوں کو چیرتے ہوئے چلے، تو اس کو کچھ خبر ہے کہ وہ کیسے عذاب کا مستحق ہو رہا ہے یاد رکھو کہ مکہ معظمہ میں جس شخص نے بت پرستی کا آغاز کیا تھا، وہ دوزخ میں اپنی آنتیں کھینچتے ہوئے جیسی سزا پائے گا، ویسے ہی یہ شخص بھی جو گردنوں پر سے پھلانگتے ہوئے ایذاء دیتے ہوئے جاتا ہے۔ اس طرح کی سزا پائے گا۔ اور طبرانی کی ایک روایت میں امام احمد کی صدر کی روایت کی طرح مذکور ہے۔ مگر طبرانی کی روایت کے الفاظ اس طرح ہیں کہ[2] سنو کہ جو مسلمانوں کو ایذا دیتا ہے سمجھ لو کہ وہ مجھے ایذا دے رہا ہے، اور جو مجھے ایذا دیتا ہے تو اس کو سمجھنا چاہیئے کہ وہ اللہ تعالیٰ کو ایذا

---

[1] (مجلسوں میں بغیر ایذا دیئے کے پھلانگتے ہوئے اگر کوئی آئے تو یہ جائز ہے، اگر ایذا دیتے ہوئے پھلانگ کر آئے تو ناجائز ہے۔ ان صاحب کے پھلانگتے ہوئے آنے پر مجھے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے زمانے کا واقعہ یاد آیا)

[2] کہ خطبہ کی حالت میں تمہارا پھلانگتے ہوئے آنا ہی ناجائز ہے، پھر ایذاء دیتے ہوئے پھلانگ کر آنا اور بھی برا ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL-ISLAMIA ACADEMY

دے رہا ہے۔ اور جو اللہ کو ایذا دیتا ہے اس کا کیا انجام ہوگا تم کو معلوم ہے۔

1819/18 وَعَنْ يَعْلَى بْنِ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ قَالَ شَهِدْتُّ مَعَ مُعَاوِيَةَ بَيْتَ الْمُقَدَّسِ فَجَمَعَ بِنَا فَنَظَرْتُ فَإِذَا جُلُّ مَنْ فِي الْمَسْجِدِ أَصْحَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَأَيْتُهُمْ مُحْتَبِيْنَ وَالْإِمَامُ يَخْطُبُ رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَقَالَ كَانَ ابْنُ عُمَرَ يَحْتَبِي وَالْإِمَامُ يَخْطُبُ ــــ وَأَنَسُ بْنُ مَالِكٍ وَشُرَيْحٌ وَصَعْصَعَةُ بْنُ صُوْحَانَ وَسَعِيْدُ ابْنُ الْمُسَيَّبِ وَإِبْرَاهِيْمُ النَّخَعِيُّ وَمَكْحُوْلٌ وَإِسْمٰعِيْلُ بْنُ مُحَمَّدِ ابْنِ سَعْدٍ وَنُعَيْمُ بْنُ سَلَامَةَ قَالَ لَا بَأْسَ بِهَا۔

حضرت یعلی بن شداد بن اوس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ بیت المقدس حاضر ہوا حضرت معاویہ نے ہم کو نماز جمعہ پڑھائی، میں نے دیکھا کہ مسجد میں جتنے لوگ ہیں، ان میں سب سے بڑی تعداد نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کے صحابہء کرام کی ہے، میں نے دیکھا کہ امام خطبہ دے رہے تھے اور وہاں جتنے صحابہء کرام موجود تھے وہ سب احتباء کیے ہوئے بیٹھے ہیں۔ اس کی روایت ابوداؤد نے کی ہے اور ابوداؤد نے کہا ہے کہ عبد اللہ بن عمر، انس بن مالک شریح، صعصعہ ابن صوحان، سعید بن المسیب، ابراہیم نخعی، مکحول اسماعیل بن محمد بن سعد اور نعیم بن سلامہ یہ سب حضرات امام کے خطبہ دینے کی حالت میں احتباء کئے ہوئے بیٹھا کرتے تھے، اور ابو داؤد نے یہ بھی کہا ہے کہ جمعہ کے دن امام کے خطبہ دینے کے وقت احتباء کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں، اسی واسطے عمدۃ الرعایہ میں جامع المضمرات کے حوالہ سے لکھا ہے کہ امام کے خطبہ دینے کی حالت میں نمازیوں کے لیے کوئی خاص قسم کا بیٹھنا نہیں ہے چاہیں، تو احتباء کئے ہوئے بیٹھیں، چاہیں چو زانو بیٹھیں، یا جس حالت میں آسانی اور سہولت ہو اس حالت میں بیٹھیں، اب احتباء کے معنی سنئے۔ احتباء یہ ہے کہ مصلی پر اس طرح بیٹھے کہ دونوں گھٹنے کھڑے ہوں اور پیروں کے دونوں تلوے زمین پر جمے ہوئے ہوں، اور دونوں ہاتھوں سے دونوں گھٹنوں کو گھیرے ہوئے ہو، یا کپڑا کمر سے لے کر گھٹنوں سمیت باندھے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

اور زمین پر ٹک کر بیٹھے۔

۱۸۲۰ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا نَعَسَ أَحَدُكُمْ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَلْيَتَحَوَّلْ مِنْ مَجْلِسِهِ ذٰلِكَ ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب کوئی شخص جمعہ کے دن ہو اور اس کو نیند آئے اور اُونگھنے لگے تو اسے چاہیے کہ اپنی جگہ سے اُٹھ کر وہ جگہ بدل دے[1] اس حدیث کی روایت ترمذی نے کی ہے۔

بَابُ الْخُطْبَةِ وَالصَّلٰوةِ

اس باب میں خطبہ جمعہ اور نماز جمعہ کے احکام مذکور ہیں۔

ف: واضح رہے کہ نماز جمعہ کا خطبہ فرض ہے کہ خطبہ کے بغیر نماز جمعہ صحیح نہیں، اور خطبہ کے فرائض دو ہیں:

(۱) وقت یعنے خطبہ زوال کے بعد ہو، اگر زوال سے پہلے خطبہ پڑھا جائے تو نماز نہ ہوگی۔
(۲) خطبہ نماز جمعہ سے پہلے ہو، اگر نماز کے بعد خطبہ پڑھا جائے تو نماز نہ ہوگی۔

جمعہ کے خطبہ میں (۱۵) سنتیں ہیں۔

(۱) خطیب کا طہارت کی حالت میں خطبہ دینا، جنبی اور بے وضو شخص کا خطبہ دینا مکروہ ہے۔
(۲) خطیب جب خطبہ کے لیے منبر پر بیٹھ جائے تو اس کے سامنے مسجد کے دروازے پر کھڑے ہو کر اذان دی جائے۔ یہ مطلب نہیں کہ مسجد میں امام کے سامنے کھڑے ہو کر اذان دی جائے۔
(۳) پہلا خطبہ ختم کرنے کے بعد دوسرا خطبہ شروع کرنے سے پہلے خطیب تین مرتبہ سبحان اللہ کہنے کی مقدار بیٹھے۔
(۴) خطبہ پڑھنے کی حالت میں خطیب کا کھڑا رہنا۔
(۵) خطبہ پڑھنے کی حالت میں خطیب کا رُخ لوگوں کی طرف رہنا اور لوگوں کا رخ خطیب کی طرف رہنا۔
(۶) خطبہ اولیٰ شروع کرنے سے پہلے اپنے دل میں اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم پڑھنا۔
(۷) خطبہ کو حمد و ثناء الٰہی سے شروع کرنا اور ایسے الفاظ سے حمد و ثنا کا بیان کرنا جو شان اور

---

[1] تاکہ حرکت سے نیند اُچاٹ ہو جائے اور نیند کا غلبہ جاتا رہے۔ بخلاف اس کے کسی کو جمعہ کا خطبہ ہوتے وقت نیند آئے تو اٹھ کر جگہ نہیں بدلنا چاہیے۔ اس لیے کہ خطبہ سننے وقت کوئی حرکت جائز نہیں ہے۔)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

عظمت الٰہی کے لائق ہو۔

۸۔ شہادت کے دونوں کلمے یعنی اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ، کہنا۔

(۹) نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجنا۔

(۱۰) بُرے کاموں سے بچنے کی نصیحت اور نیک کاموں کے کرنے کی ترغیب ایسے الفاظ میں بیان کرنا جو نہایت مؤثر ہیں۔

(۱۱) قرآن مجید کی آیتوں کا یا کسی سورت کا پڑھنا۔

(۱۲) دوسرے خطبہ میں پھر ان سب چیزوں کا اعادہ کرنا، اور بجائے وعظ ونصیحت کے مسلمانوں کے لیے دُعا کرنا۔

(۱۳) دوسرے خطبہ میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے آل واصحاب وازواج مطہرات خصوصًا خلفاء راشدین اور حضرت حمزہ اور حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے لیے دُعا کرنا۔

(۱۴) خطبہ کو زیادہ طول نہ دینا، بلکہ نماز سے کم رکھنا۔

(۱۵) خطیب کا خطبہ کے لیے اپنی جگہ سے اُٹھنے کے وقت سے لے کر نماز شروع کرنے تک نہ تو کسی کو سلام کرنا، اور نہ کسی سے کلام کرنا (عینی، ہدایہ)

ف ۲ مسئلہ: کتاب ارکان اربعہ میں مذکور ہے کہ جمعہ کی پہلی اذان کے بعد حسب عادت دُعاء اذان پڑھنا چاہیئے اور جمعہ کی دوسری اذان جو خطیب کے سامنے خطبہ شروع ہونے سے پہلے دی جاتی ہے، اس اذان کے بعد دُعاء اذان نہ تو خطیب پڑھے نہ نمازی، اس لیے کہ خطیب جب اپنی جگہ سے خطبہ دینے کے لیے اُٹھ جاتا ہے تو نماز شروع کرنے تک، سلام، کلام اور دُعاء سب ناجائز ہے۔ جب کبھی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا نام مبارک لیا جائے تو ایک بار درود شریف زبان سے ضرور پڑھے جو نام مبارک سن کر درود شریف نہ پڑھے اس کو حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم بخیل فرماتے ہیں، مگر دو خطبوں کے دوران میں نام مبارک آئے بھی تو زبان سے درود نہ پڑھے، ہاں دل سے درود پڑھ لیا کرے، مگر خطیب جب دوسرے خطبہ میں آیت اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ یُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِیِّ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ط پڑھے تو سب نمازیوں کو چاہیئے کہ آہستہ زبان سے ایک بار درود شریف پڑھیں۔

مسئلہ ۲: دونوں خطبوں کے درمیان جب امام بیٹھے تو اس وقت امام کو یا مقتدیوں کو ہاتھ اٹھا کر یا بغیر ہاتھ اُٹھائے زبان سے دُعا مانگنا جائز نہیں۔ (درمختار)

وَقَوْلُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ: اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ "اللہ تعالیٰ کے ذکر کی طرف دوڑو"۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ UL OLOOM ISLAMIA ACADEMY

۲- وَقَوْلُهٗ
وَتَرَكُوكَ قَآئِمًا

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔
اور تمہیں خطبہ میں کھڑا چھوڑ گئے۔

ف، ایک بار حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جمعہ کا خطبہ ارشاد فرما رہے تھے کہ تجارتی قافلہ مدینہ منورہ آپہنچا، دستور کے مطابق طبل سے اس کا اعلان کیا، تنگی وگرانی کا زمانہ تھا، حاضرین مسجد نے خیال کیا کہ اگر ہم دیر میں پہنچے تو سب مال فروخت ہو جائے گا اور ہم کو مل نہ سکے گا اس خیال سے سب لوگ اٹھ کر چلے گئے، صرف بارہ آدمی رہ گئے، اس پر یہ آیت مبارکہ نازل ہوئی۔

ف، اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ خطبۂ جمعہ کھڑے ہو کر پڑھنا سنت ہے، اور خطبۂ جمعہ کے درمیان بیٹھنا بھی سنت ہے۔

۳- وَقَوْلُهٗ: فَاِذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ
فَانْتَشِرُوْا فِي الْاَرْضِ

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔
پھر جب نماز ہو چکے تو زمین میں پھیل جاؤ۔

ف، نماز جمعہ پڑھ چکنے کے بعد ظہر نہ پڑھے، کیونکہ رب تعالیٰ نے بعد نماز جمعہ پھیل جانے کا حکم دیا ہے جس پر نماز جمعہ فرض ہے اس پر ظہر فرض نہیں، ورنہ چھ نمازیں فرض ہوں گی۔

ف، نماز جمعہ کے بعد لوگوں کے لیے جائز ہے کہ معاش کے کاموں میں مشغول ہوں یا طلب علم، یا عیادت مریض، یا شرکت جنازہ، یا زیارت علماء اور اس کے مثل کاموں میں مشغول ہو کر نیکیاں حاصل کرو۔

۱۸۲۱
۱ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي الْجُمُعَةَ حِيْنَ تَمِيْلُ الشَّمْسُ۔
(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جمعہ کی نماز آفتاب کے ڈھلنے کے بعد یعنی ظہر کا وقت شروع ہونے کے بعد ہی پڑھا کرتے تھے اس کی روایت بخاری نے کی ہے۔

یہ حدیث امام اعظم علیہ الرحمہ کی قوی دلیل ہے کہ جمعہ آفتاب ڈھلنے سے پہلے جائز نہیں ہے، امام احمد کے نزدیک جمعہ سورج نکلنے سے شروع ہو جاتا ہے، یہ حدیث ان کے خلاف ہے۔
ا، سورج ڈھل جانے کے وقت میں نماز جمعہ پڑھنے کا جو اس حدیث میں ذکر ہے وہ ان دنوں کی بات ہے جب کہ گرمی شدید نہ ہوتی تھی، شدید گرمی میں جمعہ ٹھنڈے وقت میں پڑھتے تھے، جیسا کہ حضرت انس کی دوسری روایت میں ہے۔ مقصد یہ ہے کہ جمعہ زوال سے پہلے نہ پڑھتے تھے۔
اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ زوال سے پہلے نماز جمعہ جائز نہیں، اس لیے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ہمیشہ زوال کے بعد نماز جمعہ ادا فرماتے ہیں۔

۱۸ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ مَا كُنَّا نَقِيْلُ وَلَا نَتَغَدّٰى اِلَّا بَعْدَ الْجُمُعَةِ۔

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ہم جمعہ کی نماز سے پہلے نہ قیلولہ کرتے، نہ صبح کا کھانا کھاتے (بلکہ یہ کام

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOLOOMI ISLAMIA ACADEMY

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

نماز جمعہ کے بعد کرتے تھے) اس حدیث کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

ف ، مطلب یہ کہ ہم دوپہر کا کھانا اور دوپہر کا آرام جمعہ کے بعد تک کے لیے مؤخر کر دیتے تھے کیونکہ پہلا وقت ہم تیاری جمعہ میں صرف کر دیتے تھے۔ اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ جمعہ کی نماز صبح سویرے پڑھ لیتے تھے۔ اور یہ حدیث حنفیوں کے مخالف بھی نہیں ہے۔

۱۸۲۳ وَعَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيْدَ قَالَ كَانَ النِّدَاءُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ اَوَّلُهُ اِذَا جَلَسَ الْاِمَامُ عَلَى الْمِنْبَرِ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبِيْ بَكْرٍ وَّ عُمَرَ فَلَمَّا كَانَ عُثْمَانُ وَكَثُرَ النَّاسُ زَادَ النِّدَاءَ الثَّالِثَ عَلَى الزَّوْرَاءِ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے زمانہ میں اور حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے عہد خلافت میں جمعہ کے روز پہلی اذان اس وقت ہوتی تھی، جب کہ امام منبر پر بیٹھ جاتا تھا اور دونوں خطبوں کے ختم ہونے کے بعد نماز جمعہ کے پہلے دوسری اذان یعنی (اقامت کہی جاتی تھی) لیکن حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دور خلافت میں جب آبادی بڑھ گئی (اور لوگوں کی کثرت ہونے لگی اور لوگ دُور دُور تک پھیل گئے تو سب کو اطلاع دینے کے لیے آپ نے جمعہ کے روز جمعہ کا وقت شروع ہونے کے بعد) تیسری اذان کا اضافہ فرمایا جو مقام زوراء میں دی جاتی تھی (اور یہی وہی اذان ہے جو جمعہ کا وقت شروع ہونے کے بعد ہی دی جاتی ہے جس کو اب پہلی اذان کہنا مناسب ہے، یہ اذان اجماع صحابہ سے ثابت ہوتی ہے اور احکام قرآن اور حدیث کی طرح اجماع سے بھی ثابت ہوتے ہیں۔ اس حدیث کی روایت بخاری نے کی ہے۔

۱۸۲۴ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ كَانَتْ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُطْبَتَانِ يَجْلِسُ بَيْنَهُمَا يَقْرَاُ الْقُرْاٰنَ وَيُذَكِّرُ النَّاسَ فَكَانَتْ صَلٰوتُهُ قَصْدًا وَّخُطْبَتُهُ قَصْدًا

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم (جمعہ اور عیدین میں) دو دو خطبے دیا کرتے تھے۔ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی عادت مبارک تھی کہ آپ دو خطبوں کے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-ISLAMIA ACADEMY

(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

درمیان تین بار سبحان اللہ کہنے کی مقدار) بیٹھا کرتے تھے (اور ان دونوں خطبوں کے درمیان حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم دعا نہیں فرماتے تھے) دونوں خطبوں میں کچھ قرآن ضرور پڑھتے تھے۔ (اور خطبوں میں حضور لوگوں کو ایسی نصیحت فرماتے تھے[1] اور حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی نماز بھی متوسط ہوتی تھی، اور خطبہ بھی متوسط ہوتا تھا۔ (نہ زیادہ طویل نہ بہت مختصر) اس حدیث کی روایت مسلم نے کی ہے۔

۱۸۲۵/۵ وَعَنْ عَمَّارٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِنَّ طُوْلَ صَلٰوۃِ الرَّجُلِ وَقِصَرَ خُطْبَتِہٖ مَئِنَّۃٌ مِّنْ فِقْھِہٖ فَاَطِیْلُوا الصَّلٰوۃَ وَاقْصُرُوا الْخُطْبَۃَ وَاِنَّ مِنَ الْبَیَانِ سِحْرًا۔

(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت عمار رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کو ارشاد فرماتے سنا ہے کہ یقیناً نماز کو طویل اور خطبہ کو مختصر پڑھنا انسان کی دانشمندی کی علامت ہے[2]۔ نماز طویل پڑھا کرو (اس لیے کہ نماز مقصود ہے اور جو چیز مقصود ہوتی ہے، وہی طویل ہونی چاہیئے) اور خطبہ (موثر) مختصر دیا کرو، اس لیے کہ بعض بیان جادو کا اثر رکھتے ہیں، اس کی روایت مسلم نے کی ہے

۱۸۲۵/۶ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت

---

[1] جس سے ترغیب و ترہیب ظاہر ہوتی اور خوف اور امید پیدا ہوتی تھی۔

[2] (اس وجہ سے کہ خطبہ میں توجہ الی اللہ کی تعلیم دی جاتی ہے اور نماز میں توجہ الی اللہ حاصل ہو جاتی ہے، توجہ الی اللہ کی تعلیم مختصراً کافی ہے اور توجہ الی اللہ جب نماز میں حاصل ہو جاتی ہے تو نماز میں جس قدر دیر تک رہے۔ وہ بہتر ہے۔ اس لیے خطبہ مختصر اور نماز طویل ہونی چاہیئے۔ اسی مصلحت سے ارشاد ہو رہا ہے کہ خطبہ مختصر دیا کرو، نہ اتنا کم کہ خطبہ کا مقصود حاصل نہ ہو، نہ اتنا طویل کہ سننے والے اکتا جائیں بلیغ انداز سے ضرورت کے موافق خطبہ دیا کرو، اور جب نماز کی نوبت آئے تو جس قدر ہو سکے توجہ الی اللہ میں رہا کرو، تم کو معلوم ہے کہ بعض بیان جادو کا اثر رکھتے ہیں، اور اگر تم مؤثر اور مختصر خطبہ دیا کرو، تو وہ کافی ہے بے اثر طویل خطبہ دینے سے اس لیے تم کو نصیحت کی جا رہی ہے۔

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا خَطَبَ احْمَرَّتْ عَیْنَاہُ وَعَلَا صَوْتُہٗ وَ اشْتَدَّ غَضَبُہٗ حَتّٰی کَاَنَّہٗ مُنْذِرُ جَیْشٍ یَقُوْلُ صَبَّحَکُمْ وَمَسَّاکُمْ وَ یَقُوْلُ بُعِثْتُ اَنَا وَالسَّاعَۃُ کَہَاتَیْنِ وَیَقْرِنُ بَیْنَ اِصْبَعَیْہِ السَّبَّابَۃِ وَالْوُسْطٰی۔

(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

ہے آپ فرماتے ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم خطبہ دیتے تھے[۱] تو غضب کی جیسی حالت آپ پر طاری ہوجاتی تھی اور آواز بلند ہوجاتی تھی، اور آنکھیں سُرخ ہوجاتی تھیں اس وقت پھر آپ جو تقریر فرماتے تھے اس کا عجیب موثر انداز ہوتا تھا، سارے سامعین کو ایسا معلوم ہوتا تھا کہ جیسے غنیم چڑھ آنے کی کیفیت سنی جائے کہ وہ صبح یا شام حملہ کرنے کی تیاری کررہا ہے تو جو ہیبت طاری ہوتی تھی[۲]، میرا آنا قیامت کے آنے کی خبر دے رہا ہے، کلمہ کی انگلی اور بیچ کی انگلی دکھا کر ارشاد فرمایا تھا کہ میرے بعد قیامت ہی ہے[۳]، اس حدیث کی روایت مسلم نے کی ہے۔

۱۸۲۷ وَعَنْ یَعْلَی ابْنِ اُمَیَّۃَ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ یَقْرَأُ عَلَی الْمِنْبَرِ وَنَادَوْا یَا مَالِکُ لِیَقْضِ عَلَیْنَا رَبُّکَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت یعلی بن امیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خطبہ میں سورۂ زخرف (۴۳/۷۷) کی یہ آیت منبر پر پڑھتے ہوئے سُنا ہے۔ اور وہ پکاریں گے اے مالک! تیرا رب ہمیں تمام کر چکے۔ (بخاری و مسلم)

ف: دوزخی کل قیامت کے دن جہنم کے داروغہ سے کہیں گے اے مالک! اپنے رب سے کہو کہ اللہ تبارک وتعالیٰ انہیں موت عطا فرمادیں۔ مالک جہنم کے داروغہ کا نام ہے۔ منکرین وسیلہ کے لیے مقام غور ہے

---

[۱] کیا کہوں حضور کی اس وقت کیسی حالت ہوتی تھی، ایسا معلوم ہوتا تھا کہ اللہ تعالیٰ کی شانِ قہاریت اور اللہ تعالیٰ کے جلالی صفات آپ کے پیش نظر ہیں اور اُمت کے قصور اور ان کی کوتاہیوں کا بھی خیال آرہا ہے، اور میدان قیامت اور وہاں کی پریشانیاں حضور کو یاد آرہی ہیں اس لیے۔

[۲] اور ایسا معلوم ہوتا تھا کہ اب عذاب آتا ہے کہ جب عذاب آتا ہے، چونکہ میدان قیامت بھی خطبہ کے وقت حضور کے پیش نظر رہتا تھا، اس لیے ارشاد فرمارہے ہیں، تم یہ نہ سمجھنا کہ قیامت دُور ہے۔

[۳] بیچ میں کوئی اور پیغمبر نہیں، اس لیے قیامت کو دور نہ سمجھنا، اس حدیث سے اُمت کے خطیبوں کو ارشاد ہورہا ہے۔ اے خطبائے اُمت! یہ خطبہ کے آداب ہیں جو اس حدیث سے ظاہر ہورہے ہیں تم کو خطبہ ایسے انداز سے دینا چاہیئے)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ف: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ خطبہ میں قرآن کی آیتوں کا پڑھنا مسنون ہے (مرقات)

۱۸۲۸ وَعَنْ اُمِّ هِشَامٍ بِنْتِ حَارِثَةَ بْنِ النُّعْمَانِ قَالَتْ مَا اَخَذْتُ قٓ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ اِلَّا عَنْ لِّسَانِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَؤُهَا كُلَّ جُمُعَةٍ عَلَى الْمِنْبَرِ اِذَا خَطَبَ النَّاسَ ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ام ہشام بنت حارثہ بن نعمان رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ میں نے سورۂ قٓ والقرآن المجید، رسول پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی زبان مبارک سے سُن کر یاد کرلی، حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ہر جمعہ کو منبر پر خطبہ میں سورۂ قٓ کی تلاوت (اکثر) فرماتے تھے اس کی روایت مسلم نے کی ہے۔

ف: اس حدیث شریف میں ارشاد ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ہر جمعہ کو خطبہ میں سورۂ قٓ پڑھا کرتے تھے۔ اس بارے میں اشعۃ اللمعات اور مرقات میں اس طرح مذکور ہے کہ حضور کا سورۂ قٓ کو ہر جمعہ میں پڑھنا اس وقت کا واقعہ ہے جب کہ ام ہشام مسجد نبوی میں جمعہ کے لیے حاضر ہوا کرتی تھیں، نہ کہ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم عمر بھر ہمیشہ سورۂ قٓ کو ہر جمعہ میں پڑھتے تھے دوسرے یہ کہ حضور سورۂ قٓ کی پوری سورت ہر جمعہ میں تلاوت نہیں فرماتے تھے، بلکہ ام ہشام کے حاضر ہونے کی مدت میں مختلف خطبوں میں سورۂ قٓ کو تھوڑا تھوڑا کر کے پڑھا کرتے تھے، اس حدیث سے بھی حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے خطبہ میں قرآن کی آیتوں کا پڑھنا ثابت ہوتا ہے۔ ۱۲۔

۱۸۲۹ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ خُطْبَتَيْنِ كَانَ يَجْلِسُ اِذَا صَعِدَ الْمِنْبَرَ حَتّٰى يَفْرُغَ اَرَاهُ الْمُؤَذِّنُ ثُمَّ يَقُوْمُ فَيَخْطُبُ ثُمَّ يَجْلِسُ وَلَا يَتَكَلَّمُ ثُمَّ يَقُوْمُ فَيَخْطُبُ ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم (جمعہ کے دن) دو خطبے پڑھا کرتے تھے (اس کی تفصیل یہ ہے کہ پہلے) آپ منبر پر تشریف فرما ہوتے تھے اس کے بعد جب موذن (آپ کو منبر پر بیٹھے ہوئے دیکھ کر) اذان کہنے سے فارغ ہوتا تو آپ کھڑے ہو کر خطبہ پڑھتے۔ پھر خطبہ اولیٰ سے فارغ ہو کر بیٹھ جاتے تھے، اور اس وقت کچھ کلام نہیں کرتے تھے، پھر دوبارہ کھڑے ہو کر دوسرا خطبہ دیا کرتے تھے، اس کی روایت ابو داؤد نے کی ہے۔

ف: اس حدیث شریف میں مذکور ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کھڑے ہو کر خطبہ دیا کرتے تھے، اس بارے میں درمختار میں لکھا ہے کہ ایسے شہر میں جس کو مسلمانوں نے تلوار کے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMI ISLAMIA ACADEMY

زور پر فتح کیا ہو، جیسے مکہ معظمہ تو وہاں امام تلوار پر ٹیک لگا کر خطبہ دیا کرے، اور ایسے شہر میں جہاں کے لوگ برضا و رغبت مسلمان ہوئے ہوں جیسے مدینہ منورہ امام وہاں تلوار پر ٹیک دے کر خطبہ نہ دے، بلکہ ایسے مقام پر عصا پر ٹیک دے کر خطبہ دیا کرے، اور قہستانی نے محیط کے باب العید کے حوالہ سے اس طرح لکھا ہے کہ جیسے امام کو کھڑے ہو کر خطبہ دینا سنت ہے اسی طرح امام کو خطبہ کے وقت عصا پر ٹیک دے کر خطبہ دینا بھی سنت ہے، ۱۲۔

۱۸۳۰/۱۰ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِنِ الْخُدْرِیِّ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ جَلَسَ ذَاتَ یَوْمٍ عَلَی الْمِنْبَرِ وَجَلَسْنَا حَوْلَہٗ۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ ایک دن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے خطبہ دینے کے لیے منبر پر تشریف رکھی اور ہم سامعین رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی طرف رُخ کئے ہوئے بیٹھے رہے۔ اس کی روایت بخاری نے کی ہے۔

ف، ملتقی میں لکھا ہے "وَاسْتَقْبَلُوْہُ مُسْتَمِعِیْنَ"، یعنی خطبہ سنتے وقت سننے والے امام کی طرف رُخ کئے ہوئے بیٹھے رہیں، اور بحر میں لکھا ہے "اَنَّ السُّنَّۃَ فِی الْمُسْتَمِعِ اِسْتِقْبَالُ الْاِمَامِ بِخِلَافِ کَمَا عَلَیْہِ عَمَلُ النَّاسِ مِنْ اِسْتِقْبَالِ الْمُسْتَمِعِ لِلْقِبْلَۃِ"، یعنی سنت یہ ہے کہ سامعین خطبہ سنتے وقت امام کی طرف رُخ کئے ہوئے رہیں۔ اور آج کل جو عمل درآمد ہے کہ سامعین قبلہ رُخ رہتے ہیں، یہ خلاف سنت ہے۔ اور علامہ عینی رحمہ اللہ نے عمدۃ القاری میں ابن المنذر کے حوالہ سے لکھا ہے کہ خطبہ سنتے وقت سامعین کا امام کی طرف رُخ کئے رہنے پر امام اعظم، امام شافعی، امام احمد بن حنبل امام مالک اور امام اوزاعی وغیرہ اور دوسرے فقہا کا بھی اجماع ہے۔ ۱۲۔

۱۸۳۱/۱۱ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ لَمَّا اسْتَوٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ عَلَی الْمِنْبَرِ قَالَ اِجْلِسُوْا فَسَمِعَ ذٰلِکَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ فَجَلَسَ عَلٰی بَابِ الْمَسْجِدِ فَرَاٰہُ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ تَعَالَ یَا عَبْدَ اللّٰہِ بْنَ مَسْعُوْدٍ۔

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ (ایک دفعہ) جمعہ کے دن خطبہ دینے کے لیے جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم منبر پر تشریف رکھے اور (ملاحظہ کیا کہ کچھ لوگ کھڑے ہیں) تو حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے کھڑے ہوئے حضرات سے فرمایا کہ بیٹھ جاؤ[1] حضور انور

[1] اگرچہ خطبہ کے وقت خطیب کا بات کرنا جائز نہیں ہے مگر امر بالمعروف کرنا جائز ہے، یہاں چونکہ جو صحابہ کھڑے ہوئے تھے ان کا امام کے منبر پر آجانے کے بعد کھڑا رہنا ناجائز تھا، اس لیے حضور نے امر بالمعروف کے لیے بیٹھ جاؤ ارشاد فرمایا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOLOOM-IL-ISLAMIA ACADEMY

(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤد)

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا یہ ارشاد جو بیٹھ جانے کے لیے ہوا تھا، اس وقت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ مسجد کے دروازے کے پاس تھے، یہ ارشاد سنتے ہی ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ حکم کی تعمیل کے لیے دروازے کے پاس ہی بیٹھ گئے[۱] عبداللہ بن مسعود کو ارشاد ہوا (یہ میرا حکم تم سے متعلق نہیں ہے) تم مسجد میں آجاؤ (ابن مسعود کو بلانا بھی امر بالمعروف تھا) اس حدیث کی روایت ابوداؤد نے کی ہے۔

۱۸۳۲ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خَطَبَ وَعَلَیْہِ عِمَامَۃٌ سَوْدَاءُ قَدْ اَرْخٰی طَرَفَیْھَا بَیْنَ كَتِفَیْہِ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

۱۲

حضرت عمرو بن حریث رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جمعہ کے دن سیاہ رنگ کا عمامہ سر پر باندھے خطبہ دیتے اور اس عمامہ کے دونوں کنارے آپ کے دونوں کندھوں کے درمیان لٹکے ہوئے ہوتے۔ اس کی روایت مسلم نے کی ہے۔

ف: اس حدیث شریف میں مذکور ہے کہ عمامہ کے دونوں کنارے کندھوں کے درمیان لٹکے ہوئے تھے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ عمامہ کا ایک کنارہ تو معمولاً دونوں کندھوں کے درمیان لٹکا رہتا ہے اور دوسرا کنارہ بھی عمامہ باندھنے کے بعد عمامہ میں ٹرپنے کی بجائے عمامہ میں سے لے کر نیچے اتار دیا جائے جو دونوں کندھوں کے درمیان پہلے کنارہ کے ساتھ لٹکا ہوا رہے۔

۱۸۳۳ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ وَھْبٍ قَالَ سَمِعْتُ مُعَاوِیَۃَ بْنَ صَالِحٍ یُحَدِّثُ عَنْ اَبِی الزَّاھِرِیَّۃِ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ بُسْرٍ قَالَ كُنْتُ جَالِسًا اِلٰی جَنْبِہٖ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ فَقَالَ جَاءَ رَجُلٌ یَتَخَطّٰی رِقَابَ النَّاسِ یَوْمَ

۱۳

حضرت عبداللہ بن وہب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے معاویہ بن صالح رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سنا ہے اور وہ ابوالزاہر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت کرتے ہیں اور وہ ابوالزاہریہ عبداللہ بن بسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں، ابوالزاہریہ کہتے ہیں کہ میں

[۱] دگر مسجد میں جو لوگ کھڑے ہوئے تھے ان کے بیٹھنے کے لیے حکم ہوا تھا، دروازے کے پاس والے لوگوں کے لیے بیٹھنے کا حکم نہیں ہوا تھا اس لیے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

الْجُمُعَةِ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِجْلِسْ فَقَدْ اٰذَيْتَ وَاٰنَيْتَ رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ وَرَوَى النَّسَائِيُّ وَاَبُوْدَاؤدَ بِاِسْنَادٍ جَيِّدٍ نَحْوَهٗ وَقَالَ الطَّحَاوِيُّ اَفَلَا تَرٰى اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ هٰذَا الرَّجُلَ بِالْجُلُوْسِ وَلَمْ يَاْمُرْهُ بِالصَّلٰوةِ۔

جمعہ کے دن عبداللہ بن بسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا، عبداللہ بن بسر نے مجھ سے فرمایا[1] کہ ایک شخص لوگوں کی گردنوں پر سے پھلانگتا ہوا آرہا تھا تو اس شخص سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا، جہاں جگہ مل جائے وہیں بیٹھ جاؤ۔ (تمہارے پھلانگ کر آنے سے) لوگوں کو ایذا پہنچتی ہے۔ تم بہت دیر کر کے آئے ہو اس کی روایت امام طحاوی نے کی ہے، اور نسائی اور ابو داؤد نے بھی اسی طرح بہتر ین سند سے اس کی روایت کی ہے، اور امام طحاوی نے کہا ہے، صاحبو! دیکھ رہے ہو کہ اس حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پھلانگتے ہوئے آنے والے شخص کو صرف بیٹھ جانے کا حکم فرماتے ہیں، اگر خطبہ کی حالت میں نماز پڑھنا جائز ہوتا تو نماز پڑھ کر بیٹھ جانے کا حکم دیتے صرف بیٹھ جانے کا حکم دینے سے معلوم ہوا کہ خطبہ کی حالت میں نماز پڑھنا جائز نہیں ہے۔

تمہید

حنفی مذہب میں خطبہ کے متعلق دو قول ہیں، صاحبین فرماتے ہیں کہ دونوں خطبے ہوتے وقت صلاۃ و کلام ناجائز ہے، خطبہ شروع ہونے کے پہلے یا خطبہ ختم ہونے کے بعد کلام وغیرہ کر سکتے ہیں، اس وجہ سے کہ خطبہ سننا فرض ہے خطبہ کی حالت میں صلاۃ و کلام ہو تو خطبہ سننے میں خلل پڑتا ہے، بخلاف اس کے اگر خطبہ کے پہلے یا خطبہ کے بعد کلام کیا جائے تو خطبہ سننے میں کوئی خلل نہیں واقع ہوتا۔ اس لیے خطبہ شروع کرنے سے پہلے کلام جائز ہے۔

امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ خطیب جب اپنی جگہ سے خطبہ دینے کے لیے

[1] کہ میں تم کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے زمانے کا ایک واقعہ سناتا ہوں، ایک دن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جمعہ کا خطبہ دے رہے تھے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

اُٹھے جب ہی سے صلاۃ وکلام ناجائز ہے، یہاں تک کہ خطبہ ختم کرکے نماز جمعہ شروع کرے اس لیے کہ بعض وقت کلام طویل ہو جاتا ہے اور خطبہ سننے میں خلل واقع ہونے کا اندیشہ ہو جاتا ہے امام زہری کا بھی ایسا ہی قول ہے۔ ابن ابی شیبہ نے اپنی مصنف میں حضرات علی، ابن عباس اور ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت کیا ہے کہ خطیب کے اپنی جگہ سے خطبہ کے لیے اُٹھنے کے بعد یہ سب حضرات صلاۃ اور کلام کو مکروہ سمجھتے ہیں۔ ان حضرات کے قول سے بھی امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے قول کی تائید ہوتی ہے۔ اس تمہید کو پیش نظر رکھ کر ذیل کی حدیثوں کو پڑھیے۔

۱۸۳۴ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ جَآءَ سُلَيْكُ الْغَطْفَانِيُّ[14] وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَاعِدٌ عَلَى الْمِنْبَرِ فَقَعَدَ سُلَيْكٌ قَبْلَ اَنْ يُّصَلِّيَ فَقَالَ لَهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرَكَعْتَ رَكْعَتَيْنِ قَالَ لَا قَالَ قُمْ فَارْكَعْهُمَا رَوَاهُ النَّسَآئِيُّ فِيْ سُنَنِهِ الْكَبِيْرِ وَبَوَّبَ فِيْهِ عَلٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ وَقَالَ بَابُ الصَّلٰوةِ قَبْلَ الْخُطْبَةِ۔

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ سلیک غطفانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ (جمعہ کے دن مسجد میں) ایسے وقت حاضر ہوئے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم منبر پر تشریف فرما تھے اور ابھی خطبہ شروع نہیں فرمایا تھا تو سلیک نماز پڑھے بغیر بیٹھ گئے، یہ دیکھ کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے فرمایا کیا تم دو رکعت نماز پڑھ چکے ہو؟ انہوں نے عرض کیا، جی نہیں! تو حضور نے ارشاد فرمایا! اٹھو، اور دو رکعت پڑھ لو۔ اس کی روایت نسائی نے سنن کبیر میں کی ہے۔ اس حدیث سے صاحبین کے اس قول کی تائید ہوتی ہے کہ خطبہ شروع کرنے سے پہلے صلاۃ وکلام جائز ہے، اس لیے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت سلیک کو اس وقت نماز پڑھنے کا حکم دیا جب کہ آپ نے ابھی خطبہ شروع نہیں فرمایا تھا۔

۱۸۳۵ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ دَخَلَ رَجُلٌ الْمَسْجِدَ[15] وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُمْ فَارْكَعْ رَكْعَتَيْنِ وَاَمْسَكَ عَنِ الْخُطْبَةِ حَتّٰى فَرَغَ مِنْ صَلٰوتِهٖ رَوَاهُ الدَّارُ قُطْنِيُّ وَفِيْ رِوَايَةٍ لَهٗ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ایک شخص مسجد میں (جمعہ کے دن) ایسے وقت داخل ہو کر بیٹھ گیا جب کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جمعہ کا خطبہ دے رہے تھے، تو ان سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اٹھو دو رکعت پڑھ لو۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اس شخص کے نماز سے فارغ

MARKAZ-UL-OOMIE ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

عَنْ مُعْتَمِرٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ جَآءَ رَجُلٌ وَّالنَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ فَقَالَ يَا فُلَانُ اَصَلَّيْتَ قَالَ لَا قَالَ قُمْ فَصَلِّ ثُمَّ انْتَظَرَهٗ حَتّٰى صَلّٰى۔

ہونے تک خطبہ دینے سے رکے رہے۔ اس کی روایت دارقطنی نے کی ہے اور دارقطنی کی ایک اور روایت جو امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ سے مروی ہے اور وہ معتمر سے روایت کرتے ہیں اور معتمر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں، ان کے والد نے کہا کہ ایک شخص (جمعہ کے دن) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے خطبہ دینے کی حالت میں مسجد میں آکر بیٹھ گیا تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اُن سے فرمایا کہ کیا تم نے نماز پڑھی ہے؟ انھوں نے عرض کیا، جی نہیں، اس پر حضور نے ان سے فرمایا اٹھو اور نماز پڑھ لو، پھر حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے نماز سے فارغ ہونے تک انتظار فرمایا یعنی خطبہ دینے سے رکے رہے۔

۱۸۳۶ / ۱۶ وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَيْثُ اَمَرَهٗ اَنْ يُّصَلِّيَ رَكْعَتَيْنِ اَمْسَكَ عَنِ الْخُطْبَةِ حَتّٰى فَرَغَ مِنْ رَّكْعَتَيْهِ ثُمَّ عَادَ اِلٰى خُطْبَتِهٖ۔

(رَوَاهُ ابْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ)

حضرت محمد بن قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے جب ان کو دو رکعت نماز پڑھنے کے لیے حکم دیا تھا تو ان کے دو رکعت پڑھ کر فراغت حاصل کرنے تک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم خطبہ دینے سے رُکے رہے اور اس کے بعد خطبہ دینے میں مشغول ہوگئے اس کی روایت ابن ابی شیبہ نے کی ہے۔

ف:۔ ان تینوں حدیثوں سے معلوم ہوا کہ خطبہ کی حالت میں نماز پڑھنا جائز نہیں ہے اگر خطبہ کی حالت میں نماز پڑھنا جائز ہوتا تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم خطبہ دینے سے رکے ہوئے نہیں رہتے، حضور کا خطبہ دینے سے رکے رہ کر ان سے نماز پڑھوا لینے سے معلوم ہوا کہ خطبہ کی حالت میں نماز جائز نہیں ہے ۱۲۔

۱۸۳۷ / ۱۷ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ اَلصَّلٰوةُ عَلَى الْمِنْبَرِ مَعْصِيَةٌ رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ وَفِيْهِ عَبْدُ اللهِ بْنُ لَهِيْعَةَ وَثَّقَهٗ اَحْمَدُ وَكَفٰى بِهٖ ذٰلِكَ۔

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ جب امام (خطبہ دینے کے لیے) منبر پر آجائے تو اس وقت نماز پڑھنا گناہ ہے اس کی روایت امام طحاوی نے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کی ہے۔

۱۸۳۸ / ۱۸ وَعَنْ ثَعْلَبَةَ بْنِ اَبِيْ مَالِكٍ نِ الْقُرَظِيِّ اَنَّ جُلُوْسَ الْاِمَامِ عَلَى الْمِنْبَرِ يَقْطَعُ الصَّلٰوةَ ۔ (رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ بِاِسْنَادٍ صَحِيْحٍ)

حضرت ثعلبہ بن ابی مالک قرظی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ جب امام (خطبہ کے لیے) منبر پر بیٹھ جائے تو اس وقت اگر نماز پڑھی جائے بھی تو نہیں ہوتی۔ اس کی روایت امام طحاوی نے کی ہے۔

ف: ان دونوں حدیثوں سے معلوم ہوا کہ امام کے منبر پر بیٹھ جانے کے بعد نماز جائز نہیں اس سے ثابت ہوا کہ عین خطبہ ہوتے وقت نماز بدرجہ اولیٰ جائز نہیں ہے۔ اس لیے کہ نماز پڑھنے سے خطبہ سننے میں خلل واقع ہوتا ہے اور اسی لیے خطبہ ہوتے وقت نماز پڑھنا ممنوع ہے۔ ۱۲

۱۸۳۹ / ۱۹ وَعَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي الرَّجُلِ يَدْخُلُ الْمَسْجِدَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَالْاِمَامُ يَخْطُبُ قَالَ يَجْلِسُ وَلَا يُسَبِّحُ اَيْ لَا يُصَلِّيْ رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ بِاِسْنَادٍ صَحِيْحٍ فَقَدْ رَوَيْنَا فِيْ هٰذِهِ الْاٰثَارِ اَنَّ خُرُوْجَ الْاِمَامِ يَقْطَعُ الصَّلٰوةَ وَاَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ صَفْوَانَ جَاءَ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الزُّبَيْرِ يَخْطُبُ فَجَلَسَ وَلَمْ يَرْكَعْ فَلَمْ يُنْكِرْ ذٰلِكَ عَلَيْهِ عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ الزُّبَيْرِ وَلَا مَنْ كَانَ بِحَضْرَتِهِ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَابِعِيْهِمْ ثُمَّ قَدْ كَانَ شُرَيْحٌ يَفْعَلُ ذٰلِكَ ۔

حضرت ابن شہاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی گئی ہے کہ ان سے ایسے شخص کے متعلق سوال کیا گیا جو جمعہ کے دن ایسے وقت مسجد میں آئے جب کہ امام خطبہ دے رہا ہو، تو وہ کیا کرے تو ابن شہاب نے جواب دیا کہ وہ شخص بیٹھ جائے اور نماز پڑھے (اس لیے کہ خطبہ ہوتے وقت نماز پڑھنا جائز نہیں ہے) اس کی روایت امام طحاوی نے سند صحیح سے کی ہے اور امام طحاوی نے کہا ہے کہ ہم کو ایسی روایتیں پہنچی ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ امام جب اپنی جگہ سے خطبہ کے لیے نکلے تو ایسے وقت اگر نماز پڑھی جائے تو نماز نہیں ہوتی، اس لیے ایسے وقت نماز پڑھنا جائز نہیں بلکہ جہاں جگہ ملے وہیں بیٹھ جانا چاہیے امام طحاوی یہ بھی فرماتے ہیں کہ اس پر میں تم کو صحابہ کے زمانہ کا ایک واقعہ سناتا ہوں۔ عبد اللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک مرتبہ جمعہ کا خطبہ دے رہے تھے، ایسے میں عبد اللہ بن صفوان رضی اللہ تعالیٰ عنہ آئے اور بغیر نماز پڑھے بیٹھ گئے، عبد اللہ بن صفوان کے نماز پڑھے بغیر بیٹھ جانے کو عبد اللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دیکھا اور اس پر کسی

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

قسم کا انکار نہیں فرمایا، اور اس وقت وہاں جو صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم بیٹھے ہوئے تھے اور جو تابعین وہاں موجود تھے، ان سب حضرات نے بھی اس پر انکار نہیں فرمایا (اس سے معلوم ہوا کہ خطبہ کی حالت میں بغیر نماز پڑھے بیٹھنا چاہیئے، اس لیے کہ اس وقت نماز پڑھنا جائز نہیں ہے، اور قاضی شریح بھی کبھی خطبہ ہوتے وقت مسجد میں آجاتے تو نماز پڑھے بغیر بیٹھ جایا کرتے اور اس وقت نماز پڑھنے کو جائز نہیں سمجھتے تھے۔

۱۸۴۰
۲۰ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا ثُوِّبَ بِالصَّلٰوةِ فَلَا یَسْعٰی اِلَیْهَا اَحَدُكُمْ وَلٰكِنْ لِیَمْشِ وَعَلَیْهِ السَّكِیْنَةُ وَالْوَقَارُ صَلِّ مَا اَدْرَكْتَ وَاقْضِ مَا سَبَقَكَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے، آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب نماز کے لیے اقامت ہو جائے تو تم میں سے کوئی (نماز میں شریک ہونے کے لیے) دوڑتے ہوئے نہ آئے، بلکہ سکون و اطمینان کے ساتھ آئے، اب نماز کا جتنا حصہ تم کو امام کے ساتھ مل جائے اس کو امام کے ساتھ پڑھ لو اور جتنا حصّہ تم کو امام کے ساتھ نہ ملے اس کی قضاء کرلو[1] اس حدیث کی روایت مسلم نے کی ہے۔

۱۸۴۱
۲۱ وَعَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِئْتُوا الصَّلٰوةَ وَعَلَیْكُمُ السَّكِیْنَةُ فَصَلُّوْا مَا اَدْرَكْتُمْ وَاقْضُوْا مَا سَبَقَكُمْ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَفِیْ رِوَایَةٍ لَهٗ وَلْیَقْضِ وَرَوٰی اَحْمَدُ عَنْهُ وَمَا فَاتَكُمْ فَاقْضُوْا وَرَوَاهُ ابْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ بِسَنَدٍ جَیِّدٍ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا تم نماز کے لیے (معمولی رفتار سے) اطمینان کے ساتھ آیا کرو، جو کچھ نماز تمہیں مل جائے (جماعت کے ساتھ) پڑھ لو، اور جو باقی رہ جائے اس کو بعد میں پورا کر لو۔ اس کی روایت ابو داؤد نے کی ہے، اور ابو داؤد کی ایک اور روایت

[1] مثلاً جمعہ کی نماز میں کسی کو دوسری رکعت کا سجدہ یا تشہد ملا تو اس کو سمجھنا چاہیئے کہ مجھے مل گیا، جو نماز ملی ہے اس کو تو امام کے ساتھ پڑھ لے اور جو حصہ چھوٹ گیا ہے، یعنی جمعہ کی دونوں رکعتیں جو امام کے ساتھ اس کو نہیں ملی ہیں، ان کو امام کے سلام پھیرنے کے بعد اٹھ کر ادا کر لے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ وَالْبَیْهَقِیُّ بِسَنَدٍ لَّا بَأْسَ بِهٖ۔

اور امام احمد کی روایت بھی ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اسی طرح ہے، اور ابن ابی شیبہ اور بیہقی نے بھی اس کی روایت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے کی ہے۔

۱۸۴۲ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ (۲۲) قَالَ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اسْتَوٰی عَلَی الْمِنْبَرِ اسْتَقْبَلْنَاهُ بِوُجُوْهِنَا رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَفِی الْمَبْسُوْطِ یَسْتَحِبُّ لِلْقَوْمِ اَنْ یَّسْتَقْبِلُوا الْاِمَامَ عِنْدَ الْخُطْبَةِ وَعَنْ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَیْهِ اَنَّهٗ کَانَ اِذَا فَرَغَ الْمُؤَذِّنُ مِنْ اَذَانِهٖ اَدَارَ وَجْهَهٗ اِلَی الْاِمَامِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم (خطبہ دینے کے لیے جب) منبر پر تشریف رکھتے تو ہم (سامعین کسی قدر قبلہ کی طرف سے مڑکر) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی طرف رُخ کئے ہوئے بیٹھتے۔ اس کی روایت ترمذی نے کی ہے اور مبسوط میں مذکور ہے کہ سامعین کے لیے مستحب ہے کہ امام کے خطبہ دیتے وقت سب امام کی طرف رُخ کئے ہوئے رہیں، اور امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ کو دیکھا گیا کہ جب موذن اذان سے فارغ ہو جاتا تو آپ امام کی طرف اپنا رُخ کئے ہوئے خطبہ سنتے تھے۔

۱۸۴۳ وَعَنْ عَلِیِّ بْنِ ثَابِتٍ (۲۳) کَانَ عَلَیْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ اِذَا خَطَبَ اِسْتَقْبَلَهٗ اَصْحَابُهٗ بِوُجُوْهِهِمْ ذَکَرَهُ ابْنُ بَطَّالٍ فِیْ شَرْحِ الْبُخَارِیِّ لٰکِنَّ التَّوَسُّمَ

حضرت علی بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے، آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم جب خطبہ دیا کرتے تو صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم (کسی قدر قبلہ کی طرف سے مڑکر) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی طرف رُخ کئے ہوئے بیٹھتے تھے ابن بطال نے اس کو شرح بخاری میں ذکر کیا ہے۔

۱۸۴۴ وَعَنْ عُمَارَةَ بْنِ رُوَیْبَةَ (۲۴) اَنَّهٗ رَاٰی بِشْرَ بْنَ مَرْوَانَ عَلَی الْمِنْبَرِ رَافِعًا یَدَیْهِ فَقَالَ قَبَّحَ اللّٰهُ هَاتَیْنِ الْیَدَیْنِ لَقَدْ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا یَزِیْدُ عَلٰی اَنْ یَّقُوْلَ بِیَدِهٖ هٰکَذَا وَاَشَارَ

حضرت عمارہ بن رویبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی گئی ہے کہ انھوں نے بشر بن مروان کو دیکھا کہ (خطبہ دیتے ہوئے لوگوں کو خطبہ کی تفہیم کرنے وقت) دونوں ہاتھوں کو اٹھا کر اشارہ کرکے خطبہ کی تفہیم کر رہا تھا جیسا کہ اکثر واعظوں کا طریقہ ہے کہ تقریر کے وقت ہاتھوں سے اشارہ

بِإِصْبَعِهِ الْمُسَبِّحَةِ ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

کیا کرتے ہیں، چونکہ بشیر کی یہ حرکت سنت کے خلاف تھی، اس لیے عمارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ناگوار (گزرا) انہوں نے بد دعا دی کہ ان ہاتھوں کا خدا برا کرے (کہ خلاف سنت ان ہاتھوں سے اشارہ ہو رہا ہے) پھر کلمہ کی انگلی سے اشارہ کر کے کہنے لگے، میں نے دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم بس اس طرح کلمہ کی انگلی سے اشارہ کیا کرتے تھے[1]۔ اس حدیث کی روایت مسلم نے کی ہے۔

بَابُ صَلٰوةِ الْخَوْفِ

(اس باب میں یہ بیان ہے کہ خوف کے وقت نماز کس طرح پڑھنا چاہیئے)

ف درمختار میں لکھا ہے کہ جب کسی دشمن کا سامنا ہونے والا ہو، خواہ دشمن انسان ہو یا درندہ جانور یا کوئی اژدھا وغیرہ اور ایسی حالت میں سب مسلمان یا بعض لوگ بھی مل کر جماعت سے نماز نہ پڑھ سکیں، اور سواریوں پر سے اترنے کی مہلت نہ ہو تو سب لوگوں کو چاہیئے کہ سواریوں پر بیٹھے بیٹھے اشاروں سے تنہا نماز پڑھ لیں، استقبال قبلہ بھی اس وقت شرط نہیں، ہاں اگر دو آدمی ایک ہی سواری پر بیٹھے ہوں تو وہ دونوں جماعت کر لیں، اگر اس کی بھی مہلت نہ ہو تو معذور ہیں کہ اس وقت نماز پڑھیں، اطمینان کے بعد اس کی قضا پڑھیں، اور اگر یہ بھی ممکن نہ ہو کہ کچھ لوگ مل کر جماعت سے نماز پڑھ سکیں، اگرچہ بہت آدمی نہ پڑھ سکتے ہوں تو ایسی حالت میں ان کو جماعت نہ چھوڑنا چاہیئے بلکہ اس طریقے پر نماز پڑھیں کہ تمام مسلمانوں کے دو حصے کر دیئے جائیں ایک حصہ دشمن کے مقابلہ میں رہے اور دوسرا حصہ امام کے ساتھ نماز شروع کر دے، اگر تین یا چار رکعت والی نماز ہو (جیسے ظہر، عصر، مغرب، عشاء اور یہ قصر نہ کر رہے ہوں) تو جب امام دو رکعت نماز پڑھ کر تیسری رکعت کے لیے کھڑا ہونے لگے تو یہ حصہ دشمن کے مقابلہ میں چلا جاوے اور دوسرا حصہ وہاں سے آکر امام کے ساتھ بقیہ نماز پڑھے، امام کو ان لوگوں کے آنے کا انتظار کرنا چاہیئے، پھر جب بقیہ نماز امام تمام کر چکے تو امام سلام پھیر دے اور یہ لوگ سلام پھیرے بغیر دشمن کے مقابلے میں چلے جائیں اور پہلے لوگ یہاں آکر اپنی بقیہ نماز بغیر قرأت کے تمام کر لیں اور سلام پھیر دیں، اس لیے کہ یہ لاحق ہیں، پھر یہ لوگ دشمن کے مقابلہ میں

[1] کلمہ کی انگلی سے اشارہ کرنا سنت ہے۔

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

چلے جائیں، اور دوسرا حصہ یہاں آکر اپنی نماز قرأت کے ساتھ تمام کر لے اور سلام پھیر دے، اس لیے کہ یہ لوگ مسبوق ہیں، بغیر قصر کے صلاۃ خوف کی یہ صورت تھی اور اگر یہ لوگ قصر کرتے ہوں یا دو رکعت والی نماز ہو، جیسے فجر جمعہ، عیدین تو جماعت کا پہلا حصہ امام کے ساتھ ایک رکعت نماز پڑھنے کے بعد دشمن کے مقابلہ میں چلا جائے اور بقیہ نماز کی تکمیل مذکورہ طریقہ پر کی جائے۔

وَقَوْلُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ:

وَإِذَا كُنتَ فِيهِمْ فَأَقَمْتَ لَهُمُ الصَّلَاةَ فَلْتَقُمْ طَائِفَةٌ مِّنْهُم مَّعَكَ وَلْيَأْخُذُوا أَسْلِحَتَهُمْ فَإِذَا سَجَدُوا فَلْيَكُونُوا مِن وَرَائِكُمْ وَلْتَأْتِ طَائِفَةٌ أُخْرَىٰ لَمْ يُصَلُّوا فَلْيُصَلُّوا مَعَكَ وَلْيَأْخُذُوا حِذْرَهُمْ وَأَسْلِحَتَهُمْ وَدَّ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوْ تَغْفُلُونَ عَنْ أَسْلِحَتِكُمْ وَأَمْتِعَتِكُمْ فَيَمِيلُونَ عَلَيْكُم مَّيْلَةً وَاحِدَةً۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

اور اے محبوب! جب تم ان میں تشریف فرما ہو پھر نماز میں ان کی امامت کرو، چاہیئے کہ ان میں ایک جماعت تمہارے ساتھ ہو اور وہ اپنے ہتھیار لیے رہیں پھر جب وہ سجدہ کر لیں تو ہٹ کر پیچھے ہو جائیں، اور اب دوسری جماعت آئے جو اس وقت تک نماز میں شریک نہ تھی، اب وہ تمہارے مقتدی ہوں اور چاہیئے کہ اپنی پناہ اور اپنے سب ہتھیار لیے رہیں، اور کافروں کی تمنا ہے کہ کہیں تم اپنے ہتھیاروں اور اپنے اسباب سے غافل ہو جاؤ تو ایک دفعہ تم پر جھک پڑیں۔

(النساء، ۴/۱۰۲)

ف: غزوۂ ذات الرقاع میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ظہر کی نماز صحابہ کے ساتھ باجماعت ادا فرمائی، مشرکوں کو بہت رنج ہوا کہ ہم کو مسلمانوں کے قتل کا بہت اچھا موقع ملا، مگر ہم چوک گئے۔ بعض کفار بولے کہ مت گھبراؤ عنقریب ان کی عصر کی نماز کا وقت آرہا ہے، وہ نماز تو مسلمانوں کو جان و مال اور اولاد اور ماں باپ سے زیادہ پیاری ہے، جب مسلمان اس کے لیے کھڑے ہوں تو تم پوری قوت سے ان پر حملہ کر دینا، تب حضرت جبرئیل نے نماز خوف پیش کی اور یہ آیات نازل ہوئیں۔

ف: جب جہاد میں دشمن کا خطرہ بڑھ جائے تو آپ نمازیوں کی دو جماعتیں کر دیں، ایک جماعت آپ کے ساتھ ایک رکعت ادا کرے اور دوسری جماعت دشمن کے مقابل رہے، دوسری رکعت میں پہلی جماعت دشمن کے مقابل چلی جائے اور دوسری جماعت آجائے، پھر وہ اپنی بقیہ ایک ایک رکعت پڑھ لیں۔

ف: یہ وہ لوگ جو آپ کے ساتھ رکعت پڑھ رہے ہیں ہتھیار نہ کھولیں، بلکہ اسلحہ کے ساتھ ہی نماز پڑھیں۔ حضرت ابن عباس فرماتے ہیں کہ یہ نمازی وہ ہتھیار رکھیں جو نماز میں خلل نہ ڈالیں، تو جب نماز میں شریک ہونے والے اپنے ساتھ ہتھیار رکھیں گے تو جو دشمن کے مقابلہ میں ہوں گے وہ بدرجۂ اولیٰ اپنے ساتھ ہتھیار رکھیں۔ لہٰذا دونوں جماعتیں ہتھیار ساتھ ساتھ لئے رہیں۔

ف: معلوم ہوا کہ نماز باجماعت ایسی ضروری چیز ہے کہ ایسی سخت جنگ کی حالت میں بھی کسی پر

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

معاف نہ کی گئی، افسوس ان مسلمانوں پر جو بلا وجہ نماز چھوڑ دیتے ہیں، اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ نماز خوف میں درمیان نماز میں چلنا پھرنا، اور کعبہ سے سینہ کا پھر جانا سب کچھ معاف ہے۔ وہ شخص نماز ہی میں رہے گا جیسا کہ اگر نمازی کا درمیان نماز میں وضو ٹوٹ جائے تو اسے وضو کرنے کے لیے جانا پڑتا ہے اور وہ نماز ہی میں رہتا ہے۔

۲- وَقَوْلُهٗ: اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

فَاِنْ خِفْتُمْ فَرِجَالًا اَوْ رُكْبَانًا

پھر اگر خوف میں ہو تو پیادہ یا سوار جیسے بن پڑے۔ (البقرہ، ۲۳۹)

یعنی نماز کی حالت میں دشمن کا خوف اتنا بڑھ جائے کہ ایک جگہ ٹھہرنا ناممکن ہو جائے تو پھر جس طرح ممکن ہو نماز ادا کر لو، اور اگر نماز پڑھنا ممکن ہو تو پھر اس کے لیے وہ طریقہ ہے جو سورۃ النساء کی آیت ۱۰۲ میں گزرا ہے۔

۱۴۲۵ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ غَزَوْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِبَلَ نَجْدٍ فَوَازَيْنَا الْعَدُوَّ فَصَافَفْنَا لَهُمْ فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ لَنَا فَقَامَتْ طَآئِفَةٌ مَّعَهٗ فَاَقْبَلَتْ طَآئِفَةٌ عَلَى الْعَدُوِّ وَرَكَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَنْ مَّعَهٗ وَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ ثُمَّ انْصَرَفُوْا مَكَانَ الطَّآئِفَةِ الَّتِيْ لَمْ تُصَلِّ فَجَآءُوْا فَرَكَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهِمْ رَكْعَةً وَّسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ ثُمَّ سَلَّمَ فَقَامَ كُلُّ وَاحِدٍ مِّنْهُمْ فَرَكَعَ لِنَفْسِهٖ رَكْعَةً وَّسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ وَرَوٰى نَافِعٌ نَحْوَهٗ وَزَادَ فَاِنْ كَانَ خَوْفٌ هُوَ اَشَدُّ مِنْ ذٰلِكَ صَلَّوْا رِجَالًا قِيَامًا عَلٰٓى اَقْدَامِهِمْ اَوْ رُكْبَانًا مُّسْتَقْبِلِي الْقِبْلَةِ اَوْ غَيْرَ مُسْتَقْبِلِيْهَا قَالَ نَافِعٌ لَا اُرٰى ابْنَ عُمَرَ ذَكَرَ ذٰلِكَ اِلَّا عَنْ رَسُوْلِ

حضرت سالم بن عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہم اپنے والد عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ ان کے والد حضرت ابن عمر نے فرمایا کہ (ایک بار) مجھے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ جہاد میں شریک ہونے کا اتفاق ہوا جو نجد کی طرف ہو رہا تھا، جب ہمارا دشمن سے مقابلہ ہوا تو ہم ان کے مقابلہ میں صف آرا ہوئے (راستے میں نماز کا وقت آ گیا)، اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہم کو نماز پڑھانے کا ارادہ فرمایا (تو ہماری فوج کے دو حصے ہوئے) ایک حصہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ نماز میں شریک ہوا، اور دوسرا حصہ دشمن کے مقابلہ میں کھڑا رہا۔ آپ نے ان صحابہ کو جو آپ کے ساتھ نماز میں شریک تھے ایک رکعت اس طرح پڑھائی کہ اس رکعت کا رکوع اور دو سجدے ادا کر کے دوسری رکعت کے لیے کھڑے ہو گئے، پھر یہ حصہ جو حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ نماز کی ایک رکعت پڑھ چکا تھا دشمن کے مقابلہ پر جا کھڑا ہوا، اور دوسرا حصہ جس نے ابھی نماز نہیں پڑھی تھی اس نے آ کر دوسری رکعت

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

(رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

میں حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی اقتداء کی تو ان کو بھی حضور نے ایک رکعت پڑھائی۔ رکوع اور دو سجدے کر کے حضور نے سلام پھیر دیا۔ اس کے بعد ہر حصّہ نے اپنی اس رکعت کو جو رہ گئی تھی، ادا کیا۔[1] اس حدیث کی روایت بخاری نے کی ہے۔

وَفِیْ رِوَایَۃٍ لَہٗ فَلْیُصَلُّوْا قِیَامًا وَرُکْبَانًا وَفِیْ رِوَایَۃٍ لِمُسْلِمٍ فَصَلِّ رَاکِبًا اَوْ قَآئِمًا تُوْمِیْ اِیْمَآءً

حضرت ابن عمر سے دو روایتیں آئی ہیں ایک سالم نے روایت کی ہے جو ابھی صدر میں مذکور ہوئی ہے دوسری روایت حضرت ابن عمر سے نافع بعینہٖ سالم کی روایت کی طرح روایت کر کے اس میں اتنا اضافہ کیا ہے کہ اگر اس قدر خوف ہو کہ صدر کے طریقہ کے موافق امام فوج کے دو حصّہ کر کے ایک ایک حصہ کو لے کر نماز پڑھا سکتا ہے تو مذکورہ طریقہ پر نماز پڑھائے۔ اگر خوف اس سے کہیں زیادہ ہے[2] نافع کی یہ روایت بھی بخاری میں مذکور ہے۔

۱۴۴۶ / ۲ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ،

---

[1] کہ دوسرا حصّہ دشمن کے مقابلہ کے لیے چلا جائے اور پہلا حصّہ دشمن کے مقابلہ سے واپس آ کر لاحق کی طرح بغیر قراءت کے ایک رکعت ادا کر لے اور سلام کے بعد دشمن کے مقابلہ کے لیے چلا گیا اور دوسرا حصّہ جو دشمن کے مقابلہ پر کھڑا تھا، وہ واپس آ کر اپنی دوسری رکعت مسبوق کی طرح قراءت کے ساتھ پوری ادا کر کے سلام پھیر دے، اسی طرح ہر حصّے کے دو رکعت پورے ہوئے حنفی مذہب میں یہ مشہور روایت ہے۔

[2] مثلاً حملہ ہو رہا ہو اور جماعت اور صف نہ کر سکیں، تو ہر شخص اکیلا اکیلا اس طرح نماز پڑھے کہ ایک جگہ کھڑا ہوا ہو یا سواری پر ہو اور رکوع اور سجدہ اشارہ سے کر رہا ہو، خواہ قبلہ رخ رہنے کا موقع ملے یا نہ ملے بہرحال نماز پڑھ لینی چاہیئے۔ اگر جنگ کی وجہ سے ایک جگہ کھڑا ہو کر نماز نہیں پڑھ سکتا ہے۔ بلکہ چلتے ہوئے پڑھ سکتا ہے تو چلتے ہوئے نماز پڑھنا جائز نہیں ہے۔ اس لیے کہ چلتے ہوئے نماز پڑھنے سے نماز فاسد ہو جاتی ہے اور ایسی صورت میں اطمینان کے بعد اس کی قضاء پڑھ لے۔ بخلاف اس کے سواری پر ہو، اور سواری چل رہی ہے تو ایسے خوف کی حالت میں سواری پر فرض اور واجب نمازیں پڑھنا جائز ہے۔ اس کے بخلاف اگر خوف کی حالت نہ ہو تو سواری پر صرف نفل نمازیں جائز ہیں، فرض اور واجب نمازیں سواری پر جائز نہیں، سواری سے اتر کر زمین پر فرض اور واجب پڑھنا چاہیئے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةَ الْخَوْفِ فَقَامُوْا صَفًّا خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَفَّ مُسْتَقْبِلَ الْعَدُوِّ فَصَلّٰى بِهِمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكْعَةً ثُمَّ جَآءَ الْاٰخَرُوْنَ فَقَامُوْا مَقَامَهُمْ وَاسْتَقْبَلَ هٰؤُلَآءِ الْعَدُوَّ فَصَلّٰى بِهِمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكْعَةً ثُمَّ سَلَّمَ فَقَامَ هٰؤُلَآءِ فَصَلُّوْا لِاَنْفُسِهِمْ رَكْعَةً ثُمَّ سَلَّمُوْا ثُمَّ ذَهَبُوْا فَقَامُوْا مَقَامَ اُولٰٓئِكَ مُسْتَقْبِلَ الْعَدُوِّ وَرَجَعَ اُولٰٓئِكَ اِلٰى مَقَامِهِمْ فَصَلُّوْا لِاَنْفُسِهِمْ رَكْعَةً ثُمَّ سَلَّمُوْا رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ وَالْبَيْهَقِيُّ وَفِيْهِ اَبُوْعُبَيْدَةَ اَخْرَجَ لَهُ الْبُخَارِيُّ مُحْتَجًّا فِيْ غَيْرِ مَوْضِعٍ وَرَوٰى لَهُ مُسْلِمٌ وَقَالَ اَبُوْدَاوُدَ كَانَ اَبُوْعُبَيْدَةَ يَوْمَ مَاتَ اَبُوْهُ ابْنَ سَبْعِ سِنِيْنَ مُمَيِّزًا وَابْنُ سَبْعِ سِنِيْنَ يَحْتَمِلُ السَّمَاعَ وَالْحِفْظَ وَلِهٰذَا يُؤْمَرُ الصَّبِيُّ ابْنُ ابْنُ سَبْعِ سِنِيْنَ بِالصَّلٰوةِ تَخَلُّقًا وَتَاَدُّبًا وَفِيْ اِسْنَادِهٖ خَصِيْفٌ اَيْضًا وَثَّقَهٗ اَبُوْزُرْعَةَ وَالْعِجْلِيُّ وَابْنُ مَعِيْنٍ وَابْنُ سَعْدٍ وَقَالَ النَّسَآئِيُّ صَالِحٌ۔

سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ (ایک دفعہ) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے نماز خوف پڑھائی تو (فوج کے دو حصے کئے) ایک حصہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے ساتھ نماز میں شریک ہوا، اور دوسرا حصہ دشمن کے مقابلہ پر کھڑا رہا۔ آپ نے پہلے حصہ کو ایک رکعت نماز پڑھائی، پھر دوسرا حصہ آکر ان کی جگہ کھڑا ہو گیا اور یہ حصہ (جو ایک رکعت پڑھ چکا تھا) دشمن کے مقابلہ میں جاکر کھڑا ہو گیا، دوسرا حصہ جو ابھی کچھ بھی نماز نہیں پڑھا تھا، اس نے دوسری رکعت میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی اقتداء کی۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم اس دوسرے حصہ کو ایک رکعت نماز پڑھا کر سلام پھیر دیا۔ دوسرے حصہ کے لوگ جو حضور کے ساتھ دوسری رکعت پڑھ رہے تھے (دشمن کے مقابلہ پر نہیں گئے) بلکہ وہیں کھڑے ہوئے علیحدہ علیحدہ (مثل مسبوق کی قرأت کے ساتھ۔) دوسری رکعت پوری ادا کر کے سلام پھیرنے کے بعد دشمن کے مقابلہ پر جاکر کھڑے ہو گئے اور پہلے حصہ کے لوگ دشمن کے سامنے سے اسی جگہ پر جہاں پہلی رکعت پڑھی تھی، آکر تنہا ہر ایک (مثل لاحق کے بغیر قرأت کے) دوسری رکعت پڑھ کر سلام پھیر دیں۔ (شرح نقایہ میں لکھا ہے کہ حنفی مذہب میں اس طرح بھی ایک روایت آئی ہے اس حدیث کی روایت ابو داؤد اور بیہقی نے کی ہے۔

۱۸۲۷ ۳ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اِذَا صَلَّى الْاِمَامُ بِاَصْحَابِهٖ فَلْتَقُمْ طَآئِفَةٌ مِّنْهُمْ مَّعَ الْاِمَامِ وَطَآئِفَةٌ بِاِزَآءِ الْعَدُوِّ فَيُصَلِّيْ

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے، آپ فرماتے ہیں کہ جب امام (خوف کی حالت میں مثلاً میدان جنگ میں ہو اپنے ساتھی فوج کو نماز پڑھانے کا ارادہ کرے (تو فوج

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

الْاِمَامُ بِالطَّآئِفَةِ الَّذِيْنَ مَعَهٗ رَكْعَةً ثُمَّ تَنْصَرِفُ الطَّآئِفَةُ الَّذِيْنَ صَلَّوْا مَعَ الْاِمَامِ مِنْ غَيْرِ اَنْ يَّتَكَلَّمُوْا حَتّٰى يَقُوْمُوْا فِيْ مَقَامِ اَصْحَابِهِمْ وَتَاْتِي الطَّآئِفَةُ الْاُخْرٰى فَيُصَلُّوْنَ مَعَ الْاِمَامِ الرَّكْعَةَ الْاُخْرٰى ثُمَّ يَنْصَرِفُوْنَ مِنْ غَيْرِ اَنْ يَّتَكَلَّمُوْا حَتّٰى يَقُوْمُوْا فِيْ مَقَامِ اَصْحَابِهِمْ وَتَاْتِي الطَّآئِفَةُ الْاُوْلٰى حَتّٰى يُصَلُّوْا رَكْعَةً وُحْدَانًا ثُمَّ يَنْصَرِفُوْنَ فَيَقُوْمُوْنَ مَقَامَ اَصْحَابِهِمْ وَتَاْتِي الطَّآئِفَةُ الْاُخْرٰى حَتّٰى يَقْضُوا الرَّكْعَةَ الَّتِيْ بَقِيَتْ عَلَيْهِمْ وُحْدَانًا رَوَاهُ مُحَمَّدٌ فِيْ كِتَابِ الْاٰثَارِ عَنْ اِمَامِنَا اَبِيْ حَنِيْفَةَ ـ

کے دو حصے کرے) ایک حصہ کو امام اپنے ساتھ نماز میں کھڑا کرے، اور دوسرے حصہ کو دشمن کے مقابلہ میں کھڑا کرے اور امام اس حصہ کو جو اس کے ساتھ نماز میں شریک ہے، ایک رکعت پڑھائے پھر یہ حصہ جس نے امام کے ساتھ ایک رکعت نماز پڑھی ہے۔ بغیر بات کئے دشمن کے مقابلہ پر جا کھڑا ہو اور دوسرا حصہ جس نے امام کے ساتھ نماز نہیں پڑھی ہے وہ آکر امام کی دوسری رکعت میں اس کی اقتداء کرلے کسی سے کلام کئے بغیر دشمن کے مقابلہ پر چلا جائے اور پہلا حصہ دشمن کے مقابلہ سے واپس آکر اسی جگہ جہاں پہلی رکعت پڑھی ہے کھڑا ہو جائے اور ہر شخص لاحق کی طرح بغیر قرأت کے تنہا) علیحدہ علیحدہ (دوسری رکعت پڑھ کر دشمن کے مقابلہ پر چلا جائے، اور دوسرا حصہ دشمن کے مقابلہ سے واپس آکر اسی جگہ کھڑا رہے جہاں پہلی رکعت پڑھی تھی، اور علیحدہ علیحدہ اپنی بقیہ دوسری رکعت کو پڑھ لے (حنفی مذہب میں یہ مشہور روایت ہے) اس کی روایت امام محمد رحمۃ اللہ نے ہمارے امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ سے کتاب الآثار میں کی ہے۔

١٨٤٨ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَزَلَ بَيْنَ ضَجْنَانَ وَعُسْفَانَ فَقَالَ الْمُشْرِكُوْنَ لِهٰؤُلَآءِ صَلٰوةٌ اَحَبُّ اِلَيْهِمْ مِّنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَبْنَآئِهِمْ وَهِيَ الْعَصْرُ فَاَجْمِعُوْا اَمْرَكُمْ فَتَمِيْلُوْا عَلَيْهِمْ مَيْلَةً وَّاحِدَةً وَاَنَّ جِبْرَئِيْلَ اَتٰى

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ (مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے درمیان دو مقام ہیں۔ ایک کا نام ضجنان ہے اور دوسرے کا نام عسفان، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم یہاں کے مشرکین کا محاصرہ کئے تھے) مشرکین آپس میں مشورہ کیا کہ ان مسلمانوں کی ایک نماز ہے جو ان کے پاس ان کے ماں باپ

له (اور امام کے ساتھ ایک رکعت پڑھ لے، امام تو سلام پھیر دے گا، اور یہ دوسرا حصہ جس نے امام کے ساتھ دوسری رکعت پڑھی ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَمَرَهُ أَنْ يَقْسِمَ أَصْحَابَهُ شَطْرَيْنِ فَيُصَلِّيَ بِهِمْ وَتَقُوْمُ طَائِفَةٌ أُخْرٰى وَرَاءَهُمْ وَلْيَأْخُذُوْا حِذْرَهُمْ وَأَسْلِحَتَهُمْ فَتَكُوْنَ لَهُمْ رَكْعَةً وَّلِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكْعَتَانِ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ)

اور اولاد سے زیادہ پیاری ہے اور وہ عصر کی نماز ہے۔ (جب یہ نماز شروع کریں تو) تم ان سے لڑنے کا پکا ارادہ کرکے ان پر (ان کی نماز کی حالت میں) یک بارگی حملہ کر دو، (تو یہ بہت بُری طرح سے مارے جائیں گے) کفار کے اس مشورہ کی جبرئیل علیہ الصلوٰۃ والسّلام نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم کو آکر خبر دی) اور اللہ تعالےٰ کا یہ حکم پہنچایا کہ آپ اپنے صحابہ کو دو حصّوں میں تقسیم کر دیجئے اور اس طرح نماز پڑھا ہیئے کہ ان میں سے تو ایک حصّہ کو آپ نماز پڑھائیں، اور دوسرا حصہ ان کو روکنے کے لیے کھڑا رہے) اور چاہیئے کہ اپنے بچاؤ کے سامان اور ہتھیار کو ساتھ رکھیں، تو حصوں ایک ایک حصّہ کو ایک ایک رکعت پڑھائی (جیسا کہ سالم کی روایت میں مذکور ہے) اب رہی دوسری رکعت تو ہر حصّہ نے اپنی دوسری رکعت کو اس طرح ادا کیا جیسا کہ کتاب الآثار میں حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما صراحت فرماتے ہیں جو ابھی اوپر گزر چکی ہے) اس طرح ہر حصّہ کی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم کے ساتھ ایک ایک رکعت ہوئی اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم کی دو رکعتیں ہوئیں، اس کی روایت ترمذی اور نسائی نے کی ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

بَابُ صَلٰوةِ الْعِيْدَيْنِ

اس باب میں عید الفطر کی نماز اور عید اضحیٰ کی نماز اور ان کے متعلقات کا بیان ہے

ف: شوال کے مہینے کی پہلی تاریخ کو عید الفطر کہتے ہیں اور ذی الحجہ کی دسویں تاریخ کو عید اضحیٰ، یہ دونوں دن اسلام میں عید اور خوشی کے دن ہیں ان دونوں دنوں میں دو دو رکعت نماز بطور شکریہ کے پڑھنا واجب ہے۔ جمعہ کی نماز کی صحت اور وجوب کے لیے جو شرائط اُوپر مذکور ہو چکے ہیں، وہی سب عیدین کی نماز میں بھی ہیں، سوا خطبہ کے کہ جمعہ کی نماز میں خطبہ فرض اور شرط ہے اور نماز سے پہلے پڑھا جاتا ہے، اور عیدین کی نماز میں شرط یعنی فرض نہیں سنّت ہے، اور نماز کے بعد پڑھا جاتا ہے مگر عیدین کا خطبہ سننا بھی مثل جمعہ کے خطبہ کے واجب ہے یعنی اس وقت بولنا چالنا نماز پڑھنا سب حرام ہے۔

عید الفطر کے دن تیرہ چیزیں مسنون ہیں، شرع کے موافق اپنی آرائش کرنا یعنے، غسل کرنا، مسواک کرنا عمدہ سے عمدہ کپڑے جو پاس موجود ہوں پہننا، خوشبو لگانا، صبح کو بہت سویرے اٹھنا، عید گاہ میں بہت سویرے جانا، عید گاہ جانے کے قبل کوئی شیریں چیز مثل چھوہارے وغیرہ کے کھانا، عید گاہ جانے سے قبل صدقہ فطر (فطرہ) دیدینا، عید کی نماز عید گاہ میں جاکر پڑھنا یعنی شہر کی مسجد میں بلا عذر نہ پڑھنا، ایک راستہ سے جانا اور دوسرے راستہ سے واپس آنا، بدل جانا، راستہ میں اللہ اکبر اللہ اکبر لا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر اللہ اکبر وللہ الحمد آہستہ سے پڑھتے ہوئے جانا۔

عید اضحیٰ میں بھی وہ سب چیزیں مسنون ہیں جو عید الفطر میں ہیں، فرق اس قدر ہے کہ عید الفطر میں عید گاہ جانے سے پہلے کوئی چیز کھانا مسنون ہے، یہاں نہیں، عید الفطر میں راستہ میں آہستہ تکبیر کہنا مسنون ہے اور یہاں بلند آواز سے، عید الفطر کی نماز دیر کرکے پڑھنا مسنون ہے اور عید اضحیٰ کی سویرے، اور عید اضحیٰ میں صدقہ فطر نہیں بلکہ نماز کے بعد اہل وسعت پر قربانی ہے اذان واقامت نہ یہاں ہے اور نہ وہاں (نور الایضاح، در مختار) ۱۲

۱۔ وَقَوْلُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ: اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

وَلِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ۔ اور اللہ تعالیٰ کی بڑائی بولو اس پر کہ اس نے تمہیں ہدایت کی۔ (البقرہ، ۱۸۵)

ف: اس سے نماز عید، اور اس کی خوشی میں اس دن تکبیر میں کہنا، عبادت کرنا، رمضان کے روزے رکھنے کی توفیق کی خوشی منانا، سب کچھ ثابت ہوا، مگر یہ خوشی رمضان جانے کی نہیں، بلکہ اس میں توفیق خیر ملنے کی ہے۔

۲۔ وَقَوْلُهٗ، اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

www.waseemziyai.com MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ۔ تو تم اپنے رب کے لیے نماز پڑھو اور قربانی کرو (الکوثر، ۲)

ف: مسلمانو! تمہارے ساتھ کے لوگ اور مسلمان حج کے لیے مکہ معظمہ جاکر مکہ معظمہ میں نمازیں پڑھ رہے ہیں اور منیٰ میں قربانی دے رہے ہیں، تم اس سے محروم اپنے وطن میں ہو، اس سے تم دل شکستہ نہ نہ ہو۔ عید گاہ جاکر عید اضحیٰ کی نماز پڑھو، اس کے بعد قربانی کرو، تو حج میں حجاج جو کر رہے ہیں تم اس کو اپنے وطن میں ادا کر کے حاجیوں کی مشابہت پیدا کرو۔

ف: ان دونوں آیتوں میں عیدین کی نماز کا حکم امر کے صیغہ سے ارشاد ہوا ہے۔ اور امر وجوب کے لیے ہوتا ہے، اس لیے عیدین کی نماز کا پڑھنا واجب ہے، جیسا کہ عمدۃ القاری میں مذکور ہے۔ ۱۲

۱۸۲۹ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْرُجُ يَوْمَ الْفِطْرِ وَالْأَضْحٰى إِلَى الْمُصَلّٰى فَأَوَّلُ شَيْءٍ يَبْدَأُ بِهِ الصَّلَاةُ ثُمَّ يَنْصَرِفُ فَيَقُومُ مُقَابِلَ النَّاسِ وَالنَّاسُ جُلُوسٌ عَلٰى صُفُوفِهِمْ فَيَعِظُهُمْ وَيُوصِيهِمْ وَيَأْمُرُهُمْ وَإِنْ كَانَ يُرِيدُ أَنْ يَقْطَعَ بَعْثًا قَطَعَهُ أَوْ يَأْمُرَ بِشَيْءٍ أَمَرَ بِهِ ثُمَّ يَنْصَرِفُ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم عید الفطر اور عید اضحیٰ کے دن عید گاہ کو جایا کرتے تھے[۱] اور عید گاہ پہونچنے کے بعد حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا پہلا عمل یہ ہوتا کہ آپ نماز عید ادا فرماتے[۲] لوگوں کی طرف متوجہ ہو کر کھڑے رہتے اور لوگ اپنی صفوں میں خطبہ سننے کے لیے حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی طرف رُخ کیے بیٹھتے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم لوگوں کو (خطبہ میں) وعظ و نصیحت فرماتے اور جس کام کی نصیحت کرنی مناسب ہوتی، اس کی نصیحت فرماتے اور احکام صادر فرماتے تھے اور کہیں لشکر بھیجنا ہوتا تو[۳] اس کا حکم دیتے، اس کے بعد (عید گاہ سے) گھر واپس ہو جاتے تھے۔ (بخاری و مسلم)

---

[۱] اس لیے عید کی نماز عید گاہ میں پڑھنا سنت مؤکدہ ہے۔ مسجدوں میں جو عید کی نماز پڑھی جاتی ہے نماز تو ہو جاتی ہے مگر مسجدوں میں بلا عذر عید کی نماز پڑھنے والا تارک سنت مؤکدہ ہے۔

[۲] نماز عید سے پہلے عید گاہ میں کوئی نماز نہیں پڑھتے تھے، اور نہ نماز عید سے پہلے خطبہ ارشاد فرماتے بلکہ پہلے نماز عید سے فارغ ہو کر خطبہ دینے کے لیے

[۳] ضرورت کے موافق لشکر کا ایک حصہ علیحدہ فرماتے یا کسی چیز کے متعلق حکم دینے کا ارادہ ہوتا تو اس وقت

www.waseemziyai.com
MARKAZUL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

۱۸۵۰/۲ وَسُئِلَ ابْنُ عَبَّاسٍ اَشَهِدْتَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعِيْدَ قَالَ نَعَمْ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلّٰى ثُمَّ خَطَبَ وَلَمْ يَذْكُرْ اَذَانًا وَّلَا اِقَامَةً ثُمَّ اَتَى النِّسَاءَ فَوَعَظَهُنَّ وَذَكَّرَهُنَّ وَاَمَرَهُنَّ بِالصَّدَقَةِ فَرَاَيْتُهُنَّ يُهْوِيْنَ اِلٰى اٰذَانِهِنَّ وَحُلُوْقِهِنَّ يَدْفَعْنَ اِلٰى بِلَالٍ ثُمَّ ارْتَفَعَ هُوَ وَبِلَالٌ اِلٰى بَيْتِهٖ.

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے دریافت کیا گیا آپ کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ نماز عید پڑھنے کا اتفاق ہوا ہے؟ تو حضرت ابن عباس نے فرمایا، ہاں! حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم گھر سے نکل کر عید گاہ تشریف لائے، پہلے عید کی نماز پڑھائی، پھر نماز کے بعد (دو) خطبے ارشاد فرمائے، حضرت ابن عباس نے اذان اور اقامت کا کچھ ذکر نہیں کیا، عورتیں دُور بیٹھی ہوئی تھیں، اسی لیے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم عورتوں کی صفوں تک تشریف لے گئے، عورتوں کو وعظ و نصیحت فرمائی اور جو عورتوں کے خاص احکام ہیں ان کو بھی ان کے سامنے بیان فرمایا، اور خیرات کرنے کی ترغیب دی، حضرت ابن عباس فرماتے ہیں۔ میں نے دیکھا کہ عورتیں اپنے کانوں کی بالیاں اور گلوں کے ہار اتار اتار کر حضرت بلال کو دے رہی تھیں، پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت بلال عید گاہ سے گھر واپس ہوئے۔

(بخاری و مسلم)

ف: اس حدیث شریف سے معلوم ہوا کہ عورتیں اپنے زیورات بغیر شوہر کی اجازت کے خیرات کر رہی تھیں، اس مسئلہ کے متعلق تحقیق یہ ہے، دیکھنا چاہیے کہ عورت اپنے مال میں سے خیرات کر رہی ہے یا شوہر کے مال میں سے؟ اگر اپنے مال میں سے خیرات کر رہی ہے، جیسے اس حدیث میں مذکور ہے کہ عورتیں اپنا مال خیرات کر رہی تھیں تو عورتوں کو شوہروں کی اجازت لینے کی ضرورت نہیں۔ اس لیے اس حدیث شریف میں بغیر شوہروں کی اجازت کے عورتیں اپنا مال خیرات کر رہی ہیں، ہاں! اگر عورتیں راشدہ نہیں ہیں بے سمجھ ہیں، مال کی ان کے پاس قدر نہیں ہے تو ایسی عورتوں کو اپنا مال بھی خیرات کرنے کے لیے شوہروں کی اجازت کی ضرورت ہے، اور اگر شوہر کا مال

۵ میں نے نماز عید رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ پڑھی ہے میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھا۔ ۶ خیال ہوا کہ خطبہ کی آواز ان تک نہیں پہنچی ہے اسی لیے حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ساتھ لے کر

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اور نہ نکلنے کے بعد اذان ہے اور نہ نماز عید کے لیے اقامت ہے، اور نہ کسی طرح کی نداء ہے اور نہ کوئی اعلان ہوا کرتا تھا، اور حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں (نماز عید کے لیے) نہ اذان دی جاتی تھی اور نہ اقامت، اس کی روایت مسلم نے کی ہے۔

۱۸۵۳ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ يُصَلُّوْنَ الْعِيْدَيْنِ قَبْلَ الْخُطْبَةِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اور اسی طرح حضرت ابو بکر اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما پہلے عید الفطر کی نماز اور عید اضحیٰ کی نماز ادا فرماتے اور نماز کے بعد عید کے خطبے دیا کرتے تھے۔ (بخاری اور مسلم)

۱۸۵۴ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَخْرُجُ يَوْمَ الْاَضْحٰى وَيَوْمَ الْفِطْرِ فَيَبْدَاُ بِالصَّلٰوةِ فَاِذَا صَلّٰى صَلٰوتَهٗ قَامَ فَاَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ وَهُمْ جُلُوْسٌ فِيْ مُصَلَّاهُمْ فَاِنْ كَانَتْ لَهٗ حَاجَةٌ بِبَعْثٍ ذَكَرَهٗ لِلنَّاسِ اَوْ كَانَتْ لَهٗ حَاجَةٌ بِغَيْرِ ذٰلِكَ اَمَرَهُمْ بِهَا وَكَانَ يَقُوْلُ تَصَدَّقُوْا تَصَدَّقُوْا تَصَدَّقُوْا وَكَانَ اَكْثَرَ مَنْ يَّتَصَدَّقُ النِّسَاءُ ثُمَّ يَنْصَرِفُ فَلَمْ يَزَلْ كَذٰلِكَ حَتّٰى كَانَ مَرْوَانُ بْنُ الْحَكَمِ فَخَرَجْتُ مُخَاصِرًا مَرْوَانَ حَتّٰى اَتَيْنَا الْمُصَلّٰى فَاِذَا كَثِيْرُ ابْنُ الصَّلْتِ قَدْ بَنٰى مِنْبَرًا مِّنْ طِيْنٍ وَّلَبِنٍ فَاِذَا مَرْوَانُ يُنَازِعُنِيْ يَدَهٗ كَاَنَّهٗ يَجُرُّنِيْ نَحْوَ الْمِنْبَرِ وَاَنَا اَجُرُّهٗ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ عید الفطر اور عید اضحیٰ کے دن حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم (عید گاہ کو جایا کرتے تھے) سب سے پہلے نماز عید پڑھتے اور جب نماز عید سے فارغ ہو جاتے تو لوگوں کی جانب رخ کر کے (خطبہ دینے کے لیے) کھڑے ہو جاتے اور لوگ اس وقت اپنی اپنی جائے نماز پر (خطبہ سننے کے لیے) بیٹھے رہتے تھے اگر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو کہیں فوج روانہ کرنے کی حاجت ہوتی تو اس کا تذکرہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام صحابہ سے فرما دیتے یا کوئی اور ضرورت ہوتی تو اس کا حکم دیتے اور فرماتے خیرات کرو، خیرات کرو، اور خیرات کرنے والوں میں سب سے زیادہ تعداد عورتوں کی ہوتی تھی، پھر حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم (عید گاہ سے) واپس ہوتے تھے۔ مروان بن الحکم کے زمانہ تک یہی عمل رہا

لہ (کہ نماز عید پہلے ہوتی تھی، اور خطبہ بعد دیا جاتا تھا اور خطبہ زمین پر کھڑے ہو کر بعد نماز ہوتا تھا، اور عید گاہ میں منبر نہیں بنایا گیا تھا)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OULOOMIL ISLAMIA ACADEMY

نَحْوَ الصَّلٰوةِ فَلَمَّا رَاَيْتُ ذٰلِكَ مِنْهُ
قُلْتُ اَيْنَ الْاِبْتِدَاءُ بِالصَّلٰوةِ فَقَالَ
لَا يَا اَبَا سَعِيْدٍ قَدْ تُرِكَ مَا تَعْلَمُ
قُلْتُ كَلَّا وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَا
تَاْتُوْنَ بِخَيْرٍ مِّمَّا اَعْلَمُ ثَلٰثَ
مِرَارٍ ثُمَّ انْصَرَفَ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابو سعید فرماتے ہیں کہ مروان کے دور حکومت میں مروان کے ساتھ (نہایت اتحاد ظاہر کرنے کے لیے) میں اور مروان ایک دوسرے کی کمر پر ہاتھ رکھے ہوئے عیدگاہ پہنچے۔ وہاں پہنچنے کے بعد میں کیا دیکھتا ہوں کہ (ایک بات تو خلاف سنت یہ ہوئی ہے کہ) کثیر بن الصلت نے عیدگاہ میں مٹی اور خام اینٹوں کا ایک منبر بنا رکھا ہے میں اس کو کھینچ کر نماز پڑھانے کے لیے لا رہا تھا اور وہ میرا ہاتھ چھڑا کر منبر کی طرف بڑھ رہا تھا۔ (مروان کی اس کشمکش کو میں نے دیکھا تو) میں نے مروان سے کہا کہ عید کی نماز پہلے پڑھنا اور خطبہ بعد میں دینا (جو سنت ہے) وہ عمل کہاں گیا۔ مروان نے جواب دیا، نہیں، ابو سعید آپ جس بات کو سنت سمجھ رہے ہیں وہ اب متروک ہو گئی ہے، میں نے کہا ہرگز نہیں قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے (میری معلومات کی حد تک تم یہ خیر کا کام نہیں کر رہے ہو) جو مسنون طریقہ مجھے معلوم ہے اس سے بہتر کوئی دوسرا طریقہ تم نہیں پیش کر سکتے (آخر یہ سنت کو اٹھانے والی کونسی چیز ہے، تمہارے نفسانی خواہشات سے سنت متروک نہیں ہو سکتی) میں نے اس جملہ کو (۳) بار دہرایا (اور دیکھا کہ وہ اپنی ہٹ سے باز نہیں آ رہا ہے (تو ہمارا جو اتحاد تھا وہ سب ختم ہو گیا امر بالمعروف جو میرے ذمہ تھا وہ پورا کر کے) میں

لہ خلاف سنت یہ دیکھ کر میں بہت ناراض ہوا، پھر دیکھا کہ نماز سے پہلے خطبہ دینے کے لیے مروان منبر کی طرف جا رہا تھا، اس کا یہ فعل مجھے بہت ناگوار گزرا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اپنی نماز پر آکر بیٹھ گیا[1]۔ اس حدیث کی روایت مسلم نے کی ہے۔

۱۸۵۵ وَعَنْهُ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُصَلِّيْ قَبْلَ الْعِيْدِ شَيْئًا فَإِذَا رَجَعَ إِلٰى مَنْزِلِهٖ صَلّٰى رَكْعَتَيْنِ۔

(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم (عید کے دن) عید کی نماز سے پہلے (کوئی نفل) نماز نہ (گھر میں) پڑھا کرتے تھے[2] اور جب نماز عید سے فارغ ہو کر گھر واپس تشریف لاتے تو گھر میں دو رکعت نفل نماز پڑھا کرتے تھے۔ اس کی روایت ابن ماجہ نے کی ہے (درمختار اور ردالمحتار میں بھی ایسی ہی تفصیل مذکور ہے)۔ ۱۲

اسلام میں نہ کلب تھا، نہ جمع ہونے کے لیے کوئی مقام، لے دے کے صرف مسجد ہی تھی جس میں ابتداء اسلام میں مرد اور عورتیں اللہ تعالیٰ کی عبادت کے لیے۔ جمع ہوتے تھے، حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ایک حدیث مروی ہے جو ذیل میں اس حدیث کے بعد آرہی ہے۔ اس حدیث میں عورتوں کو مسجد میں آنا مناسب نہیں سمجھا گیا۔ عورتوں اور مردوں کا ایک جگہ جمع ہونا مصلحت کے خلاف تھا، اس لیے عورتوں کو مسجدوں سے اور عیدگاہ سے روک دیا گیا۔ جس پر آج تک عمل درآمد ہے۔ اس لیے اس حدیث کا جو ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے اس طرح ترجمہ کیا جاتا ہے۔

۱۸۵۶ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُّهَا النَّاسُ انْهَوْا نِسَاءَكُمْ عَنْ لُبْسِ الزِّيْنَةِ وَالتَّبَخْتُرِ فِي الْمَسَاجِدِ فَإِنَّ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ لَمْ يُلْعَنُوْا حَتّٰى لَبِسَ نِسَاؤُهُمُ الزِّيْنَةَ وَالتَّبَخْتُرَ فِي الْمَسَاجِدِ

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: لوگو تم اپنی عورتوں کو زیب وزینت کا لباس پہن کر ناز و انداز کے ساتھ گھروں سے باہر نکلنے سے منع کرو (وَقَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ، امہات المومنین حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی بیویوں کو حکم ہو رہا ہے کہ گھروں ہی میں ٹھہرو باہر مت نکلو)، جب رسول اللہ صلی اللہ

[1] (اس کے سوا میں اور کیا کر سکتا تھا، مروان کا یہ فعل مجھے بہت ناگوار گزر رہا تھا، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی سنت کو اس طرح مٹتے ہوئے مجھ سے نہیں دیکھا جا رہا تھا)

[2] (اور نہ عیدگاہ میں اور اسی طرح نماز عید کے بعد بھی عیدگاہ میں کوئی نفل نماز نہیں پڑھا کرتے تھے)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

وَقَالَتِ الْحَنَفِيَّةُ إِنَّ الدَّفَّ أَيْضًا حَرَامٌ وَهُوَ ظَاهِرُ الرِّوَايَةِ وَمَا وَرَدَ مِنْ ضَرْبِ الدَّفِّ فَهُوَ مَنْسُوخٌ وَتَمَامُ تَحْقِيقِهِ فِي بَابِ إِعْلَانِ النِّكَاحِ فَرَاجِعْهُ۔

یہ بھی فرمایا کہ شیطان کا گانا بجانا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم) کے گھر میں ہوتا تعجب کی بات ہے) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے چہرۂ مبارک سے کپڑا اٹھا کر فرمایا: ابوبکر! ان کو اپنی حالت پر چھوڑ دو (یہ چھوٹی لڑکیاں ہیں) اور عید کا زمانہ ہے، یہ اس طرح خوشی کا اظہار کر رہی ہیں اور ایک روایت میں یہ بھی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا ابوبکر! ہر قوم کی عید ہوتی ہے، اور یہ ہماری عید ہے۔ (بخاری اور مسلم)

ف: اس حدیث میں جاریہ کا لفظ ہے، جاریہ کہتے ہیں چھوٹی لڑکی کو۔ اسی لیے مرقات میں جاریتان کے ساتھ صغیرتان یعنی دو چھوٹی لڑکیاں مذکور ہے کہ وہ دف بجا کر عید کی خوشی کا اظہار کر رہی تھیں، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ، ان لڑکیوں کو منع کر رہے تھے۔ تو حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ابوبکر صدیق کو ان لڑکیوں کے دف بجانے سے منع کرنے سے روک دیا۔ اس لیے کہ چھوٹی لڑکیاں بلوغ سے پہلے جو کچھ کریں ان کا قول و فعل قابل استدلال نہیں ہوتا۔

اب رہا دف بجانا تو یہ اس زمانہ کی بات ہے جب کہ دف کا بجانا منسوخ نہیں ہوا تھا اس کے بعد دف بجانا منسوخ ہو گیا، جس حدیث سے منسوخ ہوا ہے اس کو خطیب نے اس طرح روایت کیا ہے عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ نَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَنْ ضَرْبِ الدَّفِّ وَلَعْبِ الصَّنْجِ وَضَرْبِ الزَّمَّارَةِ، حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم دوسرے مزامیر کی طرح دف بجانے سے بھی منع فرماتے ہیں۔ اسی واسطے حضرت شہاب الدین سہروردی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نے حسن بصری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ دف بجانا مسلمانوں کا طریقہ نہیں ہے۔ اور علامہ توریشتی رحمہ اللہ نے لکھا ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کی حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ ابتداء اسلام میں دف بجانے کی اجازت تھی، بعد میں اس کو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے منع فرما دیا، اس لیے ظاہر الروایۃ میں ہے کہ حنفی مذہب میں مثل اور مزامیر کے دف بجانا بھی حرام ہے۔ رد المحتار میں لکھا ہے کہ "اِسْتِمَاعُ ضَرْبِ الدَّفِّ وَالْمِزْمَارِ وَغَيْرِ ذٰلِكَ حَرَامٌ"، رد المحتار میں لکھا ہے کہ مزامیر اور دف بجا کر سننا بھی حرام ہے۔ ۱۲

۱۸۵۹ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے
۱۱

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOLIA ISLAMIA ACADEMY

رَوَاهُ ابْنُ عَبْدِ الْبَرِّ بِسَنَدِهٖ فِي التَّمْهِيْدِ ۔

١٨٥٧ وَعَنْهَا لَوْ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى مَا اَحْدَثَتِ النِّسَاءُ بَعْدَهٗ لَمَنَعَهُنَّ الْمَسْجِدَ كَمَا مُنِعَتْ نِسَاءُ بَنِيْ اِسْرَآئِيْلَ ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

١٨٥٨ وَعَنْهَا قَالَتْ اِنَّ اَبَا بَكْرٍ دَخَلَ عَلَيْهَا وَعِنْدَهَا جَارِيَتَانِ فِيْ اَيَّامِ مِنًى تُدَفِّفَانِ وَتَضْرِبَانِ وَفِيْ رِوَايَةٍ تُغَنِّيَانِ بِمَا تَقَاوَلَتِ الْاَنْصَارُ يَوْمَ بُعَاثٍ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَغَشٍّ بِثَوْبِهٖ فَانْتَهَرَهُمَا اَبُوْ بَكْرٍ فَكَشَفَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ وَّجْهِهٖ فَقَالَ دَعْهُمَا يَا اَبَا بَكْرٍ فَاِنَّهَا اَيَّامُ عِيْدٍ وَفِيْ رِوَايَةٍ يَا اَبَا بَكْرٍ اِنَّ لِكُلِّ قَوْمٍ عِيْدًا وَّهٰذَا عِيْدُنَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِّلْبُخَارِيِّ وَلَيْسَتَا بِمُغَنِّيَتَيْنِ

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی بیویوں کو یہ حکم ہو رہا ہے، تو پھر مسلمان عورتیں کس گنتی میں ہیں، ان کو تو ضرور گھروں میں رہنا چاہئے۔ اس لیے مسلمان عورتوں کو چاہیئے کہ گھروں ہی میں رہا کریں، اگر کسی ضرورت سے باہر نکلیں تو میلے کچیلے کپڑے پہن کر برقع اوڑھ کر نکلیں) دیکھو! بنی اسرائیل کی عورتیں زیب وزینت کا لباس پہن کر ناز وانداز سے باہر نکلا کرتی تھیں، تو ان پر لعنت اُتاری گئی، اسی طرح مسلمان عورتوں کو زیب وزینت کا لباس پہن کر ناز وانداز کے ساتھ نکلنے سے روکو تاکہ وہ بھی لعنت کی مستحق نہ ہو جائیں۔ اس کی روایت ابن عبد البر نے تمہید میں اپنی سند سے کی ہے

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ اگر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ملاحظہ فرماتے کہ عورتوں نے آپ کے بعد کیا کیا نئی باتیں پیدا کر رکھی ہیں تو بنی اسرائیل کی عورتوں کی طرح ان کو بھی مسجد میں آنے سے ضرور منع فرما دیتے۔ (مسلم)

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ عید اضحیٰ کے دن حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ میرے پاس تشریف لائے میرے پاس دو لڑکیاں دف بجاتے ہوئے وہ اشعار گا رہی تھیں جو جنگ بعاث کے متعلق انصار نے کہے تھے۔ اور بخاری کی ایک روایت ہے کہ یہ لڑکیاں گانے کا پیشہ رکھنے والیاں نہ تھیں، اور اس وقت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم چہرہ انور پر کپڑا ڈھانکے ہوئے تھے، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان لڑکیوں کو جھڑک دیا اور ایک روایت میں ہے کہ حضرت ابوبکر نے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَغْدُوْ يَوْمَ الْفِطْرِ حَتّٰى يَأْكُلَ تَمَرَاتٍ وَيَأْكُلُهُنَّ وِتْرًا۔
(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم عید الفطر کے دن کچھ کھجور کھائے بغیر عید گاہ کو نہیں جاتے تھے اور ان کھجوروں کی تعداد طاق ہوتی تھی، (اس سے معلوم ہوا کہ عید الفطر میں کچھ کھا کر نماز عید کے لیے جانا مسنون ہے) اس حدیث کی روایت بخاری نے کی ہے۔

ف: اس حدیث شریف میں نماز سے پہلے کھجور کھانے کا جو ذکر ہے اس میں حکمت یہ ہے کہ کوئی گمان نہ کرے کہ اس دن بھی عید کی نماز تک سوا پہر کا روزہ رکھنا واجب ہے۔ (فتح الباری ۱۲۰)

۱۸۶۰ / ۱۲ وَعَنْ بُرَيْدَةَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَخْرُجُ يَوْمَ الْفِطْرِ حَتّٰى يَطْعَمَ وَلَا يَطْعَمُ يَوْمَ الْاَضْحٰى حَتّٰى يُصَلِّيَ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم عید الفطر کے دن کھانا کھا کر عید گاہ جایا کرتے تھے بخلاف اس کے عید الضحیٰ کے دن بھوکے عید گاہ تشریف لے جاتے، عید الضحیٰ کی نماز سے واپس آکر (یعنی کچھ نہیں کھاتے تھے قربانی کرکے) قربانی کے گوشت سے کھانے کو شروع کرتے تھے[1]۔ (ترمذی، ابن ماجہ اور دارمی)

۱۸۶۱ / ۱۳ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا كَانَ يَوْمُ عِيْدٍ خَالَفَ الطَّرِيْقَ۔
(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم عید کے دن ایک راستہ سے عید گاہ کو تشریف لے جاتے اور دوسرے راستہ سے گھر واپس ہوتے تھے (بخاری)

۱۸۶۲ / ۱۴ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے

[1] (اس میں فقراء کی خاطر منظور تھی کہ عید الفطر میں فطرہ پہلے دیا جاتا ہے، نماز عید بعد میں ہوتی ہے، فطرہ کو کھا کر فقراء عید گاہ جاتے تھے، اس لیے حضور بھی کچھ کھا کر عید گاہ جاتے۔ بخلاف عید ضحیٰ کے اس میں قربانی ہوتے تک فقراء کو کچھ کھانے کو نہیں ملتا تھا، نماز عید سے واپس آکر قربانی ہونے کے بعد جب قربانی کا گوشت تقسیم ہوتا تو اس وقت فقراء کو کچھ کھانے کو ملتا تھا، اس لیے فقراء کا ساتھ دینے کے لیے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم بھی صبح سے بھوکے رہتے تھے، نماز عید کے بعد قربانی کرکے قربانی کے گوشت سے کھانے کی ابتداء کرتے تھے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا خَرَجَ يَوْمَ الْعِيْدِ فِيْ طَرِيْقٍ رَجَعَ فِيْ غَيْرِهٖ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

آپ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم عید کے روز عیدگاہ کو تشریف لے جاتے وقت ایک راستہ سے عیدگاہ تشریف لے جاتے اور واپسی میں دوسرے راستہ سے گھر تشریف لاتے تھے
(ترمذی اور دارمی)

۱۸۶۳/۱۵ وَعَنِ الْبَرَآءِ قَالَ خَطَبَنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ النَّحْرِ فَقَالَ إِنَّ أَوَّلَ مَا نَبْدَأُ بِهٖ فِيْ يَوْمِنَا هٰذَا أَنْ نُّصَلِّيَ ثُمَّ نَرْجِعَ فَنَنْحَرَ فَمَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ فَقَدْ أَصَابَ سُنَّتَنَا وَمَنْ ذَبَحَ قَبْلَ أَنْ نُّصَلِّيَ فَإِنَّمَا هُوَ شَاةُ لَحْمٍ عَجَّلَهٗ لِأَهْلِهٖ لَيْسَ مِنَ النُّسُكِ فِيْ شَيْءٍ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت براء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں ایک دفعہ کا واقعہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم (عید اضحیٰ کی نماز پڑھائی نماز عید کے بعد خطبہ دے رہے تھے، اثنائے خطبہ میں) ارشاد فرمایا کہ یوم النحر یعنے دسویں ذی الحجہ کے دن دو عبادتیں ہیں۔ ایک نماز عید پڑھنا، دوسرے قربانی کرنا، جو نماز عید پڑھ کر (خطبہ سننے کے بعد) گھر جاکر قربانی کرے تو اس کو قربانی کا ثواب ملے گا، جس نے ایسا کیا اس نے ہماری سنت پر عمل کیا، بخلاف اس کے جس نے نماز عید کے پہلے قربانی کی (تو اس کو قربانی کا ثواب نہیں ملے گا) سمجھا جائے گا کہ اس نے اپنے اہل وعیال کے لیے گوشت حاصل کرنے کے واسطے ذبح کیا ہے عبادت کا ثواب اس کو نہیں ملے گا۔ اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

ف حدیث شریف میں نماز عید کے بعد گھر جاکر قربانی دینے کا ذکر اس طرح ہے۔ "اَنْ نُّصَلِّيَ ثُمَّ نَرْجِعَ فَنَنْحَرَ"، یعنے نماز پڑھی، گھر لوٹا اور قربانی کی"، حالانکہ نماز پڑھنے کے بعد خطبہ بھی ہونا ضرور ہے۔ اس بارے میں صاحب مرقات نے لکھا ہے کہ اس جگہ نماز کے بعد خطبہ کا ذکر اس لیے نہیں ہے کہ خطبہ نماز کے تابع ہے اور نماز کے ساتھ ہی پڑھا جاتا ہے۔ یہاں صرف یہ بیان کرنا مقصود ہے کہ نماز اور قربانی میں سے نماز پہلے ہونا اور قربانی نماز کے بعد ہونا چاہیئے اسی لیے حدیث میں نماز اور قربانی ان دونوں ہی کا ذکر کیا گیا ہے۔ ۱۲۔

وَفِيْ رِوَايَةٍ لِّلْبُخَارِيِّ عَنِ الْبَرَآءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ خَطَبَنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْأَضْحٰى بَعْدَ الصَّلٰوةِ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بخاری کی ایک اور روایت اس طرح ہے کہ عید اضحیٰ کے دن نماز عید پڑھ کر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ

MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

فَقَالَ مَنْ صَلّٰی صَلٰوتَنَا وَنَسَكَ نُسُكَنَا فَقَدْ اَصَابَ النُّسُكَ وَمَنْ نَسَكَ قَبْلَ الصَّلٰوةِ فَاِنَّهٗ قَبْلَ الصَّلٰوةِ وَلَا نُسُكَ لَهٗ۔

علیہ وآلہ وسلم نے خطبہ دیا (خطبہ میں یہ) ارشاد فرمایا جو شخص ہمارے جیسی نماز عید پڑھے اور (نماز کے بعد) قربانی کرے تو اس کو قربانی کا ثواب ملے گا اور جس نے نماز عید سے پہلے قربانی کی تو نماز کے پہلے قربانی ادا کرنے سے اُس کو قربانی کا ثواب نہیں ملے گا۔

۱۸۶۴/۱۶ وَعَنْ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ ذَبَحَ قَبْلَ الصَّلٰوةِ فَلْيَذْبَحْ مَكَانَهَا اُخْرٰى وَمَنْ لَّمْ يَذْبَحْ حَتّٰى صَلَّيْنَا فَلْيَذْبَحْ عَلَى اسْمِ اللّٰهِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت جندب بن عبد اللہ بجلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ جس شخص نے عید اضحیٰ کی نماز سے پہلے قربانی کر لی ہو (اس کی قربانی قبول نہیں ہوئی، نماز عید کے بعد اس کو مکرر) قربانی کرنا چاہیئے اور جس نے نماز عید سے پہلے قربانی نہیں کی تو اس کو چاہیئے کہ نماز عید کے بعد بسم اللہ، اللہ اکبر کہہ کر قربانی کرے (بخاری و مسلم)

۱۸۶۵/۱۷ وَعَنِ الْبَرَاءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ ذَبَحَ قَبْلَ الصَّلٰوةِ فَاِنَّمَا يَذْبَحُ لِنَفْسِهٖ وَمَنْ ذَبَحَ بَعْدَ الصَّلٰوةِ فَقَدْ تَمَّ نُسُكُهٗ وَاَصَابَ سُنَّةَ الْمُسْلِمِيْنَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت براء رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جس نے عید اضحیٰ کی نماز سے پہلے قربانی کی تو اس نے اپنے لیے (گوشت حاصل کرنے کے واسطے) قربانی کی ہے اور جس نے نماز عید کے بعد قربانی کی تو اس کی قربانی پوری ہوئی، اور نماز کے بعد قربانی کرنا جو مسلمانوں کا طریقہ ہے اس نے اس طریقہ پر صحیح طور سے عمل کیا۔ (بخاری و مسلم)

۱۸۶۶/۱۸ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْبَحُ وَيَنْحَرُ بِالْمُصَلّٰى۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی عادت مبارک تھی کہ آپ (نماز عید کے بعد) عید گاہ میں قربانی کیا کرتے تھے[1] اس حدیث

[1] عید گاہ میں قربانی کر کے یہ ظاہر کیا جاتا تھا کہ لوگوں کو اچھی طرح معلوم ہو جائے کہ قربانی کا وقت نماز عید کے بعد ہے اور مجمع عام میں قربانی کرنے سے لوگوں کو قربانی کرنے کی ترغیب بھی ہو جائے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

(رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ) کی روایت بخاری نے کی ہے۔

ف:۔ واضح ہو کہ اس حدیث شریف میں قربانی کرنے کے لیے دو الفاظ لائے گئے ہیں، ایک یَذْبَحُ دوسرے یَنْحَرُ ان کا ترجمہ قربانی کرنا کیا گیا ہے، ان دونوں میں فرق یہ ہے کہ اُونٹ کی قربانی کرنے کو نحر کہتے ہیں، اور اُونٹ کے سوا بکرے اور گائے کی قربانی کرنے کو ذبح کہتے ہیں، کیونکہ ذبح حلق پر ہوتا ہے۔ اور نحر اُونٹ کے سینہ پر ہوتا ہے۔ اُونٹ کے ذبح کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ اُونٹ کو قبلہ رو کھڑا کر کے اس کے اگلے دونوں پاؤں کے بیچ میں سینہ پر برچھی سے زخم لگاتے ہیں، جس سے خون نکل کر اُونٹ زمین پر گر جاتا ہے اور اس طریقہ سے دم سیال نکل جاتا ہے اور ذبح کرنے کی غرض حاصل ہو جاتی ہے (عمدۃ القاری اور مرقات) ۱۲)

۱۸۶۴/۱۹ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَدِمَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الْمَدِیْنَۃَ وَلَھُمْ یَوْمَانِ یَلْعَبُوْنَ فِیْھِمَا فَقَالَ مَا ھٰذَانِ الْیَوْمَانِ قَالُوْا کُنَّا نَلْعَبُ فِیْھِمَا فِی الْجَاھِلِیَّۃِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَدْ اَبْدَلَکُمُ اللّٰہُ بِھِمَا خَیْرًا مِّنْھُمَا یَوْمَ الْاَضْحٰی وَیَوْمَ الْفِطْرِ۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم (مکہ معظمہ سے ہجرت کر کے) مدینہ منورہ تشریف لائے تو آپ نے دیکھا کہ مدینہ والوں کے لیے دو دن مقرر تھے، جن میں وہ عید مناتے تھے اور عید کی خوشی کو لہو لعب کھیل کود سے ظاہر کرتے تھے تو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ یہ دو دن جن کو تم عید مقرر کئے ہو، ان سے کیا غرض ہے تو مدینہ والوں نے کہا، کہ یہ وہی دن ہیں، کہ زمانہ جاہلیت میں ہم ان میں کھیلا کرتے تھے اور خوشیاں مناتے تھے اگر حضور فرمائیں تو یہ دونوں دنوں میں عید منانا چھوڑ دیتے ہیں اور جن دو دنوں میں خوشی منانے کا حکم ہوگا، ان میں خوشی منائیں گے)، تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا[1] اللہ تعالیٰ ان دو دنوں کے بدلہ میں جن میں تم عید مناتے ہو

[1] عید ایسے دنوں میں مقرر کرنا چاہیئے جن میں ہم پر اللہ تعالیٰ کی نعمتیں ہوتی ہوں کے بدلہ میں عید منا کر شکر یہ ادا کرنا چاہیئے جن دنوں میں تم عید مناتے تھے، وہ دن ستاروں کی تحویل کے تھے مسلمانوں کے پاس ستاروں کی تحویل کوئی چیز نہیں جو کچھ کرتا ہے وہ اللہ تعالیٰ ہی کرتا ہے، ستارے اللہ تعالیٰ کے ہاتھوں میں آلہ کار ہیں منتقل ان میں کوئی اثر نہیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

دوسرے دو دن عید منانے کے لیے مقرر کیے ہیں
ایک تو عید اضحیٰ اور دوسرے عید الفطر[1]

۱۸۶۸ وَعَنْ سَعِيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ
٢٠ أَنَّهُ سَأَلَ أَبَا مُوْسَى الْأَشْعَرِيَّ وَحُذَيْفَةَ ابْنَ الْيَمَانِ كَيْفَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكَبِّرُ فِي الْأَضْحٰى وَالْفِطْرِ فَقَالَ أَبُوْ مُوْسٰى كَانَ يُكَبِّرُ أَرْبَعًا تَكْبِيْرَةً عَلَى الْجَنَازَةِ فَقَالَ حُذَيْفَةُ صَدَقَ فَقَالَ أَبُوْ مُوْسٰى كَذٰلِكَ كُنْتُ أُكَبِّرُ فِي الْبَصْرَةِ حَيْثُ كُنْتُ عَلَيْهِمْ ـ

رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ وَالطَّحَاوِيُّ وَسَكَتَ أَبُوْ دَاوُدَ عَنْهُ ثُمَّ الْمُنْذِرِيُّ فِيْ مُخْتَصَرِهٖ ـ

حضرت سعید بن عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت ہے کہ انھوں نے حضرت ابو موسیٰ اشعری اور حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے پوچھا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم عید اضحیٰ اور عید الفطر کی تکبیریں کیسے کہتے تھے، تو حضرت ابو موسیٰ نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم جنازے پر چار تکبیریں کہتے تھے۔ حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا ابو موسیٰ نے سچ کہا ہے، تو حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا کہ جس وقت میں بصرہ میں ان پر حاکم تھا تو اسی طرح (عیدین) کی تکبیریں کہا کرتا تھا۔ اس حدیث کو ابو داؤد اور طحاوی نے روایت کیا ہے۔

[1] عید الاضحیٰ تو وہ دن ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے حضرت خلیل اللہ علیہ السلام پر بڑا فضل کیا، کہ ان کے فرزند کو ذبح ہونے سے بچا لیا۔ ہم کو حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کی پیروی کا حکم ہوا ہے جو دن حضرت ابراہیم علیہ السلام کی خوشی کا ہے۔ ہم کو بھی ان کی پیروی کر کے اس میں خوشی کر کے عید منانا چاہیئے۔ دوسرا دن عید الفطر ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو رمضان شریف دے کر نفس اور دل کی اصلاح فرمائی اور روزے پورے ہو گئے، کتنا بڑا احسان ہے اللہ تعالیٰ کا جس نے ہم سے پورے روزے کروائے۔ اس نعمت کے شکریہ میں ختم رمضان کے بعد عید الفطر کے دن کو عید منا کر اللہ تعالیٰ کے اس احسان کا شکریہ ادا کرتے ہیں، مسلمان ہمیشہ لہو و لعب سے بچا کرتے ہیں۔ اس لیے ان دونوں عیدوں کو بھی کفار کی طرح لہو و لعب اور کھیل کود میں نہ گزاریں بلکہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کر کے عید کی خوشی منائیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

www.waseemziyai.com

MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

۱۸۶۹ / ۲۱ وَعَنْ اَبِیْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنِیْ بَعْضُ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ صَلّٰی بِنَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَوْمَ عِیْدٍ فَکَبَّرَ اَرْبَعًا وَاَرْبَعًا ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَیْنَا بِوَجْهِهٖ حِیْنَ انْصَرَفَ فَقَالَ لَا تَنْسَوْا کَتَکْبِیْرِ الْجَنَائِزِ وَاَشَارَ بِاَصَابِعِهٖ وَقَبَضَ اِبْهَامَهٗ۔

(رَوَاهُ الطَّحَاوِیُّ وَقَالَ فَهٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنُ الْاِسْنَادِ)

حضرت ابو عبد الرحمٰن سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ مجھے بعض اصحاب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے حدیث بیان کی، کہتے ہیں کہ ہمیں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے عید کے دن نماز پڑھائی تو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے چار چار تکبیریں کہیں، پھر ہماری طرف متوجہ ہوئے جس وقت آپ نماز سے فارغ ہوئے تو فرمایا جنازہ کی تکبیروں کی طرح عید کی تکبیروں کو نہ بھولنا اور آپ نے اپنا انگوٹھا مبارک بند کر کے چار انگلیوں سے اشارہ فرمایا، اس حدیث کو طحاوی نے روایت کیا ہے اور کہا کہ یہ حدیث سند کے لحاظ سے حسن ہے۔

ف:۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ نماز عید کی تکبیریں کل چھ ہیں اور دو تکبیریں ایک تکبیر تحریمہ اور تکبیر رکوع ملا کر کل آٹھ تکبیریں بنتی ہیں اور یہی حنفی مذہب ہے کہ عید کی پہلی رکعت میں تکبیر تحریمہ کہہ کر تین تکبیریں اور دوسری رکعت میں قرات رکوع میں جانے سے پہلے تین تکبیریں اور چوتھی تکبیر رکوع کی، تو یہ آٹھ تکبیریں بنتی ہیں جن کو سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عمل سے، مثال سے اور پھر اپنی مبارک انگلیوں کے اشارہ سے سمجھایا ہے۔

۱۸۷۰ / ۲۲ وَعَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ تِسْعُ تَکْبِیْرَاتٍ خَمْسٌ فِیْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ عید کی زائد تکبیرات مع

الْاُوْلٰى وَاَرْبَعٌ فِي الْاٰخِرَةِ مَعَ تَكْبِيْرَةِ الصَّلٰوةِ۔

(رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ)

وَقَالَ الْاِمَامُ ابْنُ الْهُمَامِ فِيْ فَتْحِ الْقَدِيْرِ وَالْمُرَادُ بِالْخَمْسِ تَكْبِيْرَةُ الْاِفْتِتَاحِ وَالرُّكُوْعِ وَثَلَاثُ زَوَائِدَ وَبِالْاَرْبَعِ بِتَكْبِيْرَةِ الرُّكُوْعِ۔

تکبیرات نماز کے (۹) ہیں، پانچ تکبیرات پہلی رکعت میں اور چار تکبیرات دوسری رکعت میں ہیں اس حدیث کی روایت امام طحاوی نے کی ہے۔

فتح القدیر میں اس کی تفصیل اس طرح کی گئی ہے کہ پہلی رکعت کی پانچ تکبیرات اس طرح ہیں کہ پہلی تکبیر تو تکبیر تحریمہ ہے جس کے بعد ثنا پڑھی جاتی ہے، پھر تین تکبیرات عید کی زائد تکبیرات ہیں اور پانچویں تکبیر رکوع ہے، اس طرح پہلی رکعت کے شروع میں پانچ تکبیرات ہوئیں دوسری رکعت میں (۴) تکبیرات اس طرح ہیں کہ تین تکبیرات عید کی زائد تکبیرات ہیں، اور چوتھی تکبیر رکوع کی ہے۔ اس طرح دوسری رکعت میں چار تکبیر ہوئیں خلاصہ یہ ہے کہ عید کی نماز میں زائد تکبیرات (۶) چھ ہیں۔ پہلی رکعت میں تین تکبیرات عید زاید تکبیرات ہیں اور دوسری رکعت میں بھی عید کی تین زائد تکبیرات ہیں)

۱۸۷۱ / ۲۳ وَعَنْ حَمْزَةَ اَبِيْ عَمَّارَةَ قَالَ سَمِعْتُ الشَّعْبِيَّ رَحِمَهُ اللّٰهُ يَقُوْلُ ثَلٰثًا سِوٰى تَكْبِيْرَةِ الصَّلٰوةِ۔

(رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ)

حضرت حمزہ ابو عمارہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے امام شعبی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے سنا ہے کہ عید کی نماز کی ہر رکعت میں تین تین زائد تکبیرات ہیں جو نماز کی تکبیرات کے علاوہ ہیں۔ اس کی روایت امام طحاوی نے کی ہے۔

۱۸۷۲ / ۲۳ وَعَنْ عَامِرٍ اَنَّ عُمَرَ وَعَبْدَ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اِجْتَمَعَ رَأْيُهُمَا فِيْ تَكْبِيْرِ الْعِيْدَيْنِ عَلٰى تَكْبِيْرَاتٍ خَمْسٌ فِي الْاُوْلٰى وَاَرْبَعٌ فِي الْاٰخِرَةِ وَيُوَالِيْ بَيْنَ الْقِرَاءَتَيْنِ۔

(رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ)

حضرت عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی تکبیرات عیدین کے متعلق متفقہ رائے یہ ہے کہ جملہ تکبیرات (۹) نو ہیں پہلی رکعت میں پانچ تکبیرات ہیں (کہ پہلی تکبیر تو تکبیر تحریمہ ہے۔ جس کے بعد ثناء پڑھی جاتی ہے پھر تین تکبیرات عید کی زائد تکبیرات ہیں، اور پانچویں

www.waseemziyai.com
MARKAZ UL-OLOOM IL ISLAMIA ACADEMY

تکبیر رکوع کی ہے) اور دوسری رکعت میں چار تکبیرات (اس طرح) ہیں کہ تین تکبیرات عید کی زائد تکبیرات ہیں اور چوتھی تکبیر رکوع کی ہے) اور اس پر بھی دونوں حضرات کی متفقہ رائے ہے کہ پہلی رکعت کی قرأت اور دوسری رکعت کی قرأت میں تکبیرات عید سے فصل نہ ہوگا۔ بلکہ دونوں قرأت پے درپے ہوں گے پہلی رکعت کے شروع میں قرأت سے پہلے تکبیرات عیدین ہونگی۔ اور دوسری رکعت کے آخر میں قرآت کے بعد تکبیرات عیدین ہوں گی) اس حدیث کی روایت امام طحاوی نے کی ہے۔

۱۸۷۳/۲۵ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ سَعِيْدَ بْنَ الْعَاصِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ دَعَاهُمْ يَوْمَ عِيْدٍ فَدَعَا الْاَشْعَرِيَّ وَابْنَ مَسْعُوْدٍ وَحُذَيْفَةَ ابْنَ الْيَمَانِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ فَقَالَ اِنَّ الْيَوْمَ عِيْدُكُمْ فَكَيْفَ اُصَلِّيْ قَالَ حُذَيْفَةُ سَلِ الْاَشْعَرِيَّ وَقَالَ الْاَشْعَرِيُّ سَلْ عَبْدَ اللّٰهِ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ تُكَبِّرُ وَذَكَرَ الْحَدِيْثَ وَهُوَ يُكَبِّرُ تَكْبِيْرَةً وَيَفْتَتِحُ بِهَا الصَّلٰوةَ ثُمَّ يَقْرَأُ ثُمَّ يُكَبِّرُ تَكْبِيْرَةً يَرْكَعُ بِهَا ثُمَّ يَسْجُدُ ثُمَّ يَقُوْمُ فَيَقْرَأُ ثُمَّ يُكَبِّرُ ثَلٰثًا ثُمَّ يُكَبِّرُ تَكْبِيْرَةً يَرْكَعُ بِهَا رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ وَرَوٰى عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَحْوَهٗ وَرَوَى الطَّحَاوِيُّ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

حضرت عبد اللہ بن قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہما اپنے والد قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت کرتے ہیں، ان کے والد قیس نے کہا کہ سعید بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نے عید کے دن حضرت ابوموسیٰ اشعری، حضرت ابن مسعود اور حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو بلوا بھیجا اور ان حضرات سے کہا کہ آج مسلمانوں کی عید کا دن ہے، بتلایئے کہ میں عید کی نماز کس طرح پڑھاؤں؟ حضرت حذیفہ نے فرمایا کہ حضرت ابوموسیٰ اشعری سے پوچھئے اور حضرت ابوموسیٰ نے فرمایا کہ حضرت عبد اللہ ابن مسعود سے دریافت کیجئے تو عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نے فرمایا کہ تکبیر تحریمہ کہہ کر تم نماز عید شروع کرو (تکبیر تحریمہ کے بعد تم کو کیا کرنا چاہئے اس بارے میں تم کو حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم جس طرح نماز عید پڑھائی ہے، میں اس کو

لہ پہلی رکعت کی قرأت کے ختم پر رکوع وسجدہ ہوا اور دوسری رکعت تکبیرات عید سے شروع نہیں کرنا چاہیئے بلکہ دوسری رکعت کو حسب دستور قرأت سے شروع کریں اور ختم قرأت پر تکبیرات عید کہی جائیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ AL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

نَحْوَهُ اَيْضًا ۔

یعنہ بیان کرتا ہوں (سنو) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم پہلے تکبیر تحریمہ کہہ کر نماز عید شروع کرتے پھر (ثناء پڑھتے، ثناء کے بعد) عید کی تین زائد تکبیرات ادا فرماتے، اس کے بعد سورۂ فاتحہ اور ضم سورہ فرماتے، پھر اللہ اکبر کہہ کر رکوع میں جاتے، پھر سجدہ کرتے، دوسرے سجدہ کے بعد اٹھ کر دوسری رکعت کا قیام کرتے، اس قیام میں دوسری رکعت کو قرأت سے شروع کرتے (تکبیرات عیدین سے ابتداء نہیں فرماتے تھے۔) حسب عادت سورۂ فاتحہ اور ضم سورہ کرکے، ضم سورہ کے بعد عید کی تین زائد تکبیرات فرماتے، تکبیرات عیدین کے بعد اللہ اکبر کہہ کر رکوع میں جاتے۔ اس کی روایت امام طحاوی نے کی ہے اور عبد الرزاق نے بھی اسی طرح روایت کی ہے، اور امام طحاوی نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے بھی مذکور الصدر حدیث کی روایت اسی طرح کی ہے۔

۱۸۲۴ وَعَنْ عَلْقَمَةَ وَالْاَسْوَدِ اَنَّ ابْنَ مَسْعُوْدٍ[26] كَانَ يُكَبِّرُ فِى الْعِيْدَيْنِ تِسْعًا اَرْبَعًا قَبْلَ الْقِرَآءَةِ ثُمَّ يُكَبِّرُ فَيَرْكَعُ وَفِى الثَّانِيَةِ يَقْرَأُ فَاِذَا فَرَغَ كَبَّرَ اَرْبَعًا ثُمَّ رَكَعَ رَوَاهُ عَبْدُ الرَّزَّاقِ وَاِسْنَادُهُ صَحِيْحٌ وَرَوَى التِّرْمِذِىُّ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ نَحْوَهُ وَقَالَ وَقَدْ رُوِىَ عَنْ غَيْرِ وَاحِدٍ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَ هٰذَا وَفِىْ رِوَايَةٍ لِاِبْنِ اَبِىْ شَيْبَةَ نَحْوَهُ وَقَالَ فِى الْقَدِيْرِ وَهٰذَا اَثَرٌ صَحِيْحٌ قَالَهُ بِحَضْرَةِ جَمَاعَةٍ مِّنَ الصَّحَابَةِ وَمِثْلُ هٰذَا يُحْمَلُ عَلَى الرَّفْعِ لِاَنَّهٗ مِثْلُ

حضرت علقمہ اور حضرت اسود رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے یہ دونوں حضرات کہتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہما عیدین کی نماز میں (۹) نو تکبیریں کہا کرتے تھے، چار تکبیرات (پہلی رکعت) میں قرأت سے پہلے کہا کرتے تھے (جن میں سے ایک تکبیر تو تکبیر تحریمہ ہوتی۔ اس کے بعد ثناء پڑھتے تھے، ثناء کے بعد تین تکبیر عید کے زائد کہتے تھے، تین تکبیرات کے بعد قرأت یعنی سورۂ فاتحہ اور ضم سورہ کرتے، پھر ضم سورہ کے بعد پانچویں مرتبہ) اللہ اکبر کہہ کر رکوع میں جاتے پھر دوسری رکعت کو (حسب دستور) حضرت ابن مسعود قرأت یعنے سورۂ فاتحہ اور ضم سورہ سے کرتے۔ جب ضم سورہ سے فارغ ہوتے تو

www.waseemziyai.com
MARKAZ UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

نَقْلِ اَعْدَادِ الرَّكْعَاتِ ۔

(اس طرح) چار تکبیر کہتے (کہ تین تکبیر تو عید کے زائد تکبیر ہوتے تھے اور چوتھی تکبیر کہتے ہوئے رکوع میں جاتے تھے) اس حدیث کی روایت عبد الرزاق نے کی ہے، اور اس حدیث کی سند صحیح ہے، اور ترمذی نے بھی حضرت ابن مسعود سے اسی طرح روایت کی ہے۔ اور ترمذی نے کہا ہے کہ حضرت ابن مسعود کی روایت کی طرح متعدد صحابۂ کرام سے بھی ایسی ہی روایتیں آئی ہیں، اور ابن ابی شیبہ کی ایک روایت میں بھی اسی طرح مروی ہے اور فتح القدیر میں کہا ہے کہ حضرت ابن مسعود کی یہ حدیث صحیح حدیث ہے اور حضرت ابن مسعود نے اس حدیث کو جس میں عید کی زائد تکبیرات کا ذکر ہے۔ صحابۂ کرام کی ایک جماعت کے سامنے بیان کیا اور کسی صحابی نے اس کی تردید نہیں کی، اور صحابہ کے سامنے کوئی حدیث بیان کی جائے اور وہ اس کو رد نہ کریں تو ایسی حدیث مرفوع حدیث کے حکم میں ہوتی ہے، اور جب یہ حدیث بھی صحابہ کے سامنے بیان کی گئی اور کسی صحابی نے انکار نہیں فرمایا تو یہ حدیث بھی مرفوع حدیث کے حکم میں ہوئی۔

١٨٧٥/٢٧ وَعَنْ اِبْرَاهِيْمَ النَّخْعِيِّ قَالَ تُرْفَعُ الْاَيْدِيْ فِيْ سَبْعِ مَوَاطِنَ فِيْ اِفْتِتَاحِ الصَّلٰوةِ وَفِي التَّكْبِيْرِ لِلْقُنُوْتِ فِي الْوِتْرِ وَفِي الْعِيْدَيْنِ الْحَدِيْثُ رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ وَاِسْنَادُهٗ صَحِيْحٌ ۔

حضرت ابراہیم نخعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رفع یدین صرف سات موقعوں پر کیا جاتا ہے۔ (۱) جب نماز شروع کی جاتی ہے تو تکبیر تحریمہ کے وقت رفع یدین کیا جاتا ہے (۲) دوسرے وتر میں دعاء قنوت کے لیے جب اللہ اکبر کہا جاتا ہے تو اس وقت بھی رفع یدین کرنے کا حکم ہے (۳) تیسرے عیدین کی نماز میں چھ زائد تکبیرات کہتے وقت بھی رفع یدین کرنے کا حکم ہے۔ (۴) حجر اسود کا بوسہ لیتے وقت بھی رفع یدین کیا جاتا ہے (ان مذکورہ چار رفع یدین کے وقت ہاتھوں کی پیٹھ اپنے منہ کی طرف ہوتی ہے (۵) پانچواں رفع یدین وہ ہے جو سعی

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

میں صفا اور مروہ پر کیا جاتا ہے (۶) چھٹا رفع یدین وہ ہے جو مزدلفہ اور عرفات میں کیا جاتا ہے (۷) ساتواں رفع یدین وہ ہے جو منیٰ میں پہلے اور دوسرے جمرہ پر کنکریاں مارتے وقت کیا جاتا ہے۔ آخر کے ان تین رفع یدین میں مثل دعا کے ہتھیلیاں اپنے چہرہ کی طرف رہیں) اس حدیث کی روایت امام طحاوی نے کی ہے، اور اس حدیث کی سند صحیح ہے۔

١٨٧٦ وَعَنِ الْبَرَاءِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى
٢٨
اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نُوْوِلَ يَوْمَ الْعِيْدِ قَوْسًا فَخَطَبَ عَلَيْهِ.

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوُد)

حضرت براء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم کی خدمت میں کسی شخص نے عید کے روز (نماز عید کے بعد) ایک کمان نذر دی تو آپ نے اس پر سہارا دے کر عید کا خطبہ پڑھا، اس کی روایت ابو داؤد نے کی ہے۔

١٨٧٧ وَعَنْ عَطَاءٍ مُرْسَلًا اَنَّ النَّبِيَّ
٢٩
صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا خَطَبَ يَعْتَمِدُ عَلٰى عَنَزَتِهٖ اِعْتِمَادًا.

(رَوَاهُ الشَّافِعِيُّ)

حضرت عطاء بن یسار رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں (ایسا بھی ہوا ہے) کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم خطبہ دیتے وقت چھوٹے نیزہ پر ٹیک لگا کر خطبہ دیتے رہے ہیں۔ (اور اس نیزہ کو جب ضرورت ہوتی تو سترہ کے لیے بھی زمین میں گاڑ دیا جاتا تھا) اس حدیث کی روایت امام شافعی رحمہ اللہ نے مرسلًا کی ہے۔

١٨٧٨ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ شَهِدْتُ الصَّلٰوةَ
٣٠
مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ يَوْمِ عِيْدٍ فَبَدَأَ بِالصَّلٰوةِ قَبْلَ الْخُطْبَةِ بِغَيْرِ اَذَانٍ وَّلَا اِقَامَةٍ فَلَمَّا قَضَى الصَّلٰوةَ قَامَ مُتَّكِئًا عَلٰى بِلَالٍ فَحَمِدَ اللهَ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ وَوَعَظَ النَّاسَ وَذَكَّرَهُمْ وَحَثَّهُمْ عَلٰى طَاعَتِهٖ وَمَضٰى اِلَى النِّسَاءِ وَمَعَهٗ بِلَالٌ فَاَمَرَهُنَّ بِتَقْوَى اللهِ وَوَعَظَهُنَّ وَذَكَّرَهُنَّ.

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ (یوں تو) میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم کے ساتھ عید کی نمازوں میں رہا ہوں (مگر) ایک عید کا واقعہ ایسا ہوا کہ آپ (حسب عادت) نے خطبہ سے پہلے عید کی نماز بغیر اذان اور اقامت کے پڑھائی، نماز کے بعد خطبہ دینے کے لیے کھڑے ہوئے، خطبہ کے وقت (عصاء وغیرہ پر) ٹیک لگا کر خطبہ ارشاد فرمایا (کیا کہوں) وہ خطبہ کیسا تھا؟ اس خطبہ میں آپ نے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

(رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء بیان فرمائی اور لوگوں کو وعظ و نصیحت کی اور مرنے کے بعد جو واقعات پیش آنے والے ہیں وہ یاد دلائے اور اطاعت الٰہی کی ترغیب دی، اس کے بعد حضرت بلال کے ساتھ عورتوں کے پاس جا کر ان کو خدا ترسی کا حکم دیا اور وعظ و نصیحت فرمائی۔ اس حدیث کی روایت نسائی نے کی ہے۔

ف: ان احادیث میں مذکور ہے کہ حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم خطبہ دیتے وقت کبھی کمان پر ٹیک دیتے رہے ہیں، اور کبھی عصا پر اور کبھی چھوٹی برچھی اور کبھی ان میں سے کسی چیز کے ساتھ ٹیک نہ لگاتے بلکہ کسی انسان پر ٹیک لگاتے، اس سے معلوم ہوا کہ خطبہ کے وقت عصاء وغیرہ پر ٹیک لگانا سنت غیر مؤکدہ ہے۔ اگر بغیر عصا ٹیک دیئے خطبہ دیا جائے، تو بھی جائز ہے۔

۱۸۷۹ (۳۱) وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّهُ أَصَابَهُمْ مَطَرٌ فِي يَوْمِ عِيدٍ فَصَلَّى بِهِمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةَ الْعِيدِ فِي الْمَسْجِدِ۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ (ایک مرتبہ) عید کے دن بارش ہو رہی تھی تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے عید کی نماز مسجد میں پڑھائی اس حدیث کی روایت ابو داؤد اور ابن ماجہ نے کی ہے۔

ف:۔ واضح ہو کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی عادت شریفہ یہ تھی کہ آپ نماز عید کے لیے عید گاہ کو تشریف لے جایا کرتے تھے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے مسجد نبوی میں جس کی بڑی فضیلت ہے، صرف ایک مرتبہ عذر کی وجہ سے نماز عید ادا فرمائی ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ جو حضرات بلا عذر نماز عید کے لیے عید گاہ نہیں جاتے اور اپنے محلوں میں الگ الگ مسجدوں میں عید کی نماز پڑھ لیتے ہیں۔ یہ خلاف سنت ہے۔ اگرچہ کہ محلہ کی مسجد میں نماز عید ادا ہو جاتی ہے مگر ایسا کرنے والے تارک سنت مؤکدہ ہیں۔ (عمدۃ الرعایۃ ۱۲)

۱۸۸۰ (۳۲) وَعَنْ أَبِي الْحُوَيْرِثِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ إِلٰى عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ وَهُوَ بِنَجْرَانَ عَجِّلِ الْأَضْحٰى وَأَخِّرِ الْفِطْرَ وَذَكِّرِ النَّاسَ۔ (رَوَاهُ الشَّافِعِيُّ)

حضرت ابو الحویرث رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے عمرو بن حزم حاکم نجران کو لکھا کہ عید اضحیٰ کی نماز اول وقت پڑھا کرو (تاکہ لوگوں کو قربانی کرنے کا جلد موقع ملے) اور عید الفطر کی نماز (بہ نسبت عید اضحیٰ کے) دیر کر کے پڑھا کرو؎ اور

؎ تاکہ فطرہ تقسیم ہو جائے اور غربا فطرہ حاصل کر کے اطمینان سے عید گاہ آسکیں)

خطبہ میں وعظ و نصیحت کیا کرو، اس حدیث کی روایت امام شافعی رحمۃ اللہ تعالیٰ نے کی ہے۔

۱۸۸۱ / ۳۳ وَعَنْ اَبِیْ عُمَیْرِ بْنِ اَنَسٍ عَنْ عُمُوْمَۃٍ لَّہٗ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَّ رَکْبًا جَاءُوْا اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَشْھَدُوْنَ اَنَّھُمْ رَاَوُا الْھِلَالَ بِالْاَمْسِ فَاَمَرَھُمْ اَنْ یُّفْطِرُوْا وَاِذَا اَصْبَحُوْا اَنْ یَّغْدُوْا اِلٰی مُصَلَّاھُمْ رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ وَالدَّارُ قُطْنِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ وَقَالَ الدَّارُ قُطْنِیُّ اِسْنَادُہٗ حَسَنٌ وَصَحَّحَہٗ عَبْدُ الْحَقِّ وَالْبَیْھَقِیُّ۔

حضرت ابو عمیر بن انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کے کئی چچا تھے اور وہ سب کے سب صحابی ہیں، ان سے ابو عمیر روایت کرتے ہیں کہ ایک سال مدینہ منورہ میں رمضان شریف کی تیسویں شب کو ہلال نظر نہ آیا، اس لیے سب صحابہ نے روزہ رکھ لیا (زوال کے بعد) ایک قافلہ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی خدمت میں آیا جو اونٹوں پر سوار تھے انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے سامنے گواہی دی کہ ہم تیسویں شب کو ہلال دیکھ کر آ رہے ہیں[۲] رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے سب لوگوں کو حکم دیا کہ سب افطار کر لیں[۳]، کل صبح سب کے سب عید گاہ میں آجائیں[۴] اس حدیث کی روایت ابوداؤد نسائی، دارقطنی اور ابن ماجہ نے کی ہے اور دارقطنی نے کہا ہے کہ اس حدیث کی سند حسن ہے اور عبد الحق اور بیہقی نے بھی اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے۔

۱۸۸۲ / ۳۴ وَعَنْہُ قَالَ اَخْبَرَنِیْ عُمُوْمَتِیْ مِنَ الْاَنْصَارِ اَنَّ الْھِلَالَ خَفِیَ عَلَی النَّاسِ فِیْ اٰخِرِ لَیْلَۃٍ مِّنْ شَھْرِ رَمَضَانَ

حضرت ابو عمیر بن انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میرے کئی چچا جو انصار تھے انھوں نے مجھ سے بیان کیا ہے کہ (ایک سال

---

[۱] خصوصاً فطرہ دینے کی اور قربانی کرنے کی ترغیب دلاؤ۔
[۲] اس سے معلوم ہوا کہ رمضان المبارک ۲۹ دن میں ہی ختم ہو گئے ہیں آج رمضان کی تیسویں نہیں ہے بلکہ شوال کی پہلی ہے قافلہ کے سب لوگ رویت ہلال کی گواہی دینے کی وجہ سے
[۳] کہ ان کا روزہ لاعلمی سے عید کے دن واقع ہوا ہے جو ناجائز ہے، عید کی نماز کا وقت زوال تک ہی ہے، زوال کے بعد عید کی نماز نہیں ہو سکتی، اسی لیے آج عید کی نماز نہ پڑھیں، [۴] آج کے بدلہ کل عید کی نماز ادا کی جائے گی اگر کبھی ایسا اتفاق ہو کہ دوسرے دن بھی عید الفطر کی نماز نہ پڑھ سکیں تو تیسرے دن عید الفطر کی نماز نہیں پڑھنا چاہیئے، عید الفطر پڑھنے کا وقت نہ رہا، ہاں عید اضحٰی کسی وجہ سے دوسرے دن نہ پڑھ سکیں تو تیسرے دن بھی عید اضحٰی کو پڑھ سکتے ہیں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL-ISLAMIA ACADEMY

فِي زَمَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَصْبَحُوْا صِيَامًا فَشَهِدُوْا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ زَوَالِ الشَّمْسِ إِنَّهُمْ رَأَوُا الْهِلَالَ اللَّيْلَةَ الْمَاضِيَةَ فَأَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّاسَ بِالْفِطْرِ فَأَفْطَرُوْا تِلْكَ السَّاعَةَ وَخَرَجَ بِهِمْ مِنَ الْغَدِ فَصَلّٰى بِهِمْ صَلٰوةَ الْعِيْدِ۔

(رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ)

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں (مدینہ منورہ میں) ہلال تیسویں شب کو نظر نہ آیا، اس لیے سب کے سب صحابہ نے روزہ کی نیت کر لی (یہ سمجھ کر یہ رمضان کی تیسویں تاریخ ہے) ایک جماعت نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں زوال کے بعد آکر گواہی دی کہ انھوں نے گذشتہ شب جس کو صحابہ رمضان کی تیسویں سمجھ رہے تھے ہلال کو بچشم خود دیکھا ہے اس وجہ سے سب لوگوں کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے حکم دیا کہ افطار کر لیں (روزہ پورا نہ کریں، آج عید الفطر کا دن ہے، لاعلمی سے روزہ رکھ لیا گیا ہے، عید الفطر کے دن روزہ جائز نہیں ہے) یہ ارشاد سن کر سب صحابہ نے اسی وقت روزہ توڑ دیا۔ اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم دوسرے دن سب کو لے کر عیدگاہ کی طرف نکلے اور نماز عید الفطر پڑھائی، اس کی روایت امام طحاوی نے کی ہے۔

بَابُ فِي الْأُضْحِيَةِ
باب، قربانی کے بیان میں

وَقَوْلُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ:
"فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ"

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔
تو تم اپنے رب کے لیے نماز پڑھو اور قربانی کرو (سورہ کوثر، ۲/۱۰۸)

ف: یعنی نماز پنجگانہ کی پابندی کرو، یا اس عطاء خسروانہ کے شکریہ میں نوافل پڑھو، یا نماز عید بقرہ ادا کرو، اور نماز بقر عید کے بعد قربانی کرو، اس سے چند مسئلے معلوم ہوئے، ایک یہ کہ پابندی نماز رب تعالیٰ کی نعمتوں کا بہترین شکریہ ہے، دوسرے یہ کہ قربانی اسلامی شعار ہے اس کے بدلہ میں قیمت وغیرہ نہیں دی جا سکتی، تیسرے یہ کہ قربانی صرف مکہ معظمہ والوں یا حاجیوں کے لیے خاص نہیں جیسا کہ بعض بیوقوفوں نے سمجھا ہے کیونکہ مدینہ پاک میں سرکار کو قربانی کا حکم ہو رہا ہے بعض لوگوں کا خیال ہے کہ نحر سے مراد مطلقاً ذبیحہ ہے کہ کفار تو بتوں کے نام پر ذبیحہ کرتے ہیں اور آپ رب تعالیٰ کے نام پر ذبح کرو۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

میں نے یہ بھی دیکھا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے پہلوؤں پر قدم مبارک رکھ کر بسم اللہ واللہ اکبر فرماتے ہوئے ذبح فرمایا۔ اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

ف: واضح ہو کہ ذبح کے وقت بسم اللہ واللہ اکبر واؤ کے ساتھ قدیم سے کہنے کی عادت ہے، اور بعض فقہا کے قول سے معلوم ہوا کہ ذبح کے وقت بسم اللہ اللہ اکبر بغیر واؤ کے کہنا چاہیئے، اس کے متعلق تحقیق یہ ہے کہ فقہاء میں سے اکثر فقہاء جیسے امام نقابی علامہ عینی، علامہ اتقانی، صاحب الجمع، علامہ خیر الدین ایلی اور علامہ اترازی وغیر نے بسم اللہ واللہ اکبر واو کے ساتھ کہنے کو ترجیح دی ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ذبح کے وقت بسم اللہ واللہ اکبر واؤ کے ساتھ کہنا چاہیئے۔ لیکن تنہا امام حلوانی بسم اللہ اللہ اکبر بغیر واؤ کے کہنے کو ترجیح دیتے ہیں، اس لیے متقدمین پر نظر ڈالتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ سلف سے خلف تک سب کے نزدیک متداول اور متوارث لفظ بسم اللہ واللہ اکبر واؤ کے ساتھ ہے۔ اس کی تائید احادیث سے بھی ہوتی ہے کہ احادیث میں بھی بسم اللہ واللہ اکبر واؤ کے ساتھ ہے، اور مرفوع احادیث میں مسلم، ابو داؤد، ترمذی، نسائی، ابن ماجہ، طحاوی اور خصاص بھی بسم اللہ واللہ اکبر واؤ کے ساتھ ہی روایت کئے ہیں، حضرت علی اور حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم بھی بسم اللہ واللہ اکبر واؤ کے ساتھ کہنے کے قائل ہیں، اسی لیے مرقات میں لکھا ہے کہ ذبح کے وقت بسم اللہ واللہ اکبر واؤ کے ساتھ کہنا اولیٰ اور افضل ہے۔

ف ۲: ایک ضروری مسئلہ یہ بھی یاد رکھنے کے قابل ہے کہ جانور کے ذبح کرنے والے کا ایک شریک ہوتا ہے اور ایک معین شریک مثلاً ذبح کرنے والے کے ہاتھ پر ہاتھ رکھتا ہے، اور دونوں مل کر ذبح کر رہے ہیں، تو دونوں کو بسم اللہ واللہ اکبر کہنا چاہیئے اور اگر دونوں میں سے ایک نے بسم اللہ واللہ اکبر کہا اور دوسرا نہ کہے تو جانور حلال نہ ہوگا اس لیے دونوں کو ذبح کے وقت بسم اللہ واللہ اکبر کہنا چاہیئے۔ بخلاف اس کے جو ذبح کرنے والے کا معین ہے، مثلاً بکرے کو گرا لیا ہے اور اس کو تھام کر ذبح کرنے والے کی مدد کر رہا ہے، تو اس مدد کرنے والے کو بسم اللہ واللہ اکبر کہنا ضروری نہیں ہے۔ ۱۲ر

۱۸۸۴ ۲ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُضَحِّیْ بِکَبْشٍ اَقْرَنٍ فَحِیْلٍ یَنْظُرُ فِیْ سَوَادٍ وَیَاْکُلُ فِیْ سَوَادٍ وَیَمْشِیْ فِیْ سَوَادٍ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی عادت مبارک تھی کہ مینڈھوں میں سے چن کر ایسے مینڈھے کی قربانی کرتے تھے جس کے سینگ مڑے ہوئے ہوتے اور جو موٹا تازہ اور تر ہوتا تھا اور وہ ابلق یعنی چتکبرا ہوتا

وَالنَّسَآئِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ)

یعنی اس کا تمام جسم سفید ہونا، اور آنکھوں کے اطراف سیاہی اور منہ سیاہ اور پیر بھی سیاہ ہوتے تھے۔ اس حدیث کی روایت ترمذی، ابوداؤد ونسائی اور ابن ماجہ نے کی ہے۔

١٨٨٥ (٣) وَعَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ضَحّٰی بِکَبْشَیْنِ اَشْعَرَیْنِ اَمْلَحَیْنِ اَحَدُھُمَا عَنْ نَّفْسِہٖ وَالْاٰخَرُ عَمَّنْ شَھِدَ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مِنْ اُمَّتِہٖ رَوَاہُ اِمَامُنَا اَبُوْحَنِیْفَۃَ وَرَوَاہُ مُحَمَّدٌ فِی الْاٰثَارِ وَرَوَی الْحَاکِمُ وَابْنُ مَاجَۃَ وَاَحْمَدُ نَحْوَہٗ وَصَحَّحَہُ الْحَاکِمُ عَلٰی شَرْطِ مُسْلِمٍ وَفِیْ رِوَایَۃٍ لِّابْنِ مَاجَۃَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَتَاہُ رَجُلٌ فَقَالَ اِنَّ عَلَیَّ بُدْنَۃً وَاَنَا مُوْسِرٌ بِھَا وَلَا اَجِدُھَا فَاَشْتَرِیْھَا فَاَمَرَہُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنْ یَّبْتَاعَ سَبْعَ شِیَاہٍ فَیَذْبَحُھُنَّ وَفِیْ رِوَایَۃِ عَبْدِ الرَّزَّاقِ وَفِیْ کُلِّ اُضْحِیَّۃٍ شَاۃٌ وَقَالَ الطَّحَاوِیُّ اَمَّا الْاِشْتِرَاکُ فِی الشَّاۃِ الْوَاحِدَۃِ فِی الْاُضْحِیَۃِ الْوَاجِبَۃِ فَھُوَ مَنْسُوْخٌ وَاَوَّلَہٗ مُحَمَّدٌ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اِلٰی اَنَّہٗ مَحْمُوْلٌ عَلٰی مَا اِذَا کَانَ الرَّجُلُ فَقِیْرًا لَا یَجِبُ عَلَیْہِ

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ (عید اضحیٰ تھی) نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے دو مینڈھے قربانی دیئے جن کے جسم پر کثرت سے بال تھے اور یہ دونوں ابلق یعنی چتکبرے تھے، ان دونوں مینڈھوں میں سے ایک مینڈھا تو اپنی طرف سے قربانی دیا اور دوسرا مینڈھا اپنی تمام اُمت[٢] کی طرف سے اس کی روایت ہمارے امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ نے کی ہے اور امام محمد نے بھی کتاب الآثار میں اس کی روایت کی ہے۔ اور حاکم، ابن ماجہ اور امام احمد نے بھی اسی طرح اس کی روایت کی ہے اور حاکم نے اس حدیث کو مسلم کی شرط کے موافق صحیح قرار دیا ہے۔ ابن ماجہ کی ایک روایت میں حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ ایک آدمی نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں ہوا۔ عرض کی کہ مجھ پر ایک بدنہ ہے اور میں تنگ دست ہوں اور میں وہ حاصل نہیں کر سکتا آپ مجھے خرید دیں پس آپ نے سات بکریوں کی بیع کا حکم دیا اور انہیں ذبح کیا۔

ل اس سے معلوم ہوا کہ ایسا نر اور فربہ مینڈھا چُن کر قربانی دینا افضل اور سنت ہے

٢ (آپ کی اُمت دو قسم کی ہے، ایک اُمت دعوت ہے جن میں کفار بھی شامل ہیں تو آپ یہ قربانی اُمت دعوت کی طرف سے نہیں دی، بلکہ اُمت اجابت کی طرف سے یہ قربانی دی ہے یعنی اس قربانی کا ثواب اُمت اجابت کو پہنچایا ہے، جو توحید کے اور حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت کے قائل ہیں جن کو مسلمان کہتے ہیں)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

الْاُضْحِيَةُ يُشْرِكُهُمْ فِي الثَّوَابِ فَذَالِكَ
جَائِزٌ اَمَّا الْاِشْتِرَاكُ فِي الشَّاةِ
الْوَاحِدَةِ فِي الْاُضْحِيَةِ الْوَاجِبَةِ
فَلَا۔

ف: واضح ہو کہ بکری کی قربانی کے متعلق مختلف روایتیں آئی ہیں۔ ایک روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم دو بکریوں کی قربانی کرتے تھے، ایک بکری تو اپنی طرف سے قربانی کی اور دوسری بکری تمام اُمّت کی طرف سے، ایک اور روایت میں اس طرح مروی ہے کہ ایک بکری آپ نے قربانی کی اپنی طرف سے اور تمام گھر والوں کی طرف سے اور عبدالرزاق کی روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ ایک بکری کی قربانی ایک ہی شخص کی طرف سے ہوتی چاہیئے۔ اس کی تائید ابن ماجہ کی روایت سے بھی ہوتی ہے کہ ایک شخص حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا کہ مجھ کو سات شخصوں کی طرف سے قربانی کرنا ہے تو میں ایک اونٹ قربانی کرنا چاہتا ہوں اور اس وقت اونٹ نہیں مل رہا ہے کیا کیا جائے؟ تو حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم فرمایا اگر اونٹ نہ مل رہا ہو تو سات بکریاں خرید لو ایک ایک بکری ایک ایک کی طرف سے قربانی کے لیے کافی ہوگی، اگر ایک بکری سارے گھر والوں کی طرف سے کافی ہوتی تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم فرماتے اگر اونٹ نہ ملے تو ایک بکری خرید لو، ساتوں کی طرف سے ایک بکری کافی ہو جائے گی ایسا نہ فرما کر سات بکریاں خریدنے کا جو حکم دیا اس سے معلوم ہوا کہ ایک بکری ایک ہی شخص کی طرف سے قربانی دی جانی چاہیئے۔ ایک سے زیادہ کی طرف سے ایک بکری کی قربانی جائز نہیں ان مختلف روایات پر غور کرنے سے معلوم ہوا کہ قربانی دو قسم کی ہوتی ہے، ایک نفل جو محض ثواب کے لیے کی جاتی ہے اور جو قربانی کرنے والے پر واجب نہیں ہوتی، اور دوسری قربانی وہ ہے جو قربانی کرنیوالے پر صاحب نصاب ہونے کی وجہ سے واجب ہوتی ہے، تو وہ احادیث جن میں ایک بکری کا سارے گھر والوں کی طرف سے قربانی دیا جانا منقول ہے وہ نفل قربانی سے متعلق ہیں، جو محض ثواب کے لیے کی گئی ہے، واجب کے طور پر نہیں کی گئی۔ بخلاف اس کے جو قربانی واجب ہو اس میں ایک بکرا ایک ہی شخص کی طرف سے قربانی میں دیا جائے گا، ایک سے زیادہ کی طرف سے نہیں دیا جائے گا۔ اس لیے کہ جس طرح واجب زکوٰۃ کا نصاب مقرر ہے۔ مثلاً اگر کسی کے پاس دو سو درہم ہوں تو اس پر ہر چالیس درہم پر ایک درہم زکوٰۃ واجب ہوتی ہے۔ بخلاف نفل خیرات کے اس کے لیے کوئی نصاب مقرر نہیں کہ جس قدر چاہے اور جب چاہے نفل خیرات دے سکتا ہے، ایسا ہی نفل قربانی کے لیے انسانوں کی کوئی تعداد مقرر نہیں جتنے انسانوں کی طرف سے چاہیں، ایک بکرا قربانی دے کر اس کے ثواب میں ہیں سب کو شریک کر سکتے ہیں، بخلاف واجب قربانی کے کہ اس کے لیے بھی تعداد مقرر ہے کہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اونٹ اور گائے سات سات شخصوں کی طرف سے، اور بکرا ایک شخص کی طرف سے واجب قربانی میں دیا جائے، اس سے معلوم ہوا کہ جن حدیثوں سے ایک بکرا سارے گھر والوں کی طرف سے دیا جانا ثابت ہے۔ وہ نفل قربانی تھی جو محض ثواب کے لیے کی گئی اور سب کو ثواب میں شریک کیا گیا، جیسا کہ امام محمد رحمۃ اللہ نے فرمایا ہے کہ ایک بکرے کی قربانی سارے گھر والوں کی طرف سے ہوتا اس وقت پر محمول ہے کہ کوئی شخص محتاج ہوتا اور اس پر قربانی واجب نہیں ہوتی تھی، تو وہ اپنی جانب سے اور اپنے گھر والوں کی طرف سے ایک بکرا قربانی کرتا اور سب کو ثواب میں شریک کر لیتا، اور جن حدیثوں سے ایک بکرا ایک کی طرف سے دیا جانا معلوم ہوتا ہے وہ واجب قربانی ہے، اس لیے ایک سے زیادہ کی طرف سے ایک بکرا قربانی میں نہیں دیا جا سکتا، جو حضرات یہ کہتے ہیں کہ ایک بکری واجب قربانی میں پورے گھر والوں کی طرف سے کافی ہے تو ان کا یہ قول اس لیے صحیح نہیں ہے جب کہ سب کا اتفاق اس بات پر ہے کہ ایک اونٹ یا ایک گائے نو سات شخصوں سے زائد کے لیے کافی نہ ہو، اور ایک بکری پورے گھر والوں کی طرف سے، مثلاً اگر گھر میں بیس آدمی ہوں تو ان کے لیے واجب قربانی میں کافی ہو جائے، بر خلاف عقل اور نقل ہے۔ (۱۲)

۱۸۸۶ وَعَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهٗ كَانَ يَكْرَهُ اَنْ يَّذْكُرَ اسْمَ اِنْسَانٍ مَعَ اسْمِ اللّٰهِ عَلٰى ذَبِيْحَتِهٖ اَنْ يَّقُوْلَ بِسْمِ اللّٰهِ تَقَبَّلْ مِنْ فُلَانٍ رَوَاهُ مُحَمَّدٌ فِى الْاٰثَارِ وَ يُؤَيِّدُهٗ مَا قَالَ فِى الْهِدَايَةِ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ جَرِّدُوا التَّسْمِيَةَ۔

حضرت ابراہیم نخعی مکروہ کہ ذبح کے وقت اللہ تعالیٰ کے نام کے ساتھ کسی انسان کا نام لیا جائے (تحریمی) جانتے تھے اس کی تائید حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے قول سے بھی ہوتی ہے جس کو صاحب ہدایہ نے بیان کیا ہے۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ذبح کے وقت جو بسم اللہ واللہ اکبر کہا جاتا ہے اس میں کسی انسان کا نام کسی حیثیت سے بھی شریک کرنے سے باز رہو، بلکہ صرف بسم اللہ واللہ اکبر ہی کہا کرو۔

۱۸۸۷ وَعَنْ اَبِىْ رَافِعٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا ضَحّٰى

حضرت ابو رافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ

لہ جب کوئی شخص قربانی میں جانور ذبح کرنا چاہے اور ابھی جانور کو ذبح کے لیے لٹایا نہیں ہے تو جو دُعا چاہے پڑھ سکتا ہے، ایسا ہی لٹانے کے بعد بسم اللہ واللہ اکبر کہنے سے پہلے بھی جو دُعا چاہے پڑھ سکتا ہے اور اسی طرح ذبح کے بعد بھی جو دُعا چاہے کر سکتا ہے، جانور کو زمین پر لٹا کر عین ذبح کرنے کے وقت صرف اللہ تعالیٰ ہی کا نام (بسم اللہ واللہ اکبر) لینا چاہیئے۔ عین ذبح کے وقت، کسی انسان کا نام کسی حیثیت سے بھی درست نہیں چاہے بسم اللہ تقبل من فلاں (اللہ کے نام سے قربانی شروع کر رہا ہوں! اس کو فلاں کی طرف سے قبول فرما) ہی کیوں نہ کہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-E-ISLAMIA ACADEMY

اِشْتَرٰی كَبْشَيْنِ عَظِيمَيْنِ اَمْلَحَيْنِ حَتّٰی اِذَا خَطَبَ النَّاسَ وَصَلّٰى اُتِيَ بِاَحَدِهِمَا وَهُوَ قَائِمٌ فِي مُصَلَّاهُ فَذَبَحَهُ بِيَدِهٖ ثُمَّ قَالَ اَللّٰهُمَّ هٰذَا عَنْ اُمَّتِيْ جَمِيْعًا مَنْ شَهِدَ لَكَ بِالتَّوْحِيْدِ وَشَهِدَ لِيْ بِالْبَلَاغِ ثُمَّ يُؤْتٰى بِالْاٰخَرِ فَيَذْبَحُهٗ ثُمَّ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ هٰذَا عَنْ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ وَقَالَ فِي الدُّرِّ الْمُخْتَارِ فَاِنْ فَصَلَ صُوْرَةً وَمَعْنًى كَالدُّعَاءِ قَبْلَ الْاِضْجَاعِ وَالدُّعَاءِ قَبْلَ التَّسْمِيَةِ اَوْ بَعْدَ الذَّبْحِ لَا بَاْسَ بِهٖ وَقَالَ فِي رَدِّ الْمُحْتَارِ اَيْ لَا يُكْرَهُ۔

واٰلہٖ وسلم قربانی کیا کرتے تو وہ بڑے بڑے ابلق مینڈھے خرید فرمایا کرتے تھے، اور نماز عید کے بعد عید گاہ میں خطبہ دینے سے فارغ ہو جاتے اور آپ عید گاہ ہی میں کھڑے رہتے، تو اس وقت مذکورہ دو مینڈھوں میں سے ایک مینڈھا لایا جاتا اور حضور جب اس مینڈھے کو ذبح کرنا چاہتے تو ذبح کے وقت کوئی دعا نہیں پڑھتے تھے، صرف بسم اللہ واللہ اکبر کہہ کر ذبح کرتے، ذبح سے فارغ ہونے کے بعد یہ دعا پڑھتے۔

اے اللہ! یہ قربانی میری امت کی طرف سے قبول فرمائیے یعنی میری امت میں سے ہر اس شخص کی طرف سے قبول فرمائیے جو آپ کی توحید کی گواہی دیتا ہو، اور اس بات کی بھی گواہی دیتا ہو کہ میں پورے پورے احکام پہنچا رہا ہوں۔

پھر دوسرا مینڈھا آپ کے پاس لایا جاتا تو اس کو بھی بسم اللہ واللہ اکبر کہنے بعد ذبح فرماتے اور یہ دعا پڑھتے۔

اَللّٰهُمَّ هٰذَا عَنْ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ۔

اے اللہ تعالیٰ! یہ قربانی محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم اور محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم کے گھر والوں کی طرف سے ہے۔

اس کی روایت امام طحاوی نے کی ہے۔

ف:۔ واضح ہو کہ صدر میں حاکم، ابن ماجہ اور امام احمد، حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں "اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ ضَحّٰى بِكَبْشَيْنِ اَشْعَرَيْنِ اَمْلَحَيْنِ اَحَدُهُمَا عَنْ نَفْسِهٖ" کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم ایک مینڈھا اپنی طرف سے اپنے لیے قربانی کرتے یہ واجب قربانی تھی۔ جس کو آپ اپنی طرف سے ادا کرتے اور اس حدیث شریف میں مذکور ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم دو بکروں کی قربانی دیتے۔ ایک بکرا تو تمام امت کی طرف سے، اور دوسرا بکرا اپنے اور اپنے گھر والوں کی طرف سے قربانی دیتے، آپ اپنے اور اپنے گھر والوں کی طرف سے جو قربانی دیتے وہ حضرت کے گھر والوں پر واجب قربانی نہیں تھی، بلکہ وہ نفل قربانی تھی کہ سب گھر والوں کو ثواب میں شریک کر لیتے تھے، سب گھر والوں کی طرف سے جو قربانی دی گئی تھی، وہ ایسی ہی قربانی تھی جیسے امت کی طرف سے قربانی دی گئی تھی کہ ثواب میں امت کو شریک کر لیا گیا تھا، نہ کہ امت

کی طرف سے واجب ادا کیا گیا تھا۔ ۱۲

۱۸۸۸/۶ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ ضَحّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِكَبْشَيْنِ فِيْ يَوْمِ عِيْدٍ فَقَالَ حِيْنَ وَجَّهَهُمَا وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اِلٰى اٰخِرِ الْاٰيَةِ اَللّٰهُمَّ مِنْكَ وَلَكَ عَنْ مُحَمَّدٍ وَّاُمَّتِهٖ ثُمَّ سَمّٰى وَكَبَّرَ وَذَبَحَ رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ وَرَوٰى اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ نَحْوَهٗ۔

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم عید (اضحیٰ) کے دن دو مینڈھوں کی قربانی دیتے، جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ذبح کرنے کے لیے دونوں بکروں کو قبلہ رُخ کرتے تو آپ (سورہ انعام ع ۹) یہ دُعا پڑھتے۔

میں نے ایک ہی کا ہو کر اپنا رخ اسی ذات پاک کی طرف کر لیا ہے، جس نے زمین اور آسمان کو بنایا ہے اور میں مشرکوں میں سے نہیں ہوں۔ اے اللہ (یہ قربانی) تیرے ہی لئے ہے محمد اور اس کی امت کی طرف سے اور ابوداؤد کی روایت میں اس دُعا کے ساتھ ذیل کی دُعا کا اضافہ بھی کیا گیا ہے۔

اِنَّ صَلَاتِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ۔

میری نماز میری تمام عبادتیں (اور میری قربانی) میرا جینا اور مرنا سب اللہ کے لیے ہے جو سارے جہان کا پروردگار ہے کوئی اس کا شریک نہیں اور مجھ کو ایسا ہی حکم دیا گیا ہے اور میں اس کے فرمانبرداروں میں سے ہوں۔

اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اس کے بعد یہ دُعا بھی پڑھی۔

اَللّٰهُمَّ مِنْكَ وَلَكَ عَنْ مُحَمَّدٍ وَّاُمَّتِهٖ۔

اے اللہ یہ قربانی آپ ہی کی دی ہوئی ہے اور یہ آپ ہی کی رضا جوئی کے لیے محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم) اور محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی امت کی طرف سے پیش کی جا رہی ہے۔

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پھر بسم اللہ واللہ اکبر کہہ کر ذبح کرتے، اس کی روایت امام طحاوی نے کی ہے، اور امام احمد، ابوداؤد، ابن ماجہ اور دارمی نے بھی اسی طرح روایت کی ہے۔

۱۸۸۹/۷ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَذْبَحُوْا اِلَّا مُسِنَّةً اِلَّا اَنْ يَّعْسُرَ عَلَيْكُمْ فَتَذْبَحُوْا

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ (قربانی میں) مُسِنّہ ذبح کیا کرو۔ (مُسِنّہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

جَذَعَةً مِّنَ الضَّأْنِ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

سے کم ذبح کرو گے تو قربانی قبول نہیں ہو گی۔ اور اگر تم کو یہ تینوں قسموں کا ملنا دشوار ہے۔ اور صرف بکروں میں جذعہ مل سکتا ہے تو (ایک آدمی کی طرف سے) چھ مہینہ کا جذعہ یعنی ایسا دنبہ یا مینڈھا بھی قربانی کر سکتے ہو جو اتنا موٹا تازہ ہو کہ ایک سال بھر کا معلوم ہوتا ہو، اور سال بھر والے دنبوں یا مینڈھوں میں چھوڑ دو تو کچھ فرق نہ معلوم ہو، (اگر چھ مہینہ کا ایسا مینڈھا نہ مل سکے، تو پھر سال بھر کا ہی ہونا چاہیئے) اس حدیث کی روایت مسلم نے کی ہے۔

۱۸۹۰ وَعَنْ مُجَاشِعٍ مِّنْ بَنِي سُلَيْمٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ إِنَّ الْجَذَعَ يُوَفِّي مِمَّا يُوَفِّي مِنْهُ الثَّنِيُّ۔

(رَوَاهُ أَبُودَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت مجاشع جو قبیلہ بنی سلیم میں سے تھے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم فرمایا کرتے تھے کہ چھ مہینہ کا ایسا مینڈھا جو اتنا فربہ ہو کر ایک سال کا معلوم ہوتا ہے) قربانی کے لیے ایسا ہی کافی ہے، جیسا کہ ایک سال کا مینڈھا کافی ہوتا ہے۔ اس کی روایت ابو داؤد نسائی اور ابن ماجہ نے کی ہے۔

۱۸۹۱ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ نِعْمَتِ الْأُضْحِيَّةُ الْجَذَعُ مِنَ الضَّأْنِ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم کو ارشاد فرماتے سنا ہے کہ چھ مہینہ کا (ایسا فربہ مینڈھا جو ایک سال کا معلوم ہوتا ہو) قربانی کے لیے بہت بہتر ہے[۲] اس حدیث کی روایت ترمذی نے کی ہے۔

۱۸۹۲ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْطَاهُ غَنَمًا يَقْسِمُهَا عَلَى صَحَابَتِهِ ضَحَايَا فَبَقِيَ

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم نے کچھ بکریاں مجھے عنایت کیں

---

[۱] مُسِنّہ یہ ہے کہ اونٹ ہو تو پانچ سال ختم ہو کر چھٹا شروع ہو، اگر گائے ہو تو دو سال ہو کر تیسرا شروع ہو اور مینڈھا یا بکرا ہو تو پورا ایک سال کا ہو

[۲] اگر ایسا نہ ملے تو پھر قربانی کے لیے ایک سال کا مینڈھا ہونا چاہیئے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

عَتُوْدٌ فَذَكَرَهُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ ضَحِّ بِهِ اَنْتَ وَفِيْ رِوَايَةٍ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَصَابَنِيْ جَذَعٌ قَالَ ضَحِّ بِهِ ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

تاکہ میں صحابہ میں قربانی کے لیے تقسیم کردوں اخیر میں عتود رہ گیا، تو حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم فرمایا سنو عقبہ! سال سے کم جو بکری کا بچہ رہ گیا ہے، اسی کی تم قربانی کرو، اور یہ حکم خاص تمہارے لیے ہے دوسروں کو سال سے کم کا بکرا اگرچہ کہ وہ فربہ ہو قربانی میں جائز نہیں (بخلاف مینڈھے کے اگر وہ سال سے کم کا بھی ہو اور فربہ ہو تو اس کی قربانی سب کے لیے جائز ہے، اس حدیث کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

۱۸۹۳ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ[۱] صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْبَحُ وَيَنْحَرُ بِالْمُصَلّٰى۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی عادت مبارک تھی کہ آپ (نماز عید کے بعد) عیدگاہ ہی میں قربانی کرتے تھے اس حدیث کی روایت بخاری نے کی ہے۔

ف: اس حدیث شریف میں قربانی کرنے کے لیے دو الفاظ لائے گئے ہیں، ایک یذبح اور دوسرے ینحر، اس کی تحقیق اس بات سے پہلے باب صلاۃ العیدین میں امام بخاری کی حدیث، جو حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے اس کے فائدہ میں گزر چکی ہے۔ ملاحظہ کرلیا جائے۔

۱۸۹۴ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ[۲] وَسَلَّمَ قَالَ اَلْبَقَرَةُ عَنْ سَبْعَةٍ

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا

۱؎ عتود بکروں اور چھتروں میں ایسا ہی ہے جیسے جذعہ مینڈھوں میں کہ جذعہ (۶) مہینہ سے زیادہ اور سال سے کم کا ہوتا ہے اور عتود بھی ایسا ہی بکروں میں (۶) مہینہ سے زیادہ اور سال سے کم کا ہوتا ہے، جذعہ اگر فربہ ہو تو ایک سال سے کم کا بھی ہو قربانی دے سکتے ہیں اور عتود اگرچہ فربہ ہو (۶) مہینہ سے زیادہ اور سال سے کم ہو تو اس کی قربانی نہیں دی جاتی، ایک سال کا ہونا ضروری ہے اس لیے عقبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا کہ میرے حصہ میں عتود یعنی ایک سال سے کم کا بکری کا بچہ رہ گیا ہے۔ (اور بکری کا بچہ ایک سال سے کم کا ہو تو اس کی قربانی جائز نہیں) تو میں قربانی کس طرح کروں

۲؎ اس کی وجہ یہ تھی کہ لوگوں کو معلوم ہو جائے کہ قربانی کا وقت نماز عید کے بعد ہے، نماز عید سے پہلے قربانی کرنے سے قربانی ادا نہیں ہوتی اور یہ بھی لوگوں کو معلوم ہو جائے کہ قربانی کرنے کی جگہ عید گاہ ہی ہے، عید گاہ میں قربانی کرنا افضل و مستحب ہے، اگرچہ کہ گھروں میں قربانی کرنا بھی جائز ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

وَالْجُزُوْرُ عَنْ سَبْعَۃٍ رَوَاہُ مُسْلِمٌ وَاَبُوْدَاؤٗدَ وَاللَّفْظُ لَہٗ۔

کہ گائے کی قربانی (زیادہ سے زیادہ) سات آدمیوں کی طرف سے اور اونٹ کی قربانی بھی (زیادہ سے زیادہ) سات آدمیوں کی طرف سے ہو سکتی ہے اس حدیث کی روایت مسلم اور ابو داؤد نے کی ہے

۱۸۹۵ [۱۳] وَعَنْ اُمِّ سَلَمَۃَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلَ الْعَشْرُ وَاَرَادَ بَعْضُکُمْ اَنْ یُّضَحِّیَ فَلَا یَمَسُّ مِنْ شَعْرِہٖ وَبَشَرِہٖ شَیْئًا وَفِیْ رِوَایَۃٍ فَلَا یَاْخُذَنَّ شَعْرًا وَلَا یَقْلُمَنَّ ظُفْرًا وَفِیْ رِوَایَۃٍ مَنْ رَاٰی ہِلَالَ ذِی الْحِجَّۃِ وَاَرَادَ اَنْ یُّضَحِّیَ فَلَا یَاْخُذْ مِنْ شَعْرِہٖ وَلَا مِنْ اَظْفَارِہٖ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے[۱] وہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں[۲] ذی الحجہ کا چاند دیکھتے ہی جو قربانی کرنے والے ہیں وہ حجامت نہ بنوائیں ناخن اور بال قربانی کرنے تک نہ کتروائیں[۳]

۱۸۹۶ [۱۴] وَعَنْ یَزِیْدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ قُسَیْطٍ اَنَّ عَطَاءَ بْنَ یَسَارٍ وَاَبَا بَکْرِ ابْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ ہِشَامٍ وَاَبَا بَکْرِ بْنَ سُلَیْمَانَ کَانُوْا لَا یَرَوْنَ بَاْسًا اَنْ یَّاْخُذَ الرَّجُلُ مِنْ شَعْرِہٖ وَیُقَلِّمُ اَظْفَارَہٗ فِیْ عَشْرِ ذِی الْحِجَّۃِ رَوَاہُ الطَّحَاوِیُّ۔

حضرت زید بن عبد اللہ بن قسیط رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت عطاء بن یسار، حضرت ابو بکر بن عبد الرحمن بن حارث بن ہشام اور حضرت ابو بکر بن سلیمان رضی اللہ تعالیٰ عنہم تینوں سے روایت کرتے ہیں کہ یہ تینوں حضرات کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے کہ کوئی آدمی ذو الحجہ کے پہلے عشرہ میں اپنے بال یا ناخن کٹوائے۔ (طحاوی)

۱۸۹۷ [۱۵] وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ رَبِیْعَۃَ قَالَ رَاٰنِیْ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

حضرت محمد بن ربیعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ مجھے حضرت سیدنا عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے

---

۱ جو مسلمان اپنے وطن میں ہیں ان کو حاجیوں سے مشابہت پیدا کر کے مشابہت کا ثواب دیتے کے لیے جیسے حاجی مکہ معظمہ میں نماز پڑھتے ہیں، اور منیٰ میں قربانی کرتے ہیں اسی طرح مسلمانوں کو حکم دیا گیا کہ عید گاہ میں عید کی نماز پڑھیں اور نماز کے بعد قربانی کریں، اسی طرح حاجیوں سے مشابہت ہو جاتی ہے۔

۲ کہ جو قربانی کر کے حاجیوں سے مشابہت پیدا کرتے ہیں تو ان کو چاہیئے کہ جیسے حاجی صاحب سے احرام باندھتے ہیں حجامت نہیں بنواتے، بال اور ناخن نہیں کترواتے، ایسے ہی حاجیوں سے پوری مشابہت پیدا کرنے کے لیے

۳ تا کہ حاجیوں سے پوری پوری مشابہت ہو جائے اگرچہ حاجیوں کے لیے بال اور ناخن نہ کتروانا فرض ہے بخلاف قربانی کرنے والوں کے ان کو حجامت نہ بنوانا اور بال اور ناخن نہ کتروانا مستحب ہے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

طَوِيْلُ الشَّارِبِ وَ ذٰلِكَ بِذِي الْحُلَيْفَةِ وَ اَنَا عَلٰى نَاقَتِيْ وَ اَنَا اُرِيْدُ الْحَجَّ فَاَمَرَنِيْ اَنْ اَقُصَّ مِنْ شَعْرِيْ فَفَعَلْتُ۔

(رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ)

دیکھا کہ مونچھیں لمبی ہیں، اور آپ اس وقت مقام ذوالحلیفہ میں تھے اور میں اونٹنی پر سوار حج کے ارادے سے جا رہا تھا تو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مجھے مونچھوں کے بال کتروانے کا حکم دیا، تو میں نے حکم کی تعمیل کی۔

(طحاوی)

۱۸۹۸/۱۶ وَعَنْ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ شَهِدْتُ الْاَضْحٰى يَوْمَ النَّحْرِ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَعْدُ اَنْ صَلّٰى وَفَرَغَ مِنْ صَلَاتِهٖ وَسَلَّمَ فَاِذَا هُوَ يَرٰى لَحْمَ اَضَاحِيَّ قَدْ ذُبِحَتْ قَبْلَ اَنْ يَفْرُغَ مِنْ صَلَاتِهٖ فَقَالَ مَنْ كَانَ ذَبَحَ قَبْلَ اَنْ يُصَلِّيَ اَوْ نُصَلِّيَ فَلْيَذْبَحْ مَكَانَهَا اُخْرٰى وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ صَلَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ النَّحْرِ ثُمَّ خَطَبَ ثُمَّ ذَبَحَ وَ قَالَ مَنْ كَانَ ذَبَحَ قَبْلَ اَنْ يُّصَلِّيَ فَلْيَذْبَحْ اُخْرٰى مَكَانَهَا وَمَنْ لَمْ يَذْبَحْ فَلْيَذْبَحْ بِاسْمِ اللّٰهِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت جندب بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں عید بقر یعنی قربانی کے دن حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ حاضر ہوا، تو ابھی آپ نماز سے آگے نہ بڑھے تھے اور اپنی نماز سے فارغ ہوئے ہی تھے اور سلام پھیرا تو اچانک آپ نے قربانی کا گوشت پڑا ہوا دیکھا جسے نماز سے فارغ ہونے سے پہلے ہی ذبح کر دیا گیا تھا، تو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے نماز عید سے پہلے یا ہمارے نماز پڑھنے سے پہلے جانور ذبح کیا ہے تو چاہیے کہ وہ اس کی جگہ پر دوسرا جانور ذبح کرے، اور ایک روایت میں ہے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے عید قربان کے دن نماز عید پڑھی پھر آپ نے خطبہ ارشاد فرمایا، پھر آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے جانور ذبح کیا اور فرمایا: جس شخص نے نماز عید ادا کرنے سے پہلے قربانی کا جانور ذبح کیا ہے تو چاہیے کہ وہ اس کی جگہ پر دوسرا جانور ذبح کرے اور جس شخص نے نماز عید سے پہلے قربانی کا جانور ذبح نہیں کیا ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کا نام لے کر جانور ذبح کرے۔

(بخاری و مسلم)

۱۸۹۹/۱۶ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمَدِيْنَةِ عَشَرَ سِنِيْنَ يُضَحِّيْ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم مدینہ منورہ میں دس سال قیام کے دوران قربانی کرتے رہے۔ (طحاوی، ترمذی)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

۱۹۰۰ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كَانَ لَهٗ سَعَةٌ وَلَمْ یُضَحِّ فَلَا یَقْرَبَنَّ مُصَلَّانَا رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالْحَاكِمُ وَاَحْمَدُ قَالَ الْحَاكِمُ صَحِیْحُ الْاِسْنَادِ ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جس شخص کو گنجائش و وسعت ہو اور وہ عید قربان کے موقع پر قربانی کرے تو ایسا شخص ہرگز ہماری عیدگاہوں کے قریب نہ آئے، (ابن ماجہ و حاکم، واحمد اور حاکم نے اس حدیث کو صحیح الاسناد کہا ہے۔

۱۹۰۱ وَعَنْ مِّخْنَفِ بْنِ سُلَیْمٍ قَالَ كُنَّا وُقُوْفًا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِعَرَفَةَ فَسَمِعْتُهٗ یَقُوْلُ یَا اَیُّهَا النَّاسُ اِنَّ عَلٰی كُلِّ اَهْلِ بَیْتٍ فِیْ كُلِّ عَامٍ اُضْحِیَّةٌ وَعَتِیْرَةٌ هَلْ تَدْرُوْنَ مَا الْعَتِیْرَةُ هِیَ الَّتِیْ تُسَمُّوْنَهَا الرَّجَبِیَّةَ

(رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاؤُدَ وَالنَّسَائِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت مخنف بن سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ہم (حجۃ الوداع) میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ وقوف عرفہ کرکے عرفات میں ٹھہرے ہوئے تھے، میں نے خود حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے سنا ہے کہ لوگو! قربانی واجب ہے ہر گھر والا (جو قربانی اور فطرہ کے نصاب کا مالک ہو) اس کو چاہیئے کہ وہ اپنی طرف سے ہر سال قربانی کیا کرے۔ اس حدیث کی روایت ترمذی، ابو داؤد، نسائی اور ابن ماجہ نے کی ہے۔

وَقَالَ اَبُوْدَاؤُدَ وَالْعَتِیْرَةُ مَنْسُوْخَةٌ قَالَ صَاحِبُ الْمِشْكٰوةِ فِیْ هٰذَا الْمَقَامِ وَقَالَ التِّرْمِذِیُّ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ ضَعِیْفُ الْاِسْنَادِ قَالَ مِیْرَكُ وَلٰكِنْ عِبَارَةُ التِّرْمِذِیِّ هٰكَذَا هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ لَا نَعْرِفُ هٰذَا الْحَدِیْثَ مَرْفُوْعًا اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِیْثِ ابْنِ عَوْنٍ وَلَیْسَ فِی التِّرْمِذِیِّ حُكْمٌ بِضُعْفِ اِسْنَادِ هٰذَا الْحَدِیْثِ كَذَا فِیْ كَثِیْرٍ مِّنَ النُّسَخِ الْحَاضِرَةِ وَكَذَا نَقَلَهٗ عَنْهُ صَاحِبُ التَّخْرِیْجِ ۔

لے یہاں اس کے چھوٹے بچوں کی طرف سے اور جوان بچوں کی طرف سے اور بیوی کی طرف سے قربانی اس پر واجب نہیں ہے، اگر ان سے اجازت لے کر قربانی کرے تو قربانی اُن کی طرف سے بھی ادا ہو سکتی ہے

۱۹۰۲ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُمِرْتُ بِيَوْمِ الْاَضْحٰى عِيْدًا جَعَلَهُ اللّٰهُ لِهٰذِهِ الْاُمَّةِ قَالَ لَهٗ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ اِنْ لَّمْ اَجِدْ اِلَّا مَنِيْحَةً اُنْثٰى اَفَاُضَحِّيْ بِهَا قَالَ لَا وَلٰكِنْ خُذْ مِنْ شَعْرِكَ وَاَظْفَارِكَ وَتَقُصُّ شَارِبَكَ وَتَحْلِقُ عَانَتَكَ فَذٰلِكَ تَمَامُ اُضْحِيَتِكَ عِنْدَ اللّٰهِ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ وَالنَّسَآئِيُّ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں مجھے حکم دیا گیا ہے کہ دسویں ذی الحجہ کو عید منایا کروں، ایک مجھ ہی کو نہیں بلکہ میری ساری امّت کو حکم دیا گیا ہے کہ وہ دسویں ذی الحجہ کو قربانی کر کے عید منایا کریں، حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے یہ سُن کر کہ آپ کو قربانی کرنے کا حکم دیا گیا ہے[1]، ایک صحابی نے عرض کیا یا رسول اللہ! مجھے استطاعت تو نہیں ہے کہ قربانی کرسکوں، البتہ مجھے دودھ پینے کے لیے ایک صاحب بکری دے گئے ہیں، ہیں واجب کی ادائیگی کے لیے اسی دی ہوئی بکری کی قربانی کردیتا ہوں یہ سُن کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تم سمجھے نہیں، تم جیسے محتاج شخص پر قربانی واجب نہیں ہے، خواہ مخواہ لوگوں کی دی ہوئی بکری بغیر ان کی اجازت کے ذبح کرکے پھر ادا کرنے کا خیال رکھنا، اس طرح حکم نہیں ہے، قربانی اس شخص پر واجب ہے جو صاحب نصاب ہے، تم کو بال، ناخن دُور کرکے غسل کرکے اور میل کچیل دُور کرکے مسلمانوں کے ساتھ عید کی خوشی منانا ہی کافی ہے[2]
اس حدیث کی روایت ابو داؤد اور نسائی نے کی ہے۔

۱۹۰۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ اَيَّامٍ نِ الْعَمَلُ الصَّالِحُ فِيْهِنَّ اَحَبُّ اِلَى اللّٰهِ مِنْ هٰذِهِ الْاَيَّامِ الْعَشْرِ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلَا الْجِهَادُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ قَالَ وَلَا الْجِهَادُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اِلَّا رَجُلٌ

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں (کہ ذی الحجہ کے عشرۂ اوّل کی بڑی فضیلت ہے) جس قدر ان دنوں میں نیک عمل کرنے کا ثواب ہے، اتنا ثواب کسی اور دنوں کے نیک عمل کرنے میں نہیں ہے، صحابہ نے عرض کی

[1] دیکھے کہ قربانی واجب ہے اور ہر ایک کے ذمہ اس کی ادائیگی ضروری ہے۔
[2] تمہاری نیّت قربانی کرنے کی تھی مگر مجبوری سے نہ کر سکے تو تمہاری نیت کی وجہ سے تم کو قربانی کا ثواب دیا جائے گا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

خَرَجَ بِنَفْسِہٖ وَمَالِہٖ فَلَمْ یَرْجِعْ مِنْ ذٰلِكَ بِشَیْءٍ۔

(رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضور! کیا اور دنوں میں جہاد کرنے کے ثواب سے ان دنوں میں نیک عمل کرنے کا ثواب زیادہ ہے؟ تو حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہاں! ان دنوں میں نیک عمل کرنے کا ثواب اور دنوں کے جہاد کے ثواب سے بھی زیادہ ہے، مگر ایک ایسا شخص جو اللہ کی راہ میں جہاد کرنے کے لیے جان و مال لے کر نکلا (اور ایسا دل توڑ کر جہاد کیا) کہ اس کی جان بچی نہ مال (جان اور مال سب اللہ کی راہ میں قربان کر دیا) ایسے شخص کے عمل کا ثواب ذی الحجہ کے عشرۂ اوّل میں نیک عمل کرنے کے ثواب سے اللہ کے پاس زیادہ محبوب ہے، اس کی روایت بخاری نے کی ہے۔

۱۹۰۴
۲۲ وَعَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ قَالَ
رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا
عَمِلَ ابْنُ اٰدَمَ مِنْ عَمَلٍ یَوْمَ النَّحْرِ
اَحَبَّ اِلَی اللّٰہِ مِنْ اِھْرَاقِ الدَّمِ وَاِنَّہٗ
لَیَاْتِیْ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ بِقُرُوْنِھَا وَاَشْعَارِھَا
وَاَظْلَافِھَا وَاِنَّ الدَّمَ لَیَقَعُ مِنَ اللّٰہِ
بِمَکَانٍ قَبْلَ اَنْ یَّقَعَ بِالْاَرْضِ فَطِیْبُوْا
بِھَا نَفْسًا۔

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ)

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے وہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ دسویں ذی الحجہ کے دن قربانی کے جانور کا خون بہانا جیسے اللہ تعالیٰ کے نزدیک محبوب ہے، ایسا کوئی نیک عمل اس دن میں ایسا محبوب نہیں ہے اور یہ قربانی کا جانور قیامت کے دن اپنے سینگوں، اپنے بالوں اپنے کھروں کے ساتھ (صحیح وسالم) آئے گا[1] قربانی کے جانور کا خون زمین پر گرنے سے پہلے ہی اللہ تعالیٰ قربانی کو قبول فرما لیتے ہیں[2] خوشی خوشی سے قربانی کیا کرو، اس کی روایت ترمذی اور ابن ماجہ نے کی ہے۔ ۱۲

لہ تاکہ قربانی کے ہر عضو کے بدلہ میں قربانی کرنے والے کو ثواب ملے، پُل صراط پر سواری کے کام آئے اور میزان میں نیک اعمال کے پلڑے میں قربانی کے جانور کو رکھا جائے تاکہ نیکیوں کا پلڑا اس سے بھاری ہو جائے، (قربانی کے جانور کا خون بہانا اللہ تعالیٰ کو ایسا اچھا معلوم ہوتا ہے۔

ٹہ جب تم کو یہ معلوم ہو چکا کہ قربانی اللہ تعالیٰ کو کس قدر محبوب ہے اور اللہ تعالیٰ سب اعمال خیر سے زیادہ قربانی کو پسند کرتے ہیں، اور بہت جلد قربانی کو قبول فرماتے ہیں تو اب تم پر قربانی کرنا گراں نہیں ہونا چاہیئے۔

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

١٩٠٥/٢٣ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ اَیَّامٍ اَحَبُّ اِلَی اللّٰهِ اَنْ یُّتَعَبَّدَ لَهٗ فِیْهَا مِنْ عَشْرِ ذِی الْحِجَّةِ یَعْدِلُ صِیَامُ کُلِّ یَوْمٍ مِّنْهَا بِصِیَامِ سَنَةٍ وَقِیَامُ کُلِّ لَیْلَةٍ مِّنْهَا بِقِیَامِ لَیْلَةِ الْقَدْرِ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ دنوں تو نیک اعمال عموماً کسی مہینہ میں ہوں اللہ تعالیٰ کو نہایت محبوب ہیں، مگر ذی الحجہ کے پہلے دس دنوں میں جو نیک اعمال کئے جاتے ہیں وہ اللہ تعالیٰ کو جتنے محبوب ہیں اور دنوں کے اعمال ایسے محبوب نہیں ہیں[1] نو ہی تک کا ہر روزہ ثواب میں ایک سال کے روزوں کے برابر ہے اور ان دنوں میں شب بیداری کا ثواب شب قدر کی شب بیداری کے ثواب کے برابر ہے، اس کی روایت ترمذی اور ابن ماجہ نے کی ہے۔

١٩٠٦/٢٤ وَعَنْ زَیْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ قَالَ اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا هٰذِهِ الْاَضَاحِیُّ قَالَ سُنَّةُ اَبِیْکُمْ اِبْرَاهِیْمَ عَلَیْهِ السَّلَامُ قَالُوْا فَمَا لَنَا فِیْهَا یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ بِکُلِّ شَعْرَةٍ حَسَنَةٌ قَالُوْا فَالصُّوْفُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ بِکُلِّ شَعْرَةٍ مِّنَ الصُّوْفِ حَسَنَةٌ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے صحابہ کرام نے دریافت کیا یا رسول اللہ قربانی کیا چیز ہے اور اس کی بناء کب سے ہوئی ہے؟ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ (قربانی کی بناء حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے زمانے میں پڑی اس لیے) قربانی تمہارے باپ حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی سنت ہے، (حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بعد تمام شریعتوں میں جاری رہی) پھر شریعت اسلام نے بھی اس کو قائم رکھا صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم) قربانی کی بناء کب سے ہوئی یہ تو ہم کو معلوم ہو گیا، مگر یہ نہیں معلوم ہوا کہ قربانی کرنے میں کیا ثواب ہے؟ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا، قربانی

[1] اس سے آپ کو اندازہ لگے گا کہ ان دنوں کے نیک اعمال اللہ تعالیٰ کو کس قدر محبوب ہیں کہ دسویں ذی الحجہ کے سوا، کہ اس دن کا روزہ تو حرام ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

کے جانور کے ہر بال کے بدلہ میں ایک ایک نیکی ملتی ہے صحابہ نے عرض کیا حضور! شَعر یعنے بال تو گائے بکروں اور چھیلوں میں ہوتے ہیں ان کے ہر بال کے بدلہ میں ایک ایک نیکی کا ملنا معلوم ہوا، مگر مینڈھے اور اونٹ کی قربانی کرتے ہیں جو ثواب ہے وہ نہیں معلوم ہوا حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا (مینڈھوں اور اونٹوں کے بال کو صوف یعنی اون کہتے ہیں) اُون کے بھی ہر بال کے بدلہ میں ایک ایک نیکی ملتی ہے[1] اس حدیث کو امام احمد اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

۱۹۰۷ وَعَنْ حَنَشٍ قَالَ رَأَيْتُ عَلِيًّا ؓ يُضَحِّي بِكَبْشَيْنِ فَقُلْتُ لَهُ مَا هٰذَا؟ فَقَالَ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوْصَانِي أَنْ أُضَحِّيَ عَنْهُ فَأَنَا أُضَحِّي عَنْهُ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ وَرَوَى التِّرْمِذِيُّ نَحْوَهُ)

حضرت حنش رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دو مینڈھے ذبح کرتے ہوئے دیکھ کر دریافت کیا کہ حضرت آپ یہ دو مینڈھے کیوں ذبح کر رہے ہیں؟ (ایک مینڈھا ایک آدمی کی طرف سے قربانی کے لیے کافی ہے) تو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے وصیت فرمائی ہے کہ میں حضور (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم) کی طرف سے بھی قربانی کیا کروں[2]، اس حدیث کی روایت ابو داؤد نے کی ہے اور ترمذی نے بھی اسی طرح روایت کی ہے۔

ف: واضح رہے کہ جیسے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

---

[1] مسلمانو! سوچو، قربانی کا کیا ثواب ہے ایک ایک بال کے بدلہ ایک ایک نیکی ملتی ہے، کس قدر بال ہیں اور کس قدر نیکیاں ملتی ہیں، اس کا کچھ اندازہ کر سکتے ہو، عمر بھر بھی نیکیاں کرو گے تو اتنی نیکیاں نہیں کر سکتے۔ قربانی کر کے اتنی بے شمار نیکیاں بہت آسانی سے حاصل کر لو

[2] اس لیے میں ایک بکرا تو اپنی طرف سے قربانی کر رہا ہوں اور دوسرا بکرا حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے قربانی دے رہا ہوں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کی جانب سے قربانی دی ہے ایسا ہی ہم بھی اپنے مُردوں کی طرف سے قربانی دے سکتے ہیں مگر مردوں کی وصیت کی وجہ سے قربانی دی گئی ہے تو اس پوری قربانی کو خیرات کر دینا چاہئے، خود اس کو نہیں کھانا چاہیئے اور اگر بغیر مُردوں کی وصیت کے خود مُردوں کو ثواب پہنچانے کے لیے قربانی کی گئی ہے، تو اس قربانی کو مثل اپنی قربانی کے خود بھی کھا سکتا ہے اور دوسروں کو بھی کھلا سکتا ہے۔ (درمختار)

۱۹۰۸/۲۶ وَعَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَاذَا یُتَّقٰى مِنَ الضَّحَایَا فَاَشَارَ بِیَدِہٖ فَقَالَ اَرْبَعٌ الْعَرْجَاءُ الْبَیِّنُ ظَلْعُھَا وَالْعَوْرَاءُ الْبَیِّنُ عَوَرُھَا وَالْمَرِیْضَۃُ الْبَیِّنُ مَرَضُھَا وَالْعَجْفَاءُ الَّتِیْ لَا تُنْقِیْ رَوَاہُ مَالِکٌ وَاَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَآئِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ وَالدَّارِمِیُّ وَالطَّحَاوِیُّ۔

حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے دریافت کیا گیا کہ کن کن جانوروں کی قربانی نہ دی جائے یعنی قربانی کے جانوروں میں وہ کون سے عیب ہیں جن کی وجہ سے ان کی قربانی دینا جائز نہیں ہے حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے انگلیوں کے اشارے سے فرمایا[1] کہ اتنی لنگڑے جانور کی قربانی نہ کی جائے جس کا لنگڑا ہونا اس طرح ظاہر ہو کہ وہ چل نہ سکے (اگر معمولی لنگڑا پن ہو تو کچھ حرج نہیں) اور نہ اس کانے جانور کی قربانی کی جائے جس کا کانا پن ظاہر ہو، یعنے ایک آنکھ سے بالکل دکھائی نہ دے، یا اس ایک آنکھ میں آدھے سے زیادہ بینائی نہ ہو، اور نہ اس بیمار جانور کی قربانی کی جائے جس کا بیمار ہونا (اس طرح) ظاہر ہو کہ وہ چارہ نہ کھا سکے) اور نہ اس دبلے جانور کی قربانی کی جائے جو اتنا دبلا ہو کہ جس کی ہڈی تک میں گودا نہ ہو۔ (اور اس کی وجہ سے وہ کھڑا نہ رہ سکتا ہو) اس حدیث کی روایت امام مالک، امام احمد، ترمذی، ابو داؤد، نسائی ابن ماجہ، دارمی اور طحاوی نے کی ہے۔ ۱۲

۱۹۰۹/۲۷ وَعَنْ اَبِی الضَّحَّاکِ عُبَیْدِ بْنِ فَیْرُوْزَ مَوْلٰى بَنِیْ شَیْبَانَ قَالَ قُلْتُ لِلْبَرَاءِ حَدِّثْنِیْ

حضرت ابو الضحاک عبید بن فیروز مولیٰ بنی شیبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے براء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے عرض کیا کہ مجھے قربانی

[1] چار عیب ہیں، ان چار عیبوں میں سے جو عیب جس جانور میں پایا جائے اس کی قربانی نہ دیجائے۔

عَمَّا نَهَى عَنْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْاَضَاحِيْ قَالَ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيَدِيْ اَقْصَرُ مِنْ يَدِهٖ فَقَالَ اَرْبَعٌ لَا يُجْزِيْنَ الْعَوْرَاءُ الْبَيِّنُ عَوَرُهَا وَالْمَرِيْضَةُ الْبَيِّنُ مَرَضُهَا وَالْعَرْجَاءُ الْبَيِّنُ ظَلْعُهَا وَالْكَسِيْرَةُ الَّتِيْ لَا تُنْقِيْ قُلْتُ اِنِّيْ اَكْرَهُ اَنْ تَكُوْنَ فِي الْقَرْنِ نَقْصٌ وَاَنْ يَكُوْنَ فِي السِّنِّ نَقْصٌ قَالَ مَا كَرِهْتَهُ فَدَعْهُ وَلَا تُحَرِّمْهُ عَلٰى اَحَدٍ.

(رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

کے جانوروں کے متعلق حدیث سنا یئے کہ کن جانوروں کی قربانی کرنے سے حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے منع فرمایا ہے۔ براء رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جواب دیا کہ (حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم سے بھی ایسا ہی دریافت کیا گیا تھا) اور حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے اس وقت کھڑے ہو کر آپ اپنی انگلیوں سے اشارہ فرمایا[1]، میرا ہاتھ حضور کے دستِ مبارک کے سامنے چھوٹا اور حقیر معلوم ہو رہا تھا، حضور نے فرمایا کہ (چار عیب ہیں، ان میں سے کوئی عیب جس جانور میں پایا جائے اس کی قربانی نہ دی جائے) ایک اس کانے جانور کی قربانی نہ کی جائے جس کا کانا پن ظاہر ہو، یعنے ایک آنکھ سے بالکل دکھائی نہ دے، یا اس کی ایک آنکھ میں آدھے سے زیادہ بینائی نہ ہو دوسرے اور نہ اس بیمار جانور کی قربانی کی جائے جس کا بیمار ہونا ظاہر ہو (کہ وہ چارہ نہ کھا سکے) تیسرے ایسے لنگڑے جانور کی قربانی نہ کی جائے جس کا لنگڑا ہونا ظاہر ہو (کہ وہ چل نہ سکے) چوتھے اس دبلے جانور کی بھی قربانی نہ کی جائے جو اتنا دبلا ہو کہ اس کی ہڈی تک میں گودا نہ ہو (جس کی وجہ سے وہ کھڑا نہ رہ سکتا ہو) حضرت براء رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم سے عرض کیا کہ میں قربانی میں ایسے جانور کو بھی ناپسند کرتا ہوں جس کے سینگ میں نقص ہو، یعنے اس کے سینگ ٹوٹ گئے ہوں، اور ایسے جانور کو بھی ناپسند کرتا ہوں جس کے دانتوں میں نقص ہو۔ یعنے اس کے کچھ دانت گر گئے

---

[1] کیا کہوں حضرت کا دست مبارک کیسا تھا، حضرت کا دست مُبارک ایسا خوبصورت نظر آرہا تھا کہ میرا ہاتھ آپ کے سامنے حقیر معلوم ہو رہا تھا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

وَفِیْ رِوَایَۃِ ابْنِ مَاجَۃَ قَالَ فَاِنِّیْ اَکْرَہُ اَنْ یَّکُوْنَ نَقْصٌ فِی الْاُذُنِ قَالَ فَمَا کَرِھْتَ مِنْہُ فَدَعْہُ وَلَا تُحَرِّمْہُ عَلٰی اَحَدٍ وَرَوَی الطَّحَاوِیُّ نَحْوَھُمَا۔

ہیں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا دوسروں کو ایسے جانور کے حرام اور ناجائز ہونے کا فتویٰ نہ دو۔ اس کی روایت نسائی نے کی ہے اور ابن ماجہ نے صرف کان کے متعلق روایت کی ہے اور امام طحاوی نے بھی نسائی اور ابن ماجہ دونوں کی طرح روایت کی ہے۔

ف: واضح رہے کہ قربانی کے جانور کے سینگ، دانت اور کان کے متعلق کچھ احکام تو آپ اس حدیث شریف کے ترجمہ میں سُن چکے ہیں، باقی احکام اب سنیئے:

(۱) جس جانور کے پیدائش ہی سے سینگ نہیں اس کی قربانی درست ہے، البتہ جس جانور کے پیدائش سے سینگ تو تھے مگر بعد میں بالکل جڑ سے ٹوٹ گئے تو اس کی قربانی درست نہیں۔

(۲) جس جانور کے بالکل دانت نہیں، اس کی قربانی بھی درست نہیں۔

(۳) جس جانور کے پیدائش ہی سے دونوں کان نہ ہوں یا صرف ایک کان نہ ہو، اس کی قربانی درست نہیں ہے۔ یا ایسا ہی جس جانور کا ایک کان پورا کٹا ہوا ہو اس کی قربانی بھی درست نہیں، مگر کان تو ہیں لیکن بالکل ذرا ذرا سے چھوٹے چھوٹے ہیں تو اس کی قربانی درست ہے۔ (درالمختار)۔۱۲

۱۹۱۰/۲۸ وَعَنْ حُجَیَّۃَ بْنِ عَدِیٍّ عَنْ عَلِیٍّ قَالَ الْبَقَرَۃُ عَنْ سَبْعَۃٍ قُلْتُ فَاِنْ وَلَدَتْ قَالَ اذْبَحْ وَلَدَھَا مَعَھَا قُلْتُ وَالْعَرْجَاءُ قَالَ اِذَا بَلَغَتِ الْمَنْسَكَ فَاذْبَحْ قُلْتُ فَمَکْسُوْرَۃُ الْقَرْنِ قَالَ لَا بَأْسَ اَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنْ نَّسْتَشْرِفَ

حضرت حجیہ بن عدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک گائے کی قربانی (زیادہ سے زیادہ) سات آدمیوں کی طرف سے ہو سکتی ہے راوی کہتے ہیں میں نے عرض کیا کہ قربانی کے لیے جو گائے خریدی گئی تھی، وہ گابھن تھی، اگر قربانی سے پہلے وہ بچہ جنے تو اس بچہ کو کیا کیا جائے، یہ سن کر حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ارشاد فرمایا

لہ اور جتنے گرے ہیں ان سے زیادہ باقی ہیں) اور میں ایسے جانور کو بھی قربانی کے لیے پسند نہیں کرتا جس کے کان میں نقص ہو یعنی کان کا کچھ حصہ کٹا ہوا ہو تو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے جواب دیا کہ جس جانور کو تم قربانی میں پسند نہیں کرتے تو تم اس کو چھوڑ دو، اور دوسرا جانور جو ایسا نہ ہو، اس کی قربانی کر لو، یہ تمہارے لیے تقویٰ کی بات ہے۔

لہ اگر سات آدمیوں سے کم بھی ہوں تو ایک گائے ان کی طرف سے قربانی دی جا سکتی ہے، اگر سات آدمیوں سے زیادہ ہوں اور ایک گائے ان سب کی طرف سے قربانی دی جائے تو سات آدمیوں کی طرف سے تو قربانی ادا ہو جائے گی اور سات آدمیوں سے جو زیادہ ہیں ان کی طرف سے قربانی نہیں ہوگی۔

www.waseemziyai.com
MARKAZUL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

الْعَيْنَيْنِ وَالْاُذُنَيْنِ۔

رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارُ قُطْنِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ وَ أَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالْحَاكِمُ فِي الْمُسْتَدْرِكِ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ حَسَنٌ صَحِيحٌ۔

(کہ اس بچہ کو تم اپنی ملک نہ سمجھنا تم اپنے تصرف میں نہ لانا) ماں کے ساتھ اس بچہ کو بھی ذبح کر دو[۱]۔ راوی کہتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے عرض کیا کہ اگر قربانی کا جانور لنگڑا ہو تو اس کا کیا حکم ہے؟ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے، ارشاد فرمایا، بخلاف اس کے کہ وہ لنگڑا ہونے کے باوجود قربانی کی جگہ تک چل سکتا ہے تو ایسے جانور کی قربانی جائز ہے[۲] (اس کا ایسا لنگڑا پن قربانی کے لیے مانع نہیں ہے) میں نے پھر عرض کیا کہ جس قربانی کے جانور کا سینگ ٹوٹا ہوا ہو تو اس کا کیا حکم ہے؟ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ایسے سینگ ٹوٹے ہوئے جانور کی قربانی کرنے میں کچھ مضائقہ نہیں[۳]۔ پھر حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ہم کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے یہ حکم دیا ہے کہ ہم اچھی طرح قربانی کے جانور کی آنکھوں کو اور کانوں کو دیکھ لیا کریں[۴]۔ اس حدیث کی روایت، دارمی، نسائی، ابن ماجہ، دار قطنی، بیہقی، ابوداؤد طیالسی اور ترمذی نے کی ہے۔ اور اس کی روایت حاکم نے بھی مستدرک میں کی ہے اور ترمذی نے کہا ہے کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

---

[۱] قربانی کا جانور تو ماں سمجھی جائیگی، اس کو تم کھانا، البتہ قربانی کے جانور کی جو عمر بتائی گئی ہے بچہ اس عمر کا نہ ہونے سے بچہ کو قربانی کے لیے ذبح نہیں کیا گیا، صرف وہ خالص عبادت ہی ہے اس لیے اس بچہ کا گوشت نہ کھایا جائے، اس کے گوشت کو خیرات کر دیا جائے اگر قربانی کرنے والا اس بچہ کے گوشت سے کچھ کھائے تو جتنا گوشت کھایا ہے اس کی قیمت خیرات کر دے۔ عالمگیری اور درالمختار میں ایسا ہی ہے۔

[۲] قربانی کے جانور میں لنگڑا پن ہو تو ایسے جانور کی قربانی جائز نہیں ہے مگر لنگڑا پن سے مراد یہ ہے کہ اس کا لنگڑا پن اس طرح ظاہر ہو کہ وہ چل نہ سکے۔ [۳] ہاں اگر سینگ جڑ سے ٹوٹ گئے ہوں تو ایسے جانوروں کی قربانی درست نہیں)

[۴] اگر آنکھ اور کان اچھے ہوں تو قربانی کریں، ایسا ہی آنکھ میں نصف سے کم خرابی ہو تو اس جانور کی بھی قربانی کر سکتے ہیں، اگر نصف یا نصف سے زیادہ خرابی ہو تو ایسے جانور کی قربانی جائز نہیں ہے، ایسا ہی اگر نصف سے کم کان کٹے ہوئے ہوں تو اس جانور کی قربانی جائز ہے، ہاں اگر نصف یا نصف سے زیادہ کان کٹے ہوئے ہوں یا پورا کان کٹا ہوا ہو تو ایسے جانور کی قربانی جائز نہیں ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

۱۹۱۱/۲۹ وَعَنْ قَتَادَةَ قَالَ قُلْتُ يَعْنِيْ لِسَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ مَا الْاَعْضَبُ قَالَ النِّصْفُ فَمَا فَوْقَهٗ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَرَوَى التِّرْمِذِيُّ نَحْوَهٗ وَفِيْ رِوَايَةِ الطَّحَاوِيِّ عَنْ قَتَادَةَ فَقُلْتُ لِسَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ مَا عَضْبَاءُ الْاُذُنِ قَالَ اِذَا كَانَ النِّصْفُ فَاَكْثَرُ مِنْ ذٰلِكَ مَقْطُوْعًا۔

حضرت قتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے سعید بن المسیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے دریافت کیا کہ (حدیثوں میں اعضب کی قربانی سے منع کیا گیا ہے) اعضب کس کو کہتے ہیں؟ تو سعید بن المسیب نے فرمایا کہ اعضب وہ جانور ہے جس کا کان یا سینگ آدھا یا آدھے سے زائد کٹا ہوا ہو، اس کی روایت ابو داؤد نے کی ہے اور ترمذی اور طحاوی نے بھی اسی طرح روایت کی ہے۔

۱۹۱۲/۳۰ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ ابْتَعْنَا كَبْشًا نُضَحِّيْ بِهٖ فَاَصَابَ الذِّئْبُ مِنْ اَلْيَتِهٖ وَاُذُنِهٖ فَسَاَلْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَمَرَنَا اَنْ نُضَحِّيَ بِهٖ۔

(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ہم نے قربانی دینے کے لیے ایک دنبہ خریدا تھا، تو بھیڑیے نے اس کی دُم کے دونوں حصوں میں سے کچھ اور کان کے بھی کچھ حصہ کو کتر کھایا (جو نصف سے کم تھا) ہم نے اس طرح کے دنبہ کی قربانی کرنے کے متعلق رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے دریافت کیا تو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں حکم دیا کہ ہم اس کی قربانی کریں۔ (ابن ماجہ)

۱۹۱۳/۳۱ وَعَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهٗ قَالَ الْاُضْحِيَّةُ وَاجِبَةٌ عَلٰى اَهْلِ الْاَمْصَارِ اِلَّا الْحَاجَّ۔

(رَوَاهُ اِمَامُنَا اَبُوْ حَنِيْفَةَ)

حضرت ابراہیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا: قربانی شہر والوں پر واجب ہے حاجیوں کے علاوہ۔ (اسے ہمارے امام ابو حنیفہ نے روایت کیا ہے)

۱۹۱۴/۳۲ وَعَنْ نَافِعٍ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ قَالَ الْاَضْحٰى يَوْمَانِ بَعْدَ يَوْمِ الْاَضْحٰى رَوَاهُ مَالِكٌ وَقَالَ وَبَلَغَنِيْ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ مِثْلُهٗ۔

حضرت نافع حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ قربانی عید قربان کے دو دن بعد تک ہے، اس حدیث کو امام مالک نے روایت کر کے کہا کہ ہمیں یہ حدیث حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اسی کی مثل پہنچی ہے۔

۱۹۱۵/۳۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ الْاَضْحٰى ثَلٰثَةُ اَيَّامٍ يَوْمَانِ بَعْدَ يَوْمِ النَّحْرِ رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ بِسَنَدٍ جَيِّدٍ وَرَوَاهُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ قربانی کے کل تین دن ہیں ایک عید کا دن اور دو دن عید کے بعد کے۔ امام طحاوی نے اس

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

إِمَامُنَا أَبُو حَنِيفَةَ عَنْ إِبْرَاهِيمَ نَحْوَهُ۔

حدیث کو جید سند کے ساتھ روایت کیا ہے اور ہمارے امام ابو حنیفہ نے ابراہیم سے اسی طرح روایت کیا ہے۔

۱۹۱۶ ۳۴ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ الذَّبْحُ بَعْدَ يَوْمِ النَّحْرِ يَوْمَانِ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ قربانی کے جانور کا ذبح کرنا عید بقر کے دو دن بعد بھی ہے۔ اس حدیث کو بیہقی نے روایت کیا ہے۔

بَابُ الْعَتِيرَةِ

اس باب میں عتیرہ کا بیان ہے

وَقَوْلُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ: فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُونَ۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔ تو آپ انہیں چھوڑ دو، وہ ہیں اور ان کے افتراء (سورۃ الانعام: ۱۳۷)

ف: اس کا مطلب یہ نہیں کہ آپ انہیں تبلیغ نہ کریں تبلیغ تو انہیں آخر دم تک کی جائے گی مطلب یہ ہے کہ ان کے کفر و شرک پر غم نہ کرو، اپنے دل کو صدمہ نہ پہنچاؤ، یا تم ایسے کام نہ کرو، تو اس میں خطاب عام مسلمانوں سے ہوگا، کیونکہ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تو ان سے پہلے ہی بیزار تھے۔

ف: ایام جاہلیت میں مشرکین جو شرک کے کام کیا کرتے تھے منجملہ ان کے ایک فرع ہے، فرع کی تفصیل یہ ہے کہ مشرکین اونٹنی کو جب پہلا بچہ ہوتا تھا اس بچہ کو بتوں کے سامنے بتوں کے نام سے بتوں کا تقرب حاصل کرنے کے لیے ذبح کرتے تھے اور اس فعل کو اونٹنی کی نسل کے واسطے خیر و برکت کا سبب جانتے تھے اور اس مذبوحہ بچہ کا نام فرع تھا، اور دوسرا رسم جاہلیت میں یہ تھا کہ رجب کے پہلے دھے میں جانور کو بتوں کے نام سے بتوں کے تقرب کے لیے قربانی کرتے تھے اور اس کو عتیرہ کہتے تھے جب اسلام کا زمانہ آگیا تو مسلمان بجائے بتوں کے نام سے قربانی کر کے کے، اللہ تعالیٰ کے نام سے فرع اور عتیرہ کیا کرتے تھے، گو اسلام میں اللہ تعالیٰ کے نام سے یہ دونوں رسم کئے جاتے تھے مگر پھر بھی مشرکین سے مشابہت باقی تھی، اس لیے اسلام نے فرع کو اور عتیرہ کو منسوخ کر دیا کہ اللہ کے نام سے بھی فرع اور عتیرہ نہ کئے جائیں تاکہ مشرکین سے مشابہت باقی نہ رہے، فرع اور عتیرہ جن حدیثوں سے منسوخ کیا گیا ہے ان میں پہلی حدیث یہ ہے جس کو ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں۔

۱۹۱۷ ۱ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا فَرَعَ وَلَا عَتِيرَةَ قَالَ وَالْفَرَعُ أَوَّلُ نِتَاجٍ كَانَ يُنْتَجُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ فرع اور عتیرہ اب باقی نہ

لَهُمْ كَانُوْا يَذْبَحُوْنَهُ لِطَوَاغِيْتِهِمْ وَ الْعَتِيْرَةُ فِيْ رَجَبٍ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

۱۹۱۸/۲ وَعَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ نَسَخَتِ الزَّكٰوةُ كُلَّ صَدَقَةٍ فِي الْقُرْاٰنِ وَ نَسَخَ صَوْمُ رَمَضَانَ كُلَّ صَوْمٍ وَنَسَخَ غُسْلُ الْجَنَابَةِ كُلَّ غُسْلٍ وَ نَسَخَتِ الْاَضَاحِيْ كُلَّ ذَبْحٍ رَوَاهُ الدَّارُ قُطْنِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ وَقَالَ اَبُوْدَاوٗدَ وَالْعَتِيْرَةُ مَنْسُوْخَةٌ۔

رہے، یہ دونوں منسوخ کر دئے گئے ہیں (کوئی مسلمان ان دونوں کو خواہ نیت کیسی ہی خالصۃً للہ ہو، نہ کرے) اس حدیث کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ زکوٰۃ (جو صدقہ فطر اور عُشر کو بھی شامل ہے) جب یہ فرض ہوئی تو قرآن میں جو جو خیرات زکوٰۃ فرض ہونے سے پہلے واجب تھی ان کا وجوب منسوخ ہوگیا (اب اُن خیرات کا دینا مستحب باقی رہا)، اور رمضان کے روزے فرض ہونے کے پہلے دوسرے مہینوں میں جن دنوں کا روزہ رکھنا فرض تھا مثلاً دسویں محرم کا روزہ رمضان کے فرض ہونے سے ایسے سب دنوں کے روزوں کا وجوب منسوخ ہوگیا (اب ان روزوں کا مستحب ہونا باقی رہا) اور غسل جنابت فرض ہونے سے دوسرے غسل مثلاً جمعہ وغیرہ کا وجوب منسوخ ہوگیا (اب دوسرے غسل مستحب رہے) اور قربانی واجب ہونے سے اور جانور جو عبادت کے طور پر ذبح کئے جاتے تھے، مثلاً عقیقہ اور فرع اور عتیرہ کا وجوب بھی منسوخ ہوگیا[1]۔ اس حدیث کی روایت دار قطنی اور بیہقی نے کی ہے۔

---

[1] (عقیقہ، فرع اور عتیرہ کا مستحب ہونا باقی رہا، عقیقہ کرتے میں کوئی شرعی ممانعت نہیں تھی اس لیے عقیقہ کرنا مستحب رہا، مگر فرع اور عتیرہ کہ اس میں مشرکین کے ساتھ مشابہت ہو رہی تھی، گو مشرکین بتوں کے لیے کرتے تھے اور مسلمان اللہ تعالیٰ کے لیے ذبح کرتے تھے مگر مشرکین کی مشابہت کی وجہ سے فرع اور عتیرہ کا مستحب ہونا بھی منسوخ ہوگیا، اسی وجہ سے ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ نے مرقات میں فرع اور عتیرہ کا منسوخ ہونا ظاہر کیا ہے اور ابو داؤد نے بھی اپنی سنن میں عتیرہ کا منسوخ ہونا لکھا ہے)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

بَابُ صَلٰوةِ الْخُسُوْفِ

اس باب میں سورج اور چاند گرہن کے متعلق بیان ہوگا۔

وَقَوْلُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ:
وَمَا نُرْسِلُ بِالْاٰيَاتِ اِلَّا تَخْوِيْفًا۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔
اور ہم ایسی نشانیاں نہیں بھیجتے مگر ڈراتے کو (سورۂ بنی اسرائیل، ۵۹)

ف: سورج گرھن اور چاند گرھن اور عنقریب اچانک آنے والے عذاب اور منہ مانگے معجزے، رب تعالیٰ کی طرف سے آنے والے عذاب کا پیش خیمہ ہوتے ہیں۔

۱۹۱۹ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ لَمَّا كَسَفَتِ الشَّمْسُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نُوْدِيَ اِنَّ الصَّلٰوةَ جَامِعَةٌ۔

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَرَوَى اَبُوْدَاوُدَ عَنْ عَائِشَةَ نَحْوَهُ۔

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے مبارک زمانہ میں (ایک بار) جب سورج گرہن ہوا تو (نماز کے لیے اذان اور اقامت نہیں دی گئی، بلکہ) منادی کو حکم دیا گیا کہ وہ "الصَّلٰوةُ جَامِعَةٌ" (نماز جماعت سے ہو رہی ہے) کہہ کر لوگوں کو (سورج گرہن کی) نماز کے لیے بلایا۔ اس کی روایت بخاری نے کی ہے اور ابو داؤد نے بھی اسی طرح اس کی روایت ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کی ہے۔

امام طحاوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ تمام فرائض، سنن اور نوافل میں کوئی نماز ایسی نہیں ہے کہ جس کی ہر رکعت میں متعدد رکوع ہوں، نماز کسوف بھی منجملہ ان نمازوں کے ہے، اس لیے اس کی ہر رکعت میں متعدد رکوع کا ہونا صحیح نہیں ہے، مثل اور نمازوں کے نماز کسوف میں بھی ہر رکعت میں ایک ہی رکوع ہونا چاہیے۔

۱۹۲۰ وَعَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ عَنِ النُّعْمَانِ ابْنِ بَشِيْرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّيْ فِيْ كُسُوْفِ الشَّمْسِ كَمَا تُصَلُّوْنَ رَكْعَةً وَّسَجْدَتَيْنِ۔

(رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ وَاَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت ابو قلابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نعمان بن بشیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نعمان بن بشیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سورج گرہن کی نماز (کی ہر رکعت کو ایک رکوع اور دو سجدوں کے ساتھ) ایسا ہی پڑھتے تھے جیسے آپ لوگ (تمام نمازوں کی) ہر رکعت کو ایک رکوع اور دو سجدوں کے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ساتھ ادا کرتے ہیں۔ اس کی روایت امام طحاوی، ابو داؤد اور نسائی نے کی ہے ۱۲۔

۱۹۲۱ وَعَنْهُ عَنْ قُبَيْصَةَ الْبَجَلِيِّ قَالَ انْكَسَفَتِ الشَّمْسُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلَّى كَمَا تُصَلُّونَ۔

(رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ)

حضرت ابو قلابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، قبیصہ بجلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت کرتے ہیں کہ قبیصہ بجلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے مبارک زمانے میں سورج گرہن ہوا تھا تو حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے سورج گرہن کی نماز (ہر رکعت میں ایک رکوع اور دو سجدوں سے پڑھا کرتے ہیں) اس کی روایت امام طحاوی نے کی ہے۔

۱۹۲۲ وَعَنْ أَبِي بَكْرَةَ قَالَ كُنَّا عِنْدَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَسَفَتِ الشَّمْسُ فَقَامَ إِلَى الْمَسْجِدِ يَجُرُّ رِدَاءَهُ مِنَ الْعَجَلَةِ وَثَابَ النَّاسُ إِلَيْهِ فَصَلَّى كَمَا تُصَلُّونَ۔

(رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ)

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے، کہ سورج گرہن ہوا حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جلدی سے کھڑے ہوئے، اسی خوف کی حالت میں مسجد کی طرف چلے اس وقت حضور پر ایسا خوف طاری تھا کہ چادر مبارک سنبھالنے کی بھی سدھ نہ تھی، چادر مبارک کو گھسیٹتے ہوئے مسجد کی طرف چلے، اور آپ کے ساتھ سب صحابہ حضور کے خوف کی حالت دیکھ کر خود بھی خوف زدہ ہو کر مسجد میں پہنچ گئے ۲؎

۱؎ کیا کہوں اس وقت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پر کس قدر خوف طاری تھا، ایسا معلوم ہوتا تھا کہ حضور یہ سمجھے ہوئے ہیں کہ یہ کسوف عذاب الٰہی کا پیش خیمہ ہے، یا اس کسوف کے ساتھ ہی قیامت قائم ہونے والی ہے۔

۲؎ قربان نبی امی پر کہ کسوف شمس سے خوف زدہ ہو کر ہم کو سینکڑوں برس پہلے وہ بات بتلا دی جو آج سائنس دان بڑی تحقیق کے بعد کہتے ہیں کہ کسوف شمس کے وقت کشش سیارگان متاثر ہونے سے نظام شمسی کے درہم برہم ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے کسوف شمس کے وقت دنیا تباہی کے کنارے پر آجاتی ہے، نظام شمسی میں اگر ایسے ہی خلل پڑ جائے تو سارے گرتے آپس میں ٹکرا جائیں گے اور دنیا ختم ہو جائے گی، پھر جب کسوف شمس کا انجلاء ہونے لگتا ہے تو کشش سیارگان بحال ہو جاتی ہے، اور نظام شمسی اپنے حال پر قائم ہو جاتا ہے اور دنیا تباہی سے بچ جاتی ہے اسی وجہ سے کسوف شمس کے وقت حضور بے حد خوف زدہ تھے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

راوی کہتے ہیں کہ اسی خوف کی حالت میں نماز کسوف (ہر رکعت میں ایک رکوع اور دو سجدوں کے ساتھ) ایسے ہی ادا فرمائی جیسے تم اور نمازوں کو (ہر رکعت میں ایک رکوع اور دو سجدوں سے) ادا کرتے ہو۔

وَرَوَى الْبُخَارِيُّ نَحْوَهٗ وَفِيْ رِوَايَةِ ابْنِ حِبَّانَ وَقَالَ رَكْعَتَيْنِ مِثْلَ صَلَاتِكُمْ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِلْحَاكِمِ نَحْوُ ابْنِ حِبَّانَ وَقَالَ الْحَاكِمُ اَنَّهٗ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخْرِجَاهُ وَاَقَرَّ عَلَيْهِ الذَّهَبِيُّ۔

اس کی روایت امام طحاوی نے کی ہے۔ امام بخاری نے بھی اسی طرح روایت کی ہے اور ابن حبان کی ایک روایت میں اور حاکم کی ایک روایت میں ہے کہ کسوف کی نماز حضور نے دو رکعت پڑھائی (اور ہر رکعت کو ایک رکوع اور دو سجدوں سے) پڑھائی جیسے تم دوسری نمازوں کی ہر رکعت کو ایک رکوع اور دو سجدوں سے پڑھتے ہو اور حاکم نے کہا ہے کہ ابوبکرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی یہ حدیث بخاری اور مسلم کی شرط کے موافق ہے، اگرچہ کہ انھوں نے اپنی کتابوں میں اس کی روایت نہیں کی ہے۔ اور امام ذہبی نے بھی اس کا اعتراف اور اقرار کیا ہے کہ یہ حدیث بخاری اور مسلم کی شرط کے موافق ہے (اس لیے بخاری اور مسلم کی حدیثوں کی طرح یہ حدیث بھی صحیح ہے)

١٩٢٣ وَعَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى فِيْ كُسُوْفِ الشَّمْسِ نَحْوًا مِنْ صَلَاتِكُمْ يَرْكَعُ وَيَسْجُدُ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالنَّسَائِيُّ وَاِسْنَادُهٗ صَحِيْحٌ)

وَفِيْ رِوَايَةٍ لِلنَّسَائِيِّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى حِيْنَ انْكَسَفَتِ الشَّمْسُ مِثْلَ صَلَاتِنَا يَرْكَعُ وَيَسْجُدُ۔

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے سورج گہن کی نماز آپ لوگوں کی نماز کی طرح ہر رکعت کو ایک رکوع اور دو سجدوں کے ساتھ پڑھائی ہیں۔ اس کی روایت امام احمد اور نسائی نے کی ہے اور اس کی سند صحیح ہے اور نسائی کی ایک اور روایت بھی اس طرح ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے کسوف شمس کے وقت جو نماز کسوف ادا فرمائی ہے، اس کی ہر رکعت میں ایک رکوع اور دو سجدے تھے جیسے ہماری اور نمازوں کی ہر رکعت میں ایک رکوع اور دو سجدے ہوتے ہیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

۱۹۲۴ وَعَنْ اِبْرَاهِيْمَ كَانُوْا يَقُوْلُوْنَ اِذَا ۶
كَانَ ذٰلِكَ فَصَلُّوْا كَصَلَاتِكُمْ حَتّٰى تَنْجَلِيَ

(رَوَاهُ ابْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ بِسَنَدٍ صَحِيْحٍ)

حضرت ابراہیم نخعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ جن جن صحابہ اور تابعین سے ہیں نے ملاقات کی ہے وہ (سورج گہن کے متعلق) فرمایا کرتے تھے کہ جب سورج گہن ہو جائے تو گہن چھوٹ کر سورج صاف ہوتے تک تم ہمیشہ جیسے دوسری نمازوں کی (ہر رکعت کو ایک رکوع اور دو سجدوں سے) پڑھا کرتے ہو ایسا ہی سورج گہن کی نماز (ہر رکعت کو ایک رکوع اور دو سجدوں کے ساتھ ہر رکن کو طویل ادا کرکے) پڑھا کرو اس کی روایت ابن ابی شیبہ نے صحیح سند کے ساتھ کی ہے۔

۱۹۲۵ وَعَنْ عَطَاءٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو ۸
ابْنِ الْعَاصِ صَلٰوةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رُكُوْعًا وَاحِدًا رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ
وَالنَّسَائِيُّ وَالْحَاكِمُ وَالتِّرْمِذِيُّ فِي
الشَّمَائِلِ وَقَالَ الْحَاكِمُ صَحِيْحٌ وَعَطَاءٌ
قَالَ اَيُّوْبُ هُوَ ثِقَةٌ۔

حضرت عطاء رضی اللہ تعالیٰ عنہ، عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت کرتے ہیں کہ عبداللہ بن عمرو فرمایا کرتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی ہر نماز (کی ہر رکعت) میں ایک ہی رکوع ہوا کرتا تھا اس کی روایت ابوداؤد نسائی اور حاکم نے کی ہے اور ترمذی نے اس کی روایت شمائل میں کی ہے اور حاکم نے اس حدیث کی سند کو صحیح قرار دیا ہے۔

۱۹۲۶ وَعَنْ مَحْمُوْدِ بْنِ لَبِيْدٍ قَالَ كَسَفَتِ ۹
الشَّمْسُ يَوْمَ مَاتَ اِبْرَاهِيْمُ ابْنُ
رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا
كَسَفَتِ الشَّمْسُ لِمَوْتِ اِبْرَاهِيْمَ فَقَالَ
رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
اِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ اٰيَتَانِ مِنْ اٰيَاتِ
اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ اَلَا وَاِنَّهُمَا لَا يَنْكَسِفَانِ
لِمَوْتِ اَحَدٍ وَلَا لِحَيَاتِهٖ فَاِذَا رَاَيْتُمُوْهُمَا

حضرت محمود بن لبید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے مبارک زمانہ میں سورج گہن ہوا اور اتفاق سے اسی دن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے فرزند حضرت ابراہیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کی وفات بھی ہوئی تھی، تو لوگوں نے یہ سمجھا کہ آپ کے فرزند حضرت ابراہیم کی وفات کی وجہ سے سورج گہن ہوا ہے، اس پر حضور صلی اللہ

لہ متعدد رکوع ہونا نہیں دیکھا گیا، اس لیے سورج گہن کی نماز کی ہر رکعت میں بھی متعدد رکوع ہونا ثابت نہیں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

كَذٰلِكَ فَافْزَعُوْا إِلَى الْمَسَاجِدِ ثُمَّ قَامَ فَقَرَأَ فِيْمَا نَرٰى بَعْضَ الٓرٰ كِتَابٌ ۝ ثُمَّ رَكَعَ ثُمَّ اعْتَدَلَ ثُمَّ سَجَدَ سَجْدَتَيْنِ ثُمَّ قَامَ فَفَعَلَ مِثْلَ مَا فَعَلَ فِي الْأُوْلٰى رَوَاهُ أَحْمَدُ وَإِسْنَادُهٗ حَسَنٌ وَقَالَ الْهَيْثَمِيُّ فِيْ مَجْمَعِ الزَّوَائِدِ رِجَالُهٗ رِجَالُ الصَّحِيْحِ۔

تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا سنو! کسی کے مرنے جینے سے چاند یا سورج گہن نہیں ہوتے۔ بلکہ چاند اور سورج خدا کی قدرت کی نشانیوں میں سے دو نشانیاں ہیں^{لہ} جب سورج یا چاند کو گہن لگتے دیکھو تو خوف زدہ ہو جاؤ (کیا معلوم کہ نظام شمسی ختم ہو کر عذاب الٰہی آجائے، یا قیامت برپا ہو جائے اس لیے) گھبرائے ہوئے مسجدوں میں جاکر پناہ لو (خدا کی طرف متوجہ رہو) یہ فرما کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نماز کسوف کے لیے کھڑے ہو گئے اور جہاں تک ہمارا خیال ہے وہ یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے "سورہ الٓر کتاب" کا ایک حصہ پڑھا، پھر رکوع کیا اور رکوع سے اٹھ کر سیدھے کھڑے ہوئے (اور دوبارہ رکوع کئے بغیر) سجدہ میں چلے گئے اور دو سجدے کئے پھر دوسری رکعت کے لیے کھڑے ہو گئے اور (دوسری رکعت کو بھی پہلی رکعت کی طرح ایک رکوع اور دو سجدوں سے ادا فرما کر نماز ختم کی) اس حدیث کی روایت امام احمد نے کی ہے۔ اور اس کی سند حسن ہے اور ہیثمی نے مجمع الزوائد میں کہا ہے کہ اس حدیث کے راوی صحیح کے راوی ہیں۔

۱۹۲۷
۹
وَعَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ انْكَسَفَتِ الشَّمْسُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكَدْ يَرْكَعُ ثُمَّ رَكَعَ فَلَمْ

حضرت عطاء بن سائب رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے والد سائب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ سائب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے مبارک زمانے

لہ جن کی روشنی سلب فرما کر اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو ڈرایا کرتے ہیں کہ اتنی بڑی اور روشن مخلوق کو ہم یوں سیاہ اور تاریک کر سکتے ہیں، تمہارے گناہوں کے سبب سے تم کو جو کچھ نہ کریں کم ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

يَكَدْ يَرْفَعُ ثُمَّ رَفَعَ فَلَمْ يَكَدْ يَسْجُدُ ثُمَّ سَجَدَ فَلَمْ يَكَدْ يَرْفَعُ ثُمَّ رَفَعَ فَلَمْ يَكَدْ يَسْجُدُ ثُمَّ سَجَدَ فَلَمْ يَكَدْ يَرْفَعُ ثُمَّ رَفَعَ وَفَعَلَ فِي الرَّكْعَةِ الْأُخْرٰى مِثْلَ ذٰلِكَ۔

رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَالتِّرْمِذِيُّ فِي الشَّمَائِلِ وَالْحَاكِمُ وَالطَّحَاوِيُّ وَإِسْنَادُهٗ حَسَنٌ وَقَالَ الْحَاكِمُ صَحِيْحٌ وَلَمْ يُخْرِجَاهُ وَقَالَ الشَّيْخُ الْإِمَامُ ابْنُ الْهُمَامِ وَقَدْ أَخْرَجَ الْبُخَارِيُّ لِعَطَاءٍ مَقْرُوْنًا بِأَبِيْ بِشْرٍ وَقَالَ أَيُّوْبُ هُوَ ثِقَةٌ۔

ہیں (ایک دفعہ) سورج گہن ہوا تھا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نماز کسوف پڑھنے کے لیے کھڑے ہوئے (دیکھا کہوں کیسی نماز تھی کہ جب) آپ قیام فرمانے تو قیام میں (اس قدر طویل قرأت فرما رہے تھے) ایسا معلوم ہوتا ہے کہ آپ اب رکوع ہی نہ کریں گے پھر جب آپ رکوع کرتے تو رکوع میں اسی قدر دیر تک رہتے ایسا معلوم ہوتا تھا کہ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم رکوع سے اب سر مبارک اٹھائیں گے ہی نہیں، پھر آپ جب رکوع سے سر اٹھاتے (اور قومہ کرتے) تو قومہ میں اتنی دیر تک رہے۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ اب آپ سجدہ کو جائیں گے ہی نہیں، پھر آپ (دوسرا رکوع کئے بغیر) سجدہ میں چلے گئے اور اس قدر دیر تک سجدہ میں رہے ایسا معلوم ہوتا تھا کہ آپ سجدہ سے سر اٹھائیں گے ہی نہیں، پھر جب آپنے سجدہ سے سر اٹھایا اور جلسہ کیا تو جلسہ میں اس قدر دیر تک رہے ایسا معلوم ہوتا تھا کہ آپ دوسرے سجدہ کو جائیں گے ہی نہیں، پھر آپنے دوسرا سجدہ کیا اور دوسرے سجدہ میں بھی اس قدر دیر تک رہے، ایسا معلوم ہوتا تھا کہ آپ دوسرے سجدہ سے دوسری رکعت کے لیے نہیں اٹھیں گے، پھر آپ سجدہ سے سر مبارک اٹھا کر دوسری رکعت کے لیے کھڑے ہوئے اور دوسری رکعت کے بھی ہر رکن کو پہلی رکعت کی طرح طویل فرماتے رہے (اور دوسری رکعت کو بھی پہلی رکعت کی طرح ایک ہی رکوع سے ادا کئے) اس حدیث کی روایت ابوداؤد اور نسائی نے کی ہے اور ترمذی نے اس کی روایت شمائل میں کی ہے۔ اور حاکم اور طحاوی نے بھی اس

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کی روایت کی ہے، اور اس حدیث کی سند حسن ہے اور حاکم نے کہا ہے کہ یہ حدیث صحیح ہے اگرچہ کہ بخاری اور مسلم نے اس کی روایت نہیں کی ہے لیکن امام ابن الہمام نے اپنی تحقیق سے کہا ہے کہ بخاری نے بھی اسی طرح اس کی روایت کی ہے۔۱۲

۱۹۲۸ وَعَنْ اَبِیْ قِلَابَۃَ عَنْ قُبَیْصَۃَ الْهِلَالِیِّ قَالَ كَسَفَتِ الشَّمْسُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخَرَجَ فَزِعًا يَجُرُّ ثَوْبَهٗ وَاَنَا مَعَهٗ يَوْمَئِذٍ بِالْمَدِيْنَةِ فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ فَاَطَالَ فِيْهِمَا الْقِيَامَ ثُمَّ انْصَرَفَ وَانْجَلَتْ فَقَالَ اِنَّمَا هٰذِهِ الْاٰيَاتُ يُخَوِّفُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ بِهَا فَاِذَا رَاَيْتُمُوْهَا فَصَلُّوْا كَاَحْدَثِ صَلٰوةٍ صَلَّيْتُمُوْهَا مِنَ الْمَكْتُوْبَةِ رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ وَالطَّحَاوِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَاِسْنَادُهٗ صَحِيْحٌ۔

حضرت ابو قلابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ قبیصہ ہلالی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت کرتے ہیں کہ قبیصہ ہلالی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے مبارک زمانے میں (ایک دفعہ) سورج گہن ہوا (اس وقت سورج طلوع کر کے دو نیزہ برابر بلند ہوا تھا) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سورج گہن سے بے حد خوف زدہ تھے (خوف کی وجہ سے چادر اوڑھنے کی سدھ نہ تھی) چادر گھسیٹتے ہوئے مسجد کی طرف چلے، میں بھی اس وقت حضور کے ساتھ تھا اور یہ واقعہ مدینہ منورہ کا ہے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے دو رکعت نماز سورج گہن کی پڑھائی ان دونوں رکعتوں میں آپ نے بہت طویل قرأت کی۔ پھر جب آپ نماز سے فارغ ہوئے تو کسوف ختم ہو کر آفتاب روشن ہو گیا تھا (نماز کے بعد) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا (صحابہ سنو) شمس و قمر اللہ تعالیٰ کی قدرت کی نشانیاں ہیں (ان کی روشنی سلب کر کے) اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو ڈرایا کرتے ہیں[1] جب تم سورج یا چاند کو گہن لگتا ہوا دیکھو تو تم قریب میں جو

---

[1] کہ اتنی بڑی روشن مخلوق کو ہم یوں تاریک کر دیتے ہیں تم کس گنتی میں ہو؟ ہم چاہیں تو تم پر بھی ایسا ہی عذاب اتار سکتے ہیں۔

ابھی ابھی فجر کے فرض کی دو رکعتیں (ہر رکعت ایک رکوع سے) پڑھ چکے ہو) ایسا ہی گہن کی نماز کو بھی دو رکعت (ہر رکعت ایک رکوع سے) پڑھا کرو اس کی روایت ابو داؤد، طحاوی اور نسائی نے کی ہے اور اس حدیث کی سند صحیح ہے۔

۱۹۲۹ وَعَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ قَالَ كَسَفَتِ الشَّمْسُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَعَلَ يُصَلِّيْ رَكْعَتَيْنِ رَكْعَتَيْنِ وَيَسْأَلُ عَنْهَا حَتّٰى انْجَلَتِ الشَّمْسُ۔

(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے مبارک زمانے میں (ایک دفعہ) سورج گہن ہوا تھا تو حضور سورج گہن کی نماز دو دو رکعت پڑھاتے تھے (ہر دو رکعت کے بعد سلام پھیر کر دوسری دو رکعت کو نئی تکبیر تحریمہ سے شروع کرتے) اور ہر دو رکعت پڑھنے کے بعد لوگوں سے دریافت فرماتے تھے کیا کسوف ختم ہو گیا؟ لوگ عرض کرتے ابھی کسوف باقی ہے یا رسول اللہ ابھی کسوف باقی ہے تو آپ اور دو رکعات پڑھاتے جب کسوف کا ختم ہونا معلوم ہوتا تو نماز بھی ختم کر دیتے تھے۔

ف: نعمان بن بشیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کئی طریقوں سے نماز کسوف کی روایت آئی ہے ابو داؤد کے دوسرے طریق میں مروی ہے کہ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم دو رکعت نماز پڑھا کر کسوف ختم ہونے کے بعد دعا فرما رہے تھے، اس کی روایت میں صرف دو رکعت پڑھنے کا ذکر ہے اور حاکم کی روایت میں بھی نعمان بن بشیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اسی طرح مروی ہے کہ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے کسوف کی نماز دو رکعت پڑھائی، اور حاکم کی اس روایت میں بھی نماز کسوف صرف دو رکعت پڑھانے کا ذکر ہے، دو رکعت نماز کسوف پڑھانے کی روایت کر کے حاکم کہتے ہیں کہ صرف دو رکعت پڑھانے کی روایت صحیح ہے اور بخاری اور مسلم کی شرط کے موافق ہے، گو بخاری اور مسلم اس کو اپنی کتابوں میں روایت نہیں کرتے ہیں۔ نسائی کی روایت میں بھی نماز کسوف صرف دو رکعت ہوتے کو اس طرح بیان کیا ہے کہ فجر کی نماز کی طرح کسوف شمس کی نماز حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے دو رکعت ہی پڑھائی ہے۔ زیلعی سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کسوف صرف دو رکعت ہی پڑھے ہیں، یہ سب بذل المجہود سے لیا گیا ہے، اس کے سوا دوسری روایتوں سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ

MARKAZ UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

والسلام نے کسوف دو رکعت ہی پڑھے ہیں، اسی لیے رد المحتار میں ظاہر الروایہ سے نقل کرتے ہیں کہ صلاۃ کسوف کے دو رکعت ہی ہیں اور ظاہر الروایہ کے سوا دوسری حنفی کتابوں میں مذکور ہے کہ دو دو رکعت صلوٰۃ کسوف کے بڑھ کر چار رکعت یا اس سے زائد پڑھ سکتے ہیں، اس کی تائید صدر کی اس حدیث سے ہوتی ہے جس کا ترجمہ ابھی کیا گیا ہے، یعنی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام صلوٰۃ کسوف کو دو، دو رکعت پڑھتے جاتے تھے اور کسوف کے ختم ہونے کو دریافت فرماتے جاتے تھے، اس روایت سے معلوم ہوا کہ صلوٰۃ کسوف دو رکعت سے زیادہ پڑھنا بھی جائز ہے۔ ۱۲

۱۴۳۰/۱۲ وَعَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ بَيْنَمَا اَنَا وَغُلَامٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ نَرْمِي غَرَضَيْنِ لَنَا حَتّٰى اِذَا كَانَتِ الشَّمْسُ قِيْدَ رُمْحَيْنِ اَوْ ثَلَاثَةٍ فِي عَيْنِ النَّاظِرِ مِنَ الْاُفُقِ اِسْوَدَّتْ حَتّٰى آضَتْ كَاَنَّهَا تَنُّوْمَةٌ فَقَالَ اَحَدُنَا لِصَاحِبِهٖ اِنْطَلِقْ بِنَا اِلَى الْمَسْجِدِ فَوَاللّٰهِ لَيُحَدِّثَنَّ شَأْنُ هٰذِهِ الشَّمْسِ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي اُمَّتِهٖ حَدَثًا قَالَ فَدَفَعْنَا فَاِذَا هُوَ بَارِزٌ فَاسْتَقْدَمَ فَصَلّٰى فَقَامَ بِنَا كَاَطْوَلِ مَا قَامَ بِنَا فِي صَلٰوةٍ قَطُّ لَا نَسْمَعُ لَهٗ صَوْتًا قَالَ ثُمَّ رَكَعَ بِنَا كَاَطْوَلِ مَا رَكَعَ بِنَا فِي صَلٰوةٍ قَطُّ لَا نَسْمَعُ لَهٗ صَوْتًا قَالَ ثُمَّ سَجَدَ بِنَا كَاَطْوَلِ مَا سَجَدَ بِنَا فِي صَلٰوةٍ قَطُّ لَا نَسْمَعُ لَهٗ صَوْتًا ثُمَّ فَعَلَ فِي الرَّكْعَةِ الثَّانِيَةِ مِثْلَ ذٰلِكَ

رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَرَوَى التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ نَحْوَهٗ وَاِسْنَادُهٗ صَحِيْحٌ وَ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں اور ایک انصاری لڑکا تیر اندازی کی مشق کر رہے تھے، یہاں تک کہ جب آفتاب (طلوع کر کے) دیکھنے میں افق میں دو یا تین نیزہ کی مقدار بلند ہوا تو آفتاب کو گہن لگا) ایسا معلوم ہوتا تھا کہ وہ "تنومہ" نامی سیاہ گھاس کی طرح سیاہ ہو گیا ہے (یہ دیکھ کر) ہم نے آپس میں ایک دوسرے سے کہا کہ مسجد چلو، خدا کی قسم! آفتاب کی یہ حالت ہونے سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی امت کے لیے کوئی نہ کوئی نئے احکام آئیں گے (چلو دیکھیں مسجد میں کیا ہو رہا ہے) سمرہ فرماتے ہیں کہ جیسے ہی ہم مسجد میں آئے، تو کیا دیکھتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم (اپنے حجرہ مبارک سے باہر تشریف لائے ہیں اور آگے بڑھ کر کسوف کی نماز پڑھا رہے ہیں۔ (پہلی رکعت میں) قیام اتنا طویل فرمایا کہ ایسا طویل قیام ہم نے حضور کو کسی نماز میں کرتے نہیں دیکھا اور آپ قراءت (ایسی) آہستہ فرما رہے تھے (جیسے دوسری سری نمازوں میں آہستہ قراءت فرمایا کرتے تھے جس کی وجہ سے) ہم حضور کی قراءت نہیں سن سکے سمرہ فرماتے ہیں کہ پھر آپ نے رکوع فرمایا اور ایسا طویل رکوع فرمایا جو کسی نماز میں ایسا طویل

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

قَالَ التِّرْمِذِیُّ حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ۔

رکوع نہیں فرماتے تھے اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم رکوع میں جو کچھ پڑھتے تھے ہم اس کو نہیں سن سکے۔ پھر حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے سجدہ فرمایا اور ایسا طویل سجدہ کسی اور نماز میں نہیں فرمایا تھا اور حضور نے سجدہ میں جو کچھ پڑھا تھا ہم اس کو بھی نہیں سن سکے پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم دوسری رکعت کے ہر رکن کو پہلی رکعت کے ہر رکن کی طرح بے حد طویل ادا فرماتے، سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم دوسری رکعت پڑھ کر قعدہ میں تھے کہ سورج کا گہن ختم ہو گیا، اس کی روایت ابو داؤد نے کی ہے۔ اور ترمذی اور نسائی نے بھی اسی طرح روایت کی ہے، اور اس کی سند صحیح ہے اور ترمذی نے کہا ہے کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۹۳۱ وَعَنْهُ قَالَ صَلّٰی بِنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ کُسُوْفٍ لَا نَسْمَعُ لَہٗ صَوْتًا۔

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاؤدَ وَالنَّسَائِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ہم کو سورج گہن کی نماز پڑھائی (تو آپ قراءت ایسی آہستہ پڑھ رہے تھے جس کی وجہ سے) ہم کو آپ کی قرأت سنائی نہیں دے رہی تھی۔ اس کی روایت ترمذی، ابو داؤد، نسائی اور ابن ماجہ نے کی ہے۔

۱۹۳۲ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ صَلَّیْتُ اِلٰی جَنْبِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَوْمَ کَسَفَتِ الشَّمْسُ فَلَمْ اَسْمَعْ لَہٗ قِرَآءَۃً۔

رَوَاہُ الطَّبْرَانِیُّ وَالْبَیْھَقِیُّ وَاِسْنَادُہٗ حَسَنٌ وَرَوٰی اَحْمَدُ وَاَبُوْ یَعْلٰی وَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ جس دن سورج گہن ہوا تھا (اور حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سورج گہن کی نماز پڑھا رہے تھے) تو میں بھی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پہلو میں کھڑا ہوا نماز کسوف پڑھ رہا تھا (حضور قرأت ایسی پڑھ رہے تھے جیسے سرّی نمازوں میں پڑھا کرتے تھے) اس لیے میں حضرت کی قراءت کو نہیں سن سکا۔ اس کی

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اَبُوْ نُعَیْمٍ نَحْوَہٗ ۔

روایت طبرانی اور بیہقی نے کی ہے، اور اس حدیث کی سند حسن ہے اور امام احمد، ابو یعلی اور ابو نعیم نے اسی طرح روایت کی ہے۔

ف: واضح ہو کہ ان مذکورہ احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کسوف شمس کی نماز مثل سری نمازوں کے آہستہ قراءت کرکے پڑھتے ہیں امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ بھی نماز کسوف میں سری قراءت کے قائل ہیں مگر ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت آئی ہے کہ ام المومنین فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے کسوف شمس کی جو نماز پڑھائی ہے تو جہری نمازوں کی طرح کسوف کی نمازوں میں جہر سے قراءت ادا فرماتے، حضرت ام المومنین کی اس حدیث کی وجہ سے صاحبین فرماتے ہیں کہ کسوف کی نماز مثل جہری نمازوں کے جہری قراءت سے پڑھنا چاہیئے، اس سے معلوم ہوا کہ حنفی مذہب میں دو قول ہیں۔ ایک قول میں آہستہ قرأت کرنا ہے اور دوسرے قول میں جہری قرأت کرنا آیا ہے۔ در المحتار اور دوسری فقہ کی کتابوں میں ایسا ہی ہے ۱۲۰)

۱۹۳۳ / ۱۵ وَعَنْ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ خَسَفَتِ الشَّمْسُ فِیْ زَمَانِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَامَ فَزِعًا یَّخْشٰی اَنْ تَکُوْنَ السَّاعَۃُ حَتّٰی اَتَی الْمَسْجِدَ فَقَامَ یُصَلِّیْ بِاَطْوَلِ قِیَامٍ وَّرُکُوْعٍ وَّسُجُوْدٍ مَا رَاَیْتُہٗ یَفْعَلُہٗ فِیْ صَلٰوۃٍ قَطُّ ثُمَّ قَالَ اِنَّ ہٰذِہِ الْاٰیَاتِ الَّتِیْ یُرْسِلُ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ لَا تَکُوْنُ لِمَوْتِ اَحَدٍ وَّلَا لِحَیَاتِہٖ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ عَزَّوَجَلَّ یُرْسِلُہَا یُخَوِّفُ بِہَا عِبَادَہٗ فَاِذَا رَاَیْتُمْ شَیْئًا مِّنْہَا فَافْزَعُوْا اِلٰی ذِکْرِ اللّٰہِ وَدُعَآئِہٖ وَاسْتِغْفَارِہٖ ۔

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے مبارک زمانہ میں سورج گہن ہوا تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم خوف زدہ ہو کر کھڑے ہوگئے، اب معلوم ہوتا تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم یہ سمجھ رہے ہیں کہ قیامت قائم ہو جائے اسی طرح گھبرائے ہوئے مسجد میں تشریف لائے اور نماز کسوف کے لیے کھڑے ہوگئے۔ اور اتنے طویل قیام، طویل رکوع اور طویل سجدوں سے نماز پڑھائی کہ اتنے طویل قیام، طویل رکوع اور طویل سجدوں سے آپ کو نماز پڑھاتے میں نے کبھی نہیں دیکھا یہ کسوف شمس

لہ کہ کسوف شمس کی وجہ سے نظام شمسی ختم ہو کر ممکن ہے۔ لہ نماز ایسے وقت ختم ہوئی کہ کسوف شمس کا انجلا ہو گیا تھا اس وقت خطبہ کے طور پر نہیں فرمایا، اس لیے کہ اگر خطبہ کے طور پر تقریر ہوتی تو کسوف کی حالت میں ہوتی، اب کسوف کے انجلاء کے بعد ارشاد فرما رہے ہیں، ان لوگوں کے عقائد کی اصلاح کے لیے جو یہ سمجھ رہے تھے کہ حضرت ابراہیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی موت کی وجہ سے کسوف شمس ہوا ہے اس لیے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا لوگو سنو! (تم جو سمجھ رہے ہو کہ کسوف حضرت ابراہیم کی موت کی وجہ سے ہوا ہے ایسا نہیں ہے)۔ اس طرح اعتقاد نہ رکھنا بلکہ

www.waseemziyai.com
MARKAZUL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

(رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ وَرَوَى الْبُخَارِيُّ وَمُسْلِمٌ نَحْوَهُ)

قمر قدرت الٰہی کی نشانیاں ہیں ان کو اللہ تعالیٰ ظاہر کرتے ہیں، یہ کسی کے مرنے جینے سے نہیں ہوتے، بلکہ ان کو اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو ڈرانے کے لیے بھیجا کرتے ہیں[1]، جب تم سورج گہن یا چاند گہن ہوتا ہوا دیکھو تم بہت ہی خوف زدہ ہو کر اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرو، اللہ تعالیٰ کو یاد کرو، اور اسی سے دعا مانگو، (کہ الٰہی ہم کو اپنے عذاب سے بچائیے اور اس کسوف کو ہمارے لیے عذاب کا ذریعہ نہ بنائیے) اور اپنے گناہوں کی اللہ تعالیٰ ہی سے مغفرت مانگو[2] اس حدیث کی روایت طحاوی نے کی ہے اور بخاری اور مسلم نے بھی اسی طرح روایت کی ہے۔

وَفِي رِوَايَةٍ لَهُمَا قَالَتْ عَائِشَةُ مَا رَكَعْتُ رُكُوعًا قَطُّ وَلَا سَجَدْتُ سُجُودًا قَطُّ كَانَ أَطْوَلَ مِنْهُ.

اور بخاری اور مسلم کی ایک دوسری روایت میں اس طرح مروی ہے کہ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے مبارک زمانہ میں ایک دفعہ سورج گہن ہوا تھا، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے سورج گہن کی نماز ایسی طویل ادا فرمائی کہ میں نے کبھی ایسی طویل نماز جس کا رکوع بے حد طویل ہو، اور سجدہ بے حد طویل ہو، نہ خود پڑھی اور نہ حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ کبھی پڑھی، جیسے کسوف کی نماز کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم طویل رکوع اور طویل سجدوں سے پڑھایا ہے۔

وَفِي رِوَايَةٍ لَهُمَا عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ

بخاری اور مسلم کی ایک اور روایت میں حضرت ام المومنین عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے

---

[1] کہ اتنی بڑی مخلوق کو ہم سیاہ کر دیتے ہیں تم کس گنتی میں ہو؟ اگر ہم چاہیں تو تم پر بھی عذاب بھیج سکتے ہیں اس لیے

[2] گناہوں کی مغفرت مانگنے سے اللہ کا غضب رحمت سے بدل جاتا ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ اٰيَتَانِ مِنْ اٰيَاتِ اللّٰهِ لَا يَنْخَسِفَانِ لِمَوْتِ اَحَدٍ وَّلَا لِحَيَاتِهٖ فَاِذَا رَاَيْتُمْ ذٰلِكَ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ وَكَبِّرُوْا وَصَلُّوْا وَتَصَدَّقُوْا۔

فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سورج گہن کی نماز سے فارغ ہوئے اور اس وقت کسوف شمس کا انجلاء ہو گیا تھا تو مسلمانوں کو مخاطب کر کے فرمایا: مسلمانو! سُنو! چاند اور سورج خدا کی قدرت کی نشانیوں میں سے دو نشانیاں ہیں، یہ کسی (نیک) انسان کے مرنے یا کسی (بُرے) شخص کے پیدا ہونے سے گہن نہیں ہوتے، جب تم شمس و قمر کو گہن ہوتا ہوا دیکھو تو اللہ کی طرف رجوع کرو، اللہ کو یاد کرو (اور سبحان اللہ، الحمد للہ، لا الٰہ الا اللہ اور اللہ اکبر) کہا کرو، اور کسوف کی نماز پڑھا کرو اور خیرات کرو (کہ خیرات رد بلا ہوتی ہے۔

وَفِيْ رِوَايَةٍ لَّهُمَا عَنْ عَائِشَةَ ثُمَّ قَالَ يَا اُمَّةَ مُحَمَّدٍ وَاللّٰهِ مَا مِنْ اَحَدٍ اَغْيَرُ مِنَ اللّٰهِ اَنْ يَّزْنِيَ عَبْدُهٗ اَوْ تَزْنِيَ اَمَتُهٗ يَا اُمَّةَ مُحَمَّدٍ وَاللّٰهِ لَوْ تَعْلَمُوْنَ مَا اَعْلَمُ لَضَحِكْتُمْ قَلِيْلًا وَّلَبَكَيْتُمْ كَثِيْرًا۔

پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے اُمّت محمد! تم کو جس طرح اپنے کسی غلام یا باندی کے زنا کرنے سے غیرت آتی ہے۔ (اور سخت غصہ آتا ہے) اللہ کی قسم! اس سے بڑھ کر غیرت (اور غصہ) خدائے تعالیٰ کو اس وقت آتا ہے جب اس کا کوئی بندہ یا بندی زنا کے مرتکب ہوں، اے اُمّت محمد! خدا کی قسم جو کچھ میں جانتا ہوں اگر تم اس کو جانتے تو تم ہنستے کم اور روتے زیادہ۔

وَفِيْ رِوَايَةٍ لَّهُمَا عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ ثُمَّ انْصَرَفَ وَقَدْ تَجَلَّتِ الشَّمْسُ فَقَالَ اِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ اٰيَتَانِ مِنْ اٰيَاتِ اللّٰهِ لَا يَخْسِفَانِ لِمَوْتِ اَحَدٍ وَّلَا لِحَيَاتِهٖ فَاِذَا رَاَيْتُمْ ذٰلِكَ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ رَاَيْنَاكَ تَنَاوَلْتَ شَيْئًا فِيْ مَقَامِكَ هٰذَا ثُمَّ رَاَيْنَاكَ تَكَعْكَعْتَ فَقَالَ اِنِّيْ رَاَيْتُ الْجَنَّةَ فَتَنَاوَلْتُ

بخاری اور مسلم کی ایک اور روایت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سورج گہن کی نماز سے ایسے وقت فارغ ہوئے جب کہ کسوف شمس کا انجلاء ہو گیا تھا، تو مسلمانوں کو مخاطب کر کے فرمایا (مسلمانو! سنو! چاند اور سورج خدا کی قدرت کی نشانیوں میں سے دو نشانیاں ہیں یہ کسی (نیک) انسان کے مرنے یا کسی (بُرے) شخص کے پیدا ہونے سے گہن

www.waseemziyai.com
MARKAZUL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

مِنْهَا عُنْقُوْدًا وَلَوْ اَخَذْتُهُ لَاَكَلْتُمْ مِنْهُ مَا بَقِيَتِ الدُّنْيَا وَرَاَيْتُ النَّارَ فَلَمْ اَرَ كَالْيَوْمِ مَنْظَرًا قَطُّ اَفْظَعَ وَرَاَيْتُ اَكْثَرَ اَهْلِهَا النِّسَاءَ قَالُوْا بِمَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ بِكُفْرِهِنَّ قِيْلَ يَكْفُرْنَ بِاللّٰهِ قَالَ يَكْفُرْنَ الْعَشِيْرَ وَيَكْفُرْنَ الْاِحْسَانَ لَوْ اَحْسَنْتَ اِلٰى اِحْدَاهُنَّ الدَّهْرَ ثُمَّ رَاَتْ مِنْكَ شَيْئًا قَالَتْ مَا رَاَيْتُ مِنْكَ خَيْرًا قَطُّ۔

نہیں ہوتے، جب تم شمس و قمر کو گہن ہوتا ہوا دیکھو تو (اللہ کی طرف رجوع کرو اور) اللہ کو یاد کرو، صحابہ نے عرض کیا، یا رسول اللہ! ہم نے (ایک عجیب بات) دیکھی (کہ جب آپ نماز سے فارغ ہو کر نصیحت فرما رہے تھے تو اس وقت ہم نے آپ کو دیکھا کہ آپ ہاتھ بڑھا کر کوئی چیز لے رہے ہیں، پھر تھوڑی دیر کے بعد ہم نے آپ کو دیکھا کہ آپ پیچھے ہٹ رہے ہیں ہم اس کو کچھ نہیں سمجھ سکے) حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب تم نے مجھ کو دیکھا کہ میں ہاتھ بڑھا کر کچھ لے رہا ہوں تو سنو! میرے سامنے اس وقت جنت پیش کی گئی تھی، میں جنت میں سے انگور کا ایک خوشہ لینا چاہ رہا تھا، اگر میں وہ خوشہ لے لیتا تو جب تک دنیا باقی رہتی[۱] تم اس میں سے کھاتے رہتے) اور وہ کبھی ختم نہ ہوتا، اور جب تم نے مجھے دیکھا کہ میں پیچھے ہٹ رہا ہوں تو اس وقت میرے سامنے دوزخ پیش کی گئی تھی، کیا کہوں[۲] کہ دوزخ میں کثرت سے عورتیں تھیں، صحابہ نے عرض کی عورتیں ایسا کونسا عمل کرتی ہیں جس کی وجہ سے وہ کثرت سے دوزخ میں تھیں۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا، عورتیں ناشکری کرنے کی وجہ کثرت سے دوزخ میں تھیں۔ صحابہ نے عرض کی، حضور ناشکری کرنا ہماری سمجھ میں نہیں آیا۔ کیا عورتیں اللہ تعالیٰ کی ناشکری کی وجہ سے کثرت سے دوزخ میں

۱؎ لیکن اللہ تعالیٰ کو جو منظور ہے کہ تمہارا ایمان بالغیب رہے اور اس سے تمہاری آزمائش ہوتی رہے، جنتی میوہ تم دیکھ لیتے تو تمہارا ایمان بالشہود ہو جاتا، پھر تم کو ایمان بالغیب کا اجر نہیں ملتا تھا؛

۲؎ وہ کیسا ہیبت ناک منظر تھا کہ ایسا ہیبت ناک منظر میں نے کبھی نہیں دیکھا اور دوزخ میں جو جو عذاب ہوا ہے تو وہ سب مجھے دکھائے گئے، مجھے بڑا افسوس تو اس سے ہوا؛

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

وَفِیْ رِوَایَةٍ لِلنَّسَائِیِّ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خَرَجَ یَوْمًا مُسْتَعْجِلًا اِلَی الْمَسْجِدِ وَقَدِ انْکَسَفَتِ الشَّمْسُ فَصَلّٰی حَتّٰی انْجَلَتْ ثُمَّ قَالَ اِنَّ اَھْلَ الْجَاھِلِیَّةِ کَانُوْا یَقُوْلُوْنَ اِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لَا یَنْخَسِفَانِ لِمَوْتِ اَحَدٍ وَلَا لِحَیَاتِہٖ وَلٰکِنَّھُمَا خَلِیْقَتَانِ مِنْ خَلْقِہٖ یُحْدِثُ اللّٰہُ فِیْ خَلْقِہٖ مَا شَآءَ اللّٰہُ فَاَیُّھُمَا انْخَسَفَ فَصَلُّوْا حَتّٰی یَنْجَلِیَ اَوْ یُحْدِثَ اللّٰہُ اَمْرًا۔

ہوں گی؟ تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا، نہیں بلکہ وہ اپنے شوہروں کی ناشکری کرتی ہیں اور شوہروں کے احسان کا انکار کرتی ہیں (اس وجہ سے کثرت سے دوزخ میں ہوں گی کیا تم نہیں دیکھتے کہ مرد اپنی عورت سے اگر ہمیشہ بھلائی کرتا رہے، پھر اس کی جانب سے کوئی بات ناگوار پیش آئے، اور اس کے خلاف مرضی ہو۔ (تو وہ سارے احسانوں کو بھول جاتی ہے اور کہنے لگتی ہے کہ میں نے تم سے کبھی کوئی آرام نہیں دیکھا دیہ ہے عورتوں کی ناشکری جو دوزخ میں کثرت سے ہونے کا سبب بنی ہے)

اور نسائی کی ایک روایت میں اس طرح ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم بہت جلدی جلدی مسجد میں ایسے وقت تشریف لائے کہ سورج کو گہن لگ گیا تھا، تو حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم آفتاب روشن ہونے تک نماز کسوف پڑھتے رہے پھر فرمایا[1] سورج گہن ہو یا چاند گہن کسی کے مرنے جینے سے نہیں ہوتے بلکہ سورج اور چاند یہ دونوں اللہ کی مخلوق ہیں اور اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق میں جیسا چاہے تغیر کرتے ہیں تو چاند یا سورج ان میں سے جب کسی کو گہن لگ جائے تو اس وقت گہن ختم ہونے تک نماز پڑھا کرو۔ ہاں! اگر کوئی ایسی بات ظاہر ہو جائے، جس کی وجہ سے نماز نہیں پڑھ سکتے ہیں (جیسے گہن لگا ہوا آفتاب ڈوبنے لگے یا گہن ایسے وقت ہو

[1] (نماز کسوف کے بعد خطبہ کے طور پر نہیں، بلکہ اُن لوگوں کے عقائد کی اصلاح کے لیے فرمایا جو جاہلیت کے زمانے میں یہ سمجھا کرتے تھے کہ سورج گہن ہو یا چاند گہن، یہ روئے زمین کی بڑی شخصیتوں میں سے کسی بڑے آدمی کے مرنے کی وجہ سے ہوا کرتا ہے حالانکہ (ایسا نہیں ہے بلکہ)

MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

جب کہ اس وقت نفل نماز پڑھنا جائز نہ ہو تو ایسے وقت نماز نہیں پڑھنا چاہیئے بلکہ انجلاء تک دعا اور استغفار میں مشغول رہے (جیسا کہ رد المحتار میں مذکور ہے)

۱۹۳۴ / ۱۶ وَعَنْ اَسْمَآءَ بِنْتِ اَبِیْ بَکْرٍ قَالَتْ لَقَدْ اَمَرَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِالْعِتَاقَةِ فِیْ کُسُوْفِ الشَّمْسِ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے فرماتی ہیں کہ (جب کسوف شمس ہو تو کیا معلوم کہ یہی عذاب الٰہی کا ذریعہ بنے اس لیے) حضرت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم حکم دیتے ہیں کہ کسوف شمس کے وقت باندی یا غلام آزاد کیا کرو (تاکہ اس کی وجہ سے عذاب الٰہی ٹل جائے) اس کی روایت بخاری نے کی ہے۔

بَابٌ فِیْ سُجُوْدِ الشُّکْرِ

اس باب میں سجدۂ شکر کا بیان ہے

ف۔ جس شخص کو نئی نعمت ملے یا اس کو مال ملے۔ یا اولاد ہو یا اس سے کوئی مصیبت دور ہو گئی ہو تو اس طرح کی جب نعمتیں ملیں تو اس کو چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ کا اس طرح شکریہ ادا کرے کہ بغیر نماز کے صرف ایک ہی سجدۂ شکر ادا کرے، اس طرح کا سجدۂ شکر ادا کرنا حنفی مذہب میں مستحب ہے اور اسی پر فتویٰ ہے، نماز اور سجدۂ تلاوت کے جو شرائط ہیں وہ سارے شرائط سجدۂ شکر کے لیے بھی ہیں، یعنے وضوء کا ہونا، جگہ کا پاک ہونا، بدن اور کپڑے کا پاک ہونا، ستر عورت کا ہونا، قبلہ کی طرف رُخ کرنا اور نیت کرنا وغیرہ ہاں نماز میں تکبیر تحریمہ جس کے لیے کان تک ہاتھ اٹھائے جاتے ہیں وہ سجدۂ تلاوت کے لیے بھی نہیں، اور سجدۂ شکر کے لیے بھی نہیں ہے بلکہ سجدۂ شکر کو باوضو قبلہ رو ہوکر دو قیام اور دو اللہ اکبر کہنے کے بیچ میں ادا کرنا چاہیئے، یعنے پہلے کھڑے ہوکر تکبیر تحریمہ کے لیے ہاتھ اٹھائے بغیر اللہ اکبر کہتے ہوئے سجدہ شکر کے لیے سجدہ میں جائے اور سجدہ میں کم از کم تین بار سبحان ربی الاعلیٰ کہے اور اللہ اکبر کہہ کر کھڑا ہو جائے، یہ ہے سجدۂ شکر اس کے لیے تشہد اور سلام بھی نہیں ہے مراقی الفلاح نور الایضاح، طحطاوی، اور درمختار۔ ۱۲)

۱۹۳۵ / ۱ عَنْ اَبِیْ بَکْرَةَ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا جَآءَهٗ اَمْرٌ سُرُوْرًا اَوْ یُسَرُّ بِهٖ خَرَّ سَاجِدًا شَاکِرًا لِلّٰهِ تَعَالٰی۔

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو جب کوئی خوشی ہوتی یا کہیں سے کوئی خوش خبری آتی یا کوئی نئی نعمت حاصل

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL-ISLAMIA ACADEMY

(رَوَاہُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِیُّ وَقَالَ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ)

ہوتی یا کوئی بلا ٹل جاتی تو اس کا شکر ادا کرنے کے لیے (مثل سجدۂ تلاوت کے) شکر کا سجدہ (اس طرح) ادا فرماتے^{لہ}۔ اس کی روایت ابوداؤد اور ترمذی نے کی ہے۔

۱۹۳۶/۲ وَعَنْ اَبِیْ جَعْفَرٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَاٰی رَجُلًا مِّنَ النُّغَاشِیِّیْنَ فَخَرَّ سَاجِدًا۔

(رَوَاہُ الدَّارُقُطْنِیُّ مُرْسَلًا وَفِیْ شَرْحِ السُّنَّۃِ لَفْظُ الْمَصَابِیْحِ)

حضرت ابوجعفر حضرت امام باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ایک شخص کو دیکھا جو بونا (ناقص الخلقت تھا) اس کو دیکھ کر (اس طرح) آپ نے سجدۂ شکر ادا کیا کہ اس بونے کو اس کی خبر نہ ہوئی اور آہستہ فرمایا۔ "اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاکَ بِہٖ" الٰہی میں آپ کا کیا شکر ادا کروں کہ جس بلاء میں اس بونے کو مبتلا کیا ہے مجھے آپ نے اس سے بچایا ہے (آہستہ اس لیے کہا تاکہ خبر نہ ہو، اور اس طرح کہنے سے اس کی دل شکنی نہ ہو) اس حدیث کی روایت دارقطنی نے کی ہے اور شرح السنہ میں مصابیح کے الفاظ سے اس کی روایت کی گئی ہے۔

تمہید

گزشتہ قوموں پر جو دنیوی عذاب آیا تھا، کوئی مسخ کیے گئے، کوئی غرق کیے گئے کسی کو زمین میں دھنسا یا گیا، کسی پر کچھ دنیوی عذاب آیا، اور کسی پر کچھ، یہ سب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے پیش نظر تھا، اور یہ بھی آپ کو معلوم ہوا کہ کفار دائمی طور پر دوزخ میں رہیں گے۔ آپ سراپا رحمت تھے، چاہتے تھے کہ اپنی امت پر نہ ویسا دنیوی عذاب آئے، نہ اُخروی دوزخ کا دائمی عذاب رہے، ہمیشہ اُمت آپ کے پیش نظر رہتی تھی، اپنی امت کو اس طرح کے دنیوی اور اخروی دائمی عذاب سے بچانے کی فکر رہتی تھی، اس کی وجہ سے آپ

لہ کہ باوضوء قبلہ کی طرف رُخ کر کے کھڑے ہو کر اللہ اکبر کہتے ہوئے سجدہ میں جاتے اور سجدہ میں حمد وثنا کر کے پھر اللہ اکبر کہتے ہوئے کھڑے ہو جاتے

www.waseemziyai.com
MARKAZUL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کبھی رات رات بھر روتے رہتے تھے کہ کسی طرح میں اپنی امت کو اس طرح کے دنیوی عذاب اور اُخروی دائمی عذاب سے بچاؤں؛

۱۹۳۷/۳ وَعَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ مَكَّةَ نُرِيْدُ الْمَدِيْنَةَ فَلَمَّا كُنَّا قَرِيْبًا مِنْ عَزْوَرَاءَ نَزَلَ ثُمَّ رَفَعَ يَدَيْهِ فَدَعَا اللّٰهَ سَاعَةً ثُمَّ خَرَّ سَاجِدًا فَمَكَثَ طَوِيْلًا ثُمَّ قَامَ فَرَفَعَ يَدَيْهِ سَاعَةً ثُمَّ خَرَّ سَاجِدًا فَمَكَثَ طَوِيْلًا ثُمَّ قَامَ فَرَفَعَ يَدَيْهِ سَاعَةً ثُمَّ خَرَّ سَاجِدًا قَالَ اِنِّيْ سَاَلْتُ رَبِّيْ وَشَفَعْتُ لِاُمَّتِيْ فَاَعْطَانِيْ ثُلُثَ اُمَّتِيْ فَخَرَرْتُ سَاجِدًا لِرَبِّيْ شُكْرًا ثُمَّ رَفَعْتُ رَاْسِيْ فَسَاَلْتُ رَبِّيْ لِاُمَّتِيْ فَاَعْطَانِيْ ثُلُثَ اُمَّتِيْ فَخَرَرْتُ سَاجِدًا لِرَبِّيْ شُكْرًا ثُمَّ رَفَعْتُ رَاْسِيْ فَسَاَلْتُ رَبِّيْ لِاُمَّتِيْ فَاَعْطَانِي الثُّلُثَ الْاٰخَرَ فَخَرَرْتُ سَاجِدًا لِرَبِّيْ شُكْرًا۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْ دَاوُدَ)

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں ایک دفعہ ہم حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے ساتھ مکہ معظمہ سے مدینہ منورہ کی طرف چلے، جب ہم مقام عزوراء میں پہنچے تو حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کو معلوم ہوا کہ رحمت الٰہی اس وقت جوش پر ہے حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم اس وقت کو غنیمت سمجھ کر اپنی سواری سے اتر کر کھڑے ہو گئے اور اپنے دونوں ہاتھ دعا کے لیے اُٹھا کر بہت دیر تک دعا کرتے رہے، پھر سجدہ میں جا کر طویل سجدہ کیا۔ اور پھر سجدہ سے اٹھ کر کھڑے ہوئے اور کھڑے رہ کر پھر دعا کے لیے دونوں ہاتھ اٹھا کر (بہت دیر تک) دعا کرتے رہے، پھر قیام سے سجدہ میں گئے اور بہت دیر تک سجدہ میں رہے، پھر سجدہ سے اُٹھ کر کھڑے ہوئے اور بہت دیر تک دعا کے لیے ہاتھ اٹھائے رہے پھر قیام سے سجدہ میں گئے اور بہت دیر تک سجدہ میں رہے، پھر سجدہ سے اُٹھنے کے بعد صحابہ سے ارشاد فرمایا: میں نے اس وقت کئی مرتبہ کھڑے ہو کر دعا کی پھر سجدہ میں گیا، پھر دعا کے لیے کھڑا ہوا پھر سجدہ میں گیا، اس کی وجہ یہ تھی کہ اس وقت رحمت الٰہی جوش پر تھی، میں نے چاہا کہ اپنی اُمت کے لیے قدیم آرزو پوری کرنے کے لیے دعا کروں، میں کھڑے ہو کر دعا کروں میں نے کھڑے ہو کر دعا کی، الٰہی اور قوموں کی طرح میری اُمت کو دنیوی عذاب نہ دینا اور گناہوں کی شامت سے دوزخ میں ڈالیں بھی تو ہمیشہ دوزخ

www.waseemziyai.com
MARKAZ UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

میں نہ رکھتا، سزا بھگتنے کے بعد دوزخ سے
نجات دیتا تو اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہوا میں
تمہاری تہائی امت کے لیے یہ دعا قبول کرتا ہوں
تہائی امت پر یہ دنیوی عذاب نہیں آئے
گا۔ گناہوں کی شامت سے دوزخ میں جائیں
گے بھی تو ہمیشہ دوزخ میں نہیں رہیں گے، یہ سُن
کر میں نے سجدہ شکر ادا کیا، پھر کھڑے ہو کر دعا کی
الٰہی! میری باقی اُمت کو بھی دنیوی عذاب سے بچائیے
گناہوں کی شامت سے دوزخ میں ہمیشہ نہ رکھیئے
اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہوا، اچھا میرے محمد (صلی اللہ
تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم) تمہاری اُمت کے دوسرے
تہائی حصے کو بھی دنیوی عذاب سے بچائے رکھوں
گا۔ گناہوں کی شامت سے اگر دوزخ میں بھی جائیں
گے بھی تو ہمیشہ دوزخ میں نہیں رہیں گے دوزخ
سے ان کو نجات دوں گا، یہ سُن کر میں نے پھر
سجدۂ شکر ادا کیا، سہ بار پھر کھڑے ہو کر عرض کیا
، الٰہی! میری اُمت کے تیسرے حصہ کو بھی دنیوی
عذاب سے بچائیے گناہوں کی شامت سے
اگر دوزخ میں جائیں بھی تو اُن کو ہمیشہ دوزخ
میں نہ رکھیئے تو اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہوا اچھا میرے
محمد مجھے تمہاری خاطر منظور ہے، تمہاری اُمت
کے تیسرے حصہ کو بھی دنیوی عذاب سے بچائے
رکھوں گا۔ گناہوں کی شامت سے اگر دوزخ میں
جائیں بھی تو ہمیشہ ان کو دوزخ میں نہ رکھوں گا، تمام
اُمت تمہاری دنیوی عذاب سے بھی محفوظ رہے
گی، اور دوزخ کے ہمیشہ کے عذاب سے بھی محفوظ
رہے گی، کیوں محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اب خوش
ہوئے، یہ سُن کر میں نے تیسری بار پھر سجدہ شکر
ادا کیا، اس کی روایت امام احمد اور ابو داؤد نے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کی ہے۔

بَابُ الْاِسْتِسْقَاءِ

(اس باب میں استسقاء کا بیان ہے یعنے بارش رک گئی ہو تو بارش ہونے کے لیے دعا کرنا)

وَقَوْلُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ:
اِسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ اِنَّهٗ كَانَ غَفَّارًا ۝
يُرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا ۝

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔
اپنے رب سے معافی مانگو وہ بڑا معاف فرمانے والا ہے، تم پر تراٹے کا مینہ بھیجے گا۔
(سورۃ نوح ۷۱، ۱۱، ۱۰)

ف: تم ایمان لا کر اللہ تعالیٰ کے حضور اپنے گناہوں کی معافی مانگو، کیونکہ گناہوں کی شامت اور برے اعمال کی وجہ سے جو بارش رک گئی ہے تمہارے استغفار کرنے کی وجہ سے اللہ تعالیٰ تمہارے لیے موسلا دھار، تراٹے دار بارش برسائے گا، کیونکہ اللہ تعالیٰ پروردگار بڑا بخشنے والا مہربان ہے۔

ف: اس آیت سے معلوم ہوا کہ بارش رک گئی ہو تو بارش آنے کے لیے صرف توبہ اور استغفار کافی ہے ذیل کی فصل اوّل کی احادیث اور آثار سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے اسی لیے امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ بارش رک گئی ہو تو بارش آنے کے لیے بغیر نماز کے صرف توبہ و استغفار سنت ہے، بعض حدیثوں میں استسقاء کے لیے نماز پڑھنا بھی آیا ہے اگر استسقاء کے لیے نماز پڑھنا سنت ہوتا تو سب حدیثوں میں نماز پڑھنے کا ذکر ہوتا، اکثر حدیثوں اور آیتوں میں نماز پڑھنے کا ذکر نہیں آیا، کبھی استسقاء کے لیے نماز پڑھنا اور کبھی ترک کرنا نماز استسقاء کے سنت ہونے پر دلالت نہیں کرتا، اسی وجہ سے امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ نے یہ نہیں فرمایا ہے کہ استسقاء کے لیے نماز ناجائز ہے بلکہ وہ صرف یہ فرماتے ہیں کہ استسقاء کے لیے نماز پڑھنا سنت نہیں ہے، بلکہ جائز ہے پڑھنا چاہیں تو پڑھ سکتے ہیں (عمدۃ القاری) ۱۲

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

فصل اوّل

۱۴۳۸/۱ عَنْ شَرِيْكِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ نَمِرٍ اَنَّهٗ سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ

حضرت شریک بن عبد اللہ بن ابی نمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ انس بن مالک

MARKAZ-UL-ILM ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

فَرَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَيْهِ ثُمَّ قَالَ اَللّٰهُمَّ حَوَالَيْنَا وَلَا عَلَيْنَا اَللّٰهُمَّ عَلَى الْاٰكَامِ وَالْجِبَالِ وَالظِّرَابِ وَالْاَوْدِيَةِ وَمَنَابِتِ الشَّجَرِ قَالَ فَانْقَطَعَتْ وَخَرَجْنَا نَمْشِيْ فِي الشَّمْسِ قَالَ شَرِيْكٌ فَسَأَلْتُ اَنَسًا اَهُوَ الرَّجُلُ الْاَوَّلُ قَالَ لَا اَدْرِيْ ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

چھوٹا ٹکڑا مثل ڈھال کے اٹھا (اور ہم کو دکھائی دیا) دیکھتے دیکھتے تمام آسمان پر پھیل گیا اور برسنا شروع کیا اور خوب بارش ہونے لگی اور اتنی بارش ہوتی رہی کہ بخدا ایک ہفتہ تک سورج نظر نہ آیا، اسی طرح پورا ہفتہ گزر گیا اور دوبارہ جمعہ کا دن آیا اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم منبر پر کھڑے ہوئے جمعہ کا خطبہ ارشاد فرما رہے تھے کہ ایسے میں ایک صاحب اسی دروازے سے مسجد میں داخل ہوئے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے کھڑے ہو کر عرض کرتے لگے یا رسول اللہ (کثرت بارش سے) مویشی تباہ ہو گئے اور راستے بھی بند ہو گئے، آپ اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ اب ہم پر بارش نہ ہو (جہاں ضرورت ہو وہاں بارش ہو) حضرت انس فرماتے ہیں کہ پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے مبارک ہاتھوں کو اٹھایا پھر دعا فرمانے لگے۔

الٰہی ہمارے آس پاس بارش ہو ہم پر نہ ہو، الٰہی ٹیلوں پر اور پہاڑوں پر اور پہاڑیوں پر اور نالوں پر اور جہاں درخت پیدا ہوتے ہیں ان مقامات پر پانی برسائیے۔

حضرت انس فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا یہ دعا فرمانا ہی تھا کہ ابر پھٹ گیا (بارش ختم ہو گئی) اور جب ہم (مسجد سے) واپس ہوئے، ہم دھوپ میں چلتے ہوئے واپس ہوئے شریک جو اس حدیث کے راوی ہیں وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے دریافت کیا کہ یہ بعد میں آنے والے صاحب جو بارش کے بند ہونے کی دعا کروانے آئے ہیں کیا وہی صاحب تھے جو بارش ہونے کی دعا کروانے

www.waseemziyai.com
MARKAZ UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

مَالِكٍ يَذْكُرُ اَنَّ رَجُلًا دَخَلَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ مِنْ بَابٍ كَانَ وِجَاهَ الْمِنْبَرِ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَائِمٌ يَخْطُبُ فَاسْتَقْبَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَائِمًا فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هَلَكَتِ الْمَوَاشِيْ وَانْقَطَعَتِ السُّبُلُ فَادْعُ اللّٰهَ اَنْ يُّغِيْثَنَا قَالَ فَرَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَيْهِ فَقَالَ اَللّٰهُمَّ اسْقِنَا اَللّٰهُمَّ اسْقِنَا اَللّٰهُمَّ اسْقِنَا قَالَ اَنَسٌ فَلَا وَاللّٰهِ مَا نَرٰى فِي السَّمَاءِ مِنْ سَحَابٍ وَّلَا قَزَعَةٍ وَّلَا شَيْئًا وَمَا بَيْنَنَا وَبَيْنَ سَلْعٍ مِّنْ بَيْتٍ وَّلَا دَارٍ قَالَ فَطَلَعَتْ مِنْ وَّرَائِهٖ سَحَابَةٌ مِّثْلُ التُّرْسِ فَلَمَّا تَوَسَّطَتِ السَّمَاءَ انْتَشَرَتْ ثُمَّ اَمْطَرَتْ قَالَ فَوَاللّٰهِ مَا رَاَيْنَا الشَّمْسَ سَبْتًا ثُمَّ دَخَلَ رَجُلٌ مِّنْ ذٰلِكَ الْبَابِ فِي الْجُمُعَةِ الْمُقْبِلَةِ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَائِمٌ يَّخْطُبُ فَاسْتَقْبَلَهٗ قَائِمًا فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هَلَكَتِ الْاَمْوَالُ وَانْقَطَعَتِ السُّبُلُ فَادْعُ اللّٰهَ اَنْ يُّمْسِكَهَا قَالَ

رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کو یہ واقعہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے، انس بن مالک فرماتے ہیں کہ (بارش نہ ہونے سے لوگ بہت پریشان تھے ایسے مواقع پر) جمعہ کے دن ایک صاحب منبر کے سامنے والے دروازے سے مسجد نبوی میں داخل ہوئے اس وقت حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم منبر پر کھڑے خطبہ ارشاد فرما رہے تھے، یہ آنے والے صاحب حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی طرف رخ کر کے کھڑے ہو گئے اور عرض کی یا رسول اللہ! (بارش نہ آنے سے جو قحط پڑا ہے اس کی وجہ سے) مویشی ہلاک ہو گئے (اور اونٹوں کے مرنے کی وجہ سے) آمدورفت کے ذرائع کم ہو گئے، اس لیے راستے بند پڑے ہیں، آپ دعا کیجئے کہ اللہ تعالیٰ ہم پر بارش برسائے (یہ سنتے ہی) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے مبارک ہاتھوں کو اٹھا کر دعا کی۔

الٰہی ہم پر بارش برسائیے
الٰہی ہم پر بارش برسائیے
الٰہی ہم پر بارش برسائیے

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں خدا کی قسم (حضور کے دعا فرمانے سے پہلے) بارش کے کوئی آثار ظاہر نہ تھے، نہ تو ابر گھرا ہوا تھا نہ ابر کے ٹکڑے اِدھر اُدھر پھر رہے تھے بلکہ آسمان بالکل صاف تھا، کوہ سلع تک ہماری نظر پہنچ رہی تھی، ہمارے اور کوہ سلع کے درمیان میں نہ کوئی مکان تھا اور نہ کوئی عمارت، (کوہ سلع اور اس کے پیچھے کا حصہ ہم کو صاف نظر آرہا تھا اور کہیں ابر کا پتہ نہیں تھا حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے دعا فرماتے ہی) کوہ سلع کے پیچھے سے ابر کا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-ISLAMIA ACADEMY

١٩٣٩/٢ وَعَنْ شُرَحْبِيْلَ بْنِ السِّمْطِ اَنَّهٗ
قَالَ لِكَعْبٍ يَا كَعْبُ بْنُ مُرَّةَ
حَدِّثْنَا عَنْ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاحْذَرْ قَالَ جَاءَ
رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللهِ اسْتَسْقِ
اللهَ فَرَفَعَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَيْهِ فَقَالَ اللّٰهُمَّ
اسْقِنَا غَيْثًا مَرِيْئًا طَبَقًا عَاجِلًا
غَيْرَ رَائِثٍ نَافِعًا غَيْرَ ضَارٍّ قَالَ
فَمَا جَمَعُوْا حَتّٰى اُحْيُوْا قَالَ فَاَتَوْهُ
فَشَكَوْا اِلَيْهِ الْمَطَرَ فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ
اللهِ تَهَدَّمَتِ الْبُيُوْتُ فَقَالَ اللّٰهُمَّ
حَوَالَيْنَا وَلَا عَلَيْنَا قَالَ فَجَعَلَ
السَّحَابُ يَنْقَطِعُ يَمِيْنًا وَّشِمَالًا

(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

آئے تھے تو انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ مجھے اس کا علم نہیں ہے۔ اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

حضرت شرحبیل بن السمط رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انھوں نے کعب بن مرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہا کعب! رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی ہم کو کوئی حدیث سنائیے۔ آپ بہت احتیاط سے وہی الفاظ سنائیے جو حضرت سے آپ نے سنے ہیں، حضرت کعب نے فرمایا میں وہی سناتا ہوں جو میں نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے سنے ہیں ایک دفعہ کا واقعہ ہے کہ بارش رک گئی تھی لوگ بہت پریشان تھے ایسے موقع میں ایک صاحب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی یارسول اللہ! بارش نہ ہونے سے لوگ بہت پریشان ہیں، آپ بارش آنے کے لیے اللہ تعالیٰ سے دعا فرمائیے۔ یہ سن کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے دعا کے لیے اپنے دونوں مبارک ہاتھوں کو اٹھایا اور یہ دعا فرمانے لگے۔

اے اللہ! ہم پر ایسی بارش برسائیے جس سے ہم کو فائدہ ہی فائدہ ہو، کوئی ضرر نہ ہو، الٰہی ایسی بارش برسائیے جس سے چاروں طرف سبزہ ہی سبزہ ہو جائے اور ایسی بارش ہو جو حسب ضرورت ہوتی ہی رہے ایسا نہ ہو کہ ضرورت پر پھر رک جائے۔ اب دیر نہ کیجئے، جلدی سے بارش برسائیے اس سے زیادہ انتظار نہ کروائیے۔

کعب فرماتے ہیں کہ یہ جمعہ کا واقعہ ہے حضور کے دعا کرنے کے بعد لوگ ابھی جمعہ کی نماز سے فارغ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

۱۹۴۰/۳ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوَاكِئُ فَقَالَ اَللّٰهُمَّ اسْقِنَا غَيْثًا مُّغِيْثًا مَرِيْئًا مَّرِيْعًا نَافِعًا غَيْرَ ضَآرٍّ عَاجِلًا غَيْرَ اٰجِلٍ قَالَ فَاَطْبَقَتْ عَلَيْهِمُ السَّمَآءُ

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

نہیں ہوئے تھے کہ کثرت سے بارش ہونے لگی اور دوسرے جمعہ تک بارش ہوتی رہی، پھر لوگ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت مبارک میں حاضر ہوئے اور کثرت بارش کی شکایت کرتے لگے عرض کی (اس کثرت سے بارش ہوئی ہے کہ) مکانات گرنے لگے ہیں! پھر حضور دعا کرنے لگے

الٰہی ہمارے آس پاس (جہاں ضرورت ہو وہاں بارش ہو، ہم کو اب ضرورت نہیں رہی ہے اس لیے اب) ہم پر بارش نہ ہو۔

کعب کہتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے یہ دعا فرماتے ہی ہم دیکھ رہے تھے کہ ابر پھٹ گیا ہے اور آبادی کے سیدھے جانب یا بائیں جانب چلا جا رہا ہے اس کی روایت ابن ماجہ نے کی ہے۔

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ (ایک دفعہ بارش رک گئی تھی اور بارش نہ ہونے سے لوگ بہت پریشان تھے ایسے وقت) میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ آپ اپنے مبارک ہاتھوں کو اٹھائے ہوئے یہ دعا فرما رہے تھے۔

اے اللہ ہم پر ایسی بارش برسائیے جو قحط دور کرنے میں ہماری امداد کرے اور جس سے ہم کو فائدہ ہی فائدہ ہو، کوئی ضرر نہ ہو، الٰہی ایسی بارش برسائیے جس سے چاروں طرف سرسبزی ہی سرسبزی ہو جائے، اب دیر نہ کیجئے جلدی سے بارش برسائیے اس سے زیادہ انتظار نہ کروائیے۔

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے یہ دعا فرماتے ہی ہم کیا دیکھتے ہیں کہ ابر اٹھا اور ہمارے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

چاروں طرف چھا گیا۔ اس کی روایت ابو داؤد نے کی ہے۔

۱۹۴۱ وَعَنْ عُمَيْرٍ مَوْلَى آبِي اللَّحْمِ اَنَّهُ رَاَى النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَسْقِي عِنْدَ اَحْجَارِ الزَّيْتِ قَرِيْبًا مِّنَ الزَّوْرَاءِ قَائِمًا يَدْعُو يَسْتَسْقِيْ رَافِعًا يَدَيْهِ قِبَلَ وَجْهِهِ لَا يُجَاوِزُ بِهِمَا رَاسَهُ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ وَرَوَى التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ نَحْوَهُ)

حضرت عمیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں مقام زوراء کے قریب احجار الزیت ہے اس جگہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو کھڑے ہوئے استسقاء کی دعا فرماتے ہوئے میں نے دیکھا آپ اس طرح دعا فرمارہے تھے کہ (حسب عادت) آپ کے دونوں دست مبارک سینہ کے مقابل تھے اور دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیاں حضور کے چہرے کے سامنے تھیں، اور ہاتھوں کی پشت زمین کی طرف تھی اور میں نے بہت غور سے دیکھا ہے کہ آپ کے دونوں دست مبارک (دعا کے وقت) سر سے اوپر اٹھے ہوئے نہیں تھے۔ اس کی روایت ابو داؤد نے کی ہے اور ترمذی اور نسائی نے بھی اسی طرح روایت کی ہے۔

۱۹۴۲ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اسْتَسْقَى قَالَ اَللّٰهُمَّ اسْقِ عِبَادَكَ وَبَهِيْمَتَكَ وَانْشُرْ رَحْمَتَكَ وَاَحْيِ بَلَدَكَ الْمَيِّتَ

(رَوَاهُ مَالِكٌ وَاَبُوْدَاؤدَ وَرَوَى الْبَيْهَقِيُّ وَالطَّبْرَانِيُّ نَحْوَهُ)

حضرت عمرو بن شعیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے والد کے واسطے سے اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ ان کے دادا نے فرمایا کہ بارش جب رک جاتی تھی تو بارش آنے کے لیے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم یہ دعا فرمایا کرتے تھے۔

الٰہی (آپ کے بندے اور جانور آپ کی رحمت کے منتظر ہیں اس سے زیادہ ان کو انتظار نہ کرایئے آپ کی رحمت کا صدقہ) ان پر بارش برسایئے اپنی رحمت سب پر عام کیجئے جس کا یہ نتیجہ ہے کہ چاروں طرف سرسبزی ہو جائے (کھیت ہرے بھرے ہو جائیں اور جانوروں کو چارہ ملنے لگے بارش سے) مردہ شہروں کو زندہ کیجئے۔ یعنی چاروں طرف زمینیں جو

خشک ہوگئی ہیں ان پر بارش برسائیے جس سے سرسبز ہوکر لہلہانے لگیں۔ اس کی روایت امام مالک اور ابو داؤد نے کی ہے اور بیہقی اور طبرانی نے بھی اسی طرح روایت کی ہے۔

۱۹۴۳ وَعَنْ عَطَآءِ ابْنِ اَبِیْ مَرْوَانَ الْاَسْلَمِیِّ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ یَسْتَسْقِیْ[۱] فَمَا زَادَ عَلَی الْاِسْتِغْفَارِ۔

رَوَاهُ ابْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ وَرَوٰی سَعِیْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ فِیْ سُنَنِهٖ بِسَنَدٍ جَیِّدٍ نَحْوَهٗ

حضرت عطاء بن ابی مروان اسلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ان کے والد کہتے ہیں کہ ہم بھی حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کے ساتھ تھے (مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ بارش آنے کے لیے) حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ (نماز استسقاء نہیں پڑھی تھی) صرف دعا استغفار پر اکتفا فرماتے تھے۔ اس کی روایت ابن ابی شیبہ نے کی ہے اور سعید بن منصور نے بھی اپنی سنن میں جید سند کے ساتھ اسی طرح اس کی روایت کی ہے۔

۱۹۴۴ وَعَنْ اِبْرَاهِیْمَ اَنَّهٗ خَرَجَ مَعَ مُغِیْرَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الثَّقَفِیِّ یَسْتَسْقِیْ قَالَ فَصَلَّی الْمُغِیْرَةُ فَرَجَعَ اِبْرَاهِیْمُ حَیْثُ رَاٰهُ یُصَلِّیْ۔

(رَوَاهُ ابْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ)

ابراہیم نخعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کا یہ واقعہ صحیح سند سے روایت کیا گیا ہے کہ (آپ کے زمانے میں ایک وقت بارش رک گئی تھی، لوگ پریشان تھے) پانی آنے کی دعا کرنے کے لیے آپ مغیرہ بن عبد اللہ ثقفی کے ساتھ شہر سے باہر جنگل میں تشریف لے گئے تھے، وہاں جاکر مغیرہ بن عبد اللہ ثقفی نے نماز استسقاء پڑھنا شروع کی، جب حضرت ابراہیم نخعی نے دیکھا کہ مغیرہ نے نماز استسقاء پڑھنا شروع کی ہے تو آپ (نماز میں شریک ہوئے بغیر اس وجہ سے) واپس ہوئے (کہ پانی آنے کے لیے صرف دعا اور استغفار سنت ہے نماز پڑھنا سنت نہیں ہے، جب مغیرہ نے سنت کے خلاف کیا تو حضرت ابراہیم نخعی سنت کا خلاف کرتے

[۱] حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کے زمانے میں ایک دفعہ بارش رک گئی تھی، لوگ پریشان تھے تو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، بارش آنے کے لیے دعا کرنے شہر سے باہر نکلے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL-ISLAMIA ACADEMY

ہوئے نہیں دیکھ سکے اور واپس ہو گئے) اس کی روایت ابن ابی شیبہ نے کی ہے۔

۱۹۴۵/۸ وَعَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَجُلًا شَكَا اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلَاكَ الْمَالِ وَ جَهْدَ الْعِيَالِ فَدَعَا اللّٰهَ يَسْتَسْقِيْ وَ لَمْ يَذْكُرْ اَنَّهُ حَوَّلَ رِدَآءَهُ وَلَا اسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ (بارش رک جانے سے قحط کے آثار ظاہر ہو رہے تھے، ایسے وقت) ایک صاحب نے حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ! بارش رک جانے سے مال یعنی اونٹ (جن پر عرب کی زندگی کا دار و مدار ہے) ہلاک ہو رہے ہیں اہل و عیال سخت تکلیف میں ہیں (حضور بارش کے لیے دعا فرمائیں) یہ سن کر بارش آنے کے لیے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم نے دعا فرمائی، (راوی کہتے ہیں کہ حضرت انس نے اس حدیث میں (دعاء استسقاء کے وقت) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم کے استقبال قبلہ اور چادر الٹنے کا ذکر نہیں کیا۔

ف: اس سے معلوم ہوا کہ استقبال قبلہ اور چادر الٹنا دعاء استسقاء کے وقت سنت نہیں ہے، اگر یہ دونوں سنت ہوتے تو حضرت انس ان دونوں باتوں کا ضرور ذکر فرماتے، اسی لیے امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ چادر الٹنا دعا استسقاء میں سنت نہیں ہے اگرچہ بعض حدیثوں میں استسقاء میں چادر الٹنے کا ذکر ہے، اگر چادر الٹنا سنت ہوتا تو سب حدیثوں میں اس کا ذکر آتا، بعض حدیثوں میں چادر الٹنے کا ذکر ہوتا اور بعض میں نہ ہونا استسقاء میں چادر الٹنے کے سنت ہونے پر دلالت نہیں کرتا، اب رہا استقبال قبلہ یعنی دعاء استسقاء کے وقت قبلہ رو ہونا تو اس بارے میں عمدۃ القاری میں لکھا ہے کہ اگر دعاء استسقاء آبادی میں ہو رہی ہو تو استقبال قبلہ اور چادر الٹنا دونوں دعاء استسقاء کے وقت متفقہ طور پر ثابت نہیں ہیں اگر صحرا میں آبادی کے باہر دعا استسقاء ہو رہی ہو تو چادر الٹنا اور استقبال قبلہ صاحبین کے نزدیک سنت ہے، مقتدی طویل دعا نہ کریں، صرف قبلہ رو ہو کر بیٹھیں اور دعا کے وقت آمین کہتے رہیں اور امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے صحرا میں دعاء استسقاء کرنے کے وقت قبلہ رو ہونے کے متعلق باوجود تحقیق کے کوئی روایت نہیں ملی) اس حدیث کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

۱۹۴۶/۹ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ اسْتَسْقٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

وَحَوَّلَ رِدَاءَهٗ لِيَتَحَوَّلَ الْقَحْطُ۔ رَوَاهُ الْحَاكِمُ فِي الْمُسْتَدْرَكِ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحُ الْإِسْنَادِ وَلَمْ يُخْرِجَاهُ۔

واٰلہ وسلم (ایک وقت بارش آنے کے لیے دعاء استسقاء فرماتے تھے) اور دعاء استسقاء کے وقت اپنی چادر مبارک اس طرح الٹتے تھے[لہ] اس حدیث کی چادر الٹنے کی وجہ یہ بتلائی گئی ہے کہ جس طرح چادر کا ہر جزء الٹا گیا ہے اسی طرح موجودہ حالت میں انقلاب ہو کر بجائے قحط کے خوش حالی آجائے، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ چادر الٹنا دعا استسقاء کے وقت سنت اور عبادت نہیں ہے بلکہ یہ عرض کرتا ہے کہ الٰہی ہماری حالت میں انقلاب پیدا کر کے خوش حالی لائیے اس سے محض فال نیک لینا مقصود تھا نہ کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم کا چادر الٹنے کو سنت اور عبادت بناتے کا ارادہ تھا اسی لیے ہر حدیث میں دعاء استسقاء کے وقت چادر الٹنے کا ذکر نہیں ہے یہی وجہ ہے کہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ دعا استسقاء کے وقت چادر الٹنے کو سنت ہونا نہیں فرماتے ہیں) اس حدیث کی روایت حاکم نے مستدرک میں کی ہے اور حاکم نے کہا ہے کہ اس حدیث کی سند بخاری اور مسلم کی شرط کے موافق ہے اور صحیح ہے، اگرچہ انھوں نے اپنی اپنی کتابوں میں اس کی روایت نہیں کی ہے۔

۱۴۲۷/۱۰ وَعَنْ هِشَامِ بْنِ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كِنَانَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ

حضرت ہشام بن اسحاق بن عبد اللہ بن کنانہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ان کے والد

لہ دکہ اپنے دونوں ہاتھ پیٹھ کی طرف لے جا کر چادر مبارک جو پشت پر لٹکی ہوئی تھی بائیں ہاتھ سے چادر کے نیچے کے سیدھے کنارے کو پکڑے اور سیدھے ہاتھ سے چادر کے نیچے کے بائیں کنارے کو پکڑے اور چادر کے اوپر کے کناروں کو پیٹھ کی طرف سے ہی نیچے گرا کر نیچے کے کناروں کو اوپر لائے جس سے چادر کا ہر جز الٹ گیا، اندر کا حصہ باہر آگیا اور باہر کا حصہ اندر چلا گیا، سیدھے طرف کا حصہ بائیں طرف آگیا اور بائیں طرف کا حصہ سیدھے طرف آگیا، اور نچلا حصہ اوپر آگیا اور اوپر کا حصہ نیچے آگیا، یا سارا عمل ایک ہی حرکت میں ادا کیا گیا (اس سے عملی طور پر یہ بتانا مقصود تھا کہ الٰہی ہماری حالت میں قحط کی وجہ سے بہت بڑا انقلاب آگیا ہے جیسے میں نے چادر کے ہر جزء کو الٹا ہے ویسے ہی ہماری ہر حالت میں انقلاب پیدا کر کے قحط سالی دور فرمائیے، خوش حالی پیدا کر دیجئے)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

سَأَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنْ صَلٰوةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْاِسْتِسْقَاءِ فَقَالَ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَبَذِّلًا مُتَوَاضِعًا مُتَضَرِّعًا فَجَلَسَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَلَمْ يَخْطُبْ خُطْبَتَكُمْ هٰذِهٖ وَلٰكِنْ لَمْ يَزَلْ فِي الدُّعَاءِ وَالتَّضَرُّعِ وَالتَّكْبِيْرِ وَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ كَمَا كَانَ يُصَلِّيْ فِي الْعِيْدَيْنِ رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ ۔

اسحاق بن عبداللہ کہتے ہیں کہ انھوں نے ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے دریافت کیا (لوگوں میں یہ مشہور ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نماز استسقاء بھی پڑھاتے ہیں) اب آپ بیان فرمائیے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی نماز استسقاء کیسی تھی تو حضرت ابن عباس نے فرمایا (سنو ایک مرتبہ بارش رک گئی تھی، قحط سالی کے آثار ظاہر ہو رہے تھے تو) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم (دعا کے لیے) نکلے اور عیدگاہ کی طرف چلے[1] بہت معمولی پرانے کپڑے پہنے ہوئے تواضع کے ساتھ گڑگڑاتے ہوئے (عیدگاہ میں تشریف لائے آتے ہی) منبر پر بیٹھ گئے تمہارے خطبہ کی طرح وہ خطبہ نہیں تھا بلکہ دعا تھی[2] جو آپ نے اس وقت فرمائی، بلکہ یہ دعا تھی جو آپ اس وقت بہت گڑگڑاتے ہوئے آہ وزاری کے ساتھ کر رہے تھے اور اللہ اکبر فرماتے جا رہے تھے اس کے بعد آپ نے دو رکعت نماز عیدین کی نماز کی طرح ادا فرمائی[3] اس حدیث کی روایت نسائی، ترمذی، ابوداؤد اور ابن ماجہ نے کی ہے اور ترمذی نے کہا ہے کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

---

۱ اس وقت آپ کی جو حالت تھی کیا کہوں، بجائے زینت کے کپڑوں کے عجز وانکساری ظاہر کرنے کے لیے

۲ اگر خطبہ ہوتا تو کھڑے ہو کر خطبہ دیتے اس لیے کہ بیٹھ کر خطبہ دینے کی عادت شریفہ نہیں تھی۔

۳ یہاں نماز عید سے تشبیہ صرف دو رکعت نماز پڑھنے میں ہے، تکبیرات عیدین کہنے میں نہیں ہے۔ اس لیے طبرانی کی روایت میں آیا ہے کہ صلاۃ استسقاء میں صلاۃ عید کی طرح زائد تکبیرات نہیں کہی گئیں۔ اب رہی یہ نماز تو یہ استسقاء نہیں تھی، اگر نماز استسقاء ہوتی تو پہلے نماز استسقا پڑھی جاتی، اور بعد خطبہ یا دعا کی جاتی، جیسا کہ صاحبین اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہم سے ایسا ہی مروی ہے، اس حدیث میں پہلے دعا کی گئی ہے اور بعد میں نماز پڑھی گئی۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ آپ کی دعا مقبول ہوگئی، دوسری حدیثوں سے معلوم ہوا کہ دعا کے ساتھ ہی ابر اٹھا اور آثار بارش کے شروع ہوگئے تھے، اس کا شکریہ آپ نے دو رکعت پڑھ کر ادا فرمایا اسی لیے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ استسقاء صرف دعا ہے نماز اور خطبہ نہیں ہے۔

MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

۱۹۴۸ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَرْفَعُ يَدَيْهِ فِيْ شَيْءٍ مِّنْ دُعَائِهٖ اِلَّا فِي الْاِسْتِسْقَاءِ فَاِنَّهٗ يَرْفَعُ حَتّٰى يُرٰى بَيَاضُ اِبْطَيْهِ ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ہاتھوں لہ کو رکھتے تھے، کبھی یہ نہیں دیکھا گیا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم دونوں ہاتھوں کو لمبا کر کے سینے سے اوپر چہرے کے سامنے اس طرح اٹھائے ہوں کہ جس سے بغلوں کی سفیدی نظر آئے مگر استسقاء کی دعاء کے وقت (نہایت الحاح وزاری کرتے ہوئے) ہاتھوں کو سینے سے اونچا کر کے چہرہ کے مقابل ایسا پھیلایا تھا کہ مبارک بغلوں کی سفیدی نظر آتی تھی ٹہ اس حدیث کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

۱۹۴۹ وَعَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَسْقٰى فَاَشَارَ بِظَهْرِ كَفَّيْهِ اِلَى السَّمَآءِ ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی عادت مبارک تھی کہ جب کسی نعمت کے حاصل ہونے کے لیے دعاء فرماتے تو ہتھیلیوں کو آسمان کی طرف کرتے اور ہاتھوں کی پیٹھ زمین کی طرف ہوتی تھی تہ اس حدیث کی روایت مسلم نے کی ہے۔

لہ یوں تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی عادت مبارک یہ تھی کہ دعا کے وقت سینہ کے مقابل اپنے دونوں۔

ٹہ اور اس وقت چادر مبارک کاندھوں سے ہٹی ہوئی تھی اسی واسطے حضرت عمیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنی حدیث نمبر ۱۹۴۱ میں بیان کرتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ہاتھوں کو کسی دعا کے وقت سر سے اونچا کرتے ہوئے نہیں دیکھا گیا صدر کی یہ حدیث جو حضرت انس سے مروی ہے اس میں بھی یہی بتلایا گیا ہے کہ ہاتھ دعاء کے وقت سر سے اونچے نہیں ہوتے تھے، بلکہ ہاتھوں کو لمبا کر کے چہرے کے مقابل لا کر پھیلا لیتے تھے جس سے بغلوں کی سفیدی نظر آتی تھی۔ تہ اس کی وجہ یہ تھی کہ قاعدہ ہے کہ مانگنے والا اپنے ہاتھوں کو پھیلاتا ہے اور دینے والا اس کے ہاتھ میں جو دیتا ہے ڈال دیتا ہے۔ اس طرح کی دعا میں ہاتھ پھیلا کر ہتھیلیاں آسمان کی طرف کر کے یہ ظاہر کیا جاتا ہے کہ الٰہی ہم فقیر محتاج ہیں اور تو غنی ہے، آپ کے سامنے ہاتھ پھیلائے ہوئے ہیں، ہمیں نعمت مطلوبہ عطا فرمائیے عموماً دعا میں ایسا ہی کیا کرتے تھے اور جب کسی بلا کے دفع ہونے مثلاً قحط دور ہونے کے لیے دعا فرماتے تو ہاتھوں کی پشت آسمان کی طرف ہوتی تھی اور ہتھیلیاں زمین کی طرف (اس سے یہ ظاہر کرنا مقصود تھا کہ جس طرح کسی موذی چیز سے بچاؤ کرنے کے لیے ہاتھوں کی پشت اپنی طرف کر لیتے ہیں۔ ایسے ہی دعاء استسقاء میں ہاتھوں کی پشت کو اپنی طرف کر کے یہ عرض کرنا مقصود ہے کہ الٰہی ہم پر بھی یہ بلا اور قحط موذی ہو کر نازل ہوئے ہیں ہم کو اس سے بچائیے

www.waseemziyai.com
ZIA UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

دوسری فصل

:: پچھلی فصل میں حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا مذہب بیان کیا گیا اور آپ کے مذہب کی تائید میں جو احادیث آئی تھیں ان کا بھی ذکر کیا گیا اور اس فصل ثانی میں صاحبین کا مذہب بیان کیا جاتا ہے صاحبین کے نزدیک استسقاء کے لیے نماز پڑھنا مسنون ہے عید کی نماز کی طرح بلا اذان واقامت شروع دن میں نماز استسقاء بھی دو رکعت بغیر تکبیرات زوائد کے جہری قرأت سے عید گاہ یا صحراء میں آبادی سے باہر جماعت کے ساتھ ادا کی جائے اور مثل نماز عید کے بعد دو خطبہ پڑھے جائیں، پھر امام قبلہ رو ہو کر کھڑا ہو جائے اور دونوں ہاتھوں کو اٹھا کر اللہ تعالیٰ سے پانی برسنے کی دعا کرے اور حاضرین آمین کہتے جائیں اور صرف امام اثناء دعاء میں اپنی چادر کو مذکورالصدر طریقہ کے مطابق الٹ دے مقتدیوں کو چادر الٹنا نہیں چاہیئے۔ یہ عمل متواتر تین روز تک کرتے رہیں یہ صاحبین کا مذہب ہے، اور فتویٰ حنفی مذہب میں صاحبین کے قول پر ہی ہے۔ استسقاء کے لیے جب صحراء کی طرف جائیں تو تمام مسلمان مل کر مع اپنے لڑکوں، بوڑھوں اور جانوروں کے پیدل خشوع اور عاجزی کے ساتھ معمولی لباس میں نکلیں، توبہ کی تجدید کریں، اہل حقوق کے حقوق ادا کریں، گناہوں کو یاد کر کے نادم اور شرمندہ رہیں، جانے سے پہلے خیرات کریں اور نکلنے سے پہلے تین دن روزہ رکھیں، اور چوتھے روز نماز استسقاء کے لیے جنگل کی طرف نکلیں (صدریہ، ردالمحتار، اشعۃ اللمعات، کوکب دری) اور اس فصل ثانی میں جو احادیث آئیں گی وہ صاحبین کے مذہب کی تائید میں ہی ہیں۔

١٩٥٠ [١٣] عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ قَالَ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالنَّاسِ إِلَى الْمُصَلّٰى يَسْتَسْقِيْ فَصَلّٰى بِهِمْ رَكْعَتَيْنِ جَهَرَ فِيْهِمَا بِالْقِرَاءَةِ وَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ يَدْعُوْ وَرَفَعَ يَدَيْهِ وَحَوَّلَ رِدَاءَهٗ حِيْنَ اسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عبد اللہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ (بارش رک جانے کی وجہ سے) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم بارش آنے کی دعا کرنے کے لیے صحابہ کرام کو لے کر عید گاہ تشریف لے گئے (وہاں پہنچ کر) حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے دو رکعت نماز پڑھائی اور دونوں رکعتوں میں جہری قرأت فرمائی (نماز کے بعد قبلہ کی طرف رُخ کر کے اپنی چادر مبارک کو (ایک ہی حرکت میں اس طرح) الٹا (جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے) پھر دعاء کے لیے دونوں ہاتھوں کو اٹھا کر دعاء فرمائی۔ (بخاری اور مسلم)

MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

١٩٥١/١٤ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ بَکْرٍ سَمِعَ عَبَّادُ بْنُ تَمِیْمٍ عَنْ عَمِّهٖ قَالَ خَرَجَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِلَی الْمُصَلّٰی یَسْتَسْقِیْ وَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ فَصَلّٰی رَکْعَتَیْنِ وَقَلَبَ رِدَاءَهٗ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت عبداللہ بن ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ عباد بن تمیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ عباد بن تمیم کے چچا (عبداللہ بن زید) فرماتے ہیں کہ (ایک دفعہ بارش رک جانے کی وجہ سے) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم بارش آنے کی دعاء کرنے کے لیے عیدگاہ تشریف لے گئے (وہاں پہنچ کر) حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے قبلہ رو ہو کر دو رکعت نماز پڑھائی اور (نماز کے بعد مذکور الصدر طریقہ پر) چادر مبارک الٹ کر اوڑھ لی (اور دعاء فرمائی) اس کی روایت بخاری نے کی ہے۔

١٩٥٢/١٥ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ شَکَا النَّاسُ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قُحُوْطَ الْمَطَرِ فَاَمَرَ بِمِنْبَرٍ فَوُضِعَ لَهٗ فِی الْمُصَلّٰی وَوَعَدَ النَّاسَ یَوْمًا یَخْرُجُوْنَ فِیْهِ قَالَتْ عَائِشَةُ فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حِیْنَ بَدَاَ حَاجِبُ الشَّمْسِ فَقَعَدَ عَلَی الْمِنْبَرِ فَکَبَّرَ وَحَمِدَ اللّٰهَ ثُمَّ قَالَ اِنَّکُمْ شَکَوْتُمْ جَدْبَ دِیَارِکُمْ وَاسْتِئْخَارَ الْمَطَرِ عَنْ اِبَّانِ زَمَانِهٖ عَنْکُمْ وَقَدْ اَمَرَکُمُ اللّٰهُ اَنْ تَدْعُوْهُ وَوَعَدَکُمْ اَنْ یَّسْتَجِیْبَ لَکُمْ

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے، وہ فرماتی ہیں کہ (ایک مرتبہ) لوگوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہو کر بارش رک جانے کی شکایت کی (اور اپنی پریشانی کا اظہار کیا، تو آپ نے عیدگاہ میں منبر رکھنے کا حکم فرمایا اور حسب الحکم منبر رکھدیا گیا[1] (راوی کہتے ہیں کہ) حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ایک دن مقرر فرمایا اور سب کو اس دن عیدگاہ میں حاضر ہونے کا حکم ہوا، ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ (جب وہ مقررہ دن آیا) تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم آفتاب نکل رہا تھا کہ عیدگاہ تشریف لائے اور منبر پر بیٹھ گئے اور اللہ اکبر فرما کر اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا بیان فرمائی اس کے بعد ارشاد ہوا، لوگو! تم نے

لہ یہ ایک وقت کا واقعہ ہے جو مثل منسوخ کے ہوگیا، پھر کبھی عیدگاہ میں عید کے خطبہ کے لیے یا استسقاء کے خطبہ کے لیے منبر نہیں رکھا گیا، اسی وجہ سے جب مروان نے عید کے خطبہ کے لیے عیدگاہ میں منبر بنایا تو حضرت ابوسعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مروان کی سخت مخالفت کی۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ثُمَّ قَالَ:
"اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ
الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ مَالِكِ
یَوْمِ الدِّیْنِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
یَفْعَلُ مَا یُرِیْدُ اَللّٰهُمَّ
اَنْتَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ
الْغَنِیُّ وَنَحْنُ الْفُقَرَآءُ
اَنْزِلْ عَلَیْنَا الْغَیْثَ وَ
اجْعَلْ مَا اَنْزَلْتَ لَنَا قُوَّةً
وَبَلَاغًا اِلٰی حِیْنٍ"
ثُمَّ رَفَعَ یَدَیْهِ فَلَمْ یَتْرُكِ الرَّفْعَ
حَتّٰی بَدَا بَیَاضُ اِبْطَیْهِ ثُمَّ حَوَّلَ
اِلَی النَّاسِ ظَهْرَهٗ وَقَلَبَ وَحَوَّلَ
رِدَآءَهٗ وَهُوَ رَافِعٌ یَدَیْهِ ثُمَّ
اَقْبَلَ عَلَی النَّاسِ وَنَزَلَ فَصَلّٰی
رَكْعَتَیْنِ فَاَنْشَاَ اللّٰهُ سَحَابَةً
فَرَعَدَتْ وَبَرَقَتْ ثُمَّ اَمْطَرَتْ
بِاِذْنِ اللّٰهِ فَلَمْ یَاْتِ مَسْجِدَهٗ
حَتّٰی سَالَتِ السُّیُوْلُ فَلَمَّا رَاٰی
سُرْعَتَهُمْ اِلَی الْكِنِّ ضَحِكَ حَتّٰی
بَدَتْ نَوَاجِذُهٗ فَقَالَ اَشْهَدُ
اَنَّ اللّٰهَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ
وَاِنِّیْ عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهٗ۔

رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَقَالَ

قحط سالی اور بارش بروقت نہ ہونے کی شکایت کی تھی (تم کو یاد نہیں کہ) اللہ تعالیٰ نے جب ضرورت ہو تو دعاء کرنے کا حکم دیا ہے اور تمہاری دعا قبول کرنے کا وعدہ فرمایا ہے[لہ] پھر حضور اللہ تعالیٰ سے عرض کرنے لگے۔

اے اللہ! ہر حال میں سب تعریف آپ ہی کے لیے ہے، آپ سارے عالم کے پرورش فرمانے والے ہیں (آپ ہمارے لیے بارش کو پرورش کا ذریعہ بنائیے اور بارش برسائیے) (آپ کی شان کیا کہوں) آپ کی رحمت عام ہے اور آپ اپنی مخلوق پر ہمیشہ مہربان ہیں (آپ اپنی رحمت کے صدقے میں ہم پر مہربانی فرمائیے اور بارش برسائیے۔

آپ یوم حساب کے مالک ہیں (سب کے گناہ معاف کرنے والے ہیں، ہمارے گناہوں کی شامت سے بارش رک گئی ہے ہمارے گناہ معاف کیجیے ہم پر بارش برسائیے۔

آپ کے سوا ہمارا کوئی معبود نہیں، آپ ہی ہمارے معبود ہیں (آپ ہی ہمارے پالنے والے ہیں، آپ سے نہ مانگیں تو پھر کس سے مانگیں، اس لیے آپ کے سامنے گڑگڑا کر ہم بارش آنے کی دعا کر رہے ہیں) آپ جو چاہتے ہیں کرتے ہیں (آپ کو کوئی روکنے والا نہیں، آپ بارش برسانا چاہیں تو کوئی آپ کو روک نہیں سکتا۔

اس لیے ہم پر بارش برسائیے اور ہم کو قحط سے نجات دلائیے

لہ تو تم سب خدا کی طرف متوجہ ہو کر بہت عاجزی اور زاری سے بارش آنے کی گڑگڑا کر دعا کرو، وہ کریم ہیں تمہاری دعا قبول فرمائیں گے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

الشَّیْخُ ابْنُ الْھُمَّامِ حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ وَّاِسْنَادُہٗ جَیِّدٌ۔

اے اللہ آپ ہی اللہ ہیں آپ کے سوا کوئی معبود نہیں، آپ غنی ہیں ہم محتاج ہیں (اس لیے آپ کے سامنے ہاتھ پھیلائے ہوئے بارش کی دعا کر رہے ہیں)

اے اللہ (اب دیر نہ کیجئے بارش برسائیے مگر ایسی بارش نہ ہو کہ وہ ہمارے لیے باعث ضرر ہو، بلکہ وہ بارش ایسی برسائیے جو ہمارے لیے رزق کا ذریعہ بنے) اور ہم کو ہماری مقررہ مدت حیات تک نفع پہنچاتی رہے۔

پھر (اس کے بعد حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم نے بصد الحاح وزاری کرتے ہوئے) اپنے ہاتھوں کو اپنے چہرہ کے مقابل اتنے لمبے کیا کہ آپ کی مبارک بغلوں کی سفیدی نظر آرہی تھی پھر لوگوں کی طرف پیٹھ پلٹائی اور قبلہ رو ہو کر اپنی چادر مبارک (مذکورۃ الصدر طریقہ پر) الٹ کر اوڑھ لی اور اس وقت بھی اپنے ہاتھوں کو ایسے ہی اٹھائے ہوئے تھے، آپ قبلہ رو تھے، پھر لوگوں کی طرف رُخ کر کے منبر سے نیچے اُتر آئے، اور دو رکعت نماز پڑھائی راوی کہتے ہیں کہ اتنے میں اللہ تعالیٰ نے ایک ابر بھیجا جو گرجتا اور چمکتا ہوا آیا اور اللہ کے حکم سے برسنے لگا۔ حضور عیدگاہ سے مسجد نبوی تشریف لانے نہ پائے تھے کہ نالے بہہ نکلے، حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے لوگوں

لہ اس حدیث میں نماز کے پہلے جو دعا کی گئی ہے وہ بیٹھے ہوئے دُعا کی گئی ہے، تو وہ خطبہ نہیں تھا۔ بلکہ صرف دعا تھی اور یہاں نماز سے پہلے دعا ہوئی ہے۔ حضور کے استسقاء میں مختلف طریقے رہے ہیں۔ کبھی دعا اور خطبہ پہلے اور نماز استسقاء بعد میں ہوئی ہے اور کبھی نماز استسقاء پہلے اور خطبہ و دُعا بعد میں ہوئے ہیں مگر دعا اور خطبہ نماز کے بعد ہونا اور نماز پہلے ہونا یہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا آخری عمل ہے۔ اس لیے صاحبین فرماتے ہیں کہ استسقاء میں پہلے نماز ہونا چاہیئے اور خطبہ و دعا بعد میں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کو دیکھا کہ لوگ بارش سے بچنے کے لیے سایہ کی طرف بھاگے آرہے ہیں، یہ دیکھ کر آپ اتنا ہنس پڑے کہ آپ کے دندان مبارک نظر آنے لگے (دعا جلدی قبول ہونے اور بارش کے آنے کو دیکھ کر) حضور فرمانے لگے الٰہی! بے شک آپ ایسی ہی قدرت والے ہیں اور یہ بھی میں کہتا ہوں کہ میں اللہ کا بندہ اور اس کا رسول ہوں[1] (اسی لیے اللہ تعالیٰ نے میری دعا جلد قبول فرمائی ہے) اس حدیث کی روایت ابوداؤد نے کی ہے۔

۱۹۵۳ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ
۱۶ قَالَ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الْمُصَلّٰى فَاسْتَسْقٰى وَحَوَّلَ رِدَآءَهٗ حِيْنَ اسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ فَجَعَلَ عِطَافَهُ الْاَيْمَنَ عَلٰى عَاتِقِهِ الْاَيْسَرِ وَجَعَلَ عِطَافَهُ الْاَيْسَرَ عَلٰى عَاتِقِهِ الْاَيْمَنِ ثُمَّ دَعَا اللّٰهَ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ

حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم (ایک دفعہ) عیدگاہ تشریف لے گئے وہاں جا کر جب بارش آنے کے لیے دعا کرنے کا ارادہ فرمایا تو اس وقت اپنی چادر مبارک کو (اس طرح الٹایا[2] چادر کے دائیں کنارے کو بائیں کندھے پر اور بائیں کنارے کو دائیں کندھے پر ڈالا اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے بارش آنے کی دعا فرمائی اس کی روایت ابوداؤد نے کی ہے۔

۱۹۵۴ وَعَنْهُ اَنَّهٗ قَالَ اِسْتَسْقٰى
۱۷ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهِ خَمِيْصَةٌ لَهٗ سَوْدَآءُ فَاَرَادَ اَنْ يَّاْخُذَ اَسْفَلَهَا فَيَجْعَلَهٗ اَعْلَاهَا فَلَمَّا ثَقُلَتْ

حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ (ایک دفعہ) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم مربع یعنے چوکور سیاہ حاشیہ دار چادر اوڑھے ہوئے بارش آنے کے لیے دعا فرما رہے تھے (اثناء دعا میں) آپ نے قصد فرمایا کہ چادر کو الٹ کر نیچے کے کنارہ کو اوپر

---

[1] بہت جلدی سے ہماری دعا قبول فرما کر بارش بھیج کر ہم کو قحط سالی سے بچایا ہے۔
[2] کہ اپنے دونوں ہاتھ پیٹھ کی طرف لیجا کر چادر مبارک جو پشت پر لٹکی ہوئی تھی، بائیں ہاتھ سے چادر کے نیچے سے سیدھے کنارے کو پکڑے، سیدھے ہاتھ سے چادر کے نیچے کے بائیں کنارے کو پکڑا اور چادر کے اوپر کے کناروں کو پیٹھ کی طرف سے ہی نیچے گرا کر نیچے کے کناروں کو اوپر لائے، جس سے چادر کا ہر جز الٹ گیا اندر کا حصہ باہر آگیا اور باہر کا حصہ اندر چلا گیا، سیدھے طرف کا حصہ بائیں آگیا اور بائیں طرف کا حصہ سیدھے طرف آگیا، نچلا حصہ اوپر آگیا اور اوپر کا حصہ نیچے آگیا، یہ سارا عمل ایک ہی حرکت میں ادا کیا گیا)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOMIL ISLAMIA ACADEMY

قَلْبِهَا عَلٰی عَاتِقِهٖ۔

لائیں، مگر جب آپ کو اس میں کچھ دشواری معلوم ہوئی (اور ایسا نہ الٹ سکے تو صرف) چادر کے اس کنارے کو جو سیدھے کندھے پر تھا، پشت کی طرف سے ہی پلٹا کر بائیں کندھے پر لائے اور چادر کا جو کنارہ بائیں کندھے پر تھا اس کو بھی اسی طرح پلٹا کر سیدھے کندھے پر لائےؒ اس حدیث کی روایت امام احمد اور ابو داؤد نے کی ہے۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاؤدَ)

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ — تیسری فصل

اس فصل میں استسقاء کے متفرق مسائل کا بیان ہے۔

۱۹۵۵ / ۱۸ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْنِيْ فِي الْاِسْتِسْقَاءِ مُتَبَذِّلًا مُتَوَاضِعًا مُتَخَشِّعًا مُتَضَرِّعًا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ بارش رک گئی تھی) بارش آنے کی دعا کرنے کے لیے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم (عیدگاہ کی طرف) چلے، کیا کہوں اس وقت آپ کی کیا حالت تھی معمولی پرانے کپڑے پہنے ہوئے تھے، ظاہری حالت آپ کی ایسی تھی کہ جس سے آپ کا احتیاج ظاہر ہو رہا تھا اور باطن میں دل کی بھی وہی خشوع وخضوع کی حالت تھی کہ زبان مبارک سے گڑگڑاتے ہوئے اللہ تعالیٰ کے مبارک نام کو لے رہے تھے۔ اس کی روایت ترمذی، ابوداؤد نسائی اور ابن ماجہ نے کی ہے۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاؤدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

۱۹۵۶ / ۱۹ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ خَرَجَ نَبِيٌّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ حضرت

لہ: اس سے معلوم ہوا کہ دعا استسقاء کے وقت چادر کے الٹنے کا یہ بھی ایک طریقہ ہے

مِنَ الْاَنْبِيَاءِ بِالنَّاسِ يَسْتَسْقِي فَاِذَا هُوَ بِنَمْلَةٍ رَافِعَةٍ بَعْضَ قَوَائِمِهَا اِلَى السَّمَاءِ فَقَالَ ارْجِعُوْا فَقَدِ اسْتُجِيْبَ لَكُمْ مِنْ اَجْلِ هٰذِهِ النَّمْلَةِ۔

(رَوَاهُ الدَّارُقُطْنِيُّ)

سلیمان علیہ الصلوٰۃ والسلام، لوگوں کو لے کر بارش آنے کی دعا کرنے کے لیے جنگل کی طرف نکلے (راستہ میں) ایک چیونٹی پر آپ کی نظر پڑی، آپ نے دیکھا کہ وہ اپنے سامنے کے دونوں ہاتھوں کو آسمان کی طرف اٹھائے ہوئے (بارش آنے کے لیے دعا کر رہی ہے اور کہہ رہی ہے الٰہی! آپ کی تمام مخلوقات میں سے ہم بھی ایک مخلوق ہیں، تو حضرت سلیمان علیہ السلام نے لوگوں سے فرمایا، واپس چلو! تمہارے لیے بھی اس چیونٹی کی وجہ سے بارش آنے کی دعا قبول ہو گئی ہے۔ اس کی روایت دارقطنی نے کی ہے۔

۱۹۵۷ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اِنَّ رَسُوْلَ
۲۰
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا رَاَى الْمَطَرَ قَالَ اللّٰهُمَّ صَيِّبًا نَافِعًا۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے، آپ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم بارش رکنے کی وجہ سے صحرا میں جا کر بارش آنے کی دعا فرماتے تھے اور جب دیکھتے تھے کہ دعا قبول ہو گئی ہے اور بارش آ رہی ہے تو فرماتے تھے۔ الٰہی (آپ کا کیا شکر ادا کریں آپ نے ہماری دعا قبول کی اور بارش برسا رہے ہیں تو یہ بارش ہمارے لیے ضرر کا ذریعہ نہ بنا، بلکہ اس بارش سے ہم کو نفع ہی نفع پہنچے۔ اس کی روایت بخاری نے کی ہے۔

۱۹۵۸ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ اَصَابَنَا وَنَحْنُ
۲۱
مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَطَرٌ قَالَ فَحَسَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَوْبَهٗ حَتّٰى اَصَابَهٗ مِنَ الْمَطَرِ فَقُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لِمَ

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ایک روز ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھے بارش ہونے لگی میں کیا دیکھتا ہوں کہ حضور نے سر مبارک اور پشت مبارک پر سے کپڑا ہٹا دیا ہے اور بارش کو اپنے جسم

لہ بنی آدم کے گناہوں کی وجہ سے آپ نے بارش کو روک دیا ہے، اس وجہ سے ہم بھی ہلاک ہو رہے ہیں، ہمارے لیے بارش بھیج دیجئے اور بنی آدم کے گناہوں کی وجہ سے ہم کو ہلاکت میں مت ڈالیے۔

صَنَعْتَ هٰذَا قَالَ لِاَنَّهٗ حَدِيْثُ عَهْدٍ بِرَبِّهٖ ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

مبارک پر لینے لگے ہیں، ہم نے عرض کی حضور! آپ اس طرح جسم مبارک سے کپڑا ہٹا کر بارش کیوں اپنے اوپر لیتے ہیں؟ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا، اپنے جسم پر اس لیے لے رہا ہوں کہ اس سے عالم قدس کے خیر و برکات مجھ کو حاصل ہو جائیں۔[1] اس کی روایت مسلم نے کی ہے۔

---

[1] کہ بارش عالم قدس سے عالم کثیف پر ہو رہی تھی، عالم قدس پر اللہ تعالیٰ کی خاص تجلیات ہوتی رہتی ہیں، یہ بارش عالم قدس سے جب نکلی تو اللہ تعالیٰ کے خیر و برکات بھی لیتے ہوئے نکلی، جب یہ زمین پر گرتی ہے تو گنہگاروں کی وجہ سے وہ خیر و برکات ختم ہو جاتے ہیں، زمین پر گرنے سے پہلے عالم قدس سے آنے والی بارش کو میں حصول خیر و برکات کے لیے اپنی پیٹھ پر لے رہا ہوں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اَلْفَصْلُ الرَّابِعُ — چوتھی فصل

(اس زائد فصل میں استسقاء کے وقت توسل کرنے کا بیان ہے)

۱۹۵۹۔ عَنْ اَنَسِ ابْنِ مَالِكٍ اَنَّ عُمَرَ ابْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ كَانَ اِذَا قُحِطُوا اِسْتَسْقٰى بِالْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ فَقَالَ اَللّٰهُمَّ اِنَّا كُنَّا نَتَوَسَّلُ اِلَيْكَ بِنَبِيِّنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَسْقِيْنَا وَاِنَّا نَتَوَسَّلُ اِلَيْكَ بِعَمِّ نَبِيِّنَا فَاسْقِنَا قَالَ فَيُسْقَوْنَ ـ

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ج ۱ ص ۱۳۷

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عمر ابن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کے عہد میں جب قحط پڑ جاتا تو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت عباس ابن عبد المطلب رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کے توسل سے بارش آنے کی (اس طرح) دعا کرتے کہ الٰہی پہلے تو ہم آپ سے اپنے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے توسل سے بارش آنے کی دعا کرتے تو آپ ہم پر بارش برسانے تھے اب ہم اپنے نبی کے چچا حضرت عباس بن عبد المطلب رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کے توسل سے بارش آنے کی آپ سے دعا کرتے ہیں، آپ ہم پر بارش برسایئے، راوی کہتے ہیں کہ حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کے توسل سے دعا کرتے ہی ابر اٹھتا تھا اور بارش برسائی جاتی تھی، اس حدیث کی روایت بخاری نے کی ہے۔

ف، اس حدیث میں حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کا حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے توسل لینا مذکور ہے، اس سے معلوم ہوا کہ توسل لینا جائز ہے اور ثابت ہے، اب رہی یہ بات جیسا کہ بعض لوگوں کو شبہ ہوا ہے وہ کہتے ہیں کہ حضرت عمر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے توسل نہ کرکے حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے توسل کرتے اس سے معلوم ہوا کہ زندوں سے توسل کرنا جائز ہے اور جو حضرات دنیا سے چلے گئے ہیں ان سے توسل کرنا کیسے اگر جائز ہوتا تو حضرت عمر حضرت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا توسل لیتے، جن لوگوں

لہ اب بھی ہم آپ کے نبی کے توسل سے دعا کرتے مگر چونکہ حضرت عباس بن عبد المطلب رضی اللہ تعالیٰ عنہ آپ کے نبی کے چچا ہم میں موجود ہیں، ہمارے دلوں میں ان کی عظمت ہے، اس وجہ سے

کو یہ شبہ ہوا ہے وہ صحیح نہیں ہے معلوم ہوتا ہے کہ وہ تحقیق میں نہیں گئے ہیں تحقیق کرتے تو ان کو معلوم ہوتا کہ اور حدیثوں میں دنیا سے گئے ہوئے حضرات سے توسل لینا مذکور ہے۔ اس لیے ذیل میں وہ احادیث بیان کی جاتی ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ دنیا سے گئے ہوئے حضرات سے ہر معاملہ میں عام طور پر توسل لینا اور بارش کے لیے بھی توسل لینا ثابت ہے اور جائز ہے۔

۱۹۶۵۔ عَنْ مَالِكِ الدَّارِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَكَانَ خَازِنَ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ اَصَابَ النَّاسَ قَحْطٌ فِيْ زَمَانِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فَجَآءَ رَجُلٌ أَعْنِيْ بِلَالَ بْنَ الْحَارِثِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَمَا فِيْ رِوَايَةٍ أُخْرٰى لِلْبَيْهَقِيِّ وَابْنِ أَبِيْ شَيْبَةَ إِلٰى قَبْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِسْتَسْقِ لِأُمَّتِكَ فَإِنَّهُمْ قَدْ هَلَكُوْا فَاَتَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فِي الْمَنَامِ فَقَالَ اِيْتِ عُمَرَ فَاَقْرِئْهُ السَّلَامَ وَاَخْبِرْهُ اِنَّهُمْ يُسْقَوْنَ وَقُلْ لَهٗ عَلَيْكَ الْكَيْسَ الْكَيْسَ فَاَتَى الرَّجُلُ عُمَرَ فَاَخْبَرَهٗ فَبَكٰى عُمَرُ وَقَالَ يَا رَبِّ مَا آلُوْا اِلَّا مَا عَجَزْتُ عَنْهُ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ وَابْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ بِسَنَدٍ صَحِيْحٍ وَذَكَرَهُ ابْنُ تَيْمِيَةَ فِيْ فَتَاوَاهُ وَفِي اقْتِضَآءِ الصِّرَاطِ الْمُسْتَقِيْمِ وَصَحَّحَهٗ وَلَمْ يُنْكِرْ عَلَيْهِ۔

مالک دار رضی اللہ تعالیٰ عنہ، جو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کے خازن تھے، کہتے ہیں کہ مدینہ شریف میں حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کی خلافت کے زمانے میں قحط پڑا تو ایک صاحب جن کا نام بلال بن حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی قبر شریف کے پاس آئے اور عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اپنی امت کے لیے بارش آنے کی دعا کیجئے، وہ ہلاک ہوئے جاتے ہیں، تب ان صاحب کے خواب میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم، تشریف لائے اور فرمایا کہ عمر (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کے پاس جاؤ اور سلام کہو، اور یہ خوشخبری پہنچاؤ کہ پانی برسے گا، لوگ سیراب ہوں گے اور عمر (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) سے یہ کہو جیسے تم اب تک ہوشیاری اور دانائی سے سلطنت کر رہے ہو، ایسا ہی ہمیشہ ہوشیاری اور دانائی سے سلطنت کرتے رہو، وہ صاحب حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کے پاس آئے اور خواب کا واقعہ بیان کیا (یہ سن کر) حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، زار زار رونے لگے اور دعا کرنے لگے الٰہی! جب تک میں عاجز و مجبور نہ ہو جاؤں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے (دانائی سے سلطنت کرنے کے) حکم کی تعمیل میں کبھی کوتاہی نہ کروں گا، اس کی روایت بیہقی اور ابن ابی شیبہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMI ISLAMIA ACADEMY

نے صحیح سند کے ساتھ کی ہے اور ابن تیمیہ نے بھی
اپنے فتاوی اور اقتضاء الصراط المستقیم میں
اس حدیث کا ذکر کیا ہے اور اس کے صحیح ہونے
کا اقرار کیا ہے، اور اس پر انکار نہیں کیا۔

ف: اس حدیث شریف سے ثابت ہوا کہ توسل، استغاثہ اور عرض مدعا کے لیے صحابہ کرام رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے مزار اقدس پر حاضر ہوا کرتے تھے، اس لیے دنیا سے گئے ہوئے حضرات سے توسل جائز ہے۔

اس حدیث شریف میں یہ امر بھی قابل غور ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، جن کی شان تھی "اشدھم فی امر اللہ عمر" احکام خداوندی کی تعمیل کرتے اور کرانے میں حضرت عمر بہت سخت ہیں"، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے مزار شریف پر جانا اور توسل لینا اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے دعا کرنا ممنوع اور شرک اور ناجائز ہوتا، تو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، جو احکام کی پابندی کرنے اور کرانے میں سخت تھے، اس کو وہ کب جائز رکھتے؟ توسل لینے کے لیے مزار اقدس پر جانے والے صاحب کو باز پرس کرتے اور سخت سزا دیتے۔ بجائے اس کے ان کے حکم لانے کو مان لیا۔ بلکہ آپ کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے حکم کے قابل نہ سمجھ کر رونے لگے، اس سے معلوم ہوا کہ صحابہ کا مزار شریف پر جانا اور جانے والوں پر انکار نہ کرنا ثابت ہے۔

۱۹۶۱- عَنْ اَبِی الْجَوْزَاءِ اَوْسِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَنَّہٗ قَالَ قُحِطَ اَھْلُ الْمَدِیْنَۃِ قَحْطًا شَدِیْدًا فَشَکَوْا اِلٰی اُمِّ الْمُؤْمِنِیْنَ عَآئِشَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھَا فَقَالَتْ اُنْظُرُوْا قَبْرَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ فَاجْعَلُوْا مِنْہُ کُوًی اِلَی السَّمَآءِ حَتّٰی لَا یَکُوْنَ بَیْنَہٗ وَبَیْنَ السَّمَآءِ سَقْفٌ فَفَعَلُوْا فَمُطِرُوْا مَطَرًا حَتّٰی اَنْبَتَ الْعُشْبُ وَسَمِنَ الْاِبِلُ حَتّٰی تَفَتَّقَتْ مِنَ الشَّحْمِ فَسُمِّیَ عَامَ الْفَتْقِ رَوَاہُ اَبُوْ الْجَوْزِیِّ بِسَنَدِہٖ فِی الْبَابِ التَّاسِعِ وَالثَّلٰثِیْنَ فِی الْاِسْتِسْقَآءِ بِقَبْرِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِنْ

ابو الجوزاء اوس بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ (ایک مرتبہ) مدینہ شریف میں بہت بڑا قحط پڑا، جس کی شکایت ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی خدمت میں پیش ہوئی، حضرت صدیقہ نے حکم فرمایا کہ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے مزار اقدس اور آسمان کے درمیان ایک روزن کر دو کہ چھت حائل نہ ہو، چنانچہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے حضرت ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے حکم کی تعمیل کی اور قبر شریف کے عین اوپر چھت میں ایک روزن کر دیا، جہاں سے آسمان نظر آتا تھا، ایسا کرتے ہی خوب بارش ہوئی۔ کثرت سے گھاس اُگی اور اونٹ ایسے موٹے تازے ہوئے کہ چربی سے لد گئے اور

مِنْ كِتَابِهٖ صِفَةَ الصَّفْوَةِ وَرَوَاهُ أَيْضًا الْإِمَامُ تَاجُ الدِّيْنِ السُّبْكِيُّ فِيْ شِفَاءِ السَّقَامِ۔

چربی کی وجہ سے پھٹے پڑتے تھے، اسی واسطے اس سال کا نام عام الفتق رکھا گیا۔ اس کی روایت علامہ ابن جوزی نے اپنی کتاب صفۃ الصفوۃ کے باب (۳۹) فی الاستسقاء بقبرہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم میں اپنی سند سے کی ہے اور امام تاج الدین سبکی نے بھی اس کی روایت شفاء السقام میں کی ہے۔

ف: اس حدیث شریف میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے بارش آنے کے لیے قبر شریف کے محاذی چھت میں روزن کھول کر یہ ظاہر فرمایا کہ الٰہی یہ آپ کے نبی کی قبر شریف ہے۔ آپ ہم پر بارش برسایئے، یہ توسل لیتے ہی کثرت سے بارش ہوئی، اگر توسل جائز نہ ہوتا تو حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کبھی اس طرح کا توسل کر کے توسل نہ لیتیں اور صحابۂ کرام بھی آپ کے حکم کی تعمیل نہ کرتے، صحابہ کرام کا زمانہ ایسا زمانہ تھا کہ یہ حضرات کسی خلاف سنت کام کو دیکھ کر برداشت نہیں کرتے تھے اگر ام المومنین کا تبلایا ہوا یہ عمل ناجائز ہوتا تو صحابۂ کرام اس سے ضرور اختلاف کرتے صحابہ کرام کے خاموش رہنے اور انکار نہ کرنے سے معلوم ہوا کہ توسل جائز ہے اور اگر اس طرح کا توسل جائز نہ ہوتا تو غضب نازل ہوتا نہ کہ رحمت الٰہی اس توسل سے جوش میں آئی اور بارش ہونے لگی، اس سے معلوم ہوا کہ توسل جائز ہے اور صحابہ کرام بھی دنیا سے گئے ہوئے حضرات سے توسل لیتے رہے۔

ان مذکورہ احادیث کے سوا اور بھی احادیث ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ استسقاء کی دعا کے وقت دنیا سے گئے ہوئے حضرات کا توسل لینا جائز ہے، اب وہ احادیث بیان کی جاتی ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ بغیر استسقاء کے بھی توسل لینا جائز ہے۔ وہ احادیث یہ ہیں۔

حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے کہ حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کے عہد خلافت میں ایک صاحب کو کچھ ضرورت تھی، وہ پوری نہیں ہو رہی تھی، وہ صاحب عثمان بن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس آکر کہنے لگے، کہ مجھے ایک ضرورت ہے جس کو حضرت عثمان بن عفان سے کہنا چاہتا ہوں مجھے بتایئے کہ میں کیا کروں؟ جس سے امیر المومنین حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ میری ضرورت پوری کر دیں تو عثمان بن حنیف نے فرمایا کہ اس دعا کو پڑھنے سے میری بینائی واپس آگئی تھی، تم بھی وہ دعا پڑھ کر دعا کرو کہ حضرت امیر المومنین عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ، تمہاری ضرورت پوری کر دیں، وہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ وَأَتَوَجَّهُ إِلَيْكَ بِنَبِيِّكَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ يَا مُحَمَّدُ إِنِّيْ أَتَوَجَّهُ بِكَ إِلٰى رَبِّكَ لِتَقْضِيَ حَاجَتِيْ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اَللّٰھُمَّ فَشَفِّعْہُ فِیَّ ط۔

الٰہی! میں آپ سے مانگتا ہوں اور آپ کے نبی حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا توسل لے کر آپ سے دعا کرتا ہوں، وہ نبی نبی رحمت ہیں، ان کے توسل سے آپ مجھ پر رحمت نازل کیجئے اور میرے مقصد کو پورا کیجئے یا محمد! صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم میں آپ کو اپنی حاجت پوری ہونے کے لیے اللہ تعالیٰ کے سامنے پیش کرتا ہوں، اے میرے نبی! آپ میری شفاعت کر کے اللہ تعالیٰ سے میرا مقصد دلا دیجئے، اے اللہ! میں آپ کے جلیل القدر پیغمبر کی شفاعت لا رہا ہوں، ان کے توسل سے میرا مقصد پورا کیجئے، اور میری دعا قبول فرمائیے۔

حضرت عثمان بن حنیف ان صاحب سے فرماتے ہیں کہ اس دعا کو پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ تم پہلے اچھی طرح (سنت اور مستحب کی پابندی کے ساتھ) وضوء کرو، اور مسجد میں دو رکعت نماز پڑھو اس کے بعد مذکور الصدر دعا اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ سے آخر تک پڑھو اور یہ دعا پڑھنے کے بعد اپنا مقصد حاصل ہونے کی دعا کرو، وہ کہتے ہیں کہ میں نے اسی طرح عمل کیا اور میں نے اس کا عجیب اثر پایا کہ میں جب امیر المؤمنین حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کے پاس گیا تو حضرت امیر المؤمنین نے میری طرف خاص توجہ فرمائی اور میری ضرورت پوری کر دی اور یہ بھی فرمایا کہ جب تم کو ضرورت ہو، میرے پاس آ جایا کرو۔ طبرانی نے اس کی روایت معجم کبیر میں کی ہے، اور بیہقی نے بھی اس کی روایت ابن ابی شیبہ سے اسی طرح کی ہے اور بیہقی نے کہا ہے کہ اس حدیث کی سند صحیح ہے اور اس کے راوی ثقہ اور معتبر ہیں۔

ف: اس حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے توسل کیا گیا ہے اور یہ واقعہ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کے عہد خلافت کا ہے اس سے معلوم ہوا کہ جو حضرات دنیا سے تشریف لے گئے ہیں، ان سے توسل لینا جائز ہے، اگر دنیا سے گئے ہوئے حضرات سے توسل لینا جائز نہ ہوتا تو یہ صحابۂ کرام کا مبارک زمانہ ہے وہ دنیا سے گئے ہوئے حضرات سے توسل لینا ہرگز نہ سکھاتے، اس سے ثابت ہوا کہ دنیا سے گئے ہوئے حضرات سے توسل لینا جائز ہے اور محدثین بھی دنیا سے گئے ہوئے حضرات سے توسل لینے کو جائز سمجھ کر اپنی کتابوں میں اس قدر حدیث کی روایت کرتے ہیں، اس لیے اب بھی جو صاحب چاہیں اپنے مقصد برآری کے لیے اس مذکورہ طریقہ سے مذکور الصدر دعا اپنا مقصد حاصل ہونے کے لیے کر سکتے ہیں، چنانچہ اس کی تائید اس روایت سے ہوتی ہے جس کو علامہ جزری رحمۃ اللہ علیہ نے حصن حصین میں ترمذی، نسائی، ابن ماجہ اور مستدرک سے اس طرح کی ہے۔

وَمَنْ کَانَتْ لَہٗ ضَرُوْرَۃٌ فَلْیَتَوَضَّأْ فَیُحْسِنْ وُضُوْءَہٗ وَیُصَلِّیْ رَکْعَتَیْنِ ثُمَّ یَدْعُوْ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ وَاَتَوَجَّہُ اِلَیْکَ بِنَبِیِّکَ مُحَمَّدٍ نَّبِیِّ الرَّحْمَۃِ یَا مُحَمَّدُ اِنِّیْ اَتَوَجَّہُ بِکَ اِلٰی رَبِّیْ فِیْ حَاجَتِیْ ھٰذِہٖ لِتُقْضٰی لِیْ اَللّٰھُمَّ فَشَفِّعْہُ فِیَّ۔

حصن حصین کی اس روایت کے ابتدائی حصہ کا ترجمہ بقدر ضرورت حسب ذیل ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ILMI ISLAMIA ACADEMY

جس کسی کو کوئی ضرورت پیش آئے اللہ تعالیٰ سے ہو یا کسی مخلوق سے، اس کو چاہیئے کہ اچھی طرح وضو کر کے دو رکعت نماز پڑھ کر مذکورہ دعا پڑھے اور اپنے مقصد کی دعا کرے۔

حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سابقہ حدیث سے معلوم ہوا کہ دنیا سے گئے ہوئے حضرات کا توسل عام طور پر جائز ہے جس دعا میں چاہیں توسل لے سکتے ہیں اس کی تائید ذیل کے واقعہ سے بھی ہوتی ہے، یہ واقعہ کسی معمولی شخص کا نہیں ہے، بلکہ یہ امام ابو عیسیٰ ترمذی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا ہے جو ایک جلیل القدر امام حدیث ہیں، اور صاحب سنن ہیں وہ اپنے خواب کا واقعہ اس طرح بیان کرتے ہیں کہ امام موصوف نے ایک رات اللہ تعالیٰ کو خواب میں دیکھا، اس موقعہ کو غنیمت سمجھ کر اللہ تعالیٰ سے یہ عرض کی الٰہی! مجھے کوئی ایسی دعا تعلیم فرمایئے، جس سے مرتے دم تک ایمان کی حفاظت ہو اور ایمان پر ہی خاتمہ بالخیر ہو، حق تعالیٰ نے ان سے فرمایا کہ نماز فجر کی سنت اور فرض کے درمیان یہ دعا پڑھا کرو۔

اِلٰهِي بِحُرْمَةِ الْحَسَنِ وَاَخِيهِ وَجَدِّهٖ وَبَنِيهِ وَاُمِّهٖ وَاَبِيهِ نَجِّنِي مِنَ الْغَمِّ الَّذِيْ اَنَا فِيْهِ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اَسْاَلُكَ اَنْ تُحْيِيَ قَلْبِيْ بِنُوْرِ مَعْرِفَتِكَ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

الٰہی میں عاجز و مجبور ہو گیا ہوں (حضرت امام حسن اور ان کے بھائی حضرت امام حسین کا ان کے نانا حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا اور ان کے کل معظم اولاد کا ان کی والدہ محترمہ حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور ان کے والد ماجد حضرت علی کا توسل لے کر آپ سے دعا کرتا ہوں کہ جن مصیبتوں اور مشکلات میں گرفتار ہوں، ان سب حضرات کے توسل اور طفیل سے ان مشکلات سے نجات دیجئے اے زندہ سارے عالم کا انتظام کرنے والے! میری بھی مشکلات دور کر کے میری بھی رات کا انتظام کیجئے، اے اللہ! آپ بڑی عظمت والے ہیں اور سب پر احسان کرنے والے ہیں (میری بھی مشکلات دور کر کے) مجھ پر بھی احسان کیجئے۔ مجھ پر بھی آپ کے ان گنت احسان ہیں۔ (مشکلات) دور کر کے مجھ پر اور احسان کیجئے سب سے بڑا احسان یہ کیجئے کہ اپنی معرفت عطا کر کے میری اس مصیبت اور پریشانی کے وقت میری مدد کیجئے۔ اے اللہ! آپ کی رحمت عام ہے آپ سب سے زیادہ رحم کرنے والے ہیں، مجھ پر بھی آپ رحم کیجئے اور میری دعا قبول فرمایئے۔

(میرے ایمان کو مرتے دم تک سلامت رکھیئے اور میرا خاتمہ بالخیر فرمایئے)

امام ترمذی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نماز فجر کے فرض و سنت کے درمیان ہمیشہ اس دعا کا ورد رکھتے تھے اور اپنے دوستوں کو اس کے عمل کا شوق دلاتے اور شاگردوں کو اس دعا کو پڑھتے رہنے کی تعلیم اور حکم دیا کرتے تھے، اگر دنیا سے گئے ہوئے حضرات کا توسل ممنوع ہوتا تو اتنے بڑے امام اس کا ورد ہمیشہ کیوں کر رکھتے اور اس عمل کی تعلیم و امر و شوق کس طرح دلاتے حالانکہ یہ امام حدیث

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMI ISLAMIA ACADEMY

ہیں اور خلق کے مقتدا، خلاصۃ الکلام میں خواب کا یہ واقعہ اسی طرح مذکور ہے اور علامہ سید طاہر بن محمد ہاشم علوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اپنی کتاب مجمع الاحباب میں سوانح امام ترمذی میں اس خواب کو اسی طرح بیان کیا ہے، یہ سب مضمون عمران القلوب سے ماخوذ ہے۔

ف، صاحبو! آپ نے یہ خواب سنا۔ یہ خواب حدیث کے امام، محدثین کے مقتدا حضرت امام ابوعیسیٰ ترمذی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا خواب ہے، جیسے پیغمبروں کے خواب وحی ہوتے ہیں ایسے ہی ان مقدس حضرات کے خواب الہام ہوتے ہیں۔ الہام سے بھی ثابت ہوا کہ دنیا سے گئے ہوئے حضرات کا توسل لینا جائز ہے۔ قطع نظر اس کے قابل غور یہ بات ہے کہ خود اللہ تعالیٰ گئے ہوئے کا توسل لینا سکھاتے ہیں اس لیے دنیا سے گئے ہوؤں سے توسل لینے میں کوئی شک باقی نہ رہا، جو صاحب چاہیں فجر کے سنت اور فرض کے درمیان اس دعا کو پڑھا کریں، اس لیے کہ امام ترمذی اس کو پڑھا کرتے اور پڑھنے کا حکم دیتے تھے۔ ۱۲۔

بَابٌ فِي الرِّيَاحِ — اس باب میں ہواؤں کا بیان ہے

۱- وَقَوْلُ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ: إِنَّا أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيحًا صَرْصَرًا۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔ بے شک ہم نے ان پر ایک سخت آندھی بھیجی ایسے وقت میں جس کی نحوست ان پر ہمیشہ کے لیے رہی (سورۃ القمر، ۱۹)

ف، اس سے معلوم ہوا کہ بعض دن منحوس ہوتے ہیں، منحوس دن وہ ہی ہے جس میں اللہ تعالیٰ کی یاد نہ ہو، یا عذاب الٰہی آئے، بعض انسان منحوس ہیں، بعض جگہیں منحوس ہیں۔ دراصل جو چیز بھی اللہ تعالیٰ کی یاد سے غافل کرے وہ منحوس ہے، بعض لوگ مہینے کے آخری بدھ کو منحوس کہتے ہیں اور دلیل میں آیت پیش کرتے ہیں تو یہ غلط ہے۔ اس لیے کہ اس بدھ کی نحوست تو صرف قوم عاد کے لیے ہی تھی۔

۲- وَقَوْلُهُ: وَفِي عَادٍ إِذْ أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الرِّيحَ الْعَقِيمَ۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے، اور عاد میں، جب ہم نے ان پر خشک آندھی بھیجی۔ (سورۃ الذاریات، ۴۱)

ف: قرآن مجید میں ریح غضب کی ہوا اور ریاح رحمت کی ہوا کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

۳- وَقَوْلُهُ: وَأَرْسَلْنَا الرِّيحَ لَوَاقِحَ۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔ اور ہم نے ہوائیں بھیجیں بادلوں کو بارود کرنے والیاں۔

(سورۃ الحجر، ۲۲)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

ف: جو ہوا بارش لاتی والی ہے وہ بھی افضل ہے کہ رحمت کی پڑوسی ہے۔ اس لیے ان ہواؤں کے چلتے وقت دعا مانگنا بہتر ہے اور غضب کی ہوا چلتے وقت رب تعالیٰ سے پناہ مانگنا چاہیئے۔ جیسا کہ حدیث میں مذکور ہے۔

۴۔ وَقَوْلُهٗ: اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ يُّرْسِلَ الرِّيٰحَ مُبَشِّرٰتٍ۔

اور اس کی نشانیوں سے ہے کہ ہوائیں بھیجتا ہے مژدہ سناتی۔ (سورۃ الروم، ۴۶)

مدینہ شریف میں یہودیوں کی دو قومیں بستی تھیں، جن میں سے ایک بنو نضیر تھے۔ بنو نضیر نے چاروں طرف سے کفار کو ابھار کر بارہ ہزار کی فوج لے کر مدینہ شریف پر حملہ کیا اور مسلمان صرف تین ہزار تھے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اس موقع پر مدینہ شریف کے اطراف خندق کھود دی تھی تاکہ کفار کی آئی ہوئی فوج کے واسطے روک ہو جائے، کفار کا محاصرہ سخت تھا وہ سمجھ رہے تھے کہ ہماری فتح ہے، ایک مہینہ تک کفار محاصرہ کئے ہوئے تھے، ایک رات اللہ تعالیٰ کی جانب سے صبا جو مشرق کی طرف سے چلتی رہتی ہے، مسلمانوں کی مدد کے لیے بھیجی گئی۔ اس وقت کفار کے لشکر کی کیا حالت تھی! کہیں خیمے اکھڑ گئے، گھوڑے چھوٹ گئے، کنکر اور مٹی کفار کے چہروں کو مار رہی تھی، ہانڈیاں الٹ گئیں سارا لشکر برباد ہو گیا۔ کفار کے دلوں پر ایسا رعب طاری ہوا وہ سمجھ رہے تھے کہ اب ہم ہلاک ہوئے جاتے ہیں، ابوسفیان جو اس وقت کفار کی فوج کے سپہ سالار تھے، وہ پہلے بھاگ گئے اور ان کے پیچھے سارا لشکر عجیب پریشانی کے ساتھ بھاگ کھڑا ہوا، میدان خالی ہو گیا۔

۱۹۶۲ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نُصِرْتُ بِالصَّبَاءِ اُهْلِكَتْ عَادٌ بِالدَّبُوْرِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ (غزوۂ خندق میں اس موقع پر) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے باد صبا کے ذریعہ سے میری مدد فرمائی (جو مسلمانوں کے لیے ذریعہ رحمت بنی جیسے) قوم عاد کے لیے (دبور جو مغرب کی طرف سے چل رہی تھی) تباہی اور بربادی کا ذریعہ بنی۔ اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

۱۹۶۳ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَا رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَاحِكًا حَتّٰى اَرٰى مِنْهُ لَهَوَاتِهٖ، اِنَّمَا كَانَ يَتَبَسَّمُ فَكَانَ اِذَا رَاٰى غَيْمًا

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ میں نے کبھی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو قہقہہ مار کر آواز سے کھلکھلا کر ہنستے ہوئے نہیں دیکھ کہ

اَوْ رِيحًا عُرِفَ فِي وَجْهِهِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

جس سے آپ کا جبڑہ دکھائی دیتا ہو، البتہ کبھی کبھی بعض موقعوں پر زیادہ سے زیادہ حضور اتنا ہنسے ہیں کہ آپ کی کونچلیاں نظر آجاتی تھیں، عموماً آپ مسکرایا کرتے تھے اور جب ابر اٹھتا تھا یا تیز ہوائیں چلتی تھیں تو آپ کے چہرۂ مبارک پر خوف کے آثار ظاہر ہوجاتے تھے[1] اس حدیث کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

۱۹۶۴/۳ وَعَنْهَا قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا عَصَفَتِ الرِّيحُ قَالَ اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ خَيْرَهَا وَخَيْرَ مَا فِيهَا وَخَيْرَ مَا أُرْسِلَتْ بِهِ وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا فِيهَا وَشَرِّ مَا أُرْسِلَتْ بِهِ وَإِذَا تَخَيَّلَتِ السَّمَاءُ تَغَيَّرَ لَوْنُهُ وَخَرَجَ وَدَخَلَ وَأَقْبَلَ وَأَدْبَرَ فَإِذَا مَطَرَتْ سُرِّيَ عَنْهُ فَعَرَفَتْ ذٰلِكَ عَائِشَةُ فَسَأَلَتْهُ فَقَالَ لَعَلَّهُ يَا عَائِشَةُ كَمَا قَالَ قَوْمُ عَادٍ فَلَمَّا رَأَوْهُ عَارِضًا مُسْتَقْبِلَ أَوْدِيَتِهِمْ قَالُوا هٰذَا عَارِضٌ مُمْطِرُنَا وَفِي رِوَايَةٍ وَيَقُولُ إِذَا رَأَى الْمَطَرَ رَحْمَةً۔

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ جب تیز آندھی چلتی تھی تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پر خوف طاری ہوجاتا تھا، رہ رہ کر امت کا خیال آتا تھا کہ کہیں قوم عاد کی طرح ان پر یہ آندھی عذاب کا ذریعہ نہ بنے، اس وقت بہت پریشانی کے ساتھ نہایت عاجزی سے امت کا خیال کرکے یہ دعا کرتے تھے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ خَیْرَھَا وَخَیْرَ مَا فِیْھَا وَخَیْرَ مَا اُرْسِلَتْ بِهٖ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّھَا وَشَرِّ مَا فِیْھَا وَشَرِّ مَا اُرْسِلَتْ بِهٖ ط۔

الٰہی ہم کو مت دیکھئے آپ اپنی رحمت پر نظر کرکے اس آندھی کو ذریعہ خیر بنائیے (اور ہر چیز میں خیر شر ہوا کرتے ہیں) ہم کو اس آندھی میں جو خیر ہے وہ پہنچائیے اگر آپ اس آندھی کو خیر کا ذریعہ بنا کر بھیج رہے ہیں تو وہ خیر ہم کو پہنچائیے، الٰہی

[1] آپ کے سامنے پہلی قوموں کے حالات پیش نظر ہوجاتے تھے، بعض قوموں پر ابر اٹھا ہے وہ خوش ہو رہے تھے کہ اس سے بارش برسے گی بجائے بارش کے عذاب نازل ہوا، جب کبھی تیز ہوائیں چلتی تھیں تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پر ان قوموں کی حالت پیش نظر ہوجاتی تھی، جن پر ہواؤں سے عذاب آیا تھا۔ اللہ کا جلال اور عظمت پیش نظر ہوتی تھی۔ کیا معلوم کہ یہ ابر اور ہوا کہیں عذاب کا ذریعہ نہ ہوجائیں، اس لیے آپ پر خوف طاری ہوتا تھا مسلمانو! مقدس اور معصوم نبی کی یہ حالت ہوتی تھی تو ہم گنہگاروں کو کس قدر خوف ہونا چاہیئے، ہماری یہ بے فکری اور اطمینان غفلت کا نتیجہ ہے جو اچھا نہیں ہے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ISLAMIA ACADEMY

(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

ہیں آپ سے اس آندھی کے شر سے پناہ مانگتا ہوں اس آندھی کے شر سے ہم کو بچایئے اور اس آندھی میں جو شر ہے اس سے بھی ہم کو بچایئے اگر یہ آندھی شر کا ذریعہ بنا کر بھیجی گئی ہے تو وہ شر ہم کو نہ پہنچے اور اس شر سے ہم کو بچایئے۔

یہ بھی ام المومنین فرماتی ہیں کہ جب ابر چھاجاتا تھا اور ابھی بارش شروع نہ ہوتی تھی تو خوف سے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا چہرہ اتر جاتا تھا، خوف کی وجہ سے آپ کو قرار نہ ہوتا تھا۔ کبھی گھر میں آپ تشریف لے جاتے اور کبھی باہر آتے اور کبھی ادھر آتے اور کبھی اُدھر جاتے اور جب بارش ہونے لگتی تو وہ خوف آپ سے دور ہوجاتا تھا۔ اور آپ سمجھتے تھے کہ یہ ابر اب ذریعہ عذاب نہیں ہے، حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا ابر کو دیکھ کر پریشان ہونا اور بارش ہونے سے پریشانی کا دور ہونا، ام المومنین نے اس کا سبب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے دریافت کیا، ام المومنین سے یہ سن کر حضرت نے فرمایا سنو! عائشہ! ابر جب امنڈا ہوا چلا آتا ہے تو خوف ہوتا ہے کہ کہیں یہ ابر ویسا تو نہیں ہے جیسا قوم عاد اس ابر کو دیکھ کر خوش ہو رہی تھی، کہ یہ ابر بارش برسائے گا خوش حالی ہوگی، افسوس ایسا نہ ہوا قوم عاد پر یہ ابر برسا نہیں، اُن پر عذاب کا ذریعہ بنا اس ابر میں سے تیز ہوائیں نکلیں جو ان کو کئی کئی گز اٹھا کر پٹک رہی تھیں، اس طرح وہ ابر اُن پر عذاب کا ذریعہ ہوا، سب ہلاک ہوگئے اور اُن کے مکان اجڑے پڑے تھے، اے عائشہ! یہ سارا منظر ابر کو دیکھتے ہی میرے سامنے پیش ہوجاتا ہے، جب بارش ہوجاتی ہے تو عذاب آنے کا خوف نہیں رہتا اور عذاب کا اندیشہ مجھ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

سے زائل ہو جاتا ہے۔ اس حدیث کی روایت مسلم نے کی ہے۔

۱۹۶۵ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ الرِّيْحُ مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ تَأْتِیْ بِالرَّحْمَةِ وَ بِالْعَذَابِ فَلَا تَسُبُّوْهَا وَسَلُوا اللّٰهَ مِنْ خَيْرِهَا وَعُوْذُوْا بِهٖ مِنْ شَرِّهَا رَوَاهُ الشَّافِعِیُّ وَاَبُوْدَاؤُدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَ الْبَيْهَقِیُّ فِی الدَّعَوَاتِ الْكَبِيْرِ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو ارشاد فرماتے سنا ہے (کہ ہوا بالذات نہ راحت کا سبب ہے نہ عذاب کا بلکہ) ہوا اللہ تعالیٰ کے حکم کے تابع ہے (اللہ تعالیٰ جو حکم دیتے ہیں اس کی تکمیل کرتی ہے اگر راحت کا حکم دیتے ہیں تو) راحت پہنچاتی ہے اور (اگر عذاب کا حکم دیتے ہیں تو) عذاب کا ذریعہ بنتی ہے (اس لیے اگر ہوا سے تم کو نقصان پہنچے تو) اس کو بُرا بھلا نہ کہو (ہوا کو بُرا بولنے کی بجائے) اللہ تعالیٰ سے ہوا کے ذریعہ راحت پہنچنے کا سوال کرو، اور ہوا تکلیف اور عذاب کا ذریعہ نہ بننے کے لیے اللہ سے دعاء مانگو۔ اس کی روایت امام شافعی، ابوداؤد، اور ابن ماجہ نے کی ہے اور بیہقی نے بھی اس کی روایت دعوات کبیر میں کی ہے۔

۱۹۶۶ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَجُلًا لَعَنَ الرِّيْحَ عِنْدَ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَا تَلْعَنُوا الرِّيْحَ فَاِنَّهَا مَاْمُوْرَةٌ وَاِنَّهٗ مَنْ لَعَنَ شَيْئًا لَيْسَ لَهٗ بِاَهْلٍ رَجَعَتِ اللَّعْنَةُ عَلَيْهِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے (بیٹھا ہوا تھا اس کو ہوا سے کچھ تکلیف ہوئی تو اس نے) ہوا پر لعنت بھیجی، تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اُن سے فرمایا دیکھو! ہوا پر لعنت نہیں کیا کرو (ہوا کا کیا قصور ہے) ہوا تو اللہ تعالیٰ کے حکم کے تابع ہے، جو حکم اس کو ہوتا اس کی تعمیل کرتی ہے۔ یاد رکھو کہ اگر کوئی شخص ایسی

لہ یوں بھی سوچو تو کوئی چیز لعنت کی مستحق تین وجہ سے ہوتی ہے، یا کفر کی وجہ سے یا بدعت کی وجہ سے یا فسق وفجور کی وجہ سے، یہ تینوں چیزیں ہوا میں نہیں ہیں، پھر ہوا پر لعنت کرنا کیسے صحیح ہو سکتا ہے؟

www.waseemziyai.com
MARKAZUL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

چیز پر لعنت کرتا ہے جو لعنت کی مستحق نہیں تو وہ لعنت خود اس لعنت کرنے والے پر لوٹ جاتی ہے[1] اس کی روایت ترمذی نے کی ہے۔

۱۹۶۷ وَعَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَسُبُّوا الرِّيْحَ فَاِذَا رَاَيْتُمْ مَا تَكْرَهُوْنَ فَقُوْلُوا اللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ هٰذِهِ الرِّيْحِ وَخَيْرِ مَا فِيْهَا وَخَيْرِ مَا اُمِرَتْ بِهٖ وَنَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ هٰذِهِ الرِّيْحِ وَشَرِّ مَا فِيْهَا وَشَرِّ مَا اُمِرَتْ بِهٖ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا[2] کہ ہوا کو بُرا نہ کہنا[3]، اگر تم ہوا سے کوئی ناگوار بات دیکھو تو (اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرو، اور بہت عاجزی سے) اللہ ہی سے دُعا مانگو:

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ هٰذِهِ الرِّيْحِ وَخَيْرِ مَا فِيْهَا وَخَيْرِ مَا اُمِرَتْ بِهٖ وَنَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ هٰذِهِ الرِّيْحِ وَشَرِّ مَا فِيْهَا وَشَرِّ مَا اُمِرَتْ بِهٖ

الٰہی! (ہم آپ ہی کے عاجز بندے ہیں!) ہم کو اس ہوا سے خیر پہنچا دیجئے (ہر چیز میں خیر و شر ہوا کرتے ہیں) اس میں جو خیر ہے ہم کو وہ پہنچا دیجئے، اور اگر اس میں ہوا کو کسی شر کا حکم دیا گیا ہے تو اس کو خیر کا حکم بنا دیجئے اور خیر ہی پہنچا دیجئے۔ (الٰہی!) ہم آپ کی پناہ میں آتے ہیں، اس چلتی ہوا کے شر سے ہمیں بچا دیجئے، اور اگر اس ہوا میں شر ہے تو شر میں مبتلا نہ کیجیے بلکہ خیر ہی پہنچا دیجئے، اور اگر اس ہوا کو کسی شر کا حکم

---

[1] اس لیے کسی پر لعنت کریں تو سوچ سمجھ کر لعنت کیا کریں، بہتر تو یہ ہے کہ لعنت کرنے کی عادت ہی نہ رکھے ورنہ خود پر لعنت لوٹ آئے گی۔

[2] لوگوں کی عادت ہے کہ جب ہوا سے کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو ہوا کو سخت سست کہا کرتے ہیں مسلمانو سنو! کبھی

[3] اس میں ہوا کا کیا قصور ہے، ہوا تو اللہ تعالیٰ کے حکم کے تابع ہے، جو حکم ہوتا ہے اس کی تعمیل کرتی ہے

دیا گیا ہے تو آپ قادر ہیں، اس شر کو خیر سے بدلنے کی قدرت رکھتے ہیں ہم کو خیر ہی پہنچایئے اس کی روایت ترمذی نے کی ہے۔

۱۹۶۸ ۷ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَاهَبَّتْ رِيْحٌ قَطُّ اِلَّا جَثَا النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى رُكْبَتَيْهِ وَقَالَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا رَحْمَةً وَّلَا تَجْعَلْهَا عَذَابًا اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا رِيَاحًا وَّلَا تَجْعَلْهَا رِيْحًا قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فِيْ كِتَابِ اللهِ تَعَالٰى اِنَّا اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا صَرْصَرًا (٢١) وَّاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الرِّيْحَ الْعَقِيْمَ (٣) وَاَرْسَلْنَا الرِّيَاحَ لَوَاقِحَ (٤) وَاَنْ يُّرْسِلَ الرِّيَاحَ مُبَشِّرَاتٍ۔

(رَوَاهُ الشَّافِعِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي الدَّعْوَاتِ الْكَبِيْرِ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ جب کبھی آندھی چلتی تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم[1] دو زانو ہو کر بیٹھ جاتے تھے اور گڑگڑا کر یہ دعا فرماتے۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا رَحْمَةً وَّلَا تَجْعَلْهَا عَذَابًا اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا رِيَاحًا وَّلَا تَجْعَلْهَا رِيْحًا۔

الٰہی! (آپ بڑے قدرت والے ہیں، اگر آپ اس آندھی کو عذاب کا ذریعہ نہ بنا کر رحمت کا ذریعہ بنائیں تو کوئی آپ کو روکنے والا نہیں ہے، اس لیے ہم عرض کرتے ہیں کہ) اس آندھی سے راحت اور آرام بھجوایئے اور اس آندھی سے تکلیف اور مصیبت نہ لایئے۔

اس کی روایت امام شافعی نے کی ہے اور بیہقی نے بھی اس کی روایت دعوات کبیر میں کی ہے۔

۱۹۶۹ ۸ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَبْصَرْنَا شَيْئًا مِّنَ السَّمَاءِ تَعْنِي السَّحَابَ تَرَكَ عَمَلَهٗ وَاسْتَقْبَلَهٗ وَقَالَ اَللّٰهُمَّ سَقْيًا نَافِعًا۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَ)

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ جب کبھی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم آسمان کے کنارے سے ابر اٹھتا دیکھتے تو (آپ پر ایک خوف طاری ہوتا تھا کہ) جو کام آپ اس وقت کر رہے ہوتے اس کو چھوڑ کر ابر کی طرف متوجہ ہو جاتے تھے اور اللہ تعالیٰ سے یہ دعا کرتے تھے۔

لہ آپ پر بے حد خوف کی حالت طاری ہو جاتی تھی، اور خوف کی یہ حالت امت کی تعلیم کے لیے بھی ہوتی تھی کہ تم بھی تیز ہوا چلنے وقت ایسی ہی خوف زدہ حالت بناؤ جیسے کہ میں واقعی خوفزدہ ہو جایا کرتا ہوں۔ آندھی اور تیز ہوا چلتے وقت حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی حالت دیکھنے کے قابل ہوتی تھی، عجز وانکساری ظاہر کرنے کے لیے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

ابْنُ مَاجَةَ وَالشَّافِعِيُّ وَ اللَّفْظُ لَهُ)

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا فِيْهِ

اے اللہ! (اور قوموں پر آپ ابر کے ذریعہ عذاب بھیجتے رہے ہیں، اگر اس ابر میں بھی کوئی شر ہے تو) اس ابر کے شر سے ہم کو بچائیے۔

اگر ابر کھل جاتا تو آپ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے تھے (کہ معلوم نہیں اس میں کیا شر تھا کہ جس سے اللہ تعالیٰ نے ہم کو بچالیا) اور اگر بارش ہوتی تو یہ دعا کرتے:

اَللّٰهُمَّ سَقْيًا نَافِعًا

اے اللہ! (آپ بڑی قدرت والے ہیں جس چیز سے ضرر پہنچانا چاہتے ہیں اس سے ضرر پہنچاتے ہیں، بعض قوموں کو بارش کی کثرت سے ضرر پہنچائے ہیں۔ اے اللہ! ہم پر جو یہ بارش ہورہی ہے) اس کو سیراب اور سرسبز کرنے والی نفع رساں بنا دیجئے۔

اس کی روایت امام شافعیؒ کی ہے، اور ابوداؤد نسائی اور ابن ماجہ نے بھی اسی طرح روایت کی ہے

۱۹۷۰ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا سَمِعَ صَوْتَ الرَّعْدِ وَالصَّوَاعِقِ قَالَ اَللّٰهُمَّ لَا تَقْتُلْنَا بِغَضَبِكَ وَلَا تُهْلِكْنَا بِعَذَابِكَ وَعَافِنَا قَبْلَ ذٰلِكَ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ جب کبھی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم بجلی کی گرج اور گرنے والی بجلی کی طرح کڑک سنتے تو یہ دعاء فرماتے:۔

اَللّٰهُمَّ لَا تَقْتُلْنَا بِغَضَبِكَ وَلَا تُهْلِكْنَا بِعَذَابِكَ وَعَافِنَا قَبْلَ ذٰلِكَ

الٰہی! ہم آپ کے غضب سے پناہ مانگتے ہیں بہتوں کو بجلی سے ہلاک کیا ہم کو اپنے غضب سے (بجلی گرا کر) قتل نہ کیجئے اور اس بجلی کو عذاب کا ذریعہ بنا کر ہم کو ہلاک نہ کیجئے اور (اگر آپ کسی کو بجلی سے ہلاک کرنا چاہتے ہیں تو) عذاب آنے سے پہلے ہم کو عافیت کی موت دیجئے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اس کی روایت امام احمد اور ترمذی نے کی ہے۔

۱۹۷۱ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ اَنَّهٗ كَانَ اِذَا سَمِعَ الرَّعْدَ تَرَكَ الْحَدِيْثَ وَقَالَ سُبْحَانَ الَّذِيْ يُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَالْمَلٰٓئِكَةُ مِنْ خِيْفَتِهٖ۔

(رَوَاهُ مَالِكٌ)

حضرت عبد اللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی گئی ہے کہ آپ کی یہ عادت مبارک تھی کہ جب آپ بجلی کی کڑک سنتے (خوف زدہ ہو جاتے تھے اور) بات چیت چھوڑ دیتے تھے اور یہ دعا پڑھتے تھے:۔

سُبْحَانَ الَّذِيْ يُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَالْمَلٰٓئِكَةُ مِنْ خِيْفَتِهٖ۔

اللہ تعالیٰ تمام عیبوں سے پاک ہے، رعد (نامی فرشتہ جو بادلوں پر مقرر کیا گیا ہے) وہ اللہ تعالیٰ کی حمد کرتا ہے اور تسبیح اور تقدیس بیان کرتا ہے (بادلوں سے جو ہیبت ناک آواز آتی ہے وہ اسی فرشتہ کی تسبیح اور تحمید کی آواز ہے، اس سے اللہ تعالیٰ کی ہیبت اور اس کا جلال تمام فرشتوں پر طاری ہو جاتا ہے کہ) سب فرشتے بھی اللہ تعالیٰ کی (ہیبت اور جلال کی وجہ سے سب کے سب) حمد و ثنا اور تسبیح کرنے لگتے ہیں۔

اس کی روایت امام مالک نے کی ہے۔

ف مرقات میں لکھا ہے کہ بادلوں کی گرج اور کڑک کے وقت جو اس دعاء کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کو بجلی گرنے کے ضرر سے محفوظ رکھیں گے۔ ۱۲

۱۹۷۲ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَفَاتِيْحُ الْغَيْبِ خَمْسٌ ثُمَّ قَرَأَ اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ الْاٰيَةَ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ (یوں تو غیب کی اہم چیزیں بھی ہیں جن کو اللہ تعالیٰ ہی جانتے ہیں مگر غیب کی اہم چیزیں) پانچ ہیں (انھیں اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا (ہاں اللہ تعالیٰ ہی کسی کو واقف کرائیں تو وہ اور بات ہے) پھر حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے (ان پانچ چیزوں کی

تفسیر فرمانے کے لیے) یہ آیت تلاوت فرمائی۔
بے شک اللہ تعالیٰ کے پاس ہے قیامت
کا علم اور اتارتا ہے مینہ اور جانتا ہے جو کچھ ماؤں
کے پیٹ میں ہے اور کوئی جان نہیں جانتی کل کیا
کمائے گی اور کوئی جان نہیں جانتی کہ کس زمین میں
مرے گی؟ بے شک اللہ تعالیٰ جاننے والا بتانے
والا ہے (سورہ لقمٰن، ۳۴ ترجمہ کنز الایمان)
اس کی روایت بخاری نے کی ہے۔

ف: شان نزول، حارث ابن عمرو حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کرنے لگا کہ اگر آپ سچے رسول ہیں تو بتایئے کہ قیامت کب قائم ہوگی، میں نے کھیت بو دیا ہے، بتایئے بارش کب ہوگی، میری عورت حاملہ ہے بتایئے بیٹا ہوگا یا بیٹی اور فرمایئے کہ کل میں کیا کروں گا، اور بتایئے کہ میں کہاں مروں گا، اس کے جواب میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

ف: آیت میں لفظ "تدری" درایت سے بنا ہے جس کا معنی ہے عقل وحساب اور اندازے سے جاننا، یعنی مذکورہ آیت میں یہ وہ پانچ غیب ہیں جو عقل کے حساب سے اندازے سے معلوم نہیں ہو سکتے، بلکہ صرف وحی الٰہی سے ہی معلوم ہو سکتے ہیں، اور چونکہ اس قسم کی وحی کی اشاعت کرنے کی ضرورت واجازت نہیں اس لیے عوام کو یہ باتیں نہیں بتائی جا سکتی، لہٰذا یہ آیت شان نزول کے بالکل مطابق ہے، کوئی مخالفت نہیں، (تفسیر نور العرفان)

ف: اس آیت کریمہ میں جن پانچ چیزوں کے علم کی خصوصیت اللہ تبارک وتعالیٰ کے ساتھ بیان فرمائی گئی ہے انہی کی نسبت سورۂ جن میں ارشاد فرمایا عَالِمُ الْغَیْبِ فَلَا یُظْهِرُ عَلٰی غَیْبِهٖۤ اَحَدًا اِلَّا مَنِ ارْتَضٰی مِنْ رَّسُوْلٍ (غیب کا جاننے والا تو اپنے غیب پر کسی کو مسلط نہیں کرتا، سوائے اپنے پسندیدہ رسولوں کے)
غرض یہ کہ بغیر اللہ تعالیٰ کے بتائے ان چیزوں کا علم کسی کو نہیں اور اللہ تعالیٰ اپنے محبوبوں میں سے جسے چاہے بتائے اور اپنے پسندیدہ رسولوں کو بتانے کی خبر اس نے خود سورۂ جن میں دی ہے۔ خلاصہ یہ کہ علم غیب اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص ہے اور انبیاء واولیاء کو علم غیب اللہ تعالیٰ کی تعلیم سے بطریق معجزہ وکرامت عطا ہوتا ہے اور یہ اس اختصاص کے منافی نہیں، اور کثیر آیتیں اور احادیث اس پر دلالت کرتی ہیں۔ بارش کا وقت کیا ہے حمل میں کیا ہے اور کل کوئی کیا کرے گا اور کہاں مرے گا ان امور کی خبریں بکثرت اولیاء وانبیاء نے دی ہیں، اور قرآن وحدیث سے ثابت ہیں، حضرت ابراہیم علیہ السلام کو فرشتوں نے اسحاق علیہ السلام کے پیدا ہونے کی خبر دی، حضرت زکریا علیہ السلام کو حضرت یحییٰ علیہ السلام کے پیدا ہونے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کی، اور حضرت مریم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پیدا ہونے کی خبریں دیں، تو فرشتوں کو بھی معلوم تھا کہ ان حملوں میں کیا ہے۔ اور حضرات کو بھی جنہیں فرشتوں نے اطلاعیں دی تھیں اور ان سب کا جاننا قرآن کریم سے ثابت ہے۔ تو آیت کے معنی قطعاً یہی ہیں کہ بغیر اللہ تعالیٰ کے بتائے کوئی نہیں جانتا، اس کے یہ معنی لینا کہ اللہ تعالیٰ کے بتانے سے بھی کوئی نہیں جانتا محض باطل اور صدہا آیات و احادیث کے خلاف۔ (تفسیر خزائن العرفان)

نوٹ:۔ آج کل کے سائنسی دور میں محکمہ موسمیات والے قبل از وقت ہواؤں کے چلنے اور بارش کے ہونے یا نہ ہونے کی پیشین گوئی کر دیتے ہیں۔ اور عورتوں کے حمل کے بارے میں بھی سائینسی مشینوں کے ذریعے پتہ چل جاتا ہے کہ لڑکا ہوگا یا لڑکی، بڑے افسوس کی بات ہے کہ آج کل لوگ سائنس کے لیے تو ان باتوں کو مانتے ہیں لیکن اللہ تعالیٰ کے نبیوں ولیوں کے لیے اللہ تعالیٰ کی عطا سے بھی نہیں مانتے۔

۱۹۴۳ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَیْسَتِ السَّنَةُ بِاَنْ لَّا تُمْطَرُوْا وَلٰكِنِ السَّنَةُ اَنْ تُمْطَرُوْا وَتُمْطَرُوْا وَلَا تُنْبِتُ الْاَرْضُ شَیْئًا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں (تم سمجھتے ہو کہ بارش نہ ہونے سے قحط ہو جاتا ہے، ایسا بھی ہے مگر) بڑا قحط یہ ہے کہ بارش تو خوب ہو (اور تم کو خوشحالی کی امید بھی ہو گئی ہو، پھر بھی کثرت بارش کی وجہ سے) زمین کچھ نہ اگائے۔ یہ بہت بڑا قحط ہے[1]۔ (اس کی روایت مسلم نے کی ہے۔)

---

[1] اس لیے کہ ساری امیدوں پر پانی پھر جاتا ہے اور قحط کا سامنا ہو جاتا ہے

كِتَابُ الْجَنَائِزِ

اس کتاب میں جنائز یعنی مُردوں کے احوال اور اُن کے احکام کا بیان ہے

وَقَوْلُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ: إِذَا بَلَغَتِ التَّرَاقِيَ وَقِيلَ مَنْ سكتہ رَاقٍ وَظَنَّ أَنَّهُ الْفِرَاقُ وَالْتَفَّتِ السَّاقُ بِالسَّاقِ إِلَىٰ رَبِّكَ يَوْمَئِذٍ الْمَسَاقُ.

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے

جب جان گلے کو پہنچ جائے گی اور کہیں گے کہ ہے کوئی (مرنے والے کو) جھاڑ پھونک کرے اور وہ (مرنے والا) سمجھے گا کہ یہ جدائی کی گھڑی ہے، اور پنڈلی سے پنڈلی لپٹ جائے گی، اور اس دن تیرے رب ہی کی طرف ہانکنا ہے۔

(سورۃ القیامہ، ۲۶ تا ۳۰)

بَابُ عِيَادَةِ الْمَرِيضِ وَثَوَابِ الْمَرَضِ

اس باب میں بیمار پرسی کرنے کا بیان ہے اور بیمار کو بیماری کا جو ثواب ملتا ہے اس کا بھی ذکر ہے)

وَقَوْلُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ: إِنَّا نَكْتُبُ مَا قَدَّمُوا وَآثَارَهُمْ۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

اور ہم لکھ رہے ہیں جو انہوں نے آگے بھیجا اور جو نشانیاں پیچھے چھوڑ گئے۔

مَا قَدَّمُوا سے مراد وہ کام ہیں جو اپنے ہاتھ سے کیا اور آثَارَهُمْ سے مراد وہ اثر جو اس کام کے سبب پیدا ہوا اور بعد مرگ بھی باقی رہا مثلاً کسی نے کوئی نیک کام کیا اور وہ سبب ہو گیا دوسروں کے لیے ہدایت کا اور کسی نے کوئی برا کام کیا اور وہ سبب ہو گیا دوسروں کی ضلالت کا۔ غرض یہ سب لکھے جا رہے ہیں اور آخرت میں ان سب پر جزا اور سزا مرتب ہو جائیگی منجملہ ان کے عیادت مریض بھی ہے۔ صاحبو اگر تم سمجھتے ہو گے کہ عیادت مریض سے کیا ثواب ملے گا، نہیں! نہیں! عیادت مریض کا ثواب بھی لکھا جا رہا ہے جو تم کو آخرت میں ملے گا۔

ف جو لوگ صدقات جاریہ یا اچھے برُے طریقے ایجاد کر گئے، جن پر بعد والے عمل کر رہے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ہیں، اس آیت سے دو مسئلے معلوم ہوئے، ایک یہ کہ اچھی بدعت ایجاد کرنا اچھا ہے، اور بُری بدعت ایجاد کرنا بُرا ہے، اس لیے ان سب کی تحریر ہو رہی ہے، دوسرے یہ کہ جب تک ان رسوم پر عمل ہوتا رہتا ہے، موجد کو ثواب یا عذاب ملتا رہتا ہے، جیسا کہ حدیث پاک میں ارشاد ہوا، اس آیت کا شانِ نزول یہ بتایا گیا ہے کہ مدینہ منورہ میں بنی سلمہ مسجد نبوی شریف سے بہت دور آباد تھے، انہوں نے چاہا کہ اپنا محلہ خالی کر کے مسجد نبوی شریف کے قریب آن بسیں تاکہ نماز باجماعت میں آسانی سے شرکت کر سکیں تو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اپنے گھروں میں رہو، تمہارے قدم لکھے جاتے ہیں۔ (تفسیر خزائن و نور العرفان)

وَقَوْلُهٗ: اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِیْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِیَارِهِمْ وَهُمْ اُلُوْفٌ حَذَرَ الْمَوْتِ ۔

اے محبوب! کیا تم نے نہ دیکھا تھا انہیں جو اپنے گھروں سے نکلے اور وہ ہزاروں تھے موت کے ڈر سے۔

(سورۃ البقرہ، ۲۴۳)

ف ۱۔ یہ واقعہ شہر واسط کے علاقہ دار روان کا ہے، وہاں کے لوگ طاعون سے بچنے کے لیے بھاگے تھے، اور مر گئے، پھر ایک عرصہ کے بعد حضرت حزقیل علیہ السلام کی دعا سے زندہ ہو گئے۔

ف ۲۔ موت کا ڈر اچھا بھی ہے اور بُرا بھی، اگر موت کے ڈر سے انسان گناہوں سے توبہ کر لے تو اچھا ہے، اور اگر اس کی وجہ سے انسان نیک اعمال چھوڑ دے یا گناہوں پر راغب ہو جائے تو بُرا ہے۔ جیسے بعض لوگ موت کے خوف سے حج یا جہاد سے گھبراتے ہیں شہر دار رواں والوں کا خوف دوسری قسم کا تھا۔

اس آیت شریفہ میں حَذَرَ الْمَوْتِ کے الفاظ قابل غور ہیں، وہ لوگ موت سے بچنے کے لیے طاعون زدہ مقام سے نکلے تھے اس لیے ان پر غضب نازل ہوا اگر وہ یہ اعتقاد کر کے نکلتے کہ موت ہر جگہ آئے گی۔ طاعون زدہ مقام میں رہنے کی صورت میں بھی آسکتی ہے اور وہاں سے نکل جانے کے بعد بھی آسکتی ہے۔ موت کے خوف سے نہیں نکلتے بلکہ تبدیلی مقام کی غرض سے نکلتے تو ان پر غضب الٰہی نازل نہ ہوتا جیسا کہ موت سے بچنے کی غرض سے نکلنے سے غضب الٰہی نازل ہوا اس سے معلوم ہوا کہ اعتقاد کی خرابی سے طاعون زدہ مقام سے نکلنے کی صورت میں عذاب نازل ہوتا ہے لیکن اگر اعتقاد کی خرابی کے بغیر نکلیں تو عذاب نازل نہیں ہوتا۔ طاعون کے موقع پر تبدیلی مقام کی غرض سے نکلنا جائز ہونے کی تائید حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ارشاد سے ہوتی ہے جو آگے آرہا ہے)

وَقَوْلُهٗ، اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

قُلْ لَّنْ یَّنْفَعَكُمُ الْفِرَارُ اِنْ فَرَرْتُمْ

تم فرماؤ! ہرگز بھاگنا تمہیں نفع نہ دے گا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

مِنَ الْمَوْتِ اَوِ الْقَتْلِ وَاِذًا لَّا تُمَتَّعُوْنَ اِلَّا قَلِیْلًا۔

اگر موت سے یا قتل سے بھاگو اور جب بھی دنیا نہ برتنے دیئے جاؤ گے مگر تھوڑی (سورۃ الاحزاب، ۱۶)

ف ۱: اس بھاگ جانے میں تم پر جہاد سے فرار کا گناہ ہو جائے گا مگر کوئی دنیاوی فائدہ حاصل نہ ہو گا، اگر تمہاری تقدیر میں آج موت یا قتل لکھا ہے تو ضرور پہنچے گا، اور اگر آج تمہاری موت نہیں ہے تو کچھ دن بعد ضرور مرو گے تو تھوڑی سی موہومہ زندگی کے لیے اتنے بڑے گناہ کا بوجھ کیوں اٹھاتے ہو؟

اے انسان! تیرا کیا خیال ہے، تو سمجھ رہا ہے کہ میں طاعون زدہ مقام سے بھاگ کر موت سے بچ جاؤں گا یا طاعون کا زخم نہ کھا کر اور طاعون سے قتل نہ ہو کر محفوظ رہوں گا یہ تیرا غلط خیال ہے بھاگ کر چند روز بچ بھی گیا تو کیا آخر تو تجھے موت کا شکار ہونا ہی ہے یا کہیں جہاد ہو رہا ہے زخم کھا کر قتل ہونا ہی پڑے گا، پھر یہ موت کے نہ آنے کے خیال سے طاعون زدہ مقام سے جا رہا ہے، اس سے تجھے کوئی فائدہ نہیں ہاں! اگر تبدیلی مقام کرنا چاہتا ہے تو وہ اور بات ہے، تجھ کو اس سے نہیں روکا جا رہا ہے

۱۹۷۴ عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَطْعِمُوا الْجَائِعَ وَعُوْدُوا الْمَرِیْضَ وَفُکُّوا الْعَانِیَ۔

(رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ بھوکے کو کھانا کھلاؤ[۱]، اور بیمار کی پرسی کیا کرو (اس سے بیمار کو تسلی ہوتی ہے) اور اگر کوئی شخص (روپیہ نہ ہونے کی وجہ سے) قید ہو گیا ہو تو تم روپیہ ادا کر کے اس کو قید سے چھڑاؤ[۲]۔ اس کی روایت بخاری نے کی ہے۔

۱۹۷۵ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حَقُّ الْمُسْلِمِ عَلَی الْمُسْلِمِ خَمْسٌ رَدُّ السَّلَامِ وَعِیَادَۃُ الْمَرِیْضِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ ایک مسلمان کے دوسرے مسلمان پر پانچ حق ہیں

---

[۱] یوں تو بھوکے کو کھانا کھلانا سنت ہے اور اس میں بڑا اجر و ثواب ہے مگر جو شخص ایسا بھوکا ہو کہ بھوک سے اس کی حالت تباہ ہو رہی ہو تو اس کو کھانا کھلانا فرض ہے

[۲] یا مثلاً غلام باندی ہے۔ مالک نے ان پر کچھ رقم معین کر دی ہے کہ تم رقم لا دو تو تم کو غلامی سے رہا کر دیا جائے گا، تو تم وہ رقم دے کر اس کو آزاد کرا دو۔

www.waseemziyai.com
MARKAZUL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

وَ اِتِّبَاعُ الْجَنَآئِزِ وَ اِجَابَةُ الدَّعْوَةِ وَ تَشْمِيْتُ الْعَاطِسِ ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

(ایک حق تو یہ ہے کہ اگر) کوئی سلام کرے تو اس کا جواب دینا[1] [2] مسلمان کا مسلمان پر دوسرا حق یہ ہے کہ) جب کوئی مسلمان بیمار ہو تو اس کی بیمار پرسی کی جائے اور [3] (مسلمان کا مسلمان پر تیسرا حق یہ ہے کہ) جب کوئی مسلمان مر جائے تو اس کے جنازہ کے ساتھ چلنا، کندھا دینا اور نماز کے بعد بھی ساتھ جانا اور دفن تک ٹھہرنا[2] [4] مسلمان کا مسلمان پر چوتھا حق یہ ہے کہ) اگر وہ دعوت دے (اور وہ دعوت کیسی ہی معمولی کھانے کی کیوں نہ ہو) تو اس کی دعوت کو قبول کرے[3]۔ [5] مسلمان کا مسلمان پر پانچواں حق یہ ہے کہ) جب چھینکنے والا چھینکے تو اس کے جواب میں یَرْحَمُکَ اللہ کہے، بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

---

[1] وہاں جو مسلمان ہیں ان پر فرض ہے) اگر کوئی ایک اُن میں سے سلام کا جواب دیدے تو سب کے ذمہ سے فرضیت ساقط ہو جاتی ہے اس لیے یہ سلام کا جواب دینا فرض کفایہ ہے ایسا ہی آنے والے مسلمان پر بیٹھے ہوئے مسلمانوں کا حق ہے کہ یہ آنیوالا اُن پر سلام کرے (اور آنے والے کا یہ سلام کرنا سنّت ہے، مرقات میں مذکور ہے کہ یہ ایسی سنت ہے جو جواب دینے کے فرض سے افضل ہے اور ثواب میں زیادہ ہے اس لیے کہ سلام کرنے سے تواضع اور انکساری معلوم ہوتی ہے اور تکبّر کی نفی ہوتی ہے

[2] یہ سب ایک مسلمان کے دوسرے مسلمان پر حق ہیں، اور یہ سب فرض کفایہ ہیں، چند لوگوں کے ادا کرنے سے سب کی طرف سے فرض کی ادائیگی ہو جاتی ہے، کوئی گنہگار نہیں ہوتا، اگر کوئی مسلمان بھی ان کو ادا نہ کرے تو سب مسلمان گنہگار رہوں گے)

[3] اگر وہ دعوت، ولیمہ کی دعوت ہے تو اس کا قبول کرنا سنّت مؤکدہ ہے ولیمہ کے سوا اور دوسری دعوتوں کا قبول کرنا سنّت مستحبہ ہے، اگر کسی عذر سے کوئی دعوت قبول نہیں کی خواہ ولیمہ کی ہو یا کوئی اور دعوت ہو تو خیر اور بات ہے اور اگر بغیر کسی عذر کے دعوت ولیمہ ہو یا کوئی اور دعوت، اس میں شریک نہ ہوا تو وہ اس وعید کا مستحق ہو گا جس کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اس حدیث شریف میں ارشاد فرمایا ہے، "وَمَنْ لَّمْ يُجِبِ الدَّعْوَةَ فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ"، جو دعوت قبول نہیں کرتا (اور بلا عذر) دعوت میں نہیں گیا تو اس نے اللہ کی اور اسکے رسول کی نافرمانی کی، اس لیے کہ وہ دعوت میں جانا تو مسلمان کا دل خوش کرنا۔ دعوت میں نہ جا کر دعوت دینے والے کا دل دکھایا اور اس کی ہتک کی)

[4] اور آواز سے الحمد للہ کہے اور الحمد للہ کہنا سنت ہے اور دوسرے مسلمان پر (اس کے جواب میں) يَرْحَمُكَ اللّٰه یا يَرْحَمُكُمُ اللّٰه کہنا واجب ہے اگر حاضرین میں سے ایک نے بھی جواب میں یرحمک اللہ یا یرحمکم اللہ کہا تو سب کی طرف سے ادائیگی ہو جائے گی) اگر چھینکنے والا الحمد للہ نہ کہے یا ایسا آہستہ کہے سُنائی نہ دے تو حاضرین میں سے کوئی اس چھینکنے والے کا جواب یرحمک اللہ یا یرحمکم اللہ سے نہ دے) اگر چھینکنے والا الحمد للہ کہے تو سنت کی ادائی تو ہو جاتی ہے مگر الحمد للہ کے ساتھ "رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ عَلٰى كُلِّ حَالٍ"، پڑھا الحمد للہ رب العالمین کہے تو وہ ہمیشہ کے لیے داڑھ اور کان کے درد سے محفوظ رہے گا جیسا کہ مرقات میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے ۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

۱۹۷۶ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَقُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ سِتٌّ[1] قِيْلَ مَا هُنَّ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ إِذَا لَقِيْتَهُ فَسَلِّمْ عَلَيْهِ وَإِذَا دَعَاكَ فَأَجِبْهُ وَإِذَا اسْتَنْصَحَكَ فَانْصَحْ لَهُ وَإِذَا عَطَسَ فَحَمِدَ اللّٰهَ فَشَمِّتْهُ وَإِذَا مَرِضَ فَعُدْهُ وَإِذَا مَاتَ فَاتَّبِعْهُ ـ

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ مسلمان پر مسلمان کے چھ[1] حق ہیں۔ صحابہ کرام نے عرض کیا حضور! وہ چھ حقوق کون سے ہیں؟ تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا سنو! مسلمان کا مسلمان پر ایک حق تو یہ ہے کہ جب کسی مسلمان سے ملاقات ہو اس کو سلام کرے (اگر خود وہ سلام کرے تو تم اس کا جواب دو) مسلمان کا دوسرا حق یہ ہے کہ اگر وہ دعوت دے تو اس کی دعوت قبول کرو، اور مسلمان کا تیسرا حق یہ ہے کہ (یوں تو ہر وقت مسلمان کی خیر خواہی کرنا ضروری ہے مگر جب) وہ تم سے مشورہ کرے تو تم (پر واجب ہے کہ تم) اس کو خیر خواہانہ مشورہ دو، اور مسلمان کا چوتھا حق یہ ہے کہ جب اس کو چھینک آئے اور وہ الحمد للہ کہے تو تم پر واجب ہے کہ تم، اس کو یَرْحَمُكَ اللّٰهُ کہہ کر جواب دیدو، اور مسلمان کا پانچواں حق یہ ہے کہ جب کوئی مسلمان بیمار ہو تو تم اس کی بیمار پرسی کرو، اور مسلمان کا چھٹا حق یہ ہے کہ جب وہ مر جائے تو اس کے جنازہ کے ساتھ جا کر اس کی نماز جنازہ پڑھو، اور دفن تک جنازہ کے ساتھ رہو۔ اس کی روایت مسلم نے کی ہے۔

۱۹۷۷ وَعَنِ الْبَرَآءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ أَمَرَنَا[2] النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَبْعٍ وَنَهَانَا عَنْ سَبْعٍ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ہم کو سات کام

---

[1] احادیث میں مسلمانوں کے حقوق کی جو مختلف تعداد مذکور ہوئی ہے وہ حصر کے لیے نہیں ہے، وحی سے جیسے جیسے معلوم ہوتا گیا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اس تعداد کو ظاہر فرماتے گئے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

أَمَرَنَا بِعِيَادَةِ الْمَرِيْضِ وَاتِّبَاعِ الْجَنَائِزِ وَتَشْمِيْتِ الْعَاطِسِ وَرَدِّ السَّلَامِ وَإِجَابَةِ الدَّاعِيْ وَإِبْرَارِ الْمُقْسِمِ وَنَصْرِ الْمَظْلُوْمِ وَنَهَانَا عَنْ خَاتَمِ الذَّهَبِ وَعَنِ الْحَرِيْرِ وَالْإِسْتَبْرَقِ وَالدِّيْبَاجِ وَالْمِيْثَرَةِ الْحَمْرَاءِ وَالْقَسِّيِّ وَآنِيَةِ الْفِضَّةِ وَفِيْ رِوَايَةٍ وَعَنِ الشُّرْبِ فِي الْفِضَّةِ فَإِنَّهُ مَنْ شَرِبَ فِيْهَا فِي الدُّنْيَا لَمْ يَشْرَبْ فِيْهَا فِي الْآخِرَةِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

کرنے کا حکم دیا ہے اور سات کام کرنے سے منع فرمایا ہے، جن سات کاموں کے کرنے کا حکم دیا ہے۔ وہ یہ ہیں ۱ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ہم کو حکم دیتے ہیں کہ ہم بیمار کی بیمار پرسی کیا کریں ۲ اور جب کوئی مسلمان مر جائے تو اس کے جنازے کے ساتھ جا کر نماز جنازہ ادا کریں (دفن کرنے میں بھی شریک رہیں تو نہایت مناسب ہے) ۳ اور جب چھینکنے والا چھینکے (اور آواز سے الحمد اللہ کہے) تو اس کا جواب یَرْحَمُكَ اللّٰہ سے دیں ۴ جب کسی مسلمان سے ملاقات ہو (تو اس کو سلام کریں اور اگر وہ سلام کرے) تو اس کے سلام کا جواب دیں ۵ اگر کوئی مسلمان دعوت دے تو اس کی دعوت قبول کریں ۶ اگر کوئی مسلمان قسم کھائے تو اس کی قسم پوری کرنے کے لیے اس مسلمان کی مدد کریں[۱]، اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم یہ بھی حکم دیتے ہیں کہ اگر کسی پر ظلم ہو رہا ہو تو اس کی مدد کرو[۲]، اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جن سات کاموں کے کرنے سے منع فرماتے ہیں وہ یہ ہیں ۱ (مرد کو چاہیے کہ) سونے کی انگوٹھی نہ پہنا کرے[۳] ۲ (مرد کو چاہیے کہ) وہ

[۱] مثلاً کوئی شخص قسم کھائے کہ میں یہاں سے نہیں اٹھوں گا جب تک آپ میرا مقصد پورا نہ کر دیں اگر اس کا مقصد خلاف شریعت نہ ہو اور کوئی گناہ کا کام نہ ہو تو اس کا مقصد پورا کر دے تاکہ اس کی قسم پوری ہو جائے اگر اس کا مقصد پورا نہ کرو گے تو وہ انتظار کر کے اٹھ جائے گا اس کی قسم ٹوٹ جائے گی اور اس کو کفارہ دینا پڑے گا، ورنہ گنہگار ہوگا، اس لیے یہ نوبت نہ آنے دو۔

[۲] اگر زبان سے مدد کی جائے تو اس سے ظلم دور ہو سکتا ہو تو زبان سے مدد کرو، اگر اس مظلوم کا ظلم ہاتھ سے مدد کرنے سے دور ہو سکتا ہو تو ہاتھ سے مدد کرو۔ بہرحال کسی طرح اس مظلوم کو ظلم سے بچاؤ

[۳] اس لیے کہ مرد کو سونا پہننا حرام ہے، ہاں عورتیں سونے کی انگوٹھی پہن سکتی ہیں۔ ان کو سونا پہننے کی اجازت ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

کسی قسم کا ریشمی کپڑا نہ پہنے اور نہ استعمال کرے جس کا تانا (یعنی کھڑا لمبا تار) اور بانا (یعنی آڑا تار) ریشم کا ہو،[1] [2] استبرق جو ریشم کا بنا ہوا دبیز کپڑا ہوتا ہے، ایسا ہی دیباج[3] بھی مرد کے لیے حرام ہے جو باریک ریشمی تاروں کا مہین کپڑا ہوتا ہے (جیسے ریشمی کپڑا پہننا مرد کو حرام ہے) ایسے ہی زین[4] پوش یعنی چارجامہ جو ریشم سے بنایا گیا ہو، اس پر بیٹھنا حرام ہے[5] [6] ایسے ہی مرد کو قسی کا کپڑا پہننا بھی حرام ہے جو معمولی اور ردی قسم کے ریشم سے بنایا جاتا ہے[7] [8] سونے اور چاندی کے برتن میں کھانا بھی حرام ہے (غرض مرد ہوں یا عورتیں چاندی سونے کے کسی سامان کو استعمال نہ کریں) جو دنیا میں چاندی یا سونے کے برتنوں میں کھائے گا پیئے گا (تو جب اور مسلمانوں کو آخرت میں چاندی اور سونے کے برتن ملیں گے) تو ایسے شخص کو جو دنیا میں چاندی سونے کے برتنوں میں کھاتا پیتا تھا۔ وہ ان برتنوں سے محروم ہوگا، اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

---

[1] (ایسا ہی وہ کپڑا بھی نہ پہنے اور نہ استعمال کرے جس کا تانا سوت کا ہو، اور بانا ریشم کا ہو، اس لیے کہ کپڑے کی تکمیل بانے سے ہوتی ہے، ہاں اگر تانا ریشم کا ہو، اور بانا سوت کا جیسے مشروع تو یہ مرد کو بھی جائز ہے بخلاف اس کے عورتوں کو ہر قسم کا ریشمی کپڑا پہننا اور استعمال کرنا جائز ہے۔ ہاں تو مرد کو ہر قسم کا ریشمی کپڑا حرام ہے خاص کر۔

[2] خواہ کسی رنگ کا ہو، اور حدیث شریف میں سرخ رنگ کا جو ذکر ہے وہ عام رواج کے اعتبار سے ہے، بخلاف اس کے چار جامعہ ریشم کا نہ ہو، بلکہ سوت کا ہو تو اس پر بیٹھنا جائز ہے اگر چار جامہ سوت کا ہو مگر سرخ رنگ کا ہو تو اس پر بیٹھنا مکروہ ہے اس وجہ سے کہ عجمیوں کی عادت ہے کہ ریشمی چار جامہ اور سوت کے سرخ چار جامہ پر بیٹھتے ہیں جس سے رعونت اور تکبر ظاہر ہوتا تھا۔ اس وجہ سے اس طرح کے چار جامہ سے بھی منع کیا گیا۔

[3] عورتیں جس قدر چاہیں سونے اور چاندی کا زیور پہن سکتی ہیں، عورتوں کے لیے سونا اور چاندی پہننا جائز ہے مگر استعمال کا جو سامان ہے مثلاً برتن یا آئینہ یا سرمہ دانی اور سلائی یا پاندان وغیرہ ان کا استعمال کرنا جیسا مردوں کو حرام ہے ایسے ہی عورتوں کے لیے بھی حرام ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

۱۹۷۸ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ غُلَامٌ يَهُوْدِيٌّ يَخْدُمُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَرِضَ فَاَتَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُوْدُهُ فَقَعَدَ عِنْدَ رَأْسِهٖ فَقَالَ لَهٗ اَسْلِمْ فَنَظَرَ اِلٰى اَبِيْهِ وَهُوَ عِنْدَهٗ فَقَالَ اَطِعْ اَبَا الْقَاسِمِ فَاَسْلَمَ فَخَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَقُوْلُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَنْقَذَهٗ مِنَ النَّارِ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ایک یہودی لڑکا حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی خدمت کیا کرتا تھا (ایک دفعہ) وہ بیمار ہوگیا، اس لڑکے کی بیمار پرسی کرنے کے لیے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم اس کے گھر تشریف لے گئے اس بیمار لڑکے کے سرہانے بیٹھے اور ارشاد فرمایا (اے لڑکے تو نے میری بہت خدمت کی ہے میں چاہتا ہوں کہ تو مرنے کے بعد آرام سے رہے اس لیے) تو مسلمان ہوجا، اس وقت لڑکے کا باپ اس کے پاس موجود تھا، لڑکا اپنے باپ کی طرف (مشورہ لینے کے لیے) دیکھنے لگا، باپ نے کہا (اچھا بیٹا) ابو القاسم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم جو فرمارہے ہیں اس کو سن لو اور مسلمان ہوجاؤ، چنانچہ وہ لڑکا مسلمان ہوگیا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم اس کے گھر سے یہ فرماتے ہوئے باہر نکلے کہ اللہ کا شکر ہے کہ اس نے اس لڑکے کو دوزخ سے بچا لیا، اس کی روایت بخاری نے کی ہے۔

ف:- اس حدیث شریف سے کئی مسائل معلوم ہوئے ایک مسئلہ تو یہ ہے جیسا کہ عمدۃ القاری میں لکھا ہے کہ کافر سے خدمت لینا جائز ہے ایسا ہی نابالغ بچہ سے بھی خدمت لینا جائز ہے، اس حدیث شریف سے دوسرا مسئلہ یہ معلوم ہوا جیسا کہ مرقات اور بستان فقیہ ابو اللیث میں مذکور ہے کہ ذمی کافر بیمار ہو تو اس کی بیمار پرسی کے لیے جانا جائز ہے اور اس کے جواز پر فتویٰ ہے اور تیسرا مسئلہ یہ ہے جو مرقات میں مذکور ہے کہ بیمار کے پاس بیمار پرسی کے لیے جانیوالے کے لیے مستحب یہ ہے کہ وہ بیمار کے سرہانے بیٹھ کر بیمار پرسی کرے، اس حدیث سے چوتھا مسئلہ یہ معلوم ہوا، جو عمدۃ القاری اور مرقات میں مذکور ہے کہ بچہ کا اسلام لانا صحیح ہے، اسی لیے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم اس کو دوزخ سے نجات ملنے کی خوشخبری دی، اگر بچہ کا اسلام لانا صحیح نہ ہوتا تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم اس کو اسلام لانے کے بعد نجات کی خوشخبری نہ دیتے، بچہ کا اسلام لانا صحیح ہونے کی تائید حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اسلام سے ہوتی ہے کہ آپ نے بھی بچپن ہی میں اسلام قبول فرمایا تھا اور امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا یہی مذہب ہے جس کی تائید مذکورہ واقعات سے ہوتی ہے۔ ۱۲۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

۱۹۷۹ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مِنَ السُّنَّةِ تَخْفِيفُ الْجُلُوسِ وَ قِلَّةُ الصَّخَبِ فِي الْعِيَادَةِ عِنْدَ الْمَرِيضِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا كَثُرَ لَغَطُهُمْ وَ اخْتِلَافُهُمْ قُومُوا عَنِّي۔

(رَوَاهُ رَزِينٌ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ بیمار کے پاس جب بیمار پرسی کے لیے جائیں تو بیمار پرسی کے آداب کے منجملہ یہ ہے کہ بیمار کے پاس تھوڑی دیر بیٹھ کر جلد اٹھ جائیں دیر تک بیمار کے پاس نہ بیٹھیں اور بیمار کے پاس شور و غل نہ ہونے دیں[1]، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: آپ لوگ اس وقت میرے پاس سے چلے جائیں[2]۔ اس کی روایت رزین نے کی ہے۔

۱۹۸۰ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعِيَادَةُ فُوَاقُ نَاقَةٍ وَفِي رِوَايَةِ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ مُرْسَلًا أَفْضَلُ الْعِيَادَةِ سُرْعَةُ الْقِيَامِ۔

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ[3] اونٹنی کا جب دودھ دوہتے ہیں تو بہت تھوڑی دیر وقفہ کر کے بقیہ دودھ دوہا کرتے ہیں[4]، اور سعید بن المسیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت میں اس طرح مروی ہے کہ بیمار کی بیمار پرسی کے لیے جب بیمار کے پاس جائیں تو افضل یہ ہے کہ کچھ بیٹھے نہ بیٹھے کہ فوراً اٹھ کھڑے ہو جائیں، اس کی روایت بیہقی نے شعب الایمان میں کی ہے

---

[1] اس لیے کہ بیمار بیماری کی تکلیف میں مبتلا رہتا ہے اس کے پاس اس طرح کی حرکات کرنے سے اس کی تکلیف میں اور اضافہ ہو جاتا ہے اور بیمار کو بہت سی ضرورتیں درپیش ہوتی ہیں، زیادہ دیر تک بیمار کے پاس بیٹھنے سے بیمار کو اپنی ضرورتیں روکے رکھنا پڑتا ہے اس سے بھی اس کو تکلیف ہوتی ہے)، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم بیمار تھے اور آپ کی بیماری نے شدت اختیار کی تھی، ایسے وقت میں ایک معاملہ پیش آیا، آہستہ آہستہ گفتگو ہوتی رہی اور جب گفتگو بہت طویل ہوئی، تو

[2] آئندہ احتیاط رکھیں کہ بیمار کے پاس زیادہ دیر تک نہ بیٹھیں اور نہ بیمار کے پاس طویل گفتگو کریں

[3] حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے تو بہت تھوڑی دیر ٹھہر کر فوراً اٹھ جایا کرو، تھوڑی دیر کی مقدار کو اس طرح سمجھو

[4] دونوں دودھ دوہنے کے درمیان میں وقفہ چند لمحوں کا ہوتا ہے، بس بیمار کے پاس بیمار پرسی کر کے بقیہ چند لمحے ٹھہرنا چاہیئے، زیادہ دیر ٹھہر کر بیمار کو تکلیف نہ دو۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

۱۹۸۱/۸ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَادَ رَجُلًا فَقَالَ لَہٗ مَا تَشْتَھِیْ قَالَ اَشْتَھِیْ خُبْزَ بُرٍّ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ کَانَ عِنْدَہٗ خُبْزُ بُرٍّ فَلْیَبْعَثْ اِلٰی اَخِیْہِ ثُمَّ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا اشْتَھٰی مَرِیْضُ اَحَدِکُمْ شَیْئًا فَلْیُطْعِمْہُ۔

(رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ایک صاحب کی بیمار پرسی کے لیے تشریف لے گئے تھے، تو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے فرمایا تمہارا دل کیا کھانا چاہتا ہے تو ان صاحب نے عرض کیا حضور! دل گیہوں کی روٹی کھانا چاہتا ہے تو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا، اگر کسی کے پاس گیہوں کی روٹی ہو تو وہ اس کو اپنے اس بیمار بھائی کے پاس بھیجدے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جب تمہارا کوئی بیمار کسی چیز کی خواہش کرے تو تم اس کو وہ چیز کھلا کر اس کی خواہش پوری کرو۔ (اس حدیث کا ترجمہ مرقات اور اشعۃ اللمعات کے موافق کیا گیا ہے) اس حدیث کی روایت ابن ماجہ نے کی ہے۔

۱۹۸۲/۹ وَعَنْہُ قَالَ اِنَّ عَلِیًّا خَرَجَ مِنْ عِنْدِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ وَجَعِہِ الَّذِیْ تُوُفِّیَ فِیْہِ فَقَالَ النَّاسُ یَا اَبَا الْحَسَنِ کَیْفَ اَصْبَحَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اَصْبَحَ بِحَمْدِ اللّٰہِ بَارِئًا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم بیمار تھے یہ وہی بیماری تھی، جس سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم دنیا سے تشریف لے گئے۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس سے باہر تشریف لائے، لوگ آپ کی بیماری کی وجہ

لہ اگر میرے پاس گیہوں کی روٹی ہوتی تو میں خود بھیجتا۔ صاحبو! تم میں سے بھی ہر ایک کے پاس گیہوں کی روٹی نہیں ہوگی اس لیے کہ ہماری زاہدانہ زندگی ہے۔

لہ اس لیے کہ اگر کسی مریض کو یقیناً کوئی چیز مضر ہو تو یہ اور بات ہے، خواہ مخواہ مریض کو سخت پرہیز نہیں کرانا چاہئے بعض وقت مریض کو اس کی خواہش کے موافق کھلایا جائے تو یہ اس کی صحت کا ذریعہ ہو جاتا ہے اور بعض وقت مریض قریب المرگ ہوتا ہے اس کو پرہیز کرانے سے کیا فائدہ اس کی خواہش کے موافق کھلا دینا چاہئے تاکہ موت سے پہلے اس کی خواہش پوری ہو جائے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMI ISLAMIA ACADEMY

(رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

سے بہت بے چین تھے، حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے لوگوں نے دریافت کیا، اے ابوالحسن! فرمائیے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کیسے ہیں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نے خیال فرمایا کہ اصلی کیفیت تو طبیب سے کہنا چاہیئے عوام کو کہنے سے کیا فائدہ اس لیے) حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نے (لوگوں سے) فرمایا ہر حال میں اللہ تعالیٰ کی نعمت شامل حال رہتی ہے، الحمد للہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کا جو حال ہے وہ بہتر ہے[1]۔ اس حدیث کی روایت بخاری نے کی ہے۔

۱۹۸۳ وَعَنْ ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْمُسْلِمَ اِذَا عَادَ اَخَاہُ الْمُسْلِمَ لَمْ یَزَلْ فِیْ خُرْفَۃِ الْجَنَّۃِ حَتّٰی یَرْجِعَ

(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جب ایک مسلمان اپنے بھائی مسلمان کی بیمار پرسی کو جاتا ہے تو اس کی بیمار پرسی سے واپس آنے تک (اپنے آپ کو سمجھے کہ میں جنت میں ہوں اور) جنت میں میوہ خوری کر رہا ہوں[2]۔ اس حدیث کی روایت مسلم نے کی ہے۔

۱۹۸۴ وَعَنْ عَلِیٍّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَا مِنْ مُّسْلِمٍ یَّعُوْدُ مُسْلِمًا غُدْوَۃً اِلَّا صَلّٰی عَلَیْہِ سَبْعُوْنَ اَلْفَ مَلَکٍ حَتّٰی یُمْسِیَ وَاِنْ عَادَہٗ عَشِیَّۃً اِلَّا صَلّٰی عَلَیْہِ سَبْعُوْنَ اَلْفَ مَلَکٍ حَتّٰی یُصْبِحَ

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کو ارشاد فرماتے سنا ہے کہ جو مسلمان صبح کے وقت کسی مسلمان مریض کی بیمار پرسی کرتا ہے تو اس کے لیے ستر ہزار فرشتے شام تک دعاء مغفرت کرتے رہتے ہیں اور جو

---

[1] ایسا ہی ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ کو منظور ہے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ یہ فرما کر تعلیم دے رہے ہیں کہ مریض کی حالت جب دریافت کی جائے تو ایسے ہی بیان کرنا چاہیئے، جیسے میں بیان کر رہا ہوں۔

[2] اس سے مراد یہ ہے کہ بیمار پرسی کرنے والا جنت کا مستحق ہو جاتا ہے۔ یہ ہے خدا کی دین کہ ذرا سے نیک کام پر اتنا بڑا ثواب عطا فرماتے ہیں۔

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

وَكَانَ لَهٗ خَرِيْفٌ فِي الْجَنَّةِ ـ

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

١٩٨٥
١٢
وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يَقُوْلُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَا ابْنَ اٰدَمَ مَرِضْتُ فَلَمْ تَعُدْنِيْ قَالَ يَا رَبِّ كَيْفَ اَعُوْدُكَ وَاَنْتَ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ قَالَ اَمَا عَلِمْتَ اَنَّ عَبْدِيْ فُلَانًا مَرِضَ فَلَمْ تَعُدْهُ اَمَا عَلِمْتَ اَنَّكَ لَوْ عُدْتَّهٗ لَوَجَدْتَّنِيْ عِنْدَهٗ يَا ابْنَ اٰدَمَ اِسْتَطْعَمْتُكَ فَلَمْ تُطْعِمْنِيْ قَالَ يَا رَبِّ كَيْفَ اُطْعِمُكَ وَاَنْتَ رَبُّ الْعَالَمِيْنَ قَالَ اَمَا عَلِمْتَ اَنَّهُ اسْتَطْعَمَكَ عَبْدِيْ فُلَانٌ فَلَمْ تُطْعِمْهُ اَمَا عَلِمْتَ اَنَّكَ لَوْ اَطْعَمْتَهٗ لَوَجَدْتَّ ذٰلِكَ عِنْدِيْ يَا ابْنَ اٰدَمَ اسْتَسْقَيْتُكَ فَلَمْ تَسْقِنِيْ قَالَ يَا رَبِّ كَيْفَ اَسْقِيْكَ وَاَنْتَ رَبُّ الْعَالَمِيْنَ قَالَ اِسْتَسْقَاكَ عَبْدِيْ فُلَانٌ فَلَمْ تَسْقِهٖ اَمَا اَنَّكَ لَوْ سَقَيْتَهٗ لَوَجَدْتَّ ذٰلِكَ

مسلمان شام کے وقت کسی مریض کی بیمار پرسی کرتا ہے تو اس کے لیے صبح ہونے تک ستر ہزار فرشتے دعاء مغفرت کرتے رہتے ہیں، اور بیمار پرسی کرنے والے کے لیے جنت میں ایک باغ تیار کیا جاتا ہے اس کی روایت ترمذی اور ابو داؤد نے کی ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ ارشاد فرمائیں گے اے ابن آدم! میں بیمار ہوا تھا تو نے میری بیمار پرسی نہیں کی، بندہ عرض کرے گا، پروردگار! میں کیسے آپ کی عیادت کرتا آپ رب العالمین ہیں[1]، اللہ تعالیٰ فرمائیں گے کہ کیا تو نہیں جانتا تھا کہ میرا فلاں بندہ بیمار ہوا تھا اور تو نے اس کی عیادت نہیں کی، اگر تو اس کی عیادت کرتا تو مجھے ضرور اس کے پاس پاتا (اور میں تجھ پر رحمت کرتا اور تجھ سے راضی ہو جاتا) ابن آدم! میں نے تجھ سے کھانا مانگا تو نے مجھے کھانا نہیں کھلایا، بندہ عرض کرے گا پروردگار! میں آپ کو کیسے کھانا کھلا سکتا تھا، حالانکہ آپ سارے عالم کے پرورش کرنے والے ہیں[2] اللہ تعالیٰ فرمائیں گے، کیا تجھے معلوم نہیں کہ میرے فلاں بندے نے تجھ سے کھانا مانگا تھا اور تو نے اس کو کھانا نہیں کھلایا، اگر تو نے اس کو کھانا کھلا دیا ہوتا تو ضرور اس کھانے کا ثواب میرے پاس پاتا، ابن آدم! میں نے تجھ سے پانی مانگا مگر تو نے مجھے پانی نہیں پلایا۔ بندہ عرض کرے گا،

لہ ایک لحظہ آپ عالم سے غافل نہیں ہو سکتے ہیں، اگر آپ بیمار ہو جائیں تو عالم کی نگرانی نہیں ہو سکتی، اس لیے نہ آپ بیمار ہو سکتے اور نہ میں آپ کی بیمار پرسی کر سکتا

ئہ سب کو آپ ہی کھلاتے ہیں اور آپ نہیں کھاتے ہیں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMI ISLAMIA ACADEMY

عِنْدِی ۔

(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

پروردگار! میں آپ کو کیسے پانی پلاتا حالانکہ آپ رب العالمین ہیں[1]، اللہ تعالیٰ فرمائیں گے میرے فلاں بندہ نے تجھ سے پانی مانگا تو نے اس کو پانی نہیں پلایا، سن! اگر تو نے اس کو پانی پلایا ہوتا تو اس پانی پلانے کا ثواب میرے پاس پاتا،
اس کی روایت مسلم نے کی ہے ۔

۱۹۸۶ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ
۱۳
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ عَادَ مَرِيْضًا نَادٰى مُنَادٍ مِّنَ السَّمَآءِ طِبْتَ وَطَابَ مَمْشَاكَ وَتَبَوَّأْتَ مِنَ الْجَنَّةِ مَنْزِلًا ۔

(رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جو شخص (محض ثواب کی نیت سے) کسی بیمار کی بیمار پرسی کرتا ہے تو اس کے لیے آسمان کا ایک فرشتہ یہ ندا دیتا ہے (اے بیمار پرسی کرنے والے) تو بڑا خوش نصیب ہے[2]، مبارک ہو تجھ کو تو جنت کے مراتب اور درجات طے کرتا چلا گیا ہے، تو نے بیمار پرسی کیا کی ہے کہ بیمار پرسی کے صلہ میں جنت میں تو نے اپنا گھر بنا لیا ہے۔ اس کی روایت ابن ماجہ نے کی ہے۔

۱۹۸۷ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ
۱۴
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَوَضَّأَ فَاَحْسَنَ الْوُضُوْءَ وَعَادَ اَخَاهُ الْمُسْلِمَ مُحْتَسِبًا بُوْعِدَ مِنْ جَهَنَّمَ مَسِيْرَةَ سِتِّيْنَ خَرِيْفًا ۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗد)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جو شخص اچھی طرح سنن اور مستحبات کی پابندی کے ساتھ وضوء کرے اور محض ثواب کی نیت سے اپنے مسلمان بھائی کی عیادت کرے تو وہ شخص (عبادت کی وجہ سے) دوزخ سے بہت دور ہو گا جس کی مسافت ساٹھ سال کی ہو گی ۔
اس کی روایت ابوداؤد نے کی ہے ۔

---

[1] کسی چیز کے آپ محتاج نہیں ہیں، سب آپ ہی کے محتاج ہیں

[2] دنیا میں بھی بیمار پرسی کرنے کی وجہ سے تجھے بھلائی دیجائے گی اور آخرت کا پوچھنا کیا ہے کہ بہتر سے بہتر بھلائی تیرے لیے رکھی گئی ہے اور بیمار پرسی کے لیے جو قدم تو نے اٹھایا ہے، اس سے تو یہ نہ سمجھنا کہ تو نے دنیا کا رستہ طے کیا ہے بلکہ

MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

ف:۔ اس حدیث شریف میں وضوء کر کے عیادت کرنے کا حکم دیا گیا ہے، اس لیے کہ عیادت عبادت ہے اور عبادت وضوء کے ساتھ ہو تو کامل اور افضل ہوتی ہے اور دوسری وجہ یہ ہے کہ جب عیادت کو جائے گا تو وہاں مریض کے لیے دعا کرے گا اور دعاء با وضو، ہو تو جلد قبول ہوتی ہے، اس لیے با وضوء عیادت کرنے کا حکم دیا گیا ہے اور اسی لیے با وضوء عیادت کو ناسنت ہے۔ (مرقات)

۱۹۸۸/۱۵ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ عَادَ مَرِیْضًا لَمْ یَزَلْ یَخُوْضُ الرَّحْمَۃَ حَتّٰی یَجْلِسَ فَاِذَا جَلَسَ اِغْتَمَسَ فِیْھَا۔

(رَوَاہُ مَالِكٌ وَ اَحْمَدُ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جب کوئی شخص کسی بیمار کی بیمار پرسی کے لیے چلتا ہے تو وہ بیمار کے پاس جا کر بیٹھنے تک رحمت الٰہی کے دریا میں تیرتا ہوا جاتا ہے اور جب وہ بیمار کے پاس بیٹھ جاتا ہے تو رحمت الٰہی کے دریا میں غرق ہو جاتا ہے۔ اس کی روایت امام مالک اور امام احمد نے کی ہے۔

۱۹۸۹/۱۶ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلٰی اَعْرَابِیٍّ یَعُوْدُہٗ وَکَانَ اِذَا دَخَلَ عَلٰی مَرِیْضٍ یَعُوْدُہٗ قَالَ لَا بَاْسَ طُھُوْرٌ اِنْ شَآءَ اللّٰہُ فَقَالَ لَہٗ لَا بَاْسَ طُھُوْرٌ اِنْ شَآءَ اللّٰہُ قَالَ کَلَّا بَلْ حُمّٰی تَفُوْرُ عَلٰی شَیْخٍ کَبِیْرٍ تُزِیْرُہُ الْقُبُوْرَ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَنَعَمْ اِذًا۔

(رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ایک شخص کی بیمار پرسی کے لیے تشریف لے گئے وہ شخص جنگل اور گھاٹیوں میں رہنے والا تھا (تہذیب اور گفتگو کے آداب سے بے خبر تھا) حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی عادت شریفہ یہ تھی کہ جب آپ کسی مریض کی عیادت کے لیے تشریف لے جاتے تو لَا بَاْسَ طُھُوْرٌ اِنْ شَآءَ اللّٰہُ (تم اس بیماری سے گھبراؤ نہیں، یہ بیماری مہلک نہیں ہے بلکہ) تمہارے گناہوں کو پاک کرنے والی ہے، ان شاء اللہ! فرمایا کرتے، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے حسب معمول اس دیہاتی آدمی سے بھی یہی فرمایا تو[1] کہنے لگا حضور! بخار جسم کو ابال

[1] اس دیہاتی نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے اس ارشاد کی کچھ قدر نہ کی، اپنے اکھڑپن سے [2] آپ تو فرماتے ہیں کہ یہ بیماری مہلک نہیں مگر، مجھے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ بیماری اس بڈھے کو قبر میں پہونچا کر رہے گی، دیکھئے ایک بڈھے ناتوان کو کس قدر بخار ہے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

رہا ہے (آپ فرماتے ہیں کہ یہ بیماری مہلک نہیں ہے مگر) مجھے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ بیماری اس بڈھے کو قبر میں پہنچا کر رہے گی۔ دیکھے ایک بڈھے ناتوان کو کس قدر بخار ہے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے اس دیہاتی کو یہ کہتے ہوئے سن کر فرمایا زتم نے خدا کی نعمت کا کچھ شکر ادا نہ کیا، پھر تو اچھا ایسا ہی ہوگا جیسا تم کہہ رہے ہو، اس کی روایت بخاری نے کی ہے۔

۱۹۹۰ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلْتُمْ عَلَی الْمَرِیْضِ فَنَفِّسُوْا لَہٗ فِی اَجَلِہٖ فَاِنَّ ذٰلِکَ لَا یَرُدُّ شَیْئًا وَیُطَیِّبُ بِنَفْسِہٖ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب تم کسی بیمار کی بیماری پرسی کو جاؤ[1] تو کہو کہ اللہ تعالیٰ تمہاری عمر دراز کرے[2]، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم فرماتے ہیں، کہ تمہارے اس طرح کرنے سے تقدیر الٰہی تو نہیں بدل سکتی (جو ہونا ہے وہ ہو کر رہے گا) لیکن اس سے بیمار کا دل خوش ہو جائے گا (اور بعض وقت اس سے اس کی بیماری میں بھی تخفیف ہو جاتی ہے اور بیمار کو بیماری کی تکلیف کم محسوس ہوتی ہے۔ اس حدیث کی روایت ترمذی اور ابن ماجہ نے کی ہے۔

۱۹۹۱ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَادَ مَرِیْضًا فَقَالَ اَبْشِرْ فَاِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی یَقُوْلُ ھِیَ نَارِیْ اُسَلِّطُھَا عَلٰی عَبْدِیْ الْمُؤْمِنِ فِی الدُّنْیَا لِتَکُوْنَ حَظَّہٗ مِنَ النَّارِ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَۃَ وَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ایک صاحب کی بیمار پرسی کے لیے تشریف لے گئے (جو بخار میں مبتلا تھے) حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ان سے فرمایا (سنو بخار کو تم سمجھتے ہو کہ یہ کیا ہے؟) میں تم کو خوشخبری دیتا ہوں، سنو! اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں کہ یہ بخار میری آگ ہے جس کو میں دنیا ہی میں اپنے

---

[1] (اس سے ایسے الفاظ کہو جن سے اس کا دل خوش ہو جائے، مثلاً یوں کہو)
[2] کوئی فکر کی بیماری نہیں ہے اللہ تعالیٰ تم کو صحت دے، ایسے دل خوش کن الفاظ کہنے سے مریض کا دل خوش ہو جاتا ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

(اَلْبَیْهَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

بندۂ مومن پر مسلط کر دیتا ہوں تاکہ قیامت کے دن اپنے گناہوں کے بدلے میں آگ میں جھونکے جانے سے بچ جائے۱؎) اس حدیث کی روایت امام احمد اور ابن ماجہ نے کی ہے اور بیہقی نے بھی اس کی روایت شعب الایمان میں کی ہے۔

۱۹۹۲ (۱۹) وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اشْتَكٰى مِنَّا اِنْسَانٌ مَسَحَهٗ بِيَمِيْنِهٖ ثُمَّ قَالَ اَذْهِبِ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ وَاشْفِ اَنْتَ الشَّافِيْ لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَاؤُكَ شِفَاءً لَّا يُغَادِرُ سَقَمًا

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی عادت شریفہ یہ تھی کہ جب ہم میں سے کوئی بیمار ہو جاتا تو حضور اپنا سیدھا ہاتھ اس بیمار پر پھیرتے، اور یہ دعا پڑھتے اَذْهِبِ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ وَاشْفِ اَنْتَ الشَّافِيْ لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَاؤُكَ شِفَاءً لَا يُغَادِرُ سَقَمًا

اے لوگوں کے پروردگار! پرورش بھی آپ ہی کرتے ہیں صحت بھی آپ ہی دیتے ہیں) آپ ہی شافی ہیں، آپ ہی اس بیمار کی (بیماری کو دور کیجئے، بیماری سے شفاء دیجئے، آپ ہی شافی ہیں، شفاء آپ ہی کے قبضہ قدرت میں ہے، آپ کے سوا کوئی شفاء دینے والا نہیں، اس مریض کو ایسی شفاء عطا فرمائیے کہ کوئی بیماری باقی نہ رہے۔ (اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

۱۹۹۳ (۲۰) وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا جَاءَ الرَّجُلُ يَعُوْدُ مَرِيْضًا فَلْيَقُلْ اَللّٰهُمَّ اشْفِ عَبْدَكَ يَنْكَأُ لَكَ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جب کوئی شخص کسی مریض کے پاس عیادت

۱؎ دنیا ہی میں یہ بخار جو مثل آگ کے ہے دوزخ کی آگ کا بدلہ ہو جائے اور آخرت میں یہ دوزخ کی آگ سے محفوظ رہے۔)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

عَدُوًّا اَوْ یَمْشِیْ لَكَ اِلٰی جَنَازَةٍ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ)

۱۹۹۴ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ اِذَا اشْتَكَى الْاِنْسَانُ[لہ] الشَّیْءَ مِنْهُ اَوْ كَانَتْ بِهٖ قَرْحَةٌ اَوْ جُرْحٌ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاِصْبَعِهٖ بِسْمِ اللّٰهِ تُرْبَةُ اَرْضِنَا بِرِیْقَةِ بَعْضِنَا یُشْفٰی سَقِیْمُنَا بِاِذْنِ رَبِّنَا۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

کو جائے تو اس کو اس مریض کے پاس یہ دعا پڑھنی چاہیئے۔

اَللّٰهُمَّ اشْفِ عَبْدَكَ یَنْكَأُ لَكَ عَدُوًّا اَوْ یَمْشِیْ لَكَ اِلٰی جَنَازَةٍ۔

الٰہی اس بیمار کو آپ شفاء دیجئے (تاکہ یہ آپ کے دین کی مدد کرے) آپ کے دین کے مخالف (جو کفار ہیں ان سے جہاد کرے) (اور مسلمانوں کی ہمدردی کرے) ان کے جنازے کے ساتھ جائے۔

اس کی روایت ابوداؤد نے کی ہے۔

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالٰی عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ جب کسی شخص کے بدن کے کسی حصہ میں کوئی بیماری لاحق ہو جاتی تو کسی کو پھوڑا ہوتا یا کوئی زخم ہو جاتا تو نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وآلہ وسلم اپنی شہادت کی انگلی پر اپنا مبارک تھوک لیتے اور اس کو زمین پر رکھتے جس سے تھوک میں مٹی مل جاتی تھی، (یہ مٹی ملی ہوئی تھوک کی، انگلی کو بیمار کی اس جگہ پر) رکھتے (جہاں کوئی درد ہو یا پھوڑا ہو یا زخم ہو، اور اس جگہ پر) ملتے ہوئے یہ دعا پڑھتے۔ بِسْمِ اللّٰهِ تُرْبَةُ اَرْضِنَا بِرِیْقَةِ بَعْضِنَا یُشْفٰی سَقِیْمُنَا بِاِذْنِ رَبِّنَا۔

اللہ تعالٰی کے نام (کی برکت) سے ہماری سرزمین کی یہ مٹی ہم میں سے کسی کے تھوک کے ذریعہ ہمارے بیمار پر لگائی (اس بیمار کے زخم پر یا اس کے پھوڑے پر جو ملی جا رہی ہے) الٰہی (اس بیمار کو) آپ کے حکم سے شفا ہو

لہ اب رہی یہ بات کہ حدیث شریف میں تھوک کو مٹی سے ملا کر یہ جو علاج کیا گیا ہے وہ ایسے اسرار میں سے ہے جن کا سمجھنا ہماری عقلوں سے باہر ہے جیسے حضور نے عمل کیا ہے، ایسے ہی عمل کرو، اور اللہ تعالٰی سے شفاء کی امید رکھو جیسا کہ اشعۃ اللمعات میں مذکور ہے

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

اس حدیث کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

١٩٩٥ وَعَنْهَا قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى ٢٢
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اشْتَكٰى نَفَثَ عَلٰى نَفْسِهٖ بِالْمُعَوِّذَاتِ وَمَسَحَ عَنْهُ بِيَدِهٖ فَلَمَّا اشْتَكٰى وَجْعَهُ الَّذِىْ تُوُفِّىَ فِيْهِ كُنْتُ اَنْفُثُ عَلَيْهِ بِالْمُعَوِّذَاتِ الَّتِىْ كَانَ يَنْفُثُ وَاَمْسَحُ بِيَدِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی عادت مبارک یہ تھی کہ جب آپ بیمار ہوتے تو معوذات یعنی سورۂ قل اعوذ برب الفلق، سورۂ قل اعوذ برب الناس (اور ان دونوں کے پہلے) قل یا ایہا الکافرون اور قل ہو اللہ احد (ان چار سورتوں کو) پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں پر پھونکتے اور دونوں ہاتھوں کو جہاں تک پہنچ سکتے اپنے جسم پر مل لیتے تھے[1]، حضرت ام المومنین فرماتی ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جب اس بیماری سے بیمار ہوئے جس میں آپ دنیا سے تشریف لے گئے[2] میں انہی معوذات کو خود پڑھتی تھی۔ اور حضور کے ہاتھوں پر پھونک کر حضور کے ہاتھوں کو ہی حضور کے جسم پر ملا کرتی تھی[3] اس حدیث کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے اور مسلم کی ایک روایت میں اس طرح مذکور ہے ام المومنین فرماتی ہیں کہ جب گھر والوں میں سے کوئی بیمار ہو جاتا

وَفِىْ رِوَايَةٍ لِّمُسْلِمٍ قَالَتْ كَانَ اِذَا مَرِضَ اَحَدٌ مِّنْ اَهْلِ بَيْتِهٖ نَفَثَ

لہ حدیث شریف میں معوذات جو جمع کا لفظ کہا گیا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ قل یا ایہا الکافرون اور قل ہو اللہ احد کو بھی معوذات میں شریک کر کے معوذات جمع کا لفظ استعمال کیا گیا ہے اگرچہ کہ سورۂ کافرون اور سورۂ اخلاص میں تعوذ کا ذکر نہیں ہے، مگر سورۂ فلق اور سورۂ ناس میں تعوذ کا ذکر ہونے سے ان دونوں سورتوں کو تغلیباً یعنے غالب کر کے سورۂ کافرون اور سورۂ اخلاص کو ضمنی طور پر معوذات میں شریک کیا گیا ہے، جیسا کہ عسقلانی سے مرقات میں مذکور ہے

ٹہ تو حضور کو معلوم ہو گیا کہ آپ اس بیماری میں دنیا سے تشریف لے جائیں گے۔ اس لیے آپ خود معوذات حسب عادت نہ پڑھتے اور نہ اپنے پر پھونک مارتے مجھے حضور کی صحت کی بے حد فکر تھی اس لیے

سہ تاکہ حضور کے ہاتھوں کی برکت سے اور ان معوذات کے پڑھنے سے حضور کو جلد صحت ہو جائے۔

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

عَلَيْهِ بِالْمُعَوِّذَاتِ ۔

۱۹۹۶ وَعَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ
۲۳ أَنَّهُ شَكَا إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَعًا يَجِدُهُ فِي
جَسَدِهِ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى
اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَعْ يَدَكَ عَلَى
الَّذِي يَأْلَمُ مِنْ جَسَدِكَ وَقُلْ
بِسْمِ اللهِ ثَلَاثًا وَقُلْ سَبْعَ مَرَّاتٍ
أَعُوذُ بِعِزَّةِ اللهِ وَقُدْرَتِهِ مِنْ
شَرِّ مَا أَجِدُ وَأُحَاذِرُ قَالَ فَفَعَلْتُ
فَأَذْهَبَ اللهُ مَا كَانَ بِي ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

تو حضور معوذات پڑھ کر بیمار پہ دم کر دیا کرتے تھے[1]

حضرت عثمان بن ابی العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی گئی ہے کہ انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا، حضور! میرے جسم کے فلاں حصہ میں درد رہتا ہے[2] ان سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ تمہارے جسم کے جس حصہ میں درد ہو رہا ہے اس حصہ پر ہاتھ رکھ کر تین دفعہ بسم اللہ کہو، اور سات دفعہ "اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ وَاُحَاذِرُ" بھی کہو اس دعا کا ترجمہ یہ ہے الٰہی! ہر چیز پر آپ غالب ہیں، کوئی چیز آپ کی قدرت سے باہر نہیں ہے مجھے یہ درد بہت ستا رہا ہے اس لیے میں آپ کی عزت اور قدرت کی پناہ میں آکر دعا کرتا ہوں کہ جس درد کو میں پا رہا ہوں اور ڈر رہا ہوں کہ یہ درد اور زیادہ نہ ہو جائے اس درد کے شر سے مجھے بچائیے اور یہ درد مجھ سے دور کر دیجئے) حضرت عثمان بن ابی العاص کہتے ہیں کہ میں نے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے اس ارشاد کی تعمیل کی، کیا کہوں! حضور کے ان سکھلائے ہوئے الفاظ میں کیا اثر تھا جیسے ہی میں نے یہ الفاظ ادا کئے، اللہ تعالیٰ نے میرے سارے درد کو دور کر دیا۔ اس کی روایت مسلم نے کی ہے۔

۱۹۹۷ وَعَنْ أَبِي سَعِيدِ نِ الْخُدْرِيِّ أَنَّ
۲۴

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ

[1] مسلم کی اس روایت سے معلوم ہوا کہ معوذات کو پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کر کے مریض کے جسم پر ملے بغیر صرف مریض کے جسم پر پھونک دینا بھی کافی ہے

[2] حضرت عثمان بن ابی العاص جسم کے جس حصہ میں درد تھا اس کی صراحت نہیں کی۔ اس لیے کہ صراحت کرنے سے کوئی فائدہ نہیں تھا

www.waseemziyai.com
MARKAZ UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

جِبْرِیْلَ اَتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ فَقَالَ یَا مُحَمَّدُ اشْتَکَیْتَ فَقَالَ نَعَمْ قَالَ بِسْمِ اللّٰہِ اَرْقِیْکَ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ یُّؤْذِیْکَ مِنْ شَرِّ کُلِّ نَفْسٍ اَوْعَیْنٍ حَاسِدٍ اَللّٰہُ یَشْفِیْکَ بِسْمِ اللّٰہِ اَرْقِیْکَ۔

(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ایک دن جبرئیل علیہ السلام رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی خدمت میں آئے (اور آپ کو کچھ بیمار پایا) تو کہا یا محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم) آپ کا مزاج کیسا ہے، کیا آپ بیمار ہیں، حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا، ہاں! (میں بیمار ہوں) تو حضرت جبرئیل علیہ السلام نے (بیماری دور ہونے کے لیے) یہ دُعا پڑھی

بِسْمِ اللّٰہِ اَرْقِیْکَ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ یُّؤْذِیْکَ مِنْ شَرِّ کُلِّ نَفْسٍ اَوْعَیْنٍ حَاسِدٍ اَللّٰہُ یَشْفِیْکَ بِسْمِ اللّٰہِ اَرْقِیْکَ ط۔

اللہ تعالیٰ کا نام لے کر آپ کے لیے دعاء کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ آپ کو ہر ایذاء دینے والی چیز سے محفوظ رکھے، ہر شخص کے شر سے اور حاسد کی نظر بد سے آپ کو بچائے، اور اللہ تعالیٰ آپ کو ہر شفاء عطاء فرمائے، الٰہی میں آپ کے نام سے پھر دعا کرتا ہوں کہ حضور ہر مرض سے محفوظ رہیں۔ (اس کی روایت مسلم نے کی ہے۔

۱۹۹۸
۲۵ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُعَوِّذُ الْحَسَنَ وَ الْحُسَیْنَ اُعِیْذُ کُمَا بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّۃِ مِنْ کُلِّ شَیْطَانٍ وَّھَامَّۃٍ وَّمِنْ کُلِّ عَیْنٍ لَامَّۃٍ وَ یَقُوْلُ اِنَّ اَبَاکُمَا کَانَ یُعَوِّذُ بِھَا اِسْمٰعِیْلَ وَ اِسْحٰقَ۔

(رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ حضرت حسن اور حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم اللہ تعالیٰ کی پناہ میں دیتے تھے، وہ الفاظ یہ تھے۔[1]

اُعِیْذُ کُمَا بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّۃِ مِنْ کُلِّ شَیْطَانٍ وَّھَامَّۃٍ وَّمِنْ کُلِّ عَیْنٍ لَامَّۃٍ ط

(حسن اور حسین) تم دونوں کو میں اللہ تعالیٰ

---

[1] جب بچے ننھے تو ان کی حفاظت کے لیے ذیل کے الفاظ فرما کر ان دونوں صاحبزادوں کی حفاظت کی دعا فرمائی

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کے کلمات تامہ (یعنی اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ اور آسمانی کتابیں جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے اتاری گئی ہیں اور جو ہر قسم کے نقصان سے پاک ہیں ان) کی حفاظت میں دیتا ہوں ہر (سرکش ضرر رساں جنات اور انسان اور) شیطان (کے شر) سے اور ہر موذی جانور (کے شر سے بھی اور ہر نظر بد (کے شر) سے بھی (جو طرح طرح کے نقصان پہنچاتی ہے)

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم یہ فرماتے تھے[1] تمہارے باپ (حضرت ابراہیم علیہ السلام بھی حضرت اسمٰعیل اور حضرت اسحاق علیہما السلام (کی تمام آفات سے حفاظت) کے لیے یہی دعا پڑھا کرتے تھے، اس کی روایت بخاری نے کی ہے۔

۱۹۹۹ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ
۲۶
صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَعُوْدُ مُسْلِمًا فَيَقُوْلُ سَبْعَ مَرَّاتٍ اَسْأَلُ اللهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَنْ يَشْفِيَكَ اِلَّا شُفِيَ اِلَّا اَنْ يَكُوْنَ قَدْ حَضَرَ اَجَلُهٗ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ اگر کوئی مسلمان کسی مسلمان کی بیمار پرسی کے لیے جا کر اس کے پاس بیٹھ کر ذیل کی دعا سات مرتبہ پڑھے، تو اللہ تعالیٰ اس بیمار کو ضرور اس بیماری سے شفاء عطاء فرمائیں گے ہاں اگر اس شخص کی موت ہی آ گئی ہو تو وہ اور بات ہے (موت کا وقت ٹل نہیں سکتا) وہ مذکورہ دعاء یہ ہے۔

اَسْأَلُ اللهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَنْ يَشْفِيَكَ ط۔

(بیمار کی طرف متوجہ ہو کر کہے) بڑی عظمت والے خدا سے جو عرش عظیم کا رب ہے درخواست

---

[1] بٹیا حسن و حسین جیسے ہیں تم دونوں کی حفاظت کے لیے مذکور الصدر دعا پڑھا کرتا ہوں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کرتا ہوں کہ وہ تم کو تمہارے اس مرض سے جلد شفاء دے۔ (اس کی روایت ابو داؤد اور ترمذی نے کی ہے۔)

۲۰۰۰/۲۷ وَعَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُعَلِّمُهُمْ مِنَ الْحُمّٰى وَ مِنَ الْاَوْجَاعِ كُلِّهَا اَنْ يَّقُوْلُوْا بِسْمِ اللّٰهِ الْكَبِيْرِ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ مِنْ شَرِّ كُلِّ عِرْقٍ نَعَّارٍ وَمِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم بخار اور تمام دردوں کے لیے مریض کو اور مریض کی عیادت کرنے والوں کو ذیل کی دعا سکھایا کرتے تھے کہ مریض بھی اور عیادت کرنے والے بھی اس دعا کو پڑھا کریں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الْکَبِیْرِ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ الْعَظِیْمِ مِنْ شَرِّ کُلِّ عِرْقٍ نَعَّارٍ وَمِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ۔

اگر کوئی بیمار یہ دعا پڑھے تو یہ نیت کرے کہ) میں بڑی شان والے اللہ کے نام کی برکت سے عظمت والے اللہ کی پناہ میں آتا ہوں (اور اگر کوئی عیادت کرنے والا اس دعا کو پڑھنا چاہے تو وہ اس دعا کو اس نیت سے پڑھے کہ) میں بڑی شان والے اللہ کے نام کی برکت سے اس بیمار کو عظمت والے اللہ کی پناہ میں دیتا ہوں، ہر رگ کے شر سے جس میں خون جوش مار رہا ہو (جو سبب بنتا ہے بخار کا اور سارے دردوں کا اور بخار کی حرارت جو کہ نمونہ ہے) دوزخ کی آگ کا (اس سے اللہ تعالیٰ مریض کو بچائے) (اس کی روایت ترمذی نے کی ہے)

۲۰۰۱/۲۸ وَعَنْ اَبِي الدَّرْدَآءِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنِ اشْتَكٰى مِنْكُمْ شَيْئًا اَوِ اشْتَكَاهُ اَخٌ لَهٗ فَلْيَقُلْ رَبُّنَا اللّٰهُ الَّذِيْ فِي السَّمَآءِ تَقَدَّسَ اِسْمُكَ

حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو ارشاد فرماتے سنا ہے کہ جو شخص خود بیمار ہو، یا اس کا کوئی دوست بیمار ہو گیا ہو تو ذیل کی دعا خود بیمار

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

أَمْرُكَ فِي السَّمَآءِ وَالْأَرْضِ كَمَا رَحْمَتُكَ فِي السَّمَآءِ فَاجْعَلْ رَحْمَتَكَ فِي الْأَرْضِ اِغْفِرْ لَنَا حُوْبَنَا وَخَطَايَانَا أَنْتَ رَبُّ الطَّيِّبِيْنَ أَنْزِلْ رَحْمَةً مِّنْ رَّحْمَتِكَ وَشِفَآءً مِّنْ شِفَائِكَ عَلٰى هٰذَا الْوَجْعِ فَيَبْرَأُ۔

(رَوَاهُ أَبُوْدَاوُد)

پڑھے یا بیمار پرسی کے لیے جانے والا بیمار کے پاس بیٹھ کر) پڑھے،

ہمارا پروردگار وہ ہے کہ جس کی بلا شرکت غیرے آسمانوں میں عبادت کی جاتی ہے، ایسا ہی زمین میں بھی اس کی عبادت ہوتی ہے مگر معبودانِ باطلہ بھی زمین پر عبادت میں شریک کر لیے جاتے ہیں اس طرح آسمانوں میں نہیں ہے، اس لیے کہا گیا ہے کہ) ہمارا پروردگار تو وہ ہے جو آسمانوں میں ہے (آپ کی ذات کی طرح) آپ کا نام بھی پاک ہے (کہ جو آپ کا نام لیتا ہے اس کا دل بھی پاک ہو جاتا ہے) آپ کی حکومت جیسے آسمانوں میں ہے، ویسے زمین پر بھی ہے (مگر آسمان والے گناہوں سے پاک ہونے کی وجہ سے آپ کی رحمت خاص انہی پر ہے، اگرچہ زمین والے گناہوں کی وجہ سے آپ کی رحمت کے مستحق نہیں ہیں مگر محض اپنے فضل و کرم سے) آپ زمین والے پر بھی اپنی رحمت نازل کیجئے، ہمارے کبیرہ گناہوں کو اور ہماری خطاؤں کو معاف کر دیجئے (تاکہ ہم آپ کی رحمت کے مستحق ہو جائیں اور گناہ معاف ہونے کی وجہ سے ہمارا شمار بھی پاک لوگوں میں ہو جائے) آپ پاکوں کے پروردگار ہیں اگر ہم پر آپ کا فضل و کرم ہو جائے تو ہم بھی پاک ہو جاتے ہیں، جیسے آپ کی رحمت پاک لوگوں پر ہے ایسا ہی ہم پر بھی! آپ کی رحمتوں میں سے رحمت نازل ہو اور (گناہوں کی شامت سے ہم بیماریوں میں مبتلا ہو گئے ہیں جب آپ نے ہمارے گناہ معاف کر دیئے ہیں تو آپ جو شفاء نازل فرمانے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ہیں اس میں سے ہمارے مریض کی) اس تکلیف پر بھی شفاء نازل فرمایئے (تاکہ ہمارا مریض صحت یاب ہو جائے۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں کہ) اس طرح (دُعا کرنے) سے بیمار کو شفاء ہو جائے گی۔ اس حدیث کی روایت ابو داؤد نے کی ہے۔

۲۰۰۲
۲۹ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ قَالَ عَادَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ وَجَعٍ كَانَ بِعَيْنِي رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُو دَاوُدَ وَفِي رِوَايَةِ الْبَيْهَقِيِّ وَالطَّبَرَانِيِّ مَرْفُوعًا ثَلَاثَةٌ لَيْسَ لَهُمْ عِيَادَةٌ الْعَيْنُ وَالرَّمَدُ وَالضِّرْسُ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ (ایک دفعہ) مجھے آشوبِ چشم ہو گیا تھا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے آشوبِ چشم کی وجہ سے میری عیادت فرمائی[1]، اس حدیث کی روایت امام احمد اور ابو داؤد نے کی ہے، اس بیہقی اور طبرانی کی ایک روایت میں مرفوعاً مروی ہے کہ تین بیماریاں ایسی ہیں جن کے لیے عیادت کرنا (سنت مؤکدہ) نہیں[2] ہے۔

۲۰۰۳
۳۰ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ

---

[1] اگرچہ کہ اور بیماریوں میں عیادت سنت مؤکدہ ہے (جیسا کہ مرقات میں شرعۃ الاسلام کے حوالہ سے مذکور ہے مگر آشوبِ چشم میں جو عیادت کی گئی تھی وہ سنت مؤکدہ نہیں ہے

[2] آشوبِ چشم کی وجہ سے حضور جو عیادت فرماتے ہیں وہ نفل اور عبادتوں کے سنت مؤکدہ نہیں تھی

[3] اس سے یہ نہ سمجھا جائے کہ ان تین بیماریوں میں عیادت کرنا ممنوع ہے بلکہ ان تین بیماریوں میں کوئی عیادت کرے تو جائز ہے، ہاں سنت مؤکدہ نہیں ہے، اسی وجہ سے آشوبِ چشم کے مرض کی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم عیادت فرماتے ہیں وہ تین بیماریاں جن میں عیادت کرنا سنت مؤکدہ نہیں ہے، بلکہ جائز ہے اور ممنوع نہیں ہے وہ یہ ہیں آنکھ میں درد ہو یا آشوبِ چشم ہو یا داڑھ کا درد ہو، اسی لیے مرقات میں ازھار سے نقل کیا ہے کہ وہ تمام بیماریاں جن میں کوئی خوف کی بات نہ ہو، جیسے سر کا درد یا دنبل وغیرہ ان کی بھی عیادت ممنوع نہیں ہے، سنت مؤکدہ بھی نہیں ہے، بلکہ جائز ہے چاہیں تو کر سکتے ہیں، ان امراض میں بھی عیادت کرنے سے عیادت کا ثواب ملے گا)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

مَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ بِهٖ خَيْرًا يُّصِبْ مِنْهُ .

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ (مصیبتیں ہمیشہ گناہوں کی وجہ سے ہی نہیں آیا کرتی ہیں، کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ) جب اللہ تعالیٰ کسی بندہ کے ساتھ بھلائی کا ارادہ کرتے ہیں تو اس پر مصیبتیں اتارتے ہیں[1] اس کی روایت بخاری نے کی ہے۔

۲۰۰۴
۳۱
وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الرَّبَّ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى يَقُوْلُ وَعِزَّتِيْ وَجَلَالِيْ لَا اُخْرِجُ اَحَدًا مِّنَ الدُّنْيَا اُرِيْدُ اَغْفِرُ لَهٗ حَتّٰى اَسْتَوْفِيَ كُلَّ خَطِيْئَةٍ فِيْ عُنُقِهٖ بِسَقَمٍ فِيْ بَدَنِهٖ وَاِقْتَارٍ فِيْ رِزْقِهٖ .

(رَوَاهُ رَزِيْنٌ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے (یہ حدیث قدسی اسی طرح) مروی ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ جو تمام عالم کا پرورش کرنے والا ہے پاک ہے اور بڑی شان والا ہے وہ قسم کھا کر اس طرح ارشاد فرماتا ہے، (اس سے آئندہ مضمون کی اہمیت کا اندازہ کرو، وہ ارشاد یوں ہو رہا ہے، میری عزت وجلال کی قسم! جب میں کسی بندہ کو کہ جس سے میں راضی ہوتا ہوں اور اس کی مغفرت کرنی چاہتا ہوں تو میں اس کو دنیا سے اس وقت تک نہیں لے جاتا جب تک کہ اس کے جسم میں بیماری دے کر اور اس پر اس کی روزی تنگ کر کے اس کو اس کے گناہوں سے پاک وصاف نہ کر دوں[2] اس حدیث کی روایت رزین نے کی ہے۔

[1] کبھی مال کا نقصان ہوتا ہے، کبھی اولاد کی وجہ سے پریشانی آتی ہے اور کبھی خوف پر آفتیں آتی ہیں، اس کی وجہ سے اس کو گناہوں سے پاک کرتے ہیں اور اس کے درجے بلند کرتے ہیں، اے مصیبت زدہ جب تجھ پر مصیبتیں آئیں تو گھبرانا نہیں، بہت استقلال کے ساتھ برداشت کئے جانا، اللہ تعالیٰ سے ہمیشہ راضی اور خوش رہنا، پھر دیکھ کیسے تجھ پر خدا کی مہربانی ہوتی ہے تجھے گناہوں سے پاک کرتے ہیں اور آخرت میں بڑے درجے دیتے ہیں

[2] اے وہ شخص جو بیماریوں میں مبتلا ہے یا روزی کی وجہ سے پریشان ہے، یہ ارشاد سن کر بہت استقلال کے ساتھ برداشت کئے جانا، ان سب مصیبتوں کو اللہ کی مہربانی کا سبب سمجھنا، دنیا چند روزہ ہے ختم ہو جائے گی، ان مصیبتوں کی وجہ سے اللہ تعالیٰ تجھ سے راضی اور خوش رہے گا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

۲۰۰۵ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا یُصِیْبُ الْمُسْلِمُ مِنْ نَصَبٍ وَ لَا وَصَبٍ وَلَا هَمٍّ وَلَا حُزْنٍ وَلَا اَذًی وَلَا غَمٍّ حَتّٰی الشَّوْکَۃِ یُشَاکُهَا اِلَّا کَفَّرَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ خَطَایَاهُ۔
۳۲

(مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں[۱] جس مسلمان کو کسی زخم سے یا پھوڑے پھنسی کی وجہ سے تکلیف ہو یا اس کو کوئی دائمی مرض ہو گیا ہو جس سے اس کو تکلیف ہوتی رہتی ہے اور طرح طرح کے افکار سے گھل رہا ہو، یا مرغوب چیز کے نہ ملنے سے رنج ہو، یا کسی سے کوئی ایذا پہنچ رہی ہو یا کسی وجہ سے غمگین ہو رہا ہو چھوٹی سی چھوٹی مصیبت میں مبتلا ہو مثلاً) کانٹا چبھ گیا ہو، اور کھٹک رہا ہو تو اللہ تعالٰی تیرے گناہ مٹا رہے ہیں[۲] اس حدیث کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

۲۰۰۶ وَعَنْ عَامِرِ الرَّامِ قَالَ ذَکَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْاَسْقَامَ فَقَالَ اِنَّ الْمُؤْمِنَ اِذَا اَصَابَهُ السُّقْمُ ثُمَّ عَافَاهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ مِنْهُ کَانَ کَفَّارَۃً لِّمَا مَضٰی مِنْ ذُنُوْبِهٖ وَ مَوْعِظَۃً لَّهٗ فِیْمَا یَسْتَقْبِلُ وَاِنَّ الْمُنَافِقَ اِذَا مَرِضَ ثُمَّ اُعْفِیَ کَانَ کَالْبَعِیْرِ
۳۳

حضرت عامر الرام رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ (ایک دن) رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم بیماریوں کا ذکر فرما رہے تھے (اثناء ذکر میں بیماریوں کی فضیلت اس طرح بیان فرمائی کہ جب کوئی مسلمان بیمار ہو جاتا ہے اور بیماریوں کی سختی جھیلنے کے بعد اس کو شفاء ہو جاتی ہے تو اس بیماری سے اس کے گزشتہ گناہ مٹا دیئے جاتے ہیں اور اس کو نصیحت ہوتی

---

[۱] مسلمانو تم سمجھتے ہو گے کہ تم کو جو مصیبت اور تکلیف پہنچتی ہے اس کا کچھ صلہ نہیں ہے! نہیں! تم نے جو خدا کا دین قبول کیا ہے اس کی وجہ سے اللہ تعالٰی کے پاس تمہاری بڑی قدر ہے، سنو!

[۲] اے مسلمان یہ نہ سمجھنا کہ تیری یہ ساری تکالیف رائیگاں جا رہی ہیں، نہیں، نہیں! تیری ہر تکلیف کے بدلہ میں دو گنا

[۳] تجھ کو گناہوں سے پاک و صاف کر کے دنیا سے لے جانا چاہتے ہیں خوب سمجھ لے کہ محبوب کی مار میں بھی لذت ملتی ہے، یہ سب تکالیف خدا کی طرف سے ہو رہی ہیں، سمجھ کر تجھے ان تکالیف میں لذت لینا چاہیئے اگر لذت نہ لے سکے تو یہ تو سمجھنا چاہیئے کہ ان سب تکلیفوں کا مجھے صلہ مل رہا ہے اور گناہ معاف ہو رہے ہیں تو تجھے صبر کرنا چاہیئے

عَقَلَهُ اَهْلُهُ ثُمَّ اَرْسَلُوْهُ فَلَمْ يَدْرِ لِمَ عَقَلُوْهُ وَلِمَ اَرْسَلُوْهُ فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللهِ وَمَا الْاَسْقَامُ وَاللهِ مَا مَرِضْتُ قَطُّ فَقَالَ قُمْ عَنَّا فَلَسْتَ مِنَّا۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

ہے آئندہ کے لیے[1] بخلاف منافق کے (کہ اس کو اللہ تعالیٰ کا خوف نہیں) جب وہ بیمار ہو کر اچھا ہو جاتا ہے تو اس کی مثال اس اونٹ کی طرح ہے کہ جس کو اس کے مالک نے باندھ کر پھر چھوڑ دیا ہو، وہ نہیں جانتا کہ اس کو کس لیے باندھا تھا اور کس لیے اس کو چھوڑ دیا[2]، ایک شخص نے کہا، یا رسول اللہ! (آپ بیماری کی فضیلت تو بیان فرما رہے ہیں مگر) مجھے خبر نہیں کہ بیماری کیا ہے، خدا کی قسم! میں کبھی بیمار نہیں ہوا (حضور کو کشف نبوت سے معلوم ہوا کہ وہ منافق ہے اس لیے ارشاد فرمایا) تم ہمارے پاس سے اٹھ جاؤ، معلوم ہوتا ہے کہ تم مسلمان نہیں ہو (بیماری کی جو فضیلت بیان کی تم اس کا مذاق اڑا رہے ہو، مسلمان کی یہ شان نہیں ہوتی) اس حدیث کی روایت ابو داؤد نے کی ہے۔

۲۰۰۷/۳۲ وَعَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ قَالَ اِنَّ رَجُلًا جَاءَهُ الْمَوْتُ فِيْ زَمَنِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَجُلٌ هَنِيْئًا لَهُ مَاتَ وَلَمْ يُبْتَلَ بِمَرَضٍ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيْحَكَ مَا يُدْرِيْكَ لَوْ اِنَّ اللهَ ابْتَلَاهُ بِمَرَضٍ فَكَفَّرَ عَنْهُ مِنْ سَيِّاٰتِهِ۔

حضرت یحییٰ بن سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں ایک صاحب (جو کسی بیماری سے بیمار نہیں تھے) اچانک ان کا انتقال ہو گیا تو (ان کے انتقال کی کیفیت سن کر) ایک صاحب کہنے لگے، واہ، واہ، کیا اچھی موت ہے! بیماری سے کسی قسم کی تکلیف اٹھائے بغیر ان کی موت ہو گئی (یہ سن کر) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا، بڑے

لہ کہ گناہوں کی شامت سے بیماریاں آئی تھیں اللہ کا شکر ہے کہ بیماری سے شفاء ہو گئی اور گناہ مٹا دیے گئے۔ آئندہ مجھے گناہ نہ کرنا چاہیئے مسلمان کو اللہ تعالیٰ کا خوف ہوتا ہے، اس لیے وہ اس طرح کی نصیحت لیتا ہے۔

ﮯ ایسے ہی منافق کو خبر ہی نہیں کہ کیوں بیمار کیا گیا اور کیوں شفاء دی گئی، نہ گزشتہ گناہوں پر نادم ہوتا ہے اور نہ آئندہ کے لیے اس کو نصیحت ہوتی ہے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

(رَوَاهُ مَالِكٌ مُرْسَلًا)

افسوس کی بات ہے! (بغیر بیماری کے مرنے کی تم تعریف کر رہے ہو) تم کو کچھ خبر بھی ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ ان کو کسی بیماری میں مبتلا کرتے تو بیماری کی وجہ سے ان کے گناہ مٹا دیے جاتے۔ اس حدیث کی روایت مرسلاً امام مالک نے کی ہے۔

۲۰۰۸/۳۵ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا كَثُرَتْ ذُنُوْبُ الْعَبْدِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ مَا يُكَفِّرُهَا مِنَ الْعَمَلِ ابْتَلَاهُ اللّٰهُ بِالْحُزْنِ لِيُكَفِّرَهَا عَنْهُ۔

(رَوَاهُ أَحْمَدُ)

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے، وہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جب کسی بندہ کے گناہ کثرت سے ہو جاتے ہیں اور اس کا کوئی ایسا نیک عمل نہیں ہوتا کہ جو اس کے گناہوں کو مٹا دے تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے ایسے حالات پیدا کر دیتے ہیں کہ جس سے وہ (پریشانی اور رنج اور فکر و) غم میں مبتلا ہو جاتا ہے اس کے گناہوں کو مٹا دیتے ہیں[2]۔ اس حدیث کی روایت امام احمد نے کی ہے۔

۲۰۰۹/۳۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُوْعَكُ فَمَسِسْتُهٗ بِيَدِيْ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّكَ لَتُوْعَكُ وَعْكًا شَدِيْدًا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَجَلْ إِنِّيْ أُوْعَكُ كَمَا يُوْعَكُ رَجُلَانِ مِنْكُمْ قَالَ فَقُلْتُ ذٰلِكَ لِأَنَّ لَكَ

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ (ایک دن) میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت مبارک میں حاضر ہوا، تو کیا دیکھتا ہوں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو سخت بخار چڑھا ہوا ہے، میں نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو ہاتھ لگا کر دیکھا اور عرض کیا، یا رسول اللہ! آپ کو جب بخار آتا ہے تو بہت سخت بخار آتا ہے۔ رسول اللہ

لہ یہ گناہوں سے پاک ہو کر مرتے، اس نعمت سے یہ محروم رہے بغیر بیماری کے مرنے میں تعریف کی کیا بات ہے۔

ٹہ اے مسلمان! سنا اللہ تعالیٰ کس طرح تجھ پر مہربان ہیں، تیرے گناہوں کو مٹا دینے کے لیے کس طرح سامان مہیا کرتے ہیں اے ناشکرے انسان! تجھے اس کی قدر نہیں، جب تجھ پر پریشانی اور رنج اور فکر و غم آ جاتے ہیں تو اس کی قدر نہیں کرتا، بلکہ زبان سے یا دل سے، خدائے تعالیٰ کی شکایت کرتا ہے، تجھے خدائے تعالیٰ کا شکر کرنا چاہیے کہ تیرے گناہوں کے مٹانے کے لیے اسباب مہیا کر دیئے ہیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

اَجْرَیْنِ فَقَالَ اَجَلْ ثُمَّ قَالَ مَا مِنْ مُّسْلِمٍ یُّصِیْبُهٗ اَذًی مِّنْ مَّرَضٍ فَمَا سِوَاهُ اِلَّا حَطَّ اللّٰهُ تَعَالٰی بِهٖ سَیِّاٰتِهٖ كَمَا تَحُطُّ الشَّجَرَةُ وَرَقَهَا۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا ہاں! مجھے بخار اتنا ہوتا ہے جتنا تم میں سے دو آدمیوں کو ہوتا ہے میں نے عرض کیا، کہ حضور! کیا اس کی وجہ یہ ہے آپ کو دو شخصوں کے برابر بخار دے کر دگنا اجر و ثواب دیا جاتا ہے، تو حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم فرمایا ہاں! ایسا ہی ہے، پھر حضور نے ارشاد فرمایا (سنو ابن مسعود! اللہ تعالیٰ کی مہربانی کیا کہوں، مجھے تو دوہرا اجر و ثواب دیتے ہیں مگر) مسلمان کو (اجر و ثواب دینے کے سوا) جب کسی بیماری کی وجہ سے یا کوئی اور وجہ سے ایذاء اور تکلیف پہنچتی ہے تو اس کے بدلہ میں اللہ تعالیٰ اس کے گناہ ایسا جھڑاتے ہیں جیسے خزاں میں (تیزی سے) جھاڑ کے پتے جھڑتے رہتے ہیں (پتے جھڑتے کے بعد جھاڑ جیسے ہو جاتا ہے) ایسا ہی مسلمان گناہوں کے جھڑنے سے پاک وصاف ہو جاتا ہے اس حدیث کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

۲۰۱۰ وَعَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ
۳۷ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلْتَ عَلٰی مَرِیْضٍ فَمُرْهُ یَدْعُوْ لَكَ فَاِنَّ دُعَاءَهٗ كَدُعَاءِ الْمَلٰٓئِكَةِ۔

(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرمایا کہ جب تم کسی بیمار کے پاس جاؤ تو بیمار سے کہو کہ وہ تمہارے لیے دعا کرے کیونکہ (بیمار بیماری کی وجہ سے گناہوں سے فرشتوں کی طرح پاک ہو جاتا ہے اور اسی لیے) فرشتوں کی دعا کی طرح بیمار کی دعا قبول ہوتی ہے (ایسی حالت میں تم جب بیمار سے دعا کرواؤ گے تو بیمار کی دعا تمہارے لیے مقبول ہوگی) اس حدیث کی روایت ابن ماجہ نے کی ہے

۲۰۱۱ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ
۳۸ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَرَادَ

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

اللّٰہُ تَعَالٰی بِعَبْدِہٖ الْخَیْرَ عَجَّلَ لَہُ الْعُقُوْبَۃَ فِی الدُّنْیَا وَاِذَا اَرَادَ اللّٰہُ بِعَبْدِہٖ الشَّرَّ اَمْسَکَ عَنْہُ بِذَنْبِہٖ حَتّٰی یُوَافِیَہٗ بِہٖ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)

تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جب (کسی بندے کے نیک اعمال اللہ تعالیٰ کو پسند آجاتے ہیں اور وہ اس سے راضی ہو جاتے ہیں اور) اللہ چاہتے ہیں کہ (آخرت میں) اس بندے کے ساتھ بھلائی کی جائے (اور آخرت میں اس کو راحت و آرام سے رکھا جائے) تو (اس کے جو گناہ ہیں ان کی) سزا جلدی کر کے اللہ تعالیٰ اس کو دنیا ہی میں دیدیتے ہیں[1]، اور جب کسی بندے (کے برُے اعمال کی وجہ سے اللہ تعالیٰ اس سے ناراض ہو جاتے ہیں اور) اللہ چاہتے ہیں کہ پوری سزا دی جائے تو دنیا میں اس کے گناہوں کی سزا نہیں دیتے (بلکہ راحت و آرام سے دنیا میں رکھتے ہیں تاکہ) آخرت میں وہ اپنے گناہوں کی پوری پوری سزا پائے اس کی روایت ترمذی نے کی ہے۔

۲۰۱۲ / ۳۹ وَعَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِیْ رَبَاحٍ قَالَ قَالَ لِیْ اِبْنُ عَبَّاسٍ اَلَا اُرِیْکَ اِمْرَاَۃً مِّنْ اَھْلِ الْجَنَّۃِ قُلْتُ بَلٰی قَالَ ھٰذِہِ الْمَرْاَۃُ السَّوْدَاءُ اَتَتِ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ اِنِّیْ اُصْرَعُ وَاِنِّیْ اَتَکَشَّفُ فَادْعُ اللّٰہَ فَقَالَ اِنْ شِئْتِ صَبَرْتِ وَلَکِ الْجَنَّۃُ وَاِنْ شِئْتِ دَعَوْتُ اللّٰہَ اَنْ یُّعَافِیَکِ فَقَالَتْ اَصْبِرُ فَقَالَتْ اِنِّیْ اَتَکَشَّفُ فَادْعُ اللّٰہَ اَنْ لَّا اَتَکَشَّفَ فَدَعَا لَھَا۔

حضرت عطاء بن ابی رباح رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ (ایک روز) حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے مجھ سے فرمایا عطاء کیا میں تم کو ایک جنتی عورت دکھاؤں میں نے عرض کیا ضرور دکھائیے، تو حضرت ابن عباس نے فرمایا: دیکھو! یہ کالی حبشن عورت ہے، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر اس نے عرض کیا تھا، یارسول اللہ! میں مرگی کی بیماری میں مبتلا ہوں جب مجھے مرگی کا دورہ ہوتا ہے تو میں بے ہوش ہو کر گر پڑتی ہوں اور) برہنہ ہو جاتی ہوں[2]

---

[1] دنیا میں طرح طرح کی پریشانیاں اور بیماریاں اور رنج دے کر اس کے گناہوں کو مٹا کر اس کو پاک و صاف کر کے آخرت میں راحت و آرام سے رکھتے ہیں

[2] اور اس سے بہت پریشان ہوتی ہوں۔ کیا کروں اس مرض سے کیسے نجات ملے گی صرف آپ کی دعا کا بھروسہ ہے، اس لیے عرض کرتی ہوں کہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

آپ میرے لیے دعاء فرمائیں، یہ سن کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا سنو! (اگر تم اس مرض مرگی پر صبر کرو گی تو اس کے بدلہ میں تم کو جنت ملے گی اور اگر تم یہ چاہتی ہو کہ میں تمہارے لیے اللہ تعالیٰ سے دعاء کروں کہ اس مرض مرگی سے تمہیں اللہ تعالےٰ شفاء دیں تو دعا کرتا ہوں (اللہ تعالیٰ شافی ہیں وہ تم کو شفا دیدیں گے) اس عورت نے عرض کیا حضورﷺ! آپ میرے لیے دعاء فرمائیں کہ (میں جو مرض کی وجہ سے برہنہ ہو جاتی ہوں یہ نوبت نہ آئے اور) میں برہنہ ہو جاؤں تو حضورﷺ نے اس کے لیے (برہنہ نہ ہونے کی) دعا فرمائی۔ (اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

۲۰۱۳ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيْرِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ ابْنِ اٰدَمَ وَاِلٰى جَنْبِهٖ تِسْعٌ وَّتِسْعُوْنَ مَنِيَّةً اِنْ اَخْطَاَتْهُ الْمَنَايَا وَقَعَ فِى الْهَرَمِ حَتّٰى يَمُوْتَ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

عبد اللہ بن شخیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے (ایک دن) ارشاد فرمایا کہ انسان کثرت سے مہلک بلاؤں میں گھرا ہوا ہے، جن میں سے ہر ایک موت کا سبب ہوتی ہے[۳] اگر ان تمام بلاؤں سے بچ کر نکل بھی گیا تو بڑھاپے میں پھنس جاتا ہے، (جو ساری بلاؤں کا جامع ہے) اور پھر بڑھاپا ایک دن انسان کو موت تک پہنچا کر رہتا ہے[۴] اس حدیث کی روایت ترمذی نے کی ہے۔

---

[۱] کہ اس مرض مرگی سے مجھے شفاء ہو جائے تاکہ میں برہنگی سے بچ جاؤں۔
[۲] میں اس بیماری پر صبر کر کے جنت ہی لینا چاہتی ہوں صرف اتنا عرض کرتی ہوں کہ
[۳] اگر ایک بلاء سے بچ گیا ہو تو کیا ہوا، دوسری بلاء میں گرفتار ہو جاتا ہے، پھر کسی نہ کسی بلاء کی وجہ سے موت کا شکار ہو جاتا ہے
[۴] اے غافل انسان! دیکھ یہ تیری زندگی کا خلاصہ ہے کب تک تو غفلت میں رہے گا، ہر وقت تو موت کے لیے تیار رہ اور ہمیشہ سفر آخرت کی تیاری میں لگا رہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

۲۰۱۴ / ۴۱ وَعَنْ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ الْمُؤْمِنِ كَمَثَلِ الْخَامَةِ مِنَ الزَّرْعِ تُفِيْئُهَا الرِّيَاحُ تَصْرَعُهَا مَرَّةً وَتَعْدِلُهَا أُخْرٰى حَتّٰى يَأْتِيَ أَجَلُهٗ وَمَثَلُ الْمُنَافِقِ كَمَثَلِ الْأَرْزَةِ الْمُجْذِيَةِ الَّتِيْ لَا يُصِيْبُهَا شَيْءٌ حَتّٰى يَكُوْنَ اِنْجِعَافُهَا مَرَّةً وَّاحِدَةً.

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت کعب بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں، مسلمان کی مثال ایسی ہے جیسے (دھان کا) تروتازہ کھیت، جس کی ہوائیں جھونکے دیتی رہتی ہیں کبھی گرا دیتی ہیں، اور کبھی سیدھا کر دیتی ہیں یہاں تک کہ وہ خشک ہو جاتا ہے[1]، اور منافق کی مثال ایسی ہے جیسے صنوبر کا درخت جو اپنی جڑ پر قائم رہتا ہے، ہوائیں اس کو اِدھر اُدھر نہیں جھکا سکتیں اور (آخر کار جب گرتا ہے تو) ایک دم جڑ سے اکھڑ کر گر جاتا ہے[2]۔ اس حدیث کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

۲۰۱۵ / ۴۲ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ الْمُؤْمِنِ كَمَثَلِ الزَّرْعِ لَا تَزَالُ الرِّيْحُ تُمِيْلُهٗ وَلَا يَزَالُ الْمُؤْمِنُ يُصِيْبُهُ الْبَلَاءُ مَثَلُ الْمُنَافِقِ كَمَثَلِ شَجَرَةِ الْأَرْزَةِ لَا تَهْتَزُّ حَتّٰى تُسْتَحْصَدَ.

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ مومن کی مثال ایسی ہے جیسے کھیتی کہ ہوائیں اس کو اِدھر اُدھر جھونکے دیتی رہتی ہیں (کبھی گرا دیتی ہیں اور کبھی سیدھا کر دیتی ہیں) ایسے ہی مسلمان پر بھی تکلیفیں اور بیماریاں آتی رہتی ہیں (تاکہ اس کو گناہوں سے پاک کریں) اور منافق کی مثال ایسی ہے جیسے صنوبر کا درخت جو اِدھر اُدھر ہلتا ہی نہیں، یہاں تک کہ کاٹ دیا جاتا ہے (تو گر پڑتا ہے ایسا ہی منافق اکثر تندرست رہتا ہے اور جب موت آتی ہے تو اچانک مر جاتا ہے، اسی وجہ سے اپنے گناہوں

---

[1] ایسے ہی مسلمان کہ اس پر حوادثات اور طرح طرح کی بیماریاں آتی رہتی ہیں (تاکہ اس کو گناہوں سے پاک کریں، کبھی بیمار پڑ جاتا ہے، اور کبھی تندرست ہو کر کھڑا ہو جاتا ہے، ایسا ہوتے ہوتے اس کی موت آجاتی ہے۔

[2] ایسا ہی منافق اکثر تندرست رہتا ہے، بیماریاں اس کو کم آتی ہیں، اس وجہ سے وہ گناہوں سے پاک نہیں ہوتا ہے اور آخر کار اس پر ایک دم موت کا حملہ ہوتا ہے اور وہ مر جاتا ہے۔

MARKAZ-UL-OLOOMI ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

سے دنیا میں پاک نہیں ہوتا اور آخرت میں اپنے گناہوں کی پوری پوری سزا پاتا ہے) اس حدیث کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

۲۰۱۶ ۴۳ وَعَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ مَا رَأَیْتُ اَحَدًا اَلْوَجَعُ عَلَیْہِ اَشَدُّ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ[1] میں نے کسی کو نہیں دیکھا کہ اُس کو بیماری میں درد اور تکلیف اتنی ہوتی ہو جتنی کہ تکلیف رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو ہوتی تھی[2] اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے

۲۰۱۷ ۴۴ وَعَنْہَا قَالَتْ مَاتَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَیْنَ حَاقِنَتِیْ وَذَاقِنَتِیْ فَلَآ اَکْرَہُ شِدَّۃَ الْمَوْتِ لِاَحَدٍ اَبَدًا بَعْدَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔

(رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی وفات[3] میری ہنسلی کی ہڈی اور ٹھوڑی کے درمیان ہوئی[4] ہیں کسی کے سکرات کی تکلیف کو بُرا نہیں سمجھتی[5] اس حدیث کی روایت بخاری نے کی ہے۔

۲۰۱۸ ۴۵ وَعَنْہَا قَالَتْ مَا اَغْبِطُ اَحَدًا بِھَوْنِ مَوْتٍ بَعْدَ الَّذِیْ رَاَیْتُ مِنْ

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں

---

[1] اوروں کو بھی بیماری آتی ہے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو بیماری آتی تھی مگر

[2] رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو بیماری میں درد تکلیف ہر شخص کے درد و تکلیف سے زیادہ ہوتی تھی، تاکہ آپ کے مراتب عالیہ میں آپ کی حیثیت کے مطابق ترقی ہو۔ اس سے معلوم ہوا کہ بیماری میں جو درد و تکلیف ہوتی ہے، اس سے اس کی حیثیت کے موافق اس کے مراتب و درجات میں ترقی ہوتی ہے

[3] کو وفات کے وقت جو سکرات کی تکلیف ہوئی تھی مجھ سے زیادہ کسی کو اس کی خبر نہیں ہوئی اس لیے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی وفات شریف میری گود میں ہوئی تھی۔

[4] کیوں کہ آپ میرے سینہ پر ٹیک دیئے ہوئے تھے[5] میں سمجھتی تھی کہ سکرات کی تکلیف گناہوں کے سبب سے ہوا کرتی ہے جب سے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے سکرات کی تکلیف دیکھی ہے میرا وہ خیال باقی نہ رہا اور

[5] کیونکہ سکرات کی تکلیف مراتب و درجات کی ترقی کے لیے بھی ہوتی ہے جیسے حضور کو سکرات کی تکلیف مراتب اور درجات کی ترقی کے لیے ہوئی تھی۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

شِدَّةِ مَوْتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۔

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَآئِيُّ

کہ[۱] میں کسی کی آسان موت پر رشک نہیں کرتی جب کہ میں دیکھ چکی ہوں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم پر بھی موت کی سختی گزر چکی ہے۔ اس کی روایت ترمذی اور نسائی نے کی ہے۔

۲۰۱۹/۴۶ وَعَنْهَا قَالَتْ رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ بِالْمَوْتِ وَعِنْدَهٗ قَدَحٌ فِيْهِ مَآءٌ وَهُوَ يُدْخِلُ يَدَهٗ فِي الْقَدَحِ ثُمَّ يَمْسَحُ وَجْهَهٗ ثُمَّ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اَعِنِّيْ عَلٰى مُنْكَرَاتِ الْمَوْتِ اَوْ سَكَرَاتِ الْمَوْتِ ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے، آپ فرماتی ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم دنیا سے تشریف لے جا رہے تھے تو میں نے دیکھا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پاس ایک پیالہ میں پانی رکھا ہوا تھا اور آپ اس پیالہ میں ہاتھ ڈال کر پانی لے کر اپنے چہرہ مبارک پر مل رہے تھے اور فرما رہے تھے۔

اے اللہ! موت کی سختیوں پر اور موت کی بے ہوشی پر میری مدد فرمایئے۔[۲]

اس حدیث کی روایت ترمذی اور ابن ماجہ نے کی ہے۔

۲۰۲۰/۴۷ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ عِظَمَ الْجَزَآءِ مَعَ عِظَمِ الْبَلَآءِ وَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اِذَا اَحَبَّ قَوْمًا ابْتَلَاهُمْ فَمَنْ رَضِيَ فَلَهُ الرِّضَا وَ

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جس قدر مصیبت اور بلاء بڑی ہوگی اجر و ثواب بھی اسی قدر بڑا ملے گا۔ جن سے اللہ تعالیٰ کو محبت ہوتی ہے ان پر (ہی) بلاء اور مصیبت بھیجتے ہیں۔[۳]

---

۱ پہلے میں آرزو کرتی تھی کہ موت آسان ہو اور جان کنی کی سختی نہ ہو کہ شائد یہ بُری علامت ہے لیکن جب میں نے دیکھا کہ حضور پر بھی موت کی سختی اور جان کنی ہوئی ہے تو میں نے سمجھ لیا کہ یہ کوئی بری علامت نہیں ہے، اسی لیے

۲ مسلمانو! سکرات کی سختیوں کو سنت سمجھ کر برداشت کیا کرنا، اس حالت میں بھی اللہ تعالیٰ سے راضی اور خوش رہ کر دنیا سے جانا اور توجہ الی اللہ میں کچھ فرق نہ آنے دینا

۳ اور جن سے اللہ تعالیٰ ناراض رہتے ہیں ان پر بھی بلاء اور مصیبت بھیجتے ہیں، بلاء اور مصیبت تو دونوں پر آتے ہیں یہ نہیں معلوم ہوتا کہ اللہ تعالیٰ کو کس سے محبت ہے اور وہ کس سے ناراض ہیں، نتیجہ سے معلوم ہوتا ہے کہ

www.waseemziyai.com

مَنْ سَخِطَ فَلَهُ السَّخَطُ۔

اگر بندہ (بلاء اور مصیبت سے) راضی (برضاء الٰہی) رہا تو اس کے لیے (اللہ تعالیٰ کی) خوشنودی ہے[1] اگر (کسی بندہ کو بلاء اور مصیبت پہنچے اور وہ (اللہ تعالیٰ سے) ناراض رہے تو (معلوم ہوتا ہے کہ) اللہ تعالیٰ (بھی) اس سے ناراض ہے[2]، اس حدیث کی روایت ترمذی اور ابن ماجہ نے کی ہے۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

۲۰۲۱ / ۴۸ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَزَالُ الْبَلَاءُ بِالْمُؤْمِنِ أَوِ الْمُؤْمِنَةِ فِي نَفْسِهِ وَمَالِهِ وَوَلَدِهِ حَتّٰى يَلْقَى اللهَ تَعَالٰى وَمَا عَلَيْهِ مِنْ خَطِيْئَةٍ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَرَوٰى مَالِكٌ نَحْوَهُ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ مسلمان مرد اور مسلمان عورت پر ہمیشہ بلائیں آتی رہتی ہیں، خود اس پر[3] اسی طرح اس کے مال پر بھی (بلائیں آتی رہتی ہیں، کبھی مال ضائع ہو جاتا ہے اور کبھی اس میں نقصان آجاتا ہے) اور اس کی اولاد پر بھی[4] جب (تمہاری موت آجاتی ہے تو اللہ تعالیٰ کے سامنے گناہوں سے پاک وصاف ہو کر جاتے ہیں[5] اس حدیث کی روایت ترمذی نے کی ہے، اور امام مالک نے بھی اسی طرح

---

[1] اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالےٰ کو اس بندہ سے محبت ہے اور بندہ کو بھی اللہ تعالیٰ سے محبت ہے اور محبت کی ہی علامت ہے کہ محبوب سے اگر بلاء اور مصیبت پہنچے تو راضی اور خوش رہتا ہے اس لیے محبت کرنے والا بندہ بلاء اور مصیبت میں اللہ سے راضی اور خوش ہے

[2] اس لیے وہ بھی اللہ تعالیٰ کی بلاء اور مصیبت سے ناراض ہے۔ اللہ تعالیٰ کو اس سے محبت نہیں ہے، اس لیے اس بندہ کو بھی اللہ سے محبت نہیں ہے، اسی وجہ سے وہ اللہ تعالےٰ کی دی ہوئی بلاء اور مصیبت سے ناراض ہے اور اس کو بُرا سمجھ رہا ہے

[3] بلائیں اس طرح آتی ہیں کہ طرح طرح کے درد اور بیماریوں میں اور طرح طرح کی ایذاؤں میں مبتلا ہو جاتا ہے۔

[4] بلائیں آتی رہتی ہیں، کبھی مال ضائع ہو جاتا ہے اور کبھی اس میں نقصان جس سے اس کو سخت صدمہ پہنچتا ہے، مسلمانو اب یہ نہ سمجھنا کہ ان سب بلاؤں سے تم کو کچھ فائدہ نہیں، اس سے بڑھ کر اور کیا فائدہ ہونا چاہیئے کہ ان بلاؤں کی وجہ سے تمہارے گناہ مٹائے جاتے ہیں۔ اسی طرح گناہ مٹتے رہتے ہیں پھر۔

[5] تو ساری بلائیں اور مصیبتیں دیکھنے میں تو بلائیں اور مصیبتیں ہیں، حقیقت میں نعمت ہیں کہ تم کو گناہوں سے پاک وصاف اور ستھرا کر کے دنیا سے لے جاتے ہیں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

کی روایت کی ہے۔

۲۰۲۲ / ۴۹ وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدِ السُّلَمِيِّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْعَبْدَ اِذَا سَبَقَتْ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ مَنْزِلَةٌ لَمْ يَبْلُغْهَا بِعَمَلِهٖ اِبْتَلَاهُ اللّٰهُ فِيْ جَسَدِهٖ اَوْ فِيْ مَالِهٖ اَوْ فِيْ وَلَدِهٖ ثُمَّ صَبَّرَهٗ عَلٰى ذٰلِكَ حَتّٰى يُبْلِغَهُ الْمَنْزِلَةَ الَّتِيْ سَبَقَتْ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت محمد بن خالد سلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے والد کے واسطے سے اپنے دادا سے روایت فرماتے ہیں ان کے دادا فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں، اگر کوئی بندہ ایسا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو ایک درجہ عالی جنت میں دینا چاہتے ہیں لیکن اس بندہ کے اعمال صالحہ اس درجہ کو حاصل کرنے کے لیے کافی نہیں ہیں، تو اس بندہ کو اللہ تعالیٰ جسمانی مصیبت یا اس کے مال میں طرح طرح سے خسارے اور نقصان یا اس کی اولاد کو بیماریوں میں مبتلا کرتے ہیں (یا اولاد ہلاک ہونے سے رنج دیتے ہیں۔ پھر ان ساری مصیبتوں پر صبر کرنے کی اس کو توفیق دیتے ہیں اور (ان تمام مصیبتوں پر صبر کرنے کی وجہ سے) اس مرتبۂ عالیہ پر جس کو وہ حاصل نہیں کر سکتا تھا (ان مصیبتوں پر صبر کرنے کی وجہ سے) اس درجہ عالی پر اس کو پہنچا دیتے ہیں۔ اس کی روایت امام احمد اور ابو داؤد نے کی ہے۔

۲۰۲۳ / ۵۰ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوَدُّ اَهْلُ الْعَافِيَةِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حِيْنَ يُعْطٰى

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں۔ دنیا میں

لہ کہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے اور ایمان کی وجہ سے مسلمان داخل جنت ہوتا ہے، کفار کو ایمان نہ ہونے کی وجہ سے دخول جنت نہ ہوگا۔ اسلام پر ہمیشہ قائم رہنے کی نیت کی وجہ سے مسلمان کو جنت میں ہمیشہ رکھیں گے جیسے کفار کو کفر پر ہمیشہ قائم رہنے کی نیت کی وجہ سے ہمیشہ دوزخ میں رکھیں گے، اور جنت کے مراتب اور درجات اعمال نیک کی وجہ سے ملتے ہیں

ٹہ قیامت میں یہ بھی ایک عجیب منظر ہوگا کہ مصیبت زدہ جو دنیا میں مصیبتوں اور بلاؤں میں مبتلا تھے اور ان پر صبر کرتے تھے جب وہ میدان قیامت میں آئیں گے اور ان کی مصیبت و بلاء پر دنیا میں صبر کرنے کی وجہ سے جو ثواب واجر ان کو دیا جائے گا

MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

اَهْلُ الْبَلَآءِ الثَّوَابَ لَوْاَنَّ جُلُوْدَهُمْ كَانَتْ قُرِضَتْ فِي الدُّنْيَا بِالْمَقَارِيْضِ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

عافیت اور راحت و آرام میں جو رہتے والے تھے (ان) مصیبت زدہ لوگوں کو کثرت سے اجر و ثواب ملتا ہوا دیکھ کر بڑی حسرت سے آرزو کریں گے کاش[1] ہمارا چمڑا دنیا میں قینچیوں سے کترا جاتا[2]۔
اس حدیث کی روایت ترمذی نے کی ہے۔

۲۰۲۴
۵۱
وَعَنْ سَعْدٍ قَالَ سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّ النَّاسِ اَشَدُّ بَلَاءً قَالَ الْاَنْبِيَاءُ ثُمَّ الْاَمْثَلُ فَالْاَمْثَلُ يُبْتَلَى الرَّجُلُ عَلٰى حَسَبِ دِيْنِهٖ فَاِنْ كَانَ فِيْ دِيْنِهٖ صُلْبًا اِشْتَدَّ بَلَاءُهٗ وَاِنْ كَانَ فِيْ دِيْنِهٖ رِقَّةٌ هُوِّنَ عَلَيْهِ فَمَا زَالَ كَذٰلِكَ حَتّٰى يَمْشِيَ عَلَى الْاَرْضِ مَا لَهٗ ذَنْبٌ۔

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ

حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے دریافت کیا گیا، یا رسول اللہ تمام لوگوں میں سب سے زیادہ سخت کس کی آزمائش ہوتی ہے، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا سب سے زیادہ آزمائش پیغمبروں کی ہوتی ہے[3]، پھر پیغمبروں کے بعد سخت آزمائش ان کے درجہ سے قریب والوں (یعنی اولیاء صالحین اور علماء عالمین) کی ہوتی ہے[4]، پھر جو ان کے بعد (یقین اور محبت الٰہی میں) ان کے مشابہ ہوتے ہیں ان کی سخت آزمائش کی جاتی ہے[5] وہ زمین پر (اس طرح) چلنے

---

[1] ہم پر بھی دنیا میں مصیبتیں اور بلائیں آتیں، یہاں تک کہ
[2] تو عافیت میں رہنے سے بہت بہتر ہوتا، تاکہ ہم بھی ایسا ہی اجر و ثواب پاتے جیسے ان مصیبت زدہ لوگوں کو اجر و ثواب مل رہا ہے۔
[3] اس لیے کہ پیغمبروں کا یقین کامل ہوتا ہے آزمائش سے وہ ڈگمگا نہیں سکتے ہیں اور اس وجہ سے بھی کہ پیغمبروں کو سب سے زیادہ اللہ تعالیٰ سے محبت ہوتی ہے، اسی لیے آزمائش کو وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے سمجھ کر بلاء اور مصیبت سے ایسی لذت لیتے ہیں جیسے اور لوگ نعمتوں سے لذت لیتے ہیں اور جاہلوں کے عقائد کی حفاظت کے لیے بھی پیغمبروں کو سخت مصیبت سے آزماتے ہیں، تاکہ وہ لوگ پیغمبروں کو اللہ ہی نہ سمجھ لیں
[4] اس لیے کہ پیغمبروں کے بعد ان حضرات کو یقین اور محبت الٰہی سب سے زیادہ ہوتی ہے، اسی لیے پیغمبروں کے بعد ان کی سب سے زیادہ آزمائش ہوتی ہے۔
[5] انسان کو اس کی دینداری کے لحاظ سے مصائب میں مبتلا کیا جاتا ہے، اگر وہ اپنی دینداری میں پکا اور مضبوط ہے تو اس پر جو مصیبت آتی ہے وہ بھی بڑی سخت ہوتی ہے اور اگر وہ اپنی دینداری میں ویسا پختہ اور مضبوط نہیں ہے تو اس پر جو مصیبت اور بلاء آتی ہے وہ بھی معمولی اور آسان رہتی ہے تاکہ سخت مصیبت کی وجہ سے بے صبری نہ کرے اور بے دین نہ ہو جائے گا) اور مصائب و آفات میں مبتلا رہنے کا سلسلہ باقی رہتا ہے یہاں تک وہ (بلائیں اور مصیبتیں انسان کے گناہوں کو مٹاتی رہتی ہیں پھر تو وہ گناہوں سے پاک ہو کر)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL-ISLAMIA ACADEMY

وَالدَّارِمِیُّ وَقَالَ التِّرْمِذِیُّ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ۔

لگتا ہے کہ (گویا) اس پر کوئی گناہ ہی نہیں۔ اس حدیث کی روایت ترمذی، ابن ماجہ اور دارمی نے کی ہے۔

۲۰۲۵/۵۲ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى اُمِّ السَّائِبِ فَقَالَ مَالَكِ تُزَفْزِفِيْنَ قَالَتِ الْحُمّٰى لَا بَارَكَ اللّٰهُ فِيْهَا فَقَالَ لَا تَسُبِّي الْحُمّٰى فَاِنَّهَا تُذْهِبُ خَطَايَا بَنِيْ اٰدَمَ كَمَا يُذْهِبُ الْكِيْرُ خَبَثَ الْحَدِيْدِ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم اُمّ السائب کے پاس تشریف لائے اور فرمایا: تم کیوں کانپ رہی ہو؟ اُمّ السائب نے عرض کیا، حضور بخار کا ستیاناس ہو وہ بہت تکلیف دے رہا ہے) حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: (ارے! ارے!) بخار کو ایسا برا مت بولو، انسان کے گناہوں کو، بخار جلا کر ایسا صاف کر دیتا ہے جیسے لوہار کی بھٹی لوہے کے زنگ کو دور کر کے صاف کر دیتی ہے۔ اس کی روایت مسلم نے کی ہے۔

۲۰۲۶/۵۳ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ ذُكِرَتِ الْحُمّٰى عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَبَّهَا رَجُلٌ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَسُبَّهَا فَاِنَّهَا تَنْفِي الذُّنُوْبَ كَمَا تَنْفِي النَّارُ خَبَثَ الْحَدِيْدِ۔

(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ (ایک دن) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے سامنے بخار کا ذکر کیا گیا حاضرین میں سے ایک صاحب بخار کو برا کہنے لگے (یہ سن کر) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: بخار کو برا نہ کہو، اس لیے کہ بخار گناہوں کو دور کر کے (انسان کو) ایسا پاک و صاف کر دیتا ہے جیسے آگ لوہے کے زنگ کو (جلا کر) لوہے کو پاک کر دیتی ہے۔ اس کی روایت ابن ماجہ

لہ پھر جب وہ خدا سے ملتا ہے تو اس پر کوئی گناہ باقی نہیں رہتا، اے مصیبت زدہ مسلمان دیکھ تجھ پر اللہ تعالیٰ کس قدر مہربان ہیں اس طرح کی مصیبت تجھ پر نازل کر کے تجھ کو گناہوں سے پاک کرتے ہیں اور دنیا سے تجھے پاک کر کے لے جاتے ہیں تو تجھے چاہیئے کہ بلاؤں اور مصیبتوں سے نہ گھبرائے اپنے گناہوں کا کفارہ سمجھ کر بلاؤں اور مصیبتوں پر صبر کیے جا۔ اور اللہ تعالیٰ سے راضی اور خوش رہ۔

؎ تم جانتی نہیں۔ بخار بھی انسان کے لیے ایک نعمت ہے۔

نے کی ہے۔

۲۰۲۷ وَعَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ عَنْ أُمَيَّةَ أَنَّهَا سَأَلَتْ عَائِشَةَ عَنْ قَوْلِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ إِنْ تُبْدُوا مَا فِي أَنْفُسِكُمْ أَوْ تُخْفُوهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللهُ وَعَنْ قَوْلِهِ مَنْ يَعْمَلْ سُوءًا يُجْزَ بِهِ فَقَالَتْ مَا سَأَلَنِي عَنْهَا أَحَدٌ مُنْذُ سَأَلْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ هٰذِهِ مُعَاتَبَةُ اللهِ الْعَبْدَ بِمَا يُصِيبُهُ مِنَ الْحُمّٰى وَالنَّكْبَةِ حَتَّى الْبِضَاعَةِ يَضَعُهَا فِي يَدِ قَمِيصِهِ فَيَفْقِدُهَا فَيَفْزَعُ لَهَا حَتَّى أَنَّ الْعَبْدَ لَيَخْرُجُ مِنْ ذُنُوبِهِ كَمَا يَخْرُجُ التِّبْرُ الْأَحْمَرُ مِنَ الْكِيرِ.

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت علی بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ اُمیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کرتے ہیں، امیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے دریافت کیا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہو رہا ہے، جو کچھ تمہارے دلوں میں ہو اگرچہ تم اس کو ظاہر کرو یا دلوں میں چھپا ہوا رکھو ہر ایک کا تم سے اللہ تعالیٰ حساب لیں گے ایسا ہی دوسری آیت میں فرمایا دنیا میں جو کچھ برائی کی جائے گی (صغیرہ ہو یا کبیرہ ظاہر میں کئے ہوں یا چھپ کر آخرت میں) اس کی سزا دی جائے گی (اس سے بھی بچنا بہت مشکل ہے۔ یہ سُن کر حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ میں نے اس کے متعلق حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم سے دریافت کیا تھا اس وقت سے آج تک کسی نے مجھ سے ان آیتوں کے متعلق (اپنا شبہ) دریافت نہیں کیا[1] گناہوں کے جو خطرات تمہارے دل میں گذرتے ہیں یا چھوٹی بڑی جو برائی تم کرتے ہو، اس کا بدلہ دنیا ہی میں اس طرح دیا جائے گا کہ بیماریوں میں بخار میں، تکلیف و رنج میں مبتلا ہوگے یا کوئی چیز تم نے جیب میں رکھی تھی (اس کو کسی نے چرالیا) کہیں گر گئی اس سے جو رنج ہوگا ان سب کی وجہ[2] سے ان کو ایسا پاک کیا جاتا ہے جیسے خالص سرخ سونا بھٹی سے صاف ہو کر نکلتا ہے[3] اس حدیث کی

---

[1] (آج تم ہی ہو کہ ان آیتوں کے متعلق اپنے شبہ کو مجھ سے دریافت کر رہی ہو، جو جواب مجھ کو حضور دیتے تھے وہ جواب میں تم کو سناتی ہوں سنو! ان دونوں آیتوں کا مصداق تم سمجھ رہی ہو کہ آخرت میں ہوگا۔ نہیں　　بھول میں گناہوں کے جو خطرات ہیں یا چھوٹے بڑے جو گناہ ہیں وہ سب ان مذکورہ پریشانیوں سے دنیا ہی میں مٹائے جاتے ہیں اور مذکورہ آیتوں کے جو مصداق ہیں)

[2] (خلاصہ یہ ہے کہ تم سمجھ رہی ہو کہ آخرت میں ان گناہوں کی سزا دی جائے گی نہیں بلکہ دنیا ہی میں ان کی سزا دے کر پاک وصاف کر دیتے ہیں اور دونوں آیتوں سے یہی مراد ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-E-ISLAMIA ACADEMY

روایت ترمذی نے کی ہے۔

۲۰۲۸/۵۵ وَعَنْ اَبِیْ مُوْسٰی اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا یُصِیْبُ عَبْدًا نَکْبَۃٌ فَمَا فَوْقَہَا اَوْ دُوْنَہَا اِلَّا بِذَنْبٍ وَمَا یَعْفُو اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ اَکْثَرُ وَقَرَاَ وَمَا اَصَابَکُمْ مِّنْ مُّصِیْبَۃٍ فَبِمَا کَسَبَتْ اَیْدِیْکُمْ وَیَعْفُوْ عَنْ کَثِیْرٍ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ بندہ کو جو چھوٹی یا بڑی مصیبت پہنچتی ہے، وہ کسی گناہ کی وجہ سے پہنچتی ہے[1] اللہ تعالیٰ اکثر گناہ اپنے فضل وکرم سے معاف فرما دیتا ہے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے یہ آیت تلاوت فرمائی۔ لوگو! جو مصیبت تم کو پہنچتی ہے وہ تمہارے ہی گناہوں کی وجہ سے پہنچی ہے، اللہ تعالیٰ چاہتے ہیں کہ تم کو مصیبتوں کی وجہ سے گناہوں سے پاک وصاف کر دیں) باقی بہت سے گناہ ہیں جن کو اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے معاف کر دیتا ہے (اگر سب گناہوں کی وجہ سے مصیبت اتارتے تو تم اس کی تاب نہ لا سکتے (اس لیے) بہت سے گناہ (اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے معاف فرما دیتا ہے) اس کی روایت ترمذی نے کی ہے۔

۲۰۲۹/۵۶ وَعَنْ ثَوْبَانَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا اَصَابَ اَحَدَکُمُ الْحُمّٰی فَاِنَّ الْحُمّٰی قِطْعَۃٌ مِّنَ النَّارِ فَلْیُطْفِئْہَا عَنْہُ بِالْمَآءِ

حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں، تم میں سے جب کسی کو بخار آجائے تو بخار آگ کا ایک ٹکڑا ہے وہ اس کو پانی سے بجھاوے[2] کہ نہر جاری ہیں اس کی آمد یعنی

[1] (اللہ تعالیٰ چاہتے ہیں کہ مصیبت کی وجہ سے بندہ کے گناہوں کو مٹا دیں، مصیبت گو تم کو ناگوار معلوم ہوتی ہے مگر وہ تمہارے فائدہ کے لیے تم کو دی جاتی ہے تاکہ تم گناہوں سے پاک وصاف ہو جاؤ، یوں نہ سمجھنا کہ تمہارے گناہوں کی مناسبت سے اللہ تعالیٰ مصیبت بھیج رہے ہیں، بلکہ کچھ گناہ تو مصیبت کی وجہ سے مٹاتے ہیں (اگر سب گناہوں کے لحاظ سے مصیبت بھیجتے تو تم اس کی برداشت نہیں کر سکتے تھے یہ اللہ تعالیٰ کا فضل وکرم ہے کہ کچھ گناہ مصیبت سے مٹاتے ہیں باقی اپنے فضل وکرم سے معاف فرما دیتے ہیں اس طرح بندہ کو پاک وصاف کر کے دنیا سے لے جاتے ہیں۔ اس کی تائید میں)

[2] ٹھنڈے پانی سے بخار کو کس طرح بجھانا چاہیئے اس کا طریقہ اس حدیث شریف میں ارشاد ہو رہا ہے؟

فَلْيَسْتَنْقِعْ فِيْ نَهْرٍ جَارٍ وَلْيَسْتَقْبِلْ جِرْيَتَهٗ فَيَقُوْلُ بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اشْفِ عَبْدَكَ وَصَدِّقْ رَسُوْلَكَ بَعْدَ صَلَاةِ الصُّبْحِ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَلْيَغْمِسْ فِيْهِ ثَلَاثَ غَمَسَاتٍ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ فَاِنْ لَّمْ يَبْرَأْ فِيْ ثَلَاثٍ فَخَمْسٌ فَاِنْ لَّمْ يَبْرَأْ فِيْ خَمْسٍ فَسَبْعٌ فَاِنْ لَّمْ يَبْرَأْ فِيْ سَبْعٍ فَتِسْعٌ فَاِنَّهَا لَا تَكَادُ تُجَاوِزُ تِسْعًا بِاِذْنِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

بہاؤ کی طرف رُخ کر کے کھڑا ہو۔ پھر یہ دعا پڑھے۔ اللہ کے نام سے میں یہ علاج شروع کرتا ہوں الٰہی آپ مجھے بخار سے شفاء دیجئے، آپ کے رسول جو فرماتے ہیں اس کو سچ کر دکھلا دیجئے اور وہمیوں کے وہم کو باطل کر دیجئے)[1] یہ عمل صبح کی نماز کے بعد سورج نکلنے سے قبل کرے اور نہر میں تین غوطے لگائے اور تین دن تک اسی طرح عمل جاری رکھے، اگر تین دن کے اس عمل سے بخار دور نہ ہو تو پانچ دن تک ایسے ہی نہر میں غوطہ لگانا جائے اگر پانچ دن کے اس عمل سے بخار دور نہ ہو تو سات دن تک اسی طرح عمل کرتا رہے اور اگر سات دن کے عمل سے بھی بخار کم نہ ہو تو نو دن تک اسی طرح عمل کرتا رہے اللہ تعالیٰ کے حکم سے غالباً بخار نو دنوں تک یہ عمل کرنے سے رک جائے گا اور پھر نہ آئے گا۔[2] اس حدیث کی روایت ترمذی نے کی ہے۔

۲۰۳۰ / ۵۷ وَعَنْ اَبِيْ مُوْسٰى قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِذَا مَرِضَ الْعَبْدُ اَوْ سَافَرَ كُتِبَ لَهٗ بِمِثْلِ مَا

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کوئی مسلمان صحت اور تندرستی کے زمانے میں جو عبادات ادا کرتا تھا[3] ان کا ثواب اس

---

[1] شاید کسی وہمی کو اس علاج سے شبہ ہو، اس کا وہم دور کرنے کے لیے یہ دعا سکھائی گئی ہے کہ)

[2] اگر ڈاکٹری علاج نکلنے سے پہلے یونانی طبیبوں کے عہد میں سخت بخار کے وقت یہ کہا جاتا کہ سر پر پانی کی پٹی یا برف کی پٹی رکھو تو اس وقت حدیث میں جو گفتگو ہو رہی ہے ویسی ہی اس وقت بھی چہ میگوئیاں ہوئیں مگر اب ڈاکٹری تجربہ سے معلوم ہوا کہ ہر قسم کے بخار کی شدت کے وقت پانی کی یا برف کی پٹی رکھی جائے تو کوئی نقصان نہیں ہوتا بلکہ بے حد فائدہ ہوتا ہے ایسا ہی نورِ نبوت سے مذکورہ جو علاج بتایا گیا ہے اس میں ناتجربہ کار طرح طرح کے شک پیدا کرتے ہیں اگر کوئی یہ عمل کرے اس کا فائدہ خود اس کو معلوم ہو جائے گا۔

[3] نوافل اور وظائف پڑھا کرتا تھا، بیماری کے زمانہ میں گو ان کو ادا نہیں کر سکتا مگر صحت کے زمانے میں جو اور اد و وظائف پڑھے جاتے تھے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

كَانَ يَعْمَلُ مُقِيْمًا صَحِيْحًا۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

کو ضرور ملتا رہے گا[1] ایسا ہی وطن میں جب مقیم تھا اور جو عبادت سے ادا کرتا تھا سفر میں ان سب کا ثواب اس کو ملتا رہے گا اگرچہ وہ سفر کی حالت میں ہونے سے ان کو ادا نہیں کر سکتا۔ اس حدیث کی روایت بخاری نے کی ہے۔

۲۰۳۱/۵۸ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِنَّ الْعَبْدَ اِذَا كَانَ عَلٰى طَرِيْقَةٍ حَسَنَةٍ مِّنَ الْعِبَادَةِ ثُمَّ مَرِضَ قِيْلَ لِلْمَلَكِ الْمُوَكَّلِ بِهٖ اُكْتُبْ لَهٗ مِثْلَ عَمَلِهٖ اِذَا كَانَ طَلِيْقًا حَتّٰى اُطْلِقَهٗ اَوْ اَكْفِتَهٗ اِلَيَّ۔

(رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے، آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جب کوئی مسلمان صحت اور تندرستی کے زمانے میں عبادات (نوافل اور وظائف) کا پابند تھا، پھر وہ بیمار ہو گیا[2] نیکیوں کے لکھنے والے فرشتہ کو اللہ تعالیٰ حکم دیتے ہیں کہ (میرا بندہ بیماری کی وجہ سے عبادات، نوافل اور وظائف گو نہیں ادا کر رہا ہے مگر) تم اس کے نیک اعمال کے ثواب اسی طرح لکھا کرو، جس طرح اس کی صحت کے زمانے میں نیک اعمال کے ثواب کو لکھا کرتے تھے، یہاں تک کہ میں اس کو صحت دیدوں یا موت دے کر اس کو اپنے پاس بلا لوں۔ اس کی روایت شرح السنہ میں کی گئی ہے۔

۲۰۳۲/۹ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا ابْتَلَى الْمُسْلِمُ بِبَلَاءٍ فِيْ جَسَدِهٖ قِيْلَ لِلْمَلَكِ اُكْتُبْ لَهٗ صَالِحَ عَمَلِهِ الَّذِيْ

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں، کہ جب کسی مسلمان کے جسم میں کوئی مرض پیدا ہو جاتا ہے تو اس کی نیکیاں لکھنے

[1] اس میں کچھ کمی نہیں ہوگی، اگرچہ بیماری کی وجہ ان اوراد و وظائف کو جاری نہ رکھ سکا ہے۔[a] وظائف اور نوافل پڑھا کرتا تھا سفر میں اتنا پڑھنا نہیں ہو سکتا ہے مگر اقامت کی حالت میں جو عبادات نوافل[b] ایسا ہی جوانی کی حالت میں جو عبادات نوافل اور وظائف پڑھا کرتا تھا ضعیفی اور بڑھاپے میں اتنی عبادت اور وظائف نہیں ہو سکتے ہیں مگر جوانی میں عبادات اور وظائف پڑھنے کا جو ثواب ملتا ہے وہ برابر ملتا رہے گا، گو بڑھاپے میں ان کو ادا نہ کر سکے۔

[2] بیماری میں بیماری کی وجہ سے حسب عادات عبادات، نوافل اور وظائف ادا نہیں ہو رہے ہیں، ان کا اس کو صدمہ ہے)

كَانَ يَعْمَلُ فَإِنْ شَفَاهُ غَسَلَهٗ وَطَهَّرَهٗ وَاِنْ قَبَضَهٗ غَفَرَ لَهٗ وَ رَحِمَهٗ ۔

(رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ)

والے) فرشتے کو حکم دیا جاتا ہے کہ (یہ مسلمان جواب بیمار ہو گیا ہے اس کے نامہ اعمال میں) وہ سب نیک اعمال جن کو وہ صحت کے زمانے میں کرتا تھا برابر اس کے نیک اعمال کو لکھتے جاؤ، پھر جب اس بیمار کو شفاء ہو جاتی ہے تو بیماری کی وجہ سے سارے گناہوں سے پاک وصاف کر دیا جاتا ہے (پھر نیکیوں کا ثواب اس کو علیحدہ ملتا رہتا ہے) اگر اس کو موت آگئی تو گناہوں سے اس کی مغفرت ہو جاتی ہے اور اللہ تعالیٰ کی رحمت اس پر نازل ہوتی رہتی ہے[لہ]۔ اس حدیث کی روایت شرح السنہ میں کی گئی ہے۔

۲۰۲۳ وَعَنْ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ وَالصُّنَابِحِيِّ اَنَّهُمَا دَخَلَا عَلٰى رَجُلٍ مَّرِيْضٍ يَعُوْدَانِهٖ فَقَالَا لَهٗ كَيْفَ اَصْبَحْتَ فَقَالَ اَصْبَحْتُ بِنِعْمَةِ اللّٰهِ فَقَالَ شَدَّادٌ اَبْشِرْ بِكَفَّارَاتِ السَّيِّئَاتِ وَحَطِّ الْخَطَايَا فَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَقُوْلُ اِنَّا اِذَا ابْتَلَيْتُ عَبْدًا مِّنْ عِبَادِيْ مُؤْمِنًا فَحَمِدَنِيْ عَلٰى مَا ابْتَلَيْتُهٗ فَاِنَّهٗ يَقُوْمُ مِنْ مَّضْجَعِهٖ ذٰلِكَ كَيَوْمِ وَلَدَتْهُ اُمُّهٗ مِنَ الْخَطَايَا وَ يَقُوْلُ

حضرت شداد بن اوس اور صنابحی رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ یہ دونوں حضرات ایک بیمار کی بیمار پرسی کے لیے گئے تھے، وہاں جا کر اس بیمار سے دریافت کیا، کہو صاحب، مزاج کیسا ہے؟ تو بیمار نے کہا (الحمد للہ) خدا کے فضل وکرم سے اچھا ہوں (یہ سن کر) شداد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا سنو! تم کو ایک خوشخبری سناتا ہوں (یا وجود بیمار ہونے کے تم نے جو اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا ہے، اس سے) تمہارے گناہ مٹائے گئے اور (عبادات میں) تم سے جو کوتاہیاں ہوئی تھیں وہ معاف کی گئیں (یہ میں اپنی طرف سے نہیں کہہ رہا ہوں بلکہ) میں نے خود رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے سنی ہے آپ ارشاد فرمارہے تھے کہ اللہ بزرگ و برتر کا ارشاد ہے کہ جب میں اپنے بندوں میں سے کسی بندۂ مومن

لہ دیکھا آپ نے بیماری بھی اللہ تعالیٰ کا ایک فضل وکرم ہے بغیر کئے کہ نیک عمل ملے اور گناہ بھی معاف ہو گئے اور اللہ کی رحمت شامل حال رہی۔ یہ ہے بیماری جس کی یہ فضیلت ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL-ISLAMIA ACADEMY

الرَّبُّ تَبَارَكَ وَ تَعَالٰی اِنَّا قَیَّدْتُ عَبْدِیْ وَ ابْتَلَیْتُهٗ فَاَجْرُوْا لَهٗ مَا كُنْتُمْ تُجْرُوْنَ لَهٗ وَ هُوَ صَحِیْحٌ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ)

کو کسی بیماری میں مبتلا کر دیتا ہوں اور وہ میرا شکر ادا کرتا ہے تو جب وہ صحت یاب ہو کر اپنے بستر سے اٹھتا ہے تو گناہوں سے ایسا پاک و صاف ہوتا ہے جیسا کہ وہ اپنی ماں کے پیٹ سے پیدا ہوتے وقت گناہوں سے پاک وصاف تھا (صرف گناہ ہی نہیں مٹائے جاتے ہیں) بلکہ اللہ تعالیٰ (اپنے فضل وکرم سے نیکیاں لکھنے والے فرشتے کو) حکم دیتے ہیں کہ اپنے اس بندے کو میں نے ہی بیمار کیا تھا، تم میرے بندے کی نیکیاں کرنے کا ثواب لکھتے جاؤ[1] اس حدیث کی روایت امام احمد نے کی ہے۔

۱۴۳۲- وَعَنْ شَقِیْقٍ قَالَ مَرِضَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ فَعُدْنَاهُ فَجَعَلَ یَبْكِیْ فَعُوْتِبَ فَقَالَ اِنِّیْ لَا اَبْكِیْ لِاَجْلِ الْمَرَضِ لِاَنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ الْمَرَضُ كَفَّارَةٌ وَ اِنَّمَا اَبْكِیْ اَنَّهٗ اَصَابَنِیْ عَلٰی حَالِ فَتْرَةٍ وَلَمْ یُصِبْنِیْ فِیْ حَالِ اِجْتِهَادٍ لِاَنَّهٗ یُكْتَبُ لِلْعَبْدِ مِنَ الْاَجْرِ اِذَا مَرِضَ مَا كَانَ یُكْتَبُ لَهٗ قَبْلَ اَنْ یَّمْرَضَ فَمَنَعَهٗ مِنْهُ الْمَرَضُ

حضرت شقیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ، بیمار ہوئے ہم بیمار پرسی کے لیے گئے (ہم نے حضرت ابن مسعود کو) دیکھا کہ آپ رو رہے ہیں[2] ہم کو ناگوار گزرا، تو (حضرت ابن مسعود) فرماتے ہیں میں بیماری کی وجہ سے نہیں رو رہا ہوں (مرض کی وجہ سے کیسے روتا ہے جب کہ) خود میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے سن چکا ہوں کہ بیماری (بیمار سے اس کے) سارے گناہوں کو مٹا دیتی ہے (اور اس کو گناہوں سے پاک وصاف کر دیتی ہے) حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے یہ سننے کے بعد میں کیسے

---

[1] (نامہ اعمال میں اس کی صحت کے زمانہ میں جب وہ نیکیاں کرتا تھا نیکیاں لکھتے تھے، اب بیماری کے زمانے میں اس سے نیکیاں نہیں ہو سکتی ہیں تو بغیر نیکیاں کئے کہ) جب تک وہ تندرست ہو کر نیکیاں کرنا شروع نہ کر دے)

[2] ہم سمجھے کہ بیماری کی تکلیف کی وجہ سے اور دنیا کے چھٹنے کے خیال سے آپ رو رہے ہے۔ آپ کے اس مرتبہ اور شان کے لحاظ سے آپ کا یہ رونا۔

[3] ہم عرض کئے حضرت بیماری کی وجہ سے اور دنیا چھٹنے کے خیال سے آپ بھی روتے ہیں۔ یہ آپ کی شان کے مناسب نہیں ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

(رَوَاہُ رَزِیْنٌ)

اس بیماری کی وجہ سے روتا ہوں۔[1] میرے رونے کی وجہ یہ ہے کہ افسوس اب بیماری ضعیفی اور بڑھاپے کے زمانے میں آئی ہے[2] جوانی کے زمانہ میں مجھے بیماری نہیں آئی، اس لیے کہ بندہ جب بیمار ہوتا ہے تو اس کے لیے ان نیک اعمال کا ثواب لکھا جاتا ہے جو بیماری سے پہلے (یعنی صحت کے زمانے میں) لکھا جاتا تھا اور بیماری نے اس کو ان اعمال سے روک دیا تھا۔ اس کی روایت رزین نے کی ہے۔

۲۰۳۵ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الطَّاعُوْنُ شَهَادَةٌ لِّكُلِّ مُسْلِمٍ۔ ۶۲

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ طاعون سے جو مسلمان مرتے ہیں، وہ شہید ہوتے ہیں (ان کو شہادت کا ثواب ملتا ہے) اس حدیث کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔[3]

۲۰۳۶ وَعَنِ الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَخْتَصِمُ الشُّهَدَاءُ وَ ۶۳

حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ ان کو ان لوگوں

---

[1] (جب کوئی شخص صحت کے زمانہ میں جو نیک اعمال کیا کرتا ہے اور بیمار ہونے کی وجہ سے حسب عادت جو نیک عمل کیا کرتا تھا وہ اب بیماری میں نہیں کر سکتا تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے نیکیاں لکھنے والے فرشتے کو فرماتے ہیں کہ صحت کے زمانہ میں وہ جو نیک اعمال کیا کرتا تھا اور تم جو اس کا ثواب لکھا کرتے تھے، اب اس بیماری میں بغیر اس کے نیک اعمال کئے اس کے نامۂ اعمال میں وہی ثواب لکھو جس کو وہ صحت کے زمانے میں کیا کرتا تھا۔ گو اب وہ بیماری کی وجہ سے نیک اعمال نہیں کر رہا ہے، کیا کہوں میں اپنی جوانی میں کثرت سے نیک اعمال کیا کرتا تھا۔ اگر جوانی میں بیمار ہوتا تو بغیر نیک اعمال کئے کثرت سے نیک اعمال کرنے کا ثواب ملتا

[2] بڑھاپے میں صحت کے زمانہ میں کثرت سے نیک اعمال نہیں کر سکتا۔ اب یہ بڑھاپے کی بیماری میں نیک اعمال کا ثواب بھی ویسا ہی کم ملے گا، جیسا کہ بڑھاپے میں نیک اعمال کم کیا کرتا ہوں، جوانی کے زمانہ کے کثرت سے نیک اعمال کرنے کا ثواب اب نہیں ملے گا، اس کا مجھے بڑا افسوس ہے ان نیکیوں کے خسارے کی وجہ سے رو رہا ہوں

[3] طاعون سے جو لوگ مرتے ہیں ان کو شہید سمجھنا چاہیئے یا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

الْمُتَوَفَّوْنَ عَلٰى فُرُشِهِمْ إِلٰى رَبِّنَا عَزَّ وَجَلَّ فِي الَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنَ الطَّاعُوْنِ فَيَقُوْلُ الشُّهَدَاءُ إِخْوَانُنَا قُتِلُوْا كَمَا قُتِلْنَا وَيَقُوْلُ الْمُتَوَفَّوْنَ إِخْوَانُنَا مَاتُوْا عَلٰى فُرُشِهِمْ كَمَا مِتْنَا فَيَقُوْلُ رَبُّنَا اُنْظُرُوْا إِلٰى جِرَاحَتِهِمْ فَإِنْ أَشْبَهَتْ جِرَاحُهُمْ جِرَاحَ الْمَقْتُوْلِيْنَ فَإِنَّهُمْ مِنْهُمْ وَمَعَهُمْ فَإِذَا جِرَاحُهُمْ قَدْ أَشْبَهَتْ جِرَاحَهُمْ

(رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالنَّسَائِيُّ)

کی طرح سمجھنا چاہیے جو اپنے اپنے گھروں میں بستروں پر مرتے ہوں (اس کا فیصلہ خود اللہ تعالیٰ فرماتا ہے)، جب اللہ تعالیٰ کے سامنے شہداء اپنا دعویٰ پیش کریں گے کہ طاعون سے مرنے والے ہم میں سے ہیں، یعنے جیسے ہم زخمی ہو کر کفار کے ہاتھوں سے مارے گئے، ویسے ہی یہ طاعون سے مرنے والے بھی جنات کے ہاتھ سے زخمی ہو کر مرے ہیں (اس لیے کہ طاعون کا زخم جنات کی وجہ سے ہوتا ہے) اور جہاد میں گئے بغیر اپنے اپنے گھروں میں بستروں پر مرنے والی جماعت اللہ تعالےٰ سے عرض کرے گی کہ یہ طاعون سے مرنے والے ہمارے جیسے گھروں میں بستروں پر مرے ہیں (اس لیے یہ طاعون سے مرنے والے لوگ ہمارے ساتھ شامل ہیں) اس پر رب عزّ وجل ارشاد فرمائیں گے کہ طاعون سے مرنے والوں کے زخموں کو دیکھو، اگر ان کے زخم جہاد فی سبیل اللہ میں شہید ہونے والوں کے زخم کے مشابہ ہیں تو ان لوگوں کا شمار بھی جہاد میں مارے جانے والوں میں ہوگا اور یہ انہی کے جیسے سمجھے جائیں گے اور ان کو بھی شہیدوں کا ثواب دیا جائے گا، پھر جب طاعون سے مرنے والوں کے زخموں کو دیکھا جائے گا تو ان کے زخم بھی شہیدوں کے مشابہ ہوں گے) اس حدیث کی روایت امام احمد اور نسائی نے کی ہے۔

۲۳۷ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ[۶۴] اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الشُّهَدَاءُ خَمْسَةٌ الْمَطْعُوْنُ وَالْمَبْطُوْنُ وَالْغَرِيْقُ وَصَاحِبُ الْهَدَمِ وَالشَّهِيْدُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں، شہید پانچ قسم کے ہیں (۱) طاعون سے مرنے والے (۲) پیٹ کی بیماری (جیسے ہیضہ، اسہال، استسقاء اور درد شکم) سے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

مرنے والا (۳) پانی میں ڈوب کر مرنے والا[۱] (۴) دیوار یا چھت کے گرنے سے (ان کے نیچے دب کر) مرنے والا (۵) جہاد ہو رہا ہو، اعلاء کلمۃ اللہ کے لیے (خدا کے راستہ میں (کافروں سے) مارا جانے والا[۲] اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

۲۰۳۸ وَعَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ صُرَدٍ [۶۵] قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَتَلَهٗ بَطْنُهٗ لَمْ يُعَذَّبْ فِيْ قَبْرِهٖ۔

(رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ)

حضرت سلیمان بن صرد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں جو مسلمان پیٹ کی بیماریوں (جیسے ہیضہ، پیچش، اسہال استسقاء قولنج اور دردشکم) سے مرجائے تو قبر کے عذاب سے محفوظ رہے گا (اور آخرت میں شہیدوں کا ثواب پائے گا) اس حدیث کی روایت امام احمد اور ترمذی نے کی ہے۔

۲۰۳۹ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ عَتِيْكٍ [۶۶] قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الشَّهَادَةُ سَبْعٌ سِوَى الْقَتْلِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ الْمَطْعُوْنُ شَهِيْدٌ وَالْغَرِيْقُ شَهِيْدٌ وَصَاحِبُ ذَاتِ الْجَنْبِ شَهِيْدٌ وَالْمَبْطُوْنُ شَهِيْدٌ وَصَاحِبُ الْحَرِيْقِ شَهِيْدٌ وَالَّذِيْ يَمُوْتُ تَحْتَ الْهَدْمِ شَهِيْدٌ وَالْمَرْأَةُ تَمُوْتُ بِجُمْعٍ

حضرت جابر بن عتیک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں (حقیقی شہادت تو وہ ہے کہ کوئی شخص جہاد میں کافروں کے ہاتھ سے مارا جائے) اس شہادت فی سبیل اللہ کے سوا اور بھی سات قسم کی شہادتیں ہیں (۱) طاعون سے مرنے والا شہید ہے[۳] (۲) وہ شخص (جو اتفاق سے پانی میں گرا (بچ نہ سکا اور مر گیا یہ شہید ہے (۳) ذات الجنب یعنی نمونیہ کی بیماری سے مرنے والا

---

[۱] اس کی دو قسمیں ہیں۔ ایک تو وہ شخص ہے جو قصداً خودکشی کے لیے پانی میں گرا کر اپنے کو مارتا ہے، ایسا شخص شہید نہیں ہے بلکہ اس کو ناجائز موت سے مرنے کی وجہ عذاب ہوگا، پانی میں ڈوب کر مرنے والے کی دوسری قسم یہ ہے کہ پانی میں گر کر مرنا نہیں چاہتا بلکہ اتفاق سے پانی میں گرا اور مر گیا۔

[۲] یہ اصلی شہید ہے، ایسا ہی وہ شخص بھی شہید ہے جس کو ناحق ظلم سے اگر کسی نے مار دیا ہے)

[۳] اور جو خودکشی کے لیے قصداً پانی میں گر کر مر گیا تو یہ ناجائز موت ہے، ایسا شخص شہید نہیں ہوگا بلکہ)

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

شَهِيدًا۔

بھی شہید ہے (۴) اور پیٹ کی بیماریوں (جیسے ہیضہ، پیچش، اسہال، استسقاء، دقے، قولنج اور درد شکم) سے مرنے والا بھی شہید ہے[1]،

(رَوَاهُ مَالِكٌ وَاَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ)

(۵) جو اتفاقاً جل کر مرے شہید ہے (۶) جو شخص کسی چیز کے نیچے دب کر مرجائے تو وہ بھی شہید ہے (۷) جو عورت کہ اس کے زچگی ہو رہی تھی بچہ پیدا نہ ہو سکا اور پیٹ میں رہ گیا اور وہ عورت مرگئی۔ ایسی عورت شہید ہے[2]

اس حدیث کی روایت امام مالک، ابو داؤد اور نسائی نے کی ہے۔

۲۰۴۰ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ تُوُفِّيَ رَجُلٌ بِالْمَدِيْنَةِ مِمَّنْ وُلِدَ بِهَا فَصَلّٰى عَلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا لَيْتَهٗ مَاتَ بِغَيْرِ مَوْلِدِهٖ قَالُوْا وَلِمَ ذَاكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اِنَّ الرَّجُلَ اِذَا مَاتَ بِغَيْرِ مَوْلِدِهٖ قِيْسَ لَهٗ مِنْ مَوْلِدِهٖ اِلٰى مُنْقَطَعِ اَثَرِهٖ فِي الْجَنَّةِ۔

(رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ مدینہ منورہ میں ایک شخص کا انتقال ہوا، وہ مدینہ منورہ ہی میں پیدا ہوا (مدینہ منورہ ہی ان کا وطن تھا اور مدینہ منورہ ہی ان کی پیدائش کی جگہ تھی) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ان کی نماز جنازہ پڑھائی اور ارشاد فرمایا: کاش! ان کو سفر میں غربت کی موت نصیب ہوتی (اپنی پیدائش کی جگہ سے دور کہیں سفر میں انتقال کرتے تو اچھا ہوتا) صحابہ نے عرض کی: حضور ایسا کیوں ارشاد فرماتے ہیں؟ حضرت انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب کوئی مسلمان سفر کی حالت میں غربت کی موت مرتا ہے تو مرنے والے

---

[1] جو خودکشی کے لیے قصداً آگ میں جل کر مرے تو وہ شہید نہیں ہے، وہ ناجائز موت سے مرنے والا سمجھا جائے گا

[2] ایسے ہی وہ عورت جس کا بچہ تو پیدا ہو گیا مگر آنول نہ نکل سکی اور اس کا زہر چڑھ گیا اور وہ مرگئی تو وہ شہید ہے ایسا ہی وہ عورت جو زچگی کے بعد زچگی ہی کی وجہ سے مرجائے وہ بھی شہید ہے ایسے ہی جو باکرہ کنواری عورت باکرہ ہی رہ کر یا کسی بھی بیماری سے مرجائے، وہ بھی شہید ہے۔

[3] جیسے بعضوں کی قبر تنگ کی جاتی ہے جس سے اس کی پسلیاں اِدھر سے اُدھر ہو جاتی ہیں برخلاف اس کے کہ سفر کی حالت میں۔

MARKAZ-UL-ULOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کی قبر کو اتنی مسافت کی مقدار تک وسیع کر دیا جاتا ہے جتنی مسافت اس کی جائے پیدائش کی جگہ سے سفر میں موت کے مقام تک ہوتی ہے اس حدیث کی روایت نسائی اور ابن ماجہ نے کی ہے۔

۲۰۴۱ / ۶۸ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَوْتُ غُرْبَۃٍ شَہَادَۃٌ۔ (رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جو مسلمان سفر کی حالت میں پردیس میں مرتا ہے وہ شہید ہوتا ہے[۱]۔ اس حدیث کی روایت ابن ماجہ نے کی ہے۔

۲۰۴۲ / ۶۹ وَعَنْ طَارِقِ بْنِ شِہَابٍ قَالَ کُنَّا نَتَحَدَّثُ اِلٰی اَبِیْ مُوْسَی الْاَشْعَرِیِّ فَقَالَ لَنَا ذَاتَ یَوْمٍ لَا عَلَیْکُمْ اَنْ تُخِفُّوْا عَنِّیْ فَاِنَّ ہٰذَا الطَّاعُوْنَ قَدْ وَقَعَ فِیْ اَہْلِیْ فَمَنْ شَاءَ مِنْکُمْ اَنْ یَّتَنَزَّہَ فَلْیَتَنَزَّہْ وَاحْذَرُوْا اثْنَتَیْنِ اَنْ یَّقُوْلَ قَائِلٌ خَرَجَ خَارِجٌ فَسَلِمَ وَجَلَسَ جَالِسٌ فَاُصِیْبَ لَوْ کُنْتُ خَرَجْتُ لَسَلِمْتُ کَمَا سَلِمَ اٰلُ فُلَانٍ اَوْ یَقُوْلُ قَائِلٌ لَوْ کُنْتُ جَلَسْتُ لَاُصِبْتُ کَمَا اُصِیْبَ اٰلُ فُلَانٍ وَاِنِّیْ سَاُحَدِّثُکُمْ مَا یَنْبَغِیْ لِلنَّاسِ

حضرت طارق بن شہاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ہم ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس حدیث سننے جایا کرتے تھے ایک دن انھوں نے ہم سے فرمایا کہ میرے گھر میں طاعون پھوٹ پڑا ہے اس لیے آپ لوگ میرے پاس نہ آیا کریں آپ لوگوں میں سے جو تبدیل آب وہوا کے لیے مقام بدلنا چاہیں وہ جا سکتے ہیں، مگر ایسا اعتقاد رکھ کر مقام نہ بدلیں کہ میں طاعون زدہ مقام سے نکل گیا تھا اس لیے طاعون سے بچ گیا اور فلاں صاحب طاعون زدہ مقام میں مبتلا ہو جاتا، ایسا ہی طاعون زدہ مقام میں جو رہ گیا تھا وہ طاعون میں مبتلا ہو کر یہ نہ کہے کہ میں بھی فلاں صاحب کی طرح طاعون زدہ مقام سے نکل جاتا تو میں بھی

---

[۱] یہ ہے سفر کی حالت میں غربت کی موت مرنے والے فضیلت

[۲] (کیوں کہ پردیس میں جب آدمی بیمار ہوتا ہے تو اس کو بہت تکلیف ہوتی ہے، عزیز و اقرباء کی جدائی اور تنہائی بہت شاق ہوتی ہے، پس اگر ایسی حالت میں مر جائے تو مرتے وقت اس کو بہت رنج ہوتا ہے، اسی لیے اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اپنی عنایت سے اس کا بدلہ یہ دیا ہے کہ اس کو شہادت کا ثواب عطا فرمایا۔)

فِي الطَّاعُوْنَ إِنِّيْ كُنْتُ مَعَ أَبِيْ عُبَيْدَةَ وَإِنَّ الطَّاعُوْنَ قَدْ وَقَعَ بِالشَّامِ وَإِنَّ عُمَرَ كَتَبَ إِلَيْهِ إِذَا أَتَاكَ كِتَابِيْ هٰذَا فَإِنِّيْ أَعْزِمُ عَلَيْكَ إِنْ أَتَاكَ مُصْبِحًا لَا تُمْسِيْ حَتّٰى تَرْكَبَ وَإِنْ أَتَاكَ مُمْسِيًا لَا تُصْبِحْ حَتّٰى تَرْكَبَ إِلَيَّ فَقَدْ عَرَضَتْ لِيْ إِلَيْكَ حَاجَةٌ لَا غِنَا لِيْ عَنْكَ فِيْهَا فَلَمَّا قَرَأَ أَبُوْ عُبَيْدَةَ الْكِتَابَ قَالَ إِنَّ أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ أَرَادَ أَنْ يَسْتَبْقِيَ مَنْ لَيْسَ بِبَاقٍ فَكَتَبَ إِلَيْهِ أَبُوْ عُبَيْدَةَ إِنِّيْ فِيْ جُنْدٍ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ إِنِّيْ فَرَرْتُ مِنَ الْمَنَاةِ وَالسِّرِّ لَنْ أَرْغَبَ بِنَفْسِيْ عَنْهُمْ وَقَدْ عَرَفْنَا حَاجَةَ أَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ فَحَلِّلْنِيْ مِنْ عَزْمَتِكَ فَلَمَّا جَآءَ

بچ جاتا، حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس کے بعد فرماتے ہیں کہ میں تم کو ایک حدیث سناتا ہوں جس سے معلوم ہوگا کہ طاعون کے موقع پر لوگوں کو کیا کرنا چاہیئے (ملک شام میں طاعون پھوٹ پڑا تھا اور اس وقت میں ابو عبیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کے ساتھ ملک شام کے جہاد میں شریک تھا[2]) حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نے حضرت ابو عبیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کو یہ خط لکھا کہ آپ کو میرا یہ خط ملے تو صبح ہوتے ہی آپ فوراً مدینہ منورہ آنے کے لیے روانہ ہو جائیں، میں آپ کو قسم دیتا ہوں کہ اگر میرا یہ خط آپ کو صبح ملے تو آپ اسی وقت شام ہونے سے پہلے مدینہ منورہ آنے کے لیے روانہ ہو جائیں اور اگر آپ کو میرا یہ خط شام کے وقت ملے تو صبح ہونے کا انتظار نہ کرنا، اسی وقت مدینہ منورہ آنے کے لیے روانہ ہو جانا، اس لیے کہ مجھے ایک اہم ضرورت پیش آئی ہے اور اس میں آپ سے مشورہ لینا ہے اور کام آپ کے مشورہ کے بغیر طے نہیں پا سکتا، جب ابو عبیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس خط کو پڑھ چکے تو فرمایا کہ امیر المومنین ایک ایسے شخص کو زندہ رکھنا چاہتے ہیں جس کی موت آگئی ہے، یہ کہہ کر ابو عبیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نے امیر المومنین حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ

---

[1] اس طرح کا اعتقاد نہ جانے والے کو ہونا چاہیئے نہ رہنے والے کو، بلکہ دونوں یہ سمجھیں کہ جو کچھ ہوتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کے ارادے سے ہوتا ہے بچ گیا بھی تو اللہ تعالیٰ ہی کے ارادہ سے بچا اور اگر مبتلا ہو گیا بھی تو اللہ ہی کے ارادے سے ہوا، اس میں طاعون زدہ مقام کو چھوڑنے کا اثر ہے اس طرح سمجھنے والے کو طاعون زدہ مقام سے نقل مکان کرنا جائز ہے اور جانے سے بچنا اور رہنے سے مرنا سمجھنا یہ اعتقاد درست نہیں ہے اور ایسے اعتقاد رکھنے والے کو نقل مکان کرنا جائز نہیں ہے۔

[2] اور حضرت ابو عبیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، اس وقت فوج کے سپہ سالار تھے، ملک شام میں طاعون پھوٹ پڑنے کی اطلاع امیر المومنین، حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو پہونچی تو

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

عُمَرُ الْكِتَابَ بَكٰى فَقِيْلَ لَهٗ
تُوُفِّيَ اَبُوْ عُبَيْدَةَ قَالَ لَا
وَكَانَ قَدْ كَتَبَ اِلَيْهِ
عُمَرُ اَنَّ الْاُرْدُنَّ اَرْضٌ
عَمِقَةٌ وَاِنَّ الْجَابِيَةَ
اَرْضٌ نُزْهَةٌ فَانْهَضْ
بِالْمُسْلِمِيْنَ اِلَى الْجَابِيَةِ
فَقَالَ لِيْ اَبُوْ عُبَيْدَةَ
اِنْطَلِقْ فَبَوِّئِ الْمُسْلِمِيْنَ
مَنْزِلَهُمْ فَقُلْتُ لَا اَسْتَطِيْعُ
قَالَ فَذَهَبَ لِيَرْكَبَ
وَقَالَ لِيْ رَحِّلِ النَّاسَ
قَالَ فَاَخَذَهٗ اَخْذَةً
فَطُعِنَ فَمَاتَ وَانْكَشَفَ
الطَّاعُوْنُ رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ
وَفِيْ رِوَايَةٍ لِّابْنِ عَسَاكِرَ
وَكَانَ قَدْ كَتَبَ اِلَيْهِ
عُمَرُ اَنَّ الْاُرْدُنَّ اَرْضٌ
وَبِيَّةٌ عَمِقَةٌ وَاَنَّ
الْجَابِيَةَ اَرْضٌ نُزْهَةٌ

کے خط کا جواب اس طرح لکھا کہ امیر المومنین جس ضرورت کے لیے مجھے بلا رہے ہیں میں نے اس کو معلوم کر لیا ہے ضرور حاضر ہوتا لیکن میں اس وقت مسلمانوں کی فوج کا سپہ سالار ہوں، مناسب نہیں سمجھتا ہوں کہ اپنی جان بچا کر چلا آؤں اور مسلمانوں کو موت کے منھ میں دیدوں[1] اور مجھے آنے کے لیے آپ نے جو قسم دی ہے اس لیے مجھے اس کی پابندی سے معاف فرمائیے، جب یہ خط حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کو ملا تو آپ (خط دیکھ کر) رونے لگے (آپ کو روتے ہوئے دیکھ کر) لوگوں نے عرض کیا، امیر المومنین آپ رو رہے ہیں، کیا حضرت ابو عبیدہ کا انتقال ہو گیا ہے؟ تو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نے ارشاد فرمایا نہیں، انتقال تو نہیں ہوا مگر ان کے طرز تحریر سے معلوم ہوتا ہے کہ انتقال ہونے والا ہے[2]، حضرت ابو عبیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کو لکھا جاتا ہے کہ اردن ایک پست نشیبی مقام ہے، وہاں کی آب و ہوا اچھی نہیں ہے، اس لیے سب فوجوں کو وہاں سے ہٹا کر مقام جابیہ میں لے جاؤ کہ وہ بلند مقام ہے وہاں کی آب و ہوا بہت اچھی ہے، حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ، فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ

---

[1] نہ وہاں آنے سے موت سے بچ سکتا ہوں نہ یہاں رہنے سے مرتا ہوں، اللہ تعالیٰ کا جو ارادہ ہے وہ پورا ہو کر رہتا ہے اس لیے مجھے مسلمانوں کے ساتھ ہی رہنے دیجئے

[2] حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت ابو عبیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کو جو نقل مکان کروا رہے تھے اس سے معلوم ہوا کہ اعتقاد صحیح کے ساتھ طاعون میں نقل مکان کرنا جائز ہے، باوجود اعتقاد صحیح کے اگر طاعون میں نقل مکان کرنا جائز نہ ہوتا تو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت ابو عبیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ہرگز نہ بلاتے، اس کی تائید اس خط سے بھی ہوتی ہے جو اس خط سے پہلے حضرت ابو عبیدہ کو لکھا گیا تھا کہ فوج میں صحابہ کرام ہیں، ان کا اعتقاد تو یہ نہیں ہو سکتا کہ نقل مکان کرنے سے طاعون میں مبتلا ہونے سے بچ جائیں گے سب صحابہ کرام کا یہ اعتقاد تھا کہ جو کچھ ہوتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کے ارادہ سے ہوتا ہے نقل مکان کرنے کو اس میں کچھ دخل نہیں اس لیے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

فَاَظْهَرَ بِالْمُهَاجِرِيْنَ اِلَيْهَا قَالَ اَبُوْ عُبَيْدَةَ حِيْنَ قَرَأَ الْكِتَابَ اَمَّا هٰذَا فَنَسْمَعُ فِيْهِ اَمْرَ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَنُطِيْعُهٗ فَاَمَرَنِيْ اَنْ اَرْكَبَ وَاُبَوِّئَ النَّاسَ مَنَازِلَهُمْ فَطَعَنَ فَتُوُفِّيَ وَانْكَشَفَ الطَّاعُوْنُ۔

تعالیٰ عنہ کا یہ فرمان دیکھ کر مجھ سے ابوعبیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ فرمایا حضرت امیرالمومنین کے حکم کی تعمیل کر کے یہاں سے تمام فوجوں کو منتقل کر کے جابیہ لے جانے کا انتظام کرو، تو حضرت ابوموسیٰ کہنے لگے میں آپ کے حکم کی ضرور تعمیل کرتا مگر میرے گھر میں خود طاعون ہو گیا ہے میں خود پریشان ہوں، اتنا بڑا انتظام (اس وقت) مجھ سے نہیں ہو سکتا یہ سن کر حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے تو خود انتظام کرنے کا ارادہ کیا اور سوار ہونے لگے اور لوگ بھی جابیہ کی طرف کوچ کرنے لگے، ایسے میں حضرت ابوعبیدہ کو طاعون ہو گیا، اور طاعون ہی سے ان کا انتقال ہو گیا، اور ادھر طاعون بھی ختم ہو گیا[1] اس کی روایت امام طحاوی نے کی ہے اور ایسا ہی ابن عساکر کی ایک روایت میں بھی اس طرح مروی ہے کہ امیرالمومنین حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو جو اس وقت شام کی فوج کے سپہ سالار تھے اس طرح لکھا کہ افواج میں اکثر صحابہ کرام ہیں، ان کا اعتقاد تو یہ نہیں ہو سکتا کہ طاعون میں نقل مکان کرنے سے طاعون میں مبتلا ہونے سے بچ جائیں گے۔ سب صحابہ کرام کا یہ اعتقاد تھا کہ جو کچھ ہوتا ہے اللہ تعالیٰ کے ارادے سے ہوتا ہے، نقل مکان کرنے کو اس میں کچھ دخل نہیں، اس لیے اردن میں طاعون پھیل گیا ہے اور اردن ایک وبائی اور نشیبی زمین ہے، وہاں کی آب و ہوا اچھی نہیں ہے، اس کے برخلاف

---

[1] اس روایت سے معلوم ہوا کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، ہی پہلے شخص ہیں کہ صحیح اعتقاد کے ساتھ طاعون میں نقل مکان کو جائز قرار دیتے ہیں۔

جابیہ بلند مقام ہے وہاں کی آب و ہوا بہت اچھی ہے، اس لیے سب فوجوں کو اردن سے ہٹا کر جابیہ میں لے جاؤ ابوعبیدہ رضی اللہ تعالٰی عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ تعالٰی عنہ کے اس فرمان کو پڑھ کر فرمایا کہ ہم امیر المومنین کے فرمان کی تعمیل کرتے جابیہ کی طرف فوجوں کو لے جاتے ہیں۔ ابوموسٰی تم فوجوں کو لے کر جابیہ کی طرف چلو اور ان کو وہاں اتارنے کا انتظام کرو، ابوموسٰی کہتے ہیں کہ ایسے میں میری بیوی طاعون میں مبتلا ہوگئی۔ میں نے حضرت ابوعبیدہ کی خدمت میں حاضر ہوکر اس واقعہ کی اطلاع دی (اور اپنی مجبوری کا اظہار کیا) تو حضرت ابوعبیدہ خود فوجوں کو جابیہ لے جانے کا انتظام کرتے کا ارادہ کئے (ان کا ارادہ پورا نہ ہوا) خود حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ تعالٰی عنہ، طاعون میں مبتلا ہوکر انتقال فرماگئے اور ادھر طاعون بھی ختم ہوگیا۔

وَرَوٰى سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ فِىْ جَامِعِهٖ نَحْوَ ابْنِ عَسَاكِرٍ اَخْصَرَ مِنْهُ وَقَالَ صَاحِبُ الدُّرِّ الْمُخْتَارِ فِىْ مَسَائِلِ شَتّٰى مِنْهُ وَاِذَا خَرَجَ مِنْ بَلْدَةٍ بِهَا الطَّاعُوْنُ فَاِنْ عَلِمَ اَنَّ كُلَّ شَىْءٍ بِقَدَرِ اللّٰهِ تَعَالٰى فَلَا بَاْسَ بِاَنْ يَّخْرُجَ وَ يَدْخُلَ وَاِنْ كَانَ عِنْدَهٗ اَنَّهٗ لَوْ خَرَجَ نَجَا وَلَوْ دَخَلَ اُبْتُلِىَ بِهٖ كُرِهَ لَهٗ ذٰلِكَ فَلَا

اور سفیان بن عیینہ نے بھی اپنی جامع میں ابن عساکر کی روایت کی طرح روایت کی ہے لیکن وہ ابن عساکر کی روایت کے بہ نسبت مختصر ہے اور شرح معانی الآثار میں یہ بھی مذکور ہے یہ حضرت عمر رضی اللہ تعالٰی عنہ ہیں کہ جنھوں نے صحابۂ کرام کو یہ حکم دیا کہ طاعون زدہ مقام سے ہٹ کر دوسرے مقام میں منتقل ہوجائیں اور وہاں اس وقت کثیر تعداد میں صحابہ کرام موجود تھے اور کسی صحابی نے بھی آپ کے حکم کے خلاف نہیں کیا، بلکہ سب نے اس کی موافقت فرمائی اور ایسا مبارک زمانہ تھا کہ صحابہ اللہ و رسول اللہ کے حکم کا خلاف ہوتے ہوئے نہیں دیکھ سکتے تھے، فوراً اعتراض کردیتے تھے، تمام صحابہ نے بغیر اعتراض کے حضرت عمر

يَدْخُلُ وَلَا يَخْرُجُ صِيَانَةً لِاعْتِقَادِهٖ وَعَلَيْهِ حَمْلُ النَّهْيِ فِي الْحَدِيْثِ الشَّرِيْفِ۔

رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کے حکم کو مان لیا۔ اس سے معلوم ہوا کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کا طاعون میں نقل مکان کرنے کا حکم اللہ تعالیٰ اور رسول کے کے حکم کے خلاف نہیں تھا اور شرح معانی الآثار میں لکھا ہے کہ عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم سے ایک حدیث روایت کی ہے جو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کے طاعون زدہ مقام سے ہٹ کر نقل مکانی کرنے کے حکم سے موافقت رکھتی ہے، اس سے بھی معلوم ہوا کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کا طاعون زدہ مقام سے ہٹ کر نقل مقام کرنے کا حکم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی حدیث سے بھی ثابت ہے، اسی لیے صاحب درمختار نے مسائل شتی میں مجمع الفتاوی کے حوالہ سے لکھا ہے جب کسی شخص کا یہ اعتقاد ہو کہ ہر چیز اللہ تعالیٰ کے ارادہ سے ہوتی ہے، طاعون زدہ مقام سے نکلنے کو بچ جانے میں اور طاعون زدہ مقام میں جانے کو مرنے میں کوئی دخل نہیں ہے، جب تک اللہ تعالیٰ نہ چاہیں، نہ کوئی مر سکتا ہے اور نہ کوئی بچ سکتا ہے ایسا صحیح اعتقاد رکھنے والا طاعون زدہ مقام سے نکل کر نقل مکانی کرے یا طاعون زدہ مقام میں داخل ہو تو اس کے لیے کوئی مضائقہ نہیں، ایسے شخص کو طاعون زدہ مقام سے نقل مکانی کرنا جائز ہے، برخلاف اس کے کہ اگر کسی شخص کا یہ خیال ہے کہ طاعون زدہ مقام میں جانے سے طاعون میں مبتلا ہو جائے گا، یا وہ سمجھتا ہے کہ طاعون زدہ مقام سے نکل جاتے ہیں طاعون سے محفوظ رہے گا تو اس کا یہ اعتقاد غلط ہے اور جس کا ایسا اعتقاد ہے اس کو چاہیے کہ اپنا اعتقاد

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

درست رکھنے کی خاطر نہ تو طاعون زدہ مقام سے نکلے اور نہ طاعون زدہ مقام میں جائے اور جس حدیث شریف میں طاعون زدہ مقام سے نقل مقام کرنے کی ممانعت آئی ہے وہ ممانعت بھی مذکورہ اعتقاد رکھنے والوں سے ہی متعلق ہے اور جن کا یہ اعتقاد ہو کہ طاعون زدہ مقام سے نکل جانے کی وجہ سے بچ جائے گا، تو ایسا غلط اعتقاد رکھنے والے شخص کو طاعون زدہ مقام سے نکلنا جائز نہیں ہے (در مختار کی عبارت یہاں ختم ہوئی)

ف: مذکورہ صحیح اعتقاد رکھنے والے کو طاعون زدہ مقام سے نقل مکان کرنا جائز ہونے کی تائید الاشباہ والنظائر کی اس روایت سے بھی ہوتی ہے جس کو الاشباہ والنظائر نے بزازیہ سے نقل کی ہے، کہ کوئی شخص اپنے گھر میں ہو اور اس وقت زلزلے کے آثار ظاہر ہو رہے ہوں تو ایسے شخص کے لیے مستحب یہ ہے کہ وہ اپنی جان بچانے کے لیے فوری کھلے میدان کی طرف بھاگ جائے اللہ تعالیٰ کا بھی ایسا ہی ارشاد ہے وَلَا تُلْقُوْا بِاَيْدِيْكُمْ اِلَى التَّهْلُكَةِ ترجمہ: تم اپنی جانوں کو ہلاکت میں مت ڈالو، جہاں تک ہو سکے اپنی جانوں کو ہلاکت سے بچایا کرو، اس آیت سے بھی ثابت ہوا کہ زلزلہ کے وقت کھلے میدان کی طرف نکل جانا، اور طاعون زدہ مقام سے صحیح اعتقاد رکھ کر نقل مکان کرنا جائز ہے، ورنہ لازم آئے گا کہ زلزلہ سے بھاگ کر اور طاعون زدہ مقام سے نقل مکان نہ کر کے اپنے ہاتھوں سے خود کو ہلاکت میں ڈالا جو صریح آیت کا خلاف ہے، اس سے صحیح اعتقاد کے ساتھ طاعون زدہ مقام سے نقل مکان کرنا جائز ہے اور ہلاکت کے موقعوں سے اپنے کو بچانا پیغمبروں کی سنت ہے (الاشباہ والنظائر کی عبارت یہاں ختم ہوئی)۔

۲۰۴۳ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا كُنَّا فِيْ دَارٍ كَثُرَ فِيْهَا عَدَدُنَا وَاَمْوَالُنَا فَتَحَوَّلْنَا اِلٰى دَارٍ قَلَّ فِيْهَا عَدَدُنَا وَاَمْوَالُنَا فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَرُوْهَا ذَمِيْمَةً۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ ایک شخص نے عرض کیا، یا رسول اللہ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم) ہم ایک مکان میں رہا کرتے تھے، جہاں ہمارے بہت سے آدمی تھے اور مال بھی افراط سے تھا، اس کے بعد ہم ایک دوسرے مکان میں جا کر رہے تو اس میں ہمارے آدمی بھی کم ہو گئے اور مال میں بھی کمی آگئی، یہ سن کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ مکان اچھا نہیں ہے تم اس کو

www.waseemziyai.com
MARKAZUL ULOOMIL ISLAMIA ACADEMY

چھوڑ دو اور دوسرے مکان میں منتقل ہو جاؤ) اس حدیث کی روایت ابو داؤد نے کی ہے۔

٢٠٤٤ [١] وَعَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ بُحَيْرٍ قَالَ أَخْبَرَنِي مَنْ سَمِعَ فَرْوَةَ بْنَ مُسَيْكٍ يَقُولُ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِ عِنْدَنَا أَرْضٌ يُقَالُ لَهَا أَبْيَنُ وَهِيَ أَرْضُ رِيفِنَا وَمِيرَتِنَا وَإِنَّ وَبَاءَهَا شَدِيدٌ فَقَالَ دَعْهَا عَنْكَ فَإِنَّ مِنَ الْقَرَفِ التَّلَفُ۔

(رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

ابو داؤد کی ایک دوسری حدیث میں اس طرح ہے جس کو یحییٰ بن عبد اللہ بن بحیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فروہ بن مسک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں، فروہ بن مسک فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم) میرے پاس ایک زمین ہے جس کو ابین کہتے ہیں، وہ ہمارے کھیت کی ایسی زمین ہے جس میں زراعت بھی ہوتی ہے اور غلہ کا گودام بھی اسی میں ہے، (معلوم نہیں کیا وجہ ہے کہ) وہ سخت وبائی زمین ہے، یہ سن کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا (جہاں کی آب وہوا خراب ہو) وہاں رہنا اچھا نہیں، نقصان کا اندیشہ رہتا ہے، تم اس زمین کو چھوڑ دو اور دوسری جگہ منتقل ہو جاؤ)

ف (صاحبو! آپ نے ان دونوں حدیثوں کو سنا، اس میں طب کے ایک مسئلہ کو حل کیا گیا ہے کہ صحت کے لیے آب وہوا کا اچھا ہونا ضروری ہے اور جب آب وہوا خراب ہو جاتی ہے تو صحت بھی بگڑ جاتی ہے ان دونوں حدیثوں میں بہترین آب وہوا کے لیے نقل مکان کی اجازت دی گئی ہے، ایسا ہی طاعون کی وجہ سے جب آب وہوا خراب ہو جائے تو صحت باقی رہنے کے لیے نقل مکان کرنے میں کچھ مضائقہ نہیں، ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ ایسا ہی فرماتے ہیں۔

٢٠٤٥ [٢] وَعَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الطَّاعُوْنُ رِجْزٌ أُرْسِلَ عَلَى طَائِفَةٍ مِّنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ أَوْ عَلَى مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ فَإِذَا سَمِعْتُمْ

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ طاعون ایک عذاب ہے، جو تم سے پہلے کی گذری ہوئی قوموں پر ان کے گناہوں کی وجہ سے) بھیجا گیا تھا[١]، تو

لہ جب کبھی طاعون کسی مقام میں پھیل جائے تو تم اپنی حالت پر غور کرو اگر تمہارا یہ اعتقاد ہو کہ طاعون زدہ مقام میں چلے جانے سے طاعون میں مبتلا ہو جاؤ گے یا تم سمجھتے ہو کہ طاعون زدہ مقام سے نکل جانے میں طاعون سے

www.waseemziyai.com
MARKAZUL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

بِہٖ بِاَرْضٍ فَلَا تَقْدِمُوْا عَلَیْہِ وَ اِذَا وَقَعَ بِاَرْضٍ وَّاَنْتُمْ بِھَا فَلَا تَخْرُجُوْا فِرَارًا مِّنْہُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

طاعون زدہ مقام میں جانا چاہیئے اور نہ طاعون زدہ مقام سے بھاگنا چاہیئے اس حدیث کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

۲۴۶
۳۷ وَعَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنِ الطَّاعُوْنِ فَاَخْبَرَنِیْ اَنَّہٗ عَذَابٌ یَبْعَثُہُ اللّٰہُ عَلٰی مَنْ یَّشَاءُ وَاَنَّ اللّٰہَ جَعَلَہٗ رَحْمَۃً لِّلْمُؤْمِنِیْنَ لَیْسَ مِنْ اَحَدٍ یَقَعُ الطَّاعُوْنُ فَیَمْکُثُ فِیْ بَلَدِہٖ صَابِرًا مُحْتَسِبًا یَعْلَمُ اَنَّہٗ لَا یُصِیْبُہٗ اِلَّا مَا کَتَبَ اللّٰہُ لَہٗ اِلَّا کَانَ لَہٗ مِثْلُ اَجْرِ شَھِیْدٍ۔

(رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ میں (ایک دفعہ) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے دریافت کیا حضور! طاعون ایک عجیب بیماری ہے اللہ تعالیٰ اس بیماری کو اپنے بندوں پر بھیجتے ہیں، اس میں کیا حکمت ہے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سنو! عائشہ! (جب بندوں سے نافرمانیاں کثرت سے ہوتی ہیں تو) طاعون کو عذاب بنا کر ان پر بھیجتے ہیں تو، کافروں اور مسلمانوں کی بستی میں طاعون آ جائے اور وہ اپنی بستی میں طاعون کے زمانہ میں صبر کر کے ثواب کی نیت سے ٹھہرا رہے اور اس کو یہ یقین کامل ہے کہ مرنا اور جینا دونوں اللہ تعالیٰ ہی کے ارادے سے ہوتے ہیں، تو ایسے شخص کو شہید کا ثواب ملے گا، اس کی روایت بخاری نے کی ہے۔

بقیہ صفحہ　　بچ جاؤں گا تو تمہارا یہ اعتقاد غلط ہے اس لیے کہ عذاب تو یہ واستغفار سے ٹل جاتا ہے، بھاگنے سے عذاب نہیں ٹلتا، اسی لیے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں (کہ ایسے شخص کو اپنا اعتقاد درست رکھنے کی خاطر)

لہ بخلاف اس کے اگر تمہارا یہ اعتقاد ہو کہ ہر چیز اللہ تعالیٰ کے ارادے سے ہوتی ہے، طاعون زدہ مقام سے نکلنے کو بچ جانے میں اور طاعون زدہ مقام میں جانے کو مرنے میں کوئی دخل نہیں ہے۔ جب تک اللہ تعالیٰ نہ چاہیں نہ تو کوئی مرسکتا ہے اور نہ کوئی بچ سکتا ہے تو تمہارا یہ اعتقاد درست ہے اور ایسا اعتقاد رکھنے والا طاعون زدہ مقام سے نکل کر نقل مکان کرے یا طاعون زدہ مقام میں داخل ہو تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں، ایسے شخص کا طاعون زدہ مقام سے نقل مکان کرنا جائز ہے۔

لہ جب اللہ تعالیٰ چاہتے ہیں تو لوگ طاعون میں رہ کر بچ جاتے ہیں اور جن کو اللہ تعالیٰ موت دینا چاہتے ہیں تو وہ طاعون میں مبتلا ہو کر مر جاتے ہیں، جو یہ صحیح اعتقاد رکھ کر طاعون زدہ بستی میں ٹھہرا رہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

۲۰۴۷/۴ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْفَارُّ مِنَ الطَّاعُوْنِ کَالْفَارِّ مِنَ الزَّحْفِ وَالصَّابِرُ فِیْہِ لَہٗ اَجْرُ شَہِیْدٍ۔

(رَوَاہُ اَحْمَدُ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جو شخص[1] طاعون زدہ مقام سے بھاگ کر دوسرے مقام میں چلا گیا تو وہ ایسا ہی کبیرہ گناہ کا مرتکب ہوا، جیسے جہاد میں کفار کے مقابلے سے بھاگنے والا کبیرہ گناہ کا مرتکب ہوتا ہے اور جو شخص[2] صبر کیا ہوا طاعون زدہ مقام میں رہے (وہ مرے یا نہ مرے ہر حال میں)، اس کو (اس صحیح اعتقاد کی وجہ سے) شہید کا ثواب ضرور ملے گا۔ اس کی روایت امام احمد نے کی ہے۔

۲۰۴۸/۵ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ قَالَ اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَتَعَالٰی اِذَا ابْتَلَیْتُ عَبْدِیْ بِحَبِیْبَتَیْہِ ثُمَّ صَبَرَ عَوَّضْتُہٗ مِنْہُمَا الْجَنَّۃَ یُرِیْدُ عَیْنَیْہِ۔

(رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو یہ حدیث قدسی ارشاد فرماتے سنا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ جب میں کسی بندۂ مومن کی دو آنکھیں جو اس کے پاس نہایت پیاری اور محبوب ہیں چھین کر نابینا بنا دیتا ہوں تو وہ اس پر صبر کرکے (نہ زبان سے خلاف ادب کچھ کہتا ہے، نہ دل سے ناراض ہوتا ہے بلکہ) راضی برضاء الٰہی رہتا ہے تو اس کو میں اس کے بدلے میں[3] جنت دوں گا اور جنت میں نابیناؤں کے لیے جو خاص مقام رکھا ہے، اس مقام پر اس کو پہنچاؤں گا۔ اس حدیث کی روایت بخاری نے کی ہے۔

---

[1] طاعون زدہ مقام میں تھا، وہ یہ سمجھا کہ اگر میں یہاں رہوں گا، تو میں بھی طاعون میں مبتلا ہو کر ہلاک ہو جاؤں گا اور یہاں سے بھاگ گیا تو بچ جاؤں گا اس خیال سے وہ

[2] یہ سمجھے کہ اللہ تعالیٰ کے ارادے کے بغیر کوئی نہیں مرتا، اگر میں اس طاعون زدہ مقام میں رہا اور اللہ تعالیٰ کا ارادہ نہ ہو تو میں نہیں مر سکتا، اس خیال سے

[3] ابتداء نجات پانے والوں میں شریک کرکے گناہوں کی سزا دیئے بغیر پہلے پہل جنت میں داخل کردوں گا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

بَابُ تَمَنِّی الْمَوْتِ وَذِکْرِہٖ

اس باب میں موت کی آرزو کرنے کا اور موت کو یاد کرتے رہنے کی فضیلت کا بیان ہے۔

۲۰۴۹ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا یَتَمَنّٰی اَحَدُکُمُ الْمَوْتَ اِمَّا مُحْسِنًا فَلَعَلَّهٗ اَنْ یَّزْدَادَ خَیْرًا وَّاِمَّا مُسِیْئًا فَلَعَلَّهٗ اَنْ یَّسْتَعْتِبَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ کوئی شخص (مصیبتوں یا بیماریوں کی وجہ سے زندگی سے تنگ آکر) موت کی آرزو نہ کرے (تجھے کچھ خبر ہے کہ مرنے سے اعمال ختم ہو جاتے ہیں، پھر تو کچھ کر نہیں سکتا، زندگی کو غنیمت جان) اگر (تو) نیک ہے تو (تیری) نیکیوں میں اضافہ ہو جائے گا، اگر (تو) بُرا ہے تو شاید (تیرا) دل پلٹی کھائے اور) توبہ کرکے نیکیاں کرنے لگے[۱]

اَللّٰهُمَّ اَحْیِنِیْ مَا کَانَتِ الْحَیَاةُ خَیْرًا لِّیْ وَتَوَفَّنِیْ اِذَا کَانَتِ الْوَفَاةُ خَیْرًا لِّیْ۔

اگر ایسا ہی تجھ کو آرزو کرنا ہے تو ان الفاظ سے موت کی آرزو کرو۔

الٰہی میں نہیں جانتا کہ میرے لیے خیر کیا ہے، آپ ہی کو غیب کی سب خبر ہے، اگر (باوجود مصائب اور بیماریوں کے) میرا زندہ رہنا خیر ہے، تو مجھے زندہ رکھ، اور اگر مرنا ہی خیر ہے تو مجھے خیر کے ساتھ موت دے۔ اس حدیث کی روایت بخاری نے کی ہے۔

۲۰۵۰ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا یَتَمَنّٰی اَحَدُکُمُ الْمَوْتَ وَلَا یَدْعُ بِهٖ مِنْ قَبْلِ اَنْ یَّاْتِیَهٗ اَنَّهٗ اِذَا مَاتَ اِنْقَطَعَ عَمَلُهٗ،

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے، آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں (مسلمانو!) تم میں سے کوئی (پریشانیوں کی وجہ سے گھبرا کر دل سے) موت آنے کی آرزو نہ کرے اور نہ

---

[۱] مرجانے سے پھر یہ موقع کہاں ملتا ہے، اس لیے مرنے کی ہرگز آرزو نہ کرے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

وَاَنَّهٗ لَا يَزِيْدُ الْمُؤْمِنَ عُمُرُهٗ اِلَّا خَيْرًا۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

زبان سے) موت آنے کی دعا کرے، موت آنے سے پہلے[۲] کہ مرنے سے نیک عمل کرنے کا موقع جاتا رہتا ہے بلکہ عمر (کے بڑھنے) سے مسلمان کے لیے نیکیوں کو بڑھانے کا موقع ملتا ہے، اس حدیث کی روایت مسلم نے کی ہے۔

۲۰۵۱ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَمَنَّوُا الْمَوْتَ فَاِنَّ هَوْلَ الْمُطَّلَعِ شَدِيْدٌ وَاِنَّ مِنَ السَّعَادَةِ اَنْ يَّطُوْلَ عُمُرُ الْعَبْدِ وَيَرْزُقَهُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ الْاِنَابَةَ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ[۱] موت کی آرزو نہ کرو[۲] موت کے بعد جو پیش آنے والے امور ہیں، وہ بہت سخت ہیں[۳] بہت خوش نصیب ہے وہ مسلمان جس کی عمر دراز ہو، اور اس کو خدا کی طرف رجوع ہونے کی توفیق ہوتی ہو[۴]، اس حدیث کی روایت امام احمد نے کی ہے۔

۲۰۵۲ وَعَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ قَالَ جَلَسْنَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ

---

۱ موت کی آرزو کر کے یا موت آنے کی دعا کر کے کیوں بے صبری کا اظہار کرتے ہو، اگر صبر کرتے تو تم کو اس کا ثواب ملتا، تم کو کچھ خبر ہے۔

۲ مرنے کے بعد تم بہت آرزو کرو گے مگر نیک عمل کرنے کا موقع پہلے ملے گا، زندگی کو غنیمت جانو، جہاں تک ہو سکے نیک اعمال کرنے کی کوشش میں رہو، مسلمان کی زندگی بھی ایک نعمت الٰہی ہے، اس وقت اس کے لیے نیکیاں جمع ہوتی رہتی ہیں، تم موت کی آرزو یا دُعاء ہرگز نہ کرنا

۱ مسلمانو! دنیا کی مصیبتوں اور تکلیفوں کی وجہ سے

۲ دنیا کی مصیبتیں اور تکلیفیں مرنے کے بعد پیش آنے والی تکلیفوں کے مقابلہ میں کچھ بھی نہیں ہیں۔

۳ کیا تم ان کو آسان سمجھ گئے ہو؟ مرنے کے بعد کے مصائب کی ابتداء سکرات سے ہوتی ہے، پھر قبر میں منکر ونکیر کے سوال کے جواب دینا ہے، قبر کے ہولناک امور، قیامت کے ہیبت ناک واقعات یکے بعد دیگرے سب پیش آنے والے ہیں، اس لیے موت کی آرزو کرنے یا موت آنے کی دعا کرنے سے کوئی فائدہ نہیں، زندگی کو غنیمت سمجھو، آنے والے امور کی آسانی کے لیے دنیا کی زندگی ہی میں تیاری کرو، جو کچھ کرنا ہے دنیا ہی میں کر لو، مرنے کے بعد کچھ نہ کر سکو گے

۴ اور وہ اللہ تعالیٰ کی اطاعت کر کے موت کے بعد آنے والے امور کی آسانی کے لیے تیاری کرتا ہوں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

وَسَلَّمَ فَذَكَّرَنَا وَرَقَّقَنَا فَبَكَى سَعْدُ بْنُ أَبِي وَقَّاصٍ فَأَكْثَرَ الْبُكَاءَ فَقَالَ يَا لَيْتَنِي مِتُّ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَا سَعْدُ أَعِنْدِي تَتَمَنَّى الْمَوْتَ فَرَدَّدَ ذٰلِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ قَالَ يَا سَعْدُ إِنْ كُنْتَ خُلِقْتَ لِلْجَنَّةِ فَمَا طَالَ عُمُرُكَ وَحَسُنَ مِنْ عَمَلِكَ فَهُوَ خَيْرٌ لَكَ۔

(رَوَاهُ أَحْمَدُ)

علیہ وآلہ وسلم کی خدمت مبارک میں حاضر تھے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ہم کو وعظ نصیحت ہمیشہ دل ہلانے والا ہوتا تھا، مگر اس وقت کا وعظ کیا کہوں کیسا تھا[1]! حضرت سعد خوب رو رہے تھے (بے سود ہو کر) کہنے لگے، کاش میں (بچپن ہی میں) مرجاتا (تو گنہگار نہ ہوتا اور عذاب آخرت سے نجات پا جاتا) یہ سن کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے سعد! کیا تم میرے سامنے موت کی آرزو کرتے ہو[2]، تین بار حضور ایسا ہی فرماتے رہے[3]، اگر تمہارے مقدر میں جنت لکھی گئی ہے تو تمہاری عمر کا دراز ہونا، اور نیکیاں کر کے جنت کے مراتب حاصل کرنا (بچپن میں مرجانے) سے بہت بہتر تھا[4]، اس حدیث کی روایت امام احمد نے کی ہے۔

٢٠٥٣ وَعَنْ حَارِثَةَ بْنِ مُضَرِّبٍ قَالَ[5] دَخَلْتُ عَلَى خَبَّابٍ وَقَدِ اكْتَوَى سَبْعًا فَقَالَ لَوْلَا أَنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

حضرت حارثہ بن مضرب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ خباب رضی اللہ تعالیٰ عنہ (جو مشہور صحابی ہیں، وہ بیمار تھے میں ان کی عیادت کے لیے اُن) کے پاس گیا[5]

---

[1] ہمارے دلوں کی عجیب حالت تھی، ایسا معلوم ہوتا تھا کہ آخرت کے سارے احوال اور قیامت کے ہولناک واقعات ہمارے سامنے ہیں، ہر شخص پر ایک رقت کا عالم طاری تھا، حضرت سعد بھی ہمارے ساتھ تھے۔ اس حالت سے متاثر ہو کر

[2] آخرت کی تمام نعمتوں سے میری صحبت بہترین نعمت ہے، میری صحبت میں رہنا کیا کم ہے کہ پھر تم کیوں میرے سامنے موت کی آرزو کر رہے ہو۔

[3] قطع نظر میری صحبت کے تم کو تو جنت کی خوشخبری دی گئی ہے نا! اگر جنت کی خوشخبری نہ بھی دی جاتی تو تم مسلمان تھے۔

[4] پھر اب تم بچپن میں مرنے کی آرزو کر رہے ہو، یہ تمہاری شان کے لائق نہیں ہے

[5] کیا دیکھتا ہوں کہ حضرت خباب سخت بیمار ہیں۔ ان کو علاج کے طور پر ایک دو جگہ نہیں بلکہ۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا يَتَمَنَّيَنَّ اَحَدُكُمُ الْمَوْتَ لَتَمَنَّيْتُهٗ وَلَقَدْ رَاَيْتُنِيْ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَآ اَمْلِكُ دِرْهَمًا وَّ اِنَّ فِيْ جَانِبِ بَيْتِي الْاٰنَ لَاَرْبَعِيْنَ اَلْفَ دِرْهَمٍ قَالَ ثُمَّ اُتِيَ بِكَفَنِهٖ فَلَمَّا رَاٰهُ بَكٰى وَ قَالَ لٰكِنْ حَمْزَةُ لَمْ يُوْجَدْ لَهٗ كَفَنٌ اِلَّا بُرْدَةٌ مَّلْحَاءُ اِذَا جُعِلَتْ عَلٰى رَاْسِهٖ قَلَصَتْ عَنْ قَدَمَيْهِ وَ اِذَا جُعِلَتْ عَلٰى قَدَمَيْهِ قَلَصَتْ عَنْ رَاْسِهٖ حَتّٰى مُدَّتْ عَلٰى رَاْسِهٖ وَجُعِلَ عَلٰى قَدَمَيْهِ الْاِذْخِرُ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ)

سات جگہ داغ دیا گیا ہے[1]، حضرت خباب فرماتے ہیں، اگر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم موت کی آرزو کرنے سے منع نہ فرماتے تو میں (اس سخت مرض کو برداشت نہ کرکے) موت کی آرزو کرتا[2] میری حالت تھی کہ ایک درہم بھی میرے پاس نہیں تھا مگر کبھی میں نے بے صبری کا اظہار نہیں کیا) اور اب میرے گھر کے ایک کونے میں ۴۰ ہزار درہم پڑے ہوئے ہیں، (حارثہ) کہتے ہیں کہ پھر حضرت خباب کا کفن لایا گیا (جو بہت قیمتی تھا) جب (حضرت خباب نے) اس کو دیکھا تو رونے لگے فرمایا (ایک کفن تو یہ ہے اور ایک کفن وہ تھا جو) حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دیا گیا، (گنجائش نہ ہونے سے تین کپڑوں کی بجائے) ایک دھاری دار چادر ہی میں آپ کو کفنایا گیا[3] سر کو ڈھانکتے تھے تو پاؤں کھل جاتے تھے اور اگر پاؤں کو ڈھانکتے تو سر کھل جاتا تھا (مجبور ہوکر) اسی کفن سے سر کو ڈھانکا گیا

[1] بعض حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے کہ داغ دے کر علاج نہ کیا جائے، وہ عام طور پر ممانعت نہیں ہے، لوگوں کی عادت تھی کہ معمولی ضرورت پر بھی داغ دیا کرتے تھے، اس سے منع کیا گیا، اہم ضرورت ہو تو داغ دینا ممنوع نہیں ہے حضرت خباب جیسے صحابی ممنوع چیز ہرگز استعمال نہ کرتے، ایسی ہی اہم ضرورت تھی اسی وجہ سے حضرت خباب داغ دینے سے اپنا علاج کئے تھے۔ اہم ضرورت کا اس سے اندازہ کرو کہ وہ کیسی سخت بیماری ہوگی جس کی برداشت نہ کرکے

[2] مگر میں حضور کے ارشاد کی تعمیل کرکے کیسا ہی مرض ہو، اس میں موت کی آرزو نہیں کرتا ہوں (یہ بیماری کیا چیز ہے) میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے کسی ایسے صحابی کو نہیں جانتا جس نے میرے برابر بلائیں مصیبتیں برداشت کی ہوں، ان مصیبتوں کے وقت کبھی بے صبری کا اظہار نہیں کیا اب اس بیماری میں بے صبری کرکے حضور کے ارشاد کا خلاف کرکے موت کی آرزو نہیں کرتا۔ دیکھو اس وقت کا ذکر کیا کہوں وہ بھی اتنا چھوٹا کفن تھا کہ[3] اور اسی حالت میں حضرت حمزہ دفن کئے گئے صاحبو! آپ نے دیکھا اس وقت کی زندگی کیسی تکلیف کی زندگی تھی، باوجود اس تکلیف کے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا جو حکم تھا کہ تکلیف کی وجہ سے موت کی آرزو نہ کرو اس لیے باوجود تکلیف کے کوئی صحابی نہ موت کی آرزو کرتا نہ موت آنے کی دعا کرتا مسلمانو! تم پر بھی کیسی ہی پریشانی آئے، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے حکم کی تعمیل کرکے کبھی موت کی آرزو نہ کرنا اور نہ موت آنے کی دعا کرنا صبر کرکے صبر کا ثواب حاصل کرتے رہو)

www.waseemziyai.com

إِلَّا أَنَّهٗ لَمْ يَذْكُرْ ثُمَّ أَتٰى رِكْبَتَيْهِ إِلٰى آخِرِهٖ ۔

اس حدیث کی روایت امام احمد نے کی ہے۔ اور ترمذی نے بھی اسی کے قریب قریب روایت کی ہے۔

٢٠٥٤ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَتَمَنَّيَنَّ أَحَدُكُمُ الْمَوْتَ مِنْ ضُرٍّ أَصَابَهٗ فَإِنْ كَانَ لَا بُدَّ فَاعِلًا فَلْيَقُلْ[١] ۔

"اَللّٰهُمَّ أَحْيِنِيْ مَا كَانَتِ الْحَيَاةُ خَيْرًا لِّيْ وَتَوَفَّنِيْ إِذَا كَانَتِ الْوَفَاةُ خَيْرًا لِّيْ"

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ کوئی شخص (بدنی یا مالی) مصیبت کی وجہ سے (زندگی سے تنگ آکر) ہرگز موت کی آرزو نہ کرے، اگر تم کو ایسا ہی موت کی آرزو کرنا ہے تو ان الفاظ سے موت کی آرزو کرتا۔

الٰہی! میں نہیں جانتا کہ میرے لیے خیر کیا ہے آپ ہی کو غیب کی سب خبر ہے، اگر باوجود مصائب اور بیماریوں کے) میرا زندہ رہنا خیر ہے تو مجھے زندہ رکھئے اور اگر میرا مرنا ہی خیر ہو تو مجھے خیر کے ساتھ موت دیجئے۔ اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

٢٠٥٥ وَعَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَحَبَّ لِقَاءَ اللّٰهِ أَحَبَّ اللّٰهُ لِقَاءَهٗ وَمَنْ كَرِهَ لِقَاءَ اللّٰهِ كَرِهَ اللّٰهُ لِقَاءَهٗ فَقَالَتْ عَائِشَةُ أَوْ بَعْضُ أَزْوَاجِهٖ إِنَّا لَنَكْرَهُ الْمَوْتَ قَالَ لَيْسَ ذٰلِكِ وَلٰكِنَّ الْمُؤْمِنَ إِذَا حَضَرَهُ الْمَوْتُ بُشِّرَ بِرِضْوَانِ اللّٰهِ وَكَرَامَتِهٖ فَلَيْسَ شَيْءٌ أَحَبَّ

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جو شخص اللہ تعالیٰ سے ملنا پسند کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ بھی اس سے ملنا پسند کرتے ہیں اور جو شخص اللہ تعالیٰ سے ملنا پسند نہیں کرتا تو اللہ تعالیٰ بھی اس سے ملنا پسند نہیں کرتے، ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے عرض کیا، یا رسول اللہ! تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ

۱؎ (اپنے الفاظ میں ہرگز نہ کرنا تم اللہ تعالیٰ کی شان کے خلاف کچھ کہہ دو گے۔ بہتر یہ ہے کہ حدیث کے)

۲؎ اللہ تعالیٰ سے ملنے سے مراد اگر موت ہو تو موت کو تو کوئی بھی پسند نہیں کرتا، پھر حضور کا یہ فرمانا کہ بعض موت کو پسند کرتے ہیں اور بعض موت کو نہیں پسند کرتے اس کا مطلب کیا ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZUL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

إِلَيْهِ مِمَّا أَمَامَهُ فَأَحَبَّ لِقَاءَ اللهِ فَأَحَبَّ اللهُ لِقَاءَهُ وَإِنَّ الْكَافِرَ إِذَا حُضِرَ بُشِّرَ بِعَذَابِ اللهِ وَعُقُوبَتِهِ فَلَيْسَ شَيْءٌ أَكْرَهَ إِلَيْهِ مِمَّا أَمَامَهُ فَكَرِهَ لِقَاءَ اللهِ وَكَرِهَ اللهُ لِقَاءَهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِي رِوَايَةِ عَائِشَةَ وَالْمَوْتُ قَبْلَ لِقَاءِ اللهِ۔

وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں، عائشہ! تم خدا کے ملنے کو اور موت کو ایک ہی سمجھ رہے ہو ایسا نہیں ہے[1] جب مسلمان کو موت آتی ہے تو (چوں کہ وہ توحید اور رسالت کا قائل ہو کر اللہ تعالیٰ کو راضی کر لیتا ہے) اس کے سامنے فرشتے آکر خوش خبری سناتے ہیں[2] اس وقت مسلمان کے سامنے اللہ تعالیٰ سے ملنے سے بڑھ کر کوئی چیز محبوب نہیں ہے، تو وہ اللہ تعالیٰ سے ملنے کو پسند کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ بھی (چوں کہ اس سے راضی ہیں) اس لیے اس سے ملنے کو پسند فرماتے ہیں۔ (اس کے برخلاف) جب کافر کو موت آتی ہے تو[3] فرشتے اس کے سامنے آکر کہتے ہیں تمہارے لیے طرح طرح کے عذاب اور مصائب تیار کر رکھے ہیں، تو اس وقت کافر کے سامنے سے بڑھ کر کوئی چیز ناگوار نہیں ہوتی۔ اس لیے وہ اللہ تعالیٰ سے ملنے کو پسند نہیں کرتا اور اللہ تعالیٰ بھی (چونکہ اس پر غضب ناک ہیں) اس لیے وہ اس سے ملنے کو پسند نہیں فرماتے۔ اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

۲۰۵۲ / ۸ وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنْ شِئْتُمْ أَنْبَأْتُكُمْ

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا (مسلمانو!) تم کو کچھ معلوم ہے[4]

---

۱ (انسانی فطرت کے لحاظ سے تو موت کو کوئی بھی پسند نہیں کرتا، اللہ تعالیٰ سے ملنا اور موت ایک چیز نہیں ہے۔)

۲ کہ چلو اللہ سے ملو، اللہ تعالیٰ تم سے راضی ہے تمہارے لیے راحت و آرام اور باغ و بہار تیار کیا ہے۔

۳ چوں کہ توحید اور رسالت کا انکار کر کے وہ اللہ تعالیٰ کو ناراض کر رکھتا ہے اس لیے

۴ (ایک ضروری بات سنانا چاہتے تھے خاص توجہ کے ساتھ اس کو سننے کے لیے بہ طور تمہید ارشاد فرمایا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

مَا أَوَّلُ مَا يَقُوْلُ اللّٰهُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَمَا أَوَّلُ مَا يَقُوْلُوْنَ لَهٗ قُلْنَا نَعَمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ إِنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ هَلْ أَحْبَبْتُمْ لِقَآئِيْ فَيَقُوْلُوْنَ نَعَمْ يَا رَبَّنَا فَيَقُوْلُ لِمَ يَقُوْلُوْنَ رَجَوْنَا عَفْوَكَ وَمَغْفِرَتَكَ فَيَقُوْلُ قَدْ وَجَبَتْ لَكُمْ مَغْفِرَتِيْ۔

(رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَ أَبُوْ نُعَيْمٍ فِي الْحِلْيَةِ)

کہ قیامت میں اللہ تعالیٰ مسلمانوں سے پہلی بات کیا کریں گے۔ اور ایسے ہی اس دن مسلمانوں کی پہلی بات اللہ تعالیٰ سے کیا ہوگی، اگر تم چاہتے ہو تو میں تمہیں اس کو سناتا ہوں، یہ سن کر صحابہ نے عرض کیا حضور ضرور سنائیے (ہم اس کو سننے کے لیے خاص توجہ کے ساتھ تیار ہیں) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں، (پھر اللہ تعالیٰ کی پہلی) بات مسلمانوں سے متوجہ ہو کر یہ ہوگی کہ کیا تم کو یقین تھا کہ (تم کو آخرت میں ایک دن آنا ہے اور) اللہ تعالیٰ سے ملنا ہے تو مسلمان عرض کریں گے ہاں! اے ہمارے مالک! ہم یقین سے ایسا ہی سمجھے ہوئے تھے، تو اللہ تعالیٰ ارشاد فرمائے گا (جب تم کو مجھ سے ملنے کا یقین تھا پھر تم نے گناہ کیسے کئے) مسلمان عرض کریں گے الٰہی![1] آپ کا کرم، آپ کا رحم، آپ کے علم نے ہم کو جرأت دلائی ہے[2] تو اللہ تعالیٰ ارشاد فرمائیں گے[3] میں نے تمہارے سب گناہوں کو بخش دیا۔ اس کی روایت امام بغوی نے شرح السنہ میں کی ہے، اور ابو نعیم نے بھی حلیہ میں اس کی روایت کی ہے۔

۲۰۵۷/۹ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى شَابٍّ وَهُوَ فِي الْمَوْتِ فَقَالَ

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ایک نوجوان کی عیادت کے لیے تشریف

---

۱ ہم نادم اور شرمندہ ہیں، ہم کو گناہ نہیں کرنا چاہیے

۲ ہم یہ سمجھے ہوئے تھے کہ آپ کی مغفرت ہمارے گناہوں سے زیادہ وسیع ہے۔ آپ کی مغفرت کے سامنے ہمارے گناہ کیا چیز ہیں۔ ہم بڑی امید آپ سے کئے اس لئے گناہ کرتا تھا گئے

۳ بندہ جیسے میری نسبت خیال کرتا ہے میں ویسا ہی اس کے ساتھ برتاؤ کرتا ہوں، جب تمہارا میرے ساتھ ایسا خیال تھا تو

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

كَيْفَ تَجِدُكَ قَالَ اَرْجُو اللهَ يَا رَسُوْلَ اللهِ وَاِنِّيْ اَخَافُ ذُنُوْبِيْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَجْتَمِعَانِ فِيْ قَلْبِ عَبْدٍ فِيْ مِثْلِ هٰذَا الْمَوْطِنِ اِلَّا اَعْطَاهُ اللهُ مَا يَرْجُوْ وَاٰمَنَهٗ مِمَّا يَخَافُ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

لے گئے اور اس کو ملاحظہ فرمایا کہ سکرات کی حالت میں ہے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے دریافت فرمایا (اس وقت تمہارے دل کی) کیا حالت ہے! (تمہارے دل میں اس وقت کیا خیالات آرہے ہیں) اس نوجوان نے عرض کیا، حضور! گناہوں کی وجہ سے خدائے تعالیٰ سے ڈر رہا ہوں[1] بڑی امید بھی ہوتی ہے[2] یہ سن کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا[3]: ایسے سکرات کے وقت میں[4] تو وہ بندہ جس چیز سے ڈر رہا ہے اللہ تعالیٰ اس کو اس سے بچا لیتے ہیں اور جس چیز کی امید لگائی ہوئی ہے اس کو عطا فرما کر امن اور راحت میں رکھتے ہیں۔ اس کی روایت ترمذی اور ابن ماجہ نے کی ہے۔

٢٠٥٨/١٠ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَبْلَ مَوْتِهٖ بِثَلَاثَةِ اَيَّامٍ يَقُوْلُ لَا يَمُوْتَنَّ اَحَدُكُمْ اِلَّا وَهُوَ يُحْسِنُ الظَّنَّ بِاللهِ۔

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ (مجھے خوب یاد ہے) خود میں نے سنا ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اپنی وفات شریف سے تین دن پہلے اس طرح ارشاد فرماتے ہیں، تم میں سے ہر ایک کی موت ایسی حالت میں ہو کہ وہ اللہ تعالیٰ سے حسن ظن رکھتا

---

[1] کہ میرے ساتھ معلوم نہیں کیا برتاؤ کیا جاتا ہے، اور ادھر اللہ تعالیٰ کی رحمت اور اس کی مغفرت کا خیال آتا ہے تو

[2] کہ اللہ تعالیٰ کی مغفرت کے سامنے میرے گناہ کیا چیز ہے ضرور اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے میرے گناہ معاف فرمائیں گے اور مجھے مرنے کے بعد راحت و آرام نصیب ہوگا۔ اس وقت اس کشمکش میں میرا دل پھنسا ہوا ہے۔

[3] سنو! اے نوجوان یوں تو ہر وقت مسلمان کو اللہ تعالیٰ سے خوف کرتے ہوئے اور اس سے امید رکھتے ہوئے رہنا چاہیئے خاص کر

[4] جس شخص کے دل میں اپنے گناہوں کی وجہ سے اللہ تعالیٰ سے خوف ہو اور اللہ تعالیٰ کی شان رحمت اس کے پیش نظر ہو جس کی وجہ سے وہ بڑی بڑی امیدیں لگائے ہوا ہے، اللہ کی رحمت ہمیشہ اس کے غضب پر غالب رہتی ہے، ایسے بندہ کی حالت اللہ تعالیٰ کو بہت پسند آتی ہے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

ہو، اس کی روایت مسلم نے کی ہے۔

ف: اس حدیث کی تفصیل یہ ہے کہ مسلمان کے دو بازو ہیں جن کے ذریعہ سے اللہ تعالیٰ کی طرف جانے کا راستہ بہت آسانی سے طے ہوتا ہے۔ ایک بازو تو یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا خوف رہے جس کی وجہ سے وہ گناہوں سے بچتا رہتا ہے اور دوسرا بازو یہ ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ سے امید رکھے جس کی وجہ سے مسلمان اللہ تعالیٰ سے مغفرت کی امید رکھتا ہے۔ حالت صحت اور زندگی میں خوف خدا غالب رکھے تاکہ گناہوں سے بچتا رہے اور مرنے کے وقت خوف کی ضرورت نہیں رہتی، اس لیے کہ اس وقت گناہ کرنے کا نہیں ہے، بلکہ موت کے وقت خدا کو رحیم، کریم اور غفار سمجھتا رہے اور ان کی مغفرت کی امید دل میں لیا ہوا رہے تاکہ خوش خوش خدا کے پاس جانے کے لیے تیار رہے ہرنے سے جی نہ چرائے۔ یعنی مرنے کے وقت اگر خوف کی حالت رہی تو خدا کے سامنے ایسا جائے گا جیسے مالک کے سامنے بھاگا ہوا غلام ڈرتا ہوا جاتا ہے اس لیے زندگی میں حتی الامکان نیکیاں کرتا رہے، اور مرتے وقت دل میں یہی امید مغفرت کی لیا ہوا رہے گا، تو اللہ تعالیٰ کے سامنے ایسا جائے گا جیسے کوئی غلام مالک کے حکم کی تعمیل کر کے مالک کے سامنے بڑی بڑی امیدیں لگائے ہوئے خوش خوش جاتا ہے۔ ۱۲

۲۰۵۹ وَعَنْ اَبِیْ قَتَادَۃَ اَنَّہٗ کَانَ یُحَدِّثُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِجَنَازَۃٍ قَالَ مُسْتَرِیْحٌ اَوْ مُسْتَرَاحٌ مِّنْہُ فَقَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ مَا الْمُسْتَرِیْحُ وَالْمُسْتَرَاحُ مِنْہُ فَقَالَ الْعَبْدُ الْمُؤْمِنُ یَسْتَرِیْحُ مِنْ نَصَبِ الدُّنْیَا وَاَذَاھَا اِلٰی رَحْمَۃِ اللّٰہِ وَالْعَبْدُ الْفَاجِرُ یَسْتَرِیْحُ مِنْہُ الْعِبَادُ وَالْبِلَادُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَابُّ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابو قتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ ایک دن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم تشریف فرما تھے آپ کے سامنے سے ایک جنازہ گزرا، آپ نے اس جنازہ کو دیکھ کر فرمایا یا تو اس کو راحت ہو گئی یا اس سے راحت ہو گئی، صحابہ نے عرض کیا حضور! آپ جو ارشاد فرما رہے ہیں، ہم اس کا مطلب نہیں سمجھے، اس سے کیا مراد ہے؟ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا سنو، کہ مسلمان بندہ دنیا میں طرح طرح کی مصیبتیں اٹھاتا رہتا ہے۔ مرنے کی وجہ سے وہ ان تمام مصیبتوں سے چھوٹ جاتا ہے اور چونکہ وہ نیکیاں کرتا رہا، اس لیے اللہ تعالیٰ اس پر مہربان ہیں (مرنے سے) وہ راحت الٰہی میں پہنچ جاتا ہے، اور راحت و آرام پاتا ہے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم فرماتے

ہیں دکھ ہیں سے اس سے راحت ہو گئی، جو کہا اس کا مطلب یہ ہے، کہ جو ظالم بندہ، انسان تو انسان بلکہ شہر، درخت اور جانور اس کے مرنے سے سب کو راحت ہو جاتی ہے۔ (اس حدیث کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

۲۰۶۰ / ۱۲ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ اَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِمَنْكِبَيَّ فَقَالَ كُنْ فِي الدُّنْيَا كَاَنَّكَ غَرِيْبٌ اَوْ عَابِرُ سَبِيْلٍ وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يَقُوْلُ اِذَا اَمْسَيْتَ فَلَا تَنْتَظِرِ الصَّبَاحَ وَاِذَا اَصْبَحْتَ فَلَا تَنْتَظِرِ الْمَسَاءَ وَخُذْ مِنْ صِحَّتِكَ لِمَرَضِكَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے میرے دونوں مونڈھے پکڑ کر ارشاد فرمایا، ابن عمر سنو (دنیا کو اپنا گھر نہ سمجھنا) تم دنیا میں ایسے رہو جیسے مسافر منزل میں رہتا ہے یا (کہ تم اپنے کو سمجھو کہ میں مسافر ہوں راستہ میں چل رہا ہوں) اگر شام ہو تو صبح کا انتظار مت کرو، جب بیمار ہو جاؤ گے تو تم اعمال نیک

لہ کہ جس کے ظلم سے سب تنگ تھے طرح طرح سے لوگوں کو ایذا پہنچ رہی تھی، اس کے مرنے کی وجہ سے سب کو راحت مل جاتی ہے۔

لہ اس لیے کہ اس کے ظلم کی وجہ سے سارے عالم میں فساد پھیل گیا تھا، اور اللہ تعالیٰ اس پر غضب ناک تھے اس کے ظلم اور گناہوں کی وجہ سے بارش رک گئی تھی، طرح طرح سے عالم میں خرابیاں ہو رہی تھیں، اس کے مرنے کی وجہ سے یہ ساری خرابیاں دور ہو گئیں۔ بارش کی وجہ سے زمین سرسبز ہو گئی اور زمین پر رہنے والوں کو آرام نصیب ہو گیا اس لیے میں نے اس جنازہ کو دیکھ کر کہا کہ اس کو آرام مل گیا، یا اس سے سب کو آرام مل گیا

لہ کسی چیز سے دل نہ لگاؤ اس لئے کہ ایک دن اس کو چھوڑنا ہے۔ یہاں کی لذتوں سے نفع لینے کی عادت نہ ڈالو، لوگوں سے گہرا تعلق پیدا نہ کرو، ایک دن ان کو چھوڑنا ہے۔ ہاں خدا و رسول کے حکم کے موافق ان کے حقوق ادا کرتے رہو، ابن عمر! تم یہ نہ سمجھنا کہ میں یہاں ہمیشہ رہنے کے واسطے آیا ہوں، تم ایسے رہو جیسے مشاغل نہ پیدا کرو، تم مسافر ہو، آخرت تمہارا اصلی وطن ہے۔ اصلی وطن میں رہنے کے لیے یہاں سے سامان تیار کر کے چلو، سنو ابن عمر! مسافر منزل میں ایک دو روز تو بھی قیام کرتا ہے لیکن تم کو یہاں ایک دو روز بھی قیام کرنے کی امید نہیں۔

لہ دیکھو یہاں دنیا میں ایک دن بھی رہنے کی امید نہیں ہے کیا معلوم کب وقت آتا ہے اور کب چلنا پڑتا ہے۔

ھ کیا معلوم تم صبح تک زندہ رہنے بھی ہو یا نہیں، اور ایسا ہی جب صبح ہو تو شام کا انتظار مت کرو (کیا معلوم کہ تم شام تک زندہ رہتے ہو یا نہیں، ابن عمر! تم موت کی تیاری میں رہو) جو وقت ملے اس کو غنیمت سمجھو، صحت کے زمانہ میں جہاں تک ہو سکے اعمال نیک کرتے رہو۔

وَمِنْ حَيَاتِكَ لِمَوْتِكَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

کرنا چاہو گے نہیں کر سکو گے) ایسا ہی زندگی کو غنیمت جانو، جہاں تک ہو سکے اعمال نیک کرتے رہو[2] اس حدیث کی روایت بخاری نے کی ہے۔

۲۰۶۱ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَكْثِرُوا ذِكْرَهَاذِمِ اللَّذَّاتِ الْمَوْتَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں (مسلمانو! کب تک غفلت میں رہو گے، غفلت دور کرنے کے لیے) لذتوں کے مٹانے والی کو کثرت سے یاد کیا کرو (کچھ سمجھے کہ لذتوں کو مٹانے والی کون چیز ہے؟ سنو) وہ موت ہے۔ اس حدیث کی روایت ترمذی، نسائی اور ابن ماجہ نے کی ہے۔

۲۰۶۲ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ذَاتَ يَوْمٍ لِأَصْحَابِهِ اِسْتَحْيُوْا مِنَ اللهِ حَقَّ الْحَيَاءِ قَالُوْا إِنَّا إِنَّا نَسْتَحْيِيْ مِنَ اللهِ يَا نَبِيَّ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ قَالَ لَيْسَ ذٰلِكَ وَلٰكِنْ مَنِ اسْتَحْيٰى مِنَ اللهِ حَقَّ الْحَيَاءِ فَلْيَحْفَظِ الرَّأْسَ وَمَا وَعٰى وَلْيَحْفَظِ الْبَطْنَ وَمَا حَوٰى وَلْيَذْكُرِ الْمَوْتَ وَالْبِلٰى وَمَنْ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ (ایک روز) نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے صحابۂ کرام سے مخاطب ہو کر ارشاد فرمایا، صاحبو! اللہ تعالیٰ سے ایسا شرماؤ جیسے اس سے شرمانا چاہیئے[3] صحابہ نے عرض کی حضور! اللہ تعالیٰ کی نعمتیں اور اس کے احسانات ہم کو یاد ہیں، الحمد للہ! ہم اس کی فرمانبرداری کیئے جا رہے ہیں[4] اس طرح کی فرمانبرداری ہے جیسا شرمانا چاہیئے ویسا شرمانے کا حق ادا نہیں، تو تم کو اللہ تعالیٰ نے جو سر دیا

---

[1] موت کے بعد کا زمانہ جزاء ملنے کا زمانہ ہے۔ عمل کرنے کا زمانہ نہیں ہے۔ ہزار تم عمل کرنا چاہو گے مگر عمل نہیں کر سکو گے!

[2] موت بھولنے سے غفلت میں پڑے ہوئے ہو، جب موت تمہارے سامنے رہے گی تو تم سفر آخرت کی تیاری میں لگ جاؤ گے اور اعمال نیک کر کے خدا کے سامنے سرخرو ہو جانے کے لیے ہمیشہ کوشش کرو گے۔

[3] صحابہ کرام رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے منشاء کو سمجھ گئے کہ حضور یہ فرمانا چاہتے ہیں کہ اللہ کی نعمتوں کو حاصل کر کے اس کے احسانات میں رہ کر پھر اس کی نافرمانی کرنا پڑی تو یہ بے حیائی اور بے شرمی کی بات ہے۔

[4] اس لیے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ کی بے گنتی نعمتوں کے اور کثرت سے احسانات کے مقابلہ میں تمہاری فرمانبرداری کچھ بھی نہیں، اس لیے کہتا ہوں[5] جیسے میں کہتا ہوں اس طرح کرو تو کسی قدر شرمانے کا حق ادا ہو جائے گا، صاحبو! سوچو

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

أَرَادَ الْآخِرَةَ تَرَكَ زِيْنَةَ الدُّنْيَا فَمَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ فَقَدِ اسْتَحْيٰى مِنَ اللّٰهِ حَقَّ الْحَيَاءِ۔

(رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ)

اس سے تم کو جو جو نعمتیں مل رہی ہیں، اُن نعمتوں کو یاد کرو، تم کو اللہ تعالیٰ نے جو پیٹ دیا ہے وہ کبھی بڑی نعمت ہے اس سے تم کو کیا فائدے مل رہے ہیں۔ اس کا شکر یہ ہے کہ پیٹ کو حرام غذا سے بچاؤ[۴]، ہمیشہ موت کو یاد کرتے رہو، اور دنیا اور دنیا کی زینت کو چھوڑ دو[۵]، سمجھا جائے گا کہ اللہ تعالیٰ سے جیسا شرمانا چاہیے ویسا شرما رہے ہیں اس حدیث کی روایت امام احمد اور ترمذی نے کی ہے۔

---

[۱] اس کا شکر یہ ہے کہ غیر خدا کے آگے سر نہ جھکانا جس نے سر دیا ہے اس کے سامنے سر جھکانا چاہیے، تکبر اور غرور سے سر نہ اکڑانا، اور سر میں برے خیالات اور عقائد باطلہ نہ جمع کرنا، سر میں تمہارے زبان دی ہے آنکھیں دی ہیں اور کان دیئے ہیں ان میں سے ایک ایک کیا کچھ کیسی نعمت ہے۔ اگر کسی میں بیماری سے نقصان آجائے اس وقت اس نعمت کی قدر ہوتی ہے اس لیے تم ان نعمتوں کو زبان آنکھ اور کان کو خدا کی نافرمانی میں صرف نہ کرنا جس نے یہ نعمتیں دی ہیں اسی کی اطاعت میں رکھنا مثلاً کان سے غیبت اجھوٹ اور فحش باتیں نہ سننا اور آنکھ سے نامحرم کی طرف نہ دیکھنا اور زبان سے جھوٹ غیبت اور بری باتیں نہ کہنا صاحبو! پھر سوچو۔

[۲] اور پیٹ کے متعلقات میں دل ہے اس میں علم دین اور معرفت حق جمع کرو، اور دل کو ماسوائے اللہ کی محبت سے دور رکھو، سب سے زیادہ اللہ تعالیٰ کی محبت پیدا کرو اور پیٹ کے متعلقات میں شرمگاہ ہے ہاتھ پاؤں ہیں ان سے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی نہ کرو، ان سب کو اللہ کی خوشنودی اور اس کی رضامندی کے کاموں میں لگائے رکھو، خلاصہ یہ ہے کہ جسم کو اور سارے اعضاء کو اللہ تعالیٰ کی اطاعت اور فرماں برداری میں رکھنے سے سمجھا جائے گا کہ تم اللہ تعالیٰ سے ایسا شرما رہے ہو جیسا کہ شرمانا چاہیے، جسم کو اور سارے اعضاء کو اللہ تعالیٰ کی اطاعت اور فرمان برداری میں رکھنے کے دو علاج بتاتا ہوں سنو! ایک تو یہ ہے کہ

[۳] موت کے بعد قبر میں جسم کے سڑنے گلنے کو بھی سوچتے رہو تو تمہارے دل میں رقت پیدا ہوگی، جس کے سبب سے تم جسم کو اور تمام اعضاء کو اللہ تعالیٰ کی اطاعت اور فرماں برداری میں رکھو گے اور دوسرا علاج یہ ہے کہ دنیا اور دنیا کی زیب و زینت جن کے پیش نظر رہتی ہے وہ جسم کو اور تمام اعضاء کو اللہ تعالیٰ کی اطاعت اور فرمان برداری میں نہیں رکھ سکتے ہیں اس لیے تم خوب سوچو کہ تم نے دنیا میں ہمیشہ رہنا نہیں ہے ایک دن دنیا چھوڑ کر اللہ تعالیٰ کے سامنے جانا ہے۔ اس لیے

[۴] دنیا میں زاہدانہ زندگی بسر کرو تو تم جسم کو اور تمام اعضاء کو اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں رکھ سکو گے، تو

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

تمہید

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے "یُحِبُّھُمْ وَ یُحِبُّوْنَہٗ" (اللہ تعالیٰ مسلمانوں سے محبت رکھتے ہیں اور مسلمان اللہ تعالیٰ سے محبت رکھتے ہیں) ایک اور جگہ ارشاد ہوا ہے "وَالَّذِیْنَ آمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ" (مسلمان سب سے زیادہ اللہ سے محبت رکھتے ہیں) اس سے معلوم ہوا کہ مسلمانوں کو اللہ تعالیٰ سے اور اللہ تعالیٰ کو مسلمانوں سے محبت کا تعلق ہے، اور یہ قاعدہ ہے کہ دوست دوست کے ساتھ مہربانیاں اور سرفرازیاں کرنا چاہتا ہے بعض موانعات کی وجہ سے سرفرازی نہیں کر سکتا ہے، جب موانعات اٹھ جاتے ہیں تو دوست کو سرفراز کرنے کا موقع ملتا ہے، ایسا ہی اللہ تعالیٰ کو خاص طور پر مسلمانوں سے مہربانی کرنے کا اور ان کو سرفراز کرنے کا دنیا میں رہنے کی وجہ سے موقع نہیں مل رہا ہے گو دنیا میں بھی ان پر مہربان ہے اور ان کو سرفراز کر رہا ہے مگر آخرت میں جو مہربانیاں اور سرفرازیاں ہوں گی مسلمان کو دنیا میں رہنے کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نہیں دے رہا ہے، مسلمانوں کو دنیا چھوڑ کر خاص مہربانیاں اور سرفرازیاں حاصل کرنے کے لیے آخرت میں جانا ضرور ہے، اس لیے اللہ تعالیٰ موت جو مثل ایک تحفہ اور ہدیہ کے ہے اس کو بھیج کر مسلمان کو سرفراز کرنے کے لیے آخرت میں بلاتے ہیں اس لیے۔

۲۰۶۳/۱۵ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ تُحْفَۃُ الْمُؤْمِنِ الْمَوْتُ۔ (رَوَاہُ الْبَیْہَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ مسلمان کے لیے موت مثل تحفہ[1] اور ہدیہ کے خوش گوار ہے، اس حدیث کی روایت بیہقی نے شعب الایمان میں کی ہے۔

۲۰۶۴/۱۶ وَعَنْ بُرَیْدَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ الْمُؤْمِنُ یَمُوْتُ بِعَرَقِ الْجَبِیْنِ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَالنَّسَائِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ مسلمان (جب اس کا خاتمہ بالخیر ہوتا ہے تو) مرتے وقت اس کی پیشانی پر پسینہ[2] آتا ہے اس حدیث کی روایت ترمذی، نسائی اور ابن ماجہ نے کی ہے۔

۲۰۶۵/۱۷ وَعَنْ عُبَیْدِ اللّٰہِ بْنِ خَالِدٍ

ابوداؤد کی روایت میں حضرت عبید اللہ

۱؎ کہ اس کے ذریعہ سے اللہ تعالیٰ کا قرب نصیب ہوگا، طرح طرح کی نعمتیں اور راحت و آرام ملے گا۔
۲؎ اس لیے کہ خاتمہ بالخیر ہونے کی یہ بھی ایک علامت ہے)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَوْتُ الْفَجَاءَةِ اَخْذَةُ الْاَسَفِ رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ وَزَادَ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَرَزِيْنٌ فِيْ كِتَابِهٖ اَخْذَةُ الْاَسَفِ لِلْكَافِرِ وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِ۔

بن خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ یکایک اور اچانک مرجانا اللہ تعالیٰ کے غضب کی علامت ہے (کس کے لیے اس وجہ سے کہ بیہقی اور رزین دونوں نے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ یکایک مرنا کافر کے حق میں غضب الٰہی کی علامت ہے اور مسلمان کے لیے یکایک مرنا رحمت الٰہی کی علامت ہے۔

بَابُ مَا يُقَالُ عِنْدَ مَنْ حَضَرَهُ الْمَوْتُ

باب، جس شخص کو موت آرہی ہو تو اس کے پاس کیا پڑھا جائے۔

ف، موت قریب ہونے کے آثار وعلامات یہ ہیں، سانس اکھڑ جائے اور جلدی جلدی چلنے لگے ٹانگیں ڈھیلی پڑ جائیں کہ ٹانگوں کو کھڑا کیا جائے تو کھڑی نہ ہو سکیں، ناک ٹیڑھی ہو جائے اور کنپٹیاں بیٹھ جائیں جب یہ آثار وعلامات ظاہر ہو جائیں تو اس کے سامنے بیٹھ کر زور زور سے کلمہ پڑھو، تاکہ نہیں پڑھنے سن کر وہ خود بھی کلمہ پڑھنے لگے اور اس کو کلمہ پڑھنے کا حکم نہ کرو، کیونکہ وہ وقت بڑا مشکل ہے، نہ معلوم اس کے منہ سے کیا نکل جاوے اور اس کے پاس بیٹھ کر سورہ یٰسین اس طرح پڑھو کہ وہ سن سکے۔ سورہ یٰسین پڑھنے سے سکرات کی سختی میں کمی ہوتی ہے اور اس وقت اس کے سامنے ایسی باتیں نہ کرو کہ اس کا دل دنیا کی طرف مائل ہو جائے۔ (اشعۃ اللمعات، ۲)

۱- وَقَوْلُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ
وَلَوْ تَرٰى اِذِ الظّٰلِمُوْنَ فِيْ غَمَرٰتِ الْمَوْتِ وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَاسِطُوْٓا اَيْدِيْهِمْ اَخْرِجُوْٓا اَنْفُسَكُمْ اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔
اور کبھی تم دیکھو جس وقت ظالم موت کی سختیوں میں ہیں اور فرشتے ہاتھ پھیلائے ہوئے ہیں کہ نکالو اپنی جانیں آج خواری کا عذاب دیا جائے گا۔ (سورۃ الانعام، ۹۳)

ف:۔ فرشتوں کا یہ کلام اظہار غضب کے لیے ہے، ورنہ جان نکالنا خود فرشتوں کا کام ہے نہ کہ کفار کا، اس آیت سے معلوم ہوا کہ کافر کو سختی موت زیادہ ہوتی ہے، جان کنی کی شدت کے عذاب اور دنیا کے چھوٹ جانے کا صدمہ ہوتا ہے۔

وَقَوْلُهٗ:
اَلنَّارُ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا غُدُوًّا

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔
آگ جس پر صبح و شام پیش کیے جاتے ہیں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

وَّعَشِيًّا ۔　　(سورۃ المؤمن، ۴۶)

ف:- اس طرح کہ ان کی قبروں میں دوزخ کی گرمی تو ہر وقت ہی رہتی ہے، مگر آگ کی پیشی صبح و شام ہوتی رہے گی قیامت تک، قبر سے مراد عالم برزخ ہے، اس سے تین مسئلے معلوم ہوئے ایک یہ کہ عذاب قبر برحق ہے، دوسرا یہ کہ عذاب قبر جہنم میں داخل ہو کر نہ ہوگا، بلکہ دور سے دوزخ کی گرمی پہنچا کر، تیسرے یہ کہ حساب قبر صرف ایمان کا ہے حساب قیامت میں ایمان و اعمال دونوں کی جانچ ہے، اس لیے کہ اس آیت میں آل فرعون کے لیے دو عذابوں کا ذکر ہوا، جہنم کی آگ پر پیش ہونا قیامت سے پہلے، پھر قیامت میں دوزخ میں عذاب ہونا، ان کو بتلایا جاتا ہے کہ تم قیامت کے روز اس ہولناک عذاب میں داخل کئے جاؤ گے، اگر ایک ہی وقت ان کو دوزخ میں داخل کیا جاتا تو یہ اچھا تھا، اس سے کہ بار بار ان کو دکھایا جائے کہ دوزخ میں ان کا یہ مقام ہے کیوں کہ جو پریشانی اور تکلیف اس سے ہوتی ہے وہ اُن کے لیے بہت بڑا عذاب ہے

۳- وَقَوْلُهٗ ،　　اللہ تعالےٰ کا فرمان ہے۔

كَذٰلِكَ يَجْزِي اللّٰهُ الْمُتَّقِيْنَ الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ طَيِّبِيْنَ يَقُوْلُوْنَ سَلٰمٌ عَلَيْكُمُ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝

اللہ ایسا ہی صلہ دیتا ہے پرہیزگار لوگوں کو وہ جن کی جان نکالتے ہیں فرشتے ستھرے پن میں یہ کہتے ہوئے کہ سلامتی ہو تم پر، جنت میں جاؤ بدلہ اپنے کئے کا۔ (سورۃ النحل، ۳۲)

ف:- معلوم ہوا کہ اعتبار خاتمہ کا ہے، متقی وہ ہے جس کا خاتمہ تقویٰ پر ہو، یہ بھی معلوم ہوا کہ جان نکالنے کے وقت بہت فرشتے حاضر ہوتے ہیں، ملک الموت اور ان کے خدام بھی، یہ بھی معلوم ہوا کہ یہ فرشتے ایک وقت سارے عالم میں موجود ہوتے ہیں۔

ف:- موت کے فرشتے مومن کو سلام کر کے آتے ہیں، اور جنت کی خوشخبری دے کر جان نکالتے ہیں، تاکہ نزع آسان ہو۔

۲۰۶۶ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ وَّاَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقِّنُوْا مَوْتَاكُمْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو سعید اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما ان دونوں حضرات سے روایت ہے یہ دونوں حضرات فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جس شخص کی موت قریب آگئی ہے اور سکرات شروع ہوگئی ہو تو) اس کے سامنے آواز سے کلمہ توحید «لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ» (اس طرح) پڑھے (کہ مرنے والا اس کو

سنے اور کلمہ توحید اسے یاد آجائے) اس حدیث کی روایت مسلم نے کی ہے۔

ف: درمختار میں مذکور ہے کہ اس طرح کی تلقین کرنا مستحب ہے، اور بعضوں نے اس کو واجب بھی قرار دیا ہے، مرنے والے کو کلمہ توحید پڑھنے کا حکم نہ کرے کہ وہ سکرات کی تکلیف کی وجہ سے کہیں انکار نہ کردے، اگر مرنے والا ایک دفعہ کلمہ توحید پڑھ لے تو دوبارہ اس کو کلمہ توحید پڑھنے پر اصرار نہ کرے ہاں! اگر وہ کلمہ توحید پڑھنے کے بعد دنیا کی کوئی بات کیا ہو تو اس کے سامنے پھر کلمہ توحید پڑھے، تاکہ وہ اسے سن کر خود بھی کلمہ توحید پڑھے اور اس کا آخر کلام لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰهِ ہو ایسا ہی دفن کے بعد بھی قبر کے پاس بیٹھ کر کلمہ توحید لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰهِ آواز سے پڑھنا اہل سنت و جماعت کے نزدیک جائز ہے، جیسا کہ جوہرہ میں مذکور ہے، اس لیے کہ مردہ اس کو سنتا ہے اور اس کو فرشتوں کے سوال و جواب دینے میں سہولت ہوتی ہے۔ قبر کے پاس بیٹھ کر تلقین ان الفاظ سے کی جائے۔

يَا فُلَانُ يَا ابْنَ فُلَانٍ اُذْكُرْ مَا كُنْتَ عَلَيْهِ وَقُلْ رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّبِالْإِسْلَامِ دِيْنًا وَّبِنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبِيًّا۔

یعنی مردہ کا نام اور اس کے باپ کا نام لے کر یہ کہے کہ دنیا میں جیسے تو توحید اور رسالت کا اقرار کیا کرتا تھا، اب بھی فرشتوں کے سامنے توحید و رسالت کا اقرار کر، ڈرنا نہیں، کچھ غمزدہ نہیں ہونا اسی طرح کہنا کہ میں دل سے راضی ہوں کہ اللہ میرا رب ہے، اور دین میرا اسلام ہے اور رسول میرے حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ہیں۔

تلقین کرنے والے سے جب مردہ یہ سنتا ہے اور پھر فرشتوں کو جواب دینا چاہتا ہے تو فرشتے کہتے ہیں اس کے بھائی نے اس کو سکھا دیا ہے اب اس سے پوچھنے کی ضرورت نہیں ایسا ہی درمختار میں مذکور ہے اور امام سیوطی نے اپنے رسالہ میں ایسی ہی تصریح کی ہے اور جوہرہ میں یہ بھی مذکور ہے کہ قبر میں جن سے سوال نہیں ہوتا ہے، ان کو تلقین نہیں کرنا چاہیے اور شرح منیہ میں لکھا ہے کہ جس سے قبر میں سوال نہیں ہوتا وہ آٹھ لوگ ہیں۔

آٹھ قسم کے لوگوں پر قبر میں سوال نہیں ہوتا

(۱) پہلا وہ شخص جو اللہ کی راہ میں کافروں کے مقابلہ میں لڑکر شہید ہونے والا (۲) دوسرا وہ شخص

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

ہے جو سرحد اسلام پر سرحد کی حفاظت کر رہا ہے اور وہ اپنی موت سے مر گیا تو اس سے بھی قبر میں سوال نہیں ہوتا ہے (۳) تیسرا شخص جس سے قبر میں سوال نہیں ہوتا وہ ہے جو طاعون میں مبتلا ہو کر مرے (۴) چوتھا وہ شخص جس سے قبر میں سوال نہیں ہوتا ہے وہ ہے جو طاعون کے زمانہ میں کسی دوسری بیماری میں مبتلا ہو کر مرے بشرطیکہ وہ اس پر صابر اور طالب ثواب رہا ہو (۵) پانچویں وہ لوگ جن سے قبر میں سوال نہیں ہوتا وہ صدیق ہیں، جو انبیاء کرام کی امت میں سب سے زیادہ رتبہ کے ہوتے ہیں، جن میں کمال باطنی بھی ہوتا ہے اور جن کو عرف میں اولیاء کہا جاتا ہے (۶) چھٹے نابالغ بچے ہیں جن سے قبر میں سوال نہیں ہوتا ہے (۷) ساتویں وہ لوگ ہیں جو جمعہ کے دن یا شب جمعہ مرے ہوں، ان سے قبر میں سوال نہیں ہوتا۔ (۸) آٹھواں وہ شخص جس سے قبر میں سوال نہیں ہوتا وہ ہے جو ہر رات میں سونے سے پہلے سورہ تبارک الملک پڑھ کر سوتا ہو اور بعض علماء فرماتے ہیں کہ وہ شخص جو اپنے مرض الموت میں سورۃ قل ھو اللہ احد پڑھتا ہو، اس سے بھی قبر میں سوال نہیں ہوتا ہے۔ ۱۲

۲۰۶۷ وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَ اٰخِرُ كَلَامِهٖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ)

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ موت کے وقت جس کا آخری کلام لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ہو وہ جنت میں داخل ہوگا۔ اس کی روایت ابو داؤد نے کی ہے۔

ف: اس حدیث شریف میں فرمایا گیا ہے کہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ جس کا آخری کلام ہو، وہ جنت میں داخل ہوگا۔ مراد لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سے پورا کلمۂ طیبہ یعنی لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ہے ایسا ہی ہے جیسے جز کہہ کر کل مراد لیتے ہیں۔ مثلاً کوئی کہے کہ قل ھو اللہ پڑھنے کا یہ ثواب ہے تو اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ پوری سورۂ قل ھو اللہ پڑھنے پر یہ ثواب ملتا ہے، ایسا ہی لا الٰہ الا اللہ پڑھنے کا جو حکم ہو رہا ہے، جز کہا گیا ہے، مراد پورا کلمہ پڑھنا ہے یعنی جس کا آخر کلام لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ہو، وہ جنت میں داخل ہوگا اور اس حدیث شریف میں یہ بھی اشارہ ہے کہ مرنے والے کے سامنے "لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ" آواز سے پڑھ کر تلقین کی جائے تاکہ مرنے والا بھی زبان سے یا دل میں "لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ" پڑھے اور اس کلمۂ طیبہ پر اس کا خاتمہ ہو اور وہ جنت میں داخل ہو جائے۔ ۱۲

۲۰۶۸ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ

حضرت عبد اللہ بن جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

وَسَلَّمَ لَقِّنُوْا مَوْتَاكُمْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ لِلْاَحْيَاءِ قَالَ اَجْوَدُ وَاَجْوَدُ

(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جس شخص کی موت قریب آگئی ہو اس کو ذیل کے الفاظ کی تلقین کرو[1]

اللہ تعالیٰ ہی معبود ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں وہ بڑے حلم والے ہیں[2] اور وہ کریم بھی ہے[3] اس کی جو عظمت تمہارے ذہن میں آئے، اس سے وہ پاک ہے اور اس سے زیادہ عظمت والا ہے عرش عظیم کا وہ مالک ہے[4]

(اے اللہ ایک مجھ پر ہی کیا آپ کا فضل وکرم ہو رہا ہے، آپ رب العالمین ہیں سارے عالم پر آپ کا فضل وکرم ہے، ایسے فضل وکرم والے سے ایسی ہی فضل وکرم کی امید لئے ہوئے آیا ہوں)

یہ سن کر صحابہ کرام نے عرض کی کہ حضور یہ دعا اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم کی امیدوار بناتی ہے، زندوں کو بھی تو اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم کی ضرورت ہے، اگر ہم یہ دعا زندوں کو سکھائیں تو کیسا ہے، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! بہت

---

[1] تاکہ وہ اللہ تعالیٰ کی صفات سے اور اس کے ذہن میں وہ صفات موجود ہوں، اور اسی پر اس کا خاتمہ ہو جائے اور اس کو اللہ تعالیٰ کے ساتھ حسن ظن پیدا ہو، اور وہ اللہ تعالیٰ سے بڑی بڑی امیدیں لگائے ہوئے دنیا سے چل بسے، وہ الفاظ یہ ہیں۔

[2] زندگی میں تم نے جو کوئی قصور کیا ہو تو اس نے تم کو اپنے علم کی وجہ سے سزا نہیں دی، اب مرنے کے بعد بھی ایسا ہی حلم کی وجہ سے وہ تمہارے گناہوں کو در گذر فرمائے گا۔

[3] بے مانگے عطا فرماتا ہے۔ زندگی میں تم کو بڑی بڑی نعمتیں دی تھیں، ایسا ہی مرنے کے بعد بھی اخروی نعمت عطا فرمائے گا

[4] جس کی یہ شان ہو، اس کے سامنے تمہارے گناہ کیا چیز ہیں، تم ڈرو مت اس کی رحمت کی امید کئے ہوئے اس کے سامنے جاؤ، وہ تم پر تمہاری امید سے زیادہ رحمت نازل کرے گا، جب تم اس کو اپنے اوپر اس طرح فضل وکرم کرتا ہوا دیکھو گے تو بے اختیار تمہارے منہ سے نکلے گا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

بہتر ہے! بہت بہتر ہے (زندوں کو بس تو زندگی میں اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم کا امیدوار رہنا چاہئے ضرور یہ دعاء زندوں کو بھی سکھایئے) اس حدیث کی روایت ابن ماجہ نے کی ہے۔

۲۰۶۹ وَعَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِقْرَءُوْا سُوْرَةَ يٰسٓ عَلٰى مَوْتَاكُمْ۔ [4]

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت معقل بن یسار رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جس شخص کی موت قریب آگئی ہو (اور اس کو سکرات شروع ہوگئی ہو) تو (اس کے نزدیک بیٹھ کر) اس کے سامنے سورۂ یٰسین پڑھا کرو[1] اس حدیث کی روایت امام احمد، ابو داؤد اور ابن ماجہ نے کی ہے۔ ۱۲۰

۲۰۷۰ وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ وَهُوَ يَمُوْتُ فَقُلْتُ اِقْرَاْ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السَّلَامَ۔ [5]

(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت محمد بن المنکدر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ میں حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی خدمت میں ایسے وقت حاضر ہوا کہ وہ سکرات کی حالت میں تھے، میں نے ان سے عرض کیا کہ حضرت آپ اب دنیا سے جا رہے ہیں (اور عالم برزخ میں سب سے پہلا کام آپ کا یہ ہو گا کہ آپ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے شرف ملاقات حاصل کریں گے۔ تو) میرا سلام بھی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں پہنچا دیجئے۔ اس کی روایت ابن ماجہ نے کی ہے۔

ف:۔ محبان رسول کے لیے یہ حدیث شریف بڑی تسلی دلاتی ہے، اگر ابھی وقت نہیں آیا ہو کہ تم حضور کی خدمت اقدس میں پہنچ سکو تو کیا ہوا، تمہارا سلام تو مرنے والے کے ذریعہ سے بھی دربار نبوت میں پہنچ جاتا ہے، اس لیے کہ تم اپنے اس سلام کو جس مرنے والے

[1] اس سے مرنے والے پر سکرات آسان ہوتی ہے، دوسری حدیث سے بھی ایسا ہی معلوم ہوتا ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کو پہنچانے کے لیے کہتے ہیں، اس پر تمہارے سلام کو حضور کی خدمت میں پہنچانا ضروری ہو جاتا ہے۔ ایسا ہی ردالمحتار میں شرنبلالی کے حوالہ سے کہا ہے۔ ۱۲

۲۰۷۱ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ كَعْبٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ لَمَّا حَضَرَتْ كَعْبًا الْوَفَاةُ أَتَتْهُ أُمُّ بِشْرٍ بِنْتُ الْبَرَاءِ بْنِ مَعْرُورٍ فَقَالَتْ يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ إِنْ لَقِيتَ فُلَانًا فَاقْرَأْ مِنِّي السَّلَامَ[1] فَقَالَ غَفَرَ اللّٰهُ لَكِ يَا أُمَّ بِشْرٍ نَحْنُ أَشْغَلُ مِنْ ذٰلِكَ[2] فَقَالَ يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَمَا سَمِعْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ أَرْوَاحَ الْمُؤْمِنِينَ فِي طَيْرٍ خُضْرٍ تَعَلَّقُ بِشَجَرِ الْجَنَّةِ قَالَ بَلٰى قَالَتْ فَهُوَ ذَاكَ۔

(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي كِتَابِ الْبَعْثِ وَالنُّشُورِ)

حضرت عبدالرحمٰن بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے اور وہ اپنے والد حضرت کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ جب حضرت کعب کی وفات کا وقت قریب آیا، تو ان کے پاس ام بشر بنت براء بن معرور آئیں اور کہنے لگیں کعب! اگر بشر سے تمہاری ملاقات ہو جائے، تو ان کو میرا سلام پہونچائیے۔ کعب فرماتے ہیں ام بشر تم کیا کہہ رہی ہو؟ معلوم نہیں وہاں کیا پیش آنا ہے، ہم اپنی حالت میں پریشان رہیں گے (لوگوں کو سلام پہونچانے کا کیا موقع آئے گا) ام بشر کہنے لگیں کعب تم یہ کیا کہہ رہے ہو؟ (مسلمان کو وہاں پریشانی نہیں ہے بلکہ امن چین ہے) تم بھی سنتے ہوں گے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کیا فرماتے ہیں؟ حضور کا ارشاد ہے کہ مسلمانوں کی روحیں سبز پرندوں کے خول میں بیٹھے ہوئے جنت کے درختوں میں میوہ خوری کرتی پھریں گی حضرت کعب فرماتے ہیں، ہاں ہم نے بھی حضور کو ایسا ہی فرماتے سنا ہے پھر ام بشر فرمائیں، کہ آپ بھی جنت میں ایسے ہی سیر کرتے پھریں گے اس حدیث کی روایت ابن ماجہ نے کی ہے، اور بیہقی نے بھی اس کی روایت کتاب البعث والنشور میں کی ہے۔ ۱۲

[1] اب تم دوسرے عالم میں جا رہے ہو، تم جانتے ہو کہ میرے فرزند بشر کا انتقال ہو چکا ہے، مجھے ان کی جدائی کا بڑا صدمہ ہے اپنی تسلی کے لیے کہتی ہوں کہ۔

[2] وہاں پریشانی کا کیا ذکر ہے بلکہ وہاں آپس میں ملاقات ہوتی رہے گی، اس لیے کہتی ہوں کہ تم میرے فرزند بشر کو میرا سلام پہونچا دیجیے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

۲۰۷۲ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَبَّلَ عُثْمَانَ بْنَ مَظْعُوْنٍ وَهُوَ مَيِّتٌ وَهُوَ يَبْكِيْ حَتّٰى سَالَ دُمُوْعُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ عَلٰى وَجْهِ عُثْمَانَ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ آپ فرماتی ہیں کہ حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ تعالیٰ عنہ (جو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے رضاعی بھائی تھے) کے مرنے کے بعد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے روتے ہوئے ان کا بوسہ لیا اور (اس وقت) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم (اس قدر رو رہے تھے کہ آپ کے) آنسو حضرت عثمان بن مظعون کے چہرہ پر بہہ رہے تھے۔ اس کی روایت ترمذی ابو داؤد اور ابن ماجہ نے کی ہے۔

ف: البحر الرائق میں مجتبیٰ کے حوالہ سے لکھا ہے کہ میت کو بوسہ دینا جائز ہے، اور عمدۃ القاری میں بھی ایسا ہی مذکور ہے اور مرقات میں لکھا ہے کہ مردہ پر بغیر آواز کے آنسوؤں سے رونا جائز ہے ۱۲۔

۲۰۷۳ وَعَنْهَا قَالَتْ إِنَّ اَبَا بَكْرٍ قَبَّلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَهُوَ مَيِّتٌ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ[۱] رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کے بعد[۲] رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی پیشانی مبارک پر ابوبکر صدیق نے (کئی مرتبہ) بوسہ دیئے[۳]، اس حدیث کی روایت، ترمذی اور ابن ماجہ نے کی ہے۔

---

۱ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے جو محبت تھی وہ سب کو معلوم ہے

۲ جو صدمہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ہوا ہوگا اس کو حضرت صدیق کا ہی دل جانتا ہے مگر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کے قلب مبارک میں برداشت کی جو قوت تھی اور دوسروں کے قلب میں ایسی نہیں تھی، اس لیے حضرت ابوبکر صدیق خود بھی برداشت کر رہے تھے، اور بڑے بڑے صحابۂ کرام کو تسلی بھی دے رہے تھے، اپنی تسلی کے لیے فرط محبت سے

۳ اور بار بار کہتے تھے وا خلیلاہ، وا صفیاہ، وا نبیاہ، میرے دلی دوست آپ کے بعد مجھے کیسی تسلی آئے گی۔ بجز حضور کی یاد کے کوئی چیز سے تسلی نہیں ہوگی۔ بالآخر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کا غم حضرت ابوبکر صدیق کی وفات کا سبب بنا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

۲۰۷۴/۹ وَعَنْ اُمِّ سَلَمَۃَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اِذَا حَضَرْتُمُ الْمَرِیْضَ اَوِ الْمَیِّتَ فَقُوْلُوْا خَیْرًا فَاِنَّ الْمَلٰٓئِکَۃَ یُؤَمِّنُوْنَ عَلٰی مَا تَقُوْلُوْنَ۔

(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں، جب تم کسی بیمار کے پاس (عبادت کے لیے جاؤ اس کے لیے دعاء خیر کرو[۱]، اور اس کو شفا ہو جائے ایسا ہی اگر تم کسی ایسے شخص کے پاس جاؤ کہ جس کی موت قریب آگئی ہے اور وہ سکرات میں مبتلا ہے تو اس کے لیے بھی دعائے خیر کرو[۲]، فرشتے اس وقت حاضر رہتے ہیں، تم جو دعاء کرتے ہو اس پر وہ آمین کہتے ہیں[۳]، اس حدیث کی روایت مسلم نے کی ہے۔

۲۰۷۵/۱۰ وَعَنْهَا قَالَتْ دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلٰی اَبِیْ سَلَمَۃَ وَقَدْ شَقَّ بَصَرُہٗ فَاَغْمَضَہٗ ثُمَّ قَالَ اِنَّ الرُّوْحَ اِذَا قُبِضَ تَبِعَہُ الْبَصَرُ فَضَجَّ نَاسٌ مِّنْ اَہْلِہٖ فَقَالَ لَا تَدْعُوْا عَلٰی اَنْفُسِکُمْ اِلَّا بِخَیْرٍ فَاِنَّ الْمَلٰٓئِکَۃَ یُؤَمِّنُوْنَ عَلٰی مَا

حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے، وہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ابو سلمہ کے انتقال کے بعد ابو سلمہ کے گھر تشریف لائے اور ملاحظہ فرمایا کہ ابو سلمہ کی آنکھیں کھلی ہوئی ہیں، تو آپ نے ان کی آنکھیں بند کیں اور فرمایا[۴] روح نکل جانے سے بینائی بھی اس کے ساتھ چلی جاتی ہے[۵]، حضور انور صلی اللہ

---

۱ اور اس کی شفاء کے لیے دعاء کرو، فرشتے اس وقت حاضر رہتے ہیں اور تم جو کچھ کہو گے اس پر آمین کہتے ہیں۔ مریض کے لیے اچھی دعا کرو تاکہ تمہاری دعاء فرشتوں کے آمین کہنے سے قبول ہو جائے

۲ اور اس کی شفاء کی بھی دعا کرو، اور اس کے سامنے مایوسی کے الفاظ نہ کہو

۳ (ایسا ہی جب کوئی شخص مرجائے اور تم اس کے ورثاء کو پرسہ دینے کے لیے جاؤ تو مرنے والا گو کیسا ہی برا ہو، اس وقت اس کی برائیاں ظاہر مت کرو، مرنے والے کے لیے مغفرت کی دعاء کرو، فرشتے اس وقت حاضر رہتے ہیں، تم جو کچھ کہو گے اس پر آمین کہتے ہیں۔ تمہاری مغفرت کی دعاء سے شاید اللہ تعالیٰ اس پر رحم کرے اور اس کی مغفرت ہو جائے

۴ جب روح نکالنے کے لیے فرشتے آتے ہیں تو مرنے والا یہ سماں دیکھتا رہتا ہے

۵ اور اس میں آنکھ بند کرنے کی قوت باقی نہیں رہتی۔ اس لیے آنکھ کھلی کی کھلی رہ جاتی ہے، اس لیے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ابوسلمہ کی آنکھیں بند کر دیں۔ اس سے معلوم ہوا کہ مردے کی آنکھیں بند کر دیا کریں۔

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

تَقُوْلُوْنَ ثُمَّ قَالَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِاَبِيْ سَلَمَةَ وَارْفَعْ دَرَجَتَهٗ فِي الْمَهْدِيِّيْنَ وَاخْلُفْهُ فِيْ عَقِبِهٖ فِي الْغَابِرِيْنَ وَاغْفِرْ لَنَا وَلَهٗ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ وَافْسَحْ لَهٗ فِيْ قَبْرِهٖ وَنَوِّرْ لَهٗ فِيْهِ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے یہ الفاظ سن کر گھر والے سمجھے کہ ابوسلمہ کا انتقال ہو گیا ہے۔ اس لیے رونا اور چیخنا شروع کیا¹ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اس وقت فرشتے موجود رہتے ہیں، اور جو کچھ تم کہتے ہو اسی پر آمین کہتے رہتے ہیں، پھر اس کے بعد حضور ابوسلمہ کے لیے اس طرح دعاء کرنے لگے الٰہی! ابوسلمہ کی مغفرت فرمائیے اور ہدایت یافتہ لوگوں میں سب سے زیادہ ان کا درجہ بڑھائیے۔ الٰہی! باقی ماندہ لوگوں کو سنبھالنے والا چلا گیا آپ ابوسلمہ کے خلیفہ ہو کر سب کو سنبھالئے اور ہماری بھی مغفرت فرما، اور ان کی بھی مغفرت فرما، اے تمام عالم کے پروردگار! اور ان کی قبر کو کشادہ کر دے اور ان کی قبر میں نور بھر دے۔
اس کی روایت مسلم نے کی ہے۔

۲۰۷۶ وَعَنْهَا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَا مِنْ مُّسْلِمٍ تُصِيْبُهٗ مُصِيْبَةٌ فَيَقُوْلُ مَا اَمَرَهُ اللّٰهُ بِهٖ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ اَللّٰهُمَّ اْجُرْنِيْ فِيْ مُصِيْبَتِيْ

ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ اگر کسی مسلمان پر کوئی مصیبت آئے اور وہ اللہ تعالیٰ کے حکم کے موافق "اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ"

---

¹ جب غم زیادہ ہوتا ہے تو اپنے کو کوسنے لگتے ہیں، اور ابوسلمہ کے گھر میں بھی یہی ہو رہا تھا اس لیے) چیخنا، چلّانا بے صبری کی علامت ہے۔ ایسا نہ کرنا چاہیئے اور اپنے کو کوس لینا بھی نہیں چاہیئے اس لیے کہ(جب تم اپنے کو کوسنے لگو گے تو فرشتوں کے آمین کہنے سے وہ بددعا تمہارے حق میں بھی قبول ہو جائے گی اس لیے کوسنے سے بچو

² ہم تو اللہ ہی کے ہیں۔ ہم، ہمارا مال اور ہمارے اہل وعیال سب اللہ ہی کے ملک ہیں، وہ ہم کو جس حال میں رکھے اس کو اختیار ہے اور وہ جو تصرف چاہے کر سکتے ہیں۔ یہ تصرف ایسا ہی ہے مالک کو اپنے ملک میں تصرف کرنے کا حق ہوتا ہے اگر کوئی نقصان پہنچے تو ہم کو اس نقصان کی وجہ سے نہ کسی شکایت کا حق ہے اور نہ رنج کرنے کا اور پھر پہلے اور بعد کا فرق ہے وہ چیز پہلے گئی ہے اور ہم کو بھی ایسے ہی اس کے بعد اللہ ہی کی طرف جانا ہے، اس لیے کوئی رنج کا موقع نہیں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

وَاخْلُفْ لِيْ خَيْرًا مِّنْهَا إِلَّا أَخْلَفَ اللهُ لَهُ خَيْرًا مِّنْهَا فَلَمَّا مَاتَ أَبُوْسَلَمَةَ قُلْتُ أَيُّ الْمُسْلِمِيْنَ خَيْرٌ مِّنْ أَبِيْ سَلَمَةَ أَوَّلُ بَيْتٍ هَاجَرَ إِلٰى رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ ثُمَّ إِنِّيْ قُلْتُهَا فَأَخْلَفَ اللهُ لِيْ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

یہ مذکورہ آیت پڑھ کر اس طرح کرے۔

الٰہی! (مجھ پر ناقابل برداشت مصیبت آئی ہے میں اس مصیبت پر آپ کے لیے صبر کرتا ہوں) مجھے اس مصیبت پر صبر کرنے کا اجر و ثواب دیجئے اور جو چیز مجھ سے جدا ہو گئی ہے، مجھے اس کا نعم البدل عطا فرمائیے۔

تو اللہ تعالیٰ مصیبت پر اس کو ثواب بھی دیتے ہیں اور جو چیز جدا ہو گئی ہے اس کا نعم البدل بھی ضرور عطا فرماتے ہیں (ام المومنین فرماتی ہیں کہ یہ حدیث مجھے یاد تھی اور) جب (میرے شوہر) ابوسلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کا انتقال ہو گیا[1] سب سے پہلے یہ ہجرت کر کے مدینہ منورہ آئے اب ان کا نعم البدل مجھے کون ملے گا، پھر خدائے تعالیٰ نے مجھے اس مذکورہ دعاء کرنے کے ارادہ پر عزم عطاء فرمایا، اور میں نے مذکور الصدر دعاء کی[2] اور میں انتظار کر رہی تھی کہ میرے شوہر کا نعم البدل مجھے کون ملے گا نہ شان نہ گمان کہ) اللہ تعالیٰ نے ابوسلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کا نعم البدل (مجھے اس طرح) عطاء فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے پیام بھیجا اور مجھ سے نکاح کر لیا۔ اس کی روایت مسلم نے کی ہے۔

۲۰۷۷ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ إِنَّ رَسُوْلَ[12] اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ حِيْنَ تُوُفِّيَ سُجِّيَ بِبُرْدِ

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کے بعد

---

[1] کیا کہوں اس وقت مجھ پر کیسی مصیبت ٹوٹ پڑی، ایسے وقت مجھے یہ حدیث مذکور یاد آ گئی، میں جانتی تھی کہ اس حدیث میں جو دعا مذکور ہے وہ دعا کروں، لیکن میرے دل میں پھر یہ خیال آیا کہ ابوسلمہ بہترین مسلمان تھے، اُن کا کوئی نظیر نہیں،

[2] کہ الٰہی! میں آپ کے نبی کے حکم کی تعمیل کرتی ہوں، میرے شوہر کے انتقال کرنے سے مجھ پر جو مصیبت آئی ہے، مجھے اس کا ثواب دیجئے اور میرے شوہر کا نعم البدل عطاء فرمائیے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

حِبَرَةٍ ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

جسم مطہر پر ایک یمنی دھاری دار چادر اڑھادی گئی تھی اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

۲۰۷۸/۱۳ وَعَنْ حُصَيْنِ بْنِ وُحْوُحٍ اَنَّ طَلْحَةَ بْنَ الْبَرَاءِ مَرِضَ فَاَتَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَعُوْدُهٗ فَقَالَ اِنِّيْ اَرٰى طَلْحَةَ اِلَّا قَدْ حَدَثَ بِهِ الْمَوْتُ فَاٰذِنُوْنِيْ بِهٖ وَعَجِّلُوْا فَاِنَّهٗ لَا يَنْبَغِيْ لِجِيْفَةِ مُسْلِمٍ اَنْ تُحْبَسَ بَيْنَ ظَهْرَانَيْ اَهْلِهٖ ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ)

حصین بن وحوح رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ طلحہ بن براء رضی اللہ تعالیٰ عنہ، بیمار ہوئے، ان کی عیادت کے لیے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ان کے پاس تشریف لے گئے اور فرمایا مجھے اب معلوم ہو رہا ہے کہ طلحہ کا انتقال ہو جائے گا، جب ان کا انتقال ہو جائے تو تم مجھے خبر دینا (میں ان کی نماز جنازہ میں شریک ہوں گا) اور ان کی تجہیز وتکفین میں جلدی کرنا کیونکہ مسلمان کی نعش کو گھر والوں کے سامنے زیادہ دیر تک نہیں رکھنا چاہیئے، اس کی روایت ابو داؤد نے کی ہے۔

۲۰۷۹/۱۶ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَلْمَيِّتُ تَحْضُرُهُ الْمَلٰٓئِكَةُ فَاِذَا كَانَ الرَّجُلُ صَالِحًا قَالُوْا اُخْرُجِيْ اَيَّتُهَا النَّفْسُ الطَّيِّبَةُ كَانَتْ فِي الْجَسَدِ الطَّيِّبِ اُخْرُجِيْ حَمِيْدَةً وَاَبْشِرِيْ بِرَوْحٍ وَّرَيْحَانٍ وَّرَبٍّ غَيْرِ غَضْبَانَ فَلَا تَزَالُ يُقَالُ لَهَا ذٰلِكَ حَتّٰى

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے، آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جب کسی کی موت کا وقت آگیا ہو تو اس کے پاس فرشتے آجاتے ہیں دیکھتے ہیں کہ مرنے والا مسلمان ہے اور اس کی زندگی اکثر نیکیاں کرتے ہوئے گزری ہے تو اس سے فرشتے کہتے ہیں اے پاک روح[1] اپنے پاک جسم سے باہر نکل آ[2] تجھے خوش خبری دی جاتی ہے راحت[3] کی اور ریحان تیرے لیے تیار ہیں (سب نعمتوں سے بڑھ کر یہ ہے کہ) اللہ تعالیٰ تجھ سے راضی

۱ؔ توحید ورسالت کے قائل ہونے سے اور نیکیاں کرنے کی وجہ سے تیرا جسم بھی پاک تھا

۲ؔ دنیا میں بھی تو نیک نام رہا اور فرشتوں میں بھی تیری تعریف ہو رہی ہے۔

۳ؔ تو نے دنیا میں جو پاک زندگی بسر کی ہے اس کی وجہ سے عالم برزخ میں راحت وآرام کا سامان مہیا ہے۔ جنت میں جو تجھے ملے گا، اس کو کچھ نہ پوچھو طرح طرح کی نعمتیں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

تَخْرُجَ ثُمَّ يَعْرُجُ بِهَا
إِلَى السَّمَاءِ فَيُفْتَحُ لَهَا
فَيُقَالُ مَنْ هٰذَا؟ فَيَقُوْلُ
فُلَانٌ فَيُقَالُ مَرْحَبًا
بِالنَّفْسِ الطَّيِّبَةِ كَانَتْ فِي
الْجَسَدِ الطَّيِّبِ اُدْخُلِي
حَمِيْدَةً وَّأَبْشِرِي بِرَوْحٍ
وَّرَيْحَانٍ وَّرَبٍّ غَيْرِ
غَضْبَانٍ فَلَا تَزَالُ يُقَالُ
لَهَا ذٰلِكَ حَتّٰى تَنْتَهِيَ إِلَى
السَّمَاءِ الَّتِيْ فِيْهَا اللّٰهُ فَإِذَا
كَانَ الرَّجُلُ السُّوْءُ قَالَ
اُخْرُجِيْ أَيَّتُهَا النَّفْسُ
الْخَبِيْثَةُ كَانَتْ فِي الْجَسَدِ
الْخَبِيْثِ اُخْرُجِيْ ذَمِيْمَةً
وَّأَبْشِرِيْ بِحَمِيْمٍ وَّغَسَّاقٍ
وَّآخَرَ مِنْ شَكْلِهٖ أَزْوَاجٌ
فَمَا تَزَالُ يُقَالُ لَهَا
ذٰلِكَ حَتّٰى تَخْرُجَ ثُمَّ
يَعْرُجُ إِلَى السَّمَاءِ فَيُفْتَحُ
لَهَا فَيُقَالُ مَنْ هٰذَا؟
فَيُقَالُ فُلَانٌ لَا مَرْحَبًا
بِالنَّفْسِ الْخَبِيْثَةِ كَانَتْ
فِي الْجَسَدِ الْخَبِيْثِ
اِرْجِعِيْ ذَمِيْمَةً فَإِنَّهَا
لَا تُفْتَحُ لَكِ أَبْوَابُ السَّمَاءِ

اور خوش ہیں اور تجھ سے ناراض نہیں ہے[1] مرنے والے کی روح کو اس طرح کی خوش خبریاں سُنائی جاتی رہتی ہیں اور روح (یہ خوش خبریاں سُن سُن کر بہت خوش اور فرحان) جسم کو چھوڑ کر باہر نکل آتی ہے، پھر فرشتے اس نیک روح کو لے کر آسمان دنیا کی طرف چڑھتے ہیں پھر آسمان دنیا کا دروازہ کھلایا جاتا ہے تو آسمان کے دربان پوچھتے ہیں کہ تمہارے ساتھ یہ کون ہے؟ روح لے جانے والے فرشتے کہتے ہیں کہ فلاں نیک شخص کی روح ہمارے ساتھ ہے خوش آمدید کہتے ہیں (اور آسمان اوّل کا دروازہ کھول دیتے ہیں، اور یہ کہتے ہیں) مرحبا! مرحبا! اے پاک روح تو پاک جسم میں تھی اور یہاں فرشتوں میں تیری تعریف ہو رہی ہے، آ تجھے خوش خبری دی جاتی ہے کہ طرح طرح کی نعمتیں اور گل وریحان تیرے لیے تیار ہیں (اور سب نعمتوں سے بڑھ کر یہ ہے کہ) اللہ تعالیٰ تجھ سے راضی اور خوش ہیں اور تجھ سے ناراض نہیں ہیں، ہر آسمان میں اس روح کی اسی طرح آؤ بھگت ہوتی رہتی ہے، یہاں تک کہ یہ نیک روح اُس آسمان تک پہونچتی ہے جہاں اللہ تعالیٰ کی خاص تجلیات ہوتی رہتی ہیں اور جب کوئی بُرا آدمی[2] ہو اور اس مرنے والے سے یہ کہتے ہیں کہ (کفر اور شرک کے عقائد کی وجہ سے) تیری روح نجس تھی اور (کفر وشرک کے اعمال کرنے کی وجہ سے جسم بھی نجس تھا تو اے نجس روح! نجس جسم سے باہر نکل آ دیکھ تجھے (فرشتوں میں) کیسا بُرا سمجھا جا رہا ہے اور تیرے لیے گرم کھولتا پانی اور پیپ ولہو اور قسم قسم

[1] اللہ تعالیٰ کی مطیع اور فرمانبردار رہی اسی کے صلہ میں تیری یہ عزت ہو رہی ہے۔

[2] جو نہ توحید کا قائل تھا اور نہ رسالت کا، جب اس کو سکرات شروع ہو جاتی ہے تو فرشتے اس کے پاس آجاتے ہیں!

www.waseemziyai.com
MARKAZUL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

فَتُرْسِلُ مِنَ السَّمَآءِ ثُمَّ تَصِيْرُ اِلَى الْقَبْرِ۔

(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

کے عذاب تیار رہیں، اسی طرح سے عذاب کی خبریں جسم سے نکلنے تک اس خبیث روح کو سنائی جاتی ہیں۔
خبیث روح اپنے جسم سے نکلنا تو نہیں چاہتی ہے زبردستی فرشتے اس کو جسم سے نکالتے ہوئے آسمان کی طرف جاتے ہیں اور آسمان کے دروازے پر پہنچ کر آسمان کا دروازہ کھلوانا چاہتے ہیں، دربان پوچھتے ہیں کہ تمہارے ساتھ کون ہے؟ کس کو تم اندر لانا چاہتے ہو، روح لے جانے والے فرشتے اس بری روح کا نام اور پتہ بتاتے ہیں تو دربان کہتے ہیں کہ ایسی نجس اور خبیث روح کا آسمانوں میں کیا کام ہے؟ ایسی نجس اور خبیث روح کے لیے آسمان کا دروازہ نہیں کھولا جاتا، تو پھر اس کو آسمان پر سے پھینک دیا جاتا ہے اور وہ اپنی قبر کی طرف آجاتی ہے، اس حدیث کی روایت ابن ماجہ نے کی ہے۔

۲۰۸۰ وَعَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۱۵ قَالَ اِذَا خَرَجَتْ رُوْحُ الْمُؤْمِنِ تَلَقَّاهَا مَلَكَانِ يُصْعِدَانِهَا قَالَ حَمَّادٌ فَذَكَرَ مِنْ طِيْبِ رِيْحِهَا وَ ذَكَرَ الْمِسْكَ قَالَ وَ يَقُوْلُ اَهْلُ السَّمَآءِ رُوْحٌ طَيِّبَةٌ جَاءَتْ مِنْ قِبَلِ الْاَرْضِ صَلَّى اللهُ عَلَيْكِ وَ عَلَى جَسَدٍ كُنْتِ تَعْمُرِيْنَهٗ فَيَنْطَلِقُ بِهٖ اِلَى رَبِّهٖ ثُمَّ يَقُوْلُ انْطَلِقُوْا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جب مسلمان کی روح اس کے جسم سے نکلتی ہے تو دو فرشتے اس روح کو لے کر آسمان کی طرف چڑھتے ہیں اس حدیث کے راوی حماد ہیں وہ اپنی روایت میں ذکر کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ مسلمان کی روح میں خوشبو رہتی ہے، اور مشک کی طرح سے وہ مہکتی رہتی ہے۔ اس روح کو لے جانے والے فرشتے جب اس کو آسمانوں میں لے جاتے ہیں تو ہر آسمان کے فرشتے کہتے ہیں کہ زمین سے آئی ہوئی

لہ کفر و شرک کی وجہ سے یہ بدنام ہے، سب فرشتوں میں اس پر لعنت کی جا رہی ہے۔

بِهٖ اِلٰی اٰخِرِ الْاَجَلِ قَالَ وَ
اِنَّ الْكَافِرَ اِذَا خَرَجَتْ
رُوْحُهٗ قَالَ حَمَّادٌ وَذَكَرَ
مِنْ نَتْنِهَا وَذَكَرَ لَعْنًا
وَيَقُوْلُ اَهْلُ السَّمَآءِ
رُوْحٌ خَبِيْثَةٌ جَاءَتْ
مِنْ قِبَلِ الْاَرْضِ فَيُقَالُ
اِنْطَلِقُوْا بِهٖ اِلٰی اٰخِرِ الْاَجَلِ
قَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ فَرَدَّ
رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ رَيْطَةً كَانَتْ
عَلٰی اَنْفِهٖ هٰكَذَا۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اس پاک روح میں ماشاء اللہ کیا خوشبو ہے، اے روح! تجھ پر اور تیرے اس جسم پر کہ جس میں تو تھی، اللہ تعالیٰ کی رحمتیں نازل ہوں[2] پھر اس کے بعد فرشتے اس روح کو اللہ تعالیٰ کے سامنے پیش کرتے ہیں پھر اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہوتا ہے کہ اس پاک روح کو برزخ کی مدت پوری ہونے تک علیین میں رکھو (تاکہ وہاں راحت و آرام پاتی رہے) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم یہ بھی ارشاد فرماتے ہیں کہ جب کافر کی روح اس کے جسم سے نکلتی ہے، حضرت حماد جو اس حدیث کے راوی ہیں وہ اپنی روایت میں ذکر کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ کافر کی روح میں (کفر و شرک کی وجہ سے) بدبو رہتی ہے[3] کہا جائے گا کہ اس خبیث روح کو برزخ کی مدت پوری ہونے تک سجین میں رکھو (تاکہ وہاں کے عذاب میں مبتلا رہے) (راوی کہتے ہیں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے جب کافر کی روح کی بدبو کا ذکر فرمایا[4]، آپ نے اپنی مبارک ناک پر کپڑا رکھ لیا اور حضرت ابوہریرہ بھی اسی طرح اپنی ناک پر کپڑا رکھ کر (رسول اللہ

---

[1] دنیا میں تو نے خدا کی اطاعت کرتے ہوئے کیسی اچھی زندگی بسر کی ہے،

[2] تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس پر رحمتیں نازل ہوتی ہیں

[3] اور اس پر لعنت برستی رہتی ہے، اس روح کو لے جانے والے فرشتے جب اس کو آسمانِ دنیا کے دروازے تک لے جاتے ہیں تو آسمان کے فرشتے کہتے ہیں کہ زمین سے آئی ہوئی اس خبیث روح میں کفر و شرک کی وجہ سے، نعوذ باللہ کیا بدبو ہے اللہ تعالیٰ اس روح پر ایسے غضب ناک رہیں گے کہ خود کچھ ارشاد نہیں فرمائیں گے فرشتوں کے ذریعہ سے

[4] تو آپ پر کشف ہو گیا اور کافر کی روح کی بدبو آپ کو آنے لگی اس لیے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

۲۰۸۱ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ
۱۶
رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ اِذَا حَضَرَ
الْمُؤْمِنَ اَتَتْ مَلَائِكَةُ
الرَّحْمَةِ بِحَرِيْرَةٍ بَيْضَاءَ
فَيَقُوْلُوْنَ اُخْرُجِيْ رَاضِيَةً
مَّرْضِيًّا عَنْكِ اِلٰى رَوْحِ
اللّٰهِ وَرَيْحَانٍ وَّرَبٍّ
غَيْرِ غَضْبَانَ فَتَخْرُجُ
كَاَطْيَبِ رِيْحِ الْمِسْكِ
حَتّٰى يَاْتُوْا بِهٖ اَبْوَابَ
السَّمَاءِ فَيَقُوْلُوْنَ مَا
اَطْيَبَ هٰذِهِ الرِّيْحَ الَّتِيْ
جَاءَتْكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ
فَيَاْتُوْنَ بِهٖ اَرْوَاحَ
الْمُؤْمِنِيْنَ فَلَهُمْ اَشَدُّ
فَرَحًا بِهٖ مِنْ اَحَدِكُمْ
بِغَائِبِهٖ يَقْدَمُ عَلَيْهِ
فَيَسْاَلُوْنَهٗ مَاذَا فَعَلَ
فُلَانٌ مَاذَا فَعَلَ فُلَانٌ
فَيَقُوْلُوْنَ دَعُوْهُ فَاِنَّهٗ

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ناک پر کپڑا رکھتے کو) بتلائیے) اس کی روایت مسلم نے کی ہے ۱۲۰

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جب کسی مسلمان کی موت کا وقت قریب آجاتا ہے [1] رحمت کے فرشتے سفید ریشمی لباس لئے ہوئے آکر مرنے والے کے پاس بیٹھتے ہیں اور بڑے ادب سے کہتے ہیں [2]۔ اللہ سے تو راضی اور تجھ سے اللہ راضی! تیرے لیے رحمت کے سامان مہیا ہیں، طرح طرح کی نعمتیں اور گل وریحان تیار ہیں، دنیا کے مصیبت کدہ کو چھوڑ کر ان نعمتوں کی طرف چلی آ [3]! اللہ تعالیٰ تجھ سے راضی اور خوش ہیں، ناراض نہیں ہیں (یہ خوش خبری سن کر) جب روح جسم سے نکلتی ہے تو مشک کی طرح عجیب خوشبو اس کی روح سے نکل کر پھیلتی ہے فرشتے (بڑی تعظیم کے ساتھ) ہاتھوں ہاتھ مسلمان کی روح کو لیے ہوئے یکے بعد دیگرے آسمانوں کے دروازوں تک پہونچتے ہیں [4]، ہر آسمان کے فرشتے (اس کی روح کی خوشبو کو دیکھ کر بڑے تعجب سے) کہتے ہیں۔ ماشاء اللہ! کیا خوشبودار روح ہے جو زمین کی طرف سے آئی ہے! پھر (اللہ تعالیٰ کے حکم سے علیین ہیں) جہاں

[1] اور سکرات شروع ہوجاتی ہے تو اس وقت مسلمان کی جو عزت ہوتی ہے وہ سننے کے قابل ہے، جسم تو دنیوی کفن میں لپٹا ہوا قبر میں رہتا ہے اور روح کے لیے خاص اہتمام کیا جاتا ہے وہ اس طرح کہ

[2] اے پاک روح دنیا میں چند روز اللہ تعالیٰ کی اطاعت اور فرمانبرداری کرتی رہی۔ آج اس کا تجھے صلہ مل رہا ہے

[3] دیکھ تیرے لیے کیا کیا آؤ بھگت کئے جا رہے ہیں اور سب سے بڑی نعمت تو تیرے لیے یہ ہے کہ (

[4] آسمانوں پر اس کی جو عزت ہوتی ہے وہ بھی قابل دید ہے۔)

www.waseemziyai.com
MARKAZUL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

كَانَ فِي غَمِّ الدُّنْيَا فَيَقُوْلُ قَدْ مَاتَ أَمَا أَتَاكُمْ فَيَقُوْلُوْنَ قَدْ ذُهِبَ بِهٖ إِلٰى أُمِّهِ الْهَاوِيَةِ وَ إِنَّ الْكَافِرَ إِذَا حُضِرَ أَتَتْهُ مَلٰئِكَةُ الْعَذَابِ بِمِسْحٍ فَيَقُوْلُوْنَ أُخْرُجِيْ سَاخِطَةً مَسْخُوْطًا عَلَيْكِ إِلٰى عَذَابِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ فَتَخْرُجُ كَأَنْتَنِ رِيْحِ جِيْفَةٍ حَتّٰى يَأْتُوْنَ بِهٖ إِلٰى بَابِ الْأَرْضِ فَيَقُوْلُوْنَ مَا أَنْتَنَ هٰذِهِ الرِّيْحِ حَتّٰى يَأْتُوْنَ بِهٖ أَرْوَاحَ الْكُفَّارِ۔

(رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالنَّسَائِيُّ)

مسلمانوں کی روحیں جمع ہیں، اور اس نئی آئی ہوئی روح کو لے جاتے ہیں جیسے تم لوگوں سے ایک زمانہ کا بچھڑا ہوا شخص واپس آکر ملتا ہے، تو تم اس کی ملاقات سے کس قدر خوش اور شاداں ہوتے ہو، ویسے ہی علیین میں جہاں مسلمان روحیں تھیں یہ نئی روح آکر ملنے سے وہ سب ایسے ہی بے حد خوش ہوتے ہیں اور اس نئی آئی ہوئی روح کو پہلے کی روحیں گھیر لیتی ہیں، اور دنیا میں جن جن کو وہ چھوڑ کر گئے ہیں، ان سب کے احوال پوچھتے ہیں، ان ہی میں کی بعض کی روحیں کہتی ہیں نئی روح دنیا چھوڑ کر) سکرات کی تکلیف اٹھا کر ابھی آئی ہے، اس کو آرام لینے دو، پہلے کی روحیں پھر اس نئی آئی ہوئی روح سے پوچھتی ہیں، اچھا یہ تو بتاؤ کہ فلاں شخص کو ہم چھوڑ کر آئے تھے وہ کیسا ہے؟ یہ روح کہتی ہے وہ تو میرے پہلے ہی مر گیا ہے کیا وہ یہاں نہیں آیا، تو وہ روحیں کہتی ہیں افسوس! ایسا معلوم ہوتا ہے[1] کہ برزخ کے اس ہاویہ میں اُس کو پہنچا دیا گیا ہے، اس لیے وہ ہمارے پاس نہیں آیا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم اس کے بعد ارشاد فرماتے ہیں کہ جب کافر کی موت آجاتی ہے[2] عذاب کے فرشتے ٹاٹ لیے ہوئے پہنچتے ہیں تاکہ اس کی روح کو ٹاٹ میں لپیٹ کر لے جائیں، پھر فرشتے کافر کی روح سے

---

[1] بُری روحوں کو رکھنے کا جو مقام ہے جیسے دوزخ کو ہاویہ کہتے ہیں ایسے ہی برزخ میں بری روحوں کے رکھنے کی جگہ کو بھی ہاویہ کہتے ہیں

[2] اور سکرات شروع ہوتی ہے تو اس کی اہانت اور ذلت کا سامان اس طرح مہیا کیا جاتا ہے کہ :

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

اس طرح کہتے ہیں کچھ بھی ہو، تجھے عذاب کی طرف آنا ہی پڑے گا، آ دیکھ! اللہ تعالیٰ تجھ پر کس قدر غضب ناک ہیں (یہ سن کر) کافر کی روح چار و ناچار جسم سے نکلتی ہے اور اس وقت کافر کی روح میں مردار کی بدبو سے زیادہ بدبو ہوتی ہے[۲] زمین پر واپس لاتے ہیں (اس کی بدبو سے) فرشتے (تنگ آکر) کہتے جاتے ہیں، پھر اس کو سجین کی طرف لے جاتے ہیں، جہاں کافروں کی ارواح جمع ہیں (اور سجین میں اس کو رکھتے ہیں جہاں وہ برزخ کے عذاب میں مبتلا رہتی ہے) اس حدیث کی روایت امام احمد اور نسائی نے کی ہے۔ ۱۲

۲۰۸۲/۱۷ وَعَنِ الْبَرَآءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي جَنَازَةِ رَجُلٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ فَانْتَهَيْنَا اِلَى الْقَبْرِ وَلَمَّا يُلْحَدْ وَجَلَسَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَلَسْنَا حَوْلَهٗ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ہم ایک روز رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ہمراہ ایک انصاری کے جنازہ کے ساتھ گئے اور قبر تک پہونچے، ابھی قبر کھد کر تیار نہیں ہوئی تھی (قبر تیار ہونے کا انتظار تھا) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم تشریف فرما ہوگئے اور ہم بھی آپ کے اطراف (انتہائی ادب اور سکون سے بیٹھ گئے[۳] معلوم ہو رہا تھا کہ سب کے سروں پر پرندے

---

[۱] تو نے دنیا میں کفر و شرک کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کو ناراض کر رکھا تھا، تو تیرے لیے عالم برزخ میں عذاب مہیا کیا گیا ہے اور تجھے عذاب کی طرف آنا ناگوار ہوگا۔

[۲] پھر اس روح کو فرشتے آسمان دنیا کے دروازہ تک لے جاتے ہیں۔ اس کے لیے آسمان کا دروازہ نہیں کھلتا ہے اس لیے (اس بدنصیب روح میں نعوذ باللہ، کس قدر بدبو ہے۔

[۳] کیا کہوں اس وقت صحابہ کی کیا حالت تھی، رعب و ہیبت سب پر چھائی ہوئی تھی، سب کے سب سر جھکائے ہوئے تھے، کوئی ادھر اُدھر نہیں دیکھ رہا تھا، ایسے بے حس و حرکت تھے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

كَاَنَّ عَلٰى رُءُوْسِنَا الطَّيْرُ وَ فِيْ يَدِهٖ عُوْدٌ يَنْكُتُ بِهٖ فِي الْاَرْضِ فَرَفَعَ رَاْسَهٗ فَقَالَ اِسْتَعِيْذُوْا بِاللّٰهِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ مَرَّتَيْنِ اَوْ ثَلَاثًا ثُمَّ قَالَ اِنَّ الْعَبْدَ الْمُؤْمِنَ اِذَا كَانَ فِيْ اِنْقِطَاعٍ مِّنَ الدُّنْيَا وَ اِقْبَالٍ مِّنَ الْاٰخِرَةِ نَزَلَ اِلَيْهِ مَلٰٓئِكَةٌ مِّنَ السَّمَآءِ بِيْضُ الْوُجُوْهِ كَاَنَّ وُجُوْهَهُمُ الشَّمْسُ مَعَهُمْ كَفَنٌ مِّنْ اَكْفَانِ الْجَنَّةِ وَحَنُوْطٌ مِّنْ حَنُوْطِ الْجَنَّةِ حَتّٰى يَجْلِسُوْا مِنْهُ مَدَّ الْبَصَرِ ثُمَّ يَجِيْءُ مَلَكُ الْمَوْتِ عَلَيْهِ السَّلَامُ حَتّٰى يَجْلِسَ عِنْدَ رَاْسِهٖ فَيَقُوْلُ اَيَّتُهَا النَّفْسُ الطَّيِّبَةُ اُخْرُجِيْ اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانٍ قَالَ فَتَخْرُجُ تَسِيْلُ كَمَا تَسِيْلُ الْقَطْرَةُ مِنَ السِّقَآءِ فَيَاْخُذُهَا فَاِذَا اَخَذَهَا

بیٹھے ہوئے ہیں[۱] حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے دست مبارک میں بھی ایک لکڑی تھی، اور آپ اس لکڑی سے زمین کرید رہے تھے، پھر سر مبارک کو اٹھایا اور صحابۂ کرام کی طرف متوجہ ہو کر دو یا تین بار فرمایا صاحبو! عذاب قبر سے اللہ کی پناہ مانگو (یہ قبر کسی کے لیے جنت کی کیاری ہے تو کسی کے لیے دوزخ کا گڑھا) پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا جب مسلمان دنیا سے جا رہا ہو، اور آخرت اس کے سامنے ہو گئی ہو تو (اس کی شان اور عزت ظاہر کرنے کے لیے) آسمان سے ایسے فرشتے آتے ہیں جن کے چہرے نورانی ہوتے ہیں، اور جو آفتاب کی طرح چمکتے رہتے ہیں اور ان فرشتوں کے ساتھ جنت کا ریشمی کفن ہوتا ہے اور وہ جنت کی خوشبو دار چیزیں بھی لاتے ہیں (تاکہ اس کو خوشبو میں بسائیں) پھر یہ فرشتے کسی قدر فاصلہ سے اس کے قریب بیٹھ جاتے ہیں[۲] پھر ملک الموت اس مرنے والے کے سرہانے آکر بیٹھتے ہیں، اور کہتے ہیں، اے پاک روح (دنیا میں تو اللہ تعالیٰ کی فرمانبردار رہی) اب نکل آ (دیکھ اس کا صلہ تجھے یہ ملتا ہے کہ اللہ تعالیٰ تجھ سے راضی ہیں (اور طرح طرح کی نعمتیں تیرے لیے تیار ہیں) اور اللہ تعالیٰ نے تیری مغفرت فرما دی ہے روح خوش خوش جسم سے ایسے

---

۱ پرندے کی عادت ہے کہ وہ متحرک چیز پر نہیں بیٹھتا ہے صحابہ بھی ایسے ہی بے حس وحرکت بیٹھے ہوئے تھے، صحابہ کرام کی تو یہ حالت تھی، اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی حالت مبارک کیا کہوں! اب معلوم ہوتا تھا کہ آپ انتہا درجہ کی فکر میں ہیں، جیسے متفکر شخص زمین کریدتا ہے ایسے ہی

۲ اور اس کی روح کے نکلنے کا انتظار کرتے ہیں (جب سکرات شروع ہوئی تھی تو اس وقت سکرات کی تکلیف اور شدت رہی تاکہ روح پاک وصاف ہو جائے (پھر ملک الموت سے یہ خوش خبری سُن کر

www.waseemziyai.com
MARKAZUL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

لَمْ يَدَعُوهَا فِي يَدِهٖ
طَرْفَةَ عَيْنٍ حَتّٰى
يَأْخُذُوهَا فَيَجْعَلُوهَا
فِي ذٰلِكَ الْكَفَنِ وَفِي
ذٰلِكَ الْحَنُوطِ وَيَخْرُجُ
مِنْهَا كَأَطْيَبِ نَفْحَةِ
مِسْكٍ وُجِدَتْ عَلٰى وَجْهِ
الْأَرْضِ قَالَ فَيَصْعَدُونَ
بِهَا فَلَا يَمُرُّونَ يَعْنِي
بِهَا عَلٰى مَلَإٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ
إِلَّا قَالُوا مَا هٰذَا الرُّوحُ
الطَّيِّبُ فَيَقُولُونَ فُلَانُ
ابْنُ فُلَانٍ بِأَحْسَنِ
أَسْمَائِهِ الَّتِي كَانُوا
يُسَمُّونَهُ بِهَا فِي الدُّنْيَا
حَتّٰى يَنْتَهُوا بِهَا إِلَى السَّمَاءِ
الدُّنْيَا فَيَسْتَفْتِحُونَ
لَهٗ فَيُفْتَحُ لَهُمْ فَيُشَيِّعُهٗ
مِنْ كُلِّ سَمَاءٍ مُقَرَّبُوهَا
إِلَى السَّمَاءِ الَّتِي تَلِيهَا
حَتّٰى يُنْتَهٰى بِهٖ إِلَى السَّمَاءِ
السَّابِعَةِ فَيَقُولُ اللهُ عَزَّ
وَجَلَّ اكْتُبُوا كِتَابَ عَبْدِي
فِي عِلِّيِّينَ وَأَعِيدُوهُ إِلَى
الْأَرْضِ فَإِنِّي مِنْهَا خَلَقْتُهُمْ
وَفِيهَا أُعِيدُهُمْ وَمِنْهَا
أُخْرٰى قَالَ فَتُعَادُ رُوحُهٗ
فِي جَسَدِهٖ فَيَأْتِيهِ مَلَكَانِ
فَيُجْلِسَانِهٖ فَيَقُولَانِ لَهٗ

جلد نکلتی ہے جیسے مشکیزہ سے پانی کا قطرہ آسانی سے نکلتا ہے، جسم سے نکلی ہوئی یہ روح ملک الموت کے ہاتھ میں بہت دیر تک نہیں رہتی ہے، آسمان سے آئے ہوئے فرشتے پلک جھپکنے تک اس روح کو لے کر (نہایت ادب سے) جنت کا کفن پہناتے ہیں اور جنت کی خوشبو لگاتے ہیں، پھر اس روح سے ایسی خوشبو مہکتی ہے کہ زمین پر تو ایسی خوشبو کبھی نہیں پائی گئی۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پھر ارشاد فرماتے ہیں کہ پھر فرشتے اس روح کو لیے ہوئے آسمان کی طرف چڑھتے ہیں۔ راستے میں فرشتوں کی جس جماعت پر سے اس روح کو لے کر یہ فرشتے گزرتے ہیں تو وہ فرشتے پوچھتے ہیں کہ یہ کس شخص کی پاک روح ہے تو ساتھ والے فرشتے جواب دیتے ہیں اور جس نام اور جس صفت سے دنیا میں یہ تعظیم سے پکارا جاتا تھا اس نام اور اس صفت کے ساتھ ظاہر کرتے ہیں کہ یہ فلاں بن فلاں ہیں پھر روح کو لے جانے والے فرشتے اس روح کو لیے ہوئے آسمان دنیا تک پہونچتے ہیں، اور اس روح کے لیے آسمان کا دروازہ کھلواتے ہیں تو آسمان دنیا کے دروازے کے دربان اس دنیا سے آئی ہوئی روح اور اس کے ساتھ والے فرشتوں کے لیے دروازہ کھول دیتے ہیں (اسی عزت کے ساتھ) اس کو ایک آسمان سے دوسرے آسمان تک پہونچاتے ہیں، ہر آسمان کے مقرب فرشتے اس کے ساتھ ساتھ جلو میں چلتے ہیں۔ (تاکہ اس کی شان و شوکت کا اظہار ہوتا رہے) اسی طرح سارے آسمانوں سے گزرتے ہوئے اس روح کو ساتویں آسمان تک پہونچاتے

www.waseemziyai.com
MARKAZUL-OLOOM-ISLAMIA ACADEMY

مَنْ رَّبُّكَ فَيَقُوْلُ رَبِّيَ اللّٰهُ فَيَقُوْلَانِ لَهٗ مَا دِيْنُكَ فَيَقُوْلُ دِيْنِيَ الْاِسْلَامُ فَيَقُوْلَانِ لَهٗ مَا هٰذَا الرَّجُلُ الَّذِيْ بُعِثَ فِيْكُمْ فَيَقُوْلُ هُوَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَيَقُوْلَانِ لَهٗ وَمَا عِلْمُكَ فَيَقُوْلُ قَرَأْتُ كِتَابَ اللّٰهِ فَاٰمَنْتُ بِهٖ وَصَدَّقْتُ فَيُنَادِيْ مُنَادٍ مِّنَ السَّمَآءِ[1] اَنْ صَدَقَ عَبْدِيْ فَافْرِشُوْهُ مِنَ الْجَنَّةِ وَاَلْبِسُوْهُ مِنَ الْجَنَّةِ وَافْتَحُوْا لَهٗ بَابًا اِلَى الْجَنَّةِ قَالَ فَيَاْتِيْهِ مِنْ رَّوْحِهَا وَطِيْبِهَا وَيُفْسَحُ لَهٗ فِيْ قَبْرِهٖ مَدَّ بَصَرِهٖ قَالَ

ہے[1] ارشاد ہوتا ہے اس (فرماں بردار مسلمان) کی روح کو علیین میں لے جاؤ۔ علیین میں ان کا نامۂ اعمال رکھو، اور اس روح کا اصلی مقام علیین کو بناؤ اور اس روح کا تعلق قبر سے اور اس کے جسم سے (ایسا) رکھو[2] کہ میں نے انسان کو خاک سے پیدا کیا ہے، اور انسان کے جسم کو اگرچہ خاک میں ملایا ہے پھر خاک ہی سے قیامت کے دن اس کو اٹھاؤں گا[3] اس کے خاکی جسم کے ساتھ روح کا تعلق رکھو[4] جب اللہ تعالیٰ کے اس حکم کی تعمیل ہو جائے گی اور خاکی جسم سے روح کا تعلق ہو جائے گا تو منکر ونکیر دو فرشتے اس کو آکر بٹھائیں گے اور اس سے دریافت کریں گے مَنْ رَّبُّكَ؟ اچھا یہ تو بتاؤ کہ تمہارا رب کون ہے، تو وہ کہے گا میرا رب تعالیٰ ہے اس کے سوا میرا کوئی رب نہیں ہے پھر منکر ونکیر دریافت کریں گے کہ تمہارا دین کیا ہے؟ (تم کس دین پر رہے ہو تو) یہ کہے گا کہ اللہ کا دین یعنی اسلام میرا دین تھا اور میں اسلام پر رہا تھا پھر اس کی قبر سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی قبر شریف تک ایک راستہ ہو جائے گا۔

---

[1] ساتویں آسمان میں اللہ تعالیٰ کی خاص تجلیات ہوتی رہتی ہیں، ان تجلیات سے)

[2] جیسے آفتاب آسمانوں میں ہے اور اس کا تعلق زمین سے اس طرح ہے کہ زمین پر روشنی اور گرمی پہنچتا ہے یا یوں سمجھئے کہ سونے والے کی روح جسم میں ہے اور ہر جگہ سیر کر آتی ہے۔ ایسے ہی مسلمان کی روح رہتی تو علیین میں ہے مگر اس کا تعلق قبر سے اور جسم سے ایسا ہوتا ہے کہ قبر پر آنے والے کو یہ روح پہچان لیتی ہے، قبر سے اور جسم سے ایسا تعلق اس لیے رکھو

[3] کیوں کہ جب میں نے انسان کو خاک سے پیدا کر کے اس کی روح کا تعلق خاک سے رکھ کر اس کو چلتا پھرتا انسان بنایا تھا اور جیسا کہ قیامت میں اس کی روح کا خاکی جسم سے تعلق رکھ کر اس کو میدان قیامت میں لا کھڑا کروں گا، ایسا ہی قبر میں بھی

[4] تاکہ قبر پر آنے والوں کو پہچان سکے اور منکر ونکیر جب آئیں تو ان کو جواب دے سکے

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

وَيَأْتِيهِ رَجُلٌ حَسَنُ الْوَجْهِ حَسَنُ الثِّيَابِ طَيِّبُ الرِّيحِ فَيَقُولُ أَبْشِرْ بِالَّذِي يَسُرُّكَ هٰذَا يَوْمُكَ الَّذِي كُنْتَ تُوعَدُ فَيَقُولُ لَهُ مَنْ أَنْتَ فَوَجْهُكَ الْوَجْهُ يَجِيءُ بِالْخَيْرِ فَيَقُولُ أَنَا عَمَلُكَ الصَّالِحُ فَيَقُولُ رَبِّ أَقِمِ السَّاعَةَ حَتّٰى رَبِّ أَقِمِ السَّاعَةَ حَتّٰى أَرْجِعَ إِلٰى أَهْلِي وَمَالِي قَالَ وَإِنَّ الْعَبْدَ الْكَافِرَ إِذَا كَانَ فِي انْقِطَاعٍ مِنَ الدُّنْيَا وَإِقْبَالٍ مِنَ الْآخِرَةِ نَزَلَ إِلَيْهِ مِنَ السَّمَاءِ مَلَائِكَةٌ سُودُ الْوُجُوهِ مَعَهُمُ الْمُسُوحُ فَيَجْلِسُونَ مِنْهُ مَدَّ الْبَصَرِ

پھر اس سے منکر و نکیر دریافت کریں گے اچھا کہو یہ صاحب کون ہیں، کیا یہ وہی ہیں جو تمہارے پاس پیغمبر بنا کر بھیجے گئے تھے[1] وہ کہے گا یہی محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ہیں، یہی میرے رسول اور نبی ہیں، پھر منکر و نکیر اس سے دریافت کریں گے کیسے تم کو معلوم ہوا کہ حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے رسول اور نبی ہیں؟ تو مسلمان مردہ جواب دے گا[2] ہم مسلمانوں کو قرآن دیا گیا اس سے میں نے پڑھا کہ قرآن اللہ کا کلام ہے (کسی بشر کا کلام نہیں، اور قرآن میں حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو رسول اور نبی کہا گیا ہے اس نقلی دلیل سے) میں سمجھا کہ حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم یقیناً نبی اور رسول ہیں[5] پھر اس طرح ندا کی جائے گی کہ میرے بندہ نے سچ کہا اس کا صلہ اس کو دیا جائے (کہ عالم برزخ میں جہاں اس کا مقام ہے) وہاں جنت کا اس کے لیے فرش بچھایا جائے اور اس کو جنت کا لباس پہنایا جائے کہ وہ جنت میں جانے سے پہلے جنت کی نعمتوں کا لطف اٹھاتا رہے

---

[1] تو اس شخص پر نور ایمان سے واضح ہو جائے گا اور[2] عرض کرے گا فداہ! میری جان آپ پر سے قربان[3] آفتاب آمد، دلیل آفتاب آفتاب کے ہونے پر خود آفتاب دلیل ہے، محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا نبی اور رسول ہونا آفتاب کی طرح بالکل واضح اور ظاہر ہے، اور رسول اللہ اور نبیوں کے نبی ہونے پر جو پاکیزہ اوصاف دلیل تھے وہ سب پاکیزہ اوصاف حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم میں پائے گئے۔ اس عقلی دلیل سے مجھے یقین ہو گیا کہ حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم تو رسول اور نبی ہیں اور پیغمبروں کو معجزات دیئے گئے کسی کو دو۔ اور کسی کو چار حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام جیسے جلیل القدر نبی کو نو معجزات دئے گئے تھے۔ اور حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو ساڑھے چار ہزار معجزے دیئے گئے تھے، اس سے بھی ثابت ہوا کہ حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے رسول اور نبی ہونے پر نقلی دلیل بھی ہے[5] اور بہت تاکید سے فرمایا گیا کہ اگر کسی سے ہو سکے تو اس کی چھوٹی سورۃ کے جیسا بنا کر لاؤ۔ باوجود عرب فصیح اور بلیغ ہونے قرآن کی چھوٹی سورہ کے جیسی بنانے سے عاجز ہو گئے کوئی نہ بنا سکا)

ثُمَّ يَجِيْءُ مَلَكُ الْمَوْتِ
حَتّٰى يَجْلِسَ عِنْدَ رَاْسِهٖ
فَيَقُوْلُ اَيَّتُهَا النَّفْسُ
الْخَبِيْثَةُ اُخْرُجِيْ اِلٰى
سَخَطٍ مِّنَ اللّٰهِ قَالَ
فَتَفَرَّقَ فِيْ جَسَدِهٖ
فَيَنْتَزِعُهَا كَمَا يُنْتَزَعُ
السَّفُّوْدُ مِنَ الصُّوْفِ
الْمَبْلُوْلِ فَيَاْخُذُهَا وَ
اِذَا اَخَذَهَا لَمْ يَدَعُوْهَا
فِيْ يَدِهٖ طَرْفَةَ عَيْنٍ
حَتّٰى يَجْعَلُوْهَا فِيْ تِلْكَ
الْمُسُوْحِ وَ تَخْرُجُ مِنْهَا
كَاَنْتَنِ رِيْحِ جِيْفَةٍ
وُجِدَتْ عَلٰى وَجْهِ
الْاَرْضِ فَيَصْعَدُوْنَ
بِهَا فَلَا يَمُرُّوْنَ بِهَا
عَلٰى مَلَاٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ
اِلَّا قَالُوْا مَا هٰذَا الرُّوْحُ
الْخَبِيْثُ فَيَقُوْلُوْنَ فُلَانُ
ابْنُ فُلَانٍ بِاَقْبَحِ اَسْمَآئِهِ
الَّتِيْ كَانَ يُسَمّٰى بِهَا فِي
الدُّنْيَا حَتّٰى يَنْتَهِيْ بِهٖ
اِلَى السَّمَآءِ الدُّنْيَا فَيُسْتَفْتَحُ
لَهٗ فَلَا يُفْتَحُ لَهٗ ثُمَّ قَرَاَ

اور جنت کی طرف سے اس کے لیے ایک دروازہ کھولا جائے (تاکہ وہ جنت میں اپنے مقام کو دیکھ کر بے حد مسرور رہے) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں۔ کہ جنت کی طرف سے دروازہ کھلنے سے جنت کی ہوا اور جنت کی خوشبو اس کو آتی رہے گی، جس سے بے حد محظوظ ہوتا رہے گا۔ تنگی مقام بھی ایک قسم کی تکلیف کا باعث ہوتا ہے) مسلمان مردے کے لیے (جب ہر طرح کا قبر میں آرام اور راحت جمع کر دی گئی ہے تو جہاں تک) اس کی نگاہ پہونچتی ہے، قبر میں (وہاں تک) اس کا مقام وسیع کر دیا جاتا ہے۲، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم یہ بھی ارشاد فرماتے ہیں کہ مسلمان مردہ پھر کیا دیکھتا ہے کہ اس کے پاس ایک شخص آرہا ہے، کیا کہوں اس کا چہرہ کیسا ہوتا ہے، ایسا حسین کہ کہیں دیکھنے میں نہیں آیا۔ اور اس کا لباس بھی نہایت پاکیزہ اور صاف وستھرا ہے گا۔ اور اس سے نہایت خوشبو مہک رہی ہوگی۔ ایسا شخص آکر مسلمان بندہ سے کہے گا۔ تم کو خوش خبری دیتا ہوں کہ تمہارے لیے ہر قسم کی راحت اور نعمت تیار ہے جس سے تم نہایت مسرور ہوگے۔ کچھ تم کو خبر بھی ہے۔ یہ وہی دن ہے جس کی تم کو دنیا میں خبر دے گئی تھی مسلمان مردہ اس آنے والے خوب صورت شخص سے پوچھے گا۔

۱؎ جب مسلمان مردہ یہ کہہ چکے گا تو اللہ تعالیٰ اس کی اس طرح قدر افزائی کریں گے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے

۲؎ تاکہ وسعتِ مقام کی وجہ سے وہ راحت حاصل کرتا رہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ
لَا تُفْتَحُ لَهُمْ اَبْوَابُ
السَّمَآءِ وَلَا يَدْخُلُوْنَ
الْجَنَّةَ حَتّٰى يَلِجَ الْجَمَلُ
فِيْ سَمِّ الْخِيَاطِ فَيَقُوْلُ
اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اُكْتُبُوْا
كِتَابَهٗ فِيْ سِجِّيْنٍ فِي
الْاَرْضِ السُّفْلٰى فَتُطْرَحُ
رُوْحُهٗ طَرْحًا ثُمَّ قَرَءَ
وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَكَاَنَّمَا
خَرَّ مِنَ السَّمَآءِ فَتَخْطَفُهُ
الطَّيْرُ اَوْ تَهْوِيْ بِهِ الرِّيْحُ
فِيْ مَكَانٍ سَحِيْقٍ فَتُعَادُ
رُوْحُهٗ فِيْ جَسَدِهٖ وَيَاْتِيْهِ
مَلَكَانِ فَيُجْلِسَانِهٖ
فَيَقُوْلَانِ لَهٗ مَنْ رَّبُّكَ
فَيَقُوْلُ هَاهْ هَاهْ لَا
اَدْرِيْ فَيَقُوْلَانِ لَهٗ مَا
دِيْنُكَ فَيَقُوْلُ هَاهْ هَاهْ
لَا اَدْرِيْ فَيَقُوْلَانِ لَهٗ
مَا هٰذَا الرَّجُلُ الَّذِيْ
بُعِثَ فِيْكُمْ فَيَقُوْلُ هَاهْ

صاحب! تم کون ہو! کیا چہرہ ہے تمہارا! جس سے بے حد مسرت حاصل ہو رہی ہے تم کو دیکھنے ہی سے طرح طرح کے خیر و برکات حاصل ہو رہے ہیں وہ خوب صورت شخص جواب دے گا۔ (تم مجھے نہیں پہچانتے؟) میں تمہارا نیک عمل ہوں (اس صورت میں متمثل ہو کر آیا ہوں تاکہ تم کو خوش خبری دوں) مسلمان مردہ جب سُنے گا کہ یہ خود اس کے ہی نیک عمل ہیں[1] دعا کرے گا، الٰہی! جلدی قیامت قائم کیجئے۔ تاکہ مجھے میرے نیک اعمال کا بدلہ جنت ملے، اور مجھے میرے اہل یعنی حور و غلمان ملیں اور مال یعنی جنت کے راحت و آرام کا سامان ملے۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم یہ بھی ارشاد فرماتے ہیں کہ جب کافر کے لیے دنیا چھوڑنے کا اور آخرت کی طرف چلنے کا وقت آتا ہے تو اس کے پاس آسمان سے (عذاب کے) فرشتے آتے ہیں، ان کے سیاہ چہروں سے ہیبت اور خوف طاری ہوتا ہے اور یہ اپنے ساتھ ٹاٹ لیے ہوئے آتے ہیں[2] اسی لیے آکر وہ دور بیٹھے رہتے ہیں (اور اس کی روح نکلنے کا انتظار کرتے رہتے ہیں) پھر ملک الموت آجاتے ہیں اور اس کے سرہانے بیٹھ کر یہ کہتے ہیں[3] اپنے جسم سے نکل (اے نجس روح) (دیکھ

---

[1] تو اس کو ایک امید بندھے گی اور اس کو یاد آجائے گا کہ نیک اعمال سے جنت ملتی ہے، میرے نیک اعمال جب ایسے ہیں تو اب مجھے امید ہو رہی ہے جنت ملنے کی اس لیے

[2] اس مرنے والے کافر پر اللہ تعالیٰ بہت غضب ناک رہتے ہیں۔ اس لیے فرشتوں کو اس سے نفرت رہتی ہے اور

[3] کہ تو کفر و شرک کر کے دنیا میں کتنی بری زندگی گذاری اس کے اثر سے تیری روح نجس ہو گئی ہے اب

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

هَاهْ لَا اَدْرِیْ فَیُنَادِیْ مُنَادٍ مِّنَ السَّمَآءِ اَنْ كَذَبَ فَافْرِشُوْهُ مِنَ النَّارِ وَافْتَحُوْا لَهٗ بَابًا اِلَى النَّارِ فَيَأْتِيْهِ مِنْ حَرِّهَا وَسَمُوْمِهَا وَيُضَيَّقُ عَلَيْهِ قَبْرُهٗ حَتّٰى تَخْتَلِفَ فِيْهِ اَضْلَاعُهٗ وَيَأْتِيْهِ رَجُلٌ قَبِيْحُ الْوَجْهِ قَبِيْحُ الثِّيَابِ مُنْتِنُ الرِّيْحِ فَيَقُوْلُ اَبْشِرْ بِالَّذِيْ يَسُوْءُكَ هٰذَا يَوْمُكَ الَّذِيْ كُنْتَ تُوْعَدُ فَيَقُوْلُ مَنْ اَنْتَ فَوَجْهُكَ الْوَجْهُ يَجِيْءُ بِالشَّرِّ فَيَقُوْلُ اَنَا عَمَلُكَ الْخَبِيْثُ فَيَقُوْلُ رَبِّ لَا تُقِمِ السَّاعَةَ وَفِيْ رِوَايَةٍ نَحْوَهٗ وَزَادَ فِيْهِ اِذَا خَرَجَ رُوْحُهٗ صَلّٰى عَلَيْهِ كُلُّ مَلَكٍ بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ وَكُلُّ مَلَكٍ فِي السَّمَآءِ وَفُتِحَتْ لَهٗ اَبْوَابُ السَّمَآءِ لَيْسَ مِنْ اَهْلِ بَابٍ اِلَّا وَهُمْ

کہ اللہ تعالیٰ تجھ پر کس قدر غضب ناک ہے[1] ملک الموت اس روح کو جسم سے بہت سختی کے ساتھ اس طرح کھینچ کر نکالتے ہیں جیسے کانٹے دار چیز کو تر کپڑے سے نکالا جائے تو کپڑا تار تار ہو جاتا ہے[2]، جو فرشتے روح نکلنے کے منتظر تھے وہ ملک الموت کے ہاتھ میں اس روح کو ایک پلک مارنے کے برابر (تھوڑی دیر) بھی نہیں رہنے دیتے ہیں فوراً ملک الموت کے ہاتھ سے لے کر (ذلت واہانت ظاہر کرنے کے لیے) ٹاٹ میں لپیٹے ہیں، اس وقت اس روح سے ایسی بدبو پھیلتی ہے جیسے سڑے ہوئے مردار سے بدبو نکل کر دماغ کو پریشان کر دیتی ہے روئے زمین پر ایسی بدبو کسی میں نہیں ہوگی۔ جیسے بدبو اس روح میں ہوتی ہے اس بدبودار روح کو لیے ہوئے فرشتے آسمان پر چڑھتے ہیں۔ زمین و آسمان کے بیچ میں جہاں جہاں فرشتوں کی جماعت ملتی ہے، اس نجس روح کی بدبو سے متاثر ہو کر یہ کہتے ہیں کہ یہ کس خبیث کی روح ہے، تو ساتھ والے فرشتے اس کافر کا نام بہت بری صفت کے ساتھ اس طرح لیتے ہیں جیسے دنیا

---

[1] اس بری خبر کے سننے سے روح کو جسم سے نکلنا بہت ناگوار ہوتا ہے وہ جسم سے نکلنا نہیں چاہتی ہے اور جسم میں چھپتی پھرتی ہے تو

[2] ایسے ہی روح کو سختی کے ساتھ نکالنے کی وجہ سے جسم کو ناقابل برداشت تکلیف ہوتی ہے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

يَدْعُوْنَ اللهَ اَنْ يَّعْرُجَ بِرُوْحِهٖ مِنْ قِبَلِهِمْ وَتَنْزِعُ نَفْسَهٗ يَعْنِي الْكَافِرَ مَعَ الْعُرُوْقِ فَيَلْعَنُهٗ كُلُّ مَلَكٍ بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ وَكُلُّ مَلَكٍ فِي السَّمَآءِ وَتُغْلَقُ اَبْوَابُ السَّمَآءِ لَيْسَ مِنْ اَهْلِ بَابٍ اِلَّا وَهُمْ يَدْعُوْنَ اللهَ اَنْ لَّا يَعْرُجَ رُوْحُهٗ مِنْ قِبَلِهِمْ۔ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْ دَاوٗدَ فِيْ سُنَنِهٖ وَالْحَاكِمُ فِيْ مُسْتَدْرَكِهٖ وَابْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ فِيْ مُصَنَّفِهٖ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ كِتَابِ عَذَابِ الْقَبْرِ وَالطَّيَالِسِيُّ وَعَبْدٌ فِيْ مُسْنَدَيْهِمَا وَهَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ فِي الزُّهْدِ وَابْنُ جَرِيْرٍ وَابْنُ اَبِيْ حَاتِمٍ وَغَيْرُهٗ مِنْ طُرُقٍ صَحِيْحَةٍ وَقَالَ مِيْرَكُ حَدِيْثُ اَحْمَدَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ۔

ہیں کسی برے آدمی کا ذکر لوگ بری صفت سے کرتے ہیں۔ اور فرشتے کہتے ہیں کہ یہ فلاں بن فلاں ہے (کہ جس نے اپنی ساری عمر کفر و شرک میں گزاری ہے) اس ذلت اور اہانت کے ساتھ) یہ روح ہر مقام سے گزرتی ہوئی آسمان دنیا تک پہونچائی جاتی ہے آسمان دنیا کا دروازہ کھلوایا جاتا ہے مگر آسمان کے دروازے کے دربان دروازہ نہیں کھولتے ہیں[1]، پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم یہ ارشاد فرما کر اس کی تائید میں یہ آیت تلاوت فرمائے۔

کفار کے لیے آسمان کا دروازہ نہیں کھولا جائے گا اور نہ وہ جنت میں داخل ہوں گے۔ کفار کا جنت میں جانا ایسے ہی محال ہے جیسے اونٹ کا سوئی کے ناکے میں سے گزرنا (نہ تو اونٹ سوئی کے ناکہ میں سے گزر سکتا ہے، اور نہ کفار جنت میں داخل ہو سکتے ہیں)

پھر اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہوگا کہ اس خبیث کا نامۂ اعمال سجین میں رکھو اور سجین ہی کو اس خبیث روح کا مقام بناؤ جو زمین کے سب سے نچلے طبقہ میں ہے (تاکہ وہ وہاں طرح طرح کے عذاب بھگتتی رہے) اس حکم کی تعمیل میں آسمان کے دروازے کے پاس سے اس کافر کی روح کو نہایت ذلت کے ساتھ زمین کی طرف پھینک دیا جائے گا[2] رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم یہ ارشاد فرما کر اس کی تائید میں یہ آیت تلاوت فرمائی۔

---

[1] یہ اس روح کی انتہائی ذلت اور اہانت کا سبب ہوتا ہے۔

[2] اور سجین میں اس کا اصلی مقام بنا کر اس کافر کی روح کا تعلق قبر سے یا اس کے جسم کے کسی حصہ سے جہاں کہیں ہو کر دو تاکہ منکر نکیر اس سے سوال کر سکیں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

شرک بہت بڑی بلا ہے، آسمان کا دروازہ مشرک کے لیے نہ کھلنا کیا کم ذلت ہے، پھر زمین کی طرف پھینک دیا جانا، اس سے بڑھ کر اور کیا ذلت ہوگی۔ راستہ میں جا گرنا اور وہاں طرح طرح کی ایذاء اٹھاتے رہنا یہ انتہائی ذلت ہے۔

اللہ تعالیٰ کے حکم کی تعمیل کی جائے گی۔ اس کافر کی روح کا تعلق اس کے جسد سے یا جسم کے کسی حصہ سے کر دیا جائے گا، پھر منکر نکیر اس کے پاس موجود ہوں گے اور بٹھا کر سوال کریں گے بتا تیرا رب کون ہے؟ تو وہ کافر کہے گا[1] میں نہیں جانتا کہ رب کون ہے! پھر منکر و نکیر دریافت کریں گے، اچھا یہ بتا کہ تیرا دین کیا تھا[2]، کافر مردہ کہے گا، مجھے نہیں معلوم کہ میرا دین کیا تھا، پھر منکر و نکیر دریافت کریں گے کہ تو نے دنیا میں سنا ہوگا کہ حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم رسول بن کر تشریف لائے تھے، ان کی نسبت تیرا کیا خیال تھا[3]۔ کہے گا، میں نہیں جانتا کہ وہ کون تھے؟ یہ جواب ختم ہوتے ہی اللہ تعالیٰ کی طرف سے کوئی پکارے گا کہ اس خبیث کافر کو دنیا میں سب کچھ معلوم تھا جھٹلاتا ہی رہا۔ اب بھی باوجود معلوم ہونے کے جھوٹ کہہ رہا ہے۔ اس جھوٹ کے بیے آگ کا بچھونا بچھاؤ دنا کہ اس کو ایک آن بھی آرام

لہ حیران ہوگا کہ کیا جواب دوں۔ جب تک میں دنیا میں رہا، مسلمان جس ذاتِ مبارک کو رب مانتے تھے، میں ان کو جھٹلاتا رہا۔ اب میں کس کو رب کہوں! یہاں بھی اسی طرح کہتا ہوں۔

۲ہ تو یہ کافر مردہ سمجھے گا میرا دین تو کفر و شرک سے بھرا ہوا تھا، اگر میں اپنے دین کا نام لوں تو اپنے آپ کو اپنی زبان سے مجرم ٹھہرانا پڑے گا اس لیے

۳ہ تو کافر مردہ خیال کرے گا کہ عالم برزخ میں تو حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کا بول بالا ہے اگر میں ان کی رسالت کا انکار کر دوں تو اپنے منہ سے آپ ملزم ٹھہرتا ہوں اس لیے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

نہ ملے) اور دوزخ کی طرف سے ایک دروازہ کھول دو[۱]
دروازہ کھلنے سے ناقابلِ برداشت حرارت اور دوزخ
کی آگ کی لو (دوزخ کی بدبو) اس کو پہنچتی رہے گی
پھر اس کافر کی قبر ایسی تنگ کی جائے گی کہ جس کے دبوچنے
سے کافر کی پسلیاں اِدھر کی اُدھر اور اُدھر کی اِدھر
ہو جائیں گی[۲]، پھر کافر کیا دیکھے گا کہ اس کے پاس ایک
شخص آرہا ہے نہایت بدشکل، کپڑے بھی اس کے (اس کی
صورت کے جیسے) بدنما ہیں اور بدبو اس سے
اس قدر آرہی ہوگی (کہ جس سے دماغ پھٹا جا رہا ہو)
ایسا بدشکل شخص آکر کافر مردہ سے کہے گا، طرح طرح کے
عذاب کی تجھے خبر دی جاتی ہے (دنیا میں) جس دن سے
تجھے ڈرایا جاتا تھا (اور جس کا تو انکار کرتا تھا) دیکھا
آج یہ وہی دن ہے، کافر مردہ کہے گا تو کون ہے!
تیری کیا منحوس صورت ہے کہ تیری صورت دیکھنا ہی
عذاب معلوم ہوتا ہے[۴] تو وہ بدشکل آنے والا کہے
گا تو مجھے نہیں پہچانتا میں تیرا بُرا اعمال ہوں[۵] وہ کافر کہے گا خدا کرے
کہ قیامت نہ آئے (تاکہ بُرے اعمال کے بدلہ میں
دوزخ میں جانا نہ پڑے) ایک روایت تو یہاں ختم
ہوئی۔

اور دوسری روایت بھی ایسی ہی ہے، اور دوسری

---

[۱] تاکہ وہ دوزخ میں اپنا مقام دیکھتا رہے اور یہ بھی اس کے لیے تکلیف کا باعث ہوتا رہے اور دوزخ کی طرف سے
[۲] تاکہ قبر کے عذاب پر یہ عذاب زیادہ ہو جائے
[۳] کافر کے لیے بجائے خود یہ بھی ایک عذاب ہوگا
[۴] کہ میں خود عذاب میں ہوں تو اور عذاب کی خبر دینے آیا ہے
[۵] کم بخت تو نے دنیا میں کیا کیا کفر و شرک کئے ہیں، اگر کوئی کہتا کہ تجھے یہ دن دیکھنا ہوگا تو تو اس کو مذاق میں اڑاتا رہا، کبھی اس کو غصہ سے جھڑکتا رہا۔ کافر مردہ سمجھے گا کہ میرے اعمال مجھے دکھائے گئے ہیں بُرے اعمال سے دوزخ ملتی ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZUL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

روایت میں اس طرح زیادہ ہے کہ جب مسلمان کی روح (اس کے جسم سے) نکلتی ہے تو آسمان اور زمین کے درمیان میں جو ملائکہ ہیں وہ سب اس مسلمان مردہ کے لیے رحمت نازل ہونے کی دعا کرتے ہیں[1] آسمانوں کے دروازے[2] کھلنے جاتے ہیں (اور مسلمان کی روح تمام آسمانوں سے گزر جاتی ہے) (اس مسلمان کی روح کو فرشتے ایسی متبرک سمجھتے ہیں کہ) ہر آسمان کے دروازوں کے فرشتے دعا کرتے ہیں کہ اس متبرک روح کو ہمارے دروازہ سے گزاریئے (تاکہ ہم اس روح سے برکت حاصل کریں) اور کافر مردہ کی روح کو فرشتے (اس سختی کے ساتھ اس کی روح کو کھینچیں گے کہ جسم کی رگیں تار تار ہو جائیں گی[3] جب اس سختی سے روح نکالی جاتی ہے تو زمین اور آسمان کے درمیان میں جو فرشتے ہیں وہ سب اس کافر کی روح پر لعنت بھیجتے ہیں اور آسمان دنیا کے ہر دروازہ کے فرشتے لعنت بھیجتے ہیں اور دعا کرتے ہیں کہ الٰہی! اس خبیث روح کو ہمارے پاس سے نہ گزاریئے[4] اس کے لیے آسمانِ دنیا کے تمام دروازے بند کر دیئے جاتے ہیں، اس کی روایت امام احمد نے کی ہے، اور اس کی روایت ابوداؤد نے اپنی سنن میں اور حاکم نے اپنی مستدرک میں اور ابن ابی شیبہ نے اپنی مصنف میں اور بیہقی نے کتاب عذاب القبر میں اور طیالسی نے اپنی مسند میں اور عبید بن حمید نے اپنی مسند میں اور ہناد بن السری نے کتاب الزہد

---

[1] جیسے جیسے مسلمان کی روح آسمانوں کی طرف چڑھتی جاتی ہے

[2] اس کی شان وشوکت دکھانے کے لیے جلدی جلدی

[3] عالم ملکوت سے کچھ تعلق ہی نہیں تھا۔ دنیا ہی میں رات دن پھنسی ہوئی تھی تو اس کو دنیا چھوڑنا بڑا دشوار ہوگا۔ اس لیے روح تو جسم میں رہنا چاہیے گی اور فرشتے اس کو کھینچنا چاہیں گے اس کشاکشی میں

[4] تاکہ اس کی خباثت ہم پر اثر نہ کرے، فرشتوں کی دعا قبول ہوتی ہے اور

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ہیں اور ابن جریر اور ابن ابی حاتم نے صحیح طرق سے اس کی روایت کی ہے، اور میرک نے کہا ہے کہ امام احمد کی حدیث حسن ہے۔

روح انسانی عالم ملکوت کی رہنے والی مثل فرشتوں کے ہے۔ جیسے فرشتے ایک ہی وقت میں کئی جگہ دکھائی دے سکتے ہیں، اور جیسے ملک الموت ہر مرنے والے کے پاس دکھائی دیتے ہیں، ایسا ہی روح انسانی بھی کئی جگہ دکھائی دے سکتی ہے مگر جب جسم انسانی میں روح مقید ہوتی ہے، تو اس سے یہ صفت نکل جاتی ہے کئی جگہ نظر نہیں آسکتی مگر اولیاء اللہ کے جسم میں جو روح ہوتی ہے اس روح میں اس کی اصلی صفت پائی جاتی ہے کہ باوجود جسم میں ہونے کے ایک وقت میں کئی جگہ نظر آسکتی ہے۔ جیسے حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ایک ہی وقت میں سات دعوتوں میں نظر آئے، جسم سے نکلنے کے بعد روح میں اس کی اصلی صفت لوٹ آتی ہے، کچھ اولیاء اللہ کی تخصیص نہیں، بلکہ ہر مسلمان کی روح ایک وقت میں کئی جگہ رہ سکتی ہے، اسی لیے روح کا اصلی مقام علیین ہے، قبر سے بھی اس کا تعلق رہتا ہے، قبر پر آنے والوں کو پہچانتی اور ان کے سلام کا جواب دیتی ہے۔ اس جسم خاکی کے ساتھ روح جنت میں نہیں جا سکتی، ہاں! قیامت کے بعد جسم خاکی میں ہوکر روح جنت میں داخل ہوگی۔ بغیر جسم خاکی کے اب بھی روح جنت میں جا سکتی ہے۔ جیسے اس حدیث میں۔

۲۰۸۳/۱۸ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ كَعْبٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهٗ كَانَ يُحَدِّثُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّمَا نَسَمَةُ الْمُؤْمِنِ طَيْرٌ تَعَلَّقُ فِيْ شَجَرِ الْجَنَّةِ حَتّٰى يَرْجِعَهُ اللّٰهُ فِيْ جَسَدِهٖ يَوْمَ يَبْعَثُهٗ رَوَاهُ مَالِكٌ وَالنَّسَآئِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ كِتَابِ الْبَعْثِ وَالنُّشُوْرِ۔

حضرت عبد الرحمٰن بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے والد حضرت کعب سے روایت کرتے ہیں کہ ان کے والد حضرت کعب فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہوا ہے کہ مسلمان کی روح پرندے کے خول میں بیٹھ کر جنت میں سیر کرے گی، اور وہاں میوہ خوری کرے گی (علیین میں بھی رہے گی، اور قبر سے بھی اس کا تعلق رہے گا) پھر جب قیامت قائم ہوگی تو یہی روح انسانی جسم خاکی میں ہو کر جسم خاکی کے ساتھ جنت میں جائے گی۔ اس کی روایت امام مالک اور نسائی نے کی ہے، اور بیہقی نے بھی اس کی روایت کتاب البعث والنشور میں کی ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMI ISLAMIA ACADEMY

بَابُ غُسْلِ الْمَيِّتِ وَتَكْفِيْنِهٖ

اس باب میں میت کو غسل دینے کا اور کفن پہنانے کا بیان ہے۔

جب قبر تیار ہوگئی ہو، اور کفن آگیا ہو تو پہلے کسی تخت یا کسی بڑے تختہ کو لوبان یا اگربتی وغیرہ خوشبودار چیز کی دھونی دیدو، تین دفعہ یا پانچ دفعہ یا سات دفعہ چاروں طرف دھونی دے کر مردہ کو اس پر لٹا دو، اور کرتہ چاک کرکے نکال لو، اور کوئی کپڑا ناف سے لے کر گھٹنے کے نیچے تک ڈال دو، اس لیے کہ ناف سے لے کر گھٹنے تک جسم کا حصہ چاہے مردہ کا ہو یا زندہ دیکھنا حرام ہے۔ اور پائجامہ وغیرہ اس طرح نکال لو کہ ناف سے گھٹنے تک ڈالا ہوا کپڑا سرک نہ سکے، اگر نہلانے کی کوئی الگ جگہ ہے کہ وہاں سے پانی بہہ کر باہر نکل جاوے گا تو خیر، ورنہ تخت کے نیچے گڑھا کھدوالو کہ سارا پانی اسی میں جمع رہے۔ اگر گڑھا نہ کھدوایا اور پانی سارے گھر میں پھیلا تب بھی کوئی گناہ نہیں۔ اس سے صرف غرض یہ ہے کہ پانی کے پھیلنے سے آنے جانے میں کسی کو تکلیف نہ ہو۔

میت کو نہلانے کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے مردہ کے پیشاب اور پاخانہ کی جگہ اس طرح دھو لو کہ رانوں اور پیشاب پاخانہ کی جگہ اپنا ہاتھ نہ لگاؤ اور اس پر نگاہ بھی نہ ڈالو، بلکہ اپنے ہاتھ پر کوئی کپڑا لپیٹ لو، اور جو کپڑا میت کی ناف سے لے کر گھٹنوں تک پڑا ہے۔ اس کے اندر کپڑا لپٹا ہوا اپنا ہاتھ ڈال کر دھو دو، پھر اس کو وضوء کرادو، لیکن نہ کلی کراؤ نہ ناک میں پانی ڈالو، اور نہ پہونچوں تک ہاتھ دھلاؤ بلکہ صرف وضوء کے فرائض ادا کردو، یعنی پورا چہرہ دھلاؤ، پھر دونوں ہاتھ کہنیوں سمیت پھر سر کا مسح کراؤ، پھر دونوں پاؤں دھلا دو، ہاں یہ ہو سکتا ہے کہ مردہ کو بجائے کلی کرانے اور ناک میں پانی ڈالنے کے مردہ کو غسل دینے والا شخص باریک کپڑے کو تر کرکے اپنی انگلی پر لپیٹ کر کپڑے کو تر کرتا جائے اور مردہ کے دانتوں اور مسوڑھوں پر پھیرتا جائے اور اسی طرح ناک کے دونوں سوراخوں میں تر کپڑے سے لپٹی ہوئی انگلی پھیرے تو یہ جائز ہے، ضروری نہیں ہے، اور اگر مردہ کو نہانے کی ضرورت تھی، یا مردہ حیض ونفاس کی حالت میں مرجائے تو غسل دینے والے کو باریک کپڑے کو تر کرکے اپنی انگلی پر لپیٹ کر کپڑے کو تر کرنا چاہیئے اور مردہ کے دانتوں اور مسوڑوں پر پھیرنا جائے اور اسی طرح ناک کے دونوں سوراخوں میں تر کپڑا لپٹی ہوئی انگلی پھیرے اور یہ ضروری ہے کہ کلی کرنا اور ناک میں پانی لینا جو جنابت اور حیض ونفاس کے غسل میں فرض ہے، یہ فرض تر کپڑا لپٹی ہوئی انگلی دانتوں اور مسوڑوں پر اور ناک میں پھیرنے سے ادا ہو جاتا ہے۔ اس طرح وضو کرانے کے بعد مردہ کے منہ ناک اور کانوں میں روئی بھردو تاکہ نہلانے وقت ناک، منھ اور کانوں میں پانی نہ جائے، پھر مردہ کے سر کو گل خیرو سے یا کسی اور چیز جیسے صابن سے مل کر سر کو دھو دو، پھر مردہ کو بائیں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

کروٹ پر لٹا کر بیری کے پتے ڈال کر گرم کیا ہوا نیم گرم پانی تین دفعہ سر سے پیر تک ڈالو، یہاں تک کہ پانی بائیں کروٹ تک جو تختہ سے ملی ہوئی ہے وہاں تک پہنچ جائے، پھر مردہ کو سیدھی کروٹ پر لٹاؤ اور اسی طرح سر سے پاؤں تک اتنا پانی ڈالو یہاں تک کہ پانی سیدھی کروٹ تک جو تختہ سے ملی ہوئی ہے، پہنچ جائے اس کے بعد مردہ کو اپنے بدن کی ٹیک لگا کر ذرا بٹھاؤ اور اس کے پیٹ کو آہستہ آہستہ ملو اور دباؤ۔ اگر کچھ پاخانہ نکلے تو اس کو پونچھ کر دھو ڈالو۔ پاخانہ نکلنے سے وضو اور غسل میں کوئی نقصان نہیں آتا، وضوء اور غسل نہ دہراؤ۔ اس لیے کہ پیشاب یا پاخانہ کی جگہ سے کسی چیز کے نکلنے سے زندوں کا وضوء یا غسل ٹوٹتا ہے مردہ کا نہیں ٹوٹتا، پھر مردہ کو دوبارہ بائیں کروٹ پر لٹاؤ اور کافور ملایا ہوا نیم گرم پانی سر سے پیر تک تین دفعہ ڈالو، مردہ پر تین دفعہ پانی ڈالنے کا جو ذکر آیا ہے وہ مسنون طریقہ ہے، صرف ایک دفعہ پانی ڈالنا واجب ہے، اگر تین دفعہ پانی ڈالنے سے بھی طہارت پوری نہ ہو تو پانچ دفعہ پانی ڈال سکتے ہیں اور اگر ضرورت ہو تو سات دفعہ تک بھی پانی مُردہ پر ڈال سکتے ہیں، سات دفعہ سے زیادہ پانی کا ڈالنا جائز نہیں ہے، پھر سارا بدن کسی کپڑے سے پونچھ دو۔

جب مردہ کو کفن پر رکھو تو سر پر عطر لگا دو، اور مرد ہو تو ڈاڑھی پر بھی عطر لگا دو، پھر سجدہ کے وقت جو اعضاء زمین پر ٹکتے ہیں، یعنی پیشانی، ناک، دونوں ہاتھوں کی انگلیاں اور ہتھیلیاں اور دونوں پاؤں ان سب پر کافور مل دو، اور جو لوگ کفن میں عطر کا پھایا کان میں رکھ دیتے ہیں یہ سب جہالت ہے۔ جتنا شرع میں آیا ہے، اس سے زائد مت کرو اور بالوں میں کنگھی مت کرو۔ اور ناخن بھی نہ کترو، اور کہیں کے بال بھی نہ نکالو، سب اسی طرح رہنے دو، بہتر یہ ہے کہ مردہ کے قریبی رشتہ دار مردہ کو نہلائیں، اگر وہ نہ نہلا سکیں تو کوئی دیندار نہلائے، اگر نہلاتے وقت مردہ میں کوئی عیب دیکھے تو کسی سے نہ کہے۔ اگر خدا نخواستہ مردہ کا چہرہ بگڑ گیا ہو، اور کالا ہو گیا ہو تو یہ بھی نہ کہے۔ اور بالکل اس کا چرچا نہ کرے، یہ سب ناجائز ہے۔ عالمگیری، درمختار، رد المحتار، عمدۃ الرعایہ، ملتقی اور مرقات۔

مردہ کو تین کپڑوں میں کفنانا سنت ہے۔ ایک[۱] ازار، دوسرے[۲] قمیص یعنی کفنی، تیسرے[۳] لفافہ یعنی چادر ازار سے مراد وہ چادر ہے جو مردہ کے سر سے لے کر پاؤں تک ہو۔ اور لفافہ سے مراد بھی ایسی چادر ہے جو مردہ کے سر سے لے کر پاؤں تک لمبی ہو مگر لفافہ ازار سے سر اور پاؤں دونوں جانب اس قدر زیادہ طویل ہو کر ہر دو جانب دھجی سے باندھ دیا جا سکے اور قمیص یعنی کفنی جو بغیر کلی اور آستین کے ہوتی ہے، اور جو مردہ کے کندھے سے لے کر اس کے قدم تک لمبی ہوا کرتی ہے، اس کفنی کے سامنے والا حصہ سینہ سے لے کر قدم تک پہنچتا ہے اس کفنی کے بیچ میں سے اتنا حصہ چاک کر دو کہ جس میں سے مردہ کا سر باہر نکل سکے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

عورت کو پانچ کپڑوں میں کفنانا سنت ہے تین کپڑے تو وہی ہیں جن کا ذکر اوپر مرد کے لیے ہو چکا ہے، یعنی ازار، قمیص یعنی کفنی اور لفافہ اس کے علاوہ عورت کے لیے دو اور کپڑے زیادہ ہیں، سینہ بند اور سر بند یعنی اوڑھنی، سینہ بند وہ کپڑا ہے جو بغل کے نیچے سے لے کر رانوں تک پہنچتا ہے جس میں پستان، پیٹ اور پیٹھ لپیٹی جاتی ہے، اور سر بند وہ کپڑا ہے جو تین ہاتھ لمبا ہو، جو سر پر سے ہوتے ہوئے سینہ پر ڈالا جاتا ہے۔

جب مردہ کو غسل دے چکو اور اس کا جسم کسی کپڑے سے پونچھ دو تو مردہ کے ستر پر سے بھیگا تہہ بند نکال کر ایک دوسرا سوکھا تہہ بند لپیٹ دو، اور مردہ کو تختہ سے آہستہ اٹھا کر اس تختہ پر لٹا دو، جس پر کفن پہلے ہی سے بچھا دیا گیا ہو، کفن بچھانے کے لیے پہلے کفن کو تین یا پانچ دفعہ لوبان یا عود سے دھونی دیدو، کفن بچھانے کا طریقہ یہ ہے کہ مردہ کو لٹانے سے پہلے تختہ پر اول لفافہ بچھا دو، پھر ازار، اور ازار کے اوپر کفنی کا نچلا حصہ بچھا کر کفنی کے بالائی حصہ کو سمیٹ کر سرہانے کی طرف رکھ دو، اس کے بعد مردہ کو تختہ سے اٹھا کر کفن بچھے ہوئے تختہ پر لٹاؤ اور کفنی کے بالائی حصہ کو جس کو چاک کر کے سر کی طرف لپیٹ کر رکھا گیا ہے، اس کو کھول کر سرہانے کی طرف سے اس طرح گلے میں ڈالو کہ کفنی پیروں تک آجائے اور مردہ کا سر کفنی کے چاک کئے ہوئے حصہ سے باہر نکل جائے اور مردہ کے ستر کو ڈھانکنے کے لیے جو دوسرا سوکھا تہہ بند ڈالا گیا تھا، اس کو اب اس طرح نکال دو کہ ستر کھلنے نہ پائے۔ اس کے بعد ازار کا بایاں کنارہ مردہ کے سیدھے طرف ڈال دو، اور ازار کا سیدھا کنارہ مردہ کے بائیں طرف ڈال دو، تاکہ سیدھا کنارہ اوپر آجائے۔ ایسا ہی لفافہ کا بھی بایاں کنارہ مردہ کے سیدھے طرف ڈال دو، اور لفافہ کا سیدھا کنارہ بائیں طرف ڈال دو، اور تین دھجیاں لو، ایک دھجی تو میت کے سر کی طرف جو لفافہ کچھ زائد ہے، اس پر باندھ دو، اور دوسری دھجی سے پیروں کی طرف جو لفافہ زاید ہے، اس کو باندھ دو، اور تیسری دھجی کمر پر باندھ دو، تاکہ راستہ میں کفن کھل نہ جائے۔

عورت کو کفنانے کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے لفافہ بچھا دو، پھر ازار، اس کے اوپر قمیص، پھر مردے کو اس کے اوپر لے جا کر رکھو، پہلے مردہ کو قمیص اس طرح پہناؤ کہ قمیص کے چاک کئے ہوئے حصہ سے سر باہر آجائے اور قمیص کے اوپر کا حصہ قدموں تک چلا جائے۔ اس کے بعد سر کے بالوں کے دو حصہ کر کے سینہ پر اس طرح ڈالو کہ ایک حصہ سینہ کے دائیں طرف اور دوسرا حصہ سینہ کے بائیں طرف آجائے۔ اس کے بعد سر بند سر پر اور بالوں پر ڈالو۔ اور سر بند کو نہ تو لپیٹو اور نہ باندھو پھر سینہ بند قمیص کے اوپر سے لپیٹ دو، پھر ازار کا بایاں کنارہ لے کر مردہ کے سیدھے طرف ڈالو، اور ازار کا سیدھا کنارہ لے کر مردہ کے بائیں طرف ڈالو۔ تاکہ سیدھا کنارہ اوپر کی طرف آجائے ایسا ہی لفافہ کا بھی بایاں کنارہ مردے کے سیدھے طرف ڈالو، اور لفافہ کا سیدھا کنارہ مردہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMI ISLAMIA ACADEMY

کے بائیں طرف ڈالو۔ اور تین دھجیاں لو۔ ایک دھجی تو میت کے سر کی طرف جو لفافہ کچھ زائد ہے اس کو باندھ دو، اور دوسری دھجی سے پاؤں کی طرف جو لفافہ زائد ہے اس کو باندھو۔ اور تیسری دھجی کمر پر باندھ دو، تاکہ راستہ میں کفن کھل نہ جائے۔

۲۰۴ عَنْ اُمِّ عَطِيَّةَ قَالَتْ دَخَلَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ نُغَسِّلُ ابْنَتَهٗ فَقَالَ اغْسِلْنَهَا ثَلَاثًا اَوْ خَمْسًا اَوْ اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ اِنْ رَاَيْتُنَّ ذٰلِكَ بِمَاءٍ وَّسِدْرٍ وَّاجْعَلْنَ فِي الْاٰخِرَةِ كَافُوْرًا اَوْ شَيْئًا مِّنْ كَافُوْرٍ فَاِذَا فَرَغْتُنَّ فَاٰذِنَّنِيْ فَلَمَّا فَرَغْنَا اٰذَنَّاهُ فَاَلْقٰى اِلَيْنَا حَقْوَهٗ فَقَالَ اَشْعِرْنَهَا اِيَّاهُ وَفِيْ رِوَايَةٍ اغْسِلْنَهَا وِتْرًا ثَلَاثًا اَوْ خَمْسًا اَوْ سَبْعًا وَّابْدَاْنَ بِمَيَامِنِهَا وَمَوَاضِعِ الْوُضُوْءِ مِنْهَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةِ عَبْدِ الرَّزَّاقِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا رَاَتْ اِمْرَاَةً يَكُدُّوْنَ رَاْسَهَا بِمُشْطٍ فَقَالَتْ عَلَامَ تَنْصُوْنَ مَيِّتَكُمْ وَرَوٰى اِمَامُنَا اَبُوْ حَنِيْفَةَ عَنْهَا اَنَّهَا رَاَتْ مَيِّتًا يُسَرَّحُ رَاْسُهٗ فَقَالَتْ عَلٰى مَا تَنْصُوْنَ مَيِّتَكُمْ۔

ام عطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی ایک صاحبزادی کا انتقال ہو گیا، ہم چند عورتیں ان کو غسل دے رہی تھیں۔ ایسے وقت میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے اور فرمایا کہ ان کو تین بار یا پانچ بار اور مناسب سمجھو تو زیادہ سے زیادہ (سات بار) بیری کے پتے ڈال کر پکایا ہوا نیم گرم پانی سے غسل دینا اور آخری مرتبہ کافور ملے ہوئے پانی سے نہلانا، جب تم غسل دینے سے فارغ ہو جاؤ تو غسل سے فارغ ہونے کی مجھے اطلاع دینا (حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے حکم کی تعمیل کر کے) غسل سے فارغ ہونے کی، ہم نے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو اطلاع کر دی تو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا تہبند ہماری طرف پھینک کر فرمایا کہ[1] میرے اس تہبند کو ازالہ کے طور پر استعمال کرو[2] اس حدیث کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔ اور عبدالرزاق کی روایت میں اس طرح ہے کہ ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ملاحظہ فرمائیں کہ چند عورتیں ایک عورت کو غسل دے رہی تھیں اور اس کے سر میں کنگھی کر رہی تھیں تو ام المومنین نے ان عورتوں سے ارشاد فرمایا کہ تم اس مردہ کو

[1] عورتوں کے کفن کے پانچ کپڑے ہوتے ہیں، جن میں سے ایک ازار بھی ہوتی ہے۔
[2] تاکہ میرا یہ تہبند ان کے جسم کو لگا ہوا رہے، اور اس کی برکت شامل حال رہے۔ بزرگوں کی عادت ہے کہ ایک داونی دیتے ہیں کہ اس کو رکھ چھوڑیں اور کفن میں اس کا استعمال کریں، حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے اسی فعل سے ماخوذ ہے، اس لیے مریدوں کو داؤنی دینا درست ہے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

جو کنگھی کر رہی ہو، اور ہمارے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے بھی ایسا ہی مروی ہے کہ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ملاحظہ فرمائیں کہ چند عورتیں ایک عورت کو غسل دے رہی تھیں، اور اس کے سر میں کنگھی کر رہی تھیں تو ام المومنین ان عورتوں سے ارشاد فرمائیں کہ تم اس عورت کو کیوں کنگھی کر رہی ہو تمہارے پاس اس کا کیا ثبوت ہے؟ جب تک ثابت نہ ہو تم کو کنگھی کرنا جائز نہیں تھا۔

ف: ان دونوں مذکورہ حدیثوں سے ثابت ہوا کہ میت کے بالوں میں کنگھی نہ کی جائے۔ اس لیے کہ بالوں میں کنگھی کرنا زینت کے لیے ہوا کرتا ہے اور میت کو زینت کی ضرورت نہیں یہ عمدۃ القاری میں مذکور ہے اور مذہب حنفی بھی یہی ہے ۱۲۔

۲۰۸۵ وَعَنْ اَبِیْ سَلَمَۃَ اَنَّہٗ قَالَ سَاَلْتُ عَائِشَۃَ زَوْجَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ لَھَا فِیْ کَمْ کُفِّنَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ فِیْ ثَلَاثَۃِ اَثْوَابٍ سُحُوْلِیَّۃٍ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)
۲

حضرت ابوسلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے دریافت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو کتنے کپڑوں میں کفنایا گیا تھا فرمایا تین کپڑوں میں اور یہ کپڑے سحولی تھے یعنی دھلے ہوئے تھے (اس سے ثابت ہوا کہ مرد کو تین کپڑوں میں کفنانا سنت ہے) اس حدیث کی روایت مسلم نے کی ہے ۱۲۔

۲۰۸۶ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ کُفِّنَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ فِیْ ثَلَاثَۃِ اَثْوَابٍ نَجْرَانِیَّۃٍ اَلْحُلَّۃُ ثَوْبَانِ وَقَمِیْصُہُ الَّذِیْ مَاتَ فِیْہِ رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ وَسَکَتَ عَنْہُ وَذٰلِکَ دَلِیْلُ رِضَاہُ بِصِحَّتِہٖ وَفِیْ سَنَدِہٖ یَزِیْدُ بْنُ اَبِیْ زِیَادٍ وَاِنَّ مُسْلِمًا قَدْ اَخْرَجَ لَہٗ فِی الْمُتَابِعَاتِ وَفِی الْکَاشِفِ رَوٰی لَہٗ مُسْلِمٌ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِیُّ
۳

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو تین کپڑوں میں کفنایا گیا تھا جو یمن کے مقام نجران کے تھے، منجملہ تین کپڑوں کے ایک حلہ تھا (حلہ سے مراد دو کپڑے ہیں، ایک چادر اور دوسرے ازار) اور تیسرا کپڑا قمیص تھا جس میں آپ نے انتقال فرمایا تھا، اس کی روایت ابوداؤد نے کی ہے اور اس پر سکوت اختیار کیا ہے اور ابوداؤد

لہ تمہارے پاس اس کا کیا ثبوت ہے اس بناء پر تم کنگھی کر رہی ہو؛ جب تک ثابت نہ ہو تم کو کنگھی کرنا جائز نہیں تھا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

قَالَہٗ فِیْ شَرْحِ الْھِدَایَۃِ

کا سکوت حدیث کے صحیح ہونے کی دلیل ہے۔

۲۰۸۷/۳ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ اَتٰی رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ اُبَیٍّ بَعْدَ مَا اُدْخِلَ حُفْرَتَہٗ فَاَمَرَ بِہٖ فَاُخْرِجَ فَوَضَعَہٗ عَلٰی رُکْبَتَیْہِ فَنَفَثَ فِیْہِ مِنْ رِیْقِہٖ وَاَلْبَسَہٗ قَمِیْصَہٗ قَالَ وَکَانَ کَسَا عَبَّاسًا قَمِیْصًا۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ عبد اللہ بن اُبی (جو منافقوں کا سردار تھا)، جب اس کی نعش قبر میں رکھ دی گئی (تو عبد اللہ بن اُبی کے فرزند جو سچے مسلمان تھے، نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا! حضور میرے والد عبد اللہ بن اُبی دفن کئے جا رہے ہیں، حضور تشریف لے چلیں تاکہ آپ کی برکت سے اس کی مغفرت ہو جائے۔ عبد اللہ بن ابی کے فرزند کے کہنے سے) حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عبد اللہ بن اُبی کی قبر پر تشریف لے گئے، عبد اللہ بن ابی کو قبر کے گڑھے میں ڈال دیا گیا تھا، حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے حکم سے پھر باہر نکالا گیا (تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اپنے گھٹنوں کا ٹیکہ دے کر اس کو بٹھائے اور اپنا مبارک تھوک اس کے منہ میں ڈالے تاکہ منکر و نکیر کے سوال کے وقت آسانی ہو) پھر عبد اللہ بن اُبی کو اپنی قمیص پہنائی[۱]، عبد اللہ بن اُبی نے اپنا کرتہ حضرت عباس کو پہنایا تھا[۲] اس حدیث کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

---

[۱] تاکہ قمیص کی برکت سے وہ عذاب قبر سے محفوظ رہے، قمیص دینے میں ایک یہ بھی حکمت تھی کہ جب حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ غزوہ بدر کے بعد سب کافروں کے ساتھ قید ہو کر مدینہ منورہ میں لائے گئے تو حضرت عباس کے جسم پر کرتہ نہیں تھا، حضرت عباس طویل القامت تھے کسی کا کرتہ حضرت عباس کو نہیں آیا، عبد اللہ بن اُبی بھی طویل القامت تھے اس کا کرتہ حضرت عباس کو آیا اس لیے۔

[۲] عبد اللہ بن اُبی کا یہ احسان حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو یاد تھا۔ اس کا احسان اتارنے کے لیے اپنا کرتہ عبد اللہ بن اُبی کو پہنایا۔ اس سے یہ بھی مقصود تھا کہ حضرت عبد اللہ بن اُبی کے فرزند جو سچے مسلمان تھے، خوش ہو جائیں یہ تھے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے اخلاق حسنہ کہ سخت سے سخت دشمن کے ساتھ بھی آپ کا یہ کریمانہ اخلاق اور کریمانہ برتاؤ تھا۔ اسی لیے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہوا ہے اِنَّکَ لَعَلٰی خُلُقٍ عَظِیْمٍ، بے شک اے رسول آپ بڑے حسن و اخلاق والے ہیں۔ اس کریمانہ اخلاق کا یہ اثر ہوا کہ ایک ہزار کافر اس کریمانہ برتاؤ کو دیکھ کر مسلمان ہو گئے۔

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

۲۰۸۸ ٥ وَعَنْ سِمَاكٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ كُفِّنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فِيْ ثَلَاثَةِ اَثْوَابٍ قَمِيْصٍ وَاِزَارٍ وَلِفَافَةٍ. (رَوَاهُ ابْنُ عَدِيٍّ فِي الْكَامِلِ)

حضرت سماک رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت کرتے ہیں حضرت جابر فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم کو تین کپڑوں میں کفنایا گیا تھا اور وہ تین کپڑے یہ تھے ایک قمیص دوسرے ازار اور تیسرے لفافہ۔ اس کی روایت ابن عدی نے کامل میں کی ہے۔

۲۰۸۹ ٦ وَعَنْ اِبْرَاهِيْمَ النَّخَعِيِّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ كُفِّنَ فِيْ حُلَّةٍ يَمَانِيَةٍ وَقَمِيْصٍ رَوَاهُ مُحَمَّدٌ فِيْ كِتَابِ الْاٰثَارِ مُرْسَلًا وَرَوَى عَبْدُ الرَّزَّاقِ فِيْ مُصَنَّفِهٖ نَحْوَهٗ.

حضرت ابراہیم نخعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم کو تین کپڑوں میں کفنایا گیا تھا منجملہ ان تین کپڑوں کے ایک حلہ تھا جو یمن کا تھا (حلہ سے مراد دو کپڑے ہیں ایک چادر یعنی لفافہ اور دوسرے ازار) اور تیسرا کپڑا قمیص تھا اس کی روایت امام محمد نے کتاب الآثار میں مرسلاً کی ہے اور عبد الرزاق نے بھی اس کی روایت اسی طرح اپنی مصنف میں کی ہے۔

ف: ان مذکورہ احادیث سے ثابت ہوا کہ مرد کو تین کپڑوں میں کفنانا سنت ہے جن کا ایک کپڑا قمیص ہونا چاہیئے اور مذہب حنفی بھی یہی ہے ۱۲

۲۰۹۰ ٧ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِذَا كَفَّنَ اَحَدُكُمْ اَخَاهُ فَلْيُحَسِّنْ كَفَنَهٗ. (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم فرماتے ہیں کہ جب تم اپنے مسلمان بھائی کو کفن دو[1] پاک وصاف سفید[2] اور خوشنما ہو، اور سنت طریقہ کے موافق پورا پورا ہو، اس حدیث کی روایت مسلم نے کی ہے۔

۲۰۹۱ ٨ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ

---

[1] وہ کفن نہ تو بالکل گھٹیا ہو، اور نہ ریشم اور زر کا ہو بلکہ سوت کا

[2] جیسے آج کل سفید دیا جا رہا ہے جو کفن کے لیے اچھا اور بہتر کپڑا ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

لَا تَغَالَوْا فِي الْكَفَنِ فَإِنَّهُ يَسْلُبُ سَلْبًا سَرِيعًا.
(رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ).

۲۰۹۲ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْبَسُوْا مِنْ ثِيَابِكُمُ الْبَيَاضَ فَإِنَّهَا مِنْ خَيْرِ ثِيَابِكُمْ وَكَفِّنُوْا فِيْهَا مَوْتَاكُمْ وَمِنْ خَيْرِ أَكْحَالِكُمُ الْإِثْمِدَ فَإِنَّهُ يُنْبِتُ الشَّعْرَ وَيَجْلُوا الْبَصَرَ.
(رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَرَوَى ابْنُ مَاجَةَ إِلَى مَوْتَاكُمْ)

۲۰۹۳ وَعَنْ أَبِيْ سَعِيْدِنِ الْخُدْرِيِّ أَنَّهُ لَمَّا حَضَرَهُ الْمَوْتُ دَعَا بِثِيَابٍ جُدُدٍ فَلَبِسَهَا ثُمَّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ الْمَيِّتُ يُبْعَثُ

وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ مردہ کے لیے قیمتی کفن نہ دیا کرو، کیونکہ کفن جلدی خراب ہو جاتا ہے[۱]، اس حدیث کی روایت ابوداؤد نے کی ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ مسلمان (مردوں) کو چاہیئے کہ وہ سفید لباس پہنا کریں کیونکہ سفید بہترین کپڑے ہیں[۲] اور مردوں کو کفن بھی سفید ہی دیا کرو اور اثمد جو سرمہ ہے بہترین سرمہ ہے[۳]، اس سے پلک کے بال جمتے ہیں اور بینائی بھی تیز ہوتی ہے، اس کی روایت ابوداؤد اور ترمذی نے کی ہے اور ابن ماجہ نے صرف مردوں کو کفن دیا کرو تک روایت کی ہے۔

حضرت ابوسلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے انتقال کا جب وقت آیا تو وہ نئے کپڑے (جو پاک وصاف ستھرے اور خوش نما تھے) منگا کر پہن لیے[۴]، حضرت ابوسعید خدری نے انتقال کے وقت

---

[۱] پھر قیمتی کپڑا لے کر مال کے اسراف کرنے سے کیا فائدہ اور کفن سے غرض تو مردہ کا ستر ڈھانکنا ہے اور یہ غرض متوسط درجہ کے کفن سے بھی پوری ہو جاتی ہے۔
[۲] اس لیے کہ سفید لباس میں ایک قسم کی وجاہت ہونے سے) یہ بہترین لباس ہے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے سفید لباس پسند کرنے سے سفید لباس پہننا مستحب ہے اور اس میں ثواب بھی ہے۔
[۳] رات کو سوتے وقت اس سرمہ کی تین تین سلائیاں ہر آنکھ میں لگایا کرو، اس طرح سرمہ لگانا سنت ہے
[۴] اس لیے کہ ظاہر کا اثر باطن پر پڑتا ہے، ظاہر انئے ستھرے کپڑے پہننے سے باطن کی بھی طہارت اور صفائی ہو جاتی ہے اسی لیے حضرت ابوسعید خدری آخر وقت میں ظاہر کی صفائی سے باطن کی صفائی کا ارادہ فرمائے، حضرت ابوسعید خدری نے جو کپڑے پہنے تھے یہ ان کا کفن نہیں تھا، انتقال کے بعد یہ کپڑے اتار کر کفن پہنایا گیا اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا جو ارشاد ہوا ہے کہ مردوں کے لیے پرانے کپڑے کافی ہیں اور نئے کپڑے زندوں کے لیے ہیں، یہ ارشاد کفن کے متعلق ہے، حضرت ابوسعید کا نئے کپڑے پہننا کفن نہیں تھا، اس لیے دونوں حدیثوں میں تعارض نہ رہا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

فِیْ ثِیَابِہِ الَّتِیْ یَمُوْتُ فِیْھَا رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ وَبَوَّبَ عَلَیْہِ مَا یَسْتَحِبُّ مِنْ تَطْھِیْرِ ثِیَابِ الْمَیِّتِ عِنْدَ الْمَوْتِ۔

نئے کپڑے پہن کر یہ کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کا ارشاد ہے کہ میدان حشر میں جب لوگ آئیں گے تو مرتے وقت جن کپڑوں میں تھے وہی کپڑے پہنے ہوئے آئیں گے[1]، اس حدیث کی روایت ابو داؤد نے کی ہے، اور ابو داؤد نے اس حدیث سے جو مسئلہ استنباط کیا ہے اس کو اس حدیث کے باب کے عنوان میں اس طرح لکھا ہے، مرتے وقت مرنے والے کے کپڑے پاک وصاف ہونا چاہئیں۔

۲۰۹۴ وَعَنْ عَائِشَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھَا قَالَتْ لَمَّا احْتُضِرَ اَبُوْبَکْرٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ تَمَثَّلْتُ بِھٰذَا الْبَیْتِ

اَعَاذِلُ مَا یُغْنِی الثَّرَاءُ عَنِ الْفَتٰی
اِذَا حَشْرَجَتْ یَوْمًا وَضَاقَ بِھَا الصَّدْرُ

فَقَالَ لَھَا یَا بُنَیَّۃُ لَیْسَ کَذٰلِکَ وَلٰکِنْ قُوْلِیْ وَجَاءَتْ سَکْرَۃُ الْمَوْتِ بِالْحَقِّ ذٰلِکَ مَا کُنْتَ مِنْہُ تَحِیْدُ ثُمَّ انْظُرُوْا ثَوْبَیَّ ھٰذَیْنِ فَاغْسِلُوْھَا ثُمَّ کَفِّنُوْنِیْ فِیْھَا فَاِنَّ الْحَیَّ اَحْوَجُ اِلَی الْجَدِیْدِ۔ رَوَاہُ اَحْمَدُ فِیْ کِتَابِ الزُّھْدِ وَرَوٰی عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَحْوَہٗ۔

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ جب حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کو سکرات شروع ہوئی (تو میں نے یہ شعر پڑھا) اے ملامت کرنے والے (یہ وقت نہ نصیحت کرنے کا ہے نہ ملامت کرنے کا) مال و دولت کچھ کام نہیں آتا جب سکرات شروع ہوتی ہے اور دم گھٹنے لگتا ہے[2] یہ شعر سن کر حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ارشاد فرمایا بیٹی عائشہؓ! میرے مناسب تو یہ آیت ہے[3]۔ اس آیت کو پڑھو (سورہ ق پ ۲۶ ع ۲)

(انسان کی فطرت کا تقاضا یہ ہے کہ وہ) سکرات سے بچے رہنا چاہتا ہے (یہ خیال کچھ کام نہیں آتا)

---

[1] اسی لیے میں نئے اور صاف ستھرے کپڑے پہن رہا ہوں، اب رہی دوسری حدیث جس میں مردوں کا قبروں سے برہنہ اٹھنے کا ذکر ہے، تو یہ قبروں سے اٹھنے کے وقت کا واقعہ ہے لیکن جب میدان حشر میں آئیں گے تو انہی کپڑوں میں ہوں گے جن کو مرتے وقت پہنے تھے، اسی طرح ان دونوں حدیثوں میں تعارض نہ رہا۔

[2] اس وقت کی حالت کے لحاظ سے عام لوگوں کے احوال کے اعتبار سے آپ کے سامنے

[3] یہ شعر میرے حال کے مناسب نہیں ہے میرے پاس مال و دولت ہی نہیں، پھر یہ کہنا کہ سکرات کے وقت مال و دولت کام نہیں آتا ہے، بے موقع ہے۔

MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

آخر سکرات کا وقت آپہونچا،
پھر آپ نے یہ فرمایا کہ[1] نئے کپڑے تو زندوں کے واسطے ہیں[2]، میرے انہی دو کپڑوں کو ذرا دھو لو انہی دو کپڑوں کا مجھے کفن دے دو یہ کفن کفایہ ہے کہ کفن کے لیے دو کپڑے بھی کافی ہو سکتے ہیں اس حدیث کی روایت امام احمد نے کتاب الزھد میں کی ہے، اور عبدالرزاق نے بھی اسی طرح روایت کی ہے۔

تمہید

مُحرِم اگر احرام کی حالت میں مر جائے تو وہ آخرت کے لحاظ سے مُحرِم ہی رہے گا، اسی لیے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے کہ احرام کی حالت میں مرنے والے مُحرِم قیامت کے دن لبیک کہتے ہوئے اپنی قبروں سے اٹھیں گے، مگر ایسے کا احرام دنیوی احکام کے لحاظ سے ختم ہو جاتا ہے، وہ مثل دوسرے مردوں کے بن جاتا ہے یہی مذہب حنفی ہے۔ مُحرِم کا احرام کی حالت میں مرنے سے دنیوی لحاظ سے اس کا جو احرام ختم ہو جاتا ہے، اس پر کئی دلائل ہیں، پہلی دلیل وہ حدیث ہے جس کو بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے کہ

٢-٩٥ وَفِي رِوَايَةِ الْبُخَارِيِّ وَمُسْلِمٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ إِنَّ رَجُلًا كَانَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَوَقَصَتْهُ نَاقَتُهُ وَهُوَ مُحْرِمٌ فَمَاتَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِغْسِلُوْهُ بِمَاءٍ وَّسِدْرٍ وَكَفِّنُوْهُ فِيْ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ حالت احرام میں تھا، اونٹنی نے اس کو گرا دیا جس سے اس کی گردن ٹوٹ گئی اور اس کا انتقال ہو گیا، اس کے لیے کہ حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ بیری کے پتے میں گرم کیے ہوئے پانی سے اس کو نہلاؤ، اور اسی کے دو کپڑوں میں اس کو کفن

[1] ہمیشہ میری زاہدانہ زندگی رہی ہے، اب بھی میں زاہدانہ حالت کے ساتھ قبر میں جانا چاہتا ہوں
[2] مردہ کو اپنا ستر چھپا کر قبر میں جانا ہے، گو مرد کے کفن کے لیے تین کپڑوں کی ضرورت ہے، مگر میری زاہدانہ حالت کے لحاظ سے یہ مناسب ہے کہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

نَوْبَيْهِ وَفِي رِوَايَةٍ لِلدَّارِقُطْنِيّ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمُحْرِمِ يَمُوْتُ خَمِّرُوْهُ وَلَا تُشَبِّهُوْهُ بِالْيَهُوْدِ وَفِي رِوَايَةٍ لِلْمَالِكِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اِصْنَعُوْا بِهٖ مَا تَصْنَعُوْنَ بِمَوْتَاكُمْ وَفِي رِوَايَةٍ لَهٗ اِنَّ ابْنَ عُمَرَ لَمَّا مَاتَ ابْنُهٗ وَاقِدٌ وَهُوَ مُحْرِمٌ كَفَّنَهٗ وَخَمَّرَ رَأْسَهٗ وَوَجْهَهٗ وَقَالَ لَوْلَا اِنَّا مُحْرِمُوْنَ لَحَنَّطْنَاكَ يَا وَاقِدُ وَفِي رِوَايَةِ ابْنِ مَاجَةَ اِذَا مَاتَ

دو۲، دار قطنی کی وہ حدیث ہے جس کو ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ مُحرم اگر حالت احرام میں مرجائے تو اس کو (مثل دوسرے مردوں کے) اس محرم کے سر اور چہرہ کو ڈھانکو اور اس کو یہود کے مُردوں کے مشابہ مت بناؤ۳، امام مالک کی وہ حدیث ہے جو ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے آپ فرماتی ہیں کہ مُحرم اگر احرام کی حالت میں مرجائے تو (اس کو محرم مت سمجھو۔ اس کا احرام ختم ہوگیا ہے) دوسرے مُردے جو محرم نہیں ہیں، ان کو کفناتے وقت جیسے ان کا سر ڈھانکتے ہیں اور خوشبو لگاتے ہیں ایسا ہی محرم مردہ کا بھی سر ڈھانکو اور اس کو خوشبو لگاؤ۴ ابن ماجہ نے روایت کیا ہے کہ انسان جب مرجاتا ہے تو تین چیزوں کے

لہ یہ اس کے لیے کفن کفایہ ہے، اس حدیث میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کا ارشاد ہوا ہے بیری کے پتے میں گرم کئے ہوئے پانی سے اس کو نہلاؤ، محرم ایسی چیز کا استعمال نہیں کرسکتا کہ جس سے میل کچیل دور ہو، بیری کے پتے میں گرم کئے ہوئے پانی سے میل دور ہوجاتا ہے، اگر احرام کی حالت میں مرنے والے کا احرام باقی رہتا تو حضور اس کو بیری کے پتے میں گرم کئے ہوئے پانی سے نہلانے کا حکم نہیں دیتے، جب آپ نے حکم دیا ہے تو معلوم ہوا کہ اس کا احرام باقی نہ رہا، مُحرم کے حالات احرام میں مرجانے سے اس کے احرام کے ختم ہوجانے پر دوسری دلیل)

۲ؔ اس لیے کہ یہود اپنے مردوں کے چہرہ اور منھ کو کھلا رکھتے ہیں۔ اس حدیث میں حالت احرام میں مرنے والے محرم کے سر اور چہرہ کو ڈھانکنے کا جو حکم ہوا ہے اس سے معلوم ہوا ہے کہ اس کا احرام ختم ہوگیا اگر احرام باقی رہتا تو اس کے سر اور چہرہ کو ڈھانکنے کا حکم نہ دیا جاتا۔ اس لیے کہ محرم کا سر اور چہرہ نہیں ڈھانکا جاتا ہے۔

۳ؔ مُحرم کے حالتِ احرام میں مرجانے سے اس کا احرام ختم ہوجانے پر تیسری دلیل۔

۴ؔ مُحرم کے حالت احرام میں مرجانے سے اس کے احرام کے ختم ہونے پر چوتھی دلیل امام مالک ہی کی وہ حدیث ہے جو حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ ان کے فرزند واقد کا جب حالت احرام میں انتقال ہوا تو حضرت ابن عمر اپنے فرزند واقد کو کفناتے وقت ان کے چہرہ اور سر کو ڈھانکا یا اور فرمایا کہ اگر ہم حالتِ احرام میں نہ ہوتے تو اے واقد تم کو خوشبو بھی لگاتے (اس لیے کہ تمہارا احرام ختم ہوگیا ہے اور تم اب محرم نہیں رہے)

۵ؔ مُحرم کے حالت احرام میں مرجانے سے ان کا احرام ختم ہونے پر پانچویں دلیل وہ حدیث ہے جس کو)

MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

ابنُ آدمَ انقطعَ عملُہٗ، اِلّا مِن ثلٰثٍ صدقۃٌ جاریۃٌ اَوْ علمٌ یُنتفعُ بہٖ اَوْ ولدٌ صالحٌ یدعو لہٗ۔

سوا اس کے تمام اعمال ختم ہوجاتے ہیں[۲] وہ تین اعمال جو مرنے سے ختم نہیں ہوتے بلکہ باقی رہ جاتے ہیں، وہ یہ ہیں ایک صدقہ جاریہ جس سے لوگ نفع اٹھاتے رہتے ہیں، اس کا ثواب بھی ملتا رہتا ہے، دوسرا علم دین جو پڑھایا سکھایا جاتا ہے اس ثواب بھی ملتا رہتا ہے، تیسرے نیک اولاد جو اس کے لیے دعاء خیر کرتے رہتے ہیں (اور اس کو ثواب ملتا رہتا ہے یہ ثواب بھی منقطع نہیں ہوتا ہے بلکہ باقی رہتا ہے)

۲۰۹۶ وعن عبادۃ بن الصامت عن [۱۳] رسولِ اللّٰہ صلّی اللّٰہ علیہ وآلہٖ وسلّم قال خیرُ الکفنِ الحُلّۃُ وخیرُ الاُضحیۃِ الکبشُ۔

(رواہ ابوداؤد ورواہ الترمذی وابنُ ماجۃ عن ابی امامۃ)

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں (کہ ضرورت اور مجبوری کی وجہ سے مرد کو ایک کپڑے میں بھی کفنایا جا سکتا ہے مگر ایک کپڑے سے) بہتر کفن حلہ ہے[۳] رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم یہ بھی ارشاد فرماتے ہیں کہ (یوں تو قربانی ہر اس بکرے کی ہو سکتی ہے جو قربانی کی شرط کے موافق ہو مگر) قربانی کے لیے بہتر سینگ دار موٹا مینڈھا ہے (اس لیے کہ گوشت اس میں زیادہ ہوتا ہے) اس کی روایت ابو داؤد نے کی ہے، اور ترمذی اور ابن ماجہ نے ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے۔

۲۰۹۷ وعن خبّابِ بنِ الارتِّ قال [۱۴] ہاجرنا مع رسولِ اللّٰہ صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم نبتغی وجہَ اللّٰہِ تعالیٰ

خباب بن ارت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ہم محض اللہ تعالیٰ کی رضامندی حاصل کرنے کے لیے (وطن چھوڑ کر) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ

لہ مثلاً اگر وہ محرم ہے تو اس کا احرام مرنے سے ختم ہوجاتا ہے اس لیے اور مُردوں کی طرح کفناتے وقت اس کے سر اور چہرہ کو ڈھانکنا چاہیے اور اس کو خوشبو بھی لگانی چاہیے۔

۲ہ جیسے رفاہ عام کے لیے مسجد، مدرسہ مسافرخانہ اور پل وغیرہ بنایا، اس صدقہ جاریہ کا ثواب منقطع نہیں ہوتا، اس کو ملتا رہتا ہے دوسرے علم دین، دلوگوں کو سکھایا، یا تصنیف وتالیف کیا)

۳ہ اور حلہ دو کپڑوں کو کہتے ہیں، ایک چادر اور دوسرے تہبند یہ بھی کفن کفایہ ہوگا، پوری سنت کی ادائیگی کے لیے تین کپڑے کفن میں ہونا چاہیے۔)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

فَوَقَعَ اَجْرُنَا عَلَى اللهِ فَمِنَّا مَنْ مَضٰى لَمْ يَأْكُلْ مِنْ اَجْرِهٖ شَيْئًا مِنْهُمْ مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ قُتِلَ يَوْمَ اُحُدٍ فَلَمْ يُوْجَدْ لَهٗ مَا يُكَفَّنُ فِيْهِ اِلَّا نَمِرَةٌ فَكُنَّا اِذَا غَطَّيْنَا رَاْسَهٗ خَرَجَتْ رِجْلَاهُ وَاِذَا غَطَّيْنَا رِجْلَيْهِ خَرَجَ رَاْسُهٗ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَطُّوْا بِهَا رَاْسَهٗ وَاجْعَلُوْا عَلٰى رِجْلَيْهِ مِنَ الْاِذْخِرِ وَمِنَّا مَنْ اَيْنَعَتْ لَهٗ ثَمَرَتُهٗ فَهُوَ يَهْدِبُهَا۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ہجرت کر کے مکہ معظمہ سے مدینہ منورہ آئے تو ہماری ہجرت رائگاں نہیں گئی، اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل وکرم سے ہم کو (دنیا اور آخرت میں) ہجرت کا اجر دینا اپنے ذمہ لے لیا ہے ہم میں سے بعض حضرات تو ایسے ہوئے کہ جن کے لیے آخرت کا اجر تو بنا رہے مگر وہ دنیا کا کوئی اجر نہیں لے سکے، ان میں سے معصب بن عمیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں (کہ ان کو دنیا کا کچھ اجر نہ ملا دنیا کا کچھ اجر نہ ملنے کا آپ اس واقعہ سے اندازہ کر سکتے ہیں کہ) جب حضرت معصب بن عمیر غزوۂ اُحد میں شہید ہوئے تو ان کو پورا کفن تک نہ ملا۔ کفن کے لیے صرف ایک چادر تھی کیا کہوں وہ بھی کیسی تھی، اتنی چھوٹی تھی کہ جب ہم ان کا سر ڈھانکتے تو پاؤں باہر نکل جاتے تھے اور جب پیروں کو ڈھانکتے تو سر کھل جاتا (ہم حیران تھے کہ کیا کریں) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ[1] حضرت خباب یہ بھی فرماتے ہیں بعض صحابہ ایسے بھی ہوئے ہیں کہ اُن کے لیے آخرت کا اجر کیا کہیں کہ کیسا ہے[2]! اس سے ثواب حاصل کر رہے ہیں، اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

ف شرح منیہ میں کہا ہے کہ مذہب حنفی میں ایک ہی کفن میں دو آدمیوں کو کفنانا جائز نہیں ہے اگر کفن

[1] (سر کی عظمت پیش نظر رکھ کر) سر ڈھانک دو، اب رہے پاؤں تو پیروں کو اذخر (جو خوشبودار گھاس ہے) اس سے چھپا دو (اس واقعہ سے معلوم ہوا کہ مردہ کے تمام جسم کو چھپانا واجب ہے، اگر تمام جسم چھپانا واجب نہ ہوتا تو پیروں کو گھاس سے چھپانے کی کیا ضرورت تھی، بغیر گھاس سے چھپائے دفن کر سکتے تھے۔ گھاس سے چھپانے کا حکم دینے سے معلوم ہوا کہ مردہ کا تمام جسم چھپانا واجب ہے، اور یہی مذہب حنفی ہے اور اس واقعہ سے یہ بھی معلوم ہوا کہ کفن ضرورت کے لیے ایک کپڑے میں کفنانا جائز ہے۔ اور یہ کفن ضرورت ہے۔

[2] نہ آنکھ دیکھے نہ کان سنے ایسی ایسی نعمتیں ان کے لیے تیار ہیں۔ آخرت کی ان نعمتوں کے ساتھ دنیا کی نعمتوں سے بھی اللہ تعالیٰ نے انھیں سرفراز کیا ہے وہ ان نعمتوں سے نفع اٹھا رہے ہیں، اور ان نعمتوں پر اللہ کا شکر ادا کر کے)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

ایک ہو، اور میت ایک سے زائد ہوں تو ایک ہی کفن کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے جائیں، اور جتنا حصہ کفن کا جس میت کے حصہ میں آئے اسی میں اس کو کفنایا جائے، اور باقی بدن کا جو حصہ کھلا رہے اس کو گھاس وغیرہ سے چھپایا جائے۔

شرح منیہ میں یہ بھی لکھا ہے کہ مذہب حنفی میں ایک قبر میں ایک سے زائد میت کو دفنانا جائز نہیں ہے، اگر ایسی ہی مجبوری ہو، اور ایک ہی قبر میں دو یا دو سے زائد مردوں کو دفنانے کی ضرورت پڑے تو قبر میں دونوں کے درمیان مٹی سے کٹاؤ بنا کر دفن کیا جائے، تاکہ دونوں کے جسم ایک دوسرے سے مل نہ سکیں۔ ۱۲)

۲۰۹۸ وَعَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ اَبِيْهِ [15] اَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ اُتِىَ بِطَعَامٍ وَّكَانَ صَائِمًا فَقَالَ قُتِلَ مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ وَّهُوَ خَيْرٌ مِّنِّىْ كُفِّنَ فِىْ بُرْدَةٍ اِنْ غُطِّىَ رَاْسُهٗ بَدَتْ رِجْلَاهُ وَاِنْ غُطِّىَ رِجْلَاهُ بَدَا رَاْسُهٗ وَاُرَاهُ قَالَ وَقُتِلَ حَمْزَةُ وَهُوَ خَيْرٌ مِّنِّىْ ثُمَّ بُسِطَ لَنَا مِنَ الدُّنْيَا مَا بُسِطَ اَوْ قَالَ اُعْطِيْنَا مِنَ الدُّنْيَا مَا اُعْطِيْنَا وَلَقَدْ خَشِيْنَا اَنْ تَكُوْنَ حَسَنَاتُنَا عُجِّلَتْ لَنَا ثُمَّ جَعَلَ يَبْكِىْ حَتّٰى تَرَكَ الطَّعَامَ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِىُّ)

حضرت سعد بن ابراہیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے والد ابراہیم سے روایت کرتے ہیں کہ عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ روزہ سے تھے، افطار کے وقت آپ کے لیے کھانا لایا گیا (تکلیف کا کھانا دیکھ کر فرمایا ہماری قوم کی تو یہ حالت ہے کہ دنیا کی نعمتیں ہم کو مل رہی ہیں اور ایک مصعب بن عمیر بھی تھے کہ جن کے سامنے نعمتوں کا کھانا آنا تو کیا جب وہ شہید ہوئے تو ان کو کفن تک پورا نہ ملا (پھر کسر نفسی سے فرماتے) حالانکہ وہ مجھ سے بہتر تھے۔ (ان کے کفن کی کیا حالت بیان کروں) اتنا چھوٹا کفن تھا کہ جب اس سے سر چھپاتے تو پاؤں باہر ہو جاتے اور اگر پاؤں ڈھانکتے تو سر کھل جاتا، راوی حدیث ابراہیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ مجھے خیال پڑتا ہے کہ حضرت عبدالرحمن بن عوف نے یہ بھی فرمایا کہ ایسا ہی حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا حال تھا کہ جب وہ شہید ہوئے[1]، حالانکہ وہ (رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے چچا ہونے کے لحاظ سے) مجھ سے بہتر تھے (اب ہماری حالت سنئے) خوب دنیا ملی (جس کی وجہ طرح طرح کے کھانے کھا رہے ہیں) خدا نخواستہ کہیں

لہ تو ان کو بھی پورا کفن نہ ملا۔ ان کے کفن کی بھی وہی حالت تھی کہ سر چھپانے تو پیر کفن سے نکل جانے اور پیر چھپاتے تو سر کھل جاتا تھا تو سر کو چھپا کر پیروں پر گھاس ڈال دی گئی)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMI ISLAMIA ACADEMY

ہماری نیکیوں کا بدل تو نہیں ہے۔ خدا ایسا نہ کرے[1] حضرت عبدالرحمٰن یہ کہہ کر اس درد سے رونے لگے (باوجود اس کے کہ روزہ دار تھے، بھوک تھی) رونے کی وجہ سے کھانا نہ کھا سکے۔ اس کی روایت بخاری نے کی ہے۔

٢٠٩٩ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ
[16] أَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَتْلَى أُحُدٍ أَنْ يُنْزَعَ عَنْهُمُ الْحَدِيدُ وَالْجُلُودُ وَأَنْ يُدْفَنُوا بِدِمَائِهِمْ وَثِيَابِهِمْ۔

(رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

وَفِي رِوَايَةٍ لِلْبُخَارِيِّ وَلَمْ يُغَسِّلْهُمْ

ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ غزوہ اُحد میں جو صحابہ کرام شہید ہوئے تھے، اُن کے لیے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کا ارشاد ہوا کہ ان سے ہتھیار علیحدہ کئے جائیں اور جو سامان چمڑے کا ان کے جسم پر ہے (جیسے پوستین اور موزے وغیرہ) یہ بھی ان سے علیحدہ کیا جائے ان کے خون آلود کپڑوں ہی میں ان کو دفن کیا جائے اس کی روایت ابو داؤد اور ابن ماجہ نے کی ہے اور حاکم، امام احمد، دار قطنی، طبرانی، بیہقی، ابو داؤد اور ابن ماجہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے اُحد میں جو صحابہ شہید ہوئے تھے ان پر نماز جنازہ ادا فرمائی[2]۔

---

[1] (ایسا ہو کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے دنیا کی یہ نعمتیں ہم کو دے رہا ہو، اور آخرت میں سب صحابہ کے ساتھ آخرت کی نعمتیں سرفراز کرے)

[2] (اس سے ثابت ہوا کہ میدان جنگ میں کافروں کے ہاتھ سے جو مسلمان شہید ہوتے ہیں، ان پر نماز جنازہ تو پڑھی جائے مگر غسل نہ دیا جائے اور ان سے ان کے ہتھیار اور چمڑے کا سامان علیحدہ کر کے ان ہی کے خون آلودہ کپڑوں میں ان کو دفن کیا جائے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

بَابُ الْمَشْیِ بِالْجَنَازَۃِ وَالصَّلٰوۃُ عَلَیْھَا

اس باب میں جنازہ کے ساتھ کیسے چلنا اور جنازہ پر نماز کس طرح ادا کرنا چاہیئے اسس کا بیان ہے۔

میت اگر بچہ ہو تو اس کو ہاتھوں پر لے جائیں، یعنی بچہ کی میت کو ایک شخص اپنے دونوں ہاتھوں پر اٹھائے، کچھ چلنے کے بعد پھر دوسرا آدمی اس کو اپنے ہاتھوں پر لے لے۔ اسی طرح ایک دوسرے سے اپنے ہاتھوں پر بدلتے ہوئے لے جائیں اور اگر میت بڑی ہو، اور ہاتھوں پر لے جانے کے قابل نہ ہو تو اس کو چارپائی میں رکھ کر لے جائیں، اور چارپائی کے چاروں کونوں کو چار آدمی اپنے اپنے کندوں پر اٹھا کر لے چلیں، اور چارپائی کو مزدور کی طرح پیٹھ کے بالائی حصہ پر جو گردن کے نیچے ہے مثل مال واسباب کے اٹھا کر لے جانا مکروہ ہے، اسی طرح جنازہ کو بغیر عذر کے کسی گاڑی یا جانور وغیرہ پر رکھ کر لے جانا بھی مکروہ ہے اور اگر عذر ہو، جیسے قبرستان بہت دور ہے تو ایسی صورت میں جنازہ کو کسی سواری پر رکھ کر لے جانا بلا کراہت جائز ہے۔

جنازہ کے ساتھ چلنے کا مستحب طریقہ یہ ہے کہ جنازہ کے ساتھ خالی نہ چلیں بلکہ اسس کو اس طرح کندھا دیتے چلیں کہ پہلے چارپائی کے سامنے کے سیدھے جانب کے پائے کو اپنے سیدھے کندھے پر رکھ کر کم سے کم دس قدم چلیں، اس کے بعد پچھلے حصہ کے سیدھے جانب کے پائے کو اپنے سیدھے کندھے پر رکھ کر کم سے کم دس قدم چلیں، پھر چارپائی کے سامنے کے بائیں جانب کے پائے کو اپنے بائیں کندھے پر رکھ کر کم سے کم دس قدم چلیں اور پھر چارپائی کے پچھلے حصہ کے بائیں جانب کے پائے کو بائیں کندھے پر رکھ کر کم سے کم دس قدم چلیں اسی طرح جنازہ کے ساتھ کم سے کم چالیس قدم چلنا مستحب ہے، جنازہ کو تیز قدم لے جانا مسنون ہے مگر اس قدر تیز بھی نہ چلیں کہ نعش کو حرکت اور اضطراب ہونے لگے۔ جنازہ کے ساتھ چلنے والوں کو چاہیئے کہ جنازہ کندھوں سے اتارنے سے پہلے نہ بیٹھیں، اگر کوئی ضرورت پیش آجائے تو بیٹھنے میں کچھ مضائقہ نہیں، جو لوگ جنازہ کے ساتھ نہ ہوں۔ بلکہ کہیں بیٹھے ہوئے ہوں تو ان کو جنازہ دیکھ کر کھڑا نہ ہونا چاہیئے جو لوگ جنازہ کے ساتھ ہوں، ان کے لیے مستحب ہے کہ وہ جنازے کے پیچھے چلیں، اگرچہ جنازہ کے آگے چلنا بھی جائز ہے، مگر سب کے سب جنازہ کے آگے ہو جائیں تو مکروہ ہے، اسی طرح جنازے کے آگے کسی سواری پر چلنا بھی مکروہ ہے اور جنازہ کے ساتھ پیدل چلنا مستحب ہے اور کسی سواری پر ہوں تو جنازہ کے پیچھے چلیں، یہ مسائل عالمگیری، بحر رائق در مختار اور رد المحتار سے ماخوذ ہیں اور بحر الرائق در مختار اور رد المحتار میں یہ بھی لکھا ہے کہ جنازہ کے ساتھ جو لوگ چل رہے ہوں، ان کو بہت خاموش چلنا چاہیئے۔ ان کو ذکر، دعاء اور قرآن اور

MARKAZ-UL-ULOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

اشعار نہ تو آواز سے پڑھنا چاہیئے۔ اور نہ آہستہ اور اگر چاہے تو ذکر اور دعاء دل میں کرتے ہوئے چلیں اور یہی مذہب حنفی ہے۔

ارحم الراحمین سے میت کے لیے دعاء مغفرت کرنے کے لیے نماز جنازہ مقرر کی گئی ہے اور نمازیں وقت آنے سے جیسے واجب ہو جاتی ہیں ایسا ہی جنازہ کی نماز مرنے والے کے مرنے کی خبر سننے سے واجب ہو جاتی ہے اور جس کو مرنے والے کی موت کی خبر نہ ہو، اس پر نماز جنازہ واجب نہیں ہوتی واجب تو ہر اس شخص پر ہو جاتی ہے جس کو موت کی خبر ہوئی ہو۔ مگر بعض کے ادا کرنے سے بقیہ مسلمانوں کے ذمہ سے نماز جنازہ ساقط ہو جاتی ہے، اور اگر کوئی بھی نماز جنازہ ادا نہ کرے تو سب مسلمان گنہگار ہوں گے۔

نماز جنازہ کے صحیح ہونے کے لیے دو قسم کی شرطیں ہیں۔ ایک تو وہ شرطیں ہیں جو نماز پڑھنے والوں سے تعلق رکھتی ہیں اور دوسری شرطیں وہ ہیں جن کا میت سے تعلق ہے۔ میت کی نماز پڑھنے والوں سے متعلق جو شرطیں ہیں وہ وہی ہیں جو اور نمازوں کے لیے ہیں یعنی طہارت، ستر عورت، استقبال قبلہ اور نیت، مگر اور نمازوں کے لیے وقت مقررہ بھی شرط ہے کہ جس نماز کا جو وقت مقرر ہے اس کو اسی وقت پڑھنا چاہیئے، لیکن نماز جنازہ کے لیے ایسا کوئی وقت مقرر نہیں ہے طلوع، غروب اور استواء کے سوا جیسا جنازہ آجائے اسی وقت نماز جنازہ پڑھ لینا چاہیئے، دوسری نمازوں اور نماز جنازہ میں ایک اور فرق یہ بھی ہے کہ دوسری نمازوں کے فوت ہونے کے خوف سے تیمم کر کے نماز پڑھنا جائز نہیں بلکہ وضوء کر کے ان نمازوں کی قضاء پڑھنا چاہیئے، بخلاف نماز جنازہ کے کہ اس کے فوت ہونے کا خوف ہو تو باوجود تیمم کے شرائط نہ پائے جانے کے تیمم کر کے نماز جنازہ میں شریک ہو سکتے ہیں اگر نماز جنازہ جنگل میں ہو رہی ہو اور نماز پڑھنے والے جوتے پہنے ہوئے نماز پڑھ رہے ہوں تو یہ ضروری ہے کہ وہ جگہ جس پر وہ کھڑے ہوں، اور جوتے دونوں پاک ہوں اور اگر پاؤں جوتوں سے نکال کر جوتوں پر کھڑے رہ کر نماز پڑھ رہے ہوں تو ایسی صورت میں صرف جوتوں کا پاک ہونا ضروری ہے، اور جو لوگ اس کا خیال نہیں رکھتے ان کی نماز نہیں ہوتی۔

اب دوسری قسم سنیئے، نماز جنازہ اسی وقت صحیح ہو سکتی ہے جب کہ میت میں یہ شرطیں پائی جائیں۔ ایک شرط تو یہ ہے کہ میت مسلمان ہو، کافر اور مرتد پر نماز جنازہ صحیح نہیں ہے۔ مسلمان اگرچہ کہ فاسق ہو، اس پر نماز جنازہ پڑھنا صحیح ہے۔ ایسا ہی جس مسلمان نے خودکشی کرلی ہو، اس پر بھی نماز جنازہ پڑھنا صحیح ہے اس لیے کہ نماز جنازہ کے لیے میت کا مسلمان ہونا کافی ہے اس کے افعال پر نظر کرنا صحیح نہیں ہے۔ ایک بچہ جس کے ماں باپ کافر تھے پھر اس کے ماں اور باپ دونوں مسلمان ہو گئے یا ان میں سے ایک مسلمان ہو گیا تو بچہ کو بھی مسلمان سمجھا جائے گا، اور اگر وہ مر جائے تو اس پر نماز جنازہ پڑھی جائیگی جو بچہ مرا ہوا پیدا ہو، اس پر نماز جنازہ نہیں پڑھنا چاہیئے، اور جو بچہ زندہ پیدا ہو، اور اس کے زندہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ISLAMI ACADEMY

بَابُ الْمَشْيِ بِالْجَنَازَةِ وَالصَّلٰوةُ عَلَيْهَا

(اس باب میں جنازہ کے ساتھ کیسے چلنا اور جنازہ پر نماز کس طرح ادا کرنا چاہیئے اس کا بیان ہے)

میت اگر بچہ ہو تو اس کو ہاتھوں پر لے جائیں، یعنی بچہ کی میت کو ایک شخص اپنے دونوں ہاتھوں پر اٹھائے، کچھ چلنے کے بعد پھر دوسرا آدمی اس کو اپنے ہاتھوں پر لے لے۔ اسی طرح ایک دوسرے سے اپنے اپنے ہاتھوں پر بدلتے ہوئے لے جائیں اور اگر میت بڑی ہو، اور ہاتھوں پر لے جانے کے قابل نہ ہو تو اس کو چارپائی میں رکھ کر لے جائیں، اور چارپائی کے چاروں کونوں کو چار آدمی اپنے اپنے کندوں پر اٹھا کر لے چلیں، اور چارپائی کو مزدور کی طرح پیٹھ کے بالائی حصہ پر جو گردن کے نیچے ہے مثل مال و اسباب کے اٹھا کر لے جانا مکروہ ہے، اسی طرح جنازہ کو بغیر عذر کے کسی گاڑی یا جانور وغیرہ پر رکھ کر لے جانا بھی مکروہ ہے اور اگر عذر ہو، جیسے قبرستان بہت دور ہے تو ایسی صورت میں جنازہ کو کسی سواری پر رکھ کر لے جانا بلا کراہت جائز ہے۔

جنازہ کے ساتھ چلنے کا مستحب طریقہ یہ ہے کہ جنازہ کے ساتھ خالی نہ چلیں بلکہ اس کو اس طرح کندھا دیتے چلیں کہ پہلے چارپائی کے سامنے کے سیدھے جانب کے پائے کو اپنے سیدھے کندھے پر رکھ کر کم سے کم دس قدم چلیں، اس کے بعد پچھلے حصہ کے سیدھے جانب کے پائے کو اپنے سیدھے کندھے پر رکھ کر کم سے کم دس قدم چلیں، پھر چارپائی کے سامنے کے بائیں جانب کے پائے کو اپنے بائیں کندھے پر رکھ کر کم سے کم دس قدم چلیں اور پھر چارپائی کے پچھلے حصہ کے بائیں جانب کے پائے کو بائیں کندھے پر رکھ کر کم سے کم دس قدم چلیں اسی طرح جنازہ کے ساتھ کم سے کم چالیس قدم چلنا مستحب ہے، جنازہ کو تیز قدم لے جانا مسنون ہے مگر اس قدر تیز بھی نہ چلیں کہ نعش کو حرکت اور اضطراب ہونے لگے۔ جنازہ کے ساتھ چلنے والوں کو چاہیئے کہ جنازہ کندھوں سے اتارنے سے پہلے نہ بیٹھیں، اگر کوئی ضرورت پیش آجائے تو بیٹھنے میں کچھ مضائقہ نہیں، جو لوگ جنازہ کے ساتھ نہ ہوں۔ بلکہ کہیں بیٹھے ہوئے ہوں تو ان کو جنازہ دیکھ کر کھڑا نہ ہونا چاہیئے جو لوگ جنازہ کے ساتھ ہوں، ان کے لیے مستحب ہے کہ وہ جنازے کے پیچھے چلیں، اگر چیکہ جنازہ کے آگے چلنا بھی جائز ہے، مگر سب کے سب جنازہ کے آگے ہو جائیں تو مکروہ ہے، اسی طرح جنازے کے آگے کسی سواری پر چلنا بھی مکروہ ہے اور جنازہ کے ساتھ پیدل چلنا مستحب ہے اور کسی سواری پر ہوں تو جنازہ کے پیچھے چلیں، یہ مسائل عالمگیری، بحر رائق درمختار اور ردالمحتار سے ماخوذ ہیں اور بحرالرائق درمختار اور ردالمحتار میں یہ بھی لکھا ہے کہ جنازہ کے ساتھ جو لوگ چل رہے ہوں، ان کو بہت خاموش چلنا چاہیئے۔ ان کو ذکر، دعاء اور قرآن اور

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

پیدا ہونے کی علامتیں یہ ہیں کہ پیدا ہو کر روئے یا اس کا کوئی عضو حرکت کرتا ہوا دکھائی دے یا اسی قسم کی کوئی علامت پائی جائے جو اس کے زندہ پیدا ہونے پر دلالت کرے پھر وہ مر جائے تو اس پر نماز جنازہ ضرور پڑھنی چاہیئے۔

نماز جنازہ صحیح ہونے کے لیے میت سے متعلق دوسری شرط یہ ہے کہ میت کا بدن کفن اور جس جگہ میت کو نماز پڑھانے کے لیے رکھا گیا ہو، یہ سب نجاست حقیقی (پیشاب و پائخانہ) سے پاک ہوں ایسا ہی میت نجاست حکمی۔ جیسے منی اگر مرنے سے نکلی ہو تو اس سے بھی پاک ہو، اسی لیے میت کو غسل دیا جائے تاکہ میت نجاست سے پاک ہو جائے، یوں بھی اگر میت نجاست حقیقی اور نجاست حکمی سے پاک بھی ہو تو میت کو غسل دینا واجب ہے، ہاں اگر غسل دینے کے بعد میت سے نجاست حکمی سے پاخانہ وغیرہ نکل آئے تو پھر اس کو دوبارہ غسل دینا ضروری نہیں ہے، اسی حالت میں نماز جنازہ اس پر جائز ہے نماز جنازہ صحیح ہونے کے لیے میت سے متعلق تیسری شرط یہ ہے کہ میت کا ستر ڈھکا ہوا ہو، اگر میت برہنہ ہو تو اس پر نماز جنازہ درست نہیں۔

نماز جنازہ صحیح ہونے کے لیے میت سے متعلق چوتھی شرط یہ ہے کہ میت نماز پڑھنے والے کے سامنے ہو، اور اگر میت نماز پڑھنے والے کے پیچھے ہو تو نماز جنازہ صحیح نہ ہوگی۔

نماز جنازہ صحیح ہونے کے لیے میت سے متعلق پانچویں شرط یہ ہے کہ میت زمین پر ہو اور اگر میت چارپائی میں ہو تو چارپائی زمین پر رکھی ہوئی ہو، اگر میت کو لوگ اپنے ہاتھوں پر اٹھائے ہوئے ہوں یا میت کسی گاڑی یا جانور پر ہو اور اسی حالت میں اس پر نماز جنازہ پڑھی جائے تو نماز جنازہ صحیح نہ ہوگی۔

نماز جنازہ صحیح ہونے کے لیے میت سے متعلق چھٹی شرط یہ ہے کہ میت نماز پڑھنے والوں کے سامنے موجود ہو، اور اگر میت وہاں موجود نہ ہو کہیں اور ہو، اور لوگ اس پر غائبانہ نماز پڑھ رہے ہوں تو نماز صحیح نہ ہوگی۔ یہی مذہب حنفی ہے۔

نماز جنازہ میں فرض دو ہیں، ایک فرض تو یہ ہے کہ نماز جنازہ میں چار مرتبہ اللہ اکبر کہا جائے، نماز جنازہ میں دوسرا فرض قیام ہے یعنی نماز جنازہ پڑھنے والے کھڑے ہو کر نماز ادا کریں، اگر نماز پڑھنے والے بغیر عذر کے بیٹھ کر نماز جنازہ ادا کریں تو نماز صحیح نہ ہوگی، ہاں اگر عذر ہو اور کھڑا ہو کر نماز نہیں پڑھ سکتا ہے تو بیٹھ کر نماز جنازہ ادا کر سکتا ہے۔

نماز جنازہ میں تین چیزیں سنت ہیں ایک ثنا پڑھنا ۲۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پر درود پڑھنا ۳۔ میت کے لیے، ماثورہ دعاء پڑھنا اگر ماثورہ دعاء کے سوا کوئی اور الفاظ میں دعا کی جائے تو بھی جائز ہے، جیسا کہ عمدۃ الرعایہ میں مذکور ہے۔

نماز جنازہ کے مستحبات یہ ہیں۔ ایک تو یہ ہے کہ نماز جنازہ پڑھنے والوں کی تین صفیں کی جائیں، اگر تعداد کم بھی ہو تو تب بھی ان کی تین صفیں بنائی جائیں۔ مثلاً نماز پڑھنے والے سات ہوں تو ایک ان میں سے امام بن جائے اور پہلی صف میں تین شخص ہوں، اور دوسری صف میں دو، اور تیسری میں ایک، اس طرح تین

صف بنائے جائیں۔

دوسری نمازوں میں پہلی صف افضل ہے اور اس کا ثواب بھی زیادہ ہے لیکن نماز جنازہ میں تیسری صف افضل ہے، اور اس کا ثواب زیادہ ہے اگر ایک ہی وقت میں کئی جنازے جمع ہو جائیں تو افضل اور مستحب یہ ہے کہ ہر جنازہ کی نماز علیحدہ علیحدہ پڑھی جائے اور اگر سب جنازوں کو امام کے سامنے اس طرح رکھیں کہ سب کے سینے امام کے مقابل رہیں اور سب کی ایک ہی نماز پڑھی جائے تو بھی جائز ہے۔ اگر مختلف جنازے جمع ہوں بعض ان میں مردوں کے بعض عورتوں کے اور بعض بچوں کے ہوں اور ان پر ایک ہی نماز پڑھی جائے تو ان کو اس ترتیب سے رکھا جائے کہ پہلے امام کے سامنے مردوں کے جنازے ہوں، ان کے بعد لڑکوں کو اور اُن کے بعد بالغہ عورتوں اور اُن کے بعد نابالغہ لڑکیوں کو۔

جنازہ کی نماز اس مسجد میں پڑھنا مکروہ تحریمہ ہے جو پنج وقتہ نمازوں یا جمعہ کی نماز کے لیے بنائی گئی ہو، یہی مذہب حنفی ہے، نماز جنازہ پڑھنے کے لیے اگر جنازہ مسجد میں ہو، اور لوگ مسجد ہی میں نماز جنازہ پڑھ رہے ہوں یہ تو نا جائز ہے۔ اور اگر جنازہ مسجد کے باہر میدان میں ہو اور نماز پڑھنے والے کچھ لوگ جنازہ کے ساتھ میدان میں ہوں اور ان کی صف کا کچھ حصہ مسجد میں آگیا ہو تو یہ بھی نا جائز ہے، ہاں جو مسجد قبرستان میں خاص نماز جنازہ پڑھنے کے لیے بنائی گئی ہو، اور اس میں پنج وقتہ نماز وغیرہ نہیں پڑھی جاتی تو اس میں نماز جنازہ پڑھنا جائز ہے۔

نماز جنازہ میں اس غرض سے زیادہ تاخیر کرنا کہ جماعت زیادہ ہو جائے مکروہ ہے، جنازہ کی نماز بھی ان چیزوں سے فاسد ہو جاتی ہے جن سے اور نمازیں بھی فاسد ہوتی ہیں۔ فرق اس قدر ہے کہ دوسری نمازوں میں بالغ نمازی کے قہقہہ لگانے سے وضوء ٹوٹ جاتا ہے اور نماز بھی فاسد ہو جاتی ہے بخلاف نماز جنازہ کے اس میں اگر بالغ نمازی قہقہہ لگائے تو نہ وضوء ٹوٹتا ہے اور نہ نماز جنازہ فاسد ہوتی ہے، اور دوسرا فرق یہ ہے کہ اور نمازوں میں عورت اگر مرد کے محاذی اس طرح ہو کہ مرد کے سیدھے طرف یا بائیں طرف یا سامنے کھڑی ہو جائے، اور محاذاۃ کے تمام شرائط پائے جائیں تو مرد کی نماز فاسد ہو جاتی ہے۔ بخلاف نماز جنازہ کے اس میں عورت اس مذکورہ طریقہ سے مرد کے محاذی کھڑی ہو جائے تو مرد کی نماز فاسد نہیں ہوتی۔

نماز جنازہ پڑھنے کا مسنون طریقہ یہ ہے کہ میت کو آگے رکھ کر امام اس کے سینہ کے محاذی کھڑا ہو جائے، اور امام اور مقتدی سب یہ نیت کریں کہ ہم نماز پڑھتے ہیں اللہ کے لیے اور اس میت کی دعاء مغفرت کرنا چاہتے ہیں۔ یہ نیت کر کے دونوں ہاتھ تکبیر تحریمہ کے لیے کانوں تک اٹھا کر اللہ اکبر کہتے ہوئے زیر ناف باندھ لیں۔ اس پہلی تکبیر کے بعد آہستہ آہستہ ثناء پڑھیں اور نماز جنازہ کی مسنون ثناء کے الفاظ یہ ہیں۔ سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ وَتَبَارَکَ اسْمُکَ وَتَعَالٰی جَدُّکَ وَجَلَّ ثَنَاؤُکَ وَلَا اِلٰہَ غَیْرُکَ۔

اے اللہ! ہم آپ کی تعریف کرتے ہوئے تمام عیبوں سے، آپ کی پاکی بیان کرتے ہیں، آپ کا نام بڑا

MARKAZ-UL-ULOOM-IL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

برکت والا ہے، آپ بہت عالی شان ہیں (مخلوق کی کیسی ہی تعریف کی جائے، آخر وہ مخلوق کی ہی تعریف ہے) آپ کی تعریف سب کی تعریف سے بہت زیادہ عظمت والی ہے، آپ کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں۔

اس کے بعد پھر دوسری بار اللہ اکبر کہیں، مگر اس مرتبہ ہاتھ کانوں تک نہ اٹھائیں، بلکہ ہاتھ ویسا ہی بندھا ہوا زیر ناف رہنے دیں، اس دوسری تکبیر کے بعد درود ابراہیمی آہستہ آہستہ پڑھیں، جو ہر نماز میں تشہد کے بعد پڑھا جاتا ہے، پھر تیسری بار اللہ اکبر کہیں اور ہاتھ کانوں تک نہ اٹھائیں بلکہ ہاتھ ویسے ہی زیر ناف رہنے دیں، اس تیسری تکبیر کے بعد جو ماثورہ دعائیں آئی ہیں ان میں سے کوئی ایک دعا آہستہ پڑھیں، پھر چوتھی بار اللہ اکبر کہیں اور اس بار بھی کانوں تک ہاتھ نہ اٹھائیں، اور بغیر کچھ پڑھے سیدھے اور بائیں طرف سلام پھیر دے۔

اگر کوئی شخص جنازہ کی نماز میں ایسے وقت پہونچے کہ کچھ تکبیریں اس کے آنے سے پہلے ہو چکی ہیں تو جس قدر تکبیریں ہو چکی ہیں، ان تکبیروں کے لحاظ سے وہ شخص مسبوق سمجھا جائے گا۔ اور اس کو چاہیئے کہ فوراً آتے ہی مثل اور نمازوں کے تکبیر تحریمہ کہہ کر نماز میں شریک نہ ہو جائے، بلکہ امام کی تکبیر کا انتظار کرے، جب امام اللہ اکبر کہے، تو یہ بھی اللہ اکبر کہہ کر شریک نماز ہو جائے یہ اللہ اکبر کہنا اس کے لیے تکبیر تحریمہ ہوگا۔ پھر امام سلام پھیر دے اور یہ شخص اپنی گئی ہوئی تکبیروں کو ادا کرے، اور ان تکبیروں کو جب یہ ادا کرے گا تو ان تکبیروں کے بعد کچھ نہ پڑھے، صرف اللہ اکبر کہنا کافی ہے (در مختار، رد المحتار، ہدایہ، عالمگیری، عمدۃ الرعایہ، ملتقی) ۱۲

وَقَوْلُ اللّٰہِ تَعَالٰی:
وَلَا تُصَلِّ عَلٰٓی اَحَدٍ مِّنْھُمْ مَّاتَ اَبَدًا۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔ (اے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) اور ان میں سے کسی کی میت پر نماز نہ پڑھنا۔
(سورۃ التوبہ، ۸۴)

ف۱: اس آیت سے نماز جنازہ کا ثبوت ہوتا ہے، کیونکہ کافروں کی نماز جنازہ پڑھنے سے روکا گیا ہے، معلوم ہوا کہ مؤمن کا جنازہ پڑھا جاتا ہے، نیز یہ بھی معلوم ہوا کہ کافر کی قبر کی زیارت منع ہے، حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو اپنی والدہ ماجدہ حضرت آمنہ کی قبر شریف کی زیارت کی اجازت دی گئی کیونکہ وہ مؤمنہ تھیں، ہاں! ان کی مغفرت کی دعا سے روکا، کیونکہ وہ بے گناہ تھیں۔

ف۲: عبد اللہ ابن ابی رئیس المنافقین جب مرگیا تو اس کے بیٹے عبد اللہ نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا کہ حضور اس کے باپ پر جنازہ کی نماز پڑھیں اور اپنی قمیص اس کو عطا فرمائیں، کیونکہ وہ یہ وصیت کر گیا تھا اور اس وقت تک منافقوں کی نماز جنازہ سے منع بھی نہیں کیا گیا تھا، نیز حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو یہ بھی خبر تھی کہ اس سے ایک ہزار کافر ایمان لائیں گے، حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس کے خلاف رائے دی، مگر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اس کی میت کو اپنی قمیص بھی دے دی اور اس کی نماز جنازہ بھی پڑھی تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی، اس کے بعد یہ دیکھ کر کہ ایسا مردود آدمی بھی حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے لباس مبارک سے برکت چاہتا ہے

MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

اور آپ نے اس پر شفقت بھی فرما دی ہے، ایک ہزار آدمی ایمان لے آئے۔

۲۱۰۰ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِسْرِعُوْا بِالْجَنَازَةِ فَاِنْ تَكُ صَالِحَةً فَخَیْرٌ تُقَدِّمُوْنَهَا اِلَیْهِ وَاِنْ تَكُ سِوٰی ذٰلِكَ فَشَرٌّ تَضَعُوْنَهٗ عَنْ رِقَابِكُمْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جب جنازہ لے کر چلو تو جلدی جلدی قدم بڑھا کر لے چلو[1]، اگر میت نیک اور صالح ہے تو اس کے لیے راحت و آرام کا جو سامان تیار ہے میت کو وہاں جلد پہونچا دینا بہتر ہے اور اگر میت ایسی نہیں ہے (بلکہ بد ہے اور بدی ہیں اس کی عمر گزری ہے) تو سمجھو کہ ایک بدبودار مردہ ہے، جلد سے جلد اس کو کندھوں سے اتار دینا نہایت مناسب ہے، اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

۲۱۰۱ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِذَا وُضِعَتِ الْجَنَازَةُ فَاحْتَمَلَهَا الرِّجَالُ عَلٰی اَعْنَاقِهِمْ فَاِنْ كَانَتْ صَالِحَةً قَالَتْ قَدِّمُوْنِیْ وَاِنْ كَانَتْ غَیْرَ صَالِحَةٍ قَالَتْ لِاَهْلِهَا یَا وَیْلَهَا اَیْنَ تَذْهَبُوْنَ بِهَا یَسْمَعُ صَوْتَهَا كُلُّ شَیْءٍ اِلَّا الْاِنْسَانُ وَلَوْ سَمِعَ الْاِنْسَانُ لَصَعِقَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابوسعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جب جنازہ تیار کر کے رکھ دیا جاتا ہے اور لوگ اس کو اپنے کندھوں پر اٹھا لیتے ہیں، اگر وہ نیک ہوتا ہے تو قبر میں اس کے لیے راحت و آرام کا جو سامان مہیا کیا گیا ہے اس کے پیش نظر ہو جاتا ہے تو مردہ چاہتا ہے کہ جلد سے جلد وہاں پہونچ جائے۔ اس لیے مردہ جنازہ اٹھانے والوں سے کہتا ہے، دوستو! جلدی جلدی مجھے لے چلو[2]، اگر مردہ نیک نہیں ہوتا ہے، اور برائی کرتے ہوئے اس کی عمر گزری ہے تو اس کے سامنے قبر کی تکلیفیں اور مصیبتیں ہو جاتی ہیں، تو جنازہ اٹھانے والوں سے مردہ کہتا ہے، لوگو! مجھے کہاں لے جا رہے ہو[3]۔

---

[1] مگر ایسا نہ دوڑو کہ جنازہ کو چارپائی میں حرکت ہونے لگے، جلدی جلدی اس لیے لے جاؤ کہ)

[2] تاکہ میں اپنی قبر میں جو میرے راحت و آرام کا مقام تیار کیا گیا ہے جلد سے جلد وہاں پہونچ جاؤں)

[3] ہائے ہائے افسوس مجھے لے جا کر عذاب کے گڑھے میں ڈالنا چاہتے ہو، کیا کروں! کیسے بچوں، مردہ کی اس حسرت ناک اور عبرت ناک آواز کو انسان کے علاوہ ساری مخلوق سنتی ہے)

پکار کو انسان کے سوائے سب سنتے ہیں[1]، اس حدیث کی روایت بخاری نے کی ہے۔

۲۱۰۲ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ[2] صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَمَرَنَا بِالْقِيَامِ فِي جَنَازَةٍ ثُمَّ جَلَسَ بَعْدَ ذٰلِكَ وَاَمَرَنَا بِالْجُلُوْسِ

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالطَّحَاوِيُّ)

وَفِي رِوَايَةِ مَالِكٍ وَاَبِي دَاوُدَ قَالَ فِي الْجَنَازَةِ ثُمَّ قَعَدَ بَعْدُ۔

وَفِي رِوَايَةِ مُحَمَّدٍ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْمُ فِي الْجَنَازَةِ ثُمَّ جَلَسَ بَعْدُ قَالَ مُحَمَّدٌ وَبِهٰذَا نَاْخُذُ لَا نَرَى الْقِيَامَ لِلْجَنَازَةِ كَانَ هٰذَا شَيْئًا فَتُرِكَ وَهُوَ قَوْلُ اَبِي حَنِيْفَةَ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ۔

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ[2] رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے پہلے ہم کو حکم دیا تھا کہ جنازہ آتا ہوا دیکھ کر کھڑے ہو جائیں، ہم ایسا ہی کیا کرتے تھے، پھر رسول اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو ہم نے بعد میں دیکھا کہ جنازہ آتا ہوا دیکھ کر بیٹھے رہتے تھے، اور ہم کو بھی بیٹھے رہنے کا حکم دیتے تھے۔ اس کی روایت امام احمد اور امام طحاوی نے کی ہے، اور امام مالک اور ابو داؤد کی روایت میں بھی ایسا ہی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جنازہ آتا ہوا دیکھ کر پہلے کھڑے رہتے تھے، پھر بعد میں آپ کی عادت شریفہ یہ رہی کہ جنازہ آتا ہوا دیکھ کر بیٹھے رہتے تھے اور، امام محمد رحمۃ اللہ تعالیٰ کی روایت میں بھی ایسا ہی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جنازہ آتا ہوا دیکھ کر پہلے کھڑے ہو جایا کرتے تھے، پھر بعد میں آپ کی عادت شریفہ یہ رہی کہ آپ جنازہ آتا ہوا دیکھ کر بیٹھے رہتے تھے۔ امام محمد اس طرح روایت کر کے فرماتے ہیں کہ ہم اس حدیث کو لیتے ہیں، اور اسی پر ہمارا عمل درآمد ہے کہ جنازہ آتا ہوا دیکھ کر کھڑے نہیں ہونا چاہیے، بیٹھے رہنا چاہیے۔ جنازہ آتا ہوا دیکھ کر کھڑے رہنا پہلے کا عمل ہے۔ پھر بعد میں اس کو چھوڑ دیا گیا اور اس پر عمل نہ رہا، اس لیے جنازہ آتا ہوا دیکھ کر کھڑا رہنا منسوخ ہے اور امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کا بھی یہی قول ہے۔ فتح القدیر میں لکھا ہے

---

[1] انسان اس پکار کو سن لے تو چیخ مار کر بے ہوش ہو کر گر جائے اور دنیا کا نظام درہم برہم ہو جائے)

[2] حبیب تم کہیں بیٹھے ہوئے ہو اور جنازہ آرہا ہو یا جنازہ سامنے سے گزر رہا ہو تو اس کے متعلق آپ کا ارشاد ہے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کہ امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے قول پر فتویٰ ہے رد المختار میں بھی شرح المنیہ کے حوالہ سے ایسا ہی لکھا ہے۔

۲۱۰۳ وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ قَالَ[1] اِنَّ جَنَازَةً مَرَّتْ بِالْحَسَنِ ابْنِ عَلِيٍّ وَّابْنِ عَبَّاسٍ فَقَامَ الْحَسَنُ وَلَمْ يَقُمِ ابْنُ عَبَّاسٍ فَقَالَ الْحَسَنُ اَلَيْسَ قَدْ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لِجَنَازَةِ يَهُوْدِيٍّ قَالَ نَعَمْ ثُمَّ جَلَسَ۔ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

محمد بن سیرین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ حضرت حسن بن علی اور حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم ایک جگہ تشریف فرما تھے ان دونوں حضرات کے سامنے سے ایک جنازہ گزرا تو حضرت حسن بن علی جنازہ آتا ہوا دیکھ کر کھڑے ہو گئے اور حضرت ابن عباس جنازہ آتا ہوا دیکھ کر کھڑے نہیں ہوئے، بلکہ بیٹھے رہے۔ (حضرت ابن عباس کو بیٹھا ہوا دیکھ کر) حضرت حسن بن علی نے ارشاد فرمایا ابن عباس آپ کیوں کھڑے نہیں ہوئے، کیا آپ کو یاد نہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم یہودی کا جنازہ آتا ہوا دیکھ کر کھڑے ہو گئے تھے[1] تو حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں آپ جو فرماتے ہیں وہ بالکل سچ ہے[2]، پھر بعد میں جنازہ آتا ہوا دیکھ کر (حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کھڑے نہیں ہوا کرتے تھے) بیٹھے ہی رہتے تھے (اس سے معلوم ہوا کہ جنازہ آتا ہوا دیکھ کر کھڑے رہنا منسوخ ہو گیا) اس حدیث کی روایت نسائی نے کی ہے۔

۲۱۰۴ وَعَنِ ابْنِ سَخْبَرَةَ قَالَ كُنَّا قُعُوْدًا مَعَ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ تَنْتَظِرُ جَنَازَةً فَمَرَّتْ بِجَنَازَةٍ اُخْرٰى فَقُمْنَا فَقَالَ مَا هٰذَا الْقِيَامُ فَقُلْتُ مَا تَأْتُوْنَا

حضرت ابن سخبرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ ہم حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کے ساتھ ایک جنازہ کے انتظار میں بیٹھے ہوئے تھے تو ہمارے سامنے سے ایک دوسرا جنازہ گزرا اور ہم اس جنازہ کو آتا ہوا دیکھ کر کھڑے ہو گئے تو حضرت علی رضی اللہ

---

[1] یہ تو مسلمان کا جنازہ تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی اتباع (کر کے آپ کو ضرور کھڑا رہنا چاہیئے تھا)

[2] (یہودی کا جنازہ دیکھ کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جو کھڑے ہوئے تھے وہ پہلے کا واقعہ ہے)

www.waseemziyai.com
MARKAZUL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

بِهٖ يَا اَصْحَابَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ اَبُوْمُوْسٰى قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِذَا رَاَيْتُمْ جَنَازَةَ مُسْلِمٍ اَوْ يَهُوْدِيٍّ اَوْ نَصْرَانِيٍّ فَقُوْمُوْا فَاِنَّكُمْ لَسْتُمْ لَهَا تَقُوْمُوْنَ اِنَّمَا تَقُوْمُوْنَ لِمَنْ مَّعَهَا مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ فَقَالَ عَلِيٌّ اِنَّمَا صَنَعَ ذٰلِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَرَّةً وَّاحِدَةً كَانَ يَتَشَبَّهُ بِاَهْلِ الْكِتَابِ فِى الشَّيْءِ فَاِذَا نُهِيَ عَنْهُ تَرَكَهٗ۔

(رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ)

تعالیٰ عنہ، نے ہم سے فرمایا کہ جنازہ کو آتا ہوا دیکھ کر تم کیوں کھڑے ہو گئے؟ تو میں نے عرض کیا کہ ہماری نظر صحابۂ کرام پر رہتی ہے جیسے وہ حضرات کرتے ہیں ہم بھی ایسا ہی کرتے ہیں۔ صحابۂ کرام کو ہم نے دیکھا ہے کہ وہ جنازہ کو آتا ہوا دیکھ کر کھڑے ہوا کرتے ہیں، اس لیے ہم بھی کھڑے ہو گئے ہیں۔ چنانچہ ابوموسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا یہ ارشاد ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جب تم کسی مسلمان یا یہودی یا نصرانی کے جنازہ کو آتا ہوا دیکھو تو کھڑے ہو جایا کرو۔ اس لیے کہ تم جنازہ (کی تعظیم) کے لیے نہیں کھڑے ہوئے ہو، بلکہ جنازہ کے ساتھ جو فرشتے رہتے ہیں اُن (کی تعظیم) کے لیے کھڑے ہوتے ہو۔ یہ سن کر حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، فرمانے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم تو ایک مرتبہ جنازہ کو آتا ہوا دیکھ کر کھڑے ہوئے تھے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی عادت مبارکہ تھی کہ جب تک کسی بارے میں صریح حکم نازل نہ ہو، آپ اہل کتاب کی مشابہت اختیار فرمالیا کرتے تھے اور جس امر میں اہل کتاب کی مشابہت اختیار کرنے سے ممانعت ہو جاتی تھی۔ اس کو آپ ترک فرما دیتے تھے۔ اس حدیث کی روایت امام طحاوی نے کی ہے۔

٢١٠٥ وَعَنِ ابْنِ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے صاحبزادے اپنے والد ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ

لہ (یہ ابوموسیٰ صحابی ہیں، ان کے اس ارشاد کو سن کر ہم کھڑے ہوئے ہیں)

ئہ اور جنازہ کو دیکھ کر فرشتوں کی تعظیم کے لیے کھڑے ہونے کا حکم دیا تھا۔

ئہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا جنازہ کو دیکھ کر کھڑے ہونا اہل کتاب کی مشابہت سے تھا کہ اہل کتاب جنازہ کو دیکھ کر کھڑے ہو جایا کرتے تھے۔ پھر جب آپ کو جنازہ دیکھ کر کھڑے ہونے کی ممانعت کی گئی تو باوجودیکہ اس میں فرشتوں کی تعظیم تھی مگر ممانعت کی وجہ سے آپ نے جنازہ کو دیکھ کر کھڑے ہونا ترک فرمایا۔ اس لیے جنازہ دیکھ کر کھڑے ہونا منسوخ ہو گیا۔)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-E-ISLAMIA ACADEMY

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ
اِذَا تَبِعْتُمُ الْجَنَازَةَ فَلَا تَجْلِسُوْا
حَتّٰى تُوْضَعَ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ.
وَفِيْ رِوَايَةٍ لَهٗ حَتّٰى تُوْضَعَ
بِالْاَرْضِ وَرَوَى التِّرْمِذِيُّ
وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ عَنْ
عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ كَانَ
رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِذَا تَبِعَ جَنَازَةً
لَمْ يَقْعُدْ حَتّٰى تُوْضَعَ فِي اللَّحْدِ
فَعُرِضَ لَهٗ حَبْرٌ مِّنَ الْيَهُوْدِ
فَقَالَ لَهٗ اِنَّا هٰكَذَا نَصْنَعُ
يَا مُحَمَّدُ قَالَ فَجَلَسَ رَسُوْلُ
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ
وَقَالَ خَالِفُوْهُمْ.

تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں ابو سعید خدری فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جب تم کسی جنازہ کے ساتھ چلو تو جب تک جنازہ کندھوں سے نہ اتار دیں مت بیٹھا کرو، اس کی روایت ابو داؤد نے کی ہے اور ابو داؤد کی دوسری روایت میں ایسا ہے کہ جب تم کسی جنازہ کے ساتھ چلو تو جب تک جنازہ زمین پر نہ رکھ دیا جائے نہ بیٹھا کرو، اور ترمذی ابو داؤد اور ابن ماجہ نے حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اسی طرح روایت کی ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی پہلے عادت مبارک یہ تھی کہ آپ جب کسی جنازہ کے ساتھ چلتے تو جب تک کہ جنازہ کندھوں سے اتار کر قبر میں نہ رکھ دیا جاتا تو آپ اس وقت تک زمین پر نہیں بیٹھا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ یہودیوں کا ایک عالم حضرت کے اس عمل کو دیکھ کر کہنے لگا۔ اے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جیسے آپ جنازہ کو قبر میں رکھنے تک نہیں بیٹھا کرتے ہیں ہم بھی ایسا ہی کرتے ہیں حضرت عبادہ بن صامت فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم یہودی عالم سے یہ سن کر[1] بیٹھ جاتے تھے۔ اور فرمایا کرتے تھے کہ یہود کی مخالفت کرکے بیٹھنے کے لیے جنازہ قبر میں اتارنے کا انتظار نہ کرو، بلکہ جنازہ کندھوں سے اتار کر زمین پر رکھنے کے بعد ہی بیٹھ جایا کرو[2]۔

۲۱۰۶ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ
رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

[1] جنازہ قبر میں رکھنے کا انتظار نہیں فرماتے تھے بلکہ جنازہ کندھوں سے اتار کر زمین پر رکھنے کے بعد ہی بیٹھ جاتے تھے۔

[2] اس حدیث شریف سے معلوم ہوا کہ جب جنازہ کے ساتھ چلیں تو جنازہ کندھوں سے اتار کر زمین پر رکھنے سے پہلے بیٹھنا مکروہ ہے اور یہ بھی معلوم ہوا کہ جنازہ قبر میں اتارنے کا انتظار کرکے کھڑے رہنا بھی مکروہ ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

وَسَلَّمَ مَنِ اتَّبَعَ جَنَازَةَ مُسْلِمٍ إِيْمَانًا وَّاحْتِسَابًا وَّكَانَ مَعَهُ حَتّٰى يُصَلِّيَ عَلَيْهَا وَيَفْرُغَ مِنْ دَفْنِهَا فَإِنَّهُ يَرْجِعُ مِنَ الْأَجْرِ بِقِيرَاطَيْنِ كُلُّ قِيرَاطٍ مِّثْلُ أُحُدٍ وَمَنْ صَلّٰى عَلَيْهَا ثُمَّ رَجَعَ قَبْلَ أَنْ تُدْفَنَ فَإِنَّهُ يَرْجِعُ بِقِيرَاطٍ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ارشاد فرماتے ہیں کہ جو مسلمان کسی مسلمان کے جنازہ کے ساتھ ساتھ چلا اور اس سے اس کی کوئی اور غرض نہیں ہے بلکہ صرف ثواب حاصل کرنا چاہتا ہے، پھر اس پر نماز جنازہ بھی پڑھی اور اس کے دفن کرنے میں بھی شریک رہا (لوگ اس کے ثواب کی مقدار اُحد کے پہاڑ سمجھتے ہوں گے، نہیں اس کا یہ عمل ایسا ہے کہ جس کا) ثواب اس کو دو قیراط ملا ہے اور ہر قیراط کے ثواب کی مقدار اُحد پہاڑ کے برابر ہوتی ہے اور اگر کوئی صرف نماز جنازہ پڑھ کر واپس ہوگیا اور دفن میں شریک نہ رہا (تو یہ بھی کچھ کم نہیں) صرف نماز جنازہ پڑھ کر واپس ہونے والے کو ایک قیراط ثواب ملتا ہے جو اُحد کے پہاڑ کے برابر ہوتا ہے اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

۲۱۰۷ وَعَنْهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ نَعَى لِلنَّاسِ النَّجَاشِيَّ الْيَوْمَ الَّذِي مَاتَ فِيهِ وَخَرَجَ بِهِمْ إِلَى الْمُصَلّٰى فَصَفَّ بِهِمْ وَكَبَّرَ أَرْبَعَ تَكْبِيرَاتٍ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے شاہ نجاشی کی موت کی خبر صحابہ کرام کو دی[۱] اور صحابہ کرام سے فرمایا کہ شاہ نجاشی کی نماز جنازہ پڑھنے کے لیے عید گاہ چلو، صحابہ کو لے کر عید گاہ تشریف لے گئے[۲] جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سب صحابہ کو لے کر عید گاہ میں نجاشی کی نماز جنازہ ادا فرما رہے تھے[۳] تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے پہلے صفیں درست فرمائیں[۴]

---

۱ (ایک روز صحابہ کرام کے ساتھ مسجد نبوی میں تشریف فرما تھے یکایک حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو کشف ہوا کہ حبشہ کے نجاشی شاہ کا انتقال ہوگیا ہے، اسی وقت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام۔

۲ (باوجودیکہ حضور نجاشی کی موت کا کشف ہونے کے وقت مسجد میں تشریف فرما تھے، مسجد میں نماز جنازہ نہ پڑھ کر)

۳ (اور عید گاہ میں نماز جنازہ ادا فرمائی، اگر نماز جنازہ مسجد میں ادا کرنا جائز ہوتا تو مسجد ہی میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نجاشی کی نماز جنازہ ادا فرماتے۔ اس سے معلوم ہوا کہ مسجد میں نمازِ جنازہ کا ادا کرنا مکروہ تحریمی ہے اور یہی مذہب حنفی ہے

۴ (بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نجاشی کی غائبانہ نماز جنازہ ادا

www.waseemziyai.com
MARKAZ UL-ULOOMI ISLAMIA ACADEMY

فرمار ہے تھے، حالانکہ ایسا نہیں ہے بلکہ واقعہ یہ ہے کہ حضور کو کشف ہو گیا تھا اور نجاشی کا جنازہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے سامنے آ گیا تھا، اور حضور جنازہ کو دیکھ کر نماز پڑھا رہے تھے۔ اب رہا یہ شبہ کہ صحابہ جو مقتدی تھے اُن کو نجاشی کا جنازہ نظر نہیں آ رہا تھا تو پھر صحابہ کی نماز جنازہ کیسے ادا ہوئی، اس شبہ کا جواب یہ ہے کہ امام کے سامنے جنازہ کا ہونا ضروری ہے مقتدیوں کو بھی جنازہ نظر آنا ضروری تھا۔ اور اس پر سب کا اتفاق ہے کہ مقتدیوں کو بھی جنازہ نظر آنا ضروری نہیں ہے، امام کا جنازہ کو دیکھنا کافی ہے، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو جو امام تھے، جنازہ کا نظر آنا کافی تھا، اس لیے نجاشی کی نماز جنازہ غائبانہ نہیں ہوئی، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو نجاشی کا جنازہ نظر نہیں آ رہا تھا جو کہا گیا ہے اس پر دلیل ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی وہ روایت ہے جس کو حافظ ابن حجر عسقلانی نے علامہ واحدی کی کتاب اسباب النزول سے نقل کیا ہے، حضرت ابن عباس فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے نجاشی کا جنازہ بطور کشف ظاہر ہو گیا تھا اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام جنازہ کو آنکھوں سے دیکھ کر نماز جنازہ ادا فرمائی ہے۔ اور حضور نے غائبانہ نماز جنازہ نہیں ادا فرمائی ہے۔

نجاشی کے جنازہ کا حضور کو جو کشف ہوا تھا، یہ کوئی نئی بات نہیں تھی اور مواقع پر بھی حضور کو ایسا کشف ہوا ہے، جیسا کہ علامہ واقدی نے اپنی مغازی میں لکھا ہے کہ جب ملک شام میں جنگ مُوتہ ہو رہی تھی، تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو جنگ کے پورے منظر کا کشف ہو گیا تھا۔ آپ منبر پر تشریف فرما ہو کر ارشاد فرما رہے تھے، کہ میں مُوتہ کا میدان جنگ اس وقت دیکھ رہا ہوں۔ دیکھو زید بن حارثہ اس وقت سپہ سالار ہو گئے ہیں اور پرچم اپنے ہاتھ میں لے لئے ہیں، اور کفار سے لڑتے ہوئے شہید ہو گئے ہیں زید بن حارثہ کا جنازہ اس وقت میرے سامنے ہے، یہ فرما کر حضور حضرت زید کی نماز جنازہ پڑھی اور دعاء مغفرت فرمائی اور یہ بھی فرماتے کہ تم بھی ان کی مغفرت کی دعا کرو۔ دیکھو وہ جنت میں داخل ہو چکے ہیں اور خوش خوش جنت میں پھر رہے ہیں، پھر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا دیکھو! اب پرچم کو جعفر بن ابی طالب نے سنبھالا ہے اور بہت گھمسان کی لڑائی ہو رہی ہے وہ بھی کفار سے لڑتے ہوئے کفار کے ہاتھوں شہید ہو گئے ہیں ان کا جنازہ بھی میرے سامنے ہے یہ فرما کر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت جعفر کی نماز جنازہ ادا فرمائی اور ان کے لیے دعاء مغفرت فرمائی اور یہ بھی فرمایا کہ تم بھی ان کے لیے دعاء مغفرت کرو، وہ بھی جنت میں داخل ہو چکے ہیں، اور میدان جہاد میں ان کے جو دونوں بازو کاٹ دیئے گئے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے اس کے بدلے ان کو دو بازو عطا فرمائے ہیں، اور ان کے ذریعہ جنت میں وہ جہاں چاہیں اڑ رہے ہیں۔ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا نجاشی کے جنازہ کو دیکھ کر نماز جنازہ ادا فرمانے پر دوسری دلیل یہ ہے کہ اور بھی صحابہ مثلاً قراء وغیرہ جو دور دراز مقام پر شہید ہوئے یا وفات پائی ان کے جنازوں کا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پر کشف نہیں ہوا تھا، اس لیے آپ نے ان کی نماز جنازہ ادا نہیں فرمائی اور اگر آپ ان کی نماز جنازہ ادا فرماتے ہیں تو غائبانہ نماز جنازہ پڑھنے کو جائز نہیں سمجھتے تھے، حالانکہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو صحابہ کی نماز جنازہ پڑھنے کا بے حد خیال تھا۔ آپ فرمایا کرتے تھے کہ جب تم میں سے کوئی انتقال کر جائے تو مجھے اس کی اطلاع کرنا اس لیے کہ میرا ان پر نماز جنازہ پڑھنا ان کے لیے رحمت کا باعث

www.waseemziyai.com
MARKAZUL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

راوی کہتے ہیں کہ جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم صفیں درست فرما چکے تو چار تکبیروں کے ساتھ (نجاشی کی) نماز جنازہ ادا فرمائی[1] اس حدیث کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

وَرَوَى ابْنُ حِبَّانَ فِي صَحِيْحِهٖ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ الْحُصَيْنِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اَخَاكُمُ النَّجَاشِيَّ تُوُفِّيَ فَقُوْمُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَصَفُّوْا خَلْفَهٗ فَكَبَّرَ اَرْبَعًا وَّهُمْ لَا يَظُنُّوْنَ اِلَّا اَنَّ جَنَازَتَهٗ بَيْنَ يَدَيْهِ۔

اور ابن حبان نے اپنی صحیح میں، عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ ارشاد فرماتے ہیں۔ صاحبو! (مجھے کشف سے ظاہر ہوا ہے کہ) تمہارے بھائی نجاشی کی وفات ہوگئی ہے، چلو ان کی نماز جنازہ ادا کریں۔ یہ ارشاد فرما کر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم بھی اٹھے اور صحابہ کی صفیں درست فرما کر حضور نے چار تکبیرات کے ساتھ نجاشی کی نماز جنازہ ادا فرمائی۔ صحابہ فرماتے ہیں ہم یقین سے کہتے ہیں کہ ہم کو ایسا معلوم ہو رہا تھا کہ نجاشی کا جنازہ حضور کے سامنے رکھا ہوا ہے، اور حضور جنازہ دیکھ کر نماز ادا فرما رہے ہیں۔

وَفِيْ رِوَايَةِ اَبِيْ عَوَانَةَ فَصَلَّيْنَا خَلْفَهٗ وَنَحْنُ لَا نَرٰى اِلَّا اَنَّ الْجَنَازَةَ قُدَّامَنَا۔

اور ابو عوانہ کی روایت میں اس طرح مروی ہے صحابہ فرماتے ہیں کہ جب ہم حضور کی اقتداء میں نجاشی کی نماز جنازہ ادا کر رہے تھے تو ہم کو ایسا ہی معلوم ہو رہا تھا کہ (نجاشی کا جنازہ غائب نہیں ہے بلکہ) ہمارے سامنے رکھا ہوا ہے۔

وَرَوَى الطَّبْرَانِيُّ فِيْ مُعْجَمِهِ الْاَوْسَطِ عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِتَبُوْكَ فَنَزَلَ جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَقَالَ

اور طبرانی نے اپنی معجم اوسط میں ابو امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے، ابو امامہ فرماتے ہیں ہم غزوہ تبوک میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم کے ساتھ تھے (ایک دن) جبرئیل علیہ السلام نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم کی خدمت میں

کا باعث ہے، اس کے باوجود حضور کا ان صحابہ پر جو دور دراز مقام پر وفات پاگئے ہوں، غائبانہ نماز جنازہ نہ پڑھنا اس سے واضح طور پر ثابت ہوتا ہے کہ غائبانہ نماز جنازہ جائز نہیں، اور یہی مذہب حنفی ہے۔)

[1] (اس سے معلوم ہوا کہ نماز جنازہ کی چار ہی تکبیریں ہیں یہی مذہب حنفی ہے)

يَا رَسُوْلَ اللهِ إِنَّ مُعَاوِيَةَ بْنَ مُعَاوِيَةَ الْمُزَنِيَّ مَاتَ بِالْمَدِيْنَةِ أَتُحِبُّ أَنْ تَطْوِيَ لَكَ الْأَرْضَ فَتُصَلِّيَ عَلَيْهِ قَالَ نَعَمْ فَضَرَبَ بِجَنَاحِهِ عَلَى الْأَرْضِ وَرَفَعَ لَهُ سَرِيْرَهُ فَصَلَّى عَلَيْهِ وَخَلْفَهُ صَفَّانِ مِنَ الْمَلَائِكَةِ فِيْ كُلِّ صَفٍّ سَبْعُوْنَ أَلْفَ مَلَكٍ ثُمَّ رَجَعَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِجِبْرِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ بِمَ أَدْرَكَ هٰذَا قَالَ بِحُبِّهِ سُوْرَةَ قُلْ هُوَ اللهُ أَحَدٌ وَقِرَاءَتَهُ إِيَّاهَا جَائِيًا وَذَاهِبًا وَقَائِمًا وَقَاعِدًا وَعَلَى كُلِّ حَالٍ۔

حاضر ہوئے، اور فرمایا کہ یا رسول اللہ! مدینہ منورہ میں معاویہ بن معاویہ مزنی کا انتقال ہوگیا ہے کیا آپ پسند فرماتے ہیں کہ آپ کے لیے زمین سمیٹ دی جائے (اور معاویہ بن معاویہ مزنی کا جنازہ آپ کے سامنے ہوجائے) اور آپ ان کی نماز جنازہ پڑھائیں، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا بہت اچھا، تو جبرئیل علیہ الصلوٰۃ والسلام نے زمین پر اپنے پر مارے (اور زمین سمٹ گئی اور معاویہ بن معاویہ مزنی کا) جنازہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے آگیا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے معاویہ مزنی کی نماز جنازہ پڑھائی اور آپ کے پیچھے (صحابہ کرام کے علاوہ) فرشتوں کی دو صفیں بھی نماز جنازہ میں شریک تھیں، اور ہر صف میں ستر ہزار فرشتے تھے۔ نماز سے فارغ ہونے کے بعد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے جبرئیل علیہ الصلوٰۃ والسلام سے دریافت فرمایا کہ معاویہ مزنی کو اتنا بڑا مرتبہ کس وجہ سے ملا۔ تو جبرئیل علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ معاویہ مزنی کو یہ مرتبہ اس وجہ سے ملا ہے کہ وہ سورہ "قُلْ هُوَ اللهُ أَحَدٌ" سے (اس قدر) محبت رکھتے تھے کہ اس سورت کو آتے جاتے اٹھتے بیٹھتے ہر حالت میں پڑھا کرتے تھے (ابن حبان، ابوعوانہ، اور طبرانی کی ان تینوں روایتوں سے معلوم ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جب کبھی دور دراز مقام پر وفات پانے والے صحابہ کی نماز جنازہ ادا فرماتے ہیں تو جنازہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے ہوجاتا تھا اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام جنازہ کو دیکھ کر نماز جنازہ ادا فرماتے تھے اور ایسے صحابہ جو دور دراز مقام پر وفات پاتے اور ان کا جنازہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے سامنے نہ آتا تو آپ ان کی نماز جنازہ غائبانہ نہیں ادا فرماتے تھے)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLIYA ISLAMIA ACADEMY

۲۱۰۸ وَعَنْ سُلَيْمَانَ الْمُؤَذِّنِ قَالَ تُوُفِّيَ[9] اَبُوْ شَرِيْحَةَ فَصَلّٰى عَلَيْهِ زَيْدُ بْنُ اَرْقَمَ فَكَبَّرَ عَلَيْهِ اَرْبَعًا فَقُلْنَا مَا هٰذَا فَقَالَ هٰكَذَا رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَفْعَلُ.

(رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ)

سلمان المؤذن رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے کہ جب ابو شریحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وفات ہوئی تو ان کی نماز جنازہ زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بڑھائی نماز جنازہ کو چار تکبیرات سے ادا فرمایا۔ ہم نے دریافت کیا، نماز جنازہ کو آپ چار تکبیرات سے کیوں ادا فرماتے ہیں؟ تو حضرت زید ابن ارقم نے جواب دیا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ علیہ وآلہ وسلم کو اسی طرح چار تکبیرات کے ساتھ نماز جنازہ ادا فرماتے دیکھا ہے (اور اسی وجہ سے میں بھی چار تکبیرات کے ساتھ نماز جنازہ ادا کرتا ہوں) اس حدیث کی روایت امام طحاوی نے کی ہے۔

۲۱۰۹ وَعَنْ اِبْرَاهِيْمَ النَّخَعِيِّ اِنَّ[10] النَّاسَ كَانُوْا يُصَلُّوْنَ عَلَى الْجَنَائِزِ خَمْسًا وَّسِتًّا وَّاَرْبَعًا حَتّٰى قُبِضَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ ثُمَّ كَبَّرُوْا كَذٰلِكَ فِيْ وِلَايَةِ اَبِيْ بَكْرِ الصِّدِّيْقِ ثُمَّ وَلِيَ عُمَرُ ابْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَفَعَلُوْا ذٰلِكَ فَقَالَ لَهُمْ عُمَرُ اَنْتُمْ مَعْشَرُ اَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَتٰى تَخْتَلِفُوْنَ تَخْتَلِفُ النَّاسُ بَعْدَكُمْ وَالنَّاسُ حَدِيْثٌ عَهْدُ بِالْجَاهِلِيَّةِ فَاَجْمِعُوْا عَلٰى شَيْءٍ يَجْمَعُ عَلَيْهِ مَنْ بَعْدَكُمْ فَاَجْمَعَ رَاْيُ اَصْحَابُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت ابراہیم نخعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں) آپ کی وفات تک صحابہ کرام کا یہ عمل رہا ہے کہ بعض صحابہ نماز جنازہ پانچ تکبیرات کے ساتھ ادا فرماتے اور بعض چھ تکبیرات کے ساتھ اور بعض چار تکبیرات کے ساتھ نماز جنازہ ادا فرماتے تھے پھر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کے دور خلافت میں بھی اسی طرح اختلاف رہا کہ بعض صحابہ پانچ تکبیرات کے ساتھ بعض صحابہ چھ تکبیرات کے ساتھ اور بعض چار تکبیرات کے ساتھ نماز جنازہ ادا فرماتے تھے، حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کا دور خلافت آیا تو (دور فاروقی میں بھی) اسی طرح اختلاف کے ساتھ نماز جنازہ ادا ہوتی رہی، تو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے صحابہ کرام کو جمع فرمایا اور ان سے کہا کہ آپ حضرات رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب

---

[1] اور لوگوں کو ہم دیکھتے ہیں کہ کوئی پانچ تکبیرات کے ساتھ نماز جنازہ ادا کرتے ہیں، اور کوئی چھ تکبیرات کے ساتھ۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

وَسَلَّمَ اَنْ يَنْظُرُوْا اٰخِرَ جَنَازَةٍ كَبَّرَ عَلَيْهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ حَتّٰى قُبِضَ فَيَاْخُذُوْنَ بِهٖ وَيَرْفَضُوْنَ مَا سِوَاهُ فَنَظَرُوْا فَوَجَدُوْا اٰخِرَ جَنَازَةٍ كَبَّرَ عَلَيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَرْبَعًا۔

ہیں، اگر آپ نماز جنازہ کی تکبیرات میں اختلاف کرتے رہیں گے تو آپ کے بعد آنیوالے مسلمان بھی اسی طرح نماز جنازہ کی تکبیرات میں اختلاف کرتے رہیں گے، لوگ ابھی ابھی جاہلیت کے دور سے گزر کر اسلام کی روشنی میں آئے ہیں۔ ابھی ان کے ذہنوں میں اختلاف کا اثر باقی ہے[1] اس لیے آیئے آپس میں مشورہ کر کے کسی ایک بات پر اتفاق کر لیں،

ہمارے بعد آنے والے لوگ بھی ہمارے اتفاق کرنے کی وجہ سے آپس میں اتفاق کر لیں گے۔ آؤ دیکھیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے آخری نماز جنازہ کتنی تکبیرات سے ادا فرمائی ہے، اسی کو اختیار کرنا چاہیئے۔ اس کے سوائے پہلے جو عمل رہا ہے اس کو چھوڑ دینا چاہیئے۔ سب نے مل کر بہت غور کیا تو معلوم ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم آخری جنازہ پر چار تکبیرات کے ساتھ نماز پڑھائے ہیں۔[2] اس حدیث کی روایت امام محمد نے کی ہے، اور امام احمد اور امام طحاوی نے بھی اسی طرح روایت کی ہے۔

(رَوَاهُ مُحَمَّدٌ وَرَوَى اَحْمَدُ وَالطَّحَاوِيُّ نَحْوَهُ)

۲۱۰۹ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اٰخِرُ مَا كَبَّرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ عَلَى الْجَنَائِزِ اَرْبَعَ تَكْبِيْرَاتٍ وَكَبَّرَ عُمَرُ عَلٰى اَبِيْ بَكْرٍ اَرْبَعًا وَكَبَّرَ ابْنُ عُمَرَ عَلٰى عُمَرَ اَرْبَعًا وَكَبَّرَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے آخر میں جن جنازوں پر نماز جنازہ پڑھی ہیں، ان میں چار تکبیرات ہی ادا فرمائے ہیں، پھر جب حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نماز جنازہ ہوئی

---

[1] ایسا ہی ان کو نماز جنازہ کی تکبیرات میں اختلاف کرنا ہوا چھوڑنا مناسب نہیں

[2] جب یہ معلوم ہوا کہ آخری نماز جنازہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم چار تکبیرات کے ساتھ ادا فرماتے ہیں تو سب صحابہ کا اجماع نماز جنازہ میں چار تکبیرات پر ہوا

[3] ہر مسئلہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے آخری فعل کو دیکھا جاتا ہے اور اسی پر عمل کیا جاتا ہے۔

MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

اَلْحَسَنُ ابْنُ عَلِيٍّ عَلٰى عَلِيٍّ اَرْبَعًا وَكَبَّرَ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ عَلَى الْحَسَنِ اَرْبَعًا وَكَبَّرَتِ الْمَلٰئِكَةُ عَلٰى اٰدَمَ اَرْبَعًا۔ (رَوَاهُ الْحَاكِمُ فِي الْمُسْتَدْرَكِ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي سُنَنِهٖ وَالطَّبْرَانِيُّ)

تو حضرت عمر رضی اللہ تعالٰی عنہ نے چار تکبیرات ہی سے نماز جنازہ پڑھائی ہے اور جب حضرت عمر رضی اللہ تعالٰی عنہ، کی نماز جنازہ ہوئی تو اس میں بھی حضرت ابن عمر نے چار تکبیرات ہی ادا کئے حضرت علی رضی اللہ تعالٰی عنہ، کی نماز جنازہ میں حضرت حسن رضی اللہ تعالٰی عنہ نے چار ہی تکبیرات فرمائی ہیں اور اسی طرح حضرت حسن رضی اللہ تعالٰی عنہ، کی نماز جنازہ میں حضرت حسین بن علی رضی اللہ تعالٰی عنہما نے چار تکبیرات ہی ادا فرمائی ہیں اور جب آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نماز جنازہ فرشتوں نے ادا کی تو اس میں بھی فرشتے چار ہی تکبیرات کہے ہیں[1] اس حدیث کی روایت حاکم نے مستدرک میں اور بیہقی نے اپنی سنن میں کی ہے، اور طبرانی نے بھی اس حدیث کی روایت کی ہے۔

۲۱۱۰ وَعَنْ نَّافِعٍ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ ابْنَ عُمَرَ كَانَ لَا يَقْرَأُ[2] فِي الصَّلٰوةِ عَلَى الْجَنَازَةِ رَوَاهُ مَالِكٌ وَرُوِيَ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّهٗ قَالَ لَمْ يُوَقِّتِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ شَيْئًا مِّنَ الْقُرْاٰنِ فِي صَلٰوةِ الْجَنَازَةِ وَقَالَ ابْنُ بَطَّالٍ وَمِمَّنْ كَانَ لَا يَقْرَأُ فِي الصَّلٰوةِ عَلَى الْجَنَازَةِ وَيُنْكِرُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ وَعَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ وَابْنُ عُمَرَ وَاَبُوْ هُرَيْرَةَ وَمِنَ التَّابِعِيْنَ عَطَآءٌ وَطَاؤُسٌ وَسَعِيْدُ ابْنُ الْمُسَيَّبِ وَابْنُ سِيْرِيْنَ وَسَعِيْدُ

حضرت نافع رضی اللہ تعالٰی عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالٰی عنہما نماز جنازہ میں (سورۃ فاتحہ یا) قرآن کی کوئی سورہ یا کوئی آیت (کسی تکبیرات کے بعد) کبھی نہیں پڑھتے ہیں۔ اس کی روایت امام مالک نے کی ہے اور ابن مسعود رضی اللہ تعالٰی عنہ، سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں کہ[2] لیکن رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وآلہ وسلم نماز جنازہ میں سورہ فاتحہ یا قرآن کی کوئی سورت یا آیت کا پڑھنا مقرر نہیں فرماتے اور ابن بطال نے کہا ہے کہ تابعین میں سے عطاء طاؤس، سعید بن المسیب، ابن سیرین، سعید بن جبیر شعبی اور الحکم یہ سب حضرات بھی نماز جنازہ میں سورہ فاتحہ یا قرآن کی کوئی سورت یا آیت [illegible] مقرر

---

[1] اس حدیث سے معلوم ہوا کہ نماز جنازہ میں چار تکبیرات کہنے پر سب کا اجماع ہوا ہے۔

[2] نمازوں میں رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وآلہ وسلم سورۂ فاتحہ یا قرآن کی کوئی سورۃ یا آیت کا پڑھنا مقرر فرماتے ہیں۔

بْنُ جُبَيْرٍ وَالشَّعْبِيُّ وَالْحَكَمُ وَقَالَ
ابْنُ الْمُنْذِرِ بِهٖ قَالَ مُجَاهِدٌ وَ
حَمَّادٌ وَالثَّوْرِيُّ وَقَالَ مَالِكٌ
قِرَاءَةُ الْفَاتِحَةِ لَيْسَتْ مَعْمُوْلًا
بِهَا فِيْ بَلَدِنَا فِيْ صَلٰوةِ الْجَنَازَةِ
قَالَهٗ فِيْ عُمْدَةِ الْقَارِيِّ وَقَالَ
فِيْ شَرْحِ النِّقَايَةِ ۔

نہیں فرماتے ہیں، اور ابن بطال نے کہا ہے کہ صحابہ کرام میں سے حضرت عمر بن خطاب، حضرت علی بن ابی طالب ابن عمر اور ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم نماز جنازہ پر سورۂ فاتحہ یا قرآن کی کوئی سورت یا کوئی آیت نہیں پڑھا کرتے تھے، اور جو کوئی پڑھتا اس پر انکار کیا کرتے اور اس کو ناپسند کیا کرتے تھے۔ اور ابن بطال نے یہ بھی کہا ہے کہ تابعین میں سے عطاء طاؤس، سعید بن المسیب، ابن سیرین، سعید بن جبیر، شعبی اور الحکم یہ سب حضرات بھی نماز جنازہ میں سورۂ فاتحہ یا قرآن کی کوئی سورت یا کوئی آیت نہیں پڑھا کرتے، اور اگر کوئی پڑھتا تو اس پر انکار کرتے اور اس کو ناپسند کیا کرتے تھے، اور ابن منذر نے کہا ہے کہ اسی کے قائل مجاہد، حماد اور ثوری ہیں اور وہ بھی یہی فرماتے ہیں کہ نماز جنازہ میں سورہ فاتحہ یا قرآن کی سورۃ یا کوئی آیت نہ پڑھی جائے اور امام مالک رحمۃ اللہ نے فرمایا ہے کہ ہمارے شہر مدینہ منورہ میں نماز جنازہ میں سورۂ فاتحہ کے پڑھنے پر بالکل عمل نہیں ہے (مذہب حنفی بھی یہی ہے) یہ پورہ مضمون عمدۃ القاری میں مذکور ہے اور شرح نقایہ میں بھی اسی طرح لکھا ہے۔

۲۱۱۱ / ۱۳ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا صَلَّيْتُمْ عَلَى الْمَيِّتِ فَاَخْلِصُوْا لَهُ الدُّعَاءَ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جب تم نماز جنازہ پڑھو تو مردہ کے لیے بہت خلوص سے دعاء مغفرت کرو اس حدیث کی روایت ابو داؤد اور ابن ماجہ نے کی ہے۔

۲۱۱۲ / ۱۴ وَعَنْهُ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت

لہ نماز جنازہ میت کی دعاء مغفرت کے لیے ہی ہے، اس میں سورۂ فاتحہ یا قرآن کی کوئی اور سورت کا پڑھنا نہیں ہے جیسے اور نمازوں میں ہے۔

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اِذَا صَلّٰی عَلَی الْجَنَازَۃِ قَالَ،

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِحَیِّنَا وَمَیِّتِنَا وَشَاھِدِنَا وَغَائِبِنَا وَصَغِیْرِنَا وَکَبِیْرِنَا وَذَکَرِنَا وَاُنْثَانَا اَللّٰھُمَّ مَنْ اَحْیَیْتَہٗ مِنَّا فَاَحْیِہٖ عَلَی الْاِسْلَامِ وَمَنْ تَوَفَّیْتَہٗ مِنَّا فَتَوَفَّہٗ عَلَی الْاِیْمَانِ اَللّٰھُمَّ لَا تَحْرِمْنَا اَجْرَہٗ وَلَا تَفْتِنَّا بَعْدَہٗ رَوَاہُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ وَرَوَاہُ النَّسَائِیُّ عَنْ اِبْرَاھِیْمَ الْاَشْھَلِیِّ عَنْ اَبِیْہِ وَانْتَھَتْ رِوَایَتُہٗ عِنْدَ قَوْلِہٖ وَاُنْثَانَا وَفِیْ رِوَایَۃِ اَبِیْ دَاوٗدَ فَاَحْیِہٖ عَلَی الْاِیْمَانِ وَتَوَفَّہٗ عَلَی الْاِسْلَامِ وَفِیْ اٰخِرِہٖ وَلَا تُضِلَّنَا بَعْدَہٗ۔

ہے وہ فرماتے ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نماز جنازہ پڑھاتے تو تیسری تکبیرات کے بعد یہ دعا کیا کرتے تھے۔

الٰہی! ہمارے سب زندوں اور مردوں کو آپ بخش دیجئے[1]۔ اور جو حاضر ہیں ان کی بھی اور جو غائب ہیں اُن کی بھی آپ مغفرت فرما دیجئے[2]، ایسے ہی ہمارے چھوٹے اور بڑے یعنی جوان اور بوڑھے سب کی مغفرت فرما دیجئے[3] ہاں جو بالغ مرد ہیں یا عورتیں ہیں (اُن کو بھی اپنی رحمت سے مایوس نہ کیجئے) سب کی آپ مغفرت فرما دیجئے[4]، الٰہی! ہم جب تک زندہ رہیں ہم کو اپنے احکام کا فرماں بردار رکھئے اور جب ہم مر رہے ہوں[5]! الٰہی (اس مردہ کی وجہ سے ہم پر جو مصیبت آئی ہے) ہم (بے صبری کرکے) ثواب سے محروم نہ ہیں، ہم کو صبر کی توفیق دیجئے تاکہ ہم صبر کرکے اس مصیبت کا ثواب پائیں اس مرنے والے کے بعد فتنہ میں نہ پڑجائیں[6] اس حدیث کی روایت امام احمد، ابو داؤد، ترمذی اور ابن ماجہ نے کی ہے۔

---

[1] مُردہ جس کا یہ جنازہ ہے، آپ کے فضل و کرم سے بڑی بڑی امیدیں لگائے ہوئے حاضر ہو رہا ہے، الٰہی! اس کو بھی، ایک اس کو ہی نہیں بلکہ سب کی مغفرت فرما۔

[2] اس لیے کہ آپ کی مغفرت ہمارے گناہوں سے زیادہ وسیع ہے اس لیے آپ کی عام مغفرت چاہیئے سب آپ کی مغفرت پر نظر لگائے ہوئے ہیں

[3] کسی کو اپنی مغفرت سے محروم نہ کیجئے۔ آپ کریم ہیں آپ کے کرم سے ایسی ہی امید لگائے ہوئے ہیں۔

[4] سب کو آپ سے مغفرت کی امید ہے جو بہت چھوٹے ہیں، ان کے تو گناہ ہی نہیں، اس لیے ان کے لیے مغفرت کی دعا نہیں کی گئی.

[5] یوں تو آپ کی رحمت عام ہے مگر عاجزوں پر خاص طور پر سے آپ رحم فرماتے ہیں، اس وقت یہ مُردہ بہت عاجز ہو کر آپ کے سامنے آ رہا ہے اس پر آپ کی رحمت ہو رہی ہے، اس لیے دل چاہتا ہے کہ ہم آپ کی رحمت سے یہ دعا کریں۔

[6] اس وقت عمل کا موقع نہیں اس وقت صرف تصدیق قلبی کی ضرورت ہے اس لیے ہم کو مرتے وقت کامل تصدیق قلبی عطا کیجئے آپ پر آپ کے رسول پر کامل ایمان لے کر آپ کے پاس حاضر ہو جائیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMI-ISLAMIA ACADEMY

۲۱۱۳
۱۵
وَعَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ صَلَّى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ عَلٰى جَنَازَةٍ فَحَفِظْتُ مِنْ دُعَآئِهٖ وَهُوَ يَقُوْلُ:
اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهٗ وَارْحَمْهُ وَعَافِهٖ وَاعْفُ عَنْهُ وَاَكْرِمْ نُزُلَهٗ وَوَسِّعْ مَدْخَلَهٗ وَاغْسِلْهُ بِالْمَآءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّهٖ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الْاَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ وَاَبْدِلْهُ دَارًا خَيْرًا مِّنْ دَارِهٖ وَاَهْلًا خَيْرًا مِّنْ اَهْلِهٖ وَزَوْجًا خَيْرًا مِّنْ زَوْجِهٖ وَاَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ وَاَعِذْهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَمِنْ عَذَابِ النَّارِ وَفِيْ رِوَايَةٍ وَقِهٖ فِتْنَةَ الْقَبْرِ وَعَذَابَ النَّارِ قَالَ حَتّٰى تَمَنَّيْتُ اَنْ اَكُوْنَ اَنَا ذٰلِكَ الْمَيِّتُ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عوف بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ ایک جنازہ کی نماز رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے پڑھائی اس دعا کے الفاظ یہ تھے۔

الٰہی! اس مردہ کی جس کا یہ جنازہ ہے اس کے گناہوں کو مٹا کر) مغفرت فرما دیجئے (اس کی نیکیاں قبول کر کے) اس پر رحمت نازل فرمائیے۔ (اس کو عذاب سے بچا کر) عافیت میں رکھیئے (اور اس سے جو قصور اور کوتاہیاں ہوئی ہیں، ان کو نظر انداز کر کے معاف فرمایئے۔ (جیسے کریم مہمان مہمان نوازی کرتا ہے، ایسا ہی آپ تو سب سے زیادہ کریم ہیں) اس کی بہت عزت کے ساتھ مہمان نوازی کیجئے اور اس کی قبر کو بہت وسیع کر دیجئے (الٰہی! جب ہم کسی کپڑے کو پاک کرنا چاہتے ہیں تو اس کو پانی برف اور اولے سے دھویا کرتے ہیں ایسا ہی) آپ اس کے تمام گناہوں کو قسم قسم کی مغفرت سے بالکل پاک وصاف کر دیجئے۔ جیسے سفید کپڑے کو خاص اہتمام سے دھویا جاتا ہے تاکہ اس میں کوئی دھبہ نہ رہے، ایسا ہی اس کے تمام گناہوں کو صغیرہ ہوں یا کبیرہ، حقوق اللہ ہوں، یا حقوق العباد اپنے فضل وکرم سے ایسا معاف کر دیجئے کہ کوئی گناہ باقی نہ رہے (اب یہ اپنے گھر کو اور اپنے اہل وعیال کو چھوڑ کر آپ کے پاس آرہا ہے) تو اس کے گھر سے بہتر آپ اپنے پاس اس کو گھر دیجئے۔ اور اس کے خادموں سے بہتر اس کو خادم دیجئے اور اس کی

ل اور میں بھی اس وقت حاضر تھا، تیسری تکبیر کے بعد مردہ کے لیے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جو دعاء فرمائی کیا کہوں وہ کیسی دعاء تھی، مجھے خوب یاد ہے)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-ISLAMIA ACADEMY

بیوی سے بہتر اس کو بیوی دیجئے (تاکہ یہ دنیا کی کسی چیز کو یاد نہ کرے، ہم کو آپ کی رحمت سے بڑی امید ہے) اس کو قبر کے اور دوزخ کے عذاب سے بچا کر جنت میں داخل کر دیجئے (تو سب کچھ اس کو مل جانا ہے)

راوی حدیث عوف بن مالک کہتے ہیں کہ جب میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو یہ دعا کرتے ہوئے سنا تو میں آرزو کرنے لگا کہ کاش یہ مُردہ میں ہوتا تو اچھا تھا (کہ یہ دعاء میرے لیے کی جاتی) اس حدیث کی روایت مسلم نے کی ہے۔ ۱۲

۲۱۱۴ وَعَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْاَسْقَعِ قَالَ
۱۶
صَلّٰى بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى رَجُلٍ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ فَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اِنَّ فُلَانَ بْنَ فُلَانٍ فِيْ ذِمَّتِكَ وَحَبْلِ مِّنْ جِوَارِكَ وَقِهٖ مِنْ فِتْنَةِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ النَّارِ وَاَنْتَ اَهْلُ الْوَفَآءِ وَالْحَقِّ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهٗ وَارْحَمْهُ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت واثلہ بن الاسقع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ (ایک دن) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ایک مسلمان کی نماز جنازہ پڑھا رہے تھے ہم بھی آپ کے ساتھ نماز میں شریک تھے (تیسری تکبیر کے بعد) آپ نے جو دعا پڑھی ہے اس کو میں نے خوب سنا ہے، آپ یہ دعا فرما رہے تھے۔

الٰہی! یہ مُردہ جس کا یہ جنازہ ہے فلاں ہے اور فلاں کا بیٹا ہے اور یہ مسلمان ہو کر آپ کی پناہ میں آگیا ہے، اور اس کے مسلمان ہونے کی وجہ سے آپ اس کو امن دیجئے حبل اللہ یعنی قرآن پر ہمیشہ عمل کیا کرتا تھا جس کی وجہ سے آپ اس کو اپنی حفاظت میں لے لیجئے۔ (اور ہر مسلمان کو قبر کے فتنہ سے اور دوزخ کے عذاب سے بچانے کا آپ نے وعدہ کیا ہے یہ بھی مسلمان ہے) اس کو بھی آپ قبر کے فتنہ اور دوزخ کے عذاب سے بچائیے) آپ جو وعدہ کرتے ہیں پورا کرتے ہیں، اور آپ حق ہیں یعنی سچے ہیں، اور آپ کا ہر وعدہ پورا ہو کر رہتا ہے (اے اللہ! یہ مُردہ نادم اور شرمندہ ہو کر آپ کے سامنے آرہا ہے) آپ اس کی مغفرت فرما دیجئے اور اس پر

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

رحمت نازل کیجئے (آپ کی کیا شان کہوں آپ کے سامنے جو نادم ہو کر آتا ہے) آپ اس کی مغفرت فرما دیتے ہیں اور آپ اُس پر رحمت نازل کرتے ہیں۔ اس کی روایت ابو داؤد اور ابن ماجہ نے کی ہے

٢١١٥ (١٧) وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الصَّلٰوةِ عَلَى الْجَنَازَةِ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبُّهَا وَاَنْتَ خَلَقْتَهَا وَاَنْتَ هَدَيْتَهَا اِلَى الْاِسْلَامِ وَاَنْتَ قَبَضْتَ رُوْحَهَا وَاَنْتَ اَعْلَمُ بِسِرِّهَا وَعَلَانِيَتِهَا جِئْنَا شُفَعَاءَ فَاغْفِرْ لَهٗ

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗد)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے نماز جنازہ میں (تیسری تکبیر کے بعد) اس طرح سے بھی دعاء فرمائی ہے۔

الٰہی! اس (مردہ) کو (جس کا یہ جنازہ ہے) آپ ہی پرورش کرتے رہے ہیں، آپ ہی نے اس کو پیدا کیا (یہ کچھ نہیں تھا آپ ہی نے اس کو وجود دیا) آپ ہی نے اس کو (گمراہی سے بچا کر) اسلام کی ہدایت دی (کیا کیا دیا سب دیا، جب اس کی عمر پوری ہو گئی تو) اس کی روح کو آپ ہی قبض کیا، (کوئی چیز اس کی آپ سے چھپی ہوئی نہیں ہے) اس کا ظاہر اور باطن سب آپ پر ظاہر ہے، (ہم کیا کہیں سب کچھ آپ کو معلوم ہے (ہم صرف حکم کی تعمیل کر کے) شفیع بن کر آپ کے سامنے (دعاءِ مغفرت کرنے) آئے ہیں، آپ اس کی مغفرت فرما دیجئے (آپ دعاؤں کو قبول کرنے والے ہیں، آپ حاجتوں کے پورا کرنے والے ہیں آپ اس کے لیے ہماری دعاء قبول کیجئے۔ اس حدیث کی روایت ابو داؤد نے کی ہے۔ ۱۲

٢١١٦ (١٨) وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰى عَلٰى جَنَازَةٍ فِي الْمَسْجِدِ فَلَا شَيْءَ لَهٗ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَاَحْمَدُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جو شخص مسجد میں نماز جنازہ پڑھے لہ نماز پڑھنے والے کو نماز جنازہ کا ثواب نہیں ملے گا۔

لہ خواہ جنازہ اور نماز پڑھنے والا دونوں مسجد میں ہوں، یا نماز پڑھنے والا مسجد میں ہو، اور جنازہ مسجد کے باہر ہو یا جنازہ مسجد میں ہو، اور نماز پڑھنے والا مسجد کے باہر ہو، ہر حالت میں)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

وَ الطَّحَاوِیُّ۔

وَقَالَ فِی الْبِنَایَۃِ وَسَکَتَ اَبُوْدَاؤُدَ عَنْہُ فَھٰذَا دَلِیْلُ رِضَاہُ بِہٖ وَاِنَّہٗ صَحِیْحٌ عِنْدَہٗ اِنْتَھٰی وَحَقَّقَ ابْنُ الْقَیِّمِ فِیْ زَادِ الْمَعَادِ وَغَیْرِہٖ اِنَّ سَنَدَہٗ حَسَنٌ مُحْتَجٌّ بِہٖ وَیُؤَیِّدُہٗ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَمْ یَکُنْ مِنْ عَادَتِہِ الصَّلٰوۃُ عَلَی الْجَنَازَۃِ فِیْ مَسْجِدِہٖ مَعَ شَرَفِہٖ بَلْ کَانَ یَخْرُجُ اِلَی الْمُصَلّٰی قَالَہٗ فِیْ عُمْدَۃِ الرِّعَایَۃِ وَقَالَ فِیْ مُؤَطَّاہُ لَا یُصَلّٰی عَلٰی جَنَازَۃٍ فِی الْمَسْجِدِ وَکَذٰلِکَ بَلَغَنَا عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ وَمَوْضِعُ الْجَنَازَۃِ فِی الْمَدِیْنَۃِ خَارِجٌ مِّنَ الْمَسْجِدِ وَھُوَ الْمَوْضِعُ الَّذِیْ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُصَلِّیْ عَلَی الْجَنَازَۃِ فِیْہِ۔

والبتہ نماز جنازہ ادا ہو جائے گی، اس کی روایت ابوداؤد امام احمد اور طحاوی نے کی ہے۔

اور بنایہ میں لکھا ہے کہ ابوداؤد نے حدیث کی روایت کر کے سکوت اختیار کیا ہے، اور یہ حدیث کے صحیح ہونے کی دلیل ہے، اور ابن ماجہ نے بھی ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے "فَلَیْسَ لَہٗ شَیْئٌ"، یعنی مسجد میں نماز جنازہ پڑھنے والے کو کوئی اجر و ثواب نہیں ملتا اور اس حدیث کی سند حسن ہے، اور عنایہ میں ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت اس طرح لائے ہیں "فَلَا اَجْرَ لَہٗ" یعنی نماز جنازہ مسجد میں ادا کرنے والے کو نماز کا کوئی اجر نہیں ملے گا یعنی اجر و ثواب کی وجہ سے نماز نماز ہے، اگر اجر و ثواب نہ ملے تو وہ نماز نماز نہیں، اسی لیے طیالسی اور ابن ابی شیبہ کی روایت میں "فَلَا صَلٰوۃَ لَہٗ" آیا ہے یعنی مسجد میں نماز جنازہ پڑھنے والے کو اجر و ثواب نہیں ملتا اس لیے ایسی نماز نماز ہی نہیں، ہاں نماز جنازہ کی فرضیت جو اس کے ذمہ تھی ادا ہو جائے گی، اگر مسجد میں نماز جنازہ پڑھنا جائز ہوتا تو نجاشی شاہ حبشہ کے انتقال کا کشف ہونے کے وقت حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم مسجد میں تشریف فرما تھے تو حضور شاہ حبشہ کی نماز جنازہ مسجد ہی میں ادا فرماتے، حضور ایسا نہ کر کے مسجد کے باہر تشریف لے جا کر نجاشی کی نماز جنازہ ادا فرماتے اس سے بھی معلوم ہوا کہ مسجد میں نماز جنازہ پڑھنا جائز نہیں ہے۔

عمدۃ الرعایۃ میں لکھا ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی عادت شریفہ یہ تھی کہ آپ نماز جنازہ مسجد میں ادا نہیں فرمایا کرتے تھے، حالانکہ مسجد نبوی بہت بڑی فضیلت کی جگہ ہے بلکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نماز جنازہ پڑھانے کے لیے مسجد سے باہر ایک خاص مقام پر تشریف لے جا کر نماز جنازہ ادا فرماتے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZUL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

۲۱۱۷ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰى عَلٰى جَنَازَةٍ فِي الْمَسْجِدِ فَلَيْسَ لَهٗ شَيْءٌ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَاِسْنَادُهٗ حَسَنٌ وَفِيْ رِوَايَةِ الطَّيَالِسِيِّ وَابْنِ اَبِيْ شَيْبَةَ فَلَا صَلٰوةَ لَهٗ۔

اور امام محمد رحمۃ اللہ نے موطا میں فرمایا ہے کہ نماز جنازہ مسجد میں نہ پڑھی جائے، امام محمد نے یہ بھی فرمایا ہے کہ ہم کو ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے مدینہ منورہ کا یہ عمل دائما معلوم ہوا ہے کہ مدینہ منورہ میں مسجد نبوی کے باہر ایک خاص مقام ہے جہاں نماز جنازہ ادا کی جاتی ہے، اور یہ وہی مقام ہے جہاں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نماز جنازہ ادا فرمایا کرتے تھے، اسی لیے ہمارے فقہاء نے ان تمام روایتوں سے اخذ کیا ہے کہ مسجد میں نماز جنازہ پڑھنا مکروہ تحریمی ہے، اور یہی مذہب حنفی ہے۔

۲۱۱۸/۱۹ وَعَنْ اَبِيْ غَالِبٍ قَالَ صَلَّيْتُ خَلْفَ اَنَسٍ عَلٰى جَنَازَةٍ فَقَامَ حِيَالَ صَدْرِهٖ رَوَاهُ اَحْمَدُ فِيْهِ اَبُوْ غَالِبٍ فِيْ فَتْحِ الْقَدِيْرِ اَبُوْ غَالِبٍ الْبَاهِلِيُّ الْخَيَّاطُ الْبَصْرِيُّ قَالَ ابْنُ مَعِيْنٍ صَالِحٌ وَاَبُوْ حَاتِمٍ شَيْخٌ وَذَكَرَهُ ابْنُ حِبَّانَ فِي الثِّقَاتِ۔

حضرت ابو غالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ، ایک جنازہ کی نماز پڑھا رہے تھے میں نے بھی آپ کی اقتداء کی ہوئی تھی میں نے دیکھا کہ حضرت انس میت کے سینہ کے مقابل کھڑے ہوئے تھے۔ اس کی روایت امام احمد نے کی ہے۔

۲۱۱۹/۲۰ وَعَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ يَقُوْمُ الرَّجُلُ الَّذِيْ يُصَلِّيْ عَلَى الْجَنَازَةِ عِنْدَ صَدْرِهَا۔

(رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ)

حضرت ابراہیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ جو امام نماز جنازہ پڑھا رہا ہو، اس کو چاہیئے کہ میت اگر عورت ہو تو اس کے سینہ کے مقابل کھڑا رہے اس کی روایت امام طحاوی نے کی ہے۔

ف ان احادیث سے معلوم ہوا کہ میت مرد ہو یا عورت امام کو چاہیئے کہ اس کے سینہ کے مقابل کھڑا رہے، یہی مذہب حنفی ہے) ۱۲۔

۲۱۲۰/۲۱ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ امْرَاَةً سَوْدَاءَ كَانَتْ تَقُمُّ الْمَسْجِدَ اَوْ شَابٌّ فَفَقَدَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلَ عَنْهَا اَوْ عَنْهُ فَقَالُوْا مَاتَ قَالَ اَفَلَا كُنْتُمْ اٰذَنْتُمُوْنِيْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ایک حبشی عورت (مدینہ منورہ میں رہتی تھی اور) مسجد نبوی کی خدمت کرتی اور مسجد کو جھاڑو دیا کرتی تھی۔ اس کا انتقال ہو گیا، اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو اس کی اطلاع نہ ہو سکی۔ ایک دن حضور اکرم

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

قَالَ فَكَأَنَّهُمْ صَغَّرُوْا أَمْرَهَا أَوْ أَمْرَهٗ فَقَالَ دُلُّوْنِيْ عَلٰى قَبْرِهٖ فَدَلُّوْهُ فَصَلّٰى عَلَيْهَا ثُمَّ قَالَ إِنَّ هٰذِهِ الْقُبُوْرَ مَمْلُوْءَةٌ ظُلْمَةً عَلٰى أَهْلِهَا وَإِنَّ اللّٰهَ يُنَوِّرُهَا لَهُمْ بِصَلَاتِيْ عَلَيْهِمْ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَلَفْظُهٗ لِمُسْلِمٍ وَرَوَى ابْنُ حِبَّانَ نَحْوَهٗ وَقَالَ فِي التَّعْلِيْقِ الْمُمَجَّدِ إِنَّ الصَّلٰوةَ عَلَى الْجَنَازَةِ بَعْدَ مَا صَلّٰى عَلَيْهِ مِنْ خُصُوْصِيَاتِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لِأَنَّ صَلٰوتَهٗ عَلٰى أُمَّتِهٖ بَرَكَةٌ وَطُهُوْرٌ كَمَا يُفِيْدُهٗ مَا وَرَدَ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ۔

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے اس کو یاد فرمایا، اور ارشاد فرمایا کہ فلاں عورت کہاں ہے؟ صحابہ نے عرض کیا، حضور! اس کا تو انتقال ہو گیا ہے، اس پر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم فرمایا: کہ تم نے مجھے اس کی موت کی اطلاع کیوں نہ دی، صحابہ اس کی موت کے واقعہ کو غیر اہم سمجھ کر حضور کو تکلیف دینا مناسب نہیں سمجھتے تھے، اس لیے اطلاع نہیں دی اس پر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا اچھا مجھے اس کی قبر بتلا دو، تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اس کی قبر بتلا دی گئی۔ آپ نے اس کی قبر کے پاس جاکر (اور اس کی قبر کے مقابل) کھڑے ہوکر (دوبارہ) نماز جنازہ ادا فرمائی اور ارشاد فرمایا، یہ قبریں اندھیرے سے بھری ہوئی ہیں، میری نماز سے ان قبروں میں رہنے والوں کے لیے اللہ تعالیٰ روشنی پیدا کر دیتا ہے اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے، اور اس حدیث کے الفاظ مسلم کی روایت کے موافق ہیں، اور ابن حبان نے بھی اسی طرح روایت کی ہے۔

ف: واضح ہو کہ دفن سے پہلے میت پر نماز جنازہ پڑھی گئی ہو، تو پھر اس پر دوبارہ نماز جنازہ پڑھنا جائز نہیں، اس لیے کہ نماز جنازہ کا ادا کرنا جو فرض ہے، وہ ایک دفعہ کے ادا کرنے سے یہ فرض ادا ہو چکا، اگر پھر دوبارہ نماز جنازہ ادا کی جائے تو وہ نفل ہو گی اور نماز جنازہ میں نفل ثابت نہیں ہے اور یہی مذہب حنفی ہے ہاں اگر سلطان یعنی بادشاہ وقت یا ولی کو اگر نماز جنازہ نہ ملی ہو، یا بغیر اجازت ولی کے غیر مستحق امام نے نماز پڑھا دی ہو تو ولی یا سلطان دوبارہ نماز جنازہ پڑھ سکتے ہیں، اور اگر کسی وجہ سے نماز جنازہ پڑھائے بغیر دفن کیا گیا ہے، تو میت کے سڑنے سے پہلے جس کی مدت تین دن ہے، قبر پر نماز جنازہ پڑھنا چاہیے۔ اگر میت کو نماز جنازہ پڑھنے کے بعد دفن کر دیا گیا ہے تو اس پر کسی کو نماز جنازہ دوبارہ پڑھنا جائز نہیں۔ البتہ ولی کی اجازت کے بغیر کسی غیر مستحق امام نے نماز جنازہ پڑھا دی اور میت کو دفن بھی کر دیا گیا تو ایسی صورت میں صرف ولی کو دوبارہ قبر پر نماز جنازہ پڑھنا جائز ہے، بشرطیکہ نعش پھٹنے کا اندیشہ نہ ہو۔ اگر ولی کی اجازت کے ساتھ مستحق امام نے کسی میت کی نماز جنازہ پڑھا دی اور میت کو دفن بھی کر دیا گیا تو ایسی صورت میں کسی شخص کو خواہ وہ ولی ہو یا سلطان یعنی بادشاہ وقت ہو قبر پر دوبارہ نماز جنازہ پڑھنا جائز نہیں ہے، البتہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ ہر حالت میں قبر پر دوبارہ نماز جنازہ ادا فرمائیں اس لیے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

نماز اُمّت پر، رحمت اور برکت کا سبب ہے، اور قبروں کو نورانی بنانے کا باعث ہے اور یہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم کی خصوصیات سے ہے، اور صدر کی حدیث شریف میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم کا دوبارہ قبر پر جو نماز پڑھنے کا واقعہ مذکور ہوا ہے وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم کی اسی خصوصیت کی وجہ سے ہے (یہ مضمون درمختار، فتاویٰ عالمگیری، ملتقی، شرح وقایہ اور عمدۃ الرعایہ سے ماخوذ ہے) ۱۲

۲۱۲۱/۲۲ وَعَنْ کُرَیْبٍ مَوْلَی ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَبَّاسٍ اَنَّہٗ مَاتَ لَہٗ اِبْنٌ بِقُدَیْدٍ اَوْ بِعُسْفَانَ فَقَالَ یَا کُرَیْبُ اُنْظُرْ مَا اجْتَمَعَ لَہٗ مِنَ النَّاسِ قَالَ فَخَرَجْتُ فَاِذَا نَاسٌ قَدِ اجْتَمَعُوْا فَاَخْبَرْتُہٗ فَقَالَ تَقُوْلُ ھُمْ اَرْبَعُوْنَ قَالَ نَعَمْ قَالَ اَخْرِجُوْہُ فَاِنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَا مِنْ رَجُلٍ مُّسْلِمٍ یَمُوْتُ فَیَقُوْمُ عَلٰی جَنَازَتِہٖ اَرْبَعُوْنَ رَجُلًا لَا یُشْرِکُوْنَ بِاللّٰہِ شَیْئًا اِلَّا شَفَّعَھُمُ اللّٰہُ فِیْہِ ـ

(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت کریب رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے ایک صاحبزادہ کا انتقال مقام قدید یا مقام عسفان میں ہوا، تو حضرت ابن عباس نے مجھ سے فرمایا، کریب! باہر جاکر دیکھو کہ (نماز جنازہ کے لیے) کتنے لوگ جمع ہیں، کریب کہتے ہیں کہ میں نے باہر جاکر دیکھا کہ بہت سے لوگ جمع تھے، میں نے لوگوں کے جمع ہونے کی اطلاع حضرت ابن عباس کو دیدی، حضرت ابن عباس نے مجھ سے دریافت فرمایا کہ کیا تمہارے خیال میں (جو لوگ جمع ہیں وہ) چالیس ہوں گے (میں نے عرض کیا جی ہاں (چالیس ہوں گے) یہ سن کر حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرمایا اچھا جاؤ میت کو باہر لے آؤ، کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم کو ارشاد فرماتے سُنا ہے کہ جب کسی مسلمان کے جنازہ پر ایسے چالیس آدمی نماز پڑھیں جو اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراتے ہوں تو جب وہ نماز جنازہ پڑھ کر دعاء مغفرت کریں تو ان کی دعاء مغفرت اللہ تعالیٰ ضرور قبول فرما لیتے ہیں[۱] اس حدیث کی روایت مسلم نے کی ہے۔

۲۱۲۲/۲۳ وَعَنْ عَائِشَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ قَالَ مَا

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ

---

[۱] اسی لیے میں نے لوگوں کے جمع ہونے کو دریافت کیا۔ کیوں کہ ہر چالیس مسلمانوں میں ایک کا ولی ہوا کرتا ہے۔ جیسا کہ مرقات میں مذکور ہے!

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

مِنْ مَيِّتٍ تُصَلِّيْ عَلَيْهِ أُمَّةٌ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ يَبْلُغُوْنَ مِائَةً كُلُّهُمْ يَشْفَعُوْنَ لَهٗ إِلَّا شُفِّعُوْا فِيْهِ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جس میت کی نماز جنازہ کثرت سے مسلمان پڑھیں جن کی تعداد (کم از کم چالیس ہو، اور زیادہ سے زیادہ) سو یا اس سے زیادہ) ہو سب کے سب اس میت کی نماز جنازہ پڑھیں اور اس کے لیے دُعاءِ مغفرت کریں تو اللہ تعالیٰ ان کی دعاء قبول فرماتا ہے اور اس میت کی مغفرت ہو جاتی ہے اس کی روایت مسلم نے کی ہے۔

۲۱۲۳ ۲۴ وَعَنْ مَالِكِ بْنِ هُبَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَمُوْتُ فَيُصَلِّيْ عَلَيْهِ ثَلَاثَةُ صُفُوْفٍ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ إِلَّا أَوْجَبَ فَكَانَ مَالِكٌ إِذَا اسْتَقَلَّ أَهْلَ الْجَنَازَةِ جَزَّأَهُمْ ثَلَاثَةَ صُفُوْفٍ لِهٰذَا الْحَدِيْثِ رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ وَفِيْ رِوَايَةِ التِّرْمِذِيِّ قَالَ كَانَ مَالِكُ بْنُ هُبَيْرَةَ إِذَا صَلّٰى عَلٰى جَنَازَةٍ فَتَقَالَّ النَّاسُ عَلَيْهَا جَزَّأَهُمْ ثَلَاثَةَ أَجْزَاءٍ ثُمَّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ ثَلَاثَةُ صُفُوْفٍ أَوْجَبَ وَرَوَى ابْنُ مَاجَةَ نَحْوَهٗ۔

حضرت مالک بن ھبیرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو ارشاد فرماتے سنا ہے کہ جب کسی مسلمان کا انتقال ہو جائے، اور اس کی نماز جنازہ مسلمان تین صف ہو کر ادا کریں تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اپنے ذمہ واجب کر لیے ہیں کہ اس میت کی مغفرت فرمادیں اور اس کو جنت میں داخل کریں۔

اس کی روایت ابوداؤد نے کی ہے اور ترمذی اور ابن ماجہ نے کہا ہے کہ اس حدیث پر مالک بن ھبیرہ بہت سختی سے عمل فرماتے تھے، جب کسی میت کی نماز جنازہ آپ پڑھاتے اور نمازی کثرت سے ہوتے تو نمازیوں کو تین صف میں تقسیم کرتے تھے، اور اگر نمازیوں کی تعداد بہت کم ہوتی تو پھر بھی نمازیوں کو تین صف ہی میں بانٹتے تھے تاکہ اس حدیث پر عمل ہو۔

۲۱۲۴ ۲۵ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ مَرُّوْا بِجَنَازَةٍ فَأَثْنَوْا عَلَيْهَا خَيْرًا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَجَبَتْ ثُمَّ مَرُّوْا بِأُخْرٰى فَأَثْنَوْا عَلَيْهَا شَرًّا فَقَالَ وَجَبَتْ فَقَالَ عُمَرُ مَا وَجَبَتْ فَقَالَ هٰذَا أَثْنَيْتُمْ عَلَيْهِ خَيْرًا فَوَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ وَهٰذَا أَثْنَيْتُمْ

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ چند صحابہ کا (رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم) ایک جنازہ پر سے گزر ہوا (صحابہ کو معلوم ہوا کہ یہ فلاں صاحب کا جنازہ ہے) تو صحابہ میت کی بہت تعریف کرنے لگے (صحابہ کو میت کی تعریف کرتے ہوئے سن کر) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرمایا اس میت کے لیے واجب ہو گئی۔ اس کے بعد

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

عَلَيْهِ شَرًّا فَوَجَبَتْ لَهُ النَّارُ أَنْتُمْ شُهَدَاءُ اللّٰهِ فِي الْأَرْضِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِي رِوَايَةٍ الْمُؤْمِنُونَ شُهَدَاءُ اللّٰهِ فِي الْأَرْضِ وَرَوَى الْحَاكِمُ نَحْوَهُ وَفِيْهِ فَقَالَ نَعَمْ يَا أَبَا بَكْرٍ إِنَّ لِلّٰهِ مَلَائِكَةً تَنْطِقُ عَلَى لِسَانِ بَنِي آدَمَ بِمَا فِي الْمَرْءِ مِنَ الْخَيْرِ وَالشَّرِّ وَقَالَ الْحَاكِمُ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلَى شَرْطِ مُسْلِمٍ.

صحابہ کا (رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ایک جنازہ پر سے گزر ہوا (صحابہ کو معلوم ہوا کہ یہ فلاں صاحب کا جنازہ ہے) تو صحابہ اس میت کی برائیاں بیان کرنے لگے (صحابہ کو میت کی برائیاں بیان کرتے ہوئے سن کر) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا اس میت کے لیے واجب ہوگئی، حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو یہ فرماتے ہوئے سن کر عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی[1] کیا چیز واجب ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا پہلی میت کی تم جو تعریف کئے ہو (یہ علامت ہے کہ) وہ میت جنت کی مستحق ہے (اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اس کو جنت دے گا، اس لیے کہ جنت نیکیوں کا بدلہ ہے) اور دوسری میت کی تم جو برائیاں بیان کئے ہو (یہ علامت ہے کہ) وہ میت دوزخ کی مستحق ہے وہ دوزخ میں جائے گی اس لیے کہ برائیوں کا بدلہ دوزخ ہے) صحابہ! تم زمین پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے گواہ بنائے گئے ہو[2]، اس حدیث کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے، بخاری اور مسلم کی ایک اور روایت میں یوں ہے کہ مسلمان زمین پر اللہ کے گواہ ہیں (اجتماعی طور سے جو ان کے منھ سے نکلتا ہے، وہ حق ہوتا ہے) اور حاکم نے بھی اسی طرح روایت کی ہے، اور حاکم کی روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ اجتماعی طور پر مسلمان جو کچھ کہتے ہیں، وہ

---

[1] یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ہماری سمجھ میں نہیں آیا حضور دونوں کے لیے واجب ہوگئی کیا واجب ہوئی فرمایا)

[2] اجتماعی طور پر جو بات تمہارے دل میں آئے اور جو تمہاری زبان سے نکلے وہ حق ہوتی ہے، اسی لیے میں کہتا ہوں کہ پہلے مردہ کی نیکیوں کی وجہ سے تم جو تعریف کی اس سے اس کے لیے جنت واجب ہوگئی اور دوسرے مردے کی تمام جو برائیاں بیان کئے ہو، اس کے لیے دوزخ واجب ہوگئی، اس لیے کہ تم اللہ کے گواہ ہو!)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

اس لیے حق ہوتا ہے کہ بظاہر تو مسلمان کہتے ہیں، حقیقت میں فرشتے ان کی زبان سے کہلواتے ہیں (اسی لیے ان کا اجتماعی قول حق ہوتا ہے) اور حاکم نے کہا ہے کہ یہ حدیث مسلم کی شرط کے موافق صحیح ہے۔

۲۱۲۵
۲۶ وَعَنْ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَيُّمَا مُسْلِمٍ شَهِدَ لَهٗ اَرْبَعَةٌ بِخَيْرٍ اَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ قُلْنَا وَثَلَاثَةٌ قَالَ وَثَلَاثَةٌ قُلْنَا وَاِثْنَانِ قَالَ وَاِثْنَانِ ثُمَّ لَمْ نَسْاَلْهُ عَنِ الْوَاحِدِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جس مسلمان میت کے لیے اس کے نیک ہونے کی چار مسلمان گواہی دیں تو (یہ علامت ہے کہ وہ مسلمان جنت کا مستحق ہے اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے) اس کو جنت دے گا (اس لیے کہ جنت نیکیوں کا بدلہ ہے) حضرت عمر فرماتے ہیں کہ ہم نے عرض کی حضور! اگر تین مسلمان میت کے نیک ہونے کی گواہی دیں تو کیا حکم ہے؟ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے کہ وہ بھی جنت کا مستحق ہوگا اور جنت میں داخل کیا جائے گا، پھر ہم عرض کئے یا رسول اللہ کہ اگر دو مسلمان ایسی گواہی دیں (تو اس کا کیا حکم ہے؟ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا تب بھی یہی حکم ہے (کہ وہ مسلمان جنت میں داخل کیا جائے گا) پھر ہم نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے یہ دریافت ہی نہیں کیا کہ اگر مسلمان کسی مسلمان میت کے نیک ہونے پر گواہی دے تو اس کا کیا حکم ہے اس لیے کہ گواہی کا نصاب کم سے کم دو مسلمان ہیں۔ اس حدیث کی روایت بخاری نے کی ہے۔

۲۱۲۶
۲۷ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَا تَسُبُّوا الْاَمْوَاتَ فَاِنَّهُمْ قَدْ اَفْضَوْا اِلٰى مَا

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے، آپ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ کسی مردہ کو برا نہ کہو[1] اس کو سزا ہونا ہے وہ ہو رہی ہے لیتے

[1] نہ تم کو کیا معلوم کہ اگر وہ توبہ کر کے مرا ہے تو وہ توبہ کی وجہ سے جنتی ہوگیا اور تم برا سمجھ کر اس کو برا کہتے ہو یہ بے فائدہ بات ہے اور تم سے اس کا مواخذہ ہوگا اور اگر وہ کفر یا فسق کی حالت میں مرا ہے اور توبہ نہیں کی تو جو اس کو سزا ہوتی ہے وہ ہو رہی ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

قَدَّمُوْا۔

(رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

کئے کا بدلہ پا رہا ہے، اس حدیث کی روایت بخاری نے کی ہے۔

۲۱۲۷/۲۸ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اُذْکُرُوْا مَحَاسِنَ مَوْتَاکُمْ وَکُفُّوْا عَنْ مَّسَاوِیْھِمْ۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِیُّ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ اپنے مردوں کی خوبیوں بیان کیا کرو۔ اور ان کی برائیاں بیان نہ کیا کرو۔ اس حدیث کی روایت ابوداؤد اور ترمذی نے کی ہے۔

ف: یوں تو ہر شخص کو چاہیئے کہ مردوں کی خوبیاں بیان کیا کرے، اور مردوں کی برائیاں بیان کرنے سے رکا رہے۔ خاص کر مردوں کو جو غسل دینے والے ہیں، اگر ان پر مردہ کی اچھی حالت ظاہر ہو مثلاً مردہ کے چہرہ پر نور برس رہا ہو، یا مردہ کے پاس سے خاص خوشبو آرہی ہو، یا بغیر وقت کے مردہ غسل دینے والے کے قابو میں ہو جائے اور غسل دینے والا جو کچھ کرنا چاہے وہ آسانی سے کرسکتا ہو تو اس طرح کی خوبیاں لوگوں پر ظاہر کرے اور مردہ کی ایسی خوبیاں ظاہر کرنا مستحب ہے، اور اگر غسل دینے والا مردہ کے پاس کوئی برائیاں دیکھے۔ مثلاً مردہ سے بدبو آرہی ہے یا مردہ کا چہرہ یا اس کا جسم سیاہ ہو گیا ہو، یا چہرہ کچھ کا کچھ ہو گیا ہے تو ایسی برائیاں دیکھ کر غسل دینے والا کسی پر ظاہر نہ کرے، مردے کی حالت دیکھنے والا خواہ غسل دینے والا ہو یا اور کوئی اس پر مردہ کی ان برائیوں کو لوگوں پر ظاہر کرنا حرام ہے (یہ مضمون مرقات سے ماخوذ ہے) ۱۲

۲۱۲۸/۲۹ وَعَنْ عُقْبَۃَ بْنِ عَامِرٍ الْجُھَنِیِّ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ صَلّٰی عَلٰی قَتْلٰی اُحُدٍ صَلٰوتَہٗ عَلَی الْمَیِّتِ ذَکَرَہُ الْحَاکِمُ الْمُسْتَدْرَکُ وَقَالَ قَدِ اتَّفَقَا جَمِیْعًا عَلٰی اِخْرَاجِہٖ۔

حضرت عقبہ بن عامر جہنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم شہداء اُحد پر (چار تکبیرات سے) نماز جنازہ ادا فرماتے اور یہ نماز جنازہ بعینہ ایسی تھی جیسا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام دوسرے میتوں پر (چار تکبیرات کے ساتھ ہمیشہ نماز جنازہ ادا فرمایا کرتے تھے، اس حدیث کو حاکم نے مستدرک میں ذکر کیا ہے اور حاکم نے کہا ہے کہ بخاری اور مسلم دونوں نے اس حدیث کی تخریج متفقہ طور پر کی ہے۔

لہ تمہارے اس کو برا کہنے سے کیا فائدہ ہے، مسلمان کی شان یہ ہے کہ بے فائدہ کام نہ کرے اور بے فائدہ بات نہ کہے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

٢١٢٩ وَعَنْ عَطَآءِ بْنِ اَبِيْ رَبَاحٍ اَنَّ النَّبِيَّ [٣٠] صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ صَلّٰى عَلٰى قَتْلٰى اُحُدٍ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ فِي الْمَرَاسِيْلِ وَفِي الْبَابِ عَنْ جَابِرٍ رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَقَالَ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَوَاهُ الدَّارَقُطْنِيُّ۔

حضرت عطاء بن ابی رباح رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم شہداءِ اُحد پر نمازِ جنازہ ادا فرمائے ہیں۔ اس کی روایت ابوداؤد نے مراسیل میں کی ہے، اس باب میں حاکم نے جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت کی ہے اور حاکم نے کہا ہے کہ اس حدیث کی سند صحیح ہے اور امام احمد نے بھی اس حدیث کی روایت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے کی ہے، اور دارقطنی نے بھی اس حدیث کی روایت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے کی ہے۔

٢١٣٠ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ فَقَدَ رَسُوْلُ [٣١] اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ حَمْزَةَ حِيْنَ فَآءَ النَّاسُ مِنَ الْقِتَالِ فَقَالَ رَجُلٌ رَاَيْتُهٗ عِنْدَ تِلْكَ الشَّجَرَةِ فَجَآءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ نَحْوَهٗ فَلَمَّا رَاٰهُ وَرَاٰى مَا مُثِّلَ بِهٖ شَهِقَ وَبَكٰى فَقَامَ رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ فَرَمٰى عَلَيْهِ بِثَوْبٍ ثُمَّ جِيْئَ بِحَمْزَةَ فَصَلّٰى عَلَيْهِ ثُمَّ بِالشُّهَدَآءِ فَيُوْضَعُوْنَ اِلٰى جَانِبِ حَمْزَةَ فَيُصَلِّيْ عَلَيْهِمْ ثُمَّ يُرْفَعُوْنَ وَيَتْرُكُ حَمْزَةَ حَتّٰى صَلّٰى عَلَى الشُّهَدَآءِ كُلِّهِمْ وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ حَمْزَةُ سَيِّدُ الشُّهَدَآءِ

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ (غزوۂ اُحد میں) جب صحابہ کرام میدان جنگ سے واپس ہوئے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو واپس ہونے والوں میں (حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نظر نہیں آئے (تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم حضرت حمزہ کو تلاش کرنا چاہا اور دریافت فرمایا کہ دیکھو! حضرت حمزہ کہاں ہیں؟) تو ایک صاحب نے عرض کی کہ میں نے حضرت حمزہ کو فلاں درخت کے پاس دیکھا ہے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اس درخت کے پاس پہونچے تو وہاں حضرت حمزہ کو کہ مثلہ کئے ہوئے ہیں، ناک، کان اور دوسرے اعضاء کٹے ہوئے ہیں۔ اس منظر کو دیکھ کر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا سینہ غم سے بھر آیا اور حضور رونے لگے (حضور کی یہ حالت دیکھ کر) ایک انصاری اٹھے اور حضرت حمزہ کو ایک چادر سے چھپا دیئے (تاکہ وہ منظر دکھائی نہ دے) پھر حضرت حمزہ نماز جنازہ پڑھائے جانے کے لیے) لائے گئے تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ان کی نماز جنازہ ادا فرمائی (اور حضرت حمزہ کو اسی طرح رکھا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

عِنْدَ اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۔

(رَوَاهُ الْحَاكِمُ)

گیا، ان پر دوبارہ نماز جنازہ نہیں پڑھائی گئی) دوسرے شہداء کو میدان جنگ سے لا لاکر حضرت حمزہ کے بازو رکھا جاتا اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام ان پر نماز جنازہ ادا فرماتے جاتے نماز جنازہ کے بعد یہ جنازہ اُٹھائے جاتے اور دوسرے نئے جنازے لاکر حضرت حمزہ کے بازو رکھے جاتے، پھر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام ان پر نماز جنازہ ادا فرماتے۔ یہاں تک کہ تمام شہداء پر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم نماز جنازہ ادا فرمائے[1] جب سب شہیدوں کی نماز جنازہ ادا ہوگئی تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا (اگرچہ غزوہ اُحد میں اور بھی شہید ہوئے مگر) حضرت حمزہ (جس بے دردی سے شہید کئے گئے اس وجہ سے) میدان قیامت میں حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے سید الشہداء پکارے جائیں گے۔ اس کی روایت حاکم نے کی ہے، اور حاکم نے کہا ہے کہ اس حدیث کی سند بخاری اور مسلم کی شرط کے مطابق صحیح ہے۔ اگرچہ کہ بخاری اور مسلم نے اس کی روایت کی ہے - ۱۲۔

۲۱۳۱/۳۲ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اُتِيَ بِهِمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَوْمَ اُحُدٍ فَجَعَلَ يُصَلِّيْ عَلٰى عَشَرَةٍ عَشَرَةٍ وَحَمْزَةُ هُوَ كَمَا هُوَ يُرْفَعُوْنَ وَهُوَ كَمَا هُوَ مَوْضُوْعٌ ۔

(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ (غزوۂ اُحد میں حضرت حمزہ شہید ہوئے تو آپ کے جنازہ کو میدان میں نماز پڑھائے جانے کے لیے لاکر رکھا گیا اور) حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام ان پر صحابہ کے ساتھ نماز جنازہ ادا فرماتے اور نماز کے بعد حضرت حمزہ کا جنازہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم کے سامنے اسی طرح رکھا رہا، (اس کے بعد) شہدائے اُحد کے جنازے دس دس کی تعداد میں حضرت حمزہ کے جنازے

---

[1] اور اس وقت تک حضرت حمزہ کا جنازہ برابر اسی مقام پر رہا۔ یہ دیکھ کر راوی سمجھے کہ دوسرے شہداء کے ساتھ حضرت حمزہ کی نماز جنازہ بھی بار بار ادا ہوئی، حالانکہ ایسا نہیں ہوا بلکہ حضرت حمزہ کی نماز ایک ہی مرتبہ ادا ہوئی، اس لیے نماز جنازہ دوبارہ پڑھنا ثابت نہیں، اور یہی مذہب حنفی ہے۔

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

رَوَی الطَّحَاوِیُّ نَحْوَہٗ

کے بازو کی طرف رکھے جاتے رہے، اور حضور ان شہداء پر نماز پڑھاتے رہے اور نماز کے بعد ان شہداء کے جنازے اٹھائے جاتے اور دوسرے نئے جنازے لاکر حضرت حمزہ کے بازو میں رکھے جاتے، اور حضور اُن پر نماز پڑھاتے (اسی طرح اخیر تک) حضرت حمزہ کا جنازہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے رکھا رہا (لیکن حضرت حمزہ پر بار بار نماز جنازہ نہیں پڑھی گئی۔ صرف ابتداء میں ہی حضرت حمزہ کی نماز جنازہ ادا کی گئی، اس حدیث کی روایت ابن ماجہ نے کی ہے، اور امام طحاوی نے بھی اسی طرح روایت کی ہے۔ ۱۲

٢١٣٢ وَعَنْ شَدَّادِ بْنِ الْھَادِ ٣٣ اَنَّ رَجُلًا مِّنَ الْاَعْرَابِ جَآءَ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ فَاٰمَنَ بِہٖ وَاتَّبَعَہٗ ثُمَّ قَالَ اُھَاجِرُ مَعَکَ فَاَوْصٰی بِہِ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ بَعْضَ اَصْحَابِہٖ فَلَمَّا کَانَتْ غَزْوَۃٌ غَنِمَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ سَبْیًا فَقَسَّمَ وَقَسَّمَ لَہٗ فَاَعْطٰی اَصْحَابَہٗ مَا قَسَّمَ لَہٗ وَکَانَ یَرْعٰی ظَھْرَھُمْ فَلَمَّا جَآءَ دَفَعُوْہُ اِلَیْہِ فَقَالَ مَا ھٰذَا قَالُوْا قِسْمٌ قَسَمَہٗ لَکَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ فَاَخَذَہٗ فَجَآءَ بِہٖ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا ھٰذَا قَالَ قَسَمْتُہٗ

حضرت شداد ابن الہاد رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے کہ ایک اعرابی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہو کر ایمان لایا، اور آپ کے ساتھ ساتھ ہمیشہ رہا کرتا تھا پھر عرض کیا (اب میں اپنا وطن چھوڑ کر ہمیشہ اسی طرح آپ کے ساتھ رہنا چاہتا ہوں) حضور نے ایک صحابی کو حکم دیا کہ ان کو دینی تعلیم دیا کریں، اور ان کی خبر گیری کرتے رہیں اس اثناء میں ایک غزوہ کا موقعہ آیا (اور وہاں فتح حاصل ہوئی) اور غنیمت ملی، اور غنیمت میں چند غلام باندی ہاتھ آئے تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے غلام باندی سب کو تقسیم کر دیئے، اور اس اعرابی کا بھی جو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ رہا کرتے تھے حصہ نکالا اور اس حصہ کو ان کے ساتھیوں کے حوالے کر دیا (اس اعرابی کو حصہ دے دیں، وہ اعرابی اپنے ساتھیوں کے جانور چرایا کرتے تھے۔ جب وہ (چراگاہ سے) لوٹے تو ان لوگوں نے ان کا حصہ جو رکھا ہوا تھا ان کے حوالے کر دیا، اس اعرابی نے کہا یہ کیا ہے؟ اور مجھے یہ کیوں دیا جا رہا ہے؟ ان کے ساتھیوں

لہ اس کی اجازت دیدی اور چونکہ یہ نو وارد تھے اور ابھی ابھی اسلام لائے تھے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

لَكَ قَالَ مَا عَلٰى هٰذَا
اتَّبَعْتُكَ وَلٰكِنِّيْ اتَّبَعْتُ عَلٰى
اَنْ اُرْمٰى اِلٰى هٰهُنَا وَاَشَارَ
اِلٰى حَلْقِهٖ بِسَهْمٍ فَاَمُوْتُ
فَاَدْخُلَ الْجَنَّةَ فَقَالَ
اِنْ تَصْدُقِ اللّٰهَ يُصَدِّقْكَ
فَلَبِثُوْا قَلِيْلًا ثُمَّ نَهَضُوْا
فِيْ قِتَالِ الْعَدُوِّ فَاُتِيَ
بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يُحْمَلُ قَدْ
اَصَابَهٗ سَهْمٌ حَيْثُ
اَشَارَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ
اَهُوَ هُوَ قَالُوْا نَعَمْ قَالَ
صَدَقَ اللّٰهَ فَصَدَقَهٗ
ثُمَّ كَفَّنَهُ النَّبِيُّ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ
فِيْ جُبَّةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ ثُمَّ
قَدَّمَهٗ فَصَلّٰى عَلَيْهِ
فَكَانَ مِمَّا ظَهَرَ مِنْ
صَلَاتِهٖ "اَللّٰهُمَّ هٰذَا
عَبْدُكَ خَرَجَ مُهَاجِرًا
فِيْ سَبِيْلِكَ فَقُتِلَ
شَهِيْدًا اَنَا شَهِيْدٌ عَلٰى
ذٰلِكَ۔

نے کہا یہ تمہارا حصہ ہے جس کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم نے مالِ غنیمت سے تم کو عطا فرمایا ہے، وہ اعرابی اپنا حصہ لیے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم کی خدمت مبارک میں حاضر ہوئے اور عرض کیا حضور! یہ مجھے دیا گیا ہے، یہ کیا ہے! رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم نے فرمایا یہ تمہارا حصہ ہے، جس کو مالِ غنیمت سے میں نے تمہیں دیا ہے۔ اس اعرابی نے عرض کیا (حضور یہ جو مجھے ملا ہے یہ خادم نوازی ہے مگر) میں حضور کے ساتھ یہ حصہ لینے کے لیے نہیں رہا ہوں! میں اس واسطے حضور کے ساتھ ہوں کہ میرے حلق پر (جہاد میں کفار کی) تیر لگے اور میں شہید ہو کر جنت میں چلا جاؤں تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا اگر تم سچے ہو، اور (یہ دل سے کہہ رہے ہو) تو تمہارے کہنے کو اللہ تعالیٰ سچ کر دکھائے گا۔ چند دن نہیں گزرے کہ پھر جہاد کا موقع آیا۔ کیا دیکھتے ہیں کہ میدانِ جنگ سے ان اعرابی کی نعش کو اس حالت میں اٹھا کر لائے ہیں (کہ جیسا انھوں کہا تھا ویسا ہی ہوا ہے) حلق پر جہاں انھوں نے اشارہ کیا تھا وہیں تیر لگا (اور وہ شہید ہو گئے ہیں) نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ یہ کیا وہی شخص ہے کہ جس نے تیر حلق پر لگ کر شہید ہونے کی تمنا کی تھی صحابہ عرض کئے۔ حضور جی ہاں! یہ وہی شخص ہے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا (جو سے اس نے جو کچھ کہا) پھر اللہ سے بھی وہی کہا تھا، اس لیے اللہ تعالیٰ نے اس کے کہے کو سچ کر دکھایا پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم نے اپنے جبہ شریف میں اس کو کفنایا اور اس کو سامنے رکھ کر (صحابہ کے ساتھ) اس پر نماز جنازہ ادا فرمائی (نماز جنازہ میں اس کے لیے آپ نے جو دعائیں فرمائیں ہیں وہ تو آہستہ ہوئیں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

(رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَالطَّحَاوِيُّ وَإِسْنَادُهُ صَحِيحٌ)

منجملہ ان دعاؤں کے) ایک دعا جو ظاہر سنی گئی، وہ یہ تھی اے اللہ یہ آپ کے (مقبول اور مخلص) بندے ہیں، یہ اپنا وطن چھوڑ کر ہجرت کرکے آپ ہی کے لیے آئے ہیں، اور آپ کے راستہ میں جہاد میں شریک ہوئے ہیں، کفار کے ہاتھ سے مارے جاکر یہ شہید ہوئے ہیں۔ میں ان کی شہادت پر گواہ ہوں (آپ ان کی شہادت قبول فرمائیے۔ اس کی دعاء کا باقی حصہ پورا کرکے ان کو جنت میں داخل کیجئے۔) اس حدیث کی روایت نسائی اور طحاوی نے کی ہے اور اس حدیث کی سند صحیح ہے۔

٢١٣٣ / ٣٤ وَعَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ قَالَ سَمِعْتُ مَكْحُولًا يَسْأَلُ عُبَادَةَ بْنَ أَوْفَى النُّمَيْرِيَّ عَنِ الشُّهَدَاءِ أَيُصَلَّى عَلَيْهِمْ فَقَالَ عُبَادَةُ نَعَمْ۔

(رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ)

حضرت سعید بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے مکحول رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سنا کہ انھوں نے عبادہ بن اوفی نمیری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے دریافت کیا کہ شہداء پر نماز جنازہ پڑھنی چاہیئے (یا نہیں) تو عبادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جواب دیا کہ (ہم کو اس میں شک کیوں ہے) شہداء پر نماز جنازہ (ضرور) پڑھنی چاہیئے۔ اس کی روایت امام طحاوی نے کی ہے۔

ف، مذکورہ احادیث سے اور ان کے سوا اور دوسری احادیث سے شہداء کو غسل دینا کہیں ثابت نہیں ہے، اور مذکورہ ہر حدیث سے شہداء پر نماز جنازہ پڑھنا ثابت ہو رہا ہے۔ اب ہم کو دیکھنا چاہیئے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے بعد صحابۂ کرام کا کیا عمل رہا ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے بعد ملک شام میں کثرت سے جہاد ہوئے ہیں، وہاں مسلمان شہید ہوئے ان پر نماز جنازہ پڑھنے کے متعلق صحابہ متفق تھے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے بعد صحابہ کرام اسی چیز پر عمل کیا کرتے تھے جس پر حضور کے زمانہ میں عمل درآمد رہا ہو، صحابہ کا شہداء پر نماز جنازہ پڑھنے سے معلوم ہوا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے آخر زمانہ تک برابر شہداء پر نماز جنازہ پڑھی جاتی تھی، اسی وجہ سے صحابہ شہداء پر نماز جنازہ پڑھا کرتے تھے اور مذہب حنفی بھی یہی ہے کہ شہداء پر نماز جنازہ پڑھی جائے یہ مضمون طحاوی سے ماخوذ ہے) ١٢

٢١٣٤ / ٣٥ وَعَنْ طَاوُسٍ قَالَ مَا مَشٰى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ حَتّٰى مَاتَ إِلَّا خَلْفَ الْجَنَازَةِ رَوَاهُ عَبْدُ الرَّزَّاقِ

حضرت طاؤس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی وفات تک جب کبھی جنازہ کے ساتھ چلے ہیں تو جنازہ کے پیچھے ہی چلے۔ اس کی روایت عبد الرزاق نے کی

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

وَاِسْنَادُہٗ مُرْسَلٌ صَحِیْحٌ۔

۲۱۳۵/۳۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اَلْجَنَازَۃُ مَتْبُوْعَۃٌ وَلَا تَتْبَعُ لَیْسَ مَعَھَا مَنْ تَقَدَّمَھَا رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ قَالَ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْ مَاجِدٍ الرَّاوِیُّ رَجُلٌ مَجْھُوْلٌ وَقَالَ عَلِیُّ نِ الْقَارِیُّ جَھْلُ الرَّاوِیِّ الْمُتَاَخِّرِ لَا یَضُرُّ لِلْمُجْتَھِدِ حَیْثُ ثَبَتَ الْحَدِیْثُ عِنْدَہٗ وَقَالَ بِہٖ۔

۲۱۳۶/۳۷ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبْزٰی قَالَ كُنْتُ اَمْشِیْ فِیْ جَنَازَۃٍ فِیْھَا اَبُوْبَكْرٍ وَّعُمَرُ وَعَلِیٌّ فَكَانَ اَبُوْبَكْرٍ وَّعُمَرُ یَمْشِیَانِ اَمَامَھَا وَعَلِیٌّ یَمْشِیْ خَلْفَھَا یَدِیْ فِیْ یَدِہٖ فَقَالَ عَلِیٌّ اَمَا اِنَّ فَضْلَ الرَّجُلِ یَمْشِیْ خَلْفَ الْجَنَازَۃِ عَلَی الَّذِیْ یَمْشِیْ اَمَامَھَا كَفَضْلِ صَلٰوۃِ الْجَمَاعَۃِ عَلٰی صَلٰوۃِ الْفَذِّ وَاِنَّھُمَا لَیَعْلَمَانِ مِنْ ذٰلِكَ مِثْلَ الَّذِیْ اَعْلَمُ وَلٰكِنَّھُمَا سَھْلَانِ یَسْھُلَانِ عَلَی النَّاسِ۔

(رَوَاہُ الطَّحَاوِیُّ وَعَبْدُ الرَّزَّاقِ وَابْنُ اَبِیْ شَیْبَۃَ وَاِسْنَادُہٗ صَحِیْحٌ قَالَہٗ فِیْ اٰثَارِ السُّنَنِ وَذَكَرَ ابْنُ حَجَرٍ فِی الْفَتْحِ اِسْنَادُہٗ حَسَنٌ وَّھُوَ مَوْقُوْفٌ فِیْ حُكْمِ الْمَرْفُوْعِ)

ہے، اور اس حدیث کی سند صحیح ہے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جنازہ متبوع ہے۔ یعنی جنازہ کے پیچھے پیچھے چلنا چاہیے اس کو تابع نہ بنایا جائے یعنی جنازہ کے آگے آگے نہیں چلنا چاہیے۔ جو شخص جنازہ کے آگے چلتا ہے اس کا شمار جنازہ کے ساتھ چلنے والوں میں نہیں ہوتا اور اس کو جنازہ کے ساتھ چلنے کا پورا پورا ثواب نہیں ملتا۔ اس حدیث کی روایت ترمذی ابوداؤد اور ابن ماجہ نے کی ہے

حضرت عبدالرحمن بن ابزیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ میں ایک جنازہ کے ساتھ ساتھ چل رہا تھا، اور جنازہ کے ساتھ چلنے والوں میں حضرت ابوبکر، حضرت عمر، اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم بھی تھے، حضرت ابوبکر اور حضرت عمر جنازہ کے آگے پیدل چل رہے تھے اور حضرت علی جنازہ کے پیچھے چل رہے تھے، اور میرا ہاتھ حضرت علی کے ہاتھ میں تھا۔ حضرت علی نے مجھ سے فرمایا سنو! عبدالرحمن جنازہ کے پیچھے چلنے والے کی فضیلت جنازہ کے آگے چلنے والے پر ایسی ہے جیسے باجماعت نماز پڑھنے والے کی فضیلت تنہا نماز پڑھنے والے پر ہوتی ہے۔ یہ دونوں حضرات (یعنی ابوبکر وعمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما) بھی جنازہ کے پیچھے چلنے کی فضیلت کو خوب جانتے ہیں جس طرح میں جانتا ہوں، لیکن یہ دونوں حضرات ازدحام کی وجہ سے) لوگوں میں سہولت پیدا کرنے کی خاطر (باوجود جنازہ کے پیچھے چلنے کی فضیلت کو جاننے کے پھر بھی جنازہ کے آگے آگے اس لیے چل رہے ہیں تاکہ لوگوں کو معلوم ہوجائے کہ جنازہ کے آگے چلنا بھی جائز ہے۔ اگرچہ کہ جنازہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ ULOOM ISLAMIA ACADEMY

کے آگے چلنے میں گو ویسی فضیلت نہیں ہے۔ جیسے پیچھے چلنے میں ہے۔ اس حدیث کی روایت طحاوی، عبد الرزاق اور ابن شیبہ نے کی ہے، اور اس حدیث کی سند صحیح ہے آثار السنن میں ایسا ہی کہا ہے، اور ابن حجر نے فتح الباری میں بیان کیا ہے کہ اس حدیث کی سند حسن ہے۔

٢١٣٧ / ٣٨ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو ابْنِ الْعَاصِ اَنَّ اَبَاهُ قَالَ لَهُ كُنْ خَلْفَ الْجَنَازَةِ فَاِنَّ مُقَدَّمَهَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ وَخَلْفَهَا لِبَنِيْ اٰدَمَ۔

(رَوَاهُ اَبُوْبَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ وَاِسْنَادُهٗ حَسَنٌ)

حضرت عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ اُن کے والد عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نے ان سے فرمایا ہے کہ جنازہ کے ہمراہ چلتے وقت جنازہ کے پیچھے چلا کرو، کیونکہ فرشتے جنازہ کے آگے چلا کرتے ہیں، اس لیے بنی آدم کو پیچھے چلنا چاہیئے۔ اس کی روایت ابو بکر بن ابی شیبہ نے کی ہے، اور اس کی سند حسن ہے۔

٢١٣٨ / ٣٩ وَعَنْ نَافِعٍ قَالَ خَرَجَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ وَاَنَا مَعَهٗ عَلٰى جَنَازَةٍ فَرَاٰى مَعَهَا نِسَآءً فَوَقَفَ ثُمَّ قَالَ رُدُّوْهُنَّ فَاِنَّهُنَّ فِتْنَةُ الْحَيِّ وَالْمَيِّتِ ثُمَّ مَضٰى فَمَشٰى خَلْفَهَا فَقُلْتُ يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ كَيْفَ الْمَشْيُ فِي الْجَنَازَةِ اَمَامَهَا اَمْ خَلْفَهَا فَقَالَ اَمَا تَرَانِيْ اَمْشِيْ خَلْفَهَا۔

(رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ)

حضرت نافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما ایک جنازہ کے ساتھ چلنے کے لیے نکلے اور میں بھی آپ کے ساتھ تھا، حضرت ابن عمر نے دیکھا کہ جنازہ کے ساتھ کچھ عورتیں بھی چل رہی ہیں۔ آپ فوراً ٹھہر گئے، پھر فرمایا کہ ان عورتوں کو جنازہ کے ساتھ چلنے سے روک دو، اس لیے کہ عورتیں زندہ اور مردہ دونوں کے ساتھ فتنہ ہیں (جب عورتیں رک گئیں تو) حضرت ابن عمر چلنا شروع ہو گئے اور جنازہ کے پیچھے پیچھے چلنے لگے۔ نافع کہتے ہیں، میں نے عرض کیا، حضرت ارشاد فرمایئے۔ جنازہ کے ساتھ کس طرح چلنا چاہیئے کیا جنازہ کے آگے چلیں یا پیچھے؟ تو آپ نے فرمایا کہ تم مجھے نہیں دیکھ رہے ہو کہ جنازہ کے پیچھے چل رہا ہوں (اس سے تم کو سمجھنا چاہیئے کہ جنازہ کے پیچھے چلنا ہی افضل ہے۔ اس حدیث کی روایت امام طحاوی نے کی ہے۔

٢١٣٩ / ٤٠ وَعَنْ اِبْرَاهِيْمَ النَّخَعِيِّ قَالَ

حضرت ابراہیم نخعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

كَانَ الْاَسْوَدُ اِذَا كَانَ مَعَهَا نِسَآءٌ اَخَذَ بِيَدِيْ فَتَقَدَّمْنَا نَمْشِيْ اَمَامَهَا فَاِذَا لَمْ يَكُنْ مَعَهَا نِسَآءٌ مَشَيْنَا خَلْفَهَا۔ (رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ)

ہے وہ فرماتے ہیں کہ ربیعہ بن یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی عادت تھی کہ اگر کسی جنازہ کے ساتھ عورتیں ہوتیں تو حضرت اسود میرا ہاتھ پکڑتے اور ہم جنازہ کے آگے آگے چلتے اور جب جنازہ کے ساتھ عورتیں نہ ہوتیں تو ہم جنازہ کے پیچھے چلتے تھے۔ اس حدیث کی روایت امام طحاوی نے کی ہے۔

۲۱۴۰ / ۴۱ وَعَنْهُ قَالَ كَانُوْا يَكْرَهُوْنَ السَّيْرَ اِمَامَ الْجَنَازَةِ۔ رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِاَبِيْ دَاوُدَ۔

حضرت ابراہیم نخعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے وہ تمام شاگرد جو تابعین تھے جنازہ کے آگے چلنے کو پسند نہیں کرتے تھے۔ اس کی روایت طحاوی نے کی ہے۔

ف: واضح ہو کہ جس طرح جنازہ کے آگے چلنے سے جنازہ کے پیچھے چلنا افضل ہے، اسی طرح جنازہ کے دائیں اور بائیں جانب چلنے سے جنازہ کے پیچھے چلنا افضل ہے اور اگر کوئی عذر ہو تو جس طرح جنازہ کے آگے چل سکتے ہیں، اسی طرح جنازہ کے دائیں جانب اور بائیں جانب بھی چل سکتے ہیں۔
(عمدۃ الرعایہ، طحاوی) ۱۲

۲۱۴۱ / ۴۲ وَعَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ الرَّاكِبُ يَسِيْرُ خَلْفَ الْجَنَازَةِ۔

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص (عذر کی وجہ سے) جنازہ کے ہمراہ سواری پر چل رہا ہو تو اس کو چاہیئے کہ وہ جنازہ کے پیچھے چلے۔ اس کی روایت ابوداؤد نے کی ہے۔

۲۱۴۲ / ۴۳ وَعَنْ ثَوْبَانَ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فِيْ جَنَازَةٍ فَرَاٰى نَاسًا رُكْبَانًا فَقَالَ اَلَا تَسْتَحْيُوْنَ اِنَّ مَلٰٓئِكَةَ اللّٰهِ عَلٰٓى اَقْدَامِهِمْ وَاَنْتُمْ عَلٰى ظُهُوْرِ الدَّوَآبِّ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَرَوٰى اَبُوْ دَاوُدَ نَحْوَهٗ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ وَقَدْ رُوِيَ عَنْ

حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ہم ایک جنازہ کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ہمراہ نکلے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ملاحظہ فرمایا کہ کچھ لوگ جنازہ کے ساتھ سوار ہیں تو فرمایا کہ کیا تمہیں اللہ تعالیٰ کے فرشتوں سے شرم نہیں آتی کہ فرشتے تو پیدل چل رہے ہیں اور تم لوگ سواریوں پر ہو، اس کی روایت ترمذی اور ابن ماجہ نے کی ہے، اور ابوداؤد نے بھی

www.waseemziyai.com

ثَوْبَانَ مَرْفُوْعًا۔

اسی طرح روایت کی ہے۔

ف: واضح ہو کہ جنازہ کے ساتھ بغیر عذر کے سواری پر چلنا، خواہ جنازہ کے آگے چلیں یا پیچھے ہر حالت میں مکروہ ہے ہاں اگر عذر ہو تو سواری پر جنازہ کے پیچھے چل سکتے ہیں۔ آگے نہیں چلنا چاہیئے (در مختار، عالمگیری، مرقات) ۱۲۔

۲۱۴۳/۴۴ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ اُتِیَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ بِفَرَسٍ مُعْرَوْرٍ فَرَکِبَہٗ حِیْنَ انْصَرَفَ مِنْ جَنَازَةِ ابْنِ الدَّحْدَاحِ وَنَحْنُ نَمْشِیْ حَوْلَہٗ۔

(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ابن دحداح کو دفن کر کے واپس آنے لگے تو ایک گھوڑا بغیر زین کے خدمت میں پیش کیا گیا تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اس پر سوار ہو گئے اور ہم حضور کے اطراف میں پیادہ چلتے ہوئے آرہے تھے۔ (اس سے معلوم ہوا کہ دفن کے بعد سوار ہو کر واپس آسکتے ہیں) اس حدیث کی روایت مسلم نے کی ہے۔

۲۱۴۴/۴۵ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ قَالَ الطِّفْلُ لَا یُصَلّٰی عَلَیْہِ وَلَا یَرِثُ وَلَا یُوْرَثُ حَتّٰی یَسْتَہِلَّ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَالنَّسَائِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ اِلَّا اَنَّہٗ لَمْ یَذْکُرْ وَلَا یُوْرَثُ وَصَحَّحَہُ ابْنُ حِبَّانَ وَالْحَاکِمُ وَقَالَ اِنَّہٗ عَلٰی شَرْطِ الشَّیْخَیْنِ وَرَوَی الْحَاکِمُ نَحْوَہٗ وَقَالَ الشَّیْخُ ابْنُ الْہُمَامِ اِسْنَادُہٗ صَحِیْحٌ۔

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جب کوئی بچہ مرا ہوا پیدا ہو، (اس میں زندگی کے کوئی آثار ظاہر نہ ہوں اور اس نے کوئی آواز نہ نکالی ہو گی) ایسے بچہ کی نماز جنازہ نہ پڑھی جائے اور نہ کسی کے مال کا وارث ہوگا اور نہ اس کے مال کا کوئی وارث ہوگا۔ اس کی روایت ترمذی اور نسائی نے کی ہے، اور ابن ماجہ نے بھی اسی کے قریب قریب روایت کی ہے اور ابن حبان اور حاکم نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے۔ اور حاکم نے کہا ہے کہ یہ حدیث بخاری اور مسلم کی شرط کے موافق صحیح ہے، اور حاکم نے بھی اسی طرح روایت کی ہے، اور شیخ ابن الہمام نے کہا ہے کہ اس حدیث کی سند صحیح ہے۔

۲۱۴۵/۴۶ وَعَنْ اَبِیْ عُبَیْدَةَ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ مَسْعُوْدٍ مَنِ اتَّبَعَ جَنَازَةً فَلْیَحْمِلْ بِجَوَانِبِ السَّرِیْرِ

حضرت ابو عبیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ جو شخص جنازہ کے ہمراہ چلے اس کو چاہیئے کہ جنازہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMI ISLAMIA ACADEMY

كُلِّهَا فَإِنَّهُ مِنَ السُّنَّةِ ثُمَّ إِنْ شَاءَ فَلْيَتَطَوَّعْ وَإِنْ شَاءَ فَلْيَدَعْ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَإِسْنَادُهُ مُرْسَلٌ جَيِّدٌ وَرَوَى الْبَيْهَقِيُّ وَالطَّيَالِسِيُّ عَنْهُ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ نَحْوَهُ وَفِي رِوَايَةِ عَبْدِ الرَّزَّاقِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ مَنْ حَمَلَ الْجِنَازَةَ بِجَوَانِبِهَا الْأَرْبَعِ فَقَدْ قَضَى الَّذِي عَلَيْهِ۔

کے چاروں طرف کندھا دے۔ اس لیے کہ جنازہ کے چاروں طرف کندھا دیتے ہوئے چلنا سنت ہے، اس کے بعد بھی اگر وہ چاہے تو اسی طرح (چاروں طرف کندھا دیتے ہوئے، چلے (اور یہ مستحب ہے) اور اگر چاہے تو دوسرے کے حوالہ کرکے) علیحدہ ہو جائے۔

اس کی روایت ابن ماجہ نے کی ہے، اور اس کی سند مرسل ہے اور جید ہے، اور بیہقی اور طیالسی نے اس کی روایت ابو عبیدہ سے کی ہے اور ابن ابی شیبہ نے ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس کی روایت اسی طرح کی ہے، اور عبدالرزاق کی روایت میں ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے اس طرح مروی ہے کہ ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نے فرمایا ہے کہ جن لوگوں نے جنازہ کے چاروں جانب کندھا دیا، انھوں نے اپنا فرض ادا کیا۔

ف: صدر کی اس حدیث میں اور اس کے بعد آنے والی حدیثوں میں جنازہ کے چاروں طرف کندھا دینے کا ذکر ہے، واضح رہے کہ میت کے چاروں جانب کندھا دینے کی تفصیل اسی باب میں یعنی باب المشی بالجنازۃ والصلاۃ علیہا کے فائدہ میں گزر چکی ہے (ملاحظہ کی جائے۔

۲۱۴۶ وَعَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ مِنْ تَمَامِ أَجْرِ الْجِنَازَةِ أَنْ تُشَيِّعَهَا مِنْ أَهْلِهَا وَأَنْ تَحْمِلَ بِأَرْكَانِهَا الْأَرْبَعَةِ وَأَنْ تَحْثُوَ فِي الْقَبْرِ۔
۴۷

(رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ فِي مُصَنَّفِهِ وَإِسْنَادُهُ مُرْسَلٌ قَوِيٌّ)

حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ جنازہ کے ساتھ چلنے کا ثواب ہے اس وقت پورا ملتا ہے جب کہ جنازہ کے ساتھ میت کے گھر سے چلیں، اور جب جنازہ کے ساتھ چلیں تو صرف جنازہ کے ساتھ چلنا ہی مسنون نہیں ہے، بلکہ جنازہ کے چاروں کونوں کو کندھا دیتے ہوئے چلنا سنت ہے، اور دفن کے بعد جب قبر پر مٹی ڈالنے کا وقت آئے تو مٹی ڈالنے میں بھی شریک رہے اور (سرہانے کی طرف سے تین مٹھی) مٹی ڈالے (یہ مستحب ہے) اس کی روایت ابن ابی شیبہ نے اپنی مصنف میں کی ہے اور اس حدیث کی سند مرسل اور قوی ہے۔

۲۱۴۷ وَعَنْ عَلِيٍّ الْأَزْدِيِّ قَالَ رَأَيْتُ ابْنَ عُمَرَ فِي جِنَازَةٍ فَحَمَلَ
۴۸

حضرت علی ازدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-ISLAMIA ACADEMY

بِجَوَانِبِ السَّرِيْرِ الْاَرْبَعِ۔
(رَوَاهُ ابْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ وَ عَبْدُ الرَّزَّاقِ)

۲۱۴۸/۴۹ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ حَمَلَ جَوَانِبَ السَّرِيْرِ الْاَرْبَعَ كَفَّرَ اللّٰهُ عَنْهُ اَرْبَعِيْنَ كَبِيْرَةً۔
(رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ فِي الْاَوْسَطِ)

۲۱۴۹/۵۰ وَعَنْ مَنْصُوْرِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ قَالَ مِنَ السُّنَّةِ حَمْلُ الْجَنَازَةِ بِجَوَانِبِ السَّرِيْرِ الْاَرْبَعِ۔
(رَوَاهُ مُحَمَّدٌ)

۲۱۵۰/۵۱ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَوْلَادُ الْمُؤْمِنِيْنَ فِيْ جَبَلٍ فِي الْجَنَّةِ يَكْفُلُهُمْ اِبْرَاهِيْمُ وَسَارَةُ حَتّٰى يَرُدُّهُمْ اِلٰى اٰبَائِهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ رَوَاهُ الْحَاكِمُ فِي الْمُسْتَدْرَكِ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ۔

ایک جنازہ کے ساتھ چل رہے تھے، میں نے آپ کو جنازہ کی چارپائی کے چاروں کونوں پر کندھا دیتے ہوئے دیکھا۔
اس کی روایت ابن ابی شیبہ اور عبد الرزاق نے کی ہے۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جس کسی شخص نے جنازہ کے چاروں کونوں کو کندھا دیا تو اللہ تعالیٰ اس کے چالیس کبیرہ گناہوں کو معاف فرما دیتے ہیں۔ اس کی روایت طبرانی نے وسط میں کی ہے۔

حضرت منصور بن معتمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ (جنازہ کے ساتھ چلنے والوں کے لیے) سنت یہ ہے کہ جنازہ کے چار کونوں کو کندھا دیا جائے۔ اس کی روایت امام محمد نے کی ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ مسلمانوں کی نابالغ اولاد جو کم سنی میں مر جاتی ہے۔ جنت میں ایک پہاڑ ہے جہاں ان نابالغ بچوں کو رکھا جاتا ہے، ان بچوں کی پرورش اور نگرانی حضرت ابراہیم اور حضرت سارا علیہما الصلوٰۃ والسلام فرماتے رہتے ہیں زمانہ تک وہ بچے ایسا ہی پرورش اور نگرانی میں رہیں گے اور جب قیامت قائم ہوگی تو پھر) حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام ان بچوں کو ان کے ماں باپ کے حوالہ کر دیں گے۔

اس کی روایت حاکم نے مستدرک میں کی ہے اور حاکم نے کہا ہے کہ یہ حدیث صحیح ہے، اور اس کی سند بخاری اور مسلم کی شرط کے موافق ہے۔ گو بخاری اور مسلم اپنی صحیح میں اس حدیث کو نہیں بیان کئے ہیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ UL ULOOM ISLAMIA ACADEMY

ف: صدر کی حدیث اور اسی قسم کی دوسری حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے کہ انبیائے کرام علیہم السلام اور مسلمانوں کے نابالغ بچے جو کم سنی میں مرجاتے ہیں، ان سے قبر میں منکر و نکیر کا سوال نہیں ہوتا۔ درمختار میں ایسا ہی مذکور ہے

۲۱۵۱ / ۵۲ وَعَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ ذَرَارِيَّ الْمُؤْمِنِيْنَ فِي الْجَنَّةِ يَكْفُلُهُمْ اِبْرَاهِيْمُ عَلَيْهِ السَّلَامُ رَوَاهُ الْحَاكِمُ فِي الْمُسْتَدْرَكِ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ وَلَمْ يُخْرِجَاهُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ مسلمانوں کی نابالغ اولاد جو کم سنی میں مرجاتی ہے ان کو جنت میں رکھتے ہیں اور ان کی نگرانی اور پرورش حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے رہتے ہیں۔

اس کی روایت حاکم نے مستدرک میں کی ہے اور حاکم نے کہا ہے کہ اس حدیث کی سند صحیح ہے اگو بخاری اور مسلم نے اس کی روایت نہیں کی ہے۔

تمہید

مذکورہ احادیث سے معلوم ہوا کہ نابالغ بچے جو مرجاتے ہیں، ان سے قبر میں منکر نکیر کا سوال نہیں ہوتا ہے ان مردہ بچوں کی روحوں کو جنت میں حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نگرانی میں رکھتے ہیں، اس سے معلوم ہوا کہ بچوں کی مغفرت ہوجاتی ہے تو جو دعاء مغفرت بالغ مسلمانوں کے لیے کی جاتی ہے ان بچوں کے لیے وہ دعاء کرنے کا موقع اب نہیں رہا، اس لیے بچوں کے لیے کوئی دوسری دعاء ان کے مناسب کرنا چاہیئے۔ اسی لیے بیہقی نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت کی ہے کہ بچے جب مرجائیں تو ان کی نماز جنازہ میں (تیسری تکبیر کے بعد) یہ دعاء کہی جائے۔

وَرَوَى الْبَيْهَقِيُّ مِنْ حَدِيْثِ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّهٗ اِذَا كَانَ الْمَيِّتُ طِفْلًا اِسْتُحِبَّ اَنْ يَّقُوْلَ الْمُصَلِّيْ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا سَلَفًا وَّفَرَطًا وَّاَجْرًا۔

اے اللہ! اس مردہ بچے کو ہمارے صبر کا صلہ بنا دیجئے اور اس بچہ کو ہمارے لیے مقدمۃ الجیش بنائیے تاکہ یہ ہماری شفاعت کرکے ہمارے لیے جنت میں جانے کا انتظام کرے اور اس بچہ کی وجہ سے ہم کو جو رنج وغم ہوا ہے، یہ بچہ ہم کو اس ثواب دلانے کا ذریعہ بنے۔

اس دعا کو بخاری نے تعلیقاً اس طرح روایت کیا ہے۔

وَعَنْ بُخَارِيِّ تَعْلِيْقًا وَيَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا سَلَفًا وَّفَرَطًا وَّذُخْرًا وَّاَجْرًا۔

اے اللہ! اس مردہ کو ہمارے صبر کا صلہ بنا دیجئے اور اس بچہ کو ہمارے لیے مقدمۃ الجیش بنا دیجئے تاکہ یہ ہماری شفاعت کرکے ہمارے لیے جنت میں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIE ISLAMIA ACADEMY

جانے کا انتظام کرے) اور اس بچہ کو ہمارے لیے ذخیرۂ آخرت بنائیے (جو وہاں ہمارے لیے بروقت کام آئے) اور اس بچہ کی وجہ سے ہم کو جو رنج اور غم ہوا ہے یہ بچہ ہم کو اس کا ثواب دلانے کا ذریعہ بنے۔

۲۱۵۲/۵۳ وَعَنْ اَبِیْ مَسْعُوْدِ نِ الْاَنْصَارِیِّ قَالَ نَھٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اَنْ یَّقُوْمَ الْاِمَامُ فَوْقَ شَیْءٍ وَالنَّاسُ خَلْفَہٗ یَعْنِیْ اَسْفَلَ مِنْہُ رَوَاہُ الدَّارُ قُطْنِیُّ فِی الْمُجْتَبٰی فِیْ کِتَابِ الْجَنَائِزِ۔

حضرت ابو مسعود انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم اس سے منع فرماتے ہیں کہ امام (تنہا) کسی اونچی جگہ پر کھڑا ہو، اور مقتدی نیچی جگہ پر رہیں[1] نماز جنازہ میں جنازہ مثل امام کے ہے امام کی طرح جنازہ بھی نہ اونچی جگہ پر ہو اور نہ نیچی جگہ پر[2]، اس حدیث کی روایت دار قطنی نے مجتبیٰ کے کتاب الجنائز میں کی ہے۔

ف: جب معلوم ہوا کہ جنازہ مثل امام کے ہے تو جس طرح امام کا بعض مقتدیوں کے سامنے حاضر رہنا ضروری ہے ایسا ہی جنازہ بھی نماز جنازہ ادا کرنے والوں کے سامنے رہنا ضروری ہے۔ اگر جنازہ بالکل غائب رہے تو اس پر نماز جنازہ جائز نہیں ہے۔ جیسے امام اور چند مقتدیوں کا ایک سطح پر ہونا ضروری ہے ایسے ہی جنازہ اور نماز جنازہ ادا کرنے والوں میں سے چند کا ایک سطح پر ہونا ضروری ہے اس لیے اگر جنازہ سواری پر ہو، یا لوگوں کے ہاتھوں پر ہو تو ایسی صورت میں نماز جنازہ جائز نہیں۔ اسی طرح اگر نماز جنازہ پڑھنے والے آگے کھڑے ہوں اور جنازہ پیچھے رکھا ہو تو ایسی صورت میں بھی نماز جنازہ جائز نہیں۔ اس لیے کہ جنازہ مثل امام کے ہے اور جنازہ کا امام کی طرح مقتدیوں کے سامنے رہنا ضروری ہے۔ (یہ پورا مضمون ابن الہمام کے حوالے سے مرقات میں مذکور ہے)

---

[1] ایسا ہی امام تنہا نیچی جگہ پر کھڑا ہو، اور مقتدی اونچی جگہ پر رہیں، یہ بھی ناجائز ہے بلکہ امام اور مقتدی دونوں کی جگہ یکساں ہو، اونچی نیچی نہ ہو)

[2] بلکہ جنازہ اور جنازہ کی نماز پڑھنے والے سب کے سب یکساں ایک ہی سطح پر رہیں)

بَابُ دَفْنِ الْمَيِّتِ اس باب میں مردوں کے دفن کرنے کا بیان ہے

ف :۔ میت کا دفن کرنا فرض کفایہ ہے جس طرح میت کو غسل دینا اور میت پر نماز جنازہ پڑھنا فرض کفایہ ہے اسی طرح جب نماز جنازہ سے فارغ ہو جائیں تو میت کو فوراً دفن کرنے کے لیے جہاں قبر کھودی گئی ہے لے جانا چاہیے۔

میت کی قبر کم سے کم میت کے نصف قد کے برابر یا ناف سے زیادہ یا میت کے پورے قد کے برابر گہری کھودی جائے اور اس گہرائی کا انداز سطح زمین سے لگایا جائے۔ چبوترے کا لحاظ نہ کیا جائے، اور قبر کی لمبائی میت کے قد کے لحاظ سے رکھی جائے۔ بغلی قبر بہ نسبت صندوقی قبر کے بہتر ہے ہاں اگر زمین بہت نرم ہو کہ بغلی قبر کے بیٹھ جانے کا اندیشہ ہو تو بغلی قبر نہ کھودی جائے۔ صندوقی قبر ہی کھودنا بہتر ہے ضرورت کے وقت یہ بھی جائز ہے کہ میت کو کسی صندوق میں رکھ کر دفن کر دیں، خواہ وہ صندوق لکڑی کا ہو، یا پتھر کا، یا لوہے کا ہو، مگر بہتر یہ ہے کہ اس صندوق میں مٹی بچھا دی جائے۔ جب قبر تیار ہو چکے تو میت کو قبلہ کی طرف سے قبر میں اتار دیں۔ اس کی صورت یہ ہے کہ جنازہ قبر سے قبلہ کی جانب رکھا جائے اور اتارنے والے قبلہ رو کھڑے ہو کر میت کو اٹھا کر قبر میں رکھ دیں، قبر میں اتارنے والوں کا طاق یا جفت تعداد میں ہونا مسنون نہیں ہے، میت کو قبر میں اتارنے وقت اتارنے والے یہ دعاء پڑھیں۔ بِسْمِ اللّٰهِ وَعَلٰى مِلَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ، ہم اللہ کے نام سے قبر میں اتارنا شروع کرتے ہیں گو کسی قوم کا یہ طریقہ ہو یا نہ ہو) ہم اس مردہ کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی شریعت کے موافق قبر میں اتارتے ہیں۔ میت کو قبر میں رکھ کر داہنے پہلو پر کروٹ دے کے قبلہ رُخ کر دینا مسنون ہے میت کو قبر میں رکھنے کے بعد وہ گرہیں جو کفن منتشر نہ ہونے کے بعد دی گئی تھیں اُن میں سے سر کی طرف والی اور پیر کی طرف والی گرہیں کھول دی جائیں تاکہ منکر ونکیر کے سوال کے وقت مُردہ آسانی سے بیٹھ سکے۔

میت کو قبر میں رکھنے کے بعد اگر بغلی قبر ہو تو کچی اینٹوں یا بانس سے بند کر دیں۔ پختہ اینٹوں یا لکڑی کے تختوں سے بند کرنا مکروہ ہے۔ ہاں! جہاں زمین بہت نرم ہو کہ قبر کے بیٹھ جانے کا خوف ہو تو پختہ اینٹ یا لکڑی کے تختے رکھ دینا یا صندوق میں رکھنا بھی جائز ہے۔ اور اگر صندوقی قبر ہو تو اس کے لیے غور بنا کر پتھر کے کڑیوں سے بند کر دیا جائے، عورت کو قبر میں رکھتے وقت پردہ کر کے رکھنا مستحب ہے، اور اگر میت کے بدن کے ظاہر ہو جانے کا خوف ہو تو پھر پردہ کرنا واجب ہے مرد کے دفن کے وقت پردہ نہ کرنا چاہیے اور اگر پانی برس رہا ہو یا برف گر رہی ہو، یا دھوپ سخت ہو تو چادر مثل سائبان کے پکڑ سکتے ہیں۔ جب میت کو قبر میں رکھ چکیں تو جس قدر مٹی اس کی

www.waseemziyai.com MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

قبر سے نکلی ہو، وہی مٹی اس پر ڈال دیں، کسی اور جگہ سے مٹی لا کر ڈالنا مکروہ ہے جب کہ قبر ایک بالشت اونچی ہو رہی ہو، اور اگر بالشت سے کم اونچی ہو تو ایک بالشت اونچی کرنے کے لیے کہیں اور سے مٹی لا کر ڈال سکتے ہیں، قبر میں مٹی ڈالتے وقت مستحب یہ ہے کہ سرہانے کی طرف سے ابتداء کی جائے اور ہر شخص اپنے دونوں ہاتھوں میں مٹی بھر کر تین دفعہ قبر میں ڈالے۔ پہلی دفعہ کہے مِنْهَا خَلَقْنَاكُمْ (مٹی سے ہم نے تم کو پیدا کیا) اور دوسری مرتبہ کہے وَفِيهَا نُعِيدُكُمْ (اور مرنے کے بعد پھر مٹی ہی میں تم کو لائیں گے) اور تیسری مرتبہ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً أُخْرَى (پھر قیامت میں تم کو مٹی ہی سے اٹھائیں گے) دفن کے بعد تھوڑی دیر تک قبر کے پاس ٹھہرنا اور میت کے لیے دعاء مغفرت کرنا یا قرآن مجید پڑھ کر اس کا ثواب میت کو پہونچانا مستحب ہے۔

جب قبر پر مٹی ڈال چکیں تو قبر پر پانی چھڑک دینا مستحب ہے، قبر کا مربع اور مسطح بنانا مکروہ ہے، مستحب یہ ہے کہ قبر اونٹ کے کوہان کی طرح اُبھری ہوئی ہو جس کی بلندی ایک بالشت یا اس سے کچھ زیادہ ہونی چاہیئے۔ قبر پر کوئی چیز بطور یادگار کے لکھنا جائز ہے۔ بشرطیکہ ضرورت ہو۔

عالمگیری میں لکھا ہے کہ اگر کوئی شخص اپنی زندگی میں اپنی قبر تیار کروالے تو کوئی مضائقہ نہیں بلکہ اس پر ثواب ملے گا۔

یہ سب مسائل درمختار، شامی، عالمگیری، البحر الرائق، ملتقی شرح وقایۃ اور عمدۃ الرعایۃ سے ماخوذ ہیں) ۱۲۔

وَقَوْلُ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ: اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

فَبَعَثَ اللهُ غُرَابًا يَبْحَثُ فِي الْأَرْضِ لِيُرِيَهُ كَيْفَ يُوَارِي سَوْءَةَ أَخِيهِ۔ تو اللہ نے ایک کوا بھیجا زمین کریدتا کہ اسے دکھائے کیونکر اپنے بھائی کی لاش چھپائے (سورۃ المائدہ ۳۱)

تمہید

روح المعانی نے ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے ابن جریر کے حوالہ سے یہ واقعہ اس طرح بیان کیا ہے کہ حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بیوی حضرت حوا علیہا السّلام کو ہر بطن سے ایک لڑکا اور ایک لڑکی توأم پیدا ہوتے تھے، پھر دوسرے بطن سے بھی اسی طرح ایک لڑکا اور ایک لڑکی توأم پیدا ہوتے تھے،

دوسرے بطن کے لڑکے کا نکاح پہلے بطن کی لڑکی سے کیا جاتا تھا، اور حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شریعت میں اس قسم کا نکاح حسب ضرورت وقت جائز رکھا گیا تھا، اور ایک ہی بطن کے لڑکے اور لڑکی میں نکاح جائز نہیں تھا۔ اسی طرح حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسّلام کو دو بطن سے دو لڑکے پیدا ہوئے ایک کا نام ہابیل رکھا گیا اور دوسرے کا نام قابیل، اور دونوں کے ساتھ ایک ایک لڑکی بھی پیدا ہوئی حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسّلام کی شریعت کے مطابق ہابیل کا نکاح قابیل کی بہن سے اور قابیل کا نکاح

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ہابیل کی بہن سے تجویز ہوا۔ قابیل کی بہن زیادہ حسین تھی تو قابیل نے اپنی بہن سے جو اس کے ساتھ ہی پیدا ہوئی تھی، اسی لیے نکاح کرنا چاہا۔ اور یہ حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شریعت کے خلاف تھا۔ حضرت آدم علیہ السلام نے قابیل کو سمجھایا کہ یہ جائز نہیں ہے ایسا نہ کرنا، مگر قابیل نے حضرت آدم کی بات نہ مانی، جو بہن اس کے ساتھ پیدا ہوئی تھی، اسی سے نکاح کرنے پر مصر رہا۔ بالآخر حضرت آدم علیہ السلام نے قطع محبت کے لیے یہ فیصلہ فرمایا کہ دونوں اللہ کے نام کی نذر کرو، جس کی نذر قبول ہو جائے وہ عورت اسی کی رہے گی حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو وحی سے کامل یقین تھا کہ ہابیل حق پر ہے اسی کے نذر قبول ہو گی اس لیے مذکورہ فیصلہ فرمایا گیا۔ تاکہ قابیل کو بحث وتکرار کی گنجائش نہ رہے۔ یہ مطلب نہ تھا کہ قابیل کے لیے وہ عورت حلال ہو جائے گی۔

غرض کہ دونوں نے اپنی اپنی نذر حاضر کی۔ ہابیل تو ایک عمدہ دنبہ لایا، اور قابیل چند خوشے کسی غلہ کے لایا اور رکھ دیا۔ دونوں منتظر تھے دیکھیں کہ کس کی نذر قبول ہوتی ہے اتنے میں آسمان سے ایک آگ آئی اور ہابیل کی نذر کو جلا دیا۔ اور اس وقت نذر قبول ہونے کی علامت یہی تھی، جب قابیل اس فیصلہ میں بھی ہار اتو ہابیل کی جان کے درپے ہوا، یہاں تک کہ ہابیل کو قتل کر ڈالا، لیکن قابیل کو یہ نہ سمجھ نہ آیا کہ اس نعش کو کیونکر چھپاؤں تاکہ حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اس کی اطلاع نہ ہو۔ یہاں تک کہ کوے کے ذریعہ سے ہابیل کے دفن کرنے کا طریقہ بتلایا گیا۔ اس لیے اللہ تعالیٰ (سورۂ مائدہ پ ۶ ع ۵) میں فرماتے ہیں فَبَعَثَ اللّٰهُ غُرَابًا يَّبْحَثُ فِي الْاَرْضِ لِيُرِيَهٗ كَيْفَ يُوَارِيْ سَوْاَةَ اَخِيْهِ۔ پھر آخر اللہ تعالیٰ نے ایک کوّا وہاں بھیجا کہ وہ (چونچ اور پنجوں سے) زمین کو کھودتا تھا اور کھود کر ایک دوسرے کوّے کو جو مرا ہوا تھا اس گڑھے میں ڈھکیل کر اس پر مٹی ڈالتا تھا تاکہ وہ کوّا قابیل کو سکھائے کہ اپنے بھائی ہابیل کی لاش کو کس طرح چھپا دے (قابیل نے کوّے سے سیکھ کر ہابیل کو اسی طرح دفن کر دیا ہابیل پہلا مردہ ہے جو زمین پر مرا ہے اللہ تعالیٰ نے ان کے دفن کا طریقہ کوّے کے ذریعہ سے سکھایا اس سے معلوم ہوا کہ انسان کے مرنے کے بعد مردہ کو جن جن طریقوں سے چھپایا جاتا ہے، ان طریقوں سے زمین میں دفن کرنے کا طریقہ فطری اور اللہ تعالےٰ کا پسند کیا ہوا ہے، اور اللہ تعالیٰ کے حکم سے ہے۔

وَقَوْلُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ،

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

ثُمَّ اَمَاتَهٗ فَاَقْبَرَهٗ

پھر اسے موت دی، پھر قبر میں رکھوایا۔

(سورہ عبس، ۲۱)

ف: مومن کی موت بھی اللہ تعالیٰ کی نعمت ہے کہ اس موت کے ذریعہ وہ دنیاوی مصیبتوں سے چھٹکارا پاکر محبوب حقیقی کا وصال حاصل کرتا ہے، مومن کی موت مصیبتوں سے چھوٹنے کا دن ہے اور کافر کی موت اس کی پکڑ وگرفت کا دن ہے۔

۲۱۵۳۔ وَعَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ اَنَّ سَعْدَ ابْنَ اَبِيْ وَقَّاصٍ

حضرت عامر بن سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ سعد بن ابی

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM-ISLAMIA-ACADEMY

قَالَ فِیْ مَرَضِہِ الَّذِیْ ھَلَکَ فِیْہِ اِلْحَدُوْا لِیْ لَحْدًا وَانْصُبُوْا عَلَیَّ اللَّبِنَ نَصْبًا کَمَا صُنِعَ بِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ۔

(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نے اپنے مرض الموت میں کہا تھا کہ میرے لیے بغلی قبر کو کھودنا اور میری قبر پر (نشانی کے واسطے) کچی اینٹیں رکھ دینا جس طرح رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے مزار مبارک کو بغلی کھودا گیا تھا، اور قبر شریف پر کچی اینٹیں جمائی گئی تھیں۔ اس کی روایت مسلم نے کی ہے

۲۱۵۴ وَعَنْ عُرْوَۃَ بْنِ الزُّبَیْرِ قَالَ کَانَ بِالْمَدِیْنَۃِ رَجُلَانِ اَحَدُھُمَا یَلْحَدُ وَالْاٰخَرُ لَایَلْحَدُ فَقَالُوْا اَیُّھُمَا جَاءَ اَوَّلًا عَمِلَ عَمَلَہٗ فَجَاءَ الَّذِیْ یَلْحَدُ فَلَحِدَ لِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ۔

(رَوَاہُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّۃِ)

حضرت عروہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی وفات ہوئی تو لوگوں نے آپس میں کہا کہ مدینہ میں دو شخص قبر کھودتے ہیں ایک صاحب بغلی قبر کھودتے ہیں، اور دوسرے صاحب صندوقی (دونوں کو بلاؤ) ان میں سے جو پہلے آجائے وہی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی قبر شریف (اپنے طریقہ کے موافق) تیار کرے۔ الغرض دونوں کو اطلاع کی گئی، اتفاق سے بغلی قبر تیار کرنے والے صاحب پہلے آگئے اور آپ کے لیے بغلی قبر تیار کی گئی۔ اس کی روایت امام بغوی نے شرح السنہ میں کی ہے۔

۲۱۵۵ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اللَّحْدُ لَنَا وَالشَّقُّ لِغَیْرِنَا رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَآئِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ وَرَوَاہُ اَحْمَدُ عَنْ جَرِیْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ وَقَالَ التِّرْمِذِیُّ وَقَدْ رُوِیَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّہٗ کَرِہَ اَنْ یُّلْقٰی تَحْتَ الْمَیِّتِ فِی الْقَبْرِ شَیْءٌ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ (ہمارے مدینہ کی زمین بہت سخت ہے، بغلی قبر کے قابل ہے، (اس لیے) ہم مدینہ والوں کے لیے (اور جہاں کہیں کی زمین سخت ہو۔ ان کے لیے) بغلی قبر ہی مناسب ہے، اور ہمارے مدینہ کے سوا (جہاں کی زمین نرم ہے جیسے مکہ کی یا اور جگہ کی ان کے لیے) صندوقی قبر ہی مناسب ہے اس کی روایت ترمذی، ابوداؤد، نسائی اور ابن ماجہ نے کی ہے اور امام احمد نے جریر بن عبد اللہ سے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

اس کی روایت کی ہے، اور ترمذی نے کہا ہے کہ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے قبر میں میت کے نیچے (چادر یا) کوئی (اور چیز) بچھانے کو مکروہ سمجھتے تھے[1]

۲۱۵۶ وَعَنْ سُفْيَانَ التَّمَّارِ اَنَّهٗ رَاٰى قَبْرَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مُسَنَّمًا۔
(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت سفیان التمار رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، انھوں نے دیکھا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی قبر شریف (ایک بالشت اونچی) کوہان نما ہے۔ اس کی روایت بخاری نے کی ہے۔

۲۱۵۷ وَعَنْهُ دَخَلْتُ الْبَيْتَ الَّذِيْ فِيْهِ قَبْرُ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَرَاَيْتُ قَبْرَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَقَبْرَ اَبِيْ بَكْرٍ وَّعُمَرَ مُسَنَّمَةً۔
(رَوَاهُ ابْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ فِيْ مُصَنَّفِهٖ)

حضرت سفیان التمار رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں (ایک دفعہ) اس حجرہ شریف میں داخل ہوا کہ جس میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی قبر شریف ہے میں نے دیکھا کہ (حجرہ شریف میں) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی قبر شریف اور حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی قبریں تینوں کی تینوں (ایک بالشت اونچی) کوہان نما ہیں، اس کی روایت ابن ابی شیبہ نے اپنی مصنف میں کی ہے۔

۲۱۵۸ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَنْ يُّجَصَّصَ الْقَبْرُ وَاَنْ يُّبْنٰى عَلَيْهِ وَاَنْ يُّقْعَدَ عَلَيْهِ۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم (بلا ضرورت) قبر کو گچ سے پختہ کرنے کی ممانعت فرماتے ہیں، اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم قبر پر بیٹھنے سے بھی منع فرماتے ہیں اس لیے کہ اس میں مردہ کی اہانت اور ذلت ہوتی

[1] اس لیے در مختار میں لکھا ہے کہ مردہ زمین پر رہنا چاہیے۔ قبر میں مردہ کے نیچے چادر وغیرہ بچھانا مکروہ تحریمی ہے اب رہی یہ بات کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے نیچے مشہور ہے کہ قبر شریف میں چادر بچھائی گئی تھی، یہ حضور کا خاصہ ہے۔ حضور چونکہ حیات النبی (زندہ) ہیں، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے نیچے قبر شریف میں چادر بچھائے جانے سے دوسروں کی قبر میں چادر بچھانے پر دلیل نہیں لی جا سکتی

www.waseemziyai.com
MARKAZUL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ہے[1] اور مردہ کی اہانت جن کاموں سے ہوتی ہے وہ سب منع فرمائے ہیں) اس حدیث کی روایت مسلم نے کی ہے

۲۱۵۹ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَاَنْ يَّجْلِسَ اَحَدُكُمْ عَلٰى جَمْرَةٍ فَتُحْرِقَ ثِيَابَهٗ فَتَخْلُصَ اِلٰى جِلْدِهٖ خَيْرٌ لَّهٗ مِنْ اَنْ يَّجْلِسَ عَلٰى قَبْرٍ ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص کسی چنگاری پر بیٹھ جائے، اور اس سے اس کے کپڑے جل کر اس کی کھال تک آگ پہونچ جائے تو یہ ایسا مضر نہیں جیسے قبر پر بیٹھنے سے اس کا مضر اثر بیٹھنے والے کے قلب تک پہونچتا ہے، یہ آگ پر بیٹھنے کے ضرر سے زیادہ مضر ہے۔ اس کی روایت مسلم نے کی ہے۔

۲۱۶۰ وَعَنْ اَبِی الْهَيَّاجِ الْاَسَدِيِّ قَالَ قَالَ لِیْ عَلِیٌّ اَلَا اَبْعَثُكَ عَلٰى مَا بَعَثَنِیْ اِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَنْ لَّا تَدَعَ تِمْثَالًا اِلَّا طَمَسْتَهٗ وَلَا قَبْرًا مُشْرِفًا اِلَّا سَوَّيْتَهٗ ۔

حضرت ابو الہیاج اسدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ مجھ سے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، فرماتے ہیں سنو ابو الہیاج مجھے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم نے جس کام کے لیے بھیجا تھا، میں اس کام کے لیے تم کو بھی بھیجنا چاہتا ہوں اور وہ کام یہ ہے کہ جہاں کہیں تم کسی جاندار کی تصویر[2] دیکھو

---

[1] (اگر کوئی ایسی ضرورت ہو مثلاً کسی نے قبر کے مسمار کرنے کا خوف ہو، تو قبر کو پکے سے پختہ بنا سکتے ہیں۔ اس کی دلیل وہ حدیث ہے جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم سے مروی ہے رما داٰہ المسلمون حسنا فھو عند اللّٰہ حسن) جس فعل کو صالحین مسلمان اچھا سمجھیں، وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک بھی پسندیدہ ہے، ضرورت کی وجہ سے قبر کو پکا کرنا صالحین مسلمان پسند کرتے ہیں، اس لیے پکی قبر بنانا اللہ تعالیٰ کے نزدیک بھی پسندیدہ ہے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم قبر پر عمارت بنانے سے بھی منع فرماتے ہیں (اگر عمارت سے مراد یہ ہے کہ عین قبر ہی پر کوئی عمارت بنائیں جیسے بعض کفار قبر پر لاٹ بناتے ہیں تو ایسی عمارت بنانا اس حدیث سے ممنوع ہے اور اگر قبر پر عمارت بنانے سے مراد یہ ہے کہ قبر کے اطراف کوئی عمارت مثل گنبد کے بنائی جائے اور وہ بے ضرورت ہو تو یہ بھی جائز نہیں ہے، اور اگر گنبد وغیرہ کسی ضرورت سے بنایا جائے جیسے صالحین مشائخ، علماء اور سادات کے مزار پر گنبد اس غرض سے بناتے جاتے ہیں کہ جو لوگ ان کے مزار پر زیارت کے لیے آتے ہیں وہ دھوپ سے اور بارش سے محفوظ رہیں اور اور اطمینان سے بیٹھ کر ان سے فیض لیا کریں تو یہ جائز ہے، اس لیے کہ صالحین مسلمان اس کو اچھا سمجھتے ہیں۔ اس لیے اللہ تعالیٰ کے نزدیک بھی پسندیدہ ہے)

[2] (خواہ وہ مجسمہ ہو، یا ہاتھ سے کھینچی ہوئی ہو، یا فوٹو ہو)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اس کو توڑ دو، مٹا دو (اور باقی نہ رہنے دو) ایسا ہی جہاں تم دیکھو کہ قبر (حد سے زیادہ) اونچی بنائی گئی ہے تو اس کو پست کر کے ایک بالشت کے موافق بلند رہنے دو اس کی روایت مسلم نے کی ہے۔

٢١٦١/٩ وَعَنْ اَبِي مَرْثَدِ الْغَنَوِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَا تَجْلِسُوْا عَلَى الْقُبُوْرِ وَلَا تُصَلُّوْا اِلَيْهَا۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابو مرثد غنوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ (قضاء حاجت کے لیے) قبروں پر مت بیٹھو تو یہ بھی نہیں کرنا چاہیئے (اس لیے کہ ایسا کرنا مکروہ تنزیہی ہے) اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے قبروں کی طرف رخ کر کے نماز پڑھنے سے منع فرمایا ہے (اس لیے کہ یہ مکروہ تحریمی ہے) اس حدیث کی روایت مسلم نے کی ہے۔

٢١٦٢/١٠ وَعَنْ هِشَامِ بْنِ عَامِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ يَوْمَ اُحُدٍ اِحْفِرُوْا وَاَوْسِعُوْا وَاَعْمِقُوْا وَاَحْسِنُوْا وَادْفِنُوا الْاِثْنَيْنِ وَالثَّلَاثَةَ فِيْ قَبْرٍ وَّاحِدٍ وَقَدِّمُوْا اَكْثَرَهُمْ قُرْاٰنًا۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاؤدَ وَالنَّسَائِيُّ وَرَوَى ابْنُ مَاجَةَ اِلٰى قَوْلِهٖ وَاَحْسِنُوْا)

حضرت ہشام بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جنگ احد کے ختم ہونے کے بعد (جب شہیدوں کو دفن کر رہے تھے اس وقت) ارشاد فرمایا قبریں کھو دو، اور کشادہ کھودو، اور گہری کھودو (کم سے کم قبر کمر کے برابر گہری ہو، جتنی زیادہ گہری کھودو گے بہت اچھا ہے۔ چاہیئے سینہ تک ہو یا قد کے برابر ہو) اور قبر کو پاک وصاف بناؤ (کہ زمین ہموار رہے۔ مٹی اور کوئی چیز اس میں نہ رہے) بہتر تو یہ ہے کہ ایک قبر میں ایک ہی مردہ دفنایا جائے، اگر ضرورت ہو تو) ایک قبر میں دو، دو یا تین تین بھی دفن کرو (مگر دو مردوں کے بیچ میں مٹی یا اینٹوں سے آڑ بنائی جائے) جس کو قرآن

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

زیادہ یاد ہو، اس کو پہلے قبر میں اتار کر (قبلہ کی طرف پہلے رکھیں[1]۔ اس حدیث کی روایت امام احمد، ترمذی، ابوداؤد اور نسائی نے کی ہے اور ابن ماجہ نے بھی اس کے قریب قریب روایت کی ہے۔ ۱۲۔

۲۱۶۳ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ لَمَّا كَانَ يَوْمُ أُحُدٍ جَاءَتْ عَمَّتِي بِأَبِي لِتَدْفِنَهُ فِي مَقَابِرِنَا فَنَادَى مُنَادِي رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ رُدُّوا الْقَتْلَى إِلَى مَضَاجِعِهِمْ۔
۱۱
(رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَلَفْظُهٗ لِلتِّرْمِذِيِّ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ (غزوہ احد میں میرے والد شہید ہوئے اور ابھی دفن نہیں کئے گئے تھے کہ) میری پھوپھی میرے والد کو وہاں سے منتقل کر کے ہمارے قبرستان میں دفن کرنے کے لیے لے آئیں، اتنے میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے منادی نے ندا دی کہ شہیدوں کو ان کے شہید ہونے کی جگہ واپس لے جاؤ (تاکہ ان کو وہیں دفن کر دیا جائے) اس حدیث کی روایت امام احمد ترمذی، ابو داؤد، نسائی اور دارمی نے کی ہے۔

ف: اس حدیث شریف سے معلوم ہوا کہ میت کو جہاں موت آئے اسی مقام کے قبرستان میں دفن کرنا چاہیے دوسرے مقام میں اس کو منتقل نہیں کرنا چاہیے۔ اگر منتقل کیا بھی تو ایک دو میل سے کم فاصلہ میں منتقل کرنا چاہیے یہ بھی خلاف اولیٰ ہے، اور ایک دو میل سے زائد دور دفن کے لیے لے جانا مکروہ ہے۔ اسی لیے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کے والد کو جہاں یہ شہید ہوئے تھے وہیں دفن کرنے کا حکم دیا اور دفن کے بعد قبر کو کھود کر میت کو ایک مقام سے دوسرے مقام پر لے جانا ہر حالت میں ناجائز ہے۔ ہاں اگر کسی آدمی کی حق تلفی ہوتی ہو تو البتہ میت کا دفن کے بعد نکالنا جائز ہے، مثلاً وہ زمین جس میں اس کو دفن کیا گیا ہے وہ دوسرے کی ملک ہو، اور وہ اس کے دفن پر راضی نہ ہو۔ (یہ مضمون عالمگیری اور رد المحتار سے لیا گیا ہے) ۱۲

۲۱۶۴ وَعَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ قَالَ لَمَّا تُوُفِّيَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِي بَكْرٍ بِالْحُبْشِيِّ وَهُوَ مَوْضِعٌ فَحُمِلَ إِلَى مَكَّةَ فَدُفِنَ بِهَا فَلَمَّا قَدِمَتْ عَائِشَةُ أَتَتْ قَبْرَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ
۱۲

حضرت ابن ابی ملیکہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، (جو مشاہیر تابعین سے ہیں) ان سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ حبشی مکہ مکرمہ کے اطراف کے مواضعات میں سے ایک موضع ہے۔ یہاں عبد الرحمٰن بن ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہما تھے اور اسی موضع میں ان کا

---

[1] پھر اس سے کم جس کو قرآن یاد ہو۔ اس کے بعد اس کو رکھیں۔ ایسے ہی ترتیب وار مردوں کو ایک قبر میں ضرورۃً رکھ سکتے ہیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

ابنِ اَبِیْ بَکْرٍ فَقَالَتْ:

وَکُنَّا کَنَدْ مَانِیْ جَذِیْمَۃَ حِقْبَۃً
مِنَ الدَّھْرِ حَتّٰی قِیْلَ لَنْ یَّتَصَدَّعَا
فَلَمَّا تَفَرَّقْنَا کَاَنِّیْ وَمَالِکًا
لِطُوْلِ اِجْتِمَاعٍ لَمْ نَبِتْ لَیْلَۃً مَعًا

انتقال ہو گیا، تو ان کا جنازہ مقام حُبشی سے مکہ معظمہ لایا گیا، اور وہ مکہ معظمہ میں دفن کئے گئے جب ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا (حج کے لیے) مکہ معظمہ آئیں تو اپنے بھائی عبدالرحمٰن بن ابی بکر کی زیارت کے لیے ان کی قبر پر تشریف لائیں اور (بہت درد کے ساتھ) یہ اشعار پڑھے۔

"وَکُنَّا کَنَدْ مَانِیْ جَذِیْمَۃَ حِقْبَۃً
مِنَ الدَّھْرِ حَتّٰی قِیْلَ لَنْ یَّتَصَدَّعَا
فَلَمَّا تَفَرَّقْنَا کَاَنِّیْ وَمَا لِکًا
لِطُوْلِ اِجْتِمَاعٍ لَمْ نَبِتْ لَیْلَۃً مَعًا"

جذیمہ عراق اور عرب کا بادشاہ تھا اس کے دو وزیر تھے۔ ایک کا نام مالک اور دوسرے کا نام عقیل تھا جذیمہ کے یہ دو وزیر چالیس سال تک ایک دوسرے کے ساتھ رہے۔ ان کی آپس میں مدت دراز تک ہم نشینی اور خلوص و محبت کی وجہ سے لوگ کہتے تھے کہ اب یہ ہرگز جدا نہ ہوں گے۔ لیکن نعمان نے ان کو قتل کر دیا۔ اس واقعہ کو تمیم بن نویرہ شاعر نے اپنے بھائی مالک بن نویرہ کے مرثیہ میں تشبیہاً اس طرح بیان کیا ہے کہ جس طرح جذیمہ بادشاہ کے دو وزیر چالیس سال تک ایک دوسرے کے ساتھ رہے۔ اسی طرح ہم بھی آپس میں ان دو وزیروں کی طرح ہم نشین اور محبت رکھنے والے تھے۔ ایک دوسرے سے جدا نہ ہوتے تھے، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہد خلافت میں خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مالک بن نویرہ کو قتل کر دیا۔ تمیم بن نویرہ شاعر کہتا ہے کہ اے مالک ہم باوجود ایک مدت دراز تک ساتھ رہنے کے تیرے قتل کی وجہ سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ مدت دراز تک خواب تھا، اور ہم اس طرح جدا ہو گئے کہ کبھی ایک ساتھ نہ رہے تھے۔ اب اسی واقعہ کو ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اپنے حسب حال

ثُمَّ قَالَتْ وَاللّٰهِ لَوْ حَضَرْتُكَ مَا دُفِنْتَ اِلَّا حَيْثُ مِتَّ وَلَوْ شَهِدْتُّكَ مَا زُرْتُكَ.

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

پاکر اپنے بھائی کے فراق میں مذکورہ دو شعر پڑھیں کہ :

اے بھائی! ہم اور تم جذیمہ بادشاہ کے ہم نشین وزیروں کی طرح تھے اور آپس میں ایک مدت دراز تک اس طرح رہے کہ لوگ کہتے تھے کہ اب یہ جدا نہ ہوں گے لیکن جب جدائی کا وقت آیا تو باوجود اتنی طویل مدت تک ساتھ رہنے کے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گویا ہم ایک رات بھی ساتھ نہیں رہے۔

ان اشعار کے پڑھنے کے بعد حضرت ام المومنین فرماتی ہیں کہ خدا کی قسم! اگر میں تمہاری موت کے وقت تمہارے پاس موجود ہوتی تو تمہیں اسی مقام حُبشی میں دفن کرتی جہاں تمہاری وفات ہوئی تھی (اس لیے جو شخص جہاں انتقال کرے اس کو وہیں کے قبرستان میں دفن کرنا مسنون ہے) اس کے بعد حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے یہ بھی فرمایا کہ عام عورتوں کی عدت ان کے شوہروں کی وفات کے بعد (۴) ماہ دس دن ہے۔ اسی لیے وہ عدت گزرنے کے بعد کسی سے بھی نکاح کر سکتی ہیں۔ بخلاف اس کے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی ازواج مطہرات کی عدت ان کی وفات تک ہے کہ امہات المومنین کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے بعد تا حیات کسی سے نکاح کرنا جائز نہیں ہے[1] اس حدیث کی روایت ترمذی نے کی ہے۔

۲۱۶۵/۱۳ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اُخِذَ مِنْ قِبَلِ الْقِبْلَةِ وَاسْتُقْبِلَ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کو قبلہ کی جانب سے قبر میں اتار کر رکھا گیا۔ اس طرح کی

[1] اس لیے اپنے بھائی سے حضرت عائشہ فرما رہی ہیں کہ میں عدت میں ہوں، اگر میں تمہارے انتقال کے وقت تمہارے جنازہ میں شریک رہتی تو دوبارہ تمہاری زیارت کے لیے نہ آتی کیونکہ زمانہ عدت میں بلا ضرورت شدید کے کہیں جا نہیں سکتے۔ ہاں ایسی ہی کوئی خاص ضرورت ہو تو جا سکتے ہیں۔ (چونکہ میں تمہارے انتقال کے وقت تمہارے دیدار سے محروم رہی) اس لیے اب زیارت کے لیے آگئی ہوں (تاکہ یہ آخری دیدار کے قائم مقام ہو جائے۔)

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

اِسْتِقْبَالًا ۔

(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

قبر کے قبلہ کی جانب جنازہ رکھا گیا اور جنازہ کو لے کر قبر میں رکھنے والوں کا رُخ بھی قبلہ کی طرف تھا (جیسا کہ دستور ہے) آپ کو سیدھی کروٹ کر کے قبلہ رُخ لٹایا گیا۔
اس کی روایت ابن ماجہ نے کی ہے۔

٢١٦٦ وَعَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ أَبِيهِ [16] قَالَ أُلْحِدَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَأُخِذَ مِنْ قِبَلِ الْقِبْلَةِ وَنُصِبَ عَلَيْهِ اللَّبِنُ نَصْبًا۔

(رَوَاهُ إِمَامُنَا أَبُو حَنِيفَةَ)

حضرت ابن بُریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، اپنے والد بُریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت کرتے ہیں کہ ان کے والد بُریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے لیے بغلی قبر تیار کی گئی تھی اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو قبر شریف میں اُتارتے وقت قبلہ کی جانب سے اتارا گیا تھا، اور قبر شریف پر کچی اینٹیں جمائی گئی تھیں۔ اس کی روایت ہمارے امام ابو حنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کی ہے۔

٢١٦٧ وَعَنْ إِبْرَاهِيمَ النَّخَعِيِّ أَنَّ [16] النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ أُدْخِلَ الْقَبْرَ مِنْ قِبَلِ الْقِبْلَةِ وَلَمْ يُسَلَّ سَلًّا رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُو دَاوُدَ فِي الْمَرَاسِيلِ۔

حضرت ابراہیم نخعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو قبر شریف میں اتارتے وقت قبلہ کی جانب سے اتارا گیا تھا، اور قبر شریف کے پائتیں جنازہ کو رکھ کر قبر میں سر کی جانب سے نہیں اُتارا گیا ہے۔
اس کی روایت ابن ابی شیبہ نے کی ہے اور ابوداؤد نے بھی اس کی روایت مراسیل میں کی ہے۔ ۱۲

٢١٦٨ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُولَ [16] اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُدْخِلَ قَبْرًا لَيْلًا فَأُسْرِجَ لَهُ سِرَاجٌ فَأَخَذَهُ مِنْ قِبَلِ الْقِبْلَةِ وَقَالَ رَحِمَكَ اللهُ إِنْ كُنْتَ لَأَوَّاهًا تَلَّاءً لِلْقُرْاٰنِ وَكَبَّرَ عَلَيْهِ أَرْبَعًا

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ حَدِيثٌ حَسَنٌ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ (جب عبداللہ ذوالبجادین رضی اللہ تعالیٰ عنہ، جو اصحاب صفہ میں سے تھے ان کا انتقال ہوا تو ان کو رات میں دفن کیا گیا اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ان کو دفن کرنے کے لیے قبر میں اُترے (دفن میں سہولت کے لیے) آپ کے واسطے چراغ روشن کیا گیا، اور حضور علیہ الصلاۃ والسلام نے (میت کو قبر میں) قبلہ کی جانب سے اتارا اور فرمایا (عبداللہ!) اللہ تعالیٰ تم پر رحمت نازل فرمائے تم بڑے نرم دل اور خوف خدا سے بہت رونے والے اور

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

قرآن شریف کی بہت زیادہ تلاوت کرنے والے تھے، اور جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ان کی نماز جنازہ پڑھی تھی تو چار تکبیرات کے ساتھ نماز ادا فرمائی تھے۔ اس کی روایت ترمذی نے کی ہے۔ اور ترمذی نے کہا ہے کہ یہ حدیث حسن ہے۔

۲۱۶۹/۱۷ وَعَنْهُ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَاَبُوْبَكْرٍ وَّعُمَرُ يُدْخِلُوْنَ الْمَيِّتَ مِنْ قِبَلِ الْقِبْلَةِ رَوَاهُ الطَّبْرَانِيُّ فِي الْكَبِيْرِ وَفِيْ اَسْنَادِهٖ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ خِرَاشٍ وَثَّقَهُ ابْنُ حِبَّانَ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم اور حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما (یہ سب حضرات) میت کو قبر میں اتارتے وقت قبلہ کی جانب سے ادا کرتے تھے۔ اس کی روایت طبرانی نے الکبیر میں کی ہے۔ ۱۲

۲۱۷۰/۱۸ وَعَنْ عَلِيٍّ اَنَّهٗ اَدْخَلَ يَزِيْدَ بْنَ الْمُكَفَّفِ مِنْ قِبَلِ الْقِبْلَةِ رَوَاهُ عَبْدُ الرَّزَّاقِ وَابْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ وَصَحَّحَهُ ابْنُ حَزْمٍ فِي الْمُحَلّٰى۔

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے کہ آپ جب یزید بن المکفف کو قبر میں اُتارے ہیں تو قبلہ کی جانب سے اُتارے ہیں۔ اس کی روایت عبدالرزاق اور ابن ابی شیبہ نے کی ہے اور ابن حزم نے محلی میں اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے۔

۲۱۷۱/۱۹ وَعَنِ ابْنِ الْحَنَفِيَّةِ اَنَّهٗ وَلِيَ ابْنَ عَبَّاسٍ فَكَبَّرَ عَلَيْهِ اَرْبَعًا وَّاَدْخَلَهٗ مِنْ قِبَلِ الْقِبْلَةِ۔

(رَوَاهُ ابْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ)

ابن الحنفیۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی نماز جنازہ پڑھانے اور دفن کرنے کے لیے ابن الحنفیۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کا جب انتخاب ہوا تو حضرت ابن الحنفیۃ نے حضرت ابن عباس کی نماز جنازہ چار تکبیرات کے ساتھ ادا فرمائی اور ان کو قبلہ کی جانب سے قبر میں اتارا، اس کی روایت ابن ابی شیبہ نے کی ہے۔ ۱۲

۲۱۷۲/۲۰ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا اُدْخِلَ الْمَيِّتُ الْقَبْرَ قَالَ بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَعَلٰى مِلَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی عادت شریفہ یہ تھی کہ جب میت کو قبر میں اتارا جاتا تو آپ یہ دعاء پڑھتے ”بسم اللہ و باللہ وعلی ملۃ رسول اللہ“، ہم اللہ کے نام سے اس میت کو قبر میں اتارنا شروع کرتے ہیں، یا اللہ یہ تمھا آپ کے پاس آرہا ہے، اس لیے ہم اس کو آپ کی پناہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM-IL-ISLAMIA ACADEMY

بیں دے رہے ہیں، آپ اس کی ہر جگہ مدد فرمایئے[1] ہم اس کو رسول اللہ کے دین کے موافق ہی دفن کر رہے ہیں۔ اس کی روایت امام احمد، ترمذی اور ابن ماجہ نے کی ہے۔

۲۱۷۳
۲۱
وَعَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيْهِ مُرْسَلًا أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ حَثّٰى عَلَى الْمَيِّتِ ثَلَاثَ حَثَيَاتٍ بِيَدَيْهِ جَمِيْعًا وَاَنَّهٗ رَشَّ عَلٰى قَبْرِ ابْنِهٖ اِبْرَاهِيْمَ وَوَضَعَ عَلَيْهِ حَصْبَاءَ رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَرَوَى الشَّافِعِيُّ مِنْ قَوْلِهٖ رَشَّ۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ، اپنے والد امام محمد باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے مرسلاً روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم (سرہانے کی طرف سے) اپنے دونوں دست مبارک کو ملا کر دونوں ہاتھوں سے تین مشت مٹی[2] قبر میں ڈالے ہیں امام احمد کی روایت سے ثابت ہے کہ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پہلی دفعہ مشت سے مٹی ڈالتے وقت مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ (مٹی سے ہم نے تم کو پیدا کیا) پڑھے اور دوسری دفعہ مشت سے مٹی ڈالتے وقت فرمایا وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ (اور مرنے کے بعد دوبارہ تم کو ہم مٹی ہی میں لے جائیں گے) اور تیسری دفعہ مشت سے مٹی ڈالتے وقت فرمایا وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى (پھر قیامت میں ہم تم کو مٹی ہی سے اٹھائیں گے) اور راوی کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے صاحبزادے حضرت ابراہیم کا جب انتقال ہوا تو) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم حضرت ابراہیم (کے دفن کے بعد ان) کی قبر پر (اپنے دست مبارک سے) پانی چھڑکے اور قبر پر اپنے دست مبارک سے کنکریاں جما دیں (تاکہ نشانی رہے) اس کی روایت شرح السنہ میں کی ہے اور امام شافعی نے بھی اس کے قریب قریب روایت کی ہے۔

---

[1] اس نے اپنی زندگی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے دین کے موافق بسر کی ہے، اس لیے اب)

[2] اگر بغلی قبر ہو تو اینٹوں سے بند کرنے کے بعد، اور اگر قبر صندوقی ہو تو کڑیاں رکھنے کے بعد)

MARKAZ UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

۲۱۷۴/۲۲ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ صَلّٰى عَلٰى جَنَازَةٍ ثُمَّ اَتَى الْقَبْرَ فَحَثٰى عَلَيْهِ مِنْ قِبَلِ رَاْسِهٖ ثَلَاثًا۔

(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ایک جنازہ کی نماز پڑھائی، پھر میت کے ساتھ قبر تک تشریف لے گئے اور میت کو قبر میں رکھ دیا گیا، اور جب مٹی ڈالنے کا وقت آیا تو) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم سرہانے کی جانب سے تین مشت مٹی قبر میں ڈالے۔ اس کی روایت ابن ماجہ نے کی ہے۔

۲۱۷۵/۲۳ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ رُشَّ قَبْرُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَكَانَ الَّذِيْ رَشَّ الْمَاءَ عَلٰى قَبْرِهٖ بِلَالُ ابْنُ رَبَاحٍ بِقِرْبَةٍ بَدَاَ مِنْ قِبَلِ رَاْسِهٖ حَتّٰى انْتَهٰى اِلٰى رِجْلَيْهِ۔

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ دَلَائِلِ النُّبُوَّةِ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی قبر شریف پر دفن کے بعد پانی چھڑکا گیا تھا، اور پانی چھڑکنے والے بلال بن رباح رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں، انھوں نے اس طرح چھڑکاؤ شروع کیا کہ سر مبارک کی طرف سے شروع کرکے دونوں قدموں تک چھڑکاؤ ختم کیا۔ اس کی روایت بیہقی نے دلائل النبوۃ میں کی ہے۔

۲۱۷۶/۲۴ وَعَنْهُ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَنْ يُّجَصَّصَ الْقُبُوْرُ وَاَنْ يُّكْتَبَ عَلَيْهَا وَاَنْ تُوْطَاَ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم قبروں کو پکے سے پختہ کرنے کی ممانعت فرماتے ہیں اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم قبروں پر لکھنے سے منع فرماتے ہیں اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے قبروں پر چلنے سے بھی منع فرمایا ہے اس کی روایت ترمذی نے کی ہے۔

ف یہ حدیث اس زمانہ کی ہے کہ جس زمانہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم قبروں کی زیارت کرنے سے منع فرماتے تھے جب زیارت قبور سے منع فرمایا گیا تو قبروں کو پکے کرنے سے بھی منع فرمایا گیا تھا، اس لیے کہ جب زیارت قبور ہی جائز نہ تھی تو قبروں کو پکے کرکے پختہ کرنے کی کیا ضرورت تھی، اور جب قبروں کی زیارت کرنے کی ممانعت منسوخ ہوگئی تو حدیث کے دونوں حکم کہ قبروں پر پکے نہ کی جائے اور قبروں پر لکھا نہ جائے بھی منسوخ ہوگئے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کا ارشاد ہے (زُوْرُوْهَا) یعنی قبروں کی زیارت کرو تو اس سے قبروں کو پکے کرکے پختہ کرنے کی اجازت

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

بھی مل گئی اور قبروں پر لکھنے اور کتبے لگانے کی بھی اجازت ہو گئی۔ اس لیے کہ کچی قبر چند روز میں زمین کے برابر ہو جاتی ہے اور اس کا کوئی نشان باقی نہیں رہتا۔ اس سے لازم آتا ہے کہ قبروں کو گچ سے پختہ کریں اور اوپر لکھیں یا کتبے لگائیں تاکہ زیارت کی جا سکے یہ قول مبارک ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا، آپ کے فعل سے بھی دلیل ملتی ہے قبروں کو گچ سے پختہ کرنے کی، اس لیے کہ حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم عثمان بن مظعون رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کی قبر پر ایک بڑا پتھر رکھنے کا حکم دیا، صحابی اس کو اٹھا نہ سکے، تو حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم خود اٹھا کر قبر پر رکھ دیئے تاکہ قبر یاد رہے اور اس کی زیارت کر سکیں۔ اس سے بھی معلوم ہوا کہ قبروں کو گچ سے پختہ کیا جائے تاکہ لوگ زیارت کر سکیں۔ حدیث مذکور کے یہ دونوں حکم منسوخ ہونے کی یہ بھی ایک دلیل ہے کہ سارے عالم اسلام میں مشرق سے مغرب تک سلف سے خلف تک قبروں کو گچ سے پختہ کیا جاتا رہا ہے اور قبروں پر لکھا جاتا رہا ہے یا ان پر کتبے لکھ کر سرہانے لگائے جاتے رہے ہیں اس کی دلیل رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی یہ حدیث شریف ہے "مَا رَاٰہُ الْمُسْلِمُوْنَ حَسَنًا فَھُوَ عِنْدَ اللّٰہِ حَسَنٌ"، جس فعل کو صالحین مسلمان اچھا سمجھیں وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک بھی پسندیدہ ہے۔ چونکہ صالحین مسلمان قبروں کو گچ سے پختہ کرنے اور قبروں پر لکھنے اور کتبے یا تختیاں لگانے کو پسند کرتے ہیں، اس لیے قبروں کو گچ سے پختہ بنانا اور قبروں پر لکھنا یا کتبے اور تختیاں لگانا اللہ تعالیٰ کے نزدیک بھی پسندیدہ ہے حدیث مذکور کا تیسرا جزء کہ قبر کو روندا نہ جائے منسوخ نہیں ہے اس لیے قبروں پر چلنا اور قبروں کو روندنا ناجائز ہے "۱۲"۔

۲۱۷۷/۲۵ وَعَنِ ابْنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ اَبِیْ وَدَاعَۃَ قَالَ لَمَّا مَاتَ عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُوْنٍ اُخْرِجَ بِجَنَازَتِہٖ فَدُفِنَ اَمَرَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ رَجُلًا اَنْ یَّاْتِیَہٗ بِحَجَرٍ فَلَمْ یَسْتَطِعْ حَمْلَھَا فَقَامَ اِلَیْھَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ وَحَسَرَ عَنْ

مطلب بن وداعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ جب حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا انتقال ہوا تو ان کا جنازہ لے جا کر (بقیع میں) دفن کیا گیا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ایک صحابی کو حکم دیا کہ ایک بڑا پتھر اٹھا لاؤ[1] صحابی اس کو اٹھا کر نہ لا سکے تو خود رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اس پتھر کے لانے کا ارادہ فرمایا اور اپنے دونوں آستینوں کو چڑھا کر اس پتھر کے پاس پہنچے، راوی کہتے ہیں کہ جس صاحب نے مجھ سے یہ حدیث بیان کی ہے وہ فرماتے

[1] تاکہ قبر پر سرہانے کی طرف رکھا جائے یہ معلوم ہونے کے لیے یہ عثمان بن مظعون کی قبر ہے) وہ پتھر اس قدر بڑا تھا کہ)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

ذِرَاعَيْهِ قَالَ الْمُطَّلِبُ قَالَ الَّذِيْ يُخْبِرُنِيْ عَنْ رَّسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ كَاَنِّيْٓ اَنْظُرُ اِلٰى بَيَاضِ ذِرَاعَيْ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ حِيْنَ حَسَرَ عَنْهُمَا ثُمَّ حَمَلَهَا فَوَضَعَهَا عِنْدَ رَأْسِهٖ وَقَالَ اُعْلِمُ بِهَا قَبْرَ اَخِيْ وَاَدْفِنُ اِلَيْهِ مَنْ مَّاتَ مِنْ اَهْلِيْ.

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ)

تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جب اس پتھر کے لانے کے لیے اپنے آستینیں چڑھائے ہیں تو حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے بازوں کی سفیدی اس وقت مجھے جو دکھائی دی اب تک یاد ہے، پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اس پتھر کو اٹھا کر عثمان بن مظعون کی قبر پر سرہانے کی طرف جما دیئے۔ اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے (کہ مرور زمانہ سے قبر مٹ کر زمین کے برابر ہو جاتی ہے، اور لوگوں کو معلوم نہیں ہوتا کہ قبر کہاں ہے اس لیے) ہیں (اس پتھر کو سرہانے کی طرف رکھ کر) لوگوں کو یہ معلوم کروانا چاہتا ہوں کہ (یہاں میرے رضاعی بھائی) عثمان بن مظعون رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی قبر ہے (میں یہ نشانی اس وجہ سے بھی رکھ رہا ہوں کہ) ان کے بعد میرے گھرانے میں سے جو بھی وفات پائیں گے، انھیں یہاں دفن کروں گا (اس لیے ہٹروالڑ قائم کرنے کا ثبوت ملتا ہے۔ اس حدیث کی روایت ابوداؤد نے کی ہے)

۲۱۷۸/۲۶ وَعَنِ الْبَرَآءِ ابْنِ عَازِبٍ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فِيْ جَنَازَةِ رَجُلٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ فَانْتَهَيْنَا اِلَى الْقَبْرِ وَلَمْ يُلْحَدْ بَعْدُ فَجَلَسَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ وَجَلَسْنَا مَعَهٗ رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَآئِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَزَادَ فِيْ اٰخِرِهٖ كَاَنَّ عَلٰى

حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ہمراہ ایک انصاری کے جنازہ کو لیے ہوئے قبرستان میں پہونچے، جا کر کیا دیکھتے ہیں کہ ابھی قبر تیار نہیں ہوئی ہے (قبر کے تیار ہونے کا انتظار تھا اس لیے) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم قبلہ کی طرف رخ کر کے بیٹھ گئے اور ہم بھی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ حضور کے اطراف میں بیٹھ گئے۔ اس کی روایت ابوداؤد، نسائی اور ابن ماجہ نے کی ہے، اور اس وقت مجلس پر حضور کے رعب اور عظمت کی وجہ سے ایسا سکون اور ایسی خاموشی طاری تھی کہ سب بے حس وحرکت

www.waseemziyai.com
MARKAZ UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

رُءُوْسِنَا الطَّيْرَ۔

بیٹھے ہوئے تھے) ایسا معلوم ہو رہا تھا کہ ہمارے سروں پر پرندے بیٹھے ہوئے ہیں (کہ حرکت کرنے سے یہ اُڑ جائیں گے)

ف: اشعۃ اللمعات میں لکھا ہے کہ اس حدیث شریف سے معلوم ہوتا ہے کہ میت کے ساتھ قبرستان تک جانا اور قبر تیار ہونے تک دفن کے انتظار میں بیٹھنا سنت ہے۔ اس حدیث شریف میں مذکور ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم قبلہ رو ہو کر بیٹھ گئے۔ مرقات میں طبرانی کے حوالے سے لکھا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ بہترین مجلس وہ ہے جس میں قبلہ رو ہو کر بیٹھا جائے۔ ۱۲۔

تمہید

جیسے زندہ کو کچھ ایذاء دی جائے تو وہ متاثر ہوتا ہے اور اس کو تکلیف ہوتی ہے ایسے ہی مردہ کو اگر ایذاء دی جائے تو وہ بھی متاثر ہوتا ہے۔ اور اس کو بھی تکلیف ہوتی ہے

۲۱۷۹/۲۷ وَعَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ كَسْرُ عَظْمِ الْمَيِّتِ كَكَسْرِهٖ حَيًّا۔

(رَوَاهُ مَالِكٌ وَاَبُوْدَاؤُدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ اگر کسی مردہ کے (اعضاء درست کرنے کے لیے) اس کی ہڈی توڑ دی جائے تو اس سے اس کو اسی طرح تکلیف ہوتی ہے) جیسے کسی زندہ کی ہڈی (اس کی زندگی میں) توڑنے سے اس کو تکلیف پہونچتی ہے۔ اس کی روایت امام مالک، ابوداؤد اور ابن ماجہ نے کی ہے۔

ف: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ زندہ کو ایذاء پہونچانے سے جیسا گناہ ہوتا ہے ویسے ہی مردہ کو مرنے کے بعد ایذا دینے سے گناہ ہوتا ہے۔ اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ جیسے کسی آرام دہ کام سے زندہ کو آرام و لذت ملتی ہے، ایسا ہی کسی مردہ کے ساتھ بھی آرام دہ کام کیا جائے تو مردہ کو آرام اور لذت ملتی ہے اس سے ثابت ہوا کہ جیسے زندگی میں زندہ کی تعظیم کی جائے ایسے ہی مرنے کے بعد مردہ کی بھی تعظیم کی جائے، اس لیے کہ اس سے مردہ کو راحت اور لذت ملتی ہے۔ مرقات۔ اشعۃ اللمعات اور ردالمحتار ۱۲۔

۲۱۸۰/۲۸ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ

حضرت عمرو بن حزم رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

قَالَ رَاٰنِی النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ مُتَّکِئًا عَلٰی قَبْرٍ فَقَالَ لَا تُؤْذِ صَاحِبَ ھٰذَا الْقَبْرِ اَوْ لَا تُؤْذِہٖ۔

(رَوَاہُ اَحْمَدُ)

روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ (ایک دفعہ) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے دیکھا کہ میں ایک قبر سے ٹیک لگائے ہوئے بیٹھا ہوں (یہ دیکھ کر) ارشاد فرمایا (کہ تمہارے قبر کو ٹیکا لگا کر بیٹھنے سے صاحب قبر کو تکلیف ہو رہی ہے۔ اس طرح بیٹھ کر صاحب قبر کو تکلیف نہ دو۔ (کیونکہ اس میں میت کی اہانت بھی ہے۔) اس حدیث کی روایت امام احمد نے کی ہے۔

۲۱۸۱/۲۹ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ شَھِدْنَا بِنْتَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ تُدْفَنُ وَرَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ جَالِسٌ عَلَی الْقَبْرِ فَرَاَیْتُ عَیْنَیْہِ تَدْمَعَانِ فَقَالَ ھَلْ فِیْکُمْ مِّنْ اَحَدٍ لَّمْ یُقَارِفِ اللَّیْلَۃَ فَقَالَ اَبُوْ طَلْحَۃَ اَنَا قَالَ فَانْزِلْ فِیْ قَبْرِھَا فَنَزَلَ فِیْ قَبْرِھَا۔

(رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی صاحبزادی کا (جو حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بیوی تھیں انتقال ہو گیا، ہم ان کے دفن میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ شریک تھے اور اس وقت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم قبر کے کنارے تشریف فرما تھے حضرت انس فرماتے ہیں کہ میں نے دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ہر دو مبارک آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔ اتنے میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں، کیا ہم میں سے کوئی ایسا ہے کہ جس نے آج رات اپنی بیوی سے جماع نہیں کیا ہے ابوطلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں ایسا میں ہوں تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم فرمایا کہ (دفن کرنے کے لیے) ان کی قبر میں تم ہی اترو۔ حسب الحکم ابوطلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی صاحبزادی کو دفن کرنے کے لیے قبر میں اترے۔ اس کی روایت بخاری نے کی ہے۔

ف۔ اس حدیث شریف میں مذکور ہے کہ ابوطلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی صاحبزادی کو دفن کرنے کے لیے قبر میں اترے، اور حضرت ابوطلحہ اجنبی تھے، حضرت ابوطلحہ کو قبر میں اترنے کا جو حکم دیا گیا اس سے ابن الہمام نے یہ مسائل اخذ کئے ہیں کہ عورتوں کو قبر میں اتارنے کے لیے یا کسی ضرورت پر قبر سے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

نکالنے کے لیے مرد ہی قبر میں اتریں، اگرچہ کہ مرد اجنبی ہوں عورتیں قبر میں نہ اتریں، اس لیے کہ ضرورت پر اجنبی مرد کو جس طرح زندگی میں کپڑے وغیرہ کو حائل کر کے ہاتھ لگا سکتا ہے۔ ایسے ہی مرنے کے بعد بھی کپڑے وغیرہ کو حائل کر کے ہاتھ لگا سکتا ہے اور کفن بھی حائل ہو جاتا ہے۔ اگر کسی عورت کی وفات ہو جائے اور اس کے ساتھ اس کے محرم رشتہ دار موجود نہ ہوں تو ایسی صورت میں اس کے پڑوسی کے عمر رسیدہ نیک اور صالح لوگ اس کو دفنا سکتے ہیں اور اگر یہ بھی نہ ہوں تو نوجوان نیک اور صالح لوگ اس کو دفن کر سکتے ہیں۔ یہ مضمون مرقات سے ماخوذ ہے ۱۲۔

۲۱۸۲
۳۰
وَعَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ لِابْنِهٖ وَهُوَ فِيْ سِيَاقِ الْمَوْتِ إِذَا أَنَا مِتُّ فَلَا تَصْحَبْنِيْ نَائِحَةٌ وَلَا نَارٌ فَإِذَا دَفَنْتُمُوْنِيْ فَشُنُّوْا عَلَيَّ التُّرَابَ شَنًّا ثُمَّ أَقِيْمُوْا حَوْلَ قَبْرِيْ قَدْرَ مَا يُنْحَرُ جَزُوْرٌ وَيُقَسَّمُ لَحْمُهَا حَتّٰى أَسْتَأْنِسَ بِكُمْ وَأَعْلَمَ مَاذَا أُرَاجِعُ بِهٖ رُسُلَ رَبِّيْ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ جب ان کو سکرات شروع ہوئی تو انہوں نے اپنے فرزند سے ارشاد فرمایا (سنو بیٹا!) جب میں مر جاؤں تو میرے جنازے کے ساتھ نوحہ کرنے والی عورتوں کو نہ رکھنا۔ اور نہ میرے جنازے کے ساتھ آگ لے کر چلنا (یہ زمانہ جاہلیت کے رواج ہیں اسلام میں ان کو برا سمجھا گیا ہے) حضرت عمرو بن عاص نے پھر فرمایا کہ جب تم میرے دفن کا ارادہ کرو تو بہ سہولت قبر میں مٹی ڈالو، اور دفن کے بعد میری قبر کے اطراف تم لوگ (تلقین یعنی ذکر کرتے اور قرآن پڑھتے ہوئے) اتنی دیر تک ٹھہرے رہو جتنی دیر میں ایک اونٹ ذبح کر کے اس کا گوشت تقسیم کیا جا سکے تاکہ میں (اس عرصہ میں تم لوگوں کو قبر پر تلقین ذکر کرتے اور قرآن پڑھتے ہوئے کھڑے ہونے سے) انس اور اطمینان حاصل کر سکوں اور تمہارے تلقین کی وجہ سے وہ جواب مجھے یاد آ جائے جو مجھے اپنے پروردگار کی طرف سے بھیجے ہوئے فرشتوں کو دینا ہو گا۔ اس کی روایت مسلم نے کی ہے۔

۲۱۸۳
۳۱
وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ إِذَا مَاتَ أَحَدُكُمْ فَلَا تَحْبِسُوْهُ وَأَسْرِعُوْا بِهٖ إِلٰى قَبْرِهٖ وَلْيُقْرَأْ عِنْدَ رَأْسِهٖ فَاتِحَةُ الْبَقَرَةِ وَعِنْدَ رِجْلَيْهِ بِخَاتِمَةِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو ارشاد فرماتے سنا ہے کہ جب تم میں سے کسی کا انتقال ہو جائے تو اس کی تجہیز و تکفین میں دیر مت کرو (جہاں تک ہو سکے اس کے دفن کا جلد انتظام کرو) اور قبر تک جنازہ جلد جلد لے چلو (مگر جنازہ لے کر ایسا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-QURAN ISLAMIC ACADEMY

الْبَقَرَۃِ۔

(رَوَاہُ الْبَیْہَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ وَقَالَ وَالصَّحِیْحُ اَنَّہٗ مَوْقُوْفٌ عَلَیْہِ)

بھی جلد نہ چلو کہ جس سے مردہ کو حرکت اور اضطراب ہونے لگے اور دفن کے بعد میت کے سرہانے سورۂ بقرہ کی ابتدائی آیتیں الٓمّٓ سے اَلْمُفْلِحُوْن تک اور میت کے پائینتی سورۂ بقرہ کی آخری آیتیں، اٰمَنَ الرَّسُوْلُ سے الْکٰفِرِیْنَ تک پڑھیں۔ اس کی روایت بیہقی نے شعب الایمان میں کی ہے۔

بَابُ الْبُکَآءِ عَلَی الْمَیِّتِ — باب میت پر رونے کے بیان میں

اس باب میں یہ بیان ہے کہ میت پر کس طرح رونا جائز ہے اور کس طرح کا رونا ناجائز ہے۔

وَقَوْلُ اللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ: وَبَشِّرِ الصّٰبِرِیْنَ الَّذِیْنَ اِذَآ اَصَابَتْہُمْ مُّصِیْبَۃٌ قَالُوْٓا اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ اُولٰٓئِکَ عَلَیْہِمْ صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّہِمْ وَرَحْمَۃٌ وَاُولٰٓئِکَ ہُمُ الْمُہْتَدُوْنَ ۝

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔ اور خوشخبری سنا ان صبر والوں کو، کہ جب ان پر کوئی مصیبت پڑے تو کہیں ہم اللہ کے مال ہیں اور ہم کو اسی کی طرف پھرنا، یہ لوگ ہیں جن پر ان کے رب کی درودیں ہیں اور رحمت، اور یہی لوگ راہ پر ہیں۔ (سورۃ البقرہ، ۱۵۷، ۱۵۶)

ف: حدیث شریف میں ہے مصیبت کے وقت اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ پڑھنا رحمت الٰہی کا سبب ہے اور یہ بھی حدیث شریف میں ہے کہ مومن کی تکلیف کو اللہ تعالیٰ گناہوں کا کفارہ بنا دیتا ہے۔

وَقَوْلُہٗ تَعَالٰی: وَاسْتَعِیْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِنَّہَا لَکَبِیْرَۃٌ اِلَّا عَلَی الْخٰشِعِیْنَ الَّذِیْنَ یَظُنُّوْنَ اَنَّہُمْ مُّلٰقُوْا رَبِّہِمْ وَاَنَّہُمْ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ ۝

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔ اور صبر اور نماز سے صبر چاہو اور بے شک نماز ضرور بھاری ہے مگر ان پر جو دل سے میری طرف جھکتے ہیں، جنہیں یقین ہے کہ انہیں اپنے رب سے ملنا ہے اور اسی کی طرف پھرنا۔ (سورۃ البقرہ، ۴۶، ۴۵)

ف: اپنی حاجتوں میں صبر اور نماز سے مدد چاہو، سبحان اللہ کیا پاکیزہ تعلیم ہے۔ صبر مصیبتوں کا اخلاقی مقابلہ ہے انسان عدل وعزم وحق پرستی پر صبر کے بغیر قائم نہیں رہ سکتا۔ صبر کی تین قسمیں ہیں (۱) شدت ومصیبت پر نفس کو روکنا (۲) طاعت وعبادت کی مشقتوں میں مستقل رہنا (۳) معصیت کی طرف مائل ہونے سے طبیعت کو باز رکھنا اس آیت میں مصیبت کے وقت نماز کے ساتھ استعانت کی بھی تعلیم فرمائی گئی ہے، کیونکہ وہ عبادت بدنیہ ونفسانیہ کی جامع ہے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اور اس میں قرب الٰہی حاصل ہوتا ہے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اہم امور کے پیش آنے پر نماز میں مشغول ہو جاتے

۲۱۸۴ عَنْ اَنَسٍ قَالَ دَخَلْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ عَلٰى اَبِىْ سَيْفٍ الْقَيْنِ وَكَانَ ظِئْرًا لِاِبْرَاهِيْمَ فَاَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِبْرَاهِيْمَ فَقَبَّلَهٗ وَشَمَّهٗ ثُمَّ دَخَلْنَا عَلَيْهِ بَعْدَ ذٰلِكَ وَاِبْرَاهِيْمُ يَجُوْدُ بِنَفْسِهٖ فَجَعَلَتْ عَيْنَا رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ تَذْرِفَانِ فَقَالَ لَهٗ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ عَوْفٍ وَاَنْتَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ يَا ابْنَ عَوْفٍ اِنَّهَا رَحْمَةٌ ثُمَّ اَتْبَعَهَا بِاُخْرٰى فَقَالَ اِنَّ الْعَيْنَ تَدْمَعُ وَالْقَلْبَ يَحْزَنُ وَلَا نَقُوْلُ اِلَّا مَا يَرْضٰى رَبُّنَا وَاِنَّا بِفِرَاقِكَ يَا اِبْرَاهِيْمُ لَمَحْزُوْنُوْنَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں (ایک دن کا واقعہ ہے) کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ابو سیف لوہار کے گھر گئے جو حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے صاحبزادے حضرت ابراہیم کی دایہ کے شوہر تھے۔ حضور دایہ کے گھر پہونچ کر اپنے فرزند حضرت ابراہیم کو (گود میں) لیے انہیں پیار کیا اور سونگھا پھر واپس ہو گئے) چند روز کے بعد ہم (دوبارہ) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ دایہ کے گھر گئے۔ اس وقت حضرت ابراہیم سکرات کی حالت میں تھے (بچہ کی یہ حالت دیکھ کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے۔ (حضور کو روتے ہوئے دیکھ کر) حضرت عبدالرحمن بن عوف نے عرض کیا یا رسول اللہ! کیا آپ بھی روتے ہیں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے ابن عوف (نوحہ اور آہ وزاری کرنا منع ہے اور آنکھوں سے آنسو کا جاری ہونا یہ رحمت کی نشانی ہے (اور جائز ہے) اس کے بعد آنکھوں میں آنسو لاکر فرمایا آنکھ روتی ہے اور دل غمگین ہے، اور ہم وہی کہتے ہیں جو ہمارے رب کو پسند ہے اور ہم اے ابراہیم! تمہاری جدائی سے غمگین ہیں۔ اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

۲۱۸۵ وَعَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ اَرْسَلَتْ اِبْنَةُ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِلَيْهِ اِنَّ ابْنًا لِّىْ قُبِضَ فَاْتِنَا فَاَرْسَلَ يُقْرِئُ السَّلَامَ وَيَقُوْلُ اِنَّ لِلّٰهِ مَا اَخَذَ وَلَهٗ مَا اَعْطٰى وَكُلٌّ عِنْدَهٗ بِاَجَلٍ مُّسَمًّى فَلْتَصْبِرْ وَلْتَحْتَسِبْ فَاَرْسَلَتْ

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے کہ اتنے میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی صاحبزادی حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے خدمت اقدس میں کسی شخص سے یہ کہلا بھیجا کہ میرا لڑکا سکرات کی حالت میں ہے، آپ ذرا تشریف لائیے حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ تم واپس جاکر

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

إِلَيْهِ تُقْسِمُ عَلَيْهِ لَيَأْتِيَنَّهَا فَقَامَ وَمَعَهُ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ وَمُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ وَأُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ وَرِجَالٌ فَرُفِعَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ الصَّبِيُّ وَنَفْسُهُ تَتَقَعْقَعُ فَفَاضَتْ عَيْنَاهُ فَقَالَ سَعْدٌ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا هٰذَا؟ فَقَالَ هٰذِهِ رَحْمَةٌ جَعَلَهَا اللّٰهُ فِي قُلُوبِ عِبَادِهِ فَإِنَّمَا يَرْحَمُ اللّٰهُ مِنْ عِبَادِهِ الرُّحَمَاءَ.

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ان کو میرا سلام پہونچاؤ، اور کہو کہ جو کچھ اللہ تعالیٰ لیتا ہے وہ اسی کا ہے اور جو کچھ وہ دیتا ہے وہ بھی اسی کا ہے اور اس کے پاس ہر چیز کا ایک وقت مقرر ہے (وہ وقت ٹل نہیں سکتا) تم کو چاہیئے کہ ثواب کی نیت سے صبر اختیار کریں، حضرت زینب نے پھر دوبارہ کسی کو بھیجا اور قسم دے کر عرض کی آپ ضرور تشریف لائے۔ یہ سُن کر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کھڑے ہوئے اور سعد بن عبادہ، معاذ بن جبل، ابی بن کعب اور زید بن ثابت اور دیگر صحابہ بھی حضور کے ساتھ ہو گئے (جب حضور صاحبزادی کے مکان پر پہونچے تو حضور کے سامنے بچے کو پیش کیا گیا۔ اس وقت بچہ سکرات کی حالت میں تھا، بچہ کی سانس سینہ میں اضطراب کے ساتھ چل رہی تھی۔ یہ حالت دیکھ کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی دونوں آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے، حضور کو روتے دیکھ کر) حضرت سعد نے عرض کی یا رسول اللہ! کیا آپ بھی روتے ہیں حضور فرمایا سنو سعد! (کسی کی موت پر نوحہ کرنا چیخنا چلانا، کپڑے پھاڑ لینا اور سر پیٹنا یہ سب حرام اور منع ہیں) البتہ آنکھوں سے (بغیر نوحہ کے) آنسو جاری ہونا، بشریت کا تقاضا ہے اور رحمت و نرم دلی کی نشانی ہے جس کو اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کے دلوں میں پیدا فرماتا ہے (اس لیے یہ جائز ہے) اور اللہ تعالیٰ بھی اپنے بندوں میں سے انھیں پر رحم فرماتا ہے جو رحم دل ہوتے ہیں۔ اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

٢١٨٦ / ٣ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ مَاتَ مَيِّتٌ مِنْ آلِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَاجْتَمَعَ النِّسَاءُ يَبْكِينَ عَلَيْهِ فَقَامَ عُمَرُ يَنْهَاهُنَّ وَيَطْرُدُهُنَّ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی صاحبزادی حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا انتقال ہوا تو عورتیں جمع ہوئیں (اور بغیر نوحہ و چیخ و پکار کے آنسوؤں سے) رونے لگیں (حضرت عمر میت پر رونے کو بھی برا سمجھتے تھے اس لیے) اُٹھے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ دَعْهُنَّ يَا عُمَرُ فَاِنَّ الْعَيْنَ دَامِعَةٌ وَالْقَلْبُ مُصَابٌ وَالْعَهْدُ قَرِيْبٌ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالنَّسَائِيُّ)

اور عورتوں کو رونے سے منع کرنے لگے، اور دباہر سے آئی ہوئی) عورتوں کو ہٹانے لگے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا سنو عمر! (نوحہ کرنا اور چیخ و پکار کر رونا منع ہے۔ آنکھوں سے رونا منع نہیں ہے) یہ عورتیں آنکھوں سے آنسو بہا کر رو رہی ہیں۔ ان کے حال پر چھوڑ دو آنکھوں سے بھی کیسے نہ روئیں جب کہ ان کا دل دکھا ہوا ہے اور مصیبت ابھی ابھی آپڑی ہے۔ اس کی روایت امام احمد اور نسائی نے کی ہے۔

۲۱۸۷ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ اشْتَكٰى سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ شَكْوٰى لَهٗ فَاَتَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ يَعُوْدُهٗ مَعَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ عَوْفٍ وَسَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ فَلَمَّا دَخَلَ عَلَيْهِ وَجَدَهٗ فِيْ غَاشِيَةٍ فَقَالَ قَدْ قَضٰى قَالُوْا لَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَبَكَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ فَلَمَّا رَاَى الْقَوْمُ بُكَاءَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ بَكَوْا فَقَالَ اَلَا تَسْمَعُوْنَ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُعَذِّبُ بِدَمْعِ الْعَيْنِ وَلَا بِحُزْنِ الْقَلْبِ وَلٰكِنْ يُعَذِّبُ فَقَالَ اَلَا تَسْمَعُوْنَ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُعَذِّبُ بِهٰذَا وَاَشَارَ اِلٰى لِسَانِهٖ اَوْ يَرْحَمُ وَاِنَّ الْمَيِّتَ لَيُعَذَّبُ بِبُكَاءِ اَهْلِهٖ عَلَيْهِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں سعد بن عبادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ (ایک دفعہ) بیمار ہوئے اور ان کی بیماری بہت سخت تھی تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم (ان کی عیادت کے لیے) تشریف لے گئے اور آپ کے ہمراہ عبد الرحمٰن بن عوف، سعد بن ابی وقاص اور عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہم تھے جب حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم وہاں پہونچے تو ملاحظہ فرمایا کہ گھر والوں نے ان کو چاروں طرف سے گھیر رکھا ہے (جس طرح کہ میت کو گھیر لیتے ہیں اور ان پر چادر بھی اڑادی گئی ہے) حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم نے دریافت فرمایا کہ کیا ان کا انتقال ہو گیا ہے؟ لوگوں نے عرض کیا، نہیں حضور! ان کا انتقال نہیں ہوا ہے (یہ دیکھ کر) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم کی مبارک آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے صحابہ نے جب رسول اللہ تعالیٰ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم کو روتے ہوئے دیکھا تو وہ بھی رونے لگے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا، سنو صاحبو! اللہ تعالیٰ (کسی کے مرنے کی وجہ سے) آنکھوں سے آنسو جاری ہوتے اور دل کے غمزدہ ہونے پر عذاب نہیں دیتے، بلکہ زبان کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا کہ اس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ عذاب دیتے ہیں یا اس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ رحمت

www.waseemziyai.com
MARKAZUL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

نازل فرماتے ہیں یعنی اگر مصیبت زدہ زبان سے شکوہ شکایت کرے یا زبان سے اللہ سے ناراضگی کے الفاظ کہے یا نوحہ کرے یا چیخ و پکار کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی وجہ سے اس کو عذاب دیتے ہیں بخلاف اس کے اگر مصیبت زدہ نے زبان سے "إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ" کہہ کر صبر کیا تو اللہ تعالیٰ اس پر رحمت نازل فرماتے ہیں اور اگر (جاہلیت کی عادت کے مطابق کسی نے وصیت کی کہ اس کے مرنے کے بعد اس پر نوحہ کیا جائے اور ورثاء اس کی وصیت پوری کریں) تو میت کو (اس طرح کی وصیت کرنے کی وجہ سے) عذاب دیا جائے گا۔ اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

٢١٨٨ (٥) وَعَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ نِيْحَ عَلَيْهِ فَاِنَّهٗ يُعَذَّبُ بِمَا نِيْحَ عَلَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سُنا ہوں جس پر نوحہ کیا گیا تو قیامت کے دن اس طرح نوحہ کئے جانے کی وجہ سے اس کو عذاب دیا جائے گا۔ اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

ف: مرقات میں لکھا ہے کہ آواز کے ساتھ میت پر رونے کو نوحہ کہتے ہیں۔ یا میت کے ایسے اوصاف بیان کر کے رونا جو میت میں نہیں ہیں۔ یا میت کے ایسے اوصاف بیان کرنا جو میت میں تو ہیں مگر ان کو مبالغہ کے ساتھ بیان کر کے رونا، یہ سب نوحہ کہلاتا ہے۔ ۱۲

٢١٨٩ (٦) وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَا مِنْ مُّؤْمِنٍ اِلَّا وَلَهٗ بَابَانِ بَابٌ يَّصْعَدُ مِنْهُ عَمَلُهٗ وَبَابٌ يَّنْزِلُ مِنْهُ رِزْقُهٗ فَاِذَا مَاتَ بَكَيَا

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ (آسمان میں) دو دروازے ہیں کہ ایک دروازے سے نیک اعمال اوپر چڑھتے اور دوسرے دروازے سے روزی اترتی ہے جب کوئی

لہ یہ کہ اگر کوئی شخص جاہلیت کی عادت کے مطابق وصیت کرے کہ اس کے مرنے کے بعد اس پر نوحہ کیا جائے اور ورثاء اس کی وصیت پوری کریں، یا اس کے خاندان میں نوحہ کرنے سے راضی تھا، اس کو کبھی منع نہیں کیا تھا تو اس کے مرنے کے بعد حسب وصیت اس پر اس کے ورثاء نوحہ کریں یا حسب رواج نوحہ کیا گیا۔

MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

عَلَيْهِ فَذٰلِكَ قَوْلُهٗ تَعَالٰى فَمَا بَكَتْ عَلَيْهِمُ السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ.

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

مسلمان مرجاتا ہے تو جس دروازے سے اس کے نیک اعمال چڑھتے تھے اور دوسرے جس دروازہ سے مسلمان کی روزی اُترتی تھی، یہ دونوں دروازے[1] مرنے والے مسلمان پر روتے ہیں، جیسا کہ اس آیۃ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ فَمَا بَكَتْ عَلَيْهِمُ السَّمَاءُ وَالْاَرْضُ، یعنے کفار کے مرنے پر زمین و آسمان نہیں روتے۔ اس حدیث کی روایت ترمذی نے کی ہے۔

۲۱۹۰/۷ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَيْسَ مِنَّا مَنْ ضَرَبَ الْخُدُوْدَ وَشَقَّ الْجُيُوْبَ وَدَعَا بِدَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ.

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ وہ شخص ہمارے طریقہ پر نہیں ہے (بلکہ جاہلیت کے طریقہ پر ہے) جو (کسی کے مرنے پر) اپنا منھ پیٹے اور کپڑے پھاڑے (یا شملہ سر سے اتار کر پھینک دے یا دیوار پر سر مارے۔ یا بال نوچے) یا (غم میں) ایسے الفاظ کہے جو جاہلیت میں رائج تھے (اور شریعت کے خلاف ہیں، اس حدیث کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے، ۱۲۔

۲۱۹۱/۸ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ وَاَبِيْ بَرْزَةَ قَالَا خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فِيْ جَنَازَةٍ فَرَاٰى قَوْمًا قَدْ طَرَحُوْا اَرْدِيَتَهُمْ يَمْشُوْنَ فِيْ قُمُصٍ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت عمران بن حصین اور ابو برزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے یہ دونوں حضرات فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ایک جنازہ میں شریک ہوئے[2]، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ملاحظہ فرمایا کہ میت کے قرابتدار (اظہار غم کے لیے) چادروں کو رکھ دیے ہیں

[1] اس وجہ سے کہ ان دونوں دروازوں کو اس مسلمان کی وجہ سے جو خیر وبرکات پہونچتے تھے اس کی موت کی وجہ سے بند ہو گئے (بخلاف کافر کے کہ ان دونوں دروازوں کو کافر سے اس کے شرک کی وجہ سے تکلیف پہونچتی تھی، اس لیے یہ دونوں دروازے اس کی موت پر نہیں روتے)

[2] اس زمانہ کے رواج کے مطابق اسلامی شعار اور سنت یہ تھی کہ مسلمان قمیصوں پر چادر اوڑھ کر باہر نکلتے تھے۔)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOMIL ISLAMIA ACADEMY

میں کچھ زائد چیز نہیں آرہی ہے جس کا معاوضہ دیا جا سکے)

ف : واضح ہو کہ صدر کی دونوں حدیثوں جو حضرت طاؤس اور حضرت ثمامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہیں ان سے امام اعظم رحمۃ اللہ نے یہ ثابت کیا ہے کہ زکوٰۃ میں نفس مال کی بجائے دوسری جنس لی جا سکتی ہے جیسے غلہ کی بجائے اسی قیمت کے کپڑے یا جانوروں کی زکوٰۃ میں ایک جانور کی بجائے اسی قیمت کا دوسرا جانور اس کی وجہ یہ ہے کہ ادائیگی زکوٰۃ کا اصلی تعلق صاحب زکوٰۃ سے ہے نفس مال سے نہیں، اسی لیے وہ اس مال کی زکوٰۃ بصورت قیمت بھی ادا کر سکتا ہے اور یہی مذہب حنفی ہے اور اسی طرح صدقۂ فطر، کفارہ، عُشر، خراج اور نذور میں بھی اصل جنس کی بجائے قیمت کا دینا جائز ہے اور یہی قول حضرت فاروق حضرت ابن عمر، حضرت ابن مسعود حضرت ابن عباس، حضرت معاذ، حضرت ثوری اور امام بخاری کا ہے، ہدایہ فتح القدیر اور اعلاء السنن میں بھی ایسا ہی مذکور ہے۔

بَابُ مَا يَجِبُ فِيهِ الزَّكٰوةُ

(اس باب میں اُن چیزوں کا بیان ہے جن پر زکوٰۃ دینا واجب ہے)

وَقَوْلُ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ: يَآ أَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْآ أَنْفِقُوْا مِنْ طَيِّبَاتِ مَا كَسَبْتُمْ وَمِمَّآ أَخْرَجْنَا لَكُمْ مِنَ الْأَرْضِ۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے
اے ایمان والو! اپنی پاک کمائیوں میں کچھ دو اور اس میں سے جو ہم نے تمہارے لیے زمین سے نکالا۔ (سورۃ البقرہ، ۲۶۷)

ف : صدر کی آیت شریفہ کے الفاظ "مِنْ طَيِّبَاتِ مَا كَسَبْتُمْ" سے اموالِ تجارت پر زکوٰۃ کا وجوب ثابت ہوتا ہے جیسا کہ تفسیرات احمدیہ میں المدارک کے حوالہ سے نقل کیا ہے اور اسی آیت شریفہ میں "وَمِمَّآ أَخْرَجْنَا لَكُمْ مِنَ الْأَرْضِ" بھی ارشاد ہوا ہے اس سے زمین کی تمام پیداوار پر زکوٰۃ کا وجوب ثابت ہوتا ہے، خواہ وہ غلہ ہو یا پھل ہوں یا معدنیات (سونا، چاندی وغیرہ) ان سب پر زکوٰۃ واجب ہوگی اور یہی قول امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کا ہے عمدۃ القاری میں ایسا ہی مذکور ہے۔

ف ۲ : یہ آیت امام اعظم قدس سرہ کی دلیل ہے، اس سے معلوم ہوا کہ زمین کی ہر پیداوار میں زکوٰۃ واجب ہے تھوڑی ہو یا زیادہ، اس کا پھل سال بھر رہے یا نہ رہے، کیونکہ یہاں ما عام ہے، اس کی تائید ان روایات سے ہے، جن میں فرمایا گیا کہ جس زمین کو بارش سے سیراب کیا گیا اس میں دسواں حصہ زکوٰۃ ہے۔ اور جس کو کنویں سے سیراب کیا گیا اس میں بیسواں حصہ زکوٰۃ ہے، جس روایت میں ہے کہ پانچ وسق سے کم میں صدقہ نہیں اس سے مراد تجارتی زکوٰۃ ہے، نہ کہ پیداوار کی زکوٰۃ، کیونکہ اس زمانہ میں ایک وسق چالیس درہم کا تھا، تو پانچ وسق دو سو درہم کے ہوئے، اور یہ ہی تجارتی زکوٰۃ کا نصاب ہے (تفسیر نور العرفان)

وَقَوْلُهٗ: وَاٰتُوْا حَقَّهٗ يَوْمَ حَصَادِهٖ

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔
اور اس کا حق دو جس دن کٹے (سورۃ الانعام، ۱۴۱)

ف: یہ آیت بھی امام صاحب کی قوی دلیل ہے کہ ہر پیداوار میں زکوٰۃ ہے، کم ہو یا زیادہ، اس کے پھل سال تک رہیں یا نہ رہیں کیونکہ رب تعالیٰ نے بغیر قید کے سب پر فرمایا ہے وَاٰتُوْا حَقَّهٗ يَوْمَ حَصَادِهٖ کہ اس کا حق دو جس دن کٹے فرما کر بتایا کہ سونے چاندی کی طرح پیداوار کی زکوٰۃ میں سال بھر تک مالک کے پاس رہنا ضروری نہیں، کاٹتے ہی زکوٰۃ دینا واجب ہے، خیال رہے کھیت کے دانے سال بھر تک ٹھہر جاتے ہیں مگر باغوں کے پھل نہیں ٹھہرتے، لیکن ان سب کے متعلق فرمایا کہ ان کی پیداوار کی زکوٰۃ دو۔

ف: صدر کی اس آیت کریمہ میں ارشاد ہے کہ کھیتی یا پھلوں کے کٹنے کے دن جو حق شرع سے واجب ہے ادا کر دیا کرو، صاحب مدارک نے کہا ہے کہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ نے اس آیت سے یہ دلیل لی ہے کہ عُشر کا حکم زمین کی تمام پیداوار پر عام ہے۔ اس لیے تمام پیداوار پر زکوٰۃ واجب ہے بجز جلانے کی لکڑی، بانس اور خودرو گھاس کے۔ معلوم ہونا چاہیئے کہ پیداوار دو قسم کی ہوتی ہے ایک وہ پیداوار جس کی سیرابی آب جاری یا بارش سے ہوئی ہو، ایسی پیداوار کا دسواں حصہ بطور زکوٰۃ کے دیا جائے۔ اس لیے کہ ایسی پیداوار پر محنت اور اخراجات کم ہوتے ہیں۔ پیداوار کی دوسری قسم وہ ہے جس کی سیرابی کسی بھی قسم کے موٹ وغیرہ سے گئی ہو تو ایسی پیداوار کا بیسواں حصہ زکوٰۃ میں دیا جائے اس لیے کہ اس میں اخراجات اور محنت زیادہ ہوتی ہے۔ واضح ہو کہ ان دونوں قسم کی پیداوار پر سال گزرنے کی شرط نہیں ہے بلکہ جب بھی ان کی فصل کٹ کر تیار ہو جائے اُن پر زکوٰۃ دی جایا کرے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے پاس زمین کی پیداوار پر زکوٰۃ کے لیے کسی نصاب یا مقدار کی شرط بھی نہیں ہے بلکہ جو چیز جتنی مقدار میں پیدا ہو اس پر زکوٰۃ واجب ہے۔ دیہ تفسیرات احمدیہ میں مذکور ہے ۱۲)

وَقَوْلُهٗ: اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ يَوْمَ يُحْمٰى عَلَيْهَا فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ فَتُكْوٰى بِهَا جِبَاهُهُمْ وَجُنُوْبُهُمْ وَظُهُوْرُهُمْ هٰذَا مَا كَنَزْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ فَذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْنِزُوْنَ۔

اور وہ کہ جوڑ کر رکھے سونا اور چاندی اور اسے اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے، انہیں خوشخبری سناؤ دردناک عذاب کی، جس دن وہ تپایا جائے گا جہنم کی آگ میں پھر اس سے داغیں گے ان کی پیشانیاں اور کروٹیں اور پیٹھیں، یہ ہے وہ جو تم نے اپنے لیے جوڑ کر رکھا تھا، اب چکھو مزا اس جوڑنے کا (سورۃ التوبہ، ۳۵، ۳۴)

ف: یعنی ناجائز طور پر، اس طرح کہ اس میں سے زکوٰۃ وصدقات واجبہ ادا نہیں کرتے، اس سے معلوم ہوا کہ مال کا جمع کرنا جائز ہے، جب کہ حقوق مالیہ ادا کئے جائیں،

اگر مال جمع کرنا حرام ہوتا تو زکوٰۃ کیسے واجب ہوتی، زکوٰۃ تو سال بھر تک مال جمع رہنے پر واجب ہوتی ہے نیز حضرت عثمان اور زبیر بن عوام رضی اللہ تعالیٰ عنہما وغیرھما صحابہ کرام غنی کیونکر ہوتے، اسی لیے مال میں فضول خرچی حرام فرما دی گئی تاکہ اس سے مال برباد نہ ہو۔

ف: دنیا میں کنجوس مالدار شخص فقیر کو دیکھ کر منہ بگاڑتا تھا، پھر اس کی طرف سے کروٹ پھیر لیتا تھا پھر پیٹھ پھیر کر

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

رکھا کہ چل دینا تھا، لہذا ان ہی تین اعضاء کو داغا جائے گا۔

ف: اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ جو مال اللہ تعالیٰ کے لیے جوڑ کر رکھا جائے وہ بُرا نہیں، لہذا وقف مال میں زکوٰۃ نہیں خواہ وہ لاکھوں روپیہ ہوں۔

ف: صدر کی آیت میں ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ جو لوگ سونا اور چاندی جمع کر رکھتے ہیں اور اس کو اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے، ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ سونے اور چاندی پر زکوٰۃ فرض ہے اس لیے کہ ایسی شدید وعید تارکِ فرض کے لیے ہی آتی ہے۔

علاوہ ازیں آیت کے عموم سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ سونے اور چاندی کی زکوٰۃ مرد کی طرح عورتوں پر بھی فرض ہے۔ لہٰذا سونے اور چاندی کے زیورات پر بھی زکوٰۃ فرض ہوگی خواہ وہ عورتوں ہی کی ملک کیوں نہ ہو، اور آیت شریفہ میں تارک زکوٰۃ کی پیشانیوں، پہلوؤں اور پیٹھوں کو داغے جانے کا جو ذکر ہے یہ وہی مقامات ہیں جن پر عورتیں زینت کے لیے زیورات پہنتی ہیں، اس سے بھی عورتوں کے زیورات پر زکوٰۃ کی فرضیت ثابت ہوتی ہے اور یہی مذہب حنفی ہے۔ (تفسیرات احمدیہ) ۱۲

۲۲۵۱ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ فِيْمَا سَقَتِ السَّمَآءُ وَالْعُيُوْنُ اَوْ كَانَ عَثَرِيًّا الْعُشْرُ وَمَا سُقِيَ بِالنَّضْحِ نِصْفُ الْعُشْرِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ وہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں جو پیداوار بارش کے پانی (دریا چشمہ یا نہر وغیرہ) سے سیراب ہو، یا "عشری" زمین ہو کہ از خود سرسبز اور شاداب رہتی ہو، اور جس کو سیراب کرنے کے لیے محنت کی ضرورت نہ ہو تو ایسے تمام زمینوں کی پیداوار پر زکوٰۃ فرض ہے اور پیداوار کا دسواں حصہ بطور زکوٰۃ دیا جائے برخلاف اس کے جو پیداوار محنت کے ذریعہ اونٹ یا بیل کے ذریعہ کنویں وغیرہ سے سیراب کی جاتی ہے تو ایسی پیداوار میں بطور زکوٰۃ پیداوار کا بیسواں حصہ دینا واجب ہے۔ اس کی روایت بخاری نے کی ہے۔

ف: اس حدیث شریف سے احناف نے اس بات کی دلیل اخذ کی ہے کہ زمین کی ہر پیداوار خواہ وہ از قسم غلہ ہو یا میوہ ہو، یا ترکاری ان تمام پر زکوٰۃ فرض ہے اس لیے کہ حدیث شریف میں پیداوار کی کوئی تخصیص نہیں اور "ما سَقَتِ السَّمَاءُ" کے الفاظ عام ہیں جو ہر قسم کی پیداوار کو شامل ہیں۔ (مرقات)

۲۲۵۲ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ يَذْكُرُ اَنَّهٗ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ انھوں نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

وَسَلَّمَ قَالَ فِيْمَا سَقَتِ الْأَنْهَارُ وَالْغَيْمُ الْعُشُوْرُ وَفِيْمَا سُقِيَ بِالسَّانِيَةِ نِصْفُ الْعُشْرِ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو پیداوار (مثلاً سبزی، کھیتی، درخت، دریا اور بارش سے سیراب ہو ایسی پیداوار کا دسواں حصہ (زکوٰۃ میں) واجب ہے اور پیداوار اونٹ وغیرہ کے ذریعہ پانی کھینچ کر سیراب کی جائے تو ایسی پیداوار کا بیسواں حصہ (بطور زکوٰۃ) واجب ہے اس کی روایت مسلم نے کی ہے۔

۲۲۵۳ وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ بَعَثَنِيْ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ إِلَى الْيَمَنِ وَأَمَرَنِيْ أَنْ آخُذَ مِمَّا سَقَتِ السَّمَاءُ وَمَا سُقِيَ بَعْلًا الْعُشْرَ وَمَا سُقِيَ بِالدَّوَالِيْ نِصْفُ الْعُشْرِ۔

(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالطَّحَاوِيُّ وَرَوَى أَبُوْدَاوُدَ نَحْوَهٗ)

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے یمن کی طرف (حاکم بنا کر) بھیجا اور مجھے حکم فرمایا کہ میں زمین کی ہر ایسی پیداوار پر جو بارش سے سیراب ہوتی ہو یا ایسی زمین کی پیداوار پر جو پانی کے قریبی مقام پر واقع ہو (اور اس کی سیرابی کے لیے کسی خرچہ کی ضرورت نہ ہو) تو ایسی ہر پیداوار پر دسواں حصہ بطور زکوٰۃ لیا کروں اور جس پیداوار کو موٹ (جانور وغیرہ) سے سیراب کیا جاتا ہو (یعنی جس پر خرچہ عائد ہوتا ہو تو) ایسی پیداوار پر بیسواں حصہ (بطور زکوٰۃ) لیا کرو۔ اس کی روایت ابن ماجہ اور طحاوی نے کی ہے اور ابوداؤد نے بھی اسی طرح روایت کی ہے۔

۲۲۵۴ وَعَنْ إِبْرَاهِيْمَ قَالَ فِيْ كُلِّ شَيْءٍ أُخْرِجَتِ الْأَرْضُ الصَّدَقَةَ۔

(رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ)

حضرت ابراہیم نخعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ زمین کی جملہ پیداوار (خواہ از قسم غلہ ہو یا میوہ ہو یا ترکاری) زکوٰۃ واجب ہے اس کی روایت امام طحاوی نے کی ہے۔

۲۲۵۵ وَعَنْ خُصَيْفٍ عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ سَأَلْتُهٗ عَنْ زَكٰوةِ الطَّعَامِ فَقَالَ فِيْمَا قَلَّ مِنْهُ أَوْ كَثُرَ الْعُشْرُ أَوْ نِصْفُ الْعُشْرِ۔

رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ وَابْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ

حضرت خصیف رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ مجاہد رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت مجاہد سے دریافت کیا کہ کیا خورد و نوش کی چیزوں (یعنی غلہ پھل اور سبزیوں) پر بھی زکوٰۃ (فرض) ہے، تو انھوں نے جواب دیا، ہاں! خورد و نوش کی چیزیں کم ہوں یا زیادہ ان پر بھی زکوٰۃ فرض ہے، اگر خورد و نوش کی چیزیں بارش

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

وَعَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ وَعَنْ مُجَاهِدٍ وَعَنْ اِبْرَاهِيْمَ النَّخْعِيِّ نَحْوَهٗ۔

کے پانی سے پیدا ہوتی ہوں تو ان کی پیداوار پر دسواں حصہ اور اگر محنت کے ذریعہ مثلاً اونٹ یا بیل کے ذریعہ کنویں وغیرہ سے سیراب کی جاتی ہوں تو ایسی پیداوار پر بیسواں حصہ دینا واجب ہے۔ اس کی روایت امام طحاوی نے کی ہے اور ابن ابی شیبہ اور عبدالرزاق نے عمر ابن عبدالعزیز اور مجاہد اور ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم سے اس طرح روایت کی ہے ۔

ف: واضح ہو کہ صدر کی مذکورہ بالا حدیثوں سے ظاہر ہے کہ زمین کی ہر پیداوار پر بلا تعین مقدار زکوٰۃ واجب ہے، اس لیے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے مقدار پیداوار کا لحاظ کئے بغیر اراضی کی جملہ پیداوار پر دسواں یا بیسواں حصہ زکوٰۃ واجب فرمائی ہے، اسی وجہ سے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ نے مذکورہ بالا احادیث سے یہ مسئلہ اخذ فرمایا ہے کہ زمین کی جملہ پیداوار پر خواہ وہ کم ہو یا زیادہ اور چاہے اس پر سال گزرے یا نہ گزرے بلا تعین مقدار مدت زکوٰۃ واجب ہے۔

(ماخوذ از عمدۃ القاری، شرح معانی الآثار اور ردالمحتار) ۱۲

۲۲۵۶ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَيْسَ عَلَى الْمُسْلِمِ صَدَقَةٌ فِيْ عَبْدِهٖ وَلَا فِيْ فَرَسِهٖ وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ لَيْسَ فِيْ عَبْدِهٖ صَدَقَةٌ اِلَّا صَدَقَةُ الْفِطْرِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَقَالَ فِي التَّعْلِيْقِ الْمُمَجَّدِ لَا خِلَافَ اَنَّهٗ لَيْسَ فِيْ رِقَابِ الْعَبِيْدِ صَدَقَةٌ اِلَّا اَنْ يَّشْتَرُوْا لِلتِّجَارَةِ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ مسلمان پر اس کے غلام اور گھوڑے میں زکوٰۃ واجب نہیں ہے کہ وہ خدمت کے لیے ہوں اگر وہ تجارت کے لیے ہوں تو زکوٰۃ واجب ہوگی اس حدیث کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے اور بخاری اور مسلم کی ایک اور روایت میں ہے کہ مسلمان پر اس کے (خدمتی) غلام میں زکوٰۃ واجب نہیں البتہ اس پر اپنے ایسے غلام کی طرف سے صدقہ فطر ادا کرنا واجب ہے۔

ف: واضح ہو کہ فقہاء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ جو غلام خدمت کے لیے ہوں اور جو گھوڑا سواری کے لیے ہو اور یہ دونوں تجارت کے لیے نہ ہوں تو ان کی زکوٰۃ واجب نہیں، اور اگر یہ دونوں تجارت کے لیے ہوں تو ان پر زکوٰۃ واجب ہوگی۔ اور یہی صاحبین کا قول ہے اور اسی پر فتویٰ ہے۔

(درمختار۔ فتاویٰ قاضی خان، فتاوی عالمگیری، فتح القدیر، ردالمحتار کافی)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

٢٢٥٧ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ اَبَا بَكْرٍ كَتَبَ لَهٗ هٰذَا الْكِتٰبَ لَمَّا وَجَّهَهٗ اِلَى الْبَحْرَيْنِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ هٰذِهٖ فَرِيْضَةُ الصَّدَقَةِ الَّتِيْ فَرَضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ وَالَّتِيْ اَمَرَ اللّٰهُ بِهَا رَسُوْلَهٗ فَمَنْ سُئِلَهَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ عَلٰى وَجْهِهَا فَلْيُعْطِهَا وَمَنْ سُئِلَ فَوْقَهَا فَلَا يُعْطِ فِيْ اَرْبَعٍ وَّعِشْرِيْنَ مِنَ الْاِبِلِ فَمَا دُوْنَهَا مِنَ الْغَنَمِ مِنْ كُلِّ خَمْسٍ شَاةٌ فَاِذَا بَلَغَتْ خَمْسًا وَّعِشْرِيْنَ اِلٰى خَمْسٍ وَّثَلَاثِيْنَ فَفِيْهَا بِنْتُ مَخَاضٍ اُنْثٰى فَاِذَا بَلَغَتْ سِتًّا وَّثَلَاثِيْنَ اِلٰى خَمْسٍ وَّاَرْبَعِيْنَ فَفِيْهَا بِنْتُ لَبُوْنٍ اُنْثٰى فَاِذَا بَلَغَتْ سِتًّا وَّاَرْبَعِيْنَ اِلٰى سِتِّيْنَ فَفِيْهَا حِقَّةٌ طَرُوْقَةُ الْجَمَلِ فَاِذَا بَلَغَتْ وَاحِدَةً وَّسِتِّيْنَ اِلٰى خَمْسٍ وَّسَبْعِيْنَ فَفِيْهَا جَذَعَةٌ فَاِذَا بَلَغَتْ سِتًّا وَّسَبْعِيْنَ اِلٰى تِسْعِيْنَ فَفِيْهَا بِنْتَا لَبُوْنٍ فَاِذَا بَلَغَتْ اِحْدٰى وَّتِسْعِيْنَ اِلٰى عِشْرِيْنَ وَمِائَةٍ فَفِيْهَا حِقَّتَانِ طَرُوْقَتَا الْجَمَلِ ۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے کہ جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نے ان کو (عامل بنا کر) بحرین روانہ کیا تو یہ حکم نامہ لکھ کر اُن کے حوالہ کیا (جس کی عبارت اس طرح تھی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اس حکم نامہ میں اس فرض زکوٰۃ کے احکام ہیں جس کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے اللہ تعالیٰ کے حکم سے مسلمانوں پر فرض کیا ہے۔ پس جب کسی (صاحب نصاب) مسلمان سے اس حکم کے مطابق (ادائیگی زکوٰۃ) کا مطالبہ کیا جائے تو وہ اس کو ادا کرے اور جب کسی سے زکوٰۃ میں مقررہ مقدار سے زیادہ کا مطالبہ کیا جائے تو وہ اس کو نہ دے (بلکہ) اتنا ہی ادا کرے جتنا دینا اس پر واجب ہے) اونٹوں کی زکوٰۃ کی تفصیل یہ ہے کہ پانچ اونٹ سے کم پر زکوٰۃ واجب نہیں) جب اونٹ پانچ ہوجائیں تو ان پر ایک بکری زکوٰۃ میں دینا واجب ہے، اسی طرح ہر پانچ پر (۲۴) اونٹوں تک ایک ایک بکری واجب ہے (اس کی تفصیل یہ ہے کہ (۵) اونٹ جو چرنے والے ہیں اور ان پر ایک سال گزر جائے تو (۹) اونٹ تک ایک بکری زکوٰۃ میں واجب ہے (جب اونٹ دس ہوجائیں تو (۱۴) اونٹوں تک دو بکریاں اور پندرہ سے انیس اونٹ تک تین بکریاں اور بیس سے چوبیس اونٹ تک چار بکریاں زکوٰۃ میں واجب ہیں پس جب اونٹ (۲۵) ہوجائیں تو (۲۵) سے (۳۵) اونٹوں تک ایک مادہ بنت مخاض دی جائے

لہ ایک سال کی اونٹنی زکوٰۃ میں ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

وَرَوٰى اَبُوْدَاوٗدَ فِي الْمَرَاسِيْلِ وَ الطَّحَاوِيُّ فِيْ مُشْكِلِهٖ وَ اِسْحٰقُ بْنُ رَاهَوَيْهِ فِيْ مُسْنَدِهٖ عَنْ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ كَتَبَهٗ لِجَدِّهٖ فَقَرَاْتُهٗ فَكَانَ فِيْهِ ذِكْرُ مَا يَخْرُجُ مِنْ فَرَائِضِ الْاِبِلِ فَقَصَّ الْحَدِيْثَ اِلٰى اَنْ تَبْلُغَ عِشْرِيْنَ وَمِائَةً فَاِذَا كَانَتْ اَكْثَرَ مِنْ عِشْرِيْنَ وَمِائَةٍ فَاِنَّهٗ يُعَادُ اِلٰى اَوَّلِ فَرِيْضَةِ الْاِبِلِ وَمَا كَانَ اَقَلَّ مِنْ خَمْسٍ وَّعِشْرِيْنَ فَفِيْهِ الْغَنَمُ فِيْ كُلِّ خَمْسٍ ذَوْدٍ شَاةٌ۔

پس جب اونٹ (۳۶) ہوجائیں تو (۳۶) سے (۴۵) اونٹوں تک ایک مادہ بنت لبون[1] دی جائے۔ پس جب اونٹ (۴۶) ہوجائیں تو (۴۶) سے (۶۰) اونٹوں تک ایک حقہ[2] دی جائے اور حقہ ایسی اونٹنی ہوتی ہے جو سواری اور جفتی کے قابل ہوتی ہے اور جب اونٹ (۶۱) ہوجائیں تو (۶۱ سے ۷۵) اونٹ تک ایک جذعہ[3] دی جائے اور جب اونٹ (۷۶) ہوجائیں تو (۷۶ سے) (۹۰) اونٹ تک دو مادہ بنت لبون[4] دی جائیں اور جب اونٹ (۹۱) ہوجائیں تو (۹۱ سے ۱۲۰) تک دو حقہ[5] دی جائیں۔ اس کی روایت بخاری نے کی ہے اور ابوداؤد نے اس کی روایت مراسیل میں کی ہے اور امام طحاوی نے اپنی مشکل الآثار میں کی ہے اور اسحاق بن راہویہ نے اپنی مسند میں عمرو بن حزم سے روایت کی ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اُن کے جد امجد کو فرمان روانہ فرمایا تھا جس کو میں نے خود پڑھا ہے اس میں اونٹوں کی زکوٰۃ کے تفصیلی احکام درج تھے انھوں نے اپنی حدیث میں (مذکورہ بالا بخاری وغیرہ کی حدیث کے موافق (۱۲۰) ایک سو بیس اونٹوں تک زکوٰۃ کی ایسی ہی تفصیل) بیان کی (اور جب اونٹ (۱۲۰) سے زائد ہوجائیں تو (۱۲۰) سے زائد اونٹوں کی زکوٰۃ کی تفصیل اس طرح بیان کی کہ) جب اونٹ (۱۲۰) سے زائد ہوجائیں تو ان کی زکوٰۃ مذکورہ ابتدائی طریقہ پر ادا کی جائے گی وہ اس طرح سے کہ (۱۲۰) اونٹ پر دو حقے اور اس کے بعد) مزید (۲۵) اونٹوں سے کم یعنی (۲۴) تک ہر پانچ پر ایک ایک بکری زکوٰۃ میں دی جائے۔

[1] یعنی پورے دو سال کی اونٹنی زکوٰۃ میں)
[2] یعنی پورے (۳) سال کی اونٹنی زکوٰۃ میں)
[3] یعنی پورے چار سال کی اونٹنی زکوٰۃ میں)
[4] یعنی پورے دو سالہ دو اونٹنیاں زکوٰۃ میں)
[5] یعنی پورے تین سال کی دو اونٹنیاں جو سواری اور جفتی کے قابل ہوتی ہیں)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

وَرُوِيَ النَّسَائِيُّ فِي الدِّيَاتِ نَحْوَهُ وَفِي رِوَايَةٍ لِابْنِ أَبِي شَيْبَةَ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ إِذَا زَادَتِ الْإِبِلُ عَلَى عِشْرِينَ وَمِائَةٍ يَسْتَقْبِلُ بِهَا الْفَرِيضَةَ وَفِي رِوَايَةٍ لَهُ عَنْ إِبْرَاهِيمَ مِثْلُهُ۔

اور نسائی نے الدیات میں بھی اسی طرح روایت کی ہے اور ابن ابی شیبہ نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا کہ جب اونٹوں کی تعداد (۱۲۰) سے زائد ہو جائے تو اونٹوں کی زکوٰۃ کا شمار از سر نو شروع ہو جاتا ہے اور ابن ابی شیبہ کی ایک اور روایت میں حضرت ابراہیم نخعی سے بھی اسی طرح مروی ہے۔ ۱۲۔

ف: عمرو بن حزم کی حدیث کی تفصیل از روئے فقہ یہ ہے کہ (۱۲۰) سے (۱۲۴) اونٹوں تک وہی دو حقے زکوٰۃ میں ادا ہوں گے، جب اونٹ (۱۲۵) ہو جائیں گے تو (۱۲۹) تک (۲) حقے اور ایک بکری اور (۱۳۰) سے (۱۳۴) تک دو حقے اور دو بکریاں اور (۱۳۵) سے (۱۳۹) تک، دو حقے اور تین بکریاں اور (۱۴۰) سے ۱۴۴ تک دو حقے اور چار بکریاں (۱۴۵) سے (۱۴۹) تک دو حقے اور ایک بنت مخاض زکوٰۃ میں ادا کی جائیں، اونٹوں کی زکوٰۃ کی یہ تفصیل ہدایہ سے ماخوذ ہے۔ ۱۲

ف۲: واضح ہو کہ اونٹوں کی زکوٰۃ میں (۱۲۰) اونٹوں کی تعداد تک امام بخاری اور عمرو بن حزم کی حدیثیں متفق ہیں۔ عمرو بن حزم کی حدیث کی روایت ابو داؤد نے مراسیل میں طحاوی نے مشکل الآثار میں اسحاق بن راہویہ نے اپنی مسند میں اور نسائی نے الدیات میں کی ہے (۱۲۰) سے زائد اونٹوں کی زکوٰۃ میں شوافع اور احناف میں اختلاف ہے، شوافع نے صرف امام بخاری کی روایت پر عمل کیا ہے اور احناف بخاری کی حدیث کے ساتھ ساتھ عمرو ابن حزم کی حدیث پر بھی عمل کرتے ہیں جس کی وجہ سے احناف کا عمل دونوں حدیثوں پر ہو جاتا ہے جیسا کہ علامہ عینی رحمۃ اللہ علیہ نے بیان کیا ہے۔ ۱۲۔

۲۲۵۸/۸ وَعَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ قَالَ قُلْتُ لِقَيْسِ بْنِ سَعْدٍ اُكْتُبْ لِي كِتَابَ أَبِي بَكْرِ ابْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ فَكَتَبَهُ لِي فِي وَرَقَةٍ ثُمَّ جَاءَ بِهَا وَأَخْبَرَنِي أَنَّهُ أَخَذَهُ مِنْ كِتَابِ أَبِي بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ وَأَخْبَرَنِي أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ كَتَبَهُ لِجَدِّهِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ فِي ذِكْرِ مَا تَخْرُجُ مِنْ فَرَائِضِ الْإِبِلِ فَكَانَ فِيهِ أَنَّهَا إِذَا بَلَغَتْ تِسْعِينَ فَفِيهَا حِقَّتَانِ إِلَى أَنْ تَبْلُغَ عِشْرِينَ وَمِائَةً فَإِذَا كَانَتْ أَكْثَرَ مِنْ ذَلِكَ

حضرت حماد بن سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے قیس بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے عرض کیا کہ آپ مجھے ابوبکر بن محمد ابن عمرو بن حزم رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی تحریر لکھ دیجئے جس میں اونٹوں کی زکوٰۃ سے متعلق احکام ہیں تو وہ ایک کاغذ پر پوری تحریر لکھ کر میرے پاس لائے اور کہا کہ اس تحریر کو انھوں نے ابوبکر بن محمد بن عمرو بن حزم کی تحریر سے نقل کیا ہے اور یہ بھی بتایا کہ اس تحریر کو حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ابوبکر کے دادا عمرو بن حزم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو لکھوا دیا تھا اور اس میں اونٹوں کی زکوٰۃ کے احکام درج تھے، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے اس حکم نامہ میں یہ صراحت

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

فَفِيْ كُلِّ خَمْسِيْنَ حِقَّةٌ فَمَا فَضَلَ فَإِنَّهُ يُعَادُ إِلَى أَوَّلِ فَرِيْضَةِ الْإِبِلِ فَمَا كَانَتْ أَقَلَّ مِنْ خَمْسٍ وَّعِشْرِيْنَ فَفِيْهِ الْغَنَمُ فِيْ كُلِّ خَمْسِ ذَوْدٍ شَاةٌ۔

(رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ فِيْ شَرْحِ مَعَانِي الْآثَارِ)

موجود تھی کہ جب کسی کے پاس (۹۰) اونٹ ہو جائیں تو (۹۱) سے لے کر (۱۲۰) اونٹوں تک دو حقے (یعنی تین سال کی دو اونٹنیاں زکوٰۃ میں ادا کرنا) واجب ہے (اور جب اونٹ (۱۲۰) سے بڑھ جائیں تو (۱۲۰) سے (۱۴۹) اونٹوں کی زکوٰۃ کی تفصیل ابھی اوپر عمرو بن حزم کی حدیث کے تحت گزر چکی ہے اور جب اونٹوں کی تعداد بڑھ کر (۱۵۰) ہو جائے تو ہر پچاس پر ایک حقہ کے حساب سے تین حقے زکوٰۃ میں ادا کرنے ہوں گے اور جب اونٹوں کی تعداد (۱۵۰) سے زائد ہو جائے تو اونٹوں کی زکوٰۃ مذکورہ ابتدائی طریقہ پر ادا کی جائے گی وہ اس طرح کہ (۱۵۰) پر تین حقے اور اس کے بعد) مزید (۲۵) اونٹوں سے کم یعنی (۲۴) تک ہر پانچ پر ایک ایک بکری زکوٰۃ میں دی جائے گی۔ اس کی روایت طحاوی نے شرح معانی الآثار میں کی ہے۔

۲۲۵۹ / ۹ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّهُ قَالَ فِيْ فَرَائِضِ الْإِبِلِ إِذَا زَادَتْ عَلٰى تِسْعِيْنَ فَفِيْهَا حِقَّتَانِ إِلٰى عِشْرِيْنَ وَمِائَةٍ فَإِذَا بَلَغَتِ الْعِشْرِيْنَ وَمِائَةً اِسْتَقْبَلَتِ الْفَرِيْضَةُ بِالْغَنَمِ فِيْ كُلِّ خَمْسٍ شَاةٌ فَإِذَا بَلَغَتْ خَمْسًا وَّعِشْرِيْنَ فَفَرَائِضُ الْإِبِلِ فَإِذَا كَثُرَتِ الْإِبِلُ فَفِيْ كُلِّ خَمْسِيْنَ حِقَّةٌ

(رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ)

——— وَرَوٰى مُحَمَّدٌ فِي الْآثَارِ عَنْهُ نَحْوَهُ وَفِيْ رِوَايَةٍ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ وہ اونٹوں کی زکوٰۃ کے بارے میں فرماتے ہیں کہ اگر کسی کے پاس اونٹ (۹۰) سے زیادہ ہو جائیں تو (۹۱ سے لے کر ۱۲۰ تک دو حقے (یعنی تین تین سال کی دو اونٹنیاں زکوٰۃ میں دینا) واجب ہے، اور جب اونٹ (۱۲۰) سے زائد ہو جائیں تو زکوٰۃ مذکورہ ابتدائی طریقہ پر ادا کی جائے گی، وہ اس طرح کہ ہر پانچ اونٹ پر ایک بکری زکوٰۃ میں واجب ہوگی اور جب اونٹ (۲۵) ہو جائیں تو اونٹوں کی زکوٰۃ (مذکورہ بالا طریقہ پر ادا ہوگی) یعنی ہر (۲۵) پر ایک مادہ بنت مخاض یعنی ایک سالہ اونٹنی واجب ہے) اور جب اونٹ زیادہ ہو جائیں تو ہر پچاس پر ایک حقہ یعنی (۳) سالہ اونٹنی زکوٰۃ میں واجب ہے اس کی روایت طحاوی نے کی ہے اور امام محمد نے بھی حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIE ISLAMIA ACADEMY

الْبُخَارِيّ وَمَنْ لَّمْ يَكُنْ مَّعَهٗ
اِلَّا اَرْبَعٌ مِّنَ الْاِبِلِ فَلَيْسَ
فِيهَا صَدَقَةٌ اِلَّا اَنْ يَّشَاءَ رَبُّهَا
فَاِذَا بَلَغَتْ خَمْسًا فَفِيهَا شَاةٌ
وَمَنْ بَلَغَتْ عِنْدَهٗ مِنَ الْاِبِلِ
صَدَقَةُ الْجَذَعَةِ وَلَيْسَتْ
عِنْدَهٗ جَذَعَةٌ وَعِنْدَهٗ حِقَّةٌ
فَاِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ الْحِقَّةُ وَ
يَجْعَلُ مَعَهَا شَاتَيْنِ اِنِ
اسْتَيْسَرَتَا لَهٗ اَوْ عِشْرِيْنَ
دِرْهَمًا وَمَنْ بَلَغَتْ عِنْدَهٗ
صَدَقَةُ الْحِقَّةِ وَلَيْسَتْ عِنْدَهٗ
الْحِقَّةُ وَعِنْدَهُ الْجَذَعَةُ فَاِنَّهَا
تُقْبَلُ مِنْهُ الْجَذَعَةُ وَيُعْطِيهِ
الْمُصَدِّقُ عِشْرِيْنَ دِرْهَمًا اَوْ
شَاتَيْنِ وَمَنْ بَلَغَتْ عِنْدَهٗ
صَدَقَةُ الْحِقَّةِ وَلَيْسَتْ عِنْدَهٗ
اِلَّا بِنْتُ لَبُوْنٍ فَاِنَّهَا تُقْبَلُ
مِنْهُ بِنْتُ لَبُوْنٍ وَيُعْطِي شَاتَيْنِ
اَوْ عِشْرِيْنَ دِرْهَمًا وَمَنْ بَلَغَتْ
صَدَقَتُهٗ بِنْتُ لَبُوْنٍ وَعِنْدَهٗ
حِقَّةٌ فَاِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ الْحِقَّةُ
وَيُعْطِيهِ الْمُصَدِّقُ عِشْرِيْنَ دِرْهَمًا
اَوْ شَاتَيْنِ وَمَنْ بَلَغَتْ صَدَقَتُهٗ
بِنْتُ لَبُوْنٍ وَلَيْسَتْ عِنْدَهٗ وَ
عِنْدَهٗ بِنْتُ مَخَاضٍ فَاِنَّهَا

کتاب الآثار میں اس طرح روایت کی ہے۔ اور بخاری کی روایت میں اس طرح ہے کہ اگر کسی کے پاس صرف چار اونٹ ہوں تو اس پر ان اونٹوں کی زکوٰۃ واجب نہیں ہے! ہاں! اگر مالک چاہے تو بطور نفل) کچھ دے سکتا ہے اور جب اونٹوں کی تعداد پانچ ہو جائے تو ایک بکری زکوٰۃ میں دینی واجب ہے، اور اگر کسی کے پاس (۶۱ سے ۷۵ تک اونٹ موجود ہیں جس کی وجہ سے ایک جذعہ یعنی چار سالہ اونٹنی واجب ہوتی ہے مگر اس کے پاس جذعہ موجود نہیں ہے بلکہ حقہ یعنی تین سالہ اونٹنی موجود ہے تو ایسی صورت میں حقہ قبول کر لیا جائے گا اور حقہ کے ساتھ دو بکریاں بھی لی جائیں، اگر اس کے پاس بکریاں موجود ہوں ورنہ (دو بکریوں کے معاوضہ میں) بیس درہم لیے جائیں گے[1] اور اگر کسی کے پاس (۴۶ سے ۶۰ تک) اونٹ موجود ہیں، جس کی وجہ سے اس پر (زکوٰۃ میں) ایک حقہ یعنی تین سالہ اونٹنی واجب ہوتی ہے، مگر اس کے پاس حقہ نہیں ہے، بلکہ جذعہ موجود ہے تو ایسی صورت میں جذعہ اس سے قبول کر لیا جائے گا۔ اور عامل زکوٰۃ نے (چونکہ حقہ یعنی تین سالہ اونٹنی کے بجائے جذعہ یعنی چار سالہ اونٹنی قبول کی ہے تو ایک سال زیادہ عمر کی اونٹنی لینے کے معاوضہ میں مالک کو بیس درہم یا دو بکریاں (دو بکریوں کی جو بھی قیمت متعین ہو) ادا کرے گا اور اگر کسی کے پاس (۴۶ سے ۶۰ تک) اونٹ موجود ہیں جس کی وجہ سے اس پر (زکوٰۃ میں) ایک حقہ یعنی تین سالہ اونٹنی واجب ہوتی ہے مگر اس کے پاس حقہ نہیں ہے بلکہ اس کے پاس بنت لبون یعنی دو

[1] دو بکریوں کے معاوضہ میں بیس درہم لینے کا جو ذکر ہے وہ تعین شرعی نہیں ہے اس لیے کہ قیمتیں ہمیشہ گھٹتی اور بڑھتی رہتی ہیں، اس لیے دو بکریوں کی قیمت جو بھی متعین ہو وہ لی جائے

www.waseemziyai.com
MARKAZUL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

تُقْبَلُ مِنْهُ بِنْتُ مَخَاضٍ وَ
يُعْطِي مَعَهَا عِشْرِيْنَ دِرْهَمًا أَوْ
شَاتَيْنِ وَمَنْ بَلَغَتْ صَدَقَتُهُ
بِنْتُ مَخَاضٍ وَلَيْسَتْ عِنْدَهُ
وَعِنْدَهُ بِنْتُ لَبُوْنٍ فَإِنَّهَا
تُقْبَلُ مِنْهُ وَيُعْطِيْهِ الْمُصَدِّقُ
عِشْرِيْنَ دِرْهَمًا أَوْ شَاتَيْنِ
فَإِنْ لَمْ تَكُنْ عِنْدَهُ بِنْتُ
مَخَاضٍ عَلَى وَجْهِهَا وَعِنْدَهُ
ابْنُ لَبُوْنٍ فَإِنَّهُ يُقْبَلُ مِنْهُ وَ
لَيْسَ مَعَهُ شَيْءٌ وَفِي صَدَقَةِ
الْغَنَمِ فِي سَائِمَتِهَا إِذَا كَانَتْ
أَرْبَعِيْنَ إِلَى عِشْرِيْنَ وَمِائَةٍ
شَاةٌ فَإِذَا زَادَتْ عَلَى عِشْرِيْنَ
وَمِائَةٍ إِلَى مِائَتَيْنِ فَفِيْهَا
شَاتَانِ فَإِذَا زَادَتْ عَلَى مِائَتَيْنِ
إِلَى ثَلٰثِ مِائَةٍ فَفِيْهَا ثَلٰثُ
شِيَاهٍ فَإِذَا زَادَتْ عَلَى ثَلٰثِ
مِائَةٍ فَفِيْ كُلِّ مِائَةٍ شَاةٌ فَإِذَا
كَانَتْ سَائِمَةُ الرَّجُلِ نَاقِصَةً
مِّنْ أَرْبَعِيْنَ شَاةٌ وَاحِدَةٌ

سالہ اونٹنی موجود ہے تو ایسی صورت میں اس سے بنت لبون قبول کر لی جائے گی[1] اور دو بکریاں یا بیس درہم دیا دو بکریوں کی جو بھی قیمت معین ہو، عامل زکوٰۃ کو بنت لبون کے ساتھ) دے گا اور اگر کسی کے پاس (۳۶ سے ۴۵ تک اونٹ موجود ہیں جس کی وجہ سے اس پر زکوٰۃ میں) ایک بنت لبون یعنی دو سالہ اونٹنی واجب ہوتی ہے اور اس کے پاس بنت لبون موجود نہیں ہے بلکہ بنت مخاض یعنی ایک سالہ اونٹنی موجود ہے تو ایسی صورت میں اس سے بنت مخاض قبول کر لی جائے گی اور[2] دو بکریاں یا بیس درہم (یا دو بکریوں کی جو بھی قیمت معین ہو، عامل زکوٰۃ کو بنت مخاض کے ساتھ) دیدے اور جس شخص کے پاس (۲۵ سے ۳۵ تک اونٹ موجود ہوں) جس کی وجہ سے اس پر (زکوٰۃ میں) بنت مخاض یعنی ایک سالہ اونٹنی واجب ہوتی ہے مگر اس کے پاس بنت مخاض نہیں ہے، بلکہ اس کے پاس بنت لبون یعنی دو سالہ اونٹنی موجود ہے تو اس سے بنت لبون قبول کر لی جائیگی (اور چونکہ مالک نے ایک سال زائد عمر کی اونٹنی دی ہے اس سے) عامل زکوٰۃ مالک کو بیس درہم یا دو بکریاں[3] واجب الادا ہے دینے کے قابل (اس لئے) نہیں[4] بلکہ مالک کے پاس ابن لبون یعنی دو سالہ نر اونٹ موجود ہے، تو ابن لبون ہی (بنت مخاض کے

---

[1] (چونکہ مالک نے حقہ یعنی تین سالہ اونٹنی کی بجائے بنت لبون یعنی دو سالہ اونٹنی دی ہے تو ایک سال کم عمر کی اونٹنی دینے کے معاوضہ میں مالک دو بکریاں یا بیس درہم دے۔

[2] چونکہ مالک نے بنت لبون یعنی دو سالہ اونٹنی کی بجائے بنت مخاض یعنی ایک سالہ اونٹنی دی ہے تو ایک سال کم عمر کی اونٹنی دینے کے معاوضہ میں

[3] یا دو بکریوں کی جو بھی قیمت معین ہو واپس دیدے اور اگر مالک کے پاس بنت مخاض یعنی ایک سالہ اونٹنی جو (زکوٰۃ میں)

[4] (کہ وہ یا تو بہت بیمار یا لاغر ہے یا بہت اعلیٰ درجہ کی ہے اور زکوٰۃ میں متوسط مال دیا جاتا ہے۔

www.waseemziyai.com MARKAZUL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

فَلَيْسَ فِيهَا صَدَقَةٌ إِلَّا أَنْ
يَّشَاءَ رَبُّهَا وَلَا تُخْرَجُ فِي
الصَّدَقَةِ هَرِمَةٌ وَلَا ذَاتُ
عَوَارٍ وَلَا تَيْسٌ إِلَّا مَا شَاءَ
الْمُصَدِّقُ وَلَا يُجْمَعُ بَيْنَ
مُتَفَرِّقٍ وَلَا يُفَرَّقُ بَيْنَ مُجْتَمِعٍ
خَشْيَةَ الصَّدَقَةِ وَمَا كَانَ
مِنْ خَلِيطَيْنِ فَإِنَّهُمَا يَتَرَاجَعَانِ
بَيْنَهُمَا بِالسَّوِيَّةِ وَفِي الرِّقَّةِ
رُبُعُ الْعُشْرِ فَإِنْ لَمْ تَكُنْ
إِلَّا تِسْعِينَ وَمِائَةً فَلَيْسَ
فِيهَا شَيْءٌ إِلَّا أَنْ يَّشَاءَ
رَبُّهَا۔

بدلہ ہیں) اس سے قبول کرلیا جائے گا اور[1] مالک سے کچھ اور نہیں لیا جائے گا[2]، اور بکریوں کی زکوٰۃ یہ ہے کہ اگر بکریاں چرنے والی ہوں (اور ان پر ایک سال گزر جائے) تو چالیس بکریوں سے ایک سو بیس بکریوں تک (زکوٰۃ میں) ایک بکری دینا واجب ہے اور جب بکریاں (۱۲۰) سے زائد ہو جائیں گی تو (۱۲۱) سے (۲۰۰) تک دو بکریاں اور جب (۲۰۰) سے زائد ہو جائیں تو (۲۰۱) سے (۳۰۰) تک تین بکریاں اور جب بکریاں (۳۰۰) سے زائد ہو جائیں تو ہر سو بکریوں پر ایک بکری واجب ہو گی (یعنی جب بکریاں (۴۰۰) ہو جائیں تو چار بکریاں زکوٰۃ میں) واجب ہوں گی، اور اگر کسی شخص کے پاس چرنے والی بکریاں چالیس سے کم ہوں تو ان میں زکوٰۃ واجب نہیں! ہاں اگر ان کا مالک چاہے تو (بطور نفل) کچھ دیدے، اور زکوٰۃ میں بوڑھی بکری (جو لاغر اور بیمار ہو) نہ دی جائے اور نہ عیب والی بکری دی جائے اور نہ بوک یعنی بکرا دیا جائے۔ البتہ اعامل زکوٰۃ (کسی مصلحت سے) بوک لینا چاہے (تو کوئی مضائقہ نہیں اور نہ متفرق جانوروں کو اکٹھا کیا جائے (جیسے (۴۰) سے (۱۲۰) بکریوں پر ایک بکری واجب ہے اور دو شخصوں کے پاس علیحدہ علیحدہ چالیس بکریاں ہیں، تو زکوٰۃ دیتے وقت یہ حیلہ نہ کریں کہ ان دونوں کی بکریوں کو ملاکر ایک شخص کی بتا دیں تاکہ زکوٰۃ میں ایک ہی بکری دینی پڑے، کیونکہ اگر علیحدہ علیحدہ رہیں تو دو بکریاں زکوٰۃ میں دینا واجب ہوگا) اور زکوٰۃ

[1] (بنت مخاض یعنی ایک سالہ اونٹنی کی بجائے دو سالہ نراونٹ جو لیا جا رہا ہے اس کے معاوضہ میں۔

[2] اور نہ عامل زکوٰۃ مالک کو کچھ واپس کرے گا۔ کیونکہ بنت مخاض یعنی ایک سالہ اونٹنی اور ابن لبون یعنی دو سالہ نراونٹ کو مساوی سمجھا گیا ہے)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

کے خوف سے اکٹھا جانوروں کو علیحدہ علیحدہ نہ کیا جائے[۲] (اگر دو شخص شراکت میں کام کر رہے ہیں تو) جو نصاب شرعی ان دو حصّہ داروں کے درمیان واجب ہوگا۔ اس کو یہ دونوں برابر برابر بانٹ لیویں اور چاندی میں دو سو درہم پر) چالیسواں حصّہ یعنی (۵) درہم زکوٰۃ ہیں) واجب ہیں (اور اگر چاندی دو سو درہم سے کم ہو تو اس پر زکوٰۃ واجب نہیں) اگر (۱۹۰) درہم بھی ہوں تو ان پر زکوٰۃ واجب نہیں، اگر مالک چاہے تو بطور نفل) کے کچھ دیدے۔

وَفِیْ رِوَایَۃٍ لِّلْبُخَارِیِّ وَمُسْلِمٍ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ وَلَیْسَ مَا فِیْ دُوْنَ خَمْسِ اَوَاقٍ مِّنَ الْوَرِقِ صَدَقَۃٌ وَّلَیْسَ فِیْمَا دُوْنَ خَمْسِ ذُوْدٍ مِّنَ الْاِبِلِ صَدَقَۃٌ۔

اور بخاری اور مسلم کی ایک روایت میں حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم سے مروی ہے کہ (۵) اوقیہ سے کم چاندی پر (جس کی قیمت دو سو درہم ہوتی ہے) زکوٰۃ واجب نہیں اور اسی طرح پانچ اونٹوں سے کم پر بھی زکوٰۃ واجب نہیں۔

ف: صدر کی حدیث شریف میں مذکور ہے کہ دو بکریوں کے معاوضہ میں بیس درہم لیے جائیں۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ زکوٰۃ میں جنس کے معاوضہ میں قیمت کا دینا جائز ہے۔ چنانچہ درمختار میں لکھا ہے کہ زکوٰۃ عشر، خراج، صدقہ فطر، نذر وغیرہ کے معاوضہ میں قیمتوں کا ادا کرنا جائز ہے اور چرنے والے جانوروں کی زکوٰۃ میں قیمتوں کا تعین ادائیگی زکوٰۃ کے دن بازار کے نرخ کے لحاظ سے ہوگا اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک صدقۂ فطر نذر وغیرہ میں قیمتوں کا تعین جس دن صدقۂ فطر وغیرہ واجب ہوں، اس دن کے نرخ کے لحاظ سے ہوگا جیسا کہ درمختار میں مذکور ہے۔۱۲

۲۲۶۰ وَعَنْ عَلِیٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ قَدْ عَفَوْتُ عَنِ الْخَیْلِ وَالرَّقِیْقِ فَھَاتُوْا صَدَقَۃَ الرِّقَّۃِ مِنْ کُلِّ

امیر المؤمنین حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ میں نے (اُن) گھوڑوں اور غلاموں کی زکوٰۃ معاف کر دی ہے) جو تجارت

---

[۱] مثلاً ایک شخص کے پاس چالیس بکریاں ہیں جس پر اسے ایک بکری زکوٰۃ میں دینا واجب ہے تو زکوٰۃ کے وقت ان کو بیس بیس دو شخصوں کے نام پر نہ بنائے تاکہ اس کو زکوٰۃ دینا نہ پڑے۔

[۲] (مثلاً دو آدمیوں کی چالیس بکریاں اکٹھی چرتی ہیں بیس ایک کی اور بیس ایک کی، اور ہر ایک اپنی بکریوں کو پہچانتا ہے تو عامل زکوٰۃ نے ایک شخص کی بکریوں میں سے ایک بکری زکوٰۃ میں لے لی تو دوسرا شخص اپنے شریک کو نصف بکری کی قیمت ادا کر دے)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

اَرْبَعِيْنَ دِرْهَمًا دِرْهَمٌ وَلَيْسَ فِيْ تِسْعِيْنَ وَمِائَةٍ شَيْءٌ فَإِذَا بَلَغَتْ مِائَتَيْنِ فَفِيْهَا خَمْسَةُ دَرَاهِمَ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوُدَ)

وَرَوَى الْبَيْهَقِيُّ عَنْهُ نَحْوَهُ وَقَالَ ابْنُ حَزْمٍ صَحِيْحٌ مُسْنَدٌ۔

وَفِيْ رِوَايَةٍ لِلدَّارَقُطْنِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ كَتَبَ مَعَ عَمْرِو ابْنِ حَزْمٍ اِلٰى شُرَحْبِيْلَ بْنِ عَبْدِ كُلَالٍ وَنُعَيْمِ بْنِ عَبْدِ كُلَالٍ اِنَّ فِيْ كُلِّ خَمْسِ اَوَاقٍ مِّنَ الْوَرِقِ خَمْسَةُ دَرَاهِمَ فَمَا زَادَ فَفِيْ كُلِّ اَرْبَعِيْنَ دِرْهَمًا دِرْهَمٌ۔

وَرَوَى الْبَيْهَقِيُّ مِثْلَهُ وَقَالَ مَجُوْدُ الْاِسْنَادِ وَرَوَاهُ جَمَاعَةُ الْحُفَّاظِ مَوْصُوْلًا حَسَنًا وَرَوَى الْبَيْهَقِيُّ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ اَنَّهُ قَالَ اَرْجُوْ اَنْ يَّكُوْنَ صَحِيْحًا وَفِيْ رِوَايَةٍ لِلنَّسَائِيِّ وَابْنُ حِبَّانَ وَالْحَاكِمُ وَفِيْ كُلِّ خَمْسِ اَوَاقٍ مِّنَ الْوَرِقِ خَمْسَةُ دَرَاهِمَ وَمَا زَادَ فَفِيْ كُلِّ اَرْبَعِيْنَ دِرْهَمًا دِرْهَمٌ وَلَيْسَ فِيْمَا دُوْنَ خَمْسِ اَوَاقٍ شَيْءٌ۔

کے لیے نہ ہوں، بلکہ سواری اور خدمت کے لیے ہوں اور تم چاندی کی زکوٰۃ ادا کرو، ہر چالیس درہم پر ایک درہم[لہ] اور ایک سو نوے درہم پر زکوٰۃ واجب نہیں اور جب پورے دوسو درہم ہو جائیں تو اُن پر (ہر چالیس پر ایک درہم کے حساب سے) پانچ درہم واجب ہیں اس کی روایت ترمذی اور ابو داؤد نے کی ہے اور بیہقی نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اسی طرح روایت کی ہے، اور ابن حزم نے کہا ہے کہ یہ حدیث صحیح اور متصل السند ہے اور دارقطنی کی ایک روایت میں اس طرح ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے عمرو بن حزم رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کے توسط سے شرحبیل بن عبد کلال اور نعیم بن عبد کلال کے پاس یہ فرمان لکھ بھیجا تھا کہ چاندی کے ہر پانچ اوقیہ پر (جس کی قیمت دوسو درہم ہوتی ہے) پانچ درہم (بطور زکوٰۃ) دیئے جائیں اور جب پانچ اوقیہ یعنی دوسو درہم سے زائد ہو جائیں تو اس میں ہر چالیس درہم پر ایک درہم (زکوٰۃ میں) دیا جائے اور بیہقی نے بھی اسی طرح روایت کی ہے اور بیہقی نے کہا ہے کہ اس حدیث کی اسناد جید ہیں، اور اس کی روایت حفاظ حدیث کی ایک جماعت نے متصل سند کے ساتھ کی ہے اور یہ سند حسن ہے، اور نسائی ابن حبان اور حاکم (تینوں کی کتابوں) میں یہ روایت مذکور ہے کہ چاندی کے ہر پانچ اوقیہ پر پانچ درہم (زکوٰۃ میں) واجب ہیں اور جب چاندی (پانچ اوقیہ یعنی دوسو درہم سے) زائد ہو جائے تو ہر چالیس درہم پر ایک درہم (زکوٰۃ میں) دیا جائے اور پانچ اوقیہ (یعنی دوسو درہم) سے کم چاندی پر (زکوٰۃ میں) کچھ

لہ بشرطیکہ وہ دوسو درہم یا اس سے زیادہ ہو جائیں اور ان پر ایک سال بھی گزر جائے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

بھی واجب نہیں، اور عمدۃ القاری میں مذکور ہے کہ صاحب التمہید نے کہا ہے کہ ابن المسیب حسن بصری، مکحول عطاؤ طاؤس عمرو بن دینار زھری ان سب حضرات کا چاندی کی زکوٰۃ کے بارے میں وہی قول ہے جو ابھی اوپر بیان کیا گیا ہے، اور امام ابوحنیفہ اور امام اوزاعی بھی اسی کے قائل ہیں اور خطابی کا بیان ہے کہ شعبی بھی (چاندی کی زکوٰۃ کے نصاب میں) ان سب حضرات کے مسلک سے متفق ہیں۔

۲۲۶۱ (۱۱) وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ وَلَّانِیْ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ الصَّدَقَاتِ فَاَمَرَنِیْ اَنْ اٰخُذَ مِنْ کُلِّ عِشْرِیْنَ دِیْنَارًا نِصْفَ دِیْنَارٍ وَمَا زَادَ فَبَلَغَ اَرْبَعَۃَ دَنَانِیْرَ فَفِیْہِ دِرْھَمٌ وَاَنْ اٰخُذَ مِنْ کُلِّ مِائَتَیْ دِرْھَمٍ خَمْسَۃَ دَرَاھِمَ فَمَا زَادَ فَبَلَغَ اَرْبَعِیْنَ دِرْھَمًا فَفِیْہِ دِرْھَمٌ رَوَاہُ اَبُوْ عُبَیْدِ بْنُ الْقَاسِمِ بْنُ سَلَامٍ فِیْ کِتَابِ الْاَمْوَالِ

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ: امیر المومنین حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مجھے زکوٰۃ وصول کرنے پر مقرر فرمایا تھا اور مجھے یہ حکم دیا تھا کہ ہر دینار دس درہم کے برابر ہوتا تھا، اس طرح بیس دینار کے دوسو درہم ہوئے) اور جو اس سے زیادہ ہو جائے یہاں تک کہ اس کی مقدار چار دینار ابھی (یعنی چالیس درہم) کو پہونچ جائے تو (زکوٰۃ میں) ایک درہم لیا جائے اور (مجھے) یہ بھی حکم دیا تھا) کہ میں ہر دوسو درہم پر پانچ درہم (زکوٰۃ میں) وصول کیا کروں اور جو اس سے زیادہ ہو جائیں اور چالیس درہم کی مقدار کو پہونچ جائیں تو ہر چالیس درہم پر ایک درہم لیا کروں۔ اس کی روایت ابوعبیدہ قاسم بن سلام نے کتاب الاموال میں کی ہے۔

۲۲۶۲ (۲) وَعَنِ الْبَصَرِیْ قَالَ کَتَبَ عُمَرُ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اِلٰی اَبِیْ مُوْسٰی فَمَا زَادَ عَلَی الْمِائَتَیْنِ فَفِیْ کُلِّ اَرْبَعِیْنَ دِرْھَمًا دِرْھَمٌ رَوَاہُ ابْنُ اَبِیْ شَیْبَۃَ وَرَوَاہُ الطَّحَاوِیُّ فِیْ اَحْکَامِ الْقُرْاٰنِ مِنْ وَجْہٍ اٰخَرَ عَنْ اَنَسٍ عَنْ عُمَرَ نَحْوَہٗ۔

اور حضرت حسن بصری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ امیر المومنین حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو لکھ بھیجا کہ (چاندی کی زکوٰۃ کا نصاب دوسو درہم ہے دوسو درہم سے دوسو درہم چالیس درہم تک جو کسرات ہیں مثلاً (۲۱۰، ۲۱۵، ۲۲۰) وغیرہ ان کسرات پر زکوٰۃ واجب نہیں، البتہ جب درہم دوسو سے بڑھ کر (۲۴۰) ہو جائیں تو ہر چالیس درہم پر ایک درہم

زکوٰۃ میں) واجب ہوگا۔ اس کی روایت ابن ابی شیبہ نے کی ہے اور امام طحاوی نے احکام القرآن میں دوسرے طریق سے انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اور حضرت انس نے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے اسی طرح روایت کی ہے۔

۲۲۶۳ / ۱۳ وَعَنْ مُحَمَّدِنِ الْبَاقِرِ مَرْفُوْعًا قَالَ إِذَا بَلَغَتْ خَمْسَ أَوَاقٍ فَفِيْهَا خَمْسَةُ دَرَاهِمَ وَفِيْ كُلِّ أَرْبَعِيْنَ دِرْهَمًا دِرْهَمٌ رَوَاهُ ابْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ بِسَنَدٍ صَحِيْحٍ۔

حضرت امام محمد باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مرفوعًا روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ چاندی کی مقدار جب پانچ اوقیہ (یعنی دو سو درہم کی قیمت) کو پہونچ جائے تو اس پر (زکوٰۃ میں) پانچ درہم واجب ہیں اور (دو سو درہم سے زائد مقدار میں) ہر چالیس درہم پر ایک درہم زکوٰۃ میں دیا جائے گا۔ اس کی روایت ابن ابی شیبہ نے صحیح سند کے ساتھ کی ہے۔

وَفِيْ رِوَايَةٍ لِأَبِيْ دَاوُدَ وَفِي الْغَنَمِ فِيْ كُلِّ أَرْبَعِيْنَ شَاةً شَاةٌ إِلَى عِشْرِيْنَ وَمِائَةٍ فَإِنْ زَادَتْ وَاحِدَةٌ فَشَاتَانِ إِلَى مِائَتَيْنِ فَإِنْ زَادَتْ فَثَلَاثُ شِيَاهٍ إِلَى ثَلٰثِمِائَةٍ فَإِذَا زَادَتْ عَلَى ثَلٰثِمِائَةٍ فَفِيْ كُلِّ مِائَةٍ شَاةٌ فَإِنْ لَمْ يَكُنْ إِلَّا تِسْعٌ وَّثَلَاثُوْنَ فَلَيْسَ عَلَيْكَ فِيْهَا شَيْءٌ وَفِي الْبَقَرِ فِيْ كُلِّ ثَلَاثِيْنَ تَبِيْعٌ وَّفِي الْأَرْبَعِيْنَ مُسِنَّةٌ وَلَيْسَ عَلَى الْعَوَامِلِ شَيْءٌ وَقَالَ فِي الدُّرِّ الْمُخْتَارِ وَفِيْمَا زَادَ عَلَى الْأَرْبَعِيْنَ بِحِسَابِهِ فِيْ ظَاهِرِ الرِّوَايَةِ عَنِ الْإِمَامِ وَعَنْهُ لَا شَيْءَ فِيْمَا زَادَ إِلَى سِتِّيْنَ فَفِيْهَا ضِعْفُ مَا فِيْ ثَلَاثِيْنَ وَهُوَ قَوْلُهُمَا وَالثَّلَاثَةِ

ابوداؤد کی ایک روایت میں (اس طرح) ہے کہ (جب کسی کے پاس بکریاں چالیس ہوجائیں تو ۴۰ سے (۱۲۰) بکریوں تک (زکوٰۃ میں) ایک بکری دینا واجب ہے اور جب بکریاں (۱۲۰) سے زائد ہوجائیں تو (۱۲۱) سے (۲۰۰) تک دو بکریاں اور جب (۲۰۰) سے زائد ہو جائیں تو (۲۰۱) سے (۳۰۰) تک تین بکریاں، اور جب بکریاں (۳۰۰) سے زائد ہو جائیں تو ہر سو بکریوں پر ایک بکری واجب ہوگی اور کسی کے پاس بکریوں (۴۰) سے کم یعنے) (۳۹) ہوں تو (ایسی صورت میں، تم پر کچھ بھی زکوٰۃ واجب نہیں[1]۔ ایسی گائیوں میں ہر تیس گائیوں پر (زکوٰۃ میں) تبیع یعنی ایک سالہ بچھڑا (مادہ ہو یا نر) لیا جائے گا اور گائیوں کی تعداد چالیس ہو جائے تو مسنّہ یعنی دو سالہ گائے یا بیل (زکوٰۃ میں) لی جائے گی اور ایسے جانور جن سے (کھیتی وغیرہ میں) کام لیا جاتا ہو (اگرچہ کہ وہ نصاب کو پہونچ جائیں تو) ان پر زکوٰۃ نہیں

[1] اگر کسی کے پاس دودھ والی گائیں یا بیل ہوں اوران پر ایک سال گزر جائے تو

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

وَعَلَيْهِ الْفَتْوٰى بَحْرٌ عَنِ الْيَنَابِيعِ وَتَصْحِيحُ الْقُدُوْرِيِّ اِنْتَهٰى وَفِي الْمُحِيطِ وَهُوَ اَوْفَقُ الرِّوَايَاتِ عَنْ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَفِيْ جَوَامِعِ الْفِقْهِ وَهُوَ الْمُخْتَارُ قَالَهُ الْعَلَّامَةُ الْعَيْنِيُّ فِي الْبِنَايَةِ وَقَالَ فِيْ عُمْدَةِ الرِّعَايَةِ وَرُوِيَ عَنْهُ اَنَّهُ لَا شَيْءَ فِي الزِّيَادَةِ اِلٰى اَنْ تَبْلُغَ اِلٰى سِتِّيْنَ وَهُوَ قَوْلُهُمَا وَعَلَيْهِ الْفَتْوٰى كَمَا فِي النَّهْرِ وَالْبَحْرِ وَالدُّرِّ الْمُخْتَارِ وَغَيْرِهَا۔

ہے اور درمختار میں لکھا ہے کہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ اگر کسی کے پاس چالیس سے زائد گائے بیل ہوں تو چالیس سے لے کر ساٹھ تک زکوٰۃ معاف ہے اور جب گائے بیل ساٹھ ہو جائیں تو اُن پر دو تبیعہ (زکوٰۃ میں) لے جائیں گے اور صاحبین کا بھی یہی قول ہے اور بقیہ تینوں آئمہ یعنے امام شافعی امام مالک اور امام احمد بن حنبل بھی اسی کے قائل ہیں اور اسی پر فتویٰ ہے۔ یہ ینابیع اور تصحیح القدوری کے حوالہ سے بحر سے منقول ہے اور محیط میں مذکور ہے کہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ سے اس بارے میں جو روایات منقول ہیں، ان میں اوفق یہی روایت ہے یہاں اوفق سے مراد یہ ہے کہ آئمہ ثلاثہ اور اکثر فقہا اسی روایت پر متفق ہیں، اور جوامع الفقہ میں لکھا ہے کہ یہی قول مختار ہے اس کو علامہ عینی نے بنایہ میں بیان کیا ہے اور عمدۃ الرعایۃ میں مذکور ہے کہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ چالیس سے زیادہ گائے بیل پر زکوٰۃ نہیں ہے، یہاں تک یہ ساٹھ ہو جائیں، تو ان پر زکوٰۃ واجب ہے اور صاحبین کا بھی یہی قول ہے اور اسی پر فتویٰ ہے جیسا کہ نہر، بحر اور درمختار وغیرہ میں مذکور ہے۔

۲۲۶۴ [۱۴] وَعَنْ مُعَاذٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَمَّا وَجَّهَهٗ اِلَى الْيَمَنِ اَمَرَهٗ اَنْ يَّاْخُذَ مِنَ الْبَقَرِ مِنْ كُلِّ ثَلٰثِيْنَ تَبِيْعًا اَوْ تَبِيْعَةً وَمِنْ كُلِّ اَرْبَعِيْنَ مُسِنَّةً۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَآئِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے جب ان کو یمن روانہ کیا تو انہیں حکم دیا کہ گائے بیل کی زکوٰۃ میں ہر تیس پر ایک سالہ گائے یا ایک سالہ بچھڑا لیا کریں اور ہر چالیس پر ایک مُسِنّہ یعنے دو سالہ گائے یا دو سالہ بچھڑا (زکوٰۃ میں) لیا کریں۔ اس کی روایت ابوداؤد، ترمذی، نسائی اور دارمی نے کی ہے۔

۲۲۶۵ [۱۵] وَعَنْ طَاؤُسٍ اَنَّ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ اُتِيَ بِوَقْصِ الْبَقَرِ فَقَالَ لَمْ

طاؤس رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کے پاس گائے کی زکوٰۃ میں

www.waseemziyai.com
MAKTABA-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

يَأْمُرْنِي فِيهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ بِشَيْءٍ۔

(رَوَاهُ الدَّارُقُطْنِيُّ وَالشَّافِعِيُّ وَقَالَ الْوَقْصُ مَا لَمْ يَبْلُغِ الْفَرِيضَةَ)

ان کا وقص پیش کیا گیا تو حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے وقص پر زکوٰۃ وصول کرنے کا حکم نہیں فرمایا ہے۔ اس کی روایت دارقطنی اور امام شافعی نے کی ہے۔ اور امام شافعی نے فرمایا ہے کہ وقص اتنی تعداد کو کہتے ہیں جو زکوٰۃ کے نصاب سے کم ہو۔

۲۲۶۶ (۱۶) وَعَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِيمٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُولُ فِي كُلِّ إِبِلٍ سَائِمَةٍ مِنْ كُلِّ أَرْبَعِينَ ابْنَةُ لَبُونٍ۔

(رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَالْحَاكِمُ وَقَالَ صَحِيحُ الْإِسْنَادِ)

بھز ابن حکیم رضی اللہ تعالیٰ عنہما اپنے والد سے اپنے دادا کے واسطہ سے روایت کرتے ہیں کہ ان کے دادا نے بیان کیا ہے کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو ارشاد فرماتے سنا ہے کہ (۱۲۰ اونٹوں کے بعد) ہر چالیس اونٹوں پر جب کہ وہ چرنے والے ہوں، ایک بنت لبون یعنی دوسالہ اونٹنی زکوٰۃ میں) واجب ہے۔ اس کی روایت نسائی ابو داؤد اور حاکم نے کی ہے، اور حاکم نے کہا ہے کہ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے۔

ف: حدیث شریف میں سائمہ، پر زکوٰۃ واجب ہونے کا ذکر ہے سائمہ ان جانوروں کو کہتے ہیں جن کو جنگلوں میں چرایا جاتا ہے، اور اس سے مقصد دودھ حاصل کرنا اور نسل بڑھانا ہوتا ہے اور سواری یا بار برداری کے لیے استعمال نہ کئے جاتے ہوں، سائمہ کے لیے یہ شرط بھی نہیں کہ وہ پورا سال چرتے ہوں، بلکہ وہ سال کے اکثر حصہ میں پھیرا کرتے ہیں۔ درمختار، ردالمحتار ۱۲)

۲۲۶۷ (۱۷) وَعَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لَيْسَ فِي الْعَوَامِلِ صَدَقَةٌ۔

(رَوَاهُ الدَّارُقُطْنِيُّ وَصَحَّحَهُ ابْنُ الْقَطَّانِ)

امیر المومنین حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ وہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے روایت فرماتے ہیں کہ جن جانوروں (یعنی گائے بیل، اونٹوں وغیرہ) سے کھیتی باڑی یا بار برداری کا) کام لیا جاتا ہو، ان پر زکوٰۃ واجب نہیں۔ اس کی روایت دارقطنی نے کی ہے اور ابن القطان نے اس کو صحیح قرار دیا ہے۔

۲۲۶۸ (۱۸) وَعَنْ طَاؤُسٍ عَنْ مُعَاذٍ أَنَّهُ كَانَ لَا يَأْخُذُ مِنَ الْبَقَرِ الْعَوَامِلِ صَدَقَةً۔

حضرت طاؤس رحمہ اللہ سے روایت ہے وہ حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایسے گائے بیل

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

(رَوَاہُ ابْنُ اَبِیْ شَیْبَۃَ)

پر زکوٰۃ نہیں لیا کرتے تھے جن سے کھیتی باڑی یا بار برداری کا) کام لیا جاتا تھا۔ اس کی روایت ابن ابی شیبہ نے کی ہے

۲۲۶۹ وَعَنْ مُغِیْرَۃَ بْنِ اِبْرَاھِیْمَ وَ مُجَاھِدٍ قَالَا لَیْسَ فِی الْبَقَرِ الْعَوَامِلِ صَدَقَۃٌ۔

(رَوَاہُ ابْنُ اَبِیْ شَیْبَۃَ)

حضرت مغیرہ رحمہ اللہ حضرت ابراہیم نخعی اور مجاہد رحمہما اللہ سے روایت کرتے ہیں کہ ان دونوں نے فرمایا ہے کہ جن گائے بیل سے کھیتی باڑی یا بار برداری کا) کام لیا جاتا ہو ان پر زکوٰۃ نہیں ہے۔ اس کی روایت ابن ابی شیبہ نے کی ہے۔

۲۲۷۰ وَعَنْ جَابِرٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ لَا یُؤْخَذُ مِنَ الْبَقَرِ الَّتِیْ یُحْرَثُ عَلَیْھَا مِنَ الزَّکٰوۃِ شَیْءٌ۔

(رَوَاہُ الدَّارُ قُطْنِیُّ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ جن گائے بیل سے کھیتی باڑی کا کام لیا جاتا ہو ان پر کچھ بھی زکوٰۃ نہیں لی جائے گی۔ اس کی روایت دارقطنی نے کی ہے۔

۲۲۷۱ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اَلْعَجْمَاءُ جُرْحُھَا جُبَارٌ وَالْبِئْرُ جُبَارٌ وَالْمَعْدِنُ جُبَارٌ وَفِی الرِّکَازِ الْخُمُسُ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ اگر چوپائے سے (کوئی شخص) زخمی یا ہلاک ہو جائے[1] (اس طرح زخمی ہو جانے یا ہلاک ہو جانے کا تاوان مالک پر واجب نہیں بلکہ) معاف ہے[2] اور کنویں میں گر کر کوئی مر جائے یا کنواں کھودتے ہیں کوئی مر جائے تو (کنواں کھدوانے والے پر اس کا تاوان نہ ہوگا بلکہ یہ) معاف ہے[3] اور اگر کان کھودتے ہیں کوئی مر جائے تو کان کھدوانے والے پر اس کی ذمہ داری عائد نہ ہوگی[4] اور رکاز یعنی کان یا دفینہ میں پانچواں حصہ (زکوٰۃ میں) واجب ہے۔ اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

---

[1] جب کہ اس چوپائے کے ساتھ کوئی چرواہا ہانک لے جانے والا موجود نہ ہو، خواہ دن کا وقت ہو یا رات کا تو

[2] اور اگر چوپائے کے ساتھ چرواہا ہانک لے جانے والا موجود نہ ہو، اور کوئی حادثہ پیش آجائے تو وہ اس حادثہ کا ذمہ دار ہوگا اور اس سے تاوان لیا جائے گا، اس لیے کہ یہ حادثہ اس کی کوتاہی سے ہوا ہے اس وجہ سے وہ نقصان کی تلافی کا ذمہ دار ہے

[3] جب کہ کنواں اس کی مملوکہ زمین میں کھدوایا گیا ہو اگر کنواں عام راستہ پر یا دوسری کی زمین میں بغیر اجازت کے کھدوایا گیا اور اس میں گر کر کوئی مر جائے تو ایسی صورت میں کھدوانے والے پر اس کا تاوان عائد ہوگا، ہاں! اگر اجازت سے کنواں کھدوایا گیا ہے تو کھدوانے والے پر تاوان عائد نہ ہوگا۔

[4] بشرطیکہ کان اس کی مملوکہ زمین میں ہو، یا اس نے حاکم کی اجازت سے کان کھدوائی جب کہ زمین اس کی مملوکہ نہ ہو۔

www.waseemziyai.com
MARKAZUL-ULOOMIL ISLAMIA ACADEMY

۲۲۷۲ / ۲۲ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَلْمُعْتَدِیْ فِی الصَّدَقَةِ كَمَانِعِهَا۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ وَالتِّرْمِذِیُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ زکوٰۃ کی وصولی میں زیادتی کرنے والا (یعنی ایسا عامل جو معین مقدار سے زیادہ مال لے، یا چن کر اچھا مال لے) اس شخص کی مانند ہے جو زکوٰۃ دینے سے انکار کرنے والا ہو، یعنے دونوں کا گناہ برابر ہے۔ اس حدیث کی روایت ابو داؤد اور ترمذی نے کی ہے۔

۲۲۷۳ / ۲۳ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الْخَرْصِ وَقَالَ اَرَءَيْتُمْ اِنْ هَلَكَ الثَّمَرُ اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّاْكُلَ مَالَ اَخِيْهِ بِالْبَاطِلِ۔

(رَوَاهُ الطَّحَاوِیُّ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے خرص یعنی تخمینہ لگا کر زکوٰۃ وصول کرنے سے منع فرمایا ہے، کیا تم میں سے کسی کو یہ بات پسند ہے کہ اگر تمہارے بھائی کے پھل تلف ہو جائیں تو تم میں سے کوئی اپنے بھائی کے مال کو باطل یا حرام طریقہ سے کھائے اس کی روایت طحاوی نے کی ہے۔

ف:۔ واضح ہو کہ اس حدیث شریف میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے خرص یعنی تخمینہ لگا کر زکوٰۃ وصول کرنے سے منع فرمایا ہے، خرص کی تفصیل یہ ہے کہ جب کھجور یا انگور اور اسی قسم کے اور پھل جن پر زکوٰۃ واجب ہے، پکنے لگیں تو بادشاہ کسی تجربہ کار آدمی کو روانہ کرے کہ وہ کھجور یا انگور وغیرہ کو دیکھ کر بتائے اور اندازہ لگائے کہ یہ پھل سوکھ کر کس قدر ہوں گے، پھر حساب کر کے پھلوں کا دسواں حصہ معین کر دے جس کو زکوٰۃ میں ادا کرنا ہوگا پھر پھلوں کو مالک کے ذمہ چھوڑ دے اور جب پھل پک کر سوکھ جائیں تو اس وقت آ کر دسواں حصہ لے لے جس کو پہلے معین کر چکا تھا، اس کی ممانعت امام طحاوی کی مذکورہ صدر حدیث سے ثابت ہوتی ہے، ممانعت کی وجہ یہ ہے کہ پھل کا تخمینہ قائم کر کے اس طرح زکوٰۃ معین کرنا سود کا سبب ہو جاتا ہے، اور خرص کے جواز میں جتنی حدیثیں وارد ہیں وہ درحقیقت اس زمانہ کی بات ہے جس وقت سودی لین دین کی حرمت وارد نہیں ہوئی تھی اور جب سود کی حرمت نازل ہوئی تو اس قسم کے سودی لین دین کی حرمت بھی ہو چکی اور جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث صحیح میں مروی ہے اس میں صراحت کے ساتھ ذکر ہے کہ سود کی حرمت حجۃ الوداع میں نازل ہوئی ہے۔ (ماخوذ از مرقات) (۱۲)

۲۲۷۴ / ۲۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ اَخَذَ مِنَ الْعَسَلِ الْعُشْرَ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَرَوٰى اَبُوْدَاؤدَ وَالتِّرْمِذِیُّ نَحْوَهٗ وَلَمْ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے شہد پر (زکوٰۃ میں) دسواں حصہ لیا ہے اس کی روایت ابن ماجہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

یَتَکَلَّمْ اَبُوْدَاؤدَ عَلَیْہِ فَاَقَلُّ حَالَہٗ اَنْ یَّکُوْنَ حَسَنًا وَّھُوَ حُجَّۃٌ۔

نے کی ہے، اور ابوداؤد اور ترمذی نے بھی اسی طرح روایت کی اور ہدایہ میں مذکور ہے کہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے پاس شہد کی زکوٰۃ میں عشر واجب ہے، خواہ وہ کم ہو یا زیادہ، جب کہ وہ عشری زمین میں نکلتا ہو۔

۲۲۷۵/۲۵ وَعَنْ زَیْنَبَ امْرَاَۃِ عَبْدِ اللّٰہِ قَالَتْ خَطَبَنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ یَا مَعْشَرَ النِّسَآءِ تَصَدَّقْنَ وَلَوْ مِنْ حُلِیِّکُنَّ فَاِنَّکُنَّ اَکْثَرُ اَھْلِ جَھَنَّمَ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ۔

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)

قَالَ مِیْرَکُ وَرِجَالُہٗ مُوَثَّقُوْنَ

حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا جو عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بیوی ہیں، ان سے روایت ہے وہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ہمارے سامنے خطبہ دیا اور فرمایا، اے عورتو! تم اپنے مال کی زکوٰۃ نکالو، اگرچہ کہ وہ تمہارے زیورات ہی میں سے ہو کیونکہ تم میں سے قیامت کے دن اکثر (مال کی محبت میں زکوٰۃ نہ ادا کرنے کی وجہ سے) دوزخی ہوں گے۔ اس کی روایت ترمذی نے کی ہے اور میرک نے کہا ہے کہ اس حدیث کے راوی ثقہ ہیں۔

ف: اس حدیث شریف میں مذکور ہے کہ اکثر عورتیں زیورات کی زکوٰۃ نہ دینے کی وجہ سے دوزخی ہوں گی ظاہر ہے کہ اس قسم کی وعید اسی وقت ہوتی ہے جب کہ کوئی فرض حکم چھوڑ دیا گیا ہو تو اس حدیث شریف میں زیورات کی زکوٰۃ نہ دینے پر جو وعید مذکور ہے، اس سے ثابت ہوتا ہے کہ زیورات پر زکوٰۃ فرض ہے اور یہی مذہب حنفی ہے ۱۲۔

۲۲۷۶/۲۶ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ جَدِّہٖ اَنَّ امْرَاَۃً اَتَتْ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ وَمَعَھَا ابْنَۃٌ لَّھَا وَفِیْ یَدِ ابْنَتِھَا مَسَکَتَانِ غَلِیْظَتَانِ مِنْ ذَھَبٍ فَقَالَ لَھَا اَتُعْطِیْنَ زَکٰوۃَ ھٰذَا قَالَتْ لَا قَالَ اَیَسُرُّکِ اَنْ یُّسَوِّرَکِ اللّٰہُ بِھِمَا یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ سِوَارَیْنِ مِنْ نَّارٍ قَالَ فَخَلَعَتْھُمَا فَاَلْقَتْھُمَا اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ وَقَالَتْ ھُمَا لِلّٰہِ وَلِرَسُوْلِہٖ

(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت عمرو بن شعیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نے اپنے والد کے واسطہ سے اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ ایک خاتون رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئیں اور اس کے ساتھ اس کی ایک بیٹی تھی اور اس کے ہاتھ میں سونے کے دو موٹے کنگن تھے حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اس خاتون سے دریافت فرمایا کہ کیا تم اس کی زکوٰۃ ادا کرتی ہو؟ اس نے جواب دیا جی نہیں، (زکوٰۃ نہیں ادا کرتی ہوں) اس پر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ کیا تمہیں پسند ہے کہ قیامت کے دن (زکوٰۃ نہ دینے کی وجہ سے سزا کے طور پر) اللہ تعالیٰ تم کو آگ کے دو کنگن پہنا دے، راوی نے کہا (یہ سن کر) ان خاتون

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

نے دونوں کنگن لڑکی کے ہاتھ سے اتار کر حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے ڈال دیئے اور کہنے لگیں کہ یہ دونوں کنگن اللہ اور اللہ کے رسول کی نذر ہیں۔ اس کی روایت ابو داؤد نے کی ہے۔

۲۲۷۷
۲۷ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَدَّادِ بْنِ الْهَادِ اَنَّهٗ قَالَ دَخَلْنَا عَلٰى عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ دَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَرَاٰى فِيْ يَدِيْ فَتَخَاتٍ مِّنْ وَّرِقٍ فَقَالَ مَا هٰذَا يَا عَائِشَةُ فَقُلْتُ صَنَعْتُهُنَّ اَتَزَيَّنُ لَكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اَتُؤَدِّيْنَ زَكٰوتَهُنَّ قُلْتُ لَا اَوْ مَا شَاءَ اللّٰهُ قَالَ هُوَ حَسْبُكِ مِنَ النَّارِ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

وَاَخْرَجَهُ الْحَاكِمُ فِيْ مُسْتَدْرَكِهٖ وَقَالَ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخْرِجَاهُ

حضرت عبد اللہ بن شداد بن الہاد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ ہم ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئے تو وہ فرمانے لگیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم (ایک مرتبہ) میرے پاس تشریف لائے، تو میرے ہاتھ میں چاندی کی بڑی بڑی انگوٹھیاں دیکھ کر دریافت فرمایا اے عائشہ! یہ کیا ہے؟ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ میں نے یہ اس لیے بنوائی ہیں تاکہ آپ کے لیے آرائش کرسکوں (یہ سن کر) آپ نے دریافت فرمایا! کیا تم ان کی زکوٰۃ ادا کرتی ہو؟ میں نے عرض کیا نہیں، یا اس کے علاوہ کچھ اور جواب دیا جو اللہ کو منظور تھا تو اس دریافت پر آپ نے ارشاد فرمایا، تمہیں جہنم میں لے جانے کے لیے بس یہی کافی ہے۔ اس کی روایت ابو داؤد نے کی ہے اور حاکم نے اس کی تخریج اپنی مستدرک میں کی ہے اور حاکم نے کہا ہے کہ یہ حدیث بخاری اور مسلم کی شرط کے موافق صحیح حدیث ہے لیکن بخاری اور مسلم نے اس کی تخریج نہیں کی ہے۔

۲۲۷۸
۲۸ وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ كُنْتُ اَلْبَسُ اَوْضَاحًا مِّنْ ذَهَبٍ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ) اَكَنْزٌ هُوَ فَقَالَ مَا بَلَغَ اَنْ تُؤَدِّيَ زَكٰوتَهٗ فَزُكِّيَ فَلَيْسَ بِكَنْزٍ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

وَاَخْرَجَهُ الْحَاكِمُ فِيْ مُسْتَدْرَكِهٖ وَقَالَ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الْبُخَارِيِّ

ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے، وہ فرماتی ہیں کہ میں سونے کے زیور پہنا کرتی تھی میں نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا کہ یہ کنز ہے (یعنی خزانہ ہے کہ جس کی برائی بیان کی گئی ہے) تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو مال زکوٰۃ ادا کرنے کی مقدار (نصاب) کو پہنچ جائے اور اس کی زکوٰۃ دیدی جائے تو وہ کنز نہیں۔ اس کی روایت امام مالک اور ابو داؤد نے کی ہے۔ اور حاکم نے اس کی تخریج مستدرک میں کی ہے اور حاکم نے کہا ہے کہ یہ حدیث بخاری

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

وَلَمْ يُخْرِجْهُ ۔

کی شرط پر صحیح ہے اگرچہ امام بخاری نے اس کی تخریج نہیں کی ہے۔

ف: واضح ہو کہ مذکورہ بالا احادیث میں سونے چاندی کے زیورات پر زکوٰۃ نہ دینے کی سخت وعیدیں وارد ہیں اور اس قسم کی وعیدیں اسی وقت وارد ہوتی ہیں جب کہ کوئی فرض چھوٹ رہا ہو تو اس سے ثابت ہوتا ہے کہ سونے چاندی کے زیورات پر زکوٰۃ فرض ہے۔ ۱۲

۲۲۷۹/۲۹ وَعَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ كَانَ يَاْمُرُنَا اَنْ نُخْرِجَ الصَّدَقَةَ مِنَ الَّذِيْ نَعُدُّ ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت سمرہ بن جُندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ہمیں اس سامان میں سے زکوٰۃ نکالنے کا حکم فرمایا کرتے تھے جس کو ہم فروخت اور تجارت کے لیے جمع کرتے تھے۔ اس کی روایت ابو داؤد نے کی ہے۔

بَابُ صَدَقَةِ الْفِطْرِ

صدقہ فطر کے وجوب کا بیان

ف: صدقہ فطر ہر ایسے مسلمان پر واجب ہے، جس پر زکوٰۃ واجب ہے یا اس پر زکوٰۃ واجب نہیں لیکن اس کے پاس ضروری اسباب سے زیادہ اتنی قیمت کا مال و اسباب ہے جتنی قیمت پر زکوٰۃ واجب ہوتی ہے تو اس پر عید الفطر کے دن صدقہ دینا واجب ہے خواہ وہ تجارت کا مال ہو یا نہ ہو، اور خواہ اس مال پر سال گزرے یا نہ گزرے اس صدقہ کو شریعت میں صدقہ فطر، فطرہ اور زکوٰۃ بھی کہتے ہیں، صدقہ فطر اپنی طرف سے اور اپنے نابالغ بچوں کی طرف سے ادا کرنا واجب ہے، اگرچہ بیوی اور بالغ بچوں کی طرف سے صدقہ فطر ادا کرنا واجب نہیں اگر بیوی اور بالغ بچوں کی طرف سے بھی ادا کر دے تو ادا ہو جائے گا۔

صدقہ فطر میں گیہوں یا گیہوں کا آٹا نصف صاع جس کے اس زمانہ کے پیمانہ کے لحاظ سے دو کیلو ہوتے ہیں دینا چاہیے اور اگر جو یا جو کا آٹا دیوے تو اس کا دگنا ادا کرنا ہوگا۔ اگر گیہوں اور جو کے سوا کوئی اور اناج جیسے جوار یا چنا دے تو مذکورہ مقدار گیہوں یا جو کی قیمت کی جوار یا چنا دیدے اور اگر گیہوں اور جو نہیں دیئے بلکہ اتنے گیہوں یا جو کی قیمت دیدے تو قیمت دینا بھی جائز ہے۔

ایک آدمی اپنا فطرہ ایک ہی فقیر کو دیدے یا تھوڑا تھوڑا کر کے کئی فقیروں کو دیدے دونوں باتیں جائز ہیں، اور اگر کئی آدمیوں کا فطرہ ایک ہی فقیر کو دیدے تو یہ بھی درست ہے اور فطرہ کے مستحق بھی وہی لوگ ہیں جو زکوٰۃ کے مستحق ہیں (ہدایہ، رد المحتار، فتاویٰ عالمگیری ۱۲)۔

وَقَوْلُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ :

قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى وَذَكَرَ اسْمَ

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

بے شک مراد کو پہنچا جو ستھرا ہوا اور اپنے رب کا نام

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

رَبِّہٖ فَصَلّٰی ۔ لے کر نماز پڑھی۔ (سورۃ الاعلیٰ، ۱۵، ۱۴)

ف: اس سے معلوم ہوا کہ دل کی پاکیزگی کے ساتھ رب تعالیٰ کا نام لینے کی تاثیر کچھ اور ہی ہوتی ہے اولیاء کے ذکر اللہ اور عوام کے ذکر اللہ میں فرق ہے، اسی لیے بزرگوں سے دعا ودم وغیرہ کرواتے ہیں کہ دل کی پاکیزگی جو انہیں حاصل وہ ہمیں حاصل نہیں۔

ف: تفسیر خازن میں مذکور ہے کہ "تزکی" سے مراد صدقہ فطر کا ادا کرنا ہے اور ترغیب و ترہیب میں ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے آیت صدر کی تفسیر میں مروی ہے کہ "مَنْ تَزَكّٰى" سے وہ شخص مراد ہے جس نے صدقہ فطر ادا کیا۔ ۱۲۔

۲۲۸۰ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ ثَعْلَبَةَ قَالَ خَطَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ النَّاسَ قَبْلَ يَوْمِ الْفِطْرِ بِيَوْمٍ اَوْ يَوْمَيْنِ فَقَالَ اَدُّوْا صَاعًا مِّنْ بُرٍّ اَوْ قَمْحٍ بَيْنَ اثْنَيْنِ اَوْ صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ اَوْ شَعِيْرٍ عَنْ كُلِّ حُرٍّ وَّعَبْدٍ رَوَاهُ عَبْدُ الرَّزَّاقِ وَقَالَ الشَّيْخُ ابْنُ الْهُمَامِ هٰذَا سَنَدٌ صَحِيْحٌ وَرَوَى اَبُوْدَاوٗدَ نَحْوَهٗ ۔

حضرت عبداللہ بن ثعلبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم عیدالفطر سے ایک دو دن پہلے لوگوں کو مخاطب فرمائے کہ ہر دو آدمیوں کی طرف سے ایک صاع گیہوں (صدقہ فطر میں) ادا کرنا واجب ہے[1] نصف صاع کی مقدار واجب ہے۔ گیہوں کے سوا اگر کھجور یا جو ہوں تو ہر آدمی کی جانب سے ایک صاع کی تعداد ادا کرنا (واجب) ہے۔ اس کی روایت عبدالرزاق نے کی ہے اور شیخ ابن الہمام نے کہا ہے کہ اس حدیث کی سند صحیح ہے اور ابو داؤد نے بھی اس کی روایت اسی کے قریب قریب کی ہے۔

۲۲۸۱ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَمَرَ صَارِخًا بِبَطْنِ مَكَّةَ يُنَادِيْ اِنَّ صَدَقَةَ الْفِطْرِ حَقٌّ وَّاجِبٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ رَوَاهُ الْحَاكِمُ فِي الْمُسْتَدْرَكِ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذِهِ الْاَلْفَاظِ ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم مکہ معظمہ میں ایک آدمی کو یہ ندا دینے کے لیے روانہ فرماتے تھے کہ ہر مسلمان پر صدقہ فطر واجب ہے۔ اس کی روایت حاکم نے مستدرک میں کی ہے اور حاکم نے کہا ہے کہ اس حدیث کی سند صحیح ہے اگرچہ کہ بخاری اور مسلم نے ان الفاظ سے اس حدیث کی روایت نہیں کی ہے۔

[1] یہاں دو آدمیوں میں ایک صاع کا جو ارشاد ہے اس سے ثابت ہوتا ہے کہ ہر ایک آدمی پر (خواہ وہ آزاد ہو یا غلام (عورت ہو یا مرد) بچہ ہو یا بڑا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIE ISLAMIA ACADEMY

۲۲۸۲ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ بِصَدَقَۃِ الْفِطْرِ عَنِ الصَّغِیْرِ وَالْکَبِیْرِ وَالْحُرِّ وَالْعَبْدِ مِمَّنْ تَمُوْنُوْنَ۔

(رَوَاہُ الدَّارُقُطْنِیُّ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم حکم فرماتے ہیں کہ صدقہ فطر ہر چھوٹے بڑے آزاد اور غلام کی جانب سے ادا کیا جائے جن کی پرورش کی ذمہ داری تم پر ہے، اس کی روایت دارقطنی نے کی ہے۔

۲۲۸۳ وَعَنِ الْمُبَارَکِ عَنِ ابْنِ لَهِيْعَةَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰہِ ابْنِ اَبِیْ جَعْفَرٍ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ کَانَ يُخْرِجُ صَدَقَةَ الْفِطْرِ عَنْ كُلِّ اِنْسَانٍ يَعُوْلُ مِنْ صَغِيْرٍ وَّكَبِيْرٍ حُرٍّ اَوْ عَبْدٍ وَلَوْ کَانَ نَصْرَانِيًّا مُدَّيْنِ مِنْ قَمْحٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ۔

(رَوَاہُ الطَّحَاوِیُّ فِیْ مُشْکِلِهٖ)

ابن مبارک ابن لہیعہ سے وہ عبید اللہ ابن ابی جعفر سے اور وہ اعرج سے اور اعرج ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ابوہریرہ صدقہ فطر ہر اس شخص کی جانب سے ادا کرتے تھے جو ان کے زیر پرورش ہوتا، چاہے وہ نابالغ ہو یا بالغ، آزاد ہو یا غلام، اگرچہ غلام نصرانی ہی کیوں نہ ہو، اگر گیہوں ہوتے تو دو مد اور اگر کھجور ہوتے تو ایک صاع دہر ایک کی جانب سے صدقہ فطر میں دیا جاتا تھا اس حدیث کی روایت امام طحاوی نے مشکل الآثار میں کی ہے۔

ف:۔ مذکورہ بالا دونوں حدیثوں میں صدقہ فطر چھوٹے بچوں کے ساتھ بڑے یعنے بالغ بچوں کی طرف سے بھی ادا کرنے کا ذکر ہے، جب کہ یہ زیر پرورش ہوں۔ رد المحتار میں لکھا ہے کہ باپ پر اپنے بالغ بچہ کی طرف سے اس وقت صدقہ فطر ادا کرنا واجب ہے جب کہ وہ مجنون ہو، اگر بالغ بچہ عاقل بھی ہو تو باپ کے ذمہ ایسی صورت میں صدقہ فطر ادا کرنا واجب نہیں، اگر باپ ایسے بچہ کی طرف سے صدقہ فطر ادا کردے تو استحساناً جائز ہے اور صدقہ فطر ادا ہو جاتا ہے۔ اسی طرح شوہر کے ذمہ بیوی کی طرف سے صدقہ فطر ادا کرنا واجب نہیں، اگر شوہر بیوی کی طرف سے صدقہ فطر ادا کردے تو استحساناً جائز ہے اور صدقہ فطر ادا ہو جاتا ہے۔ ۱۲۔

۲۲۸۴ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ يُخْرِجُ الرَّجُلُ الزَّكٰوةَ الْفِطْرَ عَنْ كُلِّ مَمْلُوْكٍ لَّهٗ وَاِنْ کَانَ يَهُوْدِيًّا اَوْ نَصْرَانِيًّا رَوَاہُ عَبْدُ الرَّزَّاقِ فِیْ مُصَنَّفِهٖ وَفِیْ رِوَايَةٍ لِّلْبُخَارِیِّ وَمُسْلِمٍ وَاَمَرَ بِهَا اَنْ تُؤَدّٰی قَبْلَ خُرُوْجِ النَّاسِ اِلَی الصَّلٰوةِ وَفِیْ

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ مسلمان اپنے ہر غلام کی طرف سے چاہے وہ یہودی ہو یا نصرانی ہی کیوں نہ ہو صدقہ فطر ادا کرے۔ اس کی روایت عبدالرزاق نے اپنی مصنف میں کی ہے، اور بخاری اور مسلم کی ایک روایت میں ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

وَفِي رِوَايَةٍ لِلْبُخَارِيِّ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَكَانُوْا يُعْطُوْنَ قَبْلَ الْفِطْرِ بِيَوْمٍ اَوْ يَوْمَيْنِ۔

وآلہ وسلم نے حکم فرمایا ہے کہ صدقہ فطر نمازِ عید کے لیے نکلنے سے پہلے ادا کر دیا جائے اور بخاری کی ایک اور روایت میں ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم صدقہ فطر عید الفطر کے ایک دن یا دو دن پہلے ادا کر دیا کرتے تھے۔

ف: رد المحتار میں لکھا ہے کہ مستحب ہے کہ صدقہ فطر عید الفطر کے دن، صبح صادق کے بعد عید گاہ جانے سے پہلے دیدیا جائے، اور اگر عید الفطر کے دن سے پہلے اور بعد میں صدقہ فطر دیدے تو بھی درست ہے کیونکہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم صدقہ فطر عید الفطر کے پہلے ادا کر دیا کرتے تھے، جیسا کہ ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی روایت میں مذکور ہے۔ صاحب رد المحتار نے اس بارے میں بصراحت کی ہے کہ صحابہ اس قسم کے کام اسی وقت انجام دیتے جب کہ انھوں نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے اس بارے میں سنا ہو، یا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو کرتے دیکھا ہو۔ ۱۲۔

۲۲۸۵ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَا صَدَقَةَ اِلَّا عَنْ ظَهْرِ غِنًى رَوَاهُ اَحْمَدُ فِيْ مُسْنَدِهٖ وَذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ صَحِيْحِهٖ تَعْلِيْقًا فِيْ كِتَابِ الْوَصَايَا وَتَعْلِيْقَاتُهُ الْمَجْزُوْمَةُ لَهَا حُكْمُ الصِّحَّةِ وَرَوَاهُ مَرَّةً مُسْنَدًا بِغَيْرِ هٰذَا اللَّفْظِ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ صدقہ فطر ہر تونگر پر واجب ہے۔ اس کی روایت امام احمد نے اپنی مسند میں کی ہے۔ اور امام بخاری نے اس کو اپنی صحیح میں تعلیقا کتاب الوصایا میں بیان کیا ہے، اور امام بخاری کی تعلیقات کا حکم احادیث صحیحہ کا ہے۔

ف: اس حدیث شریف میں ارشاد ہے کہ صدقہ فطر غنی یعنی تونگر پر واجب ہے اور شریعت میں تونگر ایسے شخص کو کہتے ہیں جس پر زکوٰۃ واجب ہو، یا اس پر زکوٰۃ واجب نہیں، لیکن اس کے پاس ضروری اسباب (جیسے گھر، کپڑے اور گھر کا سامان وغیرہ) سے زیادہ اتنی قیمت کا مال واسباب ہو کہ جتنی قیمت پر زکوٰۃ واجب ہو جاتی ہے، خواہ وہ تجارت کا مال ہو یا نہ ہو، اور خواہ اس پر سال گزرے یا نہ گزرے۔ (ہدایہ۔ رد المحتار)

۲۲۸۶ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بَعَثَ صَارِخًا بِمَكَّةَ صَاحَ اِنَّ صَدَقَةَ الْفِطْرِ حَقٌّ وَاجِبٌ مُدَّانِ مِنْ قَمْحٍ اَوْ صَاعٌ مِنْ شَعِيْرٍ اَوْ تَمْرٍ رَوَاهُ الْحَاكِمُ فِي الْمُسْتَدْرَكِ وَصَحَّحَهٗ وَرَوَى الْبَزَّارُ نَحْوَهٗ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ایک آدمی کو مکہ معظمہ بہ ندا دینے کے لیے روانہ فرمایا کہ صدقہ فطر اسلام کا (ایک شرعی) حق ہے جس کا ادا کرنا (ہر مسلمان پر) واجب ہے) اور جس کی مقدار یہ ہے) گیہوں (دینا چاہے تو

www.waseemziyai.com
MARKAZUL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

ہر آدمی کی طرف سے) دو مُد اور (اگر) جو یا کھجور دینا چاہیے تو ایک صاع (دیا جائے) اس کی روایت حاکم نے مستدرک میں کی ہے۔ اور اس کو صحیح قرار دیا ہے اور بزار نے بھی اس کی روایت اسی طرح کی ہے۔

ف: اس حدیث شریف میں صدقہ فطر بھی مقدار دو مد گیہوں مقرر فرمائی گئی ہے، واضح ہو کہ اس زمانہ کے پیمانہ کے لحاظ سے دو مد کے دو کیلو ہوتے ہیں اور جو یا کھجور کی مقدار ایک صاع مقرر فرمائی گئی ہے جس کے چار کیلو ہوتے ہیں کیونکہ دو مد نصف صاع کے برابر ہوتے ہیں جس کو امام طحاوی نے حضرت عمر اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے اور بیہقی نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اور عبدالرزاق نے حضرات ابن زبیر جابر، ابن عباس، ابن مسعود اور ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت کیا ہے اور ابوداؤد اور دارقطنی کے پاس دو مد نصف صاع کے برابر ہونے کے بارے میں مرفوع حدیثیں بھی مروی ہیں اور اگر گیہوں کی بجائے صدقہ فطر میں کھجور یا جو دی جائے تو ہر آدمی کی طرف سے ایک صاع مقدار کا ادا کرنا ایسی احادیث سے ثابت ہے جس کی روایت سنن کی کتابوں میں صحیح حدیثوں کے ذریعہ کی گئی ہے جیسا کہ عمدۃ الرعایہ میں مذکور ہے ۱۲

۲۲۸۷ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهٖ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ بَعَثَ مُنَادِيًا يُنَادِي فِي فِجَاجِ مَكَّةَ إِلَّا أَنَّ صَدَقَةَ الْفِطْرِ وَاجِبَةٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ وَفِيهِ مُدَّانِ مِنْ قَمْحٍ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت عمرو بن شعیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ، اپنے والد کے واسطہ سے اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ایک منادی کو مکہ معظمہ کی گلیوں میں یہ ندا دینے کے لیے روانہ فرمایا کہ صدقہ فطر کا ادا کرنا ہر مسلمان پر واجب ہے اور (نداء کے الفاظ میں) یہ بھی (تھا) کہ (اگر) گیہوں (دیئے جائیں تو) دو مد دیئے جائیں۔ اس کی روایت ترمذی نے کی ہے۔

۲۲۸۸ وَعَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَتْ كُنَّا نُؤَدِّي زَكٰوةَ الْفِطْرِ عَلٰى عَهْدِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مُدَّيْنِ مِنْ قَمْحٍ بِالْمُدِّ الَّذِي تَقْتَاتُونَ بِهٖ

(رَوَاهُ أَحْمَدُ فِي مُسْنَدِهٖ)

حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے، وہ فرماتی ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے عہد مبارک میں صدقہ فطر میں (ایک ایک آدمی کی طرف سے) دو دو مد گیہوں دیا کرتے تھے یہ وہی مد ہوتا تھا جس کو ہم کھانے پینے (کے اجناس کے ناپ تول) میں استعمال کرتے تھے۔ اس کی روایت امام احمد نے اپنی مسند میں کی ہے۔

۲۲۸۹ وَعَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَرَضَ زَكٰوةَ الْفِطْرِ مُدَّيْنِ مِنْ حِنْطَةٍ رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ فِيْ مَرَاسِيْلِهٖ وَرَوَى الطَّحَاوِيُّ عَنْهُ نَحْوَهٗ وَقَالَ فِي التَّنْقِيْحِ اِسْنَادُهٗ صَحِيْحٌ كَالشَّمْسِ وَكَوْنُهٗ مُرْسَلًا لَا يَضُرُّ فَاِنَّهٗ مُرْسَلُ سَعِيْدٍ وَمَرَاسِيْلُهٗ حُجَّةٌ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِاَبِيْ دَاؤُدَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ فَرَضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ زَكٰوةَ الْفِطْرِ طُهْرًا لِلصِّيَامِ مِنَ اللَّغْوِ وَالرَّفَثِ وَطُعْمَةً لِلْمَسَاكِيْنِ۔

حضرت سعید بن المسیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم نے صدقہ فطر (کی مقدار) دو مدّ مقرر فرمائی ہے۔ اس کی روایت ابو داؤد نے اپنی مراسیل میں کی ہے، اور امام طحاوی نے بھی سعید بن المسیب سے اس طرح روایت کی ہے۔

اور ابو داؤد کی ایک روایت میں ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم نے صدقہ فطر کو روزہ کی حالت میں ہونے والے بیہودہ کاموں اور فحش باتوں سے پاک کرنے والا قرار دیا اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم نے (صدقہ فطر کو) اس لیے بھی (واجب) قرار دیا ہے کہ اس سے مساکین کی خوراک کا انتظام ہوتا ہے۔

ف: اس حدیث شریف میں ارشاد ہے زکٰوۃُ الفطر طُهْرًا لِّلصِّيَامِ مِنَ اللَّغْوِ وَالرَّفَثِ وَطُعْمَةً لِّلْمَسَاكِيْنِ (روزہ میں جو لغو کام اور فحش باتیں ہو جاتیں صدقہ فطر ان کے لیے کفارہ ہے اور صدقہ فطر سے مساکین کی خوراک کا بھی انتظام ہو جاتا ہے، فقہاء نے بالغ اور مکلّف لوگوں پر صدقہ فطر کے وجوب کی علت طُهْرًا لِّلصِّيَامِ کو قرار دیا ہے، جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے، اِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ (نیکیاں برائیوں کو دور کرتی ہیں) اور نابالغ بچوں پر صدقہ فطر کے وجوب کی علت "طُعْمَةً لِّلْمَسَاكِيْنِ" قرار دی گئی ہے اس لیے کہ بچوں پر روزہ فرض نہیں، اس لیے کہ وہ غیر مکلف ہیں تو بچوں پر صدقہ فطر اس لیے واجب ہے کہ ان کی طرف سے صدقہ فطر ادا کرنے سے مساکین کی خوراک کا انتظام ہو جاتا ہے۔ (یہ مضمون مرقات سے ماخوذ ہے) ۱۲۔

بَابُ مَنْ لَّا تَحِلُّ لَهُ الصَّدَقَةُ

اس باب میں ان لوگوں کا بیان ہے جن کو زکوٰۃ اور صدقہ فطر لینا جائز نہیں

وَقَوْلُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ: خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔
اے محبوب! ان کے مال سے زکوٰۃ تحصیل کرو جس سے تم انہیں ستھرا اور پاکیزہ کر دو۔
(سورۃ التوبہ، ۱۰۳)

ف: اور اپنے دست مبارک سے فقراء کو دو، تاکہ تمہارے ہاتھ شریف کی برکت سے ان کے صدقات

www.waseemziyai.com
MARKAZ UL OLOOM ISLAMIA ACADEMY

زیادہ قبول ہوں، صحابہ کرام اپنے صدقات حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ہاتھ مبارک سے خیرات کرواتے تھے اب بھی مسلمان ایصال ثواب کے وقت حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں ثواب کا ہدیہ پیش کرتے ہیں، پھر دوسروں کے لیے، اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ پاکیزگی حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی نگاہ کرم سے ملتی ہے۔ عبادات اس نگاہ کرم کو حاصل کرنے کا ذریعہ ہیں کیونکہ فرمایا اے محبوب اس صدقہ کے ذریعہ آپ انہیں پاک کر دو۔ یہ بھی معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی دعا سے بندوں کو نوازتا ہے۔

۲۔ وَقَوْلُہٗ: اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے

اَوْ مِسْكِيْنًا ذَا مَتْرَبَةٍ۔ یا خاک نشین مسکین کو۔ (سورۃ البلد، ۱۶)

ف، نہایت تنگ دست، جس کے پاس نہ تو رہنے کے لیے مکان ہو، نہ بچھانے کے لیے بستر، کھلی زمین میں فرش خاک پر گزارہ کرتا ہو، اس میں امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی دلیل ہے کہ مسکین وہ جس کے پاس کچھ نہ ہو اور فقیر وہ جس کے پاس نصاب سے کم مال ہو یا خاک نشین سے مراد غازی یا بے وسیلہ مسکین ہے، یا وہ فقیر جو بھیک نہ مانگے اور اپنے فقر کو چھپائے تو ایسے لوگوں کو صدقہ دینا افضل ہے۔

۲۲۹۰ عَنْ اَنَسٍ قَالَ مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِتَمْرَةٍ فِي الطَّرِيْقِ فَقَالَ لَوْلَا اَنِّيْ اَخَافُ اَنْ تَكُوْنَ مِنَ الصَّدَقَةِ لَاَكَلْتُهَا۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم راستہ سے گزر رہے تھے کہ آپ کی نظر ایک کھجور پر پڑی جو راستہ میں پڑی ہوئی تھی، آپ نے اس کو دیکھ کر فرمایا اگر مجھے اس کا اندیشہ نہ ہوتا کہ کہیں یہ صدقہ کا ہو تو میں اس کو کھا لیتا لیکن میں نے اس کو نہیں کھایا، اس خوف سے کہ کہیں یہ صدقہ کا ہو۔ اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

۲۲۹۱ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِذَا اُتِيَ بِطَعَامٍ سَاَلَ عَنْهُ اَهَدِيَّةٌ اَمْ صَدَقَةٌ فَاِنْ قِيْلَ صَدَقَةٌ قَالَ لِاَصْحَابِهٖ كُلُوْا وَلَمْ يَاْكُلْ وَاِنْ قِيْلَ هَدِيَّةٌ ضَرَبَ بِيَدِهٖ فَاَكَلَ مَعَهُمْ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں جب کہیں سے) کھانا پیش کیا جاتا تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم دریافت فرماتے کیا یہ ہدیہ ہے یا صدقہ؟ اگر عرض کیا جاتا کہ یہ صدقہ ہے تو آپ (ان) اصحاب سے (جو اہل بیت سے نہ ہوں) فرماتے آپ لوگ کھا لیجئے اور اگر یہ عرض کیا جاتا کہ (یہ کھانا) ہدیہ ہے تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اپنا دست مبارک بڑھاتے اور اپنے صحابہ کے ساتھ

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

تناول فرماتے اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

۲۲۹۲ وَعَنْهُ قَالَ اَخَذَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ تَمْرَةً مِّنْ تَمْرِ الصَّدَقَةِ فَجَعَلَهَا فِیْ فِیْهِ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ كَخْ كَخْ لِيَطْرَحَهَا ثُمَّ قَالَ اَمَا شَعَرْتَ اِنَّا لَا نَاْكُلُ الصَّدَقَةَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ (ایک دفعہ) حضرت حسن بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے زکوٰۃ کے کھجوروں میں سے ایک کھجور لے کر منہ میں ڈال لی دیہ دیکھ کر) حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اُن سے کخ کخ (یعنی تھوک دو، تھوک دو) فرمایا تاکہ وہ کھجور منہ سے نکال کر پھینک دیں، اس کے بعد حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے (تفہیم) کے لیے فرمایا کیا تم کو نہیں معلوم کہ ہم (بنی ہاشم ہیں) زکوٰۃ اور صدقہ نہیں کھاتے ہیں۔ اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

ف: اس حدیث شریف میں ارشاد ہے "اِنَّا لَا نَاْكُلُ الصَّدَقَةَ" ہم (بنی ہاشم) زکوٰۃ اور صدقہ نہیں کھاتے ہیں اسی بناء پر درمختار میں لکھا ہے کہ زکوٰۃ اور صدقہ فطر بنی ہاشم کو نہ دیئے جائیں۔ چنانچہ ظاہر مذہب یہ ہے کہ بنی ہاشم کو صدقہ دینا مطلقاً منع ہے اور علامہ عینی نے فرمایا ہے کہ بنی ہاشم کا کسی بنی ہاشم کو زکوٰۃ دینا جائز ہے لیکن صحیح یہ ہے کہ یہ بھی ناجائز ہے، جیسا کہ نہر میں مذکور ہے شرح النقایہ میں لکھا ہے کہ امام طحاوی نے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ سے روایت کی ہے کہ بنی ہاشم کو اس زمانہ میں ہر قسم کے صدقات لینا جائز ہے اور صدقات لینے کی حرمت حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے عہد مبارک ہی میں تھی، کیونکہ بنو ہاشم کو مال غنیمت میں خمس ملا کرتا تھا جو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے پردہ فرمانے کے بعد ساقط ہو گیا جس کی وجہ سے بنو ہاشم کے لیے صدقات کا قبول کرنا جائز ہو گیا۔ امام طحاوی نے یہ بھی فرمایا ہے کہ ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں کہ زکوٰۃ اور دیگر صدقات بنی ہاشم کو دینا جائز ہے۔ ۱۲۔

۲۲۹۳ وَعَنْ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ بْنِ رَبِيْعَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِنَّ هٰذِهِ الصَّدَقَاتِ اِنَّمَا هِیَ اَوْسَاخُ النَّاسِ وَاِنَّهَا لَا تَحِلُّ لِمُحَمَّدٍ وَّلَا لِاٰلِ مُحَمَّدٍ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عبد المطلب بن ربیعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ یہ صدقات لوگوں کے (اموال کے) میل ہیں (جو لوگوں کو اور ان کے مالوں کو پاک کرتے ہیں اس لیے) نہ تو یہ حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے لیے حلال ہیں نہ حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی آل کے لیے اس کی روایت مسلم نے کی ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

ف: اس حدیث شریف میں ارشاد ہے کہ صدقات حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اور آل محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے لیے حلال نہیں، اس بارے میں مرقات اور اشعۃ اللمعات میں لکھا ہے کہ یہاں آل محمد سے مراد اقرباء یعنی بنو ہاشم ہیں جن کی تفصیل یہ ہے۔
اولاد حارث بن عبدالمطلب، اولاد عباس بن عبدالمطلب، اولاد حضرت علی بن ابی طالب، اولاد جعفر بن ابی طالب، اولاد عقیل بن ابی طالب ہدایہ میں بھی ایسا ہی مذکور ہے۔ ۱۲

۲۲۹۴ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ فِي بَرِيرَةَ ثَلَاثُ سُنَنٍ إِحْدَى السُّنَنِ أَنَّهَا عَتَقَتْ فَخُيِّرَتْ فِي زَوْجِهَا وَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ الْوَلَاءُ لِمَنْ أَعْتَقَ وَدَخَلَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ وَالْبُرْمَةُ تَفُورُ بِلَحْمٍ فَقُرِّبَ إِلَيْهِ خُبْزٌ وَأُدْمٌ مِنْ أُدْمِ الْبَيْتِ فَقَالَ أَلَمْ أَرَ بُرْمَةً فِيهَا لَحْمٌ قَالُوا بَلَى وَلَكِنْ ذَلِكَ لَحْمٌ تُصُدِّقَ بِهِ عَلَى بَرِيرَةَ وَأَنْتَ لَا تَأْكُلُ الصَّدَقَةَ قَالَ هُوَ عَلَيْهَا صَدَقَةٌ وَلَنَا هَدِيَّةٌ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَرَوَاهُ الْبُخَارِيُّ تَعْلِيقًا)

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ بریرۃ (جو حضرت عائشہ کی آزاد کردہ باندی تھیں) کی وجہ سے شریعت کے تین احکام معلوم ہوئے (ایک) یہ کہ جب بریرہ آزاد کردی گئی تو ان کو اپنے شوہر کے نکاح میں رہنے یا نہ رہنے کا اختیار دیدیا گیا[1] (دوسرا حکم یہ تھا کہ) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے (بریرہ کی آزادی کے موقع پر) ارشاد فرمایا کہ حق وِلا اسی کو حاصل ہے جس نے اس کو آزاد کیا (یعنی غلام یا باندی کو کوئی آزاد کردے اور اس کے بعد ان کے پاس مال و دولت آجائے پھر وہ مرجائیں اور ان کا کوئی حقیقی وارث نہ ہو تو آزاد کرنے والا ہی ان کا وارث ہوگا اس حق کو حق وِلاء کہتے ہیں۔ تیسرا حکم یہ تھا کہ) حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس ایک دفعہ تشریف لائے) اس وقت ہانڈی میں گوشت پک رہا تھا، لیکن حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے لیے روٹی) اور گھر کا دوسرا سالن پیش کیا گیا تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کیا میں ہانڈی میں گوشت پکتا ہوا نہیں دیکھ رہا ہوں (یہ مجھے کیوں نہیں دیا جاتا) عرض کیا گیا، کہ جی ہاں

[1] (اس کو خیار عتق کہتے ہیں۔ خیار عتق یہ ہے کہ باندی جب آزاد کردی جائے تو وہ مختار ہے کہ چاہے تو وہ اپنے سابقہ نکاح کو فسخ کردے یا باقی رکھے خواہ شوہر آزاد ہو یا غلام)

www.waseemziyai.com MARKAZ-UL-OLOOM-E-ISLAMIA ACADEMY

گوشت پک رہا ہے، لیکن یہ وہ گوشت ہے جو بریرہ کو بطور صدقہ دیا گیا تھا اور آپ چونکہ صدقہ نہیں کھاتے (اس لیے آپ کو نہیں دیا گیا) اس پر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ (وہ گوشت) جو بریرہ کو دیا گیا تھا، وہ ان کے لیے صدقہ ہے اور ہمارے لیے (بریرۃ کی جانب سے) ہدیہ ہے۔

(اس سے معلوم ہوا کہ اگر کوئی چیز حاجت مند کو بطور زکوٰۃ صدقہ دی جائے اور وہ شخص کسی ایسے شخص کو وہ مال دیدے جس پر زکوٰۃ حرام ہے تو اس کو اس مال کا لے لینا جائز ہے، کیونکہ ملک کی تبدیلی اس چیز کے وصف کی تبدیلی کا سبب ہے۔ اس حدیث کی روایت مسلم نے کی ہے اور بخاری نے اس کی روایت مقطعاً یعنی چیدہ چیدہ کی ہے۔

۲۲۹۵ ۶ وَعَنْهَا قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَقْبَلُ الْهَدِيَّةَ وَيُثِيْبُ عَلَيْهَا.

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ہدیہ قبول فرمایا کرتے تھے اور ہدیہ کا بدلہ دیا کرتے تھے۔ اس کی روایت بخاری نے کی ہے۔

۲۲۹۶ ۷ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَوْ دُعِيْتُ اِلٰى كُرَاعٍ لَاَجَبْتُ وَلَوْ اُهْدِيَ اِلٰى ذِرَاعٍ لَقَبِلْتُ.

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم روایت فرماتے ہیں کہ اگر مجھے بکرے کے ایک پایہ کی بھی دعوت دی جائے (اس سے ادنیٰ سے ادنیٰ چیز مراد ہے) تو میں اس کو قبول کروں گا اور اگر میرے پاس بکرے کا ایک دست بھی ہدیتہً بھیجا جائے تو میں اس کو قبول کر لوں گا۔ اس کی روایت بخاری نے کی ہے۔

۲۲۹۷ ۸ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَيْسَ الْمِسْكِيْنُ الَّذِيْ يَطُوْفُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم روایت فرماتے ہیں کہ حقیقی مسکین وہ نہیں

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

عَلَى النَّاسِ تَرُدُّهُ اللُّقْمَةُ وَاللُّقْمَتَانِ وَالتَّمْرَةُ وَالتَّمْرَتَانِ وَلٰكِنَّ الْمِسْكِيْنُ الَّذِيْ لَا يَجِدُ غِنًى يُّغْنِيْهِ وَلَا يُفْطَنُ بِهٖ فَيُتَصَدَّقَ عَلَيْهِ وَلَا يَقُوْمُ فَيَسْأَلُ النَّاسَ ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ہے جو ایک ایک دو دو لقموں اور ایک ایک دو دو کھجوروں کے لیے لوگوں کے گرد گھومتا رہے، لیکن (حقیقی) مسکین وہ ہے جس کے پاس اتنا مال نہ ہو جو اس کی کفایت کرے اور اپنی ضرورت کی تکمیل کے لیے لوگوں سے اس کو) بے نیاز کر دے اور (وہ کسی سے سوال نہیں کرتا اس وجہ سے) لوگوں کو اس کی ضرورت کا علم نہیں ہوتا کہ اس کو خیرات دیں اور نہ ہی وہ لوگوں کے پاس جا کر مانگتا پھرتا ہے اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

ف: واضح ہو کہ زکوٰۃ کے مستحق مسکین اور فقیر دونوں ہیں، فقیر ایسے شخص کو کہتے ہیں جس کے پاس تھوڑا سا مال ہو اور مسکین وہ شخص ہے جس کے پاس کچھ مال نہ ہو، اور جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "اَوْ مِسْكِيْنًا ذَا مَتْرَبَةٍ" (سورۃ البلد پ ۳۰ ع ۱ ایں) یا کسی مسکین خاک نشین کو، اسی وجہ سے امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ دونوں کے پاس اور ان کے پاس بھی جنھوں نے ان دونوں آئمہ کی پیروی کی ہے، مسکین فقیر سے زیادہ تنگ حال ہوتا ہے۔ یہ مضمون مرقات، درمختار اور رد المحتار سے ماخوذ ہے ۱۲)

٢٢٩٨ ٩ وَعَنْ اَبِيْ رَافِعٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بَعَثَ رَجُلًا مِّنْ بَنِيْ مَخْزُوْمٍ عَلَى الصَّدَقَةِ فَقَالَ لِاَبِيْ رَافِعٍ اصْحَبْنِيْ كَيْمَا تُصِيْبَ مِنْهَا فَقَالَ لَا حَتّٰى اٰتِيَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَاَسْأَلَهُ فَانْطَلَقَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَسَاَلَهُ فَقَالَ اِنَّ الصَّدَقَةَ لَا تَحِلُّ لَنَا وَاِنَّ مَوَالِيَ الْقَوْمِ مِنْ اَنْفُسِهِمْ ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت ابورافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے بنی مخزوم کے ایک شخص کو زکوٰۃ وصول کرنے کے لیے روانہ فرمایا تو انھوں نے ابورافع سے کہا، تم بھی میرے ساتھ چلو کہ تمہیں بھی اس میں کچھ مل جائے گا تو ابورافع نے فرمایا نہیں (میں تمہارے ساتھ نہیں چل سکتا) تا وقتیکہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر) اس مسئلہ کو دریافت نہ کر لوں، چنانچہ انہوں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر) اس مسئلہ کو دریافت کیا تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہمارے لیے صدقہ حلال نہیں (اس لیے کہ ہم بنی ہاشم ہیں) اور قوم کے غلام اسی قوم میں شمار ہوتے ہیں (یعنی غلام بھی اپنے آقا کی قوم میں شمار کیے جاتے ہیں اس

لہ (جو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے آزاد کردہ غلام ہیں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

لیے تم پر بھی صدقہ حلال نہیں۔ اس حدیث کی روایت ترمذی ابوداؤد، اور نسائی نے کی ہے۔

۲۲۹۹ وَعَنْ حُبْشِيِّ بْنِ جُنَادَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ سَأَلَ مِنْ غَيْرِ فَقْرٍ فَإِنَّمَا يَأْكُلُ الْجَمْرَ رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ وَفِي رِوَايَةٍ لِلتِّرْمِذِيِّ وَأَبِي دَاوُدَ وَالدَّارِمِيِّ وَأَحْمَدَ وَالنَّسَائِيِّ وَابْنِ مَاجَةَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَا تَحِلُّ الصَّدَقَةُ لِغَنِيٍّ۔

حضرت حبشی بن جُنادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو ارشاد فرماتے سُنا ہے کہ جس کسی شخص نے بغیر فقیر و احتیاج کے سوال کیا وہ آگ کھاتا ہے۔ اس کی روایت طحاوی نے کی ہے، اور ترمذی ابوداؤد، دارمی، امام احمد نسائی اور ابن ماجہ ان سب کتابوں کی ایک روایت میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے اس طرح مروی ہے کہ غنی کے لیے صدقہ لینا حلال نہیں ہے۔

ف: سدرکی حدیث میں بغیر فقر و احتیاج کے سوال کرنے کی جو وعید مذکور ہے اس سے مسلک حنفی کی تائید ہوتی ہے کہ سوال اسی وقت کرنا جائز ہے جب کہ کوئی فقیر اور تنگی میں ہو جیسا کہ امام طحاوی نے فرمایا ہے۔ ۱۲۔

ف: واضح ہو کہ حدیث کے دوسرے حصہ میں ارشاد ہے کہ غنی کے لیے صدقہ لینا حلال نہیں اس بارے میں مرقات میں محیط کے حوالہ سے لکھا ہے کہ غنی یعنی تونگری کی تین قسمیں ہیں، غنی کی ایک قسم یہ ہے کہ جس سے زکوٰۃ واجب ہوتی ہے اور وہ یہ ہے کہ کوئی شخص نصاب کا مالک ہو، اور اس پر سال بھی گزرے اور وہ مال نامی یعنی اس میں بڑھنے کی صلاحیت موجود ہو، غنی کی دوسری قسم یہ ہے کہ جس کی وجہ سے انسان کو صدقہ لینا اس لیے جائز نہیں کہ اس پر صدقہ فطر اور قربانی واجب ہے اور صدقہ فطر اور قربانی واجب ہونے کا نصاب یہ ہے کہ کسی کے پاس اس کے ضروری اسباب سے زیادہ اتنی قیمت کا مال و اسباب موجود ہو کہ اتنی قیمت پر زکوٰۃ واجب ہو جاتی ہے اور غنی کی تیسری قسم یہ ہے کہ جس کی وجہ سے اگر کوئی اس کو صدقہ دیدے تو وہ صدقہ تو لے سکتا ہے لیکن سوال نہیں کر سکتا اور یہ وہ ہے کہ اس کے پاس ایک دن کی خوراک اور اتنا کپڑا موجود ہو جس سے اس کی ستر پوشی ہو جائے۔ مرقات کی عبارت یہاں ختم ہوئی۔ اور شرح نقایہ میں لکھا ہے کہ زکوٰۃ اغنیا کو نہ دی جانی چاہیے۔ وہ جہاد کے لیے جا رہے ہوں یا حج کے لیے اور یہی حنفی مذہب ہے۔ ۱۲۔

۲۳۰۰ وَعَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ الْخِيَارِ قَالَ أَخْبَرَنِي رَجُلَانِ أَنَّهُمَا

حضرت عبید اللہ بن عدی بن الخیار رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ مجھ سے دو آدمیوں

لہ اور بغیر استحقاق کے مال حاصل کر لیا تو گویا وہ مال نہیں کھاتا ہے بلکہ)

أَتَيَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ وَهُوَ يُقَسِّمُ الصَّدَقَةَ فَسَأَلَاهُ مِنْهَا فَرَفَعَ فِيْنَا النَّظَرَ وَخَفَضَهٗ فَرَاٰنَا جَلْدَيْنِ فَقَالَ اِنْ شِئْتُمَا اَعْطَيْتُكُمَا وَلَا حَظَّ فِيْهَا لِغَنِيٍّ وَّلَا لِقَوِيٍّ مُّكْتَسِبٍ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ)

نے بیان کیا کہ وہ حجۃ الوداع میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوئے، آپ اس وقت زکوٰۃ کا مال تقسیم فرما رہے تھے، انھوں نے بھی آپ سے زکوٰۃ کا مال طلب کیا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو غور سے دیکھا اور نگاہیں نیچی کرلیں، ہم کو قوی اور تندرست دیکھ کر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اگر تم چاہو تو میں تم کو اس میں سے دیدوں لیکن زکوٰۃ میں نہ تو غنی کا حصہ ہے اور نہ ایسے قوی شخص کا حصہ ہے جو کمانے کی طاقت رکھتا ہو۔ اس کی روایت ابوداؤد اور نسائی نے کی ہے۔

ف: اس حدیث شریف میں ارشاد ہے "وَاِنْ شِئْتُمَا اَعْطَيْتُكُمَا" اُن دو قوی شخصوں سے جنھوں نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے زکوٰۃ کا مال طلب کیا تھا، حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا، "اگر تم دونوں چاہو تو میں تم کو اس (مال زکوٰۃ میں سے) کچھ دیدوں، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے اس ارشاد مبارک کے دو جزء ہیں (۱) ایک یہ کہ قوی اور کمانے کی طاقت رکھنے والے کا سوال کرنا (۲) دوسرا یہ کہ قوی اور کمانے کی طاقت رکھنے والے کو مال زکوٰۃ کا دینا۔

ان دونوں صورتوں میں امام شافعی رحمہ اللہ کا مسلک یہ ہے کہ قوی اور تندرست شخص کو زکوٰۃ دینا حرام ہے خواہ وہ سوال کرے یا نہ کرے، مسلک حنفی پہلے جزو کے بارے میں یہ ہے کہ قوی اور تندرست شخص کا سوال کرنا حرام ہے۔ کیونکہ اگر کوئی قوی اور تندرست کا سوال کرنا حرام نہ ہوتا تو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اُن سے یہ نہ فرماتے کہ اگر تم چاہو یعنی مال طلب کرو، کیونکہ بظاہر تمہارا قوی اور تندرست ہونا اور کمانے کی طاقت رکھنا۔ تمہارے لیے سوال کرنے کی حرمت کا سبب ہے، اس سے قوی اور تندرست کے لیے حرمتِ سوال کا ثبوت ملتا ہے جیسا کہ شیخ ابن الہمام اور امام طحاوی نے فرمایا ہے، جس کو صاحب مرقات نے بیان کیا ہے۔

ارشاد مبارک "وَاِنْ شِئْتُمَا اَعْطَيْتُكُمَا" کے دوسرے جزو قوی اور تندرست کو مال زکوٰۃ کا دینا ہے۔ اس بارے میں مذہب حنفی یہ ہے کہ اور تندرست کو جب کہ وہ سوال کرے مالِ زکوٰۃ کا دینا جائز ہے۔ اس لیے کہ سوال کرنے والے کی حقیقت حال سے دینے والا باخبر نہیں ہوتا۔ اور اگر ایسے شخص کو اگر زکوٰۃ دی جائے تو زکوٰۃ ادا ہو جاتی ہے۔ کیونکہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے یہ فرمایا کہ اگر تم چاہو تو میں تم کو (مال زکوٰۃ میں سے) دیدوں اگر ان قوی اور تندرست آدمیوں کا مالِ زکوٰۃ کا لینا حرام ہوتا کہ جس کی وجہ سے زکوٰۃ دینے والے کی زکوٰۃ ہی ادا نہ ہوتی تو حضور ان سے یہ نہ فرماتے کہ میں اس میں سے تم کو دیدیتا ہوں (یہ مضمون ہدایہ سے ماخوذ ہے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

اور ابن الہمام اور امام طحاوی اور سندھی نے بھی ایسا ہی کہا ہے) اور اعلاء السنن میں مذکور ہے کہ قوی اور تندرست شخص جو کمانے کی طاقت بھی رکھتا ہو اور اگر وہ فقیر اور تنگ دست ہو تو ایسے شخص کو بھی زکوٰۃ دینا جائز ہے ۱۲۔

۲۲۳۰۱ وَعَنْ زِيَادِ بْنِ الْحَارِثِ الصُّدَائِيِّ يَقُوْلُ اَمَّرَنِيْ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ عَلٰى قَوْمِيْ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللهِ اَعْطِنِيْ مِنْ صَدَقَاتِهِمْ فَفَعَلَ وَكَتَبَ لِيْ بِذٰلِكَ كِتَابًا فَاَتَاهُ رَجُلٌ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللهِ اَعْطِنِيْ مِنَ الصَّدَقَةِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِنَّ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ لَمْ يَرْضَ بِحُكْمِ نَبِيٍّ وَّلَا غَيْرِهٖ فِي الصَّدَقَاتِ حَتّٰى حَكَمَ فِيْهَا هُوَ مِنَ السَّمَآءِ فَجَزَّاَهَا ثَمَانِيَةَ اَجْزَآءٍ فَاِنْ كُنْتَ مِنْ تِلْكَ الْاَجْزَآءِ اَعْطَيْتُكَ.

(رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ وَرَوَى اَبُوْدَاؤدَ نَحْوَهٗ)

حضرت زیاد بن حارث صدائی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے اپنی قوم کا امیر بنا دیا تو میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! مجھے ان کے صدقات یعنی زکوٰۃ میں سے کچھ مقرر فرما دیجئے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے (میرے لیے زکوٰۃ میں سے کچھ حصہ) مقرر فرمایا اور ایک حکم نامہ بھی لکھوا دیا۔ ایک دوسرا شخص خدمت اقدس میں حاضر ہوا اور عرض کیا یا رسول اللہ! مجھے بھی زکوٰۃ میں سے کچھ دیدیجئے تو ان سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے زکوٰۃ کے متعلق فیصلہ نبی یا غیر نبی کسی کے ہاتھ میں نہیں رکھا، بلکہ اللہ بزرگ و برتر نے اس کے بارے میں آسمان سے حکم نازل فرمایا ہے۔ پس تقسیم کیا اللہ تعالیٰ نے (زکوٰۃ کو) آٹھ حصوں پر (یعنی) آٹھ قسم کے آدمیوں کے لیے اللہ تعالیٰ نے زکوٰۃ کو حلال کیا ہے پس اگر تم ان (آٹھ) قسم کے لوگوں میں سے ہو تو میں تم کو زکوٰۃ دیدوں گا۔ اس کی روایت طحاوی نے کی ہے اور ابو داؤد نے بھی اسی طرح روایت کی ہے۔

ف: اس حدیث شریف میں مستحقین زکوٰۃ کا ذکر ہے ان کو اس آیت مبارکہ میں بیان کیا گیا ہے وہ آیت یہ ہے (سورۂ توبہ پ ۱۰ ع ۸)

(فرض صدقات یعنی زکوٰۃ تو صرف غریبوں کا اور محتاجوں کا اور زکوٰۃ کے وصول کرنے والوں کا اور ان کا (حق ہے) جن کی دل جوئی کرنا منظور ہے، اور غلاموں کو آزاد کرانے میں صرف کرنا اور قرض داروں (کے قرض کی ادائیگی) میں خرچ کرنا اور راہِ جہاد میں صرف کرنا اور مسافروں کو امداد میں دینا۔

آیت شریف میں زکوٰۃ کے مستحق آٹھ آدمیوں کو قرار دیا گیا ہے جن میں فقراء اور مساکین کی تفصیل حدیث ۶۹ کے فائدہ میں جو ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے گذر چکی ہے۔ بقیہ اشخاص کی تفصیل ملاحظہ ہو۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

(۳) عاملین یعنے محصلین زکوٰۃ جو سلطانِ اسلام کی طرف سے مقرر ہوں ان کو باوجود غنی ہونے کے اسی زکوٰۃ میں بطور اجرت کے دینا جائز ہے مگر عامل بنی ہاشم ہو تو اس کو مال زکوٰۃ میں سے دینا جائز نہیں۔

(۴) مُؤَلَّفَۃِ قُلُوْبُ، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں ان لوگوں کو بھی زکوٰۃ دی جاتی تھی جو مسلمان نہ ہو مگر ان کے مسلمان ہونے کی امید پر یا ان کے شر اور فتنہ سے بچنے کے لیے صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے زمانہ میں ان کے زکوٰۃ کے مستحق نہ ہونے پر اجماع ہو گیا اور اب یہ حکم باقی نہ رہا۔

(۵) اَلرِّقَابُ یعنے مکاتب ایسا غلام جس کو اس کے مالک نے کہدیا ہے کہ تو اتنا روپیہ دیدے تو آزاد ہے ایسے غلام کو زکوٰۃ دینی جائز ہے تاکہ وہ اپنے آقا کو وہ رقم دے کر آزاد ہو جائے۔

(۶) اَلْغَارِمِیْنَ، سے مراد ایسے قرضدار ہیں جن پر اتنا قرض ہو کہ قرض کے منہا ہونے کے بعد جو رقم باقی رہ جائے نصاب سے کم ہو تو ایسے لوگوں کو زکوٰۃ کی رقم دے کر ان کے قرض کو ادا کرنا درست ہے۔

(۷) فِیْ سَبِیْلِ اللہ۔ ایسے مجاہد اور غازی کو زکوٰۃ کا دینا درست ہے جو اپنا گھر اور مال و اسباب تو رکھتا ہے مگر میدان جہاد میں گھر سے جدا ہو کر حاجت مند ہو گیا ہے اور یہاں اس کے پاس کوئی سامان نہیں، یہی حکم حاجی کا ہے۔

(۸) ابْنُ السَّبِیْلِ۔ ایسا مسافر جو اپنے وطن میں مال و دولت رکھتا ہو لیکن مسافرت میں غریب الوطن ہو کر حاجت مند ہو گیا ہے ایسے شخص کو بھی مال زکوٰۃ دینا درست ہے۔

ان ساری صورتوں میں شرط یہ ہے کہ جن کو زکوٰۃ دی جائے ان کو اس کا مالک کر دیا جائے بغیر مالک بنائے زکوٰۃ ادا نہ ہوگی۔

یہ سارے احکام فرض زکوٰۃ سے متعلق ہیں۔ نفل صدقات میں شرائط نہیں ہیں ان تمام مذکورہ بالا صورتوں میں ایک شرط یہ بھی ہے کہ زکوٰۃ لینے والا ہاشمی نہ ہو۔ (ہدایہ، تفسیرات احمدیہ، بیان القرآن) ۱۲

۲۳۰۲/۱۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِیْ قَوْلِہٖ تَعَالٰی اِنَّمَا الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَاۤءِ وَالْمَسَاکِیْنِ الْاٰیَۃَ قَالَ فِیْ اَیِّ صِنْفٍ وَضَعْتَہٗ اَجْزَأَکَ۔

(رَوَاہُ الْبَیْہَقِیُّ وَرَوَی ابْنُ اَبِیْ شَیْبَۃَ عَنْ عُمَرَ نَحْوَہٗ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ آیت شریف اِنَّمَا الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَاۤءِ وَالْمَسَاکِیْنِ الخ کی تفسیر میں آپ نے فرمایا کہ اس آیت میں جن لوگوں کو مستحق زکوٰۃ قرار دیا گیا ہے ان میں سے تم کسی کو بھی زکوٰۃ دو گے تمہاری زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ اس کی روایت بیہقی نے کی ہے اور ابن ابی شیبہ نے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے اسی طرح روایت کی ہے۔

ف: اس حدیث شریف میں مذکور ہے کہ مستحقین زکوٰۃ میں سے جس کسی کو زکوٰۃ دی جائے، زکوٰۃ ادا ہو جائیگی اس بارے میں ہدایہ میں لکھا ہے کہ زکوٰۃ ادا کرنے والے کو اختیار ہے کہ چاہے وہ مذکورہ مستحقین زکوٰۃ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

ہیں سے ہر ایک کو دے یا چاہے تو وہ مذکورہ لوگوں میں کسی ایک ہی کو دیدے۔ ہر دو صورتوں میں زکوٰۃ ادا ہو جائے گی اور یہی مذہب حنفی ہے۔ ۱۲۔

۲۳-۳ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ قَالَ اَعْوَزْنَا مَرَّۃً فَاَتَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ فَذَکَرْتُ ذٰلِکَ لَہٗ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ مَنِ اسْتَعَفَّ اَعَفَّہُ اللّٰہُ وَمَنِ اسْتَغْنٰی اَغْنَاہُ اللّٰہُ وَمَنْ سَاَلَنَا اَعْطَیْنَاہُ قَالَ قُلْتُ فَلَاَسْتَعِفَّنَّ فَیُعِفَّنِیَ اللّٰہُ وَلَاَسْتَغْنِیَنَّ فَیُغْنِیَنِی اللّٰہُ قَالَ فَوَاللّٰہِ مَا کَانَ اِلَّا اَیَّامٌ حَتّٰی اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ قَسَمَ زَبِیْبًا فَاَرْسَلَ اِلَیْنَا مِنْہُ ثُمَّ قَسَمَ شَعِیْرًا فَاَرْسَلَ اِلَیْنَا مِنْہُ ثُمَّ سَالَتْ عَلَیْنَا الدُّنْیَا فَغَرَّقَتْنَا اِلَّا مَنْ عَصَمَ اللّٰہُ۔

(رَوَاہُ الطَّحَاوِیُّ)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ ہم کو تنگ دستی لاحق ہوئی تو میں حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا۔ اور آپ سے اس کا تذکرہ کیا تو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرماتے جو شخص (باوجود تنگی کے) سوال کرنے سے بچے (اور اپنی تنگی کا دوسروں سے شکوہ نہ کرے) تو اللہ تعالیٰ اس کو دوسروں کا محتاج ہونے سے بچا لیتے ہیں اور جو (دوسروں کے مال سے اپنے دل کو) غنی رکھے، تو اللہ تعالیٰ اس کو غنی بنا دیتے ہیں اور جو ہم سے مانگے، ہم اس کو دیں گے۔ حضرت ابوسعید خدری کہتے ہیں، میں نے اپنے دل میں یہ ٹھان لیا کہ میں اب کسی سے سوال نہیں کروں گا تاکہ اللہ تعالیٰ مجھے دوسروں کا محتاج بننے سے بچائے اور اپنے (قلب) کو غنی رکھوں گا تاکہ اللہ تعالیٰ مجھے غنی بنا دے۔ وہ کہتے ہیں کہ میرے اس عزم کے بعد خدا کی قسم! چند ہی روز نہ گذرنے پائے تھے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے صحابہ کرام میں کشمش تقسیم فرمائی تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے اس میں سے ہمارے لیے بھی حصہ روانہ فرمایا۔ پھر کیا تھا کہ ہم پر دنیا کا سیلاب امنڈ آیا اور (دنیا نے تونگری میں) ہم کو ڈبو دیا۔ ہاں! مگر وہی شخص محفوظ رہا جس کو اللہ تعالیٰ نے محفوظ رکھا۔ اس کی روایت امام طحاوی نے کی ہے۔

ف: اس حدیث شریف میں ارشاد ہے "مَنْ سَاَلَنَا اَعْطَیْنَا"، یعنی جو ہم سے مانگے ہم اس کو دیں گے۔ اس بارے میں امام طحاوی رحمۃ اللہ نے فرمایا ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کا یہ فرمان اپنے صحابہ سے تھا جن میں اکثر و بیشتر صحیح و تندرست تھے ان میں کوئی اپاہج یا مریض نہ تھے ہاں! البتہ تنگدست ضرور تھے، ان کے صحیح و تندرست ہونے کی وجہ سے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم

www.waseemziyai.com MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

نے ان کو زکوٰۃ حاصل کرنے سے نہیں روکا، اور یہ نہیں فرمایا کہ ہم اسی کو زکوٰۃ دیں گے جو صحیح اور تندرست نہ ہوں، اس سے معلوم ہوا کہ زکوٰۃ لینے کے جائز ہونے کی شرط صحت اور مرض نہیں، بلکہ تنگدستی ہے۔

اس حدیث شریف سے دوسری بات یہ معلوم ہوئی کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے سوال کرنے والے پر اس شخص کو فضیلت دی ہے جو سوال نہ کرتا ہو اور اپنے کو مانگنے سے بچاتا ہو۔ جیسا کہ امام طحاوی نے فرمایا ہے۔ ۱۲۰

۲۳۰۴/۱۵ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِنَّ مُعَاذًا قَالَ بَعَثَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّکَ تَاْتِیْ قَوْمًا مِّنْ اَہْلِ الْکِتَابِ فَادْعُہُمْ اِلٰی شَہَادَۃِ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ فَاِنْ ہُمْ اَطَاعُوْا لِذٰلِکَ فَاَعْلِمْہُمْ اِنَّ اللّٰہَ افْتَرَضَ عَلَیْہِمْ خَمْسَ صَلَوَاتٍ فِیْ کُلِّ یَوْمٍ وَّلَیْلَۃٍ فَاِنْ ہُمْ اَطَاعُوْا لِذٰلِکَ فَاَعْلِمْہُمْ اِنَّ اللّٰہَ افْتَرَضَ عَلَیْہِمْ صَدَقَۃً تُؤْخَذُ مِنْ اَغْنِیَآءِ ہِمْ فَتُرَدُّ فِیْ فُقَرَآءِ ہِمْ فَاِنْ ہُمْ اَطَاعُوْا لِذٰلِکَ فَاِیَّاکَ وَکَرَائِمَ اَمْوَالِہِمْ وَاتَّقِ دَعْوَۃَ الْمَظْلُوْمِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے (یمن کا حاکم بنا کر) بھیجا تو فرمایا کہ تم ایک ایسی قوم میں جا رہے ہو جو اہل کتاب ہیں (یعنی یہود و نصاریٰ ہیں، پس تم ان کو اسلام کی) دعوت دینا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور میں (یعنی حضرت محمد صلے اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اللہ کا رسول ہوں، اگر وہ اس کو مان لیں (یعنی اسلام قبول کر لیں) تو ان کو بتلانا کہ اللہ تعالیٰ نے ان پر ہر دن و رات میں پانچ نمازیں فرض کی ہیں اور اگر وہ اس بات کو (یعنی پنجگانہ نمازوں کی فرضیت کو) مان لیں تو ان کو بتلانا کہ اللہ تعالیٰ نے ان پر زکوٰۃ فرض کی ہے جو ان کے مالداروں سے لی جائے گی[1] اور ان کے (مسلمان) فقراء پر تقسیم کی جائے گی (جو زکوٰۃ لینے کے مستحق ہیں، اگر وہ اس بات کو بھی مان لیں تو ان کا بہترین مال (زکوٰۃ میں) نہ لینا[2] اور اپنے مظلوم کی بددعا سے خود کو بچائے رکھنا۔ اس حدیث کی بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

ف: اس حدیث شریف میں ارشاد ہے "فَتُرَدُّ فِیْ فُقَرَآءِ ہِمْ"، یعنے زکوٰۃ ان ہی کے فقراء پر تقسیم کی جائے گی۔ اس بارے میں اعلاء السنن میں لکھا ہے کہ فرض زکوٰۃ مسلمان فقراء ہی میں تقسیم کی جائے،

---

[1] جو صاحب نصاب ہیں اور جن کے مال پر زکوٰۃ واجب ہونے کے شرائط پورے اترتے ہیں

[2] اور اسی طرح ناقص مال بھی نہ لینا، بلکہ متوسط مال، تاکہ نہ تو زکوٰۃ دینے والے کا نقصان ہو، اور نہ بیت المال کا اور زکوٰۃ کا مال وصول کرتے میں زیادتی اور بدزبانی سے زکوٰۃ دینے والے کو تکلیف نہ دینا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMI ISLAMIA ACADEMY

گی۔ اس بارے میں اعلاء السنن میں لکھا ہے کہ فرض زکوٰۃ مسلمان فقراء ہی میں تقسیم کی جائے البتہ نفل صدقات غیر مسلم فقراء کو بھی دے سکتے ہیں۔

حدیث شریف کے مذکورہ بالا ارشاد سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ زکوٰۃ کو اسی مقام کے فقراء میں تقسیم کرنا چاہیئے، اس لیے زکوٰۃ کا ایک شہر سے دوسرے شہر میں منتقل کرنا درست نہیں، البتہ! اگر دوسرے شہر میں قرابت دار ہوں یا وہاں کے لوگ زیادہ محتاج ہوں تو اس صورت میں زکوٰۃ کا منتقل کرنا درست ہے جیسا کہ ہدایہ میں مذکور ہے۔ ۱۲

۲۳-۵ / ۱۶ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ قَالَ شَرِبَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ لَبَنًا فَأَعْجَبَهُ فَسَأَلَ الَّذِي سَقَاهُ مِنْ أَيْنَ هٰذَا اللَّبَنُ فَأَخْبَرَهُ أَنَّهُ وَرَدَ عَلٰى مَاءٍ قَدْ سَمَّاهُ فَإِذَا نَعَمٌ مِنْ نَعَمِ الصَّدَقَةِ وَهُمْ يَسْقُوْنَ فَحَلَبُوْا مِنْ أَلْبَانِهَا فَجَعَلْتُهُ فِيْ سِقَائِيْ فَهُوَ هٰذَا فَأَدْخَلَ عُمَرُ يَدَهُ فَاسْتَقَاءَهُ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ)

حضرت زید بن اسلم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ امیر المومنین حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے (ایک مرتبہ) دودھ پیا، وہ آپ کو اچھا معلوم ہوا تو آپ نے اس شخص سے جس نے آپ کو یہ دودھ پلایا تھا دریافت کیا کہ یہ دودھ کہاں کا ہے تو انہوں نے کہا کہ پانی کی ایک جگہ پر اُترا تھا جس کا انھوں نے نام بھی بتایا اور کہا کہ) وہاں زکوٰۃ کے کچھ اونٹ آئے ہوئے تھے اور لوگ ان کو پانی پلا رہے تھے تو اونٹ والوں نے ان کا دودھ نچوڑا، یہی دودھ ہے جس کو میں نے اپنے مشکیزہ میں ڈال لیا) اور آپ کو پیش کیا یہ سن کر) حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے (حلق میں) انگلی ڈال کر قے کر دی اور دودھ نکال دیا۔ اس کی روایت امام مالک نے کی ہے۔ اور بیہقی نے بھی شعب الایمان میں اس کی روایت کی ہے۔

ف: مرقات اور اشعۃ اللمعات میں لکھا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے قے کے ذریعے دودھ نکال دیا آپ کا یہ عمل تقویٰ اور پرہیزگاری کی بنا پر تھا، ورنہ اس طرح کا مال جو کسی فقیر کی جانب سے کسی غنی کو بطور ہدیہ دیا جائے اس کا استعمال کرنا درست ہے۔ جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد حضرت بریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی حدیث میں گزر چکا ہے جو ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا تھا کہ لَهَا صَدَقَةٌ وَلَنَا هَدِيَّةٌ (ان کے لیے صدقہ ہے اور ہمارے لیے ہدیہ ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

بَابُ مَنْ لَّا تَحِلُّ لَهُ الْمَسْئَلَةُ وَمَنْ تَحِلُّ لَهُ

یہ باب: ان لوگوں کے بیان میں ہے کہ جن کا سوال کرنا جائز نہیں ہے اور جن کو سوال کرنا جائز ہے۔

ف: واضح ہو کہ جس شخص کے پاس ایک روز کی خوراک موجود ہو اس کو بے ضرورت سوال کرنا حرام ہے اور ایسے شخص کے لیے بھی سوال کرنا حرام ہے جو کمانے کی طاقت رکھتا ہو اور بھیک مانگنے کو پیشہ بنا لینا بھی حلال نہیں ہے، البتہ ایسے شخص کو سوال کرنا جائز ہے جس کے پاس ایک دن کی خوراک نہ ہو اور ایسے شخص کو بھی سوال کرنا جائز ہے جو کمانے کی طاقت نہ رکھتا ہو اور ایسے شخص کے لیے بھی سوال جائز ہے جس کے پاس ستر عورت یعنی ناف کے نیچے سے لے کر گھٹنوں سمیت ڈھانکنے کے لیے کپڑا موجود نہ ہو، اور علماء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ بے ضرورت سوال کرنا جائز نہیں ہے، اگر ضرورتاً کوئی سوال کرے تو اس کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ ان تین شرائط کا لحاظ کرے۔ ایک یہ کہ خود کو ذلیل نہ کرے، دوسرے یہ کہ سوال کرنے میں آہ و زاری نہ کرے، اور تیسرے یہ کہ جس سے سوال کر رہا ہو اس کو ایذا نہ دے۔

ان مذکورہ شرائط کے ساتھ سوال کرنے میں علما کا اختلاف ہے کہ ایسا سوال کرنا حرام ہے یا کراہت کے ساتھ حلال ہے، البتہ تمام علماء کا اس پر اتفاق ہے، کہ اگر مذکورہ شرائط میں سے ایک شرط بھی پوری نہ ہو تو ایسا سوال حرام ہے۔ (اشعۃ اللمعات) ۱۲

۲۳۰۶ عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ مُخَارِقٍ قَالَ تَحَمَّلْتُ حَمَالَةً فَأَتَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ أَسْأَلُهُ فِيهَا فَقَالَ أَقِمْ حَتّٰى تَأْتِيَنَا الصَّدَقَةُ فَنَأْمُرَ لَكَ بِهَا ثُمَّ قَالَ يَا قَبِيصَةُ إِنَّ الْمَسْأَلَةَ لَا تَحِلُّ إِلَّا لِأَحَدِ ثَلَاثَةٍ رَجُلٍ تَحَمَّلَ حَمَالَةً فَحَلَّتْ لَهُ الْمَسْأَلَةُ حَتّٰى يُصِيبَهَا ثُمَّ يُمْسِكُ وَرَجُلٍ أَصَابَتْهُ جَائِحَةٌ اجْتَاحَتْ مَالَهُ

حضرت قبیصہ بن مخارق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ میں نے ایک قرضہ کی ادائیگی کی ضمانت اپنے اوپر لی تھی[ل] میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ قرض کی ادائیگی کے لیے کچھ زحمت فرمایئے، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کچھ دن ٹھیر جاؤ۔ یہاں تک کہ ہمارے پاس زکوٰۃ کا مال آجائے اور ہم اس میں سے تم کو دلوا دیں۔ پھر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرمایا اے

ل جو ایک دیت یعنے خون بہا کے سلسلہ میں تھی، چوں کہ صرف زکوٰۃ میں قرض کی ادائیگی بھی شامل ہے اس لیے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

فَحَلَّتْ لَهُ الْمَسْئَلَةُ حَتّٰى يُصِيْبَ قِوَامًا مِّنْ عَيْشٍ اَوْ قَالَ سِدَادًا مِّنْ عَيْشٍ وَّرَجُلٌ اَصَابَتْهُ فَاقَةٌ حَتّٰى يُصِيْبَ قِوَامًا مِّنْ ذَوِى الْحِجَا مِنْ قَوْمِهٖ لَقَدْ اَصَابَتْ فُلَانًا فَاقَةٌ فَحَلَّتْ لَهُ الْمَسْئَلَةُ حَتّٰى يُصِيْبَ قِوَامًا مِّنْ عَيْشٍ اَوْ قَالَ سِدَادًا مِّنْ عَيْشٍ فَمَا سِوَاهُنَّ مِنَ الْمَسْئَلَةِ يَا قُبَيْصَةُ سُحْتٌ يَاْكُلُهَا صَاحِبُهَا سُحْتًا۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

قبیصۃ! (یاد رکھو) سوال کرنا صرف تین آدمیوں کے لیے جائز ہے (ایک) اس شخص کے لیے جو کسی قرضہ کا ضامن ہو تو اس کے لیے اسی حد تک مانگنا جائز ہے کہ اس سے اس قرضہ کی ادائیگی ہو جائے (بشرطیکہ وہ اس کی ادائیگی سے قاصر ہو اور پھر اس کے بعد نہ مانگے (دوسرے) اس شخص کو سوال کرنا جائز ہے جس کا مال و اسباب کسی آفت ناگہانی کے تحت تباہ و برباد ہو گیا ہو (جیسے کھیتی گھر دار وغیرہ تو ایسے شخص کو) اس حد تک (مانگنا جائز ہے) جس سے اس کے کھانے اور کپڑے کی ضرورت پوری ہو جائے یا اس حد تک کہ وہ اپنا کاروبار سدھار سکے (تیسرے) اس شخص کو (بھی) سوال کرنا جائز ہے جو ایسے فقر و فاقہ میں مبتلا ہو گیا ہو کہ جس کی تصدیق ایسے تین سمجھ دار آدمی کرتے ہوں جو اس کو جانتے پہچانتے والے ہوں (تو) اس کو اس حد تک مانگنا جائز ہے کہ جس سے اس کی خوراک اور لباس کی ضرورت پوری ہو جائے یا اس حد تک کہ وہ اپنی زندگی کو سنبھال لے سکے۔ اے قبیصۃ! ان تینوں کے سواء کسی کو سوال کرنا جائز نہیں ہے (اگر کوئی شخص ان تینوں صورتوں کے سواء سوال کرے گا) تو ایسا سوال اس کے لیے حرام ہوگا اور اس سوال کے ذریعہ سے) وہ حرام مال کھائے گا۔ اس کی روایت مسلم نے کی ہے۔

ف: اس حدیث شریف میں ارشاد ہے کہ حاجت مند اپنی ضرورت کی تکمیل کے لیے سوال کر سکتا ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ سائل کے سوال کرنے کے لیے معذوری اور بیماری شرط نہیں ہے تندرست آدمی جو فقر و فاقہ میں مبتلا ہو اپنی حاجت پوری کرنے کے لیے سوال کر سکتا ہے، اور یہی مذہب حنفی ہے جیسا کہ امام طحاوی رحمۃ اللہ نے فرمایا ہے۔ ۱۲

۲۳۰۷ وَعَنْ حُبْشِيِّ ابْنِ جُنَادَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِنَّ الْمَسْئَلَةَ لَا تَحِلُّ لِغَنِيٍّ وَّلَا لِذِيْ مِرَّةٍ سَوِيٍّ اِلَّا لِذِيْ فَقْرٍ مُّدْقِعٍ

حضرت حبشی بن جنادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ غنی کے لیے سوال کرنا جائز نہیں ہے (یعنی ایسے شخص کے لیے جس کے پاس ایک دن کا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

اَوْ غُرْمٍ مُّفْظِعٍ وَمَنْ سَاَلَ النَّاسَ لِيُثْرِيَ بِهٖ مَالَهٗ كَانَ خُمُوْشًا فِيْ وَجْهِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَرَضْفًا يَاْكُلُهٗ مِنْ جَهَنَّمَ فَمَنْ شَاءَ فَلْيُقِلَّ وَمَنْ شَاءَ فَلْيُكْثِرْ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

کھانا موجود ہو) اور نہ اس شخص کے لیے (سوال کرنا جائز ہے) جو تندرست اور طاقت ور ہو (اور کمانے پر قادر ہو) ہاں اس شخص کو (سوال کرنا جائز ہے) جس کو فقر وفاقہ نے زمین پر گرا دیا ہو، یا زیادہ قرضدار ہوگیا اور جو شخص اپنے مال کو بڑھانے کے لیے لوگوں سے سوال کرنا جائز ہے) جس کو فقر وفاقہ نے زمین پر گرا دیا ہو، یا زیادہ قرضدار ہوگیا اور جو شخص اپنے مال کو بڑھاتے کے لیے لوگوں سے سوال کرتا پھرے (تو یہ سوال) قیامت کے دن اس کے چہرہ پر زخم کی صورت میں نمودار گا اور (اس طرح کے سوال سے حاصل کیا ہوا مال قیامت کے دن) جہنم کے گرم پتھروں کی شکل میں ہوگا جن کو نہ کھایا جائے گا[1] جو چاہے اس کو (یعنی ایسے ناجائز سوال کے عذاب کو) کم کرے اور جو چاہے اس کو بڑھائے اس کی روایت ترمذی نے کی ہے۔

ف: حدیث شریف میں ارشاد ہے کہ غنی کے لیے سوال جائز نہیں ہے، اس بارے میں درمختار میں لکھا ہے کہ جس کسی کے پاس ایک دن کی خوراک موجود ہو تو ایسے شخص کے لیے سوال کرنا جائز نہیں ہے اور اس شخص کے لیے بھی سوال کرنا جائز نہیں ہے جس کے پاس ایک دن کی خوراک تو موجود نہیں، لیکن وہ صحیح اور تندرست ہے اور کمانے پر قادر ہے۔ ۱۲

۲۳۰۸ وَعَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ قَالَ[3] رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ الْمَسَائِلُ كُدُوْحٌ يَكْدَحُ بِهَا الرَّجُلُ وَجْهَهٗ فَمَنْ شَاءَ اَبْقٰى عَلٰى وَجْهِهٖ وَمَنْ شَاءَ تَرَكَهٗ اِلَّا اَنْ يَّسْاَلَ الرَّجُلُ ذَا سُلْطَانٍ اَوْ فِيْ اَمْرٍ لَا يَجِدُ مِنْهُ بُدًّا۔

حضرت سمرۃ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ (لوگوں سے ان کے مال کا) سوال کرنا زخم ہے کہ آدمی سوال کر کے اپنے چہرہ کو زخمی کر لیتا ہے (یعنی انسان سوال کر کے اپنے کو بے آبرو کر لیتا ہے، پس جو شخص چاہے (سوال نہ کر کے اپنی آبرو کو) اپنے چہرہ

لہ (چہرے پر زخم کا عذاب اس وجہ سے ہوگا کہ اس نے اللہ تعالیٰ کی مرضی کے خلاف غیر اللہ کی طرف توجہ کی اور سوال کیا کہ ور گرم پتھروں کے کھانے کا عذاب اس وجہ سے ہوگا کہ اس نے اپنی زبان اور منھ سے سوال کر کے اللہ تعالیٰ کی شکایت مخلوق سے کی ہے۔

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

پر باقی رکھے اور جو چاہے اس کو چھوڑ دے (یعنی سوال کر کے اپنی عزت اور آبرو کو برباد کر دے) البتہ! آدمی حاکم سے (اپنے حق کے لیے) سوال کرے یا کسی ایسے کام کے لیے سوال کرتا ناگزیر[1] ہے۔ اس حدیث کی روایت ابوداؤد، ترمذی، اور نسائی نے کی ہے۔

رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ

۲۳۰۹ وَعَنِ ابْنِ الْفَرَاسِيِّ أَنَّ الْفَرَاسِيَّ قَالَ قُلْتُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ أَسْأَلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَا وَإِنْ كُنْتَ لَابُدَّ فَسَلِ الصَّالِحِيْنَ ۔

(رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت ابن الفراسی رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ ان کے والد فراسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم سے دریافت کیا کہ کیا میں لوگوں سے سوال کروں تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا نہیں، (سوال نہ کرو) اور اگر سوال کرنا ضروری ہو تو نیک[2] لوگوں سے سوال کیا کرو۔ اس حدیث کی روایت ابوداؤد اور نسائی نے کی ہے۔

۲۳۱۰ وَعَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَأَنْ يَأْخُذَ أَحَدُكُمْ حَبْلَهٗ فَيَأْتِيَ بِحُزْمَةِ حَطَبٍ عَلٰى ظَهْرِهٖ فَيَبِيْعَهَا فَيَكُفَّ اللّٰهُ بِهَا وَجْهَهٗ خَيْرٌ لَّهٗ مِنْ أَنْ يَّسْأَلَ النَّاسَ أَعْطَوْهُ أَوْ مَنَعُوْهُ ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ تم میں سے کوئی (حاجت مند ہو) اور وہ سوال سے بچنے کے لیے اپنی رسی اپنے ہاتھ میں لے لے اور (جنگل سے) جلانے کی لکڑی کا گٹھا اپنی پیٹھ پر لائے اور اس کو بیچ دے اور اس (معاش) کے ذریعہ سے اللہ تعالیٰ اس کی آبرو کو برقرار رکھیں (اور اس کو سوال کی ذلت سے بچا لیں) تو یہ اس سے بہتر ہے کہ وہ لوگوں سے بھیک مانگتا پھرے، خواہ لوگ اسے دیں یا نہ دیں۔ اس کی روایت بخاری نے کی ہے۔

ف: اس حدیث شریف میں ارشاد ہے کہ سائل کو لوگ دیں یا نہ دیں، دونوں صورتیں اس کے لیے بہتر نہیں، سائل کو لوگ اگر دیدیں تو یہ اس لیے بہتر نہیں کہ وہ ان کا احسان مند ہوگا اور اس کو

---

[1] لوگوں سے سوال کرے۔ جیسے کسی کے پاس ایک دن کی بھی خوراک نہ ہو تو ایسا سوال چہرہ پر زخم کا سبب نہ بنے گا۔

[2] اس لیے کہ نیک لوگوں کے پاس حلال رزق ہوتا ہے اور وہ کریم ہوتے ہیں کہ دے کر احسان نہیں جتاتے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

مانگنے کی عادت ہوجائے گی اور اگر سائل کو لوگ نہ دیں تو چیز اس کے لیے اس وجہ سے بہتر نہیں کہ اس نے سوال کرکے خود کو ذلیل کیا اور سوال کے باوجود اس کو کچھ ملا بھی نہیں (یہ اشعۃ اللمعات سے ماخوذ ہے)

۲۳۱۱ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَجُلًا مِّنَ الْاَنْصَارِ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَسْاَلُهٗ فَقَالَ اَمَا فِيْ بَيْتِكَ شَيْءٌ فَقَالَ بَلٰى حِلْسٌ نَلْبَسُ بَعْضَهٗ وَنَبْسُطُ بَعْضَهٗ وَقَعْبٌ نَشْرَبُ فِيْهِ مِنَ الْمَآءِ قَالَ ائْتِنِيْ بِهِمَا فَاَتَاهُ بِهِمَا فَاَخَذَهُمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِيَدِهٖ وَقَالَ مَنْ يَّشْتَرِيْ هٰذَيْنِ قَالَ رَجُلٌ اَنَا اٰخُذُهُمَا بِدِرْهَمٍ قَالَ مَنْ يَّزِيْدُ عَلٰى دِرْهَمٍ مَّرَّتَيْنِ اَوْ ثَلَاثًا قَالَ رَجُلٌ اَنَا اٰخُذُهُمَا بِدِرْهَمَيْنِ فَاَعْطَاهُمَا اِيَّاهُ فَاَخَذَ الدِّرْهَمَيْنِ فَاَعْطَاهُمَا الْاَنْصَارِيَّ وَقَالَ اشْتَرِ بِاَحَدِهِمَا طَعَامًا فَانْبِذْهُ اِلٰى اَهْلِكَ وَاشْتَرِ بِالْاٰخَرِ قَدُوْمًا فَاْتِنِيْ بِهٖ فَاَتَاهُ بِهٖ فَشَدَّ فِيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ عُوْدًا بِيَدِهٖ ثُمَّ قَالَ اذْهَبْ فَاحْتَطِبْ وَبِعْ وَلَا اُرَيَنَّكَ خَمْسَةَ عَشَرَ يَوْمًا فَذَهَبَ الرَّجُلُ يَحْتَطِبُ وَيَبِيْعُ فَجَآءَهٗ وَقَدْ اَصَابَ عَشَرَةَ دَرَاهِمَ فَاشْتَرٰى بِبَعْضِهَا ثَوْبًا وَبِبَعْضِهَا طَعَامًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ هٰذَا خَيْرٌ لَّكَ مِنْ اَنْ تَجِيْءَ الْمَسْئَلَةُ نُكْتَةً فِيْ وَجْهِكَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّ الْمَسْئَلَةَ

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے کہ ایک انصاری حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوکر کچھ مانگنے لگے تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اُن سے دریافت فرمایا کہ کیا تمہارے گھر میں کچھ بھی نہیں؟ تو انھوں نے جواب دیا۔ جی ہاں! میرے پاس ایک کمبل ہے جس کا ایک حصہ تو ہم اوڑھ لیتے ہیں اور ایک حصہ بچھا لیتے ہیں اور لکڑی کا ایک چھوٹا پیالہ ہے جس میں ہم پانی پیتے ہیں، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ تم وہ دونوں چیزیں میرے پاس لاؤ تو وہ انصاری دونوں چیزیں آپ کی خدمت میں لے آئے ان دونوں چیزوں کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے دست مبارک میں لے کر فرمایا کہ ان کو کون خریدتا ہے؟ ایک صاحب نے کہا میں ان دونوں کو ایک درہم میں لیتا ہوں، پھر آپ نے فرمایا کہ اس کو ایک درہم سے زیادہ میں کون خریدتا ہے؟ اس کو آپ نے دو یا تین بار فرمایا اس پر ایک صاحب نے کہا کہ میں ان دونوں کو دو درہم میں لیتا ہوں تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ان دونوں چیزوں کو ان کے حوالے فرمایا اور دو درہم لے لیے اور اس کو انصاری کو دے کر ارشاد فرمایا کہ ایک درہم کا تو غلہ خرید کر گھر والوں کو دیدو اور دوسرے درہم کی کلہاڑی خرید کر میرے پاس لے آؤ، تو وہ انصاری کلہاڑی خرید کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے، تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اس کلہاڑی میں لکڑی (کا دستہ) اپنے دست مبارک سے لگا دیا، اور فرمایا کہ جاؤ اور لکڑیاں کاٹ کر فروخت کرو، اور پندرہ دن تک تم مجھ سے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-I-ISLAMIA ACADEMY

لَا تَصْلُحُ اِلَّا لِثَلَاثَۃٍ لِذِیْ فَقْرٍ مُدْقِعٍ اَوْ لِذِیْ غُرْمٍ مُفْظِعٍ اَوْ لِذِیْ دَمٍ مُوْجِعٍ۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ وَرَوَی ابْنُ مَاجَۃَ اِلٰی قَوْلِہٖ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ)

نہ ملنا اسی کام میں مشغول رہنا) چنانچہ وہ انصاری چلے گئے (روزانہ لکڑیاں کاٹتے اور فروخت کیا کرتے پھر جب وہ آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو ان کے پاس دس درہم تھے تو انھوں نے اس میں سے کچھ کپڑا خریدا اور کچھ غلہ دیہ دیکھ کر) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ان صاحب سے ارشاد فرمایا کہ یہ کام تمہارے مانگنے سے بہتر ہے کہ جس کی وجہ سے قیامت کے دن تمہارے چہرہ پر ایک داغ ہو جائے، کیونکہ مانگنا صرف تین ہی آدمیوں کے لیے جائز ہے (ایک) اس شخص کے لیے جو فقر وفاقہ سے خاک آلودہ ہو چکا ہو یا (دوسرے) اس شخص کے لیے جو بہت (قرضدار ہو، اور قرض کے بارے) پریشان ہو یا تیسرے اس شخص کے لیے جس پر خون بہا واجب ہو اور (اس کو ادا کرنہ سکنے کی وجہ سے) بہت پریشان ہو، اس کی روایت ابوداوٗد نے کی ہے اور ابن ماجہ نے بھی اسی کی قریب قریب روایت کی ہے۔

۲۳۱۲ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ سَاَلَ النَّاسَ اَمْوَالَهُمْ تَکَثُّرًا فَاِنَّمَا یَسْاَلُ جَمْرًا فَلْیَسْتَقِلَّ اَوْ یَسْتَکْثِرْ۔

(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جو لوگوں سے اس غرض سے سوال کرتا ہے کہ وہ خوب مالدار بن جائے تو وہ حقیقت میں (جہنم کے انگارے مانگتا ہے اب اسے اختیار ہے کہ چاہے وہ اپنے لیے آگ کے شعلے کم جمع کرے یا زیادہ (جس میں اسے جلنا ہوگا) اس کی روایت مسلم نے کی ہے۔

۲۳۱۳ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَا یَزَالُ الرَّجُلُ یَسْاَلُ النَّاسَ حَتّٰی یَاْتِیَ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ لَیْسَ فِیْ وَجْهِهٖ مُزْعَۃُ لَحْمٍ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جو شخص لوگوں سے (بغیر استحقاق کے) مانگتا رہتا ہے تو قیامت کے دن اس طرح آئے گا کہ اس کے چہرہ پر ذرہ برابر بھی گوشت نہیں رہے گا۔ اس کی روایت بخاری اور مسلم نے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

متفقہ طور پر کی ہے ۔

۲۳۱۴ (۹) وَعَنْ مُعَاوِيَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَا تُلْحِفُوْا فِي الْمَسْئَلَةِ فَوَاللّٰهِ لَا يَسْاَلُنِيْ اَحَدٌ مِّنْكُمْ شَيْئًا فَتُخْرِجُ لَهٗ مَسْئَلَتُهٗ مِنِّيْ شَيْئًا وَّاَنَا لَهٗ كَارِهٌ فَيُبَارَكَ لَهٗ فِيْمَا اَعْطَيْتُهٗ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ مانگنے میں اصرار کرکے زچ مت کرو۔ کیوں کہ خدا کی قسم! اگر کسی کے مانگنے کی وجہ سے بادلِ ناخواستہ کچھ دیدیتا ہوں، تو اس کو میں نے جو مال دیا ہے اس میں برکت نصیب نہ ہوگی، اس کی روایت مسلم نے کی ہے ۔

۲۳۱۵ (۱۰) وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ اَصَابَتْهُ فَاقَةٌ فَاَنْزَلَهَا بِالنَّاسِ لَمْ تُسَدَّ فَاقَتُهٗ وَمَنْ اَنْزَلَهَا بِاللّٰهِ اَوْشَكَ اللّٰهُ لَهٗ بِالْغِنَاءِ اِمَّا بِمَوْتٍ عَاجِلٍ اَوْ غِنًى اٰجِلٍ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں جو کوئی فاقہ کشی میں مبتلا ہو گیا ہو یعنے کوئی سخت حاجت درپیش ہو گئی ہو اور اس نے (بطور شکایت) لوگوں پر ظاہر کرکے ان سے حاجت روائی کی خواہش کی ہو تو اس کی حاجت پوری نہیں ہوگی، اور جو اپنی حاجت کو (بجائے مخلوق کے) اللہ تعالیٰ پر پیش کیا ہو تو اللہ تعالیٰ اس کی حاجت بقدر کفایت جلد پوری فرما دیں گے، وہ اس طرح کہ یا تو اس کو غنی کر دیں گے۔ یا اس کو موت سے ہم کنار کر دیں گے۔ اس کی روایت ابوداؤد اور ترمذی نے کی ہے۔

۲۳۱۶ (۱۱) وَعَنْ ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ يَّتَكَفَّلُ لِيْ اَنْ لَّا يَسْاَلَ النَّاسَ شَيْئًا فَاَتَكَفَّلُ لَهٗ بِالْجَنَّةِ فَقَالَ ثَوْبَانُ اَنَا فَكَانَ لَا يَسْاَلُ اَحَدًا شَيْئًا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جو شخص مجھ سے اس بات کا عہد کرے کہ وہ لوگوں سے سوال نہ کرے گا تو میں اس کے لیے جنت کا ضامن ہوتا ہوں تو ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا کہ (یا رسول اللہ میں) اس بات کا عہد کرتا ہوں کہ کسی سے کسی چیز کا سوال نہ کروں گا۔ اس کے بعد حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا یہ حال رہا کہ کسی سے کبھی کسی چیز کا سوال نہیں کرتے تھے۔ اس کی روایت ابوداؤد اور نسائی نے کی ہے۔

۲۳۱۷ (۱۲) وَعَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ دَعَانِيْ رَسُوْلُ

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ وَھُوَ یَشْتَرِطُ عَلَیَّ اَنْ لَّا تَسْأَلَ النَّاسَ شَیْئًا قُلْتُ نَعَمْ قَالَ وَلَا سَوْطَكَ اِنْ سَقَطَ مِنْكَ حَتّٰی تَنْزِلَ اِلَیْہِ فَتَأْخُذَہٗ۔

(رَوَاہُ اَحْمَدُ)

فرماتے ہیں کہ: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے اس بات پر عہد لینے کے لیے بلایا کہ میں لوگوں سے کبھی کسی چیز کے لیے سوال نہ کروں گا میں نے عرض کیا، جی ہاں! (میں اس) کا اقرار کرتا ہوں کہ کبھی کسی سے کوئی چیز نہیں مانگوں گا) اس پر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے (تاکیداً) ارشاد فرمایا کہ اگر تمہارے ہاتھ سے چابک بھی گر جائے (تو کسی سے نہ مانگنا) بلکہ سواری سے اُتر کر خود اس کو اٹھا لیا کرنا۔ اس کی روایت امام احمد نے کی ہے۔

۲۳۱۸ (۱۳) وَعَنْ عَلِیٍّ اَنَّہٗ سَمِعَ یَوْمَ عَرَفَۃَ رَجُلًا یَسْأَلُ النَّاسَ فَقَالَ اَفِیْ ھٰذَا الْیَوْمِ وَفِیْ ھٰذَا الْمَکَانِ تَسْأَلُ مِنْ غَیْرِ اللّٰہِ فَخَفَقَہٗ بِالدِّرَّۃِ۔

(رَوَاہُ رَزِیْنٌ)

امیر المومنین حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے کہ آپ نے عرفہ کے دن (مقام عرفات میں) ایک شخص کو سوال کرتے ہوئے سن کر فرمایا کیا اس (مبارک) دن میں اور اس (مبارک) جگہ میں تو غیر اللہ سے سوال کر رہا ہے؟ (یہ فرماتے ہوئے) آپ نے اس کو دُرّہ سے مارا اس لیے کہ اس مبارک مقام میں اللہ تعالیٰ اپنے ہر بندہ کی دعاء قبول فرماتے ہیں۔ ایسے موقع پر اللہ ہی سے دعا کرنی چاہیے۔ اس حدیث کی روایت رزین نے کی ہے۔

۲۳۱۹ (۱۴) وَعَنْ عُمَرَ قَالَ تَعَلَّمُنَّ اَیُّھَا النَّاسُ اِنَّ الطَّمَعَ فَقْرٌ وَّاِنَّ الْاِیَاسَ غِنًی وَّاِنَّ الْمَرْءَ اِذَا یَئِسَ عَنْ شَیْءٍ اُسْتُغْنِیَ عَنْہُ۔

(رَوَاہُ رَزِیْنٌ)

امیر المومنین حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ لوگو! جان لو کہ لالچ، حقیقت میں محتاجی ہے اور (لوگوں سے اپنے آپ کو) بے پروا کر لینا تونگری ہے اور انسان جب کسی چیز (کے حاصل کرنے) سے مایوس ہو جاتا ہے۔ تو اس سے بے پروا ہو جاتا ہے اس کی روایت رزین نے کی ہے۔

۲۳۲۰ (۱۵) وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ قَالَ وَھُوَ عَلَی الْمِنْبَرِ وَھُوَ یَذْکُرُ الصَّدَقَۃَ وَالتَّعَفُّفَ عَنِ الْمَسْأَلَۃِ اَلْیَدُ الْعُلْیَا خَیْرٌ مِّنَ الْیَدِ السُّفْلٰی وَالْیَدُ الْعُلْیَا ھِیَ الْمُنْفِقَۃُ وَالسُّفْلٰی ھِیَ السَّائِلَۃُ۔

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ایک مرتبہ (منبر پر تشریف فرما تھے اور اس وقت (صدقہ لینے اور سوال سے باز رہنے کا ذکر فرما رہے تھے (اسی سلسلہ میں) ارشاد فرمایا اوپر کا ہاتھ نیچے کے ہاتھ سے بہتر ہے، اس لیے کہ اوپر کا ہاتھ دینے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

والا ہاتھ ہے اور نیچے کا ہاتھ لینے والا ہاتھ ہے اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

۲۳۲۱ وَعَنْ حَكِيْمِ بْنِ حِزَامٍ قَالَ سَأَلْتُ
۱۶
رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَأَعْطَانِيْ ثُمَّ سَأَلْتُهٗ فَأَعْطَانِيْ ثُمَّ قَالَ لِيْ يَا حَكِيْمُ إِنَّ هٰذَا الْمَالَ خَضِرٌ حُلْوٌ فَمَنْ أَخَذَهٗ بِسَخَاوَةِ نَفْسٍ بُوْرِكَ لَهٗ فِيْهِ وَمَنْ أَخَذَهٗ بِإِشْرَافِ نَفْسٍ لَمْ يُبَارَكْ لَهٗ فِيْهِ وَكَانَ كَالَّذِيْ يَأْكُلُ وَلَا يَشْبَعُ وَالْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِّنَ الْيَدِ السُّفْلٰى قَالَ حَكِيْمٌ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَالَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَا أَرْزَأُ أَحَدًا بَعْدَكَ شَيْئًا حَتّٰى أُفَارِقَ الدُّنْيَا

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے (کچھ مال) مانگا، آپ نے مجھے عطا فرمایا (میں نے دوسری بار) پھر سوال کیا تو آپ نے (دوبارہ بھی) عطا فرمایا (میں نے تیسری بار سوال کیا) تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا اے حکیم! (دنیا کا) یہ مال ومتاع خوشنما اور لذیذ معلوم ہوتا ہے پس جو کوئی اس کو (بے مانگے) اور بغیر طمع کے حاصل کرے تو اس مال میں اس کو برکت دی جائے گی اور جو کوئی لالچ اور حرص کے ساتھ حاصل کرے تو اس مال میں اس کو برکت نہیں دی جائیگی اور اس کا ایسے شخص کا سا حال ہوگا جو کھائے اور (بے برکتی کے سبب) سیر نہ ہو اور یہ بھی ارشاد فرمایا) اے حکیم! اوپر کا ہاتھ نیچے کے ہاتھ سے بہتر ہے (یہ سن کر) حکیم کہتے ہیں، کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! اس ذات عالی کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے، اب اس کے بعد میں کسی سے سوال نہیں کروں گا یہاں تک کہ دنیا سے رخصت ہو جاؤں۔ اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

۲۳۲۲ وَعَنْ أَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ
۱۷
إِنَّ أُنَاسًا مِّنَ الْأَنْصَارِ سَأَلُوْا عَنْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَأَعْطَاهُمْ ثُمَّ سَأَلُوْهُ فَأَعْطَاهُمْ حَتّٰى نَفِدَ مَا عِنْدَهٗ فَقَالَ مَا يَكُوْنُ عِنْدِيْ مِنْ خَيْرٍ فَلَنْ أَدَّخِرَهٗ عَنْكُمْ وَمَنْ يَّسْتَعْفِفْ يُعِفَّهُ اللّٰهُ وَمَنْ يَّسْتَغْنِ يُغْنِهِ اللّٰهُ وَمَنْ يَّتَصَبَّرْ يُصَبِّرْهُ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ انصار کے چند آدمیوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے (کچھ مال) مانگا، تو آپ نے دیدیا، انھوں نے پھر مانگا، آپ نے پھر دیدیا، یہاں تک کہ جو کچھ آپ کے پاس تھا وہ ختم ہوگیا، اس کے بعد حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرمایا، مال میں سے جو چیز میرے پاس ہوگی میں اس کو تم سے (بچاکر) جمع نہ رکھوں گا اور

اللّٰهُ وَمَا اُعْطِيَ اَحَدٌ عَطَآءً هُوَ خَيْرٌ وَّ اَوْسَعُ مِنَ الصَّبْرِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

جو سوال کرنے سے بچے، اللہ اس کو بچاتا ہے (اور اس کو کسی کا محتاج نہیں رکھتا) اور جو (لوگوں کے سوال سے) استغناء ظاہر کرتا ہے اور (اپنے کو سوال سے بے نیاز کر لیتا ہے) اللہ تعالیٰ اس (کے دل) کو غنی بنا دیتے ہیں (اور لوگوں سے بے نیاز کر دیتے ہیں) اور جو شخص (اللہ سے) صبر (کی توفیق) طلب کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر صبر آسان کر دیتے ہیں، اور کسی کو صبر سے بہتر اور وسیع نعمت نہیں دی گئی۔ اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

۲۲۲۳
۱۸
وَعَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يُعْطِيْنِي الْعَطَآءَ فَاَقُوْلُ اَعْطِهِ اَفْقَرَ اِلَيْهِ مِنِّيْ فَقَالَ خُذْهُ فَتَمَوَّلْهُ وَتَصَدَّقْ بِهٖ فَمَا جَآءَكَ مِنْ هٰذَا الْمَالِ وَاَنْتَ غَيْرُ مُشْرِفٍ وَّلَا سَآئِلٍ فَخُذْهُ وَمَالَا فَلَا تُتْبِعْهُ نَفْسَكَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

امیر المومنین حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے (زکوٰۃ وصول کرنے کا) معاوضہ مرحمت فرماتے تو میں عرض کرتا کہ حضور اس کو مجھ سے زیادہ حاجت مند کو سرفراز فرمائیں، تو آپ فرماتے کہ اس کو لے لو اور اپنے مال میں شامل کر لو اور (اگر تم کو ضرورت نہیں ہے تو) اس کو خیرات کر دو اور (یاد رکھو) کہ جو چیز بغیر سوال اور طمع کے ملے تو تم اس کو لے لو، اور جو چیز اس طرح نہ ملے اس کی خواہش نہ کرو۔ اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

۲۲۲۴
۱۹
وَعَنِ ابْنِ السَّاعِدِيِّ قَالَ اِسْتَعْمَلَنِيْ عُمَرُ عَلَى الصَّدَقَةِ فَلَمَّا فَرَغْتُ مِنْهَا وَاَدَّيْتُهَا اِلَيْهِ اَمَرَنِيْ بِعُمَالَةٍ فَقُلْتُ اِنَّمَا عَمِلْتُ لِلّٰهِ وَاَجْرِيْ عَلَى اللّٰهِ قَالَ خُذْ مَا اُعْطِيْتَ فَاِنِّيْ قَدْ عَمِلْتُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَعَمَّلَنِيْ فَقُلْتُ مِثْلَ قَوْلِكَ فَقَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِذَا اُعْطِيْتَ شَيْئًا مِّنْ غَيْرِ اَنْ تَسْاَلَهٗ فَكُلْ

حضرت ابن الساعدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مجھے عامل زکوٰۃ مقرر فرمایا جب میں (زکوٰۃ وصول کرنے سے) فارغ ہو گیا اور زکوٰۃ کا مال حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حوالہ کر دیا تو حضرت عمر نے حکم دیا کہ مجھ کو میری خدمت کا معاوضہ دیدیا جائے، تو میں نے عرض کیا کہ میں نے تو یہ کام اللہ کے لیے کیا ہے اور میرا اجر اللہ تعالیٰ دیں گے تو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا جو کچھ تم کو دیا جا رہا ہے وہ لے لو، میں نے بھی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

وَ تَصَدَّقْ۔

(رَوَاہُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

وسلم کے زمانہ میں (زکوٰۃ وصول کرنے کی) خدمت انجام دی تھی، تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے بھی مجھ کو اس کا معاوضہ دیا تو میں نے بھی وہی کہا تھا جو تم نے کہا ہے، تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے ارشاد فرمایا کہ جب تم کو کوئی چیز بغیر سوال کے دی جائے (تو اس کو لے لو اگر حاجت ہو تو اس کو استعمال کر لو، اور اگر غنی ہو تو) خیرات کر دو۔ اس کی روایت ابوداؤد نے کی ہے۔

ف: صاحب مرقات نے لکھا ہے کہ اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ بیت المال سے عام کاموں کا معاوضہ لینا جائز ہے، جیسے قضات، احتساب اور تدریس، بلکہ امام پر واجب ہے کہ بیت المال سے اس قسم کے کام کرنے والوں کی کفالت کرے۔ ۱۲

۲۳۲۵ وَعَنْ سَہْلِ بْنِ الْحَنْظَلِیَّۃِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ[20] قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ سَاَلَ النَّاسَ عَنْ ظَہْرِ غِنًی فَاِنَّمَا یَسْتَکْثِرُ مِنْ جَمْرِ جَہَنَّمَ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ وَمَا ظَہْرُ غِنًی قَالَ اَنْ یَعْلَمَ اَنَّ عِنْدَ اَھْلِہٖ مَا یُغَدِّیْھِمْ وَمَا یُعَشِّیْھِمْ۔

(رَوَاہُ الطَّحَاوِیُّ)

حضرت سہل بن الحنظلیۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو ارشاد فرماتے سنا ہے کہ جس کسی نے ظہر غنی (تونگری کے باوجود لوگوں سے سوال کیا تو وہ حقیقت میں جہنم کے انگارے سے زیادہ سے زیادہ جمع کر لیتا ہے۔ اس پر میں نے عرض کیا یا رسول اللہ "ظہر غنی" سے مراد کیا ہے؟ حضور نے ارشاد فرمایا ظہر غنی یہ ہے کہ وہ جانتا ہے کہ اس کے گھر والوں کے لیے ایک دن کی غذا موجود ہے جو ان کے لیے صبح اور شام کفایت کر سکتی ہے۔ اس کی روایت طحاوی نے کی ہے۔

۲۳۲۶ وَعَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ[21] مَنْ سَاَلَ وَعِنْدَہٗ مَا یُغْنِیْہِ فَاِنَّمَا یَسْتَکْثِرُ مِنَ النَّارِ قَالَ النُّفَیْلِیُّ وَھُوَ اَحَدُ رُوَاتِہٖ فِیْ مَوْضِعٍ اٰخَرَ وَمَا الْغِنَی الَّذِیْ لَا تَنْبَغِیْ مَعَہُ الْمَسْئَلَۃُ قَالَ قَدْرُ مَا یُغَدِّیْہِ وَیُعَشِّیْہِ وَقَالَ فِیْ

حضرت سہل بن الحنظلیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ کسی نے ایسی حالت میں سوال کیا کہ اس وقت اس کے پاس اتنا مال موجود ہے جو اس کو سوال سے بے نیاز کر دیتا ہے (اس کے باوجود وہ سوال کرے تو) وہ حقیقت میں اپنے لیے (جہنم میں) آگ ہی کو زیادہ جمع کر رہا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

مَوْضِعِ اٰخَرَانْ تَکُوْنَ لَہٗ شِبْعُ یَوْمٍ اَوْلَیْلَۃٍ وَیَوْمٍ رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗد۔ ہے۔ اس کی روایت ابو داؤد نے کی ہے۔

ف: محیط میں مذکور ہے کہ غنی یعنی تونگری کی تین قسمیں ہیں، ایک غنی وہ ہے جو آدمی پر زکوٰۃ واجب کرتی ہے یعنی وہ ایسے مال کا مالک ہے جو نصاب کو پہونچتا ہو (ایسے شخص پر سوال کرنا اور دوسروں کی زکوٰۃ لینا حرام ہے)

غنی کی دوسری قسم وہ ہے کہ اس پر زکوٰۃ واجب نہیں، البتہ صدقہ فطر اور قربانی واجب ہے (ایسے شخص پر بھی سوال کرنا اور دوسروں کی زکوٰۃ لینا حرام ہے۔

غنی کی تیسری قسم وہ ہے کہ آدمی کے پاس ایک دن کی خوراک اور اتنا کپڑا موجود ہو جس سے وہ اپنا ستر چھپا لے تو ایسے شخص پر بھی سوال حرام ہے، البتہ وہ دوسروں سے زکوٰۃ اور خیرات لے سکتا ہے۔ یہ مرقات میں مذکور ہے۔

بَابُ الْاِنْفَاقِ وَکَرَاھِیَۃِ الْاِمْسَاکِ

(یہ بیان سخاوت کی فضیلت اور بخل کی برائی کے بیان میں ہے)

وَقَوْلُ اللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ وَاَنْفِقُوْا مِنْ مَّا رَزَقْنٰکُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ یَّاْتِیَ اَحَدَکُمُ الْمَوْتُ فَیَقُوْلَ رَبِّ لَوْلَآ اَخَّرْتَنِیْٓ اِلٰٓی اَجَلٍ قَرِیْبٍ فَاَصَّدَّقَ وَاَکُنْ مِّنَ الصّٰلِحِیْنَ۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔ اور ہمارے دیئے ہیں سے کچھ ہماری راہ میں خرچ کرو قبل اس کے کہ کیوں مہلت نہ دی گئی کہ میں صدقہ دیتا اور نیکوں میں ہوتا۔ (سورۃ المنافقون ۱۰)

ف: اپنے مال میں سے زکوٰۃ اور تمام واجب صدقات وغیرہ نکالو صوفیاء کے نزدیک اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی ہر چیز اور نعمت میں سے اللہ تعالیٰ کے لیے خرچ کرنا چاہیے۔ کچھ سانس اللہ تعالیٰ کے لیے نکلیں، کچھ قدم اللہ تعالیٰ کے لیے چلیں، کچھ نظریں اللہ تعالیٰ کے لیے پڑیں کچھ باتیں اللہ تعالیٰ کے لیے بولی جاویں، حدیث شریف میں ہے کہ تندرستی کی حالت میں صدقہ و خیرات کرنے کا ثواب موت کے وقت صدقہ خیرات کرنے سے دوگنا ہے۔

۲۳۲۷ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ لَوْ کَانَ لِیْ مِثْلُ اُحُدٍ ذَھَبًا لَسَرَّنِیْ اَنْ لَّا یَمُرَّ عَلَیَّ ثَلَاثُ لَیَالٍ وَعِنْدِیْ مِنْہُ شَیْءٌ اِلَّا شَیْءٌ اَرْصُدُہٗ لِدَیْنٍ۔

(رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ اگر میرے پاس اُحد پہاڑ کے برابر بھی سونا ہو تو مجھے یہ بات پسند نہ ہوگی کہ اس پر تین راتیں گزر جائیں اور اس میں سے میرے پاس کچھ باقی رہے، ہاں! صرف اتنا رکھ چھوڑوں گا کہ جس سے قرض ادا ہو جائے۔ اس کی روایت بخاری نے کی ہے۔

۲۳۲۸ وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ اَنَّہٗ اِسْتَاْذَنَ عَلٰی

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے

عُثْمَانَ فَاَذِنَ لَهٗ وَبِيَدِهٖ عَصَاهُ فَقَالَ عُثْمَانُ يَا كَعْبُ اِنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ تُوُفِّيَ وَتَرَكَ مَالًا فَمَا تَرٰى فِيْهِ فَقَالَ اِنْ كَانَ يَصِلُ فِيْهِ حَقَّ اللّٰهِ فَلَا بَأْسَ عَلَيْهِ فَرَفَعَ اَبُوْ ذَرٍّ عَصَاهُ فَضَرَبَ كَعْبًا وَقَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَا اُحِبُّ لَوْ اَنَّ لِيْ هٰذَا الْجَبَلَ ذَهَبًا اُنْفِقُهٗ وَيُتَقَبَّلُ مِنِّيْ اَذَرُ خَلْفِيْ مِنْهُ سِتَّ اَوَاقِيَّ اَنْشُدُكَ بِاللّٰهِ يَا عُثْمَانُ اَسَمِعْتَهٗ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ قَالَ نَعَمْ

(رَوَاهُ اَحْمَدُ)

کہ انھوں نے حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے حاضر ہونے کی اجازت چاہی تو حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے انھیں اجازت دیدی اور حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ہاتھ میں (اس وقت) ایک لاٹھی تھی حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کعب الاحبار سے (جو اس وقت وہاں موجود تھے) پوچھا عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے وفات پائی، جو کثیر مال چھوڑا ہے اس سے ان پر کیا وبال ہوگا) کعب نے (یہ سن کر) جواب دیا کہ (میری رائے ہے اگر وہ اس مال سے خدا کا حق یعنی زکوٰۃ نکالتے تھے تو اس سے ان پر کوئی وبال نہ آئے گا (یہ سن کر) حضرت ابوذر (جو وہاں موجود تھے ان کو غصہ آیا اور) انھوں نے اپنی (لاٹھی سے کعب کو) مارتے ہوئے فرمایا، میں نے خود رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا ہے کہ اگر میرے پاس یہ (اُحد) پہاڑ سونے کا بن جائے اور اس کو میں راہِ خدا میں خرچ کردوں اور وہ قبول بھی ہو جائے، تو میں اس بات کو ہرگز پسند نہ کروں گا کہ چھ اوقیہ سونا بھی اس میں سے اپنے پیچھے (بچاکر) چھوڑ جاؤں (یہ کہتے ہوئے حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا کہ اے عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ) میں تم کو خدا کی قسم دیتا ہوں کہ کیا آپ نے بھی ان کلمات کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے فرماتے نہیں سُنا ہے۔ اور اس سوال کو تین دفعہ دہرایا تو حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جواب دیا! ہاں! میں نے بھی حضور کو یہ فرماتے سُنا ہے۔ اس کی روایت امام احمد نے کی ہے۔

۲۳۲۹ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ الْحَارِثِ قَالَ صَلَّيْتُ وَرَاءَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِالْمَدِيْنَةِ الْعَصْرَ فَسَلَّمَ ثُمَّ قَامَ مُسْرِعًا فَتَخَطّٰى رِقَابَ النَّاسِ

حضرت عقبہ بن الحارث رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے مدینہ پاک میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ نماز عصر پڑھی آپ نے سلام پھیرا اور فوراً تیزی سے اٹھے اور لوگوں

www.waseemziyai.com
MARKAZUL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

إِلٰى بَعْضِ حُجَرِ نِسَائِهٖ فَفَزِعَ النَّاسُ مِنْ سُرْعَتِهٖ فَخَرَجَ عَلَيْهِمْ فَرَاٰى اَنَّهُمْ قَدْ عَجِبُوْا مِنْ سُرْعَتِهٖ قَالَ ذُكِرْتُ شَيْئًا مِّنْ تِبْرٍ عِنْدَنَا فَكَرِهْتُ اَنْ يَّحْبِسَنِيْ فَاَمَرْتُ بِقِسْمَتِهٖ

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

وَفِيْ رِوَايَةٍ لَّهٗ قَالَ كُنْتُ خَلَّفْتُ فِي الْبَيْتِ تِبْرًا مِّنَ الصَّدَقَةِ فَكَرِهْتُ اَنْ اُبَيِّتَهٗ

کی گردنیں پھاندتے ہوئے ازواج مطہرات کے حجروں میں سے ایک کے حجرہ کی طرف تشریف لے گئے، صحابہ کرام حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے اس طرح تیزی سے تشریف لے جانے سے پریشان ہوگئے، جب آپ واپس تشریف لائے اور ملاحظہ فرمایا کہ لوگ آپ کی اس تیزی سے حیران ہیں، تو فرمایا مجھ کو سونے کی ایک چیز یاد آگئی، جو گھر میں رہ گئی تھی تو مجھے یہ اچھا نہ معلوم ہوا کہ کہیں یہ مجھے تقرب الٰہی سے روک دے، پس میں نے اس کو تقسیم کر دینے کا حکم دیدیا۔ اس کی روایت بخاری نے کی ہے اور بخاری کی ایک دوسری روایت میں اس طرح ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ گھر میں سونے کا ایک ڈلہ جز زکوٰۃ کا تھا، چھوڑ آیا تھا تو میں نے اس کو برا سمجھا کہ ایک رات بھی اس کو اپنے پاس رکھوں۔

۲۳۳۰ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ كَانَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ عِنْدِيْ فِيْ مَرَضِهٖ سِتَّةُ دَنَانِيْرَ اَوْ سَبْعَةٌ فَاَمَرَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَنْ اُفَرِّقَهَا فَشَغَلَنِيْ وَجَعُ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ ثُمَّ سَاَلَنِيْ عَنْهَا مَا فَعَلَتِ السِّتَّةُ اَوِ السَّبْعَةُ قُلْتُ لَا وَاللّٰهِ لَقَدْ كَانَ شَغَلَنِيْ وَجَعُكَ فَدَعَا بِهَا ثُمَّ وَضَعَهَا فِيْ كَفِّهٖ فَقَالَ مَا ظَنُّ نَبِيِّ اللّٰهِ لَوْ لَقِيَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَهٰذِهٖ عِنْدَهٗ

(رَوَاهُ اَحْمَدُ)

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے، آپ فرماتی ہیں، کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی علالت کے زمانہ میں چھ یا سات اشرفیاں میرے پاس تھیں اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے مجھے یہ حکم دیا تھا کہ میں ان اشرفیوں کو لوگوں میں تقسیم کر دوں لیکن آپ کی علالت نے مجھے (ایسا) مشغول رکھا (کہ میں ان کو تقسیم نہ کر سکی)، پھر حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے خود ہی مجھ سے دریافت فرمایا کہ ان اشرفیوں کا کیا ہوا، میں عرض کی واللہ! آپ کی علالت نے مجھے (ایسا) مشغول کر دیا کہ میں اُن کو بروقت تقسیم نہ کر سکی)، تو آپ نے ان اشرفیوں کو طلب فرمایا۔ اور اپنے ہاتھ میں لے کر ارشاد فرمایا کہ (اللہ تعالیٰ کیا فرمانے) اپنے نبی کے متعلق اگر وہ اس حال میں اللہ تعالیٰ سے ملاقات کرتے کہ یہ اشرفیاں ان کے پاس ہوتیں (دیکھو کہ مال کا چھوڑنا نبوت کے کمال کے منافی ہے)۔ اس حدیث کی روایت امام احمد نے کی

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL-ISLAMIA ACADEMY

ہے۔

۲۳۳۱/۵ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَا مِنْ یَوْمٍ یُصْبِحُ الْعِبَادُ فِیْهِ اِلَّا مَلَکَانِ یَنْزِلَانِ فَیَقُوْلُ اَحَدُهُمَا اَللّٰهُمَّ اَعْطِ مُنْفِقًا خَلَفًا وَیَقُوْلُ الْاٰخَرُ اَللّٰهُمَّ اَعْطِ مُمْسِکًا تَلَفًا۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ کوئی دن ایسا نہیں کہ جس میں صبح کے وقت دو فرشتے (آسمان سے) نہ اترتے ہوں، جن میں سے ایک تو یہ کہتا رہتا ہے کہ اے اللہ! نیک کاموں میں) خرچ کرنے والے (سخی) کو اس کا بدل (دنیا و آخرت میں) عطا کر (اور اس کے مال میں زیادتی کر) اور دوسرا یوں کہتا رہتا ہے کہ اے اللہ! بخیل کا مال ضائع کر دے اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

۲۳۳۲/۶ وَعَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ بَیْنَا رَجُلٌ بِفَلَاةٍ مِّنَ الْاَرْضِ فَسَمِعَ صَوْتًا فِیْ سَحَابَةٍ اَسْقِ حَدِیْقَةَ فُلَانٍ فَتَنَحّٰی ذٰلِكَ السَّحَابُ فَاَفْرَغَ مَآءَهٗ فِیْ حَرَّةٍ فَاِذَا شَرْجَةٌ مِّنْ تِلْكَ الشِّرَاجِ قَدِ اسْتَوْعَبَتْ ذٰلِكَ الْمَآءَ كُلَّهٗ فَتَتَبَّعَ الْمَآءَ فَاِذَا رَجُلٌ قَائِمٌ فِیْ حَدِیْقَتِهٖ یُحَوِّلُ الْمَآءَ بِمِسْحَاتِهٖ فَقَالَ لَهٗ یَا عَبْدَ اللّٰهِ مَا اسْمُكَ قَالَ فُلَانٌ لِلْاِسْمِ الَّذِیْ سَمِعَ فِی السَّحَابَةِ فَقَالَ لَهٗ یَا عَبْدَ اللّٰهِ لِمَ تَسْاَلُنِیْ عَنِ اسْمِیْ فَقَالَ اِنِّیْ سَمِعْتُ صَوْتًا فِی السَّحَابِ الَّذِیْ هٰذَا مَآءُهٗ وَیَقُوْلُ اَسْقِ حَدِیْقَةَ فُلَانٍ لِاِسْمِكَ فَمَا تَصْنَعُ فِیْهَا قَالَ اَمَّا اِذَا قُلْتَ هٰذَا فَاِنِّیْ اَنْظُرُ اِلٰی مَا یَخْرُجُ مِنْهَا فَاَتَصَدَّقُ بِثُلُثِهٖ وَاٰکُلُ اَنَا وَعِیَالِیْ ثُلُثًا وَاَرُدُّ فِیْهَا ثُلُثَهٗ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے روایت فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ کا واقعہ ہے کہ ایک شخص جنگل میں کھڑا تھا اس نے ابر میں سے ایک آواز سنی کہ (کوئی کہہ رہا تھا) فلاں شخص کے باغ کو سیراب کر، تو وہ ابر ایک جانب کو بڑھا اور ایک پتھریلی زمین پر پانی برسایا، وہ پانی چھوٹی چھوٹی نالیوں سے ایک بڑے نالے میں جمع ہو کر آگے بڑھا، وہ شخص (جو اس منظر کو دیکھ رہا تھا، یہ معلوم کرنے کے لیے کہ پانی کہاں جاتا ہے) پانی کے ساتھ ساتھ چلا، ناگہاں اس نے ایک شخص کو دیکھا جو اپنے باغ میں کھڑا ہوا اپنے بیلچہ سے پانی کو ادھر ادھر پھیلا رہا تھا۔ اس شخص نے (باغ والے سے) پوچھا، کہ اے بندۂ خدا! آپ کا نام کیا ہے؟ تو اس شخص نے (جواب میں) وہی نام بتلایا، جو اس نے ابر میں سے سنا تھا (تو باغ والے نے) اس شخص سے پوچھا کہ تم نے میرا نام کیوں دریافت کیا ہے؟ تو اس شخص نے جواب دیا کہ میں نے اس ابر میں سے جس کا یہ پانی ہے۔ یہ آواز سنی تھی کہ فلاں شخص

(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

کے باغ کو سیراب کر دیتی (تیرا نام لیا۔ پس بتا کہ تو اپنے باغ میں ایسا کون سا نیکی کا کام کرتا ہے (کہ جس کی وجہ سے تجھ پر یہ مہربانی ہوئی) باغ والے نے جواب دیا (میں نہیں چاہتا تھا کہ اپنے اس راز کو فاش کروں، لیکن اب جب کہ تم پوچھ ہی رہے ہو تو (تم کو بتلاتا ہوں کہ میرے باغ میں جو کچھ پیداوار ہوتی ہے اس کا ایک تہائی تو میں خیرات کر دیتا ہوں اور ایک تہائی اپنے اہل وعیال پر خرچ کرتا ہوں اور ایک تہائی کو (کاشت کے لیے باغ میں) لگا دیتا ہوں۔ اس کی روایت مسلم نے کی ہے۔

ف: تحفۃ الاخیار میں لکھا ہے مستحب یہ ہے کہ منافع میں سے ایک تہائی مال خدا کی راہ میں خرچ کریں اور حدیث شریف سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ فرشتے بحکم الٰہی پانی برساتے ہیں اور یہ حکم نام ونشان کے ساتھ ہوتا ہے کہ فلاں شخص کے کھیت میں پانی برساؤ اور اسی طرح دنیا کے سب کام فرشتے حسب الحکم کرتے ہیں تو مسلمانوں کو چاہیئے کہ جو نعمت ان کو ملے خواہ وہ مال کی ہو یا جان کی، اس پر رب کا شکر ادا کرے اور اس کو اتفاقی نہ سمجھے۔ ۱۲

۲۳۳۳ وَعَنْ اَسْمَآءَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَنْفِقِيْ وَلَا تُحْصِيْ فَيُحْصِيَ اللّٰهُ عَلَيْكِ وَلَا تُوْعِيْ فَيُوْعِيَ اللّٰهُ عَلَيْكِ اَرْضِخِيْ مَا اسْتَطَعْتِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے وہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ (اللہ کی خوشنودی میں مال خرچ کرتی جاؤ اور گنتی مت رکھو (کہ کیا دیا اور کتنا دیا) اگر گنتی رکھو گی، تو آئندہ دینے سے تم رک جاؤ گی اور اللہ تعالیٰ بھی تم کو شمار کر کے دے گا، اور (فقیر سے مال کو) مت روکو، کیونکہ اللہ تعالیٰ بھی تم سے (مال کو) روک دے گا، (کم زیادہ کا خیال مت کرو) تم سے جتنا بھی ہو سکے دیدیا کرو۔ اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

۲۳۳۸ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى اَنْفِقْ يَا ابْنَ اٰدَمَ اُنْفِقْ عَلَيْكَ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، (ایک حدیث قدسی میں اس طرح) سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ ابن آدم تو خرچ کرتا جا میں، تجھ کو دیتا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

جاؤں گا، دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی، اس لیے کہ خرچ کرنا مالی نعمت کا شکر ادا کرنا ہے اور شکر زیادتی نعمت کا سبب ہوتا ہے (اس حدیث کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

۲۳۳۵ وَعَنْهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلٰى بِلَالٍ وَعِنْدَهٗ صُبْرَةٌ مِّنْ تَمْرٍ فَقَالَ مَا هٰذَا يَا بِلَالُ قَالَ شَيْءٌ اِدَّخَرْتُهٗ لِغَدٍ فَقَالَ اَمَا تَخْشٰى اَنْ تَرٰى لَهٗ غَدًا بُخَارًا فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَنْفِقْ بِلَالُ وَلَا تَخْشَ مِنْ ذِي الْعَرْشِ اِقْلَالًا۔

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم (ایک دفعہ) حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کے پاس تشریف لائے اس وقت ان کے پاس کھجوروں کا ایک ڈھیر لگا ہوا تھا۔ (یہ دیکھ کر) حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے دریافت فرمایا کہ یہ کیا ہے اے بلال! تو حضرت بلال نے عرض کیا، یہ کھجوریں ہیں جن کو میں نے آئندہ کے لیے جمع کیا ہے (یہ سن کر) آپ نے ارشاد فرمایا اے بلال! کیا تم اس سے نہیں ڈرتے کہ یہ (کھجور کا ڈھیر) کل قیامت کے دن دوزخ کی آگ کا دھواں بن کر تم کو آ لپٹے (اور مزید یہ بھی فرمایا) اے بلال! خرچ کرتے جاؤ اور عرش عظیم (کے مالک سے افلاس اور فقر کا اندیشہ مت رکھو[1]۔ اس حدیث کی روایت بیہقی نے شعب الایمان میں کی ہے۔

۲۳۳۶ وَعَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَا ابْنَ اٰدَمَ اَنْ تَبْذُلَ الْفَضْلَ خَيْرٌ لَّكَ وَاَنْ تُمْسِكَهٗ شَرٌّ لَّكَ وَلَا تُلَامُ عَلٰى كَفَافٍ وَابْدَأْ بِمَنْ تَعُوْلُ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابو امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ اے ابن آدم! اپنی ضرورت سے زائد مال کو خرچ کر دینا، تیرے لیے بہتر ہے اور ضرورت سے زائد) مال کو جمع رکھنا تیرے لیے برا ہے اور (بقدر ضرورت) مال جمع رکھنے پر تجھے ملامت کا خوف نہیں اور خرچ کی) ابتداء اپنے اہل وعیال سے کرو (جن کی پرورش تمہارے ذمہ ہے) اس حدیث

[1] یہ ارشاد مقام توکل اور حق سبحانہ وتعالیٰ پر کامل اعتماد کی تعلیم کے لیے ہے، ورنہ اہل وعیال کے لیے ایک سال کا مال جمع کرنا جائز ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-ISLAMIA ACADEMY

کی روایت مسلم نے کی ہے ۔

ف : رد المختار میں لکھا ہے کہ جو مال اپنی اور اپنے اہل و عیال کی کفالت سے زائد ہو، اس کا خیرات کرنا مستحب ہے البتہ اگر کسی نے وہ مال خیرات کر دیا جو اس کے اہل و عیال کی پرورش کے لیے تھا، جس سے ان لوگوں کو تکلیف اٹھانی پڑی اور ان کو نقصان ہو تو ایسی خیرات پر وہ شخص گناہ گار رہوگا ۔ ۱۲

۲۳۳۷ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بَادِرُوْا بِالصَّدَقَةِ فَإِنَّ الْبَلَاءَ لَا يَتَخَطَّاهَا ۔

(رَوَاهُ رَزِيْنٌ)

امیر المومنین حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، آپ فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ (بیمار ہونے یا موت سے پہلے) صدقہ دینے میں جلدی کرو، اس کے لیے (صدقہ دینے سے بلا آتی نہیں (یا اگر آئی ہے تو دفع ہو جاتی ہے) اس حدیث کی روایت رزین نے کی ہے ۔

۲۳۳۸ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَثَلُ الْبَخِيْلِ وَالْمُتَصَدِّقِ كَمَثَلِ رَجُلَيْنِ عَلَيْهِمَا جُنَّتَانِ مِنْ حَدِيْدٍ قَدِ اضْطُرَّتْ اَيْدِيْهِمَا اِلٰى ثُدِيِّهِمَا وَتَرَاقِيْهِمَا فَجَعَلَ الْمُتَصَدِّقُ كُلَّمَا تَصَدَّقَ بِصَدَقَةٍ اِنْبَسَطَتْ عَنْهُ وَجَعَلَ الْبَخِيْلُ كُلَّمَا هَمَّ بِصَدَقَةٍ قَلَصَتْ وَاَخَذَتْ كُلُّ حَلْقَةٍ بِمَكَانِهَا ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

امیر المومنین حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، آپ فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے، بخیل اور سخی کی مثال اُن دو آدمیوں جیسی ہے جو لوہے کے دو زرہیں پہنے ہوئے ہوں اور زرہ اس قدر تنگ ہوں کہ اُن کے دونوں ہاتھ اُن کے سینے اور ہنسلی کی ہڈیوں تک جکڑ گئے ہوں۔ پس جب کبھی سخی خیرات کا ارادہ کرتا ہے اور خیرات دینے لگتا ہے تو اس کے (دونوں جکڑے ہوئے ہاتھ کشادہ ہو جاتے ہیں) اور زرہ کھل جاتی ہے، اور بخیل جب کبھی خیرات کرنے کا ارادہ کرتا ہے تو اس کے (دونوں ہاتھ (اور) سکڑ جاتے ہیں، اور زرہ کی ہر کڑی اپنی اپنی جگہ تنگ ہو جاتی ہے[1]۔ اس حدیث کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے ۔

۲۳۳۹ وَعَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ

حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

---

[1] یعنی سخی جب خیرات کرنے کا ارادہ کرتا ہے تو اس کا سینہ کھل جاتا ہے اور وہ خیرات کر دیتا ہے، اس کے برخلاف بخیل جب کسی کو کچھ دینے کا ارادہ کرتا ہے تو اس کا سینہ اور تنگ ہو جاتا ہے، اور وہ دینے سے رک جاتا ہے ۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM-IL-ISLAMIA ACADEMY

مَثَلُ الَّذِیْ یَتَصَدَّقُ عِنْدَ مَوْتِہٖ اَوْ یُعْتِقُ کَالَّذِیْ یُھْدِیْ اِذَا شَبِعَ رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالنَّسَآئِیُّ وَالدَّارِمِیُّ وَالتِّرْمِذِیُّ وَصَحَّحَہٗ۔

ارشاد فرماتے ہیں کہ جو شخص اپنی موت کے وقت خیرات کرے یا غلام باندی آزاد کرے، اس کی مثال اس شخص جیسی ہے جو کسی کو ایسے وقت تحفہ دے جب کہ دینے والے کا پیٹ بھرا ہوا ہو[1] اس حدیث کی روایت امام احمد، نسائی، دارمی اور ترمذی نے کی ہے اور ترمذی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے۔

۲۳۴۰ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ السَّخَآءُ شَجَرَۃٌ فِی الْجَنَّۃِ فَمَنْ کَانَ سَخِیًّا اَخَذَ بِغُصْنٍ مِّنْھَا فَلَمْ یَتْرُکْہُ الْغُصْنُ حَتّٰی یُدْخِلَہُ الْجَنَّۃَ وَالشُّحُّ شَجَرَۃٌ فِی النَّارِ فَمَنْ کَانَ شَحِیْحًا اَخَذَ بِغُصْنٍ مِّنْھَا فَلَمْ یَتْرُکْہُ الْغُصْنُ حَتّٰی یُدْخِلَہُ النَّارَ۔

(رَوَاہُ الْبَیْھَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ سخاوت جنت میں ایک درخت (کے مانند) ہے (جس کی شاخیں دنیا میں پھیلی ہوئی ہیں) تو جو کوئی سخی ہوگا وہ اس درخت (کی کسی ایک شاخ کو پکڑے گا اور یہ شاخ اس شخص کو اس وقت تک نہیں چھوڑتی جب تک کہ اس کو جنت میں داخل کرے اور بخل (بھی) دوزخ میں ایک درخت (کے مانند) ہے جس کی شاخیں دنیا میں پھیلی ہوئی ہیں، تو جو کوئی سخی ہوگا وہ اس درخت (کی کسی ایک شاخ کو پکڑے گا اور یہ شاخ اس شخص کو اس وقت تک نہیں چھوڑتی جب تک کہ اس کو جنت میں داخل نہ کرے

اس روایت بیہقی نے شعب الایمان میں کی ہے۔

۲۳۴۱ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اِتَّقُوْا

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

[1] یعنی جس طرح کسی پیٹ بھرے ہوئے کو کھانا دینے سے اتنا ثواب نہیں ہے، جتنا کہ بھوکے کو کھانا کھلانے میں ہے اسی طرح مرتے وقت خیرات کرنے میں اتنا ثواب نہیں ہے جتنا زندگی میں خیر خیرات کرنے سے ثواب ملتا ہے

MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

الظُّلْمَ فَاِنَّ الظُّلْمَ ظُلُمَاتٌ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِتَّقُوا الشُّحَّ فَاِنَّ الشُّحَّ اَهْلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ حَمَلَهُمْ عَلٰى اَنْ سَفَكُوْا دِمَآءَهُمْ وَاسْتَحَلُّوْا مَحَارِمَهُمْ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

٢٣٤٢ (١٦) وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ انْتَهَيْتُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ جَالِسٌ فِیْ ظِلِّ الْكَعْبَةِ فَلَمَّا رَاٰنِیْ قَالَ هُمُ الْاَخْسَرُوْنَ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ فَقُلْتُ فِدَاكَ اَبِیْ وَاُمِّیْ مَنْ هُمْ قَالَ الْاَكْثَرُوْنَ اَمْوَالًا اِلَّا مَنْ قَالَ هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ وَعَنْ يَّمِيْنِهٖ وَعَنْ شِمَالِهٖ وَقَلِيْلٌ مَّا هُمْ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

٢٣٤٣ (١٧) وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّهٗ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ ثَلٰثَةً مِنْ بَنِیْ اِسْرَآئِيْلَ اَبْرَصَ وَاَقْرَعَ وَاَعْمٰى فَاَرَادَ اللهُ اَنْ يَّبْتَلِيَهُمْ فَبَعَثَ اِلَيْهِمْ

ارشاد فرماتے ہیں کہ ظلم کرنے سے بچتے رہو کہ ظلم قیامت کے روز بہت تاریکیوں کا سبب ہوگا دشح سے بچو[1] کیوں کہ شح نے تم سے پہلے کی امتوں کو ہلاک کر دیا کہ ان کو خونریزی پر اور حرام کو حلال کرنے پر آمادہ کر دیا تھا اس کی روایت مسلم نے کی ہے۔

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ میں (ایک دفعہ) نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا، اور اس وقت حضور کعبۃ اللہ کے سایہ میں تشریف فرما تھے، مجھے دیکھتے ہی فرمایا (اے ابوذر) رب کعبہ کی قسم! وہ لوگ سخت نقصان اور خسارہ میں ہیں۔ میں نے عرض کیا میرے ماں باپ آپ پر قربان! وہ کون لوگ ہیں یارسول اللہ! حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ زائد مال جمع کرنے والے۔ مگر وہ لوگ اس سے مستثنیٰ ہیں جنھوں نے اپنے اموال کی (یوں) دادو دہش کر دی۔ یہ فرماتے ہوئے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے دست مبارک سے اپنے آگے پیچھے دائیں اور بائیں جانب ارشارہ فرمایا اور (یہ بھی ارشاد فرمایا کہ) اس طرح دینے والے بہت کم لوگ ہیں۔ اس کی روایت بخاری اور مسلم نے کی ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انھوں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ بنی اسرائیل میں تین آدمی تھے (ایک) کوڑی (کوڑھ کے مرض والا) (دوسرا) گنجا (تیسرا) اندھا، اللہ تعالیٰ نے ان کو آزمانے کا ارادہ فرمایا (کہ وہ نعمت کا شکر ادا کرتے ہیں

---

[1] شح یہ ہے کہ ایک شخص دوسرے کے مال کا ذمہ دار ہو، اور کوشش یہ کرتا ہو کہ اس دوسرے کا مال بھی خرچ نہ ہو اور یہ بخل کی ایک قسم ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMI ISLAMIA ACADEMY

مَلَكًا فَاَتَى الْاَبْرَصَ فَقَالَ اَیُّ شَیْءٍ اَحَبُّ اِلَیْكَ قَالَ لَوْنٌ حَسَنٌ وَّ جِلْدٌ حَسَنٌ وَیَذْهَبُ عَنِّی الَّذِیْ قَدْ قَذِرَنِی النَّاسُ قَالَ فَمَسَحَهٗ فَذَهَبَ عَنْهُ قَذَرُهٗ وَاُعْطِیَ لَوْنًا حَسَنًا وَجِلْدًا حَسَنًا قَالَ فَاَیُّ الْمَالِ اَحَبُّ اِلَیْكَ قَالَ الْاِبِلُ اَوْ قَالَ الْبَقَرُ شَكَّ اِسْحَاقُ اِلَّا اَنَّ الْاَبْرَصَ اَوِ الْاَقْرَعَ قَالَ اَحَدُهُمَا الْاِبِلُ وَقَالَ الْاٰخَرُ الْبَقَرُ قَالَ فَاُعْطِیَ نَاقَةً عُشَرَآءَ فَقَالَ بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ فِیْهَا قَالَ فَاَتَی الْاَقْرَعَ فَقَالَ اَیُّ شَیْءٍ اَحَبُّ اِلَیْكَ قَالَ شَعْرٌ حَسَنٌ وَّیَذْهَبُ عَنِّیْ هٰذَا الَّذِیْ قَدْ قَذِرَنِی النَّاسُ قَالَ فَمَسَحَهٗ فَذَهَبَ عَنْهُ قَالَ وَاُعْطِیَ شَعْرًا حَسَنًا قَالَ فَاَیُّ الْمَالِ اَحَبُّ اِلَیْكَ قَالَ الْبَقَرُ فَاُعْطِیَ بَقَرَةً حَامِلًا قَالَ بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ فِیْهَا قَالَ فَاَتَی الْاَعْمٰی فَقَالَ اَیُّ شَیْءٍ اَحَبُّ اِلَیْكَ قَالَ اَنْ یَّرُدَّ اللّٰهُ اِلَیَّ بَصَرِیْ فَاُبْصِرُ بِهِ النَّاسَ قَالَ فَمَسَحَهٗ فَرَدَّ اللّٰهُ اِلَیْهِ بَصَرَهٗ قَالَ فَاَیُّ

یا نہیں) چنانچہ ان کے پاس ایک فرشتہ کو (ایک مسکین آدمی کی صورت میں) روانہ کیا۔ فرشتہ پہلے کوڑی کے پاس آیا۔ اور اس سے پوچھا کہ تجھ کو کونسی چیز زیادہ پسند ہے اس نے جواب دیا خوش رنگ اور خوبصورت جلد اور یہ بات بھی بہت پسند ہے کہ یہ میرا مرض بھی دور ہو جائے جس کی وجہ سے لوگ مجھ سے نفرت کرتے ہیں، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ فرشتہ نے اس پر ہاتھ پھیرا تو اس کا کوڑھ جاتا رہا اور اس کو اچھا رنگ اور خوب صورت جلد دیدی گئی فرشتہ نے (پھر) اس سے پوچھا کہ تجھ کو کون سا مال زیادہ پسند ہے تو اس نے جواب دیا اونٹ یا گائے حضور ارشاد فرماتے ہیں کہ اس کو گابھن اونٹنیاں دیدی گئی اور فرشتہ نے کہا اللہ تعالیٰ تم کو اس مال میں برکت دے، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ اس کے بعد وہ فرشتہ گنجے کے پاس آیا اور اس سے دریافت کیا کہ تجھ کو کونسی چیز زیادہ پسند ہے تو اس نے جواب دیا خوب صورت بال اور یہ بات کہ یہ گنجاپن دور ہو جائے جس کی وجہ سے لوگ مجھ سے نفرت کرتے ہیں، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم فرماتے ہیں کہ فرشتے نے اس (کے سر) پر ہاتھ پھیرا اور اس کا گنجاپن جاتا رہا، اور اس کو خوب صورت بال دیدیئے گئے (پھر) فرشتے نے اس سے پوچھا کونسا مال تجھے زیادہ پسند ہے؟ اس نے جواب دیا گائے اس کو حاملہ گائیں عطا کی گئیں، فرشتہ نے (اس سے کہا) اللہ تعالیٰ تم کو اس میں برکت عطا فرمائے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ فرشتہ (پھر) نابینا کے پاس پہونچا اور پوچھا کہ تم کو کونسی چیز زیادہ پسند ہے تو اس (نابینا) نے جواب دیا کہ اللہ تعالیٰ میری بینائی مجھے دوبارہ عطا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

الْمَالِ اَحَبُّ اِلَيْكَ قَالَ الْغَنَمُ
فَاُعْطِيَ شَاةً وَّالِدًا فَاُنْتِجَ
هٰذَانِ وَوَلَّدَ هٰذَا فَكَانَ
لِهٰذَا وَادٍ مِّنَ الْاِبِلِ وَلِهٰذَا
وَادٍ مِّنَ الْبَقَرِ وَلِهٰذَا وَادٍ
مِّنَ الْغَنَمِ قَالَ ثُمَّ اِنَّهٗ اَتَى
الْاَبْرَصَ فِيْ صُوْرَتِهٖ وَهَيْئَتِهٖ
فَقَالَ رَجُلٌ مِّسْكِيْنٌ قَدِ
انْقَطَعَتْ بِيَ الْحِبَالُ فِيْ سَفَرِيْ
فَلَا بَلَاغَ لِيَ الْيَوْمَ اِلَّا بِاللّٰهِ
ثُمَّ بِكَ اَسْاَلُكَ بِالَّذِيْ
اَعْطَاكَ اللَّوْنَ الْحَسَنَ وَالْجِلْدَ
الْحَسَنَ وَالْمَالَ بَعِيْرًا اَتَبَلَّغُ
بِهٖ فِيْ سَفَرِيْ فَقَالَ الْحُقُوْقُ
كَثِيْرَةٌ فَقَالَ اِنَّهٗ كَاَنِّيْ
اَعْرِفُكَ اَلَمْ تَكُنْ اَبْرَصَ
يَقْذَرُكَ النَّاسُ فَقِيْرًا
فَاَعْطَاكَ اللّٰهُ مَالًا فَقَالَ
اِنَّمَا وَرِثْتُ هٰذَا الْمَالَ كَابِرًا
عَنْ كَابِرٍ فَقَالَ لَهٗ اِنْ كُنْتَ
كَاذِبًا فَصَيَّرَكَ اللّٰهُ اِلٰى مَا
كُنْتَ قَالَ وَاَتَى الْاَقْرَعَ
فِيْ صُوْرَتِهٖ فَقَالَ لَهٗ مِثْلَ
مَا قَالَ لِهٰذَا وَرَدَّ عَلَيْهِ
مِثْلَ مَا رَدَّ عَلٰى هٰذَا فَقَالَ
اِنْ كُنْتَ كَاذِبًا فَصَيَّرَكَ
اللّٰهُ اِلٰى مَا كُنْتَ قَالَ وَ
اَتَى الْاَعْمٰى فِيْ صُوْرَتِهٖ
وَهَيْئَتِهٖ فَقَالَ رَجُلٌ

فرمائیں تاکہ میں بھی لوگوں کو دیکھ سکوں، حضور صلی اللہ
تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں کہ فرشتہ نے اس (کی) آنکھوں
پر ہاتھ پھیرا، اور اللہ تعالیٰ نے اس کی بینائی اس کو واپس دیدی
پھر فرشتہ نے پوچھا کہ تم کو کونسا مال زیادہ پسند ہے
اس نے جواب دیدیا کہ بکریاں تو اس کو بچے دینے والی
بکریاں دیدی گئیں، چنانچہ ان دونوں یعنے اونٹ
والے کی اونٹنیوں نے اور گائے والے کی گائیوں نے
بچے دیئے اور اس بکری والے کی بکریوں نے بھی
بچے دیئے، تو (اونٹ والے کی) اونٹنیوں سے ایک
وادی اور گائے والے کی گائیوں سے ایک وادی
اور بکریوں نے بھی بچے دیئے ایک وادی بھر گئی۔
پھر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد
فرمایا کہ پھر وہی فرشتہ اپنی اسی (پہلی) صورت اور
ہیبت میں کوڑی کے پاس آیا اور اس سے کہا
کہ میں ایک مسکین اور نادار شخص ہوں، میرے ذرائع
سفر ختم ہو گئے ہیں، اب اللہ کے سوا منزل مقصود تک
پہنچنا ممکن نہیں (اور اللہ کے بعد) پھر تیرا ذریعہ ہے
پس میں تجھ سے اس ذات کا واسطہ دے کر جس نے
تجھے اچھا رنگ اور اچھی جلد اور مال دیا ہے، ایک
اونٹ کا سوال کرتا ہوں کہ جس کے ذریعہ سے میں
اپنا سفر طے کرسکوں، اس کوڑھی نے جواب دیا کہ مجھ
پر بہت حقوق ہیں (ان کی موجودگی میں) تجھے کوئی حق
نہیں پہونچتا (یہ سن کر) پھر فرشتہ نے کہا، میرا خیال
ہے کہ تو وہی کوڑی تو نہیں جس سے لوگ نفرت کرتے
تھے اور تو نادار تھا۔ پس اللہ نے تجھے مال دیا، کوڑی
نے (اس کے جواب میں کہا) یہ مال مجھے اپنے
بڑوں سے نسلاً ملا ہے (یہ سن کر) فرشتہ نے کہا
اگر تو (اپنے قول میں) جھوٹا ہے تو اللہ تجھ اپنی پہلی
حالت میں پلٹا دے۔ (یعنی تجھے کوڑھی اور نادار کردے)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

مِسْكِيْنٌ وَّابْنُ سَبِيْلٍ اِنْقَطَعَتْ بِيَ الْحِبَالُ فِيْ سَفَرِيْ فَلَا بَلَاغَ لِيَ الْيَوْمَ اِلَّا بِاللّٰهِ ثُمَّ بِكَ اَسْاَلُكَ بِالَّذِيْ رَدَّ عَلَيْكَ بَصَرَكَ شَاةً اَتَبَلَّغُ بِهَا فِيْ سَفَرِيْ فَقَالَ قَدْ كُنْتُ اَعْمٰى فَرَدَّ اللّٰهُ اِلَيَّ بَصَرِيْ فَخُذْ مَا شِئْتَ وَدَعْ مَا شِئْتَ فَوَاللّٰهِ لَا اَجْهَدُكَ الْيَوْمَ بِشَيْءٍ اَخَذْتَهٗ لِلّٰهِ فَقَالَ اَمْسِكْ مَالَكَ فَاِنَّمَا ابْتُلِيْتُمْ فَقَدْ رَضِيَ عَنْكَ وَسَخِطَ عَلٰى صَاحِبَيْكَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے کہ وہ فرشتے اپنی اسی (پہلی) شکل میں گنجا کے پاس پہونچا اور اس سے بھی ایسا ہی سوال وجواب ہوا جیسا کہ کوڑھی سے ہوا تھا، اور اس نے بھی ویسا ہی جواب دیا۔ جیسا کوڑھی نے جواب دیا تھا (یہ سن کر) فرشتہ نے اس سے کہا اگر تو جھوٹ کہہ رہا ہے تو اللہ تعالیٰ تجھے پھر ویسا ہی (گنجا اور نادار) کر دے جیسا کہ تو پہلے تھا۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ وہ فرشتہ (اب) نابینا کے پاس اپنی اسی (پہلی شکل) اور حالت میں پہونچا اور اس سے کہا میں ایک مسکین اور مسافر آدمی ہوں، میرا سامان سفر جاتا رہا اور اللہ تعالیٰ کے سوا منزل مقصود تک پہونچنا ممکن نہیں (یا اللہ کے بعد) پھر تیرا ذریعہ ہے۔ پس میں تجھ سے اس ذات کا واسطہ دے کر جس نے تجھے دوبارہ بینائی بخشی ایک بکری کا سوال کرتا ہوں جس کے ذریعہ سے میں اپنا سفر طے کرسکوں، نابینا نے (یہ سن کر) کہا بے شک میں نابینا تھا، اللہ تعالیٰ نے مجھے بینائی بخشی تو جس قدر چاہے مال لے جا اور جس قدر تیرا جی چاہے چھوڑ جا اللہ کے لیے جس قدر مال آج تم لوگے میں تمہیں (اس کی واپسی کی) تکلیف نہیں دوں گا (یہ سن کر) فرشتہ نے کہا، تم اپنا مال اپنے پاس ہی رکھو، تم تین لوگوں کی (اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ) آزمائش لی گئی تھی، (کہ تم سچے، ہو یا جھوٹے، مخلص ہو یا منافق اور شکر گزار ہو یا ناشکرے) پس اللہ تعالیٰ تم سے راضی ہوا اور تمہارے دونوں ساتھی (کوڑھی اور گنجا) سے ناراض ہوا (کہ ان کو اپنی اصلی حالت پر سزاءً لوٹا دیا گیا۔ اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

۲۳۴۴ وَعَنْ مَوْلًى لِعُثْمَانَ قَالَ
۱۸

حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کے ایک آزاد کردہ

MARKAZUL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

أُهْدِيَ لِأُمِّ سَلَمَةَ بَضْعَةٌ مِّنْ لَحْمٍ وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يُعْجِبُهُ اللَّحْمُ فَقَالَتْ لِلْخَادِمِ ضَعِيْهِ فِي الْبَيْتِ لَعَلَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَأْكُلُهٗ فَوَضَعَتْهُ فِي كُوَّةِ الْبَيْتِ وَجَاءَ سَائِلٌ فَقَامَ عَلَى الْبَابِ فَقَالَ تَصَدَّقُوْا بَارَكَ اللّٰهُ فِيْكُمْ فَقَالُوْا بَارَكَ اللّٰهُ فِيْكَ فَذَهَبَ السَّائِلُ فَدَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا أُمَّ سَلَمَةَ هَلْ عِنْدَكُمْ شَيْءٌ أَطْعَمُهٗ فَقَالَتْ نَعَمْ قَالَتْ لِلْخَادِمَةِ اذْهَبِيْ فَأْتِيْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِذٰلِكَ اللَّحْمِ فَذَهَبَتْ فَلَمْ تَجِدْ فِي الْكُوَّةِ إِلَّا قِطْعَةَ مَرْوَةٍ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَإِنَّ ذٰلِكَ اللَّحْمَ عَادَ مَرْوَةً لِمَا لَمْ تُعْطُوْهُ السَّائِلَ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي دَلَائِلِ النُّبُوَّةِ.

غلام سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ ایک دفعہ ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس پکے ہوئے گوشت کا ایک ٹکڑا تحفتہً بھیجا گیا تھا، چونکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو گوشت پسند تھا، اس لیے ام المومنین نے خادمہ سے کہا کہ اس کو گھر میں رکھ دو، ممکن ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اس کو تناول فرمائیں، تو خادمہ نے اس گوشت کو گھر کے ایک طاقچہ میں رکھ دیا (اس کے بعد) ایک سائل آیا اور دروازہ پر کھڑا ہو کر سوال کیا۔ (گھر والو کچھ) خیرات کرو، اللہ تعالیٰ تم کو برکت دے گا، گھر والوں نے سائل کو جواب دیا کہ خدا تجھے بھی برکت دے تو وہ یہ سن کر سائل چلا گیا، اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم گھر میں تشریف لائے اور فرمایا ام سلمہ! تمہارے پاس کوئی چیز کھانے کو ہے! ام المومنین نے عرض کیا جی ہاں (ہے) اور خادمہ سے کہا کہ جاؤ اور وہ گوشت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے لیے لے آؤ۔ خادمہ وہاں گئیں (تو دیکھا) کہ (گوشت کی بجائے) غار کے پتھر کا ایک ٹکڑا وہاں رکھا ہے، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو جب اس واقعہ کا علم ہوا) تو حضور نے ارشاد فرمایا کہ وہی گوشت غار کا پتھر بن گیا ہے۔ اس لیے کہ تم نے اسے سائل کو نہیں دیا۔ اس کی روایت بیہقی نے دلائل النبوۃ میں کی ہے۔

٢٣٤٥ وَعَنْ حَارِثَةَ بْنِ وَهْبٍ [19] قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ تَصَدَّقُوْا فَإِنَّهٗ يَأْتِيْ عَلَيْكُمْ زَمَانٌ يَمْشِي الرَّجُلُ بِصَدَقَتِهٖ فَلَا يَجِدُ مَنْ يَقْبَلُهَا يَقُوْلُ الرَّجُلُ لَوْ جِئْتَ بِهَا بِالْأَمْسِ

حضرت حارثہ بن وہب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ خیرات کیا کرو کیونکہ آئندہ ایک ایسا زمانہ آنے والا ہے۔ کہ انسان اپنی خیرات کو لے کر پھرے گا، لیکن کوئی اس کو قبول کرنے والا نہ ملے گا۔ ہر شخص اس سے یہی کہے گا (اگر تم اس (خیرات) کو کل لاتے

لہ اور خیرات کرنے کو غنیمت جانو جب تک کہ تمہارے پاس مال موجود ہے اور مستحقین بھی مل جاتے ہوں

MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

لَقَبِلْتُهَا فَاَمَّا الْيَوْمَ فَلَا حَاجَةَ لِيْ بِهَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

تو میں لے لیتا۔ آج مجھے اس کی حاجت نہیں۔ اس روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

ف: مرقات اور اشعۃ اللمعات میں لکھا ہے کہ وہ زمانہ جس میں خیرات کو قبول کرنے والا نہ ملے، وہ آخری زمانہ ہوگا جس میں حضرت مہدی ہوں گے۔ اور حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نزول فرمائیں گے ۱۲۔

۲۳۴۶ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَجُلٌ يَّارَسُوْلَ اللّٰهِ اَىُّ الصَّدَقَةِ اَعْظَمُ اَجْرًا قَالَ اِنْ تَصَدَّقَ وَاَنْتَ صَحِيْحٌ شَحِيْحٌ تَخْشَى الْفَقْرَ وَتَأْمُلُ الْغِنٰى وَلَا تُمْهِلْ حَتّٰى اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ قُلْتَ لِفُلَانٍ كَذَا وَلِفُلَانٍ كَذَا وَقَدْ كَانَ لِفُلَانٍ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

۲۰

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ایک صحابی نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا، یا رسول اللہ! وہ کونسی خیرات ہے جس میں زیادہ اجر ملتا ہے؟ حضور نے ارشاد فرمایا کہ ایسی حالت میں خیرات کرے، جب کہ تو تندرست ہو اور تجھے مال جمع کرنے کی حرص ہو اور تو افلاس سے ڈرتا ہو، اور تونگر بننے کی آرزو دل میں رکھتا ہے[1] خیرات کرتے ہیں اتنی سستی اور دیر نہ لگاؤ کہ تمہاری جان نکلنے کا وقت آ پہونچے اور اس وقت تم یہ وصیت کرتے لگو کہ اتنا مال فلاں کے لیے اور اتنا فلاں کے لیے، حالانکہ تم یہ جانتے ہو کہ یہ مال فلاں شخص ہی کو ملے گا (یعنی وارث کو ملے گا) اس حدیث کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

۲۳۴۷ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَاَنْ يَّتَصَدَّقَ الْمَرْءُ فِيْ حَيَاتِهٖ بِدِرْهَمٍ خَيْرٌ لَّهٗ مِنْ اَنْ يَّتَصَدَّقَ بِمِائَةٍ عِنْدَ مَوْتِهٖ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

۲۱

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ انسان کا اپنی تندرستی کی حالت میں ایک درہم خیرات کرنا مرتے وقت کے سو درہم خیرات کرنے سے بہتر ہے۔ اس کی روایت ابوداؤد نے کی ہے۔

۲۳۴۸ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَلسَّخِيُّ قَرِيْبٌ مِّنَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْجَنَّةِ قَرِيْبٌ مِّنَ النَّاسِ بَعِيْدٌ مِّنَ

۲۲

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ سخی نزدیک ہے اللہ سے، نزدیک ہے جنت سے، اور نزدیک ہے لوگوں سے (یعنی لوگوں میں عزیز تر

[1] (تو ایسی حالت میں خیرات کرنے میں بڑا اجر اور ثواب ہے اور حضور یہ بھی ارشاد فرمائے کہ)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

النَّارِ وَالْبَخِيْلُ بَعِيْدٌ مِّنَ اللهِ بَعِيْدٌ مِّنَ الْجَنَّةِ بَعِيْدٌ مِّنَ النَّاسِ قَرِيْبٌ مِّنَ النَّارِ وَالْجَاهِلُ سَخِيٌّ اَحَبُّ اِلَى اللهِ مِنْ عَابِدٍ ـ

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

ہے، اور دور ہوتا ہے دوزخ سے اور بخیل دور ہے اللہ سے، دور ہے جنت سے اور دور ہے لوگوں سے اور نزدیک ہے دوزخ سے۔ اور جاہل سخی اللہ تعالیٰ کے نزدیک زائد محبوب ہے بخیل عابد سے۔ اس کی روایت ترمذی نے کی ہے۔

۲۳۴۹ / ۲۳ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ بَعْضَ اَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قُلْنَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَيُّنَا اَسْرَعُ بِكَ لُحُوْقًا قَالَ اَطْوَلُكُنَّ يَدًا فَاَخَذُوْا قَصَبَةً يَذْرَعُوْنَهَا وَكَانَتْ سَوْدَةُ اَطْوَلَهُنَّ يَدًا فَعَلِمْنَا بَعْدُ اِنَّمَا كَانَ طُوْلُ يَدِهَا الصَّدَقَةَ وَكَانَتْ اَسْرَعَنَا لُحُوْقًا بِهٖ زَيْنَبُ وَكَانَتْ تُحِبُّ الصَّدَقَةَ ـ

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی بعض بیبیوں نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے دریافت کیا کہ (آپ کی وفات کے بعد) ہم میں سے کون سب سے پہلے آپ سے ملیں گے، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ تم میں سے جن کے ہاتھ سب سے بڑے ہوں تو امہات المومنین ایک لکڑی لے کر اپنے ہاتھوں کو ناپنے لگیں، تو حضرت سودہ کا ہاتھ سب سے بڑا تھا (لیکن حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا پہلے انتقال ہوا تو) ہم کو معلوم ہوا کہ لمبے ہاتھوں سے (حضور کی) مراد زیادہ خیرات کرنے والے ہاتھ تھے، اور حضرت زینب سب سے پہلے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے جا ملیں اور ان کو تو خیرات کرنے سے بہت محبت تھی۔ اس کی روایت بخاری نے کی ہے۔

۲۳۵۰ / ۲۴ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ خَصْلَتَانِ لَا يَجْتَمِعَانِ فِيْ مُؤْمِنٍ اَلْبُخْلُ وَسُوْءُ الْخُلُقِ ـ

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ مومن میں دو باتیں جمع نہیں ہوتیں (ایک) بخل (دوسرے) بداخلاقی۔ اس کی روایت ترمذی نے کی ہے۔

ف: اشعۃ اللمعات میں لکھا ہے کہ بخل اور بداخلاقی مومن کے شایان شان نہیں۔ اگر کسی مسلمان میں یہ خصلتیں موجود ہوں، تو اس کو چاہیئے کہ وہ ریاضت اور مجاہدہ سے ان کو دور کر دے تاکہ مومن کامل کہلانے کا مستحق ہو۔ ۱۲

۲۳۵۱ / ۲۵ وَعَنْ اَبِيْ بَكْرِ الصِّدِّيْقِ قَالَ

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ خَبٌّ وَلَا بَخِيْلٌ وَّلَا مَنَّانٌ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جنت میں نہ تو دغاباز داخل ہوگا اور نہ بخیل اور (خیرات دے کر) احسان جتانے والا بھی جنت میں داخل نہ ہوگا۔ اس حدیث کی روایت ترمذی نے کی ہے۔

۲۳۵۲ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ
۲۶
رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ شَرُّ مَا فِي الرَّجُلِ شُحٌّ هَالِعٌ وَجُبْنٌ خَالِعٌ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ انسان میں دو خصلتیں بدترین ہیں، ایک ایسا بخل جو انسان کو مال کے حاصل کرنے پر حریص بنا دے اور مال خرچ کرنے کے موقع پر اس کو بے چین کر دے، دوسرے ایسی بزدلی کہ جو اس کو مشرکین کے مقابلہ میں لڑنے سے روک دے اور ایسی بزدلی جو اس کو نیک کام کرنے نہ دے۔ اس کی روایت ابوداؤد نے کی ہے۔

۲۳۵۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ
۲۷
النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِشَرِّ النَّاسِ مَنْزِلًا قِيْلَ نَعَمْ قَالَ الَّذِيْ يُسْئَلُ بِاللّٰهِ وَلَا يُعْطِيْ بِهٖ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ کیا میں تم کو ایسا شخص نہ بتاؤں کہ جو اللہ تعالیٰ کے پاس مرتبہ میں سب سے برا ہے (حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے) عرض کیا گیا، جی ہاں! ضرور بتائیے یا رسول اللہ! حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا وہ شخص کہ جس سے اللہ کا واسطہ دے کر سوال کیا جائے اور وہ باوجود دینے کی قدرت رکھنے کے اور یہ جانتے ہوئے بھی کہ سائل واقعی مستحق ہے اللہ کے نام پر نہ دے۔ اس کی روایت امام احمد نے کی ہے۔

ف: مرقات میں لکھا ہے کہ جو شخص سائل کو دینے کی قدرت رکھتا ہو اور یہ بھی جانتا ہو کہ سائل واقعی محتاج

لہ جب تک یہ ان برائیوں سے توبہ نہ کرلیں یا ان کی سزا پا کر چھٹکارا نہ پالیں یا پھر اللہ تعالیٰ خود اپنے فضل سے ان کو معاف نہ فرمادیں۔ اس لیے مسلمان کو ان برائیوں سے بچتے رہنا چاہیے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

بَابُ فَضْلِ الصَّدَقَةِ

یہ باب صدقہ اور خیرات کی فضیلت کے بیان میں ہے۔

وَقَوْلُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ:

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

وَيُرْبِي الصَّدَقَاتِ۔

اور (اللہ تعالیٰ) بڑھاتا ہے خیرات کو (سورۃ البقرہ ۲۷۲)

ف: دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی، دنیا میں برکت دے کر اور آخرت میں ایک کے بدلے سات سو گنا یا دس سے بھی زیادہ عطا فرما کر مال کو بڑھا دے گا۔

وَقَوْلُهُ:

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالْكِتٰبِ وَالنَّبِيّٖنَ وَاٰتَى الْمَالَ عَلٰى حُبِّهٖ ذَوِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ وَالسَّآئِلِيْنَ وَفِي الرِّقَابِ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ۔

ہاں! اصل نیکی یہ ہے کہ ایمان لائے اللہ اور قیامت اور فرشتوں اور کتاب اور پیغمبروں پر، اور اللہ کی محبت میں اپنا عزیز مال دے، رشتہ داروں، یتیموں اور مسکینوں، اور راہ گیر اور سائلوں کو، اور گردنیں چھڑانے میں اور نماز قائم رکھے اور زکوٰۃ دے۔ (سورۃ البقرہ، ۱۷۷)

ف: اعمال سے ایمان مقدم ہے، پہلے ایمان لاؤ پھر نیک عمل کرو، کیونکہ جڑ شاخوں سے پہلے ہوتی ہے ایمان جڑ اور اعمال شاخیں ہیں۔

ف: تفسیر مدارک میں لکھا ہے کہ آیت صدر میں "اٰتی المال" سے مراد نفل صدقات اور خیرات ہے۔ ۱۲۔

۲۳۵۶ وَعَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِنَّ فِي الْمَالِ لَحَقًّا سِوَى الزَّكٰوةِ ثُمَّ تَلَا لَيْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ الْاٰيَةَ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے وہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ یقیناً مال میں زکوٰۃ کے علاوہ اور بھی حقوق (اللہ تعالیٰ کی جانب سے انسان پر) عائد کئے گئے ہیں (جیسے یہ کہ سائل اور قرض خواہ کو محروم نہ کرے اور گھر کے متعلقہ ساز و سامان میں سے مثلاً برتن، دیگ وغیرہ کوئی مستعار مانگے تو ان کو دینے سے انکار نہ کرے۔ پھر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے (استدلال میں) اس آیت کو تلاوت فرمایا لَيْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-ISLAMIA ACADEMY

وَلٰکِنَّ الْبِرَّ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْمَلٰٓئِکَۃِ وَالْکِتٰبِ وَالنَّبِیّٖنَ ج وَاٰتَی الْمَالَ عَلٰی حُبِّہٖ ذَوِی الْقُرْبٰی وَالْیَتٰمٰی وَالْمَسٰکِیْنَ وَابْنَ السَّبِیْلِ وَالسَّآئِلِیْنَ وَفِی الرِّقَابِ ج وَاَقَامَ الصَّلٰوۃَ وَاٰتَی الزَّکٰوۃَ ج اس حدیث کی روایت ترمذی، ابن ماجہ اور دارمی نے کی ہے۔

۲۳۵۷ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ تَصَدَّقَ بِعَدْلِ تَمْرَةٍ مِنْ كَسْبٍ طَيِّبٍ وَلَا يَقْبَلُ اللّٰهُ اِلَّا الطَّيِّبَ فَاِنَّ اللّٰهَ يَتَقَبَّلُهَا بِيَمِيْنِهٖ ثُمَّ يُرَبِّيْهَا لِصَاحِبِهَا كَمَا يُرَبِّيْ اَحَدُكُمْ فَلُوَّهٗ حَتّٰى تَكُوْنَ مِثْلَ الْجَبَلِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جو شخص اپنی جائز اور حلال کمائی سے ایک کھجور کے برابر بھی خیرات کرے، تو اللہ تعالیٰ اس کو قبول فرماتے ہیں اور اس کو اپنے سیدھے ہاتھ میں سے لیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ حلال مال ہی میں سے خیرات کو قبول فرماتے ہیں، جس طرح تم میں سے کوئی شخص اپنے بچھڑے کی پرورش کرتا ہے، یہاں تک کہ وہ خیرات بڑھتے بڑھتے پہاڑ کے برابر ہو جاتی ہے۔ اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

ف: اس حدیث شریف سے معلوم ہوتا ہے کہ حلال مال سے تھوڑی سی خیرات بھی ثواب میں اللہ تعالیٰ کے پاس مقبول اور بے حساب ہے، اس کے برخلاف اگر حرام مال سے لاکھوں روپیہ بھی خرچ کرے تو اللہ تعالیٰ اس کو قبول نہیں فرماتے اور نہ اس کا کوئی ثواب ہے، اس لیے مسلمانوں کو چاہیئے کہ راہ خدا میں خرچ کرتے وقت حلال مال کا خیال رکھیں۔ تھوڑے بہت کا خیال نہ کریں۔ ۱۲۔

۲۳۵۸ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ قَالَ قَالَ اَبُوْذَرٍّ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ الصَّدَقَةَ مَاذَا هِيَ قَالَ اَضْعَافٌ مُضَاعَفَةٌ وَعِنْدَ اللّٰهِ الْمَزِيْدُ۔

(رَوَاہُ اَحْمَدُ)

حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے دریافت کیا کہ اے اللہ کے نبی! مجھے بتایئے کہ صدقہ کا ثواب اور اس کی فضیلت کیا ہے؟ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ اس کا ثواب کئی گناہ ثواب ہے[1] اور اللہ تعالیٰ کے پاس تو اس سے بھی زیادہ ہے اور اللہ تعالیٰ چاہیں تو

---

[1] اور اس زیادتی کی ایک مقدار ہر نیکی پر سات سو گنا تک ہے)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ہر نیکی پر سات سو گنا سے بھی زیادہ ثواب عطا فرماتے ہیں جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے "وَاللّٰهُ یُضٰعِفُ لِمَنْ یَّشَآءُ" اس حدیث کی روایت امام احمد نے کی ہے۔

۲۳۵۹ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَا نَقَصَتْ صَدَقَةٌ مِّنْ مَّالٍ وَّمَا زَادَ اللّٰهُ عَبْدًا بِعَفْوٍ اِلَّا عِزًّا وَّمَا تَوَاضَعَ اَحَدٌ لِلّٰهِ اِلَّا رَفَعَهُ اللّٰهُ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ خیرات کرنے سے مال کم نہیں ہوتا (بلکہ اس میں برکت ہوتی ہے) اور (باوجود انتقام کی قدرت رکھنے کے) کسی کا قصور معاف کر دینے سے اللہ تعالیٰ اس بندہ کی عزت بڑھاتے ہیں (جس نے کہ قصور معاف کیا) اور جس کسی نے اللہ تعالیٰ کے لیے تواضع اور انکساری اختیار کی تو اللہ تعالیٰ اس کا رتبہ بڑھاتے ہیں۔ اس کی روایت مسلم نے کی ہے۔

۲۳۶۰ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ اَنْفَقَ زَوْجَیْنِ مِنْ شَیْءٍ مِّنَ الْاَشْیَآءِ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ دُعِیَ مِنْ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ وَلِلْجَنَّةِ اَبْوَابٌ فَمَنْ كَانَ مِنْ اَهْلِ الصَّلٰوةِ دُعِیَ مِنْ بَابِ الصَّلٰوةِ وَمَنْ كَانَ مِنْ اَهْلِ الْجِهَادِ دُعِیَ مِنْ بَابِ الْجِهَادِ وَمَنْ كَانَ مِنْ اَهْلِ الصَّدَقَةِ دُعِیَ مِنْ بَابِ الصَّدَقَةِ وَمَنْ كَانَ مِنْ اَهْلِ الصِّیَامِ دُعِیَ مِنْ بَابِ الرَّیَّانِ فَقَالَ اَبُوْبَكْرٍ مَا عَلٰی مَنْ دُعِیَ مِنْ تِلْكَ الْاَبْوَابِ مِنْ ضَرُوْرَةٍ فَهَلْ یُدْعٰی اَحَدٌ مِّنْ تِلْكَ الْاَبْوَابِ كُلِّهَا قَالَ نَعَمْ وَاَرْجُوْ اَنْ تَكُوْنَ مِنْهُمْ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جو شخص راہِ خدا میں کسی مال کا جوڑا دے (مثلاً دو کپڑے یا دو گھوڑے یا دو روپیہ) دے تو اس کو جنت کے دروازوں سے بلایا جائے گا اور جنت کے کئی دروازے ہیں پس جو شخص نمازی (یعنی زیادہ نوافل پڑھنے والا) ہوگا تو اس کو جنت کے باب الصلوٰۃ (نماز کے دروازے) سے بلایا جائے گا اور جو کوئی شخص جہاد کرنے والا یعنی راہ خدا میں بہت لڑنے والا ہوگا تو اس کو باب الجہاد (جہاد کے دروازے) سے بلایا جائے گا، اور جو شخص بہت خیرات کرنے والا ہوگا تو اس کو باب الصدقہ (صدقہ کے دروازے) سے بلایا جائے گا، اور جو شخص کثرت سے روزے رکھنے والا ہوگا، اس کو باب الریان (پیاس بجھانے والا دروازہ) سے بلایا جائے گا، یہ سن کر حضرت ابوبکر صدیق نے عرض کیا کہ بظاہر تو اس کی ضرورت نہیں کہ سب دروازوں سے (کسی کو بلایا جائے[1] پھر بھی کیا کوئی اب

[1] جب کہ اس کو ایک دروازے سے بلایا جا چکا ہو، اور وہ جنت میں داخل ہو چکا ہو لیکن۔

www.waseemziyai.com

شخص ہو گا جس کو جنت کے ان سارے دروازوں سے بلایا جائے گا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں ہاں اور مجھے اُمید ہے کہ تم ان لوگوں میں سے ہو گے۔ اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

۲۳۶۱ وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَا مِنْ عَبْدٍ مُسْلِمٍ یُنْفِقُ مِنْ کُلِّ مَالٍ لَهٗ زَوْجَیْنِ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ اِلَّا اسْتَقْبَلَتْهُ حَجَبَةُ الْجَنَّةِ کُلُّهُمْ یَدْعُوْهُ اِلٰی مَا عِنْدَهٗ قُلْتُ وَکَیْفَ ذٰلِكَ قَالَ اِنْ کَانَتْ اِبِلًا فَبَعِیْرَیْنِ وَاِنْ کَانَتْ بَقَرَةً فَبَقَرَتَیْنِ. (رَوَاهُ النَّسَآئِیُّ)

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جو مسلمان راہِ خدا میں اپنے مال سے دو دو چیزیں خرچ کرے تو جنت کے سارے دربان اس کا استقبال کریں گے اور ہر دربان اپنے دروازے والی نعمت کی طرف اس شخص کو دعوت دے گا۔ حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں، کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! اس کی کیا صورت ہو گی، یعنی دو دو چیزیں کس طرح خرچ کی جائیں تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا اگر اونٹ ہوں تو دو اونٹ اور گائے ہوں تو دو گائے راہِ خدا میں خیرات کرے۔ اس حدیث کی روایت نسائی نے کی ہے۔

۲۳۶۲ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ اَصْبَحَ مِنْکُمُ الْیَوْمَ صَائِمًا قَالَ اَبُوْبَکْرٍ اَنَا قَالَ فَمَنْ تَبِعَ مِنْکُمُ الْیَوْمَ جَنَازَةً قَالَ اَبُوْبَکْرٍ اَنَا قَالَ فَمَنْ اَطْعَمَ مِنْکُمُ الْیَوْمَ مِسْکِیْنًا قَالَ اَبُوْبَکْرٍ اَنَا قَالَ فَمَنْ عَادَ مِنْکُمُ الْیَوْمَ مَرِیْضًا قَالَ اَبُوْبَکْرٍ اَنَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَا اجْتَمَعْنَ فِیْ امْرِئٍ اِلَّا دَخَلَ الْجَنَّةَ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ (ایک دن) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے صحابہ کرام سے دریافت کیا کہ آج تم میں سے کون روزہ دار ہے؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا، میں (یا رسول اللہ) پھر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے دریافت فرمایا کہ تم میں سے کون آج جنازہ کے ساتھ گیا (یعنی جنازہ کی نماز پڑھی اور جنازہ کے پیچھے چلا) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا، میں یا رسول اللہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے پھر دریافت فرمایا، تم میں سے آج کس نے مسکین کو کھانا کھلایا، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا میں یا رسول اللہ (اس کے بعد

۱؎ بعض ایسے لوگ ہوں گے جن کو کثرت صلوٰۃ، کثرت صوم، کثرت جہاد، کثرت خیرات کی وجہ سے ان کی تعظیم اور تکریم کے لیے ان کو جنت کے تمام دروازوں سے بلایا جائے گا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے (پھر) دریافت فرمایا کہ تم میں سے آج کس نے بیمار کی عیادت کی، حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا، میں نے یا رسول اللہ (یہ سن کر) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جس کسی شخص میں یہ (چار چیزیں ایک دن میں) جمع ہو جائیں، وہ یقیناً جنت میں جائے گا۔ اس کی روایت مسلم نے کی ہے۔

ف: اس حدیث شریف سے اور حدیث ۱۳۱ سے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کا کمال اور جنتی ہونے کی تصدیق ہوتی ہے۔ ۱۲۔

ف: اس حدیث شریف میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے دریافت فرمانے پر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اَنَا (میں) کہا ہے، اس بارے میں صاحب مرقات اور صاحب اشعۃ اللمعات نے لکھا ہے۔ اَنَا (میں) کہنا، دو حیثیتوں سے ہوتا ہے، ایک مذموم (یعنی بُرا) دوسرے محمود (یعنی اچھا) اَنَا کہنے کی مذموم حیثیت یہ ہے کہ بطور فخر اَنَا کہا جائے جیسے ابلیس کا قول اَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ یا اَنَا الْعَالِمُ اَنَا الزَّاهِدُ وغیرہ اور اَنَا کہنے کی حیثیت یہ ہے کہ طلب ثواب کے موقع پر یا بطور انکساری اَنَا کہا جائے، جیسے اَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِيْنَ اَنَا سَيِّدُ وُلْدِ اٰدَمَ یا اَنَا الْحَقِيْرُ، اَنَا الْعَبْدُ وغیرہ۔ ۱۲۔

۲۳۶۳/۸ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَا نِسَآءَ الْمُسْلِمَاتِ لَا تَحْقِرَنَّ جَارَةٌ لِجَارَتِهَا وَلَوْ فِرْسِنَ شَاةٍ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے (عورتوں سے) ارشاد فرمایا۔ اے مسلمان عورتو! تم میں سے کوئی پڑوسن اپنے پڑوسن کے حقیر تحفہ پر) حقارت نہ کرے، اگرچہ (وہ تحفہ) بکری کا کھر ہی کیوں نہ ہو خواہ وہ تحفہ دینے والی ہو یا لینے والی ہو اس حدیث کی روایت مسلم نے کی ہے۔

۲۳۶۴/۹ وَعَنْ جَابِرٍ وَحُذَيْفَةَ قَالَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ كُلُّ مَعْرُوْفٍ صَدَقَةٌ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت جابر اور حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے یہ دونوں حضرات فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ ہر نیکی (خواہ وہ قولی ہو یا فعلی، جس سے اللہ تعالیٰ کی رضا منسوب ہو) خیرات (کا ثواب رکھتی ہے۔ اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

ف: اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ صدقہ کا تعلق صرف مال سے ہی نہیں بلکہ ہر وہ عمل جس سے رضاء الٰہی حاصل ہو،

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

صدقہ ہے، مثلاً کسی کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آنا وغیرہ۔ (اشعۃ اللمعات ۱۲۰)

۲۳۶۵ (۱۰) وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَا تَحْقِرَنَّ مِنَ الْمَعْرُوْفِ شَيْئًا وَّلَوْ اَنْ تَلْقٰى اَخَاكَ بِوَجْهٍ طَلِيْقٍ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ کسی نیکی کو حقیر اور معمولی نہ سمجھو، اگرچہ وہ نیکی، یہ ہو کہ تم اپنے (مسلمان) بھائی سے خندہ پیشانی سے ملاقات کرو اس کی روایت مسلم نے کی ہے۔

۲۳۶۶ (۱۱) وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ كُلُّ مَعْرُوْفٍ صَدَقَةٌ وَّاِنَّ مِنَ الْمَعْرُوْفِ اَنْ تَلْقٰى اَخَاكَ بِوَجْهٍ طَلْقٍ وَاَنْ تُفْرِغَ مِنْ دَلْوِكَ فِيْ اِنَاءِ اَخِيْكَ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ ہر نیک کام (پر) خیرات (کا ثواب ملتا ہے) اور یہ کام بھی یقیناً نیکی میں شامل ہے کہ تم اپنے (مسلمان بھائی سے خندہ پیشانی سے ملو اور یہ بھی (نیکی میں شامل ہے) کہ تم اپنے ڈول سے اپنے (مسلمان) بھائی کے برتن میں پانی بھر دو۔ اس کی روایت امام احمد اور ترمذی نے کی ہے۔

۲۳۶۷ (۱۲) وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ تَبَسُّمُكَ فِيْ وَجْهِ اَخِيْكَ صَدَقَةٌ وَاَمْرُكَ بِالْمَعْرُوْفِ صَدَقَةٌ وَنَهْيُكَ عَنِ الْمُنْكَرِ صَدَقَةٌ وَاِرْشَادُكَ الرَّجُلَ فِيْ اَرْضِ الضَّلَالِ لَكَ صَدَقَةٌ وَبَصَرُكَ الرَّجُلَ الرَّدِيْءَ الْبَصَرِ لَكَ صَدَقَةٌ وَاِمَاطَتُكَ الْحَجَرَ وَالشَّوْكَ وَالْعَظْمَ عَنِ الطَّرِيْقِ لَكَ صَدَقَةٌ وَاِفْرَاغُكَ مِنْ دَلْوِكَ فِيْ دَلْوِ اَخِيْكَ لَكَ صَدَقَةٌ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ تمہارا اپنے (مسلمان) بھائی سے مسکراتے ہوئے (ملنا) صدقہ ہے (یعنی اس پر ثواب ملتا ہے) اور تمہارے نیک کاموں کی تلقین کرنا (بھی) صدقہ ہے) اور تمہارا برائی سے منع کرنا (بھی) صدقہ ہے، اور تمہارا کسی راہ بھولے ہوئے شخص کو راہ دکھانا (بھی) تمہارے لیے صدقہ ہے، اور تمہارا کسی نابینا یا کمزور بینائی والے شخص کی رہبری کرنا (بھی) تمہارے لیے صدقہ ہے، اور تمہارا راستہ سے پتھر کانٹا ہڈی (اور اسی قسم کی تکلیف دہ چیزوں کا) ہٹانا (بھی) تمہارے لیے صدقہ ہے اور اپنے ڈول سے اپنے (مسلمان) بھائی کے ڈول میں پانی بھر دینا (بھی) تمہارے لیے صدقہ ہے (یعنی ان تمام کاموں پر صدقہ کے جیسا ثواب ملتا ہے) اس حدیث کی روایت ترمذی نے کی ہے۔

۲۳۶۸ (۱۳) وَعَنْ اَبِیْ جُرَيٍّ جَابِرِ بْنِ سُلَيْمٍ قَالَ اَتَيْتُ الْمَدِيْنَةَ فَرَاَيْتُ رَجُلًا

حضرت ابوجری جابر بن سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ (جب) میں مدینہ منورہ آیا تو ایک صاحب

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

يَصْدُرُ النَّاسُ عَنْ رَأْيِهِ لَا يَقُوْلُ شَيْئًا إِلَّا صَدَرُوْا عَنْهُ قُلْتُ مَنْ هٰذَا قَالُوْا هٰذَا رَسُوْلُ اللهِ قَالَ قُلْتُ عَلَيْكَ السَّلَامُ يَا رَسُوْلَ اللهِ مَرَّتَيْنِ قَالَ لَا تَقُلْ عَلَيْكَ السَّلَامُ عَلَيْكَ السَّلَامُ تَحِيَّةُ الْمَيِّتِ قُلْ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ قُلْتُ أَنْتَ رَسُوْلُ اللهِ فَقَالَ أَنَا رَسُوْلُ اللهِ الَّذِيْ إِنْ أَصَابَكَ ضُرٌّ فَدَعَوْتَهُ كَشَفَهُ عَنْكَ وَإِنْ أَصَابَكَ عَامُ مِنۃُ فَدَعَوْتَهُ أَنْبَتَهَا لَكَ وَإِذَا كُنْتَ بِأَرْضٍ قَفْرٍ أَوْ فَلَاةٍ فَضَلَّتْ رَاحِلَتُكَ فَدَعَوْتَهُ رَدَّهَا عَلَيْكَ قُلْتُ اعْهَدْ إِلَيَّ قَالَ لَا تَسُبَّنَّ أَحَدًا قَالَ فَمَا سَبَبْتُ بَعْدَهُ حُرًّا وَلَا عَبْدًا وَلَا بَعِيْرًا وَلَا شَاةً قَالَ وَلَا تَحْقِرَنَّ شَيْئًا مِنَ الْمَعْرُوْفِ وَأَنْ تُكَلِّمَ أَخَاكَ وَأَنْتَ مُنْبَسِطٌ إِلَيْهِ وَجْهُكَ إِنَّ ذٰلِكَ مِنَ الْمَعْرُوْفِ وَارْفَعْ إِزَارَكَ إِلَى نِصْفِ السَّاقِ فَإِنْ أَبَيْتَ فَإِلَى الْكَعْبَيْنِ وَإِيَّاكَ وَإِسْبَالَ الْإِزَارِ فَإِنَّهَا مِنَ الْمَخِيْلَةِ وَإِنَّ اللهَ لَا يُحِبُّ الْمَخِيْلَةَ وَإِنِ امْرُؤٌ شَتَمَكَ وَعَيَّرَكَ بِمَا يَعْلَمُ فِيْكَ فَلَا تُعَيِّرُهُ بِمَا تَعْلَمُ فِيْهِ فَإِنَّمَا وَبَالُ ذٰلِكَ عَلَيْهِ رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ وَرَوَى التِّرْمِذِيُّ مِنْهُ حَدِيْثَ السَّلَامِ وَفِيْ رِوَايَةٍ فَيَكُوْنُ لَكَ أَجْرُ ذٰلِكَ وَوَبَالُهُ عَلَيْهِ۔

کو دیکھا کہ لوگ ان کی رائے پر چلتے ہیں، وہ جو کچھ فرماتے ہیں۔ ان کے ہر ہر حکم) کی پوری تعمیل کرتے ہیں میں نے لوگوں سے) دریافت کیا یہ کون حضرت ہیں؟ تو لوگوں نے کہا کہ یہ اللہ کے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ہیں! تو میں (آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور) کہا علیک السلام! یا رسول اللہ! اور میں نے دو مرتبہ یہ الفاظ کہے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا علیک السلام نہ کہو! (کیونکہ) علیک السلام (کہنا) مُردہ کا سلام ہے (اس لیے) تم السلام علیک کہا کرو (پھر) میں نے عرض کیا آپ ہی اللہ کے رسول ہیں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے جواب دیا، ہاں! میں اس اللہ کا رسول ہوں کہ اگر تم پر کوئی مصیبت آن پڑے اور تم اللہ سے دعا کرو تو اللہ تعالیٰ تمہاری اس مصیبت کو دور کر دیں گے اور اگر تم پر قحط سالی آجائے اور تم اللہ تعالیٰ سے دعا کرو تو وہ تمہارے لیے غلہ اور گھاس پیدا کر دیں گے، اور اگر تم (کسی وقت) کسی بنجر زمین میں یا کسی ایسے جنگل میں ہو جو آبادی سے دور ہو اور ایسے میں تمہاری سواری گم ہو جائے اور تم اللہ سے دعا کرو تو وہ تمہاری سواری تمہارے پاس واپس بھیج دیں گے (صاحب) اشعۃ اللمعات کہتے ہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا یہ فرمانا کہ میں اس اللہ کا رسول ہوں جس میں یہ صفات ہیں اس سے یہ بتلانا مقصود ہے کہ میری بعثت وسیلہ رحمت اور اس اللہ تعالیٰ سے خیر و برکات کے حاصل کرنے کا ذریعہ اور واسطہ ہے جو حاجتوں کا پورا کرنے والا اور مشکلات کا دور کرنے والا ہے) جابر بن سلیم (راوی) کہتے ہیں کہ میں نے (یہ سن کر) عرض کیا، حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم مجھے کچھ نصیحت فرمائیے! حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تم کسی کو گالی نہ دیا کرو! جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ اس کے بعد میں نے نہ تو کسی آزاد کو نہ غلام کو، نہ اونٹ کو، نہ بکری کو گالی دی (اس کے بعد حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ تو کسی نیکی کو بھی

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

حقیر نہ سمجھ (یہاں تک کہ) اگر تو اپنے کسی (مسلمان) بھائی سے خندہ پیشانی اور خوش اخلاقی سے ملے تو یہ بھی نیکی ہے (اور ثواب کا کام ہے) اور تو اپنے آزار (یعنی تہہ بند اور پاجامہ) کو اپنی نصف پنڈلی تک اونچا رکھ، اگر اتنا اونچا تجھے پسند نہ ہو تو کم سے کم ٹخنوں سے اونچا رکھ اور ازار کو (ٹخنوں سے) نیچا رکھنے سے بچ، اس لیے کہ یہ تکبر کی نشانی ہے اور اللہ تعالیٰ تکبر کو پسند نہیں فرماتے، اور اگر کوئی شخص تجھے گالی دے اور تجھ کو تیرے ایسے عیب سے جو اسے معلوم ہے عار (یعنی شرم) دلائے تو تو (اس کے جواب میں) اس کو اس کے اس عیب سے جس سے تو واقف ہے، عار نہ دلا، اس لیے کہ اس کا وبال اسی پر ہوگا۔ اس کی روایت ابوداؤد نے کی ہے اور ترمذی نے صرف سلام کی حد تک کے واقعہ کی روایت کی ہے اور ترمذی کی ایک روایت میں یوں ہے کہ (حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام) ارشاد فرماتے ہیں کہ کسی شخص کے تجھ کو عار دلانے پر) تیری خاموشی کا ثواب تجھے ملے گا اور اس (عار دلانے) کا وبال اس شخص پر ہوگا۔

ف: اس حدیث شریف میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے جابر بن سلیم کو علیک السلام کہنے سے منع فرمایا ہے اس بارے میں مرقات اور اشعۃ اللمعات میں لکھا ہے کہ زمانہ جاہلیت میں عربوں کی عادت تھی کہ جب وہ کسی قبر پر سلام کرتے تو علیک سلام کہتے، اسی عام عادت کی بناء پر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے جابر بن سلیم کو زندوں پر علیک السلام کہنے سے منع فرمایا اور ان کو تعلیم دی کہ جب وہ کسی کو سلام کریں تو السلام علیک کہا کریں ویسے تو مردوں پر السلام علیکم کہنا اور احادیث سے ثابت ہے۔ ۱۲

۲۳۶۹ وَعَنْ اَبِیْ مُوْسَی الْاَشْعَرِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ عَلٰی كُلِّ مُسْلِمٍ صَدَقَةٌ فَقَالُوْا فَاِنْ لَّمْ يَجِدْ قَالَ فَلْيَعْمَلْ بِيَدَيْهِ فَيَنْفَعُ نَفْسَهٗ وَيَتَصَدَّقُ قَالُوْا فَاِنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ اَوْ لَمْ يَفْعَلْ قَالَ فَيُعِيْنُ ذَا الْحَاجَةِ الْمَلْهُوْفِ قَالُوْا فَاِنْ لَّمْ يَفْعَلْهُ قَالَ فَيَاْمُرُ بِالْخَيْرِ

حضرت ابوموسیٰ الاشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ (اللہ تعالیٰ کی گوناگوں نعمتوں کا شکریہ) ہر مسلمان پر صدقہ (یعنی خیرات) واجب ہے، صحابہ نے عرض کیا، اگر کسی کے پاس (صدقہ دینے کے لیے) کچھ بھی نہ ہو (تو کیا کرے؟) حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرمایا کہ اپنے ہاتھوں سے کوئی کسب کرے (اور مال حاصل کرے کہ) خود بھی فائدہ حاصل کرے اور خیرات بھی کرے

قَالُوْا فَإِنْ لَّمْ يَفْعَلْ قَالَ فَيُمْسِكُ عَنِ الشَّرِّ فَإِنَّهٗ لَهٗ صَدَقَةٌ ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

پھر صحابہ نے عرض کیا یارسول اللہ! کسی میں اس کی بھی قوت نہ ہو یا ایسا نہ کر سکے (تو وہ کیا کرے) تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرمانے کہ وہ غمگین حاجت مند اور دادخواہ کی (کسی طرح بھی) مدد کرے، صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے پھر عرض کیا کہ اگر کوئی ایسا بھی نہ کر سکے (تو وہ کیا کرے) تو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ وہ (لوگوں کو) نیکی کا حکم کرے، صحابہ کرام نے (پھر) عرض کیا اگر کوئی یہ بھی نہ کر سکے (تو پھر کیا کرے؟) تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا (کہ اگر کسی سے یہ سب کچھ نہ ہو سکے تو کم از کم) وہ اپنے آپ کو برائی سے بچائے رکھے اور یہی اس کے حق میں خیرات ہے! اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

۲۳۷۰/۱۵ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ كُلُّ سُلَامٰى مِنَ النَّاسِ عَلَيْهِ صَدَقَةٌ كُلَّ يَوْمٍ تَطْلُعُ فِيْهِ الشَّمْسُ يَعْدِلُ بَيْنَ الْاِثْنَيْنِ صَدَقَةٌ وَّيُعِيْنُ الرَّجُلَ عَلٰى دَابَّتِهٖ فَيَحْمِلُ عَلَيْهَا أَوْ يَرْفَعُ عَلَيْهَا مَتَاعَهٗ صَدَقَةٌ وَّالْكَلِمَةُ الطَّيِّبَةُ صَدَقَةٌ وَّكُلُّ خُطْوَةٍ يَخْطُوْهَا إِلَى الصَّلٰوةِ صَدَقَةٌ وَّيُمِيْطُ الْاَذٰى عَنِ الطَّرِيْقِ صَدَقَةٌ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں، کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ ہر روز جب کہ دن نکلتا ہے انسان پر اس کے بدن میں جتنے جوڑ ہیں ان میں سے ہر ایک کے لیے صدقہ دینا واجب ہے۔ اگر کسی نے دو آدمیوں کے درمیان انصاف کیا تو یہ (بھی) صدقہ ہے اور اگر کسی نے کسی آدمی کو اس کی سواری میں سوار ہوتے میں مدد دی اور اس کو سواری پر سوار کر دیا یا اس کا سامان سواری پر اٹھا کر رکھ دیا یہ (بھی) اس کے لیے خیرات ہے اور (ہر) اچھی بات کہنا (یا سائل کو نرمی سے جواب دینا بھی) اس کے لیے صدقہ ہے اور ہر قدم جو نماز کے لیے (مسجد کی طرف) جانے میں اٹھاتا ہے وہ (بھی) صدقہ ہے اور راستہ سے تکلیف دہ چیز کو ہٹا دے تو یہ (بھی) صدقہ ہے۔ اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

۲۳۷۱/۱۶ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ خُلِقَ كُلُّ إِنْسَانٍ مِّنْ بَنِيْ اٰدَمَ

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے وہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ ہر انسان کو تین سو ساٹھ جوڑوں پر پیدا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

عَلٰی سِتِّیْنَ وَثَلٰثِمِائَةِ مَفْصِلٍ فَمَنْ كَبَّرَ اللّٰهَ وَحَمِدَ اللّٰهَ وَهَلَّلَ اللّٰهَ وَسَبَّحَ اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ اللّٰهَ وَعَزَلَ حَجَرًا عَنْ طَرِيْقِ النَّاسِ اَوْ شَوْكَةً اَوْعَظْمًا اَوْ اَمَرَ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ نَهٰى عَنْ مُّنْكَرٍ عَدَدَ تِلْكَ السِّتِّيْنَ وَالثَّلٰثِ مِائَةِ فَاِنَّهٗ يَمْشِيْ يَوْمَئِذٍ وَزَحْزَحَ نَفْسَهٗ عَنِ النَّارِ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

کیا گیا ہے (یعنی ہر انسان کے جسم میں تین سو ساٹھ جوڑ ہیں، اور یہ ضروری ہے کہ ہر جوڑ کے کارآمد ہونے کے شکریہ میں انسان ہر روز کچھ نہ کچھ خیرات کرے)، تو جو کوئی اللہ اکبر کہے، الحمد للہ کہے لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ پڑھا کرے سبحان اللہ کہے اور اللہ تعالیٰ سے استغفار کرے اور لوگوں کے راستہ سے پتھر یا کانٹا یا ہڈی دور کردے یا کسی کو نیک بات بتائے یا برائی سے روکے، اور یہ سب چیزیں (ہر دن) تین سو ساٹھ ہو جائیں تو (چونکہ اس نے ہر جوڑ کے بدلے میں ایک ایک نیکی کرلی ہے اس لیے) (اس روز وہ گناہوں سے پاک وصاف ہوکر) ایسا چلے گا کہ گویا اس نے اپنے آپ کو دوزخ سے بچالیا ہے۔ اس کی روایت مسلم نے کی ہے۔

ف اشعۃ اللمعات میں لکھا ہے مسلمان ہر دن ان اعمال کو انجام دیتا رہے تاکہ دوزخ سے اس کی برائت ہر روز لکھی جایا کرے۔ ۱۲۔

۲۳۷۲ (۱۷) وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَرَّ رَجُلٌ بِغُصْنِ شَجَرَةٍ عَلٰى ظَهْرِ طَرِيْقٍ فَقَالَ لَاُنَحِّيَنَّ هٰذَا عَنْ طَرِيْقِ الْمُسْلِمِيْنَ لَا يُؤْذِيْهِمْ فَاُدْخِلَ بِهِ الْجَنَّةَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ ایک شخص ایک درخت کی شاخ پر گزرا، جو ٹوٹ کر درمیان راہ آگئی تھی تو اس نے کہا میں ضرور اس شاخ کو مسلمانوں کے راستہ سے دور کردوں گا، تاکہ یہ انکو تکلیف نہ دے۔ پس وہ شخص اس (کار خیر) کی وجہ سے جنت میں داخل کردیا گیا۔ اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور سے کی ہے۔

۲۳۷۳ (۱۸) وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَقَدْ رَاَيْتُ رَجُلًا يَتَقَلَّبُ فِي الْجَنَّةِ فِيْ شَجَرَةٍ قَطَعَهَا مِنْ ظَهْرِ الطَّرِيْقِ كَانَتْ تُؤْذِي النَّاسَ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ میں نے جنت میں ایک شخص کو دیکھا کہ وہ وہاں سیر کرتا پھر رہا تھا (کیونکہ اس نے دنیا میں ایک کار خیر یہ کیا تھا کہ) لوگوں کے (راستہ سے ایک درخت کو کاٹ دیا تھا جو لوگوں کو (راستہ میں ہونے کی وجہ سے) تکلیف دیا کرتا تھا۔ اس کی روایت مسلم نے کی ہے۔

MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

۲۳۷۴ (۱۹) وَعَنْ اَبِیْ بَرْزَةَ قَالَ قُلْتُ یَا نَبِیَّ اللّٰهِ عَلِّمْنِیْ شَیْئًا اَنْتَفِعُ بِهٖ قَالَ اِعْزِلِ الْاَذٰی عَنْ طَرِیْقِ الْمُسْلِمِیْنَ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو برزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا کہ یا نبی اللہ! مجھے کوئی ایسی چیز بتا دیجئے جس سے مجھے فائدہ حاصل ہو، تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تم مسلمانوں کے راستہ سے تکلیف دہ چیز کو ہٹا دیا کرو۔ اس کی روایت مسلم نے کی ہے۔

۲۳۷۵ (۲۰) وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِنَّ بِکُلِّ تَسْبِیْحَةٍ صَدَقَةً وَکُلِّ تَکْبِیْرَةٍ صَدَقَةً وَکُلِّ تَحْمِیْدَةٍ صَدَقَةً وَکُلِّ تَهْلِیْلَةٍ صَدَقَةً وَاَمْرٌ بِالْمَعْرُوْفِ صَدَقَةٌ وَنَهْیٌ عَنِ الْمُنْکَرِ صَدَقَةٌ وَفِیْ بُضْعِ اَحَدِکُمْ صَدَقَةٌ قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَیَاْتِیْ اَحَدُنَا شَهْوَتَهٗ وَیَکُوْنُ لَهٗ فِیْهَا اَجْرٌ قَالَ اَرَاَیْتُمْ لَوْ وَضَعَهَا فِیْ حَرَامٍ اَکَانَ عَلَیْهِ فِیْهِ وِزْرٌ فَکَذٰلِكَ اِذَا وَضَعَهَا فِی الْحَلَالِ کَانَ لَهٗ اَجْرٌ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ ہر دفعہ سبحان اللہ کہنے پر اور ہر دفعہ اللہ اکبر کہنے پر اور ہر دفعہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہنے پر اور ہر نیک کام کے بتانے پر اور ہر برے کام سے روکنے پر خیرات کا ثواب ملتا ہے اور (یہاں تک کہ) تم میں سے کوئی شخص اپنی بیوی سے ہم بستری کرے تو اس پر (بھی) نیکی کا ثواب ملتا ہے (یہ سن کر حیرت سے) صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا، یا رسول اللہ! کہ ہم میں سے ایک شخص اپنی خواہش نفس کی تکمیل کرتا ہو اور اس پر بھی اس کو ثواب ملتا ہے (یہ بات کیسے ممکن ہے!) تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا دیکھو! اگر وہ حرام (یعنی ناجائز) طریقہ پر اپنی خواہش نفس کی تکمیل کرتا تو کیا اس کو عذاب نہ ہوتا؟ چونکہ اس نے (حرام طریقہ سے بچ کر) حلال طریقہ سے اپنی خواہش پوری کی ہے (اور اپنی بیوی کا حق ادا کیا ہے) اس لیے (اس پر خیرات) کا ثواب ملے گا۔ اس کی روایت مسلم نے کی ہے۔

ف: اشعۃ اللمعات میں لکھا ہے کہ نفس جماع نہ تو صدقہ ہے اور نہ عبادت، البتہ کوئی شخص جماع کے ذریعہ حرام سے بچنے کے لیے اپنے نفس کی نگہداشت کرتا ہے اور اپنی بیوی کا حق بھی ادا کرتا ہے اور نیک اولاد پیدا ہونے کی نیت کرتا ہے، اس لیے اس طرح اپنی بیوی سے جماع کرنے پر مسلمان کو ثواب ملتا ہے۔ ۱۲

۲۳۷۶ (۲۱) وَعَنْ بُهَیْسَةَ عَنْ اَبِیْهَا قَالَتْ قَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا الشَّیْءُ الَّذِیْ لَا یَحِلُّ مَنْعُهٗ قَالَ الْمَاءُ قَالَ یَا نَبِیَّ

حضرت بہیسہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اپنے والد سے روایت کرتی ہیں کہ ان کے والد نے (حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے) عرض کیا، یا رسول اللہ! وہ کونسی چیز ہے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

اللّٰهِ مَا الشَّیْءُ الَّذِیْ لَا یَحِلُّ مَنْعُہٗ قَالَ الْمِلْحُ قَالَ یَا نَبِیَّ اللّٰهِ مَا الشَّیْءُ الَّذِیْ لَا یَحِلُّ مَنْعُہٗ قَالَ اِنْ تَفْعَلِ الْخَیْرَ خَیْرٌ لَّکَ ۔

(رَوَاہُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

جس سے کسی کو روکنا درست نہیں حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ وہ پانی ہے) انھوں نے پھر دریافت کیا کہ اے اللہ کے نبی (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم) (پانی کے بعد) وہ کونسی چیز ہے جس کو دینے سے انکار کرنا منع ہے؟ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا وہ نمک ہے۔ انھوں نے پھر دریافت کیا، اے اللہ کے نبی! وہ کونسی چیز ہے جس کا انکار کرنا درست نہیں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس قدر نیک کام تم سے ہو سکے تمہارے لیے بہتر ہے۔ اس کی روایت ابو داؤد نے کی ہے۔

۲۳۷۷ / ۲۲ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَا مِنْ مُّسْلِمٍ یَغْرِسُ غَرْسًا اَوْ یَزْرَعُ زَرْعًا فَیَاْکُلُ مِنْهُ اِنْسَانٌ اَوْ طَیْرٌ اَوْ بَهِیْمَةٌ اِلَّا کَانَتْ لَهٗ صَدَقَةٌ مُّتَّفَقٌ عَلَیْهِ وَفِیْ رِوَایَةٍ لِّمُسْلِمٍ عَنْ جَابِرٍ وَمَا سُرِقَ لَهٗ صَدَقَةٌ۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جو مسلمان کوئی درخت لگائے یا کھیتی بوئے اور اس میں سے کوئی انسان یا پرندہ یا جانور کچھ کھائے تو اس کو نقصان پر صبر کرنے کی وجہ سے خیرات کا ثواب ملتا ہے۔ اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔ اور مسلم کی روایت میں جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس طرح مروی ہے کہ اگر اس کے (پھل یا کھیتی سے) کچھ چوری ہو جائے تو اس پر بھی اس کو خیرات کا ثواب ملتا ہے۔

۲۳۷۸ / ۲۳ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ اَحْیَا اَرْضًا مَّیْتَةً فَلَهٗ فِیْهَا اَجْرٌ وَمَا اَکَلَتِ الْعَافِیَةُ مِنْهُ فَهُوَ لَهٗ صَدَقَةٌ۔

(رَوَاہُ النَّسَائِیُّ وَالدَّارِمِیُّ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ کسی نے بنجر زمین کو آباد کیا (یعنی افتادہ زمین میں کھیتی کی)، تو اس میں بھی اس کے لیے ثواب ہے اور کھیتی کا کسی وجہ نقصان ہو جائے (یعنی سیلاب آجائے یا جانور کھا جائے یا انسان لے جائے اور اس پر وہ صبر کرے) تو اس کو خیرات کا ثواب ملتا ہے۔ اس کی روایت نسائی اور دارمی نے کی ہے۔

۲۳۷۹ / ۲۴ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ نِعْمَ الصَّدَقَۃُ اللَّقْحَۃُ الصَّفِیُّ مِنْحَۃً وَّالشَّاۃُ الصَّفِیُّ مِنْحَۃً تَغْدُوْ بِاِنَاءٍ وَّتَرُوْحُ بِاٰخَرَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ بہترین صدقہ زیادہ دودھ دینے والی اونٹنی جو کسی کو مستعار دی جائے (تاکہ وہ اس کے دودھ سے فائدہ حاصل کرنے کے بعد اس کو واپس کر دے) یا بہترین صدقہ) وہ زیادہ دودھ دینے والی بکریاں ہے جو کسی کو مستعار دی جائیں کہ وہ صبح کو برتن بھر کر دودھ دیتی ہو، اور شام کو بھی برتن بھر کر دودھ دیتی ہو اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

ف: اس حدیث میں مِنْحَۃٌ کا لفظ مذکور ہے اور مِنْحَۃ، عطیہ کو کہتے ہیں اور یہ عموماً اونٹ گائے اور بکری میں ہوا کرتا تھا، عرب میں یہ معمول تھا کہ صاحب ثروت جس کو اللہ تعالیٰ توفیق دے۔ وہ دودھ والی اونٹنی گائے یا بکری کسی محتاج کو مستعار دیتا تاکہ وہ دودھ استعمال کرنے کے بعد مالک کو پھر واپس کر دئے، اس کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے بہت پسند فرمایا اور اس کی تعریف کی ہے۔ مرقات اشعۃ اللمعات۔ ۱۲

$\frac{۲۳۸۰}{۲۵}$ وَعَنِ الْبَرَاءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ مَنْ مَّنَحَ مِنْحَۃَ لَبَنٍ اَوْ وَرِقٍ اَوْ ھَدٰی زُقَاقًا کَانَ لَہٗ مِثْلَ عِتْقِ رَقَبَۃٍ۔

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت براء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں اگر کوئی شخص کسی کو دودھ دینے والا جانور عاریۃً دے یا کچھ رقم بطور قرض دے یا کسی کو گلی کوچہ میں راہ بتا دے (کہ وہ اپنے منزل مقصود تک پہنچ سکے) تو اس کو غلام یا باندی آزاد کرنے کے برابر ثواب ملے گا، اس کی روایت ترمذی نے کی ہے۔

$\frac{۲۳۸۱}{۲۶}$ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ غُفِرَ لِاِمْرَاَۃٍ مُوْمِسَۃٍ مَرَّتْ بِکَلْبٍ عَلٰی رَاْسِ رَکِیٍّ یَلْھَثُ کَادَ یَقْتُلُہُ الْعَطَشُ فَنَزَعَتْ خُفَّھَا فَاَوْثَقَتْہُ بِخِمَارِھَا فَنَزَعَتْ لَہٗ مِنَ الْمَاءِ فَغُفِرَ لَھَا بِذٰلِکَ قِیْلَ اِنَّ لَنَا فِی الْبَھَائِمِ اَجْرًا قَالَ فِیْ کُلِّ ذَاتِ کَبِدٍ رَطْبَۃٍ اَجْرٌ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ ایک بدکار عورت کی بخشش (محض) اس بناء پر ہو گئی (کہ اس نے ایک پیاسے کتے کو پانی پلایا تھا) جب کہ وہ راستہ سے گزر رہی تھی تو اس نے ایک کتے کو کنویں کے پاس دیکھا جو پیاس کے مارے) اپنی جان باہر نکالے ہوا تھا اور قریب تھا کہ وہ (پیاس کی شدت کے مارے) ہلاک ہو جائے

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

پس اس نے اپنا موزہ نکالا اور اس کو اپنی اوڑھنی سے باندھ کر کنویں سے پانی کھینچا اور کتے کو پلایا، اس کام کے صلہ میں اس عورت کو بخش دیا گیا صحابہ کرام نے عرض کیا کہ کیا جانوروں پر احسان کرنے میں بھی ہم کو ثواب ملتا ہے؟ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا، ہاں! ہر جاندار کے ساتھ احسان کرنے میں ثواب ملتا ہے۔ اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

۲۳۸۲
۲۷ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ عُذِّبَتْ اِمْرَاَةٌ فِيْ هِرَّةٍ اَمْسَكَتْهَا حَتّٰى مَاتَتْ مِنَ الْجُوْعِ فَلَمْ تَكُنْ تُطْعِمُهَا وَلَا تُرْسِلُهَا فَتَاْكُلُ مِنْ خَشَاشِ الْاَرْضِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے یہ دونوں حضرات فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ ایک عورت کو (مخص) ایک بلی کی وجہ سے عذاب دیا گیا کہ جس نے ایک بلی کو باندھ رکھا تھا، یہاں تک کہ وہ بھوک سے مرگئی نہ تو وہ اس کو کھلاتی اور نہ کھلا چھوڑتی کہ وہ زمین کے جانور (مثلاً چوہے وغیرہ) کھاتی (اور اپنا پیٹ بھرتی) اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

۲۳۸۳
۲۸ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ قَالَ لَمَّا قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةَ جِئْتُ فَلَمَّا تَبَيَّنْتُ وَجْهَهٗ عَرَفْتُ اِنَّ وَجْهَهٗ لَيْسَ بِوَجْهِ كَذَّابٍ فَكَانَ اَوَّلُ مَا قَالَ يَا اَيُّهَا النَّاسُ اَفْشُوا السَّلَامَ وَاَطْعِمُوا الطَّعَامَ وَصِلُوا الْاَرْحَامَ وَصَلُّوْا بِاللَّيْلِ وَالنَّاسُ نِيَامٌ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ بِسَلَامٍ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت عبد اللہ بن سلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ جب نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم مدینہ منورہ تشریف لائے تو میں (آپ کی خدمت میں) حاضر ہوا[1] تو جوں ہی میری نظر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے رخ انور پر پڑی، تو میں نے دیکھتے ہی پہچان لیا کہ ایسی زیبا صورت کسی جھوٹے شخص کی نہیں ہو سکتی (مدینہ پاک پہنچنے کے بعد لوگوں کو جمع کر کے) پہلی چیز جو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمائی وہ یہ تھی کہ اے لوگو! سلام کو رواج دو[2] اور (لوگوں کو) کھانا کھلاؤ اور رشتہ داروں کے ساتھ نیک سلوک کیا کرو۔ رات میں اس وقت نماز پڑھا

لہ تاکہ آپ کے حالات معلوم کرکے دعوائے نبوت کی تصدیق کروں اور اسلام لاؤں)
ٹہ یعنی کثرت سے سلام کیا کرو اور پکار کر سلام کرو، چاہے وہ اپنا ہو یا پرایا ہو)

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

پس اس نے اپنا موزہ نکالا اور اس کو اپنی اوڑھنی سے باندھ کر کنویں سے پانی کھینچا اور کتے کو پلایا اس کام کے صلہ میں اس عورت کو بخش دیا گیا صحابہ کرام نے عرض کیا کہ کیا جانوروں پر احسان کرنے میں بھی ہم کو ثواب ملتا ہے؟ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا، ہاں! ہر جاندار کے ساتھ احسان کرنے میں ثواب ملتا ہے۔ اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

۲۳۸۲ / ۲۷ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ عُذِّبَتْ اِمْرَاَةٌ فِيْ هِرَّةٍ اَمْسَكَتْهَا حَتّٰى مَاتَتْ مِنَ الْجُوْعِ فَلَمْ تَكُنْ تُطْعِمُهَا وَلَا تُرْسِلُهَا فَتَاْكُلُ مِنْ خَشَاشِ الْاَرْضِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے یہ دونوں حضرات فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ ایک عورت کو (محض) ایک بلی کی وجہ سے عذاب دیا گیا کہ جس نے ایک بلی کو باندھ رکھا تھا، یہاں تک کہ وہ بھوک سے مر گئی نہ تو وہ اس کو کھلاتی اور نہ کھلا چھوڑتی کہ وہ زمین کے جانور (مثلاً چوہے وغیرہ) کھاتی اور اپنا پیٹ بھرتی) اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

۲۳۸۳ / ۲۸ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ قَالَ لَمَّا قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةَ جِئْتُ فَلَمَّا تَبَيَّنْتُ وَجْهَهٗ عَرَفْتُ اَنَّ وَجْهَهٗ لَيْسَ بِوَجْهِ كَذَّابٍ فَكَانَ اَوَّلُ مَا قَالَ يَا اَيُّهَا النَّاسُ اَفْشُوا السَّلَامَ وَاَطْعِمُوا الطَّعَامَ وَصِلُوا الْاَرْحَامَ وَصَلُّوْا بِاللَّيْلِ وَالنَّاسُ نِيَامٌ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ بِسَلَامٍ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت عبد اللہ بن سلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ جب نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم مدینہ منورہ تشریف لائے تو میں (آپ کی خدمت میں) حاضر ہوا[1] تو جوں ہی میری نظر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے رخ انور پر پڑی، تو میں نے دیکھتے ہی پہچان لیا کہ ایسی زیبا صورت کسی جھوٹے شخص کی نہیں ہو سکتی (مدینہ پاک پہنچنے کے بعد لوگوں کو جمع کر کے) پہلی چیز جو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمائی وہ یہ تھی کہ اے لوگو! سلام کو رواج دو[2] اور (لوگوں کو) کھانا کھلاؤ اور رشتہ داروں کے ساتھ نیک سلوک کیا کرو۔ رات میں اس وقت نماز پڑھا

لہ تاکہ آپ کے حالات معلوم کر کے دعوائے نبوت کی تصدیق کروں اور اسلام لاؤں۔

۲ہ یعنی کثرت سے سلام کیا کرو اور پکار کر سلام کرو، چاہے وہ اپنا ہو یا پرایا ہو۔

MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

کرو جب کہ لوگ سوتے ہوں (تاکہ تم کو یکسوئی اور دلجمی حاصل ہو) تو تم (ان کاموں کے صلہ میں) سلامتی کے ساتھ جنت میں داخل ہو جاؤ گے۔ اس کی روایت ترمذی ابن ماجہ اور دارمی نے کی ہے۔

۲۳۸۴ (۲۹) وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اُعْبُدُوا الرَّحْمٰنَ وَاَطْعِمُوا الطَّعَامَ وَاَفْشُوا السَّلَامَ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ بِسَلَامٍ.

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ اللہ بزرگ و برتر کی عبادت کرو (جس نے اپنی رحمت سے تم کو قسم قسم کی نعمتیں عطا فرمائی ہیں) اور (لوگوں کو) کھانا کھلاؤ اور سلام کو رواج دو[1] تو تم (ان کاموں کے صلہ میں) سلامتی کے ساتھ جنت میں داخل ہو جاؤ گے۔ اس کی روایت ترمذی اور ابن ماجہ نے کی ہے۔

۲۳۸۵ (۳۰) وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِنَّ الصَّدَقَةَ لَتُطْفِئُ غَضَبَ الرَّبِّ وَتَدْفَعُ مِيْتَةَ السُّوْءِ.

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ صدقہ اللہ تعالیٰ کے غضب کو ٹھنڈا کرتا ہے اور بُرے خاتمہ سے بچاتا ہے اس کی روایت ترمذی نے کی ہے۔

ف: صاحب مرقات اور اشعۃ اللمعات نے سوء خاتمہ کی دو صورتیں بیان کی ہیں۔ ایک یہ کہ انسان موت کے وقت غفلت، وسوسے، اور جزع فزع میں مبتلا ہو جائے اور شہادت ایمان پر خاتمہ نہ ہو۔ دوسری صورت یہ ہے کہ موت اچانک جلنے، ڈوبنے اور دب کر مرنے سے واقع ہو تو خیرات کرنے سے اللہ تعالیٰ سوء خاتمہ کی ان دونوں صورتوں سے بچاتے ہیں اور دنیا و آخرت کی سلامتی عطا فرماتے ہیں ۱۲۔

۲۳۸۶ (۳۱) وَعَنْ مَرْثَدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنِيْ بَعْضُ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ ظِلَّ الْمُؤْمِنِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ صَدَقَتُهٗ.

مرثد بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے ایک صحابی نے مجھ سے یہ حدیث بیان فرمائی ہے کہ ان صحابی نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے سنا ہے کہ قیامت کے دن مسلمان کا صدقہ اس کے لیے سایہ کا کام دے گا (یعنی قیامت

[1] یعنی کثرت سے سلام کیا کرو، اور آواز بلند اپنے اور پرائے بیگانے کو سلام کیا کرو۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

(رَوَاهُ اَحْمَدُ)

کی گرمی سے راحت و آرام کا سبب ہوگا، اس کی روایت امام احمد نے کی ہے۔

۲۳۸۷ / ۳۲ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّهُمْ ذَبَحُوْا شَاةً فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَا بَقِيَ مِنْهَا قَالَتْ مَا بَقِيَ مِنْهَا اِلَّا كَتِفُهَا قَالَ بَقِيَ كُلُّهَا غَيْرَ كَتِفِهَا۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَصَحَّحَهُ)

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے، وہ فرماتی ہیں کہ (حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے اہل بیت میں سے کسی نے ایک بکری ذبح کی اور اس کو فقراء اور پڑوسیوں میں تقسیم کیا جب) حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم (گھر) تشریف لائے تو دریافت فرمایا (کیا) اس بکری میں (تقسیم کے بعد) کچھ باقی رہ گیا ہے؟ تو ام المومنین جواب دیں کہ (صرف ایک دست باقی رہ گیا ہے اس میں) حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ نہیں پوری بکری باقی ہے، سوائے اس دست کے جو (گھر میں) رہ گیا ہے (یعنی جو کچھ اللہ کی راہ میں دیا گیا، اس کا ثواب اللہ کے پاس باقی ہے اور جو گھر میں بچ گیا وہ فانی ہے) اس حدیث کی روایت ترمذی نے کی ہے۔

۲۳۸۸ / ۳۳ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ يَرْفَعُهُ قَالَ ثَلَاثَةٌ يُحِبُّهُمُ اللّٰهُ رَجُلٌ قَامَ مِنَ اللَّيْلِ يَتْلُوْ كِتَابَ اللّٰهِ وَرَجُلٌ يَتَصَدَّقُ بِصَدَقَةٍ بِيَمِيْنِهٖ يُخْفِيْهَا اُرَاهُ قَالَ مِنْ شِمَالِهٖ وَرَجُلٌ كَانَ فِيْ سَرِيَّةٍ فَانْهَزَمَ اَصْحَابُهٗ فَاسْتَقْبَلَ الْعَدُوَّ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مرفوعًا روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ (رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ تین آدمی ایسے ہیں جن سے اللہ تعالیٰ محبت رکھتے ہیں، ایک وہ شخص جو رات کے وقت (نیند سے) اٹھ کر کلام اللہ (کو نماز یا غیر نماز میں) پڑھا کرتا ہو، دوسرا وہ شخص جو اپنے داہنے ہاتھ سے چھپا کر اس طرح خیرات کرے (کہ) بائیں ہاتھ کو اس کی خبر نہ ہو، تیسرا وہ شخص جو کسی جہاد میں شریک ہو، اور اس کے ساتھیوں کے قدم اکھڑ گئے لیکن وہ تنہا) دشمن کے مقابلہ میں ثابت قدم رہے۔ اس کی روایت ترمذی نے کی ہے۔

۲۳۸۹ / ۳۴ وَعَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ ثَلَاثَةٌ يُحِبُّهُمُ اللّٰهُ وَثَلَاثَةٌ يُبْغِضُهُمُ اللّٰهُ

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ تین شخص ہیں جن سے اللہ تعالیٰ محبت کرتے

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

فَاَمَّا الَّذِیْنَ یُحِبُّھُمُ اللّٰہُ فَرَجُلٌ اَتٰی قَوْمًا فَسَاَلَھُمْ بِاللّٰہِ وَلَمْ یَسْاَلْھُمْ لِقَرَابَۃٍ بَیْنَہٗ وَبَیْنَھُمْ فَمَنَعُوْہُ فَتَخَلَّفَ رَجُلٌ بِاَعْیَانِھِمْ فَاَعْطَاہُ سِرًّا لَا یَعْلَمُ بِعَطِیَّتِہٖ اِلَّا اللّٰہُ وَالَّذِیْ اَعْطَاہُ وَقَوْمٌ سَارُوْا لَیْلَتَھُمْ حَتّٰٓی اِذَا کَانَ النَّوْمُ اَحَبَّ اِلَیْھِمْ مِمَّا یَعْدِلُ بِہٖ فَوَضَعُوْا رُءُوْسَھُمْ فَقَامَ یَتَمَلَّقُنِیْ وَیَتْلُوْا اٰیَاتِیْ وَرَجُلٌ کَانَ فِیْ سَرِیَّۃٍ فَلَقِیَ الْعَدُوَّ فَھُزِمُوْا فَاَقْبَلَ بِصَدْرِہٖ حَتّٰی یُقْتَلَ اَوْ یُفْتَحَ لَہٗ وَالثَّلَاثَۃُ الَّذِیْنَ یُبْغِضُھُمُ اللّٰہُ الشَّیْخُ الزَّانِیْ وَالْفَقِیْرُ الْمُخْتَالُ وَالْغَنِیُّ الظَّلُوْمُ۔

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَالنَّسَآئِیُّ)

ہیں اور تین شخص ایسے ہیں کہ جن سے اللہ تعالیٰ ناراض ہوتے ہیں۔ پس وہ تین آدمی جن سے اللہ تعالیٰ محبت رکھتے ہیں ان میں سے ایک وہ ہے (جس نے اللہ کے نام پر مانگنے والے کو صدقہ دیا) جب کہ ایک سائل ایک جماعت کے پاس آیا اور اللہ کے نام پر مانگا اور ان لوگوں سے قرابت کا واسطہ دے کر نہیں مانگا، ان لوگوں میں سے کسی نے اس کو کچھ نہیں دیا، انھیں میں سے ایک شخص (چپکے سے اُٹھ کر) باہر آیا اور اس طرح (دعا مانگنے والے) کو اس طرح چھپا کر دیا کہ سوائے خدا کے اور اس شخص کے کہ جس کو دیا گیا کسی کو معلوم نہ ہو سکا[1]۔ دوسرا وہ شخص ہے جو سب کو رات میں سوتا چھوڑ کر خدا کی عبادت کرتا ہو جب کہ) لوگ رات میں سفر کر رہے ہوں، یہاں تک جب نیند اُن پر غالب آگئی اور وہ سو گئے انھیں میں سے ایک شخص (سب کو سوتا چھوڑ کر) اٹھا (اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں) اور میرے سامنے گڑگڑانے لگا اور میرے کلام کی تلاوت میں مشغول ہو گیا۔ اور (تیسرا وہ شخص ہے جو کسی لشکر میں (شریک جہاد) تھا اور دشمن سے مقابلہ ہوا، اور اس کے ساتھیوں کے قدم اکھڑ گئے اور وہ (دشمن کے مقابلہ میں سینہ تانے ثابت قدم رہا۔ یہاں تک کہ اپنی جان دیدی یا اس کو فتح حاصل ہوئی ایسا شخص بھی اللہ تعالیٰ کے ہاں محبوب ہے) اور وہ تین شخص جن پر اللہ تعالیٰ غضبناک ہوتے ہیں وہ یہ ہیں (ایک) زناکار بوڑھا (دوسرے) تکبر کرنے والا فقیر اور (تیسرے) وہ دولت مند جو ظلم کرتا ہو۔ اس کی روایت ترمذی اور نسائی نے کی ہے۔

۲۳۹۰/۳۵ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد

[1]: یہی وہ سائل کو دینے والا شخص ہے جس سے اللہ تعالیٰ محبت رکھتے ہیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

لَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ الْاَرْضَ جَعَلَتْ تَمِيْدُ فَخَلَقَ الْجِبَالَ فَقَالَ بِهَا عَلَيْهَا فَاسْتَقَرَّتْ فَعَجِبَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ مِنْ شِدَّةِ الْجِبَالِ فَقَالُوْا يَا رَبِّ هَلْ مِنْ خَلْقِكَ شَيْءٌ اَشَدُّ مِنَ الْجِبَالِ قَالَ نَعَمْ اَلْحَدِيْدُ فَقَالُوْا يَا رَبِّ هَلْ مِنْ خَلْقِكَ شَيْءٌ اَشَدُّ مِنَ الْحَدِيْدِ قَالَ نَعَمْ اَلنَّارُ فَقَالُوْا يَا رَبِّ هَلْ مِنْ خَلْقِكَ شَيْءٌ اَشَدُّ مِنَ النَّارِ قَالَ نَعَمْ اَلْمَآءُ فَقَالُوْا يَا رَبِّ هَلْ مِنْ خَلْقِكَ شَيْءٌ اَشَدُّ مِنَ الْمَآءِ قَالَ نَعَمْ اَلرِّيْحُ فَقَالُوْا يَا رَبِّ هَلْ مِنْ خَلْقِكَ شَيْءٌ اَشَدُّ مِنَ الرِّيْحِ قَالَ نَعَمْ اِبْنُ اٰدَمَ تَصَدَّقَ صَدَقَةً بِيَمِيْنِهٖ يُخْفِيْهَا مِنْ شِمَالِهٖ [1]

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

فرماتے ہیں کہ جب اللہ تعالیٰ نے زمین کو پیدا کیا تو (وہ ہلنے لگی، تو (اس کو ٹھہرانے کے لیے) اللہ تعالیٰ نے پہاڑ پیدا کئے اور پہاڑوں کو زمین پر ٹھہرایا تو زمین کا ہلنا بند ہو گیا اور اس کو قرار حاصل ہو گیا تو فرشتے پہاڑوں کی سختی (کو دیکھ کر) اس سے حیران رہ گئے اور عرض کرنے لگے اے پروردگار کیا آپ کی مخلوق میں پہاڑوں سے بڑھ کر بھی کوئی سخت چیز ہے؟ تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا، ہاں! (وہ) لوہا ہے (جو پہاڑ سے سخت ہے کہ وہ پتھر کو توڑ دیتا ہے فرشتوں نے حیرت سے) پھر پوچھا، اے پروردگار! کیا آپ کی مخلوق میں لوہے سے بھی سخت کوئی چیز ہے؟ تو اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہاں (وہ) آگ ہے (جو لوہے سے سخت ہے کہ لوہے کو نرم کر دیتی ہے) فرشتوں نے پھر عرض کیا، اے پروردگار! کیا آپ کی مخلوق میں آگ سے بھی سخت کوئی چیز ہے؟ تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا، ہاں! (وہ) پانی ہے (جو آگ کو بجھا دیتا ہے) فرشتوں نے پھر عرض کیا، اے پروردگار کیا آپ کی مخلوق میں پانی سے بھی سخت تر کوئی چیز ہے؟ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا، ہاں! (وہ) ہوا ہے (جو پانی پر غالب ہے کہ) پانی کو اڑا لے جاتی ہے تو فرشتوں نے پھر عرض کیا، اے پروردگار! کیا آپ کی مخلوق میں ہوا سے بھی سخت تر کوئی چیز ہے؟ تو اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا، ہاں (وہ) انسان ہے (جو سب سے زیادہ سخت اور قوی ہے) کہ جو اپنے سیدھے ہاتھ سے اس طرح چھپا کر خیرات کرتا ہے کہ اس کے بائیں ہاتھ کو بھی خبر نہیں ہوتی۔ اس حدیث کی روایت ترمذی نے کی ہے۔

۲۳۹۱ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ
۳۶
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَيُّمَا

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ

[1] (وہ) اس لیے کہ اس نے نفس کو ریا دکھاوے اور شیطانی وسوسوں سے بچایا اور جبلی عادتوں کا مقابلہ کیا اور اخلاص سے خیرات کر کے اللہ کی رضامندی حاصل کی اور اللہ تعالیٰ کے غضب کو ٹھنڈا کیا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

مُسْلِمٍ كَسَا مُسْلِمًا ثَوْبًا عَلٰى عُرْيٍ كَسَاهُ اللّٰهُ مِنْ خُضْرِ الْجَنَّةِ وَاَيُّمَا مُسْلِمٍ اَطْعَمَ مُسْلِمًا عَلٰى جُوْعٍ اَطْعَمَهُ اللّٰهُ مِنْ ثِمَارِ الْجَنَّةِ وَاَيُّمَا مُسْلِمٍ سَقٰى مُسْلِمًا عَلٰى ظَمَاٍ سَقَاهُ اللّٰهُ مِنَ الرَّحِيْقِ الْمَخْتُوْمِ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ)

علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں جو مسلمان کسی برہنہ مسلمان کو کپڑا پہنا دے تو اللہ تعالیٰ اس کو جنت کا سبز لباس پہنائیں گے اور جو مسلمان کسی بھوکے مسلمان کو کھانا کھلائے تو اللہ تعالیٰ اس کو جنت کے پھل کھلائیں گے اور جو مسلمان کسی پیاسے مسلمان کو پانی پلائے تو اللہ تعالیٰ اس کو جنت کی مہر لگی ہوئی شراب (طہور) پلائیں گے۔ اس کی روایت ابوداؤد اور ترمذی نے کی ہے۔

۲۳۹۲ [۳۷] وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَا مِنْ مُّسْلِمٍ ثَوْبًا اِلَّا كَانَ فِيْ حِفْظٍ مِّنَ اللّٰهِ مَا دَامَ عَلَيْهِ مِنْهُ خِرْقَةٌ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو ارشاد فرماتے سنا ہے کہ جس کسی مسلمان نے کسی کو کوئی کپڑا پہنا دیا تو یہ (پہنانے والا مسلمان اس وقت تک اللہ کی حفاظت (اور امان) میں رہے گا جب تک کہ اس کپڑے کی ایک دھجی بھی اس کے (یعنی پہننے والے کے جسم) پر باقی رہے۔ اس کی روایت امام احمد اور ترمذی نے کی ہے۔

۲۳۹۳ [۳۸] وَعَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اُمَّ سَعْدٍ مَاتَتْ فَاَيُّ الصَّدَقَةِ اَفْضَلُ قَالَ الْمَاءُ فَحَفَرَ بِئْرًا وَقَالَ هٰذِهٖ لِاُمِّ سَعْدٍ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، انھوں نے عرض کیا، یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ام سعد یعنی میری ماں کا انتقال ہو گیا ہے (اور میں اس کی روح پر ایصال ثواب کے لیے کچھ خیرات کرنا چاہتا ہوں ارشاد ہو کہ) کونسی خیرات افضل ہے (جس سے ان کو ثواب پہونچے) حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ پانی[لہ] تو حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کنواں کھودا، اور کہا، یہ کنواں ام سعد (پر ایصال ثواب) کے لیے (وقف ہے) اس کی روایت ابوداؤد اور نسائی نے کی ہے۔

۲۳۹۴ [۳۹] وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

لہ بہترین صدقہ ہے، اس لیے تم کنواں کھدواؤ تاکہ سب کو اس سے فائدہ پہونچے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

مَنْ وَسَّعَ عَلٰى عِيَالِهٖ فِيْ نَفَقَتِهٖ يَوْمَ عَاشُوْرَآءَ وَسَّعَ اللّٰهُ عَلَيْهِ سَائِرَ سَنَتِهٖ قَالَ سُفْيَانُ اِنَّا قَدْ جَرَّبْنَاهُ فَوَجَدْنَاهُ كَذٰلِكَ رَوَاهُ رَزِيْنٌ وَرَوَى الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ عَنْهُ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَاَبِيْ سَعِيْدٍ وَجَابِرٍ وَضَعَّفَهٗ قَالَ الْعِرَاقِيُّ لَهٗ طُرُقٌ صَحِيْحٌ بَعْضُهَا وَبَعْضُهَا عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ۔

بَابُ اَفْضَلُ الصَّدَقَةِ

۲۳۹۵ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَحَكِيْمِ بْنِ حِزَامٍ قَالَا[1] قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ خَيْرُ الصَّدَقَةِ مَا كَانَ عَنْ ظَهْرِ غِنًى وَّابْدَاْ بِمَنْ تَعُوْلُ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَمُسْلِمٌ عَنْ حَكِيْمٍ وَحْدَهٗ۔

۲۳۹۶ وَعَنْهُ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَيُّ الصَّدَقَةِ[2] اَفْضَلُ قَالَ جُهْدُ الْمُقِلِّ وَابْدَاْ بِمَنْ تَعُوْلُ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

۲۳۹۷ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ[3] صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَفْضَلُ

ارشاد فرماتے ہیں کہ جو شخص عاشوراء کے دن اپنے اہل وعیال پر نفقہ میں (یعنی کھانا کھلانے وغیرہ میں) وسعت کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس پر سال بھر وسعت کریں گے (یعنی خیر و برکت نازل کریں گے) حضرت سفیان ثوری (جو اس حدیث کے راویوں میں ہیں) فرماتے ہیں، کہ ہم نے اس کا بارہا تجربہ کیا اور خوب ہی پایا کہ سال بھر وسعت رہی اس حدیث کی روایت رزین نے کی ہے اور بیہقی نے بھی اس کی روایت شعب الایمان میں کی ہے۔

یہ باب بہترین صدقہ کے بیان میں ہے

حضرت ابوہریرہ اور حکیم بن حزام رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے یہ دونوں حضرات فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ بہترین خیرات وہ ہے جو ضرورت سے زائد مال میں سے دی جائے اور خرچ کی ابتداء ان لوگوں سے کرو جو تمہارے زیر پرورش ہوں۔ اس کی روایت بخاری اور مسلم نے صرف حکیم بن حزام سے روایت کی ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے انھوں نے عرض کیا، یا رسول اللہ! کونسی خیرات (ثواب کے اعتبار سے) بہترین ہے؟ تو حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ بہترین خیرات یہ ہے کہ (غریب آدمی وسعت کے لحاظ سے خیرات کرے اور خرچ کی ابتداء ان لوگوں سے کرو جو تمہارے زیر پرورش ہوں۔ اس کی روایت ابوداؤد نے کی ہے۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد

۱ کہ خیرات کے بعد بھی مال اہل وعیال کی ضرورت کے لیے باقی رہے

۲ محنت اور مشقت کر کے جو مال حاصل کرتا ہے اس سے اپنی

MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

الصَّدَقَةِ اَنْ تُشْبِعَ كَبِدًا جَائِعًا۔

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

۲۳۹۸ وَعَنْ ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَفْضَلُ دِيْنَارٍ يُنْفِقُهُ الرَّجُلُ دِيْنَارٌ يُنْفِقُهُ عَلٰى عِيَالِهٖ وَدِيْنَارٌ يُنْفِقُهُ عَلٰى دَابَّتِهٖ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَدِيْنَارٌ يُنْفِقُهُ عَلٰى اَصْحَابِهٖ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

۲۳۹۹ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ عِنْدِيْ دِيْنَارٌ قَالَ اَنْفِقْهُ عَلٰى نَفْسِكَ قَالَ عِنْدِيْ اٰخَرُ قَالَ اَنْفِقْهُ عَلٰى وَلَدِكَ قَالَ عِنْدِيْ اٰخَرُ قَالَ اَنْفِقْهُ عَلٰى اَهْلِكَ قَالَ عِنْدِيْ اٰخَرُ قَالَ اَنْفِقْهُ عَلٰى خَادِمِكَ قَالَ عِنْدِيْ اٰخَرُ قَالَ اَنْتَ اَعْلَمُ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

فرماتے ہیں کہ بہترین خیرات یہ ہے کہ تو کسی بھوکے کو (خواہ وہ مسلمان ہو، یا کافر ہو، یا جانور) پیٹ بھر کر کھانا کھلائے اس کی روایت بیہقی نے شعب الایمان میں کی ہے۔

حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ بہترین دینار (یعنی رقم) وہ دینار ہے جس کو آدمی اپنے اہل وعیال پر خرچ کرے اور وہ دینار (بھی بہترین) ہے جس کو آدمی اپنی جہاد کی سواری پر خرچ کرے اور وہ دینار (بھی بہترین) ہے جس کو آدمی اپنے جہاد کرنے والے ساتھیوں پر خرچ کرے۔ اس کی روایت مسلم نے کی ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ایک صحابی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کرنے لگا (یا رسول اللہ!) میرے پاس دینار ہیں، ارشاد فرمائیں کہ میں ان کو کیسے خرچ کروں) حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ (پہلے) تو اس کو اپنی ذات پر خرچ کر، انھوں نے عرض کیا کہ (اس کے بعد بھی) میرے پاس (دینار) رہ جاتے ہیں تو حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اس کو تو اپنی اولاد پر خرچ کر، انھوں نے (پھر) عرض کیا کہ (اس کے بعد بھی) میرے پاس اور دینار (باقی) رہ جاتے ہیں، تو حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تو اس کو اپنی بیوی پر خرچ کر، انھوں نے (پھر) عرض کیا (اس کے بعد بھی) میرے پاس اور دینار (باقی) رہ جاتے ہیں تو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تو اس کو اپنے خادم پر خرچ کر، انھوں نے (پھر) عرض کیا کہ میرے پاس اور دینار رہ جاتے ہیں، تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تم خود سمجھ دار ہو۔

MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

(اس لیے تم جس کو مستحق سمجھتے ہو اس کو دیدو) اس حدیث کی روایت ابوداؤد اور نسائی نے کی ہے۔

۲۴۰۰ (۶) وَعَنْ اَبِیْ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اِذَا اَنْفَقَ الْمُسْلِمُ نَفَقَۃً عَلٰی اَھْلِہٖ وَھُوَ یَحْتَسِبُھَا کَانَتْ لَہٗ صَدَقَۃً۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابومسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں (جب کوئی مسلمان اپنے اہل وعیال پر ثواب کی نیت سے خرچ کرتا ہے تو اس کو خیرات کا ثواب ملتا ہے۔ اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

۲۴۰۱ (۷) وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ دِیْنَارٌ اَنْفَقْتَہٗ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَدِیْنَارٌ اَنْفَقْتَہٗ فِیْ رَقَبَۃٍ وَدِیْنَارٌ تَصَدَّقْتَ بِہٖ عَلٰی مِسْکِیْنٍ وَدِیْنَارٌ اَنْفَقْتَہٗ عَلٰی اَھْلِکَ اَعْظَمُھَا اَجْرًا اِلَّذِیْ اَنْفَقْتَہٗ عَلٰی اَھْلِکَ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے کہ (انسان اپنے مال کو کئی طریقوں سے خرچ کرتا ہے) ایک (خرچ تو) وہ دینار ہے جس کو تم راہ خدا میں (یعنی جہاد، یا حج یا طلب علم) میں خرچ کرتے ہو، اور ایک دینار وہ ہے جس کو تم غلام باندی آزاد کرتے میں خرچ کرتے ہو، اور ایک دینار وہ ہے جس کو تم مسکین پر خیرات کرتے ہو، اور ایک دینار وہ ہے جس کو تم اپنے اہل وعیال پر خرچ کرتے ہو[1] لیکن وہ دینار جس کو تم نے اپنے اہل وعیال پر خرچ کیا ہو، وہ ثواب کے اعتبار سے سب سے افضل ہے۔ اس کی روایت مسلم نے کی ہے۔

۲۴۰۲ (۸) وَعَنْ اُمِّ سَلَمَۃَ قَالَتْ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَلِیَ اَجْرٌ اَنْ اُنْفِقَ عَلٰی بَنِیْ سَلَمَۃَ اِنَّمَا ھُمْ بَنِیَّ فَقَالَ اَنْفِقِیْ عَلَیْھِمْ فَلَکِ اَجْرُ مَا اَنْفَقْتِ عَلَیْھِمْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے، وہ فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ اگر میں ابوسلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کے بچوں پر جو میرے ہی بطن سے ہیں، خرچ کروں تو کیا مجھے ثواب ملے گا۔ تو حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے کہ تم ان پر خرچ کرتی جاؤ، تم جو کچھ خرچ کرو گی اس کا ثواب تم کو برابر ملے گا۔ اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

۲۴۰۳ (۹) وَعَنْ مَیْمُوْنَۃَ بِنْتِ الْحَارِثِ

ام المومنین حضرت میمونہ بنت الحارث رضی اللہ

[1] یوں تو ان میں سے تم کو ہر ایک دینار کے خرچ پر ثواب ملتا ہے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

اَنَّهَا اَعْتَقَتْ وَلِيْدَةً فِيْ زَمَانِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَوْ اَعْطَيْتِهَا اَخْوَالَكِ كَانَ اَعْظَمَ لِاَجْرِكِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

تعالیٰ عنہا سے روایت ہے (وہ کہتی ہیں) کہ انھوں نے ایک باندی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں آزاد کی (پھر بعد میں) حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے اس کا ذکر فرمایا، تو حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اگر تم اس (باندی) کو اپنے ماموں کو دے دیتیں (جن کو ایک خادم کی ضرورت تھی اس کا ثواب آزاد کرانے سے) زیادہ ہوتا (اس سے معلوم ہوتا ہے کہ صلہ رحمی کا ثواب خیرات کرنے سے بڑھ کر ہے) اس حدیث کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

۲۴۰۴ وَعَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ الصَّدَقَةُ عَلَى الْمِسْكِيْنِ صَدَقَةٌ وَّهِيَ عَلٰى ذِي الرَّحِمِ ثِنْتَانِ صَدَقَةٌ وَّصِلَةٌ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ۔

حضرت سلیمان بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ (اجنبی مسکین کو خیرات دینے سے (صرف) ایک خیرات کا ثواب ملتا ہے اور (غریب) قرابت دار کو خیرات دینے سے دوہرا ثواب ملتا ہے، ایک تو خیرات کا اور دوسرا صلہ رحمی کا۔ اس کی روایت امام احمد ترمذی، نسائی، ابن ماجہ اور دارمی نے کی ہے۔

۲۴۰۵ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ اَبُوْ طَلْحَةَ اَكْثَرَ الْاَنْصَارِ بِالْمَدِيْنَةِ مَالًا مِّنْ نَّخْلٍ وَّكَانَ اَحَبَّ اَمْوَالِهٖ اِلَيْهِ بِيْرُحَاءَ وَكَانَتْ مُسْتَقْبِلَةَ الْمَسْجِدِ وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَدْخُلُهَا وَيَشْرَبُ مِنْ مَّاءٍ فِيْهَا طَيِّبٍ قَالَ اَنَسٌ فَلَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ قَالَ اَبُوْ طَلْحَةَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يَقُوْلُ لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ" وَاِنَّ اَحَبَّ مَالِيْ اِلَيَّ بِيْرُحَاءَ وَاِنَّهَا صَدَقَةٌ لِّلّٰهِ تَعَالٰى

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ ابو طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، انصار مدینہ میں کھجوروں کے اعتبار سے بہت مالدار تھے اور ان کو سب سے زیادہ محبوب وہ باغ تھا جس کو بَیْرُحَاء کہتے تھے، جو مسجد نبوی کے مقابل واقع تھا اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اس میں تشریف لے جایا کرتے اور اس کا عمدہ (اور شیریں) پانی پیا کرتے تھے، حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ جب یہ آیت لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ،، (تم خیر کامل کبھی حاصل نہ کرسکو گے۔ یہاں تک کہ تم اپنی پیاری چیز کو خرچ نہ کروگے تو ابو طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کئے، یا رسول اللہ! اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ،،

أَرْجُوْ بِرَّهَا وَذُخْرَهَا عِنْدَ اللّٰهِ
فَضَعْهَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ حَيْثُ أَرَاكَ
اللّٰهُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بَخٍ بَخٍ ذٰلِكَ مَالٌ رَابِحٌ
وَقَدْ سَمِعْتُ مَا قُلْتَ وَإِنِّيْ أَرٰى
أَنْ تَجْعَلَهَا فِي الْأَقْرَبِيْنَ فَقَالَ
أَبُوْ طَلْحَةَ أَفْعَلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَسَمَهَا
أَبُوْ طَلْحَةَ فِيْ أَقَارِبِهٖ وَبَنِيْ عَمِّهٖ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اور بیرحاء (نامی باغ) مجھ کو اپنے مال میں سب سے زیادہ محبوب ہے اور یہ میں اس کو خدا کے نام پر خیرات کرنا چاہتا ہوں اور اس (کو خیرات کرنے) سے اللہ تعالیٰ کے پاس نیکی اور ذخیرہ (آخرت) کی امید رکھتا ہوں پس یا رسول اللہ آپ اس کو جہاں مناسب سمجھیں خرچ کریں (یعنی جس کو چاہیں دیدیں) (یہ سن کر) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ بخ! بخ! (واہ واہ شاباش شاباش)، یہ باغ نہایت نفع دینے والا ہے، تم نے جو کچھ کہا میں نے سن لیا (یعنی مجھے تمہارا منشا معلوم ہو گیا) اب میری رائے میں مناسب یہ معلوم ہوتا ہے کہ تم اس کو اپنے (محتاج) قرابت داروں میں تقسیم کر دو۔ تاکہ صدقہ کا بھی ثواب حاصل ہو اور صلہ رحمی کا بھی، ابو طلحہ نے عرض کیا یا رسول اللہ میں ایسا ہی کروں گا اور طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس باغ کو اپنے قرابت داروں اور چچا کے بیٹوں میں تقسیم کر دیا، اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

۲۴۰۶ وَعَنْ رَائِطَةَ بِنْتِ عَبْدِ اللّٰهِ امْرَأَةِ
۱۲
عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ وَكَانَتْ امْرَأَةً صَنْعَاءَ
وَلَيْسَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ مَالٌ فَكَانَتْ
تُنْفِقُ عَلَيْهِ وَعَلٰى وَلَدِهٖ مِنْهَا فَقَالَتْ
لَقَدْ شَغَلْتَنِيْ وَاللّٰهِ أَنْتَ وَوَلَدُكَ
عَنِ الصَّدَقَةِ فَمَا أَسْتَطِيْعُ أَنْ أَتَصَدَّقَ
مَعَكُمْ بِشَيْءٍ فَقَالَ مَا أُحِبُّ إِنْ لَمْ يَكُنْ
لَكِ فِيْ ذٰلِكَ أَجْرَانِ تَفْعَلِيْ فَسَأَلَتْ
رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ
هِيَ وَهُوَ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنِّيْ
امْرَأَةٌ ذَاتُ صَنْعَةٍ أَبِيْعُ مِنْهَا وَلَيْسَ
لِوَلَدِيْ وَلَا لِزَوْجِيْ شَيْءٌ فَيَشْغَلُوْنِيْ
فَلَا أَتَصَدَّقُ فَهَلْ لِيْ فِيْهِمْ أَجْرٌ
فَقَالَ لَكِ فِيْ ذٰلِكَ أَجْرُ مَا أَنْفَقْتِ

حضرت رائطہ بنت عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا جو حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بیوی تھیں اور جو ایک ہنرمند صحابیہ ہوئی ہیں، ان سے روایت ہے کہ جب عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ بے روزگار تھے تو یہ (اپنے ہنر کی آمدنی کو روزانہ) ان پر اور ان کی اولاد پر خرچ کیا کرتی تھیں۔ چونکہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے عورتوں کو حکم دیا تھا کہ وہ خیرات کیا کریں، (یہ ارشاد سن کر) انھوں نے (اپنے شوہر سے) کہا، خدا کی قسم! تم نے اور تمہارے بچوں نے مجھے خیرات کرنے سے روک رکھا ہے (کہ میرے ہنر کی پوری آمدنی تم پر خرچ ہو جاتی ہے) جس کی وجہ سے میں کچھ بھی خیرات نہیں کر سکتی ہوں (یہ سن کر) عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ اگر ہم پر خرچ کرنے کی وجہ سے تم ثواب سے محروم ہو رہی ہو تو مجھے بھی پسند نہیں کہ تم ہم پر خرچ کرو، تو یہ دونوں حضرات (میاں بیوی) رسول اللہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMI ISLAMIA ACADEMY

عَلَيْهِمْ فَأُنْفِقُ عَلَيْهِمْ ۔

(رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ)

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں (حاضر ہوئے اور) رائطہ نے عرض کیا، یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم میں ایک ہنرمند عورت ہوں اور (چیزیں بنا کر) فروخت کرتی ہوں اور (اس وقت) میری اولاد اور میرے خاوند کے پاس کچھ بھی (مال) نہیں ہے (چونکہ میں ان پر خرچ کرتی ہوں) اس لیے میں خیرات نہیں کرسکتی ہوں (حضور انور ارشاد ہو کہ) میری آمدنی ان پر خرچ ہو رہی ہے کیا اس کا مجھے اجر (ثواب) ملے گا؟ تو حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب تک تم ان پر خرچ کرو گی تم کو اس کا (برابر) ثواب ملتا رہے گا۔ اس لیے تم ان پر خرچ کرتی جاؤ۔ اس کی روایت امام طحاوی نے کی ہے۔

ف:۔ اس حدیث شریف سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت رائطہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اپنی روزانہ کی کمائی سے اپنے شوہر حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ، اور اپنی اولاد پر خرچ کیا کرتی تھیں۔

واضح ہو کہ حضرت رائطہ کا ان پر خرچ کرنا مدِ زکوٰۃ سے نہ تھا، اس کی دلیل شرح معانی الآثار میں اس طرح مذکور ہے کہ خود حضرت رائطہ فرماتی ہیں کہ میں ایک ہنرمند عورت ہوں اور اپنی دستکاری سے روزانہ جو کچھ بناتی ہوں اور اس کی آمدنی کو حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر خرچ کرتی ہوں، (اس سے ثابت ہوتا ہے کہ) وہ اپنی روزمرہ کی آمدنی کو ہر روز خرچ کر دیتی تھیں، اس لیے مال پر سال کے نہ گزرنے کی وجہ سے زکوٰۃ کے نصاب کا سوال ہی نہیں پیدا ہوتا تھا۔ لہذا معلوم ہوا کہ ان کا خرچ مدِ زکوٰۃ سے نہ تھا) چنانچہ حضرت رائطہ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے دریافت کیا کہ میرا حضرت ابن مسعود اور بچوں پر خرچ کرنا ثواب کا موجب ہے یا نہیں! اس سوال سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ سوال نفل خیرات کے ثواب سے متعلق تھا، نہ کہ زکوٰۃ سے۔

حضرت رائطہ کا خرچ مدِ زکوٰۃ سے نہ ہونے پر شرح معانی الآثار میں دوسری دلیل یہ ہے کہ عورت کے لیے یہ جائز نہیں ہے کہ وہ اپنی زکوٰۃ کے مال کو اپنے بچوں پر خرچ کرے، چونکہ حضرت رائطہ جس مال کو اپنے بچوں پر خرچ کرتی تھیں، اسی مال سے اپنے شوہر پر بھی خرچ کیا کرتی تھیں، اس سے معلوم ہوا کہ وہ مال جس کو بچوں پر خرچ کرتی تھیں وہ مدِ زکوٰۃ میں سے نہ تھا، اس سے ثابت ہوتا ہے کہ جو مال حضرت رائطہ اپنے شوہر پر خرچ کرتی تھیں وہ بھی مد زکوٰۃ سے نہ تھا۔ ۱۲۔

۲۴۰۷ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ يَا رَسُوْلَ
۱۳
اللّٰهِ اِنَّ لِيْ جَارَيْنِ اَيُّهُمَا اُهْدِيْ

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ آپ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

قَالَ اِلٰی اَقْرَبِهِمَا مِنْكِ بَابًا۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

وآلہ وسلم سے دریافت کیا کہ یا رسول اللہ! میرے دو پڑوسی ہیں، میں ان دو میں کس کو تحفہ دوں، تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس کا دروازہ تمہارے (دروازے) سے قریب ہو، اس کے پاس تحفہ بھیجو) اس کی روایت بخاری نے کی ہے۔

ف:۔ اس حدیث شریف میں پڑوسی کا ذکر ہے، پڑوسی کے تعین میں آئمہ کے اقوال حسب ذیل ہیں امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ پڑوسی وہ ہے کہ جس کا گھر تمہارے گھر سے ملا ہوا ہو، اور صاحبین کا قول یہ ہے کہ وہ ہر شخص جو تمہارے محلہ میں رہتا ہو اور محلہ کی مسجد کا نمازی ہو، وہ پڑوسی ہے اور امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ پڑوس کا شمار اپنے گھر کے ہر جانب سے چالیس گھر تک ہوتا ہے اور منتقی میں لکھا ہے کہ امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کا قول ہی صحیح معلوم ہوتا ہے اور اسی کی صراحت علامہ قاسم نے بھی کی ہے اور قیاس بھی یہی ہے کہ پڑوسی وہی ہے جس کا گھر تمہارے گھر سے متصل ہو (درمنتقی، کی عبارت یہاں ختم ہوئی) پڑوسی کے تعین کے بعد پڑوسی سے متعلق حقوق یہ ہیں کہ اگر پڑوسی نادار ہو تو اس کے کھانے، کپڑے اور اس کی امداد سے غافل نہ ہو، اور اگر پڑوسی کسی مصیبت اور پریشانی میں مبتلا ہو جائے تو اس کے دکھ درد میں شریک رہے اور اپنے گھر میں کھانے وغیرہ کے انتظامات کو نمایاں نہ کرے تاکہ وہ رنجیدہ نہ ہو جیسا کہ تفسیرات احمدیہ، درمختار اور ردالمحتار کی کتاب الوصایا میں مذکور ہے۔ ۱۲

۲۴۰۸/۱۴ وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِذَا طَبَخْتَ مَرَقَةً فَاَكْثِرْ مَاءَهَا وَتَعَاهَدْ جِيْرَانَكَ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو ذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جب تم (گوشت کا) شوربہ پکاؤ تو اس میں پانی زیادہ کر دو، تاکہ (تم اس کے ذریعہ سے اپنے پڑوسیوں کی مدد کر سکو) اس کی روایت مسلم نے کی ہے۔

۲۴۰۹/۱۵ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ النَّاسِ رَجُلٌ مُمْسِكٌ بِعِنَانِ فَرَسِهٖ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِالَّذِیْ يَتْلُوْهُ رَجُلٌ مُعْتَزِلٌ فِیْ غُنَيْمَةٍ لَهٗ يُؤَدِّیْ حَقَّ اللّٰهِ فِيْهَا اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِشَرِّ النَّاسِ رَجُلٌ يُسْاَلُ بِاللّٰهِ وَلَا يُعْطِیْ بِهٖ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں، کہ کیا میں تم کو سب سے بہتر آدمی کا پتہ نہ دوں، سنو! سب سے بہتر آدمی وہ ہے جو (ہر وقت) اپنے گھوڑے کی لگام تھامے جہاد فی سبیل کے لیے تیار رہتا ہے (پھر آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کیا میں تم کو اس شخص کا پتہ نہ دوں جو درجہ میں) اس کے قریب ہے (سنو یہ) وہ شخص ہے جو چند بکریوں کے ساتھ گوشہ تنہائی اختیار کرے اور ان بکریوں پر جو اللہ تعالیٰ

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

کا حق ہے (یعنی زکوٰۃ ہے) اس کو ادا کرتا ہے، پھر آپ نے ارشاد فرمایا، کیا میں تم کو سب سے بڑے آدمی کی خبر نہ دوں (سنو یہ) وہ شخص ہے جس سے اللہ کے نام کا واسطہ دے کر سوال کیا جائے اور (وہ باوجود قدرت رکھنے کے) نہ دیتا ہو، اس کی روایت ترمذی نسائی اور دارمی نے کی ہے۔

ف: اس حدیث شریف میں ارشاد ہے کہ لوگوں میں سب سے برا شخص وہ ہے جس سے سائل اللہ کے نام کا واسطہ دے کر مانگے اور وہ نہ دے، اس بارے میں ابن مبارک، کا قول مختارات میں اس طرح مذکور ہے کہ جو شخص اللہ واسطہ دے کر یا اللہ کا حق بتا کر مانگے مجھے یہ بات پسند ہے کہ ایسے سائل کو کچھ نہ دیا جائے، اس لیے کہ اس نے دنیوی مال) جس کو اللہ تعالیٰ نے حقیر فرما دیا ہے (اس کے حاصل کرنے کے لیے) اس نے اللہ کے نام کو جو عظمت اور شان والا ہے (ایسی حقیر چیز کے لیے استعمال کیا، یہ قول اس وقت پر محمول ہے جب کہ معلوم ہو کہ سائل حقیقت میں ضرورت مند نہیں ہے، اس خصوص میں طبرانی نے قوی سند کے ساتھ ایک حدیث حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے اور وہ یہ ہے کہ ابو موسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو ارشاد فرماتے سنا ہے کہ اس شخص پر لعنت ہے جو اللہ کے نام کا واسطہ دے کر سوال کرتا ہو، اور وہ شخص بھی ملعون ہے جس سے اللہ کے نام کا واسطہ دے کر سوال کیا جائے اور (وہ قدرت رکھنے اور سائل کی ضرورت سے واقف ہونے کے باوجود) سائل کو نہ دے، اگر سائل سوال کرتے وقت برا بھلا کہہ دے تو ایسی صورت میں نہ دینے والا لعنت کا مستحق نہیں ہوگا، اور ابو داؤد اور نسائی نے ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ایک روایت کی ہے جس کو ابن حبان نے صحیح قرار دیا ہے، اور حاکم نے بخاری اور مسلم کی شرط کے مطابق قرار دیا ہے اور ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے اس حدیث کو مرفوع یعنی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم تک پہونچایا ہے کہ جو شخص اللہ تعالیٰ کے نام کا واسطہ دے کر مانگے تم اس کو دیدو۔

صاحب درمختار اور ردالمحتار نے حضرت ابو موسیٰ اور حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی حدیثوں کو بیان کرنے کے بعد کہا ہے کہ مانگنے والا اور نہ دینے والا، یہ دونوں اس صورت میں لعنت کے مستحق قرار دیئے جائیں گے جب کہ مانگنے والا بے ضرورت اور اپنے مال کو بڑھانے کے لیے سوال کرے اور نہ دینے والا اس وقت ملعون ہوگا جب کہ وہ دینے کی قدرت رکھنے اور سائل کی ضرورت سے واقف ہونے کے باوجود نہ دے۔ ۱۲

۲۴۱۰/۱۶ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَنِ اسْتَعَاذَ مِنْكُمْ بِاللّٰهِ فَاَعِيْذُوْهُ وَمَنْ سَاَلَ بِاللّٰهِ فَاَعْطُوْهُ وَمَنْ دَعَاكُمْ فَاَجِيْبُوْهُ وَمَنْ صَنَعَ اِلَيْكُمْ مَعْرُوْفًا

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جو شخص (بطور فریاد کے کسی کے شر سے) اللہ کے نام پر تم سے پناہ مانگے، تو تم اس کو پناہ دیدو اور جو شخص تم سے سوال کرے اور اللہ کے نام پر کوئی

فَكَافِئُوْهُ فَادْعُوْا لَهٗ حَتّٰى تَرَوْا اَنْ قَدْ كَافَأْتُمُوْهُ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْ دَاؤُدَ وَالنَّسَائِیُّ)

چیز مانگے) تو تم اس کو دیدو اور جو شخص کھانے کی دعوت دے تو تم اس کی دعوت کو قبول کرو، اور کوئی شخص تمہارے ساتھ احسان کرے تو تم بھی (اس کے احسان) کا بدلہ دو (یعنی اس کے ساتھ کوئی نیکی کرو) اور اگر تم ایسا نہ کرسکو تو اس کے لیے دعا کرتے رہو، یہاں تک کہ تم کو یقین ہو جائے کہ تم نے اس (کے احسان) کا بدلہ چکا دیا۔ اس کی روایت امام احمد ابو داؤد اور نسائی نے کی ہے۔

ف: مرقات اور اشعۃ اللمعات میں لکھا ہے کہ احسان کرنے والے کا بدلہ احسان سے نہ کرسکیں تو کم از کم جَزَاكَ اللّٰہُ خَیْرًا (اللہ تعالیٰ تم کو اس کا بہتر بن بدلہ دے) کہہ دیں تو یہ دعا اس کے احسان کا بدلہ ہو جائے گی۔ ۱۲

۲۴۱۱ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَا يُسْاَلُ بِوَجْهِ اللّٰهِ اِلَّا الْجَنَّةُ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاؤُدَ) [۱۷]

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ اللہ کی ذات (یا اس کے نام کا واسطہ دے کر نہ اللہ سے نہ اس کے غیر سے) بجز جنت (کے کوئی اور چیز نہ مانگی جائے (یعنی لوگوں سے اللہ کا واسطہ دے کر دنیا کی کوئی چیز نہیں مانگنا چاہیئے۔ اس حدیث کی روایت ابو داؤد نے کی ہے۔

۲۴۱۲ وَعَنْ اُمِّ بُجَيْدٍ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ رُدُّوا السَّائِلَ وَلَوْ بِظِلْفٍ مُحْرَقٍ رَوَاهُ مَالِكٌ وَالنَّسَائِیُّ وَرَوَى التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْ دَاؤُدَ مَعْنَاهُ۔ [۱۸]

حضرت ام بجید رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے وہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ سائل کو (خالی ہاتھ نہ لوٹاؤ، کچھ نہ کچھ ضرور دو) اگرچہ کہ وہ جلا ہوا کھر ہی کیوں نہ ہو۔ اس کی روایت امام مالک نسائی نے کی ہے اور ترمذی اور ابو داؤد نے بھی اسی کے قریب قریب روایت کی ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

بَابُ صَدَقَةِ الْمَرْاَةِ مِنْ مَّالِ الزَّوْجِ

(اس باب میں شوہر کے مال سے بیوی کے خیرات کرنے کا بیان ہے)

۲۴۱۳ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَنْفَقَتِ الْمَرْاَةُ مِنْ طَعَامِ بَيْتِهَا غَيْرَ مُفْسِدَةٍ كَانَ لَهَا اَجْرُهَا بِمَا اَنْفَقَتْ وَلِزَوْجِهَا اَجْرُهٗ بِمَا كَسَبَ وَلِلْخَازِنِ مِثْلُ ذٰلِكَ لَا يَنْقُصُ بَعْضُهُمْ اَجْرَ بَعْضٍ شَيْئًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے وہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جب بیوی اپنے گھر کے کھانے میں سے راہ خدا میں) کچھ خیرات کرتی ہے اور اس خیرات میں اسراف نہیں ہو رہا ہو، تو اس عورت کو اس خیرات کا ثواب ملتا ہے اور اس کے شوہر کو بھی اس کمائی کا ثواب ملتا ہے (جس مال میں سے خیرات دی گئی ہے) اور اسی طرح اس داروغہ کو بھی (خیرات کا ثواب ملتا ہے جو اپنے مالک کی جانب سے اس کے مال میں سے کچھ خیرات کر دے) تینوں کو برابر پورا پورا ثواب ملتا ہے ایک کا ثواب کم کرکے دوسرے کو نہیں دیا جائے گا۔ اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

ف: مرقات میں محی السنہ کے حوالہ سے لکھا ہے کہ اکثر علماء کا اس پر اتفاق ہے کہ عورت کے لیے جائز نہیں کہ وہ اپنے شوہر کے مال سے اس کی اجازت کے بغیر خیرات کرے، خواہ وہ اجازت صراحت کے ساتھ ہو یا اشارۃً ہو، اور اسی طرح خادم کے لیے بھی جائز نہیں کہ اپنے مالک کے مال سے اس کی اجازت کے بغیر خیرات کرے، اب رہا مذکورہ حدیث شریف اور وہ حدیثیں جو بعد میں آرہی ہیں ان میں بغیر اجازت کے بیوی اور خادم کے خیرات کرنے کا جو ذکر ہے وہ اس بناء پر ہے کہ اہل حجاز کی عام عادت یہ تھی کہ وہ اپنی بیوی اور خادموں کو اجازت دے رکھتے تھے کہ اگر سائل آئے تو دیدیا کریں اور مہمان آئے تو مہمان نوازی کیا کریں، علامہ شریف جرجانی نے بھی مشکوٰۃ کے حاشیہ میں ایسا ہی کہا ہے اور علامہ عینی نے عمدۃ القاری میں کہا ہے کہ اس بارے میں مختلف حدیثیں آتی ہیں، ان میں تطبیق یعنی اختلاف کو دور کرنے کی صورت یہ ہے کہ بیوی اور خادم کو خیرات کرنے کی اجازت، کا انحصار ملک کے رواج شوہر اور مالک کی طبیعت، اور جو چیز خیرات کی جارہی ہے اس کی حیثیت پر ہوگا۔ مثلاً کسی ملک کا رواج یہ ہے کہ شوہر اور مالک کی اجازت کے بغیر وہاں خیرات دیدی جاتی ہو، یا شوہر کی طبیعت یہ ہے کہ وہ اجازت کے بغیر اپنی بیوی کی خیرات پر اور مالک اپنے خادم کی خیرات پر راضی رہتے ہوں یا جو چیز خیرات دی جا رہی ہے وہ معمولی حیثیت کی ہے اور زیادہ مدت تک رکھنے سے خراب ہو جاتی ہے، تو ان تمام صورتوں میں بیوی یا خادم کا بغیر اجازت کے خیرات کرنا جائز ہوگا، اس کے برخلاف ملک کا رواج ایسا نہ ہو، یا شوہر اور مالک

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

کی طبیعت میں بخل ہو، اور وہ اجازت کے بغیر خیرات کو پسند نہ کرتے ہوں۔ یا جو چیز خیرات دی جا رہی ہو، شوہر اور مالک کے پاس اہم ہو تو ان تمام صورتوں میں شوہر یا مالک کی اجازت کے بغیر خیرات کا دینا جائز نہ ہوگا۔ ۱۲

۲۴۱۴ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اِذَا اَنْفَقَتِ الْمَرْاَةُ مِنْ كَسْبِ زَوْجِهَا مِنْ غَیْرِ اَمْرِهٖ فَلَهَا نِصْفُ اَجْرِهٖ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں، کہ جب بیوی اپنے شوہر کے مال سے اس کے حکم کے بغیر کچھ خیرات کرے تو اس کو (پورے ثواب کا) آدھا ثواب ملے گا (اور باقی نصف اس کے شوہر کو ملے گا) اس حدیث کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

۲۴۱۵ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ فِیْ خُطْبَتِهٖ عَامَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ لَا تُنْفِقُ امْرَاَةٌ شَیْئًا مِّنْ بَیْتِ زَوْجِهَا اِلَّا بِاِذْنِ زَوْجِهَا قِیْلَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلَا الطَّعَامُ قَالَ ذٰلِكَ اَفْضَلُ اَمْوَالِنَا۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو حجۃ الوداع کے خطبہ میں یہ فرماتے سنا ہے کہ بیوی اپنے شوہر کے گھر سے اس کی اجازت کے بغیر کوئی مال خرچ نہ کرے (اس پر) حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا گیا، یا رسول اللہ! کیا کھانے میں سے بھی؟ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا (نہیں کھانا بھی خیرات نہ کرے) کھانا تو ہمارا بہترین مال ہے، اس کی روایت ترمذی نے کی ہے۔

۲۴۱۶ وَعَنْ سَعْدٍ قَالَ لَمَّا بَایَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ النِّسَآءَ قَامَتِ امْرَاَةٌ جَلِیْلَةٌ كَاَنَّهَا مِنْ نِّسَآءِ مُضَرَ فَقَالَتْ یَا نَبِیَّ اللّٰهِ اِنَّا كَلٌّ عَلٰی اٰبَآئِنَا وَاَزْوَاجِنَا مَا یَحِلُّ لَنَا مِنْ اَمْوَالِهِمْ قَالَ الرَّطْبُ تَاْكُلْنَهٗ وَتُهْدِیْنَهٗ۔

(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے عورتوں سے بیعت لی تو (ایک قوی اور جسیم عورت کھڑی ہوئی جو غالباً قبیلہ مضر کی عورتوں میں سے تھیں عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم) ہم اپنے باپ بیٹے اور شوہروں کے زیر پرورش ہوتی ہیں (ارشاد فرمائیے کہ ان کی اجازت کے بغیر ان کے مال سے) ہمیں کیا چیز (خیرات کرنا) جائز ہے؟ (حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ کچی چیز (جو جلد خراب

لہ اجازت کے بغیر بیوی کے لیے خیرات کرنا جائز نہیں ہے، حالانکہ وہ روپیہ پیسہ کے مقابلہ میں معمولی چیز ہے تو)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

ہو جاتی ہوں مثلاً سالن، دودھ اور کچا میوہ وغیرہ) تم ان کو کھاؤ اور ہدیہ کے طور پر بھی بھیج سکتی ہو (جس کا عام طور پر رواج بھی ہے) اس کی روایت ابو داؤد نے کی ہے۔

۲۴۱۷ وَعَنْ عُمَيْرٍ مَوْلَى آبِي اللَّحْمِ قَالَ ۵ أَمَرَنِي مَوْلَايَ أَنْ أُقَدِّدَ لَحْمًا فَجَاءَنِي مِسْكِينٌ فَأَطْعَمْتُهُ مِنْهُ فَعَلِمَ بِذٰلِكَ مَوْلَايَ فَضَرَبَنِي فَأَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ فَدَعَاهُ فَقَالَ لِمَ ضَرَبْتَهُ فَقَالَ يُعْطِي طَعَامِي بِغَيْرِ أَنْ آمُرَهُ فَقَالَ الْأَجْرُ بَيْنَكُمَا وَفِي رِوَايَةٍ قَالَ كُنْتُ مَمْلُوكًا فَسَأَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ أَتَصَدَّقُ مِنْ مَالِ مَوَالِيَّ بِشَيْءٍ قَالَ نَعَمْ وَالْأَجْرُ بَيْنَكُمَا نِصْفَانِ

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عمیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، جو ابی اللحم رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ غلام ہیں، اُن سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ (ایک دفعہ) میرے آقا نے مجھے حکم دیا کہ میں گوشت کے کباب بناؤں اتنے میں ایک فقیر آ گیا، تو میں نے اس گوشت میں سے اس کو کچھ کھلا دیا میرے آقا کو جب) یہ معلوم ہوا تو انہوں نے مجھے مارا، پس میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا، اور یہ واقعہ بیان کیا تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے میرے آقا کو طلب فرمایا اور پوچھا کہ تم نے عمیر کو کیوں مارا ہے؟ انہوں نے عرض کیا کہ میری اجازت کے بغیر یہ میرا کھانا دے دیا کرتا ہے، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اس قسم کی خیرات کا تم دونوں کو ثواب ملے گا (حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا منشا یہ نہیں کہ غلام مالک کے مال میں ہر قسم کا تصرف کر سکتا ہے) بلکہ غلام کو مارنے سے منع فرمانے کا مقصد یہ تھا کہ مالک کو اس بات کی تسلی دی جائے کہ اس قسم کی خیرات سے دونوں کو ثواب ملتا ہے اور اس ثواب کو جو غلام کی خیرات سے مالک کو مل رہا ہے غنیمت سمجھنا چاہیئے۔ اور ایک دوسری روایت میں اس طرح مروی ہے کہ عمیر نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دریافت کیا کہ کیا میں اپنے آقاؤں کے مال سے کچھ خیرات کر سکتا ہوں، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہاں! (خیرات کر سکتے ہو) اور اس کا ثواب تم کو اور تمہارے مالکوں کو برابر برابر ملے گا۔

۲۴۱۸ وَعَنْ آبِي مُوسَى الْأَشْعَرِيِّ قَالَ ۶ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ الْخَازِنُ الْمُسْلِمُ الْأَمِينُ الَّذِي

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ امانت دار مسلمان خزانچی

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

يُعْطِي مَا أَمَرَ بِهِ كَامِلًا مُوَفَّرًا طَيِّبَةً بِهِ نَفْسُهُ فَيَدْفَعُهُ إِلَى الَّذِي أَمَرَ لَهُ بِهِ أَحَدُ الْمُتَصَدِّقِيْنَ - (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

جو اپنے مالک کے حکم سے مطابق بلاکم وکاست خوش دلی سے اس شخص کو خیرات دے کر جس کو مالک نے دینے کا حکم دیا ہے تو وہ بھی دو خیرات کرنے والوں میں سے ایک ہوگا (یعنی اس کو بھی مالک کی طرح خیرات کرنے کا ثواب ملے گا) اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

٢٤١٩ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ إِنَّ رَجُلًا قَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ إِنَّ أُمِّي افْتُلِتَتْ نَفْسُهَا وَأَظُنُّهَا لَوْ تَكَلَّمَتْ تَصَدَّقَتْ فَهَلْ لَهَا أَجْرٌ إِنْ تَصَدَّقْتُ عَنْهَا قَالَ نَعَمْ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِي رِوَايَةِ الدَّارَقُطْنِيِّ إِنَّ رَجُلًا سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ كَانَ لِي أَبَوَانِ أَبَرُّهُمَا حَالَ حَيَاتِهِمَا فَكَيْفَ فِي بِرِّهِمَا بَعْدَ مَوْتِهِمَا فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ إِنَّ مِنَ الْبِرِّ بَعْدَ الْمَوْتِ أَنْ تُصَلِّيَ لَهُمَا مَعَ صَلَاتِكَ وَتَصُومَ لَهُمَا مَعَ صِيَامِكَ -

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ ایک صحابی نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا کہ میری والدہ کا یکایک انتقال ہو گیا اور اس کو بات چیت کرنے کا موقع ملتا تو میرا خیال ہے کہ ضرور خیرات کرنے کی وصیت کرتی۔ اب اگر میں اس کی جانب سے خیرات دوں تو کیا اس کو اس خیرات کا ثواب ملے گا؟ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ہاں (اس کو ضرور ثواب ملے گا) اور دار قطنی کی ایک روایت میں اس طرح ہے کہ ایک صحابی نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ میرے ماں باپ جب زندہ تھے میں ان کے ساتھ اچھا سلوک کیا کرتا تھا، اب دونوں انتقال کر چکے ہیں تو ان کی موت کے بعد کس طرح ان کے ساتھ سلوک کروں تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم نماز پڑھتے ہو تو اپنی نمازوں کے ساتھ ساتھ ان کے لیے بھی نفل نماز پڑھ لیا کرو اور (اس کا ثواب ان کی ارواح کو ہدیہ دو) اسی طرح جب تم روزہ رکھتے ہو اپنے روزوں کے ساتھ ساتھ ان کے لیے بھی نفل روزہ رکھ لیا کرو۔ (اور اس کا ثواب بھی) ان کی ارواح کو ایصال کیا کرو۔

ف: اس حدیث شریف میں مذکور ہے کہ میت کو خیرات کا ثواب پہنچتا ہے ہدایہ کے باب الحج عن الغیر میں لکھا ہے کہ ہمارے علماء نے صراحت کی ہے کہ انسان کے لیے یہ جائز ہے کہ اپنے نیک عمل کا تو دوسرے کو ثواب بخشے خواہ وہ نماز ہو، یا روزہ یا خیرات اور اشعۃ اللمعات میں مذکور ہے کہ اہل سنت وجماعت کا مسلک یہ ہے کہ فرائض کے علاوہ نوافل کا ثواب دوسروں کو پہنچتا ہے، چنانچہ امام عبداللہ یافعی نے اپنی کتاب روضۃ الریاحین میں لکھا ہے کہ شیخ اجل علامہ عزالدین عبدالسلام کو وفات کے بعد خواب میں دیکھا گیا، فرما رہے تھے کہ ہم دنیا میں ایصال ثواب کے قائل نہ تھے، لیکن یہاں یعنی عالم برزخ میں آنے کے بعد معلوم ہوا کہ میت کو بھیجا ہوا ثواب پہنچتا ہے ۱۲۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

بَابُ مَنْ لَّا يَعُوْدُ فِي الصَّدَقَةِ

یہ باب اس شخص کے بیان میں ہے جس کو خیرات دے کر واپس نہ لینا چاہیئے۔

٢٢٢٠ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ حَمَلْتُ عَلٰى فَرَسٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَاَضَاعَهُ الَّذِيْ كَانَ عِنْدَهٗ فَاَرَدْتُّ اَنْ اَشْتَرِيَهٗ وَظَنَنْتُ اَنَّهٗ يَبِيْعُهٗ بِرُخْصٍ فَسَاَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَا تَشْتَرِهٖ وَلَا تَعُدْ فِيْ صَدَقَتِكَ وَاِنْ اَعْطَاكَهٗ بِدِرْهَمٍ فَاِنَّ الْعَائِدَ فِيْ صَدَقَتِهٖ كَالْكَلْبِ يَعُوْدُ فِيْ قَيْئِهٖ وَفِيْ رِوَايَةٍ لَا تَعُدْ فِيْ صَدَقَتِكَ فَاِنَّ الْعَائِدَ فِيْ صَدَقَتِهٖ كَالْعَائِدِ فِيْ قَيْئِهٖ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

امیر المومنین حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ میں نے ایک شخص کو جو جہاد میں جا رہا تھا (اور جس کے پاس گھوڑا نہ تھا) راہِ خدا میں ایک گھوڑا دے دیا اس نے اس گھوڑے کو لاپرواہی سے رکھا اور اس کو دبلا کر دیا، میں نے چاہا کہ اس کو خرید لوں، اور میرا خیال تھا کہ وہ اس کو سستی قیمت پر فروخت کر دے گا، پس میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے دریافت کیا آپ نے فرمایا اس کو نہ خریدو اور اپنے صدقہ کو واپس نہ لو، اگرچہ کہ وہ تمہیں ایک ہی درہم میں کیوں نہ بیچ دے، اس لیے کہ اپنی خیرات کو واپس لینے والا ایسے کتے کی طرح ہے جو اپنی قے کو پھر چاٹ لے اور ایک، دوسری روایت میں اس طرح ہے کہ تم اپنی خیرات کو واپس نہ لو، اس لیے کہ اپنی خیرات کو واپس لینے والا اس شخص کی طرح ہے جو اپنی قے کو پھر چاٹ لے، اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

٢٢٢١ وَعَنْ بُرَيْدَةَ قَالَ كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِذْ اَتَتْهُ امْرَاَةٌ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ تَصَدَّقْتُ عَلٰى اُمِّيْ بِجَارِيَةٍ وَاِنَّهَا مَاتَتْ قَالَ وَجَبَ اَجْرُكِ وَرَدَّهَا عَلَيْكِ الْمِيْرَاثُ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت مبارک میں بیٹھا ہوا تھا کہ اتنے میں ایک خاتون حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کی یا رسول اللہ! (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم) میں نے اپنی ماں کی خدمت کے لیے ایک باندی دی تھی اور میری والدہ کا انتقال ہو گیا (اور وہ باندی وراثت میں واپس مجھے مل گئی ہے، اب میں اس کو لے سکتی ہوں یا نہیں؟) حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا (باندی دینے کا) ثواب تو تمہیں مل گیا اور اب وراثت نے اس

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

(باندی) کو تمہارے پاس واپس کر دیا ہے (اس لیے تم اس کو لے لو) اس حدیث کی روایت مسلم نے کی ہے۔

۲۴۲۲ وَفِي رِوَايَةِ ابْنِ مَاجَةَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ[۳] قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ مَاتَ وَعَلَيْهِ صِيَامُ شَهْرٍ فَلْيُطْعَمْ عَنْهُ مَكَانَ كُلِّ يَوْمٍ مِسْكِيْنٌ قَالَ فِي الْجَوْهَرِ النَّقِيِّ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص انتقال کر جائے اور اس پر ایک مہینہ کے روزے قضاء ہوں تو (اس کے ولی کو) چاہیئے کہ ہر روزے کے بدلہ ایک مسکین کو (دو وقت کا) کھانا کھلائے اس کی روایت ابن ماجہ نے کی ہے اور الجوھر النقی میں کہا ہے کہ یہ حدیث صحیح ہے۔

۲۴۲۳ وَفِي رِوَايَةٍ لِلطَّحَاوِيِّ عَنْ عَمْرَةَ[۴] بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قُلْتُ لِعَائِشَةَ اِنَّ اُمِّيْ تُوُفِّيَتْ وَعَلَيْهَا صِيَامُ رَمَضَانَ اَيَصْلُحُ اَنْ اَقْضِيَ عَنْهَا فَقَالَتْ لَا وَلٰكِنْ تَصَدَّقِيْ عَنْهَا مَكَانَ كُلِّ يَوْمٍ عَلٰى مِسْكِيْنٍ خَيْرٌ مِّنْ صِيَامِكِ قَالَ فِي عُمْدَةِ الْقَارِيْ هٰذَا اِسْنَادٌ صَحِيْحٌ۔

حضرت عمرۃ بنت عبد الرحمن رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتی ہیں کہ میں نے ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے دریافت کیا کہ میری ماں کا انتقال ہو گیا ہے اور ان پر رمضان کے روزے قضاء رہ گئے ہیں کیا میرے لیے ان کی طرف سے روزوں کی قضاء جائز ہے؟ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا، نہیں، بلکہ ان کی طرف سے روزے رکھنے کی بجائے تمہارے لیے بہتر یہ ہے کہ تم ہر روزہ کے بدلہ ایک مسکین کو خیرات دے دیا کرو (مرقات اور عمدۃ الرعایہ میں مذکور ہے کہ ایک روزہ کے بدلہ ایک مسکین کو ایک فطرہ کی مقدار غلہ دیا جائے۔ واضح ہو کہ ایک فطرہ کی مقدار دو کیلو گیہوں ہوتے ہیں) اس حدیث کی روایت امام طحاوی نے کی ہے، اور عمدۃ القاری میں کہا ہے کہ اس حدیث کی سند صحیح ہے۔

۲۴۲۴ وَفِي رِوَايَةِ مُسْلِمٍ قَالَتْ اِنَّهَا لَمْ[۵] تَحُجَّ قَطُّ اَفَاَحُجُّ عَنْهَا قَالَ نَعَمْ حُجِّيْ عَنْهَا۔

اور مسلم کی ایک روایت میں (بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی خدمت میں حاضر تھا، ایک خاتون نے حاضر ہو کر) عرض کیا کہ میری والدہ نے حج نہیں کیا تھا (اور ان کا انتقال ہو گیا ہے) کیا میں ان کی طرف سے حج کر سکتی ہوں؟ تو حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا ہاں! تم ان کی طرف سے حج کر لو۔

ف: واضح ہو کہ عبادات کی تین قسمیں ہیں، ایک محض مالی جیسے زکوٰۃ دوسرے محض بدنی جیسے نماز، اور تیسرے مالی اور بدنی

مشترک جیسے حج ، پہلی قسم کی عبادات (یعنی محض مالی جیسے زکوٰۃ) میں اختیار اور ضرورت دونوں حالتوں میں نیابت درست ہے اس لیے کہ مالی عبادات میں نیابت سے مقصود ہے کہ اللہ کے واسطے مال خرچ کیا جائے تو حاصل ہوجاتا ہے۔

دوسری قسم کی عبادات (یعنی محض بدنی) میں کسی صورت میں (صحت ہو یا مرض) نیابت درست نہیں، اس لیے کہ بدنی عبادات میں اتعاب نفس (یعنی انسان کا اپنے نفس کو مشقت میں ڈالنا) مقصود ہے اور نیابت سے یہ حاصل نہیں ہو سکتا۔

تیسری قسم کی عبادات یعنی مالی اور بدنی مشترک میں عجز کی صورت میں نیابت درست ہے۔ بشرطیکہ وہ عجز دائمی ہو، اور حج فرض ہو چکا ہو، البتہ نفل حج ادا کرنا چاہتا ہو تو قدرت کے باوجود اپنے نائب کے ذریعہ حج بدل کروانا درست ہے۔

نیابت یہ ہے کہ کوئی شخص دوسرے کی طرف سے اس کی عبادات کو ادا کرے۔ (یہ مضمون ہدایہ سے ماخوذ ہے)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

كِتَابُ الصَّوْمِ — یہ کتاب روزے کے بیان میں ہے

ف: صوم کے معنی شریعت میں اپنے نفس کو کھانے پینے اور جماع سے نیت کے ساتھ صبح صادق سے لے کر غروب آفتاب تک روکنے کے ہیں، روزہ اسلام کا تیسرا رکن ہے، مدینہ منورہ میں ہجرت کے ڈیڑھ برس بعد رمضان کے روزے فرض ہوئے اللہ تعالیٰ نے کئی عظیم فائدوں کی وجہ سے روزہ کو فرض کیا ہے منجملہ ان فوائد کے ایک تو نفس امارہ کی اصلاح ہے کیونکہ جب روزہ کی وجہ سے نفس کو بھوکا رکھا جاتا ہے تو تمام اعضاء جسمانی سیر رہتے ہیں۔ ہر عضو اپنی خواہشات سے رک جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی اطاعت پر مائل ہو جاتا ہے۔ مثلاً آنکھ دیکھنے کے گناہ سے، زبان بولنے کے گناہ سے اور کان سُننے کے گناہ سے اور فرج شہوت کے گناہ سے محفوظ رہتے ہیں، جس سے دل کی صفائی حاصل ہوتی ہے اس کے برخلاف جب نفس روزہ نہ رکھنے کی وجہ سے کھا پی کر سیر رہتا ہے تو سارے اعضاء بھوکے ہو جاتے ہیں اور گناہ کے کاموں پر مائل ہو جاتے ہیں جس سے دل سیاہ ہونے لگتا ہے۔

روزہ کا ایک فائدہ یہ بھی ہے کہ روزہ رکھنے سے روزہ دار میں غرباء پر شفقت اور مہربانی کرنے کی صفت پیدا ہوتی ہے اس لیے کہ روزہ دار روزہ کی حالت میں بھوک کی جو تکلیف محسوس کرتا ہے تو وہ اس احساس کی وجہ سے غریبوں سے اچھا سلوک کرتا ہے جس کا اجر اس کو اللہ کے پاس مل جاتا ہے۔

روزہ کا ایک اور فائدہ یہ بھی ہے کہ روزہ دار کو روزہ کی وجہ سے فقراء کے حال سے موافقت پیدا ہو جاتی ہے، فقراء تو اکثر بھوکے ہی رہتے ہیں اور بھوک کی تکلیف برداشت کرتے ہیں اور روزہ دار روزہ رکھ کر بھوک کی تکلیف کو برداشت کر کے فقراء کے حال سے مشابہت پیدا کر لیتا ہے اور اس سے اللہ تعالیٰ کے پاس اس کا درجہ بلند ہوتا ہے چنانچہ حضرت بشر حافی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی خدمت میں ایک شخص سخت سردی کے موسم میں حاضر ہوا۔ اس نے دیکھا کہ آپ کے جسم پر کپڑے نہیں ہیں اور سردی سے کانپ رہے ہیں، انھوں نے دریافت کیا کہ آپ نے ایسی سردی میں اپنے کپڑے کیوں اُتار دیئے ہیں تو حضرت بشر رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے جواب دیا بھائی! فقراء بہت ہیں اور میں ان کو کپڑے دے سکتا ہوں تو اس لیے میں کپڑے اُتار کر سردی کو برداشت کر رہا ہوں تاکہ ان کی اس تکلیف میں شریک ہو جاؤں (یہ مضمون مرقات سے ماخوذ ہے) ۱۲

وَقَوْلُ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ: اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِينَ مِن قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ۝ أَيَّامًا مَّعْدُودَاتٍ۔

اے ایمان والو! تم پر روزے فرض کئے گئے جیسے کہ اگلوں پر فرض ہوئے تھے، کہ کہیں تمہیں پرہیزگاری ملے گنتی کے دن ہیں۔ (سورۃ البقرہ، ۱۸۳)

ف: خیال رہے کہ اسلام میں اولاً صرف عاشوراء کا روزہ فرض تھا یعنی پورے سال میں صرف ایک روزہ، پھر ہر مہینہ میں تین روزے فرض ہوئے، ایام بیض تیرھویں، چودھویں اور پندرھویں چاند کے، پھر اس آیت کریمہ سے ماہ رمضان کے روزے فرض ہوئے اور پہلے روزوں کی فرضیت منسوخ ہو گئی۔

MARKAZ-UL-OLOOMI ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

وقولہ ” شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِیْٓ اُنْزِلَ فِیْهِ الْقُرْاٰنُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَ بَیِّنٰتٍ مِّنَ الْهُدٰى وَ الْفُرْقَانِ ۚ فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْیَصُمْهُ “ اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے (سورہ بقر پ ۲ ع ۲۳ میں) ماہ رمضان وہ (برکت والا مہینہ) ہے جس میں قرآن نازل ہوا، جو لوگوں کے واسطے ہدایت ہے اور جس میں ہدایت کی اور حق و باطل میں فرق کرنے کی کھلی نشانیاں ہیں، تو جو شخص اس مہینہ کو پائے اس کو ضرور اس میں روزہ رکھنا چاہیئے۔

۲۲۲۵ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلَ رَمَضَانُ فُتِحَتْ اَبْوَابُ السَّمَآءِ وَفِیْ رِوَایَةٍ فُتِحَتْ اَبْوَابُ الْجَنَّةِ[1] وَغُلِّقَتْ اَبْوَابُ جَهَنَّمَ وَسُلْسِلَتِ الشَّیَاطِیْنُ وَفِیْ رِوَایَةٍ فُتِحَتْ اَبْوَابُ الرَّحْمَةِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جب رمضان کا مہینہ شروع ہوتا ہے تو آسمان کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں[1] اور ایک روایت میں ہے روزہ دار کو ایسے اعمال کی توفیق ہوتی ہے جن سے وہ جنت کا مستحق ہو جاتا ہے) اور دوزخ کے دروازے بند کئے جاتے ہیں (یعنی روزہ دار تزکیہ نفس کی وجہ سے ایسے گناہ اور ایسے اعمال بد سے بچ جاتا ہے جو دوزخ میں پہونچانے کا باعث ہوتے ہیں) اور شیاطین کو قید کر دیا جاتا ہے[2] اور ایک روایت میں یہ بھی ہے کہ رحمت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں) اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

ف: اس حدیث شریف میں رمضان المبارک کی فضیلت کا بیان ہے کہ مسلمان نے جب روزہ رکھا اور پیٹ خالی ہوا تو اکثر گناہوں سے بچا تو رحمت الٰہی کو جوش ہوا، بہشت کے دروازے کھلے اور دوزخ بے کار ہوئے، شیطان بندا کئے کیونکہ انسان پر شیطان کا قابو پیٹ بھرنے پر ہوتا ہے، چنانچہ اکثر بے نمازی بھی رمضان میں روزہ رکھتے ہیں، اور نماز شروع کر دیتے ہیں اور یہی دلیل ہے شیطان کے قید ہونے کی، بہر حال رمضان المبارک کی برکت میں کوئی شبہ نہیں۔ ۱۲

۲۲۲۶ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَ اَوَّلُ لَیْلَةٍ مِّنْ شَهْرِ رَمَضَانَ صُفِّدَتِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ رمضان المبارک کی پہلی رات آجاتی ہے تو

---

[1] یعنی اللہ کی رحمت پے درپے نازل ہوتی رہتی ہے، نیک اعمال بغیر کسی رکاوٹ کے آسمان پر اٹھالئے جاتے ہیں، دعائیں قبول ہوتی ہیں)

[2] (جس کی وجہ روزہ دار شیاطین کے وسوسوں اور گناہوں کی ترغیب سے محفوظ ہو جاتا ہے)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

الشَّیَاطِیْنُ وَمَرَدَۃُ الْجِنِّ وَ غُلِّقَتْ اَبْوَابُ النَّارِ فَلَمْ یُفْتَحْ مِنْھَا بَابٌ وَ فُتِحَتْ اَبْوَابُ الْجَنَّۃِ فَلَمْ یُغْلَقْ مِنْھَا بَابٌ وَّیُنَادِیْ یَا بَاغِیَ الْخَیْرِ اَقْبِلْ وَیَا بَاغِیَ الشَّرِّ اَقْصِرْ وَ لِلّٰہِ عُتَقَآءُ مِنَ النَّارِ وَ ذٰلِکَ کُلَّ لَیْلَۃٍ۔

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ وَ رَوَاہُ اَحْمَدُ عَنْ رَجُلٍ)

شیاطین اور سرکش جن بیڑا کیے جاتے ہیں اور دوزخ کے دروازے بند کر دیئے جاتے ہیں اور دوزخ کا کوئی دروازہ بھی نہیں کھولا جاتا اور جنت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اور جنت کا کوئی دروازہ بند نہیں کیا جاتا۔ اور ایک منادی یہ ندا کرتا ہے " اے طالب خیر متوجہ ہو جاؤ اور خیر کی جانب آجا) اور اے شر پسند (گناہوں سے) باز آجا (کہ یہ گناہوں سے توبہ کرنے کا وقت ہے) اور اللہ تعالیٰ (اس مہینہ میں گناہ گاروں کی) دوزخ سے نجات دیتے ہیں اور (یہ ندا رمضان المبارک میں) ہر رات ہوا کرتی ہے۔ اس کی روایت ترمذی اور ابن ماجہ نے کی ہے، اور امام احمد نے بھی اس کی روایت کی ہے۔

ف:۔ اس حدیث شریف میں ارشاد ہے کہ رمضان المبارک میں شیاطین اور سرکش جن قید کیے جاتے ہیں، اس بارے میں صاحب مرقات نے لکھا ہے کہ شیاطین کو اور سرکش جنوں کو اس لیے قید کیا جاتا ہے تاکہ وہ روزہ داروں کے دلوں میں وسوسے نہ ڈالیں اور اس کی علامت یہ ہے کہ رمضان المبارک میں اکثر گناہ گار اپنے گناہوں سے توبہ کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرتے ہیں، اور بعض لوگوں کو جو دیکھا جاتا ہے کہ رمضان المبارک میں بھی گناہوں سے توبہ نہیں کرتے تو اس کی وجہ یہ ہے کہ شیاطین کے بہکانے کے پرانے اثرات ان کے دلوں میں جمے رہتے ہیں اور وہ اپنی عادت کے مطابق برائی کرتے رہتے ہیں۔ ۱۲

۲۴۲۷ وَعَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اَتَاکُمْ رَمَضَانُ شَھْرٌ مُّبَارَکٌ فَرَضَ اللّٰہُ عَلَیْکُمْ صِیَامَہٗ تُفْتَحُ فِیْہِ اَبْوَابُ السَّمَآءِ وَ تُغْلَقُ فِیْہِ اَبْوَابُ الْجَحِیْمِ وَتُغَلُّ فِیْہِ مَرَدَۃُ الشَّیَاطِیْنِ لِلّٰہِ فِیْہِ لَیْلَۃٌ خَیْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَھْرٍ مَنْ حُرِمَ خَیْرَھَا فَقَدْ حُرِمَ۔

(رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالنَّسَآئِیُّ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ تمہارے پاس رمضان کا بابرکت مہینہ آیا ہے، اللہ تعالیٰ نے تم پر اس مہینہ کے روزے فرض کئے ہیں، اس مہینہ میں آسمان کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں (یعنی اللہ تعالیٰ کی رحمت پے در پے نازل ہوتی رہتی ہیں) اور دوزخ کے دروازے بند کیے جاتے ہیں (یعنی روزہ دار تزکیۂ نفس کی وجہ سے ایسے گناہوں سے بچ جاتا ہے جو دوزخ میں پہنچانے کا باعث ہوتے ہیں) اور سرکش شیطانوں کی گردنوں میں طوق ڈالا جاتا ہے (یعنی شب قدر میں عبادت ہے) اس مہینہ میں اللہ تعالیٰ (کے تجلیات) کی ایک خاص رات ہے جو ہزار مہینوں سے بہتر ہے (یعنی شب قدر میں عبادت کرنا ایک ہزار مہینہ

عبادات کرنے کے برابر ہے) جو شخص اس رات کی نیکی سے محروم رہا وہ یقیناً ہر طرح کی خیر و برکات سے محروم رہا۔ اس کی روایت امام احمد اور نسائی نے کی ہے۔

۲۴۲۸ وَعَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ دَخَلَ رَمَضَانُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِنَّ هٰذَا الشَّهْرَ قَدْ حَضَرَكُمْ وَفِيْهِ لَيْلَةٌ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ مَّنْ حُرِمَهَا فَقَدْ حُرِمَ الْخَيْرَ كُلَّهٗ وَلَا يُحْرَمُ خَيْرَهَا اِلَّا كُلُّ مَحْرُوْمٍ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ جب رمضان المبارک کا مہینہ شروع ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ (یہ مبارک) مہینہ تمہارے پاس آگیا ہے، (تو تم اس کو غنیمت سمجھو، دن میں روزے رکھا کرو، اور رات میں تراویح پڑھا کرو) اور اس میں ایک ایسی رات ہے (جس میں عبادت کرنا) ہزاروں مہینوں کی راتوں (میں عبادت کرنے) سے بہتر ہے[1] کہ جو اس (شب قدر) کی بھلائیوں (یعنی اس میں عبادت کرنے کی توفیق) سے محروم رہا وہ ہر بھلائی سے محروم رہا، اور اس کے (برکات سے) وہی محروم رہتا ہے جو بے نصیب ہے اس کی روایت ابن ماجہ نے کی ہے۔

۲۴۲۹ وَعَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ قَالَ خَطَبَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فِيْ اٰخِرِ يَوْمٍ مِّنْ شَعْبَانَ فَقَالَ يَاۤ اَيُّهَا النَّاسُ قَدْ اَظَلَّكُمْ شَهْرٌ عَظِيْمٌ شَهْرٌ مُّبَارَكٌ شَهْرٌ فِيْهِ لَيْلَةٌ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ جَعَلَ اللّٰهُ صِيَامَهٗ فَرِيْضَةً وَقِيَامَ لَيْلِهٖ تَطَوُّعًا مَنْ تَقَرَّبَ فِيْهِ بِخَصْلَةٍ مِّنَ الْخَيْرِ كَانَ كَمَنْ اَدّٰى فَرِيْضَةً فِيْمَا سِوَاهُ وَمَنْ اَدّٰى فَرِيْضَةً فِيْهِ كَانَ كَمَنْ اَدّٰى سَبْعِيْنَ فَرِيْضَةً فِيْمَا سِوَاهُ وَهُوَ شَهْرُ الصَّبْرِ وَالصَّبْرُ

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ماہ شعبان کے آخری دن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ہم کو خطبہ دیا اور اس (خطبہ) میں ارشاد فرمایا، کہ ایک بڑے مہینے نے تم پر سایہ ڈالا ہے جو برکت والا مہینہ ہے، یہ ایک ایسا (مبارک) مہینہ ہے جس میں ایک ایسی رات ہے (جس میں عبادت کرنا) ہزار مہینوں (کی راتوں میں عبادت) سے بہتر ہے[2]، اللہ تعالیٰ نے اس مہینے کے روزوں کو فرض قرار دیا ہے اور اس کی رات میں عبادت (یعنی تراویح پڑھنے) کو سنت (موکدہ) قرار دیا ہے، جو شخص اس مہینے میں کسی نیک کام کو بطور نفل کے ادا کرے، اور اس سے اللہ تعالیٰ کا قرب چاہے تو وہ اس شخص کے برابر ہے جو کسی اور مہینہ میں فرض عبادت ادا کرتا ہے (یعنی اس مہینہ کی نفل عبادت اجر اور ثواب میں دوسرے مہینوں

---

[1] یعنی جس کو شب بیداری کی توفیق نہ ہوئی یا اول شب یا آخر شب عبادت نہ کی تو وہ شب قدر کی برکات سے محروم رہا

[2] اس لیے تم شب قدر کو اس مہینہ کی ہر رات میں عبادت کر کے تلاش کرو تاکہ تم اس کی برکات کو حاصل کر لو اس لیے)

ثَوَابُهُ الْجَنَّةُ وَشَهْرُ الْمُوَاسَاةِ وَشَهْرٌ يُزَادُ فِيهِ رِزْقُ الْمُؤْمِنِ مَنْ فَطَّرَ فِيهِ صَائِمًا كَانَ لَهُ مَغْفِرَةً لِذُنُوبِهِ وَعِتْقَ رَقَبَتِهِ مِنَ النَّارِ وَكَانَ لَهُ مِثْلُ أَجْرِهِ مِنْ غَيْرِ أَنْ يَنْتَقِصَ مِنْ أَجْرِهِ شَيْءٌ قُلْنَا يَا رَسُولَ اللهِ لَيْسَ كُلُّنَا نَجِدُ مَا نُفَطِّرُ بِهِ الصَّائِمَ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يُعْطِي اللهُ هٰذَا الثَّوَابَ مَنْ فَطَّرَ صَائِمًا عَلَى مَذْقَةِ لَبَنٍ أَوْ تَمْرَةٍ أَوْ شَرْبَةٍ مِنْ مَّاءٍ وَمَنْ أَشْبَعَ صَائِمًا سَقَاهُ اللهُ مِنْ حَوْضِي شَرْبَةً لَا يَظْمَأُ حَتّٰى يَدْخُلَ الْجَنَّةَ وَهُوَ شَهْرٌ أَوَّلُهُ رَحْمَةٌ وَأَوْسَطُهُ مَغْفِرَةٌ وَآخِرُهُ عِتْقٌ مِّنَ النَّارِ وَمَنْ خَفَّفَ عَنْ مَمْلُوكِهِ فِيهِ غَفَرَ اللهُ لَهُ وَأَعْتَقَهُ مِنَ النَّارِ

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيْمَانِ)

کی فرض عبادت کے برابر ہے) اور جو شخص اس (مہینہ) میں فرض عبادت کرے تو (اجر و ثواب پانے میں) وہ اس شخص کی طرح ہے جو کسی دوسرے مہینہ میں ستر فرض ادا کرے، یہ مہینہ صبر کا ہے اور صبر کا بدلہ جنت ہے اور یہ مہینہ (محتاجوں سے) ہمدردی کرنے کا ہے اور یہ وہ مہینہ ہے جس میں مومن کا رزق بڑھا دیا جاتا ہے، جو شخص اس مہینہ میں روزہ دار کو افطار کرائے تو یہ اس شخص کے گناہوں کی بخشش کا سبب ہے اور دوزخ سے اس کی نجات کا ذریعہ ہے، اور اس شخص کو اس روزہ دار کے ثواب کے برابر ثواب ملتا ہے اور اس سے روزہ دار کے ثواب میں کمی نہیں ہوتی (راوی نے کہا کہ) صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ! ہم میں سے ہر ایک کو اتنی طاقت نہیں کہ روزہ دار کو افطار کرا سکیں۔ تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ اللہ تعالیٰ ہر اس شخص کو یہ ثواب دیتے ہیں جو کسی روزہ دار کو دودھ یا لسی پلائے یا کھجور کھلا دے یا (کم از کم) پانی کا ایک گھونٹ ہی پلا دے، اور جو شخص کسی روزہ دار کا پیٹ بھر دے گا تو اللہ تعالیٰ میرے حوض (کوثر) سے اس کو ایسا پانی پلائیں گے کہ وہ جنت میں داخل ہونے تک پیاسا نہ ہوگا اور یہ ایسا مہینہ ہے جس کی ابتداء (یعنی پہلا عشرہ) رحمت ہے اور درمیان (یعنی دوسرا عشرہ) بخشش ہے اور آخر (یعنی تیسرا عشرہ) دوزخ سے نجات اور جو شخص اپنے (روزہ دار) باندی اور غلام سے کم کام لے، تو اللہ تعالیٰ اس کو بخش دیں گے اور اس کو دوزخ سے نجات دیں گے اس کی روایت بیہقی نے شعب الایمان میں کی ہے۔

٢٤٣٠/٦ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فِي الْجَنَّةِ ثَمَانِيَةُ أَبْوَابٍ مِّنْهَا بَابٌ يُسَمَّى الرَّيَّانُ لَا يَدْخُلُهُ إِلَّا الصَّائِمُونَ ۔

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جنت کے آٹھ دروازے ہیں، جن میں سے ایک دروازے کا نام ریان (خوب سیراب کرنے والا) ہے اس دروازے سے صرف روزہ دار ہی (اعزاز کے طور

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

بہ جنت میں) داخل ہوں گے ۔ اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے ۔

۲۳۳۱ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ صَامَ رَمَضَانَ اِيْمَانًا وَّاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ وَمَنْ قَامَ رَمَضَانَ اِيْمَانًا وَّاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ وَمَنْ قَامَ لَيْلَةَ الْقَدْرِ اِيْمَانًا وَّاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جس نے عقیدت اور ایمان کے ساتھ (خلوص نیت سے) ثواب حاصل کرنے کے لیے رمضان کے روزے رکھے اس کے تمام پچھلے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے اور جو عقیدت اور ایمان کے ساتھ (خلوص نیت سے) رمضان میں عبادت کرے (یعنی تراویح، تلاوت قرآن اور ذکر میں مشغول رہے) تو اس کے تمام پچھلے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے۔ اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے ۔

۲۳۳۲ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ كُلُّ عَمَلِ ابْنِ اٰدَمَ يُضَاعَفُ الْحَسَنَةُ بِعَشْرِ اَمْثَالِهَا اِلٰى سَبْعِمِائَةِ ضِعْفٍ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى اِلَّا الصَّوْمُ فَاِنَّهٗ لِيْ وَاَنَا اَجْزِيْ بِهٖ يَدَعُ شَهْوَتَهٗ وَطَعَامَهٗ مِنْ اَجْلِيْ لِلصَّائِمِ فَرْحَتَانِ فَرْحَةٌ عِنْدَ فِطْرِهٖ وَفَرْحَةٌ عِنْدَ لِقَاءِ رَبِّهٖ وَلَخُلُوْفُ فَمِ الصَّائِمِ اَطْيَبُ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ رِّيْحِ الْمِسْكِ وَالصِّيَامُ جُنَّةٌ وَاِذَا كَانَ يَوْمُ صَوْمِ اَحَدِكُمْ فَلَا يَرْفُثْ وَلَا يَصْخَبْ فَاِنْ سَابَّهٗ اَحَدٌ اَوْ قَاتَلَهٗ فَلْيَقُلْ اِنِّيْ امْرُؤٌ صَائِمٌ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ انسان کے ہر نیک عمل کا ثواب زیادہ کیا جاتا ہے اس طرح کہ ایک نیکی (کا ثواب) دس گناہ سے سات سو گناہ تک بڑھایا جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں کہ روزہ کا ثواب اس سے بھی زیادہ ہے کیونکہ روزہ میرے لیے ہے اور روزہ کا بدلہ میں ہی دوں گا کہ روزہ دار میری (خوشنودی) کے لیے اپنی خواہش اور اپنا کھانا چھوڑ دیتا ہے، روزہ دار کے لیے دو خوشیاں ہیں، ایک خوشی افطار کے وقت (کہ روزہ پورا ہوا) اور بھوک پیاس کا غلبہ جاتا رہا، اور دوسری خوشی (آخرت میں) اللہ تعالیٰ سے ملاقات کے وقت (کہ اللہ تعالیٰ سے مل کر روزہ کا ثواب حاصل کرے گا) اور روزہ دار کے منہ کی بُو اللہ تعالیٰ کے پاس مشک کی بو سے زیادہ پسندیدہ ہے اور روزہ ڈھال ہے (کہ روزہ دار اس سے دنیا میں شیطان کے شر سے اور آخرت میں دوزخ کی آگ سے محفوظ رہتا ہے) لہذا تم میں سے جب کوئی روزہ دار ہو تو فحش کلامی نہ کرے اور نہ شور مچائے اور اگر اسے کوئی برا کہے یا اس سے لڑنے کا ارادہ کرے تو

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

وہ اس سے کہدے کہ میں روزہ دار ہوں (مجھے لڑنا یا گالی دینا زیب نہیں ہے اس حدیث کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

ف: اس حدیث شریف میں ارشاد ہے کہ روزہ دار کے منہ کی بو اللہ تعالیٰ کے نزدیک مشک کی خوشبو سے زیادہ بہتر ہے۔ اس بارے میں صاحب مرقات نے کہا ہے کہ اس پر یہ لازم نہیں آتا کہ روزہ دار مسواک کے ذریعہ سے اپنے منہ کی بو کو دور نہ کرے، جیسا کہ امام شافعی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اس حدیث شریف سے استدلال کیا ہے کہ روزہ دار کے لیے زوال کے بعد مسواک کرنا مکروہ ہے حالانکہ روزہ دار منہ کی بو کو حدیث شریف میں مشک کی خوشبو سے جو بہتر قرار دیا گیا ہے اس کی مثال ایسی ہے جیسے ماں) اپنے بچہ کے پیشاب کے بارے میں کہتی ہے کہ میرے بچہ کا پیشاب مجھے عرق گلاب سے زیادہ پسند ہے، ماں کے اس طرح کہنے سے یہ لازم نہیں آتا کہ بچہ کا پیشاب ناپاک نہیں ہے کہ جس کو دھونے کی ضرورت نہیں۔ اسی طرح حدیث شریف میں جو ارشاد ہے کہ روزہ دار کے منہ کی بو مجھے مشک سے زیادہ پسند ہے، اس کا مطلب یہ نہیں کہ مسواک ہی نہ کرے اور بو کو باقی رہنے دے، انشاء اللہ اس مسئلہ کی مزید تفصیل در باب تنزیہ الصوم،، میں آئے گی، فقہاء احناف میں صاحب قدوری رحمہ اللہ نے اور مالکی فقہاء میں ابن العربی رحمہ اللہ نے اور شافعی فقہاء میں ابو عثمان صابونی، ابو بکر ابن السمعانی وغیرہ نے یقین کے ساتھ کہا ہے کہ روزہ دار کے منہ کی بو کے بارے میں حدیث شریف میں جو ذکر ہے اس سے اللہ تعالیٰ کی جانب سے اظہار خوشنودی اور شرف قبولیت ہے۔ اور قاضی نے کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ روزہ دار کو آخرت میں اس طرح بدلہ دے گا کہ روزہ دار کے منہ کی خوشبو آخرت میں مشک کی خوشبو سے زیادہ مہک اٹھے گی، اور شیخ تقی الدین ابن الصلاح اور شیخ عزالدین عبدالسلام اس بارے میں مختلف الرائے ہیں کہ روزہ دار کے منہ کی خوشبو کا تعلق دنیا سے ہے یا آخرت سے ہے؟ امام عزالدین عبدالسلام کا مسلک یہ ہے کہ روزہ دار کے منہ کی خوشبو آخرت میں ہوگی دنیا میں نہیں جس طرح شہداء کے خون کے بارے میں صراحت ہے اور انھوں نے مسلم کی اس حدیث سے استدلال کیا ہے جس کو امام احمد اور نسائی نے عطاء کی سند سے روایت کی ہے جس کے الفاظ یہ ہیں "اَطْيَبُ عِنْدَ اللهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ" یعنی روزہ دار کے منہ کی خوشبو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کے پاس مشک سے زیادہ خوشبو دار ہوگی،، یہ مضمون عمدۃ القاری میں مذکور ہے اور امام ابن الہمام نے کہا ہے کہ حدیث شریف سے یہ لازم نہیں آتا کہ روزہ دار کے لیے مسواک کرنا مکروہ قرار دیا جائے۔ اس بناء پر کہ مسواک سے روزہ دار کے منہ کی بو زائل ہو جاتی ہے، حالانکہ مسواک سے دانتوں کی زردی زائل ہوتی ہے اور منہ کی بو زائل نہیں ہوتی، جو حقیقت میں خلو معدہ کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے اور مسواک سے پیٹ تو نہیں بھرتا کہ خلو معدہ دفع ہو، اور منہ کی بو زائل ہو جائے۔

عمدۃ القاری میں لکھا ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے روزہ دار کے منہ کی بو کی تعریف اس لیے فرمائی ہے تاکہ لوگ روزہ دار کے منہ کی بو کی وجہ سے کہیں اس سے بات کرنا چھوڑ نہ دیں، اور اس طرح فرمانے سے یہ مطلب نہیں کہ روزہ دار مسواک نہ کرے، اور اللہ تعالیٰ کی ذات عالی کو خوشبو وغیرہ کی احتیاج تو نہیں، وہ تو ہر چیز سے بے نیاز اور غنی ہیں تو اس طرح یقین کے ساتھ ہم اس نتیجہ پر پہونچ گئے ہیں کہ حدیث شریف کا یہ مفہوم نہیں کہ منہ

www.waseemziyai.com
MARKAZUL OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کی بو کو باقی رکھا جائے اور مسواک نہ کریں، بلکہ مفہوم یہ ہے کہ روزہ دار کے منہ کی بو کی وجہ سے لوگ اس سے بات کرنے میں کنارہ کشی نہ کریں اور اس سے نفرت نہ کریں، کیونکہ روزہ دار کے منہ کی بو اللہ تعالیٰ کے پاس قیامت کے دن مشک کی خوشبو سے زیادہ خوشبودار ہوگی۔ ۱۲۔

۲۴۳۳/۹ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ اَلصِّيَامُ وَالْقُرْاٰنُ يَشْفَعَانِ لِلْعَبْدِ يَقُوْلُ الصِّيَامُ اَىْ رَبِّ اِنِّىْ مَنَعْتُهُ الطَّعَامَ وَالشَّهَوَاتِ بِالنَّهَارِ فَشَفِّعْنِىْ فِيْهِ وَيَقُوْلُ الْقُرْاٰنُ مَنَعْتُهُ النَّوْمَ بِاللَّيْلِ فَشَفِّعْنِىْ فِيْهِ فَيُشَفَّعَانِ.

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِىُّ فِىْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ (ماہ رمضان کے) روزے اور قرآن (کی تلاوت) یہ دونوں روزہ دار بندہ کی شفاعت کریں گے، روزہ کہے گا، اے پروردگار میں نے اس کو دن میں کھانے پینے اور خواہشات کی تکمیل سے روک رکھا تھا۔ پس اس (روزہ دار) کے حق میں میری شفاعت قبول فرما (اور اس کے گناہوں کو بخش دے) اور قرآن کہے گا اے پروردگار میں نے اس (قرآن پڑھنے والے) کو رات کی نیند سے روک رکھا تھا (کہ یہ تراویح اور تہجد میں قرآن پڑھا کرتا تھا) پس اس کے حق میں میری شفاعت قبول کر (اور اس کو جنت میں بلند درجات عطا فرما) پس دونوں کی شفاعت قبول کی جائے گی۔ اس کی روایت بیہقی نے شعب الایمان میں کی ہے۔

۲۴۳۴/۱۰ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلَ شَهْرُ رَمَضَانَ اَطْلَقَ كُلَّ اَسِيْرٍ وَاَعْطٰى كُلَّ سَائِلٍ.

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِىُّ فِىْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ جب رمضان کا مہینہ آجاتا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ہر قیدی کو چھوڑ دیتے۔ اور ہر سائل کو دیا کرتے تھے۔ اس کی روایت بیہقی نے شعب الایمان میں کی ہے۔

ف: اس حدیث شریف میں مذکور ہے کہ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم رمضان میں ہر قیدی کو چھوڑ دیتے تھے، اس بارے میں مرقات اور اشعۃ اللمعات میں لکھا ہے کہ جس طرح اللہ تعالیٰ رمضان المبارک میں بندوں کو دوزخ سے نجات دیتے ہیں، حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم بھی اسی طرح اللہ تعالیٰ کے اخلاق کی پیروی میں قیدیوں کو جو حقوق اللہ یا حقوق العباد سے ماخوذ ہوں، ان کو چھوڑ دیتے تھے، حقوق اللہ کے بارے میں حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو اختیار تھا کہ قیدیوں کو چاہیں تو چھوڑ دیں اس اختیار کی وجہ سے حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم رمضان میں ہر قیدی کو چھوڑ دیتے تھے۔ اب رہا حقوق العباد تو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فریقین کے درمیان تصفیہ فرما کر ایسے قیدیوں کو بھی چھوڑوا دیتے تھے۔ ۱۲۔

۲۴۳۵/۱۱ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الْجَنَّةَ تَزَخْرَفُ لِرَمَضَانَ مِنْ رَأْسِ الْحَوْلِ اِلٰى حَوْلٍ قَابِلٍ قَالَ فَاِذَا كَانَ اَوَّلُ يَوْمٍ مِّنْ رَمَضَانَ هَبَّتْ رِيْحٌ تَحْتَ الْعَرْشِ مِنْ وَرَقِ الْجَنَّةِ عَلَى الْحُوْرِ الْعِيْنِ فَيَقُلْنَ يَا رَبِّ اجْعَلْ لَنَا مِنْ عِبَادِكَ اَزْوَاجًا تَقَرُّ بِهِمْ اَعْيُنُنَا وَتَقَرُّ اَعْيُنُهُمْ بِنَا۔

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ جنت رمضان کے لیے آراستہ کی جاتی ہے "، ابتداء سال سے آخر سال تک جب رمضان المبارک کا پہلا دن ہوتا ہے تو حور عین پر جنت کے پتوں کی ہوا عرش کے نیچے سے چلتی ہے تو حوریں کہتی ہیں کہ اے رب! اپنے (نیک روزہ دار اور عبادت گزار) بندوں میں سے ہمارے لیے ایسے شوہر عطا فرما جن سے ہماری آنکھوں کو ٹھنڈک حاصل ہو، اور ان کی آنکھوں کو ہم سے مل کر ٹھنڈک حاصل ہو۔ اس کی روایت بیہقی نے شعب الایمان میں کی ہے۔

۲۴۳۶/۱۲ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ يُغْفَرُ لِاُمَّتِهٖ فِيْ اٰخِرِ لَيْلَةٍ فِيْ رَمَضَانَ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَهِيَ لَيْلَةُ الْقَدْرِ قَالَ لَا وَلٰكِنَّ الْعَامِلَ اِنَّمَا يُوَفّٰى اَجْرَهٗ اِذَا قَضٰى عَمَلَهٗ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں، حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ امت محمدیہ (کے ہر روزہ دار) کی بخشش رمضان کی آخری رات میں کردی جاتی ہے صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ کیا وہ لیلۃ القدر ہے؟ حضور صلے اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا، نہیں! بلکہ کام کرنے والے کو اس کے کام کے ختم پر ہی اس کا پورا معاوضہ دیا جاتا ہے (اسی طرح روزہ دار کو روزوں کے ختم پر بخش دیا جاتا ہے) اس حدیث کی روایت امام احمد نے کی ہے۔

ف: اس حدیث شریف میں ارشاد ہے کہ رمضان کی آخری شب ہر روزہ دار کی بخشش کی جاتی ہے، اس سے مراد عید کی شب ہے کہ اس پر ماہ رمضان کا روزہ ختم ہوتا ہے اور اس کی بڑی فضیلت ہے۔ ۱۲

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

بَابُ رُؤْيَةِ الْهِلَالِ
چاند دیکھنے کا بیان

وَقَوْلُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ: يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْاَهِلَّةِ قُلْ هِيَ مَوَاقِيْتُ لِلنَّاسِ وَالْحَجِّ۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔
تم سے (لوگ) نئے چاند کو پوچھتے ہیں، تم فرما دو وقت کی علامتیں ہیں لوگوں اور حج کے لیے (سورۃ البقرہ، ۱۸۹)

شان نزول: یہ آیت حضرت معاذ بن جبل اور اور ثعلبہ بن غنم انصاری کے جواب میں نازل ہوئی، ان دونوں حضرات نے دریافت کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم چاند کا کیا حال ہے۔ ابتداء میں بہت باریک نکلتا ہے، پھر روز بروز بڑھتا ہے یہاں تک کہ پورا روشن ہو جاتا ہے، پھر گھٹنے لگتا ہے اور یہاں تک گھٹتا ہے کہ پہلے کی طرح باریک ہو جاتا ہے ایک حالت پر نہیں رہتا اس سوال سے مقصد چاند کے گھٹنے بڑھنے کی حکمتوں کو دریافت کرنا تھا۔

ف: چاند کے گھٹنے بڑھنے کے فوائد اس آیت کریمہ میں اللہ تعالیٰ نے بیان فرمائے ہیں کہ وہ وقت کی علامتیں ہیں اور لوگوں کے ہزارہا دینی و دنیوی کام اس سے متعلق ہیں زراعت، تجارت، لین دین کے معاملات، روزے عیدین کے اوقات، عورتوں کی عدتیں، حیض کے ایام، حمل اور دودھ پلانے کی مدتیں اور دودھ چھڑانے کے وقت اور حج کے اوقات اس سے معلوم ہوتے ہیں، کیونکہ ابتداء میں جب چاند باریک ہوتا تو دیکھنے والا جان لیتا ہے کہ یہ ابتدائی تاریخیں ہیں اور جب چاند پورا روشن ہوتا ہے تو معلوم ہو جاتا ہے کہ یہ مہینے کی درمیانی تاریخ ہے اور جب چاند چھپ جاتا ہے تو معلوم ہو جاتا ہے کہ مہینہ ختم پر ہے، اسی طرح ان کے مابین ایام میں چاند کی حالتیں دلالت کیا کرتی ہیں، پھر مہینوں سے سال کا حساب ہوتا ہے، یہ وہ قدرتی جنتری ہے جو آسمان کے صفحہ پر ہمیشہ کھلی رہتی ہے اور ہر ملک اور ہر زبان کے لوگ پڑھے بھی اور بے پڑھے بھی سب اس سے اپنا حساب معلوم کر لیتے ہیں۔ (تفسیر خزائن العرفان)

۲۳۳۷ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَا تَصُوْمُوْا حَتّٰى تَرَوُا الْهِلَالَ وَلَا تُفْطِرُوْا حَتّٰى تَرَوْهُ فَاِنْ غُمَّ عَلَيْكُمْ فَاقْدِرُوْا لَهٗ وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ الشَّهْرُ تِسْعٌ وَّعِشْرُوْنَ لَيْلَةً فَلَا تَصُوْمُوْا حَتّٰى تَرَوْهُ فَاِنْ غُمَّ عَلَيْكُمْ فَاَكْمِلُوا الْعِدَّةَ ثَلَاثِيْنَ۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ جب تک (رمضان کا) چاند نہ دیکھ لو روزہ نہ رکھو اور جب تک (عید کا) چاند نہ دیکھ لو روزہ ختم نہ کرو، اور اگر (ابر کی وجہ سے) تم لوگوں کو چاند نظر نہ آئے تو اندازہ کرو (یعنی رمضان کے دنوں کو گن لو اور تیس دن کی تکمیل کرو) اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ مہینہ (کبھی) انتیس دن کا (بھی) ہوتا ہے تو

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

تم لوگ اس وقت تک روزہ نہ رکھو، جب تک چاند نہ دیکھ لو) اگر (ابر کی وجہ سے) تم چاند نہ دیکھ سکو، تو رمضان کے پورے تیس دن (کے روزوں کی) تکمیل کیا کرو، اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

ف:۔ اس حدیث میں ارشاد ہے کہ (اگر ابر کی وجہ سے تم چاند نہ دیکھ سکو تو رمضان کے) روزوں کا اندازہ کرو (یعنی رمضان کے دنوں کو گن لو، اور پورے تیس دن کی تکمیل کر لو) اس بارے میں قنیہ میں شمس الائمہ حلوائی سے منقول ہے کہ رمضان کے روزے رکھنے اور چھوڑنے کے لیے شرط یہ ہے کہ رویت ہلال ہو اور اس بارے میں تقویم اور جنتری والوں کے قول کو نہ اختیار کیا جائے اور مجد الائمہ ترجمانی سے بھی منقول ہے کہ بجز شاذ و نادر کے جملہ اصحاب ابوحنیفہ اور امام شافعی رحمہم اللہ تعالیٰ کا اسی پر اتفاق ہے کہ اس بارے میں حساب دانوں کے قول پر اعتماد نہیں کیا جائے، اور نہ ان کے حساب کا اعتبار ہو گا اگرچہ یہ لوگ ثقہ اور عادل ہوں اور علامہ مازری نے کہا ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ارشاد "فَاقْدِرُوْا لَہٗ"، یعنے دنوں کو گن لو اور تیس دن کی تکمیل کرو) سے مراد یہی ہے کہ تیس دن کی تکمیل کی جائے جیسا کہ دوسری حدیث میں "فَاقْدِرُوْا لَہٗ" کی تفسیر "فَاکْمِلُوا الْعِدَّۃَ ثَلَاثِیْنَ" کے الفاظ سے کی گئی ہے (یعنی چاند دکھائی نہ دینے کی صورت میں رمضان کے پورے تیس دن کی تکمیل کر لو) اس لیے "فَاقْدِرُوْا لَہٗ" سے جنتری اور دوسرے حساب کا مراد لینا درست نہیں، اس لیے کہ لوگوں کو اگر جنتری اور حساب کا مکلف بنایا جائے تو ان پر دشواری ہوگی، کیونکہ حساب اور نجوم سے بہت کم لوگ واقف ہوتے ہیں اور شارع علیہ الصلوٰۃ والسلام ایسی عام فہم چیزوں کے ذریعہ سے احکام دیتے ہیں۔ جن کے سمجھنے میں کسی کو دقت نہ آئے، بلکہ ہر شخص سمجھ سکے، اسی بناء پر حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے رمضان کے روزوں کے بارے میں ایک واضح اور فیصلہ کن حکم دیدیا کہ چاند دیکھ کر روزہ رکھو اور چاند دیکھ کر روزہ چھوڑ دو۔ ظاہر ہے کہ اس کو ہر شخص سمجھ سکتا ہے اور اسی کو حجاز، عراق شام اور مغرب کے فقہاء نے اختیار کیا ہے جن میں امام مالک امام شافعی امام اوزاعی امام ثوری اور امام ابوحنیفہ اور آپ کے جملہ تلامذہ ہیں، اور اسی کو اکثر محدثین نے اختیار کیا ہے (یہ پورا مضمون رد المحتار، در مختار اور عمدۃ القاری سے ماخوذ ہے) ۱۲۔

۲۲۳۸/۲ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ صُوْمُوْا لِرُؤْيَتِهٖ وَاَفْطِرُوْا لِرُؤْيَتِهٖ فَاِنْ غُمَّ عَلَيْكُمْ فَاَكْمِلُوْا عِدَّةَ شَعْبَانَ ثَلَاثِيْنَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ رمضان کا چاند دیکھ کر روزہ رکھو اور (عید کا) چاند دیکھ کر روزہ چھوڑ دو، اور اگر ۲۹ رشعبان کو ابر کی وجہ سے چاند نظر نہ آئے تو شعبان کے تیس دن پورے کر لو (اور اسی طرح ۲۹ رمضان کو ابر کی وجہ سے چاند نظر نہ آئے تو رمضان کے تیس روزے پورے کر لو، اس کے بعد عید کرو) اس حدیث کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZUL OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

۲۴۳۹ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَتَحَفَّظُ مِنْ شَعْبَانَ مَا لَا يَتَحَفَّظُ مِنْ غَيْرِهِ ثُمَّ يَصُوْمُ لِرُؤْيَةِ رَمَضَانَ فَإِنْ غُمَّ عَلَيْهِ عَدَّ ثَلَاثِيْنَ يَوْمًا ثُمَّ صَامَ۔

(رَوَاهُ أَبُوْدَاؤدَ)

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم (ہر سال) شعبان کے مہینے کے دنوں کو ایک ایک کر کے خوب یاد رکھتے تھے کہ دوسرے مہینوں کے دنوں کو اس طرح گن گن کر یاد نہیں رکھتے تھے، اور اگر (شعبان کی تیسویں کو) ابر کی وجہ سے رمضان کا چاند نظر نہ آتا، تو شعبان کے مہینہ کے تیس دن شمار میں لے لیا کرتے اور پھر رمضان کا روزہ شروع فرماتے۔ اس کی روایت ابوداؤد نے کی ہے۔

۲۴۴۰ وَعَنْ أَبِي الْبُخْتَرِيِّ قَالَ خَرَجْنَا لِلْعُمْرَةِ فَلَمَّا نَزَلْنَا بِبَطْنِ نَخْلَةَ تَرَاءَيْنَا الْهِلَالَ فَقَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ هُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَقَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ هُوَ ابْنُ لَيْلَتَيْنِ فَلَقِيْنَا ابْنَ عَبَّاسٍ فَقُلْنَا إِنَّا رَأَيْنَا الْهِلَالَ فَقَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ هُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَقَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ هُوَ ابْنُ لَيْلَتَيْنِ فَقَالَ أَيَّ لَيْلَةٍ رَأَيْتُمُوْهُ قُلْنَا لَيْلَةَ كَذَا وَكَذَا فَقَالَ إِنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ مَدَّهُ لِلرُّؤْيَةِ فَهُوَ لَيْلَةٌ رَأَيْتُمُوْهُ وَفِيْ رِوَايَةٍ عَنْهُ قَالَ أَهْلَلْنَا رَمَضَانَ وَنَحْنُ بِذَاتِ عِرْقٍ فَأَرْسَلْنَا رَجُلًا إِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ يَسْأَلُهُ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللهَ تَعَالَى قَدْ أَمَدَّهُ لِرُؤْيَتِهِ فَإِنْ أُغْمِيَ عَلَيْكُمْ فَأَكْمِلُوا الْعِدَّةَ۔

ابوالبختری رحمۃ اللہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ ہم لوگ (کوفہ سے) عمرہ کرنے کے لیے نکلے، جب ہم مقام بطن نخلہ پر ٹھہرے (جو طائف اور مکہ کے درمیان ہے) تو چاند دیکھنے کے لیے جمع ہو گئے (چاند دیکھ کر) لوگوں نے کہا یہ تیسری رات کا چاند ہے اور بعضوں نے کہا کہ یہ دوسری رات کا (چاند) ہے، پھر ہم حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے جا کر ملے، تو ہم نے کہا کہ (فلاں رات کو) ہم نے چاند دیکھا، بعضوں نے کہا کہ وہ تیسری رات کا ہے اور بعضوں کا خیال تھا کہ وہ دوسری رات کا ہے (یہ سن کر) حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے دریافت کیا کہ تم نے کس رات میں چاند دیکھا؟ تو ہم نے بتلایا کہ فلاں رات کو (ہم نے چاند دیکھا تھا، یہ سن کر) حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے (رمضان کو) چاند دیکھنے پر موقوف رکھا ہے، پس جس رات کو تم نے چاند دیکھا تھا (رمضان کو) اسی رات سے شمار کرو (یعنی اگر تم نے ۲۹ویں کو چاند دیکھا تو ۲۹ کو شمار کرو، اور اگر تیسویں کو چاند دیکھا تو تیسویں کو شمار کرو کیونکہ کہ چاند دیکھنے کی یہی دو تاریخیں ہیں) ایک دوسری روایت میں ابوالبختری سے ہی اسی طرح مروی ہے، وہ کہتے ہیں کہ ہم نے رمضان کا چاند مقام ذات عرق

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

میں دیکھا اور ایک شخص کو حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں (مسئلہ) دریافت کرنے کے لیے روانہ کیا (کہ آج چاند کی کونسی تاریخ ہے؟) حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے (رمضان کے) چاند دیکھنے کی ایک تاریخ (یعنی ۲۹ ویں شعبان) مقرر فرمائی ہے۔ پس اگر چاند (ابر کی وجہ سے) نظر نہ آئے تو (ماہ شعبان کے) تیس دن کو پورے شمار کر لو۔ اس کی روایت مسلم نے کی ہے۔

۲۴۷۱ـ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِنَّا اُمَّةٌ اُمِّيَّةٌ لَا نَكْتُبُ وَلَا نَحْسُبُ الشَّهْرُ هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا وَعَقَدَ الْاِبْهَامَ فِي الثَّالِثَةِ ثُمَّ قَالَ الشَّهْرُ هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا يَعْنِيْ تَمَامَ ثَلَاثِيْنَ يَعْنِيْ مَرَّةً تِسْعًا وَّعِشْرِيْنَ وَمَرَّةً ثَلَاثِيْنَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ ہم (عرب) قوم اُمّی لوگ ہیں، حساب وکتاب نہیں جانتے (یعنی مہینوں کے شمار کے بارے میں ہمارا عمل نجوم کے قاعدوں پر نہیں ہے، بلکہ یاد رکھو کہ مہینہ ۲۹ دن کا یا تیس دن کا ہوتا ہے، اس کو حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے دونوں ہاتھوں کی انگلیوں سے اشارہ کر کے فرمایا) مہینہ اتنا اتنا اور اتنا ہوتا ہے (یعنی دو مرتبہ آپ نے دونوں ہاتھوں کی دس انگلیوں کو کھول کر شمار کر کے بتایا) اور تیسری بار (ایک ہاتھ کے) انگوٹھے کو بند کر کے شمار فرمایا (اس طرح پہلی دو مرتبہ بیس کی تعداد اور تیسری بار آخر میں نو کے عدد کو بتلا کر ۲۹ شمار فرمایا)

اس کے بعد آپ نے دونوں ہاتھوں کی دس دس انگلیوں کو کھول کر تین دفعہ اشارہ کر کے بتایا اور) فرمایا، کہ مہینہ اتنا اور اتنا ہوتا ہے، پورے تیس دن کا ہوتا ہے یعنی کبھی مہینہ ۲۹ دن کا ہوتا ہے اور کبھی تیس دن کا ہوتا ہے، اس کی

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

۲۴۴۲ وَعَنْ اَبِیْ بَکْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ شَھْرَا عِیْدٍ لَا یَنْقُصَانِ رَمَضَانُ وَ ذُوالْحَجَّۃِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں، کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ عید کے دو مہینے رمضان اور ذوالحجہ ایسے ہیں کہ (فضیلت اور ثواب میں کم نہیں ہوتے) اگرچہ کہ وہ ۲۹ دن ہی کیوں نہ ہوں، اس حدیث شریف کی روایت بخاری اور مسلم نے کی ہے۔

ف: اس حدیث شریف میں ارشاد ہے کہ عید کے دو مہینے (ایسے) ہیں کہ ان (کے) اجر و ثواب) میں کمی نہیں کی جاتی۔ اس بارے میں عمدۃ القاری میں لکھا ہے کہ ابر کی وجہ سے ایام حج کے تعین میں غلطی ہو جاتی ہے، جس کی وجہ سے ایک دن کی کمی یا زیادتی ہو جاتی ہے جس طرح آخری رمضان میں تاریخ عید کے تعین میں غلطی ہوا کرتی ہے۔ ایام حج کے تعین میں غلطی ہوا کرتی ہے۔ ایام حج کے تعین میں غلطی کی صورت یہ ہے کہ ذوالقعدہ کے چاند دیکھنے میں ابر کی وجہ سے غلطی ہو جائے کہ ایک دن بڑھ جائے یا ایک دن گھٹ جائے تو عرفہ، ذوالحجہ کی آٹھویں تاریخ کو ہو جائے گا اور اگر ایک دن بڑھ جائے تو عرفہ دس ذوالحجہ کو آجائے گا اور حقیقت میں وقوف عرفہ نویں ذوالحجہ کو ہونا چاہیئے تھا، اس وجہ سے وہ لوگ جو غلطی کی وجہ سے آٹھویں ذوالحجہ کو وقوف عرفہ کریں یا دسویں ذوالحجہ کو وقوف عرفہ کریں تو ان کو وقوف عرفہ کا وہی ثواب ملے گا جو ٹھیک نویں ذوالحجہ کو وقوف عرفہ کرنے والوں کو ملتا ہے اور ابن بطال رحمۃ اللہ تعالیٰ نے کہا ہے کہ اسی طرح رمضان اگر ۲۹ دن ہو جائے تو اجر و ثواب میں کوئی کمی نہیں کی جاتی، بلکہ پورے تیس دن کا ثواب دیا جاتا ہے، اور حضرت عطاء حضرت حسن بصری، امام ابوحنیفہ اور امام شافعی رحمہم اللہ کا بھی یہی قول ہے۔ ۱۲

۲۴۴۳ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ لَا یَتَقَدَّمَنَّ اَحَدُکُمْ رَمَضَانَ بِصَوْمِ یَوْمٍ اَوْ یَوْمَیْنِ اِلَّآ اَنْ یَّکُوْنَ رَجُلٌ کَانَ یَصُوْمُ یَوْمًا فَلْیَصُمْ ذٰلِکَ الْیَوْمَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

وَفِیْ رِوَایَۃٍ لِّلْبُخَارِیِّ وَ مُسْلِمٍ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَیْنٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ قَالَ لَہٗ اَوْ لِاٰخَرِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ تم میں سے کوئی شخص رمضان کے ایک یا دو دن قبل روزہ نہ رکھے، ہاں اگر وہ شخص رمضان سے قبل روزہ رکھ سکتا ہے جو روزہ رکھنے کا عادی ہو[۱] اس حدیث کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔ بخاری اور مسلم کی ایک روایت میں عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے یا کسی اور صحابی

---

[۱] مثلاً کوئی شخص دوشنبہ یا پنجشنبہ کا روزہ رکھا کرتا ہو، اور اتفاق سے یہ معین دن رمضان سے پہلے آگیا تو ایسا شخص اپنا روزہ رکھ سکتا ہے

اَصُمْتَ مِنْ سَرَرِ شَعْبَانَ قَالَ لَا قَالَ فَاِذَا اَفْطَرْتَ فَصُمْ يَوْمَيْنِ ۔

(رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَاَبُوْدَاوُدَ وَالطَّحَاوِيُّ اَيْضًا)

سے جو ہر مہینہ کے آخر میں نفل روزہ رکھا کرتے تھے) ارشاد فرمایا کہ کیا تم نے شعبان کے آخری دنوں کے روزے رکھے انھوں نے جواب دیا جی نہیں (میں نے آپ کے منع فرمانے کی وجہ سے ان دونوں کے روزے نہیں رکھے ہیں) اس پر حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تم (جب رمضان کے) روزے ختم کر لو تو دو روزے رکھ لو اس حدیث کی روایت ابوداؤد، نسائی اور طحاوی نے بھی کی ہے۔

۲۴۴۷ وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ مَا رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَصُوْمُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ اِلَّا اَنَّهٗ كَانَ يَصِلُ شَعْبَانَ بِرَمَضَانَ رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَرَوٰى اَبُوْدَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ نَحْوَهٗ ۔

ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے، وہ فرماتی ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو متواتر دو مہینے روزہ رکھتے ہوئے نہیں دیکھی، لیکن حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ماہ شعبان میں مسلسل نفل روزے رکھ کر شعبان (کے نفل روزوں) کو رمضان کے فرض روزوں) سے ملا دیتے تھے۔ اس کی روایت نسائی نے کی ہے اور ابو داؤد، ترمذی اور ابن ماجہ نے بھی اسی طرح روایت کی ہے

وَفِيْ رِوَايَةٍ لِلطَّحَاوِيِّ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَقْرِنُ شَعْبَانَ بِرَمَضَانَ ۔

اور طحاوی کی ایک روایت میں ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم (شعبان میں نفل روزے رکھ کر) شعبان کو رمضان (کے فرض روزوں) سے ملا دیتے تھے)

ف: احادیث مذکورہ بلا میں دو باتوں کا ذکر ہے ایک یہ کہ شعبان کے آخری دنوں میں کوئی روزہ نہ رکھے دوسرے یہ کہ شعبان کے آخری دنوں میں روزہ رکھا جا سکتا ہے۔ بظاہر ان حدیثوں میں تعارض معلوم ہوتا ہے لیکن حقیقت میں یہ حدیثیں باہم معارض نہیں ہیں، اس لیے کہ شعبان کے آخری دنوں میں روزہ رکھنے کی ممانعت اس شخص سے متعلق ہے جو رمضان کی نیت سے شعبان کے آخری دن روزہ رکھ لے۔ کیونکہ شعبان کی تیسویں شب کو ابر کی وجہ سے چاند نظر نہ آنے کی بناء پر تیسویں شعبان کو یوم الشک کہا جاتا ہے اور اس دن رمضان کی نیت سے روزہ رکھنا جائز نہیں ہے اور وہ حدیثیں جن سے آخری شعبان میں روزہ رکھنے کا جواز معلوم ہوتا ہے، وہ ایسے

لہ کیوں کہ شعبان کے آخری دنوں میں روزے رکھنا ان کے لیے ممنوع ہے، جو عادتاً ان دنوں میں روزہ نہ رکھتے ہوں، تم چونکہ اس کے عادی ہو، اس لیے یہ ممانعت تم سے متعلق نہیں اس لیے تم رمضان کے بعد یہ روزے رکھ لو

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

شخص سے متعلق ہیں جو مطلقاً نفل کی نیت سے روزہ رکھے یا وہ عادتاً آخر ماہ میں روزے رکھا کرتا ہو یا عادتاً ہفتہ کے کسی دن روزہ رکھا کرتا ہو اور یہ دن اتفاق سے آخری شعبان میں آپڑے یا وہ قضاء روزوں کو رکھنا چاہتا ہو تو ایسا شخص آخر شعبان میں روزہ رکھ سکتا ہے یہ درمختار، ردالمحتار، فتح القدیر، عمدۃ القاری، شرح معانی الآثار سے ماخوذ ہے اور اشعۃ اللمعات میں لکھا ہے کہ اگر کسی شخص نے یوم الشک میں نفل کی نیت سے روزہ رکھ لیا ہو اور بعض تحقیق ہوئی کہ وہ دن رمضان کا ہے تو فرض روزہ ہو جائے گا۔ ۱۲

۲۴۴۵/۹ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَحْصُوْا هِلَالَ شَعْبَانَ لِرَمَضَانَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ رمضان (کے چاند کی صحت کی خاطر شعبان کے چاند (کو دیکھ کر شعبان کے دنوں) کا شمار کرو (تاکہ یہ تحقیق ہو جائے کہ شعبان کا مہینہ ۲۹ دن کا ہے یا تیس دن کا) اس حدیث کی روایت ترمذی نے کی ہے۔

۲۴۴۶/۱۰ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ جَآءَ اَعْرَابِيٌّ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنِّيْ رَاَيْتُ الْهِلَالَ يَعْنِيْ هِلَالَ رَمَضَانَ فَقَالَ اَتَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ قَالَ نَعَمْ قَالَ اَتَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ قَالَ نَعَمْ قَالَ يَا بِلَالُ اَذِّنْ فِي النَّاسِ اَنْ يَّصُوْمُوْا غَدًا رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَآئِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ وَصَحَّحَهُ الْحَاكِمُ وَذَكَرَ الْبَيْهَقِيُّ اَنَّهٗ جَآءَ مِنْ طُرُقٍ مَوْصُوْلًا مِنْ طُرُقٍ مُّرْسَلًا وَاِنْ كَانَتْ طُرُقُ الْاِتِّصَالِ صَحِيْحَةً۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ ایک اعرابی حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ میں نے رمضان کا چاند دیکھا ہے تو حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ان سے دریافت فرمایا کیا تم اس کی گواہی دیتے ہو کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، تو انھوں نے جواب دیا! ہاں! (میں اللہ ہی کے معبود ہونے کی گواہی دیتا ہوں) پھر آپ نے دریافت فرمایا کہ کیا تم اقرار کرتے ہو کہ محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم) اللہ کے رسول ہیں؟ تو انھوں نے جواب دیا! ہاں! (میں اس کا بھی اقرار کرتا ہوں)، تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے حضرت بلال سے فرمایا کہ اعلان کردو کہ لوگ کل سے روزہ رکھیں۔ اس کی روایت ابوداود، ترمذی، نسائی، ابن ماجہ اور دارمی نے کی ہے اور حاکم نے اس کو صحیح قرار دیا ہے اور بیہقی نے بیان کیا ہے کہ یہ حدیث مختلف طرق سے آئی ہے۔

ف: اس حدیث شریف میں ارشاد ہے "اَذِّنْ فِي النَّاسِ اَنْ يَّصُوْمُوْا غَدًا" (اعلان کردو کہ لوگ کل سے روزہ رکھیں، اس بارے میں مرقات میں لکھا ہے کہ اگر رمضان کا روزہ مطلقاً صوم کی نیت سے رکھا جائے، یعنی

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIE ISLAMIA ACADEMY

یہ کہا جائے کہ کل کے روزے کی نیت کرتا ہوں اور یہ نہ کہے کہ کل رمضان کے روزے کی نیت کرتا ہوں، اس طرح مطلق روزہ کی نیت کرنے سے رمضان کا روزہ ادا ہو جائے گا۔ ۱۲۔

۲۲۴۷ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ تَرَاءَى النَّاسُ الْهِلَالَ فَأَخْبَرْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِنِّيْ رَاَيْتُهٗ فَصَامَ وَاَمَرَ النَّاسَ بِصِيَامِهٖ رَوَاهُ اَبُوْ دَاؤُدَ وَالدَّارِمِيُّ وَرَوَاهُ الْحَاكِمُ وَقَالَ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَرَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ وَصَحَّحَهٗ ابْنُ حِبَّانَ وَقَالَ النَّوَوِيُّ اِسْنَادُهٗ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالٰی عنہما سے روایت ہے کہ لوگ (رمضان کا) چاند دیکھنے کے لیے جمع ہوئے میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وآلہ وسلم کو خبر دی کہ میں نے چاند دیکھ لیا ہے، تو رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وآلہ وسلم نے خود بھی روزہ رکھا اور دوسروں کو بھی روزہ رکھنے کا حکم دیا۔ اس کی روایت ابو داؤد اور دارمی نے کی ہے اور حاکم نے بھی اس کی روایت کی ہے اور ابن حبان نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے۔ اور امام نووی نے کہا ہے کہ اس حدیث کی سند مسلم کی شرط کے مطابق ہے۔

ف: مذکورہ بالا دونوں حدیثوں سے ثابت ہوتا ہے کہ ہلال رمضان کی گواہی ایک شخص بھی دیدے تو اس کی گواہی معتبر ہے۔ اس بارے میں ہدایہ، عالمگیری اور اعلاء السنن میں لکھا ہے کہ آسمان ابر آلود ہونے سے یا کسی اور وجہ سے رمضان کا چاند دکھائی نہ دے، اور ایک عادل یعنی دیندار پرہیزگار اور سچے آدمی نے گواہی دی کہ میں نے رمضان کا چاند دیکھا ہے تو ایسے شخص کی گواہی قبول کی جائے گی، خواہ وہ مرد ہو یا عورت اس کے برخلاف عید کا چاند مطلع صاف نہ ہونے سے دکھائی نہ دے تو ایسی صورت میں ایک شخص کی گواہی کا اعتبار نہ ہوگا بلکہ ایسے دو آدمیوں کی گواہی ضروری ہوگی، جو معتبر اور پرہیزگار ہوں اور اگر مطلع بالکل صاف ہو تو ایک یا دو آدمیوں کی گواہی معتبر نہ ہوگی، چاہے وہ رمضان کا چاند ہو یا عید کا، بلکہ ایسی صورت میں ایک بڑی تعداد کا چاند کے دیکھنے کے بارے میں گواہی دینا ضروری ہوگا۔ ۱۲۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

باب

اس باب میں روزے کے متفرق مسائل کا بیان ہے

قَالَ اللّٰہُ عَزَّ وَجَلَّ:
كُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْاَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْاَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ ثُمَّ اَتِمُّوا الصِّيَامَ اِلَى الَّيْلِ۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔
اور کھاؤ اور پیو یہاں تک کہ تمہارے لیے ظاہر ہو جائے سفیدی کا ڈورا سیاہی کے ڈورے سے (پو پھٹ کر) پھر رات آنے تک روزے پورے کرو۔ (سورۃ البقرہ ۱۸۷)

ف: یہ آیت حضرت صرمہ بن قیس صحابی کے حق میں نازل ہوئی، آپ محنتی آدمی تھے، ایک دن بحالت روزہ دن بھر اپنی زمین میں کام کر کے شام کو گھر آئے، بیوی سے کھانا مانگا، وہ کھانے میں مصروف ہوئیں اور یہ تھکے ہوئے تھے، آنکھ لگ گئی، جب کھانا تیار کر کے انہیں بیدار کیا تو انہوں نے کھانے سے انکار کر دیا، کیونکہ اس زمانہ میں سو جانے کے بعد روزہ دار پر کھانا پینا ممنوع ہو جاتا تھا، اور اسی حالت میں دوسرا روزہ رکھ لیا، ضعف انتہا کو پہنچ گیا تھا، دوپہر کو غشی آگئی، اس موقع پر ان کے حق میں یہ آیت نازل ہوئی، اور رمضان کی راتوں میں ان کے سبب سے کھانا پینا مباح فرمایا گیا، جیسا کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی انابت و رجوع کے باعث قربت حلال ہوئی۔

ف: رات کو سیاہ ڈورے سے اور دن کو سفید ڈورے سے تشبیہ دی گئی ہے، مطلب یہ ہے کہ تمہارے لیے رمضان شریف کی راتوں میں مغرب سے صبح تک کھانا پینا مباح فرمایا گیا۔

ف: آیت مذکورالصدر میں ارشاد ہے "ثُمَّ اَتِمُّوا الصِّيَامَ اِلَى الَّيْلِ" (یعنی صبح صادق سے) رات تک روزے کو پورا کیا کرو۔ اس آیت میں "ثُمَّ" کا حرف لایا گیا ہے اور ثُمَّ عربی زبان میں تراخی یعنی مہلت کے لیے آتا ہے، چونکہ حرف "ثُمَّ" آیت شریف میں "اَلْفَجْرِ" کے بعد وارد ہوا ہے اور "مِنَ الْفَجْرِ" سے سحری کے وقت کا ختم ہونا ثابت ہو گیا۔ اب رہا روزہ کی نیت تو اس بارے میں فقہاء حنفیہ حرف ثُمَّ سے استدلال کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ اگر رات ہی میں روزہ کی نیت کر لی جائے تو درست ہے اور اگر رات میں روزہ کی نیت نہیں کی گئی بلکہ دن میں روزہ کی نیت کی گئی تو روزہ درست ہو گا (بشرطیکہ زوال سے پہلے تک نیت کر لی جائے۔

"ثُمَّ اَتِمُّوا الصِّيَامَ اِلَى الَّيْلِ" سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ صوم وصال یعنی بغیر کچھ کھائے پیئے مسلسل دو یا تین روزے رکھنا حرام ہے اس لیے کہ آیت شریف میں رات تک روزہ رکھنے کا حکم ہے اور رات شروع ہوتے ہی روزہ ختم ہو جاتا ہے، اس لیے رات شروع ہونے کے بعد پھر روزہ کی نیت کر لینا حرام ہو گا جیسا کہ کشاف مدارک، اور تفسیرات احمدیہ میں صراحت کی گئی ہے ۱۲۔

۲۴۴۵ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ تَسَحَّرُوْا فَاِنَّ فِی السُّحُوْرِ بَرَکَۃً ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ سحری کا کھانا کھاؤ اس لیے کہ سحری کے کھانے میں برکت ہے (برکت سے مراد اتباع سنت، ثواب اور روزہ رکھنے کی قوت ہے) اس حدیث کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

۲۴۴۹/۲ وَعَنِ الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِیَۃَ قَالَ دَعَانِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اِلَی السُّحُوْرِ فِیْ رَمَضَانَ فَقَالَ ھَلُمَّ اِلَی الْغَدَآءِ الْمُبَارَکِ ۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَآئِیُّ)

حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے (ایک مرتبہ) مجھے رمضان میں سحری کھانے کے لیے بلوایا اور ارشاد فرمایا کہ تم (اس) بابرکت کھانے کے لیے آؤ اس کی روایت ابوداؤد اور نسائی نے کی ہے۔

۲۴۵۰/۳ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ فَصْلُ مَا بَیْنَ صِیَامِنَا وَصِیَامِ اَھْلِ الْکِتَابِ اَکْلَۃُ السَّحَرِ ۔

(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ ہمارے روزوں اور اہل کتاب (یعنی یہود ونصاریٰ) کے درمیان فرق سحری کا کھانا ہے، یعنی ہم سحری کھا کر روزہ رکھتے ہیں، اور وہ سحری کھائے ہو بغیر روزہ رکھتے ہیں) اس حدیث کی روایت مسلم نے کی ہے۔

۲۴۵۱/۴ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ نِعْمَ سُحُوْرُ الْمُؤْمِنِ التَّمْرُ ۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں مسلمان کی بہترین سحری کھجور ہے۔ اس کی روایت ابوداؤد نے کی ہے۔

۲۴۵۲/۵ وَعَنْ سَھْلٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ لَا یَزَالُ النَّاسُ بِخَیْرٍ مَّا عَجَّلُوا الْفِطْرَ ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت سہل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں، کہ لوگ اس وقت تک بھلائی میں رہیں گے، جب تک وہ افطار میں جلدی کریں گے (یعنی آفتاب کے غروب ہوتے ہی افطار کریں گے) اس حدیث کی روایت بخاری اور مسلم نے کی ہے۔

۲۴۵۳/۶ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی اَحَبُّ عِبَادِیْ اِلَیَّ اَعْجَلُھُمْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

فِطْرًا۔

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)

میرے بندوں میں مجھے وہ بندہ سب سے زیادہ پیارا ہے جو (غروب آفتاب کے ساتھ ہی) افطار کرنے میں جلدی کرے اس کی روایت ترمذی نے کی ہے۔

۲۴۵۴ وَعَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ لَا یَزَالُ الدِّیْنُ ظَاہِرًا مَا عَجَّلَ النَّاسُ الْفِطْرَ لِاَنَّ الْیَھُوْدَ وَالنَّصَارٰی یُؤَخِّرُوْنَ۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ دین اس وقت تک غالب رہے گا جب تک لوگ افطار کرنے میں جلدی کریں گے، کیونکہ یہود و نصاریٰ (افطار کرنے میں) دیر کرتے ہیں۔ اس کی روایت داؤد اور ابن ماجہ نے کی ہے۔

ف: اس حدیث شریف میں ارشاد ہے کہ یہود اور نصاریٰ افطار کرنے میں دیر کرتے ہیں اور مسلمانوں کو ان کے اس عمل کی مخالفت کر کے افطار میں جلدی کرنی چاہئے اور اشعۃ اللمعات میں لکھا ہے کہ اعداء اسلام کے اعمال کی مخالفت میں اسلام کا غلبہ اور شوکت کا انحصار ہے اور اسی پر دین کا مدار ہے۔ ۱۲

۲۴۵۵ وَعَنْ اَبِیْ عَطِیَّۃَ قَالَ دَخَلْتُ اَنَا وَمَسْرُوْقٌ عَلٰی عَائِشَۃَ فَقَالَ لَھَا مَسْرُوْقٌ رَجُلَانِ مِنْ اَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کِلَاھُمَا لَا یَاْلُوْ عَنِ الْخَیْرِ اَحَدُھُمَا یُعَجِّلُ الْمَغْرِبَ وَالْاِفْطَارَ وَالْاٰخَرُ یُؤَخِّرُ الْمَغْرِبَ وَالْاِفْطَارَ فَقَالَتْ مَنْ یُّعَجِّلُ الْمَغْرِبَ وَالْاِفْطَارَ قَالَ عَبْدُ اللّٰہِ فَقَالَتْ ھٰکَذَا کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ یَصْنَعُ۔

(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوعطیہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں اور مسروق (دونوں) ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئے، مسروق نے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے عرض کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے اصحاب میں سے دو صحابی ہیں جو نیکی اور بھلائی کے کاموں سے پیچھے ہٹنے والے نہیں ہیں، ان میں سے ایک مغرب کی نماز پڑھنے اور افطار کرنے میں جلدی کرتے ہیں اور دوسرے صحابی ہیں جو مغرب کی نماز پڑھنے اور افطار کرنے میں تاخیر کرتے ہیں، (یہ سن کر) ام المومنین نے دریافت کیا کہ مغرب کی نماز پڑھنے اور افطار کرنے میں جلدی کرنے والے صحابی کون ہیں؟ مسروق نے جواب دیا کہ وہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں تو ام المومنین نے ارشاد فرمایا، کہ ہاں! رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم بھی مغرب کی نماز پڑھنے اور افطار کرنے میں جلدی فرمایا کرتے تھے۔ اس کی روایت مسلم نے کی ہے۔

۲۴۵۶ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِذَا سَمِعَ النِّدَآءَ اَحَدُكُمْ وَالْاِنَآءُ فِيْ يَدِهٖ فَلَا يَضَعْهُ حَتّٰى يَقْضِيَ حَاجَتَهٗ مِنْهُ ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جب تم میں سے کوئی (فجر کی) اذان سن لے اور وہ سحری کھا رہا ہو اور برتن اس کے ہاتھ میں ہو تو وہ اس کو نہ رکھے یہاں تک کہ اپنی حاجت پوری کر لے، اس کی روایت ابوداؤد نے کی ہے۔

ف:۔ اس حدیث شریف میں ارشاد ہے کہ کوئی شخص سحری کھا رہا ہو اور وہ فجر کی اذان سن لے تو وہ آپ کھانے کو نہ چھوڑے، بلکہ اس کو پورا کرے، اس بارے میں بیہقی نے کہا ہے کہ یہ حکم اس زمانہ سے متعلق ہے جب کہ ایک اذان صبح صادق سے پہلے دی جاتی تھی جیسا کہ مسلم کی ایک روایت میں مذکور ہے۔ اِنَّهٗ يُنَادِيْ يَرْجِعُ قَائِمَكُمْ وَيُوْقِظُ نَائِمَكُمْ، کہ (بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ، اس لیے (صبح صادق سے پہلے) اذان دیتے ہیں تاکہ تہجد پڑھنے والا اپنی تہجد کو ختم کر دے، اور سونے والا (نماز فجر کی تیاری کرنے کے لیے نیند سے) جاگ اٹھے، تو اس صورت میں ظاہر ہے کہ اس اذان اوّل کے وقت ابھی سحری کا وقت باقی رہتا تھا تو جو (اس وقت سحری) کھا رہا ہو اس کو اپنی سحری پوری کر لینی چاہیے، کیونکہ روزہ صبح صادق سے شروع ہوتا ہے۔ کوکب دری میں ایسا ہی مذکور ہے ۱۲

۲۴۵۷ وَعَنْ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِذَا اَقْبَلَ اللَّيْلُ مِنْ هٰهُنَا وَاَدْبَرَ النَّهَارُ مِنْ هٰهُنَا وَغَرَبَتِ الشَّمْسُ اَفْطَرَ الصَّآئِمُ ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

امیر المومنین حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جس وقت کہ (مشرق کی طرف سے) سیاہی نمودار ہو جائے (اور مغرب کی طرف) دن ختم ہو جائے (یعنی آفتاب ڈوب جائے) تو روزہ دار کو چاہیے کہ افطار کر لے (کیونکہ اب روزہ ختم ہو چکا ہے) اس حدیث کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

۲۴۵۸ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ عَنِ الْوِصَالِ فِي الصَّوْمِ فَقَالَ لَهٗ رَجُلٌ اِنَّكَ تُوَاصِلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ وَاَيُّكُمْ مِثْلِيْ اِنِّيْ اَبِيْتُ يُطْعِمُنِيْ رَبِّيْ وَيَسْقِيْنِيْ ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے (امت کو) صوم وصال (یعنی افطار یا سحر کے وقت کچھ کھائے پئے بغیر دو دن یا تین دن لگاتار روزہ رکھنے سے) منع فرمایا ہے (یہ سن کر) ایک صحابی نے عرض کیا یا رسول اللہ آپ خود صوم وصال رکھا کرتے ہیں (اس پر) حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا تم میں مجھ جیسا کون ہے، اس لیے کہ میں رات گزارتا ہوں، اور میرا رب مجھے کھلاتا اور پلاتا ہے۔ اس کی روایت بخاری

MARKAZ-UL-ULOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

ف: اس حدیث شریف میں حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے صوم وصال سے منع فرمایا ہے اور خود حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم صوم وصال رکھا کرتے تھے اس بارے میں جمہور کا مسلک یہ ہے کہ صوم وصال حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی خصوصیات سے ہے، اس لیے امت کو صوم وصول رکھنا جائز نہیں ہے۔ صوم وصال میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کو جو غذا اللہ تعالیٰ کی طرف سے ملا کرتی تھی، اس بارے میں علماء کے کئی اقوال ہیں ایک قول یہ ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کو ہر شب جنت سے غذا ملا کرتی تھی۔ دوسرا قول یہ ہے کہ غذا سے مراد قوت اور توانائی ہے کہ جس کی وجہ سے صوم وصال میں بھوکے اور پیاسے رہنے کے باوجود عبادات میں کوئی فرق نہیں آتا تھا اور قول مختار یہ ہے کہ غذاء روحانی مراد ہے کہ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے قلب انور پر معارف اور لذت مناجات اور لطائف الٰہیہ کا فیضان ہوا کرتا تھا جس کی وجہ سے حضور صوم وصال میں سرشار رہتے اور کچھ کھانے پینے کی حاجت ہی نہ ہوتی تھی۔ مرقات اور اشعۃ اللمعات۔ ۱۲

۲۴۵۹/۱۲ وَعَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ اَنَّهٗ قَالَ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ رَجُلًا مِّنْ اَسْلَمَ يَوْمَ عَاشُوْرَآءَ فَاَمَرَهٗ اَنْ يُّؤَذِّنَ فِي النَّاسِ مَنْ كَانَ لَمْ يَصُمْ فَلْيَصُمْ وَمَنْ كَانَ اَكَلَ فَلْيُتِمَّ صِيَامَهٗ اِلَى اللَّيْلِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت سلمہ ابن الاکوع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے قبیلۂ اسلم کے ایک آدمی کو عاشوراء یعنی دسویں محرم کو یہ حکم دے کر روانہ فرمایا کہ وہ لوگوں میں یہ اعلان کر دے کہ جس کسی شخص نے (آج) عاشورہ کے دن روزہ نہیں رکھا ہے (اور کچھ کھایا پیا بھی نہیں ہے) تو وہ اب روزہ کی نیت کر لے (اور روزہ رکھ لے)، اور اگر کسی نے (آج) کچھ کھا پی لیا ہے تو وہ شام تک احتراماً کچھ نہ کھائے نہ پیئے (یہ حکم اس زمانہ سے متعلق ہے جب کہ رمضان کے روزے فرض نہیں ہوئے تھے اور یوم عاشورا کا روزہ فرض تھا اور فرض روزہ کے دن اگر کوئی شخص صبح کچھ کھا پی لے تو اس کو چاہیئے کہ احتراماً اب شام تک کچھ نہ کھائے نہ پیئے)

وَفِيْ رِوَايَةٍ لِّلْبُخَارِيِّ وَمُسْلِمٍ عَنِ الرُّبَيِّعِ بِنْتِ مُعَوِّذٍ قَالَتْ اَرْسَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ غَدَاةَ عَاشُوْرَآءَ اِلٰى قُرَى الْاَنْصَارِ مَنْ اَصْبَحَ مُفْطِرًا فَلْيُتِمَّ بَقِيَّةَ يَوْمِهٖ وَمَنْ اَصْبَحَ صَائِمًا فَلْيَصُمْ قَالَتْ فَكُنَّا نَصُوْمُهٗ بَعْدُ وَنُصَوِّمُ صِبْيَانَنَا وَنَجْعَلُ لَهُمُ اللُّعْبَةَ مِنَ

اور بخاری اور مسلم کی ایک روایت میں ربیع بنت معوذ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے، وہ فرماتی ہیں کہ عاشوراء کے دن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے انصار کی بستیوں میں آدمی روانہ فرما کر یہ اعلان فرمایا کہ اگر کسی نے روزہ رکھے بغیر صبح کی ہے (یعنی صبح صادق کے بعد کچھ کھا پی لیا) تو وہ آج دن کے باقی حصہ میں کچھ نہ کھائے اور اگر کسی نے آج صبح

MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

الْعِهْنِ فَاِذَا بَكٰى اَحَدُهُمْ عَلَى الطَّعَامِ اَعْطَيْنَاهُ ذٰلِكَ حَتّٰى يَكُوْنَ عِنْدَ الْاِفْطَارِ۔

وَفِيْ رِوَايَةٍ لَّهُمَا عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ كَانَ يَوْمُ عَاشُوْرَآءَ تَصُوْمُهٗ قُرَيْشٌ فِي الْجَاهِلِيَّةِ وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَصُوْمُهٗ فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَلَمَّا قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ صَامَهٗ وَاَمَرَ بِصِيَامِهٖ فَلَمَّا فُرِضَ رَمَضَانُ تَرَكَ يَوْمَ عَاشُوْرَآءَ فَمَنْ شَآءَ وَصَامَهٗ وَمَنْ شَآءَ تَرَكَهٗ۔

وَفِيْ رِوَايَةٍ لِّمُسْلِمٍ عَنْ عَآئِشَةَ اُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ قَالَتْ دَخَلَ عَلَيَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ فَقَالَ هَلْ عِنْدَكُمْ شَيْءٌ قُلْنَا لَا قَالَ فَاِنِّيْ اِذًا صَائِمٌ۔

صادق کے بعد، کچھ کھایا پیا نہیں ہے تو وہ اب (روزہ کی نیت کرکے) روزہ رکھ لے ربیع بنت معوذ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ اس حکم کی بناء پر ہم عاشوراء کے دن روزہ رکھا کرتے تھے اور اپنے بچوں کو بھی روزہ رکھوایا کرتے تھے (اور بچوں کو عاشوراء کے روزہ کا عادی بنانے کے لیے) ان کے لیے (رنگین) اون کے کھلونے بنا دیا کرتے تھے اور اگر کوئی بچہ کھانے کے لیے رو پڑے تو ہم اس کو یہ (کھلونا) دیدیا کرتے تا کہ وہ (کھلونا) افطار تک اس کے پاس رہے (اور وہ کھلونے میں مشغول رہ کر صبر کرے) اور بخاری اور مسلم کی ایک اور روایت میں ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ قریش زمانہ جاہلیت میں یوم عاشوراء کا روزہ رکھا کرتے تھے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم بھی قبل اسلام یوم عاشوراء کا روزہ رکھا کرتے تھے جب آپ مدینہ منورہ تشریف لائے تو خود بھی روزہ رکھا اور مسلمانوں کو بھی یوم عاشوراء کا روزہ رکھنے کا حکم دیا لیکن جب رمضان کے روزے فرض ہوئے تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے یوم عاشوراء کے روزہ کو (بطور فرض) ترک فرما دیا۔ اب اگر کوئی چاہتا تو (بطور نفل) روزہ رکھتا اور اگر کوئی چاہتا تو روزہ نہ رکھتا۔ اور مسلم کی ایک روایت میں ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے، آپ فرماتی ہیں کہ ایک دن حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم میرے گھر تشریف لائے اور فرمایا کہ کچھ کھانے کو ہے؟ ہم نے کہا کچھ نہیں ہے یہ سن کر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ پھر میں تو اب (روزہ کی نیت کرکے) روزہ رکھ لیتا ہوں (ان احادیث سے ثابت ہوتا ہے کہ روزہ چاہے فرض ہو یا نفل، ہر دو صورتوں میں دن میں زوال سے پہلے تک روزہ کی نیت کرنا جائز ہے، رات ہی سے نیت کرنا شرط نہیں)

ف: نیت کے اعتبار سے روزے کی تین قسمیں ہیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOMIL ISLAMIA ACADEMY

(۱) ایسا روزہ جو اس خاص دن میں فرض ہو، جیسے ماہِ رمضان کا روزہ، تو ایسے روزے میں جائز ہے کہ نیت رات ہی سے کی جائے یا دن میں قبل از زوال کرنی چاہیئے۔

(۲) نفل روزہ کی اس میں بھی نیت رات ہی سے کرنا شرط نہیں ہے، بلکہ دن میں زوال سے پہلے تک کی جا سکتی ہے۔

(۳) ایسا روزہ جو مذکورہ دونوں، روزوں کے سوا ہو، جیسے کفارہ کا روزہ یا رمضان کی قضا کا روزہ، تو ایسے روزوں میں رات ہی سے نیت کرنا شرط ہے، اگر دن میں نیت کی جائے تو روزہ درست نہ ہوگا۔

۲۴۶۰ (۱۳) وَعَنْ سَلْمَانَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِذَا اَفْطَرَ اَحَدُكُمْ فَلْيُفْطِرْ عَلٰى تَمْرٍ فَاِنَّهٗ بَرَكَةٌ فَاِنْ لَّمْ يَجِدْ فَلْيُفْطِرْ عَلٰى مَآءٍ فَاِنَّهٗ طَهُوْرٌ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاؤدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ وَلَمْ يَذْكُرْ فَاِنَّهٗ بَرَكَةٌ غَيْرُ التِّرْمِذِيِّ فِيْ رِوَايَةٍ اُخْرٰى۔

حضرت سلمان بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ تم میں سے جو شخص افطار کرنا چاہے تو اس کو چاہیئے کہ وہ کھجور سے افطار کرے، اس لیے کہ کھجور برکت کا سبب ہے اور زیادتی ثواب کا باعث ہے، اگر کھجور نہ ملے تو پانی سے افطار کرے اس لیے کہ پانی (معدہ کو پاک کرنے والا ہے) اس کی روایت امام احمد، ترمذی، ابوداؤد، ابن ماجہ اور دارمی نے کی ہے۔

۲۴۶۱ (۱۴) وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يُفْطِرُ قَبْلَ اَنْ يُّصَلِّيَ عَلٰى رُطَبَاتٍ فَاِنْ لَّمْ تَكُنْ رُطَبَاتٌ فَتُمَيْرَاتٌ فَاِنْ لَّمْ تَكُنْ تُمَيْرَاتٌ حَسَا حَسَوَاتٍ مِّنْ مَّآءٍ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاؤدَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نماز (مغرب) سے پہلے تازہ کھجوروں سے افطار فرمایا کرتے تھے، اگر تازہ کھجوریں نہ ہوتیں تو خشک کھجوروں سے ہی افطار فرمایا کرتے اور خشک کھجوریں بھی نہ ہوتیں تو چند چلو پانی پی لیتے۔ اس کی روایت ترمذی اور ابوداؤد نے کی ہے۔

۲۴۶۲ (۱۵) وَعَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ فَطَّرَ صَائِمًا اَوْ جَهَّزَ غَازِيًا فَلَهٗ مِثْلُ اَجْرِهٖ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَمُحْيِ السُّنَّةِ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَقَالَ صَحِيْحٌ۔

حضرت زید بن خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جو کسی روزہ دار کو روزہ افطار کرائے یا کسی مجاہد کے لیے اس کے ساز و سامان میں مدد کرے تو ایسے شخص کو (جس کی خدمت اس نے کی ہے) اس کے مثل ثواب ملے گا[۱] اس حدیث کی روایت بیہقی نے شعب الایمان میں اور محی السنۃ نے شرح السنۃ میں کی ہے اور محی السنۃ نے کہا ہے کہ یہ حدیث صحیح ہے۔

۱؎ یعنی افطار کرانے والے کو روزہ دار کے ثواب کے برابر اور مجاہد کی امداد کرانے والے کو مجاہد کے ثواب کے برابر ثواب ملے گا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-ISLAMIA ACADEMY

۲۴۶۳ [۱۶] وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ إِذَا أَفْطَرَ قَالَ ذَهَبَ الظَّمَأُ وَابْتَلَّتِ الْعُرُوْقُ وَثَبَتَ الْأَجْرُ إِنْ شَآءَ اللهُ۔

(رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جب افطار فرما لیتے تو یہ (دعا) پڑھتے۔

پیاس دور ہوئی اور رگیں تر ہوئیں اور ان شاء اللہ ثواب ضرور ملے گا۔ اس کی روایت ابوداؤد نے کی ہے۔

۲۴۶۴ [۱۷] وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ زُهْرَةَ قَالَ إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا أَفْطَرَ قَالَ اللّٰهُمَّ لَكَ صُمْتُ وَعَلٰى رِزْقِكَ أَفْطَرْتُ۔

(رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ مُرْسَلًا)

حضرت معاذ بن زہرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جب افطار فرما لیتے تو یہ (دعاء) پڑھتے

اے اللہ میں نے تیرے ہی لیے روزہ رکھا اور تیرے ہی رزق پر افطار کیا۔ اس کی روایت ابوداؤد نے کی ہے۔

بَابُ تَنْزِيْهِ الصَّوْمِ

یہ باب ان چیزوں کے بیان میں جن سے روزہ کو بچانا ضروری ہے (خواہ وہ مفسدات ہوں یا مکروہات)

وَقَوْلُ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ، أُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ إِلٰى نِسَآئِكُمْ هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَأَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ عَلِمَ اللهُ أَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَخْتَانُوْنَ أَنْفُسَكُمْ فَتَابَ عَلَيْكُمْ وَعَفَا عَنْكُمْ فَالْآنَ بَاشِرُوْهُنَّ وَابْتَغُوْا مَا كَتَبَ اللهُ لَكُمْ وَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْأَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْأَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

روزوں کی راتوں میں اپنی عورتوں کے پاس جانا تمہارے لیے حلال ہوا، وہ تمہاری لباس ہیں، اور تم ان کے لباس اللہ نے جانا کہ تم اپنی جانوں کو خیانت میں ڈالتے تھے تو اس نے تمہاری توبہ قبول کی اور تمہیں معاف فرمایا، تو اب ان سے صحبت کرو، اور طلب کرو جو اللہ تعالیٰ نے تمہارے نصیب میں لکھا ہو، اور کھاؤ اور پیو، یہاں تک کہ تمہارے لیے ظاہر ہو جائے سفیدی کا ڈورا سیاہی کے ڈورے سے (سورۃ البقرہ، ۱۸۷)

ف: پہلی شریعتوں میں افطار کے بعد کھانا پینا اور مجامعت کرنا نماز عشاء تک حلال تھا، نماز عشاء کے بعد یہ سب چیزیں شب میں بھی حرام ہو جاتی تھیں، یہ حکم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ تک باقی تھا، بعض صحابہ کرام سے رمضان شریف کی راتوں میں عشاء کے بعد مباشرت وقوع میں آئی، ان میں حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی تھے۔ اس پر

MARKAZ-UL-OLOOM-ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

یہ حضرت نادم ہوئے اور بارگاہ رسالت میں عرض گزار ہوئے اللہ تعالیٰ نے معاف فرمایا اور یہ آیت کریمہ نازل ہوئی اور بیان کر دیا گیا کہ آئندہ کے لیے رمضان شریف کی راتوں میں مغرب سے لے کر طلوعِ صادق تک مجامعت کرنا حلال کیا گیا۔

ف: آیتِ صدر میں ارشاد ہے۔ کُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتّٰی یَتَبَیَّنَ الخ یعنی کھاؤ اور پیو اس وقت تک کہ تمہارے لیے سفید خط (صبح صادق کی روشنی) سیاہ خط (صبح کاذب کا سیاہی) سے واضح ہو جائے، اس بارے میں امام محمد رحمہ اللہ نے مؤطا میں لکھا ہے کہ آیت کریمہ کے الفاظ حَتّٰی یَتَبَیَّنَ سے مراد حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ کے ہیں، یعنی طلوع فجر (صبح صادق) تک مسلمان کو اجازت ہے کہ وہ اپنی بیوی سے مجامعت کرے اور کھائے پیئے تو ایسی صورت میں ظاہر ہے کہ غسل جنابت لازمی طور پر صبح صادق کے بعد ہی ہوگا، تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں ایسا جائز ہے اور یہی قول امام ابوحنیفہ اور ہمارے فقہاء کا ہے اور قاضی بیضاوی نے کہا ہے کہ چونکہ صبح صادق تک مجامعت جائز ہے، اس سے اس بات کی دلیل حاصل ہوتی ہے کہ غسل جنابت میں تاخیر جائز ہے اور صبح صادق کے بعد غسل جنابت کیا جا سکتا ہے، اسی لیے اگر کوئی شخص جنابت کی حالت میں صبح کرے تو اس کا روزہ صحیح ہوگا۔ پس معلوم ہوا کہ جنابت روزہ کے منافی نہیں ہے اور علامہ طیبی نے کہا ہے کہ چونکہ مجامعت صبح صادق تک جائز ہے، اس لیے اگر کسی نے اپنی بیوی سے صبح صادق تک جماع کیا ہو تو اس کے لیے ممکن نہیں کہ وہ صبح صادق سے پہلے غسل کرے گا، تو اس سے یہ معلوم ہوا کہ اگر جنابت کی حالت میں صبح صادق ہو جائے تو اس سے روزہ پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔

۲۴۶۵ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ لَّمْ یَدَعْ قَوْلَ الزُّوْرِ وَالْعَمَلَ بِهٖ فَلَیْسَ لِلّٰهِ حَاجَةٌ فِیْ اَنْ یَّدَعَ طَعَامَهٗ وَشَرَابَهٗ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جس (روزہ دار) نے جھوٹ بولنا اور برے کام کرنا نہ چھوڑا[۱]، تو اللہ تعالیٰ کو اس بات کی کوئی پرواہ نہیں کہ وہ اپنا کھانا پینا چھوڑ دے[۲]۔ اس حدیث کی روایت بخاری نے کی ہے۔

۲۴۶۶ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ کَمْ مِّنْ صَآئِمٍ لَیْسَ لَهٗ مِنْ صِیَامِهٖ اِلَّا الظَّمَاءُ وَکَمْ مِّنْ قَآئِمٍ لَیْسَ لَهٗ مِنْ قِیَامِهٖ اِلَّا السَّهَرُ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ بہت سے روزہ دار جو جھوٹ غیبت وغیرہ سے پرہیز نہیں کرتے، ایسے ہیں کہ جن کو ان کے روزے سے سوائے بھوکا پیاسا رہنے کے اور کچھ حاصل نہیں ہوتا

---

[۱] جیسے کفریہ کلام، جھوٹی شہادت، افتراء، غیبت، بہتان، تہمت، گالی گلوچ، لعن طعن کرنا وغیرہ

[۲] اس لیے کہ صرف کھانا پینا چھوڑنے سے روزہ کا مقصد حاصل نہیں ہوتا۔ جب تک کہ نفسانی خواہشات کو زیر نہ کرے اور جو روزہ کا کمال ہے اس لیے روزہ دار کو ایسی برائیوں سے بچنا چاہیے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

(رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

اور بہت سے شب بیدار عبادت کرنے والے (جو ارکان و آداب نماز کا خیال نہیں رکھتے ہیں) ایسے ہی جن کو شب بیداری سے (سوائے جاگنے کے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔ اس کی روایت دارمی نے کی ہے۔

٢٤٦٧ (٣) وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يُقَبِّلُ وَيُبَاشِرُ وَهُوَ صَائِمٌ وَكَانَ اَمْلَكَكُمْ لِاِرْبِهٖ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم روزہ کی حالت میں (اپنی بیوی سے) بوسہ لیتے اور بدن سے بدن لگانے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اپنی شہوت پر پوری طرح قادر تھے (اور یہ بات تم لوگوں میں سے کس کو حاصل ہے) اس حدیث کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

ف۔ مرقات میں لکھا ہے کہ روزہ دار کا اپنی بیوی سے بوسہ لینا اور بدن سے بدن لگانا اس میں جائز ہے جب کہ اس کو جماع کرنے اور انزال ہو جانے کا اندیشہ نہ ہو۔ ۱۲

٢٤٦٨ (٤) وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَجُلًا سَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُبَاشَرَةِ لِلصَّائِمِ فَرَخَّصَ لَهٗ وَاَتَاهُ اٰخَرُ فَسَاَلَهٗ فَنَهَاهُ فَاِذَا الَّذِيْ رَخَّصَ لَهٗ شَيْخٌ وَاِذَا الَّذِيْ نَهَاهُ شَابٌّ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک صحابی نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے اپنی بیوی سے مباشرت (یعنی بوس وکنار کرنے کے) بارے میں دریافت کیا، تو حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو اجازت دیدی۔ ایک اور صحابی آئے اور انہوں نے بھی یہی سوال کیا تو حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو مباشرت منع فرمایا، حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے جن کو (مباشرت کی) اجازت دی تھی، وہ بوڑھے تھے اور جن کو منع فرمایا تھا وہ جوان تھے۔

٢٤٦٩ (٥) وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يُدْرِكُهُ الْفَجْرُ فِيْ رَمَضَانَ وَهُوَ جُنُبٌ مِّنْ غَيْرِ حُلُمٍ فَيَغْتَسِلُ وَيَصُوْمُ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے، وہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو رمضان میں (کبھی ایسا بھی اتفاق ہوتا کہ) جنابت کی حالت میں صبح صادق ہو جاتی اور یہ (حالت جنابت) احتلام کی وجہ سے نہ ہوتی (بلکہ جماع کی وجہ سے ہوتی) پس آپ غسل فرماتے اور روزہ رکھ لیتے۔ اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM-ISLAMIA ACADEMY

اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ اگر جنب صبح صادق کے بعد غسل کرے تو اس کا روزہ درست ہوگا، روزہ خواہ فرض ہو یا نفل، اور نہ تو اس پر قضاء لازم آئے گی نہ کوئی اور چیز۔ ۱۲

۲۴۷۰/۶ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ احْتَجَمَ وَهُوَ مُحْرِمٌ وَاحْتَجَمَ وَهُوَ صَائِمٌ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم حالتِ احرام میں پچھنا لگائے اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اس حالت میں بھی پچھنا لگاتے کہ آپ روزہ دار تھے۔ اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

وفی روایۃ لاما منا ابی حنیفۃ عن ابی سفیان عن انس قال اِحْتَجَمَ النبی صلی اللہ علیہ وسلم بعد ما قال افطر الحاجِمُ والمحجوم ھذا حدیث صحیح ابو سفیان ھذا طلحۃُ بْنُ نافع اِحْتَجَّ بہ مسلمٌ وغیرہٗ قال فی المرقات قال الشیخ الامام محی السنۃ رحمۃ اللہ علیہ وَتَأَوَّلَہٗ بعض مَن رخَّصَ فِی الحجامۃِ الی تعرُّضا لِلْاِفطارِ المَحْجُوم وَالحاجِمُ لِاَنَّہٗ لا یأْمَنُ من ان یصل شیئ الی جوفہ بمص الملازم۔

ف: واضح ہو کہ پچھنے لگوانا یا سینگی کھچوانا یہ ہے کہ جسم میں خون زیادہ ہو جائے تو نشر یا لوں کے ذریعہ اس کو خارج کروایا جائے۔ مرقات میں لکھا ہے کہ پچھنے لگوانے میں یہ احتیاط ضروری ہے کہ پچھنے لگوانے والے کا اتنا خون نہ نکال دیا جائے کہ کمزوری کی وجہ سے اس کو روزہ توڑنے کی نوبت آئے اور پچھنوں سے خون چوسنے والا بھی احتیاط کرے کہ کہیں خون اس کے پیٹ میں نہ چلا جائے کہ جس سے اس کا روزہ ٹوٹ جائے۔ ۱۲

۲۴۷۱/۷ وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ ثَلَاثٌ لَا يُفَطِّرْنَ الصَّائِمَ الْحِجَامَةُ وَالْقَيْءُ وَالْاِحْتِلَامُ۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ تین چیزیں ایسی ہیں جو روزہ دار کے روزہ کو نہیں توڑتی ہیں کہ ایک یہ کہ روزہ کی حالت

(رواہ الترمذی)

ہیں، پچھنا لگوایا جائے اور (دوسرے) نشے (جو خود بخود ہو جائے) اور (تیسرے) احتلام۔ اس کی روایت ترمذی نے کی ہے۔

قَالَ هٰذا حديثٌ غَيْرُ محفوظٍ وعبدُ الرحمٰن بنُ زيدٍ الرَّاوي يضعّف في الحديث ورواه ابوداؤد عن رَّجل من اصحاب النَّبيّ صلى الله عليه وسلم قال ابو حاتم حديثُ ابو داؤد اشبهُ بالصَّوابِ وقال ابو زُرعة اَنَّه اصح ورواه البزار عن ابن عباس قال الشيخ ابن الهمام هٰذا مِنْ اَحْسَنِهَا اِسْنَادًا وَاَصَحِّهَا۔

۲۴۷۲ وَعَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ قَالَ سُئِلَ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ كُنْتُمْ تَكْرَهُوْنَ الْحِجَامَةَ لِلصَّائِمِ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ لَا اِلَّا مِنْ اَجْلِ الضُّعْفِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنِ الْبُخَارِيِّ تَعْلِيْقًا قَالَ كَانَ ابْنُ عُمَرَ يَحْتَجِمُ بِاللَّيْلِ۔

حضرت ثابت بنانی رحمہ اللہ تعالیٰ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے دریافت کیا گیا کہ کیا آپ حضرات روزہ دار کے لیے پچھنے لگوانے کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے مبارک زمانہ میں ناجائز سمجھتے تھے تو آپ نے فرمایا نہیں البتہ ہم روزہ دار کے لیے پچھنا لگوانا اس وقت مکروہ سمجھتے جب کہ روزہ دار کو (پچھنا لگوانے سے) شدت کا اندیشہ ہو جاتا تھا۔ اس کی روایت بخاری نے کی ہے اور بخاری نے تعلیقاً روایت کی ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما (ابتداء میں) روزہ کی حالت میں پچھنا لگوایا کرتے تھے، پھر آپ نے ضعف کی وجہ سے روزہ کی حالت میں شدت ہو جانے کے خیال سے دن میں پچھنا لگوانا (چھوڑ دیا اور رات میں پچھنا لگوایا کرتے تھے اور دارقطنی نے روایت کی ہے، وہ کہتے ہیں کہ انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ، روزہ کی حالت میں پچھنا لگوایا کرتے تھے اور اس حدیث کی سند کے تمام راوی ثقہ ہیں۔

وَعَنِ الدَّارَقُطْنِيِّ قَالَ كَانَ اَنَسٌ يَحْتَجِمُ وَهُوَ صَائِمٌ وَفِيْ رُوَاتِهٖ كُلُّهُمْ ثِقَاتٌ وَلَا اَعْلَمُ لَهٗ عِلَّةً۔

۲۴۷۳/۹ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ مَنْ نَسِیَ وَھُوَ صَائِمٌ فَاَکَلَ وَشَرِبَ فَلْیُتِمَّ صَوْمَہٗ فَاِنَّمَا اَطْعَمَہُ اللّٰہُ وَسَقَاہُ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

۲۴۷۴ وَعَنْہُ قَالَ بَیْنَمَا نَحْنُ جُلُوْسٌ عِنْدَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اِذْ جَآءَہٗ رَجُلٌ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ ھَلَکْتُ قَالَ مَا لَکَ قَالَ وَقَعْتُ عَلٰی اِمْرَاَتِیْ وَاَنَا صَائِمٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ ھَلْ تَجِدُ رَقَبَۃً تُعْتِقُھَا قَالَ لَا قَالَ فَھَلْ تَسْتَطِیْعُ اَنْ تَصُوْمَ شَھْرَیْنِ مُتَتَابِعَیْنِ قَالَ لَا قَالَ ھَلْ تَجِدُ اِطْعَامَ سِتِّیْنَ مِسْکِیْنًا قَالَ لَا قَالَ اِجْلِسْ وَمَکَثَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ فَبَیْنَا نَحْنُ عَلٰی ذٰلِکَ اُتِیَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ بِعَرَقٍ فِیْہِ تَمْرٌ وَالْعَرَقُ الْمِکْتَلُ الضَّخْمُ قَالَ اَیْنَ السَّائِلُ قَالَ اَنَا قَالَ خُذْ ھٰذَا فَتَصَدَّقْ بِہٖ فَقَالَ الرَّجُلُ اَعَلٰی اَفْقَرَ مِنِّیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ فَوَاللّٰہِ مَا بَیْنَ لَابَتَیْھَا یُرِیْدُ الْحَرَّتَیْنِ اَھْلُ بَیْتٍ اَفْقَرُ مِنْ اَھْلِ بَیْتِیْ فَضَحِکَ النَّبِیُّ

ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص روزہ کی حالت میں بھولے سے کچھ کھا پی لے تو وہ روزہ کی تکمیل کرے (یعنی شام تک نہ کچھ کھائے اور نہ کچھ پیئے) اس لیے کہ (اس نے بھولے سے جو کھایا پیا ہے) اس کو اللہ تعالیٰ نے کھلایا اور پلایا ہے[1]۔ اس حدیث کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ہم ایک دفعہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت مبارک میں بیٹھے ہوئے تھے کہ ایک شخص نے حاضر ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ میں تو ہلاک ہو گیا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے پوچھا کیا ہوا ہے؟ اس نے عرض کیا کہ روزہ کی حالت میں اپنی بیوی سے جماع کر لیا ہوں، اس شخص سے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ تمہارے پاس کوئی غلام ہے کہ (کفارہ میں) تم اس کو آزاد کر دو؟ انھوں نے کہا جی نہیں، پھر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پوچھا کیا تم میں اتنی طاقت ہے کہ تم مسلسل دو مہینے روزے رکھو، تاکہ اس کا کفارہ ادا ہو؟ انہوں نے کہا جی نہیں مجھے اس کی طاقت نہیں! حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے پھر پوچھا کیا تم (اس کفارہ میں) ساٹھ مسکینوں کو (دو وقت کا) کھانا کھلا سکتے ہو، انھوں نے کہا، جی نہیں (مجھے اس کی بھی استطاعت نہیں) حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے فرمایا، اچھا بیٹھ جاؤ اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم بھی خاموش بیٹھ گئے (گویا کسی کا انتظار فرما رہے ہیں) اور ہم بھی اسی طرح بیٹھے ہوئے تھے کہ اتنے میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں کھجوروں کا ایک بڑا تھیلا لایا گیا، حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے دریافت فرمایا کہ وہ مسئلہ دریافت کرنے والے صاحب کہاں ہیں؟

[1] (اس کا روزہ پورا ہو جائے گا، نہ روزہ قضا کرے اور کفارہ دیوے اور یہ حکم فرض اور نفل دونوں قسم کے روزوں سے متعلق ہے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ حَتّٰى بَدَتْ اَنْيَابُهٗ ثُمَّ قَالَ اَطْعِمْهُ اَهْلَكَ ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

انھوں نے عرض کیا کہ میں حاضر ہوں، تو حضور نے فرمایا، اس (تھیلہ) کو لے لو، اور خیرات کر دو، اُن صاحب نے عرض کیا، کیا اس شخص کو خیرات دوں، جو مجھ سے زیادہ محتاج ہو، اللہ کی قسم (مدینہ منورہ کے دونوں پہاڑوں کے درمیان (یعنی مدینہ پاک کی آبادی میں) میرے گھر والوں سے زائد کوئی محتاج نہیں ہے (یہ سن کر) نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ہنس پڑے، یہاں تک کہ حضور علیہ الصلاۃ والسلام کے دندان مبارک ظاہر ہو گئے اور پھر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا (اچھا) اپنے گھر والوں کو ہی کھلا دو، اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

وَفِيْ رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ فَاَمَرَهٗ اَنْ يَّجْلِسَ فَجَآءَهٗ عِرْقَانِ فِيْهِمَا طَعَامٌ فَاَمَرَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَنْ يَّتَصَدَّقَ بِهٖ ۔

اور مسلم کی ایک اور روایت میں حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے اس طرح مروی ہے کہ اس شخص کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے حکم دیا کہ وہ بیٹھا رہے، اتنے میں حضور کی خدمت میں دو بوری آئے جس میں کچھ کھانے کی چیز تھی حضور نے ان کو اس شخص کو دے کر فرمایا کہ اس کو خیرات کر دو،

وَفِيْ رِوَايَةِ ابْنِ مَاجَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِذٰلِكَ قَالَ وَصُمْ يَوْمًا مَّكَانَهٗ ۔

اور ابن ماجہ کی ایک روایت میں ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اسی حدیث میں یہ زائد مذکور ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اس شخص سے فرمایا، کہ اس روزہ کی بجائے ایک روزہ رکھ لینا۔

ف: اور دار قطنی کی ایک روایت میں (ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے مروی ہے، کہ ایک شخص نے رمضان کے روزہ کی حالت میں عمدًا) کھانا کھا لیا تو ان صاحب کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے حکم دیا کہ (کفارہ میں) غلام یا باندی آزاد کر دے۔

روزہ کی حالت میں اگر کوئی شخص عمدًا کھانا کھانے یا اپنی بیوی سے جماع کرے تو روزہ توڑنے کا کفارہ یہ ہے کہ غلام یا باندی آزاد کرے۔ اگر یہ نہ ہو سکے تو مسلسل دو مہینے کے روزے رکھے، اگر اس کی طاقت نہ ہو تو ساٹھ مسکینوں کو دو وقت کا کھانا کھلا دے، روزہ کے کفارہ میں اختیار ہے کہ کفارہ ظہار کی طرح مسلمان غلام آزاد کرے یا کافر غلام، البتہ کفارۂ قتل میں مسلمان غلام کا آزاد کرنا ضروری ہے۔

روزہ کے کفارہ کے بارے میں حدیث شریف میں جو ترتیب مذکور ہے اسی ترتیب کا لحاظ ضروری ہے یعنی کفارہ میں پہلے غلام یا باندی آزاد کرے، اگر غلام یا باندی میسر نہ ہو تو مسلسل دو ماہ کے روزے رکھے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اور اگر مسلسل دو ماہ کے روزوں کی بھی طاقت نہ ہو تو ساٹھ مسکینوں کو دو وقت کھانا کھلا دے۔

حدیث شریف میں مذکور ہے کہ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے اُن صاحب کو فرمایا کہ یہ کھجور اپنے گھر والوں کو کھلا دو، اس بارے میں تحقیق یہ ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی طرف سے یہ اجازت اُن صاحب کے لیے خاص تھی، اس لیے کہ اس وقت وہ کفارہ ادا کرنے سے عاجز تھے اسی وجہ سے ان کو اجازت دیدی گئی کہ وہ کھجور کو اپنے گھر والوں کو کھلا دیں۔ اس سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ کفارہ اُن سے ساقط ہو گیا، بلکہ اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ اگر کوئی شخص فی الفور کفارہ ادا نہ کر سکے تو کفارہ اس کے ذمہ سے ساقط نہیں ہوتا، بلکہ اس پر اس وقت تک کفارہ واجب رہتا ہے جب تک وہ اس کو ادا کرنے کے قابل ہو جائے۔

اب رہا حدیث شریف میں اُن صاحب پر کفارہ کی ادائیگی کے باقی رہنے کا جو ذکر نہیں ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ جب اُن صاحب نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم سے عرض کیا کہ وہ کفارہ کی تینوں صورتوں کی ادائیگی سے قاصر ہیں تو اُن کو حکم دیا گیا کہ وہ بیٹھے رہیں، یہاں تک کہ حضور کی خدمت اقدس میں کھجور لائے گئے تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم اُن کو دے کر فرمایا کہ ان کھجوروں کو وہ کفارہ میں ادا کریں، اگر تنگ دستی کی وجہ سے کفارہ کی ادائیگی اُن پر سے ساقط ہو جاتی تو اُن کو باوجود تنگدستی و احتیاج کے ان کھجوروں کو کفارہ میں ادا کرنے کا حکم نہ دیا جاتا، اور ان کھجوروں کو ان اہل و عیال پر خرچ کرنے کی اجازت، صرف اس لیے دی گئی کہ وہ اس وقت مضطر اور عاجز تھے، اور کفارہ بعد میں بھی ادا کیا جا سکتا تھا، جیسا کہ جمہور اصولیین کے نزدیک جائز ہے کہ کسی حکم کے وجوب کے اظہار کو اس حکم کی ادائیگی پر قدرت رکھنے تک مؤخر کیا جا سکتا ہے۔ عمدۃ القاری، نووی ابو داؤد، ۱۲

واضح ہو کہ ابن ماجہ کی روایت میں مذکور ہے کہ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے اُن صاحب کو یہ بھی فرمایا کہ تم اس روزہ کے عوض ایک اور روزہ رکھ لو، اس سے ثابت ہوتا ہے کہ جو شخص روزہ کی حالت میں عمداً کھا پی لے یا جماع کرے تو اس پر کفارہ کے علاوہ بعد رمضان اس روزہ کی قضاء بھی واجب ہے عمدۃ القاری، الجوہر النقی، ۱۲۔

۲۴۷۵ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ ذَرَعَهُ الْقَيْءُ وَهُوَ صَائِمٌ فَلَيْسَ عَلَيْهِ قَضَاءٌ وَّمَنِ اسْتَقَاءَ عَمَدًا فَلْيَقْضِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ وَرَوَاهُ الْحَاكِمُ فِي الْمُسْتَدْرَكِ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ حَسَنٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جس شخص پر روزہ کی حالت میں قے کا غلبہ ہو (یعنی خود بخود قے ہو جائے) تو اس پر روزہ قضا نہیں [1] ہے۔ جو عمداً قے کرے اس پر روزہ کی قضاء واجب ہے، اس لیے کہ عمداً قے کرنے سے روزہ فاسد ہو جاتا ہے اس حدیث کی روایت ترمذی،

[1] کیونکہ خود بخود قے ہونے سے اس کا روزہ فاسد نہیں ہوا اس کے برخلاف۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

يَخْرُجَاهُ وَصَحَّحَهُ ابْنُ حِبَّانَ وَرَوَاهُ الدَّارَقُطْنِيُّ وَقَالَ رُوَاتُهُ كُلُّهُمْ ثِقَاتٌ ثُمَّ قَدْ تَابَعَ عِيسَى ابْنُ يُونُسَ عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَرَوَاهُ الْحَاكِمُ وَسَكَتَ عَلَيْهِ وَرَوَاهُ مَالِكٌ فِي الْمُوَطَّا مَوْقُوفًا عَلَى ابْنِ عُمَرَ وَرَوَاهُ النَّسَائِيُّ مِنْ حَدِيْثِ الْأَوْزَاعِيِّ مَوْقُوفًا عَلَى أَبِي هُرَيْرَةَ وَوَقَفَهُ عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَلَى أَبِي هُرَيْرَةَ وَعَلِيٍّ أَيْضًا۔

ابوداؤد ابن ماجہ اور دارمی نے کی ہے اور حاکم نے اس کی روایت مستدرک میں کی ہے اور حاکم نے کہا ہے کہ یہ حدیث بخاری اور مسلم کی شرط کے موافق صحیح حسن ہے اگرچہ بخاری اور مسلم نے اس کی روایت نہیں کی ہے اور حبان نے اس کو صحیح قرار دیا ہے اور دار قطنی نے بھی اس کی روایت نہیں کی ہے اور دار قطنی نے بھی اس کی روایت کی ہے اور دار قطنی نے کہا ہے کہ اس کے تمام راوی ثقہ ہیں اور امام مالک نے موطا میں حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے اور نسائی نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اور عبدالرزاق نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے۔

ف: مرقات میں لکھا ہے کہ ایسے قے جو حلق کے اوپر آگئی ہو، اور وہ دوبارہ اس کو نگل لے، تو اس سے روزہ فاسد ہو جائے گا۔ اور اسی طرح منھ دھوتے وقت اگر پانی پیٹ میں چلا جائے تو اس سے بھی روزہ ٹوٹ جائے گا۔ ۱۲۔

۲۲۷۶ / ۱۲ وَعَنْ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ قَالَ رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ مَا لَا أُحْصِي يَتَسَوَّكُ وَهُوَ صَائِمٌ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ۔

وَفِي رِوَايَةِ الطَّبَرَانِيِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ غَنْمٍ قَالَ سَأَلْتُ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ أَتَسَوَّكُ وَأَنَا صَائِمٌ قَالَ نَعَمْ قُلْتُ أَيَّ النَّهَارِ أَتَسَوَّكُ قَالَ أَيَّ النَّهَارِ شِئْتَ غُدْوَةً وَعَشِيَّةً قُلْتُ إِنَّ النَّاسَ يَكْرَهُوْنَهُ عَشِيَّةً وَيَقُوْلُوْنَ إِنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَخُلُوْفُ فَمِ الصَّائِمِ أَطْيَبُ عِنْدَ اللهِ مِنْ رِيْحِ الْمِسْكِ فَقَالَ سُبْحَانَ اللهِ لَقَدْ أَمَرَهُمْ بِالسِّوَاكِ وَهُوَ يَعْلَمُ أَنَّهُ لَا بُدَّ بِفِي الصَّائِمِ خُلُوْفٌ وَإِنِ اسْتَاكَ وَمَا

حضرت عامر بن ربیعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو روزہ کی حالت میں اتنی بار مسواک کرتے دیکھا ہے جس کو شمار نہیں کر سکتا۔ اس کی روایت ترمذی اور ابو داؤد نے کی ہے اور طبرانی کی روایت میں عبدالرحمن بن غنم رحمہ اللہ تعالیٰ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے دریافت کیا کہ کیا میں روزہ کی حالت میں مسواک کر سکتا ہوں تو انھوں نے جواب دیا کہ ہاں (روزہ کی حالت میں مسواک کرنا جائز ہے) پھر میں نے (ان سے) دریافت کیا کہ (روزہ کی حالت میں) دن کے کس حصہ میں مسواک کر سکتا ہوں؟ انھوں نے جواب دیا کہ دن کے جس حصہ میں چاہو صبح ہو یا شام (مسواک کرنا جائز ہے) میں نے پھر کہا کہ بعض لوگ (روزہ کی حالت میں) شام کے وقت مسواک کرنے کو مکروہ سمجھتے ہیں اور (دلیل میں) کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ

MARKAZ UL OLOOM ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

كَانَ بِالَّذِيْ يَأْمُرُهُمْ اَنْ يَّنْتِنُوْا اَفْوَاهَهُمْ عَمَدًا اِمَّا فِيْ ذٰلِكَ مِنَ الْخَيْرِ شَيْءٌ بَلْ فِيْهِ شَرٌّ اِلَّا مَنِ ابْتَلٰى بِبَلَاءٍ لَا يَجِدُ مِنْهُ بُدًّا۔

وسلم نے فرمایا ہے کہ روزہ دار کے منھ کی بو اللہ تعالےٰ کے نزدیک مشک کی خوشبو سے بہتر ہے، (یہ سُن کر) انھوں نے (یعنی حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے تعجب سے فرمایا، سبحان اللہ! حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ کو (روزہ کی حالت میں) مسواک کرنے کا حکم دیا ہے اور خود حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو یہ معلوم تھا کہ روزہ دار کے منہ میں بو رہتی ہے، اگرچہ مسواک کرے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے یہ توقع نہیں کہ وہ لوگوں کو حکم دیں کہ اپنے منہ کو عمداً بدبو دار رکھیں، جس میں کوئی بھلائی نہیں، بلکہ اس میں خرابی ہے ہاں ہر ایک کو اس مصیبت کو برداشت کرنا ہی پڑتا ہے جس سے چھٹکارا ممکن نہیں (یعنی مسواک کرنے کے بعد بھی خلو معدہ کی وجہ سے منھ سے جو بدبو آتی ہے۔ اس سے مفر نہیں ہے)۔

۲۴۷۷
۱۳
وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مِنْ خَيْرِ خِصَالِ الصَّائِمِ السِّوَاكُ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارُ قُطْنِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْهِ مَجَالِدُ ابْنُ سَعِيْدٍ وَثَّقَهُ النَّسَائِيُّ وَرَوٰى لَهٗ مُسْلِمٌ مَقْرُوْنًا بِغَيْرِهٖ۔

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے وہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ روزہ دار کے بہترین کاموں میں ایک کام یہ بھی ہے کہ وہ (روزہ کی حالت میں دن کے ہر حصہ میں) مسواک کرتا رہے۔ اس کی روایت ابن ماجہ دارقطنی اور بیہقی نے کی ہے۔

۲۴۷۸
۱۴
وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ جَآءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ اشْتَكَيْتُ عَيْنِيَ اَفَاَكْتَحِلُ وَاَنَا صَائِمٌ قَالَ نَعَمْ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

وَقَالَ لَيْسَ اِسْنَادُهٗ بِالْقَوِيِّ وَاَبُوْ عَاتِكَةَ الرَّاوِيْ يُضَعَّفُ۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ایک صحابی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کرنے لگے کہ میری آنکھوں میں کچھ تکلیف ہے، کیا میں روزہ کی حالت میں سرمہ لگا سکتا ہوں؟ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! ہاں! روزہ کی حالت میں سرمہ لگا سکتے ہو۔ اس کی روایت ترمذی نے کی ہے۔

۲۴۷۹
۱۵
وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِكْتَحَلَ وَهُوَ صَائِمٌ۔

(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَاَبُوْ دَاوٗد

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے روزہ کی حالت میں سرمہ لگایا ہے، اس کی روایت ابن ماجہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

وَالدَّارُ قُطْنِيُّ)

ابو داؤد اور دار قطنی نے کی ہے اور حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی یہ حدیث شرح نقایہ میں بھی مذکور ہے۔

۲۴۸۰ / ۱۶ وَعَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ اَبِي بَكْرِ بْنِ اَنَسٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّهُ كَانَ يَكْتَحِلُ وَهُوَ صَائِمٌ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عبید اللہ ابن ابی بکر بن انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ روزہ کی حالت میں سرمہ لگایا کرتے تھے۔ اس کی روایت ابو داؤد نے کی ہے۔

۲۴۸۱ / ۱۷ وَعَنِ الْاَعْمَشِ قَالَ مَا رَاَيْتُ اَحَدًا مِّنْ اَصْحَابِنَا يَكْرَهُ الْكُحْلَ لِلصَّائِمِ وَكَانَ اِبْرَاهِيْمُ يُرَخِّصُ اَنْ يَكْتَحِلَ الصَّائِمُ بِالصَّبِرِ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت اعمش رحمہ اللہ تعالیٰ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے اپنے ہمعصر علماء میں سے کسی کو نہیں دیکھا کہ وہ روزہ دار کا سرمہ لگانا مکروہ قرار دیتے ہوں اور ابراہیم نخعی رحمہ اللہ اجازت دیا کرتے تھے، کہ روزہ دار ایلوا ملا ہوا سرمہ لگا سکتا ہے۔ اس کی روایت ابو داؤد نے کی ہے۔

۲۴۸۲ / ۱۸ وَعَنْ بَعْضِ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ لَقَدْ رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِالْعَرْجِ يَصُبُّ عَلٰى رَاْسِهِ الْمَآءَ وَهُوَ صَائِمٌ مِّنَ الْعَطَشِ اَوْمِنَ الْحَرِّ۔

(رَوَاهُ مَالِكٌ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ایک صحابی سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو مقام عرج میں دیکھا کہ آپ روزہ کی حالت میں پیاس (کی شدت) یا گرمی کی وجہ سے اپنے سر مبارک پر پانی ڈال رہے تھے۔ اس کی روایت امام مالک اور ابو داؤد نے کی ہے۔

ف: حدیث شریف میں پیاس کی شدت یا گرمی کی وجہ سے روزہ کی حالت میں سر پر پانی ڈالنے کا جو ذکر ہے، وہ بیان جواز کے لیے ہے تاکہ ضعیف لوگوں کے لیے سہولت ہو جائے، اسی وجہ سے امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے روزہ کی حالت میں پانی میں اترنے یا تر کپڑے بدن کو لپٹنا مکروہ تنزیہی اور خلاف اولیٰ قرار دیا ہے، کیونکہ اس کی عبادت میں تنگی اور ملال ظاہر ہوتا ہے۔ درمختار، ردالمحتار اور مرقات۔ ۱۲

۲۴۸۳ / ۱۹ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ اَفْطَرَ يَوْمًا مِّنْ رَمَضَانَ مِنْ غَيْرِ رُخْصَةٍ وَّلَا مَرَضٍ لَمْ يَقْضِ عَنْهُ صَوْمُ الدَّهْرِ كُلِّهٖ وَاِنْ صَامَهٗ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جو شخص بغیر عذر یا بیماری کے رمضان کا ایک روزہ بھی چھوڑ دے تو ساری عمر کے (نفل) روزے بھی اس کی تلافی نہ کر سکیں گے[1] اس حدیث

[1] (یعنی اگر کوئی فرض روزہ بغیر کسی عذر شرعی کے چھوڑ دے تو تمام عمر بھی روزہ رکھ کر اس فرض روزہ کا ثواب حاصل کرنا چاہے تو حاصل نہیں کر سکتا)

وَاَبُوْدَاوُدَ وَابْنُ مَاجَۃَ وَالدَّارِمِیُّ وَالْبُخَارِیُّ فِیْ تَرْجَمَۃِ بَابٍ۔

کی روایت امام احمد، ترمذی، ابوداؤد، ابن ماجہ اور دارمی نے کی ہے، اور بخاری نے بھی اس کی روایت ترجمۃ الباب میں کی ہے۔

ف: اس حدیث میں مذکور ہے کہ فرض روزہ کو بلا عذر چھوڑنے پر اس کے بدلہ میں تمام عمر روزہ رکھ کر بھی اس کی تلافی نہیں کی جا سکتی۔ اس بارے میں علامہ طیبی نے کہا ہے کہ نفل روزہ کے ذریعہ سے فرض روزہ کی فضیلت حاصل نہیں ہو سکتی، اور یہ بطور تاکید اور تجدید فرمایا گیا ہے، ورنہ فرض روزہ کی قضاء میں ایک ہی دن کا روزہ رکھنا کافی ہے اور اس سے اس شخص کے ذمہ سے فرض روزہ ساقط ہو جائے گا اور مرقات میں ابن الملک کے حوالے سے لکھا ہے کہ اگر کسی نے رمضان کے کسی ایک روزہ کو بغیر عذر شرعی چھوڑ دیا تو اس بارے میں اجماع یہ ہے کہ اس ایک دن کی بجائے ایک دن بطور قضاء روزہ رکھے۔ ۱۲

۲۰۸۴ وَعَنْ عَطَاءٍ قَالَ اِنْ تَمَضْمَضَ ثُمَّ اَفْرَغَ مَا فِیْ فِیْہِ مِنَ الْمَآءِ لَا یَضِیْرُہٗ اَنْ یَّزْدَرِدَ رِیْقَہٗ وَمَا بَقِیَ فِیْ فِیْہِ وَلَا یَمْضَغُ الْعِلْکَ فَاِنِ ازْدَرَدَ رِیْقَ الْعِلْکِ لَا اَقُوْلُ اِنَّہٗ یُفْطِرُ وَلٰکِنْ یُنْہٰی عَنْہُ۔

(رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَرْجَمَۃِ بَابٍ)

حضرت عطاء رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ اگر کوئی شخص روزہ کی حالت میں) منہ میں پانی لے اور کلی کر دے اور کلی کرنے کے بعد منھ میں پانی کی جو تری رہ جاتی ہے، اس کو نگل لے تو اس سے روزہ میں کچھ حرج نہیں ہوتا، اور کوئی شخص (روزہ کی حالت) میں مصطگی (جو ایک قسم کا گوند ہے) نہ چبائے، اگر مصطگی کو چباتے ہوئے اس کا تھوک پیٹ میں چلا جائے تو اس سے روزہ نہیں ٹوٹتا، مگر ایسا کرنا منع ہے۔ اس کی روایت بخاری نے ترجمۃ الباب میں کی ہے۔

ف: حدیث شریف میں مذکور ہے کہ مصطگی کو چباتے ہوئے اس کا تھوک پیٹ میں چلا جائے تو اس سے روزہ فاسد نہیں ہوتا۔ اس بارے میں اشعۃ اللمعات میں لکھا ہے کہ مصطگی کا تھوک پیٹ میں چلے جانے سے اس وجہ سے روزہ نہیں ٹوٹتا کہ مصطگی کے ٹکڑے ٹکڑے ہو کر کوئی چیز پیٹ میں نہیں جاتی۔ بلکہ صرف تھوک پیٹ میں جاتا ہے جو مفید نہیں ہے اور اگر کسی چیز کے چبانے سے اس کے ٹکڑے ٹکڑے ہو کر ٹکڑے پیٹ میں چلے جائیں تو اس سے روزہ ٹوٹ

بَابُ صَوْمِ الْمُسَافِرِ

یہ باب مسافر کے روزوں کے بارے میں ہے

وَقَوْلُ اللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ:
وَ اَنْ تَصُوْمُوْا خَیْرٌ لَّکُمْ۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔
اور روزہ رکھنا تمہارے لیے زیادہ بھلا ہے۔
(سورۃ البقرہ، ۱۸۴)

ف: اکثر علماء کا اسی پر اتفاق ہے کہ سفر میں افطار اور روزہ رکھنا دونوں جائز ہیں، خواہ سفر میں اگر تکلیف نہ ہوتی تو روزہ رکھنا بہتر ہے اور اگر تکلیف ہوتی ہو تو روزہ نہ رکھنا بہتر ہے ۱۲۔

سفر شرعی حنفیہ کے نزدیک یہ ہے کہ اپنے مقام سے تین منزل (یعنی ۴۸ میل) کے قصد سے سفر کرے تو یہ مسافر ہو گیا۔ اب منزل پر پہونچ کر اگر پندرہ روز یا زیادہ قیام کا ارادہ کر لیا تو مسافر نہ رہا اور اگر پندرہ روز سے کم کے قیام کا ارادہ کیا، تو پھر بھی مسافر ہے، غرض جو شخص شرعی مسافر ہو تو اس کو جائز ہے کہ باوجود روزہ رکھ سکنے کے روزہ نہ رکھے، لیکن ایسی حالت میں افضل یہی ہے کہ روزہ رکھے اور اگر سفر میں رمضان کے روزے نہ رکھے ہوں تو بعد میں قضا کر لے، اگر مسافر نے اس روز کے روزے کی نیت نہ کی ہو تو اس کو روزہ نہ رکھنا درست ہے اور اگر نیت کر لی ہو تو بلا تکلیف شدید روزہ توڑنا جائز نہیں، اور اگر مسافر نے روزہ توڑ دیا تو اس پر قضاء واجب ہے، کفارہ نہیں (ماخوذ از، مرقات واشعۃ اللمعات بیان القرآن اور فتح القدیر) ۱۲

۲۲۸۵ عَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ اِنَّ حَمْزَۃَ بْنَ عَمْرٍو الْاَسْلَمِیَّ قَالَ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اَصُوْمُ فِی السَّفَرِ وَکَانَ کَثِیْرَ الصِّیَامِ فَقَالَ اِنْ شِئْتَ فَصُمْ وَاِنْ شِئْتَ فَاَفْطِرْ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے، آپ فرماتی ہیں کہ حمزہ بن عمرو اسلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے دریافت کیا کہ کیا میں سفر کی حالت میں روزے رکھ سکتا ہوں؟ وہ کثرت سے روزے رکھا کرتے تھے، تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اُن سے فرمایا، چاہو تو (سفر کی حالت میں) روزے رکھو، اور چاہو تو نہ رکھو۔ اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

ف: امام طحاوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ہر اس شخص کو سفر میں روزہ رکھنے کی اجازت دی ہے جو سفر میں روزہ رکھنا چاہتا ہو، تو صدر کی اس حدیث میں رمضان کے روزے رکھنے مسافر کے لیے جائز ہیں ۱۲۔

۲۲۸۶ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ قَالَ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت

www.waseemziyai.com MARKAZ-UL-ULOOMIL ISLAMIA ACADEMY

غَزَوْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لِسِتَّ عَشْرَةَ مَضَتْ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ فَمِنَّا مَنْ صَامَ وَمِنَّا مَنْ اَفْطَرَ فَلَمْ يَعِبِ الصَّآئِمُ عَلَى الْمُفْطِرِ وَلَا الْمُفْطِرُ عَلَى الصَّآئِمِ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ہے، وہ فرماتے ہیں کہ ہم (ایک مرتبہ) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ سولہویں رمضان کو جہاد کے لیے نکلے، ہم میں سے بعض نے (جو قوی تھے) روزہ رکھا اور بعض نے (جو کمزور تھے) روزہ نہ رکھا، نہ تو روزہ دار نے غیر روزہ دار کے حق میں نکتہ چینی کی اور نہ غیر روزہ دار نے کسی روزہ دار کے حق میں نکتہ چینی کی۔ اس کی روایت مسلم نے کی ہے۔

٢٤٨٧ [3] وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فِي السَّفَرِ فَمِنَّا الصَّآئِمُ وَمِنَّا الْمُفْطِرُ فَنَزَلْنَا مَنْزِلًا فِيْ يَوْمٍ حَارٍّ فَسَقَطَ الصَّوَّامُوْنَ وَقَامَ الْمُفْطِرُوْنَ فَضَرَبُوا الْاَبْنِيَةَ وَسَقَوُا الرِّكَابَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ ذَهَبَ الْمُفْطِرُوْنَ الْيَوْمَ بِالْاَجْرِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ایک سفر میں تھے، ہم میں سے بعض تو روزہ دار تھے اور بعض نے روزہ نہ رکھا، ہم ایک سخت گرمی کے دن ایک منزل پر اترے، جن لوگوں نے روزہ رکھا تھا وہ ضعف سے نڈھال ہوکر (گر پڑے) اور جن لوگوں نے روزہ نہ رکھا تھا وہ کھڑے رہے ڈیرے لگائے اور جانوروں کو پانی پلانے لگے (یہ دیکھ کر) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا جن لوگوں نے آج روزہ نہیں رکھا تھا (وہ خدمت کرکے پورا) ثواب حاصل کر گئے، اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

ف: اس حدیث شریف میں ارشاد ہے "ذَهَبَ الْمُفْطِرُوْنَ الْيَوْمَ بِالْاَجْرِ" غیر روزہ داروں نے آج (خدمت کرکے پورا) ثواب حاصل کر لیا، اس بارے میں صاحب مرقات نے لکھا ہے کہ یہ حکم وقتی تھا مطلق اور عام نہیں ہے ۱۲۔

٢٤٨٨ [4] وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مِنَ الْمَدِيْنَةِ اِلٰى مَكَّةَ فَصَامَ حَتّٰى بَلَغَ عُسْفَانَ ثُمَّ دَعَا بِمَآءٍ فَرَفَعَهٗ اِلٰى يَدِهٖ لِيَرَاهُ النَّاسُ فَاَفْطَرَ حَتّٰى قَدِمَ مَكَّةَ وَذٰلِكَ فِيْ رَمَضَانَ فَكَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ قَدْ صَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَاَفْطَرَ فَمَنْ شَآءَ صَامَ وَمَنْ شَآءَ اَفْطَرَ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم (فتح مکہ کے موقع پر) مدینہ منورہ سے مکہ مکرمہ روانہ ہوئے (اور یہ رمضان کا مہینہ تھا) آپ نے مقام عسفان تک روزہ رکھا، پھر (مقام عسفان پر پہنچ کر) آپ نے پانی منگوایا اور ہاتھ میں پانی لے کر لوگوں کو دکھانے کے لیے اونچا کیا اور (پانی پی کر) روزہ توڑ دیا اور اسی طرح بغیر روزہ رکھے آپ مکہ مکرمہ تشریف لائے اور یہ رمضان کا مہینہ تھا، چنانچہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

وَفِي رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ عَنْ جَابِرٍ اَنَّهُ شَرِبَ بَعْدَ الْعَصْرِ وَذَكَرَ اَبُو دَاوٗدَ فِي سُنَنِهٖ قَالَ اَبُو سَعِيْدٍ ثُمَّ لَقَدْ رَاَيْتُنِي اَصُوْمُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَبْلَ ذٰلِكَ۔

وَفِي رِوَايَةٍ لِاِمَامِنَا اَبِي حَنِيْفَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لِلَيْلَتَيْنِ خَلَتَا مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ مِنَ الْمَدِيْنَةِ اِلٰى مَكَّةَ فَصَامَ حَتّٰى اَتٰى قُدَيْدًا فَشَكَا النَّاسُ اِلَيْهِ الْجُهْدَ فَاَفْطَرَ فَلَمْ يَزَلْ مُفْطِرًا حَتّٰى اَتٰى مَكَّةَ وَرَوَى ابْنُ اَبِي شَيْبَةَ وَمُسْلِمٌ عَنْ جَابِرٍ وَالطَّحَاوِيُّ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَاَبِي سَعِيْدٍ نَحْوَهٗ۔

فرمایا کرتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے (سفر میں) روزہ رکھا بھی ہے اور روزہ نہیں رکھا بھی تو جس کا جی چاہے (سفر میں) روزہ رکھے اور جس کا جی چاہے روزہ نہ رکھے۔ اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے اور مسلم کی ایک اور روایت میں جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے (اس سفر میں) عصر کے بعد پانی پیا ہے، اور ابو داؤد نے اپنی سنن میں حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت کی ہے، ابو سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا ہے کہ میں اس سفر میں (یعنی فتح مکہ سے پہلے بھی اور اس کے (یعنی فتح مکہ کے اس واقعہ کے) بعد بھی (سفر میں) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ روزہ رکھا کرتا تھا، اس سے معلوم ہوا کہ سفر کی حالت میں روزہ رکھنا فتح مکہ کے مذکورہ واقعہ کے بعد بھی جائز ہے (جیسا کہ امام طحاوی نے فرمایا ہے) اور ہمارے امام ابو حنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے ایک روایت میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم رمضان المبارک کی دوسری تاریخ کو مدینہ منورہ سے مکہ مکرمہ کے لیے روانہ ہوئے (حالت سفر میں) آپ روزہ رکھے ہوئے مقام قدید تک پہونچے (قدید مکہ اور مدینہ کے درمیان ایک مقام کا نام ہے) یہاں پہنچنے پر صحابہ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے سخت گرمی کی شکایت کی تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے روزہ توڑ دیا اور مکہ پہونچنے تک روزہ نہیں رکھا اور ابن ابی شیبہ اور مسلم نے جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے اور طحاوی نے ابن عباس اور ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے اسی طرح روایت ہے۔

۲۲۸۹/۵ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اِنَّمَا اَرَادَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے

MARKAZUL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

اللّٰہُ عَزَّ وَجَلَّ بِالْفِطْرِ فِي السَّفَرِ التَّيْسِيْرِ عَلَيْكُمْ فَمَنْ تَيَسَّرَ عَلَيْهِ الصِّيَامُ فَلْيَصُمْ وَمَنْ تَيَسَّرَ عَلَيْهِ الْفِطْرُ فَلْيُفْطِرْ۔

وہ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے تم لوگوں کی سہولت کے لیے سفر کی حالت میں (رمضان کے) روزے نہ رکھنے کی اجازت دی ہے، اس لیے (سفر کی حالت میں) جس کو (رمضان کے) روزے رکھنا آسان معلوم ہوتا ہو وہ روزے رکھ لے اور جس کو روزہ نہ رکھنے میں سہولت ہو تو وہ (سفر میں رمضان کے) روزے نہ رکھے۔ اس کی روایت امام طحاوی نے کی ہے۔

۲۴۹۰ وَعَنْ اَنَسِ ابْنِ مَالِكٍ الْكَعْبِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ وَضَعَ عَنِ الْمُسَافِرِ شَطْرَ الصَّلٰوةِ وَالصَّوْمَ عَنِ الْمُسَافِرِ وَعَنِ الْمُرْضِعِ وَالْحُبْلٰى۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت انس بن مالک کعبی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے مسافر کے لیے (چار رکعات والی نمازوں میں) آدھی نماز معاف کر دی ہے اور مسافر اور دودھ پلانے والی اور حاملہ عورت کے لیے (رمضان میں) روزہ نہ رکھنے کی اجازت دی ہے، (لیکن ان کے بعد میں روزوں کی قضا لازم ہے) اس حدیث کی روایت ابو داؤد، ترمذی، نسائی اور ابن ماجہ نے کی ہے۔

۲۴۹۱ وَعَنِ ابْنِ اَبِيْ اَوْفٰى قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فِيْ سَفَرٍ فَقَالَ لِرَجُلٍ اَنْزِلْ فَاجْدَحْ لِيْ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ الشَّمْسُ قَالَ اَنْزِلْ فَاجْدَحْ لِيْ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ الشَّمْسُ قَالَ اَنْزِلْ فَاجْدَحْ لِيْ فَنَزَلَ فَجَدَحَ لَهٗ فَشَرِبَ ثُمَّ رَمٰى بِيَدِهٖ هٰهُنَا ثُمَّ قَالَ اِذَا رَاَيْتُمُ اللَّيْلَ اَقْبَلَ مِنْ هٰهُنَا فَقَدْ اَفْطَرَ الصَّائِمُ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابن ابی اوفیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ ہم ایک سفر میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھے (جب شام ہو گئی تو) حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ایک شخص کو حکم دیا (سواری سے) اترو، اور میرے لیے ستو (پانی میں) ملا کر لاؤ، انھوں نے عرض کیا، یا رسول اللہ! ابھی (روشنی موجود ہے۔ لیکن) آپ نے (پھر یہی) فرمایا کہ اترو اور میرے لیے ستو گھول کر لاؤ، انھوں نے پھر عرض کیا، یا رسول اللہ! ابھی (روشنی باقی) ہے، حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے (پھر بھی یہی) فرمایا اترو اور میرے لیے ستو گھول کر لاؤ تو وہ (حسب الحکم) اتر کر حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے لیے ستو گھول کر لائے تو آپ نے ستو پی لیا۔ اور پھر (مشرق کی طرف) اپنے دست مبارک سے اشارہ کر کے فرمایا جب تم ادھر (یعنی مشرق کی طرف)

MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

سے سیاہی پھیلتے دیکھو تو روزہ دار روزہ کھول دے،
اس کی روایت بخاری نے کی ہے۔

ف: اس حدیث شریف اور اس کے بعد میں آنے والی حدیثوں سے ثابت ہوتا ہے کہ سفر کی حالت میں رمضان المبارک میں روزے رکھنا افضل ہے، بشرطیکہ روزے سے تکلیف نہ ہوتی ہو۔ اور اگر کوئی سفر میں رمضان کے روزے نہ رکھے تو اس کے لیے جائز ہے اور اس سے وہ گنہگار نہ ہوگا۔ البتہ بعد میں وہ روزوں کی قضا کرے (ماخوذ از ہدایۃ، مختصر طحاوی اور عمدۃ القاری) ۱۲۔

۲۴۹۲ وَعَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فِي بَعْضِ اَسْفَارِهٖ فِي يَوْمٍ حَارٍّ حَتّٰى يَضَعَ الرَّجُلُ يَدَهٗ عَلٰى رَاْسِهٖ مِنْ شِدَّةِ الْحَرِّ وَمَا فِيْنَا صَائِمٌ اِلَّا مَا كَانَ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَابْنُ رَوَاحَةَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابو الدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ایک سفر میں (جو رمضان میں واقع ہوا تھا) سخت گرمی کے موسم میں نکلے (گرمی کی شدت کی وجہ سے ہر شخص اپنے سر پر ہاتھ رکھ لیا کرتا تھا) اور ہم میں کوئی روزہ دار نہ تھا البتہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اور ابن رواحہ روزہ سے تھے۔ اس کی روایت بخاری نے کی ہے۔

۲۴۹۳ وَعَنْ عَاصِمٍ وَهُوَ الْاَحْوَلُ قَالَ سَاَلْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ عَنْ صَوْمِ شَهْرِ رَمَضَانَ فِي السَّفَرِ فَقَالَ الصَّوْمُ اَفْضَلُ۔ (رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ)

حضرت عاصم احول رحمہ اللہ تعالیٰ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سفر میں رمضان کے روزے رکھنے کے متعلق دریافت کیا، تو انھوں نے فرمایا کہ (مسافر کے) لیے افضل یہ ہے کہ وہ رمضان کے روزے رکھے۔ اس کی روایت امام طحاوی نے کی ہے۔

۲۴۹۴ وَعَنْ اَنَسٍ اِنْ اَفْطَرْتَ فَرُخْصَةٌ وَاِنْ صُمْتَ فَالصَّوْمُ اَفْضَلُ۔ (رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ اگر تم (سفر کی حالت میں رمضان کے) روزے چھوڑنا چاہتے ہو تو تم کو اس کی اجازت ہے، اور اگر تم (حالت سفر میں رمضان کے) روزے رکھ لو تو یہ تمہارے لیے افضل ہے۔ اس کی روایت امام طحاوی نے کی ہے۔

۲۴۹۵ وَعَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ الصَّوْمُ اَفْضَلُ وَالْاِفْطَارُ رُخْصَةٌ يَعْنِي فِي السَّفَرِ۔ (رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ)

حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ سفر میں (رمضان کے) روزے رکھنا افضل ہے اور روزے چھوڑنا اس کی اجازت اور رخصت ہے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اس کی روایت امام طحاوی نے کی ہے۔

۲۴۹۶ وَعَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ قَالَ حَدَّثَنِي الْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا كَانَتْ تَصُومُ فِي السَّفَرِ فِي الْحَرِّ فَقُلْتُ مَا حَمَلَهَا عَلَى ذٰلِكَ فَقَالَ اِنَّهَا كَانَتْ تُبَادِرُ۔ (۱۲)

(رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ)

حضرت یحیٰی بن ابی کثیر رحمہ اللہ تعالیٰ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ مجھ سے قاسم بن محمد نے ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بارے میں یہ حدیث بیان کی کہ حضرت عائشہ سفر میں گرمی کی حالت میں بھی (رمضان کے) روزہ رکھا کرتی تھیں میں نے قاسم بن محمد رحمہ اللہ تعالیٰ سے دریافت کیا کہ گرمی کی حالت میں حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا (رمضان کے) روزے رکھنا کس وجہ سے تھا؟ قاسم بن محمد رحمہ اللہ نے جواب دیا کہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا (سفر سے) واپسی تک تاخیر کر کے اقامت کی حالت تک رمضان کے روزے رکھنے کے لیے مہلت نہیں لیا کرتی تھیں، بلکہ (سفر ہی میں رمضان کے روزے رکھنے میں جلدی کیا کرتی تھیں اس کی روایت امام طحاوی نے کی ہے۔

۲۴۹۷ وَعَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْمُحَبِّقِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَ لَهٗ حَمُولَةٌ تَاْوِي اِلٰى شِبَعٍ فَلْيَصُمْ رَمَضَانَ حَيْثُ اَدْرَكَهٗ۔ (۱۳)

(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ)

حضرت سلمہ ابن محبق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جس کسی شخص کے پاس ایسی سواری ہو جو اس کو منزل تک آرام کے ساتھ پہنچا دے تو اس کو چاہیے کہ (سفر میں) جہاں کہیں بھی رمضان آجائے روزہ رکھے۔ اس کی روایت ابو داؤد نے کی ہے۔

ف: اس حدیث شریف سے بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اگر سہولت ہو تو رمضان کے روزے سفر میں لازماً رکھے جائیں اس بارے میں مرقات میں لکھا ہے کہ یہ حکم وجوب کے لیے نہیں ہے کہ سفر میں روزہ رکھنا واجب ہے، بلکہ یہ امر استحباب پر محمول ہے کہ اس میں اولیٰ اور افضل عمل کی ترغیب دلائی گئی ہے ورنہ بغیر مشقت کے بھی سفر میں رمضان کے روزے نہ رکھنا جائز ہے، جیسا کہ دیگر نصوص شرعیہ سے اس کا ثبوت ملتا ہے۔ البتہ بعد میں ان روزوں کی قضاء ضروری ہے۔ ۱۲

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

بَابُ الْقَضَاءِ

اس باب میں قضاء (روزوں کے) احکام کا بیان ہے۔

ف: واضح ہو کہ روزوں کے قضاء کی تین صورتیں ہیں!

(۱) اگر بھول کر روزہ کی حالت میں کوئی کھالے یا پی لے تو اس پر نہ تو قضاء ہے اور نہ کفارہ، خواہ وہ رمضان کا روزہ ہو یا غیر رمضان کا روزہ۔

(۲) اگر کوئی رمضان میں روزہ کی حالت میں بلا عذر قصداً کھالے پی لے تو اس پر قضاء اور کفارہ دونوں لازم ہیں۔

(۳) اور اگر کوئی رمضان میں روزہ کی حالت میں کسی عذر کی وجہ سے جیسا سفر یا مرض میں روزہ توڑ دے تو اس پر صرف قضاء واجب ہوگی، کفارہ ضروری نہیں۔

کفارہ کا حکم صرف رمضان کے روزوں سے متعلق ہے اور اگر نفل روزے کو کسی وجہ سے توڑ دے تو اس میں کفارہ لازم نہیں، صرف قضاء کر لینا کافی ہے (یہ اشعۃ اللمعات سے ماخوذ ہے) ۱۲

وَقَوْلُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ: اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى اور کوئی بوجھ اٹھانے والی جان دوسرے کا بوجھ نہ اٹھائے گی۔ (سورۃ بنی اسرائیل)

ف: یعنی کوئی شخص کسی کی جانب سے نہ تو روزہ رکھ سکتا ہے اور نہ نماز پڑھ سکتا ہے۔

وَقَوْلُهٗ: اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِيْضًا اَوْ عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ تو تم میں جو کوئی بیمار یا سفر میں ہو تو اتنے روزے اور دنوں میں رکھے (سورۃ البقرہ، ۱۸۴)

ف: سفر سے مراد وہ ہے جس کی مسافت تین دن سے کم نہ ہو اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے مریض و مسافر کو رخصت دی ہے کہ اگر اس کو رمضان مبارک میں روزہ رکھنے سے مرض کی زیادتی یا ہلاک کا اندیشہ ہو یا سفر میں شدت و تکلیف کا تو وہ مرض و سفر کے ایام میں افطار کرے اور بجائے اس کے ایام منہیہ کے سوا اور دنوں میں قضا کرے، ایام منہیہ پانچ دن ہیں جن میں روزہ رکھنا جائز نہیں، دونوں عیدین، اور ذی الحجہ کی گیارھویں، بارھویں اور تیرھویں تاریخیں۔

ف: واضح ہو کہ رمضان کے روزوں کی قضاء کے بارے میں ہدایہ میں لکھا ہے کہ قضاء کرنے والے کو اس کا اختیار ہے کہ چاہے تو وہ پے درپے روزہ رکھ کر قضاء روزوں کی تکمیل کرے یا متفرق اوقات میں اپنے قضاء روزوں کو پورا کرے، لیکن مستحب یہ ہے کہ رمضان کے روزوں کی قضاء کو پے درپے رکھ کر ادا کرے، تاکہ جو جبر فرض ہے وہ فوری ادا ہو جائے۔ اگر کسی نے قضاء رمضان کے ادا کرنے میں اتنی تاخیر

کی کہ دوسرا رمضان آگیا تو اس کو چاہیئے کہ موجودہ رمضان کے فرض روزوں کو پہلے پورا کرے اور اس مہینہ میں کوئی قضا روزہ نہ رکھے اور رمضان گزرنے کے بعد سابقہ فوت شدہ روزوں کی قضاء کرے اور اس طرح تاخیر سے روزوں کی قضاء کرنے کی وجہ سے اس پر کوئی فدیہ واجب نہیں ہے۔ صرف قضاء روزوں کو ادا کرلینا کافی ہے۔ ۱۲

۲۴۹۸ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ النَّخَعِيِّ قَالَ اِذَا فَرَّطَ حَتّٰى جَآءَ رَمَضَانُ اٰخَرُ يَصُوْمُهُمَا وَلَمْ يَرَ عَلَيْهِ طَعَامًا رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ تَعْلِيْقًا وَقَالَ لَمْ يَذْكُرِ اللّٰهُ الطَّعَامَ اِنَّمَا قَالَ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ وَصَلَهٗ سَعِيْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ مِنْ طَرِيْقِ يُوْنُسَ عَنِ الْحَسَنِ وَمِنْ طَرِيْقِ الْحَارِثِ الْعُكْلِيِّ۔

حضرت ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ جس شخص نے رمضان کے فوت شدہ روزوں کی قضا ادا کرنے میں اتنی تاخیر کی کہ پہلے موجودہ رمضان کے روزے رکھ لے، پھر اس کے بعد فوت شدہ رمضان کے روزوں کی قضاء کرے اور اس طرح کی تاخیر کی وجہ سے) حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ تعالیٰ ایسے شخص پر کوئی فدیہ طعام لازم نہیں کرتے، اس کی روایت بخاری نے تعلیقاً کی ہے، اور امام بخاری نے کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے رمضان کے روزوں کی قضاء کے بارے میں جو آیت نازل فرمائی ہے، اس میں قضاء کے ساتھ کھانا کھلانے کا ذکر نہیں ہے جیسا کہ ارشاد باری ہے۔ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ، یعنی رمضان کی قضاء دوسرے دنوں میں کرلو۔

۲۴۹۹ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَا يَحِلُّ لِلْمَرْاَةِ اَنْ تَصُوْمَ وَزَوْجُهَا شَاهِدٌ اِلَّا بِاِذْنِهٖ وَلَا تَاْذَنُ فِيْ بَيْتِهٖ اِلَّا بِاِذْنِهٖ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ کسی عورت کے لیے جائز نہیں ہے کہ اپنے شوہر کی موجودگی میں اس کی اجازت کے بغیر (کوئی نفل) روزہ رکھے اور اسی طرح عورت کے لیے یہ بھی جائز نہیں کہ) شوہر کے گھر میں (کسی غیر مرد یا عورت کو اس کی اجازت کے بغیر آنے دے۔ اس کی روایت مسلم نے کی ہے۔

ف:۔ اس حدیث سے واضح ہوتا ہے کہ کوئی عورت اپنے شوہر کی اجازت کے بغیر نفل روزہ نہیں رکھ سکتی اور شوہر کو اس بات کا اختیار ہے کہ وہ اپنی بیوی کو ہر ایسے روزہ رکھنے سے منع کرے جس کو اس نے اپنے اوپر اپنی جانب سے واجب کرلیا ہے جیسے نذر کا روزہ، اور قسم کا روزہ، لیکن ایسا روزہ جو اللہ تعالیٰ کی جانب سے عورت پر فرض ہے جیسے رمضان کی قضاء کا روزہ تو اس سے شوہر اپنی بیوی کو منع نہیں کرسکتا (یہ درمختار ردالمحتار اور بحر سے ماخوذ ہے)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

۲۵۰۰ وَعَنْ مُعَاذَةَ الْعَدَوِيَّةِ أَنَّهَا قَالَتْ[٣] لِعَائِشَةَ مَا بَالُ الْحَائِضِ تَقْضِي الصَّوْمَ وَلَا تَقْضِي الصَّلٰوةَ قَالَتْ عَائِشَةُ كَانَ يُصِيبُنَا ذٰلِكَ فَنُؤْمَرُ بِقَضَاءِ الصَّوْمِ وَلَا نُؤْمَرُ بِقَضَاءِ الصَّلٰوةِ ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت معاذہ عدویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ انھوں نے ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے دریافت کیا، کیا بات ہے کہ حائضہ عورت تو روزہ کی قضاء کرتی ہے لیکن نماز کی قضاء نہیں کرتی، ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے جواب دیا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں) ہم کو حیض آتا تو ہم کو روزہ کی قضاء کا حکم دیا جاتا اور نمازوں کی قضاء کا حکم نہیں دیا۔ (اس سے معلوم ہوا کہ شارع علیہ السلام نے جو فرمایا اس کی علت پوچھنے کی ضرورت نہیں جو فرمایا اس کو کرنا چاہیئے) اس حدیث کی روایت مسلم نے کی ہے۔

۲۵۰۱ وَعَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ[٤] صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ مَاتَ وَعَلَيْهِ صِيَامُ شَهْرِ رَمَضَانَ فَلْيُطْعِمْ عَنْهُ مَكَانَ كُلِّ يَوْمٍ مِسْكِيْنًا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ وَالصَّحِيْحُ أَنَّهُ مَوْقُوْفٌ عَلَى ابْنِ عُمَرَ قَالَ فِي الْجَوْهَرِ النَّقِيِّ -

(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ مَرْفُوْعًا بِسَنَدٍ صَحِيْحٍ)

حضرت نافع رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کرتے ہیں اور وہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اگر کوئی شخص مرجائے اور اس سے ماہ رمضان کے روزے فوت ہوگئے ہوں کہ ان کی قضاء اس پر واجب تھی) تو اس کی جانب سے (رمضان کے ہر روزے کے بدلہ) ہر دن ایک مسکین کو (دو وقت کا) کھانا کھلایا جائے، (یا ہر روزے کے بدلہ ایک مسکین کو ایک فطرہ دیا جائے) اس کی روایت ترمذی نے کی ہے، اور جوہر نقی میں مذکور ہے کہ اس حدیث کی روایت ابن ماجہ نے بھی مرفوعًا صحیح سند کے ساتھ کی ہے۔

۲۵۰۲ وَعَنْ مَالِكٍ بَلَغَهُ أَنَّ ابْنَ عُمَرَ كَانَ[٥] يُسْأَلُ هَلْ يَصُوْمُ أَحَدٌ عَنْ أَحَدٍ أَوْ يُصَلِّيْ أَحَدٌ عَنْ أَحَدٍ فَيَقُوْلُ لَا يَصُوْمُ أَحَدٌ عَنْ أَحَدٍ وَلَا يُصَلِّيْ أَحَدٌ عَنْ أَحَدٍ رَوَاهُ فِي الْمُوَطَّا وَقَالَ وَلَمْ أَسْمَعْ عَنْ أَحَدٍ مِنَ الصَّحَابَةِ وَلَا مِنَ التَّابِعِيْنَ بِالْمَدِيْنَةِ إِنَّ أَحَدًا مِنْهُمْ أَمَرَ أَحَدًا

حضرت امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ علیہ سے روایت ہے کہ ان کو یہ حدیث پہونچی ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے یہ سوال کیا جاتا تھا کہ کیا کوئی شخص دوسرے کی جانب سے (فرض) روزہ رکھ سکتا ہے یا کوئی شخص کسی دوسرے کی جانب سے (فرض) نماز ادا کر سکتا ہے؟ تو حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما جواب دیا کرتے تھے کہ کوئی شخص کسی شخص کی طرف سے نہ تو (فرض) روزے رکھ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMI ISLAMIA ACADEMY

أَنْ يَصُوْمَ عَنْ أَحَدٍ وَلَا يُصَلِّيَ أَحَدٌ عَنْ أَحَدٍ وَرَوَى عَبْدُ الرَّزَّاقِ فِيْ مُصَنَّفِهٖ فِيْ كِتَابِ الْوَصَايَا عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ لَا يُصَلِّيَنَّ أَحَدٌ عَنْ أَحَدٍ وَلَا يَصُوْمُ أَحَدٌ عَنْ أَحَدٍ۔

سکتا ہے اور نہ (فرض) نماز ادا کر سکتا ہے۔ اس کی روایت امام مالک نے موطا میں کی ہے، اور امام مالک نے کہا ہے کہ میں نے کسی صحابی سے اور کسی تابعی سے مدینہ میں یہ نہیں سُنا کہ جو یہ کہتے ہوں کہ کوئی کسی کی طرف سے روزہ رکھے، یا کوئی کسی کی طرف سے نماز پڑھے اور عبدالرزاق نے اپنی مصنف کے کتاب الوصایا میں حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے انھوں نے فرمایا کہ کوئی شخص نہ تو کسی کی طرف سے روزہ رکھے اور نہ کسی کی طرف سے نماز پڑھے (چنانچہ فتح القدیر میں مذکور ہے کہ اس بارے میں یہی آخری حکم ہے۔

۲۵۰۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَا يُصَلِّيْ أَحَدٌ عَنْ أَحَدٍ وَلَا يَصُوْمُ أَحَدٌ عَنْ أَحَدٍ وَلٰكِنْ يُطْعِمُ عَنْهُ مَكَانَ كُلِّ يَوْمٍ مُدًّا مِنْ حِنْطَةٍ رَوَاهُ النَّسَائِيُّ فِيْ سُنَنِهٖ وَقَالَ فِيْ سُنَنِهٖ وَقَالَ فِي الْجَوْهَرِ النَّقِيِّ هٰذَا سَنَدٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ خَلَا ابْنُ عَبْدِ الْأَعْلٰى فَإِنَّهٗ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَذَكَرَ فِي الْبِنَايَةِ نَحْوَهٗ وَفِيْهِ مُدَّيْنِ مِنْ حِنْطَةٍ وَرَوَى أَبُوْبَكْرِ نِ الرَّازِيُّ فِيْ شَرْحِهٖ لِمُخْتَصَرِ نِ الطَّحَاوِيِّ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ مَّاتَ وَعَلَيْهِ رَمَضَانُ فَيُطْعِمُ عَنْهُ مَكَانَ كُلِّ يَوْمٍ نِصْفُ صَاعٍ لِّمِسْكِيْنٍ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ کوئی شخص کسی کی جانب سے نہ تو روزہ رکھے اور نہ کسی کی جانب سے نماز پڑھے، بلکہ ہر دن یعنے ہر روزہ کے بدلہ (فدیہ میں) ایک ایک مد گیہوں (یعنے نصف صاع یعنے دو کیلو) ایک مسکین کو دیدے (اسی طرح نماز کا بھی حکم ہے کہ میت کی جانب سے ہر نماز کے بدلے میں ایک مسکین کو (نصف صاع گیہوں دے یا دو وقت کا کھانا کھلائے) اس حدیث کی روایت نسائی نے اپنی سنن میں کی ہے اور ابو بکر رازی نے مختصر طحاوی کی شرح میں حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اگر کوئی شخص مرجائے اور اس سے رمضان کے روزے فوت ہو گئے ہوں تو ایسے شخص کی جانب سے ہر روز یعنے ہر روزہ کے بدلہ نصف صاع (گیہوں) ایک مسکین کو دیا جائے۔

۲۵۰۴ وَعَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ قَالَ لَا يُقْضٰى ذٰلِكَ أَحَدٌ عَنْ أَحَدٍ لِقَوْلِهٖ تَعَالٰى وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ أُخْرٰى ذَكَرَهٗ فِي الْجَوْهَرِ النَّقِيِّ۔

حضرت قاسم بن محمد رحمہ اللہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ کوئی شخص کسی کی جانب سے قضاء روزہ نہ رکھے، جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے (سورہ بنی اسرائیل پ ۱۵ ع ۲ میں) کوئی شخص کسی کا بوجھ نہیں اٹھا سکتا۔ اس کو الجواہر النقی میں بیان کیا گیا ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

بَابُ صِيَامِ التَّطَوُّعِ

وَقَوْلُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ:
وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرًا وَّاَعْظَمَ اَجْرًا۔

۲۵۰۵ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَصُوْمُ حَتّٰى نَقُوْلَ لَا يُفْطِرُ وَيُفْطِرُ حَتّٰى نَقُوْلَ لَا يَصُوْمُ وَمَا رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اسْتَكْمَلَ صِيَامَ شَهْرٍ قَطُّ اِلَّا رَمَضَانَ وَمَا رَاَيْتُهٗ فِيْ شَهْرٍ اَكْثَرَ مِنْهُ صِيَامًا فِيْ شَعْبَانَ وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَتْ كَانَ يَصُوْمُ شَعْبَانَ كُلَّهٗ وَكَانَ يَصُوْمُ شَعْبَانَ اِلَّا قَلِيْلًا۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

یہ باب نفل روزوں کے بیان میں ہے۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔
اور اپنے لیے جو بھلائی آگے بھیجو گے اسے اللہ کے پاس بہتر اور بڑے ثواب کی پاؤ گے۔ (سورۃ المزمل ۲۰)

ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم (کبھی نفل) روزے متواتر رکھے چلے جاتے تھے، یہاں تک کہ ہم کہتے تھے کہ آپ اب (نفل) روزے نہیں چھوڑیں گے۔ اور اسی طرح (کبھی نفل) روزے چھوڑ دیتے تھے تو ہم کہتے تھے کہ اب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نفل روزے نہیں رکھیں گے[1] اور (حضرت عائشہ) یہ بھی فرماتی ہیں کہ میں نے کبھی نہیں دیکھا کہ آپ کسی ماہ میں بجز رمضان المبارک کے پورے مہینے کے روزے رکھتے ہوں، ہاں ماہ رمضان میں پورے روزے رکھا کرتے تھے اور میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو ماہ شعبان میں جس قدر زائد روزے رکھتے دیکھتی ہوں کسی اور مہینے میں اتنے روزے رکھتے نہیں دیکھتی۔ ایک اور روایت میں حضرت عائشہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ماہ شعبان میں پورے مہینہ کے روزے رکھا کرتے تھے، سوائے چند دنوں کے۔ اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

ف: اس حدیث شریف میں ارشاد ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ماہ شعبان کے پورے روزے رکھا کرتے تھے۔ اس بارے میں فتح القدیر میں لکھا ہے کہ اگر کوئی شخص شعبان کے پورے روزے رکھ کر ماہ رمضان کے روزوں سے ان کا اتصال کر دے تو بہتر ہے، جن نفل روزوں کی ترغیب دی گئی ہے، ان کی قسمیں یہ ہیں۔

[1] یعنی نفل روزے رکھنے کی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی کوئی خاص عادت مبارک نہ تھی۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

(۱) ماہ محرم میں روزے رکھنا (۲) ماہ رجب میں روزے رکھنا (۳) ماہ شعبان میں روزے رکھنا (۴) اور یوم عاشوراء یعنے دسویں محرم کا روزہ۔ لیکن مسنون یہ ہے کہ دسویں محرم کے ساتھ نویں محرم کو بھی روزہ رکھ لیا جائے۔ یہ فتاوی عالمگیریہ میں فتح القدیر اور ظہیریہ کے حوالہ سے لکھا ہے اور علامہ عینی رحمہ اللہ نے فتح القدیر میں لکھا ہے کہ حضرت اسامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے دریافت کیا کہ آپ شعبان میں جس قدر زیادہ روزے رکھتے ہیں اتنے کسی اور مہینہ میں نہیں رکھتے تو اس پر حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ماہ شعبان میں بندوں کے اعمال اللہ تعالیٰ کے پاس پیش کئے جاتے ہیں اس لیے میں چاہتا ہوں کہ میرے اعمال اس حالت میں اللہ تعالیٰ کے سامنے پیش ہوں کہ میں روزہ دار ہوں۔ ۱۲

۲۵۰۶/۲ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيقٍ قَالَ لِعَائِشَةَ أَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَصُومُ شَهْرًا كُلَّهٗ قَالَتْ مَا عَلِمْتُهٗ صَامَ شَهْرًا كُلَّهٗ إِلَّا رَمَضَانَ وَلَا أَفْطَرَهٗ كُلَّهٗ حَتّٰى يَصُومَ مِنْهُ حَتّٰى مَضٰى لِسَبِيلِهٖ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عبداللہ بن شقیق رحمہ اللہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے دریافت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم رمضان کے سوا، کسی اور مہینہ میں پورے مہینہ کے روزے رکھا کرتے تھے؟ تو یہ سن کر ام المومنین نے فرمایا، میں نہیں جانتی کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم رمضان کے سوا کسی اور مہینہ میں پورے دنوں کے روزے رکھے ہوں لیکن کوئی مہینہ ایسا نہیں ہوتا تھا جس میں آپ بالکل روزے نہ رکھتے ہوں (یعنی ہر مہینہ میں کچھ نہ کچھ روزے رکھا کرتے تھے) اور حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا آخری عمر تک یہی حال رہا۔ اس کی روایت مسلم نے کی ہے۔

۲۵۰۷/۳ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ أَفْضَلُ الصِّيَامِ بَعْدَ رَمَضَانَ شَهْرُ اللّٰهِ الْمُحَرَّمُ وَأَفْضَلُ الصَّلٰوةِ بَعْدَ الْفَرِيضَةِ صَلٰوةُ اللَّيْلِ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ (رمضان کے روزوں کے بعد) جن روزوں کی بڑی فضیلت ہے، وہ ماہ محرم الحرام کے روزے ہیں، جو اللہ کا مہینہ ہے، اور فرض نمازوں کے بعد جس نماز کی فضیلت ہے وہ رات کی نماز یعنے تہجد ہے اس کی روایت مسلم نے کی ہے۔

ف: اس حدیث شریف میں ارشاد ہے کہ فرض نمازوں کے بعد جس نماز کی فضیلت ہے وہ رات کی نماز تہجد ہے۔ اس بارے میں جوہرہ اور نور الایضاح میں لکھا ہے کہ دن کی نفل نمازوں میں تہجد افضل ہے اس لیے کہ کئی آیات اور احادیث میں تہجد کی فضیلت اور اس کی ترغیب وارد ہے جیسا کہ بحر میں مذکور ہے، رد المحتار میں بھی ایسا ہی مذکور ہے۔ ۱۲

www.waseemziyai.com MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

۲۵۰۸ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَا رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَتَحَرّٰى صِيَامَ يَوْمٍ فَضَّلَهٗ عَلٰى غَيْرِهٖ إِلَّا هٰذَا الْيَوْمَ يَوْمَ عَاشُوْرَآءَ وَهٰذَا الشَّهْرَ يَعْنِيْ شَهْرَ رَمَضَانَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے نہیں دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے یوم عاشورہ کے سوا کسی اور دن کو (افضل جانتے ہوئے) اس میں روزہ رکھا ہو، اور اس مہینہ یعنے رمضان کے علاوہ (کسی اور مہینہ کو افضل جانتے ہوئے) اس میں روزے رکھے ہوں، اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

ف: شیخ ابن الہمام نے فرمایا ہے کہ عاشوراء کا روزہ رکھنا مستحب ہے، مگر شرط یہ ہے کہ اس کو واجب نہ قرار دیا جائے اور امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ نے فرمایا ہے کہ ابتداء اسلام میں جب کہ رمضان کے روزے فرض نہیں ہوئے تھے یوم عاشوراء کا روزہ فرض تھا لیکن جب رمضان کے روزے فرض ہوئے تو عاشوراء کا روزہ مستحب ہوگیا۔ مرقات اور عمدۃ القاری۔ ۱۲

۲۵۰۹ وَعَنْهُ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ فَوَجَدَ الْيَهُوْدَ صِيَامًا يَوْمَ عَاشُوْرَآءَ فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَا هٰذَا الْيَوْمُ الَّذِيْ تَصُوْمُوْنَهٗ فَقَالُوْا هٰذَا يَوْمٌ عَظِيْمٌ أَنْجَى اللّٰهُ فِيْهِ مُوْسٰى وَقَوْمَهٗ وَغَرَّقَ فِرْعَوْنَ وَقَوْمَهٗ فَصَامَهٗ مُوْسٰى شُكْرًا فَنَحْنُ نَصُوْمُهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَنَحْنُ أَحَقُّ وَأَوْلٰى بِمُوْسٰى مِنْكُمْ فَصَامَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَأَمَرَ بِصِيَامِهٖ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جب مدینہ منورہ تشریف لائے، تو آپ نے عاشوراء کے دن یہودیوں کو روزہ رکھتے ہوئے دیکھا، آپ نے اُن سے دریافت کیا کہ (تمہارے نزدیک یہ) کیسا دن ہے جس میں تم روزہ رکھتے ہو؟ تو یہودیوں نے جواب دیا کہ (ہمارے پاس یہ) بڑا عظمت والا دن ہے، اسی روز اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام اور ان کی قوم کو نجات دی اور فرعون اور اس کی قوم کو غرق کیا تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بطور شکرانہ کے روزہ رکھا تھا۔ اس لیے ہم بھی اس دن روزہ رکھتے ہیں، (یہ سن کر) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ہم تم سے زیادہ اس بات کے مستحق ہیں کہ بدرجہ اولیٰ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی اتباع کریں۔ پس آپ نے خود بھی اس دن روزہ رکھا اور صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو بھی اس دن روزہ رکھنے کا حکم دیا۔ اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

۲۵۱۰ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ہم کو

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOMIL ISLAMIA ACADEMY

یَأْمُرُ بِصِیَامِ یَوْمِ عَاشُوْرَآءَ وَیَحُثُّنَا عَلَیْهِ وَیَتَعَاهَدُنَا عِنْدَهٗ فَلَمَّا فُرِضَ رَمَضَانُ لَمْ یَأْمُرْنَا وَلَمْ یَنْهَنَا عَنْهُ وَلَمْ یَتَعَاهَدْنَا عِنْدَهٗ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

عاشوراء کا روزہ رکھنے کا حکم دیتے اور اس کی ترغیب دلاتے اور (عاشورہ کا دن قریب آجانے پر) ہماری خبرگیری فرماتے (کہ ہم اس کی پابندی کرتے ہیں یا نہیں)، پھر جب رمضان کے روزے فرض ہوئے، تو آپ نے نہ تو ہم کو (عاشوراء کا روزہ رکھنے کا) حکم دیا اور نہ اس سے منع فرمایا اور نہ اس کے بارے میں ہماری خبرگیری فرمائی۔ اس کی روایت مسلم نے کی ہے۔

۲۵۱۱ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فِیْ صَوْمِ یَوْمِ عَاشُوْرَآءَ صُوْمُوْهُ وَصُوْمُوْا قَبْلَهٗ یَوْمًا اَوْ بَعْدَهٗ یَوْمًا وَلَا تَتَشَبَّهُوْا بِالْیَهُوْدِ۔

(رَوَاهُ الطَّحَاوِیُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے یوم عاشوراء کے روزے کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ (حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ) عاشوراء کا روزہ رکھو اور عاشوراء کے ایک دن پہلے یا ایک دن بعد کا روزہ بھی رکھو اور صرف عاشوراء کا روزہ رکھ کر) یہود سے مشابہت پیدا نہ کرو اس کی روایت امام طحاوی نے کی ہے۔

ف: شیخ ابن الہمام نے کہا ہے کہ یوم عاشوراء کا روزہ رکھنا مستحب ہے اور یہ بھی مستحب ہے کہ عاشوراء کے ایک دن پہلے یا ایک دن بعد بھی روزہ رکھا جائے اور اگر صرف عاشوراء کا روزہ رکھا، تو یہود کی مشابہت کی وجہ سے مکروہ ہوگا، اور امام احمد رحمہ اللہ نے حدیث صدر کو اس طرح روایت کیا ہے کہ (یوم عاشوراء کا روزہ رکھو، اور یہود کی مخالفت (اس طرح) کرو کہ عاشوراء کے ایک دن پہلے یا ایک دن بعد بھی روزہ رکھو یہ مرقات سے ماخوذ ہے ۱۲۰

۲۵۱۲ وَعَنْ اُمِّ الْفَضْلِ بِنْتِ الْحَارِثِ اِنَّ نَاسًا تَمَارَوْا عِنْدَهَا یَوْمَ عَرَفَةَ فِیْ صِیَامِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ بَعْضُهُمْ هُوَ صَآئِمٌ وَقَالَ بَعْضُهُمْ لَیْسَ بِصَآئِمٍ فَاَرْسَلْتُ اِلَیْهِ بِقَدَحِ لَبَنٍ وَهُوَ وَاقِفٌ عَلٰى بَعِیْرِهٖ بِعَرَفَةَ فَشَرِبَهٗ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ام الفضل بنت الحارث رضی اللہ تعالیٰ عنہا (جو حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بیوی ہیں) سے روایت ہے کہ ان کے پاس (عرفات کے میدان میں) چند آدمیوں نے عرفہ کے دن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے روزہ دار ہونے سے متعلق اختلاف کیا۔ کسی نے کہا کہ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم روزہ دار ہیں اور کسی نے کہا کہ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم روزہ دار نہیں ہیں، (یہ سن کر) میں نے ایک پیالہ دودھ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں روانہ کیا اور اس وقت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام عرفات میں اپنے اونٹ پر تشریف فرما تھے، پس حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے وہیں دودھ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

پی لیا۔ اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

ف: شیخ ابن الہمام رحمہ اللہ نے فرمایا ہے کہ یوم عرفہ کا روزہ رکھنا اس شخص کے لیے مستحب ہے جو حج کی حالت میں نہ ہو اور جو شخص حج کی حالت میں ہو، اور روزہ رکھنے کی وجہ سے اس کو کمزوری لاحق ہوتی ہو اور وقوف عرفہ اور اس دن کی دعاؤں میں اس کو رکاوٹ ہوتی ہو تو ایسے شخص کے لیے بھی مستحب یہ ہے کہ وہ عرفہ کے دن روزہ نہ رکھے، اور بعض نے کہا ہے کہ حج کرنے والے کے لیے عرفہ کے دن کا روزہ رکھنا مکروہ ہے، لیکن یہ کراہت تنزیہی ہے، کیوں کہ روزہ رکھنے کی وجہ سے وہ اس دن کی اہم ترین چیز دعاؤں وغیرہ سے عاجز رہ جاتا ہے اور اسی دن دعاؤں میں مشغول رہنا اہم ترین چیز ہے یہ مرقات میں مذکور ہے۔

۲۵۱۳/۹ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ صَوْمِ يَوْمِ عَرَفَةَ بِعَرَفَةَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے (حاجیوں کے لیے) عرفات کے میدان میں یوم عرفہ کا روزہ رکھنے سے منع فرمایا ہے۔ اس کی روایت ابوداؤد نے کی ہے۔

۲۵۱۴/۱۰ وَعَنْ حَفْصَةَ قَالَتْ اَرْبَعٌ لَمْ تَكُنْ يَدَعُهُنَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ صِيَامُ عَاشُوْرَآءَ وَالْعَشْرَةِ وَثَلَاثَةِ اَيَّامٍ مِّنْ كُلِّ شَهْرٍ وَرَكْعَتَانِ قَبْلَ الْفَجْرِ۔ (رَوَاهُ النَّسَآئِيُّ)

ام المومنین حضرت سیدتنا حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے، آپ فرماتی ہیں کہ چار چیزیں ایسی تھیں جن کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نہیں چھوڑتے تھے (ایک) یوم عاشوراء یعنے دسویں محرم کا روزہ رکھنا (دوسرے ذوالحجہ کے پہلے عشرہ کے نو) روزے رکھنا (تیسرے) ہر مہینہ (ایام بیض یعنے ہلالی مہینہ کی ۱۳، ۱۴، ۱۵) کے تینوں دنوں میں (روزہ رکھنا) اور نماز کے پہلے دو رکعت (سنت) کا پڑھنا اس کی روایت نسائی نے کی ہے۔

ف: فتاویٰ عالمگیریہ میں السراج الوہاج کے حوالہ سے مذکور ہے کہ ذوالحجہ کی پہلی تاریخ سے لے کر نویں تاریخ تک نو روزے رکھنا مستحب ہے۔

۲۵۱۵/۱۱ وَعَنْ بَعْضِ اَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ كَانَ يَصُوْمُ تِسْعَةً مِّنْ ذِى الْحِجَّةِ وَيَوْمَ عَاشُوْرَآءَ وَثَلَاثَةَ اَيَّامٍ مِّنْ كُلِّ شَهْرٍ اثْنَيْنِ مِنَ الشَّهْرِ وَخَمِيْسَيْنِ۔

ام المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ماہ ذوالحجہ کے نو روزے (یعنی پہلی سے نو تک) رکھا کرتے تھے، اور یوم عاشوراء کا روزہ، اور ہر ماہ میں تین روزے رکھا کرتے تھے، جن میں پہلا روزہ دوشنبہ کا ہوتا اور دو روزے پنجشنبہ کے ہوتے۔ اس کی روایت نسائی نے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-ISLAMIA ACADEMY

رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَرَوَى أَبُوْ دَاؤُدَ نَحْوَهُ ۔

کی ہے اور ابو داؤد نے بھی اسی طرح روایت کی ہے۔

ف: ردالمحتار میں لکھا ہے کہ دوشنبہ اور پنجشنبہ کا روزہ رکھنا مستحب ہے اور نسائی کی ایک اور روایت میں ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے دوشنبہ اور پنجشنبہ کے روزوں کی تفصیل اس طرح مذکور ہے کہ دوشنبہ کے روزے سے مراد ہلالی ماہ کا نوچندی دوشنبہ یعنے پہلا دوشنبہ ہے اور پنجشنبہ کے دو روزوں سے مراد نوچندی دوشنبہ کے بعد والا پہلا اور دوسرا پنجشنبہ ہے اور نسائی کی ایک اور روایت میں ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے دوشنبہ اور پنجشنبہ کے روزوں کی تفصیل اس طرح مذکور ہے کہ پنجشنبہ کے روزہ سے مراد ہلالی ماہ کا پہلا پنجشنبہ ہے اور دوشنبہ کے روزوں سے مراد پہلے پنجشنبہ کے بعد والا پہلا اور دوسرا دوشنبہ ہے علامہ سندی نے لکھا ہے کہ مہینہ کے تین روزے پیر اور جمعرات میں اس طرح رکھے جائیں کہ جا ہے ایک پیر اور دو جمعرات ہوں یا ایک جمعرات اور دو پیر آجائیں۔ ۱۲

۲۵۱۶ وَعَنْ أَبِي قَتَادَةَ أَنَّ رَجُلًا أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ كَيْفَ تَصُوْمُ فَغَضِبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ مِنْ قَوْلِهِ فَلَمَّا رَأَى عُمَرُ غَضَبَهُ قَالَ رَضِيْنَا بِاللّٰهِ رَبًّا وَبِالْإِسْلَامِ دِيْنًا وَبِمُحَمَّدٍ نَبِيًّا نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ غَضَبِ اللّٰهِ وَمِنْ غَضَبِ رَسُوْلِهِ فَجَعَلَ عُمَرُ يُرَدِّدُ هٰذَا الْكَلَامَ حَتّٰى سَكَنَ غَضَبُهُ فَقَالَ عُمَرُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ مَنْ يَّصُوْمُ الدَّهْرَ كُلَّهُ قَالَ لَا صَامَ وَلَا أَفْطَرَ أَوْ قَالَ لَمْ يَصُمْ وَلَمْ يُفْطِرْ قَالَ كَيْفَ مَنْ يَّصُوْمُ يَوْمَيْنِ وَيُفْطِرُ يَوْمًا قَالَ وَيُطِيْقُ ذٰلِكَ أَحَدٌ قَالَ كَيْفَ مَنْ يَّصُوْمُ يَوْمًا وَيُفْطِرُ يَوْمًا قَالَ ذٰلِكَ صَوْمُ دَاؤُدَ قَالَ كَيْفَ مَنْ يَّصُوْمُ يَوْمًا وَيُفْطِرُ يَوْمَيْنِ قَالَ وَدِدْتُ أَنِّيْ طُوِّقْتُ

حضرت ابو قتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے کہ ایک شخص نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا اور سوال کیا کہ آپ کس طرح روزہ[۱] رکھتے ہیں؟ اس شخص کے اس طرح سوال کرنے سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو غصہ آگیا جب حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا غصہ دیکھا، تو کہنا شروع کیا۔

ہم اس بات سے خوش ہیں کہ اللہ ہمارا پروردگار ہے اور اس بات سے بھی خوش ہیں کہ اسلام ہمارا دین ہے اور خوش ہیں اس بات سے بھی کہ حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ہمارے نبی ہیں، ہم اللہ کی پناہ میں آتے ہیں، اللہ کے غضب سے اور اللہ کے رسول کے غضب سے۔

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بار بار یہی کہتے رہے یہاں تک کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا غصہ جاتا رہا۔ جب حضرت عمر نے یہ دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا غصہ ٹھنڈا ہو گیا ہے) تو خود حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے روزہ رکھنے کے بارے میں سوال کے آداب

---

[۱] کیونکہ اس کو سوال اس طرح کرنا چاہیئے تھا کہ میں روزہ کس طرح رکھوں، نہ یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کس طرح روزہ رکھتے ہیں، اس لیے کہ حضور کے بعض اعمال اسرار اور مصالح پر مشتمل ہیں، جن کی امت میں تاب نہیں

www.waseemziyai.com
MARKAZUL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ذٰلِكَ ثُمَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ وَسَلَّمَ ثَلَاثٌ مِّنْ كُلِّ شَهْرٍ وَّ رَمَضَانُ اِلٰى رَمَضَانَ فَهٰذَا صِيَامُ الدَّهْرِ كُلِّهٖ صِيَامُ يَوْمِ عَرَفَةَ اَحْتَسِبُ عَلَى اللّٰهِ اَنْ يُّكَفِّرَ السَّنَةَ الَّتِيْ قَبْلَهٗ وَالسَّنَةَ الَّتِيْ بَعْدَهٗ وَصِيَامُ يَوْمِ عَاشُوْرَآءَ اَحْتَسِبُ عَلَى اللّٰهِ اَنْ يُّكَفِّرَ السَّنَةَ الَّتِيْ قَبْلَهٗ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اور احترام کو ملحوظ رکھتے ہوئے) اس طرح سوال کرنا شروع کیا کہ یا رسول اللہ اس شخص کا کیا حال ہے جو ہر روز روزہ رکھتا ہے، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے جواب دیا، ایسے شخص نے نہ تو روزہ رکھا اور نہ افطار ہی کیا (یعنی روزہ نہ رکھا) اس لیے کہ ہمیشہ روزہ رکھنے سے وہ روزہ کا عادی ہو جاتا ہے اور ہمیشہ روزہ رکھنے کی وجہ سے روزہ کی مشقت باقی نہیں رہتی اور عبادت نام ہے عادت کو توڑنے کا) حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پھر عرض کیا (یا رسول اللہ! اس شخص کا کیا حال ہے جو دو دن روزہ رکھے اور ایک دن روزہ چھوڑ دے تو حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا، کون اس کی طاقت رکھتا ہے؟ پھر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا کہ اگر کوئی شخص ایک دن روزہ رکھے اور ایک دن روزہ نہ رکھے تو اس کا کیا حال ہے، تو حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ یہ حضرت داؤد پیغمبر علیہ السلام کا روزہ ہے۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا کہ اگر کوئی شخص ایک دن روزہ رکھے اور دو دن روزہ چھوڑ دے تو اس کا کیا حکم ہے؟ فرمایا میں (دل سے چاہتا ہوں) کہ مجھے اس کی طاقت ملے۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے (بطور خود مستحب روزوں کی تفصیل اس طرح ارشاد فرمائی کہ) ہر مہینہ میں تین روزے (رکھنا) خواہ (وہ ایام بیض میں ہوں یا دوشنبہ اور پنجشنبہ کے روزے ہوں) اور رمضان کے روزے (رکھنے والے کا حکم) اس شخص کا ہے جیسے اس نے سال بھر کے روزے رکھے[1] (اس کے بعد حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے پھر یہ فرمایا کہ) اور عرفہ کے دن روزہ رکھنے سے مجھے امید ہے کہ اللہ تعالیٰ (اس کی برکت سے) گزرے ہوئے ایک سال کے گناہوں کو

[1] اس لیے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے "مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا" (جو ایک نیکی کرے اس کو دس نیکیوں کا ثواب ملتا ہے۔ اس طرح ہر مہینہ کے تین روزے گویا ثواب میں تیس روزوں کے برابر ہیں۔

MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

اور آنے والے ایک سال کے گناہوں کو معاف فرما دیں گے اور عاشورا کے دن روزہ رکھنے سے مجھے امید ہے کہ اللہ تعالیٰ (اس کی برکت سے) گزرے ہوئے سال کے گناہوں کا کفارہ بنا دیں گے[1]۔ اس حدیث کی روایت مسلم نے کی ہے۔

۲۵۱۷
۱۳
وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَا اَبَا ذَرٍّ اِذَا صُمْتَ مِنَ الشَّهْرِ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ فَصُمْ ثَلَاثَ عَشْرَةَ وَاَرْبَعَ عَشْرَةَ وَخَمْسَ عَشْرَةَ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَالنَّسَآئِیُّ)

حضرت ابو ذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں، اے ابو ذر! جب تم مہینہ کے تین دن کے (نفل) روزے رکھنا چاہو تو (ہلالی ماہ کی) تیرہویں، چودہویں اور پندرھویں (تاریخ) کو روزہ رکھ لیا کرو (ان کو ایام بیض کہتے ہیں)۔ اس کی روایت ترمذی اور نسائی نے کی ہے۔

۲۵۱۸
۱۴
وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَا عَبْدَ اللّٰهِ قَالَ فَلَا تَفْعَلْ صُمْ وَاَفْطِرْ وَقُمْ وَنَمْ فَاِنَّ لِجَسَدِكَ عَلَيْكَ حَقًّا لَا صَامَ مَنْ صَامَ الدَّهْرَ صَوْمُ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ صَوْمُ الدَّهْرِ كُلِّهٖ كُلَّ شَهْرٍ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ وَاقْرَاِ الْقُرْاٰنَ فِیْ كُلِّ شَهْرٍ قُلْتُ اِنِّیْ اُطِيْقُ اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ قَالَ صُمْ اَفْضَلَ الصَّوْمِ صَوْمِ دَاوٗدَ صِيَامُ يَوْمٍ وَاِفْطَارُ يَوْمٍ وَاقْرَاْ فِیْ كُلِّ سَبْعِ لَيَالٍ مَرَّةً وَلَا تَزِدْ عَلٰی ذٰلِكَ۔

حضرت عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ نے (ایک روز) مجھ سے فرمایا اے عبد اللہ مجھے معلوم ہوا ہے کہ تم دہر (روز) دن میں روزہ رکھتے ہو اور رات بھر عبادت کرتے ہو، کیا یہ صحیح ہے؟ میں نے عرض کیا، جی ہاں! یا رسول اللہ! (یہ سُن کر) حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ایسا نہ کرو، بلکہ روزہ بھی رکھو اور روزہ ترک بھی کرو، رات کو عبادت بھی کرو اور سویا بھی کرو۔ اس لیے کہ تمہارے جسم کا تم پر حق ہے اور تمہاری آنکھ کا بھی تم پر حق ہے اور تمہاری بیوی کا بھی کا تم پر حق ہے اور تمہارے مہمان کا بھی تم پر حق ہے جس نے ہمیشہ روزہ رکھا گویا اس نے روزہ ہی نہ رکھا، ہر مہینہ میں تین روزے رکھنا (ثواب میں) ہمیشہ روزے رکھنے کے برابر ہے، تم ہر مہینے میں صرف تین روزے رکھ لیا کرو، اور ہر مہینہ میں ایک قرآن پڑھ لیا کرو۔ میں نے

[1] عرفہ کا روزہ کی فضیلت عاشورا کے روزہ پر اس لیے ہے کہ عرفہ کا روزہ شریعت محمدی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم میں مستحب قرار دیا گیا اور عاشورا کا روزہ شریعت موسوی میں تھا جس کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے بھی بطور مستحب کے باقی رکھا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

۲۵۱۹ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ
۱۵
رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ
لَا يُفْطِرُ اَيَّامَ الْبِيْضِ فِيْ حَضَرٍ وَلَا سَفَرٍ.
(رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

۲۵۲۰ وَعَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ
۱۶
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ عَنْ
صَوْمِ الْاِثْنَيْنِ فَقَالَ فِيْهِ وُلِدْتُّ
وَفِيْهِ اُنْزِلَ عَلَيَّ.

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

۲۵۲۱ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ
۱۷
رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ
يَصُوْمُ الْاِثْنَيْنِ وَالْخَمِيْسَ.

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ)

عرض کیا (یا رسول اللہ) مجھے اس سے زیادہ عمل کرنے کی طاقت ہے! (یہ سُن کر) حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا، تو تم صوم داؤدی رکھا کرو، جو روزوں میں بہترین روزے ہیں، اور صوم داؤدی ایک دن روزہ رکھنا اور ایک دن روزہ چھوڑنا ہے اور سات راتوں (یعنی ایک ہفتہ میں) ایک قرآن پڑھا کرو اور (روزوں کے رکھنے اور قرآن کو پڑھنے میں) اس سے زیادہ مشقت نہ اٹھاؤ۔ اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے، اور ترمذی کی ایک روایت میں عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے وہی مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس نے تین دن سے کم میں قرآن ختم کیا، گویا اس نے قرآن نہیں سمجھا (کنز الدقائق میں لکھا ہے کہ کم سے کم تین دن اور زیادہ سے زیادہ چالیس دن میں ایک قرآن ختم کر لینا چاہیئے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ایام بیض کے روزے کبھی نہیں چھوڑتے تھے، خواہ آپ گھر میں ہوں یا سفر پر ہوں۔ اس کی روایت نسائی نے کی ہے۔

حضرت ابو قتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے دریافت کیا گیا کہ آپ دوشنبہ کے دن روزہ رکھا کرتے ہیں (اس کا کیا سبب ہے؟) آپ نے ارشاد فرمایا کہ میں دوشنبہ ہی کو پیدا ہوا ہوں اور مجھ پر دوشنبہ ہی کے دن وحی نازل ہونا شروع ہوئی (اسی کے شکرانہ میں میں روزہ رکھتا ہوں (اس حدیث کی روایت مسلم نے کی ہے۔

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے، وہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم (کبھی) پیر اور جمعرات کا روزہ رکھا کرتے تھے۔ اس کی روایت ترمذی اور نسائی نے کی ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

۲۵۲۲
۱۸
وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ تُعْرَضُ الْاَعْمَالُ یَوْمَ الْاِثْنَیْنِ وَالْخَمِیْسِ فَاُحِبُّ اَنْ یُّعْرَضَ عَمَلِیْ وَاَنَا صَائِمٌ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ (بندوں کے) اعمال (اللہ تعالیٰ کے دربار میں) پیر اور جمعرات کو پیش کئے جاتے ہیں اس لیے میں چاہتا ہوں کہ میرا عمل اس حالت میں پیش ہو کہ میں روزہ سے ہوں اس کی روایت ترمذی نے کی ہے۔

۲۵۲۳
۱۹
وَعَنْهُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ کَانَ یَصُوْمُ یَوْمَ الْاِثْنَیْنِ وَالْخَمِیْسِ فَقِیْلَ یَا رَسُوْلَ اللهِ اِنَّكَ تَصُوْمُ یَوْمَ الْاِثْنَیْنِ وَالْخَمِیْسِ فَقَالَ اِنَّ یَوْمَ الْاِثْنَیْنِ وَالْخَمِیْسِ یَغْفِرُ اللهُ فِیْهِمَا لِكُلِّ مُسْلِمٍ اِلَّا ذَا هَاجِرَیْنِ یَقُوْلُ دَعْهُمَا حَتّٰی یَصْطَلِحَا۔
(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پیر اور جمعرات کو روزہ رکھا کرتے تھے، تو آپ سے پوچھا گیا کہ آپ پیر اور جمعرات کو روزہ رکھا کرتے ہیں تو آپ نے ارشاد فرمایا (ہاں) اس لیے کہ پیر اور جمعرات ایسے (فضیلت والے) دن ہیں کہ ان میں اللہ تعالیٰ ہر مسلمان (کے گناہوں) کو بخش دیتے ہیں، بجز ان کے جو آپس میں لڑ کر (قطع تعلق کر لیں) اور اللہ تعالیٰ مغفرت کا سوال کرنے والے فرشتہ سے) فرماتے ہیں کہ ان دونوں کو چھوڑ دو تاوقتیکہ یہ آپس میں مصالحت کر لیں۔ اس کی روایت امام احمد اور ابن ماجہ نے کی ہے۔

۲۵۲۴
۲۰
وَعَنْ اَبِیْ اَیُّوْبَ الْاَنْصَارِیِّ اَنَّهٗ حَدَّثَهٗ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ صَامَ رَمَضَانَ ثُمَّ اَتْبَعَهٗ سِتًّا مِّنْ شَوَّالٍ کَانَ کَصِیَامِ الدَّهْرِ۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ جس نے رمضان کے روزے رکھے اور شوال کے مہینہ میں مزید چھ (نفل) روزے رکھے تو گویا اس نے پورے سال بھر کے روزے رکھے اس کی روایت مسلم نے کی ہے۔

ف: واضح ہو کہ ستہ شوال رمضان سے متصل متواتر رکھ سکتے ہیں، یا پورے مہینہ میں متفرق چھ روزے رکھ سکتے ہیں۔

۲۵۲۵
۲۱
وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِنِ الْخُدْرِیِّ قَالَ نَهٰی رَسُوْلُ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ عَنْ صَوْمِ یَوْمِ الْفِطْرِ وَالنَّحْرِ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)
وَفِیْ رِوَایَةٍ لِّمُسْلِمٍ عَنْ زِیَادِ بْنِ جُبَیْرٍ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے عید الفطر اور عید الضحیٰ کے دن روزہ رکھنے سے منع فرمایا ہے۔ اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے اور مسلم کی ایک اور روایت میں زیاد بن جبیر سے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

قَالَ جَآءَ رَجُلٌ اِلَى ابْنِ عُمَرَ فَقَالَ اِنِّيْ نَذَرْتُ اَنْ اَصُوْمَ يَوْمًا فَوَافَقَ اَضْحٰى اَوْ فِطْرَ فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ اَمَرَ اللّٰهُ بِوَفَاءِ النَّذْرِ وَنَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ عَنْ صِيَامِ هٰذَا الْيَوْمِ۔

مروی ہے کہ ایک شخص حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے پاس حاضر ہوا اور عرض کیا کہ میں نے ایک دن روزہ رکھنے کی نذر مانی ہے اور وہ دن اتفاق سے عید کے دن یعنی عید قربانی یا عید فطر کے دن آگیا ہے۔ تو مجھے کیا کرنا چاہیئے؟ تو حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے نذر پورا کرنے کا حکم دیا۔ لہٰذا تم اور کسی دن میں اس کی قضاء کر لو، اس لیے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اس دن یعنی عید الفطر اور عید الضحیٰ کے دن روزہ رکھنے سے منع فرمایا ہے۔

۲۵۲۶ (۲۲) وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَا صَوْمَ فِيْ يَوْمَيْنِ الْفِطْرِ وَالْاَضْحٰى۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ دو دنوں میں یعنی عید الفطر اور عید الضحیٰ میں روزہ رکھنا جائز نہیں ہے۔ اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

۲۵۲۷ (۲۳) وَعَنْ نُبَيْشَةَ الْهُذَلِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَيَّامُ التَّشْرِيْقِ اَيَّامُ اَكْلٍ وَّشُرْبٍ وَذِكْرِ اللّٰهِ۔
رَوَاهُ مُسْلِمٌ

حضرت نبیشہ ھذلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ ایام تشریق (یعنی ۱۱، ۱۲، ۱۳، ذوالحجہ) کھانے پینے اور اللہ کی یاد کے دن ہیں، اس لیے ان دنوں میں روزہ رکھنا جائز نہیں ہے۔ اس کی روایت مسلم نے کی ہے۔

ف: درمختار اور ردالمحتار میں لکھا ہے کہ اگر کوئی شخص ایام منہیہ یعنی عید الفطر کے روز اور عید الضحیٰ اور ایام تشریق یعنی ذوالحجہ کی گیارھویں، بارھویں اور تیرھویں ان پانچ دنوں میں روزہ رکھنے کی نذر کرے۔ یا پورے سال بھر کے روزوں کی نذر مانے تو قول مختار یہ ہے کہ ایسے شخص کی یہ نذر مطلقاً صحیح ہے۔ اس لیے کہ نذر ماننا طاعت ہے لیکن اس کو چاہیئے کہ ان ایام منہیہ میں روزہ رکھنے سے وجوباً پرہیز کرے تاکہ وہ معصیت سے بچ جائے اور ان ممنوعہ ایام میں اس نے روزوں کی جو نذر مانی تھی اور جس کی ادائیگی اس پر واجب ہو چکی ہے۔ ان دونوں کے روزوں کو وہ دوسرے دنوں میں قضا کرے تاکہ نذر ماننے کا وجوب اس سے ساقط ہو جائے اور ممنوعہ ایام میں روزہ رکھنے کے گناہ سے بچ جائے۔ اسی لیے علمائے احناف نے وضاحت کی ہے کہ ان ممنوعہ ایام میں روزوں کی نذر تو درست ہے مگر ان میں روزہ رکھنا گناہ ہے اور صدر کی مذکورہ احادیث سے مذہب حنفی کی تائید ہوتی ہے ۱۲۔

۲۵۲۸ (۲۴) وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

فَلَمَّا رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يُفْطِرُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَرَوَى التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ مِثْلَهُ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَصَحَّحَهُ ابْنُ حِبَّانَ وَابْنُ عَبْدِ الْبَرِّ وَابْنُ حَزْمٍ ۔

روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ میں نے بہت کم دیکھا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم جمعہ کے دن کا روزہ نہ رکھتے ہوں (یعنی آپ اکثر جمعہ کا روزہ رکھا کرتے تھے) اس حدیث کی روایت ابن ماجہ نے کی ہے اور ترمذی اور نسائی نے بھی اسی طرح روایت کی ہے۔

۲۵۲۹
۲۵
وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ مَا رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مُفْطِرًا يَوْمَ الْجُمُعَةِ قَطُّ رَوَاهُ ابْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ وَفِيْ رِوَايَةٍ لَهُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ مِثْلَهُ ۔

عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ میں نے کبھی بھی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کو جمعہ کے دن روزہ چھوڑتے ہوئے نہیں دیکھا اس کی روایت ابن ابی شیبہ نے کی ہے، اور ابن ابی شیبہ کی دوسری روایت میں بھی حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے اسی طرح ہے۔

۲۵۳۰
۲۶
وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ صَامَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ كَتَبَ اللّٰهُ تَعَالٰى لَهُ عَشَرَةَ أَيَّامٍ عَدَدَهُنَّ مِنْ أَيَّامِ الْاٰخِرَةِ غُرًّا زُهْرًا لَا تُشَاكِلُهُنَّ أَيَّامُ الدُّنْيَا رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ وَقَالَ يَحْيٰى سَمِعْتُ مَالِكًا يَقُوْلُ لَمْ أَسْمَعْ أَحَدًا مِّنْ أَهْلِ الْعِلْمِ وَالْفِقْهِ وَمَنْ يُقْتَدٰى بِهٖ نَهٰى عَنْ صِيَامِ يَوْمِ الْجُمُعَةِ وَصِيَامُهُ حَسَنٌ وَقَدْ رَأَيْتُ بَعْضَ أَهْلِ الْعِلْمِ يَصُوْمُهُ وَأُرَاهُ كَانَ يَتَحَرَّاهُ ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جس کسی (مسلمان) نے جمعہ کے دن کا روزہ رکھا تو اللہ تعالیٰ اس کے حق میں (ایک دن کے بدلے) دس دن کے روزہ کا ثواب) لکھ دیتے ہیں اور ان میں سے ہر دن آخرت کے دن کے برابر ہوگا اور (آخرت کے دن کی خصوصیات یہ ہیں کہ آخرت کا ایک دن دنیا کے ایک ہزار سال کے برابر ہوتا ہے (اور یہ دن) نہایت روشن اور چمکدار ہوتا ہے اور (یہ دنیا کے) یہ (کس طرح) آخرت کے دن کے مشابہ نہیں ہوں گے[1] اس کی روایت بیہقی نے شعب الایمان میں کی ہے، اور یحییٰ نے کہا ہے کہ میں نے امام مالک کو یہ کہتے سُنا ہے، وہ فرماتے تھے کہ اور میں نے کسی عالم اور فقیہ اور کسی ایسے شخص کو جس کی لوگ اقتدار کرتے ہوں جمعہ کے دن روزہ رکھنے سے منع کرتے ہوئے نہیں سُنا اور امام مالک نے بھی فرمایا کہ جمعہ کے دن روزہ رکھنا مستحب ہے، بلکہ میں نے خود

[1] جمعہ کے دن روزہ رکھنے سے دس دنوں کا جو ثواب ملے گا۔ ان میں سے ہر دن مذکورہ بالا خصوصیات کا حامل ہوگا۔

MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

اہل علم کو دیکھا ہے کہ وہ جمعہ کے دن روزہ رکھا کرتے تھے۔
اس کا اہتمام اور پابندی کیا کرتے تھے۔

ف: واضح ہو کہ فتاوی عالمگیری میں مذکور ہے کہ جس طرح دوشنبہ اور پنجشنبہ کا روزہ بھی منفرداً رکھنا مستحب ہے۔ اسی طرح علماء احناف کے نزدیک جمعہ کا روزہ بھی منفرداً رکھنا مستحب ہے۔ بحرالرائق میں بھی ایسا ہی مذکور ہے اور صدر کی مذکورہ حدیثوں سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے۔ ۱۲۔

۲۵۳۰ (۲۷) وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لَا تَخْتَصُّوْا لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ بِقِيَامٍ مِّنْ بَيْنِ اللَّيَالِي۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ اور راتوں کو چھوڑ کر جمعہ کی رات کو عبادت کے لیے مختص مت کیا کرو (بلکہ ہر رات کو) شب بیداری رکھو اور کچھ نہ کچھ عبادت کیا کرو۔ اس حدیث کی روایت مسلم نے کی ہے۔

۲۵۳۱ (۲۸) وَعَنْ أَبِي سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَامَ يَوْمًا فِي سَبِيْلِ اللهِ بَعَّدَ اللهُ وَجْهَهُ عَنِ النَّارِ سَبْعِيْنَ خَرِيْفًا۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جس کسی (مسلمان) نے اللہ کی راہ میں (یعنی جہاد وغیرہ میں) ایک دن روزہ کا رکھا تو اللہ تعالیٰ اس شخص کو دوزخ (کی راہ) سے ستر برس (کے فاصلہ تک) دور کر دیں گے۔ اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

۲۵۳۲ (۲۹) وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَامَ يَوْمًا ابْتِغَاءَ وَجْهِ اللهِ بَعَّدَهُ اللهُ مِنْ جَهَنَّمَ كَبُعْدِ غُرَابٍ طَائِرٍ وَهُوَ فَرْخٌ حَتّٰى مَاتَ هَرِمًا۔

(رَوَاهُ أَحْمَدُ وَرَوَى الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيْمَانِ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ قَيْصَرٍ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جس کسی (مسلمان) نے اللہ کی خوشنودی کے لیے ایک دن کا روزہ رکھا تو اللہ تعالیٰ اس کو جہنم سے اس قدر فاصلہ تک دور کر دیں گے جتنی دور تک ایک کوا اپنے بچپن سے لے کر مرنے تک اُڑتا رہے اس حدیث کی روایت امام احمد نے کی ہے اور بیہقی نے اس کی روایت شعب الایمان میں سلمہ بن قیصر سے کی ہے۔

۲۵۳۳ (۳۰) وَعَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے،

ل کوا سے تشبیہ اس لیے دی گئی ہے کہ کوے کی عمر کہا جاتا ہے کہ ایک ہزار سال کی ہوتی ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ صَامَ يَوْمًا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ جَعَلَ اللّٰهُ بَيْنَهٗ وَبَيْنَ النَّارِ خَنْدَقًا كَمَا بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جس کسی (مسلمان) نے اللہ کی راہ میں[1] ایک دن بھی روزہ رکھا تو اللہ تعالیٰ اس شخص کے اور دوزخ کے درمیان اتنا فاصلہ حائل فرما دیتے ہیں جتنا فاصلہ آسمان اور زمین کے درمیان ہے اس کی روایت ترمذی نے کی ہے ۔

۲۵۳۵ (۳۱) وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُسْرٍ عَنْ اُخْتِهِ الصَّمَّآءِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَصُوْمُوْا يَوْمَ السَّبْتِ اِلَّا فِيْمَا افْتُرِضَ عَلَيْكُمْ فَاِنْ لَّمْ يَجِدْ اَحَدُكُمْ اِلَّا لِحَآءَ عِنَبَةٍ اَوْ عُوْدَ شَجَرَةٍ فَلْيَمْضُغْهُ ۔

رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ

حضرت عبداللہ بن بسر اپنی بہن صماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کرتے ہیں، وہ کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ (صرف) ہفتہ کے دن (نفل) روزہ نہ رکھا کرو، سوائے اس کے کہ تم پر ایسے روزہ کی ادائیگی فرض ہو، اگر تم میں سے کسی کے پاس (کھانے کے لیے) انگور کے درخت کی لکڑی کے سوائے اور کچھ نہ ہو تو اسی کو چبا لو اور ہفتہ کے دن روزہ نہ رکھنا تاکہ یہود سے مشابہت نہ ہو، جو ہفتہ کو مقدس سمجھ کر اس دن روزہ رکھا کرتے ہیں، اس سے معلوم ہوا کہ ہفتہ کے دن کا منفرداً روزہ رکھنا مکروہ تنزیہی ہے البتہ ہفتہ کے ساتھ کسی اور دن کو ملا کر روزہ رکھنا مکروہ نہیں ہے اس حدیث کی روایت امام احمد، ابوداؤد، ترمذی، ابن ماجہ اور دارمی نے کی ہے ۔

۲۵۳۶ (۳۲) وَعَنْ عَامِرِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ الْغَنِيْمَةُ الْبَارِدَةُ الصَّوْمُ فِي الشِّتَآءِ ۔

رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ مُّرْسَلٌ ۔

حضرت عامر بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جاڑوں کے روزے ٹھنڈی غنیمت ہیں[2] اس حدیث کی روایت امام احمد اور ترمذی نے کی ہے ۔

۲۵۳۷ (۳۳) وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لِكُلِّ شَيْءٍ زَكٰوةٌ وَزَكٰوةُ الْجَسَدِ الصَّوْمُ ۔

(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ ہر چیز کی ایک زکوٰۃ ہوتی ہے اور جسم کی زکوٰۃ روزہ ہے[3] اس کی روایت ابن ماجہ نے کی ہے ۔

---

[1] یعنی جہاد میں یا حج اور عمرہ کے دوران میں یا علم دین سیکھنے کے زمانہ میں یا خالصۃً اللہ کی خوشنودی کے لیے ۔

[2] کہ روزہ دار کو موسم سرما میں پیاس اور بھوک کی مشقت کے بغیر اس طرح روزے کا ثواب مل جاتا ہے جس طرح کسی کو لڑائی اور جنگ کے بغیر مال غنیمت حاصل ہو جائے [3] کہ جس طرح زکوٰۃ سے مال پاک ہوتا ہے اسی طرح روزہ سے بدن پاک ہوتا ہے ۔

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

بَابٌ

اس باب میں روزہ کے متفرق مسائل کا بیان ہے۔

قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ:
وَلَا تُبْطِلُوْٓا اَعْمَالَكُمْ۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔
اور اپنے عمل باطل نہ کرو (سورۂ محمد، ۳۳)

ف: بعض لوگوں کا خیال تھا کہ جیسے شرک کی وجہ سے تمام نیکیاں ضائع ہو جاتی ہیں اسی طرح ایمان کی برکت سے کوئی گناہ ضرر نہیں کرتا ان کے حق میں یہ آیت نازل فرمائی گئی اور بتایا گیا کہ مومن کے لیے اطاعت خدا و رسول ضروری ہے گناہوں سے بچنا لازم ہے۔ مسئلہ۔ اس آیت میں عمل کے باطل کرنے کی ممانعت فرمائی گئی تو آدمی جو عمل شروع کرے خواہ وہ نفل ہی ہو، نماز یا روزہ یا اور کوئی لازم ہے کہ اس کو باطل نہ کرے۔

ف: عمدۃ القاری میں لکھا ہے کہ اگر کوئی شخص کوئی نفل عبادت شروع کرے تو اس پر اس عبادت کی تکمیل واجب ہو جاتی ہے اس لیے کہ اس نے اس کو شروع کیا ہے، اگر اس نے اس عبادت کی تکمیل نہیں کی، تو گویا اس نے اس عمل اور عبادت کو باطل کیا، حالانکہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے "وَلَا تُبْطِلُوْٓا اَعْمَالَكُمْ"، تم اپنے اعمال کو (ادھورا رکھ کر) باطل نہ کرو، چنانچہ اگر کوئی شخص نفل روزہ رکھ کر کسی وجہ سے اس کو توڑ دے تو اس پر دوسرے دنوں میں اس روزہ کی قضا واجب ہے اور یہی مذہب حنفی ہے، اور اس باب میں ان احادیث کا ذکر ہے جن سے ثابت ہوتا ہے کہ نفل روزہ رکھ کر کسی وجہ سے توڑ دیا جائے تو اس کی قضاء واجب ہے۔ ۱۲

وَقَالَ:
وَرَهْبَانِيَّةَ ابْتَدَعُوْهَا مَا كَتَبْنٰهَا عَلَيْهِمْ اِلَّا ابْتِغَآءَ رِضْوَانِ اللّٰهِ فَمَا رَعَوْهَا حَقَّ رِعَايَتِهَا۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔
اور راہب بنا، تو یہ بات انہوں نے دین میں اپنی طرف سے نکالی ہے ہم نے ان پر مقرر نہ کی، ہاں! یہ بدعت انہوں نے اللہ کی رضا چاہنے کو پیدا کی پھر اسے نہ نباہا جیسا کہ اس کے نباہنے کا حق ہے (سورۂ الحدید، ۲۷)

ف: پہاڑوں، غاروں اور تنہا مکانوں میں خلوت نشین ہونا اور صومعہ بنانا اور اہل دنیا سے مخالطت ترک کرنا اور عبادتوں میں اپنے اوپر زائد مشقتیں بڑھا لینا، تارک ہو جانا، نکاح نہ کرنا، نہایت موٹے کپڑے پہننا، ادنیٰ غذا نہایت کم مقدار میں کھانا۔

ف: دین میں کسی بات کا نکالنا، اگر وہ بات نیک ہو اور اس سے رضائے الٰہی مقصود ہو تو بہتر ہے اور اس پر ثواب ملتا ہے اور اس کو جاری رکھنا چاہیئے ایسی بدعت کو بدعت حسنہ کہتے ہیں، البتہ دین میں بری بات نکالنا بدعت سیئہ کہلاتا ہے، وہ ممنوع اور ناجائز ہے۔ اور بدعت سیئہ حدیث شریف میں بتائی گئی ہے جو خلاف سنت ہو، اس کے نکالنے سے کوئی سنت اٹھ جائے، اس سے ہزارہا مسائل کا فیصلہ ہو جاتا ہے جن میں آج کل لوگ اختلاف کرتے ہیں، اور اپنی ہوائے نفسانی سے ایسے امور خیر کو بدعت بتا کر منع کرتے ہیں جن سے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

دین کی تقویت وتائید ہوتی ہے اور مسلمانوں کو اخروی فوائد پہنچتے ہیں اور وہ طاعات وعبادات میں ذوق وشوق کے ساتھ مشغول رہتے ہیں ایسے امور کو بدعت بتانا قرآن مجید کی آیت کے صریح خلاف ہے ۔ (تفسیر خزائن العرفان)

ف: مرقات میں لکھا ہے کہ آیت مذکورہ ان عیسائی راہبوں کے بارے میں نازل ہوئی ہے جنھوں نے اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے کسی عمل کو اپنے طور سے خود پر لازم کر لیا اور اس کو پورا نہ کیا ۔ اس سے معلوم ہوا کہ عمل کو باطل ہونے سے بچانا واجب ہے ۔ یعنی کسی نفل عبادت کو جب اپنے اوپر فرض کر لیں تو اس کو پورا کرنا واجب ہے ، ادھورا چھوڑنے سے وہ عبادت باطل ہو جاتی ہے جس پر وعید وارد ہوئی ہے لہذا نفل روزہ کو شروع کر کے کسی وجہ سے توڑ دیں تو اس کی قضاء واجب ہوگی تاکہ عمل باطل نہ ہو ، ۱۲ ۔

واضح ہو کہ آیت مذکورہ سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ اپنی طرف سے کسی عبادت کو اللہ تعالیٰ کی رضاء کے واسطے اپنے اوپر واجب کر لینا بدعت حسنہ ہے جس پر ثواب ملتا ہے جیسے قرآن کریم کے پارے اور رکوع مقرر کرنا ، علم حدیث اور فقہ مرتب کرنا اور میلاد شریف اور بزرگوں کی فاتحہ کی محفلیں قائم کرنا وغیرہ ۔ البتہ بدعت حسنہ ایجاد کر کے اسے نہ نباہنا بُرا ہے جس پر عتاب فرمایا گیا ہے ۔ یہ بھی واضح رہے کہ ہمارے دین میں رہبانیت یعنے ترک دنیا منع ہے ۔ ۱۲ ۔

۲۵۳۸ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ دَخَلَ عَلَيَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ فَقَالَ هَلْ عِنْدَكُمْ شَيْءٌ فَقُلْنَا لَا قَالَ فَإِنِّي إِذًا صَائِمٌ ثُمَّ أَتَانَا يَوْمًا آخَرَ فَقُلْنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ أُهْدِيَ لَنَا حَيْسٌ فَقَالَ أَرِينِيهِ فَلَقَدْ أَصْبَحْتُ صَائِمًا فَأَكَلَ ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

وَقَالَ الشُّمُنِّيُّ وَزَادَ النَّسَائِيُّ وَلٰكِنْ أَصُوْمُ يَوْمًا مَكَانَهُ وَصَحَّحَ عَبْدُ الْحَقِّ هٰذِهِ

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے ، آپ فرماتی ہے کہ ایک روز رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم میرے پاس تشریف لائے اور دریافت فرمایا کہ کیا تمہارے پاس کھانے کے لیے کچھ ہے ؟ ہم نے کہا کچھ نہیں ہے (یا رسول اللہ) یہ سن کر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا) اگر ایسا ہے تو میں روزہ رکھ لیتا ہوں ، اسی طرح آپ ہمارے پاس کسی اور دن تشریف لائے تو ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ ہمارے پاس حیس ، ایک قسم کا کھانا جو کھجور گھی اور ستو سے بنایا جاتا ہے ۔ (تحفتہً بھیجا گیا ہے آپ نے فرمایا لاؤ اچھا مجھے دکھاؤ تو اس لیے کہ میں نے آج صبح روزہ کی نیت کر لی تھی (جب اس کھانے کو آپ کے سامنے پیش کیا گیا) ، تو آپ نے اس میں سے کچھ کھا لیا اس کی روایت مسلم نے کی ہے اور شمنی نے کہا ہے کہ نسائی نے اس حدیث کو اس اضافہ کے ساتھ روایت کیا ہے کہ (حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ، اب میں یہ کھا کر روزہ تو توڑ رہا ہوں (

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

الزِّيَادَةَ.

لیکن اس روزہ کی بجائے کسی اور دن روزہ رکھ لوں گا اور علامہ عبدالحق نے نسائی کے اس اضافہ کو صحیح قرار دیا ہے اور مرقات اور بنایہ میں بھی ایسا ہی مذکور ہے۔

ف: اس حدیث شریف میں ارشاد ہے (فَإِنِّيْ إِذًا صَائِمٌ) اچھا تو اب میں روزہ رکھ لیتا ہوں) اس ارشاد سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ نفل روزہ کی نیت دن میں کرنا جائز ہے جیسا کہ مرقات میں ہے اور در مختار میں ایسا ہی لکھا ہے۔ ۱۲

ف: اس حدیث شریف میں یہ بھی مذکور ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے روزہ کی نیت کر لینے کے بعد (حیس)، کو تناول فرمایا۔ اس بارے میں در مختار میں لکھا ہے کہ اگر کسی نے نفل روزہ شروع کر لیا ہو تو بلا عذر نفل روزہ کو نہ توڑے، اور دوسرا قول یہ ہے کہ نفل روزہ کو توڑنا اس شرط سے جائز ہے کہ وہ اس نفل روزہ کو قضاء کرنے کی نیت کرے اور کمال اور تاج الشریعۃ اور صدر الشریعۃ نے وقایہ میں اسی کو اختیار کیا ہے۔ ۱۲

۲۵۳۸ وَعَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ أَنَا وَحَفْصَةُ صَائِمَتَيْنِ فَعُرِضَ لَنَا طَعَامٌ اشْتَهَيْنَاهُ فَأَكَلْنَا مِنْهُ فَجَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَبَدَرَتْنِيْ إِلَيْهِ حَفْصَةُ وَكَانَتْ ابْنَةَ أَبِيْهَا فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّا كُنَّا صَائِمَتَيْنِ فَعُرِضَ لَنَا طَعَامٌ اشْتَهَيْنَاهُ فَأَكَلْنَا مِنْهُ قَالَ اقْضِيَا يَوْمًا اٰخَرَ مَكَانَهُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاؤُدَ وَالنَّسَائِيُّ عَنْ زُمَيْلٍ مَوْلٰى عُرْوَةَ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ وَرَوَاهُ مُحَمَّدٌ عَنْ مَالِكٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ وَقَالَ بِهٰذَا نَأْخُذُ مَنْ صَامَ تَطَوُّعًا ثُمَّ أَفْطَرَ فَعَلَيْهِ الْقَضَاءُ وَهُوَ قَوْلُ أَبِيْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ وَالْعَامَّةِ قَبْلَنَا وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ وَقَدْ ذَهَبَ قَوْمٌ مِّنْ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ

حضرت زہری، حضرت عروہ سے اور حضرت عروہ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کرتے ہیں، ام المومنین فرماتی ہیں کہ میں اور حضرت حفصہ بنت عمر ام المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہا دونوں نفل روزہ سے تھیں کہ ہمارے سامنے ایسا کھانا لایا گیا جس کی خوشبو سے ہماری اشتہا بڑھ گئی، تو ہم نے اس میں سے کھا لیا، اتنے میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے، حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے مجھ پر سبقت کر کے عرض کیا، یا رسول اللہ! آج ہم دونوں (نفل) روزہ سے تھیں کہ ہمارے سامنے ایسا کھانا لایا گیا جس کی خوشبو سے ہماری اشتہا چاہت بڑھ گئی اور ہم نے اس کو کھا لیا (یہ سن کر) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا تم دونوں اس روزہ کی قضاء کسی اور دن کر لو۔ اس کی روایت ترمذی نے کی ہے، اور ابوداؤد اور نسائی نے اسی حدیث کو زمیل مولی عروہ سے اسی طرح روایت کی ہے اور امام محمد نے امام مالک کے واسطے سے زہری سے اسی حدیث کی روایت کی ہے اور امام محمد نے فرمایا ہے کہ ہم اسی پر عمل کرتے ہیں کہ اگر کسی نے نفل روزہ رکھ کر توڑ دیا ہو

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَغَيْرِهِمْ اِلٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ فَرَاَوْا عَلَيْهِ الْقَضَاءَ اِذَا اَفْطَرَ وَهُوَ قَوْلُ مَالِكِ ابْنِ اَنَسٍ ۔

تو اس پر اس روزہ کی قضاء واجب ہے۔ اھ اور یہی قول امام ابو حنیفہ اور ہمارے سلف صالحین حضرت ابو بکر، حضرت عمر حضرت علی، اور حضرت ابن عباس، حضرت جابر بن عبد اللہ حضرت عائشہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا ہے اور حسن بصری اور حضرت سعید بن جبیر اور امام ابو حنیفہ اور امام مالک اور امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ بھی اسی کے قائل ہیں جیسا کہ عمدۃ القاری میں مذکور ہے اور ترمذی نے کہا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے اہل علم اصحاب اور ان کے علاوہ دیگر حضرات نے بھی اسی حدیث کو اختیار کیا ہے اور ان حضرات نے اس شخص پر جو نفل روزہ رکھ کر توڑ دے تو اس کی قضاء واجب قرار دی ہے اور یہی قول امام مالک بن انس رحمہ اللہ تعالیٰ کا بھی ہے ۱۲۔

٢٥٣٩ / ٣٦ وَعَنِ الْمُزَنِيِّ عَنِ الشَّافِعِيِّ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ يَحْيٰى عَنْ عَمَّتِهٖ عَائِشَةَ بِنْتِ طَلْحَةَ عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَتْ دَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ لَهٗ يَا رَسُوْلَ اللهِ اِنَّا قَدْ خَبَأْنَا لَكَ حَيْسًا فَقَالَ اَمَا اِنِّيْ كُنْتُ اُرِيْدُ الصَّوْمَ وَلٰكِنْ قَرِّبِيْهِ سَاَصُوْمُ يَوْمًا مَكَانَ ذٰلِكَ (رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ) وَقَالَ صَاحِبُ الْعُرْفِ الشَّذِيِّ وَالسَّنَدُ صَحِيْحٌ غَايَةَ الصِّحَّةِ وَرَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ سُنَنِهِ الْكَبِيْرِ مِنْ طَرِيْقِ الطَّحَاوِيِّ وَفِيْ كِتَابِ الْمَعْرِفَةِ اَيْضًا وَرَوَاهُ النَّسَائِيُّ فِي الْكُبْرٰى وَالدَّارَقُطْنِيُّ فِيْ سُنَنِهٖ ۔

مزنی امام شافعی سے اور امام شافعی سفیان سے اور سفیان طلحہ بن یحیی سے اور طلحہ بن یحیی اپنی پھوپھی عائشہ بنت طلحہ سے اور عائشہ بنت طلحہ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کرتی ہیں کہ ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ (ایک مرتبہ) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم میرے پاس تشریف لائے تو میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! ہم نے آپ ہی کے لیے حیس اٹھا کر رکھا ہے (یہ سن کر) حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا میں نے (نفل) روزہ کی نیت کر لی تھی، اچھا اس کو لے آؤ (اس کو کھا لیتا ہوں) اور آج کے روزہ کے بدلہ میں کسی دن اس کی قضاء کر لوں گا اس کی روایت طحاوی نے کی ہے اور صاحب العرف الشذی نے کہا ہے کہ اس کی سند نہایت صحیح ہے اور بیہقی نے بھی اس حدیث کو اپنی سنن کبیر اور المعرفۃ میں ان ہی اسناد سے روایت کی ہے جیسا کہ امام طحاوی نے روایت کی ہے اور نسائی نے بھی اس کی روایت کبری میں اور

www.waseemziyai.com
MARKAZ UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

٢٥٤١ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلٰى حَفْصَةَ وَعَائِشَةَ وَهُمَا صَائِمَتَانِ ثُمَّ خَرَجَ فَرَجَعَ وَهُمَا يَأْكُلَانِ فَقَالَ أَلَمْ تَكُوْنَا صَائِمَتَيْنِ قَالَتَا بَلٰى وَلٰكِنْ أُهْدِيَ لَنَا هٰذَا الطَّعَامُ فَأَعْجَبَنَا فَأَكَلْنَا مِنْهُ فَقَالَ صُوْمَا يَوْمًا مَكَانَهُ رَوَاهُ النَّسَائِيُّ فِيْهِ خَطَّابُ بْنُ الْقَاسِمِ وَخُصَيْفٌ قَالَ ابْنُ الْقَطَّانِ خَطَّابٌ ثِقَةٌ قَالَهُ ابْنُ مَعِيْنٍ وَأَبُوْ زُرْعَةَ وَقَالَ أَبُوْ دَاوُدَ وَيَحْيٰى ابْنُ مَعِيْنٍ وَأَبُوْ زُرْعَةَ وَالْعِجْلِيُّ خُصَيْفٌ ثِقَةٌ عَنِ ابْنِ مَعِيْنٍ صَالِحٌ وَعَنْهُ لَيْسَ بِهٖ بَأْسٌ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ (ایک روز) نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ام المومنین حضرت حفصہ اور ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے پاس تشریف لائے تو اس وقت دونوں روزے سے تھیں، پھر آپ باہر تشریف لے گئے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پھر جب واپس (دوبارہ گھر) لوٹے تو ملاحظہ فرمایا کہ دونوں کھانا کھا رہی ہیں (یہ دیکھ کر) آپ نے فرمایا کہ تم دونوں (آج) روزہ سے نہ تھیں دونوں نے جواب دیا کیوں نہیں (ہم دونوں روزے سے تھیں) لیکن ہم کو یہ کھانا جو تحفۃً آگیا تھا، پسند آگیا اور ہم نے اس کو کھا لیا (یہ سن کر) آپ نے دونوں سے ارشاد فرمایا آج کے روزہ کے بدلہ کسی دن اور روزہ رکھ لو۔ اس کی روایت نسائی نے کی ہے۔

٢٥٤٢ وَعَنْ أَنَسِ بْنِ سِيْرِيْنَ أَنَّهُ صَامَ يَوْمَ عَرَفَةَ فَعَطِشَ عَطَشًا شَدِيْدًا فَأَفْطَرَ فَسَأَلَ عِدَّةً مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَأَمَرُوْهُ أَنْ يَقْضِيَ يَوْمًا مَكَانَهُ، رَوَاهُ ابْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ وَقَالَ صَاحِبُ الْجَوْهَرِ النَّقِيِّ هٰذَا إِسْنَادٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ مَاخَلَا التَّيْمِيِّ فَإِنَّهُ أَخْرَجَ لَهُ أَصْحَابُ الْأَرْبَعَةِ وَوَثَّقَهُ ابْنُ سَعْدٍ وَابْنُ سُفْيَانَ وَالدَّارَقُطْنِيُّ وَرَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ نَحْوَهُ۔

حضرت انس بن مالک رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ انھوں نے عرفہ کے دن روزہ رکھ لیا، اس سے ان کو سخت پیاس ہونے لگی جس کی وجہ سے انھوں نے روزہ توڑ دیا اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے بہت سے صحابہ سے دریافت کیا، تو سب نے ان کو یہی حکم دیا کہ آج کے (اس) روزہ کے بدلہ کسی اور دن قضاء کرلیں، اس کی روایت ابن ابی شیبہ نے کی ہے اور صاحب الجواہر النقی نے کہا ہے کہ اس حدیث کی سند شیخین یعنی بخاری اور مسلم کی شرط کے موافق ہے، اور امام طحاوی نے بھی اس حدیث کی اسی طرح روایت کی ہے۔

٢٥٤٣ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّهُ أَخْبَرَ أَصْحَابَهُ أَنَّهُ صَائِمٌ ثُمَّ خَرَجَ عَلَيْهِمْ وَرَأْسُهُ يَقْطُرُ فَقَالُوْا أَوَلَمْ تَكُ صَائِمًا قَالَ بَلٰى وَلٰكِنِّيْ مَرَّتْ بِيْ جَارِيَةٌ لِيْ فَأَعْجَبَتْنِيْ فَأَصَبْتُهَا وَكَانَتْ حَسَنَةً هَمَمْتُ بِهَا وَأَنَا قَاضِيْهَا يَوْمًا آخَرَ۔

(رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ انھوں نے (ایک دن) اپنے شاگردوں کو اطلاع دی کہ وہ آج روزہ سے ہیں، جب وہ گھر سے نکلے تو ایسی حالت میں نکلے کہ سر سے پانی ٹپک رہا تھا۔ (یہ دیکھ کر) ان کے شاگردوں نے پوچھا کیا آپ آج روزہ سے نہ تھے، حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا، ہاں آج میں روزہ سے تھا، لیکن میری ایک باندی جو بہت خوب صورت ہے، میرے سامنے سے گزری، جو مجھے پسند خاطر ہوئی اور میں نے اس

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

جماع کر لیا اور میں آج کے روزہ کی قضاء کسی اور دن کروں گا اس کی روایت امام طحاوی نے کی ہے۔

٢٥٤٤ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ صَنَعَ رَجُلٌ مِّنْ أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ طَعَامًا فَدَعَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابًا لَّهٗ فَلَمَّا أَتٰى بِالطَّعَامِ تَنَحّٰى أَحَدُهُمْ فَقَالَ لَهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَالَكَ فَقَالَ إِنِّيْ صَائِمٌ فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ تَكَلَّفَ لَكَ أَخُوْكَ وَصَنَعَ ثُمَّ تَقُوْلُ إِنِّيْ صَائِمٌ كُلْ وَصُمْ يَوْمًا مَّكَانَهٗ رَوَاهُ الدَّارُقُطْنِيُّ وَالطَّيَالِسِيُّ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِّلْبُخَارِيِّ عَنْ أَنَسٍ قَالَ دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ عَلٰى أُمِّ سُلَيْمٍ فَأَتَتْهُ بِتَمْرٍ وَّسَمْنٍ فَقَالَ أَعِيْدُوْا سَمْنَكُمْ فِيْ سِقَائِهٖ وَتَمْرَكُمْ فِيْ وِعَائِهٖ فَإِنِّيْ صَائِمٌ ثُمَّ قَامَ إِلٰى نَاحِيَةٍ مِّنَ الْبَيْتِ فَصَلّٰى غَيْرَ الْمَكْتُوْبَةِ فَدَعَا لِأُمِّ سُلَيْمٍ وَأَهْلِ بَيْتِهَا وَفِيْ رِوَايَةٍ لِّمُسْلِمٍ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ إِذَا دُعِيَ أَحَدُكُمْ إِلٰى طَعَامٍ وَّهُوَ صَائِمٌ فَلْيَقُلْ إِنِّيْ صَائِمٌ وَفِيْ رِوَايَةٍ لَّهٗ قَالَ إِذَا دُعِيَ أَحَدُكُمْ فَلْيُجِبْ فَإِنْ كَانَ صَائِمًا فَلْيُصَلِّ وَإِنْ كَانَ مُفْطِرًا فَلْيَطْعَمْ۔

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ایک صحابی نے کھانا تیار کیا اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اور آپ کے اصحاب کو دعوت دی، کھانا سامنے آیا تو ایک صحابی ہٹ کر ایک جانب ہو گئے، تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اُن سے دریافت کیا تم (کیوں ہٹ گئے) کیا بات ہے؟ تو انھوں نے عرض کیا (یا رسول اللہ آج میں روزہ سے ہوں) تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا تمہارے بھائی نے تمہارے لیے تکلیف اٹھا کر (کھانا) تیار کیا ہے، اور تم کہتے ہو کہ میں روزہ سے ہوں (آج تو) کھا لو اور اس کے بدلے کسی اور دن قضاء کر لینا۔ اس کی روایت دارقطنی اور طیالسی نے کی ہے اور بخاری کی ایک روایت میں حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم (ایک دفعہ) اُم سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس تشریف لائے تو انھوں نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت میں کھجور اور گھی پیش کیا، تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا، گھی کو مشکیزہ میں اور کھجور کو اس کے برتن میں رکھ دو، میں آج روزے سے ہوں، پھر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام گھر کے ایک گوشہ میں تشریف لے گئے اور نفل نماز پڑھی اور ام سلیم اور ان کے گھر والوں کے لیے دعا فرمائی اور مسلم کی ایک روایت میں ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس طرح مروی ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا، اگر کسی کو تم میں سے کھانے پر بلایا جائے اور تم روزے سے ہو، اور روزہ توڑنا نہ چاہتے ہو تو کہہ دے کہ میں روزہ سے ہوں اور مسلم کی ایک دوسری روایت میں اس طرح مذکور ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اگر تم میں سے کسی کو دعوت دی جائے تو وہ اس کو قبول کر لے اگر روزہ سے ہو (اور روزہ توڑنا نہ چاہتے ہو) تو اس کے

www.waseemziyai.com MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

گھر میں نفل) نماز پڑھ کر (دعاء کردو) اگر روزہ سے نہ ہو تو کھانا کھالے۔

ف ردالمحتار میں نفل روزہ کو توڑنے کے بارے میں حسب ذیل شرائط مذکور ہیں۔

ردالمحتار میں لکھا ہے کہ ضیافت مہمان اور میزبان دونوں کے لیے نفل روزہ کو توڑنے کے لیے عذر ہے، جب کہ میزبان مہمان کے کھانا کھائے بغیر راضی نہ ہوتا ہو، تو ایسی صورت میں مہمان نفل روزہ توڑ سکتا ہے اور اسی طرح اگر مہمان میزبان جو روزہ سے ہو اس کو کھانے میں ساتھ لیے بغیر کھانے پر راضی نہ ہوتا ہو، تو ایسی صورت میں میزبان بھی اپنا نفل روزہ توڑ سکتا ہے اور اگر روزہ توڑے بغیر مہمان یا میزبان راضی ہو جاتا ہو تو میزبان اور مہمان دونوں کو چاہیئے کہ نفل روزہ نہ توڑیں، یہ بھی واضح رہے کہ عذر کی بناء پر نفل روزہ زوال سے پہلے توڑا جا سکتا ہے اور زوال کے بعد ایسے عذر کی بناء پر نفل روزہ نہ توڑے اور کسی وجہ سے بھی نفل روزہ توڑنا دوسرے وقت صحیح ہے جب کہ توڑنے والا اس روزے کی قضاء کی نیت رکھتا ہو، اور یہی مذہب حنفی ہے ۱۲۔

۲۵۴۵ (۸) وَعَنْ اُمِّ عُمَارَةَ بِنْتِ كَعْبٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَيْهَا فَدَعَتْ لَهُ بِطَعَامٍ فَقَالَ لَهَا كُلِيْ فَقَالَتْ اِنِّيْ صَائِمَةٌ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِنَّ الصَّائِمَ اِذَا اُكِلَ عِنْدَهُ صَلَّتْ عَلَيْهِ الْمَلٰٓئِكَةُ حَتّٰى يَفْرَغُوْا۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت ام عمارہ بنت کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم (ایک دفعہ) اُن کے پاس تشریف لائے، تو انھوں نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے لیے کھانا منگوایا۔ حضور نے اُن سے فرمایا، تم بھی کھانے میں شریک ہو جاؤ تو انھوں نے عرض کیا، یا رسول اللہ میں روزے سے ہوں، تو (یہ سن کر) نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ روزہ دار کے سامنے جب کھانا کھایا جائے تو فرشتے (اس روزہ دار) پر اس وقت تک رحمت بھیجتے ہیں جب تک وہ (کھانے والے کھانے سے فارغ نہ ہو جائیں) اس کی روایت امام احمد، ترمذی، ابن ماجہ اور دارمی نے کی ہے۔

۲۵۴۶ (۹) وَعَنْ بُرَيْدَةَ قَالَ دَخَلَ بِلَالٌ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَتَغَدّٰى فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ الْغَدَآءَ يَا بِلَالُ قَالَ اِنِّيْ صَائِمٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ نَاْكُلُ رِزْقَنَا وَفَضْلُ رِزْقِ بِلَالٍ فِي الْجَنَّةِ اَشَعَرْتَ يَا بِلَالُ اَنَّ الصَّائِمَ

حضرت بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ، (ایک دفعہ) حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے جب کہ آپ صبح کا کھانا کھا رہے تھے، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے (حضرت بلال کو دیکھ کر) فرمایا، آؤ بلال کھانا کھالو، حضرت بلال نے عرض کیا یا رسول اللہ میں روزہ سے ہوں (یہ سن کر) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا، ہم تو اپنا رزق کھاتے ہیں اور بلال کا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOLOMI ISLAMIA ACADEMY

يُسَبِّحُ عِظَامَهُ وَيَسْتَغْفِرُ لَهُ الْمَلَائِكَةُ مَا أُكِلَ عِنْدَهُ ۔

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيْمَانِ)

رزق جنت میں ہے، پھر حضرت بلال سے مخاطب ہو کر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرمایا! بلال کیا تم جانتے ہو کہ روزہ دار کی ہڈیاں تسبیح کرتی ہیں، اور فرشتے اس کے لیے (یعنی روزہ دار کے لیے) اس وقت تک مغفرت کی دعاء کرتے ہیں جب تک کہ اس کے سامنے کھایا جاتا رہے اس کی روایت بیہقی نے شعب الایمان میں کی ہے۔

بَابُ لَيْلَةِ الْقَدْرِ

یہ باب شب قدر (کی فضیلت) کے بیان میں ہے۔

وَقَوْلُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ: إِنَّا أَنْزَلْنٰهُ فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ ۝ وَمَا أَدْرٰكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۝ لَيْلَةُ الْقَدْرِ خَيْرٌ مِّنْ أَلْفِ شَهْرٍ ۝ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوحُ فِيْهَا بِإِذْنِ رَبِّهِمْ مِّنْ كُلِّ أَمْرٍ ۝ سَلٰمٌ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۝

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

بے شک ہم نے اسے شب قدر میں اتارا، اور تم نے کیا جانا کہ شب قدر کیا ہے شب قدر ہزار مہینوں سے بہتر اس میں فرشتے اور جبریل اترتے ہیں اپنے رب کے حکم سے ہر کام کے لیے، وہ سلامتی ہے صبح چمکنے تک۔ (سورۃ القدر ۱ تا ۵)

ف: شب قدر شریف و برکت والی رات ہے، اس کو شب قدر اس لیے کہتے ہیں کہ اس میں سال بھر کے احکام نافذ کیے جاتے ہیں، ملائکہ کو سال بھر کے وظائف و خدمات پر مامور کیا جاتا ہے، یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس رات کی شرافت و قدر کے باعث اس کو شب قدر کہتے ہیں اور یہ بھی منقول ہے کہ چونکہ اس شب میں اعمال صالحہ منقول ہوتے ہیں اور بارگاہ الٰہی میں ان کی قدر کی جاتی ہے اس لیے اس شب کو شب قدر کہتے ہیں۔ احادیث میں اس شب کی بہت فضیلتیں وارد ہوئی ہیں بعض علماء کے نزدیک رمضان المبارک کی ستائیسویں رات شب قدر ہوتی ہے (تفسیر خزائن العرفان)

ف: حدیث شریف میں ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے امم گذشتہ کے ایک شخص کا ذکر فرمایا جو تمام رات عبادت کرتا تھا اور تمام دن جہاد میں مصروف رہتا تھا اس طرح اس نے ہزار مہینے گذارے تھے، مسلمانوں کو اس سے تعجب ہوا تو اللہ تعالیٰ نے آپ کو شب قدر عطا فرمائی اور یہ آیت نازل کی کہ شب قدر ہزار مہینوں سے بہتر ہے (اخرجہ ابن جریر عن طریق مجاہد) یہ اللہ تعالیٰ کا اپنے حبیب پر کرم ہے کہ آپ کے امتی شب قدر کی ایک رات عبادت کریں تو ان کا ثواب پچھلی امت کے ہزار ماہ عبادت کرنے والوں سے زیادہ ہو (تفسیر خزائن العرفان)

۲۵۴۷ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَأَنَا أَسْمَعُ عَنْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ فَقَالَ هِيَ فِي كُلِّ رَمَضَانَ رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ وَرَوَاهُ أَبُوْ دَاؤُدَ مَرْفُوْعًا

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے شب قدر کے بارے میں سوال کیا گیا اور میں اس وقت یہ سن رہا تھا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے جواب دیا کہ شب قدر

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

کاتبین مجھ سے) اٹھا لیا گیا۔ اس کی روایت امام مالک امام شافعی اور امام ابوعوانہ نے کی ہے

۲۵۵۲ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ مَنْ يَّقُمِ الْحَوْلَ يُصِبْ لَيْلَةَ الْقَدْرِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَرَوٰى اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَآئِيُّ وَاَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَالدَّارُقُطْنِيُّ وَالْاِفْرَادُ وَابْنُ حِبَّانَ نَحْوَهٗ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِلطَّحَاوِيِّ عَنْهُ قَالَ مَنْ قَامَ السَّنَةَ كُلَّهَا اَصَابَ لَيْلَةَ الْقَدْرِ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهَا تَطْلُعُ يَوْمَئِذٍ لَا شُعَاعَ لَهَا۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ جو شخص سال بھر کی راتوں کو عبادت اور نوافل میں گزارتا ہے، تو وہ لیلۃ القدر کو پالے گا۔ اس کی روایت مسلم نے کی ہے اور ابو داؤد، ترمذی، نسائی اور امام احمد نے بھی اس کی روایت کی ہے اور بیہقی نے اس کی روایت شعب الایمان میں اور دارقطنی نے الافراد میں کی ہے، اور ابن حبان نے بھی اسی طرح روایت کی ہے اور طحاوی کی ایک روایت میں ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے اس طرح مروی ہے کہ جس کسی شخص نے سال بھر کی راتوں کو عبادت میں گزارا تو اس نے لیلۃ القدر کو پا لیا اور مسلم کی ایک روایت میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے لیلۃ القدر کی علامتوں کے بارے میں مروی ہے کہ اس رات یعنی شب قدر کے بعد جو دن آتا ہے۔ اس میں) آفتاب ایسی حالت میں طلوع ہوتا ہے کہ اس کی شعاعیں تیز نہیں ہوتی۔

ف: صدر کی حدیث شریف میں مذکور ہے کہ جو شخص سال بھر کی راتوں کو عبادت اور نوافل میں گزارتا ہو، تو اس کو شب قدر مل جاتی ہے، اس بارے میں ردالمحتار میں مذکور ہے کہ بحر میں قانیہ کے حوالہ سے لکھا ہے کہ امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ سے مشہور روایت یہی ہے کہ شب قدر پورے سال میں دورہ کرتی ہے، کبھی رمضان میں آتی ہے اور کبھی غیر رمضان میں۔ اور قاضی خاں میں بھی یہی لکھا ہے کہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ سے مشہور روایت یہی ہے کہ شب قدر پورے سال میں دورہ کرتی ہے، اور عمدۃ القاری نے حضرت ابن مسعود، حضرت ابن عباس اور حضرت عکرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے اسی قول کو صحیح قرار دیا ہے، کہ شب قدر پورے سال میں دورہ کرتی ہے، اور فتوحات مکیہ میں حضرت ابن عربی رحمہ اللہ تعالیٰ سے بھی اسی طرح منقول ہے کہ انھوں نے شب قدر کو رمضان اور غیر رمضان میں بھی پایا ہے۔ اور مسوی میں محلی کے حوالہ سے مذکور ہے کہ مزنی اور ابن خزیمہ نے کہا ہے کہ شب قدر پورے سال کی راتوں میں دورہ کرتی ہے، اور یہ کہ اس توضیح سے ساری احادیث میں توافق پیدا ہو جاتا ہے۔ اور عالمگیریہ میں مذکور ہے کہ شب قدر کی جستجو کرنا مستحب ہے ۱۲۰

۲۵۵۳ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَجْتَهِدُ فِي الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ مَا لَا يَجْتَهِدُ فِيْ

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے، وہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم (رمضان کے) آخری عشرے میں عبادت کرنے میں جس

www.waseemziyai.com
MARKAZUL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

غَیْرِہٖ ۔

(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

قدر مشقت اٹھاتے تھے، اتنی مشقت دوسرے دنوں میں نہیں اٹھاتے تھے (تاکہ رمضان المبارک کے آخری عشرہ کی برکات حاصل فرمائیں) اس حدیث کی روایت مسلم نے کی ہے ۔

۲۵۵۴ وَعَنْهَا قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ إِذَا دَخَلَ الْعَشْرُ شَدَّ مِئْزَرَهٗ وَاَحْيَا لَيْلَهٗ وَاَيْقَظَ اَهْلَهٗ ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے، وہ فرماتی ہیں کہ رمضان المبارک کا جب آخری عشرہ شروع ہوجاتا ہے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کمربستہ ہوکر (ہمیشہ سے زائد) عبادت میں مشغول ہوجاتے ہیں اور شب بیدار رہتے (اور نوافل، ذکرِ الٰہی اور تلاوت قرآن فرماتے رہتے) اور اپنے گھر والوں کو بھی (ان راتوں میں) جگا دیتے (تاکہ وہ بھی شب بیدار رہ کر آخری عشرہ کی برکتیں حاصل کریں) اس حدیث کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے ۔

۲۵۵۵ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَءَيْتَ اِنْ عَلِمْتُ اَيَّ لَيْلَةٍ لَيْلَةُ الْقَدْرِ مَا اَقُوْلُ فِيْهَا قَالَ قُوْلِيْ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّيْ ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَصَحَّحَهٗ)

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے، وہ فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کیا، یارسول اللہ اگر مجھے شب قدر مل جائے تو اس میں میں کیا دعا پڑھوں تو آپ نے ارشاد فرمایا یہ دعا پڑھو۔ اے اللہ! آپ بہت معاف کرنے والے ہیں اور معافی سے محبت رکھتے ہیں۔ پس آپ مجھے معاف فرما دیجئے۔ اس کی روایت امام احمد، ابن ماجہ اور ترمذی نے کی اور ترمذی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے ۔

۲۵۵۶ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَ لَيْلَةُ الْقَدْرِ نَزَلَ جِبْرِيْلُ فِيْ كَبْكَبَةٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ يُصَلُّوْنَ عَلٰى كُلِّ عَبْدٍ قَائِمٍ اَوْ قَاعِدٍ يَذْكُرُ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ فَاِذَا كَانَ يَوْمُ عِيْدِهِمْ يَعْنِيْ يَوْمَ فِطْرِهِمْ بَاهٰى بِهِمْ مَلٰٓئِكَتَهٗ فَقَالَ يَا مَلٰٓئِكَتِيْ مَا جَزَآءُ اَجِيْرٍ وَفّٰى عَمَلَهٗ قَالُوْا رَبَّنَا جَزَآؤُهٗ اَنْ يُّوَفّٰى اَجْرَهٗ قَالَ مَلٰٓئِكَتِيْ عَبِيْدِيْ وَاِمَائِيْ قَضَوْا فَرِيْضَتِيْ عَلَيْهِمْ ثُمَّ

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جب شب قدر ہوتی ہے تو جبرئیل علیہ السلام فرشتوں کی ایک جماعت کے کر (زمین پر) اترتے ہیں اور ہر اس بندہ پر جو کھڑے ہوکر یا بیٹھ کر اللہ کی یاد (اور عبادت) میں مشغول رہتا ہو، دعائے مغفرت کرتے ہیں پھر جب مسلمانوں کی عید یعنی عید الفطر کا دن ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ اپنے ان (عبادت گزار بندوں کی وجہ) سے فرشتوں کے سامنے فخر کرتے ہیں اور فرماتے ہیں اے میرے فرشتو! اس مزدور کی کیا اجرت ہے جو اپنا کام پورا کر دے، تو

MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

خَرَجُوْا يَعُجُّوْنَ اِلَى الدُّعَآءِ وَعِزَّتِيْ وَجَلَالِيْ وَكَرَمِيْ وَعُلُوِّيْ وَارْتِفَاعِ مَكَانِيْ لَاُجِيْبَنَّهُمْ فَيَقُوْلُ ارْجِعُوْا قَدْ غَفَرْتُ لَكُمْ وَبَدَّلْتُ سَيِّاٰتِكُمْ حَسَنَاتٍ قَالَ فَيَرْجِعُوْنَ مَغْفُوْرًا لَّهُمْ

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

فرشتے عرض کرتے ہیں، اے ہمارے پروردگار اس کی اجرت یہ ہے کہ اس کا پورا پورا معاوضہ دیا جائے، تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں، اے میرے فرشتو! میرے غلاموں اور میری لونڈیوں نے اس فریضہ کو پورا کیا ہے جس کو میں نے ان پر فرض کیا تھا۔ پھر جب مسلمان دعا کرتے ہوئے (عیدگاہ کی طرف) جاتے ہیں تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں میری عزت، عظمت کی اور بخشش و بلندی کی قسم! میں ان کی دعاؤں کو ضرور قبول کر لوں گا۔ پھر اللہ تعالیٰ (اپنے ان بندوں سے) فرماتے ہیں (اے میرے بندو! اپنے گھروں کو لوٹ جاؤ میں نے تم کو بخش دیا اور تمہارے گناہوں کو نیکیوں سے بدل دیا) یہ کہہ کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے) فرمایا کہ وہ (مسلمان) ایسی حالت میں (عیدگاہ سے اپنے گھروں کو) لوٹتے ہیں کہ ان کے گناہ بخش دیئے جاتے ہیں۔ اس کی روایت بیہقی نے شعب الایمان میں کی ہے۔

بَابُ الْاِعْتِكَافِ

اس باب میں اعتکاف کا بیان ہے

وَقَوْلُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ ؕ

وَلَا تُبَاشِرُوْهُنَّ وَاَنْتُمْ عَاكِفُوْنَ فِي الْمَسَاجِدِ ۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

اور عورتوں کو ہاتھ نہ لگاؤ جب تم مسجدوں میں اعتکاف سے ہو۔ (سورۃ البقرہ، ۱۸۷)

ف: اعتکاف کے لغوی معنی کسی جگہ اپنے ٹھہرنے کا پابند بنا لینا ہے اور شرع میں عبادت کی نیت سے روزہ کی حالت میں مسجد میں شب و روز رہنے کو اعتکاف کہتے ہیں، اعتکاف کی تین قسمیں ہیں، واجب، سنت اور نفل۔

(۱) واجب اعتکاف یہ ہے کہ کوئی شخص اعتکاف کرنے کی نذر مانے اور اس کو اپنے اوپر واجب کرے۔

(۲) سنت اعتکاف یہ ہے کہ رمضان کے آخری عشرے میں مسجد میں معتکف رہے اور یہ اعتکاف سنت مؤکدہ علی الکفایہ ہے، کہ اگر کوئی شخص بھی محلہ کی مسجد میں معتکف نہ رہے تو سب گنہگار رہوں گے۔

اور ان دونوں کے سوا جب کبھی مسجد میں ٹھہر جائے تو یہ مستحب اعتکاف ہے اور اس کی مقدار کم سے کم ایک ساعت ہے اور مستحب اعتکاف میں بھی احتیاط یہ ہے کہ روزہ رکھ لے اور اگر ایک دن ایک رات نفل اعتکاف کرے، تو مناسب یہ ہے کہ روزہ بھی رکھ لے۔

اعتکاف صرف ایسی مسجد میں جائز ہے جس میں پانچوں وقت جماعت سے نماز کا اہتمام ہو اور افضل اعتکاف مسجد حرام یعنی کعبۃ اللہ میں اعتکاف کرنا ہے، پھر اس کے بعد مسجد نبوی کا اعتکاف افضل ہے جو واجب

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اعتکاف غیر رمضان میں ہو، اس میں بھی روزہ شرط ہے، معتکف کو کسی وقت بھی مسجد سے باہر نکلنا درست نہیں البتہ جو کام ناگزیر ہوں جیسے پیشاب پاخانہ یا مجبوری کی صورت میں کھانا لانے کے لیے گھر جانا یا جامع مسجد میں نماز جمعہ کے لیے جانا درست ہے، لیکن گھر میں یا راستہ میں ٹھہرنا درست نہیں۔

اگر عورت اعتکاف کرنا چاہے تو گھر میں جو جگہ اس کے نماز پڑھنے کی ہے اس کے لیے اسی جگہ اعتکاف کرنا درست ہے اور اعتکاف کی حالت میں حیض یا نفاس آجائے تو اعتکاف چھوڑ دے۔

اعتکاف کی حالت میں جماع اور عورت سے بوس وکنار بھی جائز نہیں ہے۔ ۱۲ ار

(ہدایہ، عالمگیریہ، ردالمحتار، بیان القرآن)

۲۵۵۷ (۱) عَنْ عَلِيٍّ قَالَ لَا اِعْتِكَافَ اِلَّا فِي مَسْجِدِ جَمَاعَةٍ رَوَاهُ ابْنُ اَبِي شَيْبَةَ وَعَبْدُ الرَّزَّاقِ فِي مُصَنَّفَيْهِمَا وَرَوَى الطَّبَرَانِيُّ عَنْ حُذَيْفَةَ مِثْلَهُ۔

امیر المومنین حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، فرماتے ہیں کہ اعتکاف ایسی مسجد ہی میں جائز ہے جس میں پانچ وقت کی نماز باجماعت ہوتی ہے۔ اس کی روایت ابن ابی شیبہ اور عبد الرزاق نے اپنی اپنی مصنف میں کی ہے اور طبرانی نے بھی حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اسی طرح روایت کی ہے۔

۲۵۵۸ (۲) وَعَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ كُلُّ مَسْجِدٍ لَهُ مُؤَذِّنٌ وَاِمَامٌ فَالْاِعْتِكَافُ فِيْهِ يَصْلُحُ رَوَاهُ الدَّارُقُطْنِيُّ وَقَالَ الضَّحَّاكُ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ حُذَيْفَةَ۔

حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو ارشاد فرماتے سنا ہے کہ ہر ایسی مسجد میں جس میں امام اور موذن مقرر ہوں، اعتکاف درست ہے۔ اس کی روایت دارقطنی نے کی ہے۔

۲۵۵۹ (۳) وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ كَانَ يَعْتَكِفُ الْعَشْرَ الْاَوَاخِرَ مِنْ رَمَضَانَ حَتّٰى تَوَفَّاهُ اللّٰهُ ثُمَّ اعْتَكَفَ اَزْوَاجُهُ مِنْ بَعْدِهٖ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

وَفِي رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ عَنْهَا لَوْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ رَاٰى مَا اَحْدَثَتِ النِّسَاءُ بَعْدَهٗ لَمَنَعَهُنَّ الْمَسْجِدَ كَمَا مُنِعَتْ نِسَاءُ بَنِي اِسْرَائِيْلَ وَرَوَى ابْنُ عَبْدِ الْبَرِّ بِسَنَدِهٖ فِي التَّمْهِيْدِ عَنْهَا

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے، کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم رمضان کے آخری دس دنوں میں اعتکاف فرمایا کرتے تھے، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو وفات دی، پھر آپ کے بعد آپ کی ازواج مطہرات نے (اپنے اپنے گھروں میں) اعتکاف کیا۔ اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔ اور مسلم کی ایک روایت میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ اگر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم عورتوں کی ان نئی نئی چالوں کو دیکھ لیتے جن کو انھوں نے حضور کے بعد اختیار کیا تو ان کو مسجد میں آنے سے اسی طرح

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اَیُّھَا النَّاسُ اِنْھَوْا نِسَآئَکُمْ عَنْ لُبْسِ الزِّیْنَۃِ وَالتَّبَخْتُرِ فِی الْمَسَاجِدِ فَاِنَّ بَنِیْ اِسْرَاءِیْلَ لَمْ یُلْعَنُوْا حَتّٰی لَبِسَ نِسَآءُھُمُ الزِّیْنَۃَ وَتَبَخْتَرُوْا فِی الْمَسَاجِدِ۔

روک دینے جس طرح بنی اسرائیل کی عورتوں کو روک دیا گیا تھا اور ابن عبدالبر نے تمہید میں اپنی سند سے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ لوگوں! اپنی عورتوں کو زیب، زینت کے لباس پہن کر مسجد میں آنے سے اور مسجدوں میں اترا کر سے چلنے سے منع کرو، اس لیے کہ بنی اسرائیل پر اسی وقت لعنت ہوئی جب کہ ان کی عورتیں زیب و زینت کا لباس پہن کر مسجدوں میں آنے لگیں اور مسجدوں میں اتراتے ہوئے چلنے لگیں (مردوں اور عورتوں کا ایک جگہ جمع ہونا فتنہ کا سبب ہوتا ہے۔ اس لیے عورتیں اپنے گھروں میں اعتکاف کریں۔

ف: اس حدیث شریف میں ارشاد ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم رمضان کے آخری عشرے میں اعتکاف فرمایا کرتے تھے، اس بارے میں البذل المجہود میں لکھا ہے کہ معتکف دس راتوں کی تکمیل کے لیے بیسویں رمضان کو غروب آفتاب سے قبل اعتکاف کی نیت سے مسجد میں داخل ہو جائے اور چاروں آئمہ کا یہی مذہب ہے۔ ۱۲

ف: اس حدیث شریف میں یہ بھی ارشاد ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اپنی وفات تک رمضان کے آخری عشرہ میں اعتکاف فرمایا کرتے تھے۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ آخری عشرے کا اعتکاف منسوخ نہیں ہوا، بلکہ وہ سنت مؤکدہ ہے اور حدیث شریف میں یہ بھی مذکور ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے بعد حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ازواج مطہرات نے بھی اعتکاف کیا، اس سے بھی ثابت ہوتا ہے کہ اعتکاف کا حکم حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے بعد بھی باقی رہا اور اعتکاف عورتوں کے لیے بھی سنت ہے۔ لیکن عورتیں اپنے گھروں کی مسجد میں اعتکاف کریں۔ (عمدۃ القاری۔ فتح القدیر۔ عنایہ) ۱۲

۲۵۶۰ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ صَلٰوۃُ الْمَرْاَۃِ فِیْ بَیْتِھَا اَفْضَلُ مِنْ صَلٰوتِھَا فِیْ حُجْرَتِھَا وَصَلٰوتُھَا فِیْ مَخْدَعِھَا اَفْضَلُ مِنْ صَلٰوتِھَا فِیْ بَیْتِھَا۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ عورت کے بیچ کمرہ میں نماز پڑھنا دالان میں نماز پڑھنے سے بہتر ہے اور اس کے لیے تہہ خانہ میں نماز پڑھنا کمرہ میں نماز پڑھنے سے بہتر ہے (اسی طرح جہاں وہ نماز پڑھتی ہیں وہیں اس کو اعتکاف بھی کرنا چاہیے) اس حدیث کی روایت ابو داؤد نے کی ہے۔

۲۵۶۱ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

أَجْوَدُ النَّاسِ بِالْخَيْرِ وَكَانَ أَجْوَدُ مَا يَكُونُ فِي رَمَضَانَ كَانَ جِبْرِيلُ يَلْقَاهُ كُلَّ لَيْلَةٍ فِي رَمَضَانَ يَعْرِضُ عَلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ الْقُرْآنَ فَإِذَا لَقِيَهُ جِبْرِيلُ كَانَ أَجْوَدُ بِالْخَيْرِ مِنَ الرِّيحِ الْمُرْسَلَةِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

(دوسروں کے ساتھ بھلائی کرنے اور لوگوں کو نفع پہونچانے کے اعتبار سے) تمام لوگوں میں زیادہ سخی تھے، خصوصاً ماہ رمضان میں تو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی سخاوت بہت بڑھ جاتی تھی، حضرت جبریل علیہ السلام رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے رمضان کی ہر رات کو ملاقات کرتے تو آپ (بارش برسانے والی) ہوا سے بھی زیادہ سخی ہو جاتے (اور یہ عموماً رمضان کے آخری عشرے میں ہوتا جب کہ آپ اعتکاف فرماتے تھے۔ اس حدیث کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

۲۵۶۲ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ يَعْرِضُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ الْقُرْآنَ كُلَّ عَامٍ مَرَّةً فَعُرِضَ عَلَيْهِ مَرَّتَيْنِ فِي الْعَامِ الَّذِي قُبِضَ وَكَانَ يَعْتَكِفُ كُلَّ عَامٍ عَشْرًا فَاعْتَكَفَ عِشْرِينَ فِي الْعَامِ الَّذِي قُبِضَ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَفِي رِوَايَةٍ لِلتِّرْمِذِيِّ عَنْ أَنَسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَعْتَكِفُ فِي الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ مِنْ رَمَضَانَ فَلَمْ يَعْتَكِفْ عَامًا فَلَمَّا كَانَ الْعَامُ الْمُقْبِلُ اعْتَكَفَ عِشْرِينَ

(رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ہر سال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پر ایک مرتبہ قرآن کا دور کیا جاتا تھا[1] اور جس سال حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی وفات ہوئی اس سال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پر دو دفعہ قرآن کا دور ہوا، اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام ہر سال (رمضان میں) دس دن اعتکاف فرماتے تھے اور جس سال حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی وفات ہوئی (اس سال کے رمضان میں) آپ نے بیس دن اعتکاف فرمایا۔ اس کی روایت بخاری نے کی ہے اور ترمذی کی ایک روایت میں حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم (ہر سال) رمضان کے آخری عشرے میں اعتکاف فرمایا کرتے تھے حضور ایک سال (کسی وجہ سے) اعتکاف نہ فرما سکے، تو جب آئندہ سال (کا رمضان آیا تو) آپ نے اس میں بیس دن اعتکاف فرمایا اس کی روایت ابوداؤد اور ابن ماجہ نے بھی اُبی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کی ہے۔

ف: صدر کی حدیث جو ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے، اس میں مذکور ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی وفات کے سال رمضان میں بیس دن اعتکاف فرمایا اور اس میں دو دفعہ قرآن کا دور ہوا اس

[1] (یعنی رمضان میں حضرت جبرائیل علیہ السلام حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام حضرت جبرئیل کو پورا قرآن سنایا کرتے تھے۔)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOMIL ISLAMIA ACADEMY

بارے میں صاحب مرقات نے کہا ہے کہ ہر انسان کو چاہیئے کہ اپنی زندگی کے آخری دنوں میں اعمال صالحہ زیادہ کرے تاکہ اللہ تعالیٰ سے سرخروئی کے ساتھ مل سکے اور اس سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ ہر عشرہ میں قرآن کا ایک دور ختم کرنا چاہیئے اھ اور عمدۃ القاری میں لکھا ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی وفات کے سال رمضان میں بیس دن جو اعتکاف فرمایا اس کی ایک وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ آپ نے اس سے قبل کے رمضان میں حالت سفر میں ہونے کی وجہ سے اعتکاف نہ کیا ہو اھ اور درمختار میں لکھا ہے کہ اس حدیث سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ نوافل کی بھی قضاء کرنی چاہیئے اور یہ کہ فرض کی قضاء فرض واجب کی قضا واجب اور نفل کی قضاء نفل ہے ۱۲۔

۲۵۶۳ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِذَا اعْتَكَفَ اَدْنٰى اِلَيَّ رَأْسَهٗ وَهُوَ فِي الْمَسْجِدِ فَاُرَجِّلُهٗ وَكَانَ لَا يَدْخُلُ الْبَيْتَ اِلَّا لِحَاجَةِ الْاِنْسَانِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے، وہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جب اعتکاف فرماتے تو مسجد میں سے بیٹھے بیٹھے میرے حجرے میں جو مسجد سے متصل تھا) میری طرف سر جھکا دیتے اور میں آپ کے سر میں کنگھی کر دیتی تھی، اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم انسانی حاجت یعنی پیشاب پاخانہ کے سوا اعتکاف کی حالت میں) گھر میں تشریف نہیں لاتے تھے اس کی روایت بخاری اور مسلم نے متفقہ طور پر کی ہے۔

ف: فتاویٰ عالمگیریہ میں محیط کے حوالہ سے لکھا ہے کہ معتکف کے لیے منجملہ اور عذروں کے جس کی وجہ سے وہ مسجد سے باہر نکل سکتا ہے یہ بھی ہے کہ وہ پیشاب، یا پاخانہ، یا نماز جمعہ کی ادائیگی کے لیے مسجد سے باہر نکلے اور اس کے لیے اس میں بھی حرج نہیں ہے کہ وہ مسجد کو واپس ہوتے ہوئے اپنے گھر کے اندر جائے اور اسی طرح وضو سے فارغ ہو کر گھر کے اندر سے گزرتا ہوا آجائے، البتہ اگر وہ گھر میں ٹھہر جائے تو اس کا اعتکاف فاسد ہو جائے گا اور اگر وہ گھر میں سے گزرتا ہوا تھوڑی دیر کے لیے بھی ٹھہر جائے تو اس کا اعتکاف امام ابوحنیفہ رح کے نزدیک فاسد ہو جائے گا

۲۵۶۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ اِنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَهُوَ بِالْجِعِرَّانَةِ بَعْدَ اَنْ رَجَعَ مِنَ الطَّائِفِ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ) اِنِّيْ نَذَرْتُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ اَنْ اَعْتَكِفَ يَوْمًا فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ فَكَيْفَ تَرٰى قَالَ اِذْهَبْ فَاعْتَكِفْ يَوْمًا۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے طائف سے واپسی کے بعد مقام جعرانہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے دریافت کیا کہ میں نے اسلام قبول کرنے سے پہلے نذر مانی تھی کہ مسجد حرام میں ایک دن کا اعتکاف کروں گا، اب (اس بارے میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کیا ارشاد فرماتے ہیں؟ (یہ سن کر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا، جاؤ اور ایک دن کا اعتکاف کر لو۔ اس کی روایت مسلم نے کی ہے اور مسلم کی دوسری

MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

وَفِي رِوَايَةٍ لَهُ عَنْهُ قَالَ لَمَّا قَفَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مِنْ حُنَيْنٍ سَأَلَ عُمَرُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ عَنْ نَذْرٍ كَانَ نَذَرَهُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ اِعْتِكَافُ يَوْمٍ اَلْحَدِيْثَ۔

وَفِي رِوَايَةٍ لِلْبُخَارِيِّ وَمُسْلِمٍ اَنَّهُ جَعَلَ عَلٰى نَفْسِهٖ اَنْ يَعْتَكِفَ يَوْمًا وَعِنْدَ اَبِي دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيِّ وَالطَّبْرَانِيِّ بِزِيَادَةٍ اِعْتَكِفْ وَصُمْ وَفِي رِوَايَةٍ فَاَمَرَهُ اَنْ يَعْتَكِفَ وَيَصُوْمَ فِيْهِ عَبْدُ اللهِ بْنُ بُدَيْلٍ قَالَ ابْنُ مَعِيْنٍ صَالِحٌ وَذَكَرَهُ ابْنُ حِبَّانَ فِي الثِّقَاتِ۔

روایت ہیں عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم حنین سے واپس ہوئے تو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے اپنی نذر کے بارے میں دریافت کیا جس کو انھوں نے اسلام قبول کرنے سے پہلے (کعبۃ اللہ میں) ایک دن اعتکاف کرنے کے لیے کی تھی، مابقی حدیث کا روایت سابقہ روایت کی طرح ہے اور بخاری اور مسلم کی ایک روایت میں اس طرح ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے نفس پر واجب کر لیا تھا کہ وہ ایک دن کا اعتکاف کریں گے اور ابوداؤد، نسائی اور طبرانی کی روایتوں میں یہ اضافہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عمر کو یہ جواب دیا کہ اعتکاف کرو اور (اس دن) روزہ (بھی) رکھو، اور ایک روایت میں اس طرح ہے کہ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عمر کو حکم دیا کہ وہ اعتکاف کریں اور (اس دن) روزہ بھی رکھیں۔

ف، احادیث مذکورہ میں ذکر ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کو حکم دیا کہ انھوں نے اسلام لانے سے پہلے کعبۃ اللہ میں ایک دن اعتکاف کرنے کی جو نذر مانی تھی اس کو پورا کریں، اس بارے میں عمدۃ القاری اور مرقات میں لکھا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا یہ حکم بطور استحباب کے تھا، وجوب کے طور پر نہیں، اس لیے کہ کفر کی حالت میں جو نذر مانی جائے وہ اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے لیے نہیں ہوتی بلکہ جن باطل معبودوں کی کافر عبادت کرتا ہے انہی کی رضا جوئی کے لیے ہوتی ہے، اس لیے مسلمان ہونے کے بعد ایسی نذر کا پورا کرنا واجب نہیں ہے۔ ہاں البتہ اگر وہ نذر اسلامی احکام کے مغائر نہ ہو تو اس کا پورا کرنا مستحب ہے اور امام ابوحنیفہ، امام ابویوسف، امام محمد، امام مالک امام ابراہیم نخعی امام ثوری رحمہم اللہ کا یہی قول ہے اور امام شافعی سے بھی ایک قول اسی طرح مروی ہے اور امام احمد سے بھی ایک روایت اسی طرح آئی ہے ۱۲

۲۵۶۵۔ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَعُوْدُ الْمَرِيْضَ وَهُوَ مُعْتَكِفٌ فَيَمُرُّ كَمَا هُوَ فَلَا يُعَرِّجُ يَسْأَلُ عَنْهُ۔

(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے، وہ فرماتی ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اعتکاف کی حالت میں (جب حاجت انسانی کے لیے باہر نکلتے تو) بیمار کی عیادت اس طرح فرماتے کہ ٹھہرے بغیر مزاج پرسی کرتے ہوئے گذر جاتے تھے (وہاں ٹھہرتے نہیں تھے)، اس حدیث کی روایت ابوداؤد اور ابن ماجہ نے کی ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

۲۵۶۶ وَعَنْهَا قَالَتِ السُّنَّةُ عَلَى الْمُعْتَكِفِ اَنْ لَّا يَعُوْدَ مَرِيْضًا وَّلَا يَشْهَدَ جَنَازَةً وَلَا يَمَسَّ الْمَرْاَةَ وَلَا يُبَاشِرَهَا وَلَا يَخْرُجَ لِحَاجَةٍ اِلَّا لِمَا لَا بُدَّ مِنْهُ وَلَا اِعْتِكَافَ اِلَّا بِصَوْمٍ وَّلَا اِعْتِكَافَ اِلَّا فِيْ مَسْجِدٍ جَامِعٍ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗد)

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے، فرماتی ہیں کہ معتکف کے لیے لازم ہے کہ وہ (ارادۃً) کسی مریض کی عیادت کے لیے اور نماز جنازہ کے لیے باہر نہ نکلے، اور شہوت کے ساتھ) وہ عورت کو نہ چھوئے اور نہ مباشرت کرے اور معتکف کسی ناگزیر ضرورت (جیسے پیشاب، پاخانہ) کے بغیر (اعتکاف گاہ سے) نہ نکلے اور بغیر روزہ کے اعتکاف درست نہیں اور اعتکاف اسی مسجد میں درست ہے جس میں (پانچوں وقت کی نمازیں) جماعت سے ہوتی ہوں۔ اس کی روایت ابوداؤد نے کی ہے۔

ف: اس حدیث شریف میں ارشاد ہے کہ معتکف کسی بیمار کی عیادت اور نماز جنازہ کے لیے باہر نہ نکلے، اس لیے کہ بیمار کی عیادت فرض نہیں ہے، بلکہ بیمار پرسی فضائل اعمال میں داخل ہے اور اسی طرح نماز جنازہ فرض عین نہیں ہے، بلکہ فرض کفایہ ہے، کہ معتکف کے سوا دوسروں نے نماز جنازہ پڑھ لی تو نماز جنازہ معتکف سے بھی ساقط ہو جاتی ہے، البتہ معتکف ضرورت انسانی جیسے پیشاب، پاخانہ یا نماز جمعہ کے لیے باہر نکلے اور ضمناً بغیر ٹھہرے ہوئے بیمار کی مزاج پرسی کرے یا نماز جنازہ میں شریک ہو جائے تو اس کے لیے یہ درست ہے جیسا کہ البذل المجہود اور بحر الرائق میں مذکور ہے اور ائمہ اربعہ کے نزدیک یہ ہے کہ اگر معتکف حاجت انسانی یعنی بول و براز کے لیے نکلے اور اتفاقاً چلتے چلتے کسی مریض کی بیمار پرسی کرے یا نماز جنازہ میں شرکت کرنے اور اپنے راستہ سے نہ ہٹے اور نماز جنازہ کی ادائیگی کے بعد بالکل نہ ٹھہرے اور فوراً واپس ہو جائے تو اس کا اعتکاف باطل نہیں ہوگا، ورنہ اعتکاف باطل ہو جائے گا جیسا کہ مرقات نے طیبی کے حوالہ سے لکھا ہے۔

۲۵۶۷ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ كَانَ اِذَا اعْتَكَفَ طُرِحَ لَهٗ فِرَاشُهٗ اَوْ يُوْضَعُ لَهٗ سَرِيْرُهٗ وَرَآءَ اُسْطُوَانَةِ التَّوْبَةِ۔

(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جب اعتکاف فرماتے تو آپ کے لیے (مسجد) میں فرش بچھا دیا جاتا یا ستون توبہ کے پاس آپ کی چارپائی بچھا دی جاتی تھی (ستون توبہ مسجد نبوی کا وہ ستون ہے جس سے حضرت ابولبابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے آپ کو باندھ لیا تھا جب ان کی توبہ قبول ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو کھول دیا) اس حدیث کی روایت ابن ماجہ نے کی ہے۔

۲۵۶۸ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے

MARKAZ-UL-ULOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ فِي الْمُعْتَكِفِ هُوَ يَعْتَكِفُ الذُّنُوْبَ وَيَجْرِيْ لَهٗ مِنَ الْحَسَنَاتِ كَعَامِلِ الْحَسَنَاتِ كُلِّهَا۔

(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ معتکف اعتکاف کی حالت میں گناہوں سے محفوظ رہتا ہے اور اعتکاف کرنے کی وجہ سے جو نیکیاں (مثلاً بیمار کی عیادت اور نماز جنازہ میں شرکت وغیرہ) اس سے رہ جاتی ہے ان کا ثواب (بغیر عمل کے) اسی طرح اس کے لیے (نامہ اعمال میں) لکھا جاتا ہے جس طرح ان نیکیوں کے کرنے والے کے لیے لکھا جاتا ہے۔ اس کی روایت ابن ماجہ نے کی ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اشعۃ اللمعات

۷ جلد

اردو

شرح مشکوٰۃ

تصنیف منیف

عارف باللہ شیخ محقق حضرت مولٰنا شاہ عبد الحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

اردو ترجمہ و حواشی

حضرت علامہ مولٰنا محمد سعید احمد نقشبندی مدظلہ العالی

علامہ محمد عبد الحکیم شرف قادری نقشبندی

فیوض غوث یزدانی

ترجمہ

الفتح الربانی

از محبوب سبحانی حضرت شیخ سید عبد القادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

ترجمہ مولانا مفتی محمد ابراہیم قادری بدایونی رحمۃ اللہ تعالیٰ

مؤطا امام مالک

مکمل

علیہ الرحمۃ

ترجمہ و تحشیہ علامہ مولانا عبد الحکیم اختر شاہجہانپوری مدظلہ

مع

صحیح بخاری سنن ابن ماجہ سنن ابو داؤد وغیرہا

شواہد الحق

اردو

فی الاستغاثۃ بسید الخلق

تصنیف امام علامہ یوسف بن اسمٰعیل نبہانی قدس سرہ

ترجمہ مولانا علامہ محمد اشرف سیالوی مدظلہ

غنیۃ الطالبین

اردو

از محبوب سبحانی حضرت شیخ سید عبد القادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

ترجمہ مولانا علامہ محمد صدیق ہزاروی سعیدی

تقدیم علامہ محمد عبد الحکیم شرف قادری جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور

حجۃ اللہ البالغہ

اردو

تالیف

حضرت قطب الملۃ حکیم الامۃ مولانا شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ

ترجمہ مولانا عبد الحق حقانی

فرید بک سٹال ◎ ۳۸- اردو بازار لاہور ۲ فون ۷۳۱۲۱۷۳ / ۷۲۲۴۸۹۹

MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

www.waseemziyai.com

شرح صحیح مسلم (۷ جلد)

تصنیف:
علامہ غلام رسول سعیدی شیخ الحدیث دار العلوم نعیمیہ کراچی ۳۸

اس صدی کی بہترین شرح جس میں عصر حاضر کے جدید مسائل کا محققانہ حل پیش کیا گیا ہے۔

● ـــــ یہ شرح قارئین کو دوسری شرحوں سے بے نیاز کرے گی۔

سنن ابو داؤد شریف مترجم

امام ابو داؤد سلیمان بن اشعث بجستانی رحمۃ اللہ (۳ جلد)

مترجم: مولانا عبد الحکیم خاں اختر شاہجہانپوری

سنن نسائی مترجم (۳ جلد)

امام ابو عبد الرحمٰن احمد بن شعیب بن علی بن بحر نسائی رحمۃ اللہ

ترجمہ مولانا دوست محمد شاکر و مولانا ناظم محمد عبد الستار قادری

بخاری شریف مترجم (۳ جلد)

امام المحدثین ابو عبد اللہ محمد بن اسمٰعیل بخاری رحمۃ اللہ

مترجم: مولانا عبد الحکیم خاں اختر شاہجہانپوری

مشکوٰۃ شریف مترجم (۳ جلد)

امام ولی الدین محمد بن عبد اللہ الخطیب رحمۃ اللہ تعالیٰ

مترجم فاضل شہیر مولانا عبد الحکیم خاں اختر شاہجہانپوری

جامع ترمذی مترجم مع شمائل ترمذی (۲ جلد)

محدث جلیل امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی رحمۃ اللہ

مترجم: مولانا علامہ محمد صدیق سعیدی ہزاروی

طحاوی شریف مترجم (مع خلاصہ مضامین) (الی الی) (سیٹ چار جلد پر مشتمل)

محدث جلیل امام ابو جعفر احمد بن محمد الطحاوی الحنفی رحمۃ اللہ تعالیٰ

مترجم: علامہ محمد صدیق ہزاروی مترجم ترمذی شریف و ریاض الصالحین

تقدیم: علامہ غلام رسول سعیدی شارح مسلم شریف

سنن ابن ماجہ مترجم (۲ جلد)

امام حافظ ابو عبد اللہ محمد بن یزید ابن ماجہ الربعی القزوینی رحمۃ اللہ

مترجم: مولانا عبد الحکیم خان اختر شاہجہان پوری

ریاض الصالحین مترجم (۲ جلد)

شیخ الاسلام ابو زکریا یحییٰ بن شرف النووی

مترجم: مولانا محمد صدیق ہزاروی مدظلہ

تقدیم: محمد عبد الحکیم شرف قادری

○ ـــــ دیگر مطبوعات کی فہرست کے لیے جوابی لفافہ ارسال فرمائیں

فرید بک سٹال ◎ ۳۸۔ اردو بازار ◎ لاہور ۲ فون ۳۱۲۱۷۳، ۷۲۲۴۸۹۹

www.waseemziyai.com
MARKAZ UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

March 2019

اہلسنت وجماعت کا قرآن وسنت کا عظیم ادارہ

مرکز العلوم الاسلامیہ اکیڈمی

جہاں اسلامی اور عصری علوم کا عظیم امتزاج

مختصر تعارف

طلبہ:

شعبہ حفظ: 145 شعبہ ناظرہ: 240

شعبہ درس نظامی: 105 شعبہ تجوید: 10

اور انہیں شعبہ جات میں 400 سے زائد طلبا اسکول کی تعلیم انٹر تک حاصل کر رہے ہیں نیز کم وبیش 100 طلباء مدرسے میں رہائش پذیر ہیں جن کے طعام وقیام اور میڈیکل کا مکمل خرچ مدرسہ برداشت کرتا ہے۔

مدرسہ کا اسٹاف

شعبہ حفظ وناظرہ 14 اساتذہ شعبہ درس نظامی وتجوید 10 اساتذہ

شعبہ عصری علوم یعنی اسکول 11 اساتذہ باورچی 2 خادم 4 چوکیدار 2

کل طلبہ کم وبیش پانچ سو اور پورہ اسٹاف 43 افراد پر مشتمل ہے۔

مرکز العلوم الاسلامیہ اکیڈمی میٹھادر کراچی پاکستان

DONATION

HABIB BANK LTD. BARNESS STREET BRANCH
ACC TITLE: MARKAZ UL ALOOM ISLAMIA (TRUST)
ACC NO: 0050002565703 - BRANCH CODE :0050

www.facebook.com/markazuloloom

https://www.waseemziyai.com https://www.youtube.com/waseemziyai

شرح صحیح مسلم (۷ جلد)

تصنیف: علامہ غلام رسول سعیدی شیخ الحدیث دارالعلوم نعیمیہ کراچی

اس میں مسلم کی مترجم شرح کی گئی ہے اور عصر حاضر کے جدید مسائل کا حل پیش کیا گیا ہے۔

● یہ شرح آپ کو دوسری شرحوں سے بے نیاز کر دے گی۔

اشعۃ اللمعات (۴ جلد)

شرح مشکوٰۃ

تصنیف لطیف

حضرت شیخ محقق حضرت شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

اردو ترجمہ و حواشی

حضرت علامہ مولانا محمد سعید احمد نقشبندی مدظلہ العالی

علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری نقشبندی

بخاری شریف مترجم (۳ جلد)

امام المحدثین ابو عبداللہ محمد بن اسمٰعیل بخاری رحمۃ اللہ علیہ

مترجم: مولانا عبدالحکیم خان اختر شاہجہانپوری

سنن نسائی مترجم (۳ جلد)

امام ابو عبدالرحمٰن احمد بن شعیب بن علی بن بحر نسائی رحمۃ اللہ علیہ

ترجمہ مولانا دوست محمد شاکر و مولانا محمد عبدالستار

جامع ترمذی مترجم مع شمائل ترمذی (۲ جلد)

محدث جلیل امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی رحمۃ اللہ علیہ

مترجم: مولانا علامہ محمد صدیق سعیدی ہزاروی

مشکوٰۃ شریف مترجم (۳ جلد)

امام ولی الدین محمد بن عبداللہ الخطیب التبریزی

مترجم: فاضل شہیر مولانا عبدالحکیم خان اختر شاہجہانپوری

سنن ابن ماجہ مترجم (۲ جلد)

امام حافظ ابو عبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ القزوینی رحمۃ اللہ علیہ

مترجم: مولانا عبدالحکیم خان اختر شاہجہانپوری

طحاوی شریف مترجم (۲ جلد)

محدث جلیل امام ابو جعفر احمد بن محمد الطحاوی الحنفی

مترجم: علامہ محمد صدیق ہزاروی مترجم ترمذی شریف

تقدیم: علامہ غلام رسول سعیدی شارح مسلم شریف

سنن ابو داؤد شریف مترجم (۳ جلد)

امام ابو داؤد سلیمان بن اشعث سجستانی رحمۃ اللہ علیہ

مترجم: مولانا عبدالحکیم خان اختر شاہجہانپوری

ریاض الصالحین مترجم (۲ جلد)

شیخ الاسلام ابو زکریا یحییٰ بن شرف النووی

مترجم: مولانا محمد صدیق ہزاروی مدظلہ

تقدیم: محمد عبدالحکیم شرف قادری

فرید بک سٹال ○ ۳۸۔ اردو بازار ○ لاہور

فون: ۷۳۱۲۱۷۳ / ۷۲۲۳۰۹۹

www.waseemziyai.com